English To English
And
Urdu Dictionary

FEROZSONS LIMITED

Ferozsons

ENGLISH TO ENGLISH AND URDU DICTIONARY

NEW EDITION

Ferozsons Ltd.

LAHORE–RAWALPINDI–KARACHI

NEW EDITION

Printed by : A. Salam
at
FEROZSONS LTD.
LAHORE–RAWALPINDI–KARACHI

PREFACE

During the last eighty years, Ferozsons have steadily and studiously built up new traditions in the presentation, projection and publication of standard dictionaries. This completely revised and reset edition "English to English and Urdu Dictionary" bears the stamp of Ferozsons latest contribution to the art and technique of dictionary production. It is designed as a dictionary, and not as an encyclopaedia: it is a living aid to understanding things around us. In compiling it pains have been taken to press into service latest techniques developed to make dictionaries useful as works of reference

One of the chief peculiarities of this dictionary is that it is really a combination of two works namely an English to English dictionary and an English to Urdu dictionary. It is a valuable storehouse of 50,000 words, phrases, idioms, terms and expressions in English with their synonyms in English and equivalents in Urdu. Words are arranged in alphabetic order, and derivatives and phrases follow the main headwords. Pronunciation is given immediately after the word in parentheses. Long vowels and dipthongs are marked with diacritical tags. Neutral vowels in unaccented syllables are shown in 'reverse'.

One of the peculiarities is the large amount of space given to the common words which are usually omitted in other dictionaries on the ground that they are plain and simple and that every one knows all about them and also care taken to ensure that no words are left out. The words included cover a wide field of vocabulary, besides words of continental languages used in law, fiction, poetry and drama. Latin, Greek and modern foreign language words commonly used in current English as well as new words which have found acceptance have also been included. Mythological terms in common use and words in general use in English for literary and conversational purposes also find their due place in this dictionary.

While the uses of words and phrases are the subject matter of this edition, efforts have also been made to project the various shades of their meanings. The etymology, the regular function of various words and abbreviations, if any, are also given. Extra pains have been taken to present Urdu equivalents for English words and phrases. This obviously was a laborious process entailing considerable thought and skill. Pakistan is in the process of switching over to Urdu as the official language. This dictionary will materially help in this process of change over, for it will bring to every desk a ready answer to any difficulty that one may encounter in rendering an English word or term into Urdu.

In the compilation of this entirely new monumental work cooperation and collaboration of eminent scholars and specialists was sought. It will be an indispensable work of reference for students, teachers, officials, scholars and will meet at once the national needs. Men and women of all walks of life will find it reliable, dependable and authentic.

FEROZSONS

IN THE NAME OF ALLAH, THE MOST GRACIOUS AND MERCIFUL

A

A (a) n. First letter of the English alphabet, one, any one, per : انگریزی حروف تہجی کا پہلا حرف
Give me a rupee ایک ۔ فقط ایک
Give me a book کوئی ایک
Five rupees a yard ایک ایک ۔ فی ۔ ہر ایک
A few men کچھ ۔ کئی ایک ۔ چند

A (ə) *prep : prefix.* on, to, into پر ۔ اوپر ۔ میں
Afield کھیت میں
Ashore: کنارے پر
The post is going a-begging خاطر ۔ واسطے ۔ لیے

A I (a-wun) *adj.* Top-class, excellent لائڈ کمپنی کا بہترین جہاز ۔ (بول چال) نہایت اعلیٰ ۔ بہترین ۔ چوٹی کا ۔

Aard-vark (ard-vark) *n.* A South African quadruped, ant-bear جنوبی افریقہ کا سؤر کی قسم کا مور خور جانور ۔

Aardwolf (ard-woolf) *n.* A hyaena-like South African carnivore جنوبی افریقہ کا لگڑ بگڑ کی قسم کا گوشت خور جانور ۔

Aaronic-al (a-ron-ik) *adj.* pertaining to Aaron, the Jewish high priest حضرت ہارون کے متعلق جو یہود کے مفتی اعظم تھے یا ان کے عہد امامت کے متعلق ۔

Aaron's beard } Aaron's rod } Kinds of plants like St. John's wort and golden rod گچھے دار پتے اور لمبے لمبے ریشے والے درخت ۔ ریشے دار درخت ۔ عصائے ہارون ۔

Aasvogel (as-fo-gil) *n.* South African vulture جنوبی افریقی گدھ ۔ کرگس ۔

Ab (ab) *n.* Eleventh civil and fifth ecclesiastical month of Jewish Calendar پانچواں کلیسائی اور گیارہواں موسوی مہینہ ۔

Aback (ə-bak) *adv.* Backward وہ حالت جب ہوا کے دباؤ سے بادبان مستول سے چمٹ جاتے ہیں اور جہاز کو آگے بڑھنے سے روکتے ہیں ۔ پشت کی جانب ۔ پیچھے کو ۔

Abacus (ab-ə-kəs) *n.* ایک چوکھٹا بال فریم ۔ گنتارا ۔ جس میں تاروں پر گولیاں لگی ہوتی ہیں ۔ گنتی سکھانے کا آلہ ۔ شمار آموز ۔

Abaddon (əba-də-n) *n.* Hell, the Devil دوزخ ۔ جہنم ابلیس ۔

Abaft (ə-baft) *adv. prep.* : Behind جہاز کے پچھلے حصے کی طرف ۔ سُکّان رخ ۔

Abandon (ə-ban-dən) *v.t.* To give up ۔ چھوڑ دینا ہاتھ اٹھانا ۔ دست بردار ہونا ۔ دست کشی کرنا ۔ دعویٰ چھوڑ بیٹھنا ۔ دست کش ہونا ۔

Abandon (ə-bandən) *n.* Careless freedom بے انتہا لاپروائی ۔ لاابالی پن ۔

Abandoned (ə-bandond) *adj.* Profligate ۔ آوارہ بدمعاش ۔ بدکار ۔ بے حیا ۔ خراباتی ۔

Abandon-ment *n.* State of careless freedom ترک ۔ دست کشی ۔ تیاگ ۔ دست برداری ۔

Abase (a-bas') *v.t.* Humiliate ذلیل کرنا ۔ بے عزت کرنا ۔ خفیف کرنا ۔

Abasement *n.* ذلت ۔ خواری ۔ بے قدری ۔ تحقیر ۔ خفّت ۔

Abash (ə-bash) *v.t & i.* To put out of countenance شرمندہ کرنا ۔ شرمسار کرنا ۔ خجل کرنا ۔ شرمندہ ہونا ۔ شرمانا ۔ شرم محسوس کرنا ۔ پانی پانی ہونا ۔

Abashment *n.* خجالت ۔ شرمندگی ۔ شرمساری ۔ شرم ۔

Abate (ə-bat) *v.t. & i.* Diminish ۔ کم کرنا ۔ گھٹانا تخفیف کرنا ۔ کم ہونا ۔ مدھم پڑنا ۔

Abatement *n.* کمی ۔ گھٹاؤ ۔ تخفیف ۔ کٹوتی ۔

Abated arms *n.* وہ تلواریں یا نیزے جو کند ہونے کی وجہ سے معرکہ آرائی کے قابل نہ ہوں ۔

Abatis / Abattis (abə-tis) *n.* Defence made of felled trees درختوں کو گرا کر ایسا مورچہ بنانا کہ شاخوں کا رخ دشمن کی جانب ہو تاکہ دشمن کو فوجی نقل و حرکت کا پتہ نہ چل سکے ۔

Abattoir (a-ba-twar) *n.* Slaughter house مسلخ ۔ مذبح ۔ بُوچڑ خانہ ۔ کمیلا ۔

Abb (ab) n. Woof-yarn جولاہے کا تانا بانا ۔

Abba (ab-a) *n.* Father والد ۔ ابّا ۔ باپ ۔ آسمانی باپ ۔

Abbacy, (ab-ə-si) *n.* Office or tenure of an abbot صاحب خانقاہ یا دیر کا منصب یا زمانۂ تولیت ۔

Abbe (ab'-a) *n.* Frenchmen entitled to wear ecclesiastical dress without any official duty فرانسیسی شہری جن کو مذہبی لباس پہننے کا حق ہو لیکن ان کے ذمّے کوئی فرض منصبی نہ ہو ۔

Abbess (ab-es) *n.* Female head of an abbey صدر راہبہ ۔ راہبات کی افسر اعلیٰ ۔

Abbey (ab-i) *n.* Building occupied by monks or nuns خانقاہ ۔ دیر ۔ کلیسا ۔ گرجا ۔

Abbreviate (ə-brevi-at) *v.t.* To make short اختصار کرنا ۔ خلاصہ کرنا ۔ چھوٹا کرنا ۔

Abbreviation / Abbreviature *n.* اختصار ۔ خلاصہ ۔ کمی ۔ اِیجاز ۔

Abderian (ab-deri-an) *n.* A native of Greek city Abdera یونان کے شہر ابدیرا کا باشندہ جہاں یونانی فلسفی دیمقراطیس پیدا ہؤا تھا جو رجائی فلسفی تھا ۔

Abdicate (ab-di-kat) *v.t.* Renounce formally or by default تخت چھوڑنا ۔ دست بردار ہونا ۔ حق چھوڑ بیٹھنا ۔ علیحدہ ہونا ۔ کنارہ کش ہونا ۔

Abdication *n.* دست برداری (حق یا تخت سے)۔علیحدگی ۔

Abdomen (ab-do-men) n. Belly, stomach-پیٹ شکم ۔ کیڑے مکوڑوں کا پچھلا حصہ ۔

Abdomenal *adj.* پیٹ کا ۔ معدہ کا ۔ شکم کا ۔

Abdominous *adj.* بڑے پیٹ والا ۔ توندل ۔ ڈھینڈس ۔ موٹا ۔

Abduct (ab-dukt) *v.t.* Kidnap, take away, draw from natural position اغوا کرنا ۔ بھگا لے جانا ۔ کسی عضو کا اس کے فطری مقام سے کھینچنا یا بڑھانا ۔ پھیلانا ۔

Abduction *n.* اغوا ۔ (منطق) قیاسِ احتمالی ۔ زخم کے کناروں کی سُکڑن ۔

Abductor *n.* مغوی ۔ اغوا کرنے والا ۔ بھگا لے جانے والا ۔ زخم کو سُکیڑنے والی نس ۔

Abeam (a-beam) *adv.* At right angle to a ship's length, abreast عرضاً ۔ جہاز کے طول سے زاویہ قائمہ بناتے ہوئے ۔

Abed (a-bed') *adv.* In bed بستر پر ۔ پلنگ پر ۔ خوابیدہ ۔ سوتا ہؤا ۔

Abele(a-bal) *n.* White poplar سفیدہ (درخت)

Aberate (ab-er-at) *v.i* To wander or deviate from the right way بھٹکنا ۔ گمراہ ہونا ۔ کجروی اختیار کرنا ۔

Aberrance / Aberrancy *n.* گمراہی ۔ فساد ۔ بگاڑ ۔ کجروی ۔ خلافِ معمول ہونا ۔

Aberration *n.* چُوک ۔ کجروی ۔ مغالطہ ۔ قاعدہ کی خلاف ورزی ۔ فتور ذہنی ۔ خلل دماغ ۔

Aberration of Light بوجہ گردشِ زمین اجرام فلکی کا اپنی جگہ سے ہٹا ہوُا نظر آنا ۔

Abet (a-bett) *v.t.* To countenance or assist (offender) اعانت کرنا ۔ مدد کرنا (مُجرم کے جُرم میں)

Abetment *n.* (ارتکاب جرم میں) اعانت ۔ مدد ۔

Abetter *n.* معاون جُرم ۔ مدد گار جُرم ۔ مُعین ۔

Abeyance (a-ba-ence) *n.* State of suspension التوا ۔ تعطل ۔

Abhor (ab-hor) *v.t.* Regard with hatred and disgust نفرت کرنا ۔ کراہت کرنا ۔ حقارت سے دیکھنا ۔ گھن کرنا ۔

Abhorrence *n.* نفرت ۔ کراہت ۔ چڑ ۔ حقارت ۔

Abhorrent *adj.* مکروہ ۔ گھناؤنا ۔ قابل نفرت ۔

Abhorrer *n.* نفرت کرنے والا ۔ ان اوگوں کے چڑانے کا نام جنھوں نے ۱۶۸۰ء میں چارلس دوم کے سپاسنامے پر دستخط کئے تھے ۔ تبرّائی گروہ ۔

Abide (a-bid) *n.* First month of the Jewish year موسوی سال کا پہلا مہینہ

Abide (ə-bid) *v.t.* & *i.* : To stand firm بنا رہنا ۔ برقرار رہنا ۔ حاوی رہنا ۔ باقی رہنا ۔ مستقل رہنا ۔ مضبوط رہنا ۔ قائم رہنا ۔ جمے رہنا ۔ منتظر رہنا ۔ تاک میں رہنا ۔ راہ دیکھنا ۔ تسلیم کرنا ۔ ماننا ۔ اطاعت کرنا ۔ برداشت کرنا ۔ ضبط کرنا ۔ تَحمّل کرنا ۔ مُتحمّل ہونا ۔

Abiding *adj.* پائدار - دوامی - مستقل - دیرپا -

Abidingly *adv.* دواماً - مستقل طور پر -

Abigail (ab-e-gal) *n.* Lady's maid خواص - پیش خدمت - نوکرانی -

Ability (ə-bili-ti) *n.* Power, competency قابلیت - صلاحیت - لیاقت - قوت - استعداد - اختیار - مقدور - مالی حیثیت - ذریعہ - وسیلہ -

Ab-initio (ab-ini-tio) adv. From the beginning ابتدا سے - اول سے -

Abintestate (ab-int-estat) v.t. To obtain a claim on the estate of one who died without making a will کسی مرنے والے کی وراثت حاصل کرنا جو بلا وصیت انتقال کر گیا ہو -

Abiogenesis (ab-i-o-gen-isis) *n.* Spontaneous generation بے جان مادے سے جانداروں کا پیدا ہونا - خود بخود پیدا ہونا -

Abiogenist *n.* خود زائی کا عقیدہ رکھنے والا -

Abject (ab-jekt) *adj.* Degraded کمینہ - فرومایہ - ذلیل - پست - سفلہ -

Abjectly *adv.* کمینگی سے - رذالت سے - فرومائگی سے -

Abjectness *n.* ذلت خواری - کمینہ پن - رذالت - پستی -

Abjection *n.* تذلیل - تحقیر - کمینگی - زبوں حالی -

Abjuration (ab-joora-shən) *n.* Action or form of renunciation on oath سوگند - حلفیہ دست برداری - دعوی سے دست بردار ہونا -

Abjure (ab-joor) *v.t.* Renounce on oath حلف پر دست بردار ہونا - توبہ کرنا -(ترک وطن وغیرہ کی) قسم کھانا - تج دینا - چھوڑ دینا -

Ablactation (ab-lak-ta-shen) *n.* Weaning from the mother دودھ بڑھائی - دودھ چھٹائی -

Ablation (ab-la-shen) *n.* Removal of any part of body, wastage by melting علیحدہ کرنا - کاٹنا - نکالنا (عمل جراحی سے) - گھلنا - تحلیل ہونا - گھسنا(چٹان کا یا تودہ برف کا)

Ablative (ab-la-tiv) *adj.* The case in Latin nouns expressing source or cause مفعول لہٗ - اسم کی اخراجی حالت -

Ablaut (ap-lowt) (ab-lowt) *n.* Vowel changes in the parent Indo-European language انڈو یورپی زبان میں لب و لہجہ کے فرق کی وجہ سے حروف علت میں تبدیلی -

Ablaze (ə-blaz) *adj.* & *adv.* On fire, excited جلتا ہوا - فروزاں - دھکتا ہوا - بھڑکتا ہوا - نعل درآتش - مشتعل - بپھرا ہوا -

Able (a-bl) *adj.* Talented, competent قابل - لائق - ہوشیار - قادر - صلاحیت والا -

Able-bodied *adj.* قوی - مضبوط جسم والا - تنو مند جسیم - کار آزمودہ -

Abloom (ə-bloom) *adv.* In or into bloom پُربہار - شگفتہ - شاداب - جوبن پر -

Ablution (əblooshon) *n.* Ceremonial washing of hands, face and feet طہارت - وضو - غسل - جسم یا متبرک برتنوں کو پاک صاف کرنا -

Ablutionary *adj.* طہارت - غسل یا وضو کے متعلق -

Abnegate (ab-ni-gat) *v.t.* Deny oneself, renounce ترک کرنا - نفس کُشی کرنا - پرہیز کرنا - چھوڑ دینا -

Abnegation *n.* ترک شے - نفس کُشی - انکار - پرہیز - دست کشی - ایثار - ضبط نفس - کسی عقیدے سے انحراف - جی مارنا -

Abnormal (ab-nor-ml) *adj.* Exceptional, deviating from a certain type بے قاعدہ - خلافِ معمول - خلافِ عادت - نوع سے دور - نقطہ اعتدال سے دُور -

Abnormality *n.* خلاف معمول واقعہ - غیر معمولی پن -

Abnormally *adv.* خلاف معمول طریقہ پر -

Abnormity *n.* عجیب و غریب ، وحشت انگیز (شے) بے قاعدگی - بے اعتدالی -

Aboard (ə-bord) *adv.* & *prep*: On or into ship or train جہاز پر - کشتی یا ریل میں -

Fall aboard دوسرے جہاز سے ٹکرا جانا -

Lay aboard (جنگ میں) اپنے جہاز کو لا کر دوسرے جہاز سے بھڑا دینا -

Abode (ə-bod) *n.* Dwelling place, house رہنے کی جگہ - مسکن - مکان - فرود گاہ - قیام گاہ -

Aboil (ə-boil) *adv.* Boiling ابلتا ہوا - کھولتا ہوا - جوش میں آیا ہوا -

Abolish (ə-bolish) *v.t.* Do away with موقوف کرنا - منسوخ کرنا - توڑ دینا (رسم و رواج وغیرہ کو) -

Abolishable *adj.* قابل ترک و تنسیخ ۔ موقوف کرنے کے قابل ۔

Abolition *n.* تنسیخ ۔ موقوفی ۔ انسداد ۔ استرداد ۔

Abolitionist *n.* انسداد غلامی کا حامی ۔ حامی انسدادیت ۔

A-bomb (ə-bom) *n.* Atomic bomb جوہری بم ۔

Abominable (ə-bom-in-able) *adj.* Detestable, odious مکروہ ۔ قابل نفرت ۔ حقیر ۔ نفرت انگیز ۔

Abominableness *n.* مکروہ پن ۔ نفرت انگیزی ۔

Abominably *adv.* حقیرانہ ۔ رذیلانہ یا قابل نفرت طور پر ۔

Abominate (ə-bom-in-at) *v.t.* Loathe, dislike نفرت کرنا ۔ کراہت کرنا ۔ حقیر جاننا ۔

Abomination *n.* نفرت ۔ کراہت ۔ حقارت ۔

Aboriginal (ab-ə-rigin-al) *adj.* Indigenous اصل ۔ قدیم ۔ پہلے کا باشندہ ۔ قدیم رہنے والا ۔

Aborigines (ab-ə-rigin-ez) *n.* First inhabitants قدیم یا اصلی باشندے ۔ جنگلی باشندے ۔ بَدَوی ۔

Abort (ə-birt) *v.i.* Miscarry اسقاط حمل ہونا ۔ حمل گر جانا ۔ ادھ کچا رہ جانا ۔

Abortion *n.* پیٹ گر جانا ۔ کچا بچہ پیدا ہونا ۔ حمل کا گر جانا ۔ اسقاط ہونا ۔

Abortionist *n.* حمل گرانے والا ۔ اسقاط کرانے والا ۔

Abortive *adj.* ناکام ۔ لاحاصل ۔ اکارت ۔ ناقص ۔ کچا ۔ غیر مکمل ۔ حمل گرانے کی دوا ۔ مسقط ۔

Abortively *adv.* بے سود ۔ خام کارانہ ۔ کچے پن سے ۔ ناقص طور سے ۔

Abortiveness *n.* ناکامی ۔ افسردگی ۔ خامی ۔ مرجھاہٹ ۔

Abound (ə-bownd) *v.i.* Be plentiful بھر پور ہونا ۔ بہت ہونا ۔ وافر ہونا ۔ کثرت سے ہونا ۔

About (ə-bowt) *adv.* & *prep.* All round, from outside چاروں طرف ۔ کسی مرکز کے ارد گرد ۔

The bees buzzed about my head مکھیاں میرے سر کے گرد بھنبھناتی تھیں ۔

Hang about the door دروازے کے آس پاس رہو ۔

Walking about the streets سڑکوں پر ادھر ادھر پھرنا ۔

About 4 o'clock تخمیناً ۔ تقریباً ۔ لگ بھگ ۔ چار بجے ۔

Right about turn پھر کر ۔ گھوم کر ۔ داہنی طرف

What are you about? مشغول ۔ مصروف ۔ کس کام میں؟

We talked about many things متعلق ۔ بابت ۔ بارے میں ۔ بہت سی باتوں کے ۔

Bring about کروانا ۔ بر لانا ۔

Come about ہونا ۔ واقع ہونا ۔ ظہور پذیر ہونا ۔

Go about a work کسی کام میں مشغول ہونا ۔ مصروف ہونا ۔

Put about مضطرب ہونا ۔ بے قرار ہونا ۔ برافروختہ ہونا ۔

To be about چلتا پھرتا ہونا ۔

Above (ə-bov) *adv.* & *prep.* On high, over head اونچا ۔ اوپر ۔ بلند ۔ بالاتر ۔ پرے ۔ دور ۔ باہر ۔ بعد ۔ بڑھ کر ۔ اوپر زیادہ ۔ آسمان پر ۔ عالم بالا میں ۔ دوسری دنیا میں ۔

Above all اول ۔ مقدم ۔ سب سے زیادہ ۔

Above board پاک صاف ۔ کھلم کھلا ۔ سب کے سامنے ۔ کھرا کھرا ۔

Above cited or mentioned محولہ بالا ۔ مذکورہ بالا

Above ground زمین پر ۔ بقید حیات ۔ زندہ ۔

Above measure ناپ سے زائد ۔ بے اندازہ ۔ بے حد ۔ بے شمار ۔

Above stairs زینہ کے اوپر ۔ بالا خانے پر ۔

Above par اوسط سے زیادہ ۔ مساوات کے اوپر ۔

Over and above علاوہ ۔ مزید برآں ۔

Abracadabra (ab-rə-kə-dubra) *n.* Spell, magic, amulet جادو ۔ منتر ۔ ٹونا ۔ تعویذ جو تکونی شکل میں پہنے جائیں ۔

Abrade (ə-brad) *v.t.* Scrap off, injure رگڑنا ۔ گھسنا ۔ چھیلنا ۔ کھرچنا ۔ رگڑ ڈالنا ۔

Abranchial / **Abranchiate** (ə-brang-ki-ət) *adj.* Without gills گلپھڑے کے بغیر ۔

Abrasion (ə-bra-zhan) *n.* Scrapping off (the skin) رگڑ ۔ رگڑا ۔ خراش ۔ کھرچ ۔ جلدی زخم ۔

Abreast (ə-brest) *adv.* On a level and facing the same way ہم قدم ۔ دوش بدوش ۔ پہلو بہ پہلو ۔

Abridge (ə-brij) *v.t.* Shorten, curtail خلاصہ کرنا ۔ مختصر کرنا ۔ گھٹانا ۔ کم کر دینا ۔

Abridgement *n.* خلاصہ ۔ ملخص ۔ لب لباب ۔

Abroad (ə-brawd) *adv.* Broadly, In different directions دور دراز ۔ سب طرف پھیلا ہوا ۔ باہر ۔ پردیس میں ۔ غیر ملک میں ۔

All abroad - کہیں کا کہیں - غلط - خیالات میں انتشار

Abrogate (ab-ro-gat) *v.t.* Repeal, cancel منسوخ کرنا - توڑنا - ترک کرنا - فسخ کرنا -

Abrogation *n.* ترک - موقوف - فسخ - تنسیخ -

Abrupt (ə-brupt) *adj.* All of a sudden - ناگہاں ایکا ایکی - اچانک - بے ربط - بے جوڑ -

Abruption *n.* - یکایک علیحدگی - انقطاع - پھٹ پڑنا - جھڑ پڑنا -

Abruptly *adv.* ایکا ایکی - ناگہانی طور پر - دفعتہً

Abscess (ab-ses) *n.* Puss formed in the cavity of body پھوڑا - دنبل - جسم میں کہیں پیپ پڑنا -

Abscind (ab-sind) *v.t.* To cut off, operate چیرنا پھاڑنا - کاٹ ڈالنا - عمل جراحی کرنا -

Abscission *n.* - عمل جراحی - چیر پھاڑ { خطابت میں مقرر کا بعض باتوں پر سے اس طرح گزر جانا کہ سامعین خود سمجھ جائیں -

Abscond (ab-skond) *v.i.* To fly secretly بھاگ جانا - فرار ہونا - روپوش ہو جانا -

Abscondence *n.* روپوشی - گرفتاری سے بچنے کے لیے فرار -

Absconder *n.* فراری - مفرور -

Absence (əb-sens) *n.* Being away from a place { غیر حاضری - عدم موجودگی - پیچھے - جدائی - فقدان - فراق

Absent *adj.* - غیر حاضر - غیر موجود - غائب - غافل - کھویا ہُوا -

Absently *n.* منتشر خیالی سے - پراگندگی سے - بے خیالی سے -

Absent-minded *adj.* کھویا ہوا - بے خیال - پراگندہ دماغ -

Absent-mindedly *adv.* بے خیالی سے - پراگندہ خیالی سے -

Absent-mindedness *n.* - انتشار ذہنی - پریشان خیالی -

Absent (ab-sent) *v.* اپنے آپ کو غیر حاضر رکھنا - غیر حاضر رہنا -

Absentee *n.* غیر حاضر شخص - وقت پر غائب ہو جانے والا -

Absinth (ab-sinth) *n.* Worm-wood افستین - افستینی شراب - جوہر افستین - دونا مروا (درخت)

Absolute (absəl-(y) oot) *adj.* Perfect, pure, above time and space غیر مشروط - واجب الوجود کامل - حاکم علی الاطلاق - قائم بالذات - مطلق -

Absolutely *adv.* بلا قید یا شرط - بالکل - سراسر - قطعاً ضرور بالضرور - البتہ -

Absolution (absel-u-shon) *n.* Setting free from guilt رہائی - خلاصی - چھٹکارا - مغفرت - نجات - مکتی - اعلان نجات -

Absolutism *n.* یہ عقیدہ کہ نجات کے بارے میں خدا مالک مطلق ہے - مطلق العنانی - استبداد پسندی - شخصی حکومت کا نظریہ -

Absolutist *n.* - استبدادی حکومت کا حامی - استبداد پسند

Absolve (əb-zo!v) *v.t.* Set, pronounce, free بری کرنا - چھوڑنا - رہا کرنا - خلاصی دینا - بخشنا - بے گناہ قرار دینا -

Absonant (əb-sən-ənt) *adj.* Unreasonable, discordant غیر معقول - بے محل - بے سر - بے تال - بے جوڑ -

Absorb (ab-zorb) *v.t.* Suck in, take in - جذب کر لینا چوسنا - گھل مل جانا - مدغم کرنا -

Absorbable *adj.* - انجذاب پذیر - جذب ہونے کے قابل

Absorbability *n.* انجذاب - جذب ہونے کی قابلیت -

Asorbed *adj.* دھن میں لگا ہوا - مشغول - منہمک -

Absorbent *adj.* چوسنے والا - جاذب - درختوں کے جاذب غذا رگ و ریشے -

Absorbing *adj.* دلچسپ - منہمک رکھنے والا - جاذب توجہ - دلکش -

Absorption *n.* - عمل انجذاب - جذب - مشغولیت - دھن انہماک -

Absorptive *adj.* - چوسنے والا - کھینچنے والا - جاذب

Absorptiveness *n.* کھینچنے ، چوسنے کی قابلیت - صلاحیت انجذاب - قوت جذب -

Abstain (ab-stan) *v.t.* Keep oneself away - باز رہنا الگ رہنا - پرہیز کرنا - اجتناب کرنا -

Abstainer *n.* -پرہیز کرنے والا - مُجتنب - احتراز کرنے والا

Abstemious (ab-stemi-əs) *adj.* Sparing, not self indulgent محتاط (کھانے پینے میں) متقی - روکھی سوکھی کھانے والا -

Abstemiously *adv.* پرہیزگارانہ - محتاط طریقے سے -

Abstemiousness *n.* پرہیزگاری - احتیاط -

Abstention (absten-shon) *n.* Keeping away from pleasures لذات سے پرہیز - اجتناب - بچتے رہنا -

Absterge (abs-tarj) *v.t.* clean (wounds), wipe, purge صاف کرنا - دھونا - میل نکالنا - زخم دھونا -

Abstergent *n. & adj.* صاف کرنے والا - میل نکالنے والا -

Abstersion *n.* دھلائی - تنقیح - صفائی -

Abstersive *adj* میل یا کھوٹ نکالنے والی - صاف کرنے والی - مصفی -

Abstinence (abstin-əns) / Abstinency (abstin-ənsi) *n.* Refraining from pleasures پرہیزگاری - نفس کشی - احتراز - اجتناب -

Total abstinence منشیات سے کلی پرہیز -

Abstinent *adj.* زاہد - کم خور - محتاط - پرہیزگار -

Abstinently *adv.* متقیانہ - پرہیزگاری کے ساتھ -

Abstract (ab-strakt) *v.t.* Deduct, remove الگ کرنا - جدا کرنا - علیحدہ کرنا - نکال لینا - چرا رکھنا - چھپا رکھنا - خلاصہ کرنا - مختصر کرنا - ہٹانا - بٹانا - مصروف رکھنا (توجہ) -

Abstract (ab-strakt) *adj.* غیر مرئی - قائم بالغیر - ذہنی - قیاسی - خیالی - دقیق - مشکل - پوشیدہ -

Abstract (ab-strakt) *n.* خلاصہ - ست - جوہر - روح - ماحصل - مغز -

Abstracted *adj.* غافل - ڈوبا ہوا - غرق - محو -

Abstractness *n.* انہماک - دھن - محویت - استغراق -

Abstractedly *adv.* دھن میں - انہماک میں - محویت کے عالم میں -

Abstraction *n.* علیحدگی - الگ کرنا - سرقہ - استغراق - محویت - بے خبری - خالی الذہن ہونا - خیالی - تصوری - قیاسی حالت - خیال پرستی -

Abstruse (abs-troos) *adj.* Profound کٹھن - مشکل - دقیق - پیچیدہ -

Abstrusely *adv.* مشکل سے - دقت کے ساتھ -

Abstruseness *n.* دقت - پیچیدگی - باریکی - مشکل -

Absurd (ab-surd) *adj.* Unreasonable, silly نامعقول - بعید از قیاس - بیہودہ - لغو - بے سر و پا - خلاف عقل - غیر موزوں - نامناسب -

Absurdly *adv.* بے سر و پا طور پر - احمقانہ طور پر -

Absurdity *n.* بیہودگی - لغویت - خرافات -

Abundance (ə-bundəns) *n.* Plenty بہتات - افراط - زیادتی - کثرت وفور - شدت (جذبات) - ہجوم - انبوہ - اژدحام - دولت اور مال کی کثرت -

Abundant *adj.* بہت سا - کثیر - وافر - زیادہ -

Abundantly *adv.* کثرت سے - افراط سے - بہتات سے -

Abuse (ə-buz) *v.t.* Make bad use of بدسلوکی کرنا - گالی دینا - غلط استعمال کرنا - بیجا صرف کرنا - بے جا فائدہ اٹھانا - ناجائز برتاؤ کرنا -

Abuse (ə-buz) *n.* برا برتاؤ - برا دستور - برا رواج - بری ریت - ناجائز فائدہ - بیجا صرف - غلط استعمال - گالی گلوچ - دشنام - سخت کلامی - بری حرکت - بدفعلی - بے حرمتی - ناجائز مباشرت - زنا -

Abuses *n. & p.* برائیاں - اندھیر - خرابیاں - ظلم - تعدی

Abusive *adj.* منہ پھٹ - بد زبان - بے لگام - آبرو ریز -

Abusiveness *n.* بد لگامی - بد زبانی - دشنام دہی - ہتک آمیزی - سب و شتم -

Abut (ə-but) *v.t.* Have a common boundary ہم سرحد ہونا - ملا ہوا ہونا - متصل ہونا - کسی چیز کے سہارے ہونا - ٹکا ہوا ہونا - کسی چیز پر ختم ہونا -

Abutment *n.* پایۂ ستون - جس پر کوئی محراب قائم ہو -

Abutter *n.* جائداد متصلہ کا مالک جس کو حق شفع حاصل ہو -

Abysmal (ə-biz-mal) *adj.* Bottomless, very deep بے انتہا گہرا - عمیق - اتھاہ -

Abyss *n.* (ə-bis) Deep gorge, depth غار - بہت گہری گھاٹی یا کھڈ - زمین کی اندرونی گہرائی - پاتال -

Abyssal *adj.* گہرے سمندر کے (جاندار) - بے اندازہ گہرا -

Abyssinian (abi-sin-ian) *adj.* An inhabitant of Abyssinia ملک حبش کا باشندہ - حبشی -

Acacia (ə-ka shyə) *n.* Shrub or tree of mimosa tribe کیکر - ببول -

Academic (əkad-emik) *adj.* Belonging to philosophic school of Plato قدیم افلاطونی فلسفہ کا پیرو - اشراق - علمی - عالمانہ - خشک منطقی - کسی علمی جماعت کے اصول کا اندھا پیرو - جامعہ علمی کا لباس - قبائے جامعہ -

Academical *adj.* جامعہ ، کالج یا کسی علمی ادارہ کے متعلق -

Academician *n.* مجلس علمی کا رکن -

Academy *n.* افلاطون کا مدرسہ - درسگاہ - جامعہ - اعلیٰ مجلس کا رکن ہونا -

Acadian (əkadiən) *adj.* Nova Scotian نوا اسکوٹیا (امریکہ) کا باشندہ -

Acanthus (ə-kan-thus) *n.* Kinds of prickly-leaved plants ایک قسم کا خار دار درخت - ایسے درختوں کی پتیوں کے نقش و نگار جن کی نقل یونانی عمارتوں پر کی جاتی تھی -

Acardiac (akar-diak) *adj.* Without heart بے قلب - دل نہ ہونا -

Acarpous (əkar-pus) *adj.* Without carpels بے ثمر - جس میں پھل نہ لگے -

Acatalectic (akatəlaktic) *adj.* Complete verse غیر محذوف - سالم بحر جس کے سب ارکان پورے ہوں (علم عروض)

Acatalepsy (akatəlepsi) *n.* Incomprehensibility دشواری - ناقابل فہم ہونا -

Acataleptic *adj.* جو یہ سمجھے کہ ہم کچھ نہیں جانتے اور جو جانتے ہیں وہ بھی صحیح نہیں - ارتیابی -

Acaulescent / **Acauline** / **Acaulose** / **Acaulous** } (ak-au-lis-ənt) *adj.* Apparently stemless بعید از فہم - خارج از عقل بے تنا - چھوٹے تنے والا (پودا) صغیرالساق -

Accadian (ə-ka-di-ən) *n.* Language of Accad in Shinar عکادی زبان جو پیکانی خط میں لکھی جاتی تھی - عکادی -

Accede (ak-sed) *v.i.* Enter upon an office, assent to an opinion منظور کرنا - قبول کرنا - راضی ہونا - تسلیم کرنا -

Accelerate (ak-sel-ər-at) *v.t.* Make quicker, increase speed جلدی کرنا - تیز کرنا - رفتار بڑھانا -

Acceleration *n.* تیزی - تیز رفتاری -

Accelerative *adj.* تیز کرنے والا - رفتار بڑھانے والا -

Accelerator *n.* مسرع - رفتار تیز کرنے والا آلہ - موٹر کا آلہ جو رفتار بڑھانے کے لیے استعمال ہوتا ہے -

Accent (ak-sənt) *n.* Prominence given to a syllable لہجہ - تلفظ - دباؤ - آواز کا اتار چڑھاؤ - تاکید - زور - لوچ -

Accent (ak-sənt) *v.t.* Pronounce with accent, emphasis بعض آوازوں کو زور دار لہجہ میں ادا کرنا - تاکیدی علامتیں لگانا -

Accentor (ak-sənt-or) *n.* A kind of small bird ایک قسم کی چھوٹی چڑیا - گوریا -

Accentual (ak-sənt-ual) *adj.* Of accent آواز کے اتار چڑھاؤ کے متعلق - لب و لہجہ کے متعلق -

Accentually *adv.* تاکیداً - تاکید کے طور پر -

Accentuate *v.t.* زور دار لہجے میں ادا کرنا - تلفظ پورے دباؤ سے کرنا -

Accentuation *n.* کسی حرف پر پورا دباؤ - تاکید - زور -

Accept (ak-sept) *v.t.* Consent to receive, agree قبول کرنا - راضی ہونا - منظور کرنا - اچھا لگنا - لے لینا - پسند کرنا - نظر عنایت سے دیکھنا - مہربانی کرنا -

Accepter *n.* منظور کرنے والا - قبول کرنے والا -

Acceptable *adj.* قابل منظوری - قابل قبول -

Acceptability / **Acceptableness** } *n.* قبولیت - پسندیدگی - منظوری -

Acceptance *n.* پسند - منظوری - رضا مندی -

Acceptation *n.* عرف عام کے مطابق معنی - عام معنی -

Accepted *adj.* مقبول - تسلیم شدہ - مسلمہ - مانا ہوا -

Acceptedly *adv.* مسلمہ طور پر -

Acceptor *n.* سکھاریا - ہنڈی سکھارنے والا - قبول کرنے والا -

Access (ak-sis) *n.* Passage, door way رسائی - گزر - وسیلہ - سبیل - آمد و رفت - پہنچ - باریابی - دخل - اضافہ - بڑھوتی - رستہ - نالی - دروازہ - حملہ - جوش - ہیجان - شدت (مرض ، جذبے یا غصہ کی) -

Accessary / **Accessory** } *n. adv.* معاون - مدد گار - شریک - راز دار - ساتھی -

Accessary after the fact راز دار مابعد واقعہ - وقوعہ کے بعد کا شریک -

Accessary before the fact شریک ماقبل وقوع -

Accessary to a crime ہم جرم - شریک جرم -

Accessible *adj.* پہنچ سکنے کے قابل - رسائی کے قابل - قابل باریابی -

Accession *n.* تخت نشینی - جلوس تاجپوشی - بڑھوتی - اضافہ - افزائش - افزونی - تقرب - رسائی - باریابی -

Accidence (ak¹sed-əns) The part of grammar dealing with variable forms of words, elements of any subject تصریف ۔ گردان ۔ کسی علم کے مبادیات ۔

Accident (ak-sid-ənt) *n*, Un-expected event ناگہانی واقعہ ۔ واردات ۔ حادثہ۔ غیر ارادی فعل ۔ اتفاق ۔ عارضہ ۔ واقعہ ۔ قسمت ۔

Accidental *adj.* ناگہانی ۔ اتفاقی ۔ غیر متوقع ۔ ہنگامی ۔

Accidental qualities خواص عارضی ۔

Accidentally *adv.* غیر متوقع طور پر ۔ اچانک ۔ یکایک ۔

Accipiter (ak-sipit-er) *n*. Hawk, falcon شکرا ۔ شاہین ۔

Accipitral *adj.* عقابی ۔ دوربین ۔ شاہین صفت ۔ باز جیسا ۔ شکرے کی طرح ۔ تیز نظر ۔ عقاب نگاہ ۔ خونخوار ۔

Acclaim (ək-ləm) *v.t.* Applaud loudly نعرہ ہائے مسرت بلند کرنا ۔ خوشی میں تالیاں بجانا ۔ خوش آمدید کہنا ۔ استقبال کرنا ۔

Acclamation *n*, مدحیہ استقبال ۔ نعرہ مسرت و تحسین ۔ پرجوش تائید ۔

Acclimation / Acclimatation / Acclimatization (ak-lim-eshon) *n*. Habituation to new climate مزاج کا آب و ہوا کے موافق ہو جانا ۔ آب و ہوا کا راس آنا ۔ موافقت آب و ہوا ۔

Acclimate (a-klim-at) *v.t.* Habituate to new climate جانور ، درخت یا انسان کو نئی آب و ہوا کا راس آنا ۔

Acclimatize *v.t. & i.* آب و ہوا کا موافق ہو جانا ۔

Acclivity (ə-kliv-i-ti) *n*. Upward slope of a hill پہاڑ کی چڑھائی ۔ ارتفاع ۔ بلندی ۔

Accolade (ek-ol-ad) *n*. Sign at bestowal of knighthood وہ رسم جو خطاب دیتے وقت بادشاہ ادا کرتا ہے مثلاً بوسہ دینا ، معانقہ کرنا یا آڑی تلوار کندھے پر رکھنا ۔

Accommodate (ək-omə-dat) *v.t.* Adapt, reconcile or harmonize, find lodging موافق کرنا ۔ مطابق کرنا ۔ میل ملاپ کرنا ۔ صلح صفائی کرنا ۔ رفع فساد کرنا ۔ ممنون کرنا ۔ مرہون منت کرنا ۔ عنایت کرنا ۔ ٹھہرانا ۔ قیام کا انتظام کرنا ۔ مہمان کو جگہ دینا ۔

Accommodating *adj.* مان لینے والا ۔ آشتی پذیر ۔ صلح جو ۔ بامروت ۔ نرم طبیعت ۔

Accommodatingly *adv.* صلح پسندانہ ۔ مصالحانہ ۔ مروت سے ۔

Accommodation *n*, ٹھہرنے کی جگہ ۔ گنجائش ۔ جگہ ۔ میل ۔ یک رنگی ۔ موافقت ۔ مطابقت ۔ صفائی ۔ تصفیہ ۔ سمجھوتا ۔ سامان ۔ اسباب ۔ آرام کی چیزیں ۔

Accompaniment (ekampəni-ment) *n*. Appendage, thing that attends another ضمیمہ ۔ رفاقت ۔ سنجوگ ۔ لوازمہ آواز یا سر جو راگ کے ساتھ ملایا جائے ۔ گانے کے ساتھ کا ساز ۔

Accompany (ekumpəni) *v.t.* To go with ہمراہ ہونا ۔ ساتھ ہونا ۔ ہم سفر ہونا ۔ سر ملانا ۔ ساز ملانا ۔

Accompanist *n*. سر ملانے والا ۔ گانے کے مطابق ساز بجانے والا ۔ سازندہ ۔

Accomplice (ə-kom-piis) *n*. Partne in crime رفیق جُرم ۔ پاپ جُرم کا مُعاون یا شریک ۔

Accomplish (ə-kum-plish) *v.t.* Fulfil, perform, finish پورا کرنا ۔ کمل کرنا ۔ انجام دینا ۔ تہذیب اور آداب میں مکمل کرنا ۔ شائستہ بنانا ۔ آداب مجلس سکھانا ۔

Accomplished *adj.* شائستہ ۔ مہذب ۔ ہنر مند ۔ باکمال ۔

Accomplishment *n*. ظاہری ٹیپ ٹاپ ۔ شائستگی ۔ کمال ۔ جوہر ۔ ہنر ۔ فضیلت ۔ تکمیل ۔

Accord (ə-kord) *n*. Consent, mutual agreement تال میل ۔ باھمی رضامندی ۔ یکدلی ۔ میل ملاپ ۔ موافقت ۔ معاھدہ ۔ راضی نامہ ۔ اقرار نامہ ۔

Accord (ə-kord) *v. t. & i.* Be in harmony سر ملانا ۔ ہم نوا ہونا ۔ ہم آہنگ ہونا ۔ منظور کرنا ۔ قبول کرنا ۔ عطا کرنا ۔

Accordance *n*. مناسبت ۔ موافقت ۔ مطابقت ۔

Accordant *adj.* ہم ساز ۔ ہم آواز ۔ ہم نوا ۔ موزوں ۔

Accordantly *adv.* ہم نوائی سے ۔ ہم آہنگی سے ۔

According *adv.* ہم نوایانہ ۔ موافقانہ ۔ مطابقانہ ۔

According as جوں جوں ۔ جیسے ۔ مطابق ۔ حسب ۔

According to بقدر ۔ حسب الحکم ۔ بموجب ۔ بلحاظ ۔

Accordingly *adv.* لہذا ۔ پس ۔ حسب حال ۔ اندریں حال ۔ چنانچہ ۔

Accordion (ə-kordiən) *n*. A portable musical instrument having bellows ایک قسم کا سفری ہلکا پردے دار باجا ۔ دھونکنی کا باجا ۔

Accordianist *n.* پردے دار باجا بجانے والا - ارگن باجا بجانے والا -

Accost (ə-kost) *v.t.* Make up to and open conversation بولنا - مخاطب کرنا - کسی فاحشہ کا راہ چلتوں کو مخاطب کرنا - فاحشہ کی چھیڑ چھاڑ -

Account (ə-kownt) *n.* Calculation and reckoning شمار - حساب کتاب - میزان - سرگزشت - تفصیل - کیفیت بیان - جانچ پرتال - امتحان - لیے - خاطر - سبب - باعث -

Call to account جواب طلب کرنا -
Give an account حساب دینا -
Of no account نکما - نا چیز - حقیر -
On your account آپ کے حساب میں -
Suspense account پیشگی - دوامی - علی الحساب -
To settle an account حساب بے باق کرنا -
To turn to account نفع اٹھانا - نفع بخش بنانا -
Money of account جو سکہ رائج الوقت نہ ہو مگر حساب میں شامل کیا جائے - زر حسابی -
Square accounts جمع خرچ کا حساب پورا کرنا - حساب برابر کرنا -
Sale for the account آئندہ وعدے پر سودا کرنا -
To be in account with کسی کے ساتھ لین دین کا کھاتا کھولنا -
On one's own account اپنے حساب میں - اپنی ذمہ داری پر -
On account of اس بابت - اس واسطے - اس وجہ سے -
The great account آخرت - یوم الحساب - اعمال کا حساب -
Gone to his account اس کا انتقال ہو گیا -
Give a good account کامیاب رہنا - ہنر مندی، مشق و مہارت کا ثبوت دینا -
Take into account خاطر میں لانا - اہمیت دینا -
Leave out of account نظر انداز کرنا - قطع نظر کرنا - خارج از بحث سمجھنا

Account (ə-kownt) *v.t.* لحاظ کرنا - جانچنا - سمجھنا - شمار کرنا -

Account foı حساب دینا - جواب دہی کرنا -
Accountable *adj.* ضامن - ذمہ دار - جواب دہ -
Accountability / **Accountableness** *n.* کفالت - ضمانت - ذمہ داری - جواب دہی -
Accountant *n.* حساب لکھنے والا - منیب - محاسب -
Accountant General صیغہ حساب کا اعلیٰ عہدہ دار - صدر محاسب -
Accountantship *n.* حساب دانی - محاسبی کا عہدہ -

Accoutre (ə-koot-ər) *v.t.* Attire, equip سجانا - وردی پہنانا - آراستہ کرنا - ملبوس کرنا -

Accoutrement (əkootərment) *n.* ہتھیار اور وردی کے علاوہ سپاہی کا دوسرا سامان ، تھیلا وغیرہ -

Accredit (ə-kred-it) *v.t.* Send out with credentials مختار کرنا - اختیار دینا - کسی کو سفیر یا نمائندہ مقرر کرنا -

Accredited *adj.* معتمد کلی - مسلمہ نمائندہ - مختار کل - تسلیم کردہ -

Accrete (ak-ret) *v.i.* To grow in a bunch اکٹھا اگنا - ساتھ ساتھ اگنا - کسی مرکز کے چاروں طرف بڑھنا - پھیلنا -

Accretion *n.* اضافہ - الحاق - افزونی - نشو و نما -

Accrue (ək-roo) *v.i.* To fall as an advantage بڑھنا - نکلنا - کسی فائدہ یا نتیجہ کا حاصل ہونا -

Accumulate (ə-kum-ul-at) *v.t.* & *i.* Heap up, grow numerous اکٹھا کرنا - جمع کرنا - فراہم کرنا -

Accumulation *n.* روپیہ کی زیادتی - مال کی فراوانی - تودہ - ڈھیر -
Accumulative *adj.* جمع شدہ - اجتماعی - مجموعی -
Accumulatively *adv.* مجموعی طور پر - اجتماعی طور پر -
Accumulator *n.* جمع کرنے والا - جوڑنے والا - اکٹھا کرنے والا -
روپیہ جمع کرنے والا - سرمایہ اندوز -
مخزن برق - وہ آلہ جو بجلی کی قوت محفوظ رکھتا ہے -

Accurate (aku-rit) *adj.* محتاط - صحیح - ٹھیک - درست
Accuracy *n.* درستی - صحت -
Accurately درستی سے - صحت کے ساتھ -

Accursed / **Accurst** (əkurs-d) *adj.* منحوس - بدبخت - راندہ درگاہ - مردود - لعنتی -

Accusation (ə-kuza-shon) *n.* اتہام - شکایت - تہمت - الزام -

Accusative (ə-kuzat-iv) *n.* اسم منصوب - صیغہ مفعول -

Accusatival *adj.* مفعولی ۔

Accusatively *adv.* مفعول کے طور پر ۔

Accusatorial (ə-kuz-atorial) *adj.* A case in which prosecutor and judge are not the same ایسا مقدمہ جس میں عدالت کو صرف جُرم کا فیصلہ کرنا ہو اور تحقیقات مقصود نہ ہو ۔

Accusatory *adj.* الزام آمیز ۔ اتہامی ۔ الزامی ۔

Accuse (ə-kuz) *v.t.* الزام لگانا ۔ متہم کرنا ۔ قصور وار قرار دینا ۔ کسی کے سر تھوپنا (جرم) ۔

Accused *n.* شخص ماخوذ ۔ ملزم ۔

Accuser *n.* الزام لگانے والا ۔ مستغیث ۔ مدعی ۔

Accusingly *adv.* مستغیثانہ طریقہ پر ۔ مدعیانہ طور پر ۔

Accustom (ə-kus-təm) *v.t.* Habituate عادت ڈالنا ۔ عادی بنانا ۔ خوگر بنانا ۔

Accustomed *adj.* معتاد ۔ عادی ۔ خوگر ۔

Ace (as) *n.* One who excels at something, the one on card اکا ۔ تین کانے (گنجفے کا نشان)۔ ایک فرانسیسی ہوا باز جس نے دشمن کے دس جہاز گرائے ۔ نمایاں کام کرنے والا ۔ بہت بڑا اور مشکل کام کرنے والا ۔

With an ace of بال برابر فاصلے پر ۔

Ace point پچیسی اور چو سر میں نرد لینے کا خانہ ۔ نرد کا پہلا خانہ جہاں سے چال شروع ہوتی ہے ۔

Aceldama (ə-kel-dama) *n.* Field of blood وہ کھیت جو یہودیٰ نے حضرت مسیحؑ سے غداری کے عوض تیس سکوّں میں حاصل کیا تھا ۔ مقتل ۔

Acephalous (asef-ə-ləs) *adj.* Headless, recognising no chief بے سرا ۔ وہ حیوانات جو بے سرے معلوم ہوتے ہیں ۔ خود مُختار ۔

Acerbate (a-sər-bat) *v.t.* To embitter, to irritate تیز کرنا ۔ مشتعل کرنا ۔ بڑھا دینا ۔

Acerbity *n.* آتش مزاجی ۔ درشتی ۔ تندی ۔ تیزی ۔ ترش روئی ۔

Acerose (as-ər-os) *adj.* Needle-pointed تیز نوک والا ۔ نوکیلا ۔

Acervate (ə-ser-vat) *adj.* Growing in compact clusters گچھوں کی شکل میں اگنے والا پودا ۔ گچھیلا ۔ یک مشت ۔

Acervation (a-sər-vashon) *n.* Bunch, heap ڈھیر ۔ تودہ ۔ انبار ۔

Acescent (as-es-ənt) *adj.* Sour کھٹا ۔ ترشی مائل ۔ قدرے ترش ۔

Acescence (as-es-əns) *n.* Sourness تھوڑی سی ترشی ۔ کھٹائی ۔

Acetabulum (as-et-abu-ləm) Cup to hold vinegar سرکہ کا پیالہ ۔ قفل ہڈی جس میں ران یا کسی اور جوڑ کی ہڈی بیٹھتی ہے ۔

Acetarious (ə-set-arus) *adj.* About those herbs or vegetables used in salad ان سبزیوں کے متعلق جو رائتے یا سلاد میں استعمال ہوں ۔ سلادی ۔

Acetic (a-sitik) *adj.* Pertaining to vinegar سرکے کے متعلق ۔ سرکے کا ۔ خلی ۔

Acetify (a-set-ifi) *v.t.* & *i.* ترش ہو جانا ۔ ترش کرنا ۔ سرکہ بنانا ۔

Acetification *n.* کھٹا پن ۔ ترشی ۔

Acetifier *n.* وہ چیز جس سے سرکہ بنایا جاتا ہے ۔ سرکہ ساز ۔

Acetous *adj.* کھٹا ۔ ترش ۔ سرکہ کی طرح ۔

Acetylene (a-set-i-len) *n.* A colourless gas which burns with a brilliant flame ایک بے رنگ گیس جس کا شعلہ روشن ہوتا ہے ۔

Achates (a-ka-tez) Faithful friend of Aeneas—Sincere friend ورجل کی نظم اینیڈ میں اینیس کا سچا دوست اخاتیس ۔ مخلص دوست ۔

Ache (ak) *v.i.* To suffer continuous pain درد کرنا ۔ دکھنا ۔

Ache (ak) *n.* Continuous pain دکھ۔درد ۔ کرب ۔ ٹیس ۔

Achieve (ə-chev) *v.t.* Acquire, accomplish پورا کرنا ۔ انجام دینا ۔ تکمیل کرنا ۔ حاصل کرنا ۔ کامیاب ہونا ۔ مقصود پا لینا ۔

Achievable *adj.* قابل حصول ۔ حاصل ہونے کے قابل ۔

Achievement *n.* امتیازی نشان ۔ کامرانی ۔ نمایاں کامیابی ۔ کار نمایاں ۔

Achiever *n.* امتیازی نشان حاصل کرنے والا ۔ نمایاں کام کرنے والا ۔

Achillean (ak-ile-ən) *adj.* About Achilles, indomitable اکلیس کی طرح ۔ ناقابل تسخیر ۔

Heel of Achilles عضو ضعیف ۔ جسم کا کمزور حصہ ۔

Achilous (ak-ilous) *adv.* Without lips (نباتیات) بے لبے - ناقدالشفتین - وہ پودے جن کے لب نہ ہوں -

Ack Ack (ak-ak) *adj.* Anti air craft ہوامار - طیارہ مار توپ - طیارہ شکن -

Achlamydeous (aklə-miduəs) *adj.* Without corolla - پھول جن میں نہ مسند گل ہو نہ چہرہ گل -

Achromatic (akro-mat-ik) *adj.* Free from colour, transmitting light without decomposing بے رنگ - وہ شیشہ جس میں سے روشنی بغیر رنگ دئے گزرے -

Achromatically *adv.* بے رنگ طریقہ پر -

Achromaticity *n.* بے رنگی -

Achromatism *n.* بے رنگ پنا -

Achromatize *v.t.* بے رنگ کرنا -

Acid (as-id) *n.* A sour substance ترشی - تیزاب - ترشہ -

Acid (as-id) *adj.* کھٹا - ترش - تیزابی -

Acidity (ac-ed-iti) *n.* Sourness ترشویت - حموضیت - تیزابیت -

Acidify *v.t.* & *i.* تیزابی بنانا - ترش کرنا یا ہونا - ترشہ بنانا

Acidifiable *adj.* کھٹا کرنے کے لائق - ترشہ بنانے کے قابل -

Acidification *n.* ترشائیت - ترشہ بنانے کا عمل - تحمیض -

Acidifier *n.* تیزابی کیفیت پیدا کرنے والا - ترشہ بنانے والا -

Acidi-meter *n.* تیزابی حالت معلوم کرنے کا آلہ - تیزابیت پیما - ترشویت پیما -

Acidulated *adj.* جو کسی قدر تیزاب بن گیا ہو - جو کسی قدر ترش ہو گیا ہو - ترشایا ہُوا -

Acidulous *adj.* ہلکی سی کھٹاس رکھنے والی چیز -

Acinus (asi-nəs) *n.* Seed of a berry or grape مکو یا شہتوت کی قسم کے پھل کا دانہ یا بیج -

Acknowledge (ak-nol-ij) *v.t.* Announce receipt, accept the truth ماننا - قبول کرنا - منظور کرنا - تسلیم کرنا - وصولی کی رسید یا اطلاع دینا -

Acknowledgement *n.* قبض الوصول - اقبال - اقرار - منظوری - قبولیت - رسید -

Aclinic (ak-lin-ik) *adj.* Magnetic مقناطیسی

Aclinic line خط استوا جہاں مقناطیسی سوئی نہیں جھکتی -

Acme (ak-mi) *n.* Highest point نقطہ عروج - اوج - انتہا -

Acme of perfection اعلٰی درجے کی -

Acme of life عروج زندگی -

Acne (ak-ni) *n.* Pimple پھنسی - دنبل - دانہ

Acock (ə-kok) *adv.* In cocked fashion (hat) ٹیڑھی ترچھی ٹوپی پہنے ہوئے - بانکے انداز سے - جنگجویانہ انداز سے -

Acolyte (ak-ə-lit) *n.* An inferior church officer گرجا کا ادنیٰ ملازم - مددگار ملازم -

Aconite (ak-ə-nit) *n.* Monk's hood or wolf's bane a poisonous plant بس - زہر - جدوار (ایک زہریلا درخت) - رُوحِ جدوار -

Aconitic (ak-e-nitik) *adj.* extracted from aconite زہریلا - جدواری -

Aconitive *n.* جدوار - مہلک زہر -

Acorn (akorn) *n.* Fruit of oak tree شاہ بلوط کا پھل - بلُوط -

Acotyledon (akot-i-ledən) *n.* A plant with no distinct seed lobes بے دیالا - بے دیولا پودا - پودا جس کے بیج میں دیولا نہ ہو - بے دالا پودا -

Acotyledonous *adj.* بے دالا - بے دیولا -

Acoustic (e-koostik) *adj.* Relating to the sense of hearing سامعی - صوتی -

Acoustical *adj.* سامعیاتی - متعلق بہ سامعت - اصواتی -

Acoustically *adv.* سامعت یا سننے کے لحاظ سے -

Acoustician *n.* ماہر سمعیات -

Acoustics *n.* سمعیات -

Acquaint (ə-kevant) *v.t.* Make aware or familiar اطلاع دینا - آگاہ کرنا - خبر دینا - بتانا - آگاہ ہونا - واقف یا شناسا ہونا - جانا بوجھا یا دیکھا بھالا ہونا -

Acquaintance *n.* ملاقات - شناسائی - جان پہچان - ملاقاتی - شناسا - واقف کار -

Acquaintanceship *n.* جان پہچان - شناسائی -

Acquainted *adj.* جان پہچان والا - محرم - واقف - آگاہ -

Acquiesce (ak-wi-es) *v.i.* & *t.* Agree tacitly ماننا - راضی کرنا - تسلیم کرنا - منظور کرنا - رضامند ہونا - متفق ہونا - چُپ چاپ مان لینا -

Acquiescence *n.* رضامندی ۔ منظوری ۔

Acquiescent *adj.* چپ چاپ مان لینے والا ۔

Acquire (ə-kwir) *v.t.* Come into possession of, gain حاصل کرنا ۔ پانا ۔ پیدا کرنا ۔ مالک بننا ۔ قابض ہونا ۔

Acquirement *n.* اکتسابی استعداد ۔ اکتساب ۔ حصول ۔

Acquisition *n.* اکتساب ۔ تحصیل ۔ حُصُول ۔

Acquisitive *adj.* حاصل کرنے والا ۔ حصول کا شوق یا خواہش رکھنے والا ۔

Acquisitiveness *n.* ہوسناکی ۔ اکتساب کا شوق

Acquit (ə-kwit) *v.t.* To discharge, set free رہا کرنا ۔ چھوڑنا ۔ بے گناہ قرار دینا ۔ سرخرو کرنا ۔ ادا کرنا ۔ بے باق کرنا ۔ فرض بجا لانا ۔ پورا کرنا ۔

Acquittal *n.* فرض کی انجام دہی ۔ قرضہ کی ادائی ۔ بریت ۔ چھٹکارا ۔ رہائی ۔

Acquittance *n.* رہائی ۔ مخلصی ۔ چکوتہ ۔ بے باق ۔ قرض کی ادائی ۔ فارغ خطی ۔ بھرپائی ۔

Acre (aker) *n.* Measure of land—4840 sq. yards ۴۸۴۰ مربع گز ۔ ایکڑ ۔ مزروعہ زمین ۔ مزرع ۔

A man of many acres بہت زمین کا مالک ۔

or

A man of broad acres بڑا زمیندار ۔

God's acre قبرستان ۔

Acreage *n.* زرعی زمین ایکڑوں میں ۔ رقبہ ایکڑوں کے حساب سے ۔

Acrid (ak-rid) *adj.* Bitterly pungent تیز ۔ تلخ ۔ چڑچڑا ۔ تند مزاج ۔ تند ۔

Acridity *n.* درشتی ۔ چڑچڑاپن ۔ تیزی ۔ تندی ۔

Acrimony (ak-rim-ə-ni) *n.* Bitterness of temper or manner مزاج کی ترشی ۔ تیزی ۔ تندی ۔ لہجہ کی سختی ۔

Acrimonious *adj.* درشت طبع ۔ تند مزاج ۔ تیز

Acrimoniously *adv.* تیزی اور سختی سے ۔ تند مزاجی سے

Acrobat t(ak-ro-bat) *n.* Tumbler, rope dancer, نٹ ۔ قلاباز ۔ رسے پر ناچنے والا ۔ سیاسی گرگٹ ۔ نئے نئے رنگ بدلنے والا ۔

Acrobatic *adj.* نٹوں کا ۔ نٹوں کی طرح کا ۔

Acrobatically *adv.* نٹوں کی طرح ۔ نٹ بنے سے ۔

Acrobatism *n.* قلا بازی کا فن ۔ نٹ پنا ۔

Acrogen (ak-ro-jen) *n.* Plant having perennial stem with growing point at extremity ایسا پودا جس کا تنا مدامی ہو اور نقطہ نمو سرے پر ہو ۔ سرنمو ۔ سرخیز پودا ۔

Acrogenous *adj.* سرنمو ۔ سرخیز ۔

Acrolith (ak-ro-lith) *n,* Statue with head and extremities of stone لکڑی کا بت جس کا سر اور ہاتھ پیر پتھر کے ہوں ۔

Acropetal (ə-kropi-tl) *adj.* Growing from below upwards پودا جو نیچے سے اوپر کی طرف بڑھے یا اگے ۔ بالارو۔

Acropolis (a-kropol-is)*n.* Citadel or elevated part of a Greek city specially Athens یونانی شہروں کا بالا حصار ۔ کوٹ (خاص کر شہر ایتھنس کا)۔

Across (ə-kros) prep. & *adv.* Forming a cross with آڑا ۔ آرپار ۔ صلیب نما ۔ پاس ۔ نزدیک

To come across دوچار ہونا ۔ مڈ بھیڑ ہونا ۔

To go across پار ہونا ۔ پار جانا

Acrostic (ə-krostik) *n.* A short poem in which the initial, the last or the middle letters of the lines form a name, a phrase or a sentence. صنعت توشیح ۔ ایسی نظم جس کے اشعار کے ابتدائی درمیانی یا آخری حروف سے کوئی نام ، جُزوِ کلام یا جُملہ بن جائے ۔

Acrostically *adv.* چلیپائی طور پر ۔ صنعت توشیح کے ساتھ ۔

Act (akt) *v.t.&i.* Carry out, perform کام کرنا ۔ عمل کرنا ۔ حرکت کرنا ۔ نقل کرنا ۔ روپ یا سوانگ بھرنا ۔ کردار ادا کرنا ۔ کارگر ہونا ۔ اثر کرنا ۔

Acting *adj.* کارگزار ۔ قائم مقام ۔منصرم ۔

Act (akt) *n.* Thing done, deed کام کاج ۔ عمل ۔ کارگزاری ۔ کرتب ۔ فعل۔ قانون جو قانون ساز مجلس نے منظور کیا ہو ۔ ناٹک کا حصہ ۔ ایک باب ۔ ایک منظر ۔

Actinia (Ak-tinia) See onemone لالہ دریائی

Actinism (Ak-tinezm) *n.* That property in light-rays which produces chemical changes. سورج کی کرنوں کا اثر ، وہ اثر جس سے کیمیاوی تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں ۔

Actino-meter *n.* نور پیما ۔ شُعاع پیما ۔

Action (akshən) *n*. Process of acting, thing done
چال ۔ حرکت ۔ فعل ۔ عمل ۔کام ۔
لڑائی ۔ جنگ ۔ میدان کارزار ۔
دعویٰ ۔ مقدمہ ۔ نالش ۔
To be slain in action لڑائی میں مارا جانا ۔
Men of action مردانِ میدان ۔ مردان کار ۔ مردان عمل

Action (akshən) *v.t.* To exert energy, to do things in court دعویٰ کرنا ۔ مقدمہ چلانا ۔
قانونی چارہ جوئی کرنا ۔
Actionable *adj.* قابل مواخذہ ۔ قابل دست اندازی ۔
قابل گرفت ۔ قانونی گرفت کے قابل ۔
Actionably *adv.* دست اندازانہ ۔ قابل گرفت طریقہ پر

Active (ak-tiv) *adj*. Effective, working, given to outward action کرتا ۔ کام کا جی ۔ عملی ۔ محنتی ۔
پھرتیلا ۔ مستعد ۔ سرگرم ۔ خود بخود حرکت کرنے والا ۔
فعل معروف (قواعد) ۔
Acting *adj.* قائم مقام ۔ نگران کار ۔ منصرم ۔
Actively *adv.* مستعدانہ ۔ سرگرمی سے ۔ پھرتی سے ۔
Activity *n.* حرکت ۔ جوش ۔ مستعدی ۔ تیزی ۔
پھرتی ۔ سرگرمی ۔
Activities *n. & p.* دلچسپیاں ۔ مساعی ۔ مشاغل ۔
کوششیں ۔ سرگرمیاں ۔

Acton (ak-tən) *n*. Jacket of quilted cotton روئی
کی صدری جو زرہ بکتر کے نیچے پہنتے ہیں ۔

Actor (ak-ter) *n*. Dramatic performer ڈراما کرنے
والا ۔ اداکار ۔ فاعل ۔ عامل ۔

Actress (akter-es) Female performer in a drama
تمثیل میں حصہ لینے والی اداکارہ ۔

Actual (aktu-əl) *adj*. Existing in fact, real واقعی ۔
اصلی ۔ حقیقی ۔

Actuality *n.* واقعیت ۔ حقیقت ۔ اصلیت ۔
Actualise *v.t.* جیتا جاگتا بنا کر پیش کرنا ۔ جان
ڈالنا ۔ قوۃ سے فعل میں لانا ۔
Actualization *n.* قوۃ سے فعل میں لانے کا عمل ۔
تکمیل ۔

Actuary (akt-u-ər-i) *n*. Registrar or clerk who makes calculations about insurance بیمہ کا
ماہر جوآگ ، موت اور حادثات کے بیمے کی ماہرانہ
قابلیت رکھتا ہو ۔

Acturial *adj.* مہارت بیمہ کے متعلق ۔

Actuate (aktu-at) *v.t.* Communicate motion to, serve as motive اکسانا ۔ ترغیب دینا ۔ برانگیختہ
کرنا ۔ حرکت میں لانا ۔
Actuation *n.* انتقال حرکت ۔ ترغیب ۔ تحریک ۔
اشتعال ۔

Acuity (ə-ku-i- ti) Sharpness, acuteness حدّت ۔
چُبھن ۔ شِدّت ۔ تیزی (سُوئی ، تیزاب ، عقل وغیرہ کی) ۔

Aculeate / Aculeated } (əku-li-at) *adj*. Having sting ڈنک
مارنے والا ۔ نیشدار۔

Aculeus (əku-les) *n*. Sting, prickle ڈنک ۔
نیش (حیوانیات) ۔ کانٹا ۔ خار (نباتات) ۔

Acumen (əku-men) *n*. Penetration, discernment
زیرکی ۔ فراست ۔ تیز فہمی ۔ ذکا ۔ دقیقہ رسی ۔

Acuminate (əku-min-et) *adj*. Tapering to a point نوکدار ۔ نکیلا ۔

Acuminate (əku-min-et) *v.t.* Sharpen دھار
رکھنا ۔ نوک تیز کرنا ۔ نوکدار بنانا ۔
Acumination *n.* نکیلا پن ۔ شدت ۔ زیادتی ۔

Acute (ə-kut) *adj*. Sharp, pointed تیز ۔ نوکدار۔
نکیلا ۔ بہت سخت ۔ شدید ۔
تیز ۔ ذکی ۔ صاحب فراست ۔
کرخت ۔ سخت ۔ اونچی (آواز)
Acutely *adj.* سختی سے ۔ تیزی سے ۔ شِدّت سے ۔
Acuteness *n.* فراست ۔ ذہانت ۔ تیزی ۔ سختی ۔ شِدّت ۔

Adage (ad-ij) *n*. maxim, proverb کہاوت ۔
مثل ۔ مقولہ ۔ ضرب‌المثل ۔

Adagio (adaj(y)o) *adv*. Slowly آہستگی اور دھیمے
پن سے ۔

Adagio (adaj(y)o) *adj*. مدّھم ۔

Adagio (adaj(y)o) *n*. دھیمی تال ۔ دھیما سُر ۔

Adam (ad-am) *n*. The first man باوا آدم ۔ حضرت آدم
Adam's ale or wine پانی ۔
Adam's apple کنٹھ ۔ کنٹھا جو جوان ہونے پر گلے
میں نکلتا ہے ۔
Old Adam حالتِ جاہلیت ۔ دقیانوسی حالت ۔
غیر ترقی یافتہ ۔

Adamant (ad-ə-ment) *n*. A thing very hard
سنگ خارا ۔ سخت پتھر ۔ سنگ مقناطیس ۔ الماس ۔ ہیرا ۔

Adamantine *adj.* الماسی ۔ کڑا ۔ سخت

Adamite (ad-e-mit) *adj.* & *n.* ۱۔ آدم زاد ۔ بنی آدم ۔ انسان ۔ آدمی ۔ اولادِ آدم ۔
۲۔ ننگا ۔ عریاں ۔ برہنہ ۔ ایک طبقہ جو برہنگی پسند ہے ۔

Adapt (ə-dapt) *v.t.* Fit, make suitable مطابق کرنا موافق کرنا ۔ ویسا ہی کرنا یا بنانا ۔

Adaptability *n.* جیسا دیس ویسا بھیس ۔ ویسا ہی بننے کی قابلیت ۔ مطابقت پذیری ۔

Adaptable *adj.* تصرف پذیر ۔ گھُلنے ملنے کی قابلیت رکھنے والا ۔ بدلنے کی صلاحیت رکھنے والا ۔

Adaptation *n.* گھُل مل جانے کی قابلیت ۔ تصرف ۔ مناسبت ۔ موافقت ۔

Adaptive *adj.* حالات کے مطابق رنگ اختیار کرنے والا ۔

Adapter *n.* تصرف کرنے والا ۔ بدلنے والا ۔ گھُل مل جانے والا ۔

Add (ad) *v.t.* Join (one thing to another) جوڑنا ۔ جمع کرنا ۔ شامل کرنا ۔ اضافہ کرنا ۔

Add little to a little and it will be a great heap } دانے دانے سے خرمن ۔ پھویں پھویں کر کے تالاب بھرتا ہے ۔ قطرے قطرے سے دریا بن جاتا ہے ۔

Addenda } Addendum } (ad-en-da) Thing to be added, appendix قابل اضافہ چیز ۔ اضافہ ۔ تتمہ ۔ ضمیمہ ۔

Adder (ad-ər) *n.* small venomous snake افعی ۔ سانپ ۔

Adder's tongue فرن کی ایک قسم

Death adder بڑا زہریلا سانپ ۔

Horned adder سینگ والا سانپ ۔ شاخدار سانپ ۔

Puff adder وہ سانپ جو غصہ میں سانس لے کر موٹا ہو جاتا ہے ۔ پھنکار مار ۔

Addict (ə-dict) *v.t.* Devote, apply habitually عادی ہونا ۔ لت لگ جانا ۔ لتی ہو جانا ۔

Addiction *n.* عادت ۔ لت ۔ ذھت ۔

Addition (ə-di-shon) *n.* Process of adding ۔ میزان جمع کرنے کا عمل ۔ بیشی ۔ اضافہ ۔

In addition to اس کے علاوہ ۔ مزید براں ۔

Additional *adj.* ضمنی ۔ فالتو ۔ زیادہ ۔

Additionally *adv.* بالائی طور پر ۔ ازدیاداً ۔ ضمنی طور پر ۔ ضمناً ۔ الحاقی طور پر ۔

Addle (ad-l) *adj.* Rotten (egg) گندا ۔ گندا انڈا جس سے بچہ نہیں نکلتا ۔

Addle (ad-l) *v.t.* Muddle, confuse بوکھلا جانا ۔ گھبرا جانا ۔ گندا ہو جانا ۔ خراب ہو جانا ۔

Addled *adj.* گندا ۔ گھبرایا ہوا ۔ پریشان ۔ مختل ۔

Address (ə-dres) *v.t.* Direct in speech or writing خطاب کرنا ۔ مخاطب کرنا ۔ تقریر کرنا ۔(خط پر) پتا لکھنا ۔ مصروف ہونا ۔

Address (ə-dres) *n.* خطبہ ۔ سپاسنامہ ۔ تقریر ۔ بیان
نام و نشان و پتا ۔
ہوشیاری ۔ چالاکی ۔ چابکدستی ۔
خطاب ۔ طور طریقہ ۔ انداز گفتگو ۔ آداب مجلس ۔
معاشقہ۔دربار داری ۔

A man of pleasing address خوش وضع ۔ خوش رویہ آدمی ۔

Addressee *n.* جس کو خط لکھا جائے ۔ مکتوب الیہ ۔

Adduce (ə-dus) *v.t.* cite as proof or instance دلیل یا ثبوت پیش کرنا ۔ نظیر پیش کرنا ۔ حجت یا سند پیش کرنا ۔

Adducible *adj.* ثبوت یا دلیل کے طور پر پیش کرنے کے قابل ۔

Adducent *adj.* اعصاب یا پٹھے جو ایک ہی مرکز کی طرف کھنچ جائیں ۔

Adduct (ə-duct) *v.t.* Draw to a common centre اعصاب کا ایک ہی مرکز کی طرف کھینچنا ۔

Adduction *n.* ایک ہی مرکز کی طرف پٹھوں کا کھنچاؤ ۔ حجت ۔ دلیل ۔ نظیر کا اظہار ۔

Adductive *adj.* پٹھوں کو مرکز کی طرف کھینچنے والی (طاقت)

Adenoids (ade-nodz) *n.&p.* Mass of spongy tissues between the back of nose and throat گلے کے غدود جو ناک اور حلق کی پشت پر ہوتے ہیں ۔

Adept (ə-dept) *adj.* Thoroughly proficient and skilled ہنر مند ۔ ماہر ۔ مشاق ۔ فاضل ۔

Adequate (ad-i-kwat) *adj.* Sufficient, satisfactory موزوں ۔ مناسب ۔ کافی ۔ قابل ۔ برابر ۔

Adequacy *n.* موزونیت ۔ اکتفا ۔

Adequately *adv.* مناسب طریقے پر ۔ پورے طور پر ۔ ٹھیک ٹھیک ۔

Adhere (ad-her) *v.t.* Stick fast - جا رہنا - چپک جانا - جڑا رہنا - پابند رہنا - وفادار رہنا - ثابت قدم رہنا -

Adherent *adj.* چسپاں - چپکا ہوا - لگا ہوا - وابستہ - رفیق - حمایتی - طرفدار - پیرو - بہی خواہ -

Adherence *n.* وفاداری - استقامت - استقلال - ثابت قدمی - حمایت -

Adhesion (əd-he-zhən) *n.* Adhering - لگاؤ - وابستگی - پیروی - پابندی -

Adhesive *adj.* لیسدار چپکانے والا - جوڑنے والا - ثابت قدم - لعاب دار -

Adhesively *adv.* جڑے ہوئے - وابستہ رہتے ہوئے - چپکتے ہوئے -

Adiabatic (ad-i-ə-batik) *adj.* Impassable to heat یکساں درجے کی حرارت رکھنے والا -

Adiantum (ad-i-an-təm) *n.* kinds of ferns سنبل سیاہ - بالچھڑ - سنبل الطیب -

Adiaphorism (adi-af-ərism) *n.* Tolerance and indifference to non-essential points in theology بے تعصبی - آزاد مشربی - آزاد خیالی - روشن خیالی -

Adiaphorist *n.* بے تعصب آدمی - آزاد خیال - وسیع المشرب - روشن خیال -

Adieu (ə-du) *n.& v.t.* Good bye, say good bye خدا حافظ - الوداع کہنا - فی امان اللہ -

Ad infinitum *adv.* ہمیشہ کے لیے - لامتناہی - دوامی - غیر مختتم -

Ad interim *adv.* عارضی مدت کے لئے - اس اثنا میں - فی الحال -

Adipose (adi-pos) *adj.* Fatty موٹا - چربیلا - چکنائی دار - روغنی -

Adiposity. / **Adiposeness** } *n.* موٹاپا - چکنائی - چربیلا پن

Adit (ad-it) *n.* Approach, horizontal entrance سرنگ - زیر زمین راستہ (معدن میں) افقی راستہ -

Adjacent (ə-ja-sənt) *adj.* Close to - متصل - ملحق - ملا ہوا - نزدیک -

Adjacency *n.* نزدیکی - اتصال - الحاق - قرب -

Adjective (aj-ik-tiv) *n.* A part of speech,-additional اضافی - صفت - زائد - ضمنی - عوضی -

Adjectival *adj.* صفاتی - صفتی - توصیفی -

Adjectively / **Adjectivally** } *adv.* اضافی طور پر - ضمنی طور پر - بطور صفت

Adjoin (ə-join) *v.t.* & *i.* To join, unite, be contiguous جوڑنا - ملانا - جڑا ہوا ہونا - متصل ہونا - ملحق ہونا -

Adjourn (ə-jərn) *v.t.* & *i.* Put off, postpone ملتوی کرنا - روک دینا - برآئندہ کرنا - برخاست کرنا - التوا میں ڈالنا -

Adjournment *n.* برآئندگی - التوا - برخاستگی -

Adjudge (ə-juj) *v.t.* Pronounce judicially - قرار دینا تجویز کرنا - فیصلہ کرنا - حکم دینا - ملزم کے متعلق فیصلہ کرنا - سزا دینا -

Adjudgement *n.* تصفیہ - فیصلہ - حکم -

Adjudicate *v.t.* بری کرنا یا مجرم ٹھیرانا - تجویز کرنا - حکم دینا - فیصلہ نافذ کرنا -

Adjudication *n.* دیوالیہ قرار دینے کی تجویز - فیصلہ - حکم - تصفیہ -

Adjudicative *adj.* انفصالی - عدالتی -

Adjudicator *n.* حاکم مجاز - فیصلہ کرنے والا - قاضی - حاکم عدالت - منصف - حاکم -

Adjunct (aj-ung(k)t) *n.* Accompaniment متعلقہ چیزیں - ملحقات - زوائد - اضافے -

Adjunctive *adj.* زائد - الحاقی -

Adjunctively *adv.* الحاقی طور پر - بطور زوائد -

Adjure (ə-joor) *v.t.* Charge under oath - قسم دینا حلف دینا - واسطہ دلانا - التجا کرنا - درخواست کرنا - منت سماجت کرنا -

Adjuration *n.* منت سماجت - واسطہ - قسم - حلف -

Adjust (ə-just) *v.t.* Arrange, put in order ترتیب دینا - آراستہ کرنا - قرینہ سے لگانا - صفائی کرانا - ٹھیک ٹھاک کرانا - راضی کرنا - توازن پیدا کرنا - جھگڑا چکانا -

Adjustable *adj.* قابل فیصلہ - سلجھانے کے قابل - آراستگی کے قابل - ترتیب پذیر -

Adjustment *n.* فیصلہ - ہم آہنگی - ترتیب - تصفیہ -

Adjutant (ajoo-tant) *n.* An officer specially appointed to assist the commander - نائب مددگار - اجیٹن جو افسر اعلیٰ کا مددگار ہوتا ہے - لم ڈھینگ - لم ٹنگا - سارس -

Adjutancy *n.* اجیٹن کا عہدہ ۔

Administer (ad-minis-tər) *v.t.* Manage affairs and dispense justice - انتظام کرنا - بندوبست کرنا - انصاف کرنا - مذہبی رسوم وغیرہ ادا کرنا - حلف اٹھوانا - مدد پہنچانا - سہارا دینا - اعانت کرنا - نظم و نسق قائم رکھنا ۔

Administrable *adj.* بندوبست اور انتظام کے قابل ۔

Administration *n.* انتظام - بندوبست - نظم و نسق - وزارت - حکومت - مرحومین کی جائداد کا انتظام - حلف کا اٹھوانا - دوا کی مالش ۔

Administrative *adj.* متعلق نظم و نسق - انتظامی عمل ۔

Administratively *adv.* منتظمانہ طور پر ۔

Administrator *n.* منتظم - مہتمم - ناظم - انتظامی قابلیت رکھنے والا - دینے والا - نابالغوں کی جائداد کی نگرانی کرنے والا ۔

Administratorship *n.* انتظامی عہدہ - نظامت ۔

Administratrix *n.* منتظمہ - ناظمہ ۔

Admirable (əd-mir-abl) *adj.* Surprisingly good خوب-بہت عمدہ - نفیس - قابل تعریف ۔

Admirably *adv.* قابل تعریف طور پر - خوبی کے ساتھ ۔

Admiral (ad-mirəl) *n.* امیرالبحر - بحریہ کا اعلیٰ افسر ۔

Admiralship *n.* امیرالبحر کا عہدہ ۔

Admiralty *n.* نظامت بحری - امیرالبحر کا دفتر - دفتر بحریہ - محکمہ بحریہ ۔

Admiration (əd-mer-ashon) *n.* Pleased contemplation - تحسین - اچنبھا - تعجب - پسندیدگی - مدح -

Admire (əd-mir) *v.t.* Regard with approval تعریف کرنا - پسند کرنا - آفرین کہنا - حیرت کی نظر سے دیکھنا - تعجب کرنا ۔

Admirer *n.* تعریف کرنے والا - پسند کرنے والا - مداح - شیدائی ۔

Admissible (əd-mis-abl) *adj.* Capable of being admitted - قابل قبول - شنوائی کے قابل - لائق سماعت ۔

Admissibility *n.* قابل تسلیم واقعہ - جواز - منظوری کی قابلیت - سماعت پذیری ۔

Admission (əd-mishon) *n.* Admitting, acknowledgement - اعتراف - رسائی - گزر - داخلہ - شمولیت - شرکت ۔

Admissive *adj.* مائل بہ اعتراف ۔

Admit (əd-mit) *v.t.* Allow entrance or excess, agree, accept داخل کرنا - شامل کرنا - داخلہ کی اجازت دینا - ماننا - قبول کرنا - اعتراف کرنا ۔

Admittedly *adv.* بے شک و شبہ - مسلمہ طور پر ۔

Admittable *adj.* روا - جائز - شرکت کے قابل ۔

Admittance *n.* داخل ہونے کی اجازت - شرکت - داخلہ ۔

Admix (əd-miks) *v.t. & i.* Mingle, add as an ingredient - ملنا - ملانا - آمیزش کرنا - ملاوٹ کرنا - حل کرنا ۔

Admixture *n.* میل - ملاوٹ - آمیزش ۔

Admonish (əd-mon-ish) *v.t.* Warn, give advice متنبہ کرنا - دھمکانا - ہدایت کرنا - سرزنش کرنا - نصیحت کرنا - مشورہ دینا - سمجھانا - نشیب و فراز دکھانا ۔

Admonition *n.* شرم دلانا - ملامت - تنبیہ - فہمائش

Admonitory *adj.* فہمائشی - نصیحت آمیز ۔

Ad nauseam (ad-nas-əm) *adv.* To a disgusting extent قابل نفرت حد تک ۔

Ado (a-doo) *n.* Fuss, difficulty - درد سری - جھنجٹ - تکلیف - پریشانی - مشکل - بکھیڑا - کھکھیڑ ۔

Adobe (a-dobi) *n.* Unburnt sun-dried brick کچی اینٹ - دھوپ میں سکھائی ہوئی ۔

Adolescent (ado-lesənt) *n. & adj.* Growing up, between childhood and manhood - نوجوان - بالغ - عنفوان شباب - آغاز شباب ۔

Adolescence (ado-les-ens) Period before manhood - اٹھتی جوانی - عنفوان شباب - بلوغ ۔

Adonis (ə-do-nis) *n.* Beautiful youth loved by Venus حسین نوجوان جو زہرہ کا منظور نظر تھا - بانکا چھیلا - رنگیلا - خوبرو - ایک قسم کا پودا (نباتیات) ۔

Adonize (əd-o-niz) *v.t. & i.* Adorn - سنوارنا - بنانا - آراستہ کرنا - مانگ پٹی کرنا ۔

Adopt (ə-dopt) *v.t.* Take a person into relationship - متبنیٰ بنانا - گود لینا - منہ بولا بیٹا بنانا - قبول کرنا - پسند کرنا - اختیار کرنا - انتخاب کرنا ۔

Adoptable *adj.* تسلیم کرنے کے قابل - قابلِ قبول - متبنیٰ بنانے کے قابل ۔

Adoption *n.* لے پالک لینا - متبنیٰ بنانا - گود لینا - تسلیم - اختیار -

Adoptive *adj.* گودلیا ہُوا - لے پالک - متبنیٰ -

Adore (ə-dor) *v.t.* Regard with the utmost respect and affection پوجنا - پرستش کرنا - عزت و احترام کرنا - ادب اور محبت کرنا -

Adorable *adj.* لائق احترام - قابل پرستش -

Adorably *adv.* عزت و محبت کے ساتھ - محترمانہ -

Adoration n. عشق - عزت - احترام - بندگی - پرستش -

Adorer *n.* پجاری - پرستار - عاشق - شیدائی - مداح -

Adorn (ə-dorn) *v.t.* Furnish with ornaments سجانا - آرائش کرنا - آراستہ کرنا - سج دھج کرنا - زینت دینا -

Adornment *n.* سج دھج - سنگھار - آرائش - زیبائش -

Adrift (ə-drift) *adv.* In a drifting condition بہتا ہوا - آوارہ - بے ٹھکانے - بے کس - ہدفِ روزگار -

Adroit (ə-droit) *adj.* Dexterous - پھرتیلا - چابکدست چالاک - ہوشیار - شاطِر - مُستعد -

Adroitly *adv.* ہوشیاری سے - چالاکی سے - چابکدستی سے -

Adroitness *n.* چالاکی - مہارت - چابکدستی -

Adulate (ad-u-lat) *v.t.* Flatter basely - چاپلوسی کرنا - خوشامد کرنا -

Adulation *n.* تملّق - خوشامد - چاپلوسی -

Adulator *n.* چکنی چپڑی باتیں کرنے والا - روغن قاز ملنے والا - چاپلوس - خوشامدی -

Adullamite (ə-dul-em-it) *n.* Members seceding from Liberal party in 1866 قدیم شہر ادلام کا باشندہ پارلیان کے وہ رکن جو ۱۸۶۶ء میں لبرل پارٹی سے علیحدہ ہو گئے -

Adult (ə-dult) *n.* & *adj.* Mature - سیانا - جوان - بالغ جوان آدمی - چودہ برس کا لڑکا اور بارہ برس کی لڑکی -

Adulterant (ə-dult-rənt) *adj.* & *n.* A thing employed in adulterating - ملونی - میل - ملاوٹ جس چیز سے ملاوٹ کی جائے -

Adulterate (ə-dult-ər-at) *v.t.* Falsify by admixture ملانا - آمیزش کرنا - بگاڑنا - خراب کرنا -

Adulteration *n.* آمیزش - ملاوٹ - کھوٹ -

Adulterator *n.* ملاوٹ کرنے والا - آمیزش کرنے والا -

Adulterer (ə-dult-ər-er) *n.* One guilty of adultery and lewdness بدکار - زانی - زنا کار -

Adulteress (ə-dult-əres) *n.* A woman who indulges in adultery زانیہ - فاحشہ - قحبہ - بے عصمت - چھنال -

Adulterine (ə-dult-er-in) *adj.* Born of adultery حرامی - نطفہ حرام - ولدالزنا - جعلی - ناجائز - زنا کے متعلق - ممنوعہ - خلاف قانون -

Adulterous *adj.* فاحشہ - فاسق - زنا کار - بدکار -

Adultery *n.* فسق - حرام کاری - بدکاری - زنا -

Adumbrate (adum-brat) *v.t.* Represent in outline خاکہ تیار کرنا - جھلک دکھانا - پہلے سے ایک اندازہ لگانا - چھا جانا - چھپا لینا - ڈھانک لینا -

Adumbration *n.* جھلک - سایہ - پرچھائیں - اشارہ - خاکہ -

Adumbrative *adj.* جھلک دکھانے والا - مظہر

Advance (əd-vans) *n.* Going forward, progress ترقی - بیعانہ - حملہ - چڑھائی - اقدام - پیش قدمی - پیشگی - سائی - قرض - ادھار - پیشگی ادائی -

Advance (əd-vans) *v.t.* & *i.* Move or put forward آگے بڑھانا - ترقی دینا - سبقت کرنا - ممتاز کرنا - قیمت بڑھانا - پیشگی دینا - سائی دینا - اُدھار دینا - قرض دینا - آگے بڑھانا - کوچ کرنا - حملہ کرنا - اقدام کرنا -

Advanced *adj.* روشن خیال - ممتاز - اعلیٰ - ترقی یافتہ -

Advancement *n.* ترقی - آزاد خیالی - سرفرازی - اضافہ -

Advances *n.* & *p.* اقدام - بیعانہ - زرپیشگی - پیشگی -

Advantage (əd-vant-ij) *n.* Better position, superiority بہتری - فائدہ - بھلائی - منفعت - محفوظ حالت - برتری -

Advantage (əd-vant-ij) *v.t.* Be beneficial to مفید ہونا - سود مند ہونا - ترقی دینا - بڑھانا - مناسب صورت پیدا کرنا - حسب حال موقع تلاش کرنا -

Advantageous *adj.* بہتر - فائدہ مند - مفید -

Advantageously *adv.* سود مندانہ - بہتر طریقے سے - فائدہ کے طور پر -

Advent (ad-vənt) *n.* Coming of Christ, arrival آمد - آنا - بعثت مسیح - حضرت عیسیٰ کا ظہور ثانی -

Adventitious (ad-vənt-ishəs) *adj.* Accidental, casual عارضی - اتفاقی - خارجی - بیرونی -

Adventitiously *adv.* عارضی طور پر - خارجی طور پر - بیرونی طور پر -

Adventure (ad-vənt-ur) *n.* Daring, enterprise, risk جان جوکھوں کا کام ۔ اہم سرگزشت ۔ اہم واقعہ ۔ مہم ۔ کارِ نمایاں ۔ اولولعزمی کا کام ۔ ستّا ۔

Adventure (ad-vənt-ur) *v.t.* & *i.* Incur risk, imperil جان جوکھوں میں ڈالنا ۔ خطرے میں پڑنا ۔ جان پر کھیلنا۔ مصیبت مول لینا۔ اوکھلی میں سر دینا ۔

Adventurer *n.* زمانہ ساز ۔ عیار ۔ سٹّے باز ۔ قسمت آزما ۔ خطرے میں پڑنے والا ۔ جان باز ۔ باہمّت ۔

Adventuresome *adj.* سرفروش ۔ جان باز ۔ باہمت ۔

Adventurous *n.* جیالا ۔ جان باز ۔ مَن چلا ۔ سورما ۔ جری ۔

Adventurously *adv.* سرفروشانہ ۔ جرأت اور جیالے پن سے ۔

Adverb (ad-verb) *n.* A word that qualifies a verb adjective or adverb متعلق فعل ۔ تابع فعل ۔

Adverbial *adj.* توسیع فعل کا ۔ متعلق فعل کا ۔

Adverbially *adv.* متعلق فعل کے طور پر ۔

Ad verbum لفظ بہ لفظ ۔ حرف بحرف ۔

Adversary (adver-sər-i) *n.* Opponent, enemy حریف ۔ مخالف ۔ دشمن ۔ رقیب ۔ مدِّ مقابل ۔

Adverse *adj.* اُلٹا ۔ برعکس ۔ برخلاف ۔ ناموافق ۔ نقصان دِہ ۔ مضر ۔ بدبخت ۔ بدنصیب ۔

Adversely *adv.* مخالفانہ ۔ رقیبانہ ۔ حریفانہ ۔

Adversity (advers-iti) *n.* Misfortune نحوست ۔ مصیبت ۔ آفت ۔ بدبختی ۔ ادبار ۔ بپتا ۔ اُفتاد ۔

Advert (ad-vərt) *v.i.* Refer to ذکر کرنا ۔ توجہ کرنا ۔ بیان کرنا ۔ حوالہ دینا ۔

Advertance / Advertancy } *n.* پاس ۔ لحاظ ۔ رعایت ۔ دھیان ۔ توجہ ۔

Advertant *n.* توجہ کرنے والا ۔ خیال رکھنے والا ۔

Advertise (ad-vert-iz) *v.t.* Notify, inform خبر دار کرنا ۔ اشتہار دینا ۔ اعلان کرنا ۔ مشتہر کرنا ۔ مطلع کرنا ۔ آگاہ کرنا ۔

Advertisement *n.* صلائے عام ۔ منادی ۔ اعلان ۔ اشتہار ۔ اِطّلاع عام ۔

Advice (əd-vis) *n.* Opinion given خبر ۔ اِطّلاع ۔ رائے ۔ صلاح ۔ نصیحت ۔ مشورہ ۔

Advise (əd-viz) *v.t.* Offer counsel to نصیحت کرنا ۔ مشورہ دینا ۔ سمجھانا ۔

Advices (əd-vises) *n.* Opinions, counsels اطلاعیں خبریں ۔ پیامات ۔

Advisability (əd-vis-abliti *n.* / Advisableness (əd-vis-abl-nes) *n.* } قرین مصلحت ہونا ۔ مناسب ہونا ۔

Advisably (əd-vis-ab-li) *adv.* Expediently مصلحت کے رو سے ۔ حسبِ اقتضا ۔

Adviser *n.* مشیر ۔ ناصح ۔ صلاح کار ۔

Advisedly *adv.* عمداً ۔ قصداً ۔ دانستہ ۔ احتیاط سے ۔ سوچ بچار کرکے ۔

Advisory *adj.* ماہرانہ ۔ نصیحت آمیز ۔ صلاح کار ۔ مشاورتی ۔

Advocacy (ad-vo-kəsi) *n.* Pleading in support of عدالتی جواب دہی ۔ پیروکاری ۔ وکالت ۔ حمایت ۔

Advocate *v.t.* وکالت کرنا ۔ پیروی کرنا ۔ سوال و جواب کرنا ۔ حمایت کرنا ۔

Advocate *n.* قانونی مشیر ۔ مختار ۔ وکیل ۔

Advocateship *n.* ایڈووکیٹ کا عہدہ ۔ وکالت ۔ مختاری ۔

Advocatory *adj.* وکالت کے متعلق ۔

Adowee (ədo-wi) *n.* One who has the right to appoint a benefice پادری مقرر کرنے کا اختیار اور حق رکھنے والا عہدہ دار ۔

Adowson (əd-vow-zən) *n.* Right of presentation to a benefice پادری مقرر کرنے کا حق ۔ کسی معبد کی سرپرستی یا وقف کرنے کا حق ۔

Adynamia (adi-na-mia) *n.* Want of vital force حرارت غریزی کی کمی ۔ ضعف باہ ۔ ضعف ۔ کمزوری ۔

Adytum (adi-təm) *n.* (pl. ta.) Inner-most part of a temple خانقاہ یا مندر کا اندرونی حصہ ۔ زیارت گاہ ۔ خلوت گاہ ۔

Adze (adz) *n.* & *v.t.* Axe, tool for cutting wood کلہاڑی ۔ تیشہ ۔ کلہاڑی سے کاٹنا ۔

Aedile (e-dil) *n.* Roman Magistrate who supervised public shows, buildings, police etc. قدیم روما کا مجسٹریٹ جو تماشا گاہوں اور عمارتوں کی نگرانی کرتا تھا اور پولیس کی نگرانی کے فرائض بھی انجام دیتا تھا ۔ اس کے مکان کے دروازے فریادیوں کے لیے ہر وقت کھلے رہتے تھے ۔

Aedileship *n.* مجسٹریٹی ۔ ایڈائل کا عہدہ ۔

Aegis (e-gis) *n.* Protection قیادت ۔ سرپرستی ۔ پناہ ۔

Aeolian (e-o-li-ən) *adj.* An old district in Asia minor Aeolia ایشیائے کوچک کے قدیم ضلع ایولیس کا ۔

Aeolic *adj.* ایولیسی - ایولوی (بولی) -

Aeon, Eon (e-on) *n.* Age, Eternity زمانہ - جگ - مظہرالوہیت - وہ قوت جو ابتدائے کائنات سے موجود ہے -

Aerate (a-ər-at) *v.t.* Charge with carbonic acid gas ہوا بھرنا - کاربونک ایسڈ گیس بھرنا -

Aerated *adj.* گیس سے بھرا ہوا - ہوا سے بھرا ہوا -

Aeration *n.* گیس بھرنے کا عمل -

Aerial (a-ri-əl) *n.* & *adj.* Of air, imaginary, wire or antenna used in wireless ہوائی - اکاشی - لاسلکی کا وہ تار جو صوتی اور برقی لہریں کھینچتا ہے -

Aerially *adv.* موہوم طور پر - لطافت سے - ہوا کی طرح -

Aerie / Aery / Eyrie / Eyry (a-ri, eri) *n.* Nests of birds of prey شکاری پرندوں مثلاً عقاب، باز وغیرہ کے گھونسلے - وہ مکان جو پہاڑ کی چوٹی پر بنا ہو -

Aeriform (a-ər-iform) *adj.* Gaseous, airy ہوائی - غیر مادی - خیالی - موہوم -

Aero (a-ər-o) *prefix.* Pertaining to air یہ سابقہ کسی لفظ سے پہلے لگایا جاتا ہے جس کا تعلق ہوا سے ہو -

Aero-batics (a-ər-o-bətiks) *n.* Feats performed with an aeroplane ہوائی جہاز کی قلا بازی - ہوائی کرتب

Aero-bomb (e-ər-o-bom) *n.* Bomb dropped from a plane ہوائی جہاز سے گرایا جانے والا بم -

Aero-camera (a-ər-o-kam-ra) *n.* Camera for taking photos from planes فضائی کیمرہ جو ہوائی جہاز سے ارضی تصویریں لینے کے لیے استعمال ہوتا ہے -

Aero-drome (a-ər-o-drom) *n,* Large tract of prepared ground and buildings for the operation of aircraft ہوائی میدان - طیارہ گاہ -

Aero-dynamics (a-ər-o-dynamiks) Physics of gases in motion and their mechanical effect چلنے والی ہواؤں کے دباؤ کا علم - ہوائی حرکات -

Aero-engine (a-ər-o-enjin) Engines used in planes ہوائی جہاز کے انجن -

Aero-foil (a-ər-o-fa-il) air plane wings ہوائی جہاز کا بازو -

Aerogram (a-ər-o-gram) *n.* Wireless message لاسلکی پیغام - ہوائی تار -

Aerolite / Aerolith (a-əro-lit) Meteor rock سنگ شہاب وہ پتھر جو ستارہ ٹوٹنے سے زمین پر گرے -

Aero-meter (a-ər-o-meter) Instrument for measuring air pressure ہوا کا دباؤ معلوم کرنے کا آلہ - ہوا پیما -

Aero-naut (a-ər-o-nat) Pilot of a plane - طیارچی - ہواباز -

Aeronautical *adj.* ہوابازی کے متعلق -

Aeronautics *n.* علم ہوابازی -

Aeroplane (a-əro-plan) *n.* A flying machine. طیّارہ ہوائی جہاز -

Aerostat (a-er-o-stat) *n.* Air-plane غبارہ - طیّارہ -

Aerostatstics (e-ər-o-statiks *n.*) Science of air navigation ہوائی پرواز کا علم -

Aerostation (a-ər-o-sta-shon) *n.* Science of balooning علم غبارہ بازی -

Aesculapius (əs-ku- lapius) *n.* God of medicine in Roman mythology قدیم رومیوں میں طب کا دیوتا - طبیب - حکیم -

Aesculapian *adj.* حکیمانہ - طبی -

Aesthete (es-thət) *n.* Appreciator of the beautiful حُسن پرست - حُسن شناس - جمال پسند -

Aesthetic-al *adj.* حُسن کے متعلق - جمالیاتی -

Aesthetically *adv.* جمالیاتی حیثیت سے -

Aestheticism *n.* حسن شناسی - جمالیات -

Aestivate (es-ti-vat) *v.i.* Spend the summer in a state of torpor بعض جانوروں مثلاً مگرمچھ کا کیچڑ اور دلدل میں سخت گرمیاں گزارنا -

Aestivation *n.* جانوروں کا چھپ‌چھپا کر موسم گرما کاٹنا - موسم گرما کی بے حسی -

Aetiology (eti-olo-ji) *n.* Philosophy of causation فلسفۂ علت و معلول -

Aetiological *adj.* علت یا اسباب‌الامراض کے متعلق -

Aetiologically *adv.* علت یا اسباب‌الامراض کی رو سے -

Afar (ə-far) *adv.* at a distance فاصلہ پر - دور سے -

Affable (af-ə-bl) *adj.* courteous خوش اخلاق - خلیق - خندہ جبیں - کشادہ پیشانی -

Affability *n.* تلطف - اخلاق - مروت - خوش خلقی -

Affably *adv.* خندہ پیشانی سے ۔ مروت سے ۔ خوش خلقی سے ۔ اخلاق سے ۔

Affair (ə-far') *n.* Business, concern, matter واقعہ ماجرا ۔ کام ۔ بات ۔ قضیہ ۔ مصنوعی جنگ ۔

Affair (ə-far') *n.* امور ۔ دھندے ۔ کاروبار

An affair of honour عزت کا معاملہ ۔ عزت و ناموس کے لیے جنگ ۔

Delicate affair نازک معاملہ ۔

Affaire de coeur عشق و محبت ۔ دل کا معاملہ ۔

Affect (ə-fekt) *v.t., v.i.&n.* Practise, use, pretend, feeling, emotion دل کو لگنا ۔ کاری ہونا ۔ دل میں اتر جانا ۔

کھینچنا ۔ چبھنا ۔ دل پر اثر کرنا ۔

ارادہ کرنا ۔ قصد کرنا ۔ سعی کرنا ۔

دکھانا ۔ ظاہرداری کرنا ۔ تصنع کرنا ۔

اترانا ۔ بننا ۔ چوچلے کرنا ۔

رجوع کرنا ۔ متوجہ ہونا ۔ جذبہ ۔ مائل ہونا ۔

احساس ۔ آرزو ۔ تمنا ۔

Affectation *n.* اوپری باتیں ۔ مصنوعی اخلاق ۔ بناوٹ ۔ تصنع ۔ ظاہرداری ۔

Affected *n. & adj.* متاثر ۔ جھوٹ موٹ کا ۔ مصنوعی ۔ بناوٹی ۔ ظاہردار ۔ مائل ۔ راغب ۔ آسیب زدہ ۔

Affectedly *adv.* جذباتی طور پر ۔ ظاہرداری سے ۔

Affectedness *n.* تاثر ۔ تصنع ۔ ظاہرداری ۔

Affectingly *adv.* جذباتی طرز سے ۔ پراثر طریقے سے ۔ موثر طور پر ۔

Affection (ə-fek-shen) *n.* Mental state, emotion الفت ۔ محبت ۔ مہر ۔ چاہ ۔ جذبہ ۔ میلان ۔ روگ ۔ بیماری ۔

Affectional *adj.* پر احساس ۔ جذباتی ۔

Affectionate *adj.* شفقت آمیز ۔ دلدادہ ۔ شیدائی ۔ محبت والا ۔ پیار کرنے والا ۔

Affectionately *adv.* دلدادگی سے ۔ پیار سے ۔ محبت سے ۔

Affectionateness *n.* شیدائیت ۔ محبت ۔ دلدادگی ۔

Affective (ə-fekt-iv) *adj.* Emotional قلبی کیفیات سے متعلق ۔ پر احساس ۔ جذباتی ۔

Afferent (af-ər-ənt) *adj.* Conducting inwards or towards اندر پہنچنے والا ۔ اندر کی طرف جانے والا ۔

Affiance (ə-fi-əns) *n.* Pledging of faith آسرا ۔ بھروسا ۔ اعتماد ۔ نسبت ۔ منگنی ۔

Affiance (ə-fi-əns) *v.t.* Promise solemnly in marriage منگنی کرنا ۔ نسبت ٹھیرانا ۔ نکاح یا شادی کا عہد کرنا ۔

Affidavit (ef-i-davit) *n.* Written statement confirmed by oath اظہار حلفی ۔ مصدقہ بیان حلفی ۔ حلف نامہ ۔

Affiliate (ə-fil-i-at) *v.t.* attach, connect الحاق کرنا ۔ شامل کرنا ۔ تعلق قائم کرنا ۔

Affiliation *n.* تعلق ۔ نسبت ۔ الحاق ۔

Affined (ə-fin') *adj.* علاقہ دار ۔ تعلق رکھنے والا ۔ رشتہ دار ۔

Affinity *n.* مشابہت ۔ نسبت ۔ لگاؤ ۔ تعلق ۔ رشتہ داری ۔

میل ۔ رشتہ ۔ سروکار ۔ نسبت ۔ واسطہ ۔ تعلق ۔

چاہ ۔ میلان ۔ رغبت ۔ انس ۔ کشش ۔

Affirm (ə-fərm) *v.t.* Assert strongly دعوی سے کہنا ۔ زور کے ساتھ کہنا ۔

باضابطہ اعلان کرنا ۔

قائم رکھنا ۔ برقرار رکھنا ۔ بحال رکھنا ۔

Affirmable *adj.* ایجاب پذیر ۔ قابل تائید ۔ قابل قبول ۔

Affirmatory *adj.* تصدیقی ۔ توثیقی ۔ ایجابی ۔

Affirmation *n.* اثباتی اقرار ۔ قول ۔ توثیق ۔ تصدیق ۔

Affirmative *adj.* تصدیقی ۔ اقراری ۔ اثباتی ۔

Affix (ə-fiks) *v.t.* Fix, fasten, impress ملانا ۔ لگانا ۔ جوڑنا ۔ شامل کرنا ۔ نتھی کرنا ۔

کسی تحریر کے آخر میں عبارت کا اضافہ کرنا ۔ لفظ کی آخری علامت ۔ لاحقہ ۔

تہمت لگانا ۔ الزام دینا ۔

Affixture *n.* رشتہ ۔ تعلق ۔ جوڑ ۔ میل ۔

Afflatus (ə-fla-tus) *n.* Inspiration وحی ۔ الہام ۔ کشف ۔ القا ۔ علم حضوری ۔

Afflict (ə-flikt) *v.t.* Distress with bodily or mental suffering تکلیف میں ڈالنا ۔ مصیبت نازل کرنا ۔ ایذا پہنچانا ۔

Affliction *n.* بلا ۔ مصیبت ۔ دکھ ۔ درد ۔ تکلیف ۔

Afflictive *adj.* بلاخیز ۔ دردناک ۔ تکلیف دہ ۔

Affluent (af-loo-ənt) *adj.* Flowing freely, abundant بہتا ہوا ۔ جاری ۔ رواں ۔ متمول ۔ دولت مند ۔

Affluence *n.* دولتمندی ۔ مرفہ الحالی ۔ تونگری ۔ دولت کی بہتات ۔ کثرت ۔

Affluently *adv.* بہتات سے - کثرت سے - افراط سے -

Afflux (əf-luks) *n.* Flow towards a point بہاؤ - رجحان - رغبت - میلان - زیادتی -

Afford (ə-ford) *v.t.* Have the means ذرائع رکھنا - مالی طاقت رکھنا - مقدور رکھنا - گنجائش نکالنا - بہم پہنچانا -

Afforest (ə-for-ist) *v.t.* Convert into forest کسی زمین میں درخت اُگا کر جنگل بنا دینا -

Afforestation *n.* جنگل بنانا - جنگل لگانے کا عمل -

Affranchise (ə-fran-shiz) *v.t.* Free from servitude غلامی یا قرض وغیرہ سے خلاصی دینا -

Affray (ə-fra) *n.* Breach of peace مارکٹائی - ہنگامہ - بلوہ - دنگا فساد -

Affright (ə-frit) *v.t.* Frighten ڈرانا - خوفزدہ کرنا - دہشت زدہ کرنا -

Affright (ə-frit) *n.* Alarm, terror ڈر - خوف - دہشت - ہول -

Affront (ə-frunt) *v.t.* Insult openly برملا ہتک کرنا - بے عزتی کرنا - مقابلہ کرنا - سامنے آنا - گستاخی کرنا -

Affront (ə-frunt) *n.* Open Insult بے عزتی - سبکی - ہتک - اہانت -

Affusion (ə-fu-zhən) *n.* Pouring of water on body in a form of baptism بپتسمہ کے وقت سر پر پانی ڈالنا - بخار میں مریض پر کنکنا پانی ڈالنا -

Afield (ə-feld) *adv.* On or in the field میدان میں - کھیت میں - گھر سے دور -

Afire (ə-fir) *adv. & adj.* On fire جلتا ہوا - مشتعل -

Aflame (ə-flam) *adv. & adj.* In flame, in a glow of light بھڑکتا ہوا - شعلوں میں -

Afloat (ə-flot) *adv. & adj.* In a floating condition تیرتا ہوا - بہتا ہوا - پانی پر - سمندر میں - جہاز میں - قرض وغیرہ سے سبکدوش - زوروں پر - پوری شدت کے ساتھ - مذبذب - بے ٹھکانے - ادھر ادھر بہنے والا -

Afoot (ə-foot) *adv. & adj.* On one's own feet کام میں - حرکت میں - چلتا ہوا - پیادہ پا - پیدل -

Afore (ə-for) *adv.* In front of آگے - اوپر -

A fortori *adv.* یقیناً - زیادہ مدلل - بڑے وثوق سے -

Afraid (ə-frad) *adj.* Alarmed, frightened دہشت زدہ - خائف - ڈرا ہوا - سہما ہوا -

Afreet (ə-frit) *n.* Evil demon الف لیلہ کا خوفناک جن - عفریت -

Afresh (ə-fresh) *adv.* With fresh beginning نئے طریقے سے - نئے انداز سے - از سر نو -

Africander (af-ri-kan-der) *adj.* A white (esp. Dutch) native of South Africa جنوبی افریقہ کا ولندیزی نژاد باشندہ - یورپی نژاد افریقی -

Aft (aft) *adv. adj.* Toward the stern سکان رخ - جہاز کے عقبی حصہ میں

After (aft-or) *adv., prep. & conj.* Behind in place, later in time پیچھے - بعد - عقب میں - پیچھے پیچھے - لیے - واسطے - مطابق -

After all پھر بھی - یہ سب کچھ سہی - تاہم - بہر حال

After one's own heart حسب دلخواہ - حسب مراد - حسب منشا -

Day after day یکساں - ہر روز - روز روز -

After-birth (aft-or-birt) *n.* Membrane enveloping the foetus in the womb جھلی کا برقعہ - وہ جھلی جس کے اندر بچہ رحم میں لپٹا رہتا ہے - آنول نال -

After crop (aftər-krop) *n.* A second crop after the hay is harvested فصل اول کے بعد چارہ کی دوسری فصل -

Afterdamp (aftər-damp) *n.* Gas left in mine after explosion کاربالک گیس جو کسی کان میں دھاکے کے بعد رہ جاتی ہے ، اس سے کان کنوں کا دم گھٹتا ہے -

Afterglow (aftər-glo) *n.* Glow in the west after sunset شفق - غروب کے وقت آفتاب کی سرخ روشنی -

Aftermath (aftər-math) *n.* Grass that grows after the crop is harvested, fruits, results کسی عمل کے عواقب اور نتائج - پچھیتی گھاس -

Aftermost (aftər-mos-t) *adj.* Nearest the stern جہاز کا پچھلا حصہ - جہاز کا سکانی حصہ -

Afternoon (aftər-noon) *n.* Time between noon and evening سہ پہر - تیسرے پہر -

Afterpiece (aftər-pees) *n.* Farce after main play ناٹک کے بعد کی مزاحیہ نقل -

After-thought (aftər-thawt) *n.* Reflection after the act پس اندیشی ۔ گُشتے بعد از جنگ ۔ بعد کا خیال ۔ کام کے بعد کا خیال ۔ بعد کی توجیہ ۔

Afterwards (aftər-wardz) *adv.* اس سے پیچھے ۔ اس کے بعد ۔ بعد کو ۔

Aga (a-ga) *n.* An officer of the Turkish army ترکی فوج کا افسر ۔ آغا ۔

Again (ə-gan) *adv.* Once more, another time پھر ۔ دوبارہ ۔ پھر سے ۔ ایک دفعہ اور ۔ علاوہ ازیں ۔ مزید برآں اس کے علاوہ ۔ نیز ۔

again and again, time and again کئی بار ۔ بار بار ۔

as much again المضاعف ۔ دگنا ۔ اتنا ہی اور ۔

over and again, now and again گاہے گاہے ۔ کبھی کبھی ۔

half as much again ڈیوڑھا ۔

Against (ə-genst) *prep.* In opposition to برخلاف ۔ بمقابلہ ۔ خلاف ۔ الٹا ۔ برعکس ۔ آمنے سامنے ۔ مقابل میں ۔

Agami (agəmi) *n.* Tropical American bird پالتو اگمی کتے کی طرح مالک کے آگے آگے چلتا ہے ۔ ایک امریکن پرندہ جو کبوتر جیسا ہوتا ہے ، زور سے بولتا ہے ، اڑتا کم اور بھاگتا بہت ہے ۔

Agamic *adj.* (حیوانیات) بے جنسا ۔ جس میں مباشرت کی صلاحیت نہ ہو ۔ بے جنسی ۔

Agamous (agəmus) *adj.* Without distinctive sexual organs وہ جانور جس میں نر یا مادہ کی کوئی علامت نہ ہو ۔

Agape (agəpe) *adj. & adv.* Open-mouthed, with expectation مبہوت ۔ حیران ۔ ششدر ۔ متحیر ۔ بھوچکا ۔

Agape (agəpe) *n.* Love feast held in connection with Lord's supper وہ دعوت جو قدیم عیسائی عشائے ربانی کے سلسلے میں کرتے تھے ۔

Agaric (agər-ik) *n.* Mushroom, name of various fungi کھمبی ۔ سانپ جیسی چھتری نما کھمبی جو زہریلی ہوتی ہے ۔

Agate (ag-at) Name of several varieties of precious stone سنگ سلیمانی ۔ عقیق ۔ آب دار قیمتی پتھر ۔ سونے کے تار دمکانے کا ایک اوزار ۔

Agave (a-gav) *n.* Genus of plants including American aloe ایک قسم کی جھاڑی جو جنگلے کے طور پر اگائی جاتی ہے ۔ امریکی ایلوا ۔

Agaze (ə-gaz) *adv.* On the gaze آنکھیں پھاڑے ہوئے ۔ ٹکٹکی باندھے ہوئے ۔ گھورتا ہوا ۔

Age (aj') *n.* Length of life, later part of life عمر ۔ عرصہ حیات ۔ پیری ۔ ضعیفی ۔ زمانہ ۔ عہد ۔ عصر ۔ دور ۔ عرصہ زمانہ دراز ۔ بلوغت ۔ سن ۔ رشد ۔

Age (aj') *v.i.* Grow old بوڑھا ہو جانا ۔ بوڑھا کر دینا ۔

Aged *adj.* فرسودہ ۔ کہن سال ۔ سن رسیدہ ۔ بوڑھا ۔

Agedness *n.* بڑھاپا ۔ پیری ۔ پیرانہ سالی ۔

Ageless *adj.* کبھی بوڑھا نہ ہونے والا ۔ ہرا بھرا ۔ سدا جوان ۔ سدا بہار ۔

Agency (ajənsi) *n.* Active operation, establishment for business purpose وسیلہ ۔ ذریعہ ۔ واسطہ ۔ معرفت ۔ آڑھت ۔ مختاری ۔ ایجنسی ۔ کارخانہ ۔ دوکان

Agenda (a-gen-da) *n.* Items of business for a meeting جلسہ کا نظام العمل ۔ ایجنڈا ۔

Agent (a-jənt) *n.* Efficient cause, a person who represents a firm فاعل ۔ عامل ۔ کرنے والا ۔ ایجنٹ ۔ گماشتہ ۔ تجارتی نمائندہ ۔ کارکن ۔

Agent provocateur *n* خفیہ پولیس کا گوئندہ جو اشتعال دلا کر کسی گرفت نہ آنے والے سے کوئی خلاف قانون حرکت کرائے ۔ اشتعال دلانے والا ۔

Agglomerate (ə-glomər-at) *v.t.* To collect, assimilate a mass اکٹھا کرنا ۔ یکجا کرنا ۔ مجتمع کرنا

Agglomerate (e-glom-ər-at) *n.* جڑا ہوا ۔ آتش فشاں مادہ ۔ ڈھیری ۔ ڈلا ۔ پھولوں کا گچھا ۔

Agglomeration *n.* اجتماع ۔ ڈھیر ۔ گولا ۔ ڈلا ۔

Agglomerative *adj.* جمع کرنے کی قابلیت رکھنے والا ۔

Agglutinate (ə-gloot-in-at) *adj.* Glued together چپکا ہوا ۔ جڑا ہوا ۔ چسپیدہ ۔ الفاظ کو اس طرح جوڑنا کہ ان کی شکل اور معنی میں تبدیلی نہ ہو جیسے ''تیز رو'' ، ''زود رنج'' ، ''تیرانداز'' وغیرہ ۔

Agglutinate (ə-gloot-in-at) *v.t.* (الفاظ کو) ترتیب دینا ۔ جوڑنا ۔ چپکانا ۔

Agglutination *n.* چیپ ۔ لیس ۔ چپک جانا ۔ چسپیدگی ۔

Agglutinative *adj.* چپچپا ۔ لیسدار ۔

Aggrandize (ag-rən-diz) *v.t.* Increase the rank and power سرفراز کرنا ۔ ترقی دینا ۔ درجہ، مرتبہ یا رتبہ بڑھانا ۔ زیادہ کرنا ۔ بڑا کرنا ۔

Aggrandizement *n.* عظمت ۔ سرفرازی ۔ اضافہ ۔ توقیر ترقی ۔ توسیع ۔

Aggravate (ag-rə-vat) *v.t.* Increase the gravity of زیادہ کرنا ۔ شدید کرنا ۔ سنگین کرنا ۔ خراب کرنا ۔ بھڑکانا ۔ کسی شخص کو زچ کرنا ۔ قافیہ تنگ کرنا ۔

Aggravation *n.* برافروختگی ۔ اشتعال ۔ تشدد ۔ شدت ۔ زیادتی ۔

Aggregate (ag-ri-gat) *adj.* & *n.* Collective, total اِکٹھا ۔ مجموعی ۔ مجموعہ ۔ کل میزان ۔

Aggregate (ag-ri-gat) *v.t.* To collect جوڑنا ۔ ملانا ۔ جمع کرنا ۔ اِکٹھا کرنا ۔

Aggregation *n.* ڈھیر ۔ حاصل جمع ۔ مجموعہ ۔ میزان ۔

Aggregative *adj.* اجتماعی ۔ مجموعی

Aggress (ə-gres) *v.t.* Begin a quarrel چھیڑنا ۔ لڑائی میں پہل کرنا ۔ چڑھائی کرنا ۔ جھگڑے کی ابتدا کرنا ۔

Aggression *n.* آغاز جنگ ۔ حملہ ۔ چڑھائی ۔

Aggressor *n.* جارح ۔ چڑھائی کرنے والا ۔ حملہ کرنے والا ۔ لڑائی میں پہل کرنے والا ۔

Aggressive *adj.* ناگوار ۔ آمادہ پیکار ۔ جارحانہ ۔ جنگ جو ۔ حملہ آور ۔

Aggressively *adv.* حملہ آورانہ طور پر ۔ جارحانہ طور پر ۔

Aggressiveness *n.* جارحانہ کاروائی ۔ جارحیت ۔ جنگجوئی ۔

Aggrieve (ə-grev) *v.t.* Oppress, distress دکھ پہنچانا ۔ دق کرنا ۔ رنج دینا ۔ تکلیف دینا ۔

Aghast (ə-gast) *adj.* Terrified, amazed ششدر ۔ ہکابکا ۔ سہا ہوا ۔ خوف زدہ ۔ متحیر ۔

Agile (aj-il) *adj.* active, nimble چست چالاک ۔ پھرتیلا

Agilely *adv.* چالاکی سے ۔ مستعدی سے ۔ پھرتی سے ۔

Agility *n.* چستی ۔ تیزی ۔ چالاکی ۔ پھرتی ۔

Agio (aj-i-o) *n.* Extra money charged on exchange of one currency with another بٹہ ۔ سکے کی بدلائی پر جو زائد رقم دی جائے ۔ بھنوائی ۔ بدلوائی ۔ بٹاون ۔

Agiotage *n.* صراف ۔ سکوں کا لین دین ۔ بٹاون کا بیوپار ۔ سٹا ۔

Agist (ə-jist) *v.t.* Take in livestock to feed مویشیوں کی چرائی کرانا ۔ حصول رقم ۔ چرائی ۔ چرنے کے لیے چراگاہ کرایہ پر دینا ۔

Agistment *n.* چرائی کی رقم ۔ چرائی ۔

Agitate (aj-i-tat) *v.t.* Excite, disturb حرکت میں لانا ۔ ہیجان پیدا کرنا ۔ بھڑکانا ۔ ہلچل پیدا کرنا ۔ مشتعل کرنا ۔ اکسانا ۔ جدوجہد کرنا ۔ ہلچل جاری رکھنا ۔ ہر پہلو سے غور کرنا ۔ سوچ بچار کرنا ۔ اپنے خیالات میں الجھنا ۔

Agitation *n.* خیالات کا الجھاؤ ۔ ہل چل ۔ جنبش ۔ اشتعال ۔ اضطراب ۔ پریشانی ۔ شورش ۔

Agitator *n.* ہلچل پیدا کرنے والا ۔ مشتعل کرنے والا ۔ زور شور سے تحریک چلانے والا ۔ شورشی ۔

Aglet, aiglet (ag-lit) *n.* Metal tag of a lace زنانہ لباس کی چمکدار ٹکلیاں ۔ سلمہ ستارہ ۔ وردی کا پھندنا ۔ جھالر ۔ چاندی اور ریشم کے پھول ۔

Aglow (ə-glo) *adv.* Shining درخشاں ۔ تابندہ ۔ چمکتا ہوا

Agnail (ag-nal) *n.* Torn skin at the root of finger nail ناخن کی جڑ کے پاس کا باریک کھال کا ٹکڑا ۔

Agnate (ag-nat) *n.* Sprung from same forefathers ایک ہی نسل کے لوگ ۔ ہم آبا و اجداد ۔ ہم قبیلہ باشندے ۔ ایک ہی خاندان کے افراد ۔

Agnatic *adj.* خاندانی ۔ جدی ۔ نسلی ۔

Agnation *n.* خاندان ۔ برادری ۔ ہم نسبتی افراد ۔

Agnomen (əg-no-min) *n.* Nick-name جس نام سے لوگ پکاریں ۔ عرفی نام ۔

Agnostic (ag-nos-tik) *n.* & *adj.* One who holds that nothing can be known about the existence of God beyond material phenomena وہ جس کا عقیدہ ہے کہ ہم کو خدا یا دوسری غیر مادی قوتوں کا شعور یا علم نہیں ہو سکتا اور نہ ہے ۔ لا ادری ۔

Agnosticism *n.* وجوب پرستی ۔ مادہ پرستی ۔ مادیت ۔ یہ عقیدہ کہ ہم کو وجود باری تعالیٰ کا علم و ادراک نہیں ہو سکتا ۔ لا ادریت ۔

Agnus Dei (ag-nəs) *n.* Figure of lamb bearing cross or flag خدا کا برّہ جس سے مراد حضرت مسیح علیہ السلام ہیں ۔ بھیڑ کا بچہ جو صلیب یا جھنڈا لیے ہوئے ہے ۔

Ago (ə-go) *adv.* & *adj.* گذرا ہوا ۔ گزشتہ ۔ بیتا ہوا ۔

Agog (ə-gog) *adv. & adj.* Eager, expectant بے تابی سے متوقع ۔ سرگرمی سے ۔ اشتیاق سے ۔

Agonize (agə-niz) *v.t. & i.* Torture, suffer agony تکلیف دینا ۔ ستانا ۔ تڑپنا ۔ درد سے بے چین ہونا ۔ تلملانا ۔ تڑپانا ۔

Agony (agə-ni) *n.* Mental anguish نزع ۔ جان کنی ۔ دماغی الجھن ۔ ذہنی کرب ۔

Agoraphobia (agəra-fobia) Dread of open spaces کھلے مقامات پر جانے سے ڈرنا ۔

Agouti, Agouty (ə-goo-ti) *n.* Rodents of guinea pig family غرب الہند کا ایک خرگوش سے ملتا جلتا جانور جس کا من بھاتا کھاجا گنا اور کیلا ہے ۔

Agrarian (ag-ra-ri-ən) *adj. & n.* Relating to cultivators and landlords زمینداری ۔ جاگیر اور زمین سے متعلق ۔ زرعی زمین کی از سر نو تقسیم کا حامی ۔

Agrarianism *n.* مساوی تقسیم اراضی کا نظریہ ۔ از سر نو تقسیم اراضی کے نظریہ کا حامی ہونا ۔

Agrarianize *v.t.* اصلاح اراضی کی ترغیب دلانا ۔ زمین کی از سر نو تقسیم کرنا ۔

Agree (ə-gre) *v.t. & i.* Consent, be in harmony with یک رنگ ہونا ۔ یکساں ہونا ۔ موافق ہونا ۔ متفق ہونا ۔ ہم خیال ہونا ۔ ملنا ۔ ہم شکل ہونا ۔ مشابہ ہونا ۔ راضی ہونا ۔ اقرار کرنا ۔ راس آنا ۔ مزاج کے موافق ہونا ۔ ایک صیغہ یا حالت میں ہونا ۔

Agreeable *adj.* خوشگوار ۔ سہانا ۔ دلپذیر ۔ موافق ۔ مطابق ۔

Agreeableness *n.* دلپذیری ۔ خوشگواری ۔ موافقت ۔

Agreement *n.* میل ملاپ ۔ میل جول ۔ رضا مندی ۔ سمجھوتا ۔ مفاہمت ۔ اقرار نامہ ۔ راضی نامہ ۔ ہم خیالی ۔ اتفاق رائے ۔ ہم آہنگی ۔ تال میل ۔

Agriculture (ag-ri-kult-yer) *n.* Cultivation of the soil کھیتی باڑی ۔ کاشتکاری ۔ کشا ورزی ۔ زراعت ۔

Agricultural *adj.* کھیتی باڑی کا ۔ زراعتی ۔ کاشت کا ۔ زرعی ۔

Agriculturist *n.* زراعت کا ماہر ۔ کاشتکار ۔ زراعت کا حامی ۔ مزارع ۔ کسان ۔

Agrimony (ag-ri-mən-i) *n.* A kind of plant ایک قسم کی زرد پتوں کی جھاڑی جو انگلستان میں عام طور پر پائی جاتی ہے ۔

Agronomy (ag-ron-əmi) *n.* Rural economy فلاحت ۔ دیہی معاشیات ۔

Aground (ə-grownd) *adv. & adj.* On ground in shallow water خشکی پر جہاز یا کشتی کا چڑھ جانا ۔ ریت اور مٹی میں پھنس جانا ۔

Ague (a-gu) *n.* Shivering fit, malarial fever تپ لرزہ ۔ جاڑے کا بخار ۔ کپکپی ۔ لرزہ ۔ سردی سے بخار ۔

Aguish *adj.* جاڑے کے ساتھ ۔ کپکپی کے ساتھ ۔ تپ لرزہ کا ۔ سردی کا ۔

Ah (a') *Interj.* ماشاء اللہ ۔ واہ ۔ خوب ۔ آہا ۔ ہائے اللہ ۔ آہ آہ ۔ ہائے ہائے ۔ تف ۔ ہشت ۔ ہوں ۔ اے ہے ۔

Aha (ə-ha) *Interj.* اخاہ ۔ بہت خوب ۔ خوب (طنز) ماشاء اللہ سبحان اللہ ۔ واہ وا ۔

Ahead (ə-hed) *adj.* In front, in advance آگے آگے ۔ پیش پیش ۔ سیدھے ۔ آگے ۔

Ahem (əh (e) m) *Interj.* Used to attract attention or gain time کھنکھارنے کی سی آواز (متوجہ کرنے یا روکنے کے لیے) اوہم ۔ اہم ۔

Ahoy (ə-hoi) *Interj.* Nautical call in hailing اے ہو ۔ ہوت ۔ ارے ہوت ۔

Ahull (e-hul) *adv.* With sails taken in جہاز کی وہ حالت جب بادبان اتار لیے جاتے ہیں اور پتوار اس طرف کر لیے جاتے ہیں جدھر کی ہوا نہ ہو ۔

Ai (ə-i) *n.* Three-toed animal of America, slow moving ای ۔ امریکہ کا سست رفتار تین انگلیوں والا جانور ۔

Aid (ad) *v.t.* Give help امداد دینا ۔ اعانت کرنا ۔ دستگیری کرنا ۔ سہارا دینا ۔ مدد دینا ۔

Aid (ad) *n.* Help, grant, subsidy امداد ۔ اعانت ۔ دستگیری ۔ سہارا ۔ وہ رقم جو پارلیمنٹ بادشاہ کو بہ وقت ضرورت دیتی ہے ۔ مالی یا فنی امداد ۔ مدد دینے والا ۔ معاون ۔ مددگار ۔

Aid-de-camp (ad-de-kamp) *n.* Officer assisting the general by carrying orders اے ۔ ڈی ۔ کانگ ۔ مصاحب ۔ مددگار ۔ وہ افسر جو جنرل کے احکام کی ترسیل میں مدد کرے ۔

Aigrette (a-gret) *n.* Lesser white heron, tuft of feathers بگلا ۔ چھوٹی قسم کا سارس ۔ اس کے پروں کی کلغی جو زیبائش کے لیے لگائی جاتی ہے ۔

Aiguille (e-gwel) *n.* Pointed peak of a rock-سرکوہ راس‌الجبل - پہاڑ کی نوکدار چوٹی -

Ail (a'l) *v.t. & i.* Be ill, afflict بیمار ہونا - علیل ہونا - ستانا - تکلیف دینا - دق کرنا -

Ailment *n.* تکلیف - دکھ - مرض - علالت -

Aileron (elə-ron) *n.* Lateral control flaps at the rear of aeroplane's wing tips ہوائی جہاز کے پنکھ کے پچھلے حصہ کا پنکھا -

Aim (am) *v.t. & i.* Form, design, discharge towards, direct blow نشانہ باندھنا - تاکنا - شست لینا - قصد کرنا - ارادہ کرنا - منصوبہ باندھنا - نصب‌العین - قرار دینا - ضرب لگانا - مارنا - وار کرنا - پھینکنا -

Aim (am) *n.* Purpose, object نشانہ - سیدھ - ارادہ - نیت - قصد - مراد - غرض - مقصد - منصوبہ - نصب العین -

Aimless *adj.* تیر تکا - اٹکل پچو - بے سر و پا - بے مقصد -

Aimlessly *adv.* بغیر سوچے سمجھے - بے توجہی سے - بے مقصد -

Aimlessness *n.* بے تکا پن - بے مقصدی - بے حاصلی -

Air (aer) *n.* Gaseous substance enveloping earth, mixture of oxygen and nitrogen ہوا - باد - کرہ ہوا - فضا -

Castles in the air خیالی پلاؤ - شیخ چلی جیسے منصوبے -

In the air خبر گرم ہونا - افواہ اڑنا -

Open air میدان - کھلی جگہ -

Take air چرچا ہونا - شائع ہونا - پھیل جانا -

To take the air ہوا کھانا - ہوا خوری کرنا -

Air (ar) *v.t.* To go out into fresh air, expose to open air ہوا میں رکھنا - ہوا دینا - ہوا کھلانا - تازہ ہوا لینا - دکھانا - ظاہر کرنا - مشہور کرنا - اشاعت کرنا - پھیلانا -

Air-ball (oon) (ar-bal) *n.* Bladder filled with air غبارہ - ہوا بھری گیند -

Air-base (ar-bos) *n.* Place where aircrafts are kept ہوائی اڈہ -

Air-bed (ar-bed) *n.* Inflated mattress ہوا توشک ہوا گدا -

Air-bladder (ar-bləd-er) *n.* Animals or plants having air organs پودوں اور جانوروں کے جسم کا وہ حصہ جس میں ہوا بھری ہوتی ہے - پھکنا -

Air-brake (ar-brək) Brake that works by air pressure روک پرزہ - بریک جو ہوا کے دباؤ سے کام کرتا ہو -

Air-bricks (ar-briks) *n.* Perforated bricks سوراخ دار ، جالیدار ، اینٹیں -

Air-chamber (ar-chembr) *n.* Machine for equalising air pressure ہوادان - وہ کلیں جن میں ہوا بھر کر دباؤ کو یکساں رکھا جاتا ہے -

Air-craft (ar-krəft) *n.* Aeroplane غبارہ - طیارہ - ہوائی جہاز -

Air-cushion (ar-ku-shon) *n.* Inflated cushion ہوا بھرا ہوا تکیہ -

Air-drain (ar-d-rən) *n.* A cavity in external walls of building to prevent damp from getting through نمی کو کمروں سے دور رکھنے کا خلائی حصہ -

Air-eddy (ar-edi) *n.* Circle of compressed air ہوائی گرداب - بھنور -

Air-engine (ar-en-gin) *n.* Engine driven by heated air ہوائی انجن - گرم ہوا سے چلنے والا انجن -

Air-gun (ar-gun) *n.* A gun that fires by air pressure ہوائی بندوق -

Air-jacket (ar-jackət) *n.* A garment with air-tight cavities ہوائی صدری - ہوا سے بھری ہوئی بنڈی جو ڈوبنے سے بچاتی ہے -

Air-line (ar-lin) *n.* A route for aircrafts ہوائی راستہ

Air-lock (ar-lok) *n.* A small chamber in which pressure of air is raised or lowered ہوائی دباؤ کا کمرہ -

Air-man (ar-man) *n.* An aviator ہوا باز -

Air-marshal (ar-mar-shəl) *n.* An air-force officer ہوائی فوج کا افسر جو لفٹیننٹ جنرل کے برابر ہوتا ہے -

Air-mechanic (ar-mekan-ik) *n.* One who tends and repairs aircrafts ہوائی جہازوں کا مستری - ہوائی مشینوں کا ماہر -

Air-pistol (ar-pist-l) *n.* A pistol that fires by air pressure ہوائی پستول -

Air-plane (ar-plən) *n.* An aeroplane (Am) ہوائی جہاز (امریکہ)۔

Air-pocket (ar-poket) *n.* A region of down flowing air ہوائی تھیلا ۔ فضا کا وہ مقام جہاں ہوا زور سے زمین کی طرف گرتی ہے ۔

Air-pump (ar-pump) *n.* An instrument for pumping air out or in ہوا نکاس ۔ ہوا کش ۔ آلہ جس سے ہوا باہر خارج کی جائے یا اندر بھری جائے۔

Air-raid (ar-rəd) *n.* An attack by aircrafts ہوائی حملہ ۔

Air-scout (ar- skot) *n.* Air men who look for the enemy in the air ہوا باز جو دشمن کی نقل و حرکت پر نظر رکھتے ہیں ۔

Air-ship (ar-ship) *n.* A dirigible aircraft lighter than air غبارہ کی قسم کا ہوائی جہاز جو ہوا سے ہلکا ہوتا ہے ۔ اب یہ نہیں بنایا جاتا ۔

Air-thermometer (ar-therm-o-meter) *n.* A thermometer for taking the heat degree of air ہوائی حرارت پیما ۔ اس میں پارے کی جگہ ہوا ہوتی ہے ۔

Air-threads (ar-th-rəds) *n.* Gossamer ہوائی مکڑی کا جالا ۔ شیطان کی ڈور۔

Air-tight (ar-tite) *n.* Having an air seal ہوا بستہ وہ چیز جس میں ہوا نہ جا سکے ۔

Air-truck (ar- trok) *n.* Part of a plane for carrying luggage ہوائی جہاز کا سامان رکھنے کا حصہ ۔

Air-way (ar-way) *n.* Ventillating passage in mines کانوں کے اندر ہوا آنے کے راستے ۔ ہوا رستہ ۔ ہوا گزار۔

Air-worthy (ar-vərthi) *adj.* Fit to fly. اڑنے کے قابل

Air-less (ar-les) *adj.* stuffy, Breezeless بے ہوا ۔ ایسی جگہ جہاں ہوا نہ ہونے سے دم گھٹے ۔

Airy (ar-y) *adj.* Aerial, breezy کھلا ۔ ہوادار ۔ کشادہ ۔ باریک ہلکا ۔
خوش طبع ۔ زندہ دل ۔ رنگیلا ۔
خوش ادا ۔ خوشنما ۔ لطیف ۔ سبک ۔ نازک ۔
بے بنیاد ۔ بے سروپا ۔ بے حقیقت ۔ ہیچ ۔ ہوائی۔

Airily *adv.* خوش مزاجی سے ۔ زندہ دلی سے ۔ اوچھے پن سے ۔ نمائشی طور پر ۔

Airiness *n.* کشادگی ۔ لطافت ۔ خوش ادائی ۔

Aisle (il) *n.* Division of church گرجا کی نشستوں کا درمیانی راستہ ۔ بغلی راستہ ۔

Ait (at) *n.* Small isle in a river دریائی جزیرہ ۔ ٹاپو جو دریا یا جھیل میں ہو ، جیسے چک وٹ ٹاپو جو دریائے ٹیمز میں واقع ہے ۔

Aitch-bone (achbon) *n.* Buttock of rump bone پیٹھ کے نیچے کی ہڈی ۔ کولھے کی ہڈی ۔

Ajar (ə-jar) *adv.* Slightly open (دروازہ) نیم وا ۔ آدھا کھلا ہوا ۔ تھوڑا کھلا ہوا ۔

Akimbo (ə-kum-bo) *adv.* With hands on hip and elbow turned up-ward کھڑے ہونے کا ایک خاص انداز؛ کمر پر ہاتھ اور کہنیاں اوپر کی جانب ۔

Akin (ə-kin) *adj* Related by blood خون کا رشتہ دار ۔ قریبی ۔ سگا ۔ ملتا جلتا ۔
ایک طرح کا ۔ ملتا جلتا ۔ برادری کا ۔

Alabaster (alə-bas-tər) *n.* Name used for several varieties of carbonate or sulphate of lime سنگجراحت ۔ سفید اور چکنا سنگ مرمر جیسا پتھر ۔

Alack (ə-lak) *interj.* Expressing regret and surprise افسوس ۔ وائے افسوس ۔ دریغا ۔ واحسرتا واویلا ۔ وامصیبتا ۔ سبحان اللہ ۔

Alacrity (ə-lekri-ti) *n.* Briskness پھرتی ۔ چالاکی ۔ تندی ۔ مستعدی ۔ شوق ۔

Alamode, (a-la-mod) *adv.* In the fashion وضعداری سے ۔ خوش وضعی سے ۔ اچھے ڈھنگ سے ۔ قاعدے سے ۔

Alarm (ə-larm) *n.* Warning sound ڈر ۔ خطرے کا گھنٹہ ۔ انتباہ ۔ دہشت ۔

Alarm (ə-larm) *v.t.* Excite with fear چوکس یا چوکنا کرنا ۔ ڈرانا ۔ خطرے سے خبردار کرنا ۔
گھبرا دینا ۔ پریشان کرنا ۔ دہشت زدہ کرنا ۔

Alarm-bell *n.* خطرہ کی خبر دینے والی گھنٹی

Alarming *adj.* ڈراؤنی ۔ دہشتناک ۔ خوفناک ۔ ہوشربا ۔

Alarmist *n.* ہولا ۔ وہ شخص جو ذرا سی بات پر شور مچائے ۔

Alarmism *n.* ذرا سی بات پر شور مچانے کی عادت ۔ دہشت زدگی ۔ ہولا پن ۔

Alas (ə-las) *Interj.* Expressing grief, pity ہائے ہائے ۔ افسوس صد افسوس ۔ حیف ۔

Alastor (ə-laster) *n.* Avenging deity انتقام کی دیوی - قدیم یونانیوں کا خیال تھا کہ ہر گناہ گار کو سزا ملتی ہے اور اس کے لیے ایک دیوی مقرر ہے - اس کا نام السٹر ہے جو بخشتی نہیں -

Alb (alb) *n.* پادریوں کا سفید لمبا لباس -

Albata (al-ba-ta) *n.* White metal, German silver ایک چمکدار سفید مرکب دھات - تانبے ، جست اور نکل سے بنائی ہوئی دھات -

Albatross (alb-bə-tros) *n.* Species of birds inhabiting Pacific and southern ocean بحرالکاہل اور جنوبی سمندروں کا ایک پرندہ جس کے پر سیاہ سفید اور پنکھ لمبے ہوتے ہیں -

Albeit (awl-beit) *conj.* Though, اگرچہ - البتہ - حالانکہ - باوجودیکہ -

Albert chain (al-bərt chain) *n.* A kind of watch chain گھڑی کی ایسی زنجیر جو ملکہ وکٹوریہ کے شوہر شاہزادہ البرٹ پہنا کرتے تھے -

Albescent (al-besənt) *adj.* Growing white سفیدی مائل - وہ چیز جو سفید ہو رہی ہو -

Albigenses (al-bi-jen-sez) *n. & p.* Heretics of 12th to 14th cc. in South France جنوبی فرانس کے وہ لوگ جنھوں نے رومن چرچ کے خلاف بغاوت کی اور پادریوں کی پول کھول دی - ان کی بد اخلاقیوں کو الم نشرح کیا -

Albino (al-bi-no) *n.* Human beings who have no colouring pegment in skin or hair. Their eyes can not bear light بھورا - چندھا - بھورا رنگ اور بھورے بالوں والے آدمی جو دھوپ میں چندھیا جاتے ہیں -

Albiness (al-bines) *n.* Brown woman - بھوری عورت بھورا پن - چندھا پن -

Albinism *n.* - بے لونی حالت - بھورے پن کی کیفیت -

Albite (albit) *n.* white or soda feldspar ایک قسم کی سفید رنگ کی پتھریلی دھات -

Album (albəm) *n.* Book of photographs and names تصویروں اور دستخط کی کتاب - بیاض - مرقع - اشعار اور نام لکھنے کی بیاض -

Albumen (al-bu-mən) *n.* White of egg انڈے کی سفیدی - ایک قسم کا سفید مادہ جو بیجوں اور گودے دار جوڑوں میں پایا جاتا ہے (نباتیات) گری - مغز - گودا -

Albuminous (əlbu-mi-nus) / **Albuminose** (əl-bu-mi-nos) *adj.* Having albumen مغز دار - گودے دار -

Albuminoid / **Albuminoidal** *n. & adj.* انڈے کی سفیدی جیسا -

Albumenize *v.t.* تصویروں کو چمکدار بنانا - کاغذ پر بیضوی روغن چڑھانا -

Alburnum / **Alburn** (al-burn-əm) *n.* Sap wood ایسے درخت جن کی چھال کے نیچے رسیلی لکڑی ہوتی ہے -

Alcahest دیکھو Alkahest

Alcaic (al-ka-ik) *adj.* Pertaining to Alcacus or the metre he invented یونانی شاعر القیوس کے متعلق یا جو بحر اس نے ایجاد کی -

Alchemic (al-ki-mik) *adj.* Pertaining to Alchemy کیمیا گری کے متعلق -

Alchemical *adj.* کیمیا کے بارے میں - الکیمیائی -

Alchemist *n.* سہوس - کیمیا گر -

Alchemistic *adj.* کیمیا گرانہ -

Alchemize *v.t.* ماہیت تبدیل کرنا - کیمیا بنانا -

Alchemy *n.* الکیمیا - علم کیمیا - کیمیا گری -

Alcohol (alkə-hol) *n.* Pure spirit of wine الکحل الغول - روح شراب - وہ عرق جس میں الکحل ہو -

Alcoholate *n.* الکحل کا ایک مرکب -

Alcoholic *adj.* الکحلی - الغولی -

Alcoholism *n.* انسانی جسم پر شراب کے اثرات - الکحلیت -

Alcoholize *v.t.* الکحل سے اثر پذیر ہونا - الکحل ملانا - روح شراب کی آمیزش کرنا -

Alcoholization *n.* الکحل سے اثر پذیری - الکحل میں ڈبونا یا تر کرنا -

Alcoholometer *n.* وہ آلہ جو سکر عرق میں الکحل کی مقدار بتائے - الکحل پیما -

Alcoholometry *n.* الکحل پیمائی -

Alcoran (Al-kor-an) *n.* قرآن جو بذریعہ وحی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا -

Alcoranic *adj.* قرآنی -

Alcove (Alkou) *n.* Vaulted recess in room wall طاقچہ - محراب - آرام گاہ - خواب گاہ - گرمیوں میں سونے کا مختصر کمرہ -

Aldehyde (aldi-hid) *n.* Colourless fluid of suffocating smell ایک بے رنگ اڑ جانے والا "مرکب" مادہ جو الکحل پر آکسیجن کے اثر سے پیدا ہوتا ہے۔

Alder (awl-dər) *n.* Tree related to birch بید کی قسم کا ایک درخت۔

Alderman (awl-dər-mən) *n.* Co-opted member of an English county next to mayor میر بلدیہ کا نائب۔ دوسرے درجہ کا عہدہ دار۔

Aldermanry *n.* الڈر مین کا عہدہ۔ وہ علاقہ جو الڈر مین کے ماتحت ہو۔

Alderney (awlder-ni) *n.* & *adj.* Cattle bred in the channel island ایک قسم کی پستہ قد بھورے رنگ کی گائے جو بہت زیادہ دودھ دیتی ہے۔

Aldine (awl-din) *adj.* Printed by Alduss Manutius الدوسی۔ الدوس کا چھاپا ہوا جو وینس کا مطبع والا تھا۔ خاص طرز کے ٹائپ کے حرفوں کا نام۔

Ale (al) *n.* Liquor made for an infusion of malt جوکی شراب۔ شراب جو جو کے خمیر سے تیار کی جاتی ہے۔ رنگ رلیاں۔ مجلس شراب۔ بزم عشرت۔

Ale-bench *n.* وہ بنچ جو گاہکوں کے لئے شراب خانہ کے دروازہ پر رکھی ہو۔

Ale-house شراب خانہ۔ میخانہ۔

Ale-conner *n.* انسپکٹر آبکاری۔ وہ عہدہ دار جو شراب پر نگرانی رکھے۔

Ale-wife *n.* شراب بیچنے والی عورت۔ ساقن۔ شراب پلانے والی عورت۔

Ale-gar *n.* جو کے خمیر سے تیار کیا ہوا سرکہ۔ جو کی ترش شراب۔

Alembic (ə-lem-bik) *n.* Apparatus formerly used in distilling قرنبیق۔ شراب کشید کرنے کا قدیم آلہ۔ بھبکا۔

Alembic of happiness سر چشمہ راحت۔

Alembic of imagination بصدر تخیل۔

Alert (ə'-lərt) *adj.* Watchful, nimble چوکس۔ ہوشیار۔ چست۔ کمر بستہ۔ خطرے کی سیٹی۔ تیاری کی اطلاعی گھنٹی۔

Alertly *adv.* ہوشیاری سے۔ مستعدی سے۔

Alertness *n.* آمادگی۔ چستی۔ ہوشیاری۔ مستعدی۔

Aleuron / **Aleurone** (a-lurən) *n.* Albuminoid substance found in seeds وہ سفید مادہ جو بیجوں کے مغز میں پایا جاتا ہے۔

Alexanderine (al-ig-zander-in) *adj.* *n.* Line of twelve syllables فرانسیسی چھ رکنی بحر۔ بحر طویل۔

Alfalfa (al-fal-fa) *n.* Lucerne ایک قسم کی گھاس۔ لوسن جو ایک بار کاشت کرنے کے بعد چھ فصلیں دیتی ہے۔

Alfresco (al-fresko) *adv.* & *adj.* In the open air کھلی ہوا میں۔ میدان میں۔ کھلا میدان۔ زیر سماء۔

Alga (al-ga) *n.* Sea-weed سمندری کائی۔ بحری گھاس۔ اُشنہ۔

Algal-algoid *adj.* اُشنہ نما۔ کائی سا۔

Algological *adj.* اُشنئی۔ کائی کے متعلق۔

Algologist *n.* سمندری کائی کا ماہر۔ اُشنیات کا ماہر۔

Algology *n.* بحری نباتیات کا علم۔ اُشنیات۔

Algebra (al-ji-brə) *n.* Investigation of properties of numbers and quantities الجبرا۔ جبر و مقابلہ۔

Algebraic-al *adj.* الجبرے کا۔ الجبری۔

Algebraically *adv.* الجبری طریقے سے۔ الجبرے سے۔

Algebraist / **Algebrist** جبردان۔ عالم الجبرا

Algid (aljid) *adj.* Of cold stage of ague جوڑی میں مبتلا۔ سردی زدہ۔

Algedity *n.* لرزہ۔ کپکپی۔ سردی۔

Algorism (al-go-rism) *n.* Arabic decimal notation عربی اعشاریہ۔

Algum (algəm) *n.* Tree mentioned in Bible, a kind of sandal wood سرخ صندل جس کا ذکر انجیل میں ہے۔ اس کے ستون گرجا میں لگائے جاتے تھے۔

Al-hambra (Al-ham-bra) *n.* Palace of Muslim Kings in Granada غرناطہ میں اسلامی دور کا محل۔ قصر الحمرا۔

Al-hambresque *a.* الحمرائی نقش و نگار۔ الحمرائی طرز کی۔

Alias (a-li-as) *n.* & *adv.* Name by which people call عرف۔ عرفی نام۔ مشہور نام۔

Alibi (al-i-bi) *n* & *adv.* the plea that one was elsewhere موقع واردات پر غیر موجودگی کا عذر۔ عدم موجودگی کی شہادت۔ دوسری جگہ ہونا۔

Alidade (al-i-dad) *n.* Index of astrolabe اصطرلاب کا درجہ نما - زاویہ -

Alien (ali-ən) *n. adj.* Foreign غیر - غیر ملکی - پردیسی - الگ - مختلف - علیحدہ - بے جوڑ - جدا - نفرت انگیز - برا -

Alienism *n.* دماغی امراض کا مطالعہ - معالجہ - بدیسی پن - غیریت - اجنبی پن -

Alienist دماغی امراض کا معالج -

Alien (ali-ən) *v.t.* Estrange, transfer ownership الگ کرنا - ملکیت منتقل کرنا - بیگانہ بنانا - منتقل کرنا -

Alienable *adj.* قابل منتقلی - انتقال پذیر -

Alienability *n.* انتقال پذیری -

Alienate *v.t.* بیگانہ کرنا - منحرف کرنا - برگشتہ کرنا - منتقل یا بیع کر دینا - پھیر دینا - موڑ دینا - روگرداں کر دینا -

Alienator *n.* علیحدہ کرنے والا - منتقل کرنے والا -

Alienation *n.* اجنبیت - بیگانگی - ہبہ - فروخت - انتقال -

Mental alienation پاگل پن - خلل دماغ - جنون -

Alienee منتقل الیہ - جس کے ہاتھ فروخت کیا جائے - جس کو بیع کیا جائے - مشتری -

Aliform (əli-fər-m) *adj.* Wing-shaped - پنکھ کی طرح بازو نما -

Alight (e-lit) *v.t.* Dismount, سواری سے اترنا - اترنا - نیچے آنا -

Align } Aline } (ə-lin) *v.t.& i.* Bring in line, place in line صف باندھنا - قطار باندھنا - ایک خط میں لانا -

Alignment *n.* عمارت کا خاکہ - قطار - صف بندی -

Alike (ə-lik) *adj. adv.* Similar یکساں - ہم رنگ - ہم شکل - مشابہ -

Aliment (ali-mənt) *n.* Food, sustenance غذا - خوراک - قوت (مجازاً) سہارا - گزارا - تقویت - دماغی غذا -

Alimental *adj.* غذائیت یا طاقت بخش - مقوی -

Alimentally *adv.* قوت بخش طریقہ پر - غذائیت کے طور پر -

Alimentary *adj.* غذائیت سے بھرپور - مقوی - تقویت پہنچانے والی - کھانے کے قابل -

Alimentary canal معدہ تک غذا پہنچانے والی - غذا کی نالی -

Alimentation (əlimentə-shon) *n.* Nourishment عمل تغذیہ - گذارا -

Alimony (ali-mən-i) *n.* Maintenance, allowance due to wife from husband پرورش - گزارا - سہارا - نان و نفقہ جو شوہر پر بیوی کی طرف سے واجب ہے -

Aliquot (Ali-kwot) *n.* Integral factor وہ عدد جو پورا پورا تقسیم ہو جائے اور کچھ باقی نہ بچے - مقسوم علیہ - عاد -

Alive (ə-liv) *adj. adv.* In life, living جیتا جاگتا - زندہ - باخبر - احساس رکھنے والا - خوش مزاج - پھرتیلا - چالاک - ہوشیار - مستعد - تیار -

Alizarin (a-liz-ə-rin) *n.* Red colouring matter of madder مجیٹھ - مجیٹھے کا رنگ -

Alkahest (al-kə-hest) *n.* Alchemists, supposed universal solvent محلل - کیمیا گروں کی اصطلاح میں وہ چیز جو ہر مادہ کو تحلیل کر دے - محلل کل -

Alkali (al-kə-li) *n.* Compounds called bases like soda, ammonia سجی - جوا کھار - القلی - شورہ -

Alkaline *adj.* قلمی صفت - قلمی شورہ کی طرح - سجی کی طرح - کھاری -

Alkalescent *adj.* - شورہ ساں - کھاری - سجی جیسی -

Alkalescence *n.* شوریت - کھار - کھارا پن -

Alkalize *v.t.* شورہ کی طرح بنانا - کھاری بنانا -

Alkalization *n.* سجی جیسا بنانا - شورہ سازی -

Alkaloid *n.* سخت قسم کی سجی یا شورہ کا جز رکھنے والی چیزیں -

Alkalify *v.t.* سجی یا شورہ میں تبدیل کرنا - سجی شورہ بنانا -

Alkalifiable *adj.* شورہ بنائے جانے کے قابل -

Alkalimetry *n.* شورہ یا سجی کی تیزی کا اندازہ -

Alkaltimetrical *adj.* شورہ سجی کی تیزی کی پیمائش کے متعلق -

Alkanet (al-kə-net) *n.* Plant whose leaves yield a red dye مہندی - حنا -

All (awl) *n., adj. & adv.* The whole amount or quantity, entire number سب - سارا - تمام - پورا - کل - سب کا سب - جملہ - سب کے سب - ہر قسم کے - ہر طرح کے -

All in all مختار و مقتدر - سب کچھ -

All the year round سال بھر ۔
And all that اور وہ سب ۔ وغیرہ وغیرہ ۔
At all events ہر صورت میں ۔
At all times ہر دم ۔ ہر وقت ۔
By all means ہر طرح سے ۔ بہر صورت ۔ بہر حال ۔
All very fine or well مانا کہ یہ سب درست ہے مگر ۔ یہ سب ٹھیک سہی لیکن ۔ یہ سب کچھ سہی ۔
In all سب ملا کر ۔ کاہم ۔
One and all } انفرادی اور مجموعی طور پر ۔
All and some }
All and sundry } سب اور ہر ایک ۔ سب کے سب ۔
All at once }
All of a sudden } دفعتہً ۔ یکایک ۔ اک دم ۔
All right ٹھیک ۔ درست ۔ قابل اطمینان ۔
All the better اور بھی اچھا ۔
All too soon وقت سے پہلے ۔ قبل از وقت ۔
All the same ویسا ہی ۔ ایک سا ۔ باوجودیکہ ۔ با ایں ہمہ ۔
All along پہلے سے ۔ ہمیشہ سے ۔
All over ہر جگہ ۔ ہر مقام پر ۔
Not at all بالکل نہیں ۔
That is all یہی سب ہے ۔ فقط ۔ بس اتنا ہی ۔
To be all over with one قصہ ختم ہو جانا ۔ کام تمام ہونا ۔
All-absorbing پورا استغراق ۔ انہاک کلی ۔
All-absorbed منہمک ۔ مستغرق ۔ ڈوبا ہوا ۔
All-accomplished گیانی ۔ کامل ۔ عالم و فاضل ۔
All-atoning سب گناہ دور کرنے والا ۔
All-conquering ہر ملک فتح کرنے والا ۔ فاتح عالم ۔
All-devouring }
All-consuming } بلا چٹ ۔ بلا نوش ۔
All Fools' Day, یوم مزاح ۔ یوم سادہ لوحاں ۔ یکم اپریل
All fours (to go on) گھٹنوں کے بل چلنا ۔
All fours (on) بالکل برابر ۔ ایک جیسا ۔ ویسا ہی ۔
All-giver کریم ۔ رب العالمین ۔ سب کچھ دینے والا ۔ رب ۔
All-glorious جل جلالہ ۔ نورالسموات والارض ۔ بڑی شان والا ۔
All-good خیر مطلق ۔ بہترین ۔ بہت اچھا ۔
All-hail رخصتی ۔ مبارک سلامت ۔
All-healing اکسیر ۔ شافی مطلق ۔ شافی ۔ ہر مرض کی دوا ۔
All-holy صمد ۔ ذات پاک ۔ روح مقدس ۔ ذات اقدس ۔
All-honoured بڑی عزت والا ۔ معزز ۔ ذی عزت ۔
All-illuminating ہر چیز کو منور کرنے والا ۔
All-knowing علیم کل ۔ عالم الغیب و الشہادۃ ۔
All-loving عام رحمت والا ۔ ہر ایک کی خبر رکھنے والا ۔ رحیم ۔ ہر ایک کا محبوب ۔ محب خلق ۔
All-merciful رحم کرنے والا ۔ رحیم ۔
All-pervading ہر جگہ موجود ۔ محیط ۔ سب کا احاطہ کرنے والا ۔
All-powerful قادر مطلق ۔
All Saints' Day یکم نومبر ۔ یوم الاولیا ۔
All-searching عالم کل ۔ خبیر ۔ ہر چیز کا جاننے والا ۔ با خبر ۔
All-seeing بصیر و علیم ۔ حاضر و ناظر ۔
All Souls' Day دوسری نومبر (یوم فاتحہ اولیا) ۔
All-sufficient کفواً احد ۔ کافی و وافی ۔
All-sustaining ہر چیز کو قائم رکھنے والا ۔ قیوم ۔
All-wise دانائے کل ۔
All-worshipped معبود کل ۔
Allah (al-a) *n.* God اللہ ۔
Allay (ə-la) *v.t.* To reduce زور کم کرنا ۔ دھیما کرنا ۔ گھٹانا ۔ تخفیف کرنا ۔
Allegation (al-i-ga-shən) *n.* The act of alleging دعویٰ ۔ الزام ۔ قضیہ ۔ عذر ۔ حتمی بیان ۔
Allege (ə-lej) *v.t.* To declare upon oath الزام دینا ۔ بیان حلفی دینا ۔ منسوب کرنا ۔ بطور دلیل پیش کرنا ۔
Alleged *adj.* منسوب کردہ ۔ بیان کردہ ۔
Allegable *adj.* پیش کرنے کے قابل ۔ قابل بیان ۔ قابل اظہار ۔
Allegeance *n.* جاں نثاری ۔ نمک حلالی ۔ اتباع ۔ انقیاد ۔ اطاعت ۔
Allegory (al-i-gə-ri) *n.* Symbolical narration کسی موضوع کا بیان ، دوسرے مضمون کے پردے میں مثالیہ ۔ تمثیل ۔ مجازیہ ۔ علامت ۔ شان ۔ پیکر ۔
Allegoric *adj.* مجازی ۔ مثالی ۔
Allegorical *adj* پیرایۂ مجاز میں ۔ مثالی ۔
Allegorically *adv.* تمثیلاً ۔ مجازاً ۔
Allegorist *n.* مجاز میں بیان کرنے والا ۔ تمثیل نگار ۔
Allegorize *v.t.* مجاز کے طور پر پیش کرنا ۔ تمثیل بنانا ۔

Alleluia (al-i-loo-ya) Praise of God (عبرانی) سب تعریف تجھ کو اےاللہ ۔ خدا کی تعریف ۔ حمد و ثنا ۔

Alleviate (ə-levi-at) *v.t.* Relieve, mitigate ہلکا کرنا ۔ کم کرنا ۔ تخفیف کرنا ۔ آرام دینا ۔

Alleviation *n.* تخفیف ۔ کمی ۔ تسکین ۔

Alleviative / **Alleviatory** } *adj.* (دوا) تسکین دینے والی ۔ مسکن ۔

Alleviator تسکین دینے والا ۔ درد کم کرنے والا ۔

Alley (al-i) *n.* Passage, narrow street روش ۔ پٹری ۔ تنگ راستہ ۔ تنگ گلی ۔

Blind alley *n.* سکٹلز (ایک انگریزی کھیل) کھیلنے کا میدان ۔ اندھی گلی ۔ تنگ گلی ۔ سربستہ گلی ۔

Alliance (ali-əns) *n.* Relationship, union by marriage رشتہ ۔ تعلق ۔ نسبت ۔ ناطہ ۔ رشتہ داری ۔ قرابت ۔ معاہدہ ۔

Alligation (ali-ga-shən) *n.* Binding together, conjunction, calculation of values مختلف قدروں کا حساب ۔ درکھاتہ ۔ جوڑائی ۔ حساب تجارت ۔

Alligator (ali-ga-tər) *n.* Crocodile نہنگ ۔ گھڑیال ۔ مگرمچھ ۔

Alliterate (ə-litərat) *v.t.* Use words of common letters e.g., fine, fresh, fish etc. تجنیس کرنا ۔ تجنیس حرفی یا لفظی بنانا ۔

Alliteration *n.* سہ حرفی صنعت ۔ تجنیس حرفی ۔ تجنیس خطی ۔

Alliterative *adj.* سہ حرفی صنعت کا ۔ تجنیس سے متعلق ۔

Alliteratively *adv.* تجنیسی طور پر ۔ سہ حرفی صنعت کے طور پر ۔

Allocate (al-o-kat) *v.t.* Assign, devote مقرر کرنا ۔ تجویز کرنا ۔ متعین کرنا ۔ قائم کرنا ۔

Allocation *n.* تعین ۔ استقرار ۔ نامزدگی ۔

Allodium (a-lo-di-əm) *n.* Estate held in absolute ownership آزاد زمینداری ۔ کل ملکیت ۔ زمین زراعت جو زمیندار کی ملکیت ہو ۔

Allodial *adj.* آزاد اور مالکانہ زمینداری کے متعلق ۔

Allodialism *n.* آزاد زمینداری کی حمایت ۔

Allodialist *n.* آزادانہ زمینداری کے نظریہ کو ماننے والا ۔

Allodially *adv.* آزادانہ طور پر ۔ خود مختارانہ طور پر ۔

Allogamy (al-og-ə-mi) *n.* Cross fertilization پیوند لگانا ۔ قلم باندھنا ۔ مختلف نوع کے درختوں کو ملانا اور ان پر قلم باندھنا ۔

Allopathy (al-op-ə-thi) *n.* Curing a disease by another kind of action امراض کا علاج مخالف اثرات سے کرنا ۔ علاج بالضد ۔

Allopathic *adj.* علاج بالضد سے متعلق ۔

Allopathically علاج بالضد کے اصول کے مطابق ۔

Allot (a-lot) *v.t.* Distribute by lot with authority بانٹنا ۔ تقسیم کرنا ۔ حصہ دینا ۔ مقرر کرنا ۔ متعین کرنا ۔ نامزد کرنا ۔

Allottee *n.* وہ شخص جس کو جائداد دی جائے ۔

Allotment *n.* تقسیم ۔ حصہ ۔ بخرا ۔ بٹوارہ ۔ تعین ۔ حصہ مقررہ ۔

Allowance (ə-low-əns) *n.* & *v.t.* Permission, supply وظیفہ دینا ۔ خوراک دینا ۔ وظیفہ ۔ یومیہ ۔ منصب ۔ درماہی گزارا ۔

Alloy (ə-loi) *n.* Mixture of inferior metal ملاوٹ کھوٹ ۔ مختلف دھاتوں کا مرکب ۔

Alloy (ə-loi) *v.t.* Mix with baser metal آمیزش کرنا ۔ قیمتی دھات کے ساتھ معمولی دھات ملا دینا ۔

Allseed (awl-seed) *n.* The name of various plants producing much seed جنوبی انگلستان کا ساحلی پودا جو تقریباً چار پانچ انچ کا ہوتا ہے ۔ اس میں خوبصورت پھول لگتے ہیں ۔ مختلف پودوں کے نام جن میں بیج کثرت سے ہوتے ہیں ۔

Allspice (awl-spis) *n.* Jamaican pepper supposed to combine flavour of cinnamon, nutmeg and cloves خوشبو دارجھاڑیاں ۔ جمیکا کی ایک خاص فلفل جس میں الائچی ، دار چینی اور لونگ کی خوشبو ہوتی ہے ۔

Allude (ə-lood) *v.i.* Refer indirectly to اشارے کنائے میں کہنا ۔

Allure (əl-y-oor) *v.t.* Tempt, entice, win over لبھانا ۔ موہ لینا ۔ سبز باغ دکھانا ۔ ورغلانا ۔

Allurement *n.* اغوا ۔ ترغیب ۔ لبھاؤ ۔ لالچ ۔

Alluring *adj.* دل موہنے والی ۔ دل لبھانے والی ۔

Alluringly *adv.* ترغیب دلاتے ہوئے ۔ ورغلانے کے طور پر ۔

Allusion (əlo-zhən) *n.* Indirect reference ایما ۔ رمز ۔ اشارہ ۔ کنایہ ۔ حوالہ ۔ تلمیح ۔

Allusive *adj.* کنایہ آمیز ۔ پر اشارہ ۔ رغبت آمیز ۔

Allusively *adv.* بالکنایہ ۔ تلمیحاً ۔ اشارتاً ۔

Allusiveness *n.* کنایہ آمیزی ۔

Alluvion (əl(y)oovian) *n.* Wash of sea, river, matter deposited by flood وہ مٹی جو پہاڑ کے ساتھ آتی اور جم جاتی ہے ۔ وہ نئی زمین جو پانی کے عمل سے بنی ہو ۔ نئی زمین ۔

Alluvium (əl(y)oo-vi-em) *n.* Deposit of earth سیلاب سے آئی ہوئی مٹی ۔

Alluvial *adj.* زرخیز ۔ سیلابی ۔

Ally (a-li) *n.* Person allied with another ۔ ساتھی دوست ۔ رفیق ۔ حلیف ۔ سنگ مرمر کی گولی (کھیل)۔

Ally (a-li) *v.t.* Combine or unite with a special object ملانا ۔ متفق کرنا ۔ رشتہ جوڑنا ۔

Alma (al-ma) *n.* Egyptian dancing girl ۔ مصری رقاصہ

Almagest (al-mə-jest) *n.* Great astronomical treatise of Ptolemy بطلیموس کی کتاب کیمیا اور فلکیات پر جو آج تک مفید کتاب سمجھی جاتی ہے ۔

Alma Mater (al-ma-met-ər) *n.* Name used for learning institutions مادر علمی ۔ اعلیٰ علمی درسگاہ یا جامعہ ۔

Almanac (awl-mə-nak)Annual calendar with estronomical data جنتری ۔ تقویم ۔ کیلنڈر ۔

Almandine (al-man-din) *n.* A garnet of violet tint سرخ رنگ کا قیمتی پتھر جس میں بنفشی رنگ جھلکتا ہے۔

Almighty (awl-mit-i) *n.* All-powerful ۔ حق تعالیٰ قادر مطلق ۔

Almightiness *n.* قدرت کاملہ ۔ قدرت مطلقہ ۔

Almond (a-mənd) *n.* Kernal of a stone fruit بادام نما پھل ۔ بادام ۔

Almoner (al-mən-ər) *n.* Official distributor of alms ۔ سرکاری شعبہ خیرات و صدقات کا کارکن ۔

Almost (awl-most) *adv.* All but, very nearly قریب قریب ۔

Alms (amz) *n.* Charitable relief of the poor خیرات ۔ خدا کے نام پر دی ہوئی چیز ۔

Aloe (alo-e) *n.* Plants of bitter juice تھوہر کی قسم کا پودا ۔ ایلوا ۔

Aloes (alo-es) *n.* دست آور دوا ۔

Aloetic *adj.* ایلوا کا اثر رکھنے والی ۔

Aloft (ə-loft) *adv.* & *prep.* High up, upward اوپر کی طرف ۔ اونچا ۔ بلند ۔

Alone (ə-lon) *adv.* & *prep.* Solitary ۔ صرف ۔ تنہا ۔ اکیلا

Along (a-long) *adv.* & *prep.* From end to end ایک سرے سے دوسرے سرے تک ۔ ساتھ ساتھ ۔

Along-side ساتھ ساتھ ۔ پہلو بہ پہلو ۔

Aloof (a-loof) *adv.* & *prep.* Away, apart ۔ بے واسطہ بے تعلق ۔ الگ تھلگ ۔

Aloofness *n.* بے تعلقی ۔ بے ربطی ۔ تنہائی ۔ بے وابستگی

Aloud (ə-lowd) *adv.* Loudly بہ آواز بلند ۔

Alp (alp) *n.* Mountain peak, green pasture land پہاڑی کی چوٹی ۔ سبز چراگاہ ۔

Alpaca (al-pa-ka) *n.* Lama with long woolly hair لاما جس کے لمبے نرم بال ہوتے ہیں ۔ کپڑے جو لاما کی اون سے بنائے جائیں ۔

Alpenstock (alpən-stok) *n.* Long iron shod staff used in mountain climbing لمبی مضبوط چھڑی جو پہاڑ کی چڑھائی میں استعمال ہوتی ہے ۔

Alpha (al-fa) *n.* The first letter of Greek language یونانی زبان کا پہلا حرف ۔

Alphabet (al-fa-bet) *n.* Set of letters used in a language حروف تہجی ۔

Alphabetic / Alphabetical } *adj.* حروف تہجی کے متعلق ۔

Alpine (alp-in) *adj.* Pertaining to Alps mountain کوہ الپس کے متعلق ۔

Alpinist (alp-in-ist) *n.* One who climbs Alps mountain کوہ الپس پر چڑھنے والا ۔

Already (awl-red-i) *adv.* Before hand ایک وقت تک کیا ہوا ۔ وقت مقررہ تک ۔ اب تک ۔

Alsatia (al-sa-sh(y)a) *n.* a German province west of Rhine : White Friars in London once a sanctuary for law breakers ۔ جرمنی کا ایک صوبہ لندن کی ایک خانقاہ جہاں کسی زمانے میں مجرم پناہ لیتے تھے ۔

Alsation *n. adj.* کتوں کی ایک نسل ۔

Also (awl-so) *adv.* In addition مزید برآں ۔ ساتھ ساتھ ۔ بھی ۔ علاوہ ۔

Altar (awltər) *n.* Flat-topped block for offerings قربان گاہ ۔ نذر نیاز چڑھانے کا چبوترہ ۔

Altar cloth *n.* قربان گاہ کا غلاف ۔

Altar-wise *adv.* قربان گاہ کی طرح ۔

Altazimuth (alta-zi-məth) *n.* Instrument for determining altitude of heavenly bodies ایک آلہ جس سے اجرام فلکی کی سمت اور بلندی معلوم کرتے ہیں ۔

Alter (awl-tər) *v.t.* Change بدلنا ۔ تبدیل کرنا ۔ ترمیم کرنا ۔ تغیر کرنا ۔ مرمت کرنا ۔ اصلاح کرنا ۔ صحیح کرنا ۔ درست کرنا ۔

Alterability *n.* اصلاح اور تبدیلی کی صلاحیت ۔ تغیر پذیری ۔

Alteration *n.* تغیر و تبدل ۔ تبدیلی ۔ رد و بدل ۔

Alterative (awl-tər-a-tiv) *adj.* & *n.* Tending to alter وہ دوا جو آہستہ آہستہ مرض کو دور کردے ۔ وہ دوا یا علاج جس سے عمل ہضم درست ہو ۔

Altercate (awl-tər-kat) *v.i.* Dispute hotly جھگڑنا ۔ بحث و تکرار کرنا ۔ تو تو میں میں کرنا ۔

Altercation *n.* حجت ۔ تو تو میں میں ۔ جھگڑا ۔ بحث ۔ تکرار ۔

Alternant (awl-tərn-ant) *adj.* & *n.* of alternating layers دھات جس میں مختلف قسم کی تہیں ہوں ۔

Alternate (awl-tər-nat) *v.i.* Of things of two kinds coming one after the other دو چیزوں کا یکے بعد دیگرے آنا ۔ ادل بدل کرنا ۔ باری باری لانا ۔

Alternation *n.* ہیرا پھیری ۔ ادل بدل ۔

Alternately *adv.* اپنی اپنی باری سے ۔ ایک کے بعد دوسرا ۔ ایک ایک کرکے ۔ باری باری سے ۔

Alternative *adj.* & *n.* سبیل ۔ راستہ ۔ صورت ۔ یہ یا وہ ۔ چارہ کار ۔ دو میں سے ایک یہ یا وہ ۔

Alternating *adj.* بطریق آخر ۔ بصورت دیگر ۔ ایک کے بعد ایک ۔ باری باری سے ۔

Although (awl-dho) *conj.* Though اس کے برعکس ۔ باوجودیکہ ۔ ہر چند ۔ اگرچہ ۔

Altimeter (al-timi-tər) *n.* Instrument for measuring height above sea level بلندی کی پیمائش کا آلہ ۔ ارتفاع پیما ۔

Altitude (al-ti-tud) *n.* Height, depth اونچائی ۔ ارتفاع ۔ بلندی ۔ گہرائی ۔ اونچی جگہیں ۔ رفعت ۔ عظمت ۔ بزرگی ۔

Alto (al-to) *n.* Highest male voice, female voice of similar range پاٹ دار آواز میں گانے والا ۔ پنچم ۔ بلند ۔ پاٹ دار آواز ۔

Altogether (awl-too-gethər) *adv.* & *n.* Totally سب کو ملا کر ۔ جملہ ۔ بحیثیت مجموعی ۔ بالکل ۔ تمام تر ۔

Alto-relievo (al-to-rel-ye-vo) *n.* High relief ابھری ہوئی تصویر یا صورت ۔ نمایاں ۔

Altruism (al-troo-izm) *n.* Regard for others as a principle of action ایثار ۔ بے نفسی ۔ دوسروں کی بہبودی کا جذبہ ۔

Altruist *n.* عوام کا بہی خواہ ۔ صاحب ایثار ۔

Altruistic *adj.* فیاضانہ ۔ ایثار آمیز ۔ بے غرضانہ ۔

Altruistically *adv.* رضائے الٰہی کے لیے ۔ حسبۃً للہ ۔ بے غرضانہ طور پر ۔

Alum (al-əm) *n.* A double sulphate of aluminium and potasium پھٹکری ۔ پھٹکری ملا ہوا نمک

Alumina (ə-lu-mi-na) *n.* The only oxide of aluminium الومنیم اور آکسیجن کا مرکب جو ایک قسم کا سفید سفوف ہوتا ہے ۔

Aluminium (əlu-minəm) *n.* White light metal not tarnished by air الومنیم ۔ ایک قسم کی ہلکی دھات جس کے برتن بنتے ہیں ، اس میں زنگ نہیں لگتا ۔

Aluminous (a-lu-minəs) *adj.* Of the nature of alum پھٹکری جیسا ۔

Alumnus (alumnəs) *n.* Pupil, student شاگرد ۔ طالب علم ۔

Alveolate (al-vi-ə-lat) *adj.* Honey combed مشبک ۔ شہد کی مکھیوں کے چھتے کی طرح ۔ خانہ دار ۔

Alveolus *n.* دانت کی قفلی ۔ دانت کا گھر ۔ جبڑے کی ہڈی میں دانت کی جگہ ۔ چھوٹا خانہ ۔

Alveolar *adj.* دانت کی قفلی جیسا ۔ شہد کے چھتے کی طرح ۔

Always (awl-wes) *adv.* At all times ہمیشہ ۔ سدا ۔ مدام ۔ برابر ۔ ہر دم ۔ ہر وقت ۔ بلا ناغہ ۔ متواتر ۔ لگا تار ۔

Am (am) *v.* ہوں ۔ دیکھو be ۔

Amadou (am-ə-doo) *n.* German tinder used as a match خشک مادہ جو جلانے اور خون بند کرنے کے کام آتا ہے ۔

Amain (ə-man) *adv.* Vehemently بے تحاشا ۔ بڑے زور سے ۔ شدت سے ۔ جلدی سے ۔

Amalgum (ə-mal-gəm) *n.* Mixture of a metal with mercury پارہ کے ساتھ کسی دوسری دھات کا میل ۔

Amalgamate (ə-mal-gəm-at) *v.t.&i.* Mix آمیزش ہونا۔ ملانا ۔ آمیزش کرنا ۔ پارے کے ساتھ دھاتوں کو ملانا ۔

Amalgamation *n.* امتزاج ۔ آمیزش ۔ اختلاط ۔ میل ۔

Amalgamative *adj.* سمونے والا ۔ امتزاج کرنے والا ۔ جس میں ملانے کی خاصیت ہو ۔

Amalgamator *n.* ملانے والا ۔ خلط کرنے والا ۔ آمیزش کرنے والا ۔ آمیزندہ ۔

Amanuensis (ə-men-u-en-sis) *n.* One who writes from dictation املا نویس ۔ سن کر لکھنے والا ۔ نقل نویس ۔ کاتب ۔

Amarant (h) (am-ər-ant) *n.* Unfading flower سدا بہار پھول جس کے متعلق خیال ہے کہ وہ کبھی نہیں مرجھاتا ۔ گل اشرفی ۔

Amaranthus
Amarantus } *adj.* سدا بہار ۔ سدا شاداب ۔
Amaranthine

Amaryllis (am-e-ril-is) *n.* A kinds of bulbous plant نرگس کی قسم کا ایک پھول ۔ (یونانی) دیہاتی لڑکی ۔

Amass (ə-mass) *v.t.* Heap together جمع کرنا ۔ اکٹھا کرنا ۔ ڈھیر کرنا ۔ فراہم کرنا ۔

Amateur (am-ə-tər-tur) *n.* One who takes to a thing as a pastime شائق ۔ شوقین ۔ غیر پیشہ ور ۔ کسی فن کو شوقیہ سیکھنے والا ۔

Amateurish *adj.* شوقیہ ۔

Amateurishly *adv.* شوقیہ طور پر ۔

Amateurishness *n.* شائقیت ۔ شوقیت ۔

Amateurism *n.* شائقیت ۔ شوقینی ۔

Amative (am-ə-tiv) *adj.* Disposed to loving عاشقانہ

Amativeness *n.* عشق ۔ پریت ۔ عاشق مزاجی ۔

Amatory *adj.* شہوانی ۔ عاشقانہ ۔ عشقیہ ۔

Amatorial *adj.* شہوانی ۔ عشقیہ ۔ عشق انگیز ۔

Amaurosis (am-aw-ro-sis) *n.* Partial or total loss of sight ضعف بصر ۔ بینائی کی کمزوری ۔ بینائی کی پوری یا تھوڑی کمی ۔ اندھا پن ۔

Amaurotic *adj.* اندھے پن کا ۔ نابینائی کا ۔ ضعف بصر کا ۔

Amaze (e-maz) *v.i. & t.* Overwhelm with wonder متعجب کرنا ۔ متحیر کرنا ۔ متحیر ہونا ۔ حیران کرنا ۔

Amazedly *adv.* حیرت انگیز انداز سے ۔ متحیرانہ ۔

Amazement *n.* تعجب ۔ حیرت ۔ اچنبھا ۔ تحیر ۔

Amazing *adj.* متعجب ۔ تعجب انگیز ۔ حیران کن ۔ عجیب و غریب ۔

Amazingly *adv.* تعجب سے ۔ حیرت انگیز طور پر

Amazon (amə-zən) *n.* Masculine sturdy woman (یونانی) تاتاری جنگجو عورت ۔ جنوبی امریکہ کی جنگجو عورت ۔ تنومند بہادر عورت ۔

Amazonian *adj.* گراں ڈیل ۔ بھاری بھرکم ۔ قوی ہیکل عورت ۔ مردانہ عورت ۔

Ambages (am-ba-jəz) *n.* Roundabout ways چکر دار راستے ۔ ہیر پھیر کے طریقے ۔

Ambassador (am-basə-dər) *n.* Minister sent by one state to another one قونصل ۔ ایلچی ۔ سفیر۔

Ambassador plenipotentiary *n.* وہ سفیر جس کو اس کی حکومت نے خاص اختیارات دیے ہوں ۔ با اختیار سفیر ۔

Ambassadorial *adj.* ایلچی کی طرح سے ۔ سفارتی طور پر ۔

Ambassadress (am-basə-dər-es) *n.* سفیر کی بیوی ۔ خاتون ایلچی ۔ سفیرہ ۔

Amber (am-bər) *n.* Yellow translucent fossil, resin عنبر ۔ کہربا ۔

Ambergres (am-bər-gres) *n.* ایک قسم کا موی مادہ جس میں سرخ دھاریں نظر آتی ہیں اور جو گرم ملکوں میں تیرتا ہوا پایا جاتا ہے ۔ کچا عنبر ۔ یہ ویل اور دوسری مچھلیوں کی آنتوں میں بھی پایا جاتا ہے اور خوشبو بنانے کے کام آتا ہے ۔

Ambidexter (am-bi-deks-tər) *n.* One who can use both hands equally well جو دونوں ہاتھ مساوی طور پر استعمال کرے ۔ دو ہتھا ۔ دغا باز ۔

Ambidexterity *n.* دونوں ہاتھوں کا یکساں چلنا ۔ دو ہتھا پن ۔

Ambidextrous *adj.* دغا باز ۔ بایاں ہاتھ بھی چلانے والا ۔ دو ہتھا ۔

Ambidextrously *adv.* دونوں ہاتھوں سے ۔ دو ہتھے پن سے ۔

Ambidextrousness *n.* دوہرے ہاتھوں کی مشاق - دو ہتھا پن -

Ambient (am-bi-ənt) *adj.* Surrounding expression گھرا ہوا - چہار طرف - محیط - محفوظ - محصور -

Ambiguity (am-big-iti) *n.* Capable of more than one meaning ابہام - ذو معنی لفظ یا جملہ - مبہم بات -

Ambiguous *adj.* مشکوک - گول مول - مبہم -

Ambiguously *adv.* غیر واضح طور پر - مبہم طور پر -

Ambiguousness *n.* مشکوکیت - ابہام -

Ambit (am-bit) *n.* extent حد - وسعت - پھیلاؤ - گھیرا -

Ambition (am-bish-ən) *n.* حب جاہ - ہوس - عالی حوصلگی - اولوالعزمی -

Ambitious *adj.* آرزو مند - مشتاق - بوالہوس - جاہ طلب - اولوالعزم - عالی حوصلہ - عالی ہمت - بلند نظر -

Ambitiously *adv.* بلند نظری سے - عالی حوصلگی سے - اولوالعزمانہ طور پر -

Ambitiousness *n.* عالی حوصلگی - بلند نظری - آرزو مندی - اولوالعزمی -

Amble (am-bl) *v.i.* Move by lifting two feet together دوگامہ - دلکی چلنا - گھوڑے کی چال جس میں دونوں پاؤں ایک طرف کے ایک ساتھ اٹھتے ہیں -

Amble (an-bl) *n.* گھوڑے کی چال - سبک رفتاری - دلکی - دوگامہ چال -

Ambrosia (ambro-z(h) ia) *n.* Food of the gods دیوتاؤں کی خوراک -

Ambrosial *adj.* مہکتی ہوئی - معطر - خدائی - دیوتاؤں کی یا ان کے لائق -

Ambulance (am-bu-ləns) *n.* مریض ڈولی یا گاڑی - بیماروں یا زخمیوں کی گاڑی - سفری شفاخانہ -

Ambuscade (am-bəs-kad) *n.* Ambush کمین گاہ - گھات کی جگہ - گھات -

Ambuscade (am-bəs-kad) *v.t. & i.* Lie or conceal, in ambush حملہ کرنے کے لیے چھپ جانا - تاک لگانا - گھات میں بیٹھنا - گھات لگانا -

Ambush (am-boosh) *n.* Concealment of soldiers, troops concealed چھپی ہوئی فوج - فوج کا چھپ کر انتظار کرنا -

Ambush (am-boosh) *v.t. & i.* Lie in wait دشمن کے انتظار میں چھپ کر بیٹھنا -

Ameer, amir (a-mir) *n.* Title of various Muslim rulers امیر - سردار - حاکم -

Ameliorate (əme-lyə-rat) *v.t. & i.* Cause to be better بہتر بنانا - بہتر ہونا - سدھارنا -

Amelioration *n.* بہتری - درستی - اصلاح و فلاح - رفاہ -

Ameliorator *n.* ترقی دینے والا - بہتر بنانے والا - اصلاح کرنے والا -

Ameliorative *adj.* اصلاحی - رفاہی - موجب فلاح -

Amen (a-men) *Int.* So be it خدا ایسا ہی کرے - آمین -

Amenable (ə-men-ə-bl) *adj.* Responsive اطاعت پذیر ماننے والا - بخوشی قبول کرنے والا -

Amenability *n.* معقولیت - جواب دہی -

Amenableness *n.* صلاحیت - اطاعت پذیری - اثر پذیری -

Amenably *adv.* اثر پذیری سے -

Amend (ə-mend) *v.t. & i.* improve, correct, give up evil ways سیدھی راہ پر آنا - تائب ہونا - اصلاح کرنا - ترمیم کرنا - درست کرنا - سدھارنا -

Amendable *adj.* ترمیم پذیر - قابل اصلاح -

Amendment *n.* درستی - ترمیم - اصلاح -

Amends (ə-mends) *n.* Compensation, penalties باز دہی - تلافی - خمیازہ - بحالی -

Amenity (ə-men-iti) *n.* Pleasant ways. خوشگواری - سہولت - آرام پہنچانے والی چیز -

American (ə-mer-ikan) A native of America امریکہ سے تعلق رکھنے والا - امریکہ کا باشندہ -

Americanism *n.* امریکہ پسندی - امریکہ پرستی - امریکی محاورہ -

Americanize *v.t.* امریکی محاورات بولنا - امریکی بن جانا - امریکانا - امریکی بننا یا بنانا -

Amethyst (am-e-thist) *n.* A precious stone of purple or violet strains ارغوانی یا بنفشی رنگ کا قیمتی پتھر - یاقوتِ جمری -

Amethystive *adj.* سرخ یا بنفشی رنگ کے پتھر کا بنا ہوا - یاقوتی -

Amiable (am-i-ə-bl) *adj.* Feeling and inspiring friendship. ملنسار ـ خوش خلق ـ دلاویز ـ دلکش ـ قابل محبت ـ
Amiability *n.* دل نوازی ـ خوش خلقی ـ ملنساری ـ
Amiableness *n.* محبت ـ تلطف ـ

Amiably *adv.* ملنساری سے ـ دلاویزانہ طور پر ـ از راہ لطف ـ

Amice (am-is) *n.* Square of white linen worn on head or shoulder, cap, head مذہبی لباس کا ایک حصہ ـ پادریوں کے سر یا کندھے کی پوشش ـ عصابہ ـ کلاہ ـ ردا ـ چادر ـ فرانسیسی قسیس کا پلاّ ـ

Amid (st) (ə-mid) *prep.* In the middle of ـ بیچ میں ـ درمیان میں ـ

Amidin (ə-mid-in) *n.* Soluble matter of starch نشاستہ کا حل ہوجانے والا حصہ ـ

Amidships (ə-mid-ship) *adv.* In the middle of the ship جہاز کے وسط میں ـ

Amiss (a-miss) *adv. & adj.* Astray ـ غلط ـ بیجا ـ اپنی جگہ سے ہٹا ہوا ـ

Amity (am-i-ti) *n.* Friendship مشفقانہ تعلق ـ بھائی چارہ ـ دوستی ـ

Ammeter (am-i-tər) *n.* Instrument for measuring electric current ـ بجلی کی رو ناپنے کا آلہ ـ برق پیما ـ

Ammonia (am-on-ia) *n.* A colourless gas with pungent smell ایک بے رنگ گیس جو ناک اور آنکھ پر تیز اثر کرتی ہے ـ

Ammunition (am-un-ish-ən) *n.* Military stores of all kinds گولہ بارود ـ فوجی سامان ـ

Amnesia (am-ne-zi-a) *n.* Loss of memory یادداشت خراب ہونے کی بیماری ـ نسیان ـ بھُول ـ

Amnesty (am-nest-i) *n.v.&t.* General pardon, act of oblivion ـ عام معافی ـ معاف دینا ـ نظر انداز کرنا ـ

Amoeba (e-me-ba) Microscopic animal perpetually changing پانی کا ابتدائی ذی روح ـ پانی کا ایسا کیڑا جو خُردبین سے دیکھا جا سکتا ہے ـ امیبا ـ

Among / **Amongst** (ə-mong) *prep.* Within the limits (ə-mungst) مقابلہ میں ـ نسبت سے ـ درمیان بیچ ـ مابین ـ مجمع میں ـ گروہ میں ـ منجملہ ـ شامل ـ داخل ـ

Amorous (am-ər-es) *adj.* Inclined to love عشق باز ـ عاشق ـ محبت پر مائل ـ
Amorously *adv.* عاشقانہ طور پر ـ
Amorousness *n.* عاشق مزاجی ـ

Amorphous (ə-mer-fəs) *adj.* Shapeless ـ خلاف قاعدہ بے شکلا ـ جسکی کوئی شکل نہ ہو ـ نقلا (جس سے قلم نہ بن سکے) بے ترتیب ـ بے ہنگم ـ

Amount (ə-mount) *n.* Quantity مقدار ـ معافی ـ

Amount (ə-mount) *v.* Be equivalent to کسی وزن کا ہونا ـ کسی مقدار کا ہونا ـ

Amour (ə-moor) *n.* Love affair عاشقانہ لگاؤ ـ عشق و محبت کا معاملہ ـ

Amphibian (am-fib-i-ən) *n. adj.* Living both on land and water خشکی اور تری دونوں کا ـ وہ جانور جو خشکی اور پانی دونوں میں رہے ـ جل تھلی ـ
Amphibious *adj.* جل بھومی ـ جسکا تعلق خشکی اور تری دونوں سے ہو ـ

Amphitheatre (am-fi-thətər) : *n.* Oval or circular building with rising seats گول تماشا گاہ جس میں چاروں طرف نشستیں ہوں ـ گول گھر ـ اکھاڑا ـ دنگل ـ

Ample (am-pl) *adj.* Spacious, extensive ـ کھلا ہوا فراخ ـ کشادہ ـ وسیع ـ
Amplify *v.t. & i.* ـ بڑا کرنا ـ آواز بلند کرنا ـ طول دینا ـ اضافہ کرنا ـ بڑھانا ـ
Amplification *n.* پھیلاؤ ـ بڑھاوا ـ توسیع ـ
Amplitude *n.* ـ شان ـ عزت ـ وقار ـ زیادتی ـ بہتات ـ وسعت ـ حد ـ

Amputate (am-put-at) *v.t.* Cut off کاٹ دینا ـ قطع کرنا ـ کاٹنا (عضو کا) ـ
Amputation *n.* قطع و برید ـ قطع عضو ـ

Amuck (ə-muk) *adv.* Blood-thirsty پاگل ہو کر لوگوں پر حملہ کرنا ـ

Amulet (am-u-let) *n.* Thing worn as a charm تعویذ ـ

Amuse (ə-muz) *v.t.* Divert from serious business دلچسپی پیدا کرنا ۔ ہنسانا ۔ تفریح کرانا ۔ دل بہلانا ۔ خوش کرنا ۔

Amusement *n.* دل بہلاوا ۔ کھیل ۔ تفنن ۔ تفریح ۔

An (ən) *adj.* One ایک ۔ واحد ۔

Anabaptism (an-ə-baptizm) *n.* Re-baptism, doctrine of anabaptists باز اصطباغ ۔ ایک عیسائی فرقہ کا مذہبی عقیدہ ۔

Anabaptist *n.* دوبارہ بپتسمہ دینے والا ۔

Anachronic (a-nak-rə-nik) *adj.* Out of date جس میں غلط وقت کا حوالہ دیا جائے ۔

Anachronism *n.* زمانہ کا حساب لگانے میں غلطی ۔

Anaconda (an-əkon-da) *n.* Large snake of Ceylon لنکا کا بڑا اژدھا ۔ اخگر ۔ اژدھے کی قسم کا سانپ ۔

Anaemia (an-ami-a) *n.* Lack of blood خون کی کمی کا مرض ۔ خون کی کمی ۔

Anaesthesia (an-es-the-zia) *n.& adj.* Insensibility بے حسی ۔ غفلت ۔ بیہوشی ۔

Anaesthetic *adj.* & *n.* بیہوشی پیدا کرنے والی ۔ وہ چیز جو بے ہوش کر دے ۔

Anagram (anəgram) *n.* Changing position of letters to form new words حروف آگے پیچھے کرکے نیا لفظ بنانا ۔ اس طرح لفظ کے معنی بدل دینا ۔

Anal (ə-nal) *adj.* Pertaining to anus مقعد کے متعلق

Analogy (an-alə-ji) *n.* Similarity, agreement ایک جیسا ہونا ۔ تناسب ۔ متوازی ہونا ۔ نسبت ۔ مطابقت ۔

Analogic *adj.* مثالی ۔ تمثیلی ۔ قیاسی ۔

Analogist *n.* نظیر دینے والا ۔ تمثیل پسند ۔ جو مثالوں کے دینے کا شائق ہو ۔

Analogous *adj.* ملتا جلتا ۔ مشابہ ۔ ہم شکل ۔ مثل ۔

Analyse (əna-lawiz) *v.t.* Examine minutely تشریح کرنا ۔ تجزیہ کرنا ۔ چھان بین کرنا ۔ خلاصہ بیان کرنا ۔ جملہ کی ترتیب کرنا ۔

Analysis *n.* تحلیل ۔ تجزیہ ۔

Analyst *n.* فن تحلیل کا ماہر ۔ محلل ۔ تجزیہ کرنے والا ۔

Analytic *a.* تحلیلی ۔ تجزیہ کے متعلق ۔ تشریحی ۔

Analytical *adj.* جس میں تحلیلی اسلوب سے کام لیا جائے ۔ تحلیلی ۔

Anamnesis (an-am-nes-is) *n.* Recollection پچھلے جنم کی یاد ۔ یاد داشت ۔

Anarchy (anər-ki) *n.* Disorder, confusion قانونی حکومت کا تعطل ۔ نراج ۔

Anarchic / **Anarchical** *adj.* بے قانون ۔ بے نظم و ضبط ۔ نراجی ۔

Anarchist (anər-kist) *n.* Advocate of anarchy نراج کا حامی ۔ لا قانونیت کا حامی ۔

Anathema (əna-thi-ma) *n.* Accursed thing ملعون چیز ۔ نفرت انگیز شے ۔

Anathematize *v.t.&i.* Curse برا کہنا ۔ لعنت بھیجنا ۔

Anatomy (ə-natə-mi) *n.* Science of body structure, dissection علم الاعضا ۔ چیر پھاڑ ۔ طب کی ایک شاخ ۔

Anatomical *adj.* علم الاعضا سے متعلق ۔

Anatomist *n.* علم الاعضا کا ماہر ۔

Anatomize *v.t.* اعضا کا تجزیہ کرنا ۔ اعضا کو علیحدہ کرنا ۔

Ancestor (an-ses-tər) Those from whom one is descended آبا و اجداد ۔ باپ دادا ۔ خاندان کے لوگ ۔

Ancestral *adj.* نسلی ۔ آبائی ۔

Ancestry *n.* خاندانی حالت ۔ نسب ۔

Anchor (ang-ker) *n.* Heavy iron composed of long shank جہاز کا لنگر ۔

Anchorage *n.* لنگر اندازی ۔

Anchoret-ite (an-koret) *n.* Hermit گوشہ نشین ۔ تارک الدنیا ۔ جوگی ۔ سادھو ۔

Anchovy (anko-vi) *n.* A small fish like herring ایک چھوٹی مچھلی ۔

Ancient (an-shənt) *adj.* & *n.* Belonging to past قدیم ۔ پرانا (زمانہ) پرانی ۔ پرانی چیز ۔

Ancillary (an-sil-ə-ri) *adj.* Subordinate معمولی ۔ گھٹیا ۔ ماتحت ۔ ذیلی ۔ ضمنی ۔

And (ənd) *conj.* اور بھی ۔ اس کے ساتھ اور ۔ اور ۔

Anecdote (an-ik-dot) *n.* Narration of detached incident واقعہ ۔ قصہ ۔ روایت ۔ بے ربط قصہ ۔

Anecdotal *adj.* روایت کے متعلق ۔

Anecdotist *n.* داستان گو ۔ قصہ گو ۔ قصہ بیان کرنے والا ۔ راوی ۔

Anemograph (ə-nemograf) Instrument for recording on paper force of wind ایسا آلہ جو کاغذ پر ہوا کی رفتار اور اس کے رخ کا خاکہ بنائے ۔

Anemometer (ə-nemomi-tər) *n.* Instrument for measuring force of wind ہوا کا زور دریافت کرنے کا آلہ ۔ ہوا پیما ۔

Anemone (ə-nem-ən) *n.* A Kind of plants ایک قسم کے پودے ۔

Aneroid (an-ə-rod) *n.* & *adj.* One that measures air pressure ہوا کے دباؤ کے متعلق ۔ ہوا کا دباؤ معلوم کرنے کا آلہ ۔

Anew (ə-nu) *adv.* In a different way, again نئے سرے سے ۔ از سر نو ۔

Angel (an-jl) *n.* Divine messenger ملکوتی صفات کا حامل ۔ فرشتہ ۔

Angelic *adj.* معصوم ۔ فرشتہ صفت ۔ فرشتہ سیرت ۔

Anger (ang-gər) *n.* Rage, hot displeasure غصہ ۔ خشم ۔ گرم مزاجی ۔ غضب ۔ ناراضی ۔

Angina (an-ji-na) *n.* Spasm of chest resulting from over-exertion - دل کی کمزوری ۔ ضعف قلب دل کی بیماری ۔ صدری مرض ۔

Angle (ang-gl) *n.* Space between two meeting lines زاویہ ۔ کونہ ۔ گوشہ ۔

Angle (ang-gl) *v.i.* To catch fish with a hook کانٹے سے مچھلی پکڑنا ۔ کانٹا ڈالنا ۔

Angler *n.* مچھلی کا شکاری ۔ ڈگن اور بنسی سے مچھلی پکڑنے والا ۔

Anglican (ang-li-kan) *adj.* & *n.* Followers of the reformed Church of England انگلستان کے گرجا کا رکن ۔

Anglicism *n.* انگریزی سیاسی نظریہ ۔ انگریزی محاورہ ۔

Anglicize *v.t.* انگریزیانا ۔ انگریزی بنانا ۔

Anglomania (ənglomania) Excessive admiration of English customs انتہائی انگریزیت پسندی ۔

Angola }
Angora } (əng-o-la) *n.* A fine fabric of Angola wool ایک نفیس کپڑا جو انگولا اون سے بنایا جاتا ہے ۔

Angry (əng-ri) *adj.* Enraged خشم آلود ۔ غصہ میں ۔ طیش میں آیا ہوا ۔

Anguish (əng-ish) *n.* Severe bodily or mental pain انتہائی جسمانی یا ذہنی تکلیف ۔ روحانی اذیت

Angular (ang-gulər) *adj.* Having angles کونے رکھنے والا ۔ زاویہ دار ۔ گوشہ دار ۔

Anhydrous (an-hy-drus) *a.* without water بغیر پانی کے ۔ خشک ۔

Aniline (ani-lin) *n.* A chemical base, source of many dyes ایک کیمیائی مرکب جو رنگ سازی میں استعمال ہوتا ہے ۔

Animadversion (animədversion) Criticism برا بھلا کہنا ۔ تنقید ۔ سرزنش ۔ ملامت ۔

Animadvert (an-məd-vert) *v.t.* Pass criticism or censure on ۔ تنقید کرنا ۔ کسی چیز میں نقص نکالنا عیب ظاہر کرنا ۔ سرزنش کرنا ۔

Animal (an-i-ml) *n.* & *adj.* Quadruped جانور ۔ جاندار ۔ متحرک ۔ چوپایہ ۔ حیوانی ۔

Animalism *n.* حیوانیت ۔ حیوانی حرکت ۔

Anamality *n.* حیوان پن ۔ نظام حیوانی ۔

Animate (an-im-at) *adj.* Living زندہ ۔ جاندار ۔

Animate (an-im-at) *v.t.* حرکت پیدا کرنا ۔ جان ڈالنا ۔ زندہ کرنا ۔

Animism (an-im-izm) *n.* The doctrine that the phenomena of animal life are produced by an immaterial soul یہ عقیدہ کہ حیوانی مظاہر ایک غیر مادی روح سے پیدا ہوتے ہیں ۔ بے جان چیزوں میں بھی روح کے ہونے کا اعتقاد ۔ مظاہر پرستی ۔

Animist *n.* بے جان چیزوں کو ذی روح ماننے والا ۔ بھوت پریت کا ماننے والا ۔ مظاہر پرست ۔

Animosity (an-m-ositi) *n.* Active enmity خصومت ۔ دشمنی ۔ بیر ۔ عداوت ۔

Animus (an-m-əs) *n.* Animating spirit, روح رواں ۔ دشمنی ۔

Aniseed (ani-i-sid) Seed of anise بادیان ۔ انیسون ۔ سونف ۔

Anker (angkər) *n.* Measure of wine شراب کا پیمانہ

Ankle (ank-l) *n.* Joint connecting foot with leg ٹخنہ ۔ گٹا ۔

Anklet (ank-let) *n.* Ornament worn on ankle پائل ۔ پازیب ۔

Anna (an-a) *n.* Sixteenth part of a rupee آنہ ۔
Annalist *n.* وقائع نگار ۔ مورخ ۔ تاریخی واقعات ترتیب دینے والا ۔
Annals (anəls) *n.* Historical Records مرتب تاریخی واقعات ۔ تاریخی مواد ۔
Annex (ə-neks) *v.t.* Add as subordinate part ساتھ ملانا ۔ شامل کرنا ۔ توسیع کرنا ۔
Annexation *n.* (عمارت) اضافہ ۔ توسیع ۔ اشتمال ۔
Annihilate (əni(h)il-at) *v.t.* Blot out of existence فنا کر دینا ۔ مٹا دینا ۔ منہدم کر دینا ۔
Annihilation *n.* کالعدم ہونا ۔ نیست و نابود ہونا ۔ فنا ۔ انہدام ۔ ہلاکت ۔
Anniversary (ani-vərsəri) *n.* The yearly celebration of any remarkable event سالگرہ ۔ برسی ۔ سالانہ رسم ۔
Anno Domini (əno-domi-ni) In the year of our Lord, in the Christian era ولادت حضرت عیسیٰ علیہ السلام (کے بعد) ۔ سن عیسوی میں ۔
Annotate (an-o-tat) *v.t.* & *i.* Furnish with notes کتاب کی تفصیل لکھنا ۔ کسی کتاب کی تشریح کرنا ۔ شرح لکھنا ۔ حاشیہ لکھنا ۔
Annotation *n.* حاشیہ ۔ شرح ۔
Annotator *n.* شارح ۔ حاشیہ نگار ۔
Announce (ə-nowns) *v.t.* Proclaim تشہیر کرنا ۔ اعلان کرنا ۔
Annoy (ə-noi) *v.t.* Irritate ناراض کرنا ۔
Annoyance *n.* ناراضی ۔
Annual (an-u-əl) *adj.* yearly سال بہ سال ۔ سالانہ ۔
Annually *adv.* ہر سال پر ۔ ہر سال ۔ سال بہ سال ۔
Annuity (ənu-iti) *n.* سالانہ وظیفہ ۔
Annul (ə-nul) *v.t.* Abolish منسوخ کرنا ۔
Annulment *n.* منسوخی ۔ تنسیخ
Annunciate (ə-nuns(h)i-at) *v.t.* Proclaim مشہور کرنا ۔ اعلان کرنا ۔
Annunciation *n.* شہرت ۔ اعلان ۔
Annunciator *n.* اعلان کرنے والا ۔ مشتہر ۔ معلن
Anodyne (ano-din) *adj.* & *n.* Able to sooth pain مسکن ۔ درد کم کرنے والی دوا ۔ سکون ۔
Anomaly (ə-nomali) *n.* Irregularity غلطی ۔ بے قاعدگی ۔ بے ربطی ۔
Anomalous *adj.* نامناسب ۔ غلط ۔ بے قاعدہ ۔
Anonymous (ə-nonimas) *adj.* Unknown, undeclared بے نام ۔ گمنام ۔ مجہول ۔
Anonymity *n.* بے عنوانی ۔ گمنامی ۔
Anopheles (an-of-elez) *n.* A malarial mosquito ایک قسم کا مچھر جس سے ملیریا پیدا ہوتا ہے ۔
Another (e-nudh-ər) *pren.* & *adj.* An additional one ایک اور ۔ مزید ۔ ایک دوسرا ۔
Answer (an-sər) *v.t.* & *i.* Reply to جواباً کارروائی کرنا ۔ جواب دینا ۔
Answer (an-sər) *n.* جوابی کارروائی ۔ جواب ۔
Ant (ant) *n.* A small insect چیونٹی ۔
Antagonism (antag-ə-nism) *n.* Enmity مخالفت ۔ دشمنی ۔
Antagonist *n.* دشمن ۔ حریف ۔ مخالف ۔
Antagonistic *a.* مخالفانہ ۔ حریفانہ ۔
Antagonize *v.t.* مخالفت کرنا ۔ دشمن بنانا ۔
Antarctic (ant-ark-tik) *adj.* Of south polar region قطب جنوبی سے متعلق ۔
Antecedent (anti-si-dent) *n.* & *adj.* Precedence پہلے واقع ہونے والا ۔ قبل آنے والا ۔ مقدم ۔
Antecedence *n.* اولیت ۔ سبقت ۔ تقدم ۔
Antechamber (anti-cham-bər) *n.* Room leading to chief apartment بڑے کمرے کے ساتھ کا چھوٹا کمرہ ۔ پیش دالان ۔ ڈیوڑھی ۔
Antechapel (anti-chapl) *n.* Outer part of west end of chapel گرجے کی مغربی جانب کا بیرونی حصہ ۔
Antedate (anti-dat) *v.t.* To fix previous date اصلی تاریخ سے پہلے کی تاریخ ڈالنا ۔
Antediluvian (anti-dil(y)ooiən) *adj.* Utterly out of date طوفان نوح سے پہلے کا ۔ پرانا ۔ دقیانوسی ۔
Antelope (anti-lop) *n.* Deer-like animal آہو کی ایک قسم ۔ مرگ ۔
Ante-meridiem (anti-mərediəm) *adv.* Between noon and midnight دوپہر سے نصف شب تک ۔
Antenatal (anti-na-tl) *adj.* Previous to birth پیدائش سے پہلے ۔

Antenna (an-tina) *n.* Sensory organs of insects
کیڑوں کے حساس اعضا یا بال - قرن - آھنی مینار جو نشریات کے لیے استعمال کئے جاتے ہیں - محاس -

Anterior (anti-ri-ər) *adj.* More to the front
پیشتر - آگے کا - سامنے کا -

Anthem (an-thəm) *n.* Sacred or national music
قومی ترانہ - ترانہ - حمد - مناجات - خوشی کا ترانہ -

Anther (an-thər) *n.* Pollen زیرہ - زیرہ گل -
  Antheral *adj.* زیرہ گل کے متعلق -
  Antheriferous *adj.* زیرہ دار-
  Antheroid *adj.* زیرہ نما -

Anthology (antha-loji) *n.* A choice collection of literature بیاض اشعار - کلام منتخب - منتخب فقرے - گلدستہ نظم - ادبی کشکول - بیاض -
  Anthologist *n.* منتخب اشعار کا مولف -

Anthony (an-then-i) *n.* Patron of swineherds
سینٹ انتھنی جو سور کے چرواھوں کا سرپرست مانا جاتا تھا -
  St. Athony's fire *n.* ایک مرض جس سے جسم کا متاثر حصہ سرخ ہو جاتا ہے - سرخ بادہ -

Anthracite (anthrə-sit) *n.* Coal of ordinary quality وہ کوئلہ جس میں پتھر کا جز زیادہ ہوتا ہے - جھوٹا کوئلہ -

Anthrax (an-thraks) *n.* Melignant boil پھوڑا - پھنسی - دنبل - پھنسی جو بھیڑوں کی تپ کی وجہ سے انسان میں پیدا ہو جائے -

Anthropocentric (an-thro-posentrik) *adj.* About man-مرکوز بالبشر-متعلق بہ انسان بحیثیت مرکز کائنات اس عقیدہ سے متعلق کہ انسان ہی کائنات کا مرکز ہے -

Anthropogeny (anthropojəni) Science of creation of man آفرینش انسان کا علم -

Anthropography (anthro-pog-rəfi) *n.* Science of geographical distribution of mankind انسان کی نسل اور مختلف قوموں کی جغرافیائی تعلیم کا علم -

Anthropoid (authro-pod) *adj.* - انسان جیسا - آدم نما -

Anthropology (anthropoliji) *n.* Whole science of man علم الانسان - بشریات - انسان کا فعلیاتی اور نفسیاتی علم -
  Anthropologist *n.* انسانیات دان - علم الانسان کا عالم -

Anthropomorphism (anthropo-mərfisz) *n.* Attributing human form to God مذھب تشبیہ - تنزل جسمی - جسم انسان میں روح مقدس کا حلول کرنا -

Anthropophagous (anthropofəgəs) *adj.* Man-eating آدم خور -

Anti (ant-i) *prefix:* Opposite, against - مخالف - حریف مقابل - جواب - ضد -

Anti-billious (anti-bil-yes) *adj.* Of use against billiousness قاطع صفرا - صفرا شکن -

Antics (ant-iks) *n.* & *adj.* Grotesque - تماشا - کھیل ہنسی ٹھٹھا - عجیب و غریب وضع - نقل -

Anti-Christ (anti-krist) *n.* Enemy of Chirst - دجال دشمن حضرت مسیح -
  Anti-Christian - متعلق بہ دجال - عیسائیت کا مخالف

Anticipate (an-tis-ip-at) *v.t.* Use in advance, know beforehand پیش بینی کرنا - پہل کرنا - پیش قدمی کرنا - پہلے سے سمجھ لینا - انسداد کرنا -
  Anticipant *adj.* &*n.* پہل کرنے والا- پیش بندی کرنے والا - متوقع -
  Anticipation *n.* سبقت - پیش بندی - پیش بینی
  Anticipator *n.* قبل از وقت سمجھنے والا - پیش بینی کرنے والا -
  Anticipatory *adj.* توقع کا - متوقعانہ -

Anticlimax (anti-kli-maks) opposite of climax
عروج کی ضد - تنزل - اتار-

Anti-dote (an-ti-dot) *n.* Medicine given to counteract poison تریاق - زہر کا توڑ - زہر مار - بس مار-
  Anti-dotal *adj.* زہر اتار - زہر مار - تریاق -

Antimasque (anti-mask) *n.* Grotesque interlude
نقل - ظریفانہ اداکاری - کسی کھیل کے بیچ میں مضحکہ خیز نقلیں داخل کرنا -

Antimony (anti-mə-ni) *n.* A metallic substance
انجن - کحل - سرمہ -

Antinomian (anti-ne-mi-ən) *adj.* &*n.* Opposed to moral law اخلاق قانون کا منکر - وہ جس کا عقیدہ ہے کہ عیسائی اخلاق قانون سے آزاد ہیں -

Antipathy (anti-pa-thi) *n.* Aversion - بیر - دشمنی نفرت - اکراہ -
  Antipathetical *adj.* بہ اکراہ - متنفرانہ -
  Antipathetically *adv.* - تنفر سے - اکراہ سے - دشمنی سے

Antiphlogistic } (anti-flojəs-tic) *adj.* & *n.*(Reduc-
Antiphlogistire } anti-flojes-tine)ing inflammation
ورم کو تحلیل کرنے والا - وہ دوا جس سے ورم اور سوزش کم ہو-

Antipodes (anti-pə-dz) *n.* Regions opposite to our own وہ مقامات جو ایک دوسرے کے مقابل ہوں - وہ مقامات جو کرہ زمین کے مقابل ہیں - برعکس - مقابل -

Antipole (anti-pol) *n.* Opposite pole - بالکل برعکس قطب مخالف - قطب مقابل -

Antipope (anti-pop) *n.* Pope elected in opposition to one chosen پاپائے منتخبہ کے مقابلے میں کسی دوسرے کا انتخاب کرنا - پاپا کا حریف -

Antiquarian (antikwe-ri-ən) *adj.* & *n.* Connected with the study of antiquities آثار قدیمہ سے متعلق - آثار قدیمہ کا ماہر -

Antiquary (anti-kwe-ri) *n.* قدیم تاریخی اشیا کا مبصر - پرانی چیزیں جمع کرنے والا -

Antiquate (anti-kw-ət) *v.t.* Make obsolete متروک قرار دینا - پرانا قرار دینا -

Antique (an-tik) *adj.* & *n.*Of old time - پرانا - قدیم اگلے وقتوں کا - کہنہ - دقیانوسی - دیرینہ -

Antiquity *n.* - قدیم رسوم یا آثار - کہنگی - قدامت -

Antiscriptural (anti-skrip-tər-əl) *adj.* Opposed to scripture - منکر وحی - الہامی اور آسمانی کتاب کا منکر -

Anti-Semite (anti-sem-it) *adj.* & *n.* Hostile to jews یہودیوں کا مخالف - یہودیوں کا دشمن -

Anti-Semitic (anti-simitik) *adj.* Hostile to semitic tribes - سامی نسل کا مخالف - یہودیوں کے خلاف -

Antiseptic (anti-septik) *adj.* Agent counteracting putrefaction سڑن روکنے والا - صاف کرنے والا جراثیم کش - دافع عفونت - مصفی -

Anti-social (anti-so-shl) *adj.* Opposed to social principles - سماج دشمن - اصول معاشرت کا مخالف -

Anti-theist (anti-thest) *adj.* *n.* Opposed to belief in God - دہریہ - خدا کا منکر - وجود خدا کا منکر -

Anti-theism *n.* - دہریت - خدا کے وجود سے انکار -

Anti-thesis (anti-thi-sis) *n.* Contrast of ideas صنعت تضاد - تضاد تقابل - ضد - برعکس - الٹا - نقیض -

Antithetic *adj.* - مقابل - نقیض - ضدیں رکھنے والا - تضادی - صنعت تضاد سے متعلق -

Anti-type (anti-tip) *n.* Different from usual type اصل - اساس - جس کا نمائندہ کوئی نمونہ یا علامت ہو -

Antler (ant-lər) *n.* Branched horn of a stag بارہ سنگھے کا سینگ - شاخدار سینگ -

Antonym (ant-o-nim) *n.* A word of contrary meaning ضد - اضداد (الفاظ)

Anvil (an-vil) *n.* Block on which smith works سندان - نہائی - اہرن - وہ لوہا جس پر لوہار گرم لوہے کو پیٹتے ہیں -

Anxiety (ang-zi-ti) *n.* Uneasiness - فکر - تشویش - پریشانی - بے چینی - اضطراب -

Anxious *adj.* - تردد خیز - تشویش ناک - پریشان کن - بے چین - متفکر - بے تاب -

Any (ən-i) *adj.*, *pron.* & *adverb* One, some کوئی کوئی سا - جون سا - کچھ بھی - کسی قسم کا - کچھ ایک - کسی قدر -

Anywise *adv.* جس طرح بھی ہو - بہر حال - کسی نہ کسی طرح -

Anything *n.* & *pr.* کوئی ایک چیز - ہر چیز - کوئی چیز

Any wise *adv.* - جس طرح ہو سکے - کسی صورت سے -

Anzac (an-zak) *n.* & *adj.* A soldier of Australia or New-zealand in the war of 1914-18 آسٹریلیا یا نیوزی لینڈ کی فوج کا سپاہی - (۱۹۱۴-۱۸ء کی جنگ میں)

Aorist (aər-ist) *adj.* & *n.* Indefinite مضارع - جس میں کسی زمانہ کا تعین نہ ہو -

Aorta (a-or-ta) *n.* Great artery بڑی رگ جو دل سے نکلتی ہے - رگ جان - شاہ رگ -

Aortic *adj.* - شہ رگ سے متعلق - شریان اعظم سے متعلق -

Apace (ə-pas) *adv.* Swiftly - جلدی سے - تیزی سے - جلدی - شتابی سے -

Apache (ap-a-cha) *n.* A member of N. American native tribe - شمالی امریکہ کے قدیم قبیلہ کا آدمی - پیرس کا شہدا - غنڈا -

Apanage } (əpa-naje) *n.* Provision for main-
Appanage } tenance of younger children of king
بادشاہ کے چھوٹے بچوں کا وظیفہ - مشاہرہ وغیرہ - وظیفہ شہزادگی - باج گزار علاقہ -

Apart (ə-part) *adv.* Aside, separately - الگ - علیحدہ
جدا - یکطرفہ - جداگانہ -

Jesting apart - مذاق بالائے طاق - مذاق بر طرف -

Set apart محفوظ کر لینا - الگ نکال رکھنا -

Apartment (ə-part-ment) *n.* Single big room of a house کمرہ - حجرہ - خانہ -

Apathetic (apəthe-tik) *adj.* Indifferent - بے حس
لا ابالی - بے پروا - مردہ دل -

Apathetically *adv.* - لا پروائی سے - سرد مہری سے
مردہ دلی سے -

Apathy (apəth-i) *n.* Indolence of mind - بے اعتنائی
سرد مہری - مردہ دلی -

Ape (ap) *n.* A tail-less monkey چمپینزی - گوریلا - بے
دم کا بندر -

Ape (ap) *v.t.* Imitate, mimic - ریس کرنا - نقل کرنا
نقل اتارنا -

Aperient (əpe-ri-ənt) *adj.* & *n.* Laxative medicine
ملین دوا - منضج - دست آور -

Aperture (aper-tyər) *n.* Opening - شگاف - سوراخ
موکھا - روشن دان - روزن -

Apery (ap-ri) *n.* Ape-house بندر خانہ - بندر کی سی
حرکتیں - نقالی -

Apetalous (ə-petəl-əs) *adj.* A flower without petals وہ پھول جس میں پنکھڑی یا چہرہ گل نہ ہو -

Apex (a-peks) *n.* Tip top, peak نوک - سرا - چوٹی

Aphasia (a-fa-z (h) ia) *n.* Loss of speech - بے معنی
باتیں - بات نہ کر سکنا - (مرض) گویائی میں نقص آ جانا -

Aphelion (a-feliən) *n.* Point farthest from the sun
اجرام فلکی کے مدار کا وہ مقام جب وہ سورج سے بہت دور
ہوتے ہیں -

Apheliotropic (a-fe-lio-tropik) *adj.* Turning away from the sun - آفتاب کی طرف سے مڑ جانے والا
مہر گریز - شمس گریز -

Aphonia (afo-ni-a) *n.* Total loss of voice آواز کا
بالکل جاتے رہنا - انقطاع صوت - گلا بیٹھنا - آواز کا نہ
نکلنا -

Aphonus *adj.* - بے آواز - بے زبان -

Aphony *n.* بے زبانی - گلا بیٹھ جانا - آواز غائب
ہو جانا -

Aphorism (af-ər-izm) *n.* Short maxims - کہاوت
مقولہ - ضرب المثل -

Aphorismic } *adj.* پر حکمت (مقولے)
Aphoristic } حکیمانہ - حکمت آموز -

Aphoristically *adv.* مقولے کے طور پر - مثل کے طور پر

Aphrodisiac (af-ro-diz-i-ak) *n,* & *adj.* Producing venereal desire شہوت انگیز (غذا یا دوا)

Aphyllous (a-fel-əs) *adj.* Naturally leafless trees
بے برگ - ایسے درخت یا پودے جو قدرتی طور پر بے
برگ ہوں -

Apiary (əpi-ər-i) *n.* Place where bees are kept
مہال - چھتا - وہ جگہ جہاں شہد کی مکھیاں پالی جاتی ہیں

Apiarist *n.* شہد کی مکھیاں پالنے والا - نحل پرور -

Apiarian *adj.* پرورش نحل کے متعلق -

Api-culture *n.* نحل پروری کا فن - شہد کی مکھیاں
پالنا - نحل پروری -

Apiece (ə-pis) *adv.* Severally فی - فرداً فرداً - ہر
ایک - ایک ایک -

Apish (ap-ish) *adj.* Monkey-like - بوزنہ صفت - میمونی
میمون خصلت -

Apishly *adv.* - میمونی طرح پر - بندر کی طرح

Apishness *n.* - ریس - بندرپن - میمونیت

Aplomb (a-plom) *n.* Prependicularity - ضبط نفس
سیدھا کھڑا ہونا - اپنے اوپر پورا پورا قابو -

Apocalypse (a-pokəl-ips) *n.* Revelation الہام
بالخصوص وہ جو یوحنا کو جزیرہ پتموس میں ہوا -

Apocalyptic *adj.* - کشفی - الہامی

Apocalyptically *adv.* مکشفانہ طور پر - کشفی طریقہ
سے - الہامی طور پر -

Apocope (ə-pokop-e) *n.* Cutting off of last letter
کسی لفظ کا آخری حرف حذف کر دینا - صنعت ترخیم -
آخری رکن کا حذف کرنا -

Apocopate *v.t.* زحافات لگانا - جدید کرنا - محذوف کرنا

Apocrypha (ə-pokrif-a) *n.* [illegible] of old Testament included in Septuagint but not originally in Hebrew اسفار مجرفہ - وہ الہامی پارے جو عبرانی
میں نہیں پائے جاتے لیکن لاطینی عہدناموں میں ہیں -

Apocryphal *adj.* غیر مستند - وضعی - نقلی - عہد
نامہ قدیم کے محرف حصوں کے متعلق -

Apod (ap-od) *n.* Bird, reptile or fish without feet or ventral fins وہ مچھلی جس کے پیٹ پر پر نہیں ہوتے - بے پیرا - بے پرا -

Apodal *adj.* بے پیرا - بے پرا -

Apogee (apo-ji) Greatest distance of sun from earth بلند ترین مقام - زمین کا سورج سے بعید ترین فاصلہ - اوج مدار قمر -

Apogean *adj.* اوج - انتہائی بلند -

Apolaustic (apo-laustik) *adj.* Self-indulgent نفس پرست -

Apollo (ə-pol-o) *n.* Greek sun-god سوریا دیوتا - سورج کا دیوتا -

Apollyon (a-polyən) *n.* The Devil - ابلیس - شیطان

Apologetic (ə-pol-ə-jetik) *adj.* & *n.* Regretfully acknowledging - عذر خواہ - شرمندہ - نادم - منفعل تائیدی - حمایتی -

Apologetical *adj.* - عذر خواہانہ - نادمانہ - منفعلانہ

Apologetically *adv.* نادمانہ طور پر -

Apologist *n.* - دلائل سے ثابت کرنے والا - عذر خواہ

Apologize *v.i.* - نادم ہونا - معذرت چاہنا - معافی چاہنا

Apologue (apə-log) *n.* Moral fable اخلاقی قصہ - اخلاقی تمثیل - اخلاقی حکایت -

Apology (ə-polə-ji) *n.* Assurance that no offence was intended - عذر خواہی - اظہار ندامت - معذرت معافی -

Apophthegm (ap-o-them) *n.* Terse saying-جامع کلمہ کہاوت - پر مغز بات -

Apophthegmatic *adj.* جامع و مانع -

Apophthegmatically *adv.* - جامع و مانع طریقہ پر

Apoplectic (ap-oplek-tik) *adj.* Suffering from apoplexy لقوہ زدہ - مرگی کا مریض -

Apoplexy *n.* لقوہ - سکتہ - صرع - مرگی -

Apostasy (ə-postə-si) *n.* Abandonment of religious faith - خدا سے انکار - مذہب سے برگشتگی ارتداد - الحاد -

Apostate ***n.* & *adj.*** - مذہب سے منحرف - مرتد - ملحد

Apostatize ***n.*** مرتد ہونا - مذہب ترک کرنا -

A posteriori(aposte-ri-o-ri) ***adj.*** **Reasoning from effect to causes, inductive** نتائج سے اسباب معلوم کرنا - معلول سے علت معلوم کرنا - استقرائی -

Apostil (ə-postil) *n.* Marginal notes حاشیہ کتاب پر لکھی ہوئی یادداشت -

Apostle (ə-posl) *n.* Messenger - رسول - پیغمبر - نبی - حضرت عیسیٰ کے حواریوں میں سے ایک - عیسائیت کا مبلغ - عیسائیت کا پہلا کامیاب مبلغ -

Apostolate *n.* حواری - مبلغ -

Apostolic *adj.* حواریانہ - پادریانہ -

Apostolical *adj.* پادریانہ - پیغمبرانہ - رہبرانہ -

'Apostolically *adv.* حواریوں یا پادیوں کی طرح -

Apastrophe (ə-pastrə-fi) *n.* Exclamatory address تقریر یا نظم میں کسی مرحوم سے خطاب - وہ نشان (') جو محذوف حرف کی جگہ لگایا جائے - علامت حذف - حذفیہ -

Apostrophic *adj.* حذفی -

Apothecary (ə-pothi-keri) *n.* Druggist دوا ساز - دوا فروش - عطار -

Apotheosis (ə-po-the-i-o-sis) *n.* Deification حیات ارضی سے آزادی - مجازی خدا بنانا - دیوتا بنانا -

Appal (ə-pawl) *v.t.* Terrify ہیبت زدہ کرنا - خوف دلانا - ڈرانا -

Apparatus (ap-ə-ratəs) *n.* Instrument - ضروری مواد ساز و سامان - اوزار - آلات -

Apparel (ə-parl) *v.* & *n.* - زریں مذہبی پوشاک - پوشاک لباس - لباس پہننا -

Apparent (ə-par-ənt) *adj.* Manifest - آشکارا - عیاں نمایاں - ظاہر -

Heir apparent *n.* ریاست کا وارث - ولی عہد -

Apparently *adv.* - بظاہر - نمایاں طور پر - ظاہر طریقے سے صاف طور پر -

Apparition (ap-ə-rishan) *n.* Ghost - سایہ - وہمی صورت بھوت - آسیب -

Appeal (ə-pel) *v.i.* Call to higher court, make earnest request نئے ممبروں کے انتخاب کے لیے پارلیمنٹ برخاست کرنا - بالاتر عدالت سے فریاد کرنا - مرافعہ کرنا - پرجوش درخواست - توجہ منعطف کرانا - دلکش ہونا - بھلا معلوم ہونا -

Appealable ***adj.*** قابل مرافعہ -

Appear (ə-per) Become, present oneself دکھائی دینا - نظر آنا - شائع ہونا - چھپنا - نمایاں ہونا - کھل جانا - عیاں ہونا -

Appearance *n.* باریابی - آمد - حاضری - موجودگی - ظہور - روایت - اظہار - بھیس - شکل - سایہ - آثار - علامت -

Save, keep up, appearances نبھانا - اپنی وضع یا ظاہری حالت کو قائم رکھنا -

To all appearance جہاں تک معلوم ہے - بظاہر حالات - جہاں تک اندازہ لگایا جا سکتا ہے -

Appease (ə-piz) *v.t.* Pacify رفع کرنا - فرو کرنا - کم کرنا - ٹھنڈا کرنا - اطمینان دلانا - ڈھارس بندھانا - تسکین دینا -

Appeasable *adj.* قابل تسکین - اطمینان دلانے کے قابل - روک تھام کرنے کے قابل -

Appeasement *n.* طمانیت - ڈھارس - روک تھام -

Appellant (ə-pil-ənt) *n.* & *adj.* One who appeals التجا کرنے والا - مرافعہ کرنے والا -

Appellate *adj.* وہ حاکم جس کو مرافعہ کی سماعت کا اختیار ہو - عدالت مجاز سماعت مرافعہ -

Appellation *n.* اصطلاحی نام - اسم - خطاب - نام - لقب -

Appellative *adj.* لقب - نام - اسم نکرہ - عام - نکرہ -

Append (ə-pend) *v.t.* Annex, add لگانا - ملحق کرنا - وصل کرنا - شامل کرنا - جوڑنا -

Appendage *n.* ملحقہ چیز - تتمہ - ضمیمہ -

Appendant *n.* & *adj.* کوئی چیز یا شخص جو بطور ماتحت دوسرے کے ساتھ ہو -

Appendix *n.* چھوٹی سی چیز جو کسی عضو بدن سے پھوٹے - ذیلی شے - تتمہ - ضمیمہ -

Appendicitis *n.* التہاب زائدہ - وہ مرض جس میں زائد آنت سوج جاتی ہے -

Apperception (ap-ər-sep-shən) *n.* Mental perception درک - ادراک ذہنی - ذہن کا کسی تاثر سے خارجی شے کا ادراک کرنا -

Appertain (ap-ər-tan) *v.t.* Belong as possession تعلق یا لگاؤ رکھنا - متعلق ہونا - وابستہ ہونا -

Appetence-cy (ap-i-tens) *n.* Desire خواہش - آرزو - چاہ - اشتیاق -

Appetent *adj.* تمنائی - آرزو مند - نہایت خواہشمند - مشتاق -

Appetite (ap-i-tit) *n.* Inclination, hunger خواہش - رغبت - بھوک - میلان -

Appetize *v.t.* رغبت دلانا - اشتہا پیدا کرنا -

Appetizer *n.* بھوک تیز کرنے والی چیز - اشتہا پیدا کرنے والی چیز -

Applaud (ə-plawd) *v.t.&i.* Express approval loudly اظہار پسندیدگی کرنا - تالی بجانا - مرحبا کہنا - زور سے تحسین و آفرین کہنا -

Applause (ə-plawz) *n.* Marked approval تعریف - آفرین - پر زور تحسین - نمایاں اظہار مسرت -

Apple (apl) *n.* Round firm sweet fruit سیب -

Apple-green سیب جیسا سبز -

Apple-john ایک قسم کا سیب جو دو سال تک رہتا ہے اور خراب نہیں ہوتا -

Apple of discord فساد کی جڑ - لڑائی کا گھر -

Apple of the eye محبوب - آنکھ کی پتلی -

Apple-pie order بہترین انتظام و ترتیب - بہترین حالت میں -

Upset a person's apple-cart کسی کے منصوبوں کو درہم برہم کر دینا -

Appliances (ap-liəncez) *n.* Things applied as means اوزار - سامان - اشیا جو کسی مقصد کے لیے کام میں لائی جائیں -

Applicable *adj.* ضروری - قابل استعمال - صحیح - موزوں - برمحل -

Applicability *v.* صحت استعمال - موزونیت -

Application (ə-pli-kashen) *n.* Employment of means وسائل کو کام میں لانا - استعمال کرنا - مناسبت - موزونیت - درخواست - مشقت - تندہی - مصروفیت -

Applicant سائل - درخواست کرنے والا - امیدوار -

Apply (ə-pli) *v.t.&i.* Devote درخواست دینا - وسائل کو کام میں لانا - محنت کرنا - دھن میں لگے رہنا - کامل توجہ کرنا - درخواست کرنا -

Appoint (ə-point) *v.t.* Fix, prescribe مقرر کرنا - وقت یا مقام کا تعین کرنا - نامزد کرنا - تعینات کرنا - تقرر کرنا -

Appointee *n.* تقرر شدہ شخص - ملازم مامور - وہ شخص جس کا تقرر کیا جائے -

Appointment *n.* ماموری - تعیناتی - تقرر - مقام اور وقت کا تعین - وعدہ - قول قرار - اسامی - عہدہ - منصب - لوازمہ -

Apportion (ə-por-shon) *v.t.* Assign as due share بانٹنا ۔ جائز حق دینا ۔ حصہ تقسیم کرنا ۔

Apportionment *n.* تقسیم حصص ۔ بٹائی ۔ تقسیم ۔ حصہ دہی ۔

Apposite (əpo-zit) *adj.* Well-put موزوں ۔ بر موقع ۔ برجستہ ۔ برمحل ۔ ٹھیک ۔

Appositely *adv.* مناسب طور پر ۔ موزوں طریقہ پر ۔

Appositeness *n.* مناسبت ۔ مطابقت ۔

Apposition *n.* پہلو بہ پہلو رکھنا ۔ مہر زدہ کاغذ ۔ جڑائی ۔

Appraise (ə-praz) *v.t.* Estimate اندازہ کرنا ۔ تخمینہ کرنا ۔ جانچنا ۔ قیمت لگانا ۔

Appraisable *adj.* قیمت لگانے کے قابل ۔ قابل تخمینہ ۔ قابل اندازہ ۔

Appraisal / **Appraisement** } *n.* تخمینہ ۔ جانچ ۔ اندازہ ۔ تشخیص ۔

Appreciable (ə-pri-shabl) *adj.* Capable of being estimated پسندیدہ ۔ عمدہ ۔ قابل قدر ۔ نمایاں ۔ کافی ۔

Appreciably *adv.* نمایاں طور پر ۔ پسندیدگی سے ۔

Appreciate (ə-pri-si-ət) *v.t. & i.* Estimate worth قدر دانی کرنا ۔ داد دینا ۔ اندازہ لگانا ۔ پرکھنا ۔ نرخ بالا کرنا ۔ قیمت بڑھانا ۔ دام زیادہ ہونا ۔

Appreciative *adj.* قدر دان ۔ قدر افزا ۔

Appreciatively قدر دانی سے ۔ قدر افزائی سے ۔

Appreciatory *adj.* بطور قدر دانی ۔ تعریفی ۔ مبصرانہ ۔

Appreciation *n.* قدر شناسی ۔ قدردانی ۔ تخمینہ ۔ جانچ ۔ پرکھ ۔ حالات کا صحیح اندازہ ۔ اضافہ قیمت ۔ داد دہی ۔

Apprehend (ap-ri-hend) *v.t.* Seize, arrest پکڑنا ۔ گرفتار کرنا ۔ زیر حراست لینا ۔ سمجھ لینا ۔ بات کی تہہ کو پہنچ جانا ۔ ڈرنا ۔ خائف ہونا ۔

Apprehensible *adj.* جسے عقل قبول کرے ۔ جو سمجھ میں آ سکے ۔ معقول ۔ قابل فہم ۔

Apprehensibility *n.* نکتہ پذیری ۔ معقولیت ۔

Apprehension *n.* سمجھ بوجھ ۔ خوف ۔ خدشہ ۔ فہم ۔ حراست ۔ گرفتاری ۔

Apprehensive *adj.* ذہین ۔ خائف ۔ سمجھنے والا ۔ صاحب فراست ۔ اندیشناک ۔

Apprehensively *adv.* پریشانی کے ساتھ ۔ تشویش سے ۔

Apprehensiveness *n.* فہم ۔ ادراک ۔ اندیشہ مندی ۔ فکر مندی ۔

Apprentice (ə-pren-tis) *n.* Learner of a craft شاگرد ۔ امیدوار ۔ کارآموز ۔

Apprenticeship *n.* شاگردی ۔ میعاد کارآموزی ۔ نوآموزی ۔

Apprise (ə-priz) *v.t.& i.* Inform, be aware of خبردار ہونا ۔ آگاہ کرنا ۔ مطلع کرنا ۔ واقف ہونا ۔ خبردار کرنا ۔

Apprize (ə-priz) *v.t.* Appreciate اندازہ لگانا ۔ جانچنا ۔ پرکھنا ۔ قدردانی کرنا ۔

Approach (ə-proch) *v.t.i.* Come nearer قریب آنا ۔ پاس آنا ۔ گفت و شنید کرنا ۔ ملنا ۔ خندق کھودنا ۔ مورچہ بندی کرنا ۔

Approachable *adj.* پاس جانے کے قابل ۔ قابل رسائی ۔

Approbate (ap-ro-bat) *v.t.* Approve formally خوشی کا اظہار کرنا ۔ پسند کرنا ۔ منظوری دینا ۔

Approbation *n.* استحسان ۔ اجازت ۔ پسندیدگی ۔ قبولیت ۔ منظوری ۔

Approbatory *adj.* جس سے پسندیدگی ظاہر ہو ۔ تعریفی ۔

Appropriate (ə-pro-pri-at) *adj.* Suitable مناسب ۔ موزوں ۔ برمحل ۔ ٹھیک ۔

Appropriately *adv.* مناسب طور پر ۔

Appropriateness *n.* مناسب ۔ موزونیت ۔

Appropriate (ə-pro-pri-at) *v.t.* Take possession of قبضہ کرنا ۔ زبردستی رکھ لینا ۔ ہتھیا لینا ۔ علیحدہ اٹھا رکھنا ۔ کسی مقصد کے لیے مخصوص کرنا ۔

Appropriation *n.* کسی مقصد کے لیے مختص کرنا ۔ تصرف ۔ قبضہ ۔

Appropriative *adj.* متصرفانہ ۔ غاصبانہ ۔ قابضانہ ۔

Appropriator *n.* تصرف میں لانے والا ۔ قبضہ کرنے والا ۔

Approval (ə-prooval) *n.* Sanction پسندیدگی ۔ منظوری ۔

Approve (ə-proov) *v. t.* Confirm, Sanction پسند کرنا ۔ اچھی نظر سے دیکھنا ۔ تعریف کرنا ۔ تصدیق کرنا ۔ سراہنا ۔ اجازت دینا ۔ منظور کرنا ۔

Approver *n.* سرکاری گواہ ۔ تعریف کرنے والا ۔ پسند کرنے والا ۔

Approximate (ə-proks-im-at) *adj.* Very near اندازاً ۔ مشابہ ۔ قریب قریب ۔ لگ بھگ ۔

Approximately *adv.* قریب قریب ۔ تقریباً ۔ اندازاً ۔

Approximate (ə-proks-im-at) *v.t. & i.* Bring, come near نزدیک کرنا یا ہونا ۔ لگ بھگ ہونا ۔ قریب قریب ہو

Approximation *n.* مشابہت ۔ قربت ۔ نزدیکی ۔
Approximative *adj.* قریب قریب ۔ لگ بھگ ۔
Approximatively *adv.* اندازاً ۔ تخمیناً ۔
Appulse (ə-puls) *n.* Striking against something ٹکر ۔ ٹھوکر ۔ صدمہ ۔
Appurtenance (ə-pur-ten-əns) *n.* Belongings متعلقات ۔ ساز و سامان ۔ اثاثہ ۔
Appurtenant *adj.* مشتمل ۔ مناسب ۔ موزوں ۔ متعلق ۔
Apricot (a-pri-kot) *n.* Stone-fruit allied to plum زرد آلو ۔ خوبانی ۔
April (a-pril) *n.* The fourth month of the year اپریل
April-fool پہلی اپریل کو مذاق کرتے ہیں ۔ اپریل کا احمق
April-fool-day یکم اپریل ۔
A priori (a-pri-o-ri) *adv.* & *adj.* Reasoning from cause to effect آپ ہی آپ ۔ از خود ۔ بذات خود ۔ علت سے معلول کا پتہ چلانا ۔ استخراجاً ۔ قیاساً ۔
Apron (a-prən) *n.* Garment worn in front of the body پیش بند ۔ جو کپڑا لباس کے بچاؤ کے لیے سامنے پہنا جائے ۔
Tied to apron اشارے پر ناچنے والا ۔ کٹھ پتلی ۔ پلو سے بندھا ہوا ۔
Aproned *adj.* لباس پوش پہنے ہوئے ۔ پیش بند باندھے ہوئے ۔
Apronful دامن بھر ۔ پلو بھر ۔
Apropos (a-pro-po) *adv.*, *adj.* & n. In respect of درباره ۔ متعلق ۔ موزوں ۔ برمحل ۔
Apsides (ap-sids) *n.* Semi-circular or polygonal recess کسی سیارے کے نقاط اوج و حضیض ۔ اوج اور حضیض کا محور ۔
Apt (apt) *adj.* Suitable جھکا ہوا ۔ آمادہ ۔ لائق ۔ درست ۔ موزوں ۔ چسپاں ۔
Aptly *adv.* رغبت سے ۔ موزوں طریقہ پر ۔
Aptness *n.* معقولیت ۔ موزونیت ۔ رجحان ۔ میلان ۔
Aptera (ap-tər-a) *n.* Insects without wings بے پر کیڑے ۔
Apterous *adj.* بغیر پروں کے ۔ بے پنکھ ۔ بے پر ۔
Apteryx (aptər-iks) *n.* A New Zealand bird with rudimentary wings and no tail نیوزی لینڈ کا ایک پرندہ جو لنڈورا اور بے دُم ہوتا ہے ۔

Aptitude (əp-ti-tud) *n.* Inclination, fitness صلاحیت موزونیت ۔ میلان طبع ۔
Aqua (ek-wə) *n.* Water پانی ۔
Aquamarine (ekwe-mə-rin) *n.* A bluish-green variety of beryl نیلگوں سبز رنگ والا ۔ نیلگوں بلور ۔
Aquarium (əkwa-ri-əm) *n.* Artificial tank for keeping fish or water plants مچھلی گھر ۔ مچھلی پالنے کا حوض ۔ آبی پودے پالنے کا حوض ۔
Aquarius (ə-kwa-ri-əs) *n.* برج آبی ۔ قوس آبی ۔ کنبھ ۔ گیارھواں برج ۔
Aquatic (ə-kwat-ik) *adj.* & *n.* پانی میں پیدا ہونے والے ۔ پانی کا ۔ آبی ۔
Aqua-vitae (əkwa-vi-ta) *n.* Ardent spirits یک آتشہ شراب ۔
Aqueduct (ak-wi-dukt) *n.* Artifical channel نہر ۔ پکا نالہ ۔ چھوٹی نالی ۔ مہری یا موری ۔
Aqueous (a-kwi-əs) *adj.* Of water, produced by water مرطوب ۔ آبی ۔ پانی کے عمل سے بنی ہوئی ۔
Aquiline (ak-wi-lin) *adj.* Eagle-like عقابی ۔ عقاب کی مانند ۔ طوطے کی سی (ناک) ۔
Aquilon (ak-wi-lon) *n.* North wind اتر کی ہوا ۔ شمالی ہوا ۔
Aquosity (ak-wa- siti) *n.* Wateriness رطوبت ۔ تری ۔ نمی ۔
Arab (ar-əb) *adj.* & *n.* One of the Semitic races inhabiting Arabia عرب ۔ عرب کا باشندہ ۔ عربی گھوڑا ۔ اسپ تازی ۔
Street-arab *n.* گلیوں میں مارا مارا پھرنے والا ۔ آوارہ گرد ۔
Arabesque (ar-ə-bisk) *adj.* & *n.* Arabian decoration in colour عربی آرائش کا کام ۔ عربی گلکاری ۔ بیل بوٹے دار رنگین کام ۔
Arabian *adj.* ملک عرب کا ۔ عربی ۔
Arabian bird *n.* عنقا ۔
Arabian Nights *n.* الف لیلہ ۔
Arabic *adj.* & *n.* عربی زبان سے متعلق ۔ عربی زبان ۔
Arabic numerals *n.* عربی ہندسے ۔
Belcher (belcher) *n.* Coloured handkerchiefs رنگ برنگے رومال ۔ گلو بند ۔

Beldam (beldəm) *n.* Old woman لڑاکا عورت ۔ ڈائن ۔ بڑھیا ۔

Beleaguer (bi-legər) *v.t.* Besiege نرغے میں لینا ۔ ناکہ بندی کرنا ۔ محاصرہ کرنا ۔

Belfry (bel-fri) *n.* Bell town گھنٹہ گھر ۔ گرجے کا گھنٹہ گھر ۔

Belfried وہ عمارت جس میں گھنٹہ لگا ہو ۔

Belgian (bel-giən) *n.* A native of Belgium ملک بلجیم کا باشندہ ۔

Belgravia (bel-gravia) *n.* Fashionable part of London لندن کا مغربی حصہ جہاں اُمرا رہتے ہیں ۔

Belgravian *adj.* لندن کے فیشن ایبل حصہ کا رہنے والا ۔

Belial (Belyəl) *n.* The Devil شیطان ۔ ابلیس ۔

Man of Belial لعنتی ۔ مردود ۔ بدبخت ۔

Belie (bi-li) *v.t.* Give false notion جھٹلانا ۔ جھوٹا بتانا ۔ وفا نہ کرنا ۔ تکذیب کرنا ۔

Belief (bi-lif) *n.* Trust, confidence بھروسا ۔ اعتبار ۔ یقین ۔ عقیدہ ۔ رائے ۔ اعتماد ۔

To the best of my belief پورے یقین کے ساتھ ۔

Believe (bi-lev) *v.t.* & *i.* Have faith in سمجھنا ۔ اعتماد کرنا ۔ ایمان لانا ۔ مان لینا ۔ یقین کرنا ۔

Make believe تصنع کرنا ۔ جھوٹ موٹ سمجھ لینا ۔

Believable *adj.* قابل اعتبار ۔ قابل یقین ۔

Believer *n.* ماننے والا ۔ معتقد ۔ صاحب ایمان ۔ مومن ۔

Believing *adj.* اعتقاد کرنے والا ۔ خوش عقیدہ ۔ ایمان والا ۔

Belittle (bi-litl) *v.t.* Depreciate کم کرنا ۔ تحقیر کرنا ۔ گھٹانا ۔ بے وقعتی کرنا ۔

Bell (bel) *n.* Hollow thing of cast iron گھنٹا ۔ گھنٹی ۔ گھونگھرو ۔ ناقوس ۔

Bell-flower گھنٹی نما پھول ۔

Bell-weather وہ بھیڑ جو سب سے آگے چلتی ہے اس کے گلے میں گھنٹی بندھی ہوتی ہے ۔ اگواکار بھیڑ ۔

To bear the bell خطرے کا کام انجام دینا ۔ بازی یا سبقت لے جانا ۔

Belladona (bel-a-don-a) *n.* A poisonous plant with purple flowers بلاذر ۔ بھلاواں ۔ مکو ۔

Belle (bel) *n.* A handsome woman گوری ۔ البیلی ۔ حسینوں کی سرتاج ۔ حسینہ ۔

Belles-lettres (belis-leters) *n.* Literary books ادب ۔ خالص ادبی کتابیں ۔

Belletrist *n.* ادیب ۔

Belletristic *adj.* ادبی ۔ ادیبانہ ۔

Bellicose (bel-ik-os) *adj.* Inclined to fighting جھگڑالو ۔ لڑاکا ۔

Bellicosity لڑاکا پن ۔

Belligerency (bel-ij-ərənsi) *n.* st-tus of a belligerent شریک جنگ کی حیثیت (ریاست)

Belligerent (bel-ij-ər-ənt) *adj.* محارب حکومت ۔ شریک جنگ ۔ جو ریاست جنگ میں شریک ہو ۔

Bellow (Bel-o) *v.t.,i* & *n.* Roar as a bull بیل کی طرح ڈکرانا ۔ گونجنا ۔ چیخنا ۔ توپ کی آواز ۔ گونجدار آواز ۔

Bellows (Bel-oz) *n.* Contrivance for driving air into the fire دھونکنی ۔ بھٹی ۔ اشتعال ۔ پھیپھڑے ۔

Belly (bel-i) *n.* Abdomen پیٹ ۔ شکم ۔ معدہ ۔ رحم ۔ بسیار خوری ۔

Belly-pinched فاقہ مست ۔ بھوکا ۔

Belly-timber غذا ۔ کھانا ۔ پیٹ کا ایندھن ۔

Bellyful (bel-i-ful) *n.* As much as one wants پیٹ بھر کے ۔ جی بھر کے ۔

Belong (bi-long) *v.i.* Pertain, be proper, کسی کا ہونا ۔ کسی کی ملکیت ہونا ۔ لگاؤ رکھنا ۔ تعلق ہونا ۔ ملا ہوا ہونا ۔

Belongings *n.* لوازمات ۔ مال و اسباب ۔ چیز بست ۔

Beloved (bi-lov-ed) *n.* Dearly-loved one - محبوب پیارا ۔ معشوق ۔ دلدار ۔ عزیز ۔

Below (bi-lo) *adv. & prep.* At or to lower level زمین پر ۔ نیچے ۔ تلے ۔ مکان کی نچلی منزل میں ۔ درجے میں کم ۔ زیر ۔ تحت ۔ نالائق ۔ نامناسب ۔ ادنیٰ ۔ ذیل میں ۔ آگے ۔

Below one's breath - بہت آہستہ سے ۔ دھیمی آواز سے ۔

Belt (belt) *n.* A strip of leather کمر بند ۔ پٹی ۔ پٹکا ۔ دھات کا کمر پٹہ ۔ آبنائے ۔ منطقۂ حارہ ۔ زخم کی پٹی ۔ درختوں کی قطار ۔

Hit below the belt قاعدے کے خلاف وار ۔ ناجائز وار کرنا ۔

Belt (belt) *v.i.* Encircle گھیرنا ۔ احاطہ کرنا ۔ حلقہ باندھنا ۔ تسمے سے مارنا ۔

Bemire (bi-mir) *v.t.* stain with mud کیچڑ میں لت پت کرنا ۔ دلدل میں پھنس جانا ۔

Bemoan (bi-mon) *v.t.* Weep or express sorrow for گریہ و زاری کرنا ۔ رونا ۔ آہیں بھرنا ۔ فریاد کرنا ۔ ماتم کرنا ۔

Bemuse (bi-muz) *v.t.* Stupefy - دماغ مختل کر دینا ۔

Bench (bench) *n. & v.t.* Long seat of wood or stone بنچ ۔ تختہ ۔ ججوں کا اجلاس متفقہ ۔ پارلیمنٹ میں کسی سیاسی جماعت کی نشست ۔ کتوں یا دوسرے جانوروں کو نمائش میں پیش کرنا ۔

Be raised to the bench جج بنایا جانا ۔

Bend (bend) *n.* Curve, knot - گرہ ۔ گانٹھ ۔ موڑ ۔ خم ۔ پیچ ۔ کجی ۔ چکر ۔ کمائی ہوئی کھال کا آدھا ٹکڑا ۔

Bend (bend) *v.t. & i.* Give an angular shape - موڑنا خم کرنا ۔ جھکنا ۔ جھکانا ۔ رجوع کرنا ۔ گرہ لگانا ۔ تُل جانا ۔ مصمم ارادہ کرنا ۔ اپنی بات منوانا ۔

Beneath (bi-nith) *adv. & prep.* Below, under نیچے ۔ تلے ۔ تحت ۔ میں ۔ زیر ۔ کمتر ۔ نازیبا ۔

Benedict (beni-dikt)
Benedick
n. Newly-married man نیا شادی شدہ ۔ نیا بیاہا ہوا ۔ جو کنوارہ رہنے کا عہد کرکے اس پر قائم نہ رہا ۔

Benediction *n.* - اشیر باد ۔ برکت ۔ دعا ۔ دعائے خیر ۔

Benedictory *adj.* مناجاتی ۔ دعائیہ ۔

Benefaction (bene-fak-shən) *n.* Doing good - دان خیرات ۔ عطیہ ۔ بخشش ۔ احسان ۔

Benefactor (bene-faktər) *n.* Patron, donor - کریم محسن ۔ فیاض ۔ مربی ۔ سرپرست ۔

Benefice (bene-fis) *n.* Church-living - وظیفہ خانقاہی معاش ۔ جاگیر ۔ کلیسائی وقف ۔

Beneficence (benefi-səns) *n.* Doing good - کرم فرمائی نیکی ۔ احسان ۔ بھلائی ۔

Beneficent *adj.* کرم فرما ۔ مہربان ۔ سخی ۔ فیاض ۔

Beneficently *adv.* معطیانہ طریقے سے ۔ فیاضانہ طور پر ۔

Beneficial (benefisəl) *adj.* Advantageous - انتفاعی مفید ۔ سود مند ۔ فائدہ مند ۔

Beneficially *adv.* حق انتفاع کے طور پر ۔ سود مندی سے ۔ فائدہ سے ۔

Beneficiary (benefisəri) *n.* Reciever of benefits وظیفہ خوار ۔ کلیسائی جاگیردار ۔

Benefit (beni-fit) *n.* Advantage - فائدہ ۔ احسان ۔ بخشش الطاف ۔ وظیفہ ۔ گزارا ۔ زحمت ۔ تکلیف ۔ وہ کھیل یا تماشا جس کی آمدنی کسی ادارہ یا شخص کو دی جائے ۔

Benefit societies, clubs ایسی انجمنیں یا ادارے جو اپنے ملازمین کی زندگیوں کا بیمہ کراتی ہیں اور بیماری یا حادثہ کی صورت میں امداد دیتی ہیں ۔

Benefit (ben-i-fit) *v.t. & i.* Do good, recieve benefits بھلا کرنا ۔ فائدہ کرنا ۔ فائدہ اٹھانا ۔ فائدہ پہنچانا ۔

Benevolence (bi-nevəlens) *n.* Desire to do good بہی خواہی ۔ خیر خواہی ۔ خیر اندیشی ۔ کرم ۔ فیض رسانی ۔

Benevolent *adj.* فیض رساں ۔ کریم النفس ۔ نیک نہاد ۔ بہی خواہ ۔ خیر خواہ ۔ مُخَیِّر ۔

Benevolently *adj.* خیر خواہی سے ۔ کریم النفسی سے ۔ خیرانہ ۔

Benighted (bi-nited) *adj.* Overtaken by nigh[t] گمراہ ۔ جاہل ۔ شب گرفتہ ۔ دماغی تاریکی کا شکار ۔

Benign (bi-nin) *adj*. Gracious, gentle - شفیق۔خلیق
حلیم ۔ نیک دل ۔ مہربان ۔

Benignly *adv*. مہربانی سے ۔ شفقت سے ۔
Benignant *adj*. کرم فرما ۔ مہربان ۔
Benignancy *n*. کرم فرمائی ۔ مہربانی ۔
Benignantly *adv*. کرم فرمائی کے طور پر ۔ مشفقانہ
Benignity *n*. - کرم فرمائی ۔ بزرگانہ عنایت ۔ مہربانی
شفقت ۔ الطاف ۔

Benison (bini-zən) *n*. A blessing - اسیس ۔ خیر خواہی
برکت ۔ دعا ۔

Benjamin (benjə-min) *n* Youngest child - چھوٹا بچہ

Bent (bent) *n*. Stiff grass - ایک سخت قسم کی گھاس
چراگاہ ۔

Bent (bent) *n*. Twist - مستعدی ۔ ارادہ ۔ رجحان ۔ میلان
رغبت ۔ جھکاؤ ۔

To the top of one's bent جی بھر کے ۔

Benumb (bi-num) *v.t.* & *i*. Make insensible - ٹھٹھرنا
بے حس کرنا ۔ سن کرنا ۔ اکڑا دینا ۔

Benzene (ben-zin) *n*. An aromatic hydrocarbon
ایک خوشبو دار ہائیڈرو کاربن جو تارکول سے حاصل کیا
جاتا ہے اور صنعتی اغراض کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

Benzine (ben-zine) *n*. Mixture of liquid hydrocarbons got from mineral oils ہائیڈرو کاربن کا
مرکب محلول جو معدنی تیلوں سے حاصل کیا جاتا ہے
اور جس سے کپڑوں کے دھبے صاف کیے جاتے ہیں ۔

Benzoin (ben-zo-in) *n*. Aromatic resin of Java trees ملک جاوا کا لوبان ۔

Benzolin (ben-zo-lin) *n*. Mixture of impure benzine غیر خالص بنزین ۔

Bequeath (bi-kwedh) *v.t*. Leave by will مرتے وقت
چھوڑنا ۔ وصیت کے ذریعے سے دینا ۔ میراث کے طور پر
دینا ۔

Bequest (bi-kwest) *n*. Things left at death ترکہ و
میراث ۔ مال جو وصیت کی رو سے پہنچے ۔

Bereave (bi-riv) *v.t*. Rob dispossess کسی کی چیز
کو زبردستی چھین لینا ۔ محروم کرنا ۔ کسی عزیز کا
مر جانا ۔

Bereavement *n*. کسی عزیز کی وفات ۔

Bergamot (bergə-mot) *n*.A kind of pear, a tree of citrus family لیمو یا سنترے کا عطر۔ لیمو کی قسم
کا ایک درخت ۔

Berkeleian (bark-le-ən) *n*. & *adj*. Philosophy of Berkeley which denies the objective existence of the material world - برکلے کا فلسفہ
برکلے کا پیرو جو مادی عالم کے خارجی وجود کا قائل
نہ ہو ۔

Berlin (bər-lin) *n*. Four-wheeled roofed carriage
مغربی جرمنی کا صدر مقام ۔ چار پہیوں کی بند چھت والی
گاڑی ۔

Berry (be-ri) *n*.Any small juicy fruit کوئی چھوٹا
بغیر گٹھلی کا پھل ۔ گوندنی ۔ رس بھری ۔ پیلی ۔ پیلو
کا پھل ۔ کروندہ وغیرہ ۔

Berry (ber-i) *v.t*. Go gathering berries درختوں میں
پھل لگنا ۔ پھل چننا ۔

Berth (bərth) *n*. Ship's place at wharf, ship's cabin - جہاز کھڑے ہونے کی گودی ۔ جہاز کا کمرہ
ریل میں سونے کا جگہ ۔

Berth (bərth) *v.t*. Provide sleeping place جہاز
کو گودی میں ٹھہرانا ۔ سونے کی جگہ مہیا کرنا ۔

Beseech (bi-sech) *v.t*.Ask earnestly for, entreat
منت کرنا ۔ عاجزی کرنا ۔ التجا کرنا ۔

Beseeching *adj*. منت یا التجا کرتے ہوئے ۔ گڑگڑاتے
ہوئے ۔ عاجزانہ ۔

Beseechingly *adv*. منت سماجت سے ۔ عاجزانہ طور پر ۔

Beseem (bi-sem) *v.t*. Suit, be creditable - زیبا ہونا
لائق ہونا ۔ مناسب ہونا ۔ شایان شان ہونا ۔

Beseemingly *adv*. موزوں طور پر ۔ مناسب طور پر ۔

Beset (bi-set) *v.t*. Hem in - گھیر لینا ۔ نرغے میں لینا
محاصرہ کرنا ۔ ٹوٹ پڑنا ۔ راستہ روکنا ۔

Besetting sin. وہ اخلاقی کمزوری جو باوجود کوشش
کے نہ جائے ۔

Beshrew (bi-shroo) *v.t*. Plague on - بد دعا دینا
کوسنا ۔ خدا کی مار ہونا ۔

Beside (bi-sid) *prep*. close to - پاس ۔ نزدیک ۔ قریب
متصل ۔ پہلو میں ۔ ہٹا ہوا ۔

Be beside oneself خوشی یا غمی میں آپے سے باہر
ہونا ۔

Besides اور ـ مزید برآں ـ علاوہ ازیں ـ

Besiege (bi-sij) *v.t.* Crowd round گھیر لینا ـ گھیرا ڈالنا ـ محاصرہ کرنا ـ

Besieged *adj.* گھرا ہوا ـ محصور ـ

Besieger *n.* محاصرہ کرنے والا ـ

Besmear (bi-smir) *v.t.* Smear with greasy stuff ملنا ـ لیپ کرنا ـ بے عزتی کرنا ـ

Besmirch (bi-smərch) *v.t.* Soil, discolour میلا کرنا ـ بد رنگ کرنا ـ رسوا کرنا ـ

Besom (be-zəm) *n.* & *v.t.* A kind of broom, sweep جھاڑو ـ جاروب ـ جھاڑو دینا ـ جاروب کشی کرنا ـ

Besot (bi-sot) *v.t.* Stupefy mentally or morally پاگل بنانا ـ نشہ میں مدھوش کرنا ـ نشہ میں اُلّو بنانا ـ دماغ خراب کر دینا ـ

Bespangle (bi-spang-gl) *v.t.* Set about with spangles ستارے لگانا ـ جگمگانا ـ افشاں لگانا ـ افشاں چُننا ـ

Bespatter (bi-spatər) *v.t.* Spatter all over بگاڑنا ـ خراب کرنا ـ گندہ کرنا ـ دھبے ڈالنا ـ گالیوں یا خوشامد کی بھر مار کرنا ـ

Bespeak (bi-spek) *v.t.* Order, speak to حکم دینا ـ فرمانا ـ فرمائش کرنا ـ منگانا ـ پہلے سے ٹھیرا لینا ـ مشروط کرنا ـ

Besprinkle (bi-spring-kl) *v.t.* Sprinkle or strew over چھڑکنا ـ چھڑکاؤ کرنا ـ بکھیرنا ـ چھینٹے ڈالنا ـ

Best (best) *adj.* & *adv.* most excellent بہترین ـ افضل ـ اچھے سے اچھا ـ اعلیٰ ـ بہت عمدہ ـ

Best abused سب سے زیادہ بدنام ـ

Best man شہ بالا ـ دولھا کا ساتھی ـ

Best seller خوب بکنے والی کتاب ـ عام پسند ـ

At best بہترین حالت میں ـ زیادہ سے زیادہ ـ

Bad is the best جو ملے وہی غنیمت ہے ـ

Be at one's best پوری بہار پر ہونا ـ دلفریب ہونا ـ کمال پر ہونا ـ عروج پر ہونا ـ

Did it for the best بہتری کے لیے کیا ـ نیک نیتی سے کیا ـ

Do one's best جان لڑا دینا ـ انتہائی کوشش کرنا ـ

Have the best of it پلہ بھاری ہونا ـ غالب آنا ـ

Make the best of things جو موجود یا ممکن ہو اسی پر قناعت کرنا ـ

To the best of one's power انتہائی کوشش ـ مقدور بھر ـ

Best (best) *v.t.* Get the better of فریب سے قابو پانا ـ دھوکے سے کامیاب ہونا ـ چالاکی سے غالب آنا ـ

Bestead (bi-sted) *v.t.* & *i.* Avail, help ہاتھ بٹانا ـ مدد کرنا ـ کام کرنا ـ

Bested (best-ed) *p.p.* & *adj.* Pressed مشکلات میں گھرا ہوا ـ پھنسا ہوا ـ

Bestial (besti-əl) *adj.* Brutish شہوت پرست ـ نجس ـ ناپاک ـ حیوان سا ـ غیر مہذب ـ وحشی ـ

Bestiality *n.* نفسانیت ـ حیوانیت ـ

Bestialize *v.t.* بگاڑنا ـ وحشی بنانا ـ حیوان بنانا ـ

Bestially *adv.* شہوت پرستی سے ـ وحشیانہ طور پر ـ

Bestir (bi-stər) *v. i.* & *t.* Exert, rouse دوڑ دھوپ کرنا ـ ہاتھ پیر مارنا ـ جد و جہد کرنا ـ خوب کوشش کرنا ـ

Bestow (bi-sto) *v.t.* Deposit ٹھہرانا ـ قیام کا انتظام کرنا ـ سرفراز کرنا ـ عطا کرنا ـ

Bestowal *n.* دان ـ عطیہ ـ بخشش ـ

Bestrew (Bi-stroo) *v.t.* Scatter about کھنڈانا ـ پھیلانا ـ بکھیرنا ـ چھڑکنا ـ

Bestride (bi-strid) *v.t.* Mount دونوں پیر پھیلا کر گھوڑے ہونا ـ چڑھ بیٹھنا ـ سوار کرنا ـ سوار ہونا ـ

Bet (bet) *n.*, *v.t.* & *i.* Risk one's money شرط لگانا ـ بازی ـ داؤں ـ شرط ـ داؤں پر لگانا ـ جوا کھیلنا ـ گھوڑے پر ٹکٹ لینا ـ

You bet (بول چال) تم یقین جانو ـ

Betake (bi-tək) *v.t.* Commit oneself to متوجہ ہونا ـ لگنا ـ رجوع کرنا ـ ذریعہ یا طریقہ اختیار کرنا ـ جانا ـ

Betel (be-tl) *n.* Leaf of piper betel برگ تنبول ـ پان ـ

Betel-nut *n.* ڈلی ـ سپاری ـ چھالیا ـ

Bethel (bethəl) *n.* Nonconformist Chapel مقدس مقام ـ انگلستان کے غیر مقلد عیسائیوں کا عبادت خانہ ـ

Bethink (bi-thingk) *v.t.* Reflect, stop to think غور کرنا ـ یاد کرنا ـ بوجھنا ـ سوچنا ـ

Betide (bi-tid) *v.i. & t.* Happen - نازل ہونا - آن پڑنا - واقع ہونا - پیش آنا -

Betimes (bi-timz) *adv.* In good time - سویرے - آگے - پہلے - برمحل - بروقت -

Betoken (bi-tokn) *v.t.* Indicate - دلالت کرنا - آثار ظاہر کرنا - جتانا - بتلانا -

Betray (bi-tra) *v.t.* Be disloyal to - دغا سے دشمن کے حوالے کرنا - دغا کرنا - راز ظاہر کر دینا - پکڑوا دینا - دھوکا دینا -

Betrayal *n.* - دھوکہ دہی - افشائے راز - بے وفائی - دغا -

Betrayer *n.* - بے وفا - راز افشا کرنے والا - غدار -

Betroth (bi-troth) *v.t.* Bind with a promise to marry - منگنی کرنا - سگائی کرنا - نسبت قرار دینا - منسوب کرنا -

Betrothal *n.* - منگنی - سگائی - نسبت -

Betrothed *adj.* - منسوب - منگیتر -

Better (betər) *n., adj. & adv.* In a more excellent way - اس سے اچھا - بہتر - بھلا - اولیٰ تر - مناسب تر -

Better off - آسودہ - خوش حال -

Better than one's word - جتنا کہنا اس سے زیادہ کرنا - وعدے سے بڑھ کر کرنے والا -

For better for worse - فراغت اور تنگدستی دونوں میں راضی - ہر حال میں راضی -

Get the better of - شکست دینا - زک دینا -

Had better - بہتر ہوتا کہ - بہتر یہی ہے کہ -

I know better - میں اتنا بے وقوف نہیں ہوں - میں نہیں مان سکتا -

One's betters - اپنے سے بہتر - اپنے سے زیادہ لائق (لوگ)

Think better of it - ارادہ یا خیال بدل دینا -

Better (Betər) *v.t. & i.* Improve - سبقت لے جانا - اصلاح کرنا - بنانا - سنوارنا -

Better oneself - بہتر معاوضہ یا خدمت حاصل کرنا - ترقی کرنا -

Betterment *n.* - سدھار - اصلاح - درستی -

Better-or (betər) *n.* One who bets - جواری - بازی لگانے والا - شرط لگانے والا -

Between (bi-twen) *adv. & prep.* In, Into, across - اندر - بیچ - بیچ میں - درمیان میں - مابین -

Between the cup and the lip - آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا - امیدوں پر پانی پھرنا - کسی کام میں آخری وقت اڑچن ہونا -

Between two stools - پریشانی میں - تحیر میں - شش و پنج میں -

Between wind and water - نازک حال میں - نازک جگہ پر -

Between you and me - کسی کو کانوں کان خبر نہ ہو - ہمارے تمہارے درمیان - یہ بات خفیہ رہے -

Stand between - لڑائی جھگڑے کا فیصلہ کرانا - بیچ بچاؤ کرنا -

Betwixt (bi-twikst) *adv. & prep.* In, into - درمیان - بیچ (قدیم) -

Beverage (bev-ər-ij) *n.* Drinking-liquor - کوئی دل پسند عرق - مشروب -

Bevy (bev-i) *n.* Company of ladies - جھنڈ - پرا - ٹکڑی - جھرمٹ عورتوں کا - عورتوں، بھیڑوں، یا ہرنوں کی ٹکڑی -

Bewail (bi-wal) *v.t. & i.* Mourn - افسوس کرنا - ہاتھ ملنا - ماتم کرنا - رونا -

Beware (bi-war) *v.t. & i.* Be cautious - خبردار ہونا یا رہنا - چوکس ہونا - ہوشیار ہونا -

Bewilder (bi-wil-dər) *v.t.* Confuse - گمراہ کرنا - پریشان کرنا - حواس باختہ کرنا -

Bewilderingly *adv.* - حیرانی سے - پریشانی سے -

Bewilderment *n.* - پراگندگی - بوکھلاہٹ - پریشانی - حیرانی - گھبراہٹ -

Bewitch (bi-wich) *v.t.* Delight exceedingly - سحر کرنا - جادو کرنا - فریفتہ کرنا - موہ لینا - افسوں کرنا -

Bewitching *adj.* - دلربا - دلفریب - من ہرن -

Bewitchingly *adv.* - دلفریبی سے - غمزے سے - ناز سے - شوخی سے -

Bewitchment - دلفریبی - دلکشی -

Bey (ba) *n.* Turkish governor - ترکی گورنر - بے -

Beyond (bi-yond) *n., pp. & adv.* The further side - دوسری طرف - اس پار - دور - بالا - بڑھ کر -

Bezel (bez-l) *n.* Face of cut gem - ترشے ہوئے نگینے کا پہلو - کگر -

Bezique (bi-zek) *n.* A card game - تاش کا ایک کھیل -

Bezoat (bi-zot) *n.* Anti-poison - زہر مار - تریاق - زہر مہرہ -

Bhang (bang) *n.* Indian hemp used as narcotic بھنگ ۔ حشیش ۔

Bias (biəs) *n.* Inclination گیند کا چپٹا پن جس کی وجہ سے وہ ادھر ادھر جاتی ہے ۔ میلان ۔ طرفداری ۔ التفات ۔ رُجحان ۔ تعصب ۔

Bias (biəs) *v.t.* Influence راغب کرنا ۔ ایک طرف جھکانا ۔ تعصب پیدا کرنا ۔ ناجائز اثر ڈالنا ۔

Bib (bib) *n.* Child's chin cloth بچوں کے کپڑوں کو بچانے کے لیے ٹھوڑی کی گدی ۔ اوپری لباس کا اوپر کا حصہ ۔ گدی ۔

Bib (bib) *v.t.* Drink much or often کثرت سے شراب پینا ۔ بار بار گھونٹ لینا ۔ چسکی لگانا ۔

Bibasic (bi-bə-sik) *adj.* Having two chemical bases دو اساسی ۔ وہ چیز جس کی دو کیمیائی بنیادیں ہوں ۔

Bibber (bib-er) *n.* Drunkard کثرت سے پینے والا ۔ عادی شرابی ۔ پکا شرابی ۔

Bibbing کثرت سے شراب پینا ۔

Bible (bi-bl) *n.* Scripture of the Old and New Testament کتاب مقدس۔ توریت اور انجیل کا مجموعہ۔ آسانی کتاب ۔ انجیل ۔ الہام ۔ صحیفہ آسانی ۔

Biblical (bi-bli-kal) *adj.* Pertaining to Bible کتاب مقدس کا ۔ توریت اور انجیل سے متعلق ۔

Bibliography (bibli-og-rəfi) *n.* History or description of books علم الکتاب ۔ کتابوں اور ان کے مصنفوں کی تاریخ ۔

Bibliolater (biblio-lətər) *n.*
Bibliolatrous (biblio-lətərus) *a* } Worshipper of books کتاب پرست ۔ کتابوں یا انجیل کا پجاری ۔ انجیل پرست ۔

Bibliolatry *n.* انجیل پرستی ۔ کتاب پرستی ۔

Bibliomania (biblio-məniə) *n.* Rage for collection of books کتابوں کا حد سے زیادہ شوق ۔ کتابوں کا جنون ۔

Bibliomaniac *n.* کتابوں کا دیوانہ ۔

Bibliophil (bib-liofil)
Bibliophilist (bib-lio-filist) } *n.* کتابوں کا مبصر ۔ کتابوں کا شوقین ۔ کتابوں پر تبصرہ کرنے والا ۔

Bibliophilism *n.* تبصرہ نگاری ۔ کتابوں کا عشق ۔

Bibliotheca (biblio-theka) *n.* A collection of books مخزن العلوم ۔

Bibliothecary *n.* مُہتمم کتب خانہ ۔ محافظ کتب خانہ ۔

Bibulous (bib-u-ləs) *n.* Addicted to drinking مے پرست ۔ شرابی ۔ مے نوشی ۔ آب کش ۔ جاذب ۔ پانی چوسنے والی چیز ۔

Bibulously *adv.* شرابیوں کی طرح ۔ جاذبیت کے ساتھ ۔

Bicameral (bi-kamərəl) *adj.* A government with two houses or chambers دومجلسی ۔ دو ایوانی (حکومت) ۔

Bicapsular (bi-kapslər) *adj.* Having double carpals دو ڈوڈے والا ۔ دو غنچہ ۔

Bicentinary (bi-sentin-ər-i) *adj.* Two hundredth anniversary دو صد سالہ جوبلی ۔

Bicentennial (bisentinəl) *adj.* Occurring every two hundred years دو صد سالہ ۔

Bicephalous (bisi-fələs) *adj.* Two-headed دو سروں والا ۔ دو سرا ۔ دو مغزا ۔

Biceps (bi-seps) *n.* Muscle with double head دو سروں والا پٹھا ۔ جسم کی مضبوطی ۔ جسم کا گٹھا ہوا ہونا ۔

Bicker (bik-ər) *v.i.* Quarrel, تکرار کرنا ۔ نوک جھوک کرنا ۔ چشمے کا شور کرتے ہوئے بہنا ۔ مینہ کا ٹپکا لگا کر برسنا ۔ شعلے یا روشنی کا چمکنا ۔

Bickering *n.* جھڑپ ۔ نوک جھوک ۔ جھگڑا ۔ ٹنٹا ۔

Bicycle (bi-sikl) *n.* & *v.t.* A two-wheeled vehicle پیر گاڑی ۔ بائیسکل ۔ بائیسکل چلانا ۔

Bid (bid) *v. t.* & *i.* Command دعوت دینا ۔ بولی دینا ۔ حکم دینا ۔ اعلان کرنا ۔ خوش آمدید یا خدا حافظ کہنا ۔

Bidder *n.* خریدار ۔ خواست گار ۔ حکم دینے والا ۔ بولی دینے والا ۔

Bid (bid) *n.* Offer of price دام ۔ بولی ۔

Make a bid for کسی چیز کے حاصل کرنے کی کوشش کرنا ۔

Bidding *n.* اعلان ۔ حکم ۔ نیلام کی بولی ۔

Bide (bid) *v. t.* & *i.* Await best opportunity برداشت کرنا ۔ بہترین موقع کا انتظار کرنا ۔ سکونت اختیار کرنا ۔ موقع کی تاک میں رہنا ۔

Bide one's time موقع کا منتظر رہنا ۔

Biennial (bie-nyəl) *adj.* & *n.* Two-yearly ہر دو برس بعد ہونے والا ۔ دو سال رہنے والا ۔ دو برسی ۔

Bier (bir) *n.*Coffin bearing vehicle ۔ ارتھی ۔ تابوت جنازہ ۔

Biff (bif) *n.* A smart blow جانٹا ۔ تھپڑ ۔ گھونسا ۔ مکا ۔

Biflorous (biflərəs) *adj.* Having two flowers دو پھول والا ۔ دو پھولیا ۔ دو غنچہ ۔

Bifold (bi-fold) *adj.* Having two layers ۔ دہرا دو تہوں والا ۔

Bifoliate (bi-foli-at) *adj.*Of two leaves ۔ دو پتی والا دو پتیا ۔ دو برگہ ۔

Bifurcate (bifur-kat) *adj.* Forked دو سینگھا ۔ دو شاخہ ۔

Bifurcation *n.* دو شاخی تقسیم ۔ دو شاخہ ہونا ۔

Big (big) *adv.* & *adj.* Large ۔ بڑا بھاری ۔ بھاری بھرکم لمبا چوڑا ۔ فراخ ۔ کشادہ ۔ بڑے بڑے رقبے کا ۔ ممتاز ۔ سرکردہ ۔ حاملہ ۔

Bigwig بہت بڑا آدمی ۔

Grow too big for one's boots دماغ ہونا ۔ حیثیت سے بڑھ کر سمجھنا ۔ اپنے آپ کو بڑا آدمی سمجھنا ۔

Bigamist (bigəmist)*n.*A man with two wives or a woman with two husbands دو جورو والا ۔ دو شوہر والی ۔

Bigamous *adj.* دو شوہر والی ۔ دو جورو والا ۔ دو جورو رکھنے والا مرد یا دو شوہر رکھنے والی بیوی ۔

Bigamy *n.* ایک وقت میں دو شوہروں یا دو بیویوں کو رکھنا ۔

Bight (bit) *n.*Curve of a coast ۔ کھاڑی ۔ خلیج

Bigot (bigət) *n.* One who gives unreasonable weight to his views ۔ ہٹ دہرم ۔ متعصب ۔ کٹر تنگ نظر ۔

Bigotry تعصب ۔ ہٹ دھرمی ۔

Bike (bik) *v.t.* To ride on bicycle ۔ بائیسکل چلانا

Bilateral (bi-latər-əl) Of on, with two sides دو رویہ ۔ دو رُخا ۔ دو پہلو ۔

Bilaterally دو جانبی وفا داری سے ۔ دو رخی سے ۔

Bilbo (bil-bo) *n.* Sword کرچ ۔ تلوار ۔

Bile (bil) *n.*A yellow bitter fluid ۔ چڑ چڑا پن ۔ غصہ صفرا ۔ پت ۔ زرد آب ۔

Bile-stone پتے کی پتھری ۔ سنگریزہ ۔

Bilge (bilj) *n.* Nearly horizontal part of a ship's bottom جہاز کا پیندا ۔ گندہ پانی جو جہاز کی تہہ میں جم جاتا ہے ۔ پیپے کا پیٹ ۔

Bilge (bilj) *v. t.* & *i.* Spring a leak in the bilge جہاز میں سوراخ کرنا یا ہونا ۔ پیندا اٹھنا ۔

Biliary (Biləri) *adj.*Of the bile ۔ ترش مزاج ۔ صفراوی

Bilingual (Biling-gəl) *adj.* In two languages, دو زبانوں کا بولنے والا ۔ دو زبانوں میں ۔

Bilious (bi li əs) *adj.* Affected by bile چڑچڑا ۔ ترش مزاج ۔ صفراوی ۔

Biliously چڑچڑے پن سے ۔ ترش مزاجی سے ۔

Biliousness امتلا ۔ متلی ۔ چڑچڑا پن ۔ ترش مزاجی ۔

Bilk (bilk) *v.t.* Evade payment ۔ ٹھگنا ۔ ادا نہ کرنا دھوکا دینا ۔ فریب دینا ۔ قرض لے کر ادا نہ کرنا ۔

Bill (bil) *v.t.* ۔ چونچ سے چونچ ملانا ۔ چڑیوں کا دانہ بدلنا

Bill (bil) *n.* Draft of law ۔ پروگرام ۔ مسودہ قانون ۔ چونچ

Bill (bil) *v.t.* Announce, put in the programme پروگرام میں داخل کرنا ۔ اعلان کرنا ۔ اشتہار لگانا ۔

Billet (bilit) *n.* Order to board and lodge the soldiers چٹھی ۔ پروانہ ۔ سپاہیوں کے قیام و طعام کا حکم ۔ منزل مقصود ۔ خدمت ۔ نوکری ۔

Billet-doux محبت نامہ ۔ عشقیہ خط ۔

Billiards (bil-yərds) *n.* A game played with cues and ivory balls on a table ۔ انٹا ۔ انٹے کا کھیل بلیرڈ ۔

Billingsgate (bil-ingz-gat) *n.* Abuse ۔ سب و شتم بد زبانی ۔ گالی گلوچ ۔

Billion (bilyən) *n.* A million millions ۔ دس کھرب

Billow (bil-o) *n.*A great wave لہر کی طرح چلنے والی کوئی شے ۔ لہر ۔ بڑی موج ۔

Billowy *adj.* موجزن ۔ مواج ۔ متلاطم ۔

Billow (bil-o) *v. t.* Rise, move, in billows ۔ لہرانا موجیں مارنا ۔ ہلکورے لینا ۔

Billy-goat (bili-got) *n.* Male goat ۔ بکرا

Bimanal (bim-ə-nal) / **Bimanous** } *adj.* Two-handed دو ہتھا (دونوں ہاتھ چلانے والا جانور) ۔ دو دستہ ۔

Bimetallic (bi-mi-tal-ik) *adj.* Using gold and silver as legal tender دو دھات کا - دو دھاتی -

Bimetallism *n.* یہ نظریہ کہ سونا اور چاندی دونوں کے سکوں کا رواج ہو - دو دھاتی اصول -

Bimetallist *n.* دو دھاتی اصول کا حامی -

Bin (bin) *n.* Recepticle of corn, coal and dust ٹوکرا - پیپا - کوڑا کرکٹ ڈالنے کا بڑا برتن -

Binary (binəri) *adj.* Dual دہرا - جوڑا - جوڑے دار -

Binary compound دو عنصر - دو عنصری مرکب -

Binary measure دو تال - دو تالا -

Binate, Binous جڑواں - جوڑ دار -

Bind (bind) *v.t.* Tie, Fasten باندھنا - گٹھری یا گٹھا باندھنا - جکڑنا - لپیٹنا - لازم ہونا یا قرار دینا - کوئی فرض یا قید عائد کرنا - پابند مچلکہ کرنا - قبض پیدا کرنا - مچلکہ لینا - پٹی باندھنا -

Half-bound *adj.* کتاب کی جلد جس میں جلدی پٹی اور کونے چمڑے کے ہوں -

Bind (bind) *n.* Clay between coal strata کوئلے کی تہوں کے درمیان کی سخت مٹی - میل - چوڑائی -

Binder (binder) *n.* One who binds جلد ساز - بندھن - پٹی - لانبا پتھر (حیدر) جو دیوار میں دیں - چوڑی پٹی جو زچہ کے پیٹ پر باندھتے ہیں - کاغذ رکھنے کا گتہ - قابض دوا -

Binding (bind-ing) *adj.* Obligatory واجب - لازم - ضروری - واثق -

Binding (bind-ing) *n.* Book-cover, braid بندھن کتاب کی جلد - حاشیہ - مغزی -

Bindweed bind-weed) *n.* Different kinds of creepers مختلف قسم کی بیلیں - جیسے عشق پیچاں

Bine (bin) Flexible shoot اوپر جانے والی بیل کی نئی شاخ -

Binocular (s) (benokl-ər) Two-eyed field glass دو آنکھا - دو چشم - دو آنکھیں - دور بین -

Binomial (bi-nomi-əl)*adj.* Consisting of two terms دو حصوں کا بنا ہوا - دو عددی -

Binominal (bi-nom-inəl) *adj.* Of two names دو اسمی -

Biogenesis (biojenesis) *n.* Hypothesis that living matter arises from living matter یہ نظریہ کہ زندہ مادہ ہمیشہ زندہ مادے سے پیدا ہوتا ہے - نظریۂ حیات -

Biographee (bio-grwfi) *n.* Person whose biography is written وہ شخص جس کا تذکرہ لکھا گیا ہو -

Biographer (bio-grəfer) *n.* One who writes the life of a person سوانح نگار - تذکرہ نویس -

Biography (bio-grəfi) Written life of a person سوانح عمری - سرگزشت - تذکرہ -

Biographic (al) *adj.* سوانح عمری کے متعلق -

Biographically *adv.* سوانح عمری کے طور پر - تذکرہ نویسی کے انداز سے -

Biology (bio-loji) *n.* Science of physical life جسموں کی زندگی کا علم - علم الحیات -

Biologic (al) *adj.* علم حیات کے متعلق -

Biologically *adv.* از روئے علم حیات -

Biologist *n.* حیات اجسام کے علم کا ماہر - حیاتیات کا ماہر -

Bioscope (bioskop) *n.* Cinema بائسکوپ - متحرک تصاویر دکھانے والا -

Biparous (bi-pəres) *adj.* Bearing two at a birth دو بچے دینے والے -

Biped (bi-ped) *adj.* & *n.* Two-footed دو پاؤں والا - دو پایہ -

Biplane (bi-plan) *n.* Two winged aeroplane دو پنکھی ہوائی جہاز -

Biquadrate (bikwood-rat) *n.* Square of square چوگنی قوت مثلاً ب۴ -

Biquadratic *adj.* مربع کا مربع - چوگنی قوت کا عدد -

Birch (bərch) *n.* A kind of forest tree چھڑی بید - صنوبر کا درخت -

Birch-rod *n.* صنوبر کی پتلی ٹہنیوں کا مٹھا جس سے بچوں کو مارتے تھے -

Birchen *adj.* صنوبر کا - صنوبری -

Birch (bərch) *v.t.* Flog with a birch سزا دینا - چھڑی سے مارنا - چھڑی سے سزا دینا -

Bird (bərd) *n.* Feathered vertibrate - چڑیا پنچھی - پرندہ -

Bird-fancier پرندوں کا ماہر - پرندے بیچنے والا -

Bird in bush خیالی یا احتمالی نفع -

Bird in hand یقینی فائدہ -

Bird of paradise نیوگنی کا پرندہ جس کے پر بہت خوبصورت ہوتے ہیں -

Bird of passage - وقتی فائدہ اٹھانے والے - ہری چگ مقام تبدیل کرنے والے پرند -

Bird of prey شاہین - باز - بہری - شکرا - شکاری پرندہ -

Bird-seed چڑیوں کا دانہ -

Bird's eye view مجمل نظر - طائرانہ نظر -

Birds of a feather ایک ہی قماش کے - ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے -

Kill two birds with one stone - ایک پنتھ دو کاج

Little bird جس کا نام بتانا منظور نہ ہو - مخبر -

Old bird - بے سوچے سمجھے اعتبار نہ کرنے والا چوکس - چوکنا - تجربہ کار - خرانٹ -

Biscuit (bisket) *n.* Dry, round cake - میٹھی ٹکیہ میٹھے یا نمکین بسکٹ - بادامی رنگ کی چیز -

Bisect (bi-sekt) *v.t.* Cut or divide into two parts آدھا آدھا کرنا - بیچ سے کاٹنا - نصف کرنا -

Bisector *n.* دو حصوں میں تقسیم کرنے والا (خط)

Bisexual (biseksuəl) *adj.* Of both sexes نر مادہ ملے ہوئے - دو جنسی -

Bishop (bishəp) *n.* Governor of a diocese شطرنج کا رخ یا فیل - لاٹ پادری - مسالہ دار شراب -

Bishopric (bishəprik) *n.* Office of a bishop لاٹ پادری کا عہدہ یا حلقہ اقتدار -

Bismuth (bisməth) *n.* A reddish white metal ایک قسم کی دھات - پھول کانسی -

Bison (bi-sn) *n.* Wild ox of two species - ارنا بھینا

Bisque (bisk) *n.* A handicap of plus fifteen in tennis (ٹینس) گیم کے چار پوائنٹ میں سے ایک پوائنٹ بغیر جیتے ہوئے پانا -

Bissextile (bisekst-il) *adj.* & *n.* Leap year لیپ کا سال - سال کبیسہ -

Bistoury (bistər-i) *n.* Surgeon's scarpel جراح یا یا سرجن کی چھری - چاقو - نشتر -

Bit (bit) *n.* Mouthpiece of bridle, something to eat لگام کا دھانہ - کنجی کی جڑ - رندے کا لوہا - نوالہ - ٹکڑا - ریزہ - پارہ -

Draw bit لگام کھینچے رکھنا - باگ کھینچنا -

Take bit between teeth بے قابو ہو جانا -

Do one's bit غریبانہ اپنا حق ادا کرنا - کسی کام میں اپنا حصہ پورا کرنا - جو کر سکتا ہو وہ کرنا

Give a bit of one's mind کھری کھری سنانا -

Not a bit ہرگز نہیں - بالکل نہیں -

Wait a bit ذرا ٹھہرو -

Two annas bit دو آنے کا سکہ - دونی -

Bit (bit) *v.t.* Put bit into mouth لگام لگانا - دہانہ چڑھانا - روکنا - ~~تھامنا - لگام کا عادی~~ بنانا -

Bitch (bich) *n.* Female of dog, fox, or wolf - کتیا بھیڑیے یا لومڑی کی مادہ - فاحشہ عورت -

Bite (bit) *v.t.* & *i.* Cut into or nip with the teeth کاٹ کھانا - دانت سے کاٹنا - ڈسنا - چبھنا - لگنا (مرچیں) - پکڑنا - پکڑ لینا - دھوکا دینا - پھنس جانا - جھانسے میں آنا -

Bite off more than one can chew اپنی طاقت سے بڑھکر کام کا ذمہ لینا -

Bite one's lips ہونٹ چبا کر رہ جانا - غصہ ضبط کرنا -

Bite the dust or ground کھیت رہنا - کام آنا - مر جانا -

Frost-bitten برفباری کی وجہ سے جسم پر زخم آنا -

Bite (bit) *n.* Wound made by biting - دانت کا زخم کٹا ہوا ٹکڑا - لقمہ - مچھلی کا چارہ نگلنا - قابو - گرفت -

Biter (bitər) *n.* Swindler کاٹنے والا - دغا باز - دھوکا دینے والا -

Biting (bit-ing) *adj.* Stinging - طنز - طعنہ آمیز - چبھتی ہوئی - سخت - تیز

Bitingly *adv.* طعنہ آمیزی سے - طنز سے - سختی سے - تیزی سے -

Bitter (bitər) *adj.*, *adv.* & *n.* Relentless, biting, harsh کڑوا - تلخ - تند - تیز - ناگوار - مہلک - کڑاکے کا (جاڑا) -

To the bitter end تلخ انجام تک - آخر وقت تک -

Bitterish *adj.* تلخی آمیز ۔ قدرے تلخ ۔
Bitterness *n.* عداوت ۔ بغض ۔ کینہ ۔ کڑوا پن ۔ تلخی ۔
Bittern (bitərn) *n.* Marsh birds like heron ۔ بگلا بزہ ۔ کالی ۔ لال سر ۔
Bitumen (bitu-mən) *n.* Asphalt ۔ رال ۔ نفط ۔
Bituminous *adj.* رال دار ۔ نفطی ۔
Bituminize رال بنانا ۔ رال سے رنگنا ۔
Bitumination *n.* رال ملانے کا عمل ۔ رال کی رنگائی ۔
Bivalve (bi-valv) *adj.* With two valve دو پلڑا ۔ دو دہانہ ۔ گھونگھا سیپی وغیرہ کی قسم کے جانور ۔
Bivouac (bivooak) *v.i.* & *n.* Temporary encampment without tents کھلی جگہ پر فوج کا پڑاؤ ۔ پڑاؤ کرنا ۔ شب بھر کھلی ہوا میں سستانا ۔
Bizarre (bi-zar) *adj.* Fantastic عجیب ۔ بے سروپا ۔ اوٹ پٹانگ ۔ نیم وحشی ۔ گنوار ۔ آدھا تیتر آدھا بٹیر ۔
Blab *v.t.* & *i.* Talk foolishly پیٹ کا ہلکا ہونا ۔ راز افشا کرنا ۔ بے تکی باتیں کرنا ۔ نا گفتنی بات کہہ دینا ۔
Black (blak) *adj.* Very dark-coloured کالا کلوٹا ۔ سیا فام ۔ سیاہ ۔ تاریک ۔ وحشت ناک ۔ شدید ۔ سنگین ۔ نہایت برا ۔ بھیانک ۔ ماتمی ۔ ذلت کا ۔ رسوائی کا ۔
Black and white سیاہ و سفید ۔ تحریر ۔
Black art ٹونا ۔ سحر ۔ جادو ۔
Black-beetle بھونرا ۔
Blackbird یورپ کا ایک خوش آواز پرند ۔ کوئل ۔ پپیہا ۔
Black-board تختہ سیاہ ۔
Black despair دلشکنی ۔ نا امیدی ۔ شدید مایوسی ۔
Black dog بد مزاجی کا دورہ ۔
Black eye نیل پڑنا ۔ چوٹ سے آنکھ کے گرد سیاہی آ جانا ۔
Black-face کالے منہ کی بھیڑ ۔
Blackguard فحش کلام ۔ بدمعاش ۔ لچا ۔
Black-hearted سنگدل ۔ سیاہ قلب ۔
Black ingratitude شرمناک محسن کشی ۔
Black leg دھوکا دینے والا ۔
Black looks تیوری چڑھائے ہوئے ۔ غصہ سے بھرا ہوا ۔
Blackmail دھمکی دیکر روپیہ وصول کرنا ۔ راز چھپانے کے لئے دباؤ ڈال کر رقم لینا ۔
Black Maria جیل گاڑی ۔ قیدیوں کی گاڑی ۔
Black mark بدنامی ۔ بدنما داغ ۔ کلنک کا ٹیکا ۔
Black sheep پاجی ۔ بدمعاش ۔ دغا باز ۔
Black-water fever ایسا بخار جس میں پیشاب میں خون آتا ہے ۔ کالا بخار ۔
Crimes of blackest dye ہولناک جرائم ۔
Black-ball (blək-bal) *v.t.* Disqualify the person who is seeking election in a ballot نا منظور کرنا ۔ خلاف رائے دینا ۔ نارضامندی کا اظہار کرنا ۔
Blackness (blǝckness) *n.* Dark colour سیاہی ۔ اندھیرا ۔ کالا پن ۔
Black (blak) *v.t.* & *n.* Make black, black paint, blake dye کالا کرنا ۔ سیاہ کرنا ۔ روسیاہ کرنا ۔ سیاہ پوشاک حبشی ۔ سیاہ وارنش روغن ۔
Blackage حبشی ۔
Blackamoor (blackəmoor) *n.* کالا ۔ حبشی ۔ زنگی ۔
Blacken (blaken) *v.t.* & *i.* Become black, کالا ہو جانا ۔ سیاہ پڑنا ۔ کسی کو بدنام کرنا ۔
Blacking (black-ing) *n.* Black shoe polish جوتوں کا سیاہ روغن ۔
Bladder (bladər) *n.* Anything hollow and inflated پھکنا ۔ مثانہ ۔ ہوا سے پھولی ہوئی چیز ۔ ربڑ کا پھکنا ۔
Bladdery *adj.* پھکنے دار ۔ لفاظ ۔ باتونی ۔
Blade (blad) *n.* Cutting piece of an edged tool برگ ۔ پتا ۔ چاقو کا پھل ۔ ڈاڑھی بنانے کی فولادی پتی ۔ خوش طبع ۔ بانکا ۔ سیانا ۔
Blain (blan) *n.* Inflamed sore on skin چھالا ۔ پھوڑا ۔ پھنسی ۔
Blame (blam) *v.t.* Find fault with الزام لگانا ۔ ملامت کرنا ۔ عیب جوئی کرنا ۔
Blamable *adj.* قابل ملامت ۔ مستوجب سزا ۔ قصور وار ۔
Blameful *adj.* قابل ملامت ۔ ملزمانہ ۔ مجرمانہ ۔
Blameless *adj.* معصوم ۔ بے گناہ ۔ بے قصور ۔
Blamelessly *adv.* معصومانہ ۔ بے گناہی سے ۔
Blamelessness معصومیت ۔ بے گناہی ۔

Blameworthy (blam-wərthi) *adj.* قابل ملامت ۔ گناہگر ۔ مجرم ۔

Blameworthiness *n.* جرم ۔ قابل ملامت ہونا ۔ گنہگاری ۔

Blanch (blənch) *v.t.* Make white مقشر کرنا ۔ چھیلنا ۔ سفید کرنا ۔ اجلا کرنا ۔

Bland (blənd) *adj.* Gentle, polite نرم ۔ ملائم ۔ نازک ۔ خوش اخلاق ۔ خوشگوار ۔

Blandly *adv.* نرمی سے ۔ خوش اخلاقی سے ۔

Blandness *n.* ملائمت ۔ نرمی ۔ خوش اخلاق ۔

Blandish (blənd-ish) *v.t.* Flatter چاپلوسی کرنا ۔ خوشامد کرنا ۔ ناز دکھانا ۔ غمزے کرنا ۔

Blandishment *n.* شیریں زبانی ۔ غمزے ۔ نخرے ۔ ناز و ادا ۔

Blank (blangk) *adj.* Not written or printed کورا ۔ سادہ ۔ بے معنی چیز ۔ گھبرایا ہوا ۔ ہوش باختہ ۔ حیران پریشان ۔ ہکا بکا ۔ غیر مقفیٰ ۔ بے قافیہ ۔

Blank look بغلیں جھانکنا ۔ ہکا بکا ہونا ۔ دیکھتے رہ جانا ۔

Look blank گھبرایا ہوا دکھائی دینا ۔ خالی الذہن ہونا ۔

Blankness گھبراہٹ ۔ ہوش باختگی ۔

Blank (blangk) *n.* Empty surface خالی جگہ ۔ سادہ کاغذ ۔ خالی خط ۔ قرعہ اندازی کا خالی ٹکٹ ۔ عبارت کے درمیان خالی جگہ ۔

Blanket (blangk-it) *n.* Woollen sheet کمبل ۔ کملی ۔ لوئی ۔ دھسا ۔ پشمینے کی چادر ۔

Born on wrong side of blanket حرامی ۔ ولدالزنا ۔

Wet blanket عیش کھٹا کرنے والا ۔ رنگ میں بھنگ ڈالنے والا ۔

Blanket (blangk-it) *v.t.* Cover with a blanket کمبل اوڑھانا ۔ کمبل لپیٹنا ۔ معاملے کو دبا دینا ۔

Blankly (blangk-li) *adv.* Without expression خالی الذہن ہو کر ۔ خالی نظر سے ۔

Blarney (blar-ni) *n., v.t. & i.* Cajoling talk پھسلانا ۔ بہلانا ۔ للو پتو کرنا ۔ چکنی چپڑی باتیں ۔

Blaspheme (blas-fem) *v.t. & i.* Talk impiously. کفر بکنا ۔ اللہ کی بے ادبی کرنا ۔ بے ادبی کے کلمات کہنا ۔

Blasphemer *n.* بے ادب ۔ منکر ۔ کفر بکنے والا ۔

Blasphemous *adj.* کافر ۔ ملحد ۔ کفر گو ۔

Blasphemously *adv.* کافرانہ طور پر ۔ ملحدانہ ۔

Blasphemy کلمہ کفر ۔ مذمت دین ۔

Blast (blast) *n.* Strong gust of wind گرم ہوا ۔ ہوا کا جھونکا ۔ دھماکہ ۔ غضب ۔ آفت ۔ طوفان ۔ پالا ۔

Blast (blast) *v.t.* Blow up with an explosive بارود سے اڑانا ۔ غارت کرنا ۔ ملیا میٹ کرنا ۔ جھلس دینا ۔ بٹا لگانا ۔ خاک میں ملانا ۔

Blasted لعنتی ۔ جھلسا ہوا ۔ غارت شدہ ۔

Blasting ستیاناس کرنا ۔ بارود سے اڑانا ۔

Blastoderm (blasto-derm) *n.* Hollow ball of cells جنین کی جھلی ۔ پردہ جنین ۔

Blatant (blatənt) *adj.* Noisy اودھم مچانے والا ۔ غل غپاڑا کرنے والا ۔

Blatancy *n.* شوریدہ سری ۔ غل غپاڑا ۔ اودھم ۔

Blatantly *adv.* شوریدہ سری سے ۔ چیخ پکار کر ۔ اودھم مچا کر ۔ وحشیانہ طور پر ۔

Blaze (blaz) *n.* Bright flame or fire تیز شعلہ ۔ بھڑک ۔ جوش ۔ اشتعال ۔ آب و تاب ۔ بھڑکے ہوئے جذبات ۔ اشاعت ۔ شہرت ۔ افشا ۔

Blaze (blaz) *v.i.* Proclaim بھڑکنا ۔ شعلہ زن ہونا ۔ روشن ہونا ۔ چمکنا ۔ ظاہر ہونا ۔

Blazing indiscretion بد احتیاطی ۔ کھلی بے شعوری ۔ سخت نادانی ۔ بہت بڑی لغزش ۔

Blazing scent شکار یا شکاری کی تیز بو ۔

Blaze (blaz) *v.t.* Mark or number trees by chipping the bark درختوں پر نشان اندازی کرنا ۔

Blazer (blazer) *n.* Coloured coat of players کھلاڑیوں کے پہننے کا رنگین کوٹ ۔ کذب و افترا ۔ سفید جھوٹ ۔

Blazon (bla-zn) *n.* Coat of arms خاندانی نشان ۔ نشان امارت ۔ آب و تاب ۔

Blazon (bla-zn) *v.t.* Describe or paint names heraldically خاندانی نشانات کا حال آب و تاب کے ساتھ بیان کرنا ۔ اعزازی نشان بنانا ۔ جھنڈے کا نشان بنانا ۔

Blazonry (blazr-ri) *n.* Brightly-coloured display خاندانی یا ذاتی نشان ۔ ان نشانوں کے بنانے اور ان کی تاریخ بیان کرنے کا فن ۔ شوخ رنگوں کی نمائش ۔

Bleach (blech) *v.t.* & i. Whiten سفید کرنا ۔ دھوپ میں رکھ کر یا کیمیاوی طریقے سے سفید کرنا ۔

Bleak (blek) *adj.* Wanting colour, chilly روکھا ۔ بے رنگ ۔ سنسان ۔ ویران ۔ نہایت سرد ۔ ٹھٹھرا دینے والا ۔ اکڑا دینے والا ۔

Blear (bler) *v.t. adj.* Dim-sighted, make indistinct- دھندلا ۔ تاریک ۔ دھندلا کرنا ۔ تاریک کرنا ۔

Blear-eyed *adj.* عاقبت نااندیش ۔ چندھا ۔ کم بین ۔

Blearedness *n.* دھندلا پن ۔ چندھا پن ۔ عاقبت نا اندیشی ۔

Bleat (blet) *v.t.* & i, *n.* Goat's cry, make goat's cry, speak feebly بھیں بھیں ۔ میں میں ۔ بھیں بھیں کرنا ۔ دھیرے دھیرے بولنا ۔ بے عقلی کی باتیں کرنا ۔

Bleed (bled) *v.t.* & i. Emit blood, suffer wounds خون نکالنا ۔ خون بہنا ۔ قتل ہونا ۔ ذبح ہونا ۔ خون بہنے سے مرجانا ۔ پودوں سے دودھ یا پانی نکالنا ۔ دل خون ہونا ۔ فضول خرچی کرنا ۔

Blemish (blem-ish) *v.t.* Spoil the beauty or perfection دھبا لگانا ۔ داغ لگانا ۔ بگاڑنا ۔ بدنام کرنا ۔ بد صورت بنانا ۔ کلنک کا ٹیکا لگانا ۔

Blemish (blem-ish) *n.* Defect دھبا ۔ داغ ۔ بدنامی ۔ عیب ۔ نقص ۔

Blench (blench) *v.t.* & i. Start aside, close the eyes to. ہچکچانا ۔ سہم جانا ۔ جھجکنا ۔ جان بوجھ کر انجان بننا ۔ تجاہل عارفانہ کرنا ۔ قصداً آنکھ بند کر لینا ۔

Blend (blend) *v.t.* & i. Mix together, ملانا ۔ خلط ملط کرنا ۔ گھل مل جانا ۔ ایک ہونا ۔ دو چیزوں کا گھل مل جانا ۔

Blend (blend) *n.* Mixture ترکیب دی ہوئی چیز ۔ آمیزش والی چیز ۔ مرکب ۔

Blenheim (blen-əm) *n.* & *adj.* A kind of spaniel ایک قسم کا کتا ۔ بلنہیم کی نسل کا کتا ۔

Bless (bles) *v.t.* Call holy, adore, اقبال مندی کی دعا کرنا ۔ برکت کی دعا کرنا ۔ دعا دینا ۔ مقدس بنانا ۔ پاک صاف بنانا ۔ حمد و ثنا کرنا ۔ گن گانا ۔

Blessed- (blesed) **Blest** } *adj.* Consecrated متبرک ۔ مقدس ۔ مبارک ۔ خوش و خرم ۔ باغ باغ ۔

Blessed ignorance مبارک لاعلمی ۔

Blessedness خوبی ۔ خوشی ۔ فضل ۔ تقدس ۔

Blessing (bles-ing) *n.* Bestowal of divine favour فضل رب ۔ خدا کی بخشش ۔ رحمت ۔ نعمت ۔ برکت ۔ دعائے طعام ۔

Blessing in disguise زحمت کے بھیس میں رحمت ۔

Blight (blit) *n.* Disease affecting plants کیڑا لگنا ۔ پالے سے مرجھا جانا ۔

Blighty (bliti) *n.* Returning home (England) after foreign service ملازمت کے بعد وطن یعنی انگلستان کو واپسی ۔

Blimey (blimi) *Interj.* Of surprise کمبخت ۔ مردود ۔

Blimp (blimp) *n.* Small non-rigid airship چھوٹا ہوائی جہاز ۔

Blind (blind) *adj.* Without sight اندھا ۔ نابینا ۔ عاقبت نااندیش ۔ کم عقل ۔ بے بصیرت ۔ بے باک ۔ اندھا دھند ۔ اندھیری گلی ۔ پوشیدہ ۔

Blind-door اینٹوں سے چنا ہوا دروازہ ۔

Blind-letter خط جس پر پورا پتہ درج نہ ہو ۔

Blind reader نامکمل پتے کے خط پڑھنے والا ڈاک خانے کا ملازم ۔

Blind man's buff آنکھ مچولی ۔

Blind to کسی چیز سے بے خبر ہونا ۔

One's blind side غیر محفوظ سمت ۔ غیر محفوظ پہلو ۔

Blind at night جسے رات کو دکھائی نہ دے ۔ شب کور ۔ رتوندے کا مریض ۔

Blind of an eye یکچشم ۔ کانا ۔

Blind (blind) *v.t.* Deprive of sight اندھا کرنا ۔ آنکھیں پھوڑنا ۔ دھوکا دینا ۔

Blind (blind) *n.* Obstruction to sight or light پردہ ۔ جھلمل ۔ آڑ ۔ ٹٹی ۔ دھوکے کی ٹٹی ۔ فریب ۔ مغالطہ ۔

Blindage *n.* آڑ ۔ ٹٹی ۔ محاصرے میں فوج کی آڑ ۔

Blindfold (blind-fold) *v.t.* Deprive of sight with bandage آنکھوں پر پٹی باندھنا ۔ آنکھوں پر پردہ ڈالنا ۔

Blindfold (blind-fold) *adj.* & *adv.* With eyes bandaged آنکھوں پر پٹی بندھی ہوئی ۔ آنکھوں پر پردہ پڑا ہوا ۔ اندھا دھند ۔ بے سوچے سمجھے ۔ آنکھ بند کر کے ۔

Blindly (blindli) *adv.* Without seeing اندھوں کی طرح ۔ بے سوچے سمجھے ۔

Blindness (blind-nes) *n.* Want of sight اندھا پن ۔ انجان پن ۔ بے بصری ۔ نادانی ۔ جہالت ۔

Blink (blingk) *v.t. & i.* Move the eyelids پلک جھپکانا ۔ آنکھ جھپکانا ۔ منہ پھیر لینا ۔ توجہ نہ کرنا ۔ نظر انداز کرنا ۔ اغماض کرنا ۔

Blink (blingk) *n.* Momentary glimpse ایک نگاہ ۔ ایک نظر ۔ جھلک ۔ روشنی ۔ افق کی سپیدی ۔

Blinker *n.* اندھیاری جو گھوڑوں کی آنکھ پر چڑھاتے ہیں ۔

Bliss (Blis) *n.* Gladness مسرت کامل ۔ روحانی مسرت ۔

Blissful *adj.* مگن ۔ خوش ۔ فرحت بخش ۔

Blissfully *adv.* کامل مسرت سے ۔ بے حد خوشی سے ۔

Blissfulness *n.* انتہائی خوشی ۔ شادمانی ۔ سعادت ۔

Blister (blis-ter) *n.,v.t. & i.* Vesicle on skin آبلہ ۔ چھالا ۔ وہ دوا جس سے آبلہ آجائے ۔ آبلے پڑنا ۔ آبلہ خیز ۔ چھالوں سے بھرجانا ۔

Blithe (blidh) *adj.* Gay, joyous خوش دل ۔ خوش و خرم ۔ زندہ دل ۔

Blithely خوشدلی سے ۔ خوش مزاجی سے ۔ زندہ دلی سے ۔

Blithesome(blidh-səm) *adj.* Full of joy خوش و خرم ۔

Blithesomeness *n.* خوش مزاجی ۔ نشاط ۔

Blizzard (blizərd) *n.* Blinding snow-storm برف کا بھاری طوفان ۔

Bloat (blot) *v.t. & i.* Cure herring by salting and smoking, inflate پھولنا ۔ پھلانا ۔ نمک اور دھوئیں سے مچھلی پکانا ۔

Bloated *adj.* پھولا ہوا ۔ ابھرا ہوا ۔

Blob (blob) *n.* Drop of liquid قطرہ ۔ گولا (کرکٹ) صفر ۔ انڈا ۔

Blobber-lipped (bləber-lipd) *adj.* With thick lips موٹے ہونٹوں والا ۔

Block (blok) *n.* Combination of parties, log of wood لکڑی کا کندا ۔ گولا ۔ کلبوت ۔ قالب ۔ تختہ ۔ مکانوں کی قطار ۔ چھپائی کا سانچا ۔ پتھر کا بڑا ٹکڑا ۔ بھدا آدمی ۔ جماعتوں کا اتحاد ۔ سڑک پر گاڑیوں کا رکنا ۔ سواریوں کا رکا ہوا سلسلہ ۔

Block-chain بائیسکل کی زنجیر ۔

Blockhead بے عقل ۔ ٹھس ۔ بے مغز آدمی ۔

Chip of old block بڑے باپ کا بڑا بیٹا ۔

Blockish *adj.* سخت دل ۔ بھدا انسان ۔

Block (blok) *v.t.* Obstruct passage روکنا ۔ بند کرنا ۔ گھیرنا ۔ روڑے اٹکانا ۔

Blockade (blokəd) *n.* Shutting up بزور رکا ہوا راستہ ۔ ناکہ بندی ۔ گھیرا ۔

Blockade-runner جہاز جو ناکہ بندی سے بچ نکلے ۔

Blockade (blokəd) *v.t.* Subject to blockade ناکہ بندی کرنا ۔ گھیرا ڈالنا ۔ گھیرنا ۔

Blockader *n.* ناکہ بندی کرنے والا ۔

Bloke (blok) *n.* Man, fellow, chap, (بول چال) ۔ گنوار ۔ مرد آدمی ۔

Blond-e (blond) *n. & adj.* Of light auburn-coloured hair سنہرے یا بھورے بالوں والی ۔

Blood (blud) *n.* Red liquid circulating in veins لہو ۔ خون ۔ گھرانا ۔ خاندان ۔ اعلیٰ نسل یا ذات ۔ جوش ۔ غصہ ۔ خون بہا ۔ قتل ۔ خون کے رنگ کا عرق ۔ لال پانی ۔

Blood ally بچوں کے کھیلنے کی سرخ دھاری دار گولی ۔

Blood-heat حرارت غریزی ۔ طبعی حرارت ۔

Blood-hound بڑا شکاری کتا ۔ سراغرساں کتا ۔

Blood is thicker than water خونی رشتہ ۔ اپنا اپنا، غیر غیر ۔ خون خون ہے پانی پانی ہے ۔

Blood-letting خون خرابہ ہونا ۔ فصد کھولنا ۔

Blood-money خون بہا ۔

Blood orange لال گودے کی نارنگی ۔ مالٹا ۔

Blood-relation خون کا رشتہ ۔ ایک ہی خاندان کے ۔ یک جدی ۔

Blood royal شاہی نسل ۔

Blood-thirsty خونخوار ۔ ظالم ۔ خون کا پیاسا ۔

Bad blood ناراضی ۔ رنجش ۔ دشمنی ۔ برافروختگی ۔

Blue blood اعلیٰ خاندان ۔ اعلیٰ نسل ۔

Cannot get blood out of stone سنگدل سے رحم کی امید نہیں ۔

His blood is up وہ لڑنے مرنے پر آمادہ ہے ۔

In cold blood بغیر کسی اشتعال کے ۔ دیدہ و دانستہ ۔ عمداً ۔ قصداً

Runs in the blood یہ چیز اس کے خون میں ہے ۔

To be full-blooded سرخ و سفید ہونا ۔

Bloodshed *n.* قتل و غارت ۔ خونریزی ۔

Bloodless *adj.* بے خون کے ۔ بے درد ۔ بے حس ۔ بغیر خون خرابے کے ۔

Bloody (bludi) *adj. & adv.* Like blood لہو لہان ۔ خون جیسا ۔ خون آلودہ ۔ خونخوار ۔ ظالم ۔ خونی ۔ (گالی کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے) ۔

Bloody (bludi) *v.t.* Stain with blood خون آلود کرنا ۔ خون میں رنگنا ۔

Bloom (bloom) *n.* Flower پھول ۔ کلی ۔ گل ۔ لالی ۔ سرخی ۔ گال کی سرخی ۔ جوانی ۔ بہار ۔ عنفوان شباب ۔ رونق ۔ تازگی ۔ کشش ۔

Bloom (bloom) *v.i.* Bear flowers عروج پر پہنچنا ۔ جوبن پر آنا ۔ شگفتہ ہونا ۔ کھلنا ۔

Bloom (bloom) *n.* Mass of heated iron hammered into thick bar پگھلے ہوئے لوہے کی بھدی موٹی سلاخ ۔

Bloomer *n.* (بول چال) فاش غلطی ۔ ایک نسوانی لباس جس کی موجد مسز بلومر تھی ۔

Blooming *adj.* اٹھتی جوانی ۔ شباب پر ۔ پھولا پھلا ۔ ہرا بھرا ۔

Bloomsbury (blooms-beri) *n.* A fashionable part of London لندن کا محلہ جہاں پہلے فیشن پرست رہتے تھے مگر اب وہاں اہل علم رہتے ہیں ۔

Blossom (blosəm) *n.* Flowers on fruit-trees نمو کی ابتدا ۔ ہونہار پن ۔ شگوفے ۔ پھول ۔

Blossomy *adj.* شگوفوں سے بھرا ہوا ۔ پھولوں سے لدا ہوا درخت ۔

Blot (blot) *n.* Spot of ink etc. دھبا ۔ داغ ۔ کلنک ۔ عیب ۔ نقص ۔ کلنک کا ٹیکا ۔

Blotch (bloch) *n.* Inflamed patch سوجن ۔ پھوڑا ۔ ددوڑا ۔ سیاہی کا دھبا ۔

Blouse (blowz) *n.* Women's loose light bodice زنانہ جیکٹ ۔ یورپی عورتوں کی قمیص ۔ پاکستانی بلوز ۔ کام کرنے والے مزدوروں کا لمبا کرتا جس کی کمر میں پیٹی لگی ہو ۔

Blow (blo) *v.t. & i.* Move along ہوا کا چلنا ۔ زور زور سے سانس لینا ۔ پھونک مارنا ۔ ہوا سے اڑ جانا ۔ پھنکارنا ۔ بھک سے اڑا دینا ۔ روپیہ پیسہ پھونکنا ۔

Blow hot and cold دو دلا ہونا ۔ کبھی کچھ کبھی کچھ ۔ مذبذب ہونا ۔

Blow one's own trumpet اپنی تعریف آپ کرنا ۔ اپنے منہ میاں مٹھو بننا ۔

Blow-pipe تیر نلکی جس سے امریکی انڈین تیر کا نشانہ لگاتے ہیں ۔ دھونکنی ۔ پھونکنی ۔

Blow me مجھ سے جو چاہے سلوک کرنا ۔ میری ناک کاٹ ڈالنا ۔

Blow (blo) *n.* Hard stroke, blowing چوٹ ۔ ضرب ۔ گھونسا ۔ صدمہ ۔ دھچکا ۔ تباہی ۔ بربادی ۔ منہ سے باجا بجانا ۔ ہوا کا جھکڑ ۔

A blow for a blow مار کے بدلے مار ۔

An unexpected blow بلائے بے درمان ۔ آفت ناگہانی ۔

To come to blows دھینگا مشتی کرنا ۔ مکہ بازی کرنا ۔ مار دھاڑ پر اتر آنا ۔

Blower (bloer) *n.* Apparatus for increasing fire's draught منہ سے پھونک مارنے والا ۔ دھونکنی ۔ دھونکنے والا ۔

Blowy (blo-i) *adj.* Windy آندھی کا ۔ ہوادار ۔

Blub (blub) *v.i.* Shed tears رونا ۔ آنسو بہانا ۔

Blubber (blub-er) *n.* Whale fat ویل مچھلی کی چربی ۔ رونا ۔ گریہ و زاری ۔

Blubber (bluber) *adj.* Swollen باہر نکلے ہوئے ۔ پھولے ہوئے ۔ متورم ۔

Blubber (bluber) *v.t. & i.* Utter with sobs دھاڑیں مار کر رونا ۔ آواز چھوڑ کر رونا ۔ رو رو کر آنکھیں سجا لینا ۔

Bludgeon (bluj-n) *n. & v.t.* Strike with heavy-headed stick لوہے کی شام کا بھاری ڈنڈا ۔ بھاری ڈنڈے یا سونٹے سے بار بار مارنا ۔

Blue (bl-oo) *adj.* Sky colour آسمانی رنگ ۔ نیلا رنگ ۔ کسی سیاسی جماعت کا ۔ نیلی پوشاک کا ۔ علم کی مدعی عورت کا ۔ ناشائستہ (گفتگو) ۔

Blue blood عالی خاندان ۔ عالی نسب ۔

Blue-book پارلیمنٹ کی رپورٹ ۔ روداد ۔

Blue-coat boy یتیم خانہ کا طالبعلم ۔ خیراتی مدرسے کا طالبعلم ۔

Blue pills صفرا شکن گولیاں ۔

Blue ribbon شراب سے پرہیز ۔ اعلیٰ ترین اعزاز ۔ گرٹر کا فیتہ ۔

Drink till all is blue شراب سے مدہوش ہو جانا ۔ پیتے پیتے مست ہو جانا ۔

Look blue نڈھال یا اداس نظر آنا ۔
Once in a blue moon گاہے گاہے ۔ شاذو نادر ۔
Blueness *n.* نیلاہٹ ۔ نیلا پن ۔
Bluish *adj.* ہلکا آسمانی ۔ نیلگون ۔

Blue (bloo) *n.* Blue colour آسمان ۔ سمندر ۔ نیل ۔ نیلا رنگ ۔ جامعہ کی ٹیم کا کھلاڑی ۔ ایسے کھلاڑی کا بلا ۔

Blue (bloo) *v.t.* Make blue, squander money نیلا کرنا ۔ نیل دینا ۔ روپیہ پیسہ اڑانا ۔

Blue-beard (bloo-bərd) *n.* Husband of many wives بہت سی بیویوں والا شوہر ۔

Bluff (bluf) *adj.* Blunt and frank ۔ اکھڑ ۔ صاف گو ۔ صاف دل ۔ کھرا ۔

Bluff (bluf) *v.t. & i.* Impose upon (opponent) as to the value of his hand دھونس دینا ۔ معمولی پتوں پر بڑی چال چلنا ۔ کھیل میں دھونس جمانا ۔

Bluff (bluf) *n.* Overbearing demeanour گیدڑ بھبکی ۔ خالی دھمکی ۔ دھونس ۔

Blunder (blundər) *n.* Stupid mistake ۔ فاش غلطی چوک ۔ خطا ۔

Blunder (blunder) *v.t. & i.* Move blindly, stumble اندھا دھند چلنا ۔ فاش غلطی کرنا ۔
Blunder away چوپٹ کرنا ۔ خراب کرنا ۔
Blunder upon اتفاق سے کسی چیز کا پا جانا ۔
Blunder out بے سوچے سمجھے بات کہہ دینا ۔
Blunderer *n.* فاش غلطی کرنے والا ۔
Blunderingly *adv.* غلط کاری سے ۔

Blunderbuss (blundər-bus) *n.* Ancient short gun with large bore قرابین ۔ بڑے منہ کی چھوٹی بندوق ۔

Blunt (blunt) *adj. & n.* Dull, without edge ۔ کند کودن ۔ غبی ۔ نا شائستہ ۔ منہ پھٹ ۔ صاف گو ۔
Bluntish *adj.* صاف گوئی پر مائل ۔ ذرا منہ پھٹ ۔

Blunt (blunt) *v.t* Make less sharp ۔ دھار موڑ دینا کند کر دینا ۔ دھار مار دینا ۔
Bluntly *adv.* ناشائستگی سے ۔ بدتمیزی سے ۔ اکھڑ پن سے ۔
Bluntness *n.* دھار کا کند ہونا ۔ اکھڑ پن ۔

Blur (blur) *n.* Smear of ink etc. داغ دھبا ۔ دھندلا پن ۔ روشنائی کا دھبا ۔

Blur (blur) *v.t.* Smear, disfigure دھبے ڈالنا ۔ صورت بگاڑنا ۔ دھندلا کرنا ۔

Blurt (blur-t) *v.t.* Utter abruptly ۔ بے تامل کہہ دینا پھوٹ پڑنا ۔ بک دینا ۔

Blush (blush) *v.i.* Become red شرم سے گل سرخ ہو جانا ۔ شرمانا ۔ شرما جانا ۔
Blush at sight کچھ دیکھ کر چہرہ سرخ ہو جانا ۔
Blushingly *adv.* شرمسار ہو کر ۔ لجا کر ۔ شرمیلے پن سے ۔

Blush (blush) *n.* Reddening of face in shame لاج ۔ حیا ۔ چہرہ کی لالی ۔ شرم ۔ جھلک ۔ تابش ۔ شفق کی سی سرخی ۔
At the first blush پہلی نظر میں ۔ دیکھتے ہی ۔ پہلی نگاہ میں ۔

Bluster (blustər) *v.t & i.* Storm boisterously دھمکانا ۔ ہنگامہ برپا کرنا ۔ تلخ لہجہ میں گفتگو کرنا ۔ بھوں بھوں کرنا ۔
Blusterer *n.* بدتمیزی سے پیش آنے والا ۔ ہنگامہ کرنے والا ۔ کلہ دراز ۔
Blusteringly *adv.* ۔ بھونڈے پن سے ۔ بدتمیزی سے ۔ شوخ چشمی سے ۔

Bluster (blustər) *n.* دھمکی ۔ تندی سے چلانا ۔ بڑ ۔
Blusterous, Blustery *adj.* بڑ ہانکنے والا ۔ تند ۔ کلہ دراز ۔

Bo, boh (bo-bo) *Interj.* Used to startle ہوا ہو ۔ ھش ۔ دوسروں کو چونکانے کی آواز ۔

Boa, *n.* **constrictor (boakanstricter)** Python بڑا سانپ جو شکار کو دبا کر مارتا ہے ۔ اژدھا ۔ اجگر ۔ عورتوں کا بالوں والا کوٹ ۔ پروں کا گلوبند ۔

Boar (bor) *n.* Male uncastrated pig بغیر خصی کیا ہوا سور ۔ سور ۔ سور کا گوشت ۔ جنگلی سور ۔
Boar's head سور کا سر جو کسی تہوار کو پکایا جاتا ہے ۔

Board (bord) *n.* Long thin piece of timber ۔ تختہ لکڑی کا لمبا تختہ ۔ دستر خوان ۔ کھانا ۔ ارکان کونسل ۔ کمیٹی ۔
Above board شبہ سے بالاتر ۔ علانیہ ۔ صاف صاف ۔ کھلے طور پر ۔

Bed and board زن و شو کے تعلقات ۔ میاں بیوی کا رہن سہن ۔ قیام و طعام ۔

Groaning board مختلف کھانوں سے لدا ہوا دسترخوان ۔

Sweep the board سب کچھ جیت لینا ۔

Board (bord) *v.t.* & *i.* Cover with boards تختے لگانا ۔ تختہ بندی کرنا ۔ تختے جوڑنا ۔ جہاز یا گاڑی پر سوار ہونا ۔ ٹھیکے پر کھانا دینا ۔

Board with کسی کے گھر میں خرچ دے کر کھانا کھانا ۔

Boarder (boarder) *n.* One who boards with some one خرچ دے کر کھانا کھانے والا ۔

Boarding (board-ing) *n.* The action of covering with boards تختے لگانا ۔ کھانا کھانا اور رہنا ۔

Boarding-house A house in which boys and other persons board طالب علموں کے رہنے اور کھانے کا مکان ۔ دارالاقامہ ۔

Board out غریب لڑکوں کا دوسروں کے پاس کھانے کا انتظام کرنا ۔ گھر چھوڑ کر کہیں اور کھانا ۔

Boast (bost) *n.* Vain-glorious talk, شیخی ۔ لن ترانی ۔ لاف زنی ۔ ڈینگ ۔

Make boast of شیخی بگھارنا ۔ فخریہ بیان کرنا ۔

Boastful *adj.* لاف زن ۔ ڈینگیا ۔ شیخی خورا ۔

Boastfully *adv.* لاف زنی سے ۔ شیخی سے ۔ فخریہ ۔

Boastfulness *n.* لن ترانی ۔ لاف زنی ۔ ڈینگ ۔ شیخی ۔ تفاخر ۔

Boast (bost) *v.i.* & *t.* Extol oneself شیخی بگھارنا ۔ ڈینگ مارنا ۔ خود ستائی کرنا ۔

Boaster *n.* شیخی خورا ۔ بڑ بولا ۔ خود ستا ۔

Boat (bot) *n.* Small open oared or sailing vessel ناؤ ۔ کشتی ۔ سفینہ ۔ شکارا ۔

Have oar in every one's boat ہر جگہ ٹانگ اڑانا ۔

In the same boat ایک ہی مصیبت میں گرفتار ۔ ایک ہی کشتی کے سوار ۔

Boatage کشتی کا کرایہ ۔

Boatful اتنا سامان یا اتنے آدمی جو ایک کشتی میں آ سکیں ۔ ناؤ بھر ۔

Boat (bot) *v.t.* & *i.* Go in a boat کشتی میں سیر کرنا ۔ کشتی کھینا ۔

Boating *n.* ناؤ کی تفریح ۔ کشتی چلانا ۔ کشتی کی سیر ۔

Bob (bob) *n.,v.* & *t.* Kite tail, weight on pendulum لٹکن ۔ جھمکا ۔ بندا ۔ بالوں کی لٹ ۔ گھڑی کا لٹکن ۔ گھوڑے کی کٹی ہوئی دم ۔ اوپر نیچے کرنا ۔ اچھل مارنا ۔

Bob (bab) *v.i.* & *t.* لٹکتے پھل کو منہ سے پکڑنا ۔ اچھالنا ۔ کیچوے کا چارہ لگا کر بام مچھلی پکڑنا ۔ چنا ۔ عورت کا گھٹنوں کو جھکا کر تعظیمی سلام کرنا ۔

Bob up like a cork شکست کے بعد کسی کا پھر میدان میں آنا ۔

Bob (bob) *n.* Jerk, curtsy جھٹکا ۔ ادب سلامی ۔ اچھال ۔ ایٹن مدرسہ کا کرکٹ کھیلنے والا طالبعلم ۔

Bob (bob) *v.t.* Rap, jerk, جھٹکا دینا ۔ کھٹکھٹانا ۔ کھٹ کھٹ کرنا ۔

Bobtailed *adj.* لنڈورا ۔ دم کٹا کتا یا گھوڑا ۔

Bobbery *n.* شور و غل ۔ فساد ۔ ٹنٹا ۔ جھگڑا ۔

Bobbin (bob-in) *n.* Cylinder for holding thread چرخی ۔ ریل ۔ جال بُننے کی سلائی ۔

Bobbinet (bobinet) *n.* Lace made with bobbins on pillow تکیے کے اوپر کی جالی دار بیل جو سلائی سے بنائی جائے ۔

Bobbish (bob-ish) *adj.* Brisk, well خوش ۔ پھرتیلا ۔ خاصا ۔ بھلا چنگا ۔

Bobby (bobi) *n.* Police-man ڈنڈے والا ۔ پولیس والا ۔ پولیس کا آدمی ۔

Bode (bod) *v.t.* & *i.* Foretell, foresee شگون دینا ۔ پیشین گوئی کرنا ۔ آئندہ کا حال بتانا ۔

Bodement *n.* پیشین گوئی ۔

Bodingly *adv.* پیشین گوئی کے طور پر ۔

Bodeful *n.* منحوس ۔ برے شگون والا ۔

Bodice (Bodis) *n.* Close fitting upper part of woman's dress انگیا ۔ چولی ۔ سینہ بند ۔ چھوٹے کپڑے ۔

Bodied (bodied) *adj.* Embodied جسم والا ۔

Able bodied *adj.* تنو مند ۔ اچھے جسم والا ۔

Bodiless *adj.* لطیف ۔ جسمیت سے بالاتر ۔ نرنکار ۔

Bodily *adj.* بدنی ۔ جسمی ۔ جسمانی ۔

Bodkin (Bod-kin) *n.* Long pin for fastening hair سوا ۔ بڑی سوئی ۔ ٹانپ نکالنے کی چٹی ۔ بالوں میں لگانے کی پن ۔

Body (bodi) *n.* Man or animal as material organism مادہ ۔ وجود ۔ جسم ۔ بدن ۔ لاش ۔ اکثریت ۔ آدمی ۔ شخص ۔ جماعت ۔ گروہ ۔ انجمن ۔ جمعیت ۔ مقدار ۔ طاقت ۔

Body politic مملکت ۔ دولت ۔ سماج ۔ جماعتی سیاست ۔

In a body سب اکٹھے ہو کر ۔ سب ملکر ۔

Keep body and soul together برے بھلے گزر کرنا ۔

Body (bod-i) *v.t.* Provide with body مجسم کرنا ۔ تصور میں لانا ۔ مثال یا نمونہ ہونا ۔

Bog (bog) *n.* Wet spongy ground پانک ۔ دھسن ۔ دلدل ۔

Boggy *adj.* دلدلی ۔

Chieftainship, chieftainry - سرداری -

Chiffonier (shifə-ner) *n.* Low cupboard - ششدرہ خانہ دار - چھوٹی الماری -

Chilblain (chil-blan) *n.* Itching sore on hand, foot etc. سردی سے ہاتھ پاؤں کا پھٹنا -

Chilblained } سردی سے ہاتھ پاؤں پھٹے ہوئے -
Chilblainy } زخمی -

Child (child) *n.* New born human being بچہ - بالک طفل مزاج - شخص - سادہ لوح - بیٹا - بیٹی - اولاد - آل اولاد - نسل -

Child's play آسان کام - بچوں کا کھیل -

Burnt child dreads fire دودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے -

Fancy's child تخیل کا نتیجہ - نتیجہ - فکر -

Childless *adj.* بے اولاد - لاولد -

Childlessness *n.* بے اولادی - لاولدی -

Childhood (child-hood) *n.* Child state بچپن کا زمانہ بچپن - طفلی -

Second childhood سترا بہترا - بڈھا پھوس -

Childish (child-ish) *adj.* Proper to a child طفل مزاج - بچوں جیسا - بچوں کی طرح -

Childlike (child-lik) *adj.* Having innocence, frankness صاف دل - مخلص - معصوم -

Childly (child-li) *adj.* Like a child بچے کی مانند - طفلانہ طور پر - بچے کی مثل -

Chill (chil) *n.* Cold sensation لرزہ - تھر تھراہٹ - کپکپی - سردی - پانی یا ہوا کی ناگوار خنکی - افسردگی پژمردگی - سرد مہری - رکھائی -

Cast a chill over اداسی چھا جانا -

Take chill off water پانی شیر گرم کرنا - پانی کی ٹھنڈک مارنا -

Chill (chil) *adj.* Very cold بے حس - برف - جاڑے کا مارا - یخ بستہ - بہت ٹھنڈا - ٹھنڈے خون کا - سرد مزاج -

Chillness ٹھنڈک - خنکی - ٹھرن -

Chill (chil) *v.t. & i.* Make cold, - سرد ہو جانا - سرد کرنا ٹھنڈا کرنا - سردی سے ٹھٹھر جانا - افسردہ کرنا یا ہونا - دل توڑنا - نا امید کرنا یا ہونا -

Chilli (chili) *n.* Dried pod of capsicum - سرخ مرچ لال مرچ - فلفل سرخ -

Chilly (chili) *adj.* Feeling rather cold - سرد مہر سرد مزاج - ٹھنڈا ٹھنڈا -

Chillness - بے رخی - رکھائی - سرد مہری - سرد مزاجی سردی - خنکی -

Chime (chim) *n.* Set of attuned bells - ہم نوائی موافقت - ہم آہنگی - گھنٹوں کی سریلی جھنکار -

Chime (chim) *v.t. & i.* Make bell sounds گھنٹوں سے سریلی آواز نکلنا - گھنٹوں کا بجنا یا بجانا - گھنٹہ بجا کر وقت بتانا - گجر بجانا - بے ارادہ کسی چیز کا بار بار دہرانا - رٹ لگانا - ہم نوا ہونا - ہاں میں ہاں ملانا - سر میں سر ملانا -

Chimera (kime-ra) *n.* Monster عجیب الخلقت - خیال باطل - وہم - ہوا -

Chimerical *adj.* - بے اصل - موہوم - وہمی - بے بنیاد

Chimerically *adv.* خیالی طور پر - متوہمانہ -

Chimney (chim-ni) *n.* Flue carrying off smoke, steam آتشدان - دود کش - لیمپ کی چمنی - مل کی چمنی - آتش فشاں کا دہانہ - نلوا -

Chimpanzee (chim-pan-ze) *n.* African ape چمپنزی - بوزنہ - بن مانس - افریقی بندر جو انسان سے مشابہ ہوتا ہے -

Chin (chin) *n.* Front of lower jaw ٹھوڑی - ٹھڈی -
Up to the chin, chin deep از سر تا پا ڈوبا ہوا - گلے گلے تک -

China (chi-na) *n.* & *adj.* From China - چینی کے برتن چینی مٹی کا - چین کا - چینی -
Chinaman *n.* (کریکٹ) بائیں ہاتھ سے آف بریک گیند جو دھوکا دے - چین کا رہنے والا -
Chinamania *n.* سلک چین کا خبط - چین پرستی -
Chinamaniac *n.* چین کا دیوانہ - چین پرستی کرنے والا -

Chine (chin) *n.* Backbone or part of it ریڑھ کے دونوں طرف کا گوشت - ریڑھ کا بانس - ریڑھ کی ہڈی -

Chinee (chini) *n.* Chinese چین کا باشندہ -

Chinese (chi-nez) *n.* & *adj.* Of China چینی زبان - چینی - چین کے رہنے والے -
Chinese Lantern رنگ برنگی فانوس - چینی قندیل -

Chink (chingk) *n.* Crevice چھید - دراز - رخنہ - سوراخ - شگاف -

Chink (chingk) *n.*, *v.t.* & *i.* Sound as of glasses or coins چھن چھنا کا - چھن چھن - جھنجھلاہٹ - کانچ کے برتنوں کی جھنکار - روپیہ بجانے کی آواز - نقد روپیہ

Chintz (chints) *n.* & *adj.* Cotton cloth printed with patterns چھینٹ - چھپا ہوا کپڑا - چھینٹ کا -

Chip (chip) *n.* Small piece of wood or stone پرزہ - پتھر یا لکڑی کا ٹکڑا - قاش - قتلہ - لکڑی کی کھپچی - چینی کے برتن کا ٹوٹا ہوا ٹکڑا -
Chip of old block جیسا باپ ویسا بیٹا -
Dry as a chip غیر دلچسپ - خشک - پھیکا - بے مزا -

Chip (chip) *v.t.* & *i.* Cut wood, break stone پتھر توڑنا - کاٹنا - چھیلنا - لکڑی کا کاٹنا - لکڑی چھیلنا - چپٹی اتارنا - کمزور ہونا - خستہ ہونا - نقش تراشنا - انڈے پھوڑنا - جیسے چوزے انڈے پھوڑ کر نکلتے ہیں -

Chippy (chip-i) *adj.* Dry, uninteresting بے لطف - بے مزہ - خشک - نشے کے بعد پیاسا - تشنہ اور متلی کرتا ہوا - تنک مزاج - زود رنج - چڑ چڑا -

Chirognomy (kirag-na-mi) *n.* Palmistry ہاتھ دیکھ کر غیب کا حال بتانا - ہاتھ دیکھنا - دست شناسی -

Chirograph (ki-rag-raf) *n.* Documents of various kinds دستاویز - تحریر - مختلف قسم کی دستاویزیں -

Chirography (ki-rag-rafi) *n.* Art of writings دستاویز نویسی کا علم - علم تحریر -

Chirology (ki-ro-la-gi) *n.* Language of gestures اشاروں سے باتیں کرنے کا علم - اشاروں کی زبان -

Chiropodist (kiro-pa-dist) *n.* Treater of hands and feet ہاتھ پاؤں کے علاج کا ماہر - ہاتھ پاؤں ناخن اور گھٹنوں کا معالج -
Chiropody *n.* ہاتھ پاؤں ناخنوں اور گھٹنوں کا علاج

Chirp (ch-arp) *n.*, *v.t.* & *i.* Make short sharp notes چوں چوں کرنا - چڑیوں کی چوں چوں - چہچہانا - خوشی کا اظہار کرنا - خوش ہو کر باتیں کرنا - دھیمی آواز سے بولنا -
Chirpy *adj.* خوش و خرم - شادماں - زندہ دل -
Chirpiness *n.* زندہ دلی - شادمانی - بشاشت -

Chirr (char) *n.* & *v.i.* Make prolong trilling sound ٹڈے کی سی آواز نکالنا - دیر تک چہچہانا - چیں چیں کرنا -

Chirrup (chir-ap) *v.i.* & *n.* Make series of chirps چوں چوں کرنا - چرکنا - آغوں آغوں کرنا - تھیٹر میں تنخواہ لے کر تعریف کرنا -

Chisel (chiz-l) *n.* & *v.t.* Cut with tool with square bevelled end چھینی - ٹانکی - بولی - چھینی سے لکڑی، پتھر توڑنا - دھوکا دینا - دغا دینا - ٹھگنا -
Chiselled features تراشے ہوئے نقوش - خوبصورت ناک نقشہ -

Chit (chit) *n.* Young child پست قد نازک عورت - کمسن - ننھا - ننھا بچہ -

Chit-chiti (chit) *n.* Written paper یاد داشت - پرچہ - رقعہ - چٹھی

Chit chat (chit-chat) *n.* Light conversation - باتیں بات چیت - گپ شپ -

Chivalrous (shiv-əl-rəs) *adj.* Gallant عالی حوصلہ ۔ اولوالعزم ۔ نڈر ۔ بہادر ۔ بااخلاق ۔ جاں باز ۔ خبطی ۔ وہمی ۔ شیخ چلی کا سا ۔

Chivalrously *adv.* بے غرضانہ ۔ اولوالعزمی سے ۔ جانبازی سے ۔

Chivalry (shiv-əl-ri) *n.* Gallantry بانک پن ۔ دلاوری ۔ بہادری ۔ اولوالعزمی ۔ نائٹوں کی سی خوبیاں ۔ زیر دستوں کی حمایت ۔ صنف نازک کے لیے جانبازی ۔

Flower of chivalry کسی قوم کے جانباز سپاہی ۔

Chloroform (klo-ro-form) *n.* Anaesthetic liquid بے ہوشی کی دوا ۔ بے ہوش کر دینے والی دوا ۔

Chloroformist *n.* دوا سنگھانے والا ۔ دوا دے کر بے ہوش کرنے والا ۔ کلوروفارم دینے والا ۔

Chocolate (chokə-lit) *adj.* & *n.* Cake of cacao-seed paste, dark brown کاکریزی ۔ لاکھی ۔ ایک قسم کی انگریزی مٹھائی ۔

Choice (chois) *n.* Selection پسند کرنے کا حق ۔ پسندیدگی ۔ پسند ۔ انتخاب ۔ چیدہ ۔ برگزیدہ ۔ منتخب ۔ ممتاز ۔ چارہ ۔ علاج ۔ متبادل صورت ۔

At choice حسب مرضی ۔

Have no choice پسند نا پسند کی بات نہیں جو بھی مل جائے ۔

Have one's choice اپنی مرضی سے انتخاب کرنا ۔

Holeson's choice لو تو یہ نہیں تو چھوڑ دو ۔ یہ لو ورنہ کچھ نہیں ۔ لو تو یہ لو ۔ ورنہ نہیں ۔

Choice (chois) *adj.* Of picked quality پسندیدہ ۔ منتخب ۔ عمدہ ۔ نہایت اعلیٰ ۔ نہایت موزوں ۔

Choicely *adv.* مناسب طریقے سے ۔ کمال احتیاط سے ۔

Choiceness *n.* خوبی ۔ عمدگی ۔ نفاست ۔

Choir (kwir) *n.*, *v.t.* & *i.* Band of singers in church service گرجوں میں گانے والوں کا طائفہ ۔ عبادت کے وقت گانے والوں کی منڈلی ۔ سرودگاہ ۔ مذہبی گیت گانا ۔ سماع خانہ ۔

Choke (chok) *v.t.*, *i.* & *n.* Suffocate ٹیٹوا دبانا ۔ گلا گھٹنا ۔ گلا گھونٹنا ۔ دم رکنا ۔ دم گھٹنا ۔ دم رک جانا ۔ جذبات کو روکنا ۔ ضبط کرنا ۔ چھروں کی بندوق کی تنگ نال ۔ خلیج یا کھاڑی کا ریت سے بھر جانا ۔ اٹ جانا ۔ کھچا کھچ بھرنا ۔

Choker (chok-ər) *n.* Stand-up collar گلا دبانے والا ۔ گلا گھونٹنے والا ۔ سخت کھڑا کالر ۔ ضبط کرنے والا ۔ باز رکھنے والا ۔

Choler (kol-ər) *n.* One of the four humours, bile صفرا ۔ پت ۔ غصہ ۔ طیش ۔ بد مزاجی ۔ چڑچڑا پن ۔

Cholera (kol-ər-a) Disorder with diarrhoea and vomitting ہیضہ ۔ تخمہ ۔ قے دست کی بیماری ۔

Choleric (kol-ər-ik) *adj.* Angry چڑچڑا ۔ تیز مزاج ۔ غصیلا ۔

Cholerine (kol-ər-in) *n.* Summer cholera بد ہضمی ۔ سوئے ہضم ۔ تخمہ ۔

Choose (chooz) *v.t.* & *i.* Select چھانٹنا ۔ منتخب کرنا ۔ پسند کرنا ۔ چن لینا ۔ کسی صفت کی وجہ سے چن لینا ۔ کسی کام کرنے کا فیصلہ کرنا یا آمادہ ہونا ۔

Pick and choose ہوشیاری سے چھانٹنا ۔

Chop (chop) *v.t.* & *i.* Cut by a blow اڑا دینا ۔ قلم کرنا ۔ کاٹ ڈالنا ۔ الگ کرنا ۔ پارہ پارہ کرنا ۔ قیمہ کرنا ۔ چورا چورا کرنا ۔

Chop (chop) *n.* Slice of meat ٹکڑا ۔ پارہ ۔ تکا بوٹی ۔ ضرب ۔ چوٹ ۔ وار ۔ ہاتھ ۔ سمندر کی طوفانی موج ۔ جھٹکے دار حرکت ۔

Chop (chop) *v.t.* & *i.*, *n.* Be inconstant ادل بدل کرنا ۔ قائم نہ رہنا ۔ ڈگمگانا ۔ رخ بدلنا ۔ بحث میں گریز کرنا ۔

Chopper (chop-ər) *n.* One who chops تیشہ ۔ تبر ۔ قطع کرنے والا ۔ کاٹنے والا ۔ قصائی کی چوڑی تبر ۔ بغدا ۔ چھرا ۔

Chopsticks (chop-stiks) *n.* Small slips of ivory or bamboo for eating rice دو پتلی تتلیاں جن سے چینی چاول کھاتے ہیں ۔

Choral (ko-rəl) *adj.* Of song by choir سرود خوانوں کا ۔ قوالوں کا ۔ گیت کا ۔ راگ کا ۔

Chorally *adv.* مل کر گاتے ہوئے ۔ ساز کے ساتھ گاتے ہوئے ۔ ہم آہنگی کے ساتھ ۔ آواز ملا کر ۔

Choralist (kor-əl-ist) *n.* Chorus singer مل کر گانے والا ۔ طائفے میں گانے والا ۔ طائفے کا گویا ۔

Chord (kord) *n.* String کمان کا چلہ ۔ وتر ۔ ہم آہنگی ۔ دھن ۔ سر ۔ تار ۔ تانت ۔

Chord (kord) *n.* Notes sounded together رنگوں کا موزوں امتزاج ۔ تین یا زیادہ سروں کا ملاپ ۔

Chorister (kor-is-tər) *n.* Member of choir ۔ گویا ۔ کلاونت ۔ قوال ۔ نغمہ سرا ۔ کلیسائی سرود خوان جماعت کا بچہ ۔

Chorus (ko-rəs) *n., v.t. & i.* Band of singers and dancers گیت کا وہ حصہ جس کو سب مل کر گاتے ہیں ہم آہنگی ۔ ہم نوائی ۔ قوالوں کی چوکی ۔ مل کر گانا ۔ ہم آواز ہو کر گانا ۔ قدیم یونانی ناٹک میں ناچنے گانے والوں کا طائفہ ۔ ملکہ الزبتھ کے زمانے میں ناٹک کا پیش خوان ۔ گانے والوں کی جماعت ۔

Chow (chow) *adj. & n.* Of China (آسٹریلیا) چینی ۔ چین کا ۔ چینی نسل کا کتا ۔

Chrism (krizm) Consecrated oil وہ روغن جو مذہبی رسموں میں ملا جاتا ہے ۔ متبرک تیل ۔ پاک کیا ہوا تیل ۔

Christ (krist) *n.* Messiah آسمانی روحانی بادشاہ ۔ حضرت عیسیٰ ۔ مسیحا ۔ حضرت مسیح ۔ نجات دلانے والا ۔

Christhood مسیحیت ۔

Christless بے دین ۔ بے نجات دہندہ ۔

Christlike (krist-lik) *adj.* مسیح کے مانند ۔ عیسیٰ صفت ۔

Christen (kris-n) *v.t. & i.* Admit as christian by baptism بپتسمہ دینا ۔ اصطباغ دے کر عیسائی بنانا ۔ اصطباغ کے وقت نام رکھنا ۔ جہاز وغیرہ کا نام رکھنا ۔ تسمیہ ۔

Christendom (kris-ten-dəm) *n.* Christian countries ممالک نصاریٰ ۔ دنیائے مسیحیت ۔

Christian (krist-yen) *adj. & n.* Believing in Christ مسیحی ۔ عیسائی ۔ نصرانی ۔ مسیحایا اُن کے مذہب کے متعلق ۔ حضرت عیسیٰ کا سچا پیرو ۔ عیسیٰ صفت ۔ مہذب معقول آدمی ۔ بھلا مانس ۔

Christianize *v.t. & i.* عیسائی بنتایا بنانا ۔

Christianlike *adj.* جیسے عیسائی کی طرح ۔ عیسائیت کے شایان شان ۔

Christianity (kristyen-iti) Religion of Christ عیسائیت ۔ عیسائی مذہب ۔

Christmas (krist-məs) *n.* Festival of Christ's birth ولادت مسیح کا دن ۔ بڑا دن ۔

Christolatry (kris-to-lə-tri) Christ worship مسیح پرستی ۔

Christomaniac (kristo-mə-ni-ək) *n.* Mad after Christ حضرت عیسیٰ کا عاشق ۔ حضرت مسیح کا دیوانہ ۔

Chromatic (kro-ma-tik) *adj.* Full of bright colour رنگوں سے بھرا ہوا ۔ رنگین ۔

Chromatics *n.* Art of colour printing رنگوں کا علم ۔ علم الالوان ۔

Chromatically *adv.* رنگینی کے لحاظ سے ۔ رنگوں کے لحاظ سے ۔

Chrome (krom) *n.* Yellow pigment got from cromate of lead زرد رنگ جو لیڈ کرومیٹ سے حاصل ہوتا ہے ۔

Chromium (kro-mi-əm) *n.* A metallic element ایک دھاتی عنصر ۔

Chromolithograph (kromo-lith-ə-graf) *n.* Picture printed in colours from stone سنگ مطبع کی چھپی ہوئی رنگین تصویر ۔ رنگین سنگی چھپائی ۔

Chronic (kron-ik) *adj.* Lingering عیبی ۔ سخت ۔ شدید ۔ کہنہ ۔ پرانا ۔ مزمن ۔

Chronically *adv.* مزمن طور پر ۔ پرانا ۔ دیرینہ ۔

Chronicle (kron-ik-l) *n. & v.t.* Register of events in the order of time سرگزشت ۔ واقعات کا روز نامچہ ۔ تاریخ ۔ سرگزشت لکھنا ۔ تاریخی واقعات لکھنا ۔

Chronicler *n.* روز نامچہ لکھنے والا ۔ مورخ ۔ واقعہ نگار ۔

Chronograph (kro-no-grəf) *n.* History of ancient period زمانۂ قدیم کی تاریخ ۔ تاریخی مواد ۔

Chronograph (kro-no-grəf) *n.* Instrument recording time with extreme accuracy ٹھیک ٹھیک وقت بتانے والا آلہ ۔ وقت نگار ۔

Chronographic *adj.* وقت نگاری کے متعلق ۔

Chronology (kro-no-lə-gi) *n.* Science of computing dates تاریخ وار ۔ واقعہ نگاری ۔ علم تواریخ ۔ تاریخوں کا حساب ۔

Chronological *adj.* فن تاریخ کے متعلق ۔ تاریخ وار ۔

Chronologically *adv.* واقعہ نگاری کے متعلق ۔ تواریخ کے لحاظ سے ۔

Chronologist *adj.* فن تاریخ کا ماہر ۔ تواریخ دان ۔

Chronologize *v.t.* واقعات کو تاریخ وار لکھنا ۔

Chronometer (kro-no-me-ter) *n.* Time measuring instrument وقت بتانے والا آلہ ۔ وقت پیما ۔ صحیح وقت دینے والی جہازی گھڑی ۔

Chronometry *n.* عملی طور پر وقت کی پیمائش ۔ فنی لحاظ سے وقت کی صحت ۔

Chrysalis (kri-a-lis) *n.* Transition state ارتقائی حالت تتلی یا پتنگے وغیرہ کی پر نکلنے سے پہلے کی حالت ۔

Chrysanthemum (kris-an-thi-mum) *n.* Marigold گل داؤدی ۔

Chrysolite (kris-e-lit) *n.* Green gems زبر جد ۔ لہسنیا ۔ یشب سبز ۔

Chub (chub) *n.* River fish of carp family ایک قسم کا تالا ۔ ایک دریائی مچھلی ۔ چرب ماہی ۔

Chubby (chub-i) *adj.* Round faced گداز ۔ گدگدا ۔ گول مول چہرے والا ۔ کچوری سے گال والا ۔ پھولا ہوا ۔

Chubbiness *n.* موٹاپا ۔ گدازی ۔ گدگدا پن ۔

Chuck (chuk) *interj., n. & v.i.* Call of endearment کٹ کٹ کی آواز ۔ کٹ کٹ ۔ مرغیوں کو بلانے والا ۔ آآ کرنے والا ۔ گھوڑے کو چمکارنا ۔ ٹخ ٹخ کرنا ۔

Chuck (chuk) *n.* Grub عزیز ۔ یار ۔ بسکٹ ۔ کھانا ۔ دانہ ۔

Chuck (chuk) *v.t. & n.* Fix wood in lathe ۔ خرادنا خرادنے کے لیے لکڑی رکھنا ۔ خراد کی اوٹ ۔ پیار سے ہلانا ۔ پھینکنا ۔ ڈالنا ۔

Chuckle (chuk-l) *v.t. & n.* Laugh with closed mouth خوشی ہونا ۔ ہنسنا ۔ منہ بند رکھ کر ہنسنا ۔ بغیر آواز نکالے ہنسنا ۔ تفاخر کی ہنسی ۔ کسی کو برا کر خوش ہونا ۔ مرغیوں کی طرح کٹ کٹ کرنا ۔

Chuckle head, Chuckle headed کودن ۔ الو ۔ گاؤدی ۔ احمق ۔ بیوقوف ۔

Chum (chum) *n. & v.i.* Occupy rooms together ایک کمرے میں رہنا ۔ ساتھ رہنا ۔ ہم نوالہ ہم پیالہ ۔ یار غار ۔ بے تکلف دوست ۔

Chum up میل جول بڑھانا ۔ بے تکلفی پیدا کرنا ۔

Chump (chump) *n.* Short thick lump of wood بکری کی پٹھ ۔ سر ۔ دماغ ۔ پوری ۔ لکڑی کا کندہ ۔

Off one's chump جوش میں پاگل ہونا ۔ آپے سے باہر ہونا ۔

Chunk (chungk) *n.* Thick lump cut off قاش ۔ پھانک ۔ موٹا ٹکڑا ۔

Church (church) *n.* Building for public Christian worship کلیسا ۔ گرجا ۔ گرجا گھر ۔ دیر ۔ کنیسہ ۔ نظام عیسائیت ۔ نصاریٰ ۔ پادریوں کی انجمن ۔ پادریوں کا پیشہ ۔ عبادت یا جماعت ۔

Poor as a church mouse نہایت غریب ۔ مفلس ۔

Church (church) *v.t.* Bring woman to church وضع حمل کے بعد عورت کو نماز شکرانہ ادا کرنے کے لیے گرجا میں لانا ۔

Churchy (church-i) *adj.* Intolerantly devoted to church پابند کلیسا ۔ کٹر عیسائی ۔

Churl (churl) *n.* Person of low birth گنوار ۔ دیہاتی ۔ رذیل ۔ کم ذات ۔ نیچ ۔ بد تمیز ۔ غیر مہذب ۔ ناشائستہ ۔ کنجوس ۔ بخیل ۔

Churlish *adj.* احمق ۔ بے ڈھنگم ۔ گنوار ۔ اجڈ ۔ اکھڑ ۔

Churlishly *adv.* بخیلانہ ۔ بد تمیزی سے ۔ اجڈ پن سے ۔ گنوار کی طرح ۔ اکھڑ پن سے ۔

Churlishness *n.* کنجوسی ۔ بد تمیزی ۔ گنوار پن ۔

Churn (churn) *n., v.t. & i.* Butter making machine مکھن نکالنا ۔ مکھن نکالنے کی مشین ۔ بیتھانی ۔ رئی ۔ مٹکی ۔ چاٹی ۔ دہی بلونا ۔ مکھن الگ کرنا ۔

Chutney (chut-ni) *n.* Hot condiment of chillies اچار ۔ چٹنی ۔

Chyle (kil) *n.* White milky fluid کیلوس ۔

Chylifaction *n.* کیلوس بن جانا ۔

Chyliferous *adj.* کیلوس پیدا کرنے والا ۔

Chyme (kim) *n.* Food converted into acid pulp کیموس ۔ رس ۔

Cicada (si-ka-da) *n.* Shrill chirping insect ٹڈا ۔ جھینگر ۔

Cicatrice (sika-tris) *n.* Scar of healed wound زخم کا داغ ۔

Cicatrix (sika-triks) *n.* پتے کے جھڑنے کے بعد شاخ پر جو نشان رہ جاتا ہے ۔ زخم کا نشان ۔

Cicatrisation (sika-tri-za-shan) *n.* Healing of wound انگور بننا ۔ اندمال ۔ زخم کا بھراؤ ۔

Cicatrise (sika-triz) *v.t. & i.* Heal انگور آنا - زخم اچھا ہونا - زخم مندمل کرنا - زخم مندمل ہونا -

Cider (sider) *n.* Fermented drink from apple juice سیب کی شراب -

Cigar (sigar) *n.* Roll of tobacco leaf چٹا - چرٹ - سگار -

Cigarette (sig-a-ret) *n.* Tobacco rolled in paper چھوٹا چرٹ - سگریٹ -

Cimmerian (si-meri-an) *adj.* Thick, gloomy تاریک - اندھیرا گھپ -

Cinchona (sin-kona) *n.* Tree yielding Peruvian bark سنکونا کا درخت یا چھال - سنکونا کا سفوف - کونین -

Cincture (singk-tyar) *v.t. & n.* Surround with a girdle کمربند - پٹی - پیٹی - پٹکا - باندھنا - گھیرنا - پٹکا باندھنا - کمر بند باندھنا -

Cinder (sind-ar) *n.* Residue of coal کوئلہ کی راکھ - کجلا ہوا کوئلہ - ادھ جلا کوئلہ -

Cinder path راستہ جس پر کوئلے کی راکھ بچھی ہو -

Cindery *adj.* ادھ جلے کوئلے کا سا - خاکستری - بھوبل سا -

Cinderella (sin-dar-ela) *n.* Person of unrecognised merit or beauty وہ شخص جس کے کمال یا حسن کی قدر نہ ہوئی ہو -

Cinderella dance وہ رقص جو رات کے بارہ بجے تک ہو - رقص نیم شبی -

Cinema (sin-a-ma) *n.* Picture house سنیما - متحرک اور بولتی تصویروں کی تماشا گاہ -

Cinematograph kinematograph دیکھو -

Cinerary (sina-ra-ri) *adj.* Of ashes راکھ کا - خاک جیسا - خاک کا - خاکستری -

Cinerary urn خاک دان - مردوں کی جلی ہوئی راکھ رکھنے کی جگہ -

Cinereous (sinar-as) *adj.* Ashen-grey خاکی - بھورا خاکستری - خاکستری -

Cingalese (sin-ga-lis) *adj.* Sinhalese لنکا کا رہنے والا - سنہالی -

Cinnabar (sina-bar) *n. & adj.* Red mercuric sulphide شنگرف جیسا - شنگرف کا سا - شنگرف

Cinnamon (sina-man) *n. & adj.* Aromatic bark used as spice دار چینی - دار چینی کے رنگ کا - نسواری -

Cinque (singk) *n.* The five of cards پنجی - تاش کا پنجہ -

Cipher (sifer) *n.* Of no value لچر - نا چیز - نکما - بے حقیقت شے - صفر - خفیہ تحریر - خفیہ تحریر کا حل -

Cipher (sifer) *v.t. & i.* Calculate حساب لگانا - ریاضی کے قاعدے سے سوال نکالنا - حساب کرنا - خفیہ رسم الخط میں لکھنا - خفیہ تحریر پڑھنا -

Circe (sarse) *n.* Enchantress فریب دینے والی - جادو گرنی - ساحرہ -

Circean *adj.* جادو گرنی کا - ساحرہ کا -

Circle (sur-kl) *n.* Perfectly round line گول گھیرا - چکر - کنڈل - دائرہ - پورا چکر - حلقہ - ہم مذاق لوگوں کا حلقہ - جماعت - احاطہ اقتدار - حلقہ اثر -

Dress circle تھیٹر میں نشستوں کی پہلی قطار -

Square the circle ناممکن کو ممکن بنانے کی کوشش کرنا -

Vicious circle ایک بات کے ثبوت میں دوسری بات پیش کرنا جس کا ثبوت پہلی بات پر منحصر ہو - برائی کا چکر ایک برائی سے دوسری برائی اور پھر دوسری سے پہلی -

Circle (sar-kl) *v.t. & i.* Encompass گول گول پھرنا - گھیر لینا - چکر لگانا - حلقہ میں لینا - احاطہ کرنا -

Circlet (sar-klet) *n.* Small circle کمر بند - پیٹی - چھوٹا حلقہ - چھوٹا چکر -

Circuit (sar-kit) *n.* Line enclosing an area دورہ - گرداب - گھیرا - چکر - چکر کے اندر کا رقبہ - دورہ کا علاقہ - برقی رو کا راستہ - برقی دور - کسی حلقہ کا بیرسٹر -

Short circuit برقی رو کا ناقص دور - برقی دور کا چھوٹا ہونا - برقی رو کا چھوٹا ہونا -

Circuitous (sur-kui-tas) *adj.* Round about ہیر پھیر سے - پھیر دار - چکر دار -

Circuitously *adv.* چکر سے - پھیر سے -

Circuitousness *n.* دور - گردش - چکر -

Circular (sar-k-lar) *adj. & n.* Moving in a circle گشتی چٹھی - مدور - چکر دار - گول دائرہ کی طرح - دائرہ نما - دائرہ کی شکل میں -

Circularize (sər-k-lər-iz) *v.i.* Send circulars to
گشتی اعلان جاری کرنا ۔

Circulate (sər-ku-lat) *v.t. & i.* Go round ۔ پھرنا
گشت کرنا ۔ چکر کھانا ۔ گردش کرنا ۔ جاری
ہونا ۔ گھومنا ۔ رواں ہونا ۔ رائج ہونا ۔ مشہور کرنا ۔
مشتہر کرنا ۔ رائج کرنا ۔ عام کرنا ۔

Circulating library گشتی کتب خانہ ۔

Circulating medium زر ۔ روپیہ ۔ سکہ رائج ۔

Circulation (sər-ku-la-shən) *n.* Movement to and fro ۔ گشت ۔ چکر ۔ دور ۔ گردش ۔ تقسیم ۔ نشر واشاعت ۔
دوران خون ۔ بکری ۔ اشاعت ۔ سکہ کی گردش ۔

Circulative (sur-ku-la-tiv) *adj.* Inclined to circulation ۔ گردش میں لانے والی ۔ گردش دینے والی ۔

Circulator (sur-ku-la-ter) *n.* One who circulates
رواج دینے والا ۔ گردش کرنے والا ۔ گردش دینے والا ۔

Circulatory (sur-ku-la-tori) *adj.* Of circulation of blood ۔ گردش کے متعلق ۔ دوران خون کے متعلق ۔

Circumambient (sər-kəm-am-bi-ənt) *adj.* Surrounding ۔ محیط ۔ گھیرے ہوئے ۔ چاروں طرف کا ۔

Circumambiency *n.* چکر ۔ احاطہ ۔ گھیرا ۔

Circumambulate (sur-kum-ambu-latə) *v.t. & i.* Walk round ۔ آوارہ پھرنا ۔ طواف کرنا ۔ گھومنا ۔
گرد پھرنا ۔ مارے مارے پھرنا ۔ ہیر پھیر کی باتیں
کرنا ۔

Circumambulation *n.* آوارگی ۔ طواف ۔ چکر ۔ گردش ۔

Circumambulatory *adj.* دوری ۔ چکر کا ۔ گردشی ۔

Circumcise (sər-kəm-siz) *v.t.* Cut off fore skin of
تزکیہ کرنا ۔ سنت کرنا ۔ ختنہ کرنا ۔

Circumcise the heart تزکیہ نفس کرنا ۔

Passions قلب پاک کرنا ۔

Circumcision (sər-kəm-sizh-ən) *n.* Cutting off fore skin ۔ ختنہ ۔

Circumference (sər-kum-fər-əns) *n.* Encompassing boundary ۔ گھاؤ ۔ گردا ۔ گھیرا ۔ دور ۔

Circumferential *adj.* محیط ۔ گول ۔

Circumfluent (ser-kəm-flu-ent) *adj.* Flowing round ۔ ہر چہار طرف بہنے والے ۔ چاروں طرف بہنے والے ۔

Circumfluence *n.* چاروں طرف کا بہاؤ ۔ ہرسو روانی ۔

Circumfluous (ser-kəm-flu-əs) *adj.* Surrounded by water ۔ جاری ۔ رواں ۔ پانی سے گھرا ہوا ۔

Circumfuse (sur-kum-fəz) *v.t.* Pour fluid round
منتشر کرنا ۔ چاروں طرف بہانا ۔ چاروں طرف پھیلانا ۔

Circumfusion *n.* پانی کا حلقہ ۔ ہر سو انتشار ۔
چاروں طرف پھیلاؤ ۔

Circumjacent (ser-kəm-ja-sənt) *adj.* Situated around ۔ چاروں طرف ۔ گردا گرد ۔

Circumlocution (sir-kəm-loku-shən) *n.* Evasive talk ۔ بسیار گوئی ۔ باتوں کا الٹ پھیر ۔ طوالت کلام ۔
بات ٹالنا ۔ ہیر پھیر کی بات ۔ پیچیدہ گفتگو ۔

Circumlocution office ایسا دفتر جہاں کام بہت دیر
میں اور سست ہو ۔

Circumlocutional }
Circumlocutionary } پیچیدہ ۔ چکر دار ۔ طولانی ۔ ہیر پھیر کی باتوں کا ۔
Circumlocutory }

Circumlocutionist *n.* ہیر پھیر کی باتیں کرنے والا ۔
باتونی ۔ بسیار گو ۔

Circumnavigate (sər-kəm-navi-gat) *v.t.* Sail round ۔ دنیا کے گرد جہاز میں سفر کرنا ۔

Circumnavigator *n.* زمین کے گرد بحری سفر کرنے والا ۔

Circumpolar (sər-kəm-polər) *adj.* About one of the poles ۔ قطب کے آس پاس ۔ قطب کے گرد ۔

Circumscribe (sər-kum-skrib) *v.t.* Draw line around ۔ محدود کرنا ۔ حد بندی کرنا ۔ گھیرنا ۔ ایک
شکل کے گرد دوسری شکل بنانا ۔ گرد لکھنا ۔ چاروں طرف
لکھنا ۔

Circumscriber تعریف کرنے والا ۔ حد بندی کرنے
والا ۔

Circumscription (sər-kəm-skrip-shən) *n.* Limits, boundary ۔ محدود احاطہ ۔ احاطہ ۔ حد بندی ۔ تعریف ۔
سٹائشں ۔ سکے کی نقش کاری ۔

Circumsolar (sər-kəm-solər) *adj.* Revolving round the sun ۔ سورج کے گرد گھومنے والا ۔

Circumspect (sər-kəm-spekt) *adj.* Cautious, wary ۔ چوکس ۔ محتاط ۔ چوکنا ۔ ہوشیار ۔

Circumspection }
Circumspectness } نگاہ بانی ۔ خبر داری ۔ چوکسی ۔ ہوشیاری احتیاط ۔

Circumspectly *adv.* احتیاط سے ۔ ہوشیاری سے ۔
Circumstance (sər-kəm-stəns) *n.* Time, place, manner ۔ حقیقت حال ۔ حالت ۔ حال ۔ واقعہ ۔ حالات ۔ واقعات ۔ کسی کام کا ماحول ۔ تفصیل ۔ شرح ۔ تکلف ۔ اہتمام ۔
In good easy circumstances آسودہ حال ۔ فارغ البال ۔ اچھے حال میں ۔
Pomp and circumstance کروفر ۔ شان و شوکت ۔
Without circumstance سادہ طور پر ۔ بغیر کسی اہتمام کے ۔
Circumstanced *adj.* صورت میں ۔ حالت میں ۔
Circumstantial (sər-kəm-stən-shəl) *adj.* Depending on details جو جزئیات یا قرائن پر مبنی ہو ۔ اتفاقی ۔ اچانک ۔ تفصیل وار ۔ مفصل ۔
Circumstantial evidence شہادت جو قرائن پر مبنی ہو ۔ واقعاتی شہادت ۔
Circumstantial story طویل داستان ۔ مفصل قصہ ۔
Circumstantiality *n.* قرینہ ۔ تفصیل ۔ اتفاق ۔
Circumstantially *adv.* حالات کے تقاضے سے ۔ اچانک ۔ اتفاقی طور پر ۔
Circumvallate (sər-kəm-valat) *v.t.* Surround with rampart ۔ چار دیواری بنانا ۔ قلعہ بندی کرنا ۔ دمدمے بنانا ۔
Circumvallation *n.* مورچہ بندی ۔ شہر پناہ ۔ فصیل ۔
Circumvent (sər-kəm-vent) *v.t.* Entrap ۔ ٹھگنا ۔ چھلنا ۔ جھانسہ دینا ۔ جل دینا ۔ دھوکہ دینا ۔ پھانسنا ۔ پھندے میں لانا ۔
Circumvention *n.* جل ۔ پھندا ۔ جھانسا ۔ حکمت عملی ۔
Circumvolution (sər-kəm-volu-shən) *n.* Rolling round زمانہ ۔ دور ۔ ہیر پھیر ۔ گھیرا ۔ چکر ۔ سانپ جلسی یا لہریا کی چال ۔
Circus (sər-kəs) *n.* Oval arena lined with tiers of seats چکر ۔ گول میدان ۔ دنگل ۔ تماشا گاہ ۔ مقابلہ کی جگہ ۔ چوک ۔ چوراہا ۔ سرکس ۔
Cis (sis) Prefix on this side اس پار ۔ اس طرف ۔
Cistern (sis-tərn) *n.* Reservoir for storing water چوبچہ ۔ ٹنکی ۔ حوض ۔
Citadel (sitə-dəl) *n.* Fortress قلعہ ۔ جائے پناہ ۔ کوٹلہ ۔ کوٹ ۔ گڑھی ۔

Cite (sit) *v.t.* Quote ۔ بلا بھیجنا ۔ سمن بھیجنا ۔ طلب کرنا ۔ نظیر پیش کرنا ۔ حوالہ دینا ۔
Citable *adj.* طلب کرنے کے لائق ۔ بلائے جانے کے قابل ۔ حوالہ دینے کے لائق ۔
Citation *n.* طلبی ۔ اطلاع نامہ ۔ نظیر ۔ مقولہ ۔ حوالہ ۔
Citizen (siti-zen) *n.* Member of the city حقوق شہریت کا حامل ۔ شہر کا رہنے والا ۔ شہری رعیت ۔ پرجا ۔ رعایا ۔
Citizen of the world دنیا دیس کا ۔ ہر دیس کا ۔ آفاقی ۔ دنیا دیسی ۔
Citizenhood شہریت ۔
Citizenship پرجا ادھیکار ۔ رعایا کے حقوق ۔ حق شہریت ۔
Citrate (sit-rət) *n.* Lime salt لیموں کا نمک ۔
Citron (sit-rən) *n.* Tree bearing big fruits چکوترا ۔
City (siti) *n.* Important town ۔ نگری ۔ نگر ۔ بلدہ ۔ شہر ۔ وہ آبادی جو از روئے قانون شہر گردانی گئی ہو ۔
Civet cat (sivet) *n.* Carnivorus quadruped between fox and weasel مشک بلاؤ ۔ مشک ۔ بلاؤ سے نکلا ہوا مشک ۔
Civic (siv-ik) *adj.* Proper to citizens مونسپل کمیٹی کا ۔ بلدیہ کا ۔ شہری ۔
Civic activity شہری یا مدنی مشاغل ۔
Civic virtues مدنی خوبیاں ۔
Civilly *adv.* شہریانہ ۔ تمدنی لحاظ سے ۔ شہری نقطہ نظر سے ۔
Civics *n.* شہری حقوق ۔ معاشرتی مسائل ۔ شہریات ۔
Civil (sivil) *adj.* Of a citizen community ۔ اجتماعی ۔ شہری ۔ ملکی ۔ خلیق ۔ با مروت ۔ خوش خلق ۔ شائستہ ۔ غیر فوجی ۔ دیوانی ۔ غیر فوجداری ۔
Civility اخلاق ۔ خلق ۔ شائستگی ۔ انسانیت ۔
Civilly *adv.* دیوانی قانون کے رو سے ۔ مروت سے ۔ خلق سے ۔
Civilian (sivil-əan) *n.* & *adj.* Not in defence غیر فوجی محکمے کے ملازم ۔ دیوانی یا انتظامی صیغے کے ۔
Civilization (sivi-li-zə-shən) *n.* Social development تمدن ۔ شائستگی ۔ تہذیب ۔ انسانیت ۔

Civilize (sivi-liz) *v.t.* Refine اصلاح کرنا - سدہارنا - انسان بنانا - متمدن کرنا - مہذب کرنا - شائستہ بنانا

Civilizable *adj.* تہذیب پذیر - اصلاح پذیر -

Civilizer *n.* انسانیت سکھانے والا - مہذب بنانے والا -

Clack (klak) *n. & v.i.* Sharp sounds as of boards struck together کھٹ کھٹ - تختوں کے ٹکرانے کی آواز - کھٹ کھٹ کرنا - کھٹکھٹانا - بکے جانا - گپ مارنا - بکواس کرنا -

Clad (klad) Clothe دیکھو -

Claim (klam) *v.t.* Demand as ones due دعویدار ہونا - مطالبہ کرنا - طلب کرنا - حق جتانا - درخواست کرنا - نالش کرنا - استغاثہ کرنا -

Claimable *adj.* دعوے کے قابل - قابل مطالبہ -

Claimant *n.* مطالبہ کرنے والا - دعویدار - مدعی -

Claim (klam) *n.* Demand for something as due مانگ - مطالبہ - معاوضہ - استغاثہ - نالش - کان کنی میں وہ قطعہ زمین جس میں کسی شخص کو کھودنے کی اجازت ہو -

Clairvoyance (klar-voi-əns) *n.* Exceptional in sight روشن ضمیری - غیب دانی - غیر معمولی بصیرت -

Clairvoyant (klar-voi-ənt) *adj.* One who posses-ses exceptional insight انتر جامی - غیب دان - علم الغیب - غیب کا علم رکھنے والا - روشن ضمیر -

Clam (klam) *n.* Clamp دیکھو -

Clamant (kla-mənt) *adj.* Noisy, insistent رد و کد کرنے والا - تکرار کرنے والا - حجتی - ضروری - اہم - اشد ضروری -

Clamber (klam-bər) *v.t. & i.* Climb with difficulty چاروں ہاتھ پاؤں سے چڑھنا - مشکل سے چڑھنا -

Clammy (klam-i) *adj.* Moist, sticky چپچپا - چیپ دار - لس لسا - لیس دار -

Clamour (klam-ər) *n., v.t. & i.* Shout ہنگامہ - شور و غل - غل غپاڑہ - غوغا کرنا - شور مچانا - ہنگامہ برپا کرنا - فریاد کرنا - دھائی دینا -

Clamour down شور مچا کر چپ کر دینا - خاموش کرنا -

Clamorous *adj.* حجتی - تکراری - غوغائی - شور کرنے والا -

Clamorously *adv.* شور کر کے - ہنگامہ برپا کر کے - چیخ چیخ کے -

Clamp (klamp) *n. & v.t.* Clasp, band of iron لوہے کی پٹی - شکنجہ - پتر لگانا - لوہے کی پٹی لگانا - شکنجہ میں کسنا -

Clamp (klamp) *n. & v.t.* Pile انبار لگانا - ڈھیر لگانا - انبار - ڈھیر - آوہ -

Clan (klan) *n.* Tribe قبیلہ - جرگہ - خیل - گروہ - فرقہ - قوم -

Clannish *adj.* فرقہ پرست - فرقہ کا - قبائلی -

Clannishness *n.* خیل بندی - گروہ بندی - قبیلہ پرستی -

Clandestine (klan-des-tin) *adj.* Secret پوشیدہ - مخفی - پر اسرار - چپکے چپکے - گپت - خفیہ -

Clandestinely *adv.* خفیہ طور پر - پر اسرار طور پر -

Clang (klang) *n., v.t. & i.* Loud resonant metallic sound جھنجھناہٹ - کھڑکھڑاہٹ - جھنکار - جھنکارنا - کھڑکھڑانا - جھنجھنانا -

Clangour (klang-ər) *n.* Succession of clanging noises- جھنکار - جھن جھن - کھن کھن - کھڑکھڑ

Clangorous *adj.* جھنکار کی آواز دینے والا -

Clangorously *adv.* جھنکار سے - جھنجھناہٹ سے -

Clank (klank) *n., v.t. & i.* Sound as of chain rattling جھنک - جھنکار - جھنجھناہٹ - جھن جھن کرنا -

Clap (klap) *n.* Slap تھپڑ - کڑک - بھڑاکا - دستک - تالی -

Clap (kalp) *v.t. & i.* Strike palms together تالی بجا کر اظہار مسرت کرنا - تالی بجانا - بھڑ بھڑانا -

Clapper (klapər) *n.* Tongue or striker of bell گھنٹے کا لٹکن -

Clapperclaw (klap-ər-kla) *v.t.* Scratch and pit نوچنا - لتے لینا - لتاڑنا - آڑے ہاتھوں لینا - عیب جوئی کرنا - برا بھلا کہنا -

Clap trop (klap trəp) *n. adj.* Showy ظاہر داری - طمطراق - ٹیپ ٹاپ - دکھاوے کی باتیں - ایسی بات جو محض واہ وا کے لئے کہی جائے -

Clarendon (klar-ən-dən) *adj. & n.* Thick faced type ایک قسم کا موٹا ٹائپ -

Claret (kla-rat) *n.* Red French Wine - خون - لہو - لال پانی - ازغوانی شراب - فرانس کی سرخ شراب -

Clarify (klari-fi) *v.t. & i.* Make clear سلجھا ہوا ہونا - شستہ ہونا - مقطر کرنا - چھانٹنا - صاف کرنا -

Clarinet (klari-net) *n.* Wood wind instrument ارگن باجے کی کھونٹی - بانسری - الغوزہ -

Clarinetist الغوزہ بجانے والا -

Clarion (klari-ən) *n. & adj.* Shrill narrow tubed trumpet نر سنگھا - شہنائی - بوق - ابھارنے والی آواز - للکار -

Clarity (klar-iti) *n.* Clearness صراحت - وضاحت - صفائی -

Clash (klash) *v.t., i. & n.* Encounter تصادم ہونا - ٹکر کھانا - ٹکر لینا - ٹکرانا - مزاحم ہونا - حائل ہونا - سر راہ ہونا - حملہ کرنا - جھپٹنا - تصادم - ٹکر - رکاوٹ - مزاحمت - مخالفت - کھٹ پٹ - حملہ -

Clasp (klasp) *n.* Contrivance of interlocking بکسوا - قبضہ - انکڑا - قفل - تالا - چابی - نر مادہ - عاشق و معشوق - بغل گیری - تمغہ جس پر کارنامہ کی تفصیل ہو -

Clasp knife ایک قسم کا چاقو جو خود بخود بند نہیں ہوتا -

Clasp (klasp) *v.t. & i.* Interlock بکسوا لگانا - آنکڑا لگانا - بند کرنا - بغل گیر ہونا - گلے لگانا - پکڑنا -

Class (klas) *n. & v.t.* Rank, order ذات - رتبہ - پایہ - درجہ - مرتبہ - جنس - قسم - رقم - جماعت - درجہ - ترتیب دینا - درجہ وار کرنا - قسم بندی کرنا -

Classable *adj.* لائق قسم بندی - درجہ بندی کے قابل -

Classic (klasik) *adj. & n.* Of the first class مستند - معیاری - اعلیٰ درجہ کا مسلم - قدیم تمدن یا ادب کا - فصیح - عالمانہ - ادبی روایات کا حامل - ادبیات عالیہ -

Classical (klasi-kəl) *adj.* یونانی یا رومن زمانے کا قدیم - مستند - اعلیٰ درجہ کا - معیاری - یونانی اور لاطینی زبانوں کا فاضل - یونانی اور رومی طرز کا -

Classics (klas-iks) *n.* Books of ancient Greek and Latin writers قدیم یونانی اور لاطینی تصانیف - مستند اور معیاری کتابیں -

Classify (klasi-fi) *v.t.* Arrange in classes درجہ وار ترتیب دینا - ترتیب کے ساتھ رکھنا - درجہ بندی کرنا -

Classifiable *adj.* قسم وار - ترتیب دینے کے لائق - درجہ بندی کے قابل -

Classifier *n.* قسم وار ترتیب دینے والا - درجہ بندی کرنے والا -

Clatter (klat-ər) *v.t., i. & n.* Dry confused sound of plates کھڑکھڑانا - کھٹکھٹانا - کھٹ کرنا - پٹ پٹ کرنا - چخ چخ کرنا - بک بک کرنا - کھڑکھڑاہٹ - کھڑ کھڑ - پٹ پٹ -

Clatter along کھٹ کھٹ کرتے جانا - کھڑ کھڑ کرتے جانا -

Clatter down کھٹ کھٹ کرتے نیچے کرنا -

Clause (klawz) *n* Short sentence جزو - جملہ - شرط - ٹکڑا - دفعہ - فقرہ -

Clavate (kla-vat) *adj.* Club shaped گرز سا - مگدر جیسا - موٹے سر والا -

Clavicle (kla-vi-kl) *n.* Collar bone ہنسلی - ہنسلی کی ہڈی -

Claw (klaw) *n.* Pointed horny nails of beasts درندوں کے نوکدار ناخن - چنگل - پنجہ - اوزار - کسنے کا اوزار - زنبور -

Clawed *adj.* زنبوری - پنجہ دار - ناخن دار -

Claw (klaw) *v.t. & i.* Scratch, tear چنگل مارنا - پھاڑنا - نوچنا - پنجہ مارنا - پنجوں میں جکڑنا -

Claw me and I will claw thee من ترا حاجی بگویم تو مرا حاجی بگو -

Clay (kla) *n.* Stiff earth, material of pottery گارا - پوتنا - پنڈول - چکنی مٹی -

Clayey *n.* مٹی کا -

Claymore (kla-mor) *n.* Two edged broad sword ایک قسم کی دو دھاری بڑی تلوار - دو دستی یا دو قبضوں کی تلوار - سولھویں صدی کا تبر -

Clean (klen) *adj.* Unsoiled طاہر - بے داغ - نرمل - پاک - اجلا - صاف - ستھرا - ہلال - خوبصورت - خوش وضع - یکساں ہموار - کامل - مکمل -

Make a clean breast of صاف صاف کہہ دینا -

Clean fingered رشوت سے دور رہنے والا - دیانتدار -

Clean handed بے قصور ۔ بے گناہ ۔ پاکدامن ۔

Clean sweep پوری جیت ۔ پورا صفایا ۔

Clean timber بے گرہ لکڑی ۔ بے داغ لکڑی ۔

Clean tongue فحش کلامی سے احتراز کرنے والا ۔ پاک دہن ۔

Show a clean pair of heels بگٹٹ بھاگنا ۔ دم دبا کر بھاگنا ۔

Cleanness *n.* اجلا پن ۔ طہارت ۔ پاکیزگی ۔ صفائی ۔

Clean (klen) *adv.* **Absolutely** صاف ۔ سراسر ۔ سراپا ۔ بالکل ۔ مطلق ۔

Clean (klen) *v.t.* & *n.* **Make clean** صفایا کرنا ۔ مانجنا ۔ میل نکالنا ۔ صاف کرنا ۔ ختم کرنا ۔ صفائی ۔ جھاڑ پونچھ ۔

Clean up صاف ستھرا ۔ سلیقے سے رکھنا ۔

Cleanable *adj.* صاف ہونے کے قابل ۔ صفائی کے قابل ۔

Cleaner *n.* صاف رکھنے والا ۔ صاف کرنے والا ۔

Cleanly *adv.* نفاست سے ۔ خوش اسلوبی سے ۔ صفائی سے ۔

Cleanly *adj.* صفائی پسند ۔ پاکیزہ ۔ پاک صاف ۔

Cleanliness *n.* نفاست ۔ نفاست پسندی ۔ اجلا پن ۔ صفائی ۔

Cleanse (klenz) *v.t.* **Make clean** پونچھنا ۔ جھاڑنا ۔ ستھرا کرنا ۔ صاف کرنا ۔ پاک کرنا ۔ غلاظت دور کرنا ۔ اچھا کرنا ۔ تندرست کرنا ۔

Clear (kler) *adj.* & *adv.* **Unclouded, transparent** شیشہ کی طرح ۔ صاف شفاف ۔ چمکیلا ۔ روشن ۔ ظاہر ۔ آشکارا ۔ واضح ۔ نمایاں ۔ ہویدا ۔ صاف ۔ بین ۔ یقینی ۔ قطعی ۔ زیرک ۔ ہوشیار ۔ ذہین ۔ خالص ۔ اصلی ۔ نرا جو آسانی سے سنا جا سکے ۔ مکمل ۔ پورا ۔ بیباق ۔ بری الذمہ ۔

Clear-headed *adj.* ذہین ۔ ذکی ۔ روشن دماغ ۔ بیدار مغز ۔

Clear (kler) *v.t.* & *i.* **Make, become clear** بری کرنا ۔ واضح کرنا ۔ صاف کرنا ۔ رہا کرنا ۔ رکاوٹ دور کرنا ۔ خالی کرنا ۔ میل دور کرنا ۔ نتھارنا ۔ صاف پھلانگ جانا ۔ جہاز کا پروانہ ۔ راہداری حاصل کرنا ۔ لنگر اٹھانا ۔ یکمشت پوری رقم ادا کرنا ۔

Clearance (kler-əns) *n.* **Removal of obstructions** رکاوٹوں اور موانعات کا دور ہونا ۔ صفائی ۔ جہاز کا پروانہ راہداری ۔ نکاسی کا پروانہ ۔ بچت ۔

Clearing house (kler-ing hows) *n.* **Bank that passes cheques** تبادلہ زر کا بنک ۔ صرافہ لندن کا ایک بنک جس میں چکوں کا تبادلہ ہوتا ہے اور بقایا نقد ادا کیا جاتا ہے ۔

Clearly (kler-li) *adv.* **Undoubtedly** کھلے طور پر ۔ صریحاً ۔ بلا شبہ ۔ واضح طور پر ۔

Clearness (kler-nes) *n.* **Freedom from obstruction** وضاحت ۔ صراحت ۔ صفائی ۔

Cleat (klet) *v.* **Wedge** تکمہ ۔ بک ۔ پشتیبان ۔ جوڑ ۔ پٹی ۔ پھانا ۔

Cleavage (klev-ej) *n.* **Splitting of a thing** چیرا ۔ شگاف ۔ درز ۔

Cleave (klev) *v.t.* & *i.* **Split** فارق ہونا ۔ رستہ کاٹنا ۔ دور ہو جانا ۔ پھٹنا ۔ پھاڑنا ۔ چیرنا ۔ حائل ہونا ۔

Show the cloven hoof خباثت نفس کا اظہار کرنا ۔

Cleavable *adj.* شگاف پڑنے کے لائق ۔ پھٹنے کے قابل ۔

Cleave (klev) *v.i.* **Stick fast** جما رہنا ۔ قائم رہنا ۔ وفادار رہنا ۔ لگا یا لپٹا رہنا ۔

Cleaver (klev-er) *n.* **Butcher's knife** کاٹنے والا ۔ بغدا ۔ قصائی کا چھرا ۔

Cleft (kleft) *n.* **Fissure** چاک ۔ شگاف ۔ دراز ۔

Clematis (kləmə-tis) *n.* **Kind of climbing shrub** بیل کی ایک قسم ۔

Clemency (klem-en-si) *n.* **Mildness of temper** بردباری ۔ نرمی ۔ حلم ۔ رحم ۔ ملائمت ۔ بخشش ۔ معافی ۔

Clement *adj.* بخشنے والا ۔ رحمدل ۔ بردبار ۔ حلیم ۔

Clench (klensch) *v.t., n.* & *i.* **Grasp firmly** مستحکم کرنا ۔ مضبوط باندھنا ۔ مضبوط پکڑنا ۔ قطعی طور پر طے کرنا ۔

Clepsydra (klep-si-dra) Ancient time-measuring device worked by flow of water بن گھڑی ۔ پانی کی گھڑی جو پانی کے بہاؤ سے وقت بتاتی تھی ۔

Clergy (klcr-ji) The clerical order جماعت کلیسا کی رکنیت ۔ اہل کلیسا ۔ پادریوں کا فرقہ ۔

Benefit of clergy پادریوں کا یہ حق کہ ان پر ملکی قانونی عدالتوں میں مقدمہ نہیں چلایا جا سکتا ۔ حق استثنا ۔

Cleric (Kler-ik) *adj.* & *n.* Of clergy پادری - پادریوں سے متعلق - پادریوں کا -

Clerical (kleri-kəl) *adj.* & *n.* Of clergymen محررانہ - منشیانہ - پادریانہ - پارلیمنٹ میں پادریوں کے نمائندہ کا زور - بابا شاہی -

Clericalism *n.* پادریوں کا پیشہ - کلیسائیت کا جنون - کلیسائیت -

Clericalist *n.* کلیسا پرست - مذہبی اثر کا حامی

Clericalise *v.t.* پادری بنانا -

Clerically *adv.* اہلکارانہ - پادریوں کی طرح -

Clerk (klərk) *n.* Officer of Parish church - پادری دیہاتی گرجے کا پادری - محرر - منشی - عالم - فاضل -

Clerkdom پادری شاہی -

Clerkly عیسائیانہ - اہلکارانہ - منشیانہ -

Clerkship نظارت مذہبی - اہلکاری -

Clever (klev-ər) *adj.* Dextrous - چتر - سیانا - چالاک - ہوشیار - پھرتیلا - ذہین - فہیم - زیرک - ہنر مند - با کمال -

Cleverish *adj.* ہوشیار - چالاک - با تدبیر -

Cleverly *adv.* ہوشیاری سے - چالاکی سے -

Cleverness *n.* کاریگری - چابکدستی - پھرتی - ہوشیاری - چالاکی -

Clew (kloo) *n.* & *v.t.* Ball of thread - کھوج - نشان - پتہ - تاگے کا گولا - تاگے کا گولا جو بھول بھلیاں میں راستہ یاد رکھنے کے لئے استعمال ہوتا تھا - سراغ لگانا - پتہ لگانا -

Click (klik) *n.* & *v.t.* Slight sharp sound کٹ کٹ کی آواز - کٹ پرزہ جو پہیے کو الٹا پھیرنے سے روکتا ہے - نعل کا ٹکرانا -

Client (kli-ənt) *n.* Employer of lawyer رذیل شخص جو کسی دولتمند کے زیر سایہ ہو - حاشیہ نشین - ہاں میں ہاں ملانے والا شکار - اسامی - موکل -

Clientele (kli-ən-tl) *n.* Person's dependants نوکر چاکر - گاہک - موکل -

Cliff (klif) *n.* Steep rock اونچی اور ڈھلوان چٹان - ٹیلہ - کھڑی چٹان -

Climate (kli-mat) *n.* Conditions of heat, cold rain آب و ہوا - رت - موسم - دیار - اقلیم -

Climatic *adj.* آب و ہوا کے متعلق -

Climatically *adv.* بلحاظ آب و ہوا - بلحاظ موسم -

Climax (kli-maks) *n.*, *v.t.* & *i.* Ascending scale پرواز - ترقی - درجہ کمال - عروج - بلندی - خطابت میں تاثر کا اضافہ - کمال تک پہنچنا یا پہنچانا -

Climb (klim) *v.t.* & *i.* Go up کوشش سے ترقی کرنا - بلند ہونا - اوپر جانا - چڑھنا - اخلاق مرتبہ کا بلند ہونا - سوار ہونا - پسپا ہونا - دب جانا - مغلوب ہونا -

Climb down بلند پروازی چھوڑ دینا - مزاج ٹھکانے لگنا -

Climbable *adj.* چڑھنے کے قابل - سواری کے قابل -

Climber (klim-er) One who goes up چڑھنے والا - سوار ہونے والا -

Clime (klim) *n.* Tract, country سر زمین - ملک - دیار - اقلیم -

Clinch (klinsh) Clench دیکھو

Cling (kling) *v.i.* Stick, adhere to چمٹانا - چمٹ جانا - لگا رہنا - چپکانا - لپٹنا - قائم رہنا - پابند رہنا - ثابت قدم رہنا -

Clinging garments لباس جو بدن سے چپکا ہوا ہو - چست لباس -

Clinic (kli-nik) *n.* Teaching of medicine at bed-side طبابت اور جراحی کی عملی تعلیم جو مریض کے بستر کے پاس دی جائے -

Clink (klingk) *n.*, *v.t.* & *i.* Make sharp ringing sound جھنکار - جھنجھناہٹ - جھنکارنا -

Clink (klingk) *n.* Lock up قید خانہ - جیل خانہ - زندان - حوالات -

Clinometer (klino-meter) *n.* Instrument for measuring slopes نشیب پیما - ڈھلوان ناپنے کا آلہ -

Clip (klip) *v.t.* & *n.* Cut shears or scissors - کاٹنا - کترنا - تراشنا - قلم کرنا - حذف کرنا - مختصر کرنا - کم کرنا - کاٹ چھانٹ - قطع و برید -

Clipper (klip-er) *n.* One who trims - کم کرنے والا کاٹنے والا - تراشنے والا - مقراض - قینچی - تیز رفتار گھوڑا - تیز رو جہاز یا کشتی - اپنی طرز کی بہترین شے -

Clipping (klip-ing) *n.* & *adj.* Cuttings, cut off چھانٹن ۔ ریزگی ۔ کترن ۔ کترنے والا ۔ اعلیٰ درجے کا ۔

Clique (klek) *n.* Exclusive party منڈلی ۔ گروہ ۔ بلوائیوں کا جتھا ۔ شرارتی لوگ جو ایک رائے ہوں ۔

Cliquish *adv.* جیسے اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنانے کی عادت ہو ۔ جتھا بنانے والا ۔

Cliquishness, cliquism دوسروں سے الگ اپنا جتھا بنانے کا عمل ۔

Cloak (klok) *v.t., n.* & *i.* Loose upper garment چوغہ ۔ لبادہ ۔ فرغل ۔ انگرکھا ۔ جبہ ۔ چادر ۔ آڑ ۔ پردہ ۔ اوٹ ۔ حلیہ ۔ بہانا ۔ چوغہ پہننا ۔ پردہ ڈالنا ۔

Cloak room لبادے رکھنے کا کمرہ ۔

Under the cloak of جامے میں ۔ بھیس میں ۔

Clock (klok) *n.* Time measuring machine ساعت نما ۔ گھنٹہ ۔ گھڑی ۔ بعض پھولوں کا روئیں دار سر ۔

Clocking hen *adj.* انڈے سیتی ہوئی مرغی ۔

Clod (klod) *v.t.* & *n.* Lump of earth etc. کلوخ ۔ ڈھیلا ۔ ڈلا ۔ روڑا ۔ ڈھیلا سا ۔ مٹی جیسا ۔ بیل کی گردن کا سخت گوشت ۔ مٹی کا مادھو ۔ احمق گنوانا ۔ ڈھیلے مارنا ۔ ڈھیلے پھینکنا ۔

Clod-hopper دھقانی ۔ گنوار ۔ دیہاتی ۔

Cloddish *adj.* بھوندو ۔ گنوار سا ۔

Cloddishness *n.* گاودی پن ۔ بھوندو پن ۔ گنوار پن ۔ سفاہت ۔

Clog (klog) *n.* Block of wood fastened to leg بکھیڑا ۔ بوجھ ۔ بار ۔ اٹکاؤ ۔ روک ٹوک ۔ مزاحمت ۔ کھڑاوین ۔ لکڑی کے تلے کے سلیپر ۔

Clog (klog) *v.t.* & *i.* Confine with clog دباؤ ڈالنا ۔ بوجھل کرنا ۔ بوجھ ڈالنا ۔ مزاحم ہونا ۔ اڑانا ۔ کسی چیز کے اڑ جانے سے خلل پڑنا ۔

Cloister (klos-tər) *n.* & *v.t.* Shut up in a convent گنبد دار چھت ۔ محراب دار چھت ۔ تکیہ ۔ حجرہ ۔ خانقاہ ۔ خانقاہ نشین کرنا ۔ خانقاہ میں رکھنا ۔

Cloistered *adj.* چھتے دار ۔ گنبد والی ۔ تیاگی ۔ گوشہ نشین ۔

Close (klōz) *adj.* & *adv.* Near پوشیدہ ۔ خفیہ ۔ بند ۔ کھچا ہوا ۔ تنگ ۔ چست ۔ راز کا ۔ بخیل ۔ کثیف ۔ ٹھوس ۔ گنجان ۔ قریب ۔ پاس ۔ آمنے سامنے ۔ صحیح ۔ پورا پورا ۔ قریب قریب ۔ لگ بھگ ۔ بندھا ہوا ۔ امس ۔ گھٹی ہوئی (ہوا) ۔

Close argument بند کرنے والی دلیل ۔ برہان قاطع ۔

Close examination تفصیلی امتحان ۔ سخت امتحان ۔

Close grained قریب قریب ریشوں کا (بلد) ۔

Close prisoner قیدی جو کڑی نگرانی میں رکھا جائے ۔

Close thicket گنجان جھاڑی ۔

A close shave بال بال بچنا ۔ خوب گھٹی ہوئی حجامت ۔ پاس سے نکلی ہوئی (گولی) ۔ بال برابر فرق ۔

Sail close to the wind حالات کے مطابق ۔ ہوا کے ساتھ ۔ ہوا کے رخ پر ۔

Closely *adv.* قریب قریب ۔ دھیان سے ۔ غور سے ۔

Close (klōz) *n.* Enclosed place احاطہ ۔ صحن ۔ گھیرا ۔ گرجے کا احاطہ ۔ مدرسہ کا احاطہ ۔ انجام ۔ خاتمہ ۔ انتہا ۔ مدرسہ کا کھیل کا میدان ۔

Close (klōz) *v.t.* & *i.* Shut چکانا ۔ تکمیل کرنا ۔ پورا کرنا ۔ میچنا ۔ موندنا ۔ بند کرنا ۔ طے کرنا ۔ قریب آنا ۔ بہت ہی نزدیک آ جانا ۔ ماننا ۔ تسلیم کرنا ۔

Close in محاصرہ کرنا ۔ گھیرا تنگ کرنا ۔ گھیر لینا ۔

Close the ranks اختلافات ختم کر دینا ۔

Closet (klōz-it) *v.t.* & *n.* Private or small room نجی کمرہ ۔ خلوت خانہ ۔ کوٹھری ۔ خلوت میں ملاقات کرنا ۔ کوٹھری میں چھپانا ۔ پوشیدہ کرنا ۔ برتنوں کی الماری ۔

Closet strategist شیخ چلی ۔ خیالی پلاؤ پکانے والا ۔

China closet چینی کے برتنوں کی الماری ۔

Closure (klō-zher) *n.* & *v.t.* Closed condition بندش ۔ قید ۔ احاطہ ۔ خاتمہ ۔ رکاوٹ ۔ کسی تحریک کا بلامباحثہ فیصلہ ۔ بند کرنا ۔ روک دینا ۔ روکنے کی درخواست کرنا ۔

Clot (klot) *n., v.t.* & *i.* Mass of material stuck together ڈلا ۔ تودا ۔ جما ہوا مادہ ۔ چکتا ۔ چکتے بننا ۔ بستہ ہونا ۔ منجمد ہونا ۔ گاڑھا ہونا ۔

Clothed nonsense سراسر جہالت ۔ لغویت محض ۔

Cloth (kloth) *n.* Woven or felted stuff جامہ ۔ پارچہ ۔ کپڑا ۔ پیشہ جو لباس سے معلوم ہو ۔ پادری ۔ نرس وغیرہ ۔

Cloth of gold and silver تار بانہ ۔ کم خواب ۔ زر بفت ۔

Lay the cloth دستر خوان بچھانا ۔
Respect due to his cloth کسی کے لباس یا پیشہ کے مطابق اس کی عزت کرنا ۔
Cloth (kloth) v.t. Put clothes upon کپڑے دینا ۔ کپڑے یا پوشاک پہنانا ۔ پوشاک کا انتظام کرنا ۔ کپڑا اوڑھانا ۔ پوشاک پہنانا ۔
Clothing n. لباس ۔ پوشاک ۔ پہننے کے کپڑے ۔
Clothes (kloths) n. & p. Wearing garments ۔ پہننے کے کپڑے ۔ پیرا ہن ۔ ملبوس ۔
Clothier (kloth-yər) Dealer in cloth or clothes کپڑے بننے یا بیچنے والا ۔ جولاہا ۔ بزاز ۔
Cloud (klowd) n., v.t. & i. Condensed watery vapours floating high ۔ گھٹا ۔ بادل ۔ ابر ۔ سحاب ۔ غبار ۔ گرد یا دھوئیں کا بادل ۔ دھندلا پن ۔ پرندوں ٹڈیوں کا یا سواروں کا دل ۔ بادل ۔ عارضی یا موہوم شے ہلکا اونی گلوبند ۔ فکر ۔ غم ۔ رنج ۔ تکلیف ۔ پریشانیوں کی گھٹا ۔ ابر چھانا ۔ تاریک ہونا ۔ ملول اور اداس ہونا ۔ محزون ہونا ۔
Cloud-burst طوفانی بارش ۔ زور کی بارش ۔
Cloud-capped بادلوں سے ڈھکی ہوئی ۔
Cloud-castle شیخ چلی کی سی باتیں ۔ خیالی پلاؤ ۔
Cloud-drift بادلوں کے ٹکڑے ۔ اڑتے ہوئے بادل ۔ ابر رواں ۔
Cloud-land ۔ غیر حقیقی ۔ خوابوں کی دنیا ۔ عالم خواب ۔ عالم تخیل ۔
In the clouds قیاسی ۔ خیالی ۔ عالم خیال میں ۔
Under cloud of night شب یلدا میں ۔ تاریکی شب میں ۔ رات کے اندھیرے میں ۔
Cloudiness n. تکدر ۔ ظلمت ۔ گھٹا ۔
Cloudless adj. صاف ۔ بے ابر ۔ نکھرا ہوا ۔
Cloudlessness n. مطلع کا صاف ہونا ۔
Cloudy adj. ۔ گھرا ہوا ۔ دھندلا ۔ غبار آلود ۔ ابر آلود
Clout (klowt) n. & v.t. Patch, hit ۔ دست مال ۔ تھگلی ۔ چیتھڑا ۔ پیوند ۔ گھونسہ ۔ مکا ۔ مکا مارنا ۔ پیوند لگانا ۔ گانٹھنا ۔
Clove (klov) Cleave ۔ دیکھو
Clove (klov) n. Aromatic dried buds of a tropical tree ۔ لونگ ۔ لونگ کا درخت ۔ لسن کی پوتھی ۔
Clover (klo-ver) n. Kind of trefoil used for fodder ۔ تپیا ۔ تپیا گھاس جو چارہ کے لیے کاٹی جاتی ہے ۔
Clown (klown) n. Rustic or ill bred man ۔ اجڈ ۔ گنوار ۔ دیہاتی ۔ کندہ نا تراش ۔ بے تمیز ۔ مسخرہ ۔ بھانڈ ۔ نقال ۔
Clownery n. بھانڈ پن ۔ نکالی ۔ مسخرہ پن ۔
Clownish adj. بھانڈ کی طرح ۔ اجڈ ۔ بے تمیز ۔
Clownishly adv. بھانڈوں کی طرح ۔ مسخرے پن سے ۔ بے تمیزی سے ۔
Clownishness n. تمسخر ۔ بد تہذیبی ۔ بے تمیزی ۔
Cloy (kloi) v.t. Weary by excess of pleasure ۔ سیر ہونا ۔ جی بھر جانا ۔ تعیشات سے بیزار ہو جانا ۔ اکتا دینا ۔ ناک تک بھر دینا ۔
Club (klub) n. Stick with one thick end ۔ لٹھ ۔ گتکا ۔ ڈنڈا ۔ گف کھیلنے کی چھڑی ۔ تاش میں پھول کا رنگ ۔ مجلس ۔ انجمن ۔ بزم ۔
Club law جس کی لاٹھی اس کی بھینس ۔ زبردستی ۔
Indian clubs مگدر کی جوڑی ۔
Club (klub) v.t. & i. Beat with a club ۔ لٹھ سے پیٹنا ۔ ڈنڈے مارنا ۔ بندوق کے کندے سے مارنا ۔ ملانا ۔ مدد کرنا ۔ گڈ مڈ کرنا ۔ اعانت کرنا ۔ متحد ہونا ۔ متفق ہونا ۔ شرکت کرنا ۔
Clubable کلب کی رکنیت کے لائق ۔ کلب میں شریک ہونے کے قابل ۔
Cluck (kluk) n. & v.i. Make cry of hen کٹ کٹ کرنا ۔ کڑ کڑ ۔ کٹ کٹ ۔
Clue (kloo̅) n. Fact that serves as guide ۔ کھوج ۔ سراغ ۔ پتہ ۔ نشان ۔ اتا پتہ ۔ قصہ کا سلسلہ ۔
Clumber (klum-bər) n. A kind of Spaniel اسپینیل کی قسم کا کتا ۔
Clump (klump) n., v.t. & i. Cluster of trees درختوں یا جھاڑیوں کی جھنڈ ۔ گنواروں کی طرح چلنا ۔ بھد بھد کرکے چلنا ۔ گنجان درخت لگانا ۔ انبار لگانا ۔
Clumsy (klum-zi) adj. Awkward ۔ بھونڈا ۔ بے ڈول ۔ بے سلیقہ ۔ پھوہڑ ۔ اناڑی ۔ بھدا ۔ بے ڈھنگا ۔
Clumsiness n. اجڈ پن ۔ اناڑی پن ۔ بد تمیزی ۔ پھوہڑ پن ۔ بے ڈھنگا پن ۔
Cluster (klus-tər) n., v.t. & i. Bunch ۔ جھرمٹ ۔ غول ۔ خوشہ ۔ جھنڈ ۔ گپھا ۔ گچھا ۔ جم غفیر ۔ گچھا ہونا یا بنانا ۔ اکٹھا ہونا یا کرنا ۔

Clutch (kluch) *v.t.* & *i.* Grasp tightly چھین لینا ـ قبضہ میں لانا ـ چنگل مارنا ـ مضبوطی سے پکڑنا ـ

Clutch (kluch) *n.* Fight grasp جنگل ـ پنجہ ستم ـ مضبوط گرفت ـ وہ پرزہ جس سے مشین ٹھہرائی اور چلائی جاتی ہے ـ

Clutch (kluch) *n.* Set of eggs ایک ساتھ نکلے ہوئے بچے ـ انڈوں کی جھول ـ

Clutter (klut-ər) *n., v.t.* & *i.* Confused noise or movement شور ـ ہلچل ـ بوکھلاہٹ ـ پریشانی ـ گھبراہٹ ـ بوکھلا جانا ـ پریشان حرکات کرنا ـ گھبرا جانا ـ پریشان ہو جانا ـ

Clyster (klis-tər) *n.* Enema پچکاری ـ حقنہ ـ انیما ـ

Co (ko) Prefix, Short form of company کمپنی کا مخفف ـ ساتھ ـ مع ـ

Coach (kōch) *n., v.t.* & *i.* Carriage ریل کا ڈبہ ـ شاہی گاڑی ـ چار پہیوں کی سواری گاڑی ـ جنگی جہاز کا پچھلا حصہ ـ اتالیق ـ اُستاد ـ خانگی معلم ـ سواری گاڑی میں سفر کرنا ـ امتحان کے لیے تیار کرنا ـ کشتی کھینا یا چلانا ـ

- **Coach box** گاڑیبان کے بیٹھنے کی جگہ ـ
- **Hackney-coach** کرائے کی گاڑی ـ
- **Slow coach** دقیانوسی ـ غبی ـ سست کام کرنے والا ـ آہستہ رو ـ
- **Coaching** اتالیقی ـ گھر پر تعلیم دینا ـ

Coadjutant (kōə-joo-tənt) *n.* Assistants to a higher officer شریک ـ مدد گار ـ

Coadjutor (kō-ajoo-tər) *n.* Assistant to bishop معاون ـ مددگار ـ شریک ـ لاٹ پادری کا معین یا مددگار ـ

Coagency (kō-ajənsi) *n.* Joint agency مشارکت ـ مشترکہ کام ـ شرکت ـ ساجھا ـ

Coagent (ko-ajənt) *n.* Joint partner in business شریک ـ ساجھی ـ

Coagulate (ko-agu-lat) *v.t.* & *i.* Change to solid state, clot بستہ ہونا ـ جمانا ـ جمنا ـ منجمد ہونا ـ سخت ہونا ـ منجمد کرنا یا ہونا ـ

- **Coagula** *n.* جمانے والی چیز ـ منجمد کرنے والی شے ـ
- **Coagulation** *n.* جماؤ ـ بستگی ـ انجماد ـ
- **Coagulator** *n.* جمانے والی چیز ـ منجمد کرنے والا ـ

Coal (kōl) *v.t., i.* & *n.* Hard carbonized vegetable remains کوئلہ ـ معدنی کوئلہ ـ پتھر کا کوئلہ ـ کوئلہ نکالنا ـ کوئلہ لادنا ـ کوئلہ لینا ـ

- **Coal black** کالا کوئلہ ـ کوئلے کے رنگ کا ـ
- **Blow the coals** بھڑکانا ـ جذبات کو ہوا دینا ـ
- **Haul over the coals** سرزنش کرنا ـ آڑے ہاتھوں لینا ـ

Coalesce (koə-les) *v.i.* Come together پارٹیوں کا یکجا ہونا ـ متحد ہونا ـ اکٹھا ہونا ـ ملنا ـ جڑنا ـ

- **Coalescent** *adj.* متحد ـ جڑا ہوا ـ مربوط ـ ملا ہوا ـ
- **Coalescence** *n.* جوڑ ـ ملاپ ـ امتزاج ـ اتحاد ـ

Coalition (kōa-lish-ən) *n.* Union, fusion مل کر ایک ہونا ـ سیاسی جماعتوں کا اتحاد ـ اتفاق ـ امتزاج ـ کسی حکومت میں مختلف پارٹیوں کی شرکت ـ

- **Coalitionist** سیاسی جماعتوں کے اتحاد کا حامی ـ

Coal-mine-pit (kōl-min) Hole from which coal is taken out کوئلے کا غار ـ کوئلے کی کان ـ

Coal-scuttle (kōl-skut-l) *n.* Coal-box کوئلہ دان ـ

Coarse (kōrs) *adj.* Rough معمولی درجہ کا ـ کم حیثیت ـ ادنیٰ ـ گاڑھا ـ موٹا ـ کھردرا ـ اناڑی ـ بھونڈے مذاق کا ـ فحش ـ غیر مہذب ـ

- **Coarsely** *adv.* بھونڈے پن سے ـ اناڑی پن سے ـ
- **Coarsen** *v.t.* & *i.* کھردرا بنانا ـ بھدا بنانا ـ
- **Coarseness** *n.* کرختگی ـ سختی ـ گھٹیا پن ـ کھردرا پن ـ
- **Coarish** *adj.* گھٹیا سا ـ کھردرا سا ـ

Coast (kōst) *n.* Sea shore ایک قسم کی امریکی پھسلنی گاڑی ـ دریا کا کنارہ ـ سمندر کا کنارہ ـ ساحل ـ بلندی سے نیچے کی طرف بائیسکل پر آنا ـ

- **Coastguard** *n.* ساحلی پولیس ـ بحری پولیس ـ
- **Coasting** *n.* ساحل کے آس پاس جہاز رانی کرنا ـ ساحلی جہاز رانی ـ

Coast (kōst) *v.i.* Sail along coast ایک ہی ساحل کی بندرگاہوں سے تجارت کرنا ـ کشتی کنارے کنارے لے جانا ـ بغیر پیر چلائے بائیسکل نشیب کی طرف چلانا ـ

Coat (kōt) *v.t.* & *n.* Man's sleeved body garment آستینوں والا مردانہ لباس ـ کوٹ ـ بال ـ سمور ـ اون ـ پشم ـ پردہ ـ جھلی ـ چھلکا ـ پوست ـ ملمع ـ تہہ ـ قلعی ـ تہہ چڑھانا ـ قلعی کرنا ـ ملمع کرنا ـ

- **Coat-card** تاش کا تصویر دار پتا ـ
- **Dust one's coat** مارنا ـ پیٹنا ـ مرمت کرنا ـ

Great coat اوور کوٹ ۔ لبادہ ۔

Turn one's coat نمک حرامی کرنا ۔ غداری کرنا ۔

Wear the kings coat فوج میں بھرتی ہونا ۔

Coated *adj.* تہہ چڑھا ہوا ۔ لپٹا ہوا ۔ ڈھکا ہوا ۔

Coatee (kōti) *n.* **Short tailed coat** بے دامن کا کوٹ ۔ چھوٹا کوٹ ۔

Coating (kōt-ing) *n.* **Layer of paint** کوٹ کا کپڑا ۔ لیپ ۔ رنگ یا روغن کی تہہ ۔

Coat-tail (kōt-təl) *n.* **Skirt** کوٹ کا گودم دامن ۔

Coax (koks) *v.t. & i.* **Persuade by blandishments** فریب دینا ۔ پھسلانا ۔ میٹھی باتوں سے منانا ۔ ناز نخروں سے رجھانا ۔ دم دلاسا دینا ۔ بہکانا ۔

Coax thing out of a person کسی شخص سے پھسلا کر کچھ لینا ۔

Coaxer پھسلانے والا ۔

Cob (kob) *n.* **Male swan** ٹانگن ۔ چھوٹے قد کا گھوڑا ۔ راج ہنس ۔ ہنس ۔ کوئلے کا گولا ۔

Cob (kob) *n.* **Composition of clay and straw** بھس ملا ہوا گارا ۔

Cob (kob) *v.t.* **Slap** طمانچہ مارنا ۔ تھپڑ مارنا ۔

Cobalt (kō-bawlt) *n.* **Silvery white metal** ایک قسم کی دھات جو نکل سے مشابہ ہوتی ہے ۔

Cobble (kob-l) *n. & v.t.* **Water worn round stones** بن پتھر ۔ پانی کے گول پتھر ۔ گول پتھروں کا فرش کرنا ۔

Cobble (kob-l) *v.t.* **Patch** بھونڈ پنے سے کرنا ۔ بری طرح سے کرنا ۔ پیوند لگانا ۔ گانٹھنا ۔

Cobbler (kob-lər) *n.* **Mender of shoes** اناڑی ۔ بھونڈ ۔ جوتے گانٹھنے والا ۔ موچی ۔

Cobra (kō-brä) / **Cobrade capello** } *n.* **The venomous Hooded snake of India** کالا ناگ ۔ پھنیر سانپ ۔

Cobweb (kob-web) *n.* **Spider's net work** جالے جیسی بودی شے ۔ جالے ۔ مکڑی کا جالا ۔ تار عنکبوت ۔ ایچ پیچ ۔ دھوکہ ۔ جال ۔ پھندا ۔ فریب ۔ ناپائدار ۔ کمزور ۔

Cobwebs of antiquity پرانا کاٹھ کباڑ ۔

Cobwebs of the law قانونی پھندے ۔ قانونی ایچ پیچ ۔

Cobwebbery *n.* ایچ پیچ ۔ ہیر پھیر ۔

Cobwebby *adj.* مکڑی کے جالے سے بھرا ہوا ۔ تار عنکبوت کی طرح ۔

Cocaine (kō-kan) *n.* **Drug from coca producing local insensibility** ایک دوا جس سے جلد سن ہو جاتی ہے ۔ کوکین ۔

Cocainisation *n.* کوکین سے سن کرنا ۔ بے حسی ۔

Cochineal (kochi-nēl) *n.* **Dried bodies of insects of Mexico used for making scarlet dye** میکسیکو کے وہ خشک کیڑے جس سے قرمزی رنگ بنایا جاتا ہے ۔ قرمز ۔

Cock (kok) *n.* **Male bird** مرد کا عضو تناسل ۔ خروس ۔ مرغ ۔ نر پرند ۔ بندوق کا گھوڑا یا چاپ کمانی ۔ ترازو کا کانٹا ۔

Cock and bull story بناوٹی قصہ ۔ بے بنیاد بات ۔ لغو کہانی ۔

Cock of the school خدائی فوجدار ۔ لڑکوں میں تیس مار خاں ۔

Cock sparrow زندہ دل شخص ۔ پست قد ۔ نر چڑا ۔

Live like fighting cocks مست رہنا ۔ بے فکر زندگی بسر کرنا ۔

This beats cock fighting یہ پرلطف ہے ۔ یہ بہت ہی اچھا ہے ۔

Cock (kok) *v.t. & i.* **Erect, stick or stand up** بندوق کا گھوڑا چڑھانا ۔ کھڑا کرنا ۔ تاننا ۔

Cock ones eye آنکھ مارنا ۔

Cock ones hat بانکپن دکھانا ۔ کج کلاہی دکھانا ۔ ٹیڑھی ٹوپی پہننا ۔

Cock (kok) *n.* **Upward bend of nose** چڑھی ہوئی ناک بھوں ۔ چڑھی ہوئی ناک ۔ آنکھ کا اشارہ ۔ کج کلاہی ۔ بندوق کا چڑھا ہوا گھوڑا ۔

Cockade (kok-ād) *n.* **Badge worn in hat** تمغہ ۔ اعزازی پٹی ۔ کلغی ۔ طرہ ۔

Cockaded *adj.* کلغی دار ۔ طرہ دار ۔

Cochatoo (ko-kə-tōō) *n.* **A kind of parrot with moving crest** بڑی کلغی والا طوطا ۔ کاکاتوا ۔

Cockatrice (ko-kə-tris) *n.* **Fabulous basilisk** یونانی قصوں کا فرضی سانپ ۔ افعی ۔ بالشتیا سانپ ۔

Cockcrow (kok-row) *n.* **Domestic cock's early shouts** بانگ مرغ ۔ آواز خروس ۔ تڑکا ۔

Cocker (kok-ər) *v.t.* Pamper ناز اٹھانا - ناز برداری کرنا - لاڈ کرنا -

Cockered (kok-ərd) *adj.* Pampered لاڈلا - ناز پروردہ -

Cockerel (kok-rəl) *n.* Young cock جھگڑالو لڑکا - پٹھا مرغ - مرغ کا پٹھا -

Cockeyed (kok-id) *adj.* Squinting احول - بھینگا -

Cock horse (kok hors) Wood horse کاٹھ کا گھوڑا -

Cockle (kok-l) *n.* A purple flowered grass گھاس پھوس - سرخ پھولوں والی گھاس - گیہوں کی ایک بیماری جس سے دانے کالے پڑ جاتے ہیں - ایک قسم کا گھونگا - سیپی -

Cockle (kok-l) *n., v.t.* & *i.* Bulge ابھار - شکن - پیچ - خم - شکن ڈالنا - موڑنا - ابھارنا -

Cockle (kok-l) *n.* Stove for heating room آہنی آتشدان جس سے کمرہ گرم کیا جاتا ہے -

Cockney (kok-ni) *n.* & *adj.* Native of London لندنی زبان - لندن کا رہنے والا - لندن کا -

Cockneyfy *v.t.* لندنی جیسے خصائل پیدا کرنا - لندنی بنانا -

Cockneyish *adj.* لندنیوں کی طرح رہنے سہنے والا -

Cockneyism *n.* لندنی بول چال - لندنی محاورہ - لندنیت -

Cockpit (kok-pit) *n.* Arena of kock fights مرغوں کا دنگل - مرغوں کی لڑائی کا اکھاڑہ - طیارے میں طیارچی کے بیٹھنے کی جگہ -

Cockroach (kok-rōch) *n.* Dark brown beetle-like insect تل چٹا - بھونرے کی طرح کا کیڑا -

Cocksure (kok-shōōr) *adj.* Certain to happen یقین واثق - یقینی طور پر - حتمی طور پر - یقینی -

Cocksy (kok-si) *adj.* Conceited - بننے والا - خود پسند - شوخ چشم - گستاخ -

Cocksiness *n.* خود پسندی - گستاخی -

Cocktail (kok-təl) *adj.* & *n.* A horse with docked tail گھوڑا جو اصیل نہ ہو - دم کٹا گھوڑا - گھڑ دوڑ کا گھوڑا - اوچھا - نیا دولتمند - ایک قسم کی مرکب شراب -

Cocktailed *adj.* دم کٹا - اوچھا - دم بریدہ -

Cocoa (kō-kō) *n.* Powder made from cocoa seeds ایک قسم کی بارود - کوکو -

Coconut (kōkō-nut) *n.* Hard shelled seed with white lining ناریل - کھوپرا - انسان کا سر - کھوپری -

Cocoon (ko-kōōn) *n., v.t.* & *i.* Silky case spun by larva ریشم کے کیڑے کا خول - آبریشم کا کویا - کوئے میں لپیٹنا -

Cocoonery *n.* ریشم کے کیڑوں کی پرورش کی جگہ -

Coction (kok-shən) *n.* Boiling ایک قسم کی پھلی - دانہ دار پھلی - پکانا - ابالنا -

Cod (kod) *n.* & *v.* Large sea fish بیوقوف بنانا - بڑی سمندری مچھلی کاڈ -

Codliver oil کاڈ مچھلی کا تیل -

Coddle (kod-l) *v.i.* & *n.* Treat as invalid ناز برداری کرنا - وہ شخص جو دوسرے کی ناز برداری کرتا ہو یا خود بیماروں جیسے نخرے کرتا ہو -

Code (kōd) *n.* & *v.t.* Systematic collection of status مجموعہ قوانین یا قواعد - اشاروں کی زبان - بری اور بحری فوجی اشاروں کا مجموعہ - مختصر کرنا - خفیہ اشاروں میں پیغام بھیجنا -

Code of honour آئین غیرت داری - کسی قوم کا مروجہ اخلاق -

Codification ترتیب قوانین

Codifier مولف ضوابط - قوانین کا ترتیب دینے والا -

Codify *v.t.* قانون کی ترتیب اور تدوین کرنا -

Codger (koj-ər) *n.* queer old person (بول چال) مرد آدمی - ضعیف آدمی - ناکارہ - عجوبہ -

Co-equal (ko-eqwal) *adj.* & *n.* Of equal status برابر - یکساں - مساوی -

Coerce (ko-ərs) *v.t.* & *i.* Force and person into obedience دباؤ - مجبور کرنا - دباؤ ڈالنا - جبر سے حاصل کرنا - جبری کرنا -

Coerced obedience ناگزیر اطاعت - جبر اطاعت -

Coercible *adj.* جبر کئے جانے کے قابل - جبر پذیر -

Coercion (ko-ər-shən) *n.* Controlling of voluntary action or agent by force جبر - زور - زبردستی - استبدادی حکومت -

Coercionary *adj.* سخت گیر - استبدادی - جبری -

Coercionist *n.* & *adj.* استبدادیت کا حامی - سخت گیر - جابر -

Coercive (kō-ər-sive) *adj.* Acting by coercion تشدد آمیز - سخت - زور آور - زبردست -

Coessential (kōe-sen-shal) *adj.* Of the same substance ہم اصل - ہم مادہ -

Co-eternal (kōä-tər-nəl) *adj.* Equally ever existing ہم قدم - ہم ابد - ہم قیام - ہم دوام -

Co-eval (cō-eval) *adj.* & *n.* Persons of the same age and epoch ہم عہد - ہم عصر - ہم زمانہ

Co-executor (kō-eg-ze-kutor) *n.* Joint executor ہم وثیقہ - شریک وصی -

Co-exist (kō-eg-zist) *v.i.* Exist together or with کسی دوسرے کے ساتھ موجود ہونا -

Co-existence *n.* ہم بودی - ہم موجودیت -

Co-existent *adj.* ہم بود - ہم وجود -

Co-extensive (ko-eks-ten-sive) *adj.* Extending over space and time ہم زمان - ہم مکان -

Coffee (kof-i) *n.* Drink made from seeds roasted and ground قہوہ - کافی - ناشتہ - حاضری - کافی کے بیج -

Coffer (kof-ər) *n.* Treasury box زیور - روکڑ کا صندوق - خزانے کا صندوق -

Coffin (kof-in) *n.* & *v.t.* Chest for burying corpse تابوت - مردے کو دفن کرنے کا صندوق - نکما جہاز - تابوت میں رکھنا - کفنانا -

Drive nail into one's coffin موت کو دعوت دینا -

Cog (kog) *n.* One of series of projections on edge of wheel پہیے کے دانت - دندانے -

Cogged *adj.* پہیے کے دانتوں کا - دندانے دار -

Cog (kog) *v.t.* Cleverly control the dice عیاری سے پانسہ پھینکنا - پھسلا کر لینا - خوشامد سے حاصل کرنا -

Cogent (kō-jənt) *adj.* convincing قوی - مضبوط - پختہ - دلنشین - معقول -

Cogency *n.* دلنشینی - معقولیت - پختگی - مضبوطی -

Cogently *adv.* پختہ طور پر - دلنشین طریقے سے - معقول طور پر -

Cogitable (kōji-təbl) *adj.* Concievabe قابل قبول - قابل فہم - قابل قیاس -

Cogitate (kōji-tət) *v.t.* & *i.* Meditate کسی شے کا تصور کرنا - بچارنا - خیال کرنا - سوچنا -

Cogitation *n.* سوچ بچار - خیال - تفکر - تامل -

Cogitat e *adj.* گیانی - سوچ بچار کرنے والا - فکر کرنے والا - تفکر پسند -

Cogitatively *adv.* سوچ بچار سے - متفکرانہ -

Cogitativeness *n.* گیان دھیان - فکر مندی -

Cognac (kon-yăk) *n.* French brandy ایک قسم کی شراب - فرانسیسی برانڈی -

Cognate (kog-nāt) *adj.* *n.* Descended from common ancestor ہم اصل - ہم جنس - متجانس - نسبتی - متعلقہ -

Cognateness رشتہ داری - ہم جنس - قرابت داری -

Cognation (kog-nə-shən) *n.* Relationship نسبتی تعلق - رشتہ داری - قرابت -

Cognition (kog-ni-shən) *n.* Faculty of knowing گیان - علم - آگاہی - وقوف -

Cognitional *adj.* علمی ادراکی -

Cognitive *adj.* عارف - واقف - گیانی -

Cognizable (kōg-nizabl) *adj.* Perceptible قابل سماعت - عدالت عالیہ کے اختیارات کے اندر - قابل دست اندازی - قابل ادراک - قابل فہم -

Cognizance (kog-niz-ans) *n.* Being aware - قانونی شنوائی - سماعت - علم - آگاہی - اختیار کا استعمال - امتیازی نشان - پہچان -

Be beyond one's cognizance ناقابل دست اندازی - دائرہ اختیار سے باہر -

Fall within one's cognizance قابل دست اندازی - دائرہ اختیار میں ہونا -

Take cognizance of سماعت کرنا - دھیان میں لانا - توجہ کرنا -

Have cognizance of کسی چیز کا سرکاری طور پر علم ہونا -

Cognizant (kog-ni-zant) *adj.* Having knowledge صاحب معرفت - محرم - واقف -

Congnize (kog-nīz) *v.t.* Have knowledge of توجہ دلانا - شناخت کرنا - علم یا ادراک رکھنا -

Cognomen (kog-no-mən) *n.* Surname اسم - سرنام - لقب - عرفیت -

Cognominal *adj.* ہم اسم - ایک ہی نام کا - ہم نام -

Cognovit (kog-nō-vit) *n.* Defendants acceptance of plaintiff's cause اقبال دعویٰ - مدعا علیہ کا اقبال کہ مدعی کا دعویٰ حق بجانب ہے -

Cohabit (kō-hab-it) *v.t.* Live as husband and wife ہم بستر ہونا - مباشرت کرنا - صحبت کرنا (عموماً غیر عورت سے)

Cohabitation *n.* مباشرت - ہم بستری -

Co-heir coheiress (kō-ar) *n.* Joint heir ہم میراث - ہم ورثہ - شریک میراث -

Cohere (kō-hər) *v.t.* Stick together جمنا - چمٹنا - اک رنگ ہونا - لگنا - مربوط ہونا -

Coherent (kō-her-ənt) *adj.* Easily followed باندھا ہوا - جڑا ہوا - چپکا ہوا - مربوط - سہل - قابل فہم -

Coherence, coherency *n.* پیوستگی - ربط - اتصال - جماد - وصل -

Coherently *adv.* اتصال کے ساتھ - ربط کے ساتھ -

Cohesion (kō-he-zhən) *n.* Sticking together پیوستگی - اتصال - لگاؤ - چسپیدگی -

Cohesive *adj.* پاس پاس - متصل - ملا ہوا -

Cohesiveness پیوستگی - چسپیدگی -

Cohort (kō-hort) *n.* Persons banded together جماعت - گروہ - فوج کا دستہ -

Coif (koif) *n.* Close cap covering top, back and sides of head کنٹوپ - ایک قسم کی ٹوپی - عورتوں کی ٹوپی -

Coiffeur (kwā-fər) *n.* Hairdresser بال بنانے والا - مشاطہ -

Coiffure (kwā-fər) *n.* Way one's hair is dressed کنگھی چوٹی - مانگ پٹی -

Coil (koil) *n.* Length of coiled rope کنڈل - لچھا - انٹی - ڈور کا گولہ -

Coin (koin) *n.* Metal money پیسہ - زر رائج - روپیہ - سکہ -

Pay one in his own coin ترکی بہ ترکی جواب دینا -

Coin (koin) *v.t.* Make money by stamping money ضرب کرنا - دارالضرب میں سکے ڈھالنا - دماغی قوت سے روپیہ پیدا کرنا -

Coinage (koin-əj) *n.* System of coin in use رائج الوقت سکے - سکہ زنی - نظام سکہ - اختراع - گھڑے ہوئے الفاظ - من گھڑت -

Coincide (kō-in-sīd) *v.i.* Occur at the same time ایک ہی وقت میں ہونا - مطابق ہونا - ہم زبان ہونا - ٹھیک بیٹھنا - منطبق ہونا -

Coincidence (kō-in-sīdəns) *n.* Concurrence of events اتفاق مطابقت - بہ یک وقت وقوع - زمانی مطابقت -

Coincident (kō-in-sīdənt) *adj.* Coinciding موافق - مطابق - ہم وقت - ہم زمان - ساتھ ساتھ -

Coincidently *adv.* ہم وقتی سے - ہم زمانی سے - اتفاق سے - اتفاقاً -

Coincidental *adj.* Of the nature of coincidence ہم زمانی - ہم مکانی - مطابق -

Coiner (koinər) *n.* Maker of counterfeit coins جعلی سکے بنانے والا -

Coir (koir) *n.* Coconut fibre ناریل کے ریشوں کی رسی - ناریل کے ریشے -

Coition (kō-ish-ən) *n.* Sexual copulation وصال - مباشرت - مجامعت - صحبت -

Coke (kōk) *n.* & *v.t.* Half burnt coal پتھر کا کوئلہ جس کو جلا کر بجھا لیتے ہیں - نیم سوختہ کوئلہ -

Colander (kulən-dər) *n., v.t.* & *i.* Perforted vessel used as strains چھلنی - غربال -

Cold (kold) *adj.* Of low temperature بارد - خنک - سرد - ٹھنڈا - بے حس - سرد مہر - افسردہ کرنے والی - غیر دلچسپ - شکار کی ہلکی بو -

Cold livered ٹھنڈی مٹی کا - بے حس - افسردہ دل -

Cold meat ٹھنڈا گوشت -

Give the cold shoulder to رکھائی کرنا - سرد مہری سے پیش آنا -

Throw cold water on a plan کسی منصوبے پر پانی پھیرنا -

Coldish *adj.* خنک سا - ٹھنڈا سا -

Coldly *adv.* بے پروائی سے - بے اعتنائی سے -

Coldness *n.* سرد مہری - رکھائی - بے اعتنائی -

Cold (kōld) *n.* Soar throat, running at nose زکام - جاڑا - نزلہ - ٹھنڈ - سردی -

Cole staff (kol-stəf) *n.* Weight carring stick بوجھ

ڈھونے کا ڈنڈا یا بلی -

Colic (kolik) *n.* Sever griping pain in belly مروڑ - ریاحی درد - قولنج - پیٹ کا درد -

Collaborate (ko-lab-ə-rat) *v.i.* Work in combination ساتھ مل کر کام کرنا - ہاتھ بٹانا - ساتھ محنت کرنا -

Collaboration *n.* کام میں شرکت - اتحاد کار

Collaborator *n.* کام میں شرکت کرنے والا - رفیق کار - شریک کار -

Collapse (kə-laps) *n.* & *v.t.* Breakdown of physical and mental energy گر پڑنا - ڈھیر ہو جانا - ہمت ہار دینا - جواب دے دینا -

Collar (kol-ər) *n.* Neck band حلقہ - پٹہ - کالر - گلو بند - وہ چھلا جس میں مچھلی کا چارہ پرویا ہوا ہوتا ہے - کنٹھا - ہنسلی - طوق -

Collared *adj.* کالر دار - کنٹھے دار - پٹے دار -

Collar (kol-ər) *v.t.* Capture فٹ بال میں گیند چھیننے کی کوشش کرنا - گریبان میں ہاتھ ڈالنا - گریبان سے پکڑنا - مچھلی کے شکار کے لئے گوشت لپیٹ کر ڈوری سے باندھنا -

Collate (kol-āt) *v.t.* Compair in detail مطابق کرنا - مقابلہ کرنا - ملانا - پادری کو گرجا کی خدمت سپرد کرنا -

Collator *n.* مطابق کرنے والا - مقابلہ کرنے والا -

Collateral (ko-lāt-r-əl) *n.* & *adj.* Parallel ہم اصل - یکجدی - برابر - ہم پہلو - پہلو بہ پہلو -

Collaterally *adv.* برابر برابر - خاندانی حیثیت سے - پہلو بہ پہلو -

Collation (ko-lə-shən) *n.* Light repast in the evening of fast day مطابقت - مقابلہ - موازنہ (رومن کیتھلک) افطاری -

Colleague (ko-lēg) *n.* Two or more holders of joint office ساتھی - ہم منصب - رفیق - شریک کار - ساجھی - سنگی - ہم رتبہ -

Collect (ke-lekt) *v.t.* & *i.* Assemble سنگیڑنا - جوڑنا - جمع کرنا - اکٹھا کرنا - ارتھ یا معنی نکالنا - نتیجہ نکالنا - مالیہ وصول کرنا - ہوش میں آنا - حواس درست کرنا -

Collected *adv.* غیر جذباتی طور پر - حواس مجتمع کر کے - دلجمعی سے - حواس درست کر کے -

Collection (kə-lek-shən) *n.* Collecting of any thing چندہ فراہمی - جمع - جوڑ - انبار - ذخیرہ - مجمع - مجموعہ -

Collective (kə-lek-tiv) *adj.* Aggregate یکساں - اکٹھا - اجتماعی - مجموعی -

Collectively *adv.* سب مل کر - اکٹھا - مجموعی طور پر -

Collector (ko-lek-tər) *n.* One who collects وصول کرنے والا - جمع کرنے والا - اکٹھا کرنے والا - نایاب چیزیں جمع کرنے والا - ڈپٹی کمشنر - حاکم ضلع -

Collectorate *n.* کلکٹری - اول تعلقہ داری کلکٹر کا دفتر - ڈپٹی کمشنر کا حلقہ اقتدار -

Collectorship *n.* اول تعلقہ داری - ڈپٹی کمشنری -

College (kol-ij) *n.* Body of colleagues with common function بڑا مدرسہ - دارالعلوم - کلیہ - کالج - کسی مخصوص کام کی جماعت - کسی خاص پیشہ کی تعلیم گاہ - تحقیقاتی ادارہ -

Collegian (kol-ij-ən) *n.* Member of a college کالج کا طالب علم - کالج کا رکن -

Collegiate (ko-le-gi-at) *adj.* Belonging to a college کلیہ کا - کالج کا -

Collegiate school اعلیٰ درجے کا مدرسہ - کسی کالج کا ملحقہ مدرسہ -

Collide (kəl-īd) *v.t.* Be in conflict متصادم ہونا - ٹکر کھانا - ٹکرانا - مخالف ہونا - اختلاف ہونا -

Collier (kol-yer) *n.* Coal miner کوئلہ بیچنے والا - کوئلہ کا جہاز - کوئلہ کھودنے والا -

Colliery (kol-yeri) *n.* Coal mine کوئلہ کی کان

Colligate (koli-gāt) *v.t.* Connect insolate facts ترتیب دینا - مربوط کرنا - اکٹھا کرنا -

Colligation *n.* اتصال - ترتیب - ربط

Collision (ko-lizh-ən) *n.* Dashing together مڈ بھیڑ - تصادم - ٹکر -

Collocate (kolō-kāt) *v.t.* Arrange سجانا - ترتیب دینا -

Collocation *n.* سجاوٹ - ترتیب -

Collop (kol-əp) *n.* Slice of meat گوشت کا تکہ - بوٹی - وہ سلوٹ جو موٹے آدمی یا جانور کے بدن پر

پڑتی ہے ۔

Colloquial (kəlō-kwi-əl) *adj.* Belonging to familiar speech روز مرہ کی بول چال کا ۔ عام بول چال کا ۔ سادہ غیر ملکی ۔

Colloquialism *n.* روز مرہ ۔ بول چال کا محاورہ ۔

Colloquialist *n.* خوش بیان ۔ شیریں گفتار ۔ خوش گو ۔

Colloquy (kolə-kwi) *n.* conversation بات چیت ۔ محاورہ ۔ بول چال گفتگو ۔

Collude (kol(u)ood) *v.t.* Practise collusion مل جانا ۔ ساز باز کرنا ۔ سازش کرنا ۔ ملی بھگت ہونا ۔ سانٹ گانٹھ کرنا ۔

Collusive *adj.* جعلسازی کا ۔ سازش کا ۔ دغا بازی کا ۔ پر فریب ۔

Collusion (ko-lə-zhən) *n.* Fradulent secret understanding سازش ۔ بندش ۔ ساز باز ۔ خفیہ سازش ۔ مل بھگت ۔

Collyrium (ko-liri-əm) *n.* Eye salve سلائی ۔ کاجل ۔ انجن سرمہ ۔

Colocynth (kolo-sinth) *n.* Bitter apple, gourd plant تلخ سیب ۔ کڑوا کھیرا ۔ خیار تلخ ۔ اندرائن ۔ حنظل ۔ موگھل ۔

Colon (kolən) *n.* Punctuation mark (:) بڑی آنت ۔ علامت وقف ۔

Colonel (ker-nel) *n.* Highest regimental officer رجمنٹ کا سب سے بڑا افسر ۔ کرنل ۔

Colonial (kə-lōni-əl) *adj.* & *n.* Of a colony نو آباد کاری سے متعلق ۔ نو آبادی ۔

Colonially *adj.* نو آبادی کی حیثیت سے ۔ نو آبادیوں کے اغراض و مصالح کو پیش نظر رکھتے ہوئے ۔

Colonist (co-lən-ist) *n.* Settler in a colony نو آبادی کو بسانے اور آباد کرنے والا ۔ نو آباد کار ۔

Colonize (kolə-nīz) *v.t.* & *i.* Establish colony in نئی جگہ آباد کرنا ۔ نئی بستی بسانا ۔ کسی ملک میں نو آبادی بنانا ۔ نئی جگہ جا کر آباد ہونا ۔

Coloniaztion *n.* نئی آبادی بسانا ۔ نو آبادی بنانے کا عمل ۔

Colonnade (kolə-nad) *n.* Series of columns درختوں کی قطار ۔ ستونوں کی قطار ۔ کسی عمارت کے بہت سے ستون ۔

Colony (kolə-ni) *n.* Immigrants habitation نئی بستی یا آبادی جو پر دیس میں بسائی جائے ۔ مہاجرین کی نو آبادی ۔ نو آباد کاروں کا علاقہ ۔ کیڑے یا جانداروں کی بستی جیسے مونگے ہیں ۔

Colorific (kolə-rific) *adj.* Producing colour رنگ چھوڑنے والا ۔ رنگ ریز ۔ رنگ فشان ۔

Colossal (ko-los-əl) *adj.* Huge " شوخ رنگ " خوشنما ۔ شاندار ۔ بڑے قد کے ۔ دیو ہیکل ۔ دیو پیکر ۔

Colossus (ko-losəs) *n.* Gigantic statue بڑی بھاری مورت ۔ دیو پیکر مجسمہ ۔ وہ سلطنت جس کا مختلف ممالک پر قبضہ ہو ۔

Colour (ku-lər) *n.* Sensation produced on eye by decomposed light رنگ ۔ لون ۔ گہرا رنگ ۔ چہرے کی سرخی ۔ رنگ روپ ۔ شکل ۔ صورت ۔ نقاشی ۔ رنگ آمیزی ۔ رنگ بھرنے کا اصول یا خوبی ۔ رنگ روغن ۔ مسالہ ۔ رنگین فیتہ یا وردی جو خاص کھلاڑیوں کو دی جاتی ہے ۔ کسی فوج کا نشان ۔ فوج یا جہاز کا جھنڈا ۔ پھریرا ۔ پرچم ۔ عذر لنگ ۔ عذر باطل ۔

Colourblind رنگ نہ پہچان سکنے والا ۔ رنگ اندھا ۔

Colour man رنگوں کا سوداگر ۔ رنگ فروش ۔

Come off with flying colours قابل تحسین کام کرنا ۔ کامیاب ہونا ۔

Get one's colours کھلاڑیوں کی جماعت میں داخل کیا جانا ۔

Lose colour زرد پڑ جانا ۔ رنگ فق ہو جانا ۔

Show one's colour اپنی اصلیت ظاہر کرنا ۔ اپنی اصلیت پر آنا ۔

Colourist *n.* رنگ کا ماہر ۔ رنگ آمیز ۔ وہ جس کو رنگ بھرنے میں کمال ہو ۔ مصور ۔

Colour (kulər) *v.t* & *i.* Give colour to رنگ آمیزی کرنا ۔ رنگ بھرنا ۔ رنگنا ۔ قلعی کرنا ۔ ملمع کرنا ۔ اپنی طرف سے جھوٹ ملانا ۔

Colourable (kulər-ə-bl) *adj.* Specious نمائشی ۔ مصنوعی ۔ بناوٹی ۔ جعلی ۔

Colouring (kulər-ing) *n.* Colouring style رنگ بھرنے کا طرز ۔ رنگ آرائی ۔

Colourless (kulər-les) *adj.* Dull روکھا پھیکا ۔ بے رنگ ۔ بے لطف ۔ غیر جانب دار ۔ بے اصول ۔

Colporteur (kol-per-ter) *n.* Book hawker sp. Bible پھیری لگا کر مذہبی کتابیں بالخصوص انجیل بیچنے والا ۔

Colt (kōlt) *n.* & *v.t.* Young male horse بے وقوف بچھیرا ۔ نوجوان گھوڑا ۔ احمق اناڑی ۔ کریکٹ کا پیشہ ور کھلاڑی جو پہلی مرتبہ میدان میں آئے ۔

Colt hood *n.* بچھیرا پن ۔

Coltish *adj.* نا تجربہ کار سا ۔ احمق سا ۔ بچھیرا پن ۔

Colter (kōl-ter) coulter *n.* Iron blade of plough ہل کا لوہا ۔ ہل کا پھل ۔

Columbine (koləm-bīn) *n.* Mistress of Harlequin ہارلی کن مسخرے کی بیوی ۔ ایک درخت جس کا پھول پانچ کبوتروں کے گچھے کا سا ہوتا ہے ۔

Column (koləm) *n.* Sporting pillar ستون ۔ تھم ۔ کھمبا ۔ لاٹ ۔ مینار ۔ فوج کا پہرا ۔ صفحے کا حصہ ۔ جہازوں کی لمبی قطار ۔

Coma (kōmā) *n.* Stupor خواب غفلت ۔ بے ہوشی کی نیند ۔ نرم ریشوں کا گچھا جو بیج کے سرے پر نکل آتا ہے ۔ ریشہ دار بیج ۔ کہکشاں کا ذب ۔

Comb (kom) *n.* Toothed strip of horn, metal ivory کنگھا ۔ کنگھی ۔ شانہ ۔ مرغ یا پرندوں کی کلغی ۔ چوٹی ۔

Comb (kom) *v.t.* & *i.* Draw comb through hair کنگھی کرنا ۔ شانے سے بالوں کو درست کرنا ۔ گھوڑے کو کھریرا کرنا ۔ موج کا بل کھانا ۔ پیٹنا ۔ مرمت کرنا ۔

Combat (kum-bət) *n.*, *v.t.* & *i.* Struggle, oppose, contest لڑنا ۔ جنگ کرنا ۔ مقابلہ کرنا ۔ کشتی کرنا ۔

Combatant (kumbə-tant) *adj.* & *n.* Fighting, fighter جنگجو ۔ جنگی سپاہی ۔ لڑنے والا ۔

Combative (kum-bativ) *adj.* Pugnacious لڑائی کا شوقین ۔ جھگڑالو ۔ لڑاکا ۔ لڑنے مرنے کو تیار ۔

Combination (kom-binə-shən) *n.* combining متحدہ کاروائی ۔ اتحاد ۔ اتفاق ۔ میل ۔ گروہ بندی ۔

Combine (kəm-bīn) *v.t.* & *i.* Join together اکٹھے ہونا یا کرنا ۔ مل جانا ۔ متحد ہونا ۔ جمع ہونا ۔ اجتماع ۔ ایسے لوگوں کا ایکا جو قیمت گراں کر دیں یا تجارت میں دشواریاں حائل کریں ۔

Combined (kəm-bīnd) *adj.* Joined جڑا ہوا ۔ ملا ہوا ۔ متفق ۔ متحد ۔

Combings (kōm-bings) *n.* Hairs combed off ٹوٹے یا گرے ہوئے بال ۔ بال جو کنگھی کرنے میں گریں ۔

Combustible (kom-bus-tibl) *adj.* Things used for burning جلنے کے قابل پھونک دینے والا مادہ ۔ آتش گیر مادہ ۔ بھک سے اڑ جانے والا ۔ اشتعال پذیر ۔

Combustibility آتش انگیزی ۔ اشتعال پذیری ۔

Combustion (kom-bus-tyən) *n.* Destruction by fire افروختگی ۔ جلنے کی حالت ۔ سوختگی ۔ اشتعال ۔ احتراق ۔ حرارت پذیری ۔ جل جانا ۔

Come (kum) *v.i.* Arrive, move اترنا ۔ واقع ہونا ۔ پہنچنا ۔ آنا ۔ نازل ہونا ۔ نکلنا ۔ باہر آنا ۔ کسی خاندان یا شہر کا فرد ہونا ۔ رفتہ رفتہ ۔ کسی نتیجے پر پہنچنا ۔

Come into one's head دماغ میں آنا ۔ خیال میں آنا ۔ دل میں آنا ۔

Come off الگ ہونا ۔ بچ نکلنا ۔ مکمل ہونا ۔ مراد بر آنا ۔

Come to stay یقینی ہو جانا ۔ کسی شے کا مستقل ہو جانا ۔

Light come light go آسانی سے ہاتھ آنا اور جلد ہی نکل جانا ۔

Come (kum) *v.* & *imp.* Approach چلو ۔ آؤ ۔ آ جاؤ ۔

Comedian (ko-mīdi-ən) *n.* Actor, writer of comedies مزاح نگار ۔ تمثیل نگار ۔ نکال ۔ بھانڈ ۔ بھروپیا ۔ سوانگی ۔ ادا کار ۔ بزمیہ اداکار ۔

Comedienne (ko-midi-ni) *n.* Comedy actress رقاصہ ۔ ناٹکی عورت ۔ بزمیہ اداکار ۔

Comedy (kom-i-di) *n.* Stage play of amusing and satirical character طربیہ ۔ بزمیہ ۔ تمثیل ۔ طنز و مزاح ۔ سوانگ ۔ نقل ۔ ناچ رنگ ۔ نقل جس کا انجام تفریح پر ہو ۔

Comely (kum-li) *adj.* Pleasant to look at دلپسند ۔ خوشنما ۔ شکیل ۔ خوش اندام ۔

Comeliness *n.* خوش اندامی ۔ خوبروئی ۔

Comer (kum-er) *n.* One that comes نو وارد ۔ آنے والا ۔

Comestible (ko-mest-i-bl) *n.* Thing to eat کمالات د کھانے کے لائق چیزیں ۔ اشیائے خوردنی ۔

Comet (kom-it) *n.* A star like object with a tail دنبالہ دار بوجھل تارا ۔ دم دار تارا ۔

Comfit (kom-fit) *n.* Sugar plum الائچی دانہ ۔ ایسی مٹھائی جس کے اندر گری ہو ۔ نقل ۔

Comfort (kum-fərt) *v.t.* & *n.* Consolation اطمینان ۔ آرام ۔ تشفی ۔ تسلی ۔ تسکین ۔ خاطر جمعی ۔ آرام دینا ۔ تشفی دینا ۔ غمخواری کرنا ۔

Comfortable (kum-fərt-əbl) *adj.* Free from hardship آرام دہ ۔ خوش ۔ آسودہ ۔ سکھی ۔ خوشحال ۔ مطمئن ۔

Comforter (kum-fert-er) *n.* One who consoles غم خوار ۔ تسلی دینے والا ۔

Comfortless (kum-fert-les) *adj.* Dreary بے آرام ۔ رنجور ۔ دکھی ۔

Comic (kom-ik) *adj.* Mirth provoking سوانگی ۔ ہنسانے والا ۔ مسخرہ ۔ ظریف ۔ تفنن آمیز ۔ خندہ انگیز ۔

Comical (komi-kəl) *adj.* Odd, queer تمسخرانہ ۔ تفنن آمیز ۔ نرالا ۔ انوکھا ۔

Comintern (kom-in-tərn) *n.* Third international روس کی بین الاقوامی سیاسی جماعت ۔ انقلابی جماعت ۔ انقلابی تحریک ۔

Comity (komi-ti) *n.* Courtesy بین الاقوامی انداز ۔ ایک دوسرے کے قوانین کا احترام ۔ قوموں کی راہ و رسم ۔ قوموں کی برادری ۔

Comma (kom-ä) *n.* Punctuation mark رمز وقف ۔ معمولی وقفہ کا نشان ۔

Inverted commas کسی اقتباس یا قول کو دکھانے کا نشان " " واوین ۔

Command (kə-mänd) *v.t.* & *i.* Order حاکم ہونا ۔ فرمان نافذ کرنا ۔ ارشاد کرنا ۔ حکم دینا ۔ حکومت کرنا ۔ قابو میں رکھنا ۔

Command (kə-mänd) *n.* Order سپہ سالاری ۔ ہدایت ۔ فرمان ۔ ارشاد ۔ حکم ۔ قیادت ۔ قبضہ ۔ اقتدار ۔ فوجی دستہ یا علاقہ جو کسی سالار کے ماتحت ہو ۔

Command paper فرمان شاہی ۔ جو دستاویز بادشاہ کے حکم سے پارلیمنٹ میں پیش ہو ۔

Commandant (kəm-än-dənt) *n.* Commanding officer, governor of a fortress فوجی سردار ۔ کپتان ۔ قلعہ دار ۔ جنگی حاکم ۔ فوجی عہدہ دار ۔

Commandeer (kəm-an-dēr) *v.t.* Force men for military service فوج کے لیے جبری بھرتی کرنا ۔ فوجی ضرورت کی بنا پر سامان ضبط کر لینا ۔ رعب جمانا ۔ سکہ بٹھانا ۔

Commander (ko-man-dər) *n.* One who commands نائٹوں کا خطاب ۔ امیر ۔ سپہ سالار ۔

Commander-in-chief امیر فوج ۔ سپہ سالار اعلیٰ ۔

Commander of the faithful خلفائے اسلام کا خطاب ۔ امیر المومنین ۔

Wing commander امیر فضائیہ ۔ ہوائی فوج کا افسر ۔

Commanding (kə-man-ding) *adj.* Impressive نہایت موثر ۔ شاندار ۔ پرشوکت ۔ تحکمانہ ۔ رفیع الشان ۔

Commandment (ko-mənd-mənt) *n.* Divine command خدا کا حکم ۔ حکم الٰہی ۔ حکم ربانی ۔

The ten commandments (موسوی شریعت کے دس حکم) ۔ دس احکام الٰہی ۔

Commando (koman-dow) *n.* Party called out for military service جمعیت ۔ فوجی دستہ ۔

Commemorate (kəm-em-ərāt) *v.t.* Celebrate یادگار قائم کرنا ۔ ذکر کرنا ۔ یاد کرنا ۔ رچانا ۔ منانا ۔

Commemorative *adj.* یاد دلانے والی ۔ یاد گاری ۔

Commemoration (komemə-ra-shən) *n.* Act of remembering عرس ۔ تقریب ۔ یاد گار ۔ برسی یا فاتحہ خوانی جو کسی بزرگ کی یاد میں منائی جائے ۔

Commence (kə-mens) *v.t.* & *i.* Begin پہلا قدم رکھنا ۔ کام شروع کرنا ۔ آغاز کرنا ۔ پہل کرنا ۔ آغاز ہونا ۔ وقوع میں آنا ۔

Commencement *n.* عطائے اسناد کا جلسہ ۔ دستار بندی ۔ شروع ۔ آغاز ۔ ابتدا ۔ بسم اللہ ۔

Commend (kə-mend) *v.t.* Praise سونپنا ۔ سپرد کرنا ۔ تفویض کرنا ۔ تعریف کرنا ۔ سفارش کرنا ۔ عنایت کرنا ۔ سلام کرنا ۔

Commendable (kə-mend-əbl) *adj.* Praise worthy سراہنے کے قابل ۔ پسندیدہ ۔ قابل تعریف ۔

Commendation (kə-məndā-shən) *n.* Act of commending a person to anothers favour سفارش ۔ تعریف ۔ توصیف ۔ مدح ۔ تحسین ۔

Commendatory (kə-men-d-ətəri) *adj.* Commending توصیفی - تعریفی - سفارشی - ایسا وقف جو کسی شخص کی غیر موجودگی میں دوسرے کے قبضے میں ہو -

Commensurable (kə-men-shoo-rə-bl) *adj.* Divisible مناسب - متناسب - ہم وزن - ہم آواز - ہم مقدار - وہ اعداد جو ایک عدد سے تقسیم ہو سکیں -

Commensurableness *n.* } ہم مقداری - ہم عددی - مناسبت -
Commensurability *n.* } ہم وزنی -

Commensurably *adv.* مناسبت سے - ہم عددی سے - ہم مقداری سے -

Commensurate (kə-men-su-rət) *adj.* Proportionate موافق - مطابق - متناسب - مناسب -

Commensurately *adv.* مطابقت سے - مناسبت سے -

Comment (kom-ənt) *n.* Explanatory remark شرح - تفسیر - تشریح - توضیح -

Comment (kom-nət) *v.t.* Write notes on رائے زنی کرنا - تبصرہ کرنا - نکتہ چینی کرنا - حاشیہ لکھنا - تشریح کرنا - تنقید کرنا -

Commentary (kom-ən-təri) *n.* Expository treatise تفسیر - حاشیہ - شرح -

Commentation (kəm-en-tə-shən) *n.* Making of Comments شرح نویسی - حاشیہ آرائی -

Commentator (kom-en-tə-tər) *n.* Giver of description تشریحی بیان دینے والا - تبصرہ نگار - شارح - تفصیل پیش کرنے والا - مسلسل آنکھوں دیکھا حال سنانے والا -

Commerce (kō-mərs) *n.* Exchange of merchandise تجارت - بیوپار - سوداگری - بحری تجارت - راہ و رسم - باہمی رابطہ - تاش کا ایک کھیل -

Chamber of commerce مجلس تجار - ایوان تجارت -

Commercial (ko-mər-shəl) *adj.* & *n.* Bearing on commerce متعلق بہ تجارت - سوداگری کا - تجارتی - تجارتی لین دین - تجارتی معاملہ -

Commercialism *n.* تجارت پسندی - تجارتی شوق - تجارتی انہماک -

Commercialist *n.* پیشہ تجارت کا حامی - تجارت پسند -

Commercialize *v.t.* تجارت کے قابل بنانا - بازار میں رواج دینا - تجارتی بنانا -

Commercially *adv.* تاجرانہ نقطہ نظر سے - تجارتی حیثیت سے -

Commination (komi-nā-shən) *n.* Recital of divine threats وعید - خدا کا قہر - عذاب الٰہی سے ڈرانا - ان کلمات کو پڑھنا جن میں عذاب الہی سے ڈرایا گیا ہو -

Comminatory (ko-minā-təri) *adj.* کافر گردانے والی - ڈرانے والی -

Comingle (ko-ming-gl) *v.t.* & *i.* Mingle together گھل مل جانا - ملنا - باہم ملنا - ابتزاج کرنا - ملانا -

Commiserate (ko-mizer-at) *v.t.* & *i.* Feel and express pity دیا کرنا - رحم کرنا - ترس کھانا -

Commiseration *n.* رحم - ترس - دیا -

Commiserative *adj.* ترس کھانے والا - رحمدل - دردمند -

Commiseratively *adv.* ترس کھاتے ہوئے - رحمدلانہ - درد مندانہ -

Commissar (komi-sar) *n.* Head of a department (روس) محکمہ کا افسر اعلیٰ -

Commissarial (komi-sari-əl) *adj.* Of a commisary افسر محکمہ کے متعلق -

Commissariat (komi-sari-at) *n.* Supply department روس میں محکمہ خوراک - فوج کا محکمہ رسد -

Commissary (kom-i-seri) *n.* Supply officer فوج کا عہدہ دار رسد - محکمہ رسد کا افسر -

Commission (ko-mish-ən) *n.* Command, authority اختیار - حکم - فرمان - پروانہ - تفویض - تحویل - سپردگی - ذمہ داری - جماعت جسے خاص کام کرنے کا اختیار دیا گیا ہو - ماہرین کی جماعت - جہاز کی بحری سفر کے لیے تیاری - آڑھت کے کام کی اجازت دوسرے کی طرف سے فروخت کرنے کی اجازت - معاوضہ جو آڑھت کے کام پر دیا جائے - آڑھت - دلالی -

Commission (ko-mish-ən) *v.t.* Empower سند دینا - سپرد کرنا - اختیار دینا - جنگی جہاز کی سرداری دینا - جنگ پر جانے کی اجازت دینا - معاوضہ دینا - دلالی دینا -

Commissionaire (ko-mish-ən-ar) *n.* Uniformed messengers لندن کے وظیفہ یاب - باوردی ہرکارے فوجی ملازموں کی جماعت کا رکن -

Commissioned (ko-mish-ənd) *adj.* Empowered عہدہ دار - ناظر - سندیافتہ - اختیار یافتہ - فوجی اختیار یافتہ افسر - اجازت یافتہ جہاز - حاکم - مختار -

Commit (kə-mit) *v.t.* Entrust, consign سونپنا - حوالے کرنا - سپرد کرنا - ذمہ لگانا - تفویض کرنا - کوئی کام کرنا - ارتکاب کرنا - پھانس لینا - قبلوا لینا - مخدوش یا مشتبہ کرنا - پابند کرنا -

Commitment *n.* جیل خانہ بھیجنا - پابندی - قید - حوالہ - سپردگی -

Committal *n.* قید - پابندی -

Committee (kə-mi-tē) *n.* Body of appointed persons کمیٹی - مجلس - سبھا - پنچائت جماعت جو کسی خاص مقصد کے لیے مقرر کی گئی ہو -

Standing committee جماعت جو مقرر کرنے والوں کی موجودگی تک قائم رہے - مجلس قائمہ -

Commod (kə-mod) *n.* Close stool کمود - طشت چوکی - پاخانہ کی چوکی -

Commodious (kə-mo-dyəs) *adj.* Comfortable کشادہ - وسیع - کھلا - آرام دہ -

Commodiousness *n.* فراخی - کشادگی - راحت - آرام -

Commodity (kə-modi-ti) *n.* Article of trade مفید شے - اسباب تجارت - جنس - مال -

Commodore (kəmo-dor) *n.* Naval officer above Captain میر بحریہ کا ماتحت عہدہ دار - قائم مقام - صدر ناخدا -

Common (kom-ən) *adj.* The public سب کا - مشترک - عوامی - عوام کا - روز مرہ کا - ادنیٰ - گنوار - بے حیثیت -

Common room بیٹھنے کا کمرہ - بیٹھک - عام لوگوں کی نشست کا کمرہ -

Philosophy of common sense عام عقل کی بات - تجربہ کی بات -

Common (kom-ən) *n.* Land belonging to a community بن چرائی - عوامی زمین - عام لوگوں کے مویشیوں کی چرا گاہ -

Out of the common غیر معمولی -

Commonality (kom-ənəli-ti) *n.* The common people خلق خدا - عام لوگ - عوام الناس - ایرے غیرے -

Commonly (kom-ən-li) *adv.* Usually, عام طور پر - بالعموم - عموماً - اکثر اوقات -

Commonplace (kom-ən-pləs) *n.* Anything common خاص خاص باتیں جو لکھ لی جائیں - پیش پا افتادہ - سنی سنائی - معمولی - گھٹیا -

Commonplace (komən-pləs) *v.t. & i.* Extract or utter commonplaces اقتباس کرنا - نقل کر رکھنا - سنی سنائی باتیں کہنا - پامال مضامین پر گفتگو کرنا -

Commons (kom-əns) *n.* The common people, House of commons عوام جمہور - انگلستان کے منتخب نمائندے - دارالعوام - مشترکہ کھانا - طلبا کا وہ کھانا جو کالج سے ملتا ہے - خوراک - مقررہ کھانا -

Commonwealth *n.* جمہوری سلطنت - انگلستان اور اس کے زیر اثر علاقے - دولت مشترکہ - دولت مشترکہ کی آزاد ریاستیں - ادا کاروں کی ٹولی جو آمدنی میں برابر کی شریک ہو -

Commotion (kə-mo-shən) *n.* Bustle, tumult گڑبڑ - کھلبلی - شورش - ہل چل - افراتفری - ہنگامہ - بے قراری - بے کلی -

Communal (kəmū-nəl) *adj.* Of the community پیرس کمون کا رکن - بستی کا - آبادی کا - فرقہ وار - مخصوص گروہ یا جماعت کا -

Communalism n. جدا گانہ انتخاب کا نظریہ - قومی خود مختاری کا طریقہ - فرقہ وارانہ خود مختاری کا اصول -

Communalist - بستی کی خود مختاری کا حامی - فرقہ پرست -

Communalise (kəmū-nāl-īz) *v.i.* مشترکہ ملک بنانا - تمام چیزوں کو بستی کی ملکیت بنانا -

Communalisation *n.* قریہ کی ملکیت قرار دینا - شاملات میں داخل کرنا -

Commune (kə-mūn) *n.* French territorial division فرانسیسی پرگنہ یا تحصیل - ملکی پنچایت - مجلس قریہ

Commune (kə-mūn) *v.i.* Hold intimate intercourse بات چیت کرنا - کلام کرنا - راز و نیاز کرنا - دل کی بات کہنا - مسیحی تسلیم کیا جانا -

Communicable (kə-mū-ni-kə-bl) That can be imparted گوش گزاری کے قابل - کہنے کے لائق -

Communicate (kə-mū-ni-kat) *v.t. & i.* Impart, transmit ربط پیدا کرنا - خبر دینا - آگاہ کرنا - اطلاع دینا - رسائی پیدا کرنا - خط و کتابت کرنا -

Communication (kə-mū̄-ni-ka-shən) *n.* Act of imparting information - خبر رسانی - اطلاع - مکتوب - مراسلہ - تعلق - رابطہ - میل جول - راستہ - آمد و رفت -

Communicative (kə-mū̄-ni-kə-tiv) *adj.* - باتونی - ملنسار - خبر رساں - اطلاع دینے پر آمادہ - باتیں کرنے میں بے تکلف -

Communicator (kə-mū̄-ni-ka-tər) *n.* Person that communicates اطلاع کرنے والا - خبر رساں - تار کا پیغام بھیجنے کا آلہ - اطلاعی زنجیر جو ریلوں میں لگاتے ہیں -

Communion (kə-mūn-yən) *n.* Participation, fellowship - رفاقت - شرکت - راز و نیاز - دل کی بات - ہم مشربی - مذہبی گروہ - تعلق - رابطہ ملاقات -

Communism (kəmū̄-nizm) *n.* Vesting of property in the community - اشتراکیت - اشتمالیت - مساوات - مال و دولت کو مشترک ملکیت بنانے کا اصول یا اس کی حمایت -

Communist *n.* اشتمال پسند شخص - اشتمالی -

Community (kə-mū̄-ni-ti) *n.* Joint ownership حصہ داری - شراکت - مشترکہ ملکیت - اتحاد - یکسانی - فرقہ - گروہ - بستی - آبادی - برادری -

Communize (kə-mū̄-nīz) *v.t.* Make common property - جمہوری یا قومی بنانا - مال مشترکہ بنانا -

Communization *n.* اشتمال کا اصول جاری کرنا -

Commutable (kə-mū̄tə-bl) *adj.* Exchangeable جس میں رد و بدل کی صلاحیت ہو - تبدیلی کے قابل - مبادلہ پذیر -

Commutability *n.* تبادلے کی قابلیت ، بدل پذیری -

Commutation (kəmū̄-tə-shun) *n.* Commuting عوض معاوضہ - پیرا پھیری - قیمت - مبادلہ - تبدل -

Commutator (kəmū̄-ta-ter) *n.* Person or thing that commutes حاکم مجاز تبدل - بدلنے والا - تانبے کا ایک پرزہ جو برق رو کو مختلف سمت میں بدلنے کے لیے لگاتے ہیں -

Commute (kə-mū̄t) *v.t.* Buy off, interchange تبدیل کرنا - معاوضہ دینا - بھاری سزا سے بدل دینا -

Compact (kəm-pakt) *n.* Agreement between parties عہد و پیماں - معاہدہ - قول و قرار - عہد -

General compact عام رضامندی -

Compact (kəm-pakt) *adj.* Closely or neatly packed together - ٹھوس - مضبوط - پختہ - چست - متعین -

Compactly *adv.* متانت سے - پختہ طور پر - ٹھوس طریقے سے -

Compactness *n.* متانت - چستی - گاڑھا پن - گھنا پن -

Compact (kəm-pakt) *v.t.* Join firmly together مضبوط کرنا - کسنا - پیوستہ کرنا - جوڑنا - جمانا -

Companion (kəm-pan-yən) *n., v.t. & i.* One who accompanies another - ساتھی - شریک - ہم صحبت - ہم نشین - خلاصہ - کلید - حل - ایک سرکاری خطاب - یار وفادار - مصاحب - سہیلی - ساتھ دینا - رفاقت کرنا - ہم نشین ہونا -

Companion (kəm-pan-yən) *n.* Opening in deck leading to cabin - جہازی روشن دان - تاب دان - روشن دان کا ڈھکن -

Companionable (kəm-pan-yen-əbl) *adj.* Sociable خوش صحبت - زندہ دل - ملنسار - یار باش -

Companionship (kəm-pan-yən-ship) *n.* State of being companions - ہم نشینی - رفاقت - صحبت - معیت - ٹائپ جمانے والوں کی جماعت جو مل کر کام کرتے ہیں -

Company (kum-pə-ni) *v.t., i. & n.* Body of combined persons - جماعت - منڈلی - ٹولی - جتھا - گروہ - صحبت - رفاقت - معیت - ہم صحبت - ہم نشین - مجمع - اہل محفل - مجمع دوستاں - کارخانے کے شرکا جن کے نام ظاہر کرنا مقصود نہ ہو - فوجی دستہ جو کپتان کے ماتحت ہو -

Company manners مصنوعی اخلاق - محض دکھاوے کے اخلاق - ظاہری اخلاق -

I sin in good company مجھ سے بہتر لوگ یہ کام کر چکے ہیں - ارتکاب گناہ میں اچھے اچھے میرے ساتھ ہیں -

Joint stock company چند منتخبہ افراد کی جماعت - مشترکہ سرمایہ کی دوکان -

Weep for company - کسی کو روتا دیکھ کر رونا - کسی کے غم میں شریک ہونا -

Comparable (kəm-pə-ra-bl) *adj.* Fit to be compared ٹکر کا - ہم رتبہ - ہم پلہ - مقابلہ کئے جانے کے قابل -

Comparative (kəm-para-tiv) *n.* & *adj.* Estimated by comparison متناسب ۔ نسبتی ۔ جو چیز ایک دوسرے کے مقابلہ سے جانچی جائے ۔

In comparative comfort نسبتاً آرام سے ۔

Comparatively *adv.* نسبتاً ۔ مقابلتاً ۔

Compare (kəm-pār) *v.t.* & *i.* Liken تشبیہ دینا ۔ جانچنا ۔ موازنہ کرنا ۔ مقابلہ کرنا ۔ ملانا ۔

Compare notes نتائج ملانا ۔ تحریروں کا مقابلہ کرنا ۔ تبادلہ خیال کرنا ۔

Compare (kəm-pār) *n.* Comparison مماثلت ۔ جانچ پڑتال ۔ مقابلہ ۔ موازنہ ۔

Beyond compare لاثانی ۔ بے مثال ۔

Comparison (kəm-pari-zun) *n.* Act of comparing مماثلت ۔ نظیر ۔ موازنہ ۔ مقابلہ ۔

Compart (kom-pärt) *v.t.* Divide into compartments درجوں میں تقسیم کرنا ۔ الگ الگ حصے کرنا ۔

Compartment (kəm-pärt-mənt) *n.* Division separated by Partition خانہ ۔ کمرہ ۔ حجرہ ۔ درجہ ۔ ڈبہ ۔ ریل کا ڈبہ ۔ جہاز کے کمرے جن میں پانی داخل نہیں ہو سکتا ۔

Compass (kəm-pȧs) *n.* Boundary, area گردا ۔ احاطہ ۔ چکر ۔ گھیرا ۔ دور ۔ پرکار ۔ قطب نما ۔ پہنچ ۔ رسائی ۔ وسعت ۔

Beyond my compass میری طاقت سے باہر ہے ۔

Compass (kəm-pȧs) *v.t.* Go round, accomplish گھیرا ڈالنا ۔ گھیرنا ۔ چکر لگانا ۔ محاصرہ کرنا ۔ قابو میں لانا ۔ دل میں ٹھاننا ۔ تدبیر نکالنا ۔ سوجھنا ۔ پورا کرنا ۔

Compassable *adj.* احاطہ کرنے کے قابل ۔ قابو میں آنے کے قابل ۔ محاصرے کے قابل ۔

Compassion (kəm-pash-ən) *n.* Pity inclining one to help دیا ۔ رحم ۔ خدا ترسی ۔ ترس ۔ تلطف ۔ رافت

Compassionate (kəm-pash-ən-it) *adj.* Sympathetic ترس کھانے والا ۔ دیالو ۔ رحم دل ۔ خدا ترس ۔ رعائتی ۔

Compassionately *adv.* رعایت سے ۔ ہمدردی سے ۔ رحمدلی سے ۔ خدا ترسی سے ۔

Compassionateness *n.* غمگساری ۔ رحمدلی ۔ خدا ترسی ۔

Compassionate (kəm-pash-ən-it) *v.t.* Regard with compassion رحم کرنا ۔ غم خواری کرنا ۔ ترس کھانا ۔

Compatible (kəm-pati-bl) *adj.* Consistent ساتھ ساتھ رہنے والا ۔ ملتا جلتا ۔ موزوں ۔ مناسب ۔

Compatibility *n.* مطابقت ۔ موافقت ۔ معاشرتی میل جول ۔

Compatriot (kəm-pət-ri-ut) *n.* Fellow-countryman ایک ملک کا رہنے والا ۔ ایک دیس کا باشندہ ۔ ہم وطن آدمی ۔

Compeer (kəm-pēr) *n.* Comrade ہمجولی ۔ ہم رتبہ ۔ رفیق ۔ ساتھی ۔

Compel (kəm-pel) *v.t.* Force بزور داخل کرنا ۔ زبردستی کرانا ۔ لاچار کرنا ۔ زبردستی کرنا ۔ مجبور کرنا ۔

Compellable *adj.* زبردستی کرانے کے لائق ۔ قابل جبر ۔

Compendious (kəm-pen-di-əs) *adj.* Brief but comprehensive جامع ۔ خلاصہ ۔ مجمل ۔ مختصر ۔

Compendium (kəm-pen-di-əm) *n.* Summary خلاصہ ۔ انتخاب ۔ اختصار ۔ لب لباب ۔

Compensate (kəm-pən-sat) *v.t.* & *i.* Make amends کسر نکالنا ۔ بدلہ دینا ۔ معاوضہ دینا ۔ تلافی کرنا ۔ عوض دینا ۔ کفارہ ادا کرنا ۔

Compensative *n.* & *adj.* پورا معاوضہ ۔ تلافی کن ۔

Compensatory *adj.* معاوض ۔

Compensator *n.* معاوضہ دینے والا ۔ تلافی کرنے والا ۔

Compensation (kəm-pen-sa-shən) *n.* Thing given as recompense ہرجانہ ۔ معاوضہ ۔ بدلا ۔ عوض ۔ اجر ۔ تلافی ۔ جزا ۔ مکافات ۔

Compete (kəm-pēt) *v.t.* Vie with another ریس کرنا ۔ مقابلہ کرنا ۔ ہم سری کرنا ۔ برابری کرنا ۔ مقابلے کے لیے سعی کرنا ۔

Competence-cy (kəm-pē-tens) *n.* Sufficiency of means مرفہ الحالی ۔ فراغت ۔ آسودگی ۔ قابلیت ۔ استعداد ۔ صلاحیت ۔

Competent (kəm-pē-tent) *adj.* Properly qualified صاحب اختیار ۔ قابل ۔ لائق ۔ کافی وافی ۔ مختار ۔ قادر ۔ واجب ۔ درست ۔ مناسب ۔

Competition (kəm-pē-tish-ən) *n.* Act of competing مقابلہ ۔ برابری ۔ ہمسری ۔ رقابت ۔ امتحان مقابلہ ۔

Competitive (kəm-pē-ti-tiv) *adj.* ہم سری کا - مقابلہ کا - برابر کا -

Competitor (kəm-pe-ti-tər) *n.* One who competes حریف - ہم چشم - مقابلہ کرنے والا - رقیب - امتحان مقابلہ میں بیٹھنے والا -

Compilation (kəm-pi-lā-shən) *n.* Compiling ترتیب - تدوین - تالیف -

Compile (kəm-pīl) *v.t.* Collect material in a volume جمع کرنا - تالیف کرنا - ترتیب دینا -

Complacence-cy (kəm-pla-zens) *n.* Self-satisfaction مروت - اخلاق - خوشی - آسودگی - اطمینان - دلجمعی -

Complacent (kəm-pla-sent) *adj.* Self-satisfied مطمئن - خوشدل - خلیق - حلیم -

Complacently *adv.* خوش خلقی سے - اطمینان سے - خوشدلی سے -

Complain (kəm-plān) *v.i.* Express dissatisfaction with شکایت کرنا - شکوہ کرنا - نالش کرنا - استغاثہ دائر کرنا - حال مرض بیان کرنا - آہ و زاری کرنا -

Complaint (kəm-plānt) *n.* Utterance of grievances آہ و زاری - فریاد - شکوہ - شکایت - نالش - استغاثہ -

Complaisance (kom-ple-zâns) *n.* Politeness فروتنی - تہذیب - انسانیت - اخلاق - خلق -

Complaisant (kom-ple-zânt) *adj.* Polite آسودہ خاطر - مطمئن - خوشدل - بامروت - خلیق -

Complement (kom-pli-mənt) *n.* That which completes وہ زاویے جو زاویہ قائمہ کی تکمیل کرتے ہیں - مکمل کرنے والا - چاند کی تکمیل - جہاز کے افسروں اور ملاحوں کی پوری تعداد -

Complemental *adj.* تکمیلی - بھرتی پوری کرنے والا -

Complementary (kom-pli-mən-təri) *adj.* Serving to complete زائد امدادی - مکمل کرنے والا - پورا کرنے والا - بھرتی پوری کرنے والا -

Complete (kəm-plēt) *adj.* Entire تمام - بالکل - قطعی - کامل - پورا - ثابت -

Completely *adv.* پورا پورا ، پورے طور پر - مکمل طور پر -

Completeness *n.* کمال - تکمیل - اختتام - تمام -

Complete (kəm-plēt) *v.t.* Finish, make perfect ختم کرنا - تمام کرنا - تکمیل کرنا - پورا کرنا -

Completion *n.* اختتام - اتمام - تکمیل -

Completive *adj.* اختتامی - اتمامی - تکمیلی -

Complex (kom-pleks) *n.* Obsession ذہنی الجھاؤ - دماغی وہم - شاکلہ - الجھی ہوئی بات -

Complex (kom-pleks) *adj.* Complicated مختلف اجزا سے بنا ہوا - پیچ در پیچ - الجھا ہوا - پیچیدہ -

Complexity *n.* پیچیدگی - الجھاؤ -

Complexion (kəm-plek-shən) *n.* Natural colour, appearance سبھاؤ - رنگ روپ - صورت - خصلت - مزاج - طبیعت - پہلو - معنی -

Compliance (kəm-pli-əns) *n.* Submission فرمانبرداری - اطاعت - تکمیل حکم - حکم کی بجا آوری - امتثال امر - پوری پوری اطاعت - غلامانہ اطاعت -

Compliant (kəm-plī-ənt) *adj.* Yielding حکم کی تعمیل کرنے والا - فرماں بردار - مطیع -

Complicacy (kəm-pli-kə-si) *n.* Complexity الجھاؤ - پیچیدگی -

Complicate (kəm-pli-kāt) *v.t.* Mix up الجھانا - خلط ملط کرنا - الجھاؤ ڈالنا - پیچیدہ کرنا -

Complication (kom-pli-kā-shən) *n.* Involved condition الجھاؤ - پیچ - پیچیدگی -

Complicity (kom-pli-si-ti) *n.* Partnership in an evil action ساز باز - سازش - کسی برے کام میں شرکت -

Compliment (kom-pli-mənt) *n.* Expression of praise آفرین - تحسین - ستائش - تعریف - آداب - تسلیم - بندگی - خاطر تواضع - تحفہ - تحائف دینا -

Stand on compliment آداب کا خواہاں - سلام کا منتظر ہونا -

Compliment (kom-pli-mənt) *v.t.* Present something as a mark of courtesy سراہنا - تعریف کرنا - تحسین و آفرین کہنا - خاطر تواضع کرنا - تحفہ دینا -

Complimentary (kom-pli-mən-təri) *adj.* Praiseworthy ستائش کے طور پر - تکلفانہ - تعریفی - توصیفی -

Comply (kom-plī) *v.t.* Act in accordance with wish تسلیم کرنا - ماننا - منظور کرنا - قبول کرنا - حکم بجا لانا - حکم کی تعمیل کرنا -

Component (kəm-po-nənt) *adj.* & *n.* Contributing to the composition of a whole اہم ۔ جزوی ۔ ضروری ۔ مشتمل بجز ۔

Comport (kəm-port) *v.t.* & *i.* Conduct, behave موافق ہونا ۔ موافق کرنا ۔ متفق ہونا ۔ ملنا ۔

Compose (kəm-poz) *v.t.* Produce in literary form مرکب کرنا ۔ ترتیب دینا ۔ جوڑنا ۔ تصنیف کرنا۔ گیت بنانا ۔ راگ ترتیب دینا ۔ نظم لکھنا ۔

Composedly *adv.* تسلی کے ساتھ ، اطمینان کے ساتھ ۔

Composedness *n.* خاطر جمعی ۔ دل جمعی ۔ اطمینان ۔

Composer (kəm-pozer) *n.* Author نغمہ ساز ۔ راگ کا موجد ۔ شاعر ۔ مؤلف ۔ مصنف ۔

Composing (kəm-poz-ing) *n.* Setting up of type حروف جوڑنے یا جمانے کا کام ۔

Composite (kom-po-zit) *adj.* & *n.* Made up of various parts ملواں ۔ جڑا ہوا ۔ مرکب ۔ مخلوط ۔ جہاز جو لوہے اور لکڑی دونوں سے بنا ہو ۔

Composite carriage ریل گاڑی جس میں مختلف درجوں کے ڈبے ہوں ۔

Composition (kom-po-zish-ən) *n.* Construction میل ۔ آمیزش ۔ ساخت ۔ تصنیف ۔ راگوں اور گانوں کی ترتیب ۔ نغمہ نگاری ۔ نغمہ گری ۔ چھاپے کے ٹھپوں کا ترتیب سے جمانا ۔ مصالحت ۔ تصفیہ ۔ راضی نامہ ۔ مصنوعی مادہ یا شے جو اصل کی جگہ استعمال کیا جائے ۔

Compositive (kom-pozi-tiv) *adj.* Combining جوڑنے والا ۔ ملانے والا ۔ پیوستہ کرنے والا ۔

Compositor (kom-pozi-tər) *n.* Type setter کمپوزیٹر۔ چھاپے کے حروف جوڑنے والا ۔

Composure (kəm-po-zher) *n.* Calmness تسلی ۔ دلجمعی ۔ اطمینان ۔ سکون ۔

Compotation (kom-pō-tā-shən) *n.* Tippling together ساتھ کھانا پینا ۔ ہم مشربی ۔

Compound (kəm-pownd) *v.t.* & *i.* Mix, combine آمیزش کرنا ۔ مرکب کرنا ۔ ملانا ۔ آپس کی رضامندی سے باہمی فیصلہ کرنا ۔ راضی نامہ کرنا ۔ قصور یا مواخذہ کو معاف کرنا ۔ در گزر کرنا ۔

Compoundable *adj.* آمیزش کے قابل ۔ لائق معافی ۔ مصالحت کے قابل ۔

Compound (kəm-pownd) *adj.* & *n.* Combined آمیزہ ۔ مجموعہ ۔ آمیختہ ۔ مرکب ۔

Compound fracture ہڈی کا اس طرح ٹوٹنا کہ گوشت اور کھال زخمی ہو جائے ۔

Compound (kəm-pownd) *n.* Enclosure آنگن ۔ صحن مکان ۔ احاطہ ۔

Comprehend (kom-prə-hend) *v.t.* Understand ادراک کرنا ۔ کسی چیز کا ذہن میں لانا ۔ سمجھنا ۔ گھیر لینا ۔ داخل کرنا ۔ اندر لانا ۔

Comprehensible (kom-prə-hen-si-bl) *adj.* That may be understood سمجھنے یا بوجھنے کے قابل ۔ قابل فہم ۔

Comprehension (kom-prə-hen-shun) *n.* Faculty or act of understanding ادراک ۔ فہم ۔ سمجھ ۔ وہ دماغی قوت جس سے کوئی چیز سمجھ میں آ سکے ۔ وسیع الخیالی ۔

Comprehensive (kom-prə-hen-siv) *adj.* Including much کشادہ ۔ محیط ۔ وسیع ۔ جامع ۔ تیز فہم ۔ فہیم ۔ زیرک ۔

Compress (kəm-pres) *v.t.* Condense اختصار کرنا ۔ بھینچنا ۔ دبانا ۔ دبا کر چھوٹا کرنا ۔ خلاصہ کرنا ۔ تخفیف کرنا ۔

Compressive *adj.* دبانے والی شے ۔

Compress (kəm-pres) *n.* Soft pad of lint etc. گدی ۔ بندھن ۔ پٹی ۔ ایسی پٹی جس پر پانی اثر نہ کرے اور زخم خراب نہ ہو ۔

Compressible (kəm-presi-bl) *adj.* That may be compressed ایجاز پذیر ۔ دبنے یا دبانے کے لائق ۔

Compression (kəm-pre-shən) *n.* Condensation اقتباس ۔ ایجاز ۔ اختصار ۔ دباؤ ۔

Comprise (kəm-prīz) *v.t.* Include مشتمل ہونا ۔ گھیرنا ۔ رکھنا ۔ شامل ہونا ۔ شامل کرنا ۔ محیط ہونا ۔

Compromise (kom-prō-mīz) *n.* Settlement of dispute by mutual concession راضی نامہ ۔ باہمی فیصلہ ۔ دادوستد باہمی ۔ بین بین کا فیصلہ ۔ مصالحت ۔

Compromise (kom-prō-mīz) *v.t.* & *i.* Bring oneself under suspicion by indiscreet action نادانی سے اپنے آپ کو یا دوسرے کو اشتباہ میں ڈالنا ۔ معاملے کو رفع دفع کرنا ۔

Comptroller (komp-tro-ler) *n.* Controller دیکھو یہ controller کا پرانا املا ہے ۔

Compulsion (kəm-pul-shən) *n.* Obligation زور آوری ۔ زبردستی ۔ جبر ۔ دباؤ ۔ زور ۔

Compulsive (kəm-pul-siv) *adj.* Tending to compel زبردستی یا جبر پر مائل ۔ مجبور کن ۔

Compulsory (kəm-pul-səri) *adj.* Compelling بالجبر ۔ لازمی ۔ جبری ۔

Compunction (kəm-pungk-shən) *n.* Pricking of conscience خلش ۔ پچھتاوا ۔ تاسف ۔ دکھ ۔ پشیانی ۔

Compunctious *adj.* دکھی ۔ پشیان ۔ متاسف ۔ نادم ۔

Compurgation (kom-pur-ga-shən) *n.* Clearing from a charge حلف کے ذریعے سے بریت ۔ الزام سے بریت ۔

Compute (kəm-pūt) *v.t.* Reckon amount of figure شمار کرنا ۔ حساب کرنا ۔ گننا ۔ حساب میں لانا ۔

Computable شمار کے قابل ۔

Computative حساب میں لگانے کے قابل ۔

Computation *n.* تخمینہ ۔ محاسبہ ۔ تعداد ۔ شمار ۔ گنتی ۔

Comrade (kom-rad) *n.* Mate or fellow in work یار ۔ ساتھی ۔ رفیق ۔ ہمدم ۔

Comradeship *n.* دوستی ۔ یاری ۔ رفاقت ۔

Con (kon) *v.t.* Remember by heart زبانی یاد کرنا ۔ حفظ کرنا ۔

Con (kon) *v.t.* Direct steering of ship جہاز کو سیدھا چلانا ۔

Concave (kon-kav) *adj.* & *n.* With outline or surface curved محراب دار ۔ کمان نما ۔ کھوکھلا ۔ مجوف ۔

Conceal (kən-sēl) *v.t.* Hide پوشیدہ رکھنا ۔ ڈھانپنا ۔ چھپانا ۔ مخفی رکھنا ۔

Concealment پردہ داری ۔ راز داری ۔ اخفا ۔ پوشیدگی ۔

Concede (kən-sēd) *v.t.* Admit, allow تسلیم کرنا ۔ منظور کرنا ۔ ماننا ۔ قبول کرنا ۔ اجازت دینا ۔ جائز رکھنا ۔ کھو دینا ۔ ہار دینا ۔

Conceit (kən-sēt) *n.* Personal vanity خود بینی ۔ زعم باطل ۔ خیال خام ۔ خود فریبی ۔

In one's own conceit کسی کی ذاتی رائے میں ۔

Out of conceit دلچسپی باقی نہ رہنا ۔ بیزار ہو جانا ۔

Conceit (kən-sēt) *v.t.* Persuade oneself خیال کرنا ۔ گمان کرنا ۔ کسی بات کے متعلق خیال جما لینا ۔ خود فریبی میں مبتلا ہونا ۔

Conceited (kən-sēted) *adj.* Vain شیخی باز ۔ مغرور ۔ خود بین ۔ خود پسند ۔

Conceitedly *adv.* خود پسندی سے ۔ خود فریبی سے ۔ خود بینی سے ۔

Conceivable (kən-sēv-əbl) *adj.* That can be conceived قابل ادراک ۔ قابل فہم ۔ خیال میں آ جانے والی بات ۔

Conceive (kən-sēv) *v.t.* & *i.* Form in the mind, become pregnant حاملہ ہونا ۔ نطفہ قبول کرنا ۔ تصور کرنا ۔ خیال کرنا ۔ قیاس کرنا ۔ تشکیل کرنا ۔

Concentrate (kon-sen-trat) *v.t.* & *i.* Employ all one's power and attention یکجا جمع کرنا ۔ ہم مرکز ہونا ۔ یکجا جمع کرنا یا ہونا ۔ مجتمع ہونا ۔ ہمہ تن متوجہ ہونا ۔

Concentration *n.* ایک مرکز پر اکٹھا ہونا ۔

Concentrative *adj.* مجموعی ۔ اجتماعی ۔

Concentrater *n.* مجتمع کرنے والا ۔ ایک مرکز پر لانے والا ۔

Concentric (kən-sen-tərik) *adj.* Having a common centre ہم مرکز ۔ ایک مرکز پر ایک ہی مقام پر متواتر گولہ باری کرنا ۔

Concept (kon-sept) *n.* General notion جو چیز ذہن میں ہو ۔ معلوم ۔ تصور ۔ قیاس ۔

Conception (kon-sep-shən) *n.* Idea ذہنی صورت ۔ ذہنی تشکل ۔ گمان ۔ حمل ۔ خیال ۔ تصور ۔

Conceptual (kon-sep-tuəl) *adj.* Of mental conception تصور کا ۔ استلزامی ۔ وھمی ۔ خیالی ۔

Conceptualism (kon-sep-tu-əl-izm) *n.* Doctrine that universe exists as a mental concept only یہ نظریہ اور عقیدہ کہ کائنات کا وجود صرف مثالی ہے خارجی نہیں ۔

Conceptualist تصور کیش ۔ یہ عقیدہ رکھنے والا کہ ذہن عالم مثال میں ہر صوری وجود پیدا کر سکتا ہے ۔

Concern (kən-sərn) *v.t.* Interest oneself غرض یا شوق رکھنا ۔ تعلق یا سروکار رکھنا ۔ لگاؤ رکھنا ۔ فکر کرنا ۔ متاسف ہونا ۔

Concern (kən-sərn) *n.* Matter that affects one پچھتاوا ۔ تردد ۔ تشویش ۔ دھندا ۔ فکر ۔ کاروبار ۔ کارخانہ ۔

Concernment (kən-sərn-ment) *n.* Anxiety ضرورت ۔ اہمیت ۔ تردد ۔ فکر ۔ تشویش ۔ معاملہ ۔ کارو بار ۔

Concert (kon-sərt) *n.* Agreement ہم آہنگی ۔ میل ۔ اتحاد ۔ رضامندی ۔ نغمہ و سرود کا جلسہ ۔ سرود منڈلی ۔

Concert (kon-sərt) *v.t.* Arrange by mutual agreement آپس کے صلاح مشورے سے طے کرنا ۔ صلاح کرنا ۔ مصالحت کے طریقے سوچنا ۔

Concerted (kon-sər-td) *adj.* Mutually arranged فیصلہ شدہ ۔ طے کردہ ۔ متفقہ ۔

Concession (kon-sesh-ən) *n.* Thing conceded منظوری ۔ عنایت ۔ عطائے حق ۔ رعایت ۔ منظوری عطائے اراضی ۔ مراعات ۔

Concession-aire (kon-sesh-ən-ar) *n.* One who is granted concession اجارہ دار ۔ مراعات یافتہ ۔

Conch (kongk) *n.* Shellfish برج ۔ شہ نشین ۔ سنکھ ۔ سیپ ۔ گھونگھا ۔

Conchology (kong-kəl-ogi) *n.* Study of shells صدفیات ۔ گھونگھوں اور سیپوں کا علم ۔

Conciliate (kən-sili-āt) *v.t.* Pacify خوش کر لینا ۔ منا لینا ۔ راضی کر لینا ۔ دل ہاتھ میں لینا ۔ مخالف نظریوں کو ہم آہنگ کرنا ۔ تاویل کرنا ۔

Conciliatory *adj.* مصالحت ساز ۔ دلکش ۔ ملانے والی بات ۔ مصالحانہ ۔

Conciliation (kən-sili-ā-shən) *n.* Use of conciliating measures مصالحت ۔ اتفاق ۔ ارتباط ۔ میل ملاپ ۔

Concinnity (kən-sini-ti) *n.* Elegance گفتگو کی دل کشی ۔ صفائی ۔ طرز بیان کی شستگی ۔ خوبی ۔ مجمل ۔ مختصر ۔ بلیغ اور موثر تقریر ۔

Concise (kən-sīs) *adj.* Brief in expression مجمل ۔ مختصر ۔ بلیغ ۔

Conciseness *n.* بلاغت ۔ ایجاز ۔ اختصار ۔

Concision (kən-sizh-ən) *n.* Mutilation اختصار ۔ قطع و برید ۔

Conclave (kon-klav) *n.* Meeting place جلسہ گاہ ۔ پوپ کے انتخاب کے لیے بڑے پادریوں کا جلسہ ۔ مجلس خاص جس عام طور پر اجازت نہ ہو ۔

Conclude (kən-kloo͞d) *v.t.* & *i.* Make an end انجام کو پہنچنا ۔ نتیجہ نکلنا ۔ ختم کرنا ۔ تمام کرنا ۔ تصفیہ کرنا ۔ تہیہ کرنا ۔

Conclusion (kən-kloo͞-zhən) *n.* Termination تصفیہ ۔ فیصلہ ۔ نتیجہ ۔ خاتمہ ۔ اختتام ۔

Conclusive (kən-kloo͞-siv) *adj.* Decisive فیصلہ کن ۔ قطعی ۔ دو ٹوک ۔

Conclusiveness *n.* اختتامیت ۔ قطعیت ۔

Concomitance-cy (kən-komi-təns) *n.* Co-existence لازم ملزوم ۔ لزوم ۔ عشائے ربانی میں حضرت عیسیٰ کے جسم و خون کی روح اور شراب میں لزوم ۔

Concomitant (kən-komi-tənt) *adj.* & *n.* Going together ہم رکاب ۔ ہمراہی ۔ ساتھی ۔ شامل حال ۔ ملحق ۔ لازم ملزوم ۔ ساتھ کی چیز ۔

Concord (kon-kord) *n.* Harmony اتفاق ۔ ملاپ ۔ میل ۔ ایکا ۔ سنجوگ ۔ مطابقت ۔ ساز گاری ۔ موافقت ۔ ہم آہنگی ۔ دم سازی ۔ تال میل ۔ ترکیب ۔

Concordance (kon-kor-dəns) *n.* Agreement مشابہت ۔ مطابقت ۔ ربط ۔ لگاؤ ۔ ہم آہنگی ۔

Concordant (kon-kor-dənt) *adj.* Harmonious مطابق ۔ موافق ۔ ہم آہنگ ۔ ہم راگ ۔ ہم رنگ ۔

Concourse (kon-kors) *n.* Confluence of things بھیڑ ۔ جماعت ۔ انبوہ ۔ ہجوم ۔ اجتماع ۔

Concrete (kon-krēt) *adj.* & *n.* Existing in material form خارجی یا مادی صورت میں ۔ محسوس ۔ موجود ۔ جامد ۔ ٹھوس چیز ۔ کنکر اور سیمنٹ کا مرکب ۔

Concrete (kon-krēt) *v.t.* & *i.* From into a mass ٹھوس بنانا ۔ کنکریٹ سے چننا ۔ منجمد کرنا ۔

Concretion (kon-krē-shən) *n.* Concrete mass, stone انجماد ۔ بستگی ۔ ٹھوس پن ۔ پتھری ۔ سنگ مثانہ ۔

Concubinage (kon-kū-bi-nəj) *n.* Cohabiting of man and woman not married ناجائز جنسی تعلق ۔ آشنائی ۔ یارانہ ۔

Concubinary (kon-kū-bī-nəri) *adj.* & *n.* Living in or sprung from concubinage داشتہ پن ۔ آشنا یا داشتہ کا ۔ حرام کا ۔ ولد الزنا ۔ داشتہ بچہ ۔

Concubine (kong-kū-bīn) *n.* Woman who cohabits with a man not being his wife
داشتہ عورت - مدخولہ - آشنا - یورپ کے لوگ دوسری تیسری بیوی کو بھی داشتہ کہتے ہیں -

Concupiscence (kən-kū-pi-sens) *n.* Sexual appetite نفسانی خواہش - مستی - شہوت -

Concupiscent (kən-kū-pi-sent) *adj.* Lustful
مست - شہوتی - بندہ نفس - شہوت پرست -

Concur (kən-kur) *v.t.* Happen together ہم خیال ہونا - متفق الرائے ہونا - باہم ہونا - موافقت کرنا - ایک ساتھ واقع ہونا -

Concurrence *n.* اتفاق - یکدلی - مرضی - منظوری - اتفاق رائے -

Concurrent (kən-kur-ent) *n.* & *adj.* Agreeing
ایک ساتھ واقع ہونے والا - ایک ساتھ - متفق - یکرائے - پیہم - مسلسل -

Concurrently *adv.* بالاتصال - پے بہ پے - ساتھ ساتھ -

Concuss (kən-kus) *v.t.* Shake violently دھمکی دینا - دباؤ ڈالنا - صدمہ پہنچانا - زور سے جھنجھوڑنا -

Concussion (kən-kush-ən) *n.* Injury to brain, shock چوٹ - ٹڈ بھیڑ - ٹکر - صدمہ - دھکا - دماغی چوٹ - سر کی چوٹ -

Condemn (kən-dem) *v.t.* Blame - ضبطی کا حکم دینا - سزا سنانا - مجرم ٹھہرانا - الزام لگانا - عیب لگانا -

Condemnable *adj.* قابل الزام - لائق تعزیر -

Condemnation (kən-dəm-nā-shən) *n.* Censure
ضبطی - ملامت - وجہ سزا - قصاص یا سزا کا حکم -

Condemnatory (kən-dem-nā-təri) *adj.* Expressing condemnation ملامت آمیز - تعزیری -

Condense (kən-dens) *v.t.* & *i.* Compress
کثیف ہونا - جمنا - گاڑھا کرنا - دبا کر چھوٹا کرنا - مجتمع کرنا - یکجا کرنا - مرتکز کرنا - اختصار کرنا - مختصر بنا دینا -

Condensability گاڑھا ہونے کی صلاحیت - انجماد پذیری -

Condensable گاڑھے ہونے کے قابل - قابل تکثیف - انجماد پذیر -

Condensation تکثیف - بستگی - انجماد -

Condenser (kən-den-ser) *n.* Chamber in steam engine in which steam is condensed
آلہ تکثیف - انجن کا وہ خانہ جہاں بھاپ کثیف ہوتی ہے - گاڑھا کرنے والا آلہ -

Condescend (kon-də-send) *v.i.* Waive one's superiority اپنے بڑے ہونے کا خیال نہ کرنا - فروتنی کرنا - انکساریا تواضع کرنا - کرم کرنا - التفات کرنا - تنزل کرنا -

Condescending (kon-də-send-ing) *adj.* Coming down منکسر مزاج - انکساریا تواضع کرنے والا - متواضع - خلیق - شفیق - کرم فرما -

Condescendingly *adv.* متواضعانہ - منکسرانہ -

Depict (di-pikt) *v.t.* Represent in colours, describe تصویر یا نقشہ بنانا - صورت یا روپ اتارنا - بیان کرنا - الفاظ میں تصویر کھینچنا - سماں باندھنا -

Depiction *n.* بیان - تصویر کشی - مصوری -

Depicture (de-pik-tər) *v.t.* Picture, depict بیان کرنا - نقل کرنا - نقشہ اتارنا - تصویر کھینچنا -

Depilate (de-pi-lāt) *v.t.* Remove hair from بال صاف کرنا - بال دور کرنا - بال اڑانا -

Depilation *n.* بال صفا کرنا - بال کی صفائی -

Depilatory *adj.* بال دور کرنے والی دوا - بال صفا -

Deplenish (di-ple-nish) *v.t.* Exhaust ختم کر دینا - خالی کرنا - ذخیرے کو ختم کر دینا -

Deplete (di-plet) *v.t.* Relieve of congestion ختم کر دینا - خالی کرنا - خون نکالنا - انجماد خون کا ازالہ کرنا - خرچ کر دینا -

Depletion *n.* انجماد خون کا ازالہ - خون کا اخراج -

Depletive } خالی کرنے والا -
Depletory } خون نکالنے والا -

Deplore (di-plōr) *v.t.* Grieve over ماتم کرنا - تاسف کرنا - افسوس کرنا - حیا اور غصے سے مغلوب ہو جانا -

Deplorable *adj.* قابل رحم - شرمناک - افسوسناک -

Deploy (di-ploi) *v.t., i. & n.* Spread out troops میدان میں لڑائی کے لیے صف بندی کرنا ۔ صفیں قائم کرنا ۔ کام میں لانا ۔ کارگزاری دکھانا ۔

Deployment *n.* میدان جنگ میں فوج کی ترتیب ۔ صف بندی ۔ صف آرائی ۔

Deplume (di-ploom) *v.t.* Pluck feathers پر اکھاڑ دینا ۔ بے بال و پر کرنا ۔

Depone (di-pon) *v.i.* Appear as witness تصدیق کرنا ۔ اظہار دینا ۔ شہادت دینا ۔ گواہی دینا ۔

Deponent (di-pon-ənt) *adj. & n.* Person making deposition under oath وہ فعل جو صورت میں فعل مجہول اور معنی کے لحاظ سے معروف ہو ۔ حلفیہ اظہار دینے والا ۔ گواہ ۔

Depopulate (di-popu-lat) *v.t. & i.* Reduce population of ویران کرنا ۔ اجاڑنا ۔ غیر آباد کرنا ۔ تباہ کرنا ۔ آبادی گھٹ جانا ۔

Depopulation *n.* آبادی میں کمی ۔ آبادی کا خاتمہ ۔ ویرانی ۔ بربادی ۔

Deport (di-pōrt) *v.t.* Banish دیس نکالا دینا ۔ جلا وطن کرنا ۔ شہر بدر کرنا ۔ طریقہ یا ڈھنگ اختیار کرنا ۔ خاص رویہ اختیار کرنا ۔

Deportation *n.* شہر بدر ہونا ۔ دیس نکالا ۔ جلاوطنی ۔

Deportment (di-pōrt-ment) *n.* Bearing چال ڈھال ۔ رکھ رکھاؤ ۔ وضع ۔ ڈھنگ ۔ طور طریق ۔ رویہ ۔ برتاؤ ۔ سلوک ۔

Depose (di-pōz) *v.t. & i.* Remove from office موقوف کرنا ۔ برطرف کرنا ۔ معزول کرنا ۔ تخت سے اتارنا ۔ حلفیہ بیان لینا ۔

Deposit (di-po-zit) *v.t. & n.* Lay down, thing entrusted سپرد کرنا ۔ رکھنا ۔ امانت رکھنا ۔ وہ رقم جو بنک میں ایک مدت کے لیے رکھی جائے ۔ بیعانہ ۔ سائی ۔ تہہ نشین مادہ ۔

Depositary (di-pozi-təri) *n.* Person to whom thing is committed امانت دار ۔ امین ۔ تحویل دار ۔

Deposition (di-pozi-shən) *n.* Sworn evidence شہادت ۔ گواہی ۔ اظہار ۔ بیان ۔ حضرت مسیح علیہ السلام کے صلیب سے اتارے جانے کی تصویر ۔ معزولی ۔ برطرفی ۔ عزل ۔

Depositor (de-pozi-tər) *n.* Person who deposits امانت رکھانے والا ۔ جمع کرانے والا ۔ بنک میں جمع کرانے والا ۔ کسی چیز کو تہہ نشین کرنے والا آلہ ۔

Depository (de-pozi-təri) *n.* Store house ذخیرہ گاہ ۔ امانت خانہ ۔ گودام ۔ توشہ خانہ ۔ سودی خانہ ۔

Depot (di-po) *n.* Place for stores رسد گاہ ۔ خزانہ ۔ گودام ۔ کوٹھی ۔ رجمنٹ کا صدر مقام ۔ رنگروٹوں کی تربیت گاہ ۔

Deprave (di-prav) *v.t.* Corrupt چال چلن خراب کرنا ۔ بد چلنی سکھانا ۔ خراب کرنا ۔ بگاڑنا ۔

Depravation *n.* بد اخلاقی ۔ بد تہذیبی ۔ بد چلنی ۔

Depravity (di-pra-viti) *n.* Moral perversion بدچلنی ۔ بگاڑ ۔ کھوٹ ۔ فسق و فجور ۔ سیاہ کاری ۔

Depricate (de-pri-kat) *v.t.* Disapprove غصہ نہ کرنے کی التجا کرنا ۔ ناپسندیدگی کا اظہار کرنا ۔ ناپسند کرنا توبہ کرنا ۔ لاحول بھیجنا ۔

Depricatingly *adv.* ناپسندیدگی کا اظہار کرتے ہوئے ۔

Deprication *n.* ناپسندیدگی ۔

Depricative } *adj.* ناپسندانہ ۔
Depricatory }

Depriciate (di-pre-shiat) *v.t. & i.* Diminish in value دام گرانا ۔ قیمت گھٹانا ۔ کم قدری کرنا ۔ نظروں سے گرانا ۔ دل سے اتارنا ۔ حقیر سمجھنا ۔ کم کر کے دکھانا ۔

Depreciation (di-pres-iə-shən) *n.* Depreciating or being depreciated ٹوٹ پھوٹ کی منہائی ۔ قیمت فرسودگی کی منہائی ۔ روپے کی قیمت میں کمی ۔ بے قدری ۔ سبکی ۔ تحقیر ۔

Depredation (de-pri-da-shən) *n.* Ravages تاخت و تاراج ۔ لوٹ مار ۔ لوٹ کھسوٹ ۔ غارت گری ۔

Depredator (de-pri-da-tər) *n.* Pillager تاخت و تاراج کرنے والا ۔ غارت گر ۔ لٹیرا ۔

Depress (di-pres) *v.t.* Bring low افسردہ کرنا ۔ جھکانا ۔ دبانا ۔ اداس کرنا ۔ دلگیر کرنا ۔ ملول کرنا ۔ سست کرنا ۔ دھیما کرنا ۔

Depressible *adj.* دبانے کے قابل ۔ افسردگی پذیر ۔

Depressant (di-pres-ənt) *adj. & n.* Sedative خواب آور ۔ بے حس کرنے والی دوا ۔ پست کرنے والی دوا ۔ مسکن ۔ سکون بخش ۔

Depression (di-pre-shən) *n.* Reduction in vigour سستی ۔ اداسی ۔ جھکاؤ ۔ دباؤ ۔ پژمردگی ۔ آزردگی ۔ نشیب ۔ کھڈ ۔ گڑھا ۔ مندی ۔ سرد بازاری ۔ ہوا کے دباؤ میں کمی ۔

Deprivation (di-prīv-a-shən) *n.* Loss, being deprived of برطرفی ۔ موقوفی ۔ محرومی ۔ مصیبت ۔ تکلیف ۔ زوال ۔ نقصان ۔ مہربان ۔

Deprive (di-prīv) *v.t.* Strip, depose کسی نعمت سے محروم رکھنا ۔ محروم کرنا ۔ چھین لینا ۔ لے لینا ۔

Deprivable *adj.* محرومی کے لائق ۔

Deprival *n.* معزولی ۔ محرومی ۔

Depth (depth) *n.* Lowest or in most part فراست ۔ عمیق ۔ گہرائی ۔ تیز فہمی ۔ دانائی ۔ ذہن کی گہرائی ۔ بحر فکر ۔ بحر عمیق ۔ سمندر کی تہہ ۔

Depth charge وہ حربہ جو آبدوز کو گہرائی میں تباہ کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Depurate (dep-ū-rāt) *v.t.* & *i.* Make become free from impurities میل کاٹنا ۔ پاک کرنا ۔ صاف کرنا ۔

Depuration *n.* تزکیہ ۔ صفائی ۔

Depurator } *adj.* & *n.* مصفی ۔
Depurative } صاف کرنے والا ۔

Deputation (di-pūt-ā-shən) *n.* Body of representatives نیابت ۔ جماعت مندوبین ۔ وفد ۔ وکالت ۔ قائم مقامی ۔

Depute (di-pūt) *v.t.* Appoint as representative مختیار یا نائب بنا کر بھیجھنا ۔ نمائندہ بنانا ۔ وکیل بنانا ۔ مقرر کرنا ۔ سپرد کرنا ۔

Deputiz (di-pūtīz) *v.t.* Act as a deputy قائم مقامی کرنا ۔ وکالت کرنا ۔ نمائندگی کرنا ۔

Deputy (di-puti) *n.* Person appointed to act for another نائب ۔ وکیل ۔ امین ۔ قائم مقام ۔ پارلیمنٹ کا نمائندہ ۔

Deracinate (di-ras-i-nāt) *v.t.* Tear up by the roots جڑ سے اکھاڑ پھینکنا ۔ استیصال کرنا ۔ بیخ کنی کرنا ۔

Derail (di-ral) *v.t.* Cause train to leave the rails پٹری سے اتارنا ۔ ریل گاڑی کا پٹری سے اتر جانا ۔

Derailment *n.* ریل کا پٹری سے اتارنا یا اترنا ۔

Derange (di-ranj) *v.t.* Throw into confusion درہم برہم کرنا ۔ الٹ پلٹ کرنا ۔ پراگندہ کرنا ۔ بے قاعدگی پیدا کرنا ۔ دیوانہ کرنا ۔ پاگل کرنا ۔ خلل ڈالنا ۔

Derangement *n.* بے ترتیبی ۔ گڑ بڑ ۔ پراگندگی ۔ ابتری ۔ خلل ۔

Derby (dar-bi) *n.* Annual race run at Epsom انگلستان کی سالانہ سب سے بڑی گھوڑ دوڑ جو اپسم میں دوڑائی جاتی ہے ۔

Derby dog دخل در معقولات ۔ گھڑ دوڑ کے میدان پھرنے والا آوارہ کتا ۔

Derelict (der-i-likt) *adj.* & *n.* Abandoned لاوارث جہاز ۔ چھوڑا ہوا ۔ لاوارث ۔

Dereliction (der-i-lik-shən) *n.* Neglect of duty لغزش ۔ قصور ۔ فرض سے لا پرواہی ۔ غفلت ۔ ترک فرض ۔ لاوارث چھوڑ دینا ۔ لاوارث ہونا ۔ کنارہ کشی ۔ سمندر کا ہٹ کر زمین چھوڑ دینا ۔

Deride (di-rīd) *v.t.* Laugh to scorn چھیڑنا ۔ مذاق اڑانا ۔ کسی پر ہنسنا ۔ ٹھٹھا کرنا ۔ مضحکہ کرنا ۔ تمسخر کرنا ۔

Derision (di-ri-zhən) *n.* Ridicule استہزا ۔ تحقیر ۔ مذاق ۔ تمسخر ۔

Hold in derision تمسخر کرنا ۔ مذاق اڑانا ۔ ہنسی اڑانا ۔

Derisive (di-rizh-iv) *adj.* Ridiculously futile تمسخر آمیز ۔ حقارت آمیز ۔

Derivation (di-ri-vā-shən) *n.* Obtaining from a source نسب ۔ اخذ ۔ استنباط ۔ اشتقاق ۔ ارتقا ۔

Derivative (di-ri-vā-tiv) *adj.* & *n.* Derived from a source استخراج کیا ہوا ۔ مشتق ۔ فرعی ۔ نکالا ہوا ۔ اخذ کیا ہوا ۔

Derive (di-rīv) *v.t.* & *i.* Get, obtain نکلنا ۔ ماخوذ ہونا ۔ حاصل کرنا ۔ نکالنا ۔ اخذ کرنا ۔ مستنبط ہونا ۔ مشتق ہونا ۔ نسب کا سراغ لگانا ۔

Derivable *adj.* جس کے نسب کا سراغ لگانا ممکن ہو ۔ اخذ کرنے کے قابل ۔ استخراج پذیر ۔

Derm (dərm) *n.* Skin, true skin جلد ۔ پوست ۔ کھال ۔

Dermatology *n.* علم ساخت جلد ۔

Dermatologist *n.* امراض جلد کا طبیب ۔ ساخت جلد کا ماہر ۔

Derogate (der-o-gāt) *v.t.* Detract ۔ نازیبا حرکت کرنا ۔ تحقیر کرنا ۔ بے وقار کرنا ۔ قدر گھٹانا ۔ کم کرنا ۔

Derogation (der-o-gā-shən) *n.* Lessening of dignity بے وقری ۔ مذمت ۔ تحقیر ۔ سبکی ۔ توہین ۔

Derogatory (der-o-gāt-ər-i) *adj.* Involving discredit اہانت آمیز ۔ حقارت آمیز ۔ باعث کسر شان ۔

Derick (der-ik) *n.* Contrivance for hoisting heavy weights بھاری بوجھ اٹھانے کی ایک کل ۔

Derringer (de-ring-ər) *n.* A small bore pistol چھوٹا مگر بڑے پیمانہ کا پستول ۔

Dervish (de- *n.* Muslim friar vowed to austerity درویش ۔ قلندر ۔ متقی ۔

Descant (des-kant) *v.t.* & *n.* Talk at large ساز کے ساتھ گانا ۔ تقریر کرنا ۔ آزادانہ گفتگو کرنا ۔ راگ ۔ آزادانہ گفتگو ۔

Descend (di-send) *v.t.* & *i.* Go down نشیبی ہونا ۔ نازل ہونا ۔ اترنا ۔ نیچے آنا ۔ اچانک حملہ کرنا ۔ ٹوٹ پڑنا ۔ خلاف شان حرکت کرنا ۔ وراثتاً پہنچنا ۔ ترکے میں ملنا ۔ اولاد ۔ خلف ۔ نسل سے ہونا ۔

Descendant (di-send-ənt) *n.* Person descended کسی کی نسل سے یا اولاد سے ہونا ۔

Descent (di-sent) *n.* Downward slope چڑھائی ۔ نشیب ۔ ڈھال ۔ اتار ۔ حملہ ۔ یورش ۔ تاخت ۔ فوج کشی ۔ تنزل ۔ زوال ۔ پستی ۔ نسل ۔ نسب ۔ پشت ۔ پیڑھی ۔ انتقال جائداد بطور ورثہ ۔

Describe (di-skrīb) *v.t.* Set forth in words توصیف کرنا ۔ خاکہ اتارنا ۔ بیان کرنا ۔

Describable *adj.* ذکر کے قابل ۔ قابل بیان ۔

Description (di-skrip-shən) *n.* Verbal portrait of person, object, event کسی شخص، چیز یا واقعہ کی روداد ۔ تذکرہ ۔ کیفیت ۔ تعریف ۔ قسم ۔ نوع ۔

He answers to the description یہ تعریف اس پر صادق آتی ہے ۔ یہ تفصیل کے مطابق ہے ۔

Descriptive (dis-kript-iv) *adj.* Serving to describe توضیحی ۔ تعریفی ۔ بیانیہ ۔ مناظر فطرت بیان کرنے کا شوقین ۔

Descry (di-skrī) *v.t.* Catch sight of سمجھ لینا ۔ دریافت کر لینا ۔ معلوم کرنا ۔ دیکھنا ۔

Desecrate (des-i-krāt) *v.t.* Profan برے مقصد کے لئے وقف کرنا ۔ نجس کرنا ۔ ناپاک کرنا ۔ بے حرمتی کرنا ۔

Desecration ناپاکی ۔ بے ادبی ۔ بے حرمتی ۔

Desert (di-zert) *n.* Deserving اہلیت ۔ استحقاق ۔ لیاقت ۔ قابلیت ۔ خوبی ۔ عمل ۔ کردار ۔ سزا ۔

Desert (di-zert) *adj.* & *n.* Desolate, uninhabited ویران ۔ غیر آباد ۔ لق و دق ۔ اجاڑ ۔ بنجر ۔ بیابان ۔ ریگستان ۔

Desert (di-zert) *v.t.* & *i.* Abandon منہ موڑنا ۔ چھوڑنا ۔ بھاگ جانا ۔ ترک کرنا ۔ غائب ہو جانا ۔ فوجی نوکری چھوڑ کر بھاگ جانا ۔

Deserter *n.* فرار ہو جانے والا ۔ بھاگ جانے والا ۔ بھگوڑا ۔

Desertion *n.* فراری ۔ روگردانی ۔ بے وفائی ۔

Deserve (di-zerv) *v.t.* & *i.* Establish claim to be well or ill treated لائق ہونا ۔ سزا وار ہونا ۔ مستحق ہونا ۔

Deservedly *adv.* واجبی طور پر ۔ انصاف کی رو سے ۔

Deserving *adj.* لائق ۔ مستحق ۔ قابل تعریف ۔ سزا وار ۔

Desicate (des-i-kāt) *v.t.* Dry خشک کر کے سفوف بنانا ۔ رطوبت دور کرنا ۔ خشک کرنا ۔ سکھانا ۔

Desication *n.* سکھانا ۔ خشک کرنا ۔

Desicator خشک کرنے والا ۔

Desiderate (di-sid-ər-āt) *v.t.* Wish to have کمی محسوس کرنا ۔ خواہش کرنا ۔ تمنا کرنا ۔ چاہنا ۔

Desiderative (di-sid-ər-āt-iv) *adj.* Expressing desire چاہنے والا ۔ آرزو مند ۔ تمنائی ۔

Desideratum (di-sid-er-a-tym) *n.* Thing missing خواہش ۔ مطلب ۔ مدعا ۔ جس چیز کی تمنا ہو ۔ حاجت ۔ ضرورت ۔ احتیاج ۔

Design (di-zīn) *n.* Scheme, mental plan تجویز ۔ تدبیر ۔ منصوبہ ۔ نقشہ ۔ خاکہ ۔ مسودہ ۔ ڈھانچہ ۔ عزم ۔ ارادہ ۔ قصد ۔ نیت ۔

Design (di-zīn) *v.t.* & *i.* Contrive, plan منصوبہ باندھنا ۔ نقشہ بنانا ۔ خاکہ اتارنا ۔ تدبیر کرنا ۔ ایجاد کرنا ۔ ارادہ کرنا ۔ قصد کرنا ۔

Designedly *adv.* قصداً ۔ ارادے سے ۔ جان بوجھ کر ۔
Designate (dez-ig-nat) *v.t.* Specify مقرر کرنا ۔ متعین کرنا ۔ نام رکھنا ۔ مخصوص کرنا ۔ موسوم کرنا ۔
Designate (dez-ig-nat) *adj.* Appointed مقرر کیا ہوا ۔ نامزد کیا ہوا ۔ تقرر شدہ ۔ مقررہ ۔
Designation (de-zig-na-shən) *n.* Title office نام ۔ خطاب ۔ تقرر ۔ لقب ۔ عہدہ ۔
Designer (dez-i-nər) *n.* Plan for manufacturers موجد ۔ ایجاد کرنے والا ۔ بنانے والا ۔ مشینوں کا نقشہ ۔ نقشہ تیار کرنے والا ۔ خاکہ تیار کرنے والا ۔
Designing (di-zin-ing) *adj.* Crafty سازشی ۔ فریبی ۔ ریا کار ۔ عیار ۔
Desilverize (di-silvə-rīz) *v.t.* Seperate silver from کسی چیز سے چاندی کا جزو علیحدہ کرنا ۔
Desipience (di-sipi-əns) *n.* Silliness خفیف الحرکاتی ۔ سادہ مزاجی ۔ نادانی ۔ بیوقوفی ۔
Desirable (di-zīr-əbl) *adj.* Worth wishing for دلپسند ۔ مرغوب ، خاطر خواہ ۔ پسندیدہ ۔
Desirability } پسندیدگی
Desirableness } مرغوبت
Desire (di-zīr) *n.* Longing wish ہوس ۔ تمنا ۔ خواہش ۔ چاہ ۔ رغبت ۔ آرزو ۔ شوق ۔ اشتیاق ۔ درخواست ۔ التجا ۔ مطلوب و مرغوب شے ۔
Desire (di-zīr) *v.t.* Long for آرزو رکھنا ۔ اشتیاق رکھنا ۔ طلب کرنا ۔ تمنا کرنا ۔ خواہش کرنا ۔
Desirous (di-zīrəs) *adj.* Having the desire طالب ۔ شائق ۔ آرزو مند ۔ مشتاق ۔ خواہاں ۔ خواہش مند ۔
Desist (di-zist) *v.i.* Cease from کنارہ کش ہونا ۔ کنارہ کرنا ۔ باز آنا ۔ ہٹنا دست بردار ہونا ۔ پرہیز کرنا ۔ ترک کرنا ۔
Desk (desk) *n.* Sloping board لکھنے کی ڈھلوان تختہ ۔ ڈھلوان میز ۔
Desolate (des-ō-lāt) *adj.* Solitary سنسان ۔ ویران ۔ غیر آباد ۔ اکیلا ۔ اداس ۔ مغموم ۔ دل شکستہ ۔ بد نصیب ۔
Desolateness *n.* غیر آباد ہونا ۔ تنہائی ۔ ویرانی ۔

Desolate (des-ō-lāt) *v.t.* Devastate برباد کرنا ۔ اجاڑنا ۔ ویران کرنا ۔تباہ کرنا ۔ غارت کرنا ۔ ناامید کرنا ۔ اداس کرنا ۔
Desolation (des-ō-lashən) *n.* Ruined state غارت گری ۔ بربادی ۔ اجاڑ مقام ۔ ویرانی ۔ تنہائی کسمپرسی ۔ اداسی ۔ مایوسی ۔
Despair (di-spar) *n.* & *v.t.* Loss, utter want قنوطیت ۔ مایوسی ۔ یاس حرمان ۔ مایوس کن چیز ۔ وجہ ناامیدی ۔ مایوس ہونا ۔ ناامید ہونا ۔ ہمت ہارنا ۔
Despairingly *adv.* دل شکستگی سے ۔ ناامیدی سے مایوسانہ ۔
Despatch (dis-patch) dispatch دیکھو ۔
Desperado (dis-pərado) *n.* Reckless person بے باک شخص ۔ بدمعاش ۔ غنڈہ ۔ شہدا ۔
Desperate (des-pə-rit) *adj.* Reckless from despair مایوس کن ۔ ناامید ۔ بے آس ۔ خطرناک ۔ بے خوف ۔ من چلا ۔ شورہ پست ۔ جان پر کھیل جانے والا ۔
A desperate storm غضب کا طوفان ۔
Desperation *n.* بے باکی ۔ بے خوفی ۔ مایوسی ۔ ناامیدی ۔
Despicable (despī-kəbl) *adj.* Contemptible فرومایہ سفلہ ۔ پاجی ۔ کمینہ ۔ حقیر ۔
Despise (di-spīz) *v.t.* Look down upon ذلیل سمجھنا ۔ نفرت کرنا ۔ حقیر جاننا ۔
Despite (di-spīt) *n.* & *prep.* outrage باوجودیکہ ۔ باوجود ۔ دشمنی ۔ کینہ ۔ بغض ۔ بیر ۔
Despoil (di-spoil) *v.t.* Plunder محروم کرنا ۔ چھین لینا ۔ غارت کرنا ۔ لوٹ لینا ۔
Despoiler *n.* ڈاکہ ڈالنے والا ۔ غارت گر ۔ لٹیرا ۔
Despoilation *n.* لوٹ کھسوٹ ۔ لوٹ مار ۔ غارتگری ۔
Despond (di-spond) *v.t.* & *n.* Lose heart ہمت ہار بیٹھنا ۔ نا امید ہونا ۔ بیدل ہونا ۔ مایوس ہونا ۔
Despondency *n.* دل شکستگی ۔ مایوسی ۔ یاس ۔ ناامیدی ۔
Despondent *adj.* پست ہمت ۔ دل شکستہ ۔ محروم ۔ مایوس ۔
Despot (des-pot) *n.* Absolute ruler ظالم ۔ جابر حکمران ۔ خود سر ۔ مطلق العنان ۔
Despotic *adj.* استبدادی ۔ جابرانہ ۔ خود سرانہ ۔

Despotism *n.* جبر ـ ظلم ـ غیر آئینی حکومت ـ خود سری ـ مطلق العنانی ـ خود مختاری ـ

Dessert (diz-ərt) *n.* Course of sweets fruits after dinner کھانے کے بعد مٹھائی پھلوں کا دور ـ میوہ شیرینی بعد طعام ـ

Destination (des-tina-shən) *n.* Place for which a person is bound منزل مقصود ـ ٹھکانا ـ مقصد ـ منشا ـ

Destine (des-tin) *v.t.* Appoint مامور کرنا ـ مقرر کرنا ـ ٹھہرانا ـ

Destiny (des-tini) *n.* Ultimate lot مقدر ـ سر نوشت ـ نصیب ـ تقدیر ـ قسمت ـ قسمت کے کھیل ـ

Destitude (des-ti-tud) *adj.* Without resources بے نصیب ـ بے نوا ـ محروم ـ محتاج ـ

Destitution *n.* بے نصیبی محرومی ـ لاچاری ـ بے کسی ـ تہی دستی ـ محتاجی ـ

Destroy (di-stroi) *v.t.* Demolish برباد کرنا ـ تباہ کرنا ـ مسمار کرنا ـ توڑنا ـ منہدم کرنا ـ اُجاڑنا ـ ویران کرنا ـ پائمال کرنا ـ تلف کرنا ـ ستیاناس کرنا ـ نیست و نابود کرنا ـ فنا کرنا ـ قتل کرنا ـ ہلاک کرنا ـ باطل کرنا ـ اثر زائل کرنا ـ

Destroyable *adj.* بربادی کے قابل ـ فانی ـ تلف ہونے والا ـ

Destroyer (di-stroi-ər) *n.* Attacking warship تباہ کرنے والا ـ غارت کرنے والا ـ بحریہ کا تباہ کن جہاز ـ تباہ کن ـ

Destructible (di-struk-təbl) *adj.* Able to be destroyed برباد ہونے کے لائق ـ قابل بربادی ـ

Destruction (di-struk-shən) *n.* Ruin باعث بربادی ـ اتلاف ـ فنا ـ تخریب ـ بربادی ـ تباہی ـ

Destructive (di-struk-tiv) *adj.* Deadly برباد کرنے والا ـ تخریبی ـ مہلک ـ مضر ـ تباہ کن ـ

Destructor (di-struk-tər) *n.* Refuse burning furnace کوڑا کرکٹ جلانے کا آتشدان ـ

Desuetude (di-sūi-tūd) *n.* State of disuse متروک ہونا ـ ناکارہ ہو جانا ـ بے استعمالی کی حالت ـ

Desulphurize (di-sul-fe-rīz) *v.t.* Free from sulphur گندھک کا اثر دور کرنا ـ گندھک علیحدہ کرنا ـ

Desultory (di-səl-təri) *adj.* Unmethodical بے ترتیب ـ بے قاعدہ ـ بے رابطہ ـ غیر مسلسل ـ

Desultoriness *n.* بے نظامی ـ بے ترتیبی ـ بے قاعدگی ـ

Detach (di-tach) *v.t.* Unfasten چھڑانا ـ علیحدہ کرنا ـ الگ کرنا ـ جدا کرنا ـ فوجی دستے کو خاص مہم پر بھیجنا ـ

Detached house وہ مکان جس سے چسپیدہ کوئی مکان نہ ہو ـ

Detached mind, view غیر جانب داری ـ بے تعصبی ـ

Detachment (di-tach-ment) *n.* Selfish isolation مفارقت ـ علیحدگی ـ جدائی ـ فوج یا بیڑے کا وہ حصہ جو علیحدہ مہم پر بھیجا جائے ـ ماحول سے متاثر نہ ہونا ـ آزادی ـ آزادی فکر ـ بے تعلقی ـ

Detail (di-tāl) *n.* Dealing with things item by item بیان تفصیل ـ شرح ـ کیفیت ـ تذکرہ ـ مفصل بیان (فوج) چھوٹی مہم ـ چھوٹا دستہ ـ

Detail (di-tāl) *v.t.* Give the particulars of تفصیل وار بیان کرنا ـ مفصل بیان کرنا ـ خاص مہم پر روانہ کرنا ـ

Detain (di-tān) *v.t.* Keep in confinement انتظار کرانا ـ روک رکھنا ـ باز رکھنا ـ حراست میں رکھنا ـ ادا کرنے سے روکے رکھنا ـ

Detainer (di-tān-ər) *n.* Detaining of goods taken from owner مال کو قبضہ میں رکھنا ـ قرقی میں رکھنا ـ حکم نامہ حراست ـ

Detect (di-tekt) *v.t.* Find out آشکارا کرنا ـ پتہ لگانا ـ معلوم کرنا ـ سراغ یا کھوج لگانا ـ واضح کرنا ـ

Detection *n.* ...فت ـ افشائے راز ـ اظہار ـ انکشاف ـ

Detector *n.* ایک آلہ جو سونے کا پتہ بتاتا ہے ـ دریافت کرنے والا ـ کھوج لگانے والا ـ

Detective (di-tek-tiv) *n.* Serving to detect سراغرسان ـ خفیہ تفتیش کرنے والا ـ مجرموں کو پکڑنے والا ـ خفیہ پولیس کا ملازم ـ

Detention (di-ten-shən) *n.* Confinement گرفتاری ـ مزاحمت ـ قید ـ روک ـ حراست ـ دیر ـ توقف ـ تاخیر ـ طالب علم کو مدرسہ میں بطور سزا ـ ختم مدرسہ کے بعد روکنا ـ

Deter (di-tər) *v.t.* Discourage or hinder ڈرا کر روکنا ۔ باز رکھنا ۔ روکنا ۔ چشم نمائی کرنا ۔ سد راہ ہونا ۔

Determent } مزاحمت ۔ باز رکھنا ۔
Deterrance } مانع ہونا ۔

Deterrent *adj.* سد راہ ۔ باز رکھنے والا ۔ مزاحمت کرنے والا ۔

Detergent (di-tər-jent) *adj.* & *n.* cleansing زخم کو صاف کرنے والا ۔ صاف کرنے والا ۔

Deteriorate (di-te-riə-rāt) *v.t.* & *i.* Make worse خاصیت بگڑ جانا ۔ اور خراب ہونا ۔ بگاڑنا ۔ بگڑنا ۔ کم قدر ہونا ۔

Deterioration *n.* انحطاط ۔ زوال ۔ نقص ۔ بگاڑ ۔ خرابی ۔

Deteriorative *adj.* خراب کرنے والا ۔ بگاڑنے والا ۔ مخرب ۔

Determinant (de-tər-mi-nant) *adj.* & *n.* Decisive قطعی ۔ فیصلہ کن ۔

Determinate (de-tər-mi-nāt) *adj.* Limited, definite تمیز کرنے والا ۔ مصمم ۔ مقرر شدہ ۔ محدود ۔ قاطع ۔ ناطق ۔

Determination (de-tər-mi-nā-shən) *n.* Conclusion of debate تاریخ یا وقت کا تعین ۔ فیصلہ ۔ تصفیہ۔ نتیجہ ۔ حدود کا تعین ۔ ارادہ ۔ قصد ۔ عزم ۔ منصوبہ ۔ استقلال ۔ ثابت قدمی ۔

Determinative (de-tər-min-ā-tiv) *adj.* Serving to define تیقن بخش ۔ یقینی۔ فیصلہ میں مدد دینے والی متحقق ۔ ارادی ۔ سمت معین کرنے والی ۔

Determine (de-tər-min) *v.t.* & *i.* Settle, decide تعریف کرنا ۔ احاطہ کرنا ۔ محدود کرنا ۔ حد بندی کرنا ۔ تاریخ یا وقت مقدر کرنا ۔ طے کرنا ۔ جھگڑا چکانا ۔ فیصلہ کرنا ۔ راہ پر لگانا ۔ مقصد کا تعین کرنا ۔ آمادہ کرنا ۔ ۔ مصمم ارادہ کرنا ۔ ٹھان لینا ۔

Determinable *adj.* تصفیہ کے لائق ۔ حد بندی کے لائق ۔ تعین کے قابل ۔

Determined (de-tər-mind) *adj.* Resolute محدود ۔ مقرر ۔ طے شدہ ۔ مستقل ۔ مضبوط ۔ معین۔ مقرر ۔ پکا ۔ پختہ ۔

Determinism (de-tər-min-izm) *n.* Theory that human action is not free عقیدہ جبریت ۔ یہ عقیدہ کہ انسان فاعل مختار نہیں ہے ۔ بلکہ اس کے ارادے کا انحصار تقدیری فیصلوں پر ہے ۔

Determinist *n.* جبریہ ۔

Detersive (de-tər-siv) *adj.* & *n.* Cleaning صاف کرنے والا ۔ مصفی ۔

Detest (de-test) *v.t.* Dislike intensely بے حد نفرت کرنا ۔ سخت نفرت کرنا ۔

Detestable *adj.* غلیظ ۔ ناپاک ۔ مکروہ ۔ قابل نفرت ۔

Detestation (de-tes-tā-shən) *n.* Abhorence کراہت ۔ تنفر ۔ سخت نفرت ۔

Dethrone (di-thron) *v.t.* Depose اختیار شاہی چھین لینا ۔ بے اختیار کرنا ۔ راج گدی سے اتارنا ۔ تخت سے اتارنا ۔

Dethronement *n.* تخت سے اتارا جانا ۔ علیحدگی ۔ معزولی ۔

Detinue (det-in-u) *n.* Suit for recovery رکی ہوئی چیز یا آدمی ۔ مال کو قبضہ ناجائز سے چھڑانے کا مقدمہ ۔ حکم عدالت برائے برخاست قبضہ ناجائز ۔

Detonate (dit-ō-nāt) *v.t.* & *i.* Explode بھک سے اڑا دینا ۔ زور سے پھٹنا ۔ دھماکے سے اڑانا ۔

Detonator (ditō-nātər) *n.* Detonating contrivance زور سے پھٹنے والا مادہ ۔ دھماکہ کرنے والا ۔ وہ آلہ جو دھماکہ پیدا کرتا ہے ۔ کہر میں اشارے کے طور پر داغا جانے والا گولہ ۔

Detort (di-tort) *v.t.* Twist اینٹھنا ۔ بل دینا ۔ مڑوڑنا ۔

Detract (di-trakt) *v.t.* & *i.* Take away عیب لگانا ۔ کھینچ لینا ۔ جدا کرنا ۔ الگ کرنا ۔ نام کو بٹہ لگانا ۔ ہتک عزت کرنا ۔

Detraction *n.* رسوائی ۔ خفت ۔ ہتک ۔ بدگوئی ۔ عیب گوئی ۔ غمازی ۔

Detractor *n.* بدنام کرنے والا ۔ بدگو ۔ غماز ۔ عیب گو ۔

Detrain (di-trān) *v.t.* & *i.* Alight from train ریل سے اترنا یا اتارنا ۔

Detriment (det-ri-ment) *n.* Harm, damages خرابی ۔ ضرر ۔ قباحت ۔ زیاں ۔ گھاٹا نقصان ۔

Detrimental (det-ri-mentəl) *adj.* & *n.* Harmful نقصان پہنچانے والا ۔ مضر ۔ ضرر رساں ۔

Detrition (detri-shən) *n.* Wearing away by rubbing نقصان ۔ رگڑ سے گھس جانا ۔

Deuce (dus) *n.* The 2 at dice or card - پانسے کا دوا - تاش کی دوگی ۔ ٹینس میں چالیس برابر کو ڈوس کہتے ہیں -

Deuce (dūs) *n.* The devil, mischief ۔ شرارت ۔ مصیبت ۔ بلا ۔ خبیث ۔ شیطان ۔

Deuteragonist (du-tə-rago-nist) *n.* Person of next importance in drama ڈرامے کا وہ شخص جو ہیرو سے دوسرے درجے پر ہو -

Deuterogamist (du-təro-gam-ist) *n.* Man or woman marrying second time عورت یا مرد جو دوسرا بیاہ کرے دوہاجو ۔

Deuterogamy (du-tə-ro-gami) *n.* Second marriage دوسرا بیاہ ۔ دوسری شادی ۔

Deuteronomist *n.* Author or joint author of Deutronomy توریت کی پانچویں کتاب کا مولف ۔

Deuteronomy (dutero-nomi) *n.* Fifth book of Pentateuch توریت کی پانچویں کتاب ۔

Devastate (devə-stat) *v.t.* Lay waste پائمال کرنا ۔ ویران کرنا ۔ تباہ کرنا ۔ برباد کرنا ۔ خاک میں ملانا ۔ غارت کرنا ۔

Devastation *n.* ویرانی ۔ بربادی - پائمالی ۔ تباہی -

Develop (di-vel-əp) *v.t. & i.* Unfold reveal آشکارا کرنا ۔ کھولنا ۔ واضح کرنا ۔ افشا کرنا ۔ ظاہر کرنا ۔ قوت سے فضلیت میں لانا ۔ بڑھنا ۔ تکمیل کو پہنچنا ۔ نشو و نما پانا ۔ فلم کو کیمیاوی مسالے سے دھونا ۔ شوق ہو جانا ۔ عادت پڑجانا ۔

Development (di-vel-əp-ment) *v.* Growth, evolution ارتقا ۔ نشو و نما ۔ ترقی ۔ تکمیل ۔ پختگی ۔ بہتر صورت ۔ فلم کی دھلائی ۔

Deviat (de-vi-āt) *v.i.* Turn aside خلاف کرنا ۔ روگردانی کرنا ۔ انحراف کرنا ۔ پھرنا ۔ تجاوز کرنا ۔ بھٹکنا ۔ عدول حکمی کرنا ۔ منحرف ہونا ۔ راستے سے ہٹنا ۔

Deviation (de-vi-a-shən) *n.* Deflection of compass needle by iron in a ship قطب نما کی سوئی کا انحراف ۔ روگردانی ۔ تجاوز ۔ انحراف ۔ خطا ۔

Device *n.* Make, look, plan دھوکا ۔ فریب ۔ چال ۔ منصوبہ ۔ صورت ۔ ساخت ۔ ایجاد ۔ اختراع ۔ نقشہ ۔ خاکہ ۔ تصویر ۔ شکل ۔ سردار یا رئیس کا امتیازی نشان ۔

Devil, The devil (dev-l) *n.* Spirit of Evil بھوت ۔ جن ۔ خناس ۔ شیطان ۔ ابلیس ۔ آسیب ۔ عفریت ۔ بدمعاش ۔ ظالم ۔ خونخوار ۔ چالاک ۔ عیار ۔ خود سر ۔ ہٹیلا ۔ بد نصیب ۔ غریب ۔ دکھیا ۔ جونیر وکیل ۔ بری عادت یا گناہ جو شیطانی اثرات سے ہو ۔ جنگ جوئی ۔ جرأت ۔ مسالے دار کھانا ۔

Devil may care بے پرواہ ۔ لا ابالی طبیعت والا ۔

Devil's advocate-cy عیب جو

Devil take the hindmost جو پیچھے رہ جائے جہنم میں جائے ۔

Devil of a man عجیب آدمی ۔ دلچسپ آدمی ۔ غیر معمولی ۔

Between the devil and the deep sea دو مصیبتوں میں پھنسا ہوا ۔ نہ جائے ماندن نہ پائے رفتن ۔

Give the devil his due دشمن کا بھی حق ادا کرو ۔

Go to the devil جہنم میں جاؤ ۔

Talk of the devil and he will appear شیطان کا ذکر کیا اور وہ آ موجود ہوا ۔

The devil to pay آنے والی مصیبت ۔

Devil (dev-l) *v.t. & i.* Work as lawers or another devil چھوٹے وکیل کا بڑے وکیل کے لئے سخت محنت کا کام کرنا ۔ اجرت پر تصنیف و تالیف کا کام کرنا ۔ گرم مسالہ ڈال کر بھوننا ۔

Devilish (dev-l-ish) *adj. & adv.* Like devil جہنمی ۔ لعنتی ۔ شیطان کی طرح ۔ شیطانی ۔

Devilment (dev-l-ment) *n.* Wild spirits, mischief شیطنت ۔ شرارت ۔ شوریدہ سری ۔ بے باکی ۔ شیطانی شعبدہ ۔

Devilry (dev-l-ri) *n.* Magic, wickedness سحر ۔ آسیب شیطنت ۔ شرارت ۔ بدمعاشی ۔ خونخواری ۔ ظلم ۔ شوخی ۔ بے باکی ۔ شیطانی فن ۔

Devious (de-vi-əs) *adj.* Remote پیچ دار ۔ دور افتادہ ۔ کج رو ۔ شاہ راہ سے الگ ۔ پیچیدہ راستہ ۔

Devise (di-vīz) *v.t.* & *n.* Contrive, invent ترکیب سوچنا ۔ اختراع کرنا ۔ ایجاد کرنا ۔ تدبیر کرنا ۔ منصوبہ ۔ باندھنا ۔ وصیت کی رو سے دینا ۔ ہبا کرنا ۔

Devisable *adj.* وصیت کی رو سے ۔ ایجاد کے لائق ۔ قابل اختراع ۔

Deviser *n.* منصوبہ باندھنے والا ۔ صناع ۔ موجد ۔ بانی ۔

Devisor *n.* وصیت کرنے والا ۔

Devitalize (dē-vīt-ə-līz) *v.t.* Make lifeless بے کار کر دینا ۔ قوت زائل کرنا ۔ بے جان کرنا ۔

Devoid (di-void) *adj.* Empty کھوکھلا ۔ تہی ۔ محروم ۔ خالی ۔

Devolute (di-və-loot) *v.* Depute وراثتاً منتقل کرنا ۔ تفویض کرنا ۔ سپرد کرنا ۔ منتقل کرنا ۔

Devolution (dī-və-loo-shən) *n.* Descent of property, delegation of power تفویض اختیارات ۔ سپردگی ۔ انتقال جائداد بطور ورثہ ۔ تنزل ۔ ورثہ ۔

Devolve (dī-volv) *v.t.* & *i.* Fall, descend عائد کرنا یا ہونا ۔ تفویض کرنا ۔ سونپنا ۔ ایک دوسرے کو پہنچانا ۔ ذمہ ہونا یا کرنا ۔ ورثہ میں ملنا ۔

Devote (dī-vot) *v.t.* Dedicate, give up نذر کرنا ۔ صدقہ کرنا ۔ بھینٹ چڑھانا ۔ تصدق کرنا ۔ نثار کرنا ۔ وقف کرنا ۔ مصروف کرنا ۔

Devote to the flames جلا ڈالنا ۔ نذر آتش کرنا ۔

Devoted (dī-voted) *adj.* Zealously loyal نذر کیا ہوا ۔ فدا ۔ قربان ۔ جانثار ۔

Devotee (dī-votee) *n.* Pious person زاہد ۔ عابد ۔ گوشہ نشین ۔ پرستار ۔ پجاری ۔

Devotion (dē-vo-shən) *n.* Devoutness دینداری ۔ پرستش ۔ ریاضت ۔ عبادت ۔ زہد ۔

Devotional *adj.* زہد کا ۔ عشق الہی کا ۔ دین دارانہ ۔ پرہیزگارانہ ۔

Devotionalist *n.* متقی ۔ پرہیزگار ۔ مست خدا ۔

Devour (di-vowr) *v.t.* Eat ravenously نگل جانا ۔ ہڑپ کر جانا ۔ کھا جانا ۔ پھاڑ کھانا ۔

Devour the way راستہ جلد ختم کرنا ۔ سرپٹ بھاگنا ۔ بہت تیز دوڑنا ۔

Devout (di-vowt) *adj.* Religious, pious دیندار ۔ پارسا ۔ خدا پرست ۔ عابد ۔ نمازی ۔ صوفی ۔ صادق ۔ مخلص ۔

Devoutness *n.* صدق ۔ اخلاص ۔ پارسائی ۔ خدا پرستی ۔

Dew (du) *n.* Vapour condensed in small drops شبنم ۔ اوس ۔ تر و تازگی ۔ شگفتگی ۔ تازگی ۔ فرحت ۔

Mountain dew ناجائز طور پر کشید کی ہوئی شراب ۔

Dewiness *n.* تراوٹ ۔ تر و تازگی ۔ شبنم سے تر ہونا ۔

Dewy *adj.* اوس سے بھیگا ہوا یا تر ۔

Dew (du) *v.t.* & *i.* Bedew, moisten اوس سے بھگونا یا تر کرنا ۔ اوس یا شبنم پڑنا ۔

Dewlap (du-lop) *n.* Fold of loose skin hanging from throat of cattle جانوروں کی لٹکتی ہوئی گلے کی کھال ۔ غبغب ۔

Dexter (dekst-ər) *adj.* Of or on the right hand side دایاں ۔ دائیں ہاتھ کا ۔

Dexterity (deks-tor-iti) *n.* Skill, neatness of handling ہنر مندی ۔ کاریگری ۔ چستی ۔ پھرتی ۔ چالاکی ۔ دائیں ہاتھ کا مشاق ۔

Dextrous (deks-trəs) *adj.* Right handed, skilful چالاک ۔ پھرتیلا ۔ چست ۔ تیز ۔ ماہر ۔ استاد ۔ ذہین ۔ تیز فہم ۔ داہنے ہاتھ سے کام لینے والا ۔

D(h)ow (dow) *n.* Single masted Arabian sea ship ایک مستولی جہاز جو بحیرہ عرب میں چلتا ہے ۔

Diabetes (dī-ə-betez) *n.* Disease of high percentage of sugar in urine ذیا بیطس ۔ شکر کی زیادتی ۔ پیشاب میں شکر کا آنا ۔

Diabetic (dīə-bet-ik) *adj.* Suffering from diabetes ذیا بیطس کا ۔ ذیا بیطس کا مریض ۔

Diabolic (dīə-bol-ik) *adj.* Cruel or wicked شیطانی ۔ شیطان سے متعلق ۔

Diadem (dīə-dem) Crown, wreath of flowers worn round head تاج ۔ مکٹ ۔ کلاہ شاہی ۔ پھولوں کا سر پیچ ۔

Diagnose (dī-əg-noz) *v.t.* Determine the nature of a disease تشخیص کرنا ۔ علامات سے مرض معلوم کرنا ۔

Diagnosis (dī-əg-nosis) *n.* بیماری کا پتہ لگانا ۔ مرض پہچاننا ۔ تشخیص ۔

Diagram (dī-ə-gram) *n.* Figure made of lines شکل ہندسہ ۔ نقشہ ۔ صورت ۔ خاکہ ۔

Diagonal (dī- agənel) *n. adj.* Straight line Joining two adjacent angles قطر ۔ وتر ۔ وتری ۔ زاویہ قائمہ سے منحرف ۔

Diagraph (diə-graf) *n.* Instrument for enlarging make نقشے کو بڑا کرنے کا آلہ ۔

Dial (dīəl) *n., v.t. & i.* Instrument showing time by sun's shadow دھوپ گھڑی ۔ گھڑی یا گھنٹے کا چہرہ ۔ بھاپ یا گیس کا مقیاس ۔ بھاپ ناپنا ۔

Dialect (dīə-lekt) n. Form of speech peculiar to a locality زبان ۔ بولی ۔ محاورہ ۔ مقامی زبان ۔ مخصوص علاقہ کی بولی ۔

Dialectologist *n.* کسی علاقہ کی زبان کا محقق ۔ مقامی زبان کا ماہر ۔

Dialectology *n.* زبان دانی ۔ مقامی زبان اور محاورات کا علم ۔

Dialectic (dīə-lek-tik) *n.* Logical disputation علم مناظرہ ۔ منطق ۔ علم کلام ۔

Dialectician *n.* نقاد ۔ علم کلام کا ماہر ۔ منطق دان ۔ کلامی ۔

Dialectic (dīə-lek-tik) *adj. & n.* Logical مقامی زبان سے متعلق ۔ علم کلام سے متعلق ۔ منطقی ۔

Dialogic (dīə-lojik) *adj.* Of dialogue بات چیت کے متعلق ۔ مکالمے کے متعلق ۔

Diameter (dīa-mit-ər) *n.* Straight line passing through the centre of a circle قطر ۔ خط جو مرکز سے محیط تک جائے ۔

Diametrical (dīa-mitə-rikal) *adj.* Along a diameter قطر کی شکل کا ۔ قطری ۔ کلی مخالف ۔ بالکل مخالف ۔

Diamond (dīə-mənd) *n., v.t. & i.* Colourless or tinted precious stone الماس ۔ ہیرا ۔ پرب ہیرا ۔ الماس کی قلم یا ریزہ ۔ (تاش) اینٹ کا رنگ ۔ ایک چھوٹا ٹائپ ۔ ہیرا ۔ ہیرا جڑا ہوا ۔ ہیرے کا ۔ بعین ۔ شادی کے ساٹھویں سال کا جشن ۔

Diamond cut diamond لوہا لوہے کو کاٹتا ہے ۔

Rough diamond وہ شخص جس میں جوہر ہوں مگر تربیت نہ ہوئی ہو ۔ بغیر ترشا ہوا ہیرا ۔ نا تراشیدہ الماس ۔

Diamondiferous *adj.* الماس خیز ۔ الماس پیدا کرنے والی ۔

Diana (dī-an-ā) *n.* Woman bent on remaining single, huntress شہسوار شکاری عورت ۔ شادی سے متنفر عورت ۔

Diaphanous (dī-af-ə-nəs) *adj.* Transparent صاف شفاف ۔ چمکدار ۔ جس کے پار نظر جا سکے ۔

Diaphoretic (dī-ə-for-ə-tik) *adj. & n.* Productive of perspiration پسینہ لانے والی دوا ۔

Diaphragm (dīə-fram) *n.* Mascular partition پردہ یا جھلی ۔ پردہ شکم ۔ اعضائے رئیسہ اور معدہ کے بیچ کا پردہ ۔

Diarchy (dī-árki) *n.* Government by two independent authorities دو عملی حکومت ۔

Diarist (dī-ə-rist) *n.* One who writes a diary منیم ۔ روزنامچہ نویس ۔ محرر پولیس ۔

Diarize (dī-ə-rīz) *v.t. & i.* Enter in a diary روز نامچہ میں اندراج ہونا ۔ روز نامچہ میں اندراج کرنا ۔

Diarrhoea (dī-ə-rē-ā) *n.* Excessive evacuation of too fluid faces اسہال ۔ تخمہ ۔ دستوں کی بیماری ۔

Diary (dīə-ri) *n.* Daily record روز نامچہ ۔

Diatribe (di-ə-trib) *n.* Bitter criticism, invective کسی چیز کی برائیوں کا اظہار ۔ تلخ تنقید ۔ گالیوں کی بوچھاڑ ۔ سب و شتم سے مملو تقریر ۔

Dibber (di-ber) *n.* Instrument for dibbling ایک اوزار جس سے زمین کھود کر بیج بوتے ہیں ۔ کدال ۔ سبل ۔

Dibble (dib-l) *n., v.t. & i.* Instrument for making noles for seeds ایک قسم کی کدال جس سے زمین تخم ریزی کے لئے تیار کی جاتی ہے ۔ زمین تیار کرنا ۔ زمین میں بیج بونا ۔

Dibs (dib-s) *n. & p.* Child's game with sheep bones بھیڑ کے پائے کی ہڈیاں جس سے بچے ایک کھیل کھیلتے ہیں ۔ دھات کے ٹوکن ۔ بول چال (روپیہ) ۔

Dice (dīs) *n.* دیکھو Die ۔

Dice (dīs) *v.t. & i.* Play dice پانسہ یا کھبتیں سے کھیلنا ۔ چوسر ۔ بساط بنانا ۔ جوئے میں روپیہ اڑا دینا ۔

Dīcer جواری ۔ پھڑ باز ۔

Dice-box (dīs-boks) *n.* Glass shaped box from which dice are thrown پانسہ پھینکنے کی گلاس نما ڈبیا ۔

Dichroic (dīk-rō-ik) *adj.* Showing two colours دو رنگا ۔ دو رنگ نما ۔

Dichromatic (dī-kro-mat-ik) *adj.* Two coloured دو رنگی ۔

Dichromic (dī-kro-mik) *adj.* With only two colours دو رنگ بین ۔

Dickens (dik-ənz) *n.* Devil (بول چال) ابلیس ۔ شیطان ۔ جن ۔ بھوت ۔

Dicky-ey (dik-i) *n.* Donkey (بول چال) گدھا ۔ قمیض کے سامنے کا حصہ ۔ بچوں کا ایپرن ۔ گاڑی کے سامنے نوکر یا سائیس کی نشست ۔

Dicky (dik-i) *adj.* Unsound (بول چال) ٹوٹا پھوٹا ۔ خراب ۔ بوسیدہ ۔

Dictaphone (dik-tə-fōn) *n.* Machine for recording speech تقریر محفوظ کرنے کا آلہ ۔ وہ آلہ جس میں تقریر محفوظ رہے اور پھر نقل کر لی جائے ۔

Dictate (dik-tāt) *v.t. & i.* Say or read aloud حکم چلانا ۔ تقریر یا حکم لکھانا ۔ من مانی شرطیں منوانا ۔ دباؤ ڈالنا ۔

Dictate (dik-tāt) *n.* Authoritative direction ہدایت ۔ فرمان ۔ حکم ۔ ارشاد ۔ قانون ۔

Dictation *n.* املا ۔ تحریر ۔ حکم نامہ ۔ فرمان ۔ قاعدہ ۔

Dictator (dik-tāt-ər) *n.* Absolute ruler مطلق العنان ۔ آمر ۔ نادری حکم دینے والا ۔ مختار کل ۔

Dictatorship *n.* شخصی فرمانروائی ۔ مطلق العنانی ۔ آمریت ۔

Dictatorial (dik-tā-tōriəl) *adj.* Over bearing حاکمانہ ۔ استبدادی ۔ آمرانہ ۔

Diction (dik-shən) *n.* Wording and phrasing الفاظ کی چست بندش ۔ الفاظ کا بر محل استعمال ۔ طرز تحریر ۔ زبان ۔ بولی ۔ گفتگو ۔

Dictionary (dik-shen-əri) *n.* Book dealing with the words of a language کسی زبان کا لغت ۔ لغات ۔ فرہنگ ۔ قاموس ۔

Dictum (dik-təm) *n.* Formal saying دعویٰ ۔ قول ۔ کہاوت ۔ مشہور مقولہ ۔ حاکم عدالت کی رائے جو قانونی حیثیت نہ رکھتی ہو ۔

Did (did) دیکھو Do

Didactic (di-dak-tik) *adj.* Meant to instruct ہوش افزا ۔ پند آمیز ۔ عبرت خیز ۔ نصیحت آمیز ۔

Diddle (did-l) *v.t.* Cheat, swindle (بول چال) دھوکہ دینا ۔ فریب دینا ۔ دغا دینا ۔ ٹھگنا ۔

Didst (did-st) *v.* Past tense of do کیا تھا ۔

Die (dī) *n.* Small cub with black spots دانہ ۔ کعبتین ۔ پانسہ ۔ ٹھپا ۔ سکہ ۔ چھاپ ۔

The die is cast اب معاملہ اٹل ہے ۔ پانسہ پڑ گیا ۔

Die (dī) *v.i.* Cease to live رحلت کرنا ۔ ہلاک ہونا ۔ وفات پانا ۔ مرنا ۔ انتقال کرنا ۔ فنا ہونا ۔ ختم ہونا ۔ موت کا سا دکھ سہنا ۔ روحانی حیثیت سے ۔ مردہ ہو جانا ۔ پودوں کا مرجھا جانا ۔ گل ہو جانا ۔ مٹ جانا ۔

Die hard مشکل سے مرنا ۔

Die in hardness کام کرتے کرتے مرنا ۔

Die in last ditch مرتے دم تک لڑنا ۔ حفاظت کرنا ۔

Die in ones bed طبعی موت مرنا ۔

Be dying for آرزو میں مرنا ۔ حد سے زیادہ شوقین ہونا ۔

Never say die ہمت نہ ہارنا ۔

Diet (dī-ət) *n.* Conference of national or international business قومی یا بین الاقوامی کانفرنس ۔

Diet (dī-ət) *n. & v.t.* Prescribed course of food خوراک ۔ کھانا ۔ مقررہ غذا ۔ پرہیزی غذا ۔ پرہیزی غذا کھانا ۔ سزا کے طور پر مخصوص غذا دینا ۔

Dietary (dī-ə-təri) *n. & adj.* Course of diet قید خانے ۔ شفا خانے ۔ محتاج خانے کی مقررہ غذا ۔ مقررہ غذا ۔

Dietatic (dī-ət-atik) *adj.* About diet پرہیزی غذا کے متعلق ۔

Differ (di-fər) *v.i.* Be unlike الگ ہونا ۔ تفاوت ہونا ۔ اختلاف رکھنا ۔ فرق ہونا ۔ فرق رکھنا ۔ اختلاف کرنا ۔ مختلف ہونا ۔

Difference (di-fərens) *n.* Dissimilarity نااتفاقی ۔ عدم مطابقت ۔ تفاوت ۔ اختلاف ۔ فرق ۔ مغائرت ۔ جھگڑا ۔ فساد ۔ اختلاف رائے ۔

Different (di-fərent) *adj.* Unlike, not the same مختلف ۔ نیارا ۔ الگ ۔ جدا ۔ ان میل ۔ بے جوڑ ۔ طرح طرح کا ۔ مختلف ۔

Differential (di-fəren-shyel) *adj.* & *n.* Distinctive چھوٹا فرق ڈالنے والا ۔ اختلاف ظاہر کرنے والا ۔ امتیازی ۔ اختلاقی ۔

Differentiat (di-fəren-shiət) *v.t.* & *i.* Discriminate فصل ہونا ۔ تفریق یا امتیاز ہونا ۔ فرق کرنا ۔ امتیاز کرنا ۔

Differentiation *n.* تقسیم کار ۔ امتیاز ۔ تفریق ۔

Difficult (di-fi-kelt) *adj.* Troublesome دو بھر ۔ جانگداز ۔ بھاری ۔ مشکل ۔ دشوار ۔ دقت طلب ۔ پیچیدہ ۔ سخت ۔

Difficulty (di-fi-kelti) *n.* Something hard and obscure دشواری ۔ دقت ۔ مشکل ۔ سختی ۔ پریشانی ۔ مشقت ۔ تنگی ۔ روک ۔ رکاوٹ ۔ امر مانع ۔

Diffidence (di-fi-dəns) *n.* Excessive modesty, self-distrust شرمیلا پن ۔ لحاظ ۔ جھجک ۔ حجاب ۔ اندیشہ ۔ بے اعتمادی ۔ بے حوصلگی ۔ اپنے اوپر اعتماد نہ ہونا ۔

Diffident (di-fi-dənt) *adj.* Wanting in self confidence اپنے اوپر بھروسہ نہ رکھنے والا ۔ بد گمان ۔ وسواسی ۔

Diffuse (di-fūz) *adj.* Spread out لمبا چوڑا ۔ مفصل ۔ طولانی ۔ منتشر ۔ بکھرا ہوا ۔ پھیلا ہوا ۔ پراگندہ ۔

Diffuse (di-fūz) *v.t.* & *i.* Shed abroad نشر کرنا ۔ منتشر کرنا ۔ بکھیرنا ۔ پھیلانا ۔

Diffusion *n.* طول ۔ انتشار ۔ بہاؤ ۔ پھیلاؤ ۔

Diffusive *adj.* طول طویل ۔ پھیلا ہوا ۔ منتشر کرنے والا ۔ پھیلانے والا ۔

Dig (dig) *v.t.* & *i.* Excavate کھوکھلا کرنا ۔ خالی کرنا ۔ کریدنا ۔ کھودنا ۔ تحقیق کرنا ۔ کھود کر راستہ نکالنا ۔ پسلی میں گدگدانا ۔ دلخراش مذاق کرنا ۔

Dig a pit for پھانسنے کے لیے جال بچھانا ۔

Digamy (di-gəmi) *n.* Having a second spouce دو بیویاں رکھنا ۔ دوسری شادی ۔

Digamist *n.* دو جوروؤں والا ۔

Digest (dī-jest) *n.* Summary مجموعہ قوانین ۔ ترتیب قوانین ۔ مجموعہ ۔ خلاصہ ۔ انتخاب ۔

Digest (dī-jest) *v.t.* & *i.* Classify آراستہ کرنا ۔ سدھارنا ۔ مرتب کرنا ۔ ترتیب دینا ۔ خلاصہ کرنا ۔ غذا ہضم کرنا ۔ تحلیل کرنا ۔ ہضم میں مدد دینا ۔ سہنا ۔ برداشت کرنا ۔ سن کر پی جانا ۔ اچھی طرح سمجھ لینا ۔

Digestible *adj.* قابل ہضم ۔ قابل برداشت ۔ ترتیب پذیر ۔

Digestion (dī-jest-yen) *n.* Power of digesting انتظام ۔ ترتیب ۔ قوت ہضم ۔ ہاضمہ ۔ دم پخت ۔ یخنی ۔

Digestive (dī-jestiv) *adj.* & *n.* Promoting digestion ہضم میں معاون ۔ ہاضم ۔ معاون ہضم ۔

Digger (di-ger) *n.* One who digs سونے کی تلاش میں کھودنے والا ۔ بیلدار ۔ مزدور ۔ کھودنے والا ۔

Digging (dig-ing) *n.* Search کھدائی ۔ تلاش ۔ تفتیش ۔ کھوج ۔

Dight (dit) *v.t.* Array سنوارنا ۔ سجانا ۔ آراستہ کرنا ۔

Digit (di-jit) *n.* Finger, toe, any numerical from 0 to 9 انگلی ۔ انگوٹھا ۔ کوئی عدد ۱ سے ۹ تک ۔ چاند یا سورج کے دائرے کا بارھواں حصہ ۔

Digitate (di-ji-tat)-ated *adj.* Finger like پنج انگلیا ۔ پنج انگشتا ۔ پنجہ نما ۔

Digitigrade (di-jiti-grəd) *adj.* Walking on toes پنجوں پر چلنے والا ۔

Dignify (dig-ni-fī) *v.t.* Confer dignity upon لائق بنانا ۔ تعظیم و تکریم کرنا ۔ حرمت دینا ۔

Dignitary (dig-ni-təri) *n.* Person holding high office بڑا پادری ۔ معزز افسر ۔ اعلیٰ عہدہ دار ۔

Dignity (dig-ni-ti) *n.* True worth تمکنت ۔ شان و شوکت ۔ منزلت ۔ عظمت ۔ جاہ ۔ مرتبہ ۔ منصب ۔ معزز عہدہ ۔ اعزاز ۔

Digress (dī-gres) *v.i.* Diverge from track تجاوز کرنا ۔ گریز کرنا ۔ پھرنا ۔ انحراف کرنا ۔ ہٹ جانا ۔ بہک جانا ۔

Digression *n.* لغزش ۔ اصل مضمون سے تجاوز ۔ تجاوز ۔ انحراف ۔

Dike-Dyke (dik) *n.* & *v.i.* Ditch روک ۔ بند ۔ پشتہ ۔ نہر ۔ نالہ ۔ گھاٹی ۔ خندق ۔

Dilapidate (di-lap-i-dāt) *v.t.* & *i.* Bring or come into decay برباد کرنا ۔ منہدم کرنا ۔ بغیر مرمت چھوڑ دینا ۔ ویران کرنا ۔ مسمار کرنا ۔ تلف کرنا ۔ ضائع کرنا ۔ خاک میں ملانا ۔ شکستہ حال ہونا یا کرنا ۔

Dilapidation (di-lap-idā-shən) *n.* Being in disrepair انہدام ۔ خرابی ۔ ویرانی ۔ بربادی ۔ بگاڑ ۔ بے مرمتی ۔ اسراف ۔ فضول خرچی ۔ خستہ حالی ۔ زوال ۔

Dilate (dī-lāt) *v.t.* & *i.* Make or become larger کھولنا ۔ پھیلانا ۔ بڑھانا ۔ چوڑا کرنا یا ہونا ۔ پھیلنا ۔ مفصل کرنا ۔ شرح و بست سے بیان کرنا ۔

Dilator (dī-la-tər) *n.* Muscle that dilates or organ وہ پٹھا جو کسی عضو کو پھیلائے ۔

Delatory (dī-la-təri) *adj.* Tending to cause delay وقت ضائع کرنے والا ۔ دیر لگانے والا ۔ تعطل میں ڈالنے والا ۔

Dilatoriness *n.* تعطل ۔ تساہل ۔ تاخیر ۔

Dilemma (dī-le-mā) *n.* Choice between two evils گونگوں کا مقابلہ ۔ دونوں طرح مشکل ۔ نہ جائے رفتن نہ پائے ماندن ۔ آدھر کنواں ادھر کھائی ۔

Dilettante (di-let-anti) *n.* Lover of the fine arts فن میں شدید رکھنے والا ۔ فنون لطیفہ کا شائق ۔

Diligence (di-li-jens) *n.* Persistent effort جان فشانی ۔ سرگرمی ۔ کوشش ۔ محنت ۔ چار پہیوں کی گاڑی ۔ شکرم ۔ ڈاک گاڑی ۔

Diligent (di-li-jent) *adj.* Hard working تندہی سے کام کرنے والا ۔ سرگرم ۔ مستعد ۔ محنتی ۔

Dilly-dally (di-li-dali) *v.t.* Loiter (بول چال) سستی کرنا ایت و لعل کرنا ۔ دیر لگانا ۔ بے مقصد پھرنا ۔

Diluent (di-lu-ənt) *adj.* & *n.* Diluting substance کمزور کرنے والا ۔ پتلا دبلا کرنے والا ۔ وہ شے جو خون میں پانی کا تناسب بڑھائے ۔

Dilute (dī-l(y)o͞ot) *adj.* Weakened by addition of water پتلا ۔ رقیق ۔ پانی سا ۔ کمزور ۔

Dilute (dī-l(y)o͞ot) *v.t*, Reduce strength by addition of water پانی ملا کر قوت کم کرنا ۔ پتلا کرنا ۔ رقیق کرنا ۔ رنگ ہلکا کرنا ۔ جوش ٹھنڈا کرنا ۔

Dilution *n.* پانی کی آمیزش ۔ ہلکاؤ ۔ پتلا پن ۔ رقت ۔

Diluvial (di-l(y)oo-viəl) *adj.* طوفانی ۔ طوفان نوح کا ۔ سیلاب کے متعلق ۔

Dim (dim) *adj.*, *v.t.* & *i.* Faint, obscure بے آب ۔ پھیکی ۔ دھندلی ۔ تاریک ۔ دھیمی ۔ مدھم آواز ۔ ہلکی روشنی ۔ دھندلی کرنا یا ہونا ۔ دھیا کرنا یا ہونا ۔

Dimmish بجھا بجھا ۔ دھندلا سا ۔

Dimness دھندلکا ۔ تاریکی ۔ دھندلا پن ۔

Dime (dīm) *n.* An American silver coin امریکہ کا چاندی کا سکہ جو پانچ آنے کے برابر ہوتا ہے ۔

Dime novels سستے ناول ۔

Dīmension (di-men-shən) *n.* Measurable extent پیمائش ۔ عرض ۔ طول ۔ عمق وغیرہ ۔ جسامت ۔ رقبہ ۔ حجم ۔ لمبائی چوڑائی ۔

Diminish (di-mi-nish) *v.t.* & *i.* Make or become less کم کرنا یا ہونا ۔ گھٹانا ۔ کوتاہ کرنا ۔ تخفیف کرنا ۔ وضع کرنا ۔ منہا کرنا ۔ تفریق کرنا ۔ سروں کو اتارنا یا مدھم کرنا ۔

Diminishable *adj.* کمی کرنے کے قابل ۔ تخفیف کے لائق ۔ گھٹانے کے قابل ۔

Diminution (di-min-ū-shən) *n.* Lessening زوال ۔ گھاٹا ۔ گھٹائی ہوئی مقدار ۔ تخفیف ۔ کمی ۔

Diminutive (di-min-ū-tiv) *adj.* & *n.* Small, tiny اسم تصغیر ۔ کوتاہ ۔ خورد ۔ ذرا سا ۔ چھوٹا ۔

Dimple (dim-pl) *n.*, *v.t.* & *i.* Small hollow in cheek or chin رخسار یا زنخدان کا گڑھا ۔ گال یا ٹھوڑی میں گڑھا پیدا کرنا ۔ یا پڑنا ۔ ہلکی لہر ۔ ہلکورا ۔

Dimply (dim) *n.*, *v.t.* & *i.* Distracting noise جھنجھناہٹ ۔ غوغا ۔ شور غل ۔ شور کرنا ۔ ہنگامہ برپا کرنا ۔ ہلڑ مچانا ۔ کوئی بات کہتے کہتے ناک میں دم کر دینا ۔

Dine (dīn) *v.t.* & *i.* Take dinner دعوت میں کھانا ۔ دعوت کرنا ۔ کھانا کھانا ۔ ضیافت کرنا ۔ گھر سے باہر کھانا ۔

Dine with Duke Humphery کھائے بغیر رہنا ۔ فاقہ مستی کرنا ۔

Ding (ding) *v.t.* Ring bell ٹن ٹن کرنا ۔ گھنٹا بجانا ۔

Ding-dong (ding-dong) *n.*, *adj.* & *adv.* Alternating strokes of bell گھڑیال یا گھنٹے کی دہری آواز ۔ ایک آونچی اور ایک نیچی ۔ نیچی اُونچی آواز سے ۔ قافیہ پیائی ۔ بے تکی یا پھیکی نظم ۔

Ding-dong race گھوڑوں کی دوڑ جس میں کبھی کوئی آگے کبھی کوئی ۔

Dinghy-gey (din-ji) *n.* Small boat ٹوکرا ۔ ڈونگا ۔ ناؤ ۔ نیا ۔ سیر کی کشتی ۔ چھوٹی کشتی ۔

Dingle (ding-gl) *n.* Deep dell پہاڑوں کا تنگ راستہ جس میں گھنے درخت ہوں ۔ درہ ۔ نشیبی زمین ۔ وادی ۔

Dingy (ding-gi) *adj.* Dirty looking سیاہ ۔ تاریک ۔ میلا کچیلا ۔

Dinginess *n.* تاریکی ۔ میلا پن ۔

Dinky (din-gki) *adj.* Pretty ۔ (بول چال) صاف ۔ ستھرا ۔ خوبصورت ۔ خوشنما ۔

Dinner (din-ər) *n.* Chief meal دعوت ۔ ضیافت ۔ رات کا دوپہر یا شام کا کھانا ۔ وہ دعوت جو کسی تقریب یا کسی کے اعزاز میں دی جائے ۔

Dint (dint) *n.* & *v.t.* Stroke ۔ چوٹ کا نشان ۔ چوٹ طاقت ۔ زور ۔ ضرب ۔ چوٹ کا نشان ڈالنا ۔ گڑھا ڈالنا ۔

Diocesan (di-o-si-sn) *n.* & *adj.* Of a diocese پادری کا علاقہ ۔ بشپ کا علاقہ ۔

Dip (dip) *v.t.* & *i.* Immerse ۔ بپتسمہ دینا ۔ غرق کرنا ۔ غوطہ دینا ۔ تر کرنا ۔ ڈبونا ۔ بھیڑ کو جراثیم کش دوا سے نہلانا ۔ ڈونگے سے پانی نکالنا ۔ (بول چال) مقروض ہونا یا کر دینا ۔ نیچے کی طرف میلان ہونا ۔ سرسری طور پر دیکھنا ۔ جستہ جستہ مقامات سے دیکھنا یا پڑھنا ۔

Dip into ones purse دل کھول کر خرچ کرنا ۔

Dip ones pen in fall تحریر میں زہر آگنا ۔

Dip (dip) *n.* Sea bathe, depression ۔ سمندر میں نہانا ۔ ڈبکی ۔ غوطہ ۔ غوطہ کی حد ۔ نیچے کی طرف ڈھلاؤ ۔ چربی کی بتی ۔ جراثیم کش دوا ۔

Diphtheria (dif-the-ri-a) *n.* Acute infectious disease of throat حلق کی خطرناک بیماری

Diphtheretis (dif-the-ri-tis) *n.* خناق ۔ حلقوری ۔

Diphthong (dif-thong) *n.* Union of two vowels in one syllable دو حروف علت (E.A.) (oi) جیسے کی ملی ہوئی آواز ۔ ٹائپ کے دو یا دو سے زیادہ ملے ہوئے حروف ۔

Diploma (di-plom-ä) *n.* Certificate صداقت نامہ ۔ لیاقت ۔ قابلیت کی تصدیق ۔ سند ۔

Diplomaed مستند ۔ سندیافتہ ۔

Diplomacy (di-plom-əsi) *n.* Skill in international affairs ۔ حکمت عملی ۔ معاملہ فہمی ۔ سیاست دانی ۔ مدبری ۔ عیاری ۔ مطلب برآری ۔

Diplomate (di-plom-āt) *n.* One profficient in international affaires سیاست دان ۔ بین‌الاقوامی امور کا ماہر ۔

Diplomatic (dip-lo-māt-ik) *adj.* Skilled in diplomacy سند قابلیت کے متعلق ۔ معاملہ فہمی کے متعلق ۔ بین الاقوامی تعلقات کے متعلق ۔ فن سفارت کے متعلق ۔ حکمت عملی سے کام لینے والا ۔ زمانہ شناس ۔ زمانہ ساز ۔

Diplomatically *adv.* زمانہ شناسی سے ۔ بین الاقوامی تعلقات کے لحاظ سے ۔ معاملہ فہمی سے ۔ حکمت عملی سے ۔

Diplomatist (dip-lo-ma-tist) *n.* One engaged in diplomacy وکیل ۔ سفیر ۔ فن سفارت کا ماہر ۔ ایلچی ۔ مدبر ۔ حکمت عملی سے کام لینے والا ۔

Dipper (dip-ər) *n.* Kinds of bird which dip ڈبکی مارنے والا ۔ غوطہ خور ۔ چمچہ ۔ کفچہ ۔ کفگیر ۔ غوطہ زن پرند ۔ تصویر کی منفی تختی ۔ دھونے کا ظرف ۔

Dire (dīr) *adj.* Dreadful ہیبت ناک ۔ مہیب ۔ بھیانک ۔ ڈراؤنا ۔ خوفناک ۔ مہلک ۔ ہلاکت خیز ۔

Direly *adv.* خطرناک طور پر ۔ مہلک طور پر ۔

Direct (dī-rect) *v.t.* & *i.* Guide, order ۔ شست لگانا ۔ سیدھ باندھنا ۔ اہتمام کرنا ۔ سدھارنا ۔ رہنمائی کرنا ۔ حکم دینا ۔ پتہ پر روانہ کرنا ۔ سرنامہ لکھنا ۔ ہدایت کرنا ۔ احکام جاری کرنا ۔

Directive *n.* & *adj.* رہنمایانہ ۔ رہبرانہ ۔ حکم نامہ ۔ ہدایت نامہ ۔

Direct (dī-rekt) *adj.* & *adv.* Straight ۔ ٹھیک ٹھاک ۔ مستقیم ۔ ٹھیک ۔ سیدھا ۔ قطعی ۔ بالکل ۔ سیدھا سادھا ۔ براہ راست ۔ بلا واسطہ ۔ آبائی ۔ پشت در پشت ۔ صاف صاف ۔ صریح ۔ ظاہر ۔ عیاں ۔

Directly (dī-rekt-li) *adv.* Without delay ناک کی سیدھ ۔ براہ راست ۔ بلا توقف ۔ فوراً ۔ صراحتاً ۔ بلا واسطہ ۔ ابھی ۔ اسی دم (بول چال) جونہی ۔ جیسے ہی ۔

Director (dī-rekt-ər) *n.* Manager کمپنی کے انتظامیہ کا رکن ۔ مدار المہام ۔ منتظم ۔ ناظم ۔ وہ پادری جو کسی کا روحانی رہنما ہو ۔ مرشد ۔ کسی کل کا حرکت میں لانے والا پرزہ ۔

Directorial *adj.* انتظامیہ کے بارے میں ۔ ناظم کے متعلق ۔ منتظمانہ ۔

Directorate (dī-rektə-rat) *n.* Post or office of director نظامت کا دفتر ۔ ناظم کا عہدہ ۔

Directory (dī-rektə-ri) *adj.* Advisory ہدایت کرنے والا ضابطہ ۔ ہادیانہ ۔ رہنمایانہ ۔

Directory (dī-rektə-ri) *n.* Book with names and offices کتاب ہدایت ۔ دستور العمل ۔ محکمہ ٹیلیفون کی ناموں اور پتوں کی کتاب ۔ کسی مقام کے اہم لوگوں کی کتاب ۔

Directrix (dī-rekt-riks) *n.* Female director مہتمہ ۔ ناظمہ ۔

Direful (dīr-ful) *adj.* Terrible خوفناک ۔ ڈراؤنے ۔ ہیبت ناک ۔ وحشتناک ۔

Dirge (də-ri) *n.* Song sung at burial تدفین کے وقت کا گانا ۔ ماتمی راگ ۔ نوحہ ۔ مرثیہ ۔

Diriment (di-ri-ment) *adj.* Nullifying باطل کرنے والا ۔ منسوخ کرنے والا ۔ ناسخ ۔

Dirk (dərk) *n.* & *v.t.* Kind of dagger پیش قبض ۔ چھرا ۔ قرولی ۔ کٹار ۔ خنجر ۔ جنبیہ ۔ خنجر مارنا ۔ چھرا گھونپنا ۔ جنبیہ سے وار کرنا ۔

Dirt (dərt) *n.* Unclean matter خاک ۔ مٹی ۔ نجاست ۔ میل ۔ غلاظت ۔ گندگی ۔

Eat dirt توہین برداشت کرنا ۔

Fling dirt کیچڑ اچھالنا ۔ فحش گالیاں ۔

Dirty (dər-ti) *v.t.*, *i.* & *adj.* Soiled, foul مکدر ۔ گدلا ۔ غلیظ ۔ میلا ۔ گندا ۔ نجس ۔ ناپاک ۔ کمینہ ۔ ناجائز طور پر وصول کیا ہوا ۔ حرام کا ۔ طوفانی موسم ۔ ملگجا رنگ ۔ میلا ہونا ۔ میلا کرنا ۔ گندا ہونا ۔ گندہ کرنا ۔

Dirty work بے ایمانی ۔

Disability (dis-abl-iti) *n.* Thing that prevents one's doing something بے اختیاری ۔ مجبوری ۔ نا اہلیت ۔ عدم استطاعت ۔ معذوری ۔ ناتوانی ۔ ضعف ۔ کمزوری ۔ نا طاقتی ۔

Disablement *n.* امتناع ۔ معذوری ۔

Disabuse (dis-əbuz) *v.t.* Undeceive خیال خام دور کرنا ۔ آنکھیں کھول دینا ۔

Disadvantage (dis-əd-vant-ij) *n.* Unfavourable condition غیر مفید ۔ مضر صورت ۔ نا موافق حالت ۔ حرج ۔ خلل ۔ قباحت ۔ کوتاہی ۔ قصور ۔ نقص ۔ دقت ۔ دشواری ۔

Disadvantageous (dis-əd-vant-əjəs) *adj.* derogatory موافق ۔ مضر ۔ غیر مفید ۔ موجب بدنامی ۔ نقصان رساں ۔ ذلت آمیز ۔

Disaffected (dis-ə-fekt-ed) *adj.* Unfriendly پھرا ہوا ۔ بگڑا ہوا ۔ منحرف ۔ مخالف ۔

Disaffection (dis-ə-fek-shən) *n.* Discontent بد اندیشی ۔ دشمنی ۔ بے اطمینانی ۔ بے چینی ۔ اطاعت سے انحراف ۔ سیاسی بے چینی ۔

Disaffirm (dis-ə-fərm) *v.t.* Repudiate ماننے سے انکار کرنا ۔ ناجائز قرار دینا ۔ منسوخ کرنا ۔

Disaffirmation *n.* سابقہ حکم ماننے سے انکار ۔ منسوخی ۔

Disafforest (dis-ə-for-ist) *v.t.* Reduce forest to ordinary land جنگل کو قانوناً معمولی زمین قرار دینا ۔ جنگل کی زمین پر کاشت کی اجازت دینا ۔

Disafforestation صحرائی علاقہ کو کاشت کے لئے کھول دینا ۔ جنگل کی زمین کو قابل کاشت قرار دینا ۔

Disagree (dis-ə-grē) *v.i.* Differ مختلف رائے رکھنا ۔ اختلاف رائے کرنا ۔ الگ ہو جانا ۔ اختلاف کرنا ۔ غذا یا آب و ہوا کا نا موافق ہونا ۔ ناسازگار ہونا ۔ مضر ہونا ۔

Disagreement *n.* نزاع ۔ نا اتفاق ۔ اختلاف ۔

Disagreeable (dis-əgrē-əbl) *adj.* & *n.* Unpleasant نا پسندیدہ ۔ ناگوار ۔ نا پسند ۔ نا موافق ۔ کج خلق ۔ بد مزاج ۔ ناگوار تجربہ ۔ پریشان کن ۔ تکلیف دہ ۔ پریشانی ۔ تکلیف ۔

Disallow (dis-ə-low) *v.t.* Prohibit ممنوع قرار دینا ۔ روک دینا ۔ نا منظور کرنا ۔ باز رکھنا ۔ اجازت نہ دینا ۔ ممانعت کرنا ۔

Disappear *v.i.* Vanish نظر سے اوجھل ہو جانا ۔ کافور ہو جانا ۔ اڑ جانا ۔ غائب ہونا ۔ ناپید ہونا ۔ گم ہونا ۔

Disappearance *n.* گمشدگی ۔ غیبت ۔

Disappoint (dis-ə-point) *v.t.* Not fulfil desire وعدہ خلافی کرنا ۔ نا امید کرنا ۔ مایوس کرنا ۔ امید توڑنا ۔ دل کی دل ہی میں رہ جانا ۔

Disappointing *adj* مایوس کن ۔

Disappointment *n.* مایوسی ۔

Disapprobation (dis-apro-bā-shən) *n.* Disapproval نفرت ۔ نا رضامندی ۔ نا خوشی ۔ نا منظوری ۔ انکار ۔ نا پسندیدگی ۔

Disapproval (dis-ə-proo-vəl) *n.* Unfavourable opinion نا موافق رائے ۔ نا رضامندی ۔ نا پسندیدگی ۔ تردید ۔

Disapprove (dis-ə-prōōve) *v.t.* & *i.* Not like, detest نا پسند کرنا ۔ نفرین کرنا ۔ مذمت کرنا ۔ نا پسندیدگی کا اظہار کرنا ۔

Disarm (dis-ärm) *v.t.* & *i.* Deprive of weapons ہتھیار چھین لینا ۔ ہتھیار لے لینا ۔ فوج کم کر کے امن کے زمانے کی حالت پر لانا ۔ مورچے ہٹانا ۔ بد گمانی دور کرنا ۔

Disarmament *n.* سامان حرب پر پابندی ۔ فوج کی تخفیف ۔ تخفیف اسلحہ ۔

Disarrange (dis-ə-ranj) *v.t.* & *i.* Put into disorder الٹ پلٹ کرنا ۔ بے ترتیب کرنا ۔ تہہ و بالا کرنا ۔ گڑ بڑ کرنا ۔

Disarrangement *n.* گڑ بڑ ۔ ابتری ۔ بد انتظامی ۔ بے ترتیبی ۔

Disarray (dis-ə-rā) *n.* & *v.t.* Throw into disorder برہنگی ۔ ابتری ۔ ننگا پن ۔ ابتر کرنا ۔ برہنہ کرنا ۔ عریاں کرنا ۔

Disassociate (dis-ə-so-shi-at) *v.t.* Remain aloof علیحدہ رہنا ۔ الگ کرنا ۔ میل جول نہ رکھنا ۔ دور رہنا ۔ مراسم نہ رکھنا ۔

Disaster (dis-ast-ər) *n.* Calamity شامت ۔ آفت ۔ مصیبت ۔ غضب ۔ سانحہ ۔ بد قسمتی ۔ بد نصیبی ۔

Disastrous *adj.* مصیبت خیز ۔ پر حوادث ۔ آفت خیز ۔

Disavow (dis-ə-vow) *v.t.* Repudiate انکار کرنا ۔ تسلیم نہ کرنا ۔ تردید کرنا ۔ جھٹلانا ۔

Disavowal *n.* نا منظوری ۔ انکار ۔ تردید ۔

Disband (dis-band) *v. t.* & *i.* Disperse جواب دینا ۔ موقوف کرنا ۔ فوجی خدمت سے سبکدوش کرنا ۔ فوج یا لشکر کو توڑنا ۔

Disbar (dis-bär) *v.t.* Expel from membership of bar وکیل کو جماعت وکلا سے خارج کرنا ۔ وکیل کو وکالت کرنے سے روکنا ۔

Disbelieve (dis-bə-liv) *v.t.* & *i.* Have no faith in یقین نہ کرنا ۔ نہ ماننا ۔ اعتبار نہ کرنا ۔ باور نہ کرنا ۔ اعتقاد نہ رکھنا ۔

Disbelief *n.* انکار ۔ بے اعتباری ۔ بے اعتقادی ۔

Disbeliever *n.* دہریہ ۔ بے ایمان ۔ کافر ۔ منکر ۔

Disburden (dis-bur-dn) *v.t.* Discharge دل پر سے بوجھ دور کرنا ۔ بوجھ ہلکا کرنا ۔ سبکدوش ہونا ۔

Disburse (dis-burse) *v.t.* & *i.* Expend روپیہ ادا کرنا ۔ صرف کرنا ۔ خرچ میں لانا ۔ خرچ کرنا ۔

Disbursement *n.* خرچ کی ادائیگی ۔ روپیہ کی ادائیگی ۔ خرچ ۔ صرف ۔

Disc (disk) *n.* Disk دیکھو ۔

Discard (diskard) *v.t., i.* & *n.* Throw out بدرنگی میں نکالنا ۔ تاش کے پتے خارج کرنا ۔ برطرف کرنا ۔ خارج کرنا ۔ معزول کرنا ۔ موقوف کرنا ۔ پتے چھانٹنا ۔ وہ پتہ جو چھانٹا جائے ۔

Discern (di-sern) *v.i.* & *t.* Distinguish معلوم کرنا ۔ فرق نکالنا ۔ امتیاز کرنا ۔ تمیز کرنا ۔ جان لینا ۔ تاڑ لینا ۔ شناخت کرنا ۔

Discernible *adj.* قابل فہم ۔ قابل شناخت ۔ قابل امتیاز ۔

Discerning (di-sern-ing) *adj.* Penetrating دانشمند ۔ صاحب بصیرت ۔ صاحب تمیز ۔ زیرک ۔ ہوشیار ۔ ذی شعور ۔ واقف کار ۔

Discernment *n.* تیز فہمی ۔ ذکاوت ۔ نکتہ رسی ۔ فہم ۔ فراست ۔ شعور ۔ تمیز ۔

Discharge (dis-charj) *v.t.* & i. Dismiss سبکدوش کرنا ۔ بوجھ اتارنا ۔ موقوف کرنا ۔ برطرف کرنا ۔ رہا کرنا ۔ چھوڑنا ۔ الزام سے بری کرنا ۔ بندوق چلانا ۔ جہاز سے مال اتارنا ۔ ندی کا سمندر میں گرنا ۔ سر انجام کرنا ۔ بجا لانا ۔ رنگ چھڑانا ۔

Discharge (dis-chārj) n. Release, acquittal رہائی ۔ نکاس ۔ اخراج ۔ خلاصی ۔ چھٹکارنا ۔ بریت ۔ بر طرفی ۔ موقوفی ۔

Disciple (dis-ī-pl) n. Follower, adherent مرید ۔ چیلا ۔ شاگرد ۔ طالب علم ۔ معتقد ۔ پیرو ۔ مقلد ۔ حضرت عیسیٰ کے بارہ حواریوں میں سے کوئی ایک ۔

Disciplinarian (dis-iplin-ə-riən) n. Maintainer of discipline مودب ۔ قواعد دان سخت گیر ۔ نظم و ضبط پر زور دینے والا ۔

Discipline (dis-i-plin) n. Training for obedience and order نظم و ضبط کی تربیت ۔ ادب ۔ تلقین ۔ آراستگی ۔ تہذیب ۔ پابندی ۔ نظم و ضبط ۔ فرمانبرداری ۔ اطاعت ۔ تابعداری ۔

Disciplinary adj. ذہنی تربیت کے متعلق ۔ انضباطی ۔ تادیبی ۔

Disclaim (dis-klām) v.t. & i. Renounce claim دعویٰ ترک کرنا ۔ قانوناً دستبردار ہونا ۔ بے تعلقی یا لا علمی ظاہر کرنا ۔ انکار کرنا ۔

Disclaimer (dis-klām-ər) n. Disavowal انکار ۔ اعلان ۔ بے تعلقی کا اظہار ۔ دست برداری ۔

Disclose (dis-klōz) v.t. Expose افشا کرنا ۔ آشکارا کرنا ۔ کھولنا ۔ دکھانا ۔ ظاہر کرنا ۔ عیاں کرنا ۔ فاش کرنا ۔

Disclosure (dis-klōz-ər) n. Exposure اعلان ۔ تشہیر ۔ انکشاف ۔ اظہار ۔ افشائے راز ۔ وہ چیز جس کا انکشاف کیا جائے ۔

Discolour (dis-kulər) v.t. & i. Change, spoil the colour رنگ بدلنا ۔ بدرنگ کرنا یا ہونا ۔ رنگت بگاڑنا ۔ دھبے ڈالنا ۔ دھبے پڑنا ۔ خراب کرنا ۔ بگاڑنا ۔

Discomfit (dis-kun-fit) v.t. Defeat in battle بھگا دینا ۔ مغلوب کرنا ۔ شکست دینا ۔ بکھیرنا ۔ پریشان کرنا ۔ درہم برہم کرنا ۔ چھکے چھڑا دینا ۔ بد حواس کرنا ۔

Discomfiture n. مات ۔ ہار ۔ بد حواسی ۔ ہزیمت ۔ شکست ۔

Discomfort (dis-kum-fert) n. & v.t. Uneasiness دکھ ۔ بے چینی ۔ بے آرامی ۔ تکلیف ۔ بے کل کرنا ۔ بے چین کرنا ۔

Draff (drāf) *n.* Refuse of malt تلچھٹ ۔ بھوسی ۔ فضلہ ۔ پھوک ۔ بیر کشید کرنے کے بعد جو فضلہ رہ جائے ۔ جانوروں کی غذا ۔

Draft (drāft) *n.* Rough copy, contingent فوج کی جماعت جو کسی خاص کام پر لگائی جائے ۔ دستہ ۔ کمک ۔ ہنڈی سے روپیہ لینا ۔ ہنڈی ۔ چک ۔ خاکہ ۔ مسودہ ۔

Draft (drâft) *v.t.* Make a rough copy فوجی جماعت کو خاص کام پر بھیجنا ۔ مسودہ کرنا ۔ خاکہ تیار کرنا ۔

Draftsman (drâft-mən) *n.* One who makes drawings نقشہ نویس ۔ مسودہ کرنے والا ۔ خاکہ اتارنے والا ۔

Drag (drag) *v.t.* & *i.* Pull along with force کھینچنا ۔ گھسیٹنا ۔ گھسیٹنا ۔ ہولے ہولے چلنا ۔ بمشکل چلنا ۔ کانٹے سے ڈوبی ہوئی چیز نکالنا ۔ زمین جوتنا ۔ سراون سے سیائی کرنا ۔

Drag (drag) *n.* Heavy sledge سراون ۔ چھکڑا ۔ گاڑی ۔ بے پہیے گاڑی ۔ شکاری کی جال ۔ کانٹا ۔ کھاد اکٹھا کرنے کی کھانچی ۔ دریا کی تہہ سے مٹی نکالنے کی مشین ۔

Draggle (drag-l) *v.t.* & *i.* Straggle in rear لتھیڑنا ۔ گھسٹنا ۔ آہستہ چلنا ۔ پیچھے رہ جانا ۔

Dragoman (drag-o-mən) *n.* Interpreter عربی ۔ فارسی اور ترکی کا ترجمان ۔ ترجمان ۔ مترجم ۔

Dragon (drag-ən) *n.* Mythical monster خزانے کا سانپ ۔ پردار سانپ ۔ اژدہا ۔ سختی سے نگرانی کرنے والا ۔ لڑکیوں کی نگران عورت ۔

Dragoon (drə-gōōn) *n.* *v.t.*, Mounted infantrymen سپاہی جو پیادہ اور سوار دونوں ہوں ۔ سوار ۔ رسالہ کا ملازم ۔ وحشی ۔ غصیلا آدمی ۔ تشدد کرنا ۔ ظلم کرنا ۔ سختی سے مجبور کرنا ۔

Drain (drān) *v.t.* & *i.* Draw liquid away by conduit پانی کا راستہ بنانا ۔ نالی بنانا ۔ چڑھا جانا ۔ زمین کو خشک کرنا ۔ بھیگے کپڑے نچوڑنا ۔ طاقت زائل کرنا ۔ کمزور کھوکھلا کرنا ۔

Drain (drān) *n.* Channel, conduit پھوڑے سے مواد کھینچنے کی نلکی ۔ پرنالہ ۔ نالی ۔ بدرو ۔ مسلسل نکاس ۔ مطالبہ ۔ خرچ ۔

Drainage (drān-əj) *n.* System of drains پانی کی نکاسی کا انتظام ۔ گندے پانی کے اخراج کا نظام ۔ قدرتی یا مصنوعی نالے نالیاں ۔ گندے پانی کی بدرو ۔

Drake (drāk) *n.* A kind of fly used in fishing ایک کیڑا جو مچھلی کے شکار میں کام آتا ہے ۔

Drake (drāk) *n.* Male duck نربط ۔ قاز ۔ ہنس ۔ مرغابی ۔

Dram (dram) *n.* Small draught of wine شراب کا ذرا سا گھونٹ ۔ چسکی ریزہ ۔

Drama (drām-ä) *n.* Stage play ناٹک ۔ تمثیل ۔ ڈراما ۔ سوانگ ۔ نقل ۔

Dramatic (drəm-a-tik) *adj.* Theatrical ناٹکی ۔ تمثیلی ۔ سوانگ کے متعلق ۔ تماشا گاہ میں دکھائے جانے کے قابل ۔ اچانک ۔ عجیب و غریب ۔ موثر

Dramatis personae (drāmatiz-per-so-ne) Characters in a play ڈرامے کے کردار (اشخاص) ۔

Dramatist (drama-tist) *n.* Playwright تمثیل نگار ۔ ڈراما نویس ۔

Dramatise (drama-tīz) *v.t.* & *i.* Convert story into a play افسانہ کا ناٹک بنا لینا ۔ ناٹک تیار کرنا ۔ نقل ترتیب دینا ۔

Dramaturge (dram-ə-tur-je) *n.* Playwright تمثیل نگار ۔ ڈراما نویس ۔

Dramaturgy *n.* فن تمثیل ۔ ڈراما نویسی کے اصول

Drape (drāp) *v.t.* Adorn with cloth پردے لٹکانا ۔ کپڑے سے آراستہ کرنا ۔ کپڑوں کو اس طرح لٹکانا کہ شکنوں سے خوشنمائی پیدا ہو جائے

Draper (drāper) *n.* Dealer in cloth کپڑا بیچنے والا ۔ پارچہ فروش ۔ بزاز

Drapery (drăp-ə-ri) *n.* Draper's trade کپڑے کی تجارت - کپڑے کی دوکان - پردے بیچنے کی دوکان - مجسمہ سازی میں لباس کی ترتیب -

Draperied *adj.* تہہ بہ تہہ - پردوں سے آراستہ -

Drastic (drăs-tik) *adj.* Acting strongly سخت - مضبوط - قوی - تیز مسہل -

Draught (drā-ft) *n.* Drawing, traction, drinking چھکڑا - ہل - مچھلیوں کا جال کھینچنا - مچھلیاں جو ایک بار جال میں آ جائیں - گھونٹ - جرعہ - دوا کی خوراک - ہوا کا جھکڑ - ہوا کی رو - خاکہ - مسودہ - فوجی دستہ جو کسی خاص کام پر متعین ہو - بنک سے روپیہ نکالنے کا حکم - چک - ہنڈی -

Feel the draught مصیبت میں مبتلا ہونا - قدر و عافیت معلوم ہونا -

Draughty *adj.* ہوا دار -

Draught (drâ-ft) *v.t.* Draw off نقشہ بنانا - خاکہ تیار کرنا - کسی فوجی دستہ کو روانہ کرنا -

Draughtsman (drā-fts-mən) *n.* One who makes drawings نقشہ نویس - خاکے تیار کرنے والا - مسودہ بنانے والا - ڈرافٹ کھیل کا مہرہ -

Draw (draw) *v.t. & i.* Pull, attract, extract کھینچنا - کھینچ کر لے جانا - پردہ ڈالنا یا ہٹانا - پھسلانا - ملانا - پر چانا - موہ لینا - ترغیب دینا - کسی کام پر مائل کرنا - توجہ کرنا - اکٹھا ہونا - سانس لینا - دم لینا - کنویں سے پانی نکالنا - جسم سے خون نکالنا - باتوں باتوں میں پوچھ لینا - نتیجہ نکالنا - استنباط کرنا - بادبان کا ہوا سے پھولنا - خاکہ بنانا - نقشہ کھینچنا - دو چیزوں میں مقابلہ کرنا - قرعہ اندازی کرنا - حرکت کرنا - دوڑ میں آگے نکل جانا -

Draw (draw) *n.* Strain, pull کشش - وہ چیز جو گاہکوں کو کھینچ کر لائے - زور - جھٹکا - قرعہ اندازی - کسی کھیل میں فریقین کا برابر رہنا - فقرہ بازی -

Drawback (draw-bək) *n.* Disadvantage کھوٹ - قصور - نقص - عیب - قباحت - چنگی کی ادائی - درآمدی محصول کا وہ حصہ جو برآمد کے وقت واپس کیا جائے -

Draw-bridge (draw-brij) *n.* Bridge which can be opened and closed by a hinge وہ کلدار پل جو ضرورت کے وقت اٹھایا جا سکے -

Drawcansir (draw-kan-sər) *n. & adj.* Person dangerous to both friend and foe وہ شخص جو دوست دشمن دونوں کے لیے خطرناک ہو - بدمعاش -

Drawee (draw-ē) *n.* Person on whom draft is drawn ہنڈی کا روپیہ لینے والا - جس کے نام کی ہنڈی ہو -

Drawer (draw-ər) *n.* Table chests for holding paper etc. ہنڈی کرنے والا - ششدرہ - میز کی دراز - تنگ مہری کا پائجامہ جو پتلون کے نیچے پہنا جائے -

Drawing (draw-ing) *n.* Art of representing by lines نقاشی - خطوط اندازی - خطوط کشی - نقشہ - خاکہ - بے رنگ تصویر -

Drawl (drawl) *n.* Slow utterance چبا چبا کر باتیں کرنا - ہکلانا -

Drawn (drawn) *p.p.* Remain equal in a game کھیل میں فریقین کا برابر رہنا -

Draw-well (draw-wel) *n.* Deep well for water گہرا کنواں جس میں چرخی لگی ہو -

Dray (dra) *n.* Brewers cart ٹھیلا - نیچا چھکڑا یا گاڑی - شراب ساز کا ٹھیلا -

Dread (dred) *n. & adj.* Fear, terror, awful دہشت - خوف - خطرہ - اندیشہ - خوفناک - پر جلال - رعب دار -

Dread (dred) *v.t.* Fear greatly خوف کھانا - ڈرنا - خوفزدہ ہونا - کسی کام سے جھجکنا - نام سے کانپنا -

Dreadful (dred-ful) *adj.* Terrible تکلیف دہ - بھیانک - ڈراؤنا - خوفناک - مہیب - اجیرن - ناگوار - کمبخت - و بال جاں -

Dread-naught (dred-nat) Battle-ship built in 1906 موٹا کپڑا یا اس کا کوٹ - زبردست جنگی جہاز -

Dream (drēm) *n.* Vision in sleep شیخ چلی کے منصوبے خیالی پلاؤ - رویاء - خواب - حسن و جمال کا نمونہ -

Dream reader خواب کی تعبیر دینے والا -

Dream land خواب و خیال کی دنیا -

Day dream خیالی پلاؤ -

Waking pream تصور جو مشاہدہ کی حد تک پہنچ جائے - بیداری کا خواب -

Dream (drēm) *v.i. & t.* Have vision in sleep سپنا یا خواب دیکھنا - خواب میں دیکھنا یا سننا - منصوبہ باندھنا - خیال میں ہونا - خیالی پلاؤ پکانا - بیکار تخیلات میں وقت کھونا -

Dreamer *n.* قوت عمل سے محروم ۔ نکما ۔ کاہل ۔ شیخ چلی ۔ خیالی پلاؤ پکانے والا ۔ خواب دیکھنے والا ۔

Dreamy (drem-i) *adj.* Full of dreams قوت عمل سے محروم ۔ بندہ تخیل ۔ خیال میں محو ۔

Dreary-drear (drə-ri) *adj.* Dismal, gloomy ۔ سنسان اُداس ۔ بھیانک ۔ لق و دق ۔ افسردہ ۔ بے لطف ۔ بے کیف ۔

Dredge (drej) *n., v.t. & i.* Oyesters net سیپوں کا جال ۔ ایسی مشین جو سمندر کی تہہ سے کیچڑ نکالتی ہے ۔ سمندر کی تہہ صاف کرنا ۔ کیچڑ نکالنا ۔

Dredge (drej) *v.t.* Sprinkle flour or powder آٹا یا سفوف وغیرہ چھڑکنا ۔

Dreg(s) (dreg) *n.* Sediment بے کار شے ۔ فضلہ ۔ درد ۔ تلچھٹ ۔ نکمی چیز ۔ ریزہ ۔ ذرا سا بچا ہوا حصہ ۔

Drench (dren-sh) *n.* Draught or dose administered to animals جانوروں کی دوا ۔ مسہل ۔ جلاب ۔ موسلا دھار بارش ۔ پانی میں شرابور ہونا ۔

Drench (dren-sh) *v.t.* Make to drink جانوروں کو دوا پلانا ۔ پانی سے نہلانا ۔

Drencher (dren-shər) n. Heavy shower کثرت سے پلانے والا ۔ بارش کا تراڑا ۔ دھواں دھار بارش ۔

Dress (dres) *v.t. & i.* Attire, keep soldiers in order صف بندی کرنا ۔ صفوں کو درست کرنا ۔ صف میں کھڑا ہونا ۔ سنوارنا ۔ آراستہ کرنا ۔ زیب دینا ۔ آرائش کرنا ۔ شام کی دعوت کی پوشاک پہننا ۔ مرہم پٹی کرنا ۔ زخم صاف کرنا ۔ کنگھی کرنا ۔ بالوں کو سنوارنا ۔ گھوڑے کو کھریرا کرنا ۔ پردوں کو چھانٹنا ۔

Dress down خبر لینا ۔ ڈانٹنا ۔ مارنا ۔

Dress out بھڑکیلا لباس پہننا ۔ زرق برق کپڑے پہننا ۔

Dress (dres) *n.* Clothing پوشش ۔ پوشاک ۔ لباس ۔ کپڑے ۔ واضح انداز ۔ رنگ ۔

Dresser (dres-ər) *n.* Kitchen side board with shelves باورچی خانہ کی میز ۔ برتنوں کی الماری ۔ وہ طاق جہاں برتن رکھے جاتے ہیں ۔

Dressing (dres-ing) *n.* Dress, bandages پوشاک ۔ لباس ۔ زخم کی مرہم پٹی ۔ سر زنش ۔ زد و کوب ۔ کھاد ۔ دم کے مرغ میں مسالہ بھرنا ۔

Dressy (dres-i) *adj.* Smart in dress لباس کا شوقین ۔ خوش پوش ۔ جامہ زیب ۔

Dribble (drib-l) *v.t., i. & n.* Flow in drops قطرہ قطرہ ٹپکنا ۔ رسنا ۔ ٹپکنا ۔ ٹپکانا ۔ رال بہنا ۔ گیند کو پیروں سے ادھر ادھر کرنا ۔ بلیڑوس میں گیند کا تھیلی میں گر پڑنا ۔

Dribblet (drib-lət) *n.* Small quantity چھوٹا سا قطرہ ۔ ذرا سا ۔ حقیر رقم ۔ تھوڑی مقدار ۔

Drift (drift) *n.* Slow course, tendency ریگ رواں ۔ پانی کا بہاؤ ۔ انبار یا تودہ جس کو پانی بہا لے جائے ۔ بہاؤ ۔ رو ۔ دھارا ۔ جہاز ۔ دھارے کی وجہ سے جہاز یا کشتی کا اپنے راستے سے ہٹ جانا ۔ زمانے کے ساتھ چلنا ۔ فطرتی یا غیر معمولی رجحان ۔ دھات میں سوراخ کرنے کا برما ۔ جھنڈ ۔ غول ۔ ریوڑ ۔

Drift (drift) *v.i. & t.* Go aimlessly, be carried away اڑا لے جانا ۔ بہا لے جانا ۔ بغیر کسی مقصد کے ادھر ادھر پھرنا ۔ ہوا کا مٹی یا ریت کو اڑا کر ڈھیر کر دینا ۔ برمے سے سوراخ کرنا ۔

Drill (dril) *n., v.t. & i.* Steel machine for boring برما ۔ سوراخ کرنے کا آلہ ۔ سوراخ کرنا ۔ خول دار مچھلی یا کوئی اور آبی جانور ۔ فوجی قواعد ۔ کڑی تربیت ۔ طالب علموں کی قواعد ۔ سختی سے تربیت کرنا ۔ فوج کو قواعد سکھانا یا کرنا ۔

Drill (dril) *n. & v.t.* Furraw for sowing seed in جتے ہوئے کھیت کی نالی جس میں بیج بویا جاتا ہے ۔ پودوں کی قطار ۔ ایک مشین جس سے کھیت جوتنے ۔ بیج بونے اور سراون پھیرنے کا کام ساتھ ساتھ ہوتا ہے ۔ مشین سے تخم ریزی کرنا ۔

Drill (dril) *n.* Kind of baboon ایک قسم کا کپڑا ۔ ایک قسم کا بڑا بندر ۔ زین ۔ ڈرل ۔

Drink (dringk) *v.t. & i.* Swallow liquid پی کر خالی کر دینا ۔ نوش کرنا ۔ پینا ۔ سب پی جانا ۔ پی کر اڑا دینا ۔ ساری آمدنی شراب کی نذر کر دینا ۔ شراب پینا ۔ شراب کا عادی ہونا ۔ جام صحت پینا ۔

Drink (dingk) *n.* Liquid, beverage پانی ۔ شربت ۔ شراب ۔ پینے کی چیز ۔ بادہ ۔ بادہ خوری ۔ جام شراب ۔ مے نوشی ۔

Drinkable (dringk-əble) *adj. & n.* Good to drink اشیائے نوشیدنی ۔ پینے کے قابل ۔

Drip (drip) *v.i.* & *t.* Fall in drops قطرہ ٹپکنا ۔ رسنا ۔ چونا ۔ ٹپکنا ۔ کسی چیز کا اس قدر بھیگنا کہ اس سے قطرے ٹپکنے لگیں ۔

Drip (drip) *n.* Dripping liquid تقاطر ۔ ٹپکا ۔ ٹپکنے والی چیز ۔

Drippy *adj.* ٹپکنے والی ۔

Dripping (drip-ing) *n.* Fat melted from meat چربی جو گوشت کو گرم کر کے نکالی جائے ۔ کوئی چیز جو ٹپک کر جمع ہو ۔ چربی ۔ روغن ۔ گھی ۔ پانی ۔ تیل ۔

Drive (driv) *v.t.* & *i.* Urge in some direction چلانا ۔ ہانکنا ۔ دھکا دینا ۔ گھیر کر لانا ۔ گاڑی میں لے جانا ۔ مجبور کرنا ۔ حد سے زیادہ مشقت لینا ۔ گاڑنا ۔ ٹھونکنا ۔ سوراخ کرنا ۔ سرنگ کھودنا ۔ کاروبار چلانا ۔ سودا کرنا ۔ جھپٹنا ۔ دوڑ پڑنا ۔ کسی کام میں سخت محنت کرنا ۔ جانفشانی کرنا ۔ بہنا ۔ بہا لے جانا ۔

Drive (driv) *n.* Excursion in vehicle گاڑی چلانے کی سڑک ۔ گاڑی کی سواری ۔ (کرکٹ) سیدھی مار ۔ زور ۔ قوت ۔ عمل ۔ رحجان ۔ میلان ۔

Drivel (driv-l) *v.i., t.* & *n.* Run at mouth and nose بچوں کی طرح رال ٹپکانا ۔ بچوں کی طرح یا سٹھیائے ہوئے لوگوں کی طرح باتیں کرنا ۔ مہمل باتیں ۔ بکواس ۔

Driver (driv-ər) *n.* One who drives چلانے والا ۔ ہانکنے والا ۔ گاڑی والا ۔ گاڑی بان ۔ کوچبان ۔ مشین کا چلانے والا چکر یا پہیا ۔

Drizzle (driz-l) *v.i.* & *n.* Spray like rain بوندا باندی ہونا ۔ ترشح ہونا ۔ پھوہار پڑنا ۔ پھوہار ۔ بوندا باندی ۔

Droll (drol) *adj., n.* & *v.i.* Amusing queer عجیب ۔ مضحک ۔ مسخرہ ۔ سوانگ ۔ انوکھا ۔ نرالا ۔ ٹھٹھول کرنا ۔ دل لگی کرنا ۔

Drollery (drol-eri) *n.* Jesting انوکھی دل لگی ۔ مسخرا پن ۔ مزاح ۔ دل لگی ۔ ٹھٹھا ۔

Dromedary (drum-id-əri) *n.* Camel bred for riding اونٹنی ۔ ناقہ ۔ سانڈنی ۔

Drone (dron) *n., v.t.* & *i.* Male of honey bee نکھٹو ۔ کاہل ۔ شہد کی نر مکھی ۔ یکساں لہجے میں تقریر کرنے والا ۔ بھنبھناہٹ ۔ سستی کرنا ۔ وقت ضائع کرنا ۔

Droop (droop) *v.i., t.* & *n.* Hang down غروب ہونا ۔ ڈوبنا ۔ نیچے ہونا ۔ جھکنا ۔ کملانا ۔ مرجھانا ۔ افسردہ ہونا ۔ جی چھوٹ جانا ۔ سر جھکانا ۔ خمیدگی ۔ افسردگی ۔ اضمحلال ۔

Drop (drop) *n.* Small round portion of liquid بوند ۔ قطرہ ۔ چھینٹ ۔ ایک گھونٹ شراب ۔ بندا ۔ بالی ۔ آویزہ ۔ زوال ۔ تنزل ۔ تخفیف ۔ کمی ۔ منظر بدل ۔ پھانسی کا تختہ ۔ سطح میں نشیب آ جانا ۔

Drop in ocean آٹے میں نمک ۔ سمندر میں قطرہ ۔

Drop shutter کیمرے کا پرزہ جس سے فوراً پلیٹ پر عکس اتر آتا ہے ۔

Ear drops گوشوارے ۔ بندے ۔ آویزے ۔

Have a drop in one's eye نشہ کا اثار ظاہر ہونا ۔ خمار ۔

Drop (drop) *v.i.* & *t.* Fall in drops قطرے قطرے گرنا ۔ چونا ۔ ٹپکنا ۔ تھک کر یا زخمی ہو کر گرنا ۔ سو جانا ۔ مرنا ۔ ختم ہونا ۔ گھٹنا ۔ تخفیف ہونا ۔ اتفاقاً آ جانا ۔ چھوڑ دینا ۔ ترک کرنا ۔ موقوف کرنا ۔ اتارنا ۔ گرانا ۔ گرنا ۔

Droppings (drop-ings) *n.* & *pl.* What falls in drops جو چیز ٹپک کر گرے ۔ موم بتی کے پگھلے ہوئے قطرے ۔ لید ۔ لینڈی ۔ مینگنی ۔ گوبر ۔

Dropsy (drop-si) *n.* Disease in which watery fluid collects in body استسقا ۔ جلندر ۔ حد سے زیادہ نفخ ۔ پھولا ہوا ہونا ۔

Dross (dros) *n.* Metal scum کوڑا کرکٹ ۔ زنگ ۔ فضلہ ۔ کھوٹ ۔ میل ۔

Drought (drowt) *n.* Continuous dry weather قحط سالی ۔ خشک سالی ۔ امساک باراں ۔ پیاس ۔ تشنگی ۔

Drove (drov) *v.* Drive دیکھو ۔

Drover (drov-ər) *n.* Dealer in cattle گلے کو نخاس میں لے جانے والا ۔ مویشی کا بیوپاری ۔

Droving *n.* مویشی کا بیوپار ۔

Drown (drown) *v.i.* & *t.* Suffer death by suffocation in water ڈوبنا ۔ ڈبونا ۔ غرق ہونا ۔ غرق کرنا ۔ غوطہ دینا ۔ غالب آ جانا ۔ شور و غل کو دبا لینا ۔ شراب کے نشے میں غم غلط کرنا ۔

Like drowned rat سر سے پیر تک بھیگا ہوا ۔ شرابور ۔

Drowse (drowz) *v.i., t. & n.* Be sleepy and dull جھپکی لینا ۔ اونگھنا ۔ نیند آنا ۔ آنکھ لگ جانا ۔ غنودگی طاری ہونا ۔ غنودگی میں وقت گزارنا ۔ غنودگی ۔

Drowsy (drowz-i) *adj.* Sleepy نیند لانے والی ۔ اونگھتا ہوا ۔ خواب آلودہ ۔ سست ۔ کاہل ۔ مجہول ۔

Drowsiness *n.* کاہلی ۔ سستی ۔ اونگھ ۔

Drub (drub) *v.t.* Cudgel, thump ڈنڈے لگانا ۔ مارنا پیٹنا ۔ مار مار کر کسی خیال کو دل سے نکالنا یا دماغ میں ٹھونسنا ۔

Drubbing کوبکاری ۔ زد و کوب ۔ مار پیٹ ۔

Drudge (druj) *n. & v.t.* Servile worker خدمت کرنے والا ۔ غلام کی طرح کام کرنے والا ۔ بیل کی طرح جتا رہنے والا ۔ ناگوار یا خلاف طبع کام کرنا ۔

Drudgery *n.* مشقت ۔ محنت ۔ غلامانہ کام ۔

Drug (drug) *n., v.t. & i.* Simple medicinal substance جڑی بوٹی ۔ مفرد دوا ۔ کم بکنے والی چیز ۔ سودا جس کا کوئی گاہک نہ ہو ۔ بیہوشی کی دوا استعمال کرنا ۔ دوا ملانا ۔ نسخہ تیار کرنا ۔

Druggist (drug-ist) *n.* Dealer in drugs پنساری ۔ دوا ساز ۔ دوا فروش ۔ عطار ۔

Druid (drōō-id) *n.* Priest, magician انگلستان اور بعض دوسرے ملکوں میں قدیم زمانے میں مرشد ۔ کاہن ۔ پیشین گوئی کرنے والا ۔

Drum (drum) *n.* Musical instrument sounded by striking ڈھول ۔ ڈھولک ۔ دمامہ ۔ نقارہ ۔ تاشہ ۔ کان کا پردہ ۔

Drum (drum) *v.t. & i.* Play the drum نقارہ پر چوٹ لگانا ۔ ڈھول بجانا ۔ چڑیوں کا بازو پھڑ پھڑانا ۔ طبل بجا کر فوجیوں کو بلانا ۔ کسی شخص سے کوئی بات بار بار کہہ کر اسے بے حس کر دینا ۔ کسی چیز کو دماغ میں بٹھانا ۔ ڈھول بجا کر گانا ۔

Drummer دہل نواز ۔ طبل نواز ۔ ڈھولچی ۔ نقارچی ۔

Drunk (drungk) *adj. & n.* Intoxicated شرابی ۔ سرمست ۔ مست ۔ متوالا ۔ مخمور ۔ شراب کا دور ۔ بد مستی کی واردات ۔ بد مست ۔ شرابی ۔

Drunkard *n.* مے خوار ۔ شرابی ۔ نشہ باز ۔ متوالا ۔

Drunkenness شراب خوری ۔ سیہ مستی ۔ بد مستی ۔

Druse (drōōz) *n.* Crust of crystals پہاڑی غار کے اندر بلور کی تہیں یا پرت ۔ لبنان کے قریب مسلمانوں کا ایک مذہبی فرقہ جس کا بانی اسمعیل الدروزی تھا ۔ فرقہ دروز ۔

Dry (drī) *adj.* Without moisture پیاسا ۔ خشک ۔ سوکھا ۔ تشنہ ۔ وہ جگہ جہاں بارش نہ ہو ۔ بے باراں ۔ جھلسا ہوا ۔ مرجھایا ہوا ۔ تارک شراب ۔ دودھ سے خالی جانور ۔ بے مکھن کا روٹی کا ٹکڑا ۔ روکھا ۔ خشک ۔ بے مروت ۔ سرد مہر ۔ غیر دلچسپ ۔ بے غرضانہ ۔ بے تعصبانہ ۔ بے لوث ۔

Dryish *adj.* بے مروت سا ۔ قدرے خشک ۔

Dryness *n.* روکھا پن ۔ خشکی ۔

Dry (drī) *v.t. & i.* Make or become dry خشک کرنا ۔ سکھانا ۔ تری دور کرنا ۔ گائے کے تھن خشک کر دینا ۔

Dual (dū-əl) *adj. & n.* Two fold مثنوی ۔ دو حصوں میں منقسم ۔ دگنا ۔ دونا ۔ دھرا ۔

Duality *n.* دکڑی ۔ ثنویت ۔ دونا ۔ دہرا پن ۔ دوئیت ۔

Dualism *n.* دوازلی قوتوں کا قائل ہونا ۔ یزداں و اہرمن ۔ دوئیت ۔ عقیدہ ثنویت ۔

Dub (dub) *v.t. & n.* Make another recording کسی چیز کا ریکارڈ کرنا ۔ ریکارڈ تیار کرنا ۔ نشانے سے تلوار مس کرکے نائٹ بنانا ۔ کوئی نیا لقب دینا ۔ خطاب دینا ۔ مذاقیہ نام رکھنا ۔ مارنا ۔ ضرب لگانا ۔

Dubbing (dub-ing) *n.* Prepared grease نام یا لقب نائٹ بنانے کا عمل ۔ جوتے کا روغن ۔

Dubiety (du-bī-iti) *n.* Feeling of doubt شک ۔ اشتباہ ۔ مشکوک معاملہ ۔

Dubious (du-bi-əs) *adj.* Doubtful غیر معتبر ۔ پیچیدہ ۔ مشکوک ۔ مشتبہ ۔ مبہم شک کی حالت میں ۔ مذبذب ۔

Dubiousness *n.* مشکوک ہونا ۔ مشتبہ ہونا ۔ شبہ ۔ شک ۔

Dubitable (du-bit-ebl) *adj.* Expressing hesitation مشکوک ۔ غیر یقینی ۔ مشتبہ ۔ مذبذب ۔

Dubitation (du-bit-ə-shən) *n.* Doubt, hesitation اشتباہ ۔ پس و پیش ۔ تذبذب ۔

Dubitative (dū-bit-ə-tiv) *adj.* Inclined to hesitation پس و پیش کرنے والا ۔ مذبذب ۔

Ducal (dū-kəl) *adj.* Of Duke ڈیوک کی طرح ۔ ڈیوک کے متعلق ۔

Ducat (duk-ət) *n.* Small gold coin ایک طلائی سکہ جو تقریباً تین روپے کا ہوتا تھا ۔

Duchess (duch-əs) *n.* Duke's wife آن بان کی عورت ڈیوک کی بیگم یا بیوہ ۔ (بول چال) میوہ فروش کی بیوی ۔

Duchy (duch-i) *n.* Territory of Duke ڈیوک کا علاقہ ۔ ڈیوک کی ریاست ۔ کارنوال یا لنکا سٹر کا علاقہ جس کا مالک شاہ انگلستان ہوتا ہے ۔

Duck (duk) *n.* Wild swimming bird بطخ ۔ بط ۔ مرغابی ۔ مرغابی یا بط کا گوشت ۔ (مخاطبت میں) پیارا ۔ پیاری ۔

- **Like duck in thunderstorm** بد حواس ۔ سراسیمہ ۔
- **Like water of duck's back** بے نتیجہ ۔ بے اثر ۔
- **Duckling** *n.* مرغابی کا بچہ ۔
- **Ducky** *adj.* محبوب ۔ عزیز ۔ پیارا ۔

Duck (duk) *v.i., t. & n.* Plunge, dive پھرتی سے جھک جانا ۔ ڈبکی مارنا ۔ غوطہ لگانا ۔ جھکائی دینا ۔ غوطہ دینا ۔ دھکیل دینا ۔ ڈبکی ۔ غوطہ ۔

Ducker (duk-ər) *n.* One who breeds ducks بطخیں پالنے والا ۔ بطخوں کی نسل بڑھانے والا ۔

Ducker (duk-er) *n.* Diver خوشامدی ٹٹو ۔ غوطہ خور پرند ۔ ڈبکی مارنے والا ۔

Duct (duk-t) *n.* Tube نالی ۔ تنگ راستہ ۔

Ductile (duk-tīl) *adj.* Flexible دھات جو پیٹنے سے بڑھے ۔ ملائم ۔ نرم ۔ لچک دار ۔ دھات جس کے تار کھینچے جا سکیں ۔ تربیت پذیر ۔ سلیم الطبع ۔

- **Ducility** / **Ductileness** } تشکیل ۔ نرمی ۔ ملائمت ۔ تربیت پذیری ۔ لچک ۔

Dud (dud) *n.* Futile plan گولہ یا بم جو نہ پھٹے ۔ بے نتیجہ تجویز ۔ ٹائیں ٹائیں فش ۔ بے کار آدمی ۔ (جمع) کپڑے لباس ۔

Dude (dood) n. Fastidious person (بول چال) ایسا شخص جو انگریزی وضع قطع کی نقل کرے ۔ نفاست پسند ۔ بانکا ۔ چھیلا ۔ ٹھاٹھ کرنے والا ۔

Dudish *adj.* بانکا چھیلا سا ۔ قدرے نفاست پسند ۔

Dudgeon (duj-ən) *n.* Resentment نا اتفاقی ۔ ناراضگی ۔ خفگی ۔ ان بن ۔

Due (dū) *adj. & adv.* Owing, payable واجب الوصول ۔ واجب الادا ۔ لائق ۔ مناسب ۔ شایاں ۔ کافی ۔ ٹھیک ۔ معاہدے کے رو سے ۔ بر وقت ۔ بر محل ۔ بوجہ ۔ سبب سے ۔ جہت سے ۔

Due (dū) *n.* Person's right اختیار ۔ مطالبہ ۔ حق ۔ استحقاق ۔ محصول ۔ چنگی ۔

- **Give the devil his due** برے کے ساتھ بھی انصاف کرو ۔

Duel (dū-əl) *n. & v.t.* Fight between two persons جھگڑا چکانے کے لئے دو شخصوں کی لڑائی ۔ (تلوار ۔ پستول وغیرہ سے) دو آدمیوں کی لڑائی ۔ کشتی لڑنا ۔ ڈوئل لڑنے والا ۔

- **Duelist** *n.* ڈوئل لڑنا ۔

Duenna (dū-en-a) *n.* Elderly woman in charge of girls آتون ۔ استانی ۔ محافظ یا نگران عورت ۔ ادھیڑ عورت جو لڑکیوں کی استانی اور رفیق ہو ۔

Duet (du-et) *n.* Musical composition for two singers راگ جو دو مل کر گائیں ۔ دو سازی یا دو آوازی گیت ۔ مکالمہ ۔ بھٹیارنوں کی سی لڑائی ۔ میاں بیوی کا جوڑا ۔ دوگانا ۔

Duff (duf) *v.t.* Dough دیکھو ۔

Duff (duf) *v.t.* Fake up goods (بول چال) پرانی چیزوں کو نیا کرنا ۔ شکل بدل دینا ۔ پرانے مال کو نیا کر کے بیچنا ۔ مویشیوں کے پہچان کے ٹھپوں کو بدل دینا ۔

- **Duffer** (duf-ər) *n.* One who sells trash as valuable پرانے مال کو نیا بنا کر بیچنے والا ۔ خراب مال کو اچھے داموں بیچنے والا ۔ پھیری یا خوانچہ والا ۔ بے کار چیز ۔ بے سود شے ۔ نالائق ۔ نے کار شخص ۔

Dug (dug) *v.t.* Dig دیکھو ۔

Dugout (dug-out) *n.* Cause made by hallowing tree trunk ڈونگی ۔ کشتی جو درخت کے تنے کو کھوکھلا کر کے بنائی جائے ۔ خندق میں سپاہی کی محفوظ جگہ ۔ (بول چال) وظیفہ یاب افسر جس کو دوبارہ فوجی خدمت کے لئے طلب کیا جائے ۔

Duke (dūk) *n.* Chief of tribe جاگیر دار ۔ بادشاہ سے کم درجے کا ۔ نواب ۔ چھوٹے علاقہ کا فرمانروا ۔ چیری پھل کی ایک قسم ۔

Dukedom (dūk-dom) *n.* Territory of a Duke ڈیوک کا علاقہ یا مرتبہ ۔ نوابی ریاست ۔

Dulcet (duls-it) *adj.* Sweet (sound) ۔ میٹھی ۔ شیریں ۔ مزیدار ۔ لذیذ ۔ سریلی ۔

Dulcify (dul-sifi) *v.t.* Sweeten میٹھی بنانا ۔ لطافت یا شیرینی پیدا کرنا ۔ دھیما کرنا ۔ ملائم کرنا ۔

Dulcimer (dul-si-mər) *n.* Musical instrument with strings بربط ۔ ستار کی قسم کا باجا ۔ تاروں کا باجا ۔

Dulcinea (dul-sin-e-ā) *n.* Idolised mistress ایسا معشوق جس کو عاشق تمام اوصاف کا مجموعہ سمجھتا ہو اور اس کی پرستش کرتا ہو ۔ محبوبہ دلنواز ۔

Dull (dul) *adj., v.t. & i.* Slow of understanding سادہ لوح ۔ کودن ۔ غبی ۔ کند ذہن ۔ احمق ۔ گاؤدی ۔ ڈھیلا ۔ سست ۔ کاہل ۔ کند ۔ تھوڑا تھوڑا ۔ محسوس ہونے والا (درد) ۔ افسردہ ۔ سست ۔ بے لطف ۔ پھیکا ۔ ابر آلود ۔ کند کرنا یا موڑنا ۔ پست کرنا یا ہونا ۔

Dullard *n.* بے وقوف ۔ احمق ۔ گاؤدی ۔ کند ذہن ۔ غبی ۔

Dullish *adj.* بیوقوف سا ۔ کند ذہن سا ۔

Dullness *n.* حماقت ۔ سستی ۔ کند ذہنی ۔ بے حسی ۔

Duly (du-li) *adv.* Rightly حسب ضابطہ ۔ حسب دستور ۔ کما حقہ ۔ جیسا چاہیے ۔ پابندی سے ٹھیک وقت پر ۔

Dumb (dum) *adj.* Unable to speak گم سم ۔ گنگ ۔ گونگا ۔ چپکا ۔ خاموش ۔ بے زبان ۔ وہ جس کی زبان بندی کی گئی ہو اور اس کو حکومت کے معاملات میں بولنے کا حق نہ ہو ۔ بے آواز ۔ ساکت ۔

Dumb-found (dum-fownd) *v.t.* Strike dumb لاجواب کر دینا ۔ گھبرا دینا ۔ گونگا کرنا ۔ بد حواس کرنا ۔ ہوش و حواس غائب کر دینا ۔

Dum-dum (dum-dum) *n.* Expanding and explosive bullet ایک قسم کی بندوق کی گولی جو جسم میں داخل ہو کر پھیلتی اور پھٹتی ہے ۔ ڈم ڈم ۔

Dummy (dum-i) *adj. & n.* Players partner whose hand is exposed in Bridge گونگا مجسمہ جس کو دوکان میں نمائش کے لئے کپڑے پہنا کر کھڑا کرتے ہیں ۔ وہ شخص جو کسی کام میں برائے نام شریک ہو ۔ برج کے کھیل میں جس کے نام پر بولی چھوٹی ہو ۔ اس کا شریک جس کے پتے کھول دیئے جاتے ہیں ۔ کٹھ پتلی ۔ احمق ۔ کاٹھ کا الو ۔ مصنوعی چیز ۔ نقلی ۔ بناوٹی ۔ فرضی ۔

Dump (dump) *n.* Short thick objects چھوٹی اور موٹی چیز ۔ پست قد ۔ مضبوط آدمی ۔ جہاز کی چٹخنی ۔ جہاز میں کھیلنے کے لئے رسی کے چکر ۔ ایک قسم کا کھیل ۔ ایک قسم کی مٹھائی ۔

Dump (dump) *v.t., i. & n.* Deposit, shoots کوڑا کرکٹ پھینکنا یا جمع کرنا ۔ کم قیمت پر فروخت کرنے کے لئے مال دوسرے ملکوں میں بھیجنا ۔ زیادہ مسافروں کو غیر ممالک میں اتار دینا ۔ کوڑے کرکٹ کا ڈھیر ۔ میدان جنگ میں سامان حرب کا عارضی گودام ۔

Dumpling (dump-ling) *n.* Mass of dough baked حلوہ ۔ کھیر ۔ پکوڑی ۔

Dumps (dump-s) *n. p.* Depression بروگی گیت ۔ افسردگی ۔ اداسی ۔ رنج ۔ غم ۔ ملال ۔

Dumpy (dump-i) *adj. & n.* Short and stout چھوٹا اور موٹا ۔ ایک چھوٹے پیروں کی مرغی جو اسکاٹلینڈ میں پائی جاتی ہے ۔

Dun (dun) *adj. & n.* Dull greyish brown colour ہلکے بھورے رنگ کا ۔ ہلکے کالے رنگ کا ۔ ایک قسم کی مصنوعی مکھی جس سے مچھلی کا شکار ہوتا ہے ۔

Dun (dun) *n. & v.t.* Importunate creditor تقاضا کر کے قرض کا روپیہ وصول کرنے والا ۔ سخت گیر ۔ حیران کرنا ۔ تقاضوں سے پریشان کرنا ۔

Dunce (duns) *n.* Dullard گاؤدی ۔ بے وقوف ۔ الو ۔ احمق ۔ کودن ۔ غبی ۔

Dunderhead (dun-dər-hed) *n.* Stupid person احمق ۔ کاٹھ کا الو ۔ جانگلو ۔ کوڑ مغز ۔

Dung (dung) *n. & v.t.* Excrement of animals ۔ لید گوبر غلاظت ۔ گندگی ۔ اخلاقی گندگی ۔ روحانی ناپاکی ۔ زمین میں کھاد ڈالنا ۔

Dungeon (dun-jen) *n.* & *v.t.* Strong subterranean cell کمین گاہ ۔ پناہ کی جگہ ۔ مضبوط زمین دوز قلعہ ۔ قید خانہ ۔ کال کوٹھری ۔ قلعہ میں قید کرنا ۔

Dunghill (dung-hil) *n.* Heap of dung in farm yard گھوڑ ۔ کوڑا ۔ گوبر کا ڈھیر ۔ گندہ مکان ۔ بزدل آدمی ۔

Dunghill cock پلا ہوا مرغ ۔

Cock on his own dunghill وہ شخص جو اپنے گھر یا محلے کے لوگوں پر رعب ڈالے ۔ گھر کا تیس مار خاں ۔

Dungy (dung-i) *adj.* Dirty غلیظ ۔ میلا ۔ گوبریلا ۔ ناپاک ۔

Dunner (dun-ər) *n.* One who demands immediate payment of debt تقاضا کرکے قرض وصول کرنے والا ۔ سخت گیر ۔ متقاضی ۔

Duny (dun-i) *adj.* Block head بہرا ۔ کند ذہن ۔ بے وقوف ۔

Duo (doo-o) *n.* Pair of singers دو آدمیوں کے گانے کا گیت ۔

Dupe (dup) *n.* & *v.t.* Victim of deception سادہ لوح ۔ بھولا ۔ وہ شخص جو دھوکے میں آ جائے یا بیوقوف بن جائے ۔ الو بنانا ۔ دھوکا دینا ۔ ٹھگنا ۔

Dupable *adj.* دھوکا کھا جانے والا ۔ سادہ لوح ۔

Duple (du-pl) *adj.* Double دھرا ۔ دونا ۔ دگنا ۔

Duplex (du-pleks) *adj.* Of two elements دھرا ۔ دو عنصری ۔

Duplicate (du-pli-kit) *adj.* & *n.* With two corresponding parts دھرا ۔ دو چند ۔ وہ نوع جس کے صرف دو فرد ہوں ۔ ہو بہو نقل ۔ عین مین ۔ خط کا دستاویز کی نقل ۔ بل یا ہنڈی کا مثنیٰ ۔ دو چیزوں میں میں کلی مشابہت ۔

Duplicate (du-pli-kit) *v.t.* Multiply by two دھرا کرنا ۔ دگنا کرنا ۔ دونا کرنا ۔ ایک طرح کی دو چیزیں بنانا ۔ نقلیں تیار کرنا ۔

Duplication *n.* نقل مطابق اصل ۔ نقل ۔ ہم نوع ۔ ہم مشابہت ۔

Duplicator *n.* ایک دستاویز کی بہت سی نقلیں ۔ نقلیں اتارنے والی مشین ۔ نقل اتارنے والا ۔ تیار کرنے والی مشین ۔ نقل گیر کل ۔

Duplicity (dūp-li-siti) *n.* Double dealing مکاری ۔ دو رنگا پن ۔ دو رخا پن ۔ منافقت ۔ ریا کاری ۔ جعلی نقلیں تیار کرنا ۔

Durable (dūr-əbl) *adj.* Lasting استوار ۔ دائمی ۔ دیرپا ۔ مضبوط ۔ پائیدار ۔ مستحکم ۔

Durability, durableness *n.* استحکام ۔ دیرپائی ۔

Durance (dur-əns) *n.* Imprisonment قیام ۔ استقلال ۔ حبس ۔ حراست ۔ قید ۔

Duration (dur-ə-shən) *n.* Length of مدت ۔ زمانہ ۔ مہلت ۔ عرصہ ۔ میعاد ۔

Duress (dur-es) *n.* Forcible restraint ناجائز تشدد ۔ جبر و اکراہ ۔ قید ۔ حبس ۔ سختی ۔ دھمکی ۔ جبر ۔ تخویف ۔

Plea of dūress جبر و اکراہ کا عذر ۔

During (du-ring) *prep.* Throughout اس عرصہ میں ۔ در این ایام ۔ اندر ۔ درمیان ۔ مسلسل ۔ متواتر ۔ مابین ۔ دریں ولا ۔

Durra (doo-ra) *n.* Indian millet جوار ۔ باجرا ۔

Durian (doo-riən) *n.* Asian tree bearing large oval fruit دریان ۔ لذیذ میوہ ۔ پریوں کا میوہ ۔ جنگلی میوہ ۔

Dusk (dusk) *n. adj. v.t.* & *i.* Twilight شام کا دھندلکا جھٹ پٹا ۔ تاریک ۔ دھندلا ۔ دھندلا کر دینا ۔ دھندلا معلوم ہونا ۔

Dusky *adj.* دھندلا ۔ سیاہی مائل ۔

Dust (dust) *n.* Powdered earth گرد و غبار ۔ راکھ ۔ مٹی ۔ خاک ۔ جلے ہوئے مردے کی راکھ ۔ جسم انسانی ۔ انسان ۔ گور ۔ قبر ۔ تربت ۔ ذلت ۔ تحقیر ۔ روپیہ پیسہ ۔

Dust (dust) *v.t.* & *i.* Sprinkle with dust مٹی ڈالنا ۔ گرد آلود کرنا ۔ دھول جھاڑنا ۔ گرد جھٹکنا ۔ صاف کرنا ۔ پونچھنا ۔

Duster (dust-ər) *n.* Cloth for dusting جھاڑن ۔ جھاڑنے کا کپڑا ۔ صافی ۔ میز کرسیاں صاف کرنے والا ۔ جھاڑنے والا ۔

Dusting (dust-ing) *n.* Thrashing (بول چال) پٹائی ۔ گرد یا سنوف چھڑکنا ۔ دھول دھپا ۔ سمندر کے طوفان کے ہچکولے ۔

Dusty (dust-i) adj. Covered with dust بے مزہ ۔ خاک آلود ۔ گرد سے اٹا ہوا ۔ غبار آلود ۔

Dutch (du-ch) adj. & n. Inhabitant of Holland ولندیزی باشندہ ۔ ولندیزی قوم کا ۔

Dutch (duch) n. دیکھو ۔ Dutchess

Dutchman (duch-mən) n. Hollander ہالینڈ یا نیدر لینڈ کا باشندہ ۔ ولندیزی ۔

Duteous (dū-ti-əs) adj. Dutiful فرمانبردار ۔ مودب سعادتمند ۔ فرض شناس ۔ اطاعت شعار ۔ وفا دار ۔ نمک حلال ۔ مطیع ۔

Duteousness n. فرض شناسی ۔ اطاعت شعاری ۔

Dutiable (dū-ti-əbl) adj. Taxable محصول لگنے کے قابل ۔ قابل محصول ۔

Dutiful (du-ti-ful) adj. Having sense of duty فرض شناس ۔ وفا دار ۔

Duty (dū-ti) n. Moral or legal obligation فرض ۔ حق ۔ قانونی پابندی ۔ اخلاقی پابندی ۔ فریضہ ۔ فرض منصبی ادائے فرض ۔ ادب ۔ تعظیم ۔ احترام ۔

Dwarf (dwa-wrf) n., adj., & v.t. Person, animal or plant much below ordinary بونا ۔ ٹھگنا ۔ ناٹا ۔ پستہ قد ۔ چھوٹے قد کا آدمی ۔ پالشتیا ۔ پودے جن کی باڑہ ماری گئی ہو ۔ جسمانی یا دماغی بالیدگی میں اختلال واقع ہونا ۔ باڑہ مارنا ۔ بونا یا پستہ قد نظر آنا ۔

Dwarfish adj. پستہ قد ۔ بونا سا ۔ ٹھگنا سا ۔

Dwell (dwel) v.i. Make abode بسنا ۔ رہنا ۔ ٹھہرنا ۔ سکونت اختیار کرنا ۔ بود و باش رکھنا ۔ کسی مضمون پر مسلسل اظہار خیال کرنا ۔ دیر تک گفتگو یا عذرات کرتے رہنا ۔

Dweller (dwel-ər) n. Resident ساکن ۔ مقیم ۔ باشندہ ۔ باسی ۔ رہنے والا ۔

Dwelling (dwel-ing) n. House رہنے کا مقام ۔ قیام ۔ مسکن ۔ مکان ۔ گھر ۔

Dwindle (dwin-dl) v.i. Become smaller گھٹنا ۔ سکڑنا ۔ سمٹنا ۔ کم ہونا ۔ رو بہ تنزل ہونا ۔ اخلاق حالت بگڑنا ۔ قدر گھٹنا ۔

Dye (dī) v.t., i. & n. Colour رنگ دینا ۔ رنگ چڑھانا ۔ رنگنے کا مسالہ ۔ رنگ ۔ لون ۔

Dying (di-ing) n. Death موت ۔ مرنا ۔

Dying (di-ing) adj. آخری وقت کا ۔ موت کے وقت کا ۔

Dyke (dik) n. دیکھو ۔ Dike

Dynamic (din-a-mik) adj. & n. Potent, of motive force قوت عمل رکھنے والا ۔ حرکی قوت کا ۔ قوت آفریں ۔ حرکت ۔ متحرک ۔ محرک ۔

Dynamism n. Theory that mind and matter are action of forces یہ نظریہ کہ ذہن اور مادہ فطری قوتوں کی حرکت سے پیدا ہوتے ہیں (اصل جوہر قوت ہے) ۔

Dynamical (din-am-kəl) adj. Of dynamics قوت محرکہ سے متعلق ۔ نظریہ قوت کے بارے میں ۔

Dynamics (dīna-miks) n. & p. Science of motion علم حرکت ۔ علم حرکیات ۔

Dynamite (din-am-it) n. & v.t. High explosive ڈائنا میٹ سے اڑا دینا ۔ بھک سے اڑنے والا ۔

Dynamo (din-ə-mo) n. Machine producing electric energy برق قوت پیدا کرنے والی مشین ۔ ڈائنامو ۔

Dynamo-meter (dinə-mo-meter) n. Instrument for measurement of energy gauge for telescope's magnifying power برق قوت اور دوربین کی طاقت ناپنے کا آلہ ۔

Dynasty (din-asti) n. Line of hereditary rulers شاہی گھرانہ ۔ خاندان شاہی ۔ سلسلہ سلاطین ۔

Dysentery (dis-ən-teri) Disease of inflamed intestinal glands آنوں اور لہو کے دست ۔ آنتوں کا ورم ۔ پیچش ۔

Dysenteric پیچش کے متعلق ۔

Dyspepsia (dis-pep-si-ā) n. Indigestion بد ہضمی ۔ ضعف معدہ ۔ اسہال ۔

Dyspeptic adj. ضعف معدہ کا مریض ۔

Dyspnoea (disp-nea) n. Difficult breathing سانس کا رکنا ۔ ضیق النفس ۔

Dispnoeic adj. ضیق النفس کا مریض ۔

E

E (ē) Fifth letter of the English alphabet shortened form of Ex : Second-class ship in lyod's register انگریزی حروف تہجی کا پانچواں حرف ۔ ایک دوسرے سابقہ .Ex کا مخفف ۔ الجبرا میں ایک عدد مخفف کرنے کے لئے یہ استعمال ہوتا ہے ۔ لائڈ کے رجسٹر میں دوسرے درجے کا جہاز ۔

Each (ēch) *adj.* & *p.* Every one taken separately دو میں سے ہر ایک ۔ ہر ۔ ہر ایک ۔ فی ۔ ایک ایک ۔

Eager (ēg-ər) *adj.* Full of keen desire متمنی ۔ شوقین ۔ مشتاق ۔ خواہشمند ۔ صاحب ذوق ۔ سرگرم ۔ بے قرار ۔

Eagerly *adv.* مشتاقانہ ۔ بہ دل و جان ۔ سرگرمی سے ۔ شوق سے ۔

Eagle (ē-gl) *n.* Large bird of prey ایک بڑا شکاری پرند ۔ گدھ ۔ عقاب ۔

Eaglet (ē-glət) *n.* Young eagle گدھ کا بچہ ۔ عقاب کا بچہ ۔

Ear (ēr) *n.* Organ of hearing قوت سامعہ ۔ گوش ۔ کان ۔ اچھے برے راگ کی تمیز ۔

Ear-ache کان کا درد ۔

Earmark جانور کے کان پر بنایا ہوا نشان جو مالک کا پتہ دے ۔ علامت ۔ نشانی ۔ سرمائے یا روپیہ کو کسی خاص مقصد کے لیے مختص کرنا ۔

Prick up one's ears چوکنا ہو جانا ۔ کان کھڑے کرنا ۔

Ear (ēr) *n.* Spike اناج کی بالی ۔ بھٹا ۔

Earing (ēr-ing) *n.* Small rope fastening upper corner of sail to yard چھوٹی رسی جو بادبان کو مستول سے باندھتی ہے ۔ جہاز کے پال کا رسہ ۔

Earl (ə-rl) *n.* Noble man انگلستان کے تیسرے درجہ کا امیر (مارکوئیس اور وائی کاؤنٹ کے درمیان) ۔

Earldom نوابی ۔ ارل کا درجہ ۔ ارل کا علاقہ ۔

Early (erl-i) *adj.* & *adv.* Absolutely or relatively near to the beginning of time ۔ پہلے کا ۔ بروقت ۔ جلد ۔ تڑکے ۔ سویرے ۔ پیش از وقت ۔ ابتدائی ۔ قدیم ۔

Earn (ə-rn) *v.t.* Obtain سزا وار ہونا ۔ لائق ہونا ۔ پیدا کرنا ۔ کمانا ۔ حاصل کرنا ۔

Earnest (ər-nist) *adj.* جوشیلا ۔ تمنائی ۔ آرزومند ۔

Serious مشتاق ۔ سنجیدہ ۔ مستعد ۔

Earnestness *n.* سنجیدگی ۔ مستعدی ۔

Earnest (ər-nist) *n.* Money paid for confirming contract ۔ زر پیشگی ۔ بیعانہ ۔ سائی ۔ سنجیدگی ۔ راستی ۔

Earning (ə-rn-ing) *n.* Money earned ۔ تنخواہ ۔ اجرت ۔ کمائی ۔ آمدنی ۔

Ear-ring (ēr-ring) *n.* Ornament for ear انتی ۔ بجلی ۔ مرکی ۔ بالی ۔

Earth (ərth) *n.* The ground, land دھرتی ۔ زمین ۔ عالم ۔ جہاں ۔ دنیا ۔ بھومی ۔ خشکی ۔ مٹی ۔ خاک ۔ ملک ۔ خطہ ۔ دریا ۔ وطن ۔ دنیا ۔ کرۂ ارض ۔ ربع مسکون ۔

Earth-worm *n.* حشرات الارض ۔ مٹی کے کیڑے ۔ کیچوا ۔

Earth (ərth) *v.t.* & *i.* Cover with مٹی ڈالنا ۔ زمین دوز کرنا ۔ ۔ زیر زمین کرنا ۔ دبانا ۔ پودوں کی جڑوں کو مٹی سے ڈھکنا ۔ بجو یا لومڑی کو تعاقب کر کے بھٹ میں بھگا دینا ۔

Earthen (erth-en) *adj.* Of earth مٹیالا ۔ سفالی ۔ خاکی ۔ گلی ۔ مٹی کا ۔

Earthenware ظروف گلی ۔ مٹی کے برتن ۔

Earthly (ər-th-li) *adj.* Of the earth ۔ دنیاوی ۔ ارضی ۔ زمین کے متعلق ۔

Earthquake (ərth-kwāk) *n.* Convulsion of earth's surface انقلاب ۔ شق الارض ۔ زلزلہ ۔ بھونچال ۔

Earthy (ər-th-i) *adj.* Like earth وزنی مادے کی (چیز) زمین کا ۔ مٹی کا ۔

Ease (ēz) *n.* Freedom from trouble راحت ۔ آرام ۔ چین ۔ سکھ ۔ آسائش ۔ آسودگی ۔ فراغت ۔ فرصت ۔ تسکین ۔ درد سے نجات ۔

Stand at ease قواعد میں ایک حکم ۔ آسانی سے کھڑا ہونا ۔

Ease (ēz) *v.t.* & *i.* Relieve from pain درد سے نجات دینا ۔ درد دور کرنا ۔ سکھ چین یا آرام دینا ۔ بادبان یا رسی ڈھیلی کرنا ۔ انجن کی رفتار سست یا کم کرنا ۔

Easeful (ēz-ful) *adj.* Comfortable آرام طلب ۔ مسکن ۔ آرام دہ ۔

Easement (ēz-mənt) *n.* Right of way حق آسائش ۔ کسی دوسرے کی زمین پر راستہ کا حق ۔ کسی دوسری عمارت کا ملحقہ مکانات سے راستہ بنانے کا حق ۔

Easily (ēz-i-li) *adv.* With ease آرام کے ساتھ ۔ سہولت سے ۔ آسانی سے ۔

Easiness (ēs-i-nəs) *n.* Comfort چین ۔ سکھ ۔ آرام ۔ سہولت ۔ آسانی ۔ آسائش ۔ بردباری ۔ حلم ۔ ملائمت ۔

East (ēst) *adv., n. & adj.* The point where the sun rises مشرق ۔ پورب کی طرف ۔ طلوع آفتاب کی سمت ۔ مشرق ۔

East (ēst) *adj.* Eastern پوربی ۔ شرقی ۔ مشرقی ۔

Eastward *adj. & n.* پورب کی طرف ۔ پوربی رخ ۔ مشرق کی جانب ۔

Easter (ēst-ər) *n.* Festival of Christ's resurrection حضرت عیسیٰ کے از سر نو زندہ ہونے کا تہوار ۔ حضرت عیسیٰ کے قبر سے اٹھنے کا دن ۔ عید الفصح ۔

Easterly (ēst-ər-li) *adj. & adv.* In eastern direction جانب مشرق ۔ پروا ۔ پوربی ۔

Eastern (ēst-ərn) *adj. & n.* The east part of the world دنیا کا مشرقی حصہ ۔ شرقی ۔ مشرقی ۔ مشرقی حصہ کے متعلق ۔

Easy (ēz-i) *adj., adv. & n.* With comfort بے غم ۔ خوش ۔ آرام سے ۔ با آرام ۔ آرام دہ ۔ تسکین بخش ۔ مندی ۔ جنس جس کی مانگ کم ہو ۔ نرم مزاج شخص ۔

Easy circumstances خوشحالی ۔ فارغ البالی ۔

Take it easy دلجمعی سے کئے جاؤ ۔ گھبراؤ مت ۔

Eat (ēt) *v.t. & i.* Take food, swallow نگلنا ۔ چبانا ۔ تناول کرنا ۔ کھانا کھانا ۔ ہضم کرنا ۔

Eat a humble pie ذلت اٹھا کر معذرت کرنا ۔ خفت اٹھانا ۔

Eat one's heart out دل ہی دل میں کڑھنا ۔

Eatable *adj. & n.* کھانا کھانے کی چیزیں ۔ خوردنی ۔ کھانے کے لائق ۔

Eating (ēt-ing) *n.* The act of تناول طعام ۔ کھانا کھانے کا عمل ۔

Eating house دار الطعام ۔ کھانے کی جگہ ۔ طعام خانہ ۔

Eaves (ēvz) *n.* Overhanging edge of roof اولتی ۔ چھجا ۔

Eavesdrop چھجے کے نیچے چھپ کر باتیں سننا ۔

Eavesdropper جاسوس ۔ مخبر ۔ چھپ کر باتیں سننے والا ۔

Ebb (eb) *n. & v.t.* Reflux of tide اتار ۔ پانی کا اتار ۔ جذر ۔ بھاٹا ۔ گھاٹا ۔ زوال ۔ تنزل ۔ اترنا ۔ گھٹنا ۔

Ebon (ebən) *adj.* Made of ebony کالا ۔ سیاہ ۔ آبنوس کا ۔ آبنوسی ۔

Ebony (e-bə-ni) *adj. & n.* A kind of hard black-wood آبنوسی ۔ آبنوس ۔

Ebriety (e-bri-i-ti) *n.* Drunkenness متوالا پن ۔ مدہوشی ۔ سرشاری ۔ بد مستی ۔

Ebrious (e-bri-iəs) *adj.* Drunk متوالا ۔ شرابی ۔ مدہوش ۔ مستانہ ۔

Ebullient (ə-bul-yent) *adj.* Boiling, exuberant پر جوش ۔ ابلنے والا ۔ آپے سے باہر ہو جانے والا ۔ جوش یا ابال کی حالت میں ۔

Ebullition (eb-ə-lish-ən) *n.* Effervescence آپے سے باہر ہونا ۔ بھبکا ۔ جوش ۔ ابال ۔

Eccentric (ek-sen-trik) *adj.* Not circular مرکز سے پھرا ہوا ۔ منحرف المرکز ۔ بے مرکز ۔ کج رو ۔ نرالا ۔ عجیب و غریب ۔ بے قرینہ ۔ بے عقیدہ ۔ خارج از عقیدہ ۔

Eccentricity (ek-sen-tri-siti) *n.* Irregularity نرالا پن ۔ بے قاعدگی ۔ لا مرکزیت ۔ کجروی ۔ بے قاعدہ چال ۔ بکر چال ۔

Ecclesiastic (ikle-zi-a-stik) *n. & adj.* Clergyman پادری ۔ کلیسائی ۔ خادم دین ۔ دین مسیح ۔ کلیسا کا عہدہ دار ۔

Ecclesiastical (ikle-zi-a-stikəl) *adj.* Of the church متبرک ۔ آسمانی ۔ کلیسا کے متعلق ۔

Ecclesiology (ikle-zi-a-ləgi) *n.* Science of churches گرجوں کی ساخت اور سجاوٹ کا علم ۔

Ecdysis (ec-di-sis) *n.* Casting off Slough in serpents کینچلی ۔ سانپ کا کینچلی اتارنا ۔

Echelon (e-shə-lon) *n. & v.t.* Formation of troops in parallel divisions متوازی قطاروں میں فوج کی ترتیب ۔ فوج کو اس طرح ترتیب دینا ۔

Echinite (eki-nīt) *n.* Sea urchin خار پشت ۔

Echinus (eki-nəs) *n.* Animal inhabiting prickly shell خار پشت - سیہی -

Echo (ekō) *n.* Reflection of sound waves صدا - گونج - صنعت رو العجز علی الصدر-

Echo (ekō) *v.i. & t.* Resound - گونجنا - گونج پیدا کرنا - آواز کا لوٹنا یا لوٹانا -

Eclair (a-kler) *n.* Finger shaped cake filled with cream ملائی - سموسہ - مٹھائی کی لمبی قلم جس میں ملائی بھری ہو -

Eclat (ā-klā) *n.* Conspicuous success - شان و شوکت - دھوم دھام - نمایاں کامیابی - زیب و زینت - کر و فر - تزک و احتشام -

Eclectic (ek-lik-tik) *adj. & n.* Borrowing ideas freely from every school انتخاب کرنے والا - چننے والا - ہر مکتب خیال سے اخذ کرنے والا - آزاد خیال - وسیع المشرب انسان -

Eclipse (i-klips) *n.* Interception of light of a luminous body روشنی رک جانا - گرہن - گہن - اندھیرا - تاریکی - کسوف - خوف -

Eclipse (i-klips) *v.t.* Intercept by coming in front بے نور کرنا - آڑ میں لے لینا - روشنی روک دینا - بے رونق کرنا - گرہن لگانا - ماند کرنا -

Ecliptic (ik-lip-tik) *adj. & n.* Sun's apparent orbit وہ دور جس سے سورج گزرتا ہوا معلوم ہوتا ہے - گہن سے متعلق - مدار الشمس - طریق الشمس -

Eclogue (ek-log) *n.* Pastoral dialogue - دیہاتی راگ - دیہاتی مکالمہ - دھقانی زبان میں مختصر نظم یا گیت -

Economic (e-kon-ə-mik) *adj. & n.* On a business footing تجارتی بنیاد پر - اقتصادی - کفایت شعارانہ - پر منفعت - صنعت و حرفت سے متعلق - منفعت - تجارت -

Economical (ekon-ə-mik-əl) *adj.* Saving, thrifty بچانے والا - کفایت شعار - معاشیات کے متعلق - معاشی - معاشیاتی -

Economics (e-kon-ə-miks) *n.* Practical science of wealth اقتصادیات - معاشیات - وہ علم جس میں پیدائش اور تقسیم دولت سے بحث کی جاتی ہے -

Economist (e-kon-ə-mist) *n.* Writer or teacher of political economy اقتصادیات کا ماہر - مصنف یا معلم -

Economize (e-kon-ə-miz) *v.t. & i.* Use sparingly کفایت شعاری کرنا - واجبی خرچ کرنا - خرچ میں میانہ روی اختیار کرنا -

Economy (e-kon-ə-mi) n. Frugality دولت کا نظم و نسق - کسی ریاست کی آمدنی اور خرچ کا توازن - اجتماعی تنظیم - جماعتی وسائل - کسی عقیدے کو پیش کرنے کا سلیقہ -

Ecstasy (ek-stəs-i) *n.* Rapture - انبساط - انتہائی مسرت - از حد خوشی - شادی مرگ - وہ بیماری جس میں ایک ہی خیال ذہن پر چھا جاتا ہے -

Ecstatic (ek-stə-tik) *adj.* Producing ecstasy شادی مرگ کرنے والا - وجد میں لانے والا - از حد خوش کرنے والا - دل کو لبھانے والا -

Edacious (e-da-shəs) *adj.* Greedy شکم پرور - پیٹو - کھاؤ - بسیار خور - لالچی -

Edacity *n.* - کھانے کا ہوکا - شکم پروری - بسیار خوری

Eddy (ed-i) *n.* Small whirlpool چکر دار بہاؤ - پانی کا چکر - گرداب - بھنور -

Eddy (ed-i) *v.t. & i.* Moving in a whirl بھنور کی طرح چکر کھانا - بھنور بننا - دھوئیں وغیرہ کا پیچ یا چکر بننا -

Eden (ē-dn) *n.* Abode of Adam and Eve حضرت آدم اور حوا کی جنت - بہشت - فردوس -

Edentate (ē-den-tat) *adj. & n.* Toothless بے دانت کا جانور - پوپلا - بوڑھا - بے دانت -

Edge (ej) *n.* Sharpened side of a cutting instrument دھار - باڑہ - کنارہ - حاشیہ - نازک حالت -

Edge (ej) *v.t. & i.* Sharpen - سنگ چڑھانا - سان پر چڑھانا - دھار رکھنا - تیز کرنا - جھالر یا حاشیہ لگانا - کنارہ بنانا - کتراتے ہوئے چلنا - بھڑکانا - ترغیب دینا - اکسانا - ہولے ہولے سرکنا یا سرکانا -

Edgewise (ej-wīz) *adv.* With edge foremost کنارے کنارے - دھار کی جانب -

Edging (ej-ing) *n.* Borde, fringe مغزی - کنارہ - سنجاف - کور - حاشیہ - جھالر -

Edible (ed-i-bl) *adj. & n.* Fit to be eaten لذیذ - خوردنی - کھانے کے قابل -

Edict (e-dikt) *n.* Order proclaimed by authority فرمان - حکم - بادشاہی حکم - فتویٰ -

Edifice (e-di-fis) *n.* Large building شاندار عمارت ۔ حویلی ۔ بڑی عمارت ۔ عالی شان مکان ۔

Edify (ed-ifi) *v.t.* Improve spiritually and morally روحانی استفادہ کرنا ۔ روحانیت بلند کرنا ۔ تہذیب سکھانا ۔ اخلاقی حالت درست کرنا ۔

Edification *n.* اخلاقی اصلاح ۔ روحانی افادہ ۔

Edit (ed-it) *v.t.* Set in order for publication اشاعت کے لئے ترتیب دینا ۔ ترمیم کر کے چھاپنا ۔ درست کر کے شائع کرنا ۔

Edition (edi-shən) *n.* Form in which a literary work is published چھاپہ ۔ طبع ۔ اشاعت ۔ ترتیب ۔ نسخہ ۔ ایک بار اور ایک مطبع کی چھپی ہوئی ۔

Editor (e-di-tər) *n.* One who edits اخبار رسالہ کا مرتب ۔ ایڈیٹر ۔ مدیر ۔

Editorial وہ خاص مضمون جو مدیر لکھتا ہے ۔ اداریہ ۔

Educate (ed-ū-kat) *v.t.* Provide schooling for تعلیم دینا ۔ سکھانا ۔ لکھانا پڑھانا ۔ تربیت کرنا ۔ تہذیب کرنا ۔ اصلاح کرنا ۔ جانوروں کو سدھانا ۔

Educative *adj.* تعلیم سے متعلق ۔ مصلحانہ ۔ سبق آموز ۔

Education (edū-ka-shən) *n.* Systematic instruction تربیت ۔ باقاعدہ تعلیم ۔ لکھائی پڑھائی ۔ باضابطہ تعلیم ۔ جانوروں کی سدھائی ۔

Educational *adj.* تعلیم و تربیت کے متعلق ۔

Educationist *n.* فن تعلیم کا ماہر ۔ مصلح تعلیم ۔ ماہر تعلیم ۔

Educe (ē-dūs) *v.t.* Develop, bring out کھینچنا ۔ باہر نکالنا ۔ نکالنا ۔ استخراج کرنا ۔ ترقی دینا ۔ بروئے کار لانا ۔ مرکب کے کسی جزو کو علیحدہ کرنا ۔

Educt (ē-dukt) *n.* Body disengaged from another وہ جسم جو کسی دوسرے سے علیحدہ کیا جائے ۔ جو چیز تجربہ یا تجزیہ سے پیدا ہو ۔ استخراج ۔ استنباط ۔

Eduction (ē-duk-shən) *n.* Educing آمیزش سے علیحدہ کرنے کا عمل ۔ استنباط ۔ نکاس ۔ عمل استخراج ۔

Eel (el) *n.* A snake like fish کمزور متلون شخص ۔ بام مچھلی ۔ ایک سفید کیڑا جو سر کے میں پڑ جاتا ہے ۔

Eerie (ēri) *adj.* Superstitiously timid وہمی ۔ بزدل ۔ اوہام پرست ۔ عجیب و غریب ۔ بھیانک ۔

Efface (ē-fas) *v.t.* Wipe out ملیا میٹ کرنا ۔ قلم پھیرنا ۔ محو کر دینا ۔ مٹا دینا ۔ فنا کر دینا ۔ حقیر جاننا ۔

Effacement فنا ہو جانا ۔ مٹ جانا ۔

Effect (i-fekt) *n.* Consequence تاثیر ۔ حاصل ۔ نتیجہ ۔ انجام ۔ اثر ۔ قوت اثر ۔ زور کمال ۔ مقصد ۔ ارادہ مطلب غرض (جمع) اثاث البیت ۔ مال و متاع ۔ چیز بست ۔

Effect (i-fekt) *v.t.* Accomplish کامیاب ہونا ۔ انجام دینا ۔ کر لینا ۔ کرنا ۔ وجود میں لانا ۔ بجا لانا ۔ تعمیل کرنا ۔ عمل میں لانا ۔ پورا کرنا ۔ پیدا کرنا ۔ حاصل کرنا ۔

Effective (i-fek-tiv) *adj.* & *n.* Powerful in effect کاری ۔ کارگر ۔ موثر ۔ قوی ۔ مجرب ۔ تیر بہدف ۔

Effectual (i-fek-tu-əl) *adj.* Answering into purpose کارگر ۔ با مقصد ۔

Effectuate (i-fek-tu-āt) *v.t.* Bring to pass تعمیل کرنا ۔ بجا لانا ۔ پورا کرنا ۔ بروئے کار لانا ۔

Effeminate (i-fem-in-āt) *adj.* Unmanly زنانہ ۔ بزدل ۔ نامرد ۔ زن صفت ۔

Effeminate (i-fem-in-āt) *v.t.* Make unmanly کمزور بنانا ۔ نامرد بنانا ۔ بزدل بنانا ۔

Effendi (e-fend-i) *n.* Turkish title of respect ترکوں کا ایک تعظیمی لقب حکام اور اہل علم کیلئے ۔

Efferent (e-fə r-ənt) *adj.* Discharging خارج کرنے والی ۔ نکالنے والی ۔

Effervesce (ef-ər-ves) *v.t.* Give off bubbles ہوا کے بلبلوں کا باہر آنا ۔ ابال آنا ۔ جوش آنا ۔

Effete (e-fet) *adj.* Exhausted فرسودہ ۔ ناتواں ۔ کمزور ۔ تھکا ہوا ۔ بچے دینے کی عمر سے گزری ہوئی ۔ عمر رسیدہ ۔ ضعیف ۔

Efficacious (ef-ika-shəs) *adj.* Producing desired effect موثر ۔ کارگر ۔ مجرب ۔ یقینی اثر کرنے والا ۔

Efficacy *n.* گن ۔ قوت ۔ اثر ۔ تاثیر ۔

Efficient (i-fish-ənt) *adj.* Competent پورا ۔ کامل ۔ لائق ۔ لیاقت والا ۔ قابل ۔ تاثیر بخش ۔ جلد اثر کرنے والا ۔ زود اثر ۔

Efficiency (i-fish-ənsi) *n.* Capability صلاحیت ۔ کمال ۔ لیاقت ۔ تاثیر ۔ کارگزاری ۔ کارکردگی ۔

Effigy (efi-ji) *n.* Portrait, image - شبیہ - پتلا - خاکہ - بت - مورت - شکل - چہرہ -

Effloresce (ef-lo-ris) *v.t.* Burst out into flower پھولنا - شباب پر ہونا - بار آور ہونا - کمال کو پہنچنا - ہوا لگنے سے ریزہ ریزہ ہو جانا - سطح پر آ کر بلوریں بن جانا - نمک کے ذرات کا جم جانا - لونی لگنا -

Efflorescence *n.* - پھول کھلنا - کلیاں آنا - شگفتگی -

Efflorescent *adj.* - پر غنچہ - پھولوں لدا - شگفتہ -

Effluence (ef-loo-əns) *n.* What flows out - روانی - خروج - نکاس - بہاؤ (برقی روکا) روشنی کا پھیلاؤ -

Effluent (ēf-loo-ənt) *adj.* & *n.* Flowing out, stream flowing from longer stream - بہتا ہوا جاری - روان - چشمہ یا پانی کی دھار جو کسی بڑے چشمے سے نکلے -

Effluvium (ē-floo-vi-əm) *n.* Exhalation affecting lungs باہر آنے والی ہوا - باہر آنے والی سانس جو پھیپھڑوں اور قوت شامہ کو متاثر کرے -

Efflux (ef-luks) *n.* That which flows out (liquid, air, gas) - باہر کی جانب بہاؤ ہوا گیس وغیرہ کا - ریزش -

Effort (ēf-ərt) *n.* Display of power - تکاپو - سعی - جد و جہد - قوت کا اظہار - دوڑ دھوپ - سرگرمی - قوت گویائی کی نمائش -

Effrontery (e-frunt-ər-i) *n.* Shameless audacity گستاخی - بے شرمی - ڈھٹائی - شوخی - دیدہ دلیری -

Effulge (ē-fulj) *v.t.* Shine forth - دمکنا - چمکنا - جھلکنا -

Effulgent (ē-fulj-ənt) *adj.* Radiant - منور - درخشاں - چمکدار - نورانی -

Effulgence *n.* - تابانی - درخشانی - نور - دمک چمک -

Effuse (e-fūz) *v.t.* Pour forth - خارج کرنا - انڈیلنا - گرانا - بہانا - نکالنا -

Effuse (e-fūz) *adj.* Spreading loosely کشادہ - دو پلڑوں والا خول جس کے درمیان خلا ہو - جیسے سیپی -

Effusion *n.* - فضول گوئی - بے تکی تجویز - چھڑکاؤ - بہاؤ - ریزش -

Effusive (e-fū-ziv) *adj.* Demonstrative پر جوش تقریر کرنے والا - بہانے والا - پر جوش - پر زور - جذبات سے لبریز -

Egad (i-gad) *interj.* By God - بخدا - واللہ - خدا کی قسم -

Egg (eg) *n.* Spheroidal body produced by birds انڈا - بیضہ -

Bad egg ناکارہ تحریر - ناکارہ شخص -

Teach your grandmother to suck egg لقمان کو حکمت سکھانا -

Egg (eg) *v.t.* Urge (person) on لالچ دینا - تحریص کرنا - ترغیب دینا - آمادہ کرنا - اکسانا - ابھارنا -

Eglantine (eg-lən-tin) *n.* Sweet briar ایک قسم کا پھول - نسرین - سیوتی -

Ego (e-go) *n.* The conscious subject - خودی - شعوری ذات - انا - میں -

Egoism (e-go-izm) *n.* Systematic selfishness خود غرضیت - فلسفہ - خود غرضی - خود ستائی - خودی کا اثبات - انائیت -

Egoist (e-go-ist) *n.* Self-centred person - خود بین - خود پسند - خود غرض -

Egoistic (ego-istik) *adj.* Selfish خود ستایانہ - خود پسندانہ - خود غرضانہ -

Egotism (e-gə-tizm) *n.* Self-conceit بار بار لفظ میں کا استعمال - خود فریبی - خود بینی -

Egotist (e-gə-tist) *adj.* Conceited خود غرض - خود بین - خود نما - خود ستا -

Egregio (i-gre-jio) *adj.* Surpassing نامور - پرلے درجہ کا - اشد - بڑا -

Egress (e-gres) *n.* Way out - باہر جانے کا راستہ - روانگی - خروج - نکاس - کسوف یا کسی جرم فلکی کا دوسرے جرم فلکی کے راہ سے گزر جانا -

Egression (e-gre-shən) *n.* Going out کسی جرم فلکی کا دوسرے کے قرص پر سے گذرنا - خروج - باہر نکلنا - باہر جانا - ایک جرم فلکی کا دوسرے کے مدار کو کاٹ کر گزرنا -

Egret (e-gret) *n.* White heron ڈنڈی میں پودے کے بیج کی روئیں - ایک قسم کا بگلا -

Egyptian (i-jip-shən) *n.* Native of Egypt مصر کے متعلق - مصری - مصری باشندہ -

Egyptolgy (i-jip-to-loji) *n.* Study of Egyptian antiquities - مصر کی قدیم تہذیب کا علم - مصریات -

Eight (at) *n.* Eight in numbers - ہشت - آٹھ -

Eighteen (āt-en) *n.* Eighteen in numders - دہ ہشت - اٹھارہ -

Eighty (āt-i) *n.* Eighty in numbers ہشاد - اسی -

Either (e-dher) *adj., in. & pro.* Each of two, one of the two خواہ یہ یا وہ - چاہے یہ - دونوں میں سے ایک - یا یہ یا وہ - کوئی ایک - دونوں - ہر دو - ہر ایک - دونوں صورتوں میں - ہر دو حالتوں میں -

Either (ēdher) *adv.* On one or other اس طرح سے یا اُس طرح سے - چاہے اس طرح - چاہے اُس طرح - اس راہ سے یا اُس راہ سے -

Ejaculate (i-jak-u-lat) *v.t.* Utter suddenly یکایک بول اٹھنا - بول اٹھنا - جسم سے رقیق مادہ نکال پھینکنا -

Eject (ē-jekt) *v.t.* Emit, expel بے دخل کرنا - نکالنا - باہر کرنا - بر طرف کرنا - خارج کرنا - فاسد مادے کا نکالنا - باہر پھینکنا -

Ejection *n.* جلا وطنی - دیس نکالا - بے دخلی - اخراج نکاس -

Ejectment *n.* اخراج نامہ - اخراج - بے دخلی کا حکم - بے دخلی -

Ejective *adj.* استباطی - خارج کرنے والا -

Eke (ēk) *v.t.* Support کمی پوری کرنا - زیادہ کرنا - تکملہ کرنا -

Eke out an existence تنگی ترشی سے بسر کرنا -

Elaborate (i-lab-ər-āt) *v.t.* Work out in detail تفصیلی طور پر مکمل کرنا - تفصیل کرنا - محنت اور مشکل سے بنانا - کسی ایجاد کی تفصیلات کو تکمیل تک پہنچانا -

Elaborate (i-lab-ər-āt) *adj.* Carefully finished محنت اور توجہ سے تکمیل کو پہنچایا ہوا - محنت سے بنایا ہوا - دشوار - مشکل -

Elapse (i-laps) *v.i.* Pass away ہو جانا - ہو چکنا - وقت ختم ہو جانا - گزر جانا -

Elastic (i-las-tik) *adj. & n.* Springy - زندہ دل - سکڑنے پھیلنے والا - لچکدار - کھینچنے سے پھیلنے اور دباؤ ہٹا لینے پر اپنی اصلی حالت پر آ جانے والا - حالات کے مطابق رنگ اختیار کرنے والا -

Elastic conscience آسانی سے بدل جانے والا - لچکدار ضمیر -

Elasticity (i-las-ti-siti) *n.* Flexibility اصلی حالت پر آ جانے والی خصوصیت - لچک -

Elate (i-lāt) *v.t. & adj.* Exult - خوشی کے مارے پھولنا خوشی میں آپے سے باہر ہونا - شادان و مغرور ہونا - مغرور بنانا - ہمت یا دل بڑھانا - فرحان - شادان - خوش خوش -

Elbow (el-bō) *n.* Outer part of joint between fore and upper arm کہنی - مرفق - کہنی کی شکل کی موڑ - بانک -

Out at elbows پھٹے حالوں - فرسودہ - بوسیدہ - کہنیوں سے پھٹا ہوا لباس -

Elbow (el-bō) *v.t. & i.* Thrust, jostle کہنی مار کر راستہ بنانا - کہنی مار کر گھس جانا -

Elbow chair (el-bō-chər) *n.* Chair with handle ایسی کرسی جس میں دستے ہوں - دستہ دار کرسی -

Elbow friend (el-bō-frend) *n.* Class-fellow ہم جماعت - دوست -

Elder (eld-ər) *adj.* Senior of the two - بڑا دوسرا ایک سے بڑا - بڑا - بزرگ - جد - مرشد - دادا - پیر -

Elderly (eld-ər-li) *adj.* Getting old - مسن - بوڑھا سا سن رسیدہ -

Eldorado (eldō-ra-dō) *n.* Fictitious country abounding in gold ایک افسانوی شہر جہاں سونے کی افراط ہے -

Eldritch (el(d)rich) *adj.* Hideous جسے دیکھ کر رونگٹے کھڑے ہو جائیں - دہشت انگیز - بھیانک -

Elect (i-lekt) *adj.* Chosen, select کسی عہدے کے لئے منتخب شدہ - برگزیدہ - منتخب - چنا ہوا -

Elect (i-lekt) *v.t.* Choose by vote رائے شماری سے انتخاب کرنا - چن لینا - منتخب کرنا -

Election (i-lek-shən) *n.* Voting کثرت رائے سے انتخاب - رائے شماری - انتخاب - چناؤ -

Electioneer (i-lek-shən-eyer) *v.t. & i.* Busy oneself in election چناؤ میں مصروف ہونا -

Elective (i-lek-tiv) *adj.* Appointed by election انتخاب کا حق رکھنے والا - انتخاب سے حاصل کردہ - انتخابی -

Elector (i-lek-tər) *n.* One who has right of election انتخاب کا حق رکھنے والا ۔ جرمن شاہزادہ جس کو شہنشاہ جرمنی کے انتخاب میں رائے دہی کا حق ہو ۔

Electoral *adj.* انتخاب کے متعلق ۔ انتخابی ۔

Electorate (i-lekt-ə-rat) *n.* Body of electors رائے دہندگان ۔ انتخاب کنندگاں کی جماعت ۔

Electric (i-lek-trik) *adj.* & *n.* Charged with, capable of developing قوت کہربائی کے متعلق ۔ برق ۔ بجلی پیدا کرنے کے متعلق ۔

Electrical برق کے متعلق ۔ برقی ۔

Electrician بجلی کا کام جاننے والا ۔ برقیات داں ۔

Electricity (i-lek-tri-siti) *n.* Electric power علم البرق ۔ برق ۔ بجلی ۔ قوت کہربائی ۔

Electrify (i-lekt-ri-fi) *v.t.* Charge with electricity برقی رو دوڑانا ۔ برقی قوت پہنچانا ۔ برقی قوت سے بھرنا ۔ برقانا ۔

Electrification بجلی کی رو پہنچانا یا دوڑانا ۔ برقاؤ ۔

Electro (i-lekt-rō) Prefix pertaining to برق سے متعلق ۔ برقی ۔ بجلی کا

Electro-plate (i-lekt-ro-plət) *v.t.* Coat with silver برقی عمل سے برتن پر چاندی چڑھانا ۔ برقی عمل سے قلعی کرنا ۔ جلد کرنا ۔

Electrocution (i-lekt-ro-ku-shən) *n.* Death by electricity برقی قوت سے ہلاک کرنا ۔ بجلی کے ذریعے سے مار ڈالنا ۔ بجلی سے ہلاکت ۔ برقی قوت سے موت کا عمل ۔

Electrocute *v.t.* بجلی کی کرسی پر بٹھانا ۔ بجلی کے ذریعے موت کی سزا کی تکمیل کرنا ۔ بجلی کے ذریعے ہلاک کرنا ۔

Electron (i-lek-tron) *n.* Invisible unit of negative electricity rotating around positive nucleus of every item برقیہ ۔ منفی برقیہ جو مثبت برقیہ کے اطراف سالمہ میں چکر لگاتا رہتا ہے ۔ منفی برقیہ ۔

Electuary (i-lek-tū-əri) *n.* Medicinal powder dissolved in honey or syrup شہد یا شربت میں حل کیا ہوا سفوف ۔

Elegant (el-i-gənt) *adj.* & *n.* Graceful, refined صاف ۔ نفیس ۔ خوشنما ۔ خوبصورت ۔ دلپسند ۔ فصیح ۔ امیرانہ ۔

Elegance (eli-gəns) *n.* Grace, refinement لطافت ۔ نزاکت ۔ زیبائش ۔ فصاحت ۔ شستگی ۔ خوش وضعی ۔ سلیقہ مندی ۔ شان ۔

Elegantly *adv.* خوبی سے ۔ تمکنت سے ۔ نفاست سے ۔

Elegiac (eli-ji-ək) *adj.* & *n.* Mournful مرثیہ یا نوحہ کی بحر ۔ ماتمی ۔ غمناک ۔ ماتمی نظم ۔ نوحہ ۔ مرثیہ ۔

Elegize (eli-jiz) *v.t.* & *i.* Write an elegy درد انگیز اشعار کہنا ۔ مرثیہ یا نوحہ لکھنا ۔ بروگی نظم لکھنا ۔

Elegy (eli-ji) *n.* Song of lamentation بروگی نظم ۔ غم کا گیت ۔ مرثیہ ۔ نوحہ ۔ ماتمی بحر میں لکھی ہوئی نظم ۔

Element (el-ə-mənt) *n.* Component part جزو لا یتجزیٰ ۔ جزو لازم ۔ عنصر ۔ جزو بسیط ۔ کسی علم یا فن کے اساسی اصول ۔

Elemental (el-ə-mən-təl) *adj.* Of the powers of nature بسیط ۔ جوہری ۔ عنصری ۔

Elementary (el-ə-mənt-əri) *adj.* Fundamental تمہیدی ۔ اساسی ۔ بنیادی ۔ اصولی ۔

Elench (i-lengk) *n.* Refutation دھوکا دینے والی دلیل ۔مغالطہ دینے والی دلیل ۔ منطقی دلائل سے تردید ۔

Elephant (eli-fənt) *n.* Huge animal فیل ۔ ہاتھی ۔

Elephantiasis (eli-fənti-ə-sis) *n.* Abnormal swelling of feet فیل پا ۔ ایسا مرض جس میں جلد ہاتھی کی جلد کے مشابہ ہو جاتی ہے اور پیر پھول جاتا ہے ۔

Elephantive (eli-fən-tiv) *adj.* Of elephants, unwieldy ہاتھی کا سا ۔ بے ڈول ۔ بے ہنگم ۔ بڑا بھاری ۔ حد سے بڑا جو سنبھالے نہ سنبھلے ۔ بھدا ۔

Elevate (el-i-vāt) *v.t.* Lift up سرفراز کرنا ۔ مرتبہ یا قدر بڑھانا ۔ بلند کرنا ۔ اونچا کرنا ۔ خوش کرنا ۔ محظوظ کرنا ۔ کسی قدر مخمور کرنا ۔

Elevate-ed (el-i-vāt-d) *adj.* Adored مرتفع ۔ بلند ۔ ممتاز ۔ سرفراز ۔

Elevation (el-i-vā-shən) *n.* Grandeur عروج ۔ رفعت ۔ بلندی ۔ ارتفاع ۔ سر بلندی ۔ صعود ۔

Elevator (el-i-va-tər) *n.* Lift اٹھانے والا ۔ اوپر لے جانے والا ۔ بلند کرنے والا ۔ بوجھ اٹھانے والی ایک کل ۔ لفٹ ۔

Eleven (i-lev-n) Eleven in numbers یازدہ ۔ گیارہ ۔

Eleventh یازدہم ۔ گیارہواں ۔

Elf (elf) *n.* Supernatural being, dwarf بھوت پریت ۔ جن ۔ پری ۔ بھتنا ۔ بونا ۔ ٹھگنا ۔

Elfish *adj.* بھوت سا ۔ بھتنے کی طرح ۔

Elfin (elf-in) *adj. & n.* Of elves بونا ۔ پری سا ۔ پری کا ۔ بھوت پریت کا ۔

Elicit (e-lis-it) *v.t.* Draw out, evoke ظاہر کر دینا ۔ کھولنا ۔ نکالنا ۔ آشکارا کرنا ۔ کسی سے جواب کہلوانا ۔ بروئے کار لانا ۔

Elide (i-līd) *v.t.* Omit vowels in pronunciation کاٹ ڈالنا ۔ گرا دینا ۔ چھوڑ دینا ۔ تلفظ میں بعض حروف چھوڑ دینا ۔

Eligible (el-i-ji-bl) *adj.* Suitable کسی عہدے کے قابل ۔ انتخاب ۔ اہل ۔ قابل ۔ لائق ۔

Eligibility *n.* مناسبت ۔ قابلیت ۔ لیاقت ۔ اہلیت ۔

Eliminate (e-lim-in-āt) *v.t.* Get rid of نکال دینا ۔ خارج کرنا ۔ دور کرنا ۔ الگ کرنا ۔ نتیجہ نکالنا ۔

Elimination *n.* علیحدگی ۔ نکاس ۔ اخراج ۔

Elision (eli-sən) *n.* Suppression of vowel in pronunciation تلفظ میں کسی حرف علت ۔ لفظ یا عبارت کو حذف کر دینا ۔ حذف ۔

Elite-elet (ā-lēt) *n.* Choice part چیدہ ۔ منتخب ۔ بہترین حصہ ۔

Elixir (e-liks-ər) *n.* Medicinal preparation for prolonging life شربت ۔ مرکبات یا عروق جن سے عمر بڑھ جائے ۔ اکسیر ۔ کیمیا ۔ آب حیات ۔ فلزات کو سونا بنانے والی دوا ۔

Elk (elk) *n.* Large animal of the deer kind بارہ سنگھا ۔ گوزن ۔

Ell (el) *n.* Measure ef length لمبائی ناپنے کا سوا گز کا گز جو اب متروک ہے ۔

Give him an inch and he will take an ell انگلی پکڑتے پہنچا پکڑنا ۔

Ellipse (el-ips) *n.* Regular oval بیضوی شکل ۔ ہلیلجی شکل ۔ وہ ہندسی شکل جو مخروط کو ترچھا تراشنے سے بنتی ہے ۔

Ellipsis (el-ips-is) *n.* Omission of words in a sentence تقدیر کلام ۔ اختصار ۔ حذف الفاظ جن کو ملا کر جملہ میں مفہوم پیدا ہوتا ہے ۔

Ellipsoid (el-ipsəid) *n.* Solid of which all plane sections are ellipses بیضوی شکل ۔ ہلیلجی نماشکل

Elm (elm) *n.* Tree with rough leaves ایک جنگلی درخت جس کی پتیاں دونوں طرف کھردری اور دندانے دار ہوتی ہیں ۔

Elocution (el-o-kū-shən) *n.* Style of oral delivery جوش بیان ۔ خطابت ۔ فن تقریر ۔

Elocutionist *n.* فن تقریر کا جاننے والا ۔ مقرر ۔ خطیب ۔

Eloge (ā-lōzh) *n.* Discourse in honour of deceased person مرحوم پر تقریر ۔ مرحوم کی صفات اور خوبیوں کا بیان ۔

Elongate (ē-long-āt) *v.t., i. & adj.* Prolong کھینچ کر لمبا کرنا ۔ بڑھانا ۔ طول دینا ۔ گاؤدم ہونا ۔ نازک ۔ لمبا ۔ گاؤدم ۔

Elongation (ē-long-ā-shən) *n.* Lengthening, angular distance بڑھاؤ ۔ کھچاؤ ۔ کسی سیارے کا آفتاب تک زاویائی فاصلہ ۔ زیادتی ۔ دوری ۔ درازی ۔ بعد الشمس ۔

Elope (i-lōp) *v.i.* Run away from home کسی عورت کا کسی عاشق کے ساتھ نکل بھاگنا ۔

Elopement *n.* رو پوشی ۔ عاشق کے ساتھ فراری ۔

Eloquence (elō-kw-ens) *n.* Rhetoric جوش بیانی ۔ لسانی ۔ خطابت ۔ طلاقت ۔ فصاحت ۔

Eloquent (elō-kw-ent) *adj.* Rhetorical بڑا بولنے والا ۔ جادو بیان ۔ فصیح ۔ شیریں کلام ۔

Else (els) *adj. & adv.* Besides, in addition علاوہ مگر ۔ اور بھی ۔ کوئی اور ۔ نہیں تو ۔ اور نہیں تو ۔ نہ ۔ ورنہ ۔ وگرنہ ۔ یا ۔

Elucidate (el(y)oo-si-dāt) *v.t.* Explain آشکارا کرنا ۔ تفصیلی طور پر بیان کرنا ۔ کھول کر کہنا ۔ واضح کرنا ۔ روشن کرنا ۔ کسی مسئلہ کو صاف بیان کرنا ۔

Elucidation *n.* رفع ابہام ۔ تفسیر ۔ شرح ۔ وضاحت ۔ تشریح ۔ توضیح ۔

Elude (il(y)ōōd) *v.t.* Escape from باز پرس ۔ یا خطرے سے بچنا ۔ بچ نکلنا ۔ بچنا ۔ فہم و عقل کو چکر میں ڈالنا ۔

Elusion *n.* بہانا ۔ دھوکا ۔ فریب دہی ۔ حیلہ سازی ۔

Elusive *adj.* دھوکا دینے والا ۔ دغا باز ۔ فریبی ۔

Elysium (eliz(h)ləm *n.* Abode of the blessed after death (یونانی) بہشت - جنت - باغ رضوان - مسکن ارواح - انتہائی سرور کی جگہ -

Elysian (e-liz(h)lən) *adj.* Ideal, peaceful - فرحت انگیز آرام دہ - جنتی - فردوسی - دلپسند - روحانی سرور والی (جگہ) -

Emaciate (i-ma-shi-at) *v.t.* Make lean - دبلا کرنا سوکھانا - گھلانا - کمزور کرنا -

Emaciate (i-ma-shi-at) *adj.* Lean - نحیف - لاغر مریل - دبلا - پتلا -

Emaciation (i-ma-shi-a-shən) *n.* - کمزوری - لاغری - دبلا پن -

Emanant (e-mə-nent) *adj.* Issuing from صادر ہونے والا - بہنے والا - نکلنے والا -

Emanate (emə-nat) *v.i.* Issue, originate - ظاہر ہونا صادر ہونا - جاری ہونا - بہنا - نکلنا - برآمد ہونا -

Emanation (e-mə-na-shən) *n.* Divine Essence صدور - ظہور - اجرا - روانی - صفات حسنہ - ذات حق کی تجلی - صفات ربانی کا ظہور -

Emanatory (e-mənatəri) *adj* Emanant - نکلنے والا ظاہر ہونے والا - جلوہ دکھانے والا - تجلی دکھانے والا -

Emancipation (e-mans-i-pa-shen) n. Freedom, salvation چھٹکارا - مکتی - نجات - آزادی - قانونی یا اخلاقی مجبوریوں سے آزادی -

Emancipate (e-mans-i-pat) *v.t.* Release from restraint چھڑانا - چھوڑ دینا - آزاد کرنا - بری کرنا - عقل یا اخلاق محکومیت سے آزاد کرنا - نجات دینا -

Emasculate (e-mas-ku-lat) *adv. adj.* & *n.* Castrated مخنث - زنانہ - ہیجڑا - آختہ - خصی -

Emasculation *n.* آختہ کرنا - نامردی - زنانہ پن - ہیجڑا پن -

Embalm (em-bām) *v.t.* Preserve from decay مردہ جسم میں مسالے اور خوشبوئیں بھرنا تاکہ لاش عرصے تک محفوظ رہے - لاش کو مسالہ لگا کر حفاظت سے رکھنا - مسالہ اور خوشبو لگانا -

Embank (em-bangk) *v.t.* Shut in confine بند یا پشتہ بنانا - بند باندھ کر روکنا -

Embankment (em-bangk-ment) *n.* Structure of earth or concrete - پشتہ بندی - بند - پشتہ -

Embargo (em-bar-go) *n.* & *v.t.* Forbidding suspension بندرگاہ میں غیر ملکی جہازوں کے داخلہ کی ممانعت - بندرگاہ چھوڑنے کی ممانعت - درآمد برآمد پر پابندیاں - تجارتی جہاز تا مال کی بہ اغراض سرکار ضبطی -

Embark (im-bark) *v.t.* & *i.* Board ship کسی مہم میں شریک ہونا - جہاز پر سوار ہونا یا کرنا - کوئی نیا کام شروع کرنا - لنگر اٹھانا -

Embarkation *n.* - جہاز یا کشتی میں سوار ہونا -

Embarrass (em-bar-as) *v.t.* Encumber مصیبت میں پھنسنا - گھبرا دینا - الجھانا - پریشان کرنا -

Embarrassment *n.* - پریشانی - گوبراہٹ - الجھن -

Embassy (em-bə-si) *n.* Ambassador's function or office - سفارت - ایلچی گری - وکالت - عہدہ سفارت - سفارت خانہ - قیام گاہ سفیر -

Embattle (im-bat-l) *v.t.* Set in battle array جنگ کے لئے صف بندی کرنا - مورچہ بندی کرنا - معرکہ آرائی کرنا - فوج کو صف آرا کرنا -

Embed (im-bed) Fix firmly کسی چیز کو مضبوطی سے دبا دینا - کسی چیز کو گھرا ہوا رکھنا -

Embellish (im-bel-ish) *v.t.* Beautify - حسین بنانا - آراستہ کرنا - سجانا - سنوارنا - زینت دینا - سنگارنا - بیان کو چٹ پٹا بنانا -

Embellishment *n.* - آراستگی - سنگار - سجاوٹ - ریبائش -

Ember-s (em-bər) *n.* Small piece of live coal انگارہ - چنگاری - دہکتا ہوا کوئلہ -

Ember days - ایام عبادت - صوم و صلوۃ کے دن -

Embezzle (im-bez-l) *v.t.* Take money fraudulently خیانت کرنا - غبن کرنا - رقم چرا لینا - تغلب کرنا - خورد برد کرنا - امانت میں خیانت کرنا -

Embezzlement *n.* - دست برد - خیانت - غبن -

Embitter (im-bit-ər) *v.t.* Make bitter ناک میں دم کرنا - تکلیف زیادہ کرنا - تلخ کرنا - قافیہ تنگ کرنا -

Emblaze (im-blaz) **Emblazon** *v.t.* Portray conspicuously - روشن کرنا - چمکانا - چمکدار کرنا - سجانا - آراستہ کرنا - شہرت دینا -

Emblazonry (im-blaz-ən-ri) *n.* Heraldic device ڈھال یا لباس پر خاندانی نشانات ۔ نمائش ۔ دکھاوا ۔

Emblem (em-bləm) *n.* & *v.t.* Symbol ۔ نشان ۔ صورت ۔ شکل ۔ علامت ۔ کسی شے کو علامت یا تصویر کے ذریعے ظاہر کرنا ۔

Emblematic (em-blə-mət-ik) *adj.* Serving as a type شاندار ۔ علامت دار ۔ نمائندہ ۔

Emblement (em-bli-mənt) *n.* Profit of sown land زیر کاشت زمین کا نفع ۔ سیری زمین کا منافع ۔ پیداوار ۔ محاصل ۔

Embody (em-bod-i) *v.t.* Give concrete form to ideas مجسم کرنا ۔ تصورات کو عملی شکل دینا ۔ خیالات کا ظاہری شکل میں لانا ۔ اصولوں کو عملی شکل میں ظاہر کرنا ۔

Embodiment *n.* اصولوں کی عملی شکل ۔ عملی اظہار ۔ یکجائی ۔

Embolden (im-bold-n) *v.t.* Encourage ابھارنا ۔ جری بنانا ۔ ہمت دلانا ۔ جی بڑھانا ۔

Embolism (im-bol-izm) *n.* Obstruction of artery شریانوں میں خون کا اڑ جانا جس سے فالج ہو جاتا ہے ۔ منجمد خون کا شریان میں اٹک جانا ۔

Embosom (im-booz-əm) *v.t.* Embrace کلیجہ میں جگہ دینا ۔ دل میں رکھنا ۔ آغوش میں لینا ۔ گھیرنا ۔ چھپا جانا ۔

Emboss (im-bos) *v.t.* Carve in relief پھول ۔ بیل بوٹے کاڑھنا ۔ گل کاری کرنا ۔ منبت کاری کرنا ۔

Embossment *n.* ابھرے ہوئے نقش ۔ نقاشی ۔ گلکاری ۔

Embow (em-bow) *v.t.* Bend like a bow جھکنا ۔ محرابدار کرنا ۔ خم کرنا ۔

Embowel (im-bow-əl) *v.t.* Remove bowels from body انتڑیوں کو جسم سے نکال دینا ۔

Embower (im-bow-ər) *v.t.* Enclose as in bower درختوں سے گھیرنا ۔ درخت لگانا ۔ کنج بنانا ۔ کنج میں لے جانا ۔

Embrace (im-bras) *v.t.* & *n.* Fold in the arms آغوش میں لینا ۔ بغل گیر ہونا ۔ شوق یا تپاک سے گلے ملنا ۔ کسی موقع یا کام کو شوق سے قبول کرنا ۔ کسی عقیدہ کو علانیہ اختیار کرنا ۔ ہم آغوشی ۔ بغل گیری ۔

Embracement *n.* ہم آغوش ہونا ۔ بغل گیری ۔ ہم آغوشی ۔

Embrasure (im-bra-zhər) *n.* Opening for gun and observation توپ یا بندوق چلانے کے سوراخ ۔ موکھا ۔ جھروکہ ۔ روشندان ۔

Embrocate (em-bro-kat) *v.t.* Bathe, foment مالش کرنا ۔ انضاد کرنا ۔ طلا لگانا ۔ لیپ کرنا ۔

Embrocation (em-bro-ka-shən) *n.* Liquid used for rubbing ضماد ۔ لیپ مالش کی دوا ۔ تیل ۔

Embroider (im-broi-dər) *v.t.* Ornament with needlework کار چوبی کا کام کرنا ۔ بیل بوٹے کاڑھنا ۔ نقش و نگار بنانا ۔

Embroidery (im-broi-dəri) *n.* Embroidered work کار چوبی ۔ گل کاری ۔ زر دوزی ۔

Embroil (im-broil) *v.t.* Bring affairs in a state of confusion واقعات یا معاملات کو گڑ بڑ میں ڈالنا ۔ باہم ناچاقی پیدا کرنا ۔ مصیبت یا دقت میں ڈالنا ۔

Embroilment *n.* گڑ بڑ ۔ جھگڑا ۔ ناچاقی ۔

Embryo (em-bri-ō) *n.* & *adj.* Undeveloped off-spring of animal before birth جنین ۔ کچا بچہ ۔ وہ جس کی نشو و نما پیٹ میں نہ ہوئی ہو ۔ ادھورا ۔ ناقص بچہ ۔

In embryo نا مکمل ۔ ادھورا ۔

Emend (e-mend) *v.t.* Remove errors ترمیم کرنا ۔ اصلاح کرنا ۔ اغلاط کی تصحیح کرنا ۔

Emendation سدھار ۔ درستی ۔ ترمیم ۔ تصحیح ۔

Emendatory ترمیمی ۔ تادیبی ۔ اصلاحی ۔

Emerald (emər-əld) *n.* Bright green precious stone سبزہ ۔ زمرد ۔ زبر جد ۔ ایک بہت چھوٹی قسم کا ٹائپ ۔

Emerge (e-mərj) *v.i.* Come into view کھل جانا ۔ نکلنا ۔ ابھرنا ۔ پانی سے نکلنا ۔ ظاہر ہونا ۔ مصیبت سے نجات پانا ۔ کسی دشواری کا نمایاں ہو جانا ۔

Emergence (e-mər-jəns) *n.* Coming out in inquiry آشکارا ہونا ۔ ظاہر ہونا ۔

Emergency (e-mər-jən-si) *n.* Sudden juncture demanding immediate action اتفاق واقعہ ۔ فوری ضرورت ۔ فوری کاروائی یا عمل کی ضرورت ۔

Emergent (e-mər-jənt) *adj.* Immediate - اشد ضروری

Emerods (emə-rod-z) *n.* Haemorrhoids بواسیر کے مسے - مسے -

Emersion (e-mer-shən) *n.* Reappearance پانی سے نکلنا - گرہن سے نکلنا - سورج - چاند - ستاروں کا دوبارہ ظاہر ہونا -

Emery (e-mər-i) *n.* Coarse corundum for polishing کرند - کرنج - ایک طرح کا نرم پتھر جس سے جلا دی جاتی ہے اور سلیاں بنائی جاتی ہیں -

Emetic (i-met-ik) *adj.* & *n.* Medicine that causes vomiting قے آور دوا -

Emigrant (e-mi-grant) *adj.* & *n.* Leaving one country for another دوسرے دیس میں جانے والا - ترک وطن کرنے والا - ہجرت کرنے والا -

Emigrate (emi-grat) *v.t.* & *i.* Change place of abode ہجرت کرنا - اپنا وطن چھوڑنا - ترک وطن کرنا - دوسرے دیس میں جا بسنا -

Emigration (emi-gra-shən) *n.* Leaving one country for another ترک وطن - ہجرت - جلا وطنی - دوسرے ملک میں منتقل ہونا -

Eminence (emi-nəns) *n.* Distinguished superiority چوٹی - بلندی - ناموری - بزرگی - امتیاز - توقیر - برتری - کارڈنیل کا خطاب -

Eminent (emi-nənt) *adj.* Exalted قابل احترام - اعلیٰ - بزرگ - ممتاز - بلند -

Emissary (em-is-ə-ri) *n.* & *adj.* Person sent on a mission سفیر - ایلچی - قاصد - مخبری یا جاسوسی کرنے والا - جاسوس - مخبر - بھیدی -

Emission (emi-shən) *n.* Giving off or out - انزال اخراج - نکاس - جو شے خارج ہو -

Emit (e-mit) *v.t.* Give out, send forth - نکلنا نکالنا - جاری کرنا - چھوڑنا - صادر کرنا - رائج کرنا -

Emmet (em-it) *n.* Ant مکوڑا - چیونٹی - چیونٹا -

Emollient (i-mol-yent) *adj.* & *n.* That softens living animal texture ملائم کرنے والی دوا - ملیں - کھال کو نرم کرنے والی مالش کی دوا -

Emolument (e-mol-u-mənt) *n.* Salary - منافع - فائدہ آمدنی - مشاہرہ -

Emotion (e-mo-shən) *n.* Feeling قومی احساس - ولولہ - جوش دل - جوش - جذبہ -

Emotional *adj.* جلد جوش میں آنے والا - جذباتی -

Emotionalism *n.* جذبات کا اتباع - جذباتی مغلوبیت -

Empale (em-pāl) *v.t.* Surround with a border چوب بندی کرنا - باڑہ سے گھیرنا - سولی دینا -

Empalement (em-pāl-mənt) *n.* Enclosed space باڑا - گھیرا - ٹٹی - سولی -

Empanel (im-pa-nəl) *v.t.* & *n.* Enter on panel جیوری کی فہرست میں نام داخل کرنا - اہل جیوری میں مندرج کرنا - فہرست جیوری -

Emperor (em-pə-rər) *n.* Sovereign قیصر - فغفور - خاقان شہنشاہ - سلطان -

Emphasis (em-fə-sis) *n.* Stress laid on certain words تاکید - زور - دباؤ - تاکید لفظی - کسی عبارت یا الفاظ پر خاص زور - کسی شے کی اہمیت -

Emphasize (em-fə-sīz) *v.t.* Lay stress upon کسی خاص واقعہ کی اہمیت کو نمایاں کرنا - کسی خاص لفظ پر زور دینا -

Emphatic (em-fə-tik) *adj.* Forcibly expressive زور دار - پر زور - تاکیدی - مؤثر - قوی - پر معنی -

Emphatically *adv.* پر زور طریقہ پر -

Empire (em-pir) *n.* Supreme and wide dominion مملکت - قلمرو - حکومت - شہنشاہی - فرمانروائی -

Empiric (em-pi-rik) *adj.* Based on experiment تجربہ کار - تجرباتی - مشاہداتی -

Empiricism (em-pi-ri-sizm) *n.* Belief in experiments تجربہ کاری - تجربیت -

Emplacement (im-plas-mənt) *n.* Situation, placing توپیں رکھنے کا چبوترا - موقع محل -

Emplane (im-plān) *v.t.* & *i.* Go or put in a plane ہوائی جہاز میں سوار کرنا یا ہونا -

Employ (im-ploy) *v.t.* & *i.* Use services of روزگار سے لگانا - استعمال کرنا - کام میں لانا یا لگانا - کسی کی خدمات سے کام لینا - کسی کو اپنی خدمت میں رکھنا -

Employer آجر - نوکر رکھنے والا -

Employee (im-ploy-ee) *n.* One who is employed مزدور - نوکر - ملازم -

Employment (im-ploy-mənt) *n.* Service, business شغل ۔ ملازمت ۔ کاروبار ۔ کام ۔ دھندا ۔ نوکری ۔ چاکری ۔ مستقل روزگار ۔ پیشہ ۔

Empoison (im-poi-zn) *v.t.* Put poison into کان بھرنا ۔ زہر آلود کرنا ۔ زہر ملانا ۔ کسی کے خلاف زہر اگلنا ۔ کسی کو کسی کا مخالف کر دینا ۔

Emporium (em-po-ri-əm) *n.* Centre of commerce دوکان ۔ تجارت گاہ ۔ بازار ۔ منڈی ۔ دساور ۔

Empower (em-pow-ər) *v.t.* Authorise مالک یا مختار کرنا ۔ اختیار یا طاقت دینا ۔

Empress (em-pres) *n.* Woman governing an empire, wife of emperor ملکہ ۔ سلطانہ ۔ قیصرہ ۔ شہنشاہ بیگم ۔

Emptiness (emp-ti-nes) *n.* Being devoid of خلا ۔ کھوکھلا پن ۔ خالی پن ۔

Empty (emp-ti) *adj. & n.* Containing nothing کھوکھلا ۔ خالی ۔ تہی ۔ سنسان ۔ بے مغز ۔ بے معنی ۔

Empty (emp-ti) *v.t. & i.* Remove contents of دریا کا گرنا ۔ انڈیلنا ۔ تہی کرنا ۔ خالی کرنا ۔

Empty-handed خالی ہاتھ

Empty-headed کوڑ مغز ۔ بے مغز آدمی ۔

Empurple (em-purp-l) *v.t.* Redden سرخ کرنا ۔ ارغوانی کرنا ۔ سرخ رنگنا ۔

Empyreal-rean (em-pire-əl) *adj.* Of heaven کرہ ناری کا ۔ روشنی کا ۔ فلکی ۔ عرشی ۔

Empyrean (em-pire-ən) *n.* Highest heaven فلک الافلاک ۔ عرش بریں ۔ عرش ۔

Emulate (em-u-lat) *v.t.* Imitate zealously رشک کرنا ۔ برابری کرنا ۔ تقلید کرنا ۔ برابری کرنا ۔

Emulation (em-ū-lā-shən) *n.* Rivalry برابری ۔ ریس ۔ رشک ۔ مسابقت ۔

Emulous (em-u-ləs) *adj.* Zealous, actuated by rivalry حریف ۔ رقیب ۔ سبقت خواہ ۔ ہمسری کا آرزو مند ۔

Emulsion (em-ul-shən) *n.* Milky liquid with oil دودھ کے رنگ کی روغنی دوا ۔ شیرہ جو روغنی اشیا کے میل سے بنایا جاتا ہے ۔

Enable (in-a-bl) *v.t.* Empower اختیار یا طاقت دینا ۔ لائق یا قابل ہونا ۔ مجاز کرنا ۔ کسی کو کسی کام کے ذرائع مہیا کرنا ۔ کام کے قابل بنانا ۔

Enact (in-akt) *v.t.* Ordain تمثیل دکھانا ۔ تدوین کرنا ۔ قانون بنانا ۔ حکم جاری کرنا ۔

Enactment (in-akt-mənt) *n.* Passing of law قانون کا اجرا یا نفاذ ۔ مسودہ قانون کو قانون بنانا ۔

Enamel (in-am-əl) *v.t.* Adorn with varied colours مینا کاری کرنا ۔ مختلف رنگوں سے آراستہ کرنا ۔

Enamour (in-am-ər) *v.t.* Inspire with love گرویدہ کرنا ۔ فریفتہ کرنا ۔ شیفتہ کرنا ۔ موہ لینا ۔ لبھانا ۔ مسحور کرنا ۔

Enamoured *adj.* گرویدہ ۔ شیدا ۔ مفتون ۔

Encage (in-kaj) *v.t.* Put in a cage اسیر کرنا ۔ پنجرے یا قفس میں بند کرنا ۔ قید کرنا ۔

Encamp (in-kamp) *v.t. & i.* Be in a camp, lodge خیمہ زن ہونا ۔ ڈیرہ ڈالنا ۔ پڑاؤ ڈالنا ۔ ڈیرہ یا لشکر ڈالنا ۔

Encampment *n.* کمین گاہ ۔ چھاؤنی ۔ لشکر گاہ ۔ پڑاؤ ۔

Encase (in-kas) *v.t.* Put into a case لفافے میں ڈالنا ۔ صندوق میں رکھنا ۔ غلاف میں رکھنا ۔ گھیرے میں رکھنا ۔ کسی چیز کو اس کے خانے میں رکھنا ۔

Encash (in-kash) *v.t.* Convert into cash چیک یا ہنڈی کا روپیہ لینا ۔ نوٹ کا چلھر لینا ۔ ریزگاری لینا ۔ خوردہ کرنا ۔ نوٹ بھنانا ۔

Encashment (in-kash-mənt) *n.* سکارنا ۔ چیک یا ہنڈی کا روپیہ دینا ۔

Encaustic (en-kaws-tik) *adj. & n.* Painting by burning رنگ کی بھٹی میں ڈالنا ۔ رنگ آمیز ۔ مٹی کی چیزوں پر مومی رنگ چڑھانا ۔ میٹ چنیا کا کام ۔ کاسی کاری ۔ آنچ سے رنگ چڑھانا ۔

Enchafe (en-chāf) *v.t.* Irritate ستانا ۔ دق کرنا ۔ خفا کرنا ۔ چھیڑنا ۔

Enchain (in-chan) *v.t.* Put in chains پابجولاں کرنا ۔ بیڑیاں ڈالنا ۔ زنجیر سے جکڑنا ۔ زنجیر سے مقید کرنا ۔ جذبات یا توجہ کو قابو میں رکھنا ۔

Enchant (in-chant) *v.t.* Bewitch, charm دل موہ لینا ۔ سحر کرنا ۔ جادو کرنا ۔ لبھانا ۔ نہایت خوش کرنا ۔

Enchanter *n.* دل لبھانے والا ۔ ساحر ۔ دلبر ۔
من ہرن ۔

Enchantment *n.* جادو ۔ سحر ۔ دلفریبی ۔ دلربائی ۔

Encircle (in-sirk-il) *v.t.* Surround احاطہ کرنا ۔
حلقے میں لینا ۔ محاصرہ کرنا ۔ گھیرنا ۔

Enclasp (in-klâsp) *v.t.* Embrace آغوش میں لینا ۔
بغلگیر ہونا ۔ لپٹا لینا ۔ گلے لگا لینا ۔

Enclose (in-klōz) *v.t.* Shut in لفافے میں بند کرنا ۔
باڑہ لگانا ۔ احاطہ بندی کرنا ۔ احاطہ کرنا ۔

Enclosure (in-klōz-ər) *n.* Enclosed place ملفوف
کاغذات ۔ احاطہ بندی ۔ احاطہ ۔ قطعہ آراضی کی احاطہ
بندی ۔

Enclothe (in-klōdh) *v.t.* Clothe کپڑے پہنانا ۔

Encloud (in-clowd) *v.t.* Envelop in cloud ابر سے
ڈھک جانا ۔ ابر میں چھپ جانا ۔

Encomiast (en-ko-mi-əst) *n.* Flatterer ثنا خوان ۔
مدح سرا ۔ قصیدہ گو ۔ بھاٹ ۔ خوشامدی ۔

Encomiastic *adj.* مدحیہ ۔ خوشامدانہ ۔

Encomium (en-ko-mi-əm) *n.* High-flown praise
مدح ۔ تحسین ۔ تعریف ۔ ثنا ۔

Encompass (in-kum-pəs) *v.t.* Surround, contain
گھیر لینا ۔ گھیرنا ۔ احاطہ کرنا ۔ شامل کرنا ۔ محاصرہ
کرنا ۔ روک دینا ۔

Encounter (in-kownt-ər) *v.t. & i.* Meet hostilely
مڈ بھیڑ ۔ مقابلہ ۔ لڑائی ۔ جنگ و جدل ۔ مجادلہ ۔
اتفاق ملاقات ۔ دو چار ہونا ۔ مقابلہ کرنا ۔ لڑنا ۔

Encourage (en-kur-ij) *v.t.* Embolden ہمت بندھانا ۔
حوصلہ افزائی کرنا ۔ جرأت دلانا ۔ کسی کام کے کرنے
پر آمادہ کرنا ۔ سہارا دینا ۔ حمایت کرنا ۔

Encouragement (en-kur-ij-mənt) *n.* Assistance
ترغیب ۔ حوصلہ افزائی ۔ اعانت ۔ حمایت ۔ دلاسا ۔
تسلی ۔

Encroach (in-krōch) *v.i.* Intrude usurpingly
مداخلت بیجا کرنا ۔ دخل دینا ۔ اپنی حد سے تجاوز کرنا ۔
غصب کرنا ۔ مخل ہونا ۔

Encroachment (in-krōch-mənt) *n.* Usurpation
دست اندازی ۔ قبضۂ ناجائز ۔ مداخلت بیجا ۔

Encumber (in-kum-bər) *v.t.* Hamper روکنا ۔
اٹکانا ۔ مزاحمت کرنا ۔ حائل ہونا ۔ حیران کرنا ۔
مقروض کرنا ۔ قرضہ کا بار ڈالنا ۔ زیر بار کرنا ۔

Encumbrance (in-kum-bər-əns) *n.* Annoyance
جھنجھٹ ۔ بوجھ ۔ مزاحمت ۔ روک ۔ رکاوٹ ۔ جائیداد
پر قرض کا بار ۔ چھاتی پر پتھر ۔ پاؤں کی بیڑی ۔

Encyclopaedia (en-sī-klō-pē-di-ä) Book giving information on all branches of knowledge
مجمع العلوم ۔ قاموس العلوم ۔ وہ کتاب جس میں علم و
فنون کے متعلق جامع معلومات ہوں ۔

End (end) *n.* Limit اختتام ۔ خاتمہ ۔ آخر ۔ انجام ۔ انتہا ۔
حد ۔ کنارہ ۔ سرا ۔ آخری حصہ ۔ ہلاکت ۔ موت ۔
نتیجہ ۔ غرض ۔ مقصد ۔ علت غائی ۔

At one's wits end حیران و ششدر ہونا ۔

Is at the end of his tether حد مقدور تک کرنا ۔
اس سے زیادہ نہ اس کے علم میں ہے نہ اختیار میں ۔

Make both ends meet آمدنی اور خرچ برابر رکھنا ۔

To gain one's ends اپنے مقاصد کے حصول کے لیے ۔

End (end) *v.t. & i.* Put an end to ٹھکانے لگنا ۔
ہلاک کرنا ۔ ختم کرنا ۔ تمام کرنا یا ہونا ۔

End up ختم کرنا ۔

To end in smoke کچھ نتیجہ نہ نکلنا ۔ بے فائدہ
ہونا ۔

Endanger (in-dan-jər) *v.t.* Cause danger to
جوکھوں میں ڈالنا ۔ خطرے میں ڈالنا ۔

Endear (in-der) *v.t.* Render dear اپنے آپ کو کسی
کی نظر میں مقبول بنانا ۔ پیارا ۔ لاڈلا یا عزیز بنانا ۔

Endearment (in-der-mənt) *n.* Beaing dear
شیفتگی ۔ راز و نیاز ۔ لگاؤ ۔ پیار ۔

Endeavour (in-dev-ər) *n.* Attempt دوڑ دھوپ ۔
جد و جہد ۔ کوشش ۔ سعی ۔

Endeavour (in-dev-ər) *v.t. & i.* Strive after
جد و جہد یا دوڑ دھوپ کرنا ۔ کوشش یا سعی کرنا ۔
ہاتھ پاؤں مارنا ۔

Endemic (en-dem-ik) (Endemical) *adj. & n.* Regularly found کسی خاص قوم یا علاقہ کے
متعلق ۔ صفات جو کسی قوم یا علاقہ سے مخصوص ہوں ۔
بیماری جو کسی خاص ملک میں مخصوص ہو ۔

Endermic (en-dər-mik) *adj.* Acting on the skin
جلد پر اثر کرنے والی ۔ جلدی ۔

Ending (end-ing) *n.* Finish, last part - خاتمہ - آخرکار - کسی قصہ کا آخری جز -

Endive (en-div) *n.* Species of chicory کاسنی -

Endless (end-les) *adj.* Eternal ازلی - ابدی - غیر محدود - لامتناہی - لا انتہا - ہمیشہ رہنے والا - دائم و قائم -

Endorse (in-dors) *v.t.* Write on the back of ہنڈی یا چیک کی پشت پر لکھنا - پشت پر لکھنا - کسی رائے - بیان یا واقعہ کی تصدیق کرنا -

Endorsement (in-dors-mənt) *n.* Confirmation تصدیق - فرد حساب یا چیک کی پشت کی تحریر - تصدیق ظہری - پشت پر فروخت کی تحریر -

Endow (in-dow) *v.t.* Bequeath وقف کرنا - بخشنا - دینا - مرحمت کرنا - حقوق و مراعات دینا - جہیز دینا - محاسن سے مزین کرنا -

Endowment (in-dow-mənt) *n.* Donation, bequeathal چندہ - ہبہ - وقف - قابلیت - لیاقت - استعداد - عقل خدا داد -

Endue (in-dū) *v.t.* Furnish - کپڑے پہنانا - عنایت کرنا - بخشنا - عطا کرنا - دینا - ملبوس کرنا - کسی شخص کو علم فن سے آراستہ کرنا -

Endurance (in-dūr-əns) *n.* Power of enduring برداشت - صبر - بردباری - تحمل - تحمل کی قوت - پائیداری - استمرار - قیام -

Endure (in-dūr) *v.t.* & *i.* Submit to, bear گوارا کرنا - بھگتنا - برداشت کرنا - سہنا - جھیلنا - ضبط کرنا - دیرپا ہونا -

Endurable *adj.* دیرپا - قابل ضبط - قابل برداشت -

Endways-wise (end-was-viz) *adv.* End to end, with the end turned uppermost or foremost کنارے کے رخ پر - اس سرے سے اس سرے تک - عمودی وضع سے -

Enema (en-i-mä) *n.* Injection of liquid into the rectum پچکاری - شافہ - حقنہ - عمل -

Enemy (en-i-mi) *n.* Hostile person مخالف فوج - دشمن - مخالف - حریف - مخالف جہاز - مخالف قوم کا کوئی شخص - شیطان - ابلیس - خبیث - عزازیل -

Energetic-al (en-er-ji-tik)-cal *adj.* & *n.* Vigorous صاحب عمل - زبردست - پھرتیلا - چست چالاک - سرگرم - مستعد - متین - زور دار -

Energise (en-ər-jīz) *v.t.* & *i.* Infuse energy into کسی کام یا فرد میں روح پھونکنا - آمادہ عمل کر دینا - عمل کا جوش بھر دینا -

Energy (en-ər-ji) *n.* Force, vigour - استعداد - ہمت - عزم - طاقت - قوت - زور - سرگرمی - عمل -

Conservation of energy قوت کا تحفظ -

Enervate (en-ər-vāt) *v.t.* Weaken ضعیف و ناتواں کرنا - کمزور کرنا -

Enervation (en-ər-vā-shən) *n.* Weakness ضعف - کمزوری -

Enface (en-fās) *v.t.* Write, stamp on bill بل وغیرہ پر لکھنا - چھاپنا یا مہر کرنا -

Enfeeble (in-fē-bl) *v.t.* Make feeble دبلا کرنا - کمزور کرنا - ضعیف ہونا -

Enfeeblement *n.* کمزوری - ضعف -

Enfilade (en-fi-lad) *n.* & *v.t.* Gun fire ایک سرے سے دوسرے سرے تک سب صاف کر دینا - گولہ باری کرنا - ایسی گولہ باری جو ایک سرے سے دوسرے سرے تک دشمن کا صفایا کر دے -

Enfold (in-fōld) *v.t.* Clasp - مجبور کرنا - دبانا - تہ کرنا - بغل گیر ہونا - لپٹانا -

Enforce (in-fors) *v.t.* Urge - جاری کرنا - نافذ کرنا - جبر کرنا - زبردستی کرنا - مجبور کرنا - عمل درآمد کرانا - تعمیل کرنا -

Enforcement *n.* - عمل درآمد - تعمیل - نفاذ - اجرا -

Enframe (in-frām) *v.t.* Set in frame تصویر وغیرہ کو چوکھٹے میں لگانا -

Enfranchise (in-fran-chiz) *v.t.* Admit to electoral right آزاد کرنا - رہا کرنا - حق رائے دہی دینا - فہرست رائے دہندگان میں شریک کرنا - حقوق بلدیت ادا کرنا -

Enfranchisement رائے دہی کا حق -

Engage (in-gaj) *v.t.* & *i.* Bind, hire, pledge معاہدہ کرنا - قول و قرار کرنا - نسبت یا منگنی کرنا - نوکر رکھنا - ملازم رکھنا - مائل کرنا - متوجہ کرنا - خدمت لینا - فوج کو لڑانا - بر سر پیکار ہونا -

Engagement وعدہ ۔ اقرار ۔ عہد و پیمان ۔ مصروفیت ۔ منگنی ۔ نسبت ۔ پابندی ۔ ذمہ داری ۔

Engaging خوش ادا ۔ دلکش ۔ دلآویز ۔ دلفریب ۔

Engender (in-jin-der) *v.t.* Beget, bring about وجود میں لانا ۔ حاضر کرنا ۔ پیدا کرنا ۔ بچہ دینا ۔

Engine (en-jin) *n.* Mechanical contrivance انجن ۔ کل ۔ ہتھیار ۔ آلہ حرب ۔ اوزار ۔

Engineer (en-ji-nyer) *n.* One who designs and constructs انجینئر ۔ ماہر فن ۔ معمار ۔ کل ساز ۔ عمارات ، پل ، نہر بنانے والا ۔ مہندس ۔

Engineer (en-ji-nyer) *v.t.* Construct تعمیری منصوبہ بنانا ۔ انجینئر کا کام کرنا ۔ تعمیر کرنا ۔ بنانا ۔ (بول چال) بروئے کار لانا ۔ تدبیر کرنا ۔ چارۂ کار کرنا ۔ منصوبہ بنانا ۔

Engineering (en-ji-nyer-ing) *n.* Art of making things کل سازی کا علم ۔ تعمیری علم ۔ انجینئری ۔

Engineery (en-ji-nyeri) *u.* Engines, machinery توپ خانے کا اہتمام ۔ مشینیں ، کلیں وغیرہ ۔

English (ing-glish) *adj.* & *n.* Of England انگریز ۔ انگریزی ۔ انگریزی زبان ۔ انگلستان کا ۔

The king's English ٹکسالی انگریزی زبان ۔ فصیح انگریزی زبان ۔

Engraft (in-grâft) *v.t.* Insert scion of one tree into another پیوند باندھنا ۔ قلم لگانا ۔ دل میں کسی عقیدے کو بٹھانا ۔ شامل کرنا ۔ اضافہ کرنا ۔

Engrain (in-grān) *v.t.* Cause dye to sink deeply گہرا رنگ چڑھانا ۔

Engrave (in-grāv) *v.t.* Inscribe ۔ کندہ کرنا ۔ کھودنا ۔ قلم کاری کرنا ۔ نقاشی کرنا ۔

An engraved rogue چھٹا ہوا بدمعاش ۔

Engraving (in-grāv-ing) *n.* Inscription کندہ کی ہوئی تصویر ۔ کندہ کاری ۔ نقاشی ۔

Engross (in-grōs) *v.t.* Write in large letters جلی خط میں لکھنا ۔ بڑے حرفوں میں لکھنا ۔ سب کا سب خرید لینا ۔ پورا ڈھیر خریدنا ۔ منہمک ہونا ۔ کسی کی توجہ جذب کر لینا ۔

Engulf (in-gulf) *v.t.* Plunge into نگلنا ۔ جذب کرنا ۔ خلیج یا خندق میں دھکیل دینا ۔

Enhance (in-hâns) *v.t.* Heighten قدر بڑھانا ۔ زیادہ کرنا ۔ گراں کرنا ۔ مول بڑھانا ۔ اضافہ کرنا ۔ سنگین کرنا ۔ سخت کرنا ۔

Enhancement *n.* بڑھوتی ۔ زیادتی ۔ بیشی ۔ اضافہ ۔

Enigma (in-igmä) *n.* Riddle, puzzle چیستان ۔ پہیلی ۔ معمہ ۔ پیچیدہ بات ۔ ایسی بات یا شخص جو سمجھ میں نہ آئے ۔

Enigmatic (in-igmə-tik) *adj.* Puzzling معمے کی طرح کا ۔ پیچیدہ ۔ دقیق ۔ رمز آمیز ۔

Enjoin (in-join) *v.t.* Command, impose ۔ تاکید کرنا ۔ حکم دینا ۔ ہدایت جاری کرنا ۔ مجبور کرنا ۔ نصیحت کرنا ۔

Enjoy (in-joi) *v.t.* Take delight عیش کرنا ۔ خوش ہونا ۔ مزے کرنا ۔ لطف اٹھانا ۔

Enjoyment *n.* استفادہ ۔ لذت ۔ خوشی ۔ حظ ۔ لطف ۔

Enlarge (in-larj) *v.t.* & *i.* Increase, extend وسیع کرنا ۔ بڑا کرنا ۔ بڑھانا ۔ کشادہ کرنا ۔ حجم بڑھانا ۔ چھوڑنا ۔ رہا کرنا ۔ آزاد کرنا ۔

Enlargement (in-larj-ment) *n.* Extension وسعت ۔ کشادگی ۔ توسیع ۔ پھیلاؤ ۔ کلام کی طوالت ۔ طول کلامی ۔

Enlighten (in-līt-n) *v.t.* Give light to واقف کرنا ۔ منور کرنا ۔ روشن کرنا ۔ چمکانا ۔ معلوم کرانا ۔ تربیت کرنا ۔ سکھانا ۔ ذہن نشین کرنا ۔ روشن خیال بنانا ۔ کسی کے لیے مشعل راہ بننا ۔

Enlighten (in-līt-n) *adj.* Blessed صاحب کمال ۔ اہل بصیرت ۔ اہل دل ۔

Enlightment (in-lit-mənt) *n.* Shedding of light روشن خیال ۔ تہذیب نفس ۔ تربیت ۔ بصیرت ۔

Enlist (in-list) *v.t.* & *i.* Engage (for military service) بھرتی کرنا ۔ نوکر رکھنا ۔ رجسٹر میں نام چڑھانا ۔ اشخاص ۔ علوم یا قوئی فطرت سے امداد لینا ۔

Enlistment *n.* تائید ۔ رجسٹر میں اندراج ۔ بھرتی ۔

Enliven (in-līv-n) *v.t.* Brighten ہمت دلانا ۔ روشن کرنا ۔ جان ڈالنا ۔ روح پھونکنا ۔ زندگی پیدا کرنا ۔ تجارت وغیرہ کو فروغ دینا ۔

En masse (in-mas) *adv.* Collectively اکٹھا ۔ مجموعی طور پر ۔

Enmity (en-miti) *n.* State of hostility مخالفت ۔ عداوت ۔ دشمنی ۔ خصومت ۔ نفرت ۔

Ennoble (i-no-bl) *v.t.* Elevate امیر یا نواب بنانا ۔ معزز کرنا ۔ ممتاز کرنا ۔ سرفراز کرنا ۔ جوہر شرافت پیدا کرنا ۔

Ennui (an-nuvi) *n.* Mental weariness بیزاری ۔ سستی ۔ اداسی ۔ آلکسی ۔

Enormity (i-nor-miti) *n.* Monstrous wickedness سخت بد اخلاق ۔ گناہ کبیرہ ۔ سنگین جرم ۔ بد اسلوبی ۔ خرابی ۔ زیادتی ۔

Enormous (i-nor-məs) *adj.* Huge قوی ہیکل ۔ دیو سا ۔ بہت سا ۔ بہت بڑا ۔ بہت سارا ۔ بے اندازہ ۔

Enough (i-nuf) *adj., n. & adv.* The required number or quantity جس قدر چاہیے ۔ کافی ۔ بس ۔ بہت ۔ خاطر خواہ ۔ معقول مقدار ۔

I have had enough of him میں اس سے بیزار ہوگیا ہوں ۔ میں اس سے عاجز آ گیا ہوں ۔

Enough of this folly بس بس ۔ اب خاموش رہو ۔

Enounce (i-nowns) *v.t.* Enunciate زبان سے ادا کرنا ۔ کوئی مسئلہ ، اصول یا نظریہ پیش کرنا ۔

En passant (in-pas-ənt) *adv.* By the way ضمناً ۔ بر سبیل تذکرہ ۔

Enquire (in-kwir) *v.t.* Inquire دیکھو

Enquiry (in-kwiri) *n.* Inquiry دیکھو

Enrage (in-rāj) *v.t.* Make furious بھڑکانا ۔ طیش میں لانا ۔ غضبناک کرنا ۔ غصہ دلانا ۔

Enrapture (in-rāp-tyer) *v.t.* Delight intensely نہایت خوش کرنا ۔ باغ باغ کرنا ۔ خوشی سے حالت وجد طاری کر دینا ۔

Enrich (in-rich) *v.t.* Make rich زمین کو زرخیز بنانا ۔ توانگر بنانا ۔ مالا مال کرنا ۔ نہال کرنا ۔ زیب دینا ۔ آراستہ کرنا ۔ سکھانا پڑھانا ۔ تعلیم دینا ۔ تربیت دینا ۔

Enrichment *n.* زمین کی زرخیزی ۔ تونگری ۔ امیری ۔

Enrobe (in-rōb) *v.t.* Put a robe upon آراستہ پیراستہ کرنا ۔ کپڑے ، لباس ، پوشاک پہنانا ۔ خلعت پہنانا ۔ ملبوس کرنا ۔

Enrol-ll (in-rōl) *v.t.* Write name in the list درج رجسٹر کرنا ۔ بھرتی کرنا ۔ فخر و مباہات سے تحریر کرنا ۔

Enrolment *n.* فرد و فہرست ۔ فرد میں نام کی شرکت ۔ رجسٹر میں اندراج ۔ بھرتی ۔

En route (in-root) *adv.* On the way راہ میں ۔ دوران سفر میں ۔

Ensanguine (in-sang-gwin) *adj. & v.t.* Bleed, blood-stain لہو سے بھرنا ۔ لہو لہان کرنا ۔ خون آلودہ کرنا ۔

Ensanguined (in-sang-gwind) *adj.* Blood-stained خونا خون ۔ خون آلودہ ۔

Ensemble (an-sam-bl) *n.* An entity, thing as a whole سب ۔ سارا ۔ کل ۔ تمام ۔ مجموعی چیز ۔ چیز مجموعی حیثیت سے ۔ مجموعی اثر ۔ وہ چیز جس میں کل متعلقہ چیزوں کا ذکر ہو ۔

Enshrine (in-shrīn) *v.t.* Enclose in a shrine متبرک سمجھ کر محفوظ کرنا ۔ کسی درگاہ میں آثار و تبرکات کو حفاظت سے رکھنا ۔

Enshroud (en-shrowd) *v.t.* Cover completely ڈھانک دینا ۔ لپیٹنا ۔ ڈھانکنا ۔ چھپا دینا ۔

Ensign (en-sīn) *n.* Badge, banner پھریرا ۔ نشان ۔ جھنڈا ۔ ایسا جھنڈا جس پر یونین جیک ہوتا ہے ۔ علم بردار ۔ علم بردار فوجی افسر ۔

Enslave (en-sləv) *v.t.* Make person a slave حلقہ بگوش کرنا ۔ غلام بنانا ۔ او ہام کا غلام بنانا ۔

Enslavement *n.* حلقہ بگوشی ۔ پابندی ۔ غلامی ۔

Ensnare (in-snār) *v.t.* Entrap دام میں گرفتار کرنا ۔ جال میں پھانسنا ۔

Ensue (in-sū) *v.i. & t.* Happen afterwards پیچھا کرنا ۔ پیچھے چلنا ۔ تعاقب کرنا ۔ پیروی کرنا ۔ ہونا ۔ آنا ۔ برپا ہونا ۔ صادر ہونا ۔

Ensure (in-shoor) *v.t.* Make certain یقین دلانا ۔ اطمینان کرنا ۔ پکا یا ٹھیک کرنا ۔

Entail (en-tāl) *n.* Settlement of succession of landed estate وقف علی الاولاد ۔ جائداد جس کے ہبا یا بیع کا حق ورثہ کو نہ ہو ۔ مشروط ہبا ۔ ناقابل انتقال وراثت یا ورثہ ۔

Entail (en-tāl) *v.t.* Settle land with conditions جائداد مشروط طور پر ہبا کرنا ۔ عائد کرنا ۔ بار ڈالنا محنت یا مصارف کا لازمی ہونا ۔

Entangle (en-tang-gl) *v.t.* Involve in difficulties آلجھانا ۔ پھنسانا ۔ دشواری میں ڈالنا ۔ گھبرا دینا ۔ حیران یا پریشان کرنا ۔

Entanglement *n.* پریشانی - دشواری - جھگڑا - الجھاؤ - پیچ -

Enter (en-tər) *v.i. & t.* Go, come, in آ ملنا - داخل ہونا - گھسنا - اندر آنا - اندر جانا - آ جانا - ناٹک میں اسٹیج پر آنا - جماعت یا انجمن میں داخل ہونا - داخل کرنا - شریک کرنا -

Enteric (en-tə-rik) *adj. & n.* Of the intestines, typhoid آنتوں کے متعلق - موتی جھیرا - ٹائفائڈ -

Enteritis (en-tə-ri-tis) *n.* Burning sensation in the intestines انتڑیوں کی سوزش

Enterprise (en-tər-prīz) *n.* Undertaking فراخ حوصلگی - جوکھوں - کار عظیم - اہم - معرکے کا کام - اولوالعزمی - ہمت - ارادہ -

Enterprising (en-tər-prīz-ing) *adj.* Showing courage دلیر - جانباز - من چلا - مہم جو - باہمت -

Entertain (in-tər-tān) *v.t.* Amuse ذہن میں رکھنا - خوش کرنا - بات چیت میں لگانا - دل بہلانا - دل میں جگہ دینا - نوکر رکھنا - پرورش کرنا - مقرر کرنا - مہمانداری کرنا - خاطر مدارات کرنا -

Entertaining (in-tər-tān-ing) *adj.* Amusing دل بہلانے والا - پر لطف - دلچسپ - فرحت انگیز -

Entertainment (in-tər-tān-mənt) *n.* Amusement دعوت - ضیافت - خاطر تواضع - آؤ بھگت - دل لگی - لطف - تفریح - کھیل - تماشا -

Enthral (in-thrawl) *v.t.* Enslave گرویدہ کرنا - غلام بنانا - اسیر کرنا - حلقہ بگوش کرنا -

Enthrone (in-thron) *v.t.* Place on throne اعلیٰ رتبہ حاصل کرنا - بادشاہ بنانا - تخت نشین کرنا - سجادہ نشین کرنا - پادری کو گدی پر بٹھانا -

Enthuse (in-th(y)oo-s) *v.i.* Show enthusiasm (بول چال) جوش میں آنا - جوش دلانا -

Enthusiasm (in-thoo-zia-zm) *n.* Ardent zeal سرگرمی - جوش و خروش - ولولہ - جوش - جذبہ -

Enthusiast (in-thoo-zi-əst) *n.* One who is full of enthusiasm جوشیلا - سرگرم انسان - مجذوب عاشق -

Enthnsiastical پرتپاک - پرجوش - سرگرم -

Enthymeme (en-thi-mem) *n.* Syllogism in which one premiss is suppressed قیاس استثنائی جس میں ایک قضیہ محذوف ہوتا ہے -

Entice (in-tīs) *v.t.* Allure للچانا - ورغلانا - پھسلانا - ترغیب دینا -

Enticement *n.* لالچ - ترغیب - بھکاوا - دلفریبی - تحریص -

Entire (in-tīr) *adj. & n.* Whole, complete کامل - سب - کم و کاست - پورا - تمام - جوں کا توں - غیر آختہ - انڈو - پورا پورا -

Entirely (in-tīr-li) *adv.* Wholly سب - سراسر - یک قلم - پورے کا پورا - بالکل -

Entirety (in-tīr-iti) *n.* Completeness اتمام - کلیت -

Entitle (en-tī-tl) *v.t.* Give the title نام رکھنا - لقب یا خطاب دینا - موسوم کرنا - مستحق کرنا - حقدار کرنا -

Entity (en-tī-ti) *n.* Thing that exists ہستی - وجود - ذات - اصلیت - موجودات - موجودگی -

Entomb (in-toom) *v.t.* Place in a tomb قبر پر مقبرہ بنانا - دفن کرنا -

Entombment *n.* مقبرہ میں رکھنا - تدفین - تجہیز و تکفین -

Entomo (in-tō-mō) *adj.* Pertaining to insects جز ترکیبی - بمعنی کیڑوں کا - کیڑے مکوڑے -

Entomology (in-tō-mo-ləgi) *n.* Study of insects کیڑے مکوڑوں کا علم - علم الحشرات - حشریات -

Entomologist (in-tō-mo-lə-gist) *n.* One who makes study of insects ماہر حشریات - کیڑے مکوڑوں کے علم کا عالم -

Entrails (en-tralz) *n. & pl.* Intestines زمین کے اندرونی حصے - احشاء - انتڑیاں - آنتیں -

Entrammel (in-tram-l) *v.t.* Entangle گرفتار کرنا - پکڑنا - پھندے میں ڈالنا - پھانسنا -

Entrance (in-trəns) *n.* Door, passage رسائی - باریابی - رستہ - دروازہ - اداکار کا اسٹیج پر آنا - داخل ہونے کا حق - فیس داخلہ - ڈیوڑھی - دہلیز -

Entrance (en-trəns) *v.t.* Throw into a trance آپے سے باہر کر دینا - بے خود کر دینا - بے ہوش کرنا - وارفتہ کر دینا - غافل کر دینا - زیر اثر لانا - نہایت خوش کرنا -

Entrant (en-trənt) *n.* One who enters کسی مقام یا پیشہ میں داخل ہونے والا -

Entrap (in-trap) *v.t.* Catch in as in trap شکنجہ میں پھنسانا ۔ جال میں پھانسنا ۔ اُلجھانا ۔ پھندے یا جال میں پھانسنا ۔

Entreat (in-tret) *v.t.* Ask earnestly درخواست یا التماس کرنا ۔ التجا کرنا ۔ منت ساجت کرنا ۔ عرض پرداز ہونا ۔

Entreaty (in-treti) *n.* Earnest request عرض ۔ درخواست ۔ التجا ۔ گزارش

Entree (on-tra) *n.* Right of admission حق داخلہ ۔ بازیابی ۔ داخلہ ۔ کھانا کھلانے وقت جو کھانا درمیان میں دیا جائے ۔

Entrench (in-trench) *v.t.* & *i.* Surround with trench کسی شہر کو خندق سے محفوظ کر لینا ۔
Entrench upon دخل دینا ۔ مداخلت بیجا کرنا ۔

Entrepot (an-trə-po) *n.* Store-house تجارتی مرکز ۔ توشہ خانہ ۔ بھنڈارا ۔ گودام ۔

Entrust (in-trust) *v.t.* Confide رکھانا ۔ تفویض کرنا ۔ سپرد کرنا ۔ امانت رکھانا ۔

Entry (en-tri) *n.* Coming or going in, recording باریابی ۔ رسائی ۔ داخلہ ۔ اندراج ۔ تحریر ۔ قبضہ ۔ دخل ۔ داخل ہونے کا مقام ۔ رجسٹر میں اندراج ۔ کھاتے میں لکھنا ۔ گھڑ دوڑ میں شریک ہونے والے گھوڑوں کی فہرست ۔

Entwine (in-twin) *v.t.* Interweave مروڑنا ۔ لپیٹنا ۔ بل دینا ۔ بٹ دینا ۔ چمٹ جانا ۔ لپٹ جانا ۔ بل پڑنا ۔

Enucleate (in-u-kli-at) *v.t.* Explain تشریح کرنا ۔ توضیح کرنا ۔ مادہ خارج کرنا (گلٹی یا دمبل کا)

Enumerate (i-nu-mər-at) *v.t.* Count تفصیل وار بیان کرنا ۔ تعین کرنا ۔ شمار کرنا ۔

Enumeration *n.* خلاصہ تحریر ۔ بیان مجمل ۔ حساب ۔ گنتی ۔ شمار ۔

Enunciate (i-nun-s (h) i-at) *v.t.* Express definitely اعلان کرنا ۔ ظاہر کرنا ۔ بیان کرنا ۔ مشتہر کرنا ۔ دعویٰ کرنا ۔ نظریہ پیش کرنا ۔ ادا کرنا ۔
Enunciation *n.* تلفظ ۔ دعویٰ ۔ تشہیر ۔ اظہار ۔ بیان ۔ اعلان

Envelop (in-vel-əp) *v.t.* Wrap up محاصرہ کرنا ۔ گھیرنا ۔ لپیٹنا ۔ لفافے میں بند کرنا ۔ ملفوف کرنا ۔ چھپانا ۔ کسی چیز کو ڈھک لینا ۔

Envelope (in-vel-əp) *n.* Covering مٹی کا پشتہ ۔ پوشش ۔ غلاف ۔ لفافہ

Envenom (in-ven-om) *v.t.* Put poison into زہر میں بجھانا ۔ زہر آلود کرنا ۔ تلخ کرنا ۔ عداوت پیدا کرنا ۔ کسی کی طرف سے دل میلا کر دینا ۔ فساد ڈالنا ۔

Envious (an-vi-əs) *adj.* Calculated to excite envy قابل رشک ۔ محمود ۔ دلپسند ۔ حسدانگیز ۔

Enviable (en-vi-əbl) *adj.* Full of envy, رشک کرنے والا ۔ بداندیش ۔ بد خواہ ۔ کینہ ور ۔ حاسد

Environ (in-vi-rən) *v.t.* Form a ring لپیٹنا ۔ احاطہ کرنا ۔ محاصرہ کرنا ۔ گھیرنا ۔ حلقہ میں لے لینا ۔ محصور کر لینا ۔

Environment (in-vi-rən-mənt) *n.* Surrounding, پڑوس ۔ نواح ۔ گردو نواح ۔ ماحول ۔ گردوپیش ۔ گردوپیش کے حالات ۔

Environs (in-vi-rəns) *n.* District Surrounding town قرب و جوار ۔ اطراف ۔ حوالی ۔ گردونواح ۔ مضافات ۔ سواد

Envisage (in-viz-ij) *v.t.* Look in the face of آمنے سامنے ہونا ۔ آنکھیں چار کرنا ۔ خطرات کا مقابلہ کرنا ۔ کسی خاص نقطہ نگاہ سے غور کرنا

Envoy (en-voi) *n.* Representative قاصد ۔ نائب ۔ سفیر ۔ ایلچی ۔

Envy (en-vi) *n.* Grudging contemplation بغض ۔ عداوت ۔ حسد ۔ جلن ۔

Envy (in-vi) *v.t.* Feel jealous of رشک کرنا ۔ عداوت کرنا ۔ جلنا ۔ حسد کرنا ۔

Enwrap (in-rap) *v.t.* Enfold ڈھانکنا ۔ تہہ کرنا ۔ لپیٹنا ۔

Epact (e-pakt) *n.* Difference in solar and luner month قمری اور شمسی مہینے کا فرق ۔ یکم جنوری کو قمری مہینہ کی تاریخ ۔ ایام کبیسہ ۔

Epaulet-lette (ep-əl-et) *n.* Ornamental shoulder-piece of uniform جبھا جو سپاہیوں یا افسروں کی وردی میں شانہ پر لگا ہوتا ہے ۔

Ephemera (ef-em-ər-a) *n.* Insect living only one day ایک کیڑا جسکی زندگی ایک دن کی ہے ۔ عارضی شے ۔ ایک روز کا بخار ۔

Ephemeral (ef-em-ər-əl) *adj.* Lasting only one day ایک دن کا - یک روزہ - چند روزہ - سریع الزوال

Ephemeris (ef-em-ə-ris) *n.* Astronomical almanac روزنامچہ سیارگان - تقویم - فلکیاتی جنتری -

Epic (ep-ik) *n.* & *adj.* Narration of heroes جنگ نامہ - رزمیہ نظم - وہ نظم جس میں سورماؤں کے کارنامے بیان کئے جائیں - رزمیہ -

Epicene (ep-i-sen) *adj.* & *n.* Denoting either sex مشترک الجنس - تذکیر و تانیث میں مشترک -

Epicure (ep-i-kūr) *n.* One who is dainty in eating and drinking خوش خوراک - لذیذ کھانوں اور شرابوں کا شوقین - عیش پسند - شہوت پرست -

Epicurean (ep-i-kūr-yən) *adj.* & *n.* Follower of Epicurus یونانی حکیم ایپکیورس کا پیرو-اُس نے حصول لذات کو غایت حیات قرار دیا تھا - لذتیہ - عیش پسند -

Epicureanism *n.* ایپکیورس کا فلسفہ لذتیت -

Epidemic (ep-i-dem-ik) *adj.* & *n.* Disease prevailing among community وبا - وبائی مرض - کثیر آبادی میں پھیلنے والا - متعدی -

Epidermis (ep-i-der-mis) *n.* Outer layer of skin اُوپری جلد - اُوپری کھال - جلد کا اُوپر کا پرت -

Epigram (ep-i-gram) *n.* Short witty poem - چٹکلہ نکتہ - لطیفہ - منظوم لطیفہ -

Epigrammatic (ep-i-gram-ə-tik) *adj.* Witty - برلطف لطیف - مزاحیہ - ظرافت آمیز -

Epigraph (ep-i-graf) *n.* Inscription on stone مقولہ - کلام - لوح مزار - لوح - کتبہ - وہ عبارت جو کسی عمارت ، قبر یا سکہ پرلکھی جائے -

Epilepsy (ep-i-lep-si) *n.* Nervous disease in which patient falls unconscious مرگی - صرع - اس مرض میں مریض بےہوش ہوکر گر پڑتا ہے -

Epileptic (ep-i-lep-tik) *adj.* Subject to epilepsy مصروع - مرگی کا - مرگی کے متعلق -

Epilogue (ep-i-log) *n.* Concluding part of literary work تماشے کے ختم پر جو بیان سامعین سے مخاطب ہوکر دیا جاتا ہے - مضمون کا آخری حصہ تقریر - مختصر نظم -

Episcopacy (epis-kə-pəsi) *n.* Government of Church by bishops حکومت اسقفی - اسقف کی حکومت - اسقفیہ پادریوں کی جماعت -

Episcopal (ep-is-kə-pəl) *adj.* Of bishops اسقف کے ماتحت یا اختیار میں - اسقفی -

Episode (ep-i-sod) *n.* Incidental narrative, series of events داستان در داستان - ضمنی بیان یا قصہ - درمیانی واقعہ -

Episodic (ep-i-sodik) *adj.* Incidental قصہ سے متعلق- درمیانی واقعہ سے متعلق -

Epistle (i-pis-l) *n.* Letter of an apostle of Christ خط - رقعہ - چٹھی - نامہ - حضرت عیسیٰ کے حواریوں کے خطوط جو انجیل میں شامل ہیں -

Epistolary (i-pis-ol-əri) *adj.* Suited to letters خطوط کے متعلق - مکتوبی - انشائی -

Epitaph (epi-taf) *n.* Words inscribed on tomb کتبہ مزار - کتبہ لوح مزار - قبر کا کتبہ -

Epithalamium (epi-thəla-mi-əm) *n.* Nuptial song or poem سہاگ کے گیت - ترانہ مسرت - شادیانہ -

Epithet (ep-i-thet) *n.* Significant appellation نام - لقب - خاصہ - صفت - وصف -

Epitome (e-pit-ə-me) *n.* Summary چھوٹی چیز جو بڑی چیز کا نمونہ ہو - لب لباب - خلاصہ - انتخاب -

Epitomize (e-pito-mīz) *v.t.* Condense - انتخاب کرنا خلاصہ کرنا - اختصار کرنا -

Epoch (ep-ok) *n.* Period of history marked by special events زمانہ - عہد - دور - تاریخ کا مخصوص دور - تاریخ - علوم حیات کا جدید باب - عصر-

Epode (ep-ōd) *n.* Form of lyric poem - غنائی نظم قطعہ - قصیدہ - شاعری کی وہ صنف جو ہوریس نے استعمال کی -

Epopee (ep-o-pe) *n.* Epic poem or poetry رزمیہ شاعری - ساکھا - رزمیہ نظم -

Epsom-salt (ep-səm-salt) *n.* Magnesium sulphate معدنی نمک جو ضلع سرے میں پیدا ہوتا ہے اور بطور مسہل استعمال ہوتا ہے - اپسم نمک -

Equability (ek-we-bl-iti) *n.* Uniformity - برابری ایک سی چال - ہمواری - یکسانیت -

Equable (ek-we-bl) *adj.* Uniform - سلیم الطبع یکساں - ہموار - مساوی -

Equal (e-kwel) *adj.* The same in number, size, value, degree

Equal (e-kwel) *v.t.* Be equal to پورا کرنا ۔ ایک ٹکڑ کا ہونا ۔ برابر یا یکساں ہونا ۔ برابر کرنا ۔ مساوی کرنا ۔

Equality (e-kwel-iti) *n.* Condition of being equal برابری ۔ ہمواری ۔ یکسانیت ۔ مساوات ۔

Equalize (e-kwel-īz) *v.t. & i.* Make equal ایک دوسرے کے برابر ہونا ۔ ہموار کرنا ۔ برابر کرنا ۔ برابری پر کھیل ختم ہونا ۔

Equally (e-kwel-i) *adv.* In an equal degree اسی قدر۔ یکساں ۔ برابر برابر ۔ ویسا ہی ۔ امتناعی ۔

Equanimity (e-kwə-nim-iti) *n.* Evenness of mind or temper ۔ سکون قلب ۔ سلامت طبع ۔ تحمل ۔ استقلال ۔

Equate (e-kwət) *v.t.* Treat as equivalent مساوی تقسیم کرنا ۔ برابر کرنا ۔ مساوی کرنا ۔

Equation (e-kwə-shən) *n.* Making equal مساوی تقسیم ۔ برابری ۔ مساوات ۔

Equator (e-kwə-tər) *n.* A great circle of the earth, equidistant from poles خط استوا ۔ خط استوائے فلکی ۔ درمیانی خط ۔ درمیانی دائرہ جو قطبین سے مساوی فاصلے پر ہے ۔

Equatorial (e-kwə-to-riyəl) *adj.* Of near the equator ۔ خط استوا کے متعلق ۔ خط استوا کے نزدیک ۔

Equerry (ek-wə-ri) *n.* Officer incharge of horses میر اصطبل ۔ گھوڑوں کا داروغہ ۔ شاہی محل انگلستان کا ایک عہدہ دار ۔

Equestrian (e-kwes-tri-ən) *adj. & n.* Of horse riding شہ سواری کے بابت ۔ گھوڑوں کے متعلق ۔ چابک سوار ۔ شہ سوار ۔ سواری کے کرتب دکھانے والا ۔

Equiangular (ekwi-lan-gu-lər) *adj.* Of equal angles برابر زاویے والے ۔ مساوی الزاویہ ۔

Equidistant (ekwi-des-tənt) *adj.* Separated by equal distance برابر فاصلے والے ۔ ہم فاصلہ ۔

Equilateral (ekwi-lat-rəl) *adj.* Having all the sides equal سب ضلع برابر ۔ مساوی الاضلاع ۔

Equilibrate (ek-wi-lib-rat) *v.t. & n.* Cause to balance, balance توازن پیدا کرنا یا ہونا ۔ ہم پلہ کرنا ۔ ہم وزن ہونا ۔ دو چیزوں کا وزن برابر کرنا ۔

Equilibrium (ekwe-lib-ri-əm) *n.* State of balance فیصلہ وغیرہ میں غیر جانبداری ۔ برابری ۔ مساوات ۔

Equimultiple (ekwi-mult-iple) *n.* Number having a common factor with another اعداد جن کا مضروب فیہ ایک ہو ۔ قدر مشترک ۔

Equinoctial (ek-wi-nok-ti-əl) *adj. & n.* Of equal day and night منسوب بہ اعتدال ۔ معتدل النہار ۔ اعتدال اللیل و النہار کے قریب ۔ اس نقطے کے قریب جہاں خط استوائی اور طریق الشمس کا تقاطع ہوتا ہے ۔

Equinox (ek-wi-noks) *n.* Time at which Sun crosses equator وہ وقت جب آفتاب استوا کو قطع کرتا ہے اور دن اور رات برابر ہوتے ہیں ۔ اعتدالین ۔ نقطہ اعتدال ۔

Equip (i-kwip) *v.t.* Furnish with requisites ساز و سامان سے لیس کرنا ۔ مسلح کرنا ۔ تیار کرنا ۔ فوج یا جہاز کو ٹھیک ٹھاک کرنا ۔ درست کرنا ۔ سجانا ۔

Equipment *n.* Necessary provision آراستگی ۔ سجاوٹ ۔ بناوٹ ۔ ساز و سامان ۔

Equipage (i-kwip-əj) *n.* Outfit for journey رخت سفر ۔ لوازمات سفر ۔ لشکر کا ساز و سامان ۔

Equipoise (ek-wi-poiz) *n. & v.t.* Equilibrium دھڑا باندھنا ۔ پاسنگ کرنا ۔ ہم وزن ۔ توازن ۔ کسی ایک جانب مائل نہ کرنا ۔

Equipollent (ek-wi-pol-ənt) *adj. & n.* Equal in power مساوی قوت والے ۔ ہم قوت ۔

Equiponderant (ekwi-pon-də-rənt) *adj. & n.* Equally divided ہم وزن ۔ مساوی تقسیم کیا ہوا ۔

Equiponderate (ek-wi-pon-də-rat) *v.t.* Counterbalance ادھر کی کسر اُدھر نکال دینا ۔ تعدیل کرنا ۔

Equitable (ek-wit-əbl) *adj.* Fair, just درست ۔ واجبی ۔ بلا رعایت ۔ انصافاً جائز ۔ منصفانہ ۔

Equitation (ek-wi-ta-shən) *n.* Horsemanship گھوڑے کی سواری ۔ چابک سواری ۔ شہ سواری ۔

Equity (ek-wi-ti) *n.* Fairness سچا دعویٰ ۔ داد رسی ۔ حق ۔ انصاف ۔ اصول معدلت جن سے قانون کی کوتاہی دور کی جاتی ہے ۔ دعویٰ از روئے حق ۔

Equivalence (ek-viv-ə-lens) *n.* Equality of value ہم قدری ۔ برابری ۔ مساوات ۔

Equivalent (ek-viv-ə-lent) *adj. & n.* Equal in value برابر کا - ہم پایہ - ہم قیمت - مساوی - مساوی شے - مرادف -

Equivocal (i-kniv-əkl) *adj.* Ambiguous ذومعنی - مشتبہ - مشکوک - مبہم -

Equivocate (e-kwivo-kāt) *v.i.* Use ambiguous words گول یا پہلو دار بات کہنا - مبہم بات کہنا - گول مول جواب دینا - ٹال دینا - لفظی ہیر پھیر کرنا -

Equivocation (ekwi-vo-ka-shən) *n.* Confusion of words گول مول بات - ابہام - ہیر پھیر - لفظی ہیر پھیر -

Era (e-ra) *n.* System of chronology تاریخی دور - سالوں کے شمار کا طریقہ - سن - سن عیسوی - ہجری - شمسی وغیرہ - تاریخی دور کا آغاز -

Eradicate (e-rad-i-kāt) *v.t.* Tear up by roots جڑ سے اکھاڑنا - اکھاڑنا - مٹانا - ستیاناس کرنا - نیست و نابود کرنا - استیصال کرنا - قلع قمع کرنا -

Eradication (e-rad-ika-shən) *n.* Uprooting قلع قمع - استیصال - بربادی - بیخ کنی -

Erase (i-rāz) *v.t.* Rub out رگڑ ڈالنا - چھیل ڈالنا - گھس دینا - محو کردینا - مٹا ڈالنا -

Eraser *n.* ربڑ کا ٹکڑا - محو کرنے والا - مٹا دینے والا -

Erasure *n.* رگڑے ہوئے حرفوں کا نشان - مٹایا جانا - کانٹ چھانٹ - قطع و برید -

Ere (ar) *prep. & conj.* Before, before long پیش ازیں - قبل ازیں - اس سے پہلے - قبل - قبل اس کے کہ - بہت پہلے -

Erebus (er-i-bəs) *n.* Place of darkness between earth and Hades تحت الثریٰ - پاتال - دوزخ - جہنم - ظلمات -

Erect (i-rekt) *v.t.* Set upright قائم کرنا - ایستادہ کرنا - اٹھانا - کھڑا کرنا - نصب کرنا - تعمیر کرنا - بنانا -

Erect (i-rekt) *adj.* Upright مستقیم - اونچا - راست - ایستادہ - سیدھا -

Erectile (i-rekt-il) *adj.* That can be erected کھڑا ہونے کے قابل - اونچا ہونے کے لائق - استادنی -

Erection (i-rek-shən) *n.* Building خیزش - استادگی - عمارت - مکان - اٹھان -

Erelong (ar-long) *adv.* In near time چند روز میں - تھوڑے عرصہ میں - عنقریب -

Eremite (eri-mit) *n.* Hermit رشی منی - جوگی - زاہد - گوشہ نشیں -

Erewhile (ar-whil) *adv.* Before this کچھ عرصہ گزرا - قبل ازیں -

Ergo (ər-go) *adv.* Therefore پس - اس لیے - اس واسطے - لہٰذا -

Ergot (ər-got) *n.* Disease of rye ایک روگ جو غلہ میں کیڑا لگنے سے پیدا ہو جاتا ہے -

Ermine (ər-min) *n.* Animal of weasel tribe گلہری کا سا ایک جانور جس کا سمور امرا اور ججوں کے لباس میں استعمال ہوتا ہے یہ گرمیوں میں بھورا اور جاڑوں میں سفید رہتا ہے -

Erode (e-rōd) *v.t.* Wear out (تیزاب) کسی چیز کو کھا جانا یا ختم کردینا - کاٹ دینا -

Erosive *adj.* کھا جانے والا - کاٹنے والا -

Erodent (e-rōd-ənt) *n.* Acid جلانے والا مادہ - تیزاب -

Erosion (e-rō-zhən) *n.* Destruction کھانے سے خاتمہ - مٹ جانا - رگڑ - کاٹ -

Erotic-cal (erot-ik) *adj.* Of love, amatory محبت کا - غزل کا - عاشقانہ -

Erotomania (e-rot-o-mania) *n.* Madness arising from love جنون عشق - سودائے عشق - وارفتگی - عاشقانہ خود فراموشی -

Err (er) *v.i.* Make mistakes قصور کرنا - خطا کرنا - غلطی کرنا - بھولنا - غلط ہونا -

Errand (er-ənd) *n.* Short journey for carrying message قلیل مسافت - پیام - پیغام - نامہ - خبر - جہاں نوکر پیام لے کر جائے -

Errand-boy *n.* نامہ بر لڑکا - چھوکرا - نامہ بر - پیادہ قاصد -

Errant (er-ənt) *adj. & n.* Deviating from correct standard آوارہ - گمراہ - جہاں گرد - گمراہی - کجروی -

Errantry (er-ənt-ri) *n.* Condition of an errant سرگردانی - گمراہی - آوارگی -

Errata (er-ā-tä) *n. & pl.* Errors in printing or writing غلطی نامہ - صحت نامہ - ایک فہرست جو کتاب کے آخر میں غلطیوں کے صحت نامہ کے طور پر لگائی جاتی ہے -

Erratic (er-â-tik) *adj.* Of irregular conduct سرگردان ۔ ڈانواں ڈول ۔ آوارہ ۔ خیالات میں غیر مستقل ۔ بہکا ہوا ۔ بھٹکا ہوا ۔

Erroneous (i-rō-ni-əs) *adj.* Mistaken بے ڈھب ۔ بےقاعدہ ۔ نادرست ۔ غلط ۔

Error (er-ər) *n.* Mistake بھول چوک ۔ غلطی ۔ سہو ۔ خطا ۔ فروگزاشت ۔

Erst-erstwhile (ər-st) *adj.* Formerly سابقاً ۔پیشتر ۔ اس سے پہلے ۔ پہلے ۔ آگے ۔

Eruct-tate (i-rukt) *v.t.* Belch out آتش فشاں دھانے سے گرم ہوا کا نکلنا ۔ ڈکار لینا ۔

Eructation *n.* آتش فشاں دھانے یا زمین سے ہوا کا زور سے نکلنا ۔ ڈکار ۔

Erudite (er(y)oo-dīt) *adj.* Learned عالم ۔ فاضل ۔ محققانہ ۔ فاضلانہ ۔ عالمانہ ۔

Erudition *n.* لیاقت ۔ فضیلت ۔ علمیت ۔

Erupt (i-rupt) *v.i.* Break through gums کوہ آتش فشاں کا پھٹنا ۔ دانت نکلنا ۔ پھوڑے پھنسی کا نکلنا ۔

Eruption (i-rup-shən) *n.* Outbreak کوہ آتش‌فشاں کا پھٹنا ۔ مرض ۔ جنگ کا آغاز ۔ خارش ۔ پھوڑے ۔ پھنسی یا دانتوں کا نکلنا ۔

Eruptive (i-rup-tiv) *adj.* Bursting forth پھوٹ‌نکلنے والا ۔ اُبھر کر نکلنے والا ۔

Erysipelas (er-i-sip-i-ləs) *n.* Disease producing deep red colour on skin زہر باد ۔ سرخ بادہ ۔

Escalade (es-kə-lad) *n.* Scaling of walls with ladders قلعہ کی دیوار پر چڑھنا ۔ سیڑھیاں لگا کر چڑھنا ۔ کمند کے ذریعے چڑھنا ۔

Escallop (es-kal-əp) *n.* دیکھو Scallop

Escapade (es-kap-əd) *n.* Breaking loose from restraint قید سے بھاگ نکلنا ۔ فرار ۔ پابندی سے گریز ۔

Escape (is-kap) *v.t.* & *i.* Get free from گریز کرنا ۔ نکل جانا ۔ بھاگ جانا ۔ فرار ہونا ۔ بچ نکلنا ۔ کسی شخص کی زبان سے بے اختیار کچھ نکل جانا ۔ یاد نہ رہنا ۔

Escape (is-kap) *n.* Act of escaping خلاصی ۔ بچاؤ ۔ فرار ۔ گریز ۔ بال بال بچنا ۔ کسی شخص کا مصیبت سے آزاد ہوجانا ۔ باغ کے پودوں کا جنگلی ہوجانا ۔

Escapement (is-kap-ment) *n.* Outlet مفر ۔ گریز ۔ گھڑی کا وہ پرزہ جس سے حرکت باقاعدہ ہوتی ہے ۔ گھڑی میں ریگولیٹر اور کمانی کو ملانے والا پرزہ ۔

Escarp (is-kärp) *n.* & *v.t.* Steep bank below rampart کھائی کی ڈھال ۔ قدرتی نشیب ۔ ڈھال بنانا ۔

Escheat (is-chet) *n.* Lapsing of property to crown انتقال جائداد ۔ ضبطی ۔ اگر کوئی شخص لاوارث ہو تو اس کے انتقال پر اس کی جائداد بہ حق سرکار منتقل ہو جاتی ہے ۔

Escheat (is-chēt) *v.t.* & *i.* Confiscate ضبطی میں لانا ۔ لاوارث جائداد کی ضبطی کرنا ۔ جائداد ضبط شدہ کسی کے حوالے کرنا ۔

Eschew (is-choo) *v.t.* Avoid کنارہ کرنا ۔ بار دینا ۔ بچنا ۔ ترک کرنا ۔ پرہیز کرنا ۔

Escort (es-kort) *n.* Body of men acting as guards محافظ ۔ بدرقہ ۔ نگہبان ۔ دستہ محافظین ۔ محافظت ۔ راہ کا نگہبان ۔

Escort (es-kort) *v.t.* Act as a guard نگران ہونا ۔ بدرقہ ہونا ۔ راہ کی حفاظت کے لئے سپاہیوں کا ساتھ جانا ۔

Escritoire (es-kre-twar) *n.* Writing desk with drawers لکھنے کی خانہ دار میز ۔

Esculent (es-ku-lənt) *adj.* & *n.* Fit for food کھانے کی چیز ۔ خوردنی ۔ کھانے کے قابل ۔

Escutcheon (es-kuch-ən) *n.* Shield with armorial bearings ڈھال جس پر خاندانی نشان ہوں ۔ ڈھال جس پر ہتھیاروں کے نقش ہوں ۔ تمغہ دار سپر ۔ جہاز کا وسطی حصہ جہاں جہاز کا نام لکھا ہو ۔

Esoteric (es-o-ter-ik) *adj.* Confidential دقیق ۔ چھپا ہوا ۔ مخفی ۔ پوشیدہ ۔ فلسفہ یا دینیات کے دقیق مسائل جو پوشیدہ رکھے جائیں ۔

Espalier (es-pal-yer) *n.* Lattice-work on which trees are trained. ٹٹی یا منڈوا جس پر درختوں کی بیل چڑھائی جاتی ہے ۔ درخت جن کی بیل چڑھائی جائے ۔

Especial (is-pesh-l) *adj.* Exceptional غیر معمولی ۔ افضل ۔ اعلیٰ ۔ مخصوص ۔ خاص ۔

Especially (is-pesh-li) *adj.* Chiefly خاص کر ۔ بالخصوص ۔ خصوصاً ۔

Espionage (es-pi-nij) *n.* Practice of spying مخبری ۔ جاسوسی ۔ خفیہ طور پر تجسس سے معلوم کرنا ۔

Esplanade (es-plə-nad) *n.* Level piece of ground گھاس کا تختہ یا قطعہ - قلعہ کے سامنے کا میدان - کھلامیدان جس میں لوگ چہل قدمی کے لئے جاتے ہیں -

Espousal (is-pow-zəl) *n.* Marriage or betrothal شادی - سگائی - منگنی - نسبت - حمایت - کسی معاملہ کی حمایت یا وکالت -

Espouse (is-powz) *v.t.* Marry or give in marriage بیاہ کرنا - سگائی کرنا - منگنی کرنا - عورت کو کسی سے بیاہ دینا - کسی اصول یا معاملہ کی حمایت کرنا -

Espy (es-pi) *v.t.* Catch sight of تاکنا - نگاہ کرنا - دور سے دیکھنا - دور سے جھلک دیکھنا - عیب یا نقص نکالنا -

Esquire (es-kwir) *n.* Title appended to the name of a gentleman تعظیم کا لقب جو نام کے بعد لکھا جاتا ہے - مد ظلہ -

Essay (es-a) *v.t*, *i.* & *n.* Try, test, literary composition کوشش کرنا - سعی کرنا - جد و جہد کرنا - مختصر مضمون یا مقالہ -

Essayist (es-a-ist) *n.* Literary composer منشی - انشا پرواز - مضمون نگار -

Essence (es-əns) *n.* Existence, extract ست - روح - جوہر - ذات -

Essential (es-ən-shi-əl) *adj.* Indispensable بہت ضروری - لازمی - اصلی - ذاتی - معطر - خوشبودار - لطیف - اصل بیماری کے متعلق -

Essential (es-ən-shi-əl) *n.* Indispensable element اہم جز - اصلی عنصر - ذاتی یا اصلی چیز -

Essentially (es-en-shi-əli) *adv.* Unavoidably فی نفسہ - حقیقت میں - فی الحقیقت - فی الواقع - بنیادی طور پر -

Establish (es-tab-lish) *v.t.* Set up بنا رکھنا - مضبوط کرنا - مقرر کرنا - قائم کرنا - جاری کرنا - بحال یا برقرار رکھنا - حکومت یا کاروبار کو مستقل بنیاد پر قائم کرنا - کسی واقعہ کو مسلمہ قرار دینا - کسی عہدہ پر مستقل کرنا -

Establishment (es-tab-lish-ment) *n.* Institution استحکام - کارخانہ - محکمہ - ادارہ - تقرر - عملہ - نظام - نوکر چاکر -

Estate (es-tat) *n.* Landed property جاگیر - ریاست - جائداد - املاک - کاروباری اثاثہ -

Esteem (es-tem) *n.* & *v.t.* Think highly of عزت کرنا - بڑا ماننا - عزیز رکھنا - عزت - تعظیم - اچھی رائے -

Esthetics (es-the-tiks) *n.* Aesthetics دیکھو

Estimable (es-tim-əbl) *adj.* Worthy of esteem بیش قیمت - قیمتی - قابل قدر - قابل عزت -

Estimate (es-ti-mət) *n.* Forecast of expenditure اندازہ - تخمینہ - موازنہ - لاگت کا تخمینی حساب - ٹھیکیدار کا پیش کردہ پیشگی حساب -

Estimate (es-ti-mət) *v.t.* Form an estimate جانچنا - موازنہ کرنا - اندازہ کرنا - اندازہ سے تعداد مقرر کرنا - رائے قائم کرنا -

Estimation (es-ti-mə-shən) *n.* Judgment of worth موازنہ - تخمینا - اندازہ - گنتی - رائے - تجویز - قدر - منزلت - عزت - حرمت - ساکھ -

Estop (es-top) *v.t.* Bar تمادی عارض کرنا - اٹکانا - روکنا -

Estoppel (es-top-əl) *n.* The being precluded from a course by previous action of one's own عذرعارض - امرعارض - امراستناعی - عذرامتناعی - ایسا عذر جو قول یا عمل سابق کے خلاف ہو -

Estrange (is-tranj) *v.t.* Alienate in feeling from another بیگانہ کرنا - دو آدمیوں میں جذباتی افتراق کرنا - برایا کرنا - دور کرنا - من بھیر لینا - دل توڑ دینا -

Estrangement *n.* مفارقت - بے مہری - دل برداشتگی - کشیدگی - بے گانگی -

Estray (e-stra) *n.* Domesticated animal لاوارث پالتو جانور -

Estreat (e-stret) *n.* & *v.t.* Take out record of bail, fine عدالت سے مثل نکلوانا اور پھر واپس کرنا - مقدمہ دائر کرنے کے لئے روداد مثل دیکھنا -

Estuary (es-tu-ər-i) *n.* Tidal mouth of river بڑے دریا کا دہانہ جہاں مد و جزر ہوتا ہے - کھاڑی - سمندر کی شاخ -

Esurient (es-u-ri-ənt) *adj.* Hungry, needy بھوکا - محتاج - حریص -

Estuate (es-tu-ət) *v.t.* Burn, boil مد و جزر ہونا - اُبلنا - جوش میں آنا - کھولنا -

Etcetera (et-set-ər-a) *adv.* The rest, and so on علیٰ ہذالقیاس - وغیرہ وغیرہ -

Etch (ech) *v.t. & i.* Reproduce کسی دھات کی تختی پر تیزاب ڈال کر نقش و نگار بنانا - تانبے یا کسی اور دھات کی تختی پر موم لگا کر کھودنا پھر تیزاب چھڑک کر نقش و نگار بنانا -

Etching (ech-ing) *n.* Copy from etched plate تیزابی نقش نگار - ٹھپا - داب - چھاپا - ٹھپے سے چھاپنا یا چھپائی -

Etching needle *n.* اوزار یا سوئی جو نقش و نگار بنانے میں کام آتی ہے -

Eternal (e-tər-nl) *adj. & n.* That ever exists دائم - قدیم - ازلی - ابدی - لایزال - جاوید - غیرفانی -

These eternal bickerings روز کی تو تو میں میں -

Eternally (e-tər-nəli) *adv.* For ever علی الدوام - دوامی طور پر - ہمیشہ کے لئے - دوام - ہمیشہ -

Eternity (e-tər-niti) *n.* Infinite time ابدیت - دوام - قدامت - ہمیشگی - خلود - لامحدود - لازمانی - بقا -

Ether (e-thər) *n.* Upper regions, a medium that permeates space صاف آسمان - خلا - ایتھر - ایک لطیف مادہ جو کرہ باد کے اُوپر ہے - اثیر ایک بے رنگ شے جو الکحل پر ایسڈ کے عمل سے پیدا ہوتی ہے -

Etherial (e-thə-riyel) *adj.* Light, airy ہوا کا سا - ہلکا - نہایت لطیف - اثیری -

Etherealize (e-th-ri-yeliz) *v.t.* Make airy کسی مریض کو اثیر کے زیراثر لانا - اثیر کی سی لطیف شے بنانا -

Ethic (e-th-ik) *adj.* Relating to morals اخلاق - اخلاقیاتی - اصول اخلاق کے متعلق - علم الاخلاق کے بارے میں -

Ethics (eth-iks) *n.* علم الاخلاقیات کے اصول - اخلاقیات -

Ethiopian (e-thi-o-piən) *n. & adj.* Of Ethiopia حبش کا باشندہ - حبش کا - حبشی -

Ethnic (eth-nik) *adj.* Pertaining to race انسانی گروہوں کے متعلق - نسلی - علم الانسان کے متعلق - بت پرست - مشرک - غیر ملک کا -

Ethnography (eth-no-grəfi) *n.* Scientific description of races of man علم نسل انسانی - مختلف انسانی نسلوں کا تحقیقی بیان - علم الاقوام -

Ethnographer (et-no-grə-fər) *n.* Research scholar of human races علم الاقوام کا ماہر - نسل انسانی کے حالات کا عالم -

Ethnologic (eth-no-logik) *adj.* About races of man انسانی نسلوں کے متعلق -

Ethnology (eth-no-logi) *n.* Science of races and their relations علم الانسان - انسانی نسلوں کی خصوصیات اور ان کے باہمی تعلقات کا علم -

Etiquette (et-i-qet) *n.* Conventional rules of behaviour آداب مجلس - آداب معاشرت - تعظیم و تکریم - تکلفات -

Etymological (eti-mo-log-ikl) *adj.* Relative to formation of words علم صرف کے متعلق - اشتقاق -

Etymologist (eti-mo-log-ist) *n.* One who is a scholar of languge علم صرف کا عالم - صرفی - الفاظ اور زبان کی ساخت کا محقق -

Etymology (eti-mo-logi) *n.* Account of formation and meaning of word علم اللسان - لسانیات - علم زبان کی وہ شاخ جس میں الفاظ کی ساخت اور ان کے معنی سے بحث ہوتی ہے -

Eucalyptus (u-kə-lip-təs) *n.* A kind of tree which gives desinfecting oil ایک درخت جس کا روغن تیز اور خوشبودار ہوتا ہے اور بطور دوا استعمال ہوتا ہے -

Eucharist (u-kə-rist) *n.* Lord's supper مقدس متبرک اجزا - خصوصاً روٹی - عشائے ربانی -

Euclid (u-klid) *n.* Alexandrian mathematician حکیم اقلیدس اس کی تصنیف - علم اقلیدس - علم ہندسہ -

Eugenic (u-jen-ik) *adj. & n.* Of the production of fine offspring عمدہ نسل انسانی پیدا کرنے کے متعلق - اصلاح و ترقی نسل کا علم - نسلیات -

Eulogize (u-lə-jīz) *v.t.* Extol, praise تعریف - ثنا یا مدح کرنا - بڑھانا چڑھانا -

Eulogy (u-ləgi) *n.* Speech, writing, in praise of a person تعریف - ثنا - صفت - قصیدہ مدحیہ -

Eulogist *n.* تعریف یا ثنا کرنے والا - مداح -

Eunuch (u-nək) *n.* Castrated male person ہیجڑا - زنخا - مخنث - خواجہ سرا -

Euphemism (u-fem-izm) *n.* Substitution of mild or vague expression for harsh or blunt one بری بات اس طرح کہنا کہ کوئی ناراض نہ ہو - کڑوی بات کو نرم الفاظ میں ادا کرنا - نرم گوئی سے شائستہ بات کو گوارا بنا دینا -

Euphemistic (u-fem-is-tik) *adj.* Words or manner of removing the harshness سخت بات کی ناگواری کو دور کرنے والے الفاظ یا انداز -

Euphony (u-fə-ni) *n.* Pleasing sound خوش آواز - حسن تکلم - سروں کا میل -

Euphrasy (u-frə-si) *n.* Cheerfulness زندہ دلی - خوش مزاجی -

Euphuism (u-fu-izm) *n.* Artificial style of writing پر تکلف طرز تحریر - انشاء مرصع -

Eurasian (ur-a-zh(y)ən) *adj.* & *n.* Person of mixed European and Asian parentage وہ شخص جس کا باپ یورپی اور ماں ایشیائی ہو - یوریشیائی - مخلوط النسل -

Eureka (ū-rē-kȧ) *n.* & *interj.* Exulting expression "I have found it" کسی شے کی دریافت پر نعرہ مسرت "میں نے پا لیا" یا "مل گیا" -

Europe (u-ro-p) *n.* Continent of Europe فرنگستان - ولایت - براعظم یورپ -

European (u-rop-eyen) *adj.* Of Europe یورپی باشندہ - یورپ کے متعلق - یورپی -

Evacuate (e-vak-ū-āt) *v.t.* Withdraw from a dangerous place چھوڑ دینا - خالی کرنا - ترک کرنا - خارج کرنا - نکالنا -

Evacuation *n.* ترک - قے - دست - موقوفی - اخراج -

Evade (e-vād) *v.t.* Escape from, avoid کنارہ کشی کرنا - کنارہ کرنا - بچنا - بھاگنا - نکل جانا - کھسکنا - ٹال جانا - ٹال مٹول کرنا - لیت و لعل کرنا -

Evaluate (e-val-ū-āt) *v.t.* Ascertain amount of قیمت لگانا - اندازہ کرنا - آنکنا - دام معلوم کرنا - تشخیص کرنا -

Evanescent (ev-ən-es-ənt) *adj.* Quickly fading مٹ جانے والا - گزر جانے والا - نقش بر آب - فانی - محو ہو جانے والا - مٹ جانے والا -

Evanescence (ev-ən-es-əns) *n.* Disappearance حدوث - زوال - فنا -

Evangel (i-van-jəl) *n.* The Gospel, any of the four انجیل - چار میں سے کوئی ایک انجیل - سیاسی عقیدہ یا اصول -

Evangelic (i-van-jəlik) *adj.* According to the teaching of the Gospel انجیلی - انجیل کی تعلیمات کے مطابق - پروٹسٹنٹ فرقہ کے اس عقیدے کے مطابق کہ نجات کا دار و مدار ایمان پر ہے نہ کہ اعمال پر -

Evangelist (i-van-jəlist) *n.* One of the writers of four Gospels حضرت عیسیٰ کی تعلیمات کو قلم بند کرنے والا - انجیل کو شائع اور مشتہر کرنے والا - وہ شخص جو بلا معاوضہ تعلیم کا کام کرتا ہو - مبلغ -

Evaporate (i-vap-ər-āt) *v.t.* & *t.* Turn into vapour بخار بن کر اڑ جانا - بھاپ ہو جانا - بخارات میں تبدیل کرنا - بخار بن جانا -

Evaporation *n.* بخارات - بھاپ - تبخیر -

Evasion (i-va-zhən) *n.* Shuffling excuse حیلہ بازی - لیت و لعل - ٹال مٹول - حیلہ - فریب -

Evasive *adj.* ٹالنے کے لیے - ٹال مٹول کرنے والا - حیلہ باز -

Eve (ev) *n.* The first woman عورت - حضرت آدم کی بیوی - ماما حوا - ماں حوا -

Evection (e-vek-shən) *n.* Inequality in moon's longitude چاند کا اتار چڑھاؤ - قمر کے طول البلد کی تبدیلی -

Even (ev-n) *n.* Evening prayer کسی سانحہ کے پہلے کا واقعہ - شام - نماز مغرب -

Even (ev-n) *adj.* Uniform متوازی - سیدھا - برابر - یکساں - ہموار - ہم سطح - رو رعائت - ٹھیک ٹھیک - پر مزاح - جفت - زوج - جوڑا -

Even (ev-n) *adv.* Neither more nor less اسی انداز سے - ویسا ہی - حتیٰ کہ - تیز - جونہی - فی الفور - خاص کر - خصوصاً -

Even (ev-n) *v.t.* Make even or return ہموار کرنا - مساوی کرنا - برابر کرنا - بے باق کرنا -

Evening (ev-ning) *adj* & *n.* Close of day زوال کے وقت کا - شام کا - شام - زوال کا وقت - آخر دن -

Evenminded (ev-n-minded) *adj.* Just عادل ۔ انصاف پسند ۔ منصف مزاج ۔

Event (i-vent) *n.* Happening حادثہ وقوع ۔ واردات ۔ واقعہ ۔ اہم واقعہ ۔ سرگزشت ۔

Eventful *adj.* واردات سے پر ۔ اہم ۔ پر از واقعات ۔

Eventide *n.* شام کا وقت ۔

Eventual (i-ven-tuəl) *adj.* Ultimately resulting با نتیجہ ۔ بالآخر واقع ہونے والا ۔

Eventuality (i-ven-tu-əlity) *n.* Possible event کسی امر کے واقع ہونے کا امکان ۔ امکان ۔

Eventually (i-ven-tu-əli) *adv.* Possibly ممکنہ طور پر ۔ بالآخر ۔ آخر کار ۔ قطعاً ۔

Eventuate (i-ven-tuət) *v.i.* Come to pass بالآخر ہونا ۔ ہونا ۔ ظاہر ہونا ۔ واقع ہونا ۔

Ever (ev-ər) *adv.* Always کسی وقت بھی ۔ ہر وقت ۔ ہمیشہ ۔ دائماً ۔ لگاتار ۔ برابر ۔ متواتر ۔

Ever since تب سے ۔ جب سے ۔

Ever more ہمیشہ ۔

Better than ever ہمیشہ سے بہتر ۔

Ever changing ڈھل مل یقین ۔ ہمیشہ نیت بدلنے والا ۔

Every (ev-əri) *adj.* Each, all ایک ایک ۔ ہو بہو ۔ کل ۔ سب ۔ ہر ایک ۔

Everywhere (ev-əri-wer) *adv.* At every place ہر کہیں ۔ ہر مقام پر ۔ ہر جگہ ۔

Evict (e-vikt) *v.t.* Expel قانونی حکم سے تخلیہ کرانا ۔ نکال دینا ۔ بے دخل کرنا ۔ کاشتکار یا کرایہ دار کو بے دخل کرنا ۔

Eviction (e-vik-shən) *n.* قانونی تخلیہ ۔ عدالت کے حکم سے بے دخلی ۔

Evidence (e-vi-dens) *n.* & *v.t.* Indication گواہ ۔ علامت ۔ گواہی ۔ شہادت ۔ شاہد ۔ شہادت دینا ۔ تصدیق کرنا ۔ ثبوت دینا ۔

Circumstantial evidence واقعاتی شہادت ۔ قرائنی ثبوت ۔

Presumptive evidence قیاسی شہادت ۔

King's evidence سرکاری گواہ ۔ سرکاری شہادت ۔

Evident (e-vi-dənt) *adj.* Obvious صاف ۔ ظاہر ۔ آشکارا ۔ عیاں ۔

Evidently (e-vi-dənt-li) *adv.* Obviously بلا شک ۔ بہ ظاہر ۔ صریحاً ۔ صاف ۔ لاکلام ۔ بے شک ۔ بالتحقیق ۔

Evil (ev(i)l) *adj.*, *n.* & *adv.* Bad, harmful, harm مضر ۔ ناکارہ ۔ برا ۔ خراب ۔ نقصان رساں ۔ گناہ ۔ برائی ۔ معصیت ۔ برائی کے ساتھ ۔ بدی کے ساتھ ۔ بری طرح ۔ کمبختی سے ۔

Evil-doer گنہگار ۔ بدکار ۔

Evil eye نظر بد ۔

Of evil repute بدنام ۔

Speak evil of برائی کے ساتھ یاد کرنا ۔

Evil hour بری گھڑی ۔

To cast an evil eye بری نگاہ سے دیکھنا ۔

Evince (i-vins) *v.t.* Show, indicate اظہار کرنا ۔ یقین دلانا ۔ جتانا ۔ ظاہر کرنا ۔ ثابت کرنا ۔

Eviscerate (i-vis-ər-āt) *v.t.* Disembowel کسی شے کو خالی کرنا ۔ آنتیں نکالنا ۔

Evoke (i-vok) *v.t.* Call up, summon روحوں کو بلانا ۔ بلانا ۔ پکارنا ۔ پرانی باتوں کو یاد کرنا ۔ جذبات تازہ کرنا ۔

Evolution (ev-ə-l(y)oo-shən) *n.* Appearance of events in due succession واقعات کا یکے بعد دیگرے ظاہر ہونا ۔ انکشاف ۔ اظہار ۔ الٹ پلٹ ۔ ارتقا ۔ فوج یا جنگی جہازوں کی باقاعدہ حرکت ۔

Evolve (e-volv) *v.t.* & *i.* Unfold واقعات یا نظریات کا استنباط ۔ تہہ کھولنا ۔ سلجھانا ۔ ترتیب سے کھلنا ۔ قدرتی طریقے سے نشو و نما ہونا ۔ ایک کے بعد دوسرا واقعہ ظاہر ہونا ۔

Ewe (ū) *n.* Sheep بھیڑی ۔ بھیڑ ۔

Ewer (u-ər) *n.* Pitcher پانی کا بلوریں قرابہ ۔ لوٹا ۔ صراحی ۔

Ex (eks) *prep.* Out of الگ ۔ جدا ۔ سابق ۔ خارج ۔

Exacerbate (egz-as-ər-bat) *v.t.* Aggravate غصہ بھڑکانا ۔ مشتعل کرنا ۔ تیز کرنا ۔ بڑھ جانا ۔ تکلیف میں اضافہ کرنا ۔ غصے وغیرہ کو تیز کر دینا ۔

Exact (igz-akt) *adj.* Precise بر محل ۔ بر وقت ۔ برابر ۔ کھرا ۔ سچا ۔ ٹھیک ۔ چوکس ۔ چوکنا ۔ ہوشیار ۔ ٹھیک ٹھیک ۔ درست ۔ قطعی ۔

Exactitude *n.* ٹھیک چیز ۔ درستی ۔ صحت ۔

Exact (igz-akt) *v.t.* Demand, insist upon طلب کرنا - مانگنا - تقاضا کرنا - جبراً وصول کرنا -

Exacting (igz-akt-ing) *ad.*. Requiring urgently سخت گیر - جبری - ضروری

Exaction (igz-ak-shən) *n.* Exacting of sum or thing محصول - اخذ بالجبر - اخذ بیجا خراج - جبری وصولی - معمول سے زائد وصولی یا مطالبہ -

Exactly (igz-akt-li) *adv.* Quite so, just as you say ٹھیک وقت پر - بعینہ - برابر - ہو بہو -

Exactness (igz-akt-nəs) *n.* Accuracy ترتیب - مطابقت - صحت - درستی -

Exaggerate (igz-aj-ər-at) *v.t.* Magnify بڑھا چڑھا کر بیان کرنا - حد سے زیادہ کہنا - مبالغہ کرنا - لمبی چوڑی ہانکنا - طول دینا -

Exaggeration *n.* تعلی - غلو - مبالغہ -

Exaggerative *adj.* بڑھی ہوئی - طولانی - مبالغہ آمیز -

Exalt (igz-awlt) *v.t* Raise ممتاز کرنا - سرفراز کرنا - بلند کرنا - اونچا کرنا - درجہ یا منصب بڑھانا - رنگ وغیرہ کو تیز کرنا -

Exalts to the skies تعریف کے پل باندھنا - آسمان پر چڑھانا -

Exaltation (igz-awltə-shən) *n.* Elation غایت انبساط - عروج - امتیاز - سر بلندی - سرفرازی -

Examination (igz-am-in-a-shən) *n.* Minute inspection استفسار - دریافت - امتحان -

Examine (igz-am-in) *v.t.* & *i.* Investigate پڑتال کرنا - تجسس کرنا - تفتیش کرنا -

Examinee (igz-am-in-ī) *n.* One who is examined جس کا امتحان لیا جائے - امتحان دینے والا -

Examiner (igz-am-inər) *n.* One who examines امتحان لینے والا - ممتحن -

Example (igz-am-pl) *n.* & *v.t.* Fact وہ واقعہ جس سے توضیح ہوتی ہو - نمونہ - تمثیل - مثال - قابل تقلید نمونہ پیش کرنا - مثال دینا -

Exanimate (igz-ani-māt) *adj.* Dead مردہ دل - بے ہمت - بے جان -

Exasperate (igz-as-pər-āt) *v.t.* Irritate برانگیختہ کرنا - غصہ دلانا - برہم کرنا - بھڑکانا - آگ بگولہ کرنا - مرض میں اضافہ کرنا -

Exasperation *n.* برہمی - غصہ - برانگیختگی - اشتعال -

Excarnation (igz-kar-na-shən) *n.* Removal of vessels from flesh خون کی رگوں کو گوشت سے علیحدہ کرنا -

Excavate (eks-kə-vāt) *v.t.* کھود کر بنانا - کھود کر نکالنا - کھوکھلا کرنا - کھودنا -

Excavation *n.* گڑھا - غار - کھوکھلا پن - کھدائی -

Excavator *n.* کھود کر برآمد کرنے والا - کھود کر نکالنے والا - کھودنے والا -

Exceed (ik-sēd) *v.t.* & *i.* Do more than is warranted حد سے گزر جانا - تجاوز کرنا - حد سے آگے نکل جانا - مبالغہ کرنا - کھانے پینے میں بے اعتدالی کرنا -

Exceeding-ly (ik-sēd-ing) *adv.* Being immoderate بکثرت - بہت زیادہ - نہایت - بہتات - بے اندازہ - بے حد -

Excel (ik-sel) *v.t.* & *i.* Surpass فائق ہونا - بڑھ جانا - سبقت لے جانا - بازی لے جانا - شرف - فضیلت یا فوقیت رکھنا -

Excellence (ek-səl-əns) *n.* Surpassing merit بزرگی - فضیلت - سربلندی - بڑائی - مان - رتبہ - قدر - شرف - وجہ شرف - بنائے فضیلت -

Excellency (ek-sə-lənsi) *n.* Title سرکار والا تبار - خداوند نعمت - حضور والا - خبابعالی - حضرت - مہاراج - سفیروں ، گورنروں کا خطاب -

Excellent (ek-sə-lənt) *adj.* Very good معقول - عمدہ - بہت خوب - بہت ہی اچھا -

Excelsior (ek-səl-siy-ər) *int.* & *n.* Higher اعلیٰ - ممتاز - شاخوں کی نرم گاڑیاں - اعلیٰ و ارفع -

Except-ing (ik-sept) *prep.* Excluding بہ استثنا - اس کو چھوڑ کر - سوا - بجز - ماسوا الا - مگر یہ کہ -

Exception (ik-sep-shən) *n.* Excepting this اعتراض - بحث - گرفت - استثنا -

Except (ik-sept) *v.t.* & *i.* Exclude چھانٹ دینا - مستثنا کرنا - الگ یا علیحدہ کرنا - نکال دینا -

Exception *adj.* اعتراض کے قابل - مستثنا کرنے کے لائق - قابل مستثنا -

Exceptional (ik-sep-shən-al) *adj.* Unusual استثنائی - غیر معمولی - خاص -

Excerpt (ek-sər-pt) *n.* Extract اقتباس ۔ انتخاب ۔ خلاصہ ۔ کسی کتاب یا رسالے کا اقتباس شدہ مضمون ۔

Excerpt (ek-sər-pt) *v.t.* Quote, extract چھانٹنا ۔ اقتباس کرنا ۔ انتخاب کرنا ۔

Excess (ik-ses) *n.* Intemperance بہتات ۔ فراوانی ۔ زیادتی ۔ بہتات ۔ کھانے پینے میں بے اعتدالی ۔

Excessive *adj.* بے شمار ۔ بے حساب ۔ بہت زیادہ ۔ بے اندازہ ۔

Excessively *adv.* بے اعتدالی ۔ بے انتہا ۔ حد سے زیادہ ۔ بکثرت ۔

Exchange (iks-chānj) *n.* Act of exchanging ہنڈی کا لین دین ۔ سکہ کا تبادلہ ۔ ساہوکارا ۔ ادلا بدلا ۔ ساہو کارے کی عمارت ۔

Exchange (iks-chānj) *v.t.* & *i.* Give and receive تبادلہ کرنا ۔ ادل بدل کرنا ۔ ایک چیز کے بدلے دوسری چیز دینا یا لینا ۔ ایک کا دوسرے سے تبادلہ کرنا یا کرانا ۔ ایک سکہ کو دوسرے سے بدلنا ۔

Exchangeable (iks-chānj-əbl) *adj.* That may be exchanged قابل تبادلہ ۔

Exchequer (iks-chek-ər) *n.* Department in-charge of revenue انگلستان کا محکمہ مالیات ۔ سرکاری لین دین کے اہتمام کا محکمہ ۔ خزانہ عامرہ ۔

Excise (ek-sīz) *n.* & *v.t.* Duty or tax levied محصول ۔ چنگی ۔ محصول لینا ۔ چنگی لینا ۔

Exciseable *adj.* محصولی اشیا ۔ قابل محصول ۔

Excise (ek-sīz) *v.t.* Cut out چاک کرنا ۔ کسی عضو یا کتاب کی عبارت کو کاٹ دینا ۔

Excision (ek-sizən) *n.* Cutting out کام تمام کر دینا ۔ کتربیونت ۔ عمل جراحی ۔ قطع برید ۔

Excite (ik-sīt) *v.t.* Rouse up بر انگیختہ کرنا ۔ بھڑکانا ۔ اکسانا ۔ چھیڑنا ۔ اشتعال دینا ۔ جوش دلانا ۔ چالاکی پیدا کرنا ۔ کسی مادے میں حرکت پیدا کرنا ۔

Excitement *n.* اشتعال ۔ بر انگیختگی ۔ جوش ۔ ہیجان ۔

Exciting *adj.* بھڑکانے والا ۔ محرک ۔ ہیجان پیدا کرنے والا ۔ ابھارنے یا اکسانے والا ۔

Exclaim (iks-klām) *v.i.* & *t.* Cry out غل مچانا ۔ دہائی دینا ۔ چلانا ۔ چیخ اٹھنا ۔ پکار اٹھنا ۔

Exclamation (iks-klām-ashən) *n.* Word exclaimed واویلا ۔ غل ۔ شور ۔ فریاد ۔ الفاظ جو بطور فجائیہ استعمال کیے جائیں

Exclude (eks-kloōd) *v.t.* Shut out مستثنیٰ کرنا ۔ باہر کر دینا ۔ نکالنا ۔ خارج کرنا ۔ محروم کرنا ۔ کسی شخص کو کسی مقام یا جماعت سے خارج کر دینا

Exclusion (eks-kloō-zhən) *n.* Prevention محرومی ۔ اخراج ۔ ممانعت

Exclusive (eks-kloō-siv) *adj.* Shutting out بلاشرکت غیرے ۔ چھوڑ کر ۔ نکال کر ۔ صرف منتخب لوگوں سے ربط و ضبط کا خواہشمند ۔ تجرد پسند ۔ تنہائی پسند ۔

Exclusiveness (eks-kloō-siv-nes) *n.* Aloofness, الگ تھلگ رہنے کی خواہش ۔ خلوت پسندی ۔ تجرد پسندی ۔ تنہا رہنے کی خواہش ۔

Excogitate (eks-ko-ji-tāt) *v.t.* Think out غور کرنا ۔ تدبیر سوچنا ۔ ایجاد کرنا ۔ غور کر کے نکالنا ۔

Excogitation *n.* تدبیر ۔ ایجاد ۔ تحقیق ۔ دریافت ۔ ادھیڑبن ۔ غور و فکر

Excommunicate (eks-kəm-un-ikāt) *v.t.* Cut off مذہبی تقاریب یا رسومات میں شریک ہونے سے محروم کرنا ۔ ذات سے باہر کرنا ۔ برادری سے نکال دینا ۔ حقہ پانی بند کرنا ۔

Excommunicate (iks-kəm-un-ikāt) *n. adj.* قوم ذات مذہب سے نکالا ہوا ۔ برادری سے نکالا ہوا ۔

Excommunication (iks-kəm-un-ika-shən) *n.* Cut off from participation of Church ceremonials مسیحی دین کے حقوق سے اخراج ۔ برادری یا ذات سے اخراج

Excoriate (eks-ko-ri-āt) *v.t.* Remove part of skin جلد ادھیڑنا ۔ کھال چھیلنا

Excoriation *n.* کھال کھینچنا ۔ کھال چھیلنا ۔ پوست کنی ۔

Excrement (eks-kri-mənt) *n.* Waste matter discharged from bowels غلاظت ۔ گوبر ۔ فضلہ ۔ براز ۔ بدن کی غلاظت

Excrescence (eks-kri-sens) *n.* Abnormal out-growth بدگوشت ۔ دنبل ۔ پھنسی پھوڑا ۔ رسولی ۔

Excrescent (eks-kri-sent) *adj.* Growing abnormally ناقص اضافہ ۔ حشو ۔ زائد ۔

Excreta (eks-kreta) *n.* & *pl.* Wastes expelled from body جسانی غلاظتیں ۔

Excrete (eks-kret) *v.t.* Expel waste matter فضلات جسم کو خارج کرنا ۔ غلاظت نکالنا ۔ خارج کرنا ۔

Excretion (eks-kre-shən) *n.* Waste matter بول و براز ۔ فضلہ ۔ گوبر ۔

Excruciate (iks-kroo-shi-at) *v.t.* Torment acutely دق کرنا ۔ دکھ دینا ۔ ستانا ۔ ذہنی اذیت پہنچانا ۔ شدید تکلیف پہنچانا ۔

Exculpate (eks-kul-pat) *v.t.* Clear a person from charge چھوڑ دینا ۔ بے گناہ ٹھیرانا ۔ بری کرنا ۔

Excursion (eks-kur-shən) *n.* Pleasure trip ہوا خوری ۔ تفریح ۔ سیر سپاٹا ۔ یورش ۔ حملہ ۔ چڑھائی ۔ دھاوا ۔

Excursive (eks-kur-siv) *adj.* Rambling ۔ غیر مستقل تفریحی ۔ بھٹکتا ہوا ۔ مہم جو ۔ صاحب ہمت ۔

Excursus (eks-ker-sus) *n.* Detailed discussion of special points in a book مقدمہ ۔ تبصرہ ۔ تنقید ۔ دیباچہ ۔ خلاصہ ۔ ضمیمہ ۔ تتمہ ۔

Excuse (eks-kuz) *v.t.* Attempt to lessen the blame قرض سے سبکدوش کرنا ۔ معاف کرنا ۔ رہائی دینا ۔ بری کرنا ۔ چشم پوشی کرنا ۔ اغماض کرنا ۔ عذر گناہ کرنا ۔ در گزر کرنا ۔ معافی چاہنا ۔

Excuse (eks-kuz) *n.* Apology, plea بریت ۔ معافی ۔ رہائی ۔ چھٹکارا ۔ عذر ۔ معذرت ۔ حیلہ ۔ بہانا ۔ وجہ معافی ۔ باعث عذر ۔

Excusable (eks-kuz-əbl) *adj.* Pardonable لائق رعایت ۔ در گذر کرنے کے قابل ۔ قابل معافی ۔

Exeat (eks-i-at) *n.* Permission for temporary absence باہر جانے کی اجازت ۔ مدرسے وغیرہ سے عارضی غیر حاضری کی اجازت ۔ رخصت ۔

Execrable (eks-i-krəbl) *adj.* Abominable ۔ مردود لعین ۔ ملعون ۔ مکروہ ۔ قابل نفرت ۔

Execrate (eks-ik-rat) *v.t.* & *i.* Utter curses کوسنا ۔ بد دعا کرنا ۔ اظہار نفرت کرنا ۔ لعنت بھیجنا ۔

Execration (eks-ik-rə-shən) *n.* Expression of disgust کراہت ۔ بد دعا ۔ سراپ ۔ لعنت ۔ نفرت ۔

Execute (eks-i-kut) *v.t.* Carry into effect تعمیل کرنا ۔ ختم کرنا ۔ تکمیل کرنا ۔ تمام کرنا ۔ قانونی سزا نافذ کرنا ۔ عمل در آمد کرنا ۔ مہر لگا کر قانونی تکمیل کرنا ۔ فرض منصبی ادا کرنا ۔ پھانسی دینا ۔ گردن مارنا ۔

Executed (eks-i-kutəd) *adj.* سر انجام کیا ہوا ۔ سولی دیا ہوا ۔ مکمل کیا ہوا ۔ پھانسی پایا ہوا ۔

Execution (eks-i-ku-shən) *n.* Performance ۔ تعمیل کار روائی ۔ بجا آوری ۔ انصرام ۔ پھانسی ۔ عمل در آمد ۔ نفاذ ۔ گانے کا کمال ۔ اسلحہ کی قوت ہلاکت ۔ قرضہ ادا نہ کرنے کی وجہ سے قرقی ۔ ضبطی ۔

Executioner (eks-i-ku-shənər) *n.* Hangsman گردن مارنے والا ۔ جلاد ۔ پھانسی دینے والا ۔

Executive (eks-i-kut-iv) *adj.* & *n.* Pertaining to executing وصی ۔ عامل ۔ تعمیل کنندہ ۔ حکومت کا صیغہ انتظامی جو قوانین اور احکام کو نافذ کرتا ہو ۔

Executor (eks-i-ku-tər) *n.* One who performs تعمیل کرنے والا ۔ وصیت پر عمل کرنے والا ۔ وصی ۔ وہ شخص جس پر وصیت نامے کی تعمیل کا فرض عائد ہوتا ہو ۔

Exegesis (eks-i-je-sis) *n.* Exposition of scripture تشریح ۔ تاویل ۔ شرح ۔ تفسیر ۔

Exegetical *adj.* شرح کا ۔ شرح دار ۔ تاویلی ۔ تشریحی ۔ تفسیری ۔

Exemplar (egz-em-plər) *n.* Model نقشہ ۔ نظیر ۔ مثل ۔ نمونہ ۔

Exemplary (egz-emp-ləri) *adj.* Typical ۔ مثالی سبق آموز ۔ عبرت انگیز ۔ تقلید کے قابل ۔

Exemplary damages *n.* (بہ غرض عبرت) سخت تاوان ۔

Exemplify (egz-em-pli-fi) *v.t.* Be an example کسی چیز کی مثال بننا ۔ نمونہ بننا ۔ نظیر دینا ۔ نقل کرنا ۔ نقل اتارنا ۔ نقل مطابق اصل کرنا ۔

Exemplification (egz-em-pli-fi-ke-shən) *n.* Illustration نظیر ۔ توضیح ۔ تمثیل ۔ نقل ۔ مثال ۔

Exempt (igz-e-mt) *v.t.* Free a person from آزاد کرنا ۔ مستثنیٰ کرنا ۔ معاف کرنا ۔ چھوڑ دینا ۔

Exempt (igz-e-mt) *adj.* & *n.* Being free from بری ۔ مستثنیٰ ۔ محصول وغیرہ سے پاک ۔ یومین گارڈ کے چار آدمیوں میں سے ایک ۔

Exemption (igz-emp-shən) *n.* Release معافی - استثنیٰ - آزادی - چھٹکارا -

Exequatur (eks-i-kwa-tər) *n.* Recognition of a consul by foreign government کسی حکومت کا دوسرے ملک کے قونصل کو تسلیم کرنا - پوپ کے ماتحت بشپ کو دنیاوی اختیارات دینا - پوپ کے احکام کی اشاعت -

Exequies (eksi-kwis) *n.* & *pl.* Funeral rites رسومات تجہیز و تدفین -

Exercise (eks-ər-siz) *n.* Practise, employment کسی طاقت یا حق کا استعمال - عمل - تعمیل - فرائض کا عمل - کسرت - ورزش - پہلوانی - ریاضت - محنت - مشقت - قواعد - فوجی قواعد - اٹھک بیٹھک - حرکت - سبق - مشق - دعا - نماز -

Exercise (eks-ər-siz) *v.t.* & *i.* Employ, train نافذ کرنا - جاری کرنا - چلانا - مشق کرانا - قواعد سکھانا - کام دینا - کام لینا - تعلیم دینا - سدھانا - کسرت کرنا - ورزش کرنا - پریشان کرنا یا ہونا - دق کرنا یا ہونا -

Exert (igz-ərt) *v.t.* Bring to bear, exercise کوشش کرنا - زور لگانا - جانفشانی کرنا - جد و جہد کرنا - محنت کرنا - اثر یا قوت سے کام لینا -

Exertion *n.* مشقت - سعی - جد و جہد - تندہی - سرگرمی -

Exfoliate (eks-fo-li-at) *v.i.* Come off in layers کھال یا پوست کی تہہ اترنا - چھلکے اترنا - درختوں کی چھال اترنا - پرانی چھال کا گرنا -

Exhale (eks-hal) *v.t.* & *i.* Give off, evaporate اڑانا - نکالنا - بھاپ بنانا - سانس چھوڑنا - حیوانی رطوبتوں کا ناک یا منہ سے نکلنا - غصے کا اظہار کرنا -

Exhalable (eks-halə-bl) *adj.* Able to be given off بھاپ بنانے کے لائق - نکالنے کے قابل - قابل تبخیر -

Exhalation (eks-holə-shən) *n.* Breathing out باہر کی سانس - اخراج - بخارات - تبخیر - غصے کی جھنجھلاہٹ -

Exhaust (egz-awst) *v.t.* & *n.* Expulsion, steam, give off steam - کھینچ لینا - خالی کر ڈالنا - صرف کرنا - کل خرچ کر ڈالنا - کمزور کر دینا - انجن کی بھاپ نکلنے کا رستہ - ظرف کو ہوا سے خالی کرنے کی ترکیب - ہوا کی رو پیدا کرنے کا آلہ - کلی اخراج -

Exhaustion (egz-aws-shən) *n.* Total loss of strength, exhausting - کھینچ لینا - خالی کرنا - انخلا - صرف - تھکن - ضعف - سستی - کمزوری - ناتوانی -

Exhaustive (egz-aws-tiv) *adj.* Comprehensive تھکا دینے والا - تشریحی - تفصیلی - مسئلے کا کوئی پہلو نہ چھوڑنے والا - مکمل - تمام - بھرپور

Exhibit (igz-ib-it) *n.* Document or thing produced in a law suit - دستاویز - اشیائے ثبوت - سند - تحریری ثبوت - نمود - نمائش - اظہار -

Exhibit (igz-ib-it) *v.t.* Display - آشکارا کرنا - پیش کرنا - ظاہر کرنا - دکھانا -

Exhibition (igz-b-i-shən) *n.* Displaying فنون لطیفہ کی نمائش - نمود - دکھاوا - نمائش - تعلیمی وظیفہ جو درسگاہ سے دیا جائے -

Exhibitioner (igz-ib-i-shən-ər) *n.* Scholarship holder وظیفہ خوار طالب علم -

Exhibitor (igz-ibi-tər) *n.* One who displays نمائش میں اپنی چیزیں رکھنے والا یا دکھانے والا -

Exhilarate (igz-il-ə-rat) *v.t.* Enliven شگفتہ کرنا - مسرور کرنا - خوش کرنا - شاد کرنا -

Exhilaration (igz-ilə-ra-shən) *n.* Entertainment سرور - شگفتگی - تفریح - فرحت - خوشی -

Exhort (egz-ort) *v.t.* Admonish earnestly نیکی کی ترغیب دینا - پوری توجہ سے سمجھانا - نصیحت کرنا -

Exhortation (egz-orta-shən) *n.* Exhorting نیکی کی ترغیب دینا - پند - وعظ - نصیحت -

Exhortatory (egz-orta-təri) / **Exhortative** (egz-orta-tiv) *adj.* Didactive ناصحانہ - پند آمیز - نصیحت آمیز -

Exhume (eks-hum) *v.t.* Dig out قبر کھودنا - کھود کر نکالنا -

Exhumation (eks-hu-ma-shən) *n.* Digging out کھود کر نکالنا - قبر کھود کر مردے کو نکالنا -

Exigence-cy (eks-i-jens) *n.* Urgent need نازک وقت - شدید ضرورت - اہم ضرورت -

Exigent (eks-i-jent) *adj.* Urgent - ضروری - اہم - اشد -

Exiguous (eks-ig-u-əs) *adj.* Scanty, small - مختصر - خفیف - قلیل -

Exile (egz-il) *n.* Penal banishment وطن سے دوری - جلا وطنی - دیس نکالا -

Exile (egz-il) *v.t.* Banish - جلا وطن کرنا - شہر بدر کرنا -
Exilement *n.* دیس نکالا - جلا وطنی -

Exist (igz-ist) *v.i.* Be living ظاہر ہونا - واقع ہونا - وجود پانا - موجود ہونا - رہنا - ہونا - زندہ رہنا - ہستی رکھنا -

Existence (igz-is-təns) *n.* Being موجودات - کائنات - ہستی - قیام - قید حیات - وجود -
A precarious existence بے ٹھکانے یا غیر مطمئن زندگی -

Existent (igz-is-tənt) *adj.* Existing, current واقعی - جیتا جاگتا - زندہ - موجود -

Exit (eks-it) *n.* Departure, death رحلت - کوچ - برخاستگی - روانگی - اسٹیج سے اداکار کا رخصت ہونا - باہر جانے کا راستہ -

Exodus (eksə-dəs) *n.* Going forth بنی اسرائیل کا مصر سے اخراج - رحلت - کوچ - روانگی - توریت کی دوسری کتاب - کتاب خروج -

Exonerate (igz-on-ər-at) *v.t.* Free a person from blame - بوجھ اتارنا - سبکسار ہونا - بے خطا ٹھیرانا - الزام سے بری کرنا -
Exoneration *n.* خلاصی - سبکدوشی - بریت -

Exorbitancy (igz-or-bi-tensi) *n.* Excessiveness گرانی - مہنگا پن - بے اعتدالی - زیادتی -

Exorbitant (igz-or-bi-tənt) *adj.* Grossly excessive زیادہ - نہایت - بے حد - بے اندازہ - بکثرت مہنگا - بے اندازہ گراں -

Exorcism (eks-or-sizm) *n.* Invocation of holy names جھاڑ پھونک - جنتر منتر - تعویز گنڈا -

Exorcism (eks-or-sizm) *n.* Introduction - تمہید

Exordial (egz-or-diəl) *adj.* Pertaining to exordiums تمہیدی - دیباچے سے متعلق -

Exordium (egz-or-di-əm) *n.* Beginning - تقریر کی تمہید - آغاز - تمہید - مقدمہ - دیباچہ -

Exoteric (egz-o-ter-ik) *anj.* & *n.* Commonplace, popular عام پسند - عام فہم - آسان - عیاں - بیرون حلقہ پسندیدہ -

Exotic (egz-o-tik) *adj.* Strange جو دوسرے ملک کے ہوں - بدیسی - اجنبی - الفاظ - رسوم یا پودے

Exotic (egz-o-tik) *n.* Foreign plant بدیسی زبان کے الفاظ - بدیسی پودے ، ڈھنگ یا رواج -

Expand (iks-pand) *v.t.* & *i.* Spread out flat تشریح کرنا - پھیلانا - پھیلنا - کھول کر بیان کرنا - بڑھانا - کشادہ کرنا - وسعت دینا -

Expanse (iks-pans) *n.* Wide area - وسیع رقبہ - کشادگی - فراخی - وسعت -

Expansion (iks-pan-shən) *n.* Extension فراخی - وسعت - کشادگی - پھیلاؤ -

Expansionist (iks-pan-shən-ist) *n.* One who wants expansion - ملک یا تجارت کی توسیع کا حامی -

Expansive (iks-pan-siv) *adj.* Extensive - وسیع - حاوی - پھیلا ہوا - پھیلانے والا - پھیلنے والا - پھیلنے کی صلاحیت رکھنے والا -

Ex parte (eks-par-ti) *adj.* & *adv.* One-sided یک طرفہ (فیصلہ وغیرہ) -

Expatiate (eks-pa-shiat) *v.t.* Speak, write, copiously بے روک ٹوک گھومنا - تحریر یا تقریر کو طول دینا - تفصیل وار بیان کرنا - لمبی چوڑی تقریر کرنا -

Expatriate (eks-pa-tri-at) *v.t.* Banish, imigrate ترک وطن کرنا - شہر بدر کرنا - جلا وطن کرنا - کسی ملک کے حقوق شہریت سے دست بردار ہو جانا -
Expatriation *n.* حقوق شہریت سے دست برداری - ترک وطن - جلا وطنی -

Expect (iks-pekt) *v.t.* Look forward to - راہ دیکھنا - چشم براہ ہونا - امید رکھنا - توقع کرنا - خیال کرنا -

Expectance-cy (iks-pek-tən-si) *n.* Prospect - توقع - امید - حالت انتظار - زمانۂ حمل -

Expectant (iks-pek-tənt) *adj.* Having the prospect حاملہ - امیدوار - منتظر - متوقع -

Expectation (iks-pek-ta-shən) *n.* Anticipation اشتیاق - شوق - امید - توقع - آرزو - آرزو مندی - وہ چیز جس کا انتظار ہو - ورثے کی توقع -
Beyond expectation توقع سے زیادہ -
Contrary to expectation خلاف امید -

Expectorant (eks-pek-tə-rent) *n.* Medicine that ejects phlegm, etc. گلے یا پھیپھڑے سے بلغم نکالنے والی دوا -

Expectorate (eks-pek-tə-rate) *v.t.* Eject by coughing or spitting کھنکھارنا ۔ کھنکھار کر بلغم نکالنا ۔ بلغم تھوکنا ۔

Expedience (iks-pi-di-əns) *n.* Suitability ۔ مصلحت ۔ حکمت ۔ موزونی ۔ مناسبت ۔ ضرورت ۔ مناسبت حال ۔ خود مطلبی ۔ خود غرضی ۔ خود پرستی ۔

Expedient (iks-pi-di-ent) *adj.* & *n.* Advantageous مناسب ۔ سزاوار ۔ لائق ۔ مناسب حال ۔ تدبیر ۔ چارہ کار ۔ مفید ۔

Expedite (eks-pi-dit) *v.t.* Assist progress of کام کی تکمیل میں جلدی کرنا ۔ پھرتی ، چستی یا جلدی کرنا ۔ جلد روانہ کرنا ۔ جلد بھیجنا ۔

Expedition (eks-pi-di-shən) *n.* Warlike enterprise ۔ عجلت ۔ چالاکی ۔ چستی ۔ فوجی مہم ۔ عزیمت ۔

Expeditionary (eks-pi-di-shən-əri) *adj.* Pertaining to warlike enterprise ۔ فوجی مہم کی بابت ۔ کسی مہم کے متعلق ۔

Expeditious (eks-pi-di-shəs) *adj.* Doing or done speedily ۔ پھرتیلا ۔ تیز رو ۔ مستعدانہ ۔ عازمانہ ۔ عاجلانہ ۔

Expeditiously (eks-pi-di-shəsli) *adj.* Speedily مستعدی سے ۔ پھرتی سے ۔ فی الفور ۔ چالاکی یا تیزی سے ۔ فوراً ۔

Expel (iks-pel) *v.t.* Eject by force ۔ خارج کرنا ۔ نکالنا ۔ دور کرنا ۔ نکال باہر کرنا ۔ زبردستی نکال دینا ۔ برادری یا مدرسے سے خارج کر دینا ۔

Expellent (eks-pel-ənt) *adj.* Purgative مادے کو خارج کرنے والا ۔ مسہل ۔ جُلاّب ۔

Expend (iks-pend) *v.t.* Spend, use up ۔ روپیہ کھپانا ۔ خرچ کرنا ۔ صرف کرنا ۔ بچی ہوئی رسی مستول سے لپیٹ دینا ۔

Expenditure (iks-pen-di-tur) *n.* Amount expended کھپت ۔ صرف ۔ خرچ ۔ مصارف ۔ اخراجات ۔

Expense (iks-pens) *n.* Cost ۔ لاگت ۔ مصارف ۔ خرچ ۔

A laugh at one's expense ۔ کسی پر ہنسنا ۔

You defend his veracity at the expense of his understanding تم اس کی سچائی کی تعریف کر کے اس کی عقل کی تذلیل کرتے ہو ۔

Expensive (iks-pen-siv) *adj.* Costly مسرف ۔ بیش قیمت ۔ گراں ۔ مہنگا ۔ قیمتی ۔

Expensiveness (iks-pen-siv-nəs) *n.* Costliness گراں خرچ ۔ فضول خرچی ۔ اِسراف ۔

Experience (iks-pe-ri-əns) *n.* Practical acquaintance with facts or events ۔ تجربہ ۔ مشاہدہ ۔ آزمودہ کاری ۔ کاردانی ۔

Experience (iks-pe-ri-əns) *v.t.* Meet with آزمائش کرنا ۔ امتحان کرنا ۔ آزمانا ۔ تجربہ کرنا ۔

Experienced (iks-pe-ri-ənsd) *adj.* Having experience of ۔ تجربہ کار ۔ آزمودہ کار ۔ جہاں دیدہ ۔

Experiment (iks-per-i-mənt) *n.* Test, trial امتحان ۔ آزمائش ۔ تجربہ ۔

Experiment (iks-per-i-mənt) *v.i.* Make tests امتحان کرنا ۔ تجربہ کرنا ۔ آزمائش کرنا ۔

Experimental (iks-per-i-məntəl) *adj.* Based on experiment ۔ آزمایا ہوا ۔ تجربہ کیا ہوا ۔ آزمودہ ۔

Expert (eks-pərt) *adj.* & *n.* Trained by practice مشاق ۔ ہوشیار ۔ کسی فن میں ماہر ۔ استاد ۔ مبصر ۔ حاذق ۔

Expiable (eks-pi-əbl) *adj.* Amendable ۔ قابل کفارہ ۔ اصلاح پذیر ۔

Expiate (eks-pi-at) *v.t.* Make amends ۔ اصلاح کرنا ۔ بدلہ دینا ۔ کفارہ دینا ۔ تلافی کرنا ۔ ہرجانہ دینا ۔

Expiation (eks-pi-ə-shən) *n.* Amending, paying the penalty of ۔ تلافی ۔ کفارہ ۔ توبہ ۔ صدقہ ۔ بدلہ ۔

Expiration (eks-pir-ə-shən) *n.* Termination ۔ وفات ۔ موت ۔ قضا ۔ آخر وقت ۔ اختتام ۔

Expire (eks-pir) *v.t.* & *i.* Breathe out ۔ دم چھوڑنا ۔ دم نکلنا ۔ مرنا ۔ سانس نکل جانا ۔ ختم ہونا ۔ میعاد ختم ہونا ۔ ہو چکنا ۔

Expiry (eks-piri) *n.* Termination ۔ تمام ہونا ۔ انقضا ۔ اختتام ۔ خاتمہ ۔

Explain (iks-plan) *v.t.* Make known in detail تشریح کرنا ۔ سمجھانا ۔ توضیح کرنا ۔ تفسیر کرنا ۔ معنی بیان کرنا ۔ صفائی پیش کرنا ۔

Explain away ۔ کچھ اور وجہ بیان کر دینا ۔ تاویل کرنا ۔

Explainable (iks-plan-əbl) *adj.* That may be explained ۔ قابل تشریح ۔ قابل وضاحت ۔

Explanation (iks-plan-ə-shən) *n.* Detailed statement ۔ کھول کر بیان کرنا ۔ توضیح ۔ بیان ۔ تشریح ۔

Explanatory (iks-plan-ə-təri) *adj.* Serving to explain توضیحی ۔ تشریحی ۔ تفصیلی ۔

Expletive (eks-pli-tiv) *adj.* & *n.* Serving to fill out حشو ۔ غیر ضروری ۔ بھرتی کے غیر ضروری الفاظ جو محض حسن بیان کے لیے استعمال کئے جائیں ۔

Explicable (eks-plik-əbl) *adj.* That may be developed توضیح پذیر ۔ شرح پذیر ۔

Explicate (eks-plik-at) *v.t.* Explain, develop واضح کرنا ۔ کھولنا ۔ شرح کرنا ۔

Explication (eks-pli-kə-shən) *n.* Development of a point ۔ تشریح ۔ انکشاف ۔ تفصیلی بیان ۔ تفصیل

Explicit (eks-plis-it) *adj.* Definite ناقابل تردید ۔ مفصل ۔صریح ۔ قطعی۔صاف صاف ۔

Explicitly (cks-ples-itli) *adv.* Stated in detail تفصیل وار ۔ صراحتاً ۔ صاف صاف ۔

Explode (eks-plod) *v.t.* & *i.* Expose, go off with loud noise پھٹنا۔دھماکے سے اڑ جانا ۔ کسی نظریے کی پردہ دری کرنا ۔ بے نقاب ہونا ۔ فاش ہونا ۔

Exploit (eks-ploit) *n.* Brilliant achievement کارنامہ ۔ کارعظیم ۔ بہادری کا کام ۔ مہم ۔ معرکہ ۔

Exploit (eks-ploit) *v.t.* Utilize اپنا کام نکالنا ۔ کام میں لانا ۔ کام نکلنا ۔ کام لینا ۔ استفادہ کرنا ۔ کسی کی کمزوری سے فائدہ اٹھانا ۔ استحصال کرنا ۔

Exploitation (eks-ploit-ə-shən) *n.* Utilization اپنے مقصد کے لیے استعمال کرنا ۔ کار برآری ۔ استحصال ۔

Exploration (iks-plor-a-shən) *n.* Inquiry تحقیق ۔ کھوج ۔ تلاش ۔ تجسس ۔ جستجو ۔

Explore (eks-plor) *v.t.* Inquire into, examine تلاش کرنا ۔ جستجو کرنا ۔ تحقیق کرنا ۔ کھوج لگانا ۔ چھان بین کرنا ۔

Explorative *adj.* ۔ تحقیق و تفتیش کے متعلق ۔ تجسسانہ

Explosion (iks-plo-zhən) *n.* Going off with loud noise دھماکا ۔ زور کی آواز کے ساتھ پھٹنا ۔ غیر معمولی اشتعال ۔

Explosive (iks-plo-siv) *adj.* Tending to eject with loud noise بھک سے اڑ جانے والا ۔ دھماکے کے ساتھ پھٹنے والا ۔

Exponent (eks-po-nənt) *adj.* & *n.* Person that interprets ۔ بیان کنندہ ۔ شارح ۔ قوت نما (الجبرا) ترجمان ۔ نمائندہ ۔ کھول کر بیان کرنے والا ۔

Export (eks-port) *v.t.* Send out چالان کرنا ۔ ملکی مال غیر ممالک میں بھیجنا ۔ برآمد کرنا ۔

Export (eks-port) *n.* Exported article روانہ شدہ اشیا ۔ دساور ۔ برآمد شدہ مال ۔

Exportation (eks-port-ə-shən) *n.* Things exported مال کی روانگی ۔ نکاسی ۔ برآمدگی ۔ برآمد ۔

Expose (iks-poz) *v.t.* Display فروخت کے لیے پیش کرنا ۔ نمائش کرنا ۔ کھول کر ڈال دینا ۔ کھولنا ۔ خطرے میں ڈالنا ۔ فوٹو پلیٹ کو بے پردہ کرنا۔ شیر خوار بچے کو پھینک دینا ۔ راز فاش کر دینا ۔ پردہ دری کرنا ۔

Expose (iks-poz) *n.* Statement of facts دکھاوا ۔ اظہار حقیقت ۔ واقعاتی بیان ۔

Exposition (iks-poz-i-shən) *n.* Description نمائش ۔ تشریح ۔ توضیح ۔ تفصیل ۔ بیان ۔ انکشاف ۔ اظہار واقعات ۔

Expostulate (eks-post-u-lat) *v.t.* Make friendly remonstrance منت سماجت کرکے باز رکھنا ۔ سمجھانا ۔ متنبہ کرنا ۔ دوستانہ طور پر شکوہ کرنا یا الزام دینا ۔ رد و کد کرنا ۔

Expostulation (eks-post-u-la-shən) *n.* Remonstrance افہام و تفہیم ۔ گلہ ۔ شکوہ شکایت ۔

Expostulatory (eks-post-u-la-təri) *adj.* Disputing تکراری ۔ شکایت آمیز ۔ گلے شکوہ کے طور پر ۔

Exposure (iks-po-zhər) *n.* Displaying, unmasking (ہوا ، سردی ، گرمی یا خطرے کے سامنے) کھلا ہوا رہنا ۔ بکاؤ مال کی نمائش ۔ فریب کاری کی پردہ دری ۔

Expound (iks-pownd) *v.t.* Set forth in detail تفصیل سے بیان کرنا ۔ تشریح کرنا ۔ کسی نظریے یا خیال کی وضاحت کرنا ۔

Express (iks-pres) *adj., adv.* & *n.* Exact, definitely stated بین ۔ صریح ۔ واضح ۔ صاف ۔ آشکارا ۔ ہو بہو ۔ ٹھیک ٹھیک ۔ بین طور پر ۔ تیز ریل گاڑی۔ تیز رو قاصد ۔

Express (iks-pres) *v.t.* Reveal ادا کرنا ۔ اظہار کرنا ۔ دبا کر عرق نکالنا ۔ دبانا ۔ اظہار مطلب کرنا ۔ علامات کے ذریعے اعداد ظاہر کرنا ۔

Expressible (iks-pres-i-bl) *adj.* Yielding to expression اعلان پذیر ۔ کہنے کے قابل ۔ قابل اظہار ۔

Expression (eks-pre-shən) *n.* Indication چھوڑ کر نکالا ہوا رس - محاورہ - اسلوب بیان - کلام - سخن - لہجہ - کسی خصوصیت کے اظہار کا ڈھنگ - صورت - وضع - شکل - بشرہ - کسی ساز سے جذباتی راگ نکالنا - جذباتی راگ -

Expressive (eks-pre-siv) *adj.* Significant ولولہ انگیز - اثر انگیز - پر معنی - موثر -

Expressively *adj.* بلیغ انداز سے - واضح طور پر - بخوبی - صاف صاف -

Expressly (eks-pres-li) *adv.* Urgently صراحت سے - تاکید سے - ضروری -

Expropriate (eks-pro-pri-at) *v.t.* Dispossess مال و اسباب ضبط کر لینا - جائداد سے بے دخل کرنا - کسی چیز پر قابض ہو جانا - دوسرے کا قبضہ ہٹانا -

Expulsion (eks-pul-shən) *n.* Expelling, throwing out اخراج - بے دخلی - خروج - نکالنا - خارج کرنا -

Expunge (eks-punj) *v.t.* Erase, omit محو کرنا - قلمزد کرنا - مٹا ڈالنا - کاٹ ڈالنا - نیست و نابود کرنا - کالعدم کرنا -

Expunction *n.* مٹا ڈالنا - قلم زدگی -

Expurgate (eks-per-gat) *v.t.* Purify آلائش دور کرنا - صاف کرنا - پاک کرنا - دھو ڈالنا - کتاب وغیرہ کو قابل اعتراض حصوں سے پاک کرنا -

Expurgation (eks-per-ga-shən) *n.* Purification آلائش یا فاسد مادے کا اخراج - پاکیزگی - شستگی - قابل اعتراض عبارتوں سے کتاب کی صفائی -

Exquisite (eks-kwiz-it) *adj.* & *n.* Of consummate excellence or beauty نفیس - عمدہ - پاکیزہ - حسین - باریک - دقیق - دقیقہ رس - عالی دماغ - بانکا - چھیلا - رنگیلا -

Exquisitely (eks-kwiz-it-li) *adv.* In an excellent manner باریکی سے - لطافت سے - عمدگی سے -

Extant (eks-tənt) *adj.* Still existing ابھرا ہوا - اٹھا ہوا - باقی - اب بھی موجود -

Extemporaneous-rary (eks-tem-pə-ri-ni-yəs) *adj.* Off hand برمحل - فی البدیہہ - عین وقت پر کہا ہوا - برجستہ - بلا کسی تیاری کے -

Extempore (eks-tem-pər) *adj.* & *adv.* Done without preparation فی البدیہہ - برجستہ - بر وقت -

Extemporize (aks-tem-pə-riz) *v.t.* & *i.* Compose extempore بر وقت شعر کہنا - فی البدیہہ موزوں کرنا - برجستہ کہنا -

Extend (iks-tend) *v.t.* & *i.* Lay out at full length پھیلنا - پھیلانا - بڑھانا - لمبا کرنا - وسیع کرنا - زمین وغیرہ کی قیمت بڑھانا - زمین کو قرضے کے عوض اپنے قبضے میں لے لینا - بیچ بیچ میں یکساں فاصلہ چھوڑ کر فوجیوں کی صف بندی کرنا - دائرہ کار بڑھانا -

Extensibility (iks-ten-sib-i-liti) *n.* Capacity of extension وسعت پذیری - پھیلانے یا بڑھانے کی قابلیت -

Extensible (iks-ten-sibl) *adj.* Capable of extension وسعت پذیر - بڑھانے یا پھیلانے کے قابل -

Extension (iks-ten-shən) *n.* Extent, range اضافہ - پھیلاؤ - لمبائی - چوڑائی - وسعت - ایزادی - زائد حصہ -

Extensive (iks-ten-siv) *adj.* Large, far-reaching لمبا چوڑا - کشادہ - فراخ - بڑے رقبہ کا - دور تک پھیلا ہوا - زیادہ پیداوار کا - جس کا دار و مدار اراضی کی وسعت پر ہو -

Extent (iks-tent) *n.* Space over which a thing extends حد - رقبہ - وسعت - اندازہ - کاشت کا پھیلاؤ - اراضی کی وسعت - قرق - قرقی نامہ -

Extenuate (eks-ten-u-at) *v.t.* Lessen a seeming guilt ہلکا کرنا - جرم کی اہمیت کو کم کرنا - دبلا پتلا کرنا - کم کرنا -

Extenuation (eks-ten-u-a-shən) *n.* Making thin and weak لاغری - کمی - دبلا پن - ہلکا پن -

Exterior (eks-ti-ri-ər) *adj.* & *n.* Outer بیرونی حالت - باہر سے آیا ہوا - بیرونی - خارجی -

Exterminate (eks-tər-mi-nat) *v.t.* Root out مٹا ڈالنا - جڑ کاٹ دینا - نیست و نابود کرنا - اکھاڑ پھینکنا - استیصال کرنا - ستیاناس کرنا -

Extermination *n.* استیصال - بیخ کنی - بربادی - تباہی - پائمالی -

External (eks-tər-nəl) *adj.* Situated outside غیر ملکی - خارجی - بیرونی - اتفاقی - ناگہانی - اچانک - خارجی استعمال کی (دوا) - اعمال ظاہری - خارجی کائنات -

Externalism (eks-ter-nə-lism) *n.* Belonging to the world of phenomena مظاہر پرستی ۔ ظواہر پرستی ۔ یہ عقیدہ کہ حقیقت کائنات کے خارجی حوادث میں ہے ۔

Externally (eks-ter-nəli) *adv.* In external manner بیرونی طور پر ۔ ظاہری طور پر ۔

Externals (eks-ter-nəls) *n. & pl.* Outside facts محسوسات ۔ اسباب ظاہری ۔ احوال ظاہری ۔

Exterritorial (eks-ter-i-to-ri-əl) *adj.* Not bound by the law of the land (سفرا وغیرہ کے سفارت خانے) ملکی قانون کی دسترس سے باہر ۔

Extinct (eks-tingkt) *adj.* That has died out بجھا ہوا ۔ گل ۔ بجھی ہوئی (آگ یا امید)۔ معدوم ۔ موقوف ۔ ناپید ۔ مردہ ۔

Extinction (eks-tingk-shən) *n.* Annihilation باقی نہ رہنا ۔ مٹنا ۔ نیستی ۔ فنا ۔

Extinguish (eks-tin-guish) *v.t.* Put out مخالف کو ساکت کرنا ۔ خاموش کرنا ۔ گل کرنا ۔ بجھانا ۔ برباد کرنا ۔ فنا کرنا ۔ مٹا ڈالنا ۔ قرض بے باق کرنا ۔

Extinguishable (eks-tin-guish-əbl) *adj.* Worthy to be put out مٹانے کے قابل ۔ بجھائے جانے کے قابل ۔ فنا پذیر ۔ فانی ۔

Extinguisher (eks-tin-guish-ər) *adj.* That which puts out مٹا دینے والا ۔ بجھانے والا ۔ گل گیر ۔ گل تراش ۔

Exterpate (eks-tər-pat) *v.t.* Destroy بیخ و بن سے اکھاڑ پھینکنا۔ جڑ سے اکھاڑنا۔ نیست و نابود کرنا ۔

Exterpation (eks-tər-pa-shən) *n.* Destruction بربادی ۔ استیصال ۔ بیخ کنی ۔

Extol (iks-tol) *v.t.* Praise تعریف کے پل باندھنا ۔ ستائش کرنا ۔ تعریف کرنا ۔

Extort (iks-tort) *v.t.* Obtain by violence کسی سے کوئی چیز بالجبر حاصل کرنا ۔ زبردستی لے لینا ۔ اینٹھ لینا ۔ بزور یا بالجبر لینا ۔ دباؤ ڈال کر راز معلوم کر لینا ۔ الفاظ کو توڑ مروڑ کر غلط معنی نکالنا ۔

Extortion (eks-tor-shən) *n.* Illegal exaction بالجبر حاصل کرنا ۔ زبردستی لے لینا ۔ استحصال ۔ جبری رشوت ستانی ۔ جور ۔ ظلم ۔ جبر ۔

Extortionate (eks-tor-shən-at) *adj.* Using extortion زبردستی حاصل کرنے والا ۔ جابر ۔ ظالم ۔

Extra (eks-trə) *adj., adv. & n.* Additional, more than usual زائد ۔ علاوہ ۔ فالتو ۔ معمول سے بڑھ کر ۔ زائد طور پر ۔ زائد شے ۔ زائد ادا کار ۔

Extra (eks-trə) In comb : a part of combined word زائد ۔ سوا ۔ غیر ۔ خارج از۔

Extracosmical خارج از کائنات ۔

Extramundane غیر مادی ۔ غیر دنیاوی ۔

Extra-strong زائد طاقت ور ۔

Extract (eks-trakt) *n.* The viscid matter, substance in concentrated form نچوڑ ۔ ست ۔ جوہر ۔ ماحصل ۔ کسی کتاب کا اقتباس یا خلاصہ۔

Extract (eks-trakt) *v.t.* Make extracts from نکالنا ۔ کھینچنا ۔ عطر نکالنا ۔ عرق نکالنا ۔ انتخاب کرنا ۔ خلاصہ کرنا ۔ اقتباس لینا ۔

Extraction (eks-trak-shən) *n.* Extracting انتخاب ۔ نچوڑنے کا یا کھینچنے کا عمل ۔

Extractor (eks-trak-tər) *n.* One who extracts زنبور ۔ عرق کھینچنے والا ۔ اقتباس کرنے والا ۔

Extradite (eks-tra-dit) *v.t.* Give up foreign criminal to proper authorities غیر ملک کے مجرم کو اس ملک کے حوالے کرنا ۔ کسی ملک کے مجرم کو اس حکومت کی تحویل میں دینا ۔

Extradition (eks-tra-di-shən) *n.* Delivery of fugitive criminals to proper authorities تحویل مجرمین ۔ مرکز احساس سے دور مقام حس کا تعین کرنا ۔ مقام احساس کا استقرار۔

Extraneous (eks-tran-yes) *adj.* Of external origin بیرونی ۔ خارجی ۔ غیر متعلق ۔

Extraordinary (eks-tra-or-di-nari) *adj. & n.* Out of usual course خلاف قاعدہ ۔ خلاف معمول ۔ خلاف دستور ۔ غیر معمولی ۔ انوکھا ۔ نرالا ۔ عجیب و غریب ۔ عظیم الشان ۔ جلیل القدر ۔

Extravagance (iks-tra-vəgəns) *n.* Absurd statement or action انحراف ۔ تجاوز ۔ اسراف ۔ فضول خرچی ۔ نامعقول بیان یا عمل ۔

Extravagant (iks-tra-və-gənt) *adj.* Immoderate فضول خرچ ۔ غیر محتاط ۔ معمولی حد سے تجاوز کرنے والا ۔ مسرف ۔ لٹاؤ ۔ اجاڑو ۔ بے جا خرچ کرنے والا ۔ خراچ ۔

Extravagant (iks-tra-və-gənt) *n.* Immoderate person خراچ شخص ۔ بیجا خرچ کرنے والا آدمی ۔

Extravaganza (eks-trav-ə-ganza) *n.* Fantastic composition or behaviour ادبی ، لسانی یا عملی حیثیت سے أعجوبہ ۔ اچنبھے کا ۔ عجیب و غریب انسان ۔

Extreme (iks-trem) *adj.* & *n.* Outer-most, farthest مرکز سے بہت دور ۔ دور دراز ۔ حد سے زیادہ اشد ۔ سخت تر ۔ حد ۔ انتہا ۔ انجام ۔ سرا ۔ اطراف ۔ اول و آخر ۔

An extreme case انتہائی مثال ۔ نازک مریض ۔ نازک مقدمہ ۔

Extremism *n.* غلو ۔ انتہا پسندی ۔

Extricable (eks-trik-əbl) *adj.* Releasable سلجھانے کے لائق ۔ نجات دینے کا مستحق ۔ قابل رہائی ۔

Extricate (eks-trik-ət) *v.t.* Disentangle ۔ آزاد کرنا بچانا ۔ چھڑانا ۔ سلجھانا ۔ نکالنا ۔

Extrication (eks-tri-kə-shən) *n.* Disentanglement خلاصی ۔ رہائی ۔ سلجھاؤ ۔

Extrinsic (eks-trin-sik) *adj.* Lying outside ظاہری ۔ عارضی ۔ خارجی ۔

Extrude (eks-trood) *v.t.* Thrust out ۔ نکال باہر کرنا خارج کرنا ۔ باہر نکالنا ۔ دھکیلنا ۔

Extrusion (eks-troo-zən) *n.* Thrusting out ۔ خروج باہر نکلنا ۔ اخراج ۔ نکاس ۔

Exuberant (igz(y)oo-bər-ənt) *adj.* Luxuriant فراواں ۔ لبریز ۔ بافراط ۔ بہت کثرت سے ۔ رنگین ۔ مرصع ۔

Exuberance *n.* ۔ لبریز ہونا ۔ وافر ہونا ۔ کثرت ۔ افراط افزونی ۔ ریل پیل ۔ بہتات ۔

Exuberate (egz(y)oo-bə-rət) *v.i.* Abound, overflow لبریز ہونا ۔ جی بھر کر ہونا ۔ زیادہ ہونا ۔

Exude (eks-ud) *v.i.* & *t.* Ooze out, give off پسینہ ٹپکنا ۔ پسینہ نکلنا ۔ ٹپکنا ۔

Exudation *n.* رس ۔ عرق ۔ پسینہ ۔

Exult (igz-ult) *v.i.* Rejoice exceedingly خوش و خرم ہونا ۔ بہت خوش ہونا ۔ باغ باغ ہونا ۔ پھولے نہ سمانا ۔ شادیانے بجانا ۔ فخر کرنا ۔ اترانا ۔

Exultant (igz-ult-ənt) *adj.* Overjoyed فخر کرنے والا شادماں ۔ فرحاں ۔ شاداں ۔ خوشی سے اترانے والا ۔ آپے سے باہر ہونے والا ۔

Exultation (ˈaz-ultə-shən) *n.* Happiness ۔ نشاط شادمانی ۔ خرمی ۔ خوشی ۔

Exuviate (egz(y)oo-viət) *v.t.* & *i.* Shed, slough خول اترنا ۔ پرانی کھال اتر جانا ۔ کینچلی اتارنا ۔ کھال اتارنا ۔

Eyas (i-əs) *n.* Young hawk باز کا بچہ جسے سدھایا جاتا ہے ۔

Eye (i) *n.* Organ of sight ۔ نین ۔ دیدہ ۔ چشم ۔ آنکھ نظر ۔ نگاہ ۔ بصیرت ۔ آنکھ کی پتلی ۔ آنکھ کی سی شے (جیسے مور کے پروں کی چتّیاں) ۔

Eyeball آنکھ کا ڈھیلا ۔ دیدہ ۔

Eye-cup آنکھ دھونے کی پیالی ۔

Eye-opener ۔ چونکا دینے والا ۔ آنکھیں کھولنے والا واقعہ

See eye to eye(with) متفق الرائے ہونا ۔ ہم خیال ہونا ۔

Saw with half an eye ایک نظر دیکھ لیا ۔

Made him open his eyes حیرت سے آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئیں ۔ اسے متحیّر کر دیا ۔

Beam in one's eye آنکھ کا شہتیر ۔

If you had half an eye اگر تم میں کچھ بھی بصیرت ہوتی ۔

Have an eye for art ۔ فنون لطیفہ میں بصیرت رکھنا

Have an eye for proportion اچھی نظر ہونا ۔ ہم آہنگی اور تناسب کا شعور رکھنا ۔

Keep an eye on ۔ نگرانی کرنا ۔ کسی پر نظر رکھنا

His eyes are bigger than his belly ۔ وہ پیٹو ہے

Make eyes at عاشقانہ نظروں سے دیکھنا ۔

Feast one's eyes upon جی بھر کر دیکھنا ۔ آنکھیں سینکنا ۔

Eye (i) *v.t.* Observe, watch ۔ مشاہدہ کرنا ۔ نگاہ کرنا دیکھنا ۔ نگاہ میں رکھنا ۔ حقارت سے دیکھنا ۔

Eyre (ar) *n.* Mobile court ۔ دورہ کرنے والی عدالت گشتی عدالت ۔

Eyrie (ar-i) *n.* Airie دیکھو

F

F (ef) *n.* Sixth letter of the English alphabet انگریزی حروف تہجی کا چھٹا حرف ۔

Fa (f-a) *n.* Fourth note of octave موسیقی میں ایک سپتک کا چوتھاسر ۔ ما کا سر ۔

Fabian (fa-bi-ən) *adj.* Employing cautious strategy to wear out an enemy کسی غنیم کو زچ کرنے کے لئے طولانی اور چکر دار چالیں ۔ شاطر ۔ انگلستان کی انجمن اشتراکین سے متعلق ۔ دھیا ۔ سست ۔ دیر کرنے والا ۔

Fable (fa-bl) *n.* Story of supernatural characters فرضی قصہ ۔ کہانی ۔ داستان ۔ افسانہ ۔ دیو پری کا افسانہ ۔ حکایت ۔ بناوٹ ۔ جھوٹ ۔ بے سروپا بات ۔ غلط بیانی ۔ وہمی یا خیالی چیزیں ۔ ایسا قصہ جس میں ایسے کردار ہوں جن سے کوئی اخلاقی سبق ملتا ہو ۔

Fable (fa-bl) *v.t.* & *i.* Tell fictitious tales فرضی قصے کہنا ۔ قصہ گھڑنا ۔ اپنے دل سے بات بنانا ۔ بناوٹی بات کہنا ۔ غلط بیانی کرنا ۔

Fabler (fa-blər) *n.* One who tells tales قصہ گو ۔ داستان گو ۔ کہانی کہنے والا ۔ بے پر کی اڑانے والا ۔

Fabric (fab-rik) *n.* Edifice صورت ۔ شکل ۔ ساخت ۔ گھر ۔ حویلی ۔ مکان ۔ عمارت ۔ پارچہ ۔ کپڑا ۔ کپڑے کی ساخت ۔

Fabricate (fab-rik-at) *v.t.* Invent, forge جعلی دستاویز بنانا ۔ جھوٹ بنانا ۔ ایجاد کرنا ۔ بنانا ۔

Fabrication (fab-rika-shən) *n.* Invention جعلسازی ۔ جھوٹ ۔ بناوٹ ۔

Fabulist (fa-bu-list) *n.* Composer of fables داستان گو ۔ افسانہ نویس ۔ افسانہ ساز ۔ قصے گھڑنے والا ۔

Fabulous (fab-u-lus) *adj.* Legendary مصنوعی ۔ فرضی ۔ وہمی ۔ افسانوی ۔ غیر تاریخی ۔ من گھڑت ۔ ناقابل یقین ۔ مبالغہ آمیز ۔ بے سروپا ۔

Facade (fa-sad) *n.* Frontal part of a building اگواڑہ ۔ مکان کا رو کا حصہ ۔ سامنے کا حصہ ۔ مکان کا آگا ۔ عمارت کا رو کا رخ ۔ مکان کے سامنے کا حصہ ۔

Face (fas) *n.* Appearance چہرہ ۔ صورت ۔ شکل ۔ چہرہ مہرہ ۔ ناک نقشہ ۔ چہرے کی حالت ۔ ظاہری حالت ۔ نمود ۔ ظاہری شکل و صورت ۔ پیش ۔ سامنا ۔ اگواڑا ۔ گھڑیال کے نمبروں کے چکر کا رخ ۔ کسی ہتھیار کی آواز کا کارآمد حصہ ۔ وہ حصہ جس سے کام لیا جاتا ہے ۔

In face a lion, in heart a deer صورت میں شیر ۔ جی میں بھیڑ ۔

To make a long face منہ بسورنا ۔ غصے سے منہ پھلانا ۔

Look in the face آنکھ ملانا ۔ مقابلہ کرنا ۔

Face (fas) *v.t.* & *i.* Meet confidently سامنا کرنا ۔ اطمینان سے مقابلہ کرنا ۔ پیچھے نہ ہٹنا ۔ تاش کے پتے کو سیدھے رخ رکھنا ۔ مسالہ چڑھانا ۔ تہہ چڑھانا ۔

Facer (fas-ər) *n.* Blow in the face سخت مشکل ۔ بلائے ناگہانی ۔ طمانچہ ۔ تھپڑ ۔

Facet (fas-it) *n.* One side of a many-sided body پہلو ۔ رخ ۔ پہل ۔ جانب ۔ ایک پہلو ۔ کسی پہلو دار چیز کا پہلو ۔ ترشے ہوئے رتن کا پہلو ۔

Facetiae (fas-shie) *n. pl.* Pleasantries ظریفانہ کلام ۔ ظرافت ۔ لطیفہ ۔ نکتہ ۔ ہنسی دل لگی کی باتیں ۔ ظریفانہ گفتگو ۔ فحش گوئی ۔ بذلہ سنجی ۔

Facetious (fə-se-shəs) *adj.* Addicted to pleasantry ہنسی مذاق کرنے والا ۔ خوش مزاج ۔ زندہ دل ۔ ظریف ۔ لطائف گو ۔ بذلہ سنج ۔ ظرافت آمیز ۔ مزاحیہ ۔ شوخ طبع ۔ ہنسانے والا ۔

Facial (fa-shəl) *adj.* Of the face منہ یا چہرے کے متعلق ۔ چہرے کا ۔

Facile (fas-il) *adj.* Easily done or won آسان ۔ سہل ۔ سہج اور آسانی سے حاصل کیا ہوا ۔ آسانی سے حاصل ہو جانے والا ۔ خوش خلق ۔ نرم ۔ ملائم ۔ نرم مزاج ۔ نیک نہاد ۔ سلیم الطبع

Facilitate (fas-ili-tat) *v.t.* Make easy سہولت پیدا کرنا ۔ آسانی کرنا ۔ سہل کرنا ۔ آسانی بہم پہنچانا ۔ ترقی کرنے میں مدد دینا ۔

Facilitation (fa-sil-i-ta-shən) *n.* Easiness آسانی ۔ سہولت ۔

Facility (fa-sil-i-ti) *n.* Being easy تقریر کی روانی ۔ سہولت ۔ آسانی ۔ آسان ہونا ۔ اچھا موقع ۔ انسانیت ۔ آدمیت ۔ خلق ۔ ملنساری ۔ نرمی ۔ حلم ۔ ملائمت ۔ مستعدی ۔ چالاکی ۔ ہوشیاری ۔

Facing (fas-ing) *n.* Coating of different material پوشش ۔ لباس ۔ کنارہ ۔ حاشیہ ۔ اوپلا ۔ سنجاف ۔ استر کاری ۔ سپاہیوں کا رخ کسی سمت میں ہونا ۔

Facsimile (fak-si-mi-li) *n.* & *v.t.* Exact copy ٹھیک نقل ۔ نقل مطابق اصل ۔ ہوبہو نقل کرنا ۔ لکھائی، تصویر یا چھپائی کے ذریعے نقل اتارنا ۔

Fact (fakt) *n.* Occurrence of event حقیقت ـ حالت ـ کیفیت ـ صداقت ـ اصل حال ـ امر واقعہ ـ حقیقت نفس الامری ـ

The fact of the matter حقیقت حال ـ واقعہ کی اصلیت ـ

Faction (fak-shən) *n.* Self-interested party جماعت ـ گروہ ـ سیاسی فریق ـ گروہ مخالفین و مفسدین ـ جتھا ـ فرقہ بندی ـ دھڑے بندی ـ ہلچل ـ بلوہ ـ ہنگامہ ـ فتنہ و فساد ـ نفاق ـ

Factional (fak-shən-əl) *adj.* Pertaining to faction فسادی ـ مفسد ـ فتنہ انگیز ـ ہنگامہ پرداز ـ مفتری ـ سرکش ـ متمرد ـ فساد یا جھگڑے کے متعلق ـ

Factiousness (fak-tə-yəs-nes) *n.* Turbulence فتنہ انگیزی ـ بکھیڑا ـ دنگا ـ فساد ـ جھگڑا ـ

Factitious (fak-ti-shəs) *adj.* Artificial غیر حقیقی ـ جعلی ـ بناوٹی ـ نقلی ـ مصنوعی ـ

Factitive (fak-ti-tiv) *adj.* Of a verb, taking a complementary object افعال قلوب ـ ایسے فعل جن میں مفعول اور توسیع فعل ہو ـ

Factor (fak-tər) *n.* Agent, deputy آڑھتیا ـ کرتا دھرتا ـ گماشتہ ـ ایجنٹ ـ جز ـ اہم جز ـ واقعہ ـ حقیقت ـ عنصر ـ لازمی جز ـ

Factory (fak-tə-ri) *n.* Workshop, trading station کارخانہ ـ بیوپار گھر ـ سوداگروں کی بیرونی تجارتی منڈی ـ

Factotum (fak-to-təm) *n.* Man or woman of all work ہر کام کرنے والا ملازم ـ

Foreshadow (fōr-shad-o) *v.t.* Serve as type پیش خیمہ ہونا ۔ آنے والے واقعات کا نقشہ پیش کر دینا ۔

Foreshorten (fōr-short-ən) *v.t.* Show object with apparent shortening تصویر کو اس طرح دکھانا کہ اس کا اگلا حصہ چھوٹا نظر آئے ۔

Foreshow (fōr-sho) *v.t.* Foretell شگون بتانا ۔ پہلے سے آگاہ کرنا ۔ پیشین گوئی کرنا ۔

Foresight (fōr-sit) *n.* Prevision احتیاط ۔ عاقبت اندیشی ۔ دور اندیشی ۔ دور بینی ۔ بندوق کی مکھی ۔

Foreskin (fōrs-kin) *n.* Prepuce سپارے کا گھونگھٹ ۔ عضو تناسل کے آگے کی کھال ۔

Forest (for-ist) *n.* & *v.t.* Large tract covered with trees جنگل ۔ زمین کا بڑا رقبہ جس میں درخت اور جھاڑیاں ہوں ۔ درخت جو جنگل میں ہوں ۔ شاہی شکار گاہ ۔ درخت لگانا ۔ جنگل اگانا ۔

Forestall (fōr-stawl) *v.t.* Be beforehand in action پیش بندی کرنا ۔ پہلے سامان تجارت خرید لینا تاکہ بھاؤ بڑھے تو زیادہ نفع ہو ۔ آنے والے واقعات کا اندازہ کرکے حریف کی چالوں کا توڑ کرنا ۔ وقت سے پہلے کاروائی کرنا ۔

Forestay (fōr-stə) *n.* Support the foremast with ropes مستول کھڑا کرنے کا موٹا رسہ ۔ وہ بادبان جو اس رسے کے سہارے کھڑا کیا جاتا ہے ۔

Forester (for-ist-ər) *n.* Officer in charge of forest محافظ جنگلات ۔ مہتمم جنگلات ۔ جنگل میں رہنے والے پرند یا جانور ۔

Forestry (for-ist-əri) *n.* Art of managing forests جنگل لگانے کا علم ۔ جنگل کا انتظام کرنے کا فن ۔

Foretaste (fōr-tast) *n.* & *v.t.* Anticipate enjoyment چاشنی ۔ مزہ ۔ پہلے سے تکلیف و راحت کا مزہ چکھ لینا ۔ کسی چیز کے مزے کا اندازہ کر لینا ۔

Foretell (fōr-tel) *v.t.* Predict پیشین گوئی کرنا ۔ آنے والے واقعات ظاہر کر دینا ۔

Forethought (for-thawt) *n.* Provident care پیش بینی ۔ دور اندیشی ۔ سوچا سمجھا ارادہ ۔

Foretime (fōr-tim) *n.* The past پرانے دن ۔ گزرا ہوا زمانہ ۔

Foretoken (fōr-token) *n.* Pointer آنے والے واقعہ کی طرف اشارہ ۔ پیش خیمہ ۔

Foretooth (fōr-tooth) *n.* Tooth in front of the mouth اگلا دانت ۔ سامنے کا دانت ۔

Forewarn (fōr-warn) *v.t.* Warn beforehand پہلے سے خبر دار کرنا ۔ خطرے سے مطلع کر دینا ۔

Foreword (for-word) *n.* Introduction کتاب کا دیباچہ ۔ مقدمہ ۔ آغاز کلام ۔

Forfeit (for-fit) *n. adj.* & *v.t.* Forfeiture ضبطی ۔ قرق ۔ جرمانہ ۔ تاوان ۔ ڈنڈ ۔ ضبطی کا ۔ ضبطی کے قابل ۔ حقوق سے محروم ہونا ۔ جرم یا غفلت کی بنا پر تاوان یا جرمانہ ادا کرنا ۔

Forfeitable *adj.* قابل ضبطی ۔

Forfeiture *n.* ضبط شدہ چیز ۔ قرق ۔ ضبطی ۔

Forfend (fər-fend) *v.t.* Avert, keep off ہٹانا ۔ دور کرنا ۔ باز رکھنا ۔ دور رکھنا ۔

God forfend خدا محفوظ رکھے ۔ خدا بچائے ۔ اب سے دور ۔

Forge (forj) *n.* Smithy دھاتوں کے گلانے کی بھٹی ۔ بھٹی ۔ لوہار کا کارخانہ ۔ لوہار کی دوکان ۔

Forge (forj) *v.t.* & *i.* Shape ٹھونک ٹھونک کر گھڑنا ۔ تپانا ۔ ٹھونکنا اور بنانا ۔ جعل کرنا ۔ اختراع کرنا ۔ نقلی دستاویز تیار کرنا ۔

Forgeable *adj.* جعلی بنانے کے قابل ۔ جس چیز کو جعلی بنایا جا سکے ۔

Forger *n.* نقلی چیز بنانے والا ۔ جعلی دستاویز تیار کرنے والا ۔ جعل ساز ۔

Forge (forj) *v.i.* Make way, advance راستہ پیدا کرنا ۔ راستہ نکالنا ۔ رفتہ رفتہ اور بدقت راستہ نکالنا ۔

Forgery (forj-əri) *n.* Falsifying of documents جعل سازی ۔ تلبیس ۔ بناوٹ ۔ جعلی دستاویز ۔ جعلی یا نقلی چیز ۔

Forget (fər-get) *v.t.* & *i.* Loose remembrance of بھولنا ۔ فراموش کرنا ۔ بسارنا ۔ خیال سے اتارنا ۔ یاد نہ رکھنا ۔ لاپروائی کرنا ۔ بے التفاتی کرنا ۔ نازیبا طرز عمل اختیار کرنا ۔ اپنی خودداری کو فراموش کر دینا ۔

Forget oneself خلاف شان طرز عمل اختیار کرنا ۔ اپنی عزت کو بھول جانا ۔

Forgetable *adj.* فراموش کرنے یا بھول جانے کے لائق ۔

Forgetful *adj.* بے پروا ۔ غافل ۔ بھولنے والا ۔

Forgetfully *adv.* لاپروائی سے ۔ غفلت سے ۔ بھول کر ۔

Forgive (fər-giv) *v.t.* Let off چھوڑنا ۔ بخشنا ۔ معاف کرنا ۔ در گزر کرنا ۔ بخش دینا ۔

Forgiveable قابل معافی ۔

Forgiving *adj.* رحیم ۔ غفور ۔ معاف کرنے والا ۔

Forgiveness *n.* چھٹکارا ۔ معافی ۔ مغفرت ۔ بخشش ۔

Forgo (fər-go) *v.t.* Go without پرہیز کرنا ۔ ترک کر دینا ۔ چھوڑ دینا ۔ دست بردار ہونا ۔ ہاتھ دھو بیٹھنا ۔

Fork (fork) *n., v.i.* & *t.* Pronged instrument دوشاخہ ۔ پنجشاخہ ۔ کھڑنجا ۔ کھانے کا کانٹا ۔ زراعتی اوزار ۔ ٹنگلی ۔ اٹھا کر پھینکنا ۔ دوشاخہ سے پھینکنا ۔ چیرنا ۔ علیحدہ کرنا ۔ شاخیں نکالنا ۔

Fork out ادا کرنا ۔ حوالے کرنا ۔ دے دینا ۔

Forky *adj.* کانٹے کی طرح ۔ دو پھلا ۔ دو شاخہ ۔

Forked (fork-d) *adj.* With fork-like end بیچ سے چرا ہوا ۔ پھٹا ہوا ۔ کانٹے دار ۔ نوکدار ۔ دو شاخہ ۔ دو ٹنگا ۔

Forlorn (fər-lorn) *adj.* Desperate, hopeless ناامید ۔ مایوس ۔ ویران ۔ سونا ۔ لاچار ۔ بیکس ۔ تن تنہا ۔ غم زدہ ۔ آفت رسیدہ ۔

Forlorn hope (fər-lorn-hop) *n.* Desperate enterprise بے کسی ۔ بے نوائی ۔ مایوسی ۔ مایوسی کی حالت میں جان توڑ کر کوئی کام کر بیٹھنا ۔ خطرناک عمل ۔ موہوم امید ۔ وہ جانباز سپاہی جو زندگی سے ہاتھ دھو کر دشمن پر حملہ کرتے ہیں ۔

Form (form) *n.* Shape, visible aspect روپ ۔ صورت ۔ شکل ۔ وضع ۔ تراش ۔ ہیئت ۔ ظاہری شکل و صورت ۔ انتظام ۔ نظم و نسق ۔ بندوبست ۔ قاعدہ ۔ دستور ۔ رسمی طریقہ ۔ ضابطہ ۔ تکلف ۔ ظاہر داری ۔ دنیا داری ۔ خوبصورتی ۔ پاکیزگی ۔ سانچہ ۔ قالب ۔ نمونہ ۔ مدارس کی جماعت بندی ۔ ایسی دستاویز جس کے خالی مقامات پر کئے جائیں ۔ مناسب الفاظ یا فقرے ۔ جسمانی ورزش کی عادت ۔ تیاری کی حالت ۔ بیٹھنے کی بنچ جس میں پیچھے تختہ نہیں ہوتا ۔ چھاپے کے حرفوں کا تختہ ۔ خرگوش کا گھر ۔

Form (form) *v.t.* & *i.* Fashion, shape ۔ گھڑنا ۔ بنانا ۔ ترتیب دینا ۔ کسی جماعت کو منظم کرنا ۔ نقشہ تیار کرنا ۔ تصور کرنا ۔ ترقی دینا بڑھانا ۔ جزو بنانا ۔ کسی چیز کا جزو بنتا ۔ گردان کرکے نیا لفظ بنانا ۔ کسی خاص ترتیب سے قائم کرنا یا ہونا ۔ معینہ نظم و ضبط کے ساتھ فوج کو کھڑا کرنا ۔

Form fours چار چار کھڑا کرنا ۔ سپاہیوں کو چار قطاروں میں کھڑا کرنا ۔

Form *suffix* اسم کے آخر میں لاحقہ لگا کر ترکیب لفظی بنانا ۔

Cruciform صلیب کی شکل کا ۔

Multiform بہت سی شکلوں کے ۔

Uniform ایک ہی شکل کے ۔

Formal (form-əl) *adj.* Of the outward form دستور کے مطابق ۔ حسب ضابطہ ۔ رسمی طریقوں سے ۔ عادتوں میں باقاعدہ ۔ اپنے طریقوں کا پابند ۔ سخت ۔ روکھا ۔ ظاہر دار ۔ نمائشی ۔ ظاہری ۔ ظاہر داری کا ۔ مروجہ ۔ رسمی ۔ اپنی شکل و صورت کے لحاظ سے بجا اور جائز ۔

Formation *n.* قاعدہ یا دستور کی پابندی ۔ ترتیب ۔

Formalist *n.* رسم و ضابطہ کا پابند ۔

Formally *adv.* حسب ضابطہ ۔ رسمی طور پر ۔

Formality (form-ə-liti) *n.* Conformity to rules رسم ۔ ریت ۔ دستور ۔ رواج ۔ قاعدہ ۔ قانون ۔ طریقہ ۔ اسلوب ۔ معقولیت ۔ آداب مجلس یا معاشرتی لوازمات ۔ آداب صحبت کی پابندی ۔ ظاہر داری ۔ وضعداری ۔ طور طریقہ ۔

Formation (for-mā-shən) *n.* Arrangement, structure پیدائش ۔ خلقت ۔ بناوٹ ۔ ساخت ۔ فوج کی آراستگی یا ترتیب ۔ زمانہ ماضی کے بنے ہوئے پہاڑ ۔

Formative (for-mā-tiv) *n.* & *adj.* Serving to fashion ساخت کا اہل یا قابل ۔ چیز بنانے والا ۔ سابقے اور لاحقے جن سے نئے ترکیبی الفاظ بنائے جائیں ۔

Former (form-ər) *adj.* & *pro.* Of an earlier period پہلا ۔ اگلا ۔ پیشین ۔ اول ۔ سابق ۔ متذکرہ بالا ۔ پہلے بیان کیا ہوا ۔

Formerly *adv.* آگے ۔ پیشتر ۔ اگلے زمانے میں ۔ پچھلے زمانہ میں ۔

Formidable (for-mid-əble) *adj.* To be dreaded ڈراؤنا ۔ ہولناک ۔ خوفناک ۔ بھیانک ۔ مہیب ۔ جس کا مقابلہ کرنا مشکل ہو ۔

Formless (form-ləs) *adj.* Shapeless ۔ مجرد ۔ بے صورت ۔ بے پیکر ۔ بے شکل ۔

Formula (form-ū-lā) *n.* Set form of words ۔ قاعدہ دستور ۔ ضابطہ ۔ مروجہ عقیدہ ۔ نسخہ ۔ ترکیب ۔ ایسا قاعدہ جس پر بے سمجھے ہوئے عمل کیا جا سکے ۔ ایسا اصول جو زیادہ لوگوں کے لئے قابل قبول ہو ۔

Formulary (form-ū-la-ri) *n.* & *adj.* Collection of formulas عقائد یا قوانین کا مجموعہ ۔ مقررہ بیانات ۔ دستورالعمل ۔ کتاب جس میں اصول یا نسخے درج ہوں ۔

Formulate (form-ū-lāt) *v.t.* Set forth systematically ضابطہ یا مروجہ قاعدہ کا رتبہ دینا ۔ باقاعدہ یا اصولی طور پر کسی چیز کو پیش کرنا ۔ تجویز کرنا ۔ متشکل کرنا ۔

Formulation *n.* منضبط کیا ہوا قاعدہ ۔ ضابطہ ۔

Fornicate (for-ni-kāt) *v.t.* Commit adultery غیر منکوحہ عورت سے زنا کرنا ۔ جنسی تعلقات ناجائز طور پر رکھنا ۔ چھنالہ کرنا ۔

Fornication (for-ni-ka-shən) *n.* Voluntary sexual intercourse between man and unmarried woman زنا ۔ حرامکاری ۔ ناجائز جنسی تعلق ۔ زن غیر منکوحہ سے زنا ۔ غیر شادی شدہ عورت سے برضا مجامعت ۔

Forsake (fər-sāk) *v.t.* Give up, break off فراموش کرنا ۔ ترک کرنا ۔ چھوڑ بیٹھنا ۔ بے تعلق ہونا ۔ کسی کو مدد اور دوستی سے محروم کر دینا ۔ دستبردار ہونا ۔

Forswear (fər-swer) *v.t.* Swear falsely ۔ قسم کھانا جھوٹی قسم کھانا ۔ دروغ حلفی کرنا ۔

Forswear oneself ۔ جھوٹی قسم کھانا ۔ دروغ حلفی کرنا جھوٹا حلف اٹھانا ۔

Forsooth (fər-sōōth) *adv.* Truly, in truth ۔ دراصل فی الواقع ۔ در حقیقت ۔ بلاشبہ ۔

Fort (fort) *n.* Fortified place مضبوط فوجی مقام ۔ گڑھ ۔ کوٹ ۔ قلعہ ۔ حصار ۔

Forte (for-te) *n.* Person's strong point قوت ۔ استعداد ۔ کوئی خاص اخلاق یا دماغی قوت ۔ ذہانت ۔ ایسی خصوصیت جو کسی کو ممتاز کرتی ہو ۔

Forte (for-te) *adj. & adv.* Loud and then soft بلند آواز ۔ پنچم ۔ بلند اور پھر دھیمی ۔ بلند آواز سے ۔ تیزی سے ۔ بلند اور دھیمی آواز سے ۔

Forth (forth) *adj. & prep.* Forward, onward آگے ۔ سامنے ۔ رو برو ۔ آج سے ۔ آگے کو ۔ آئندہ ۔ باہر ۔ بیرون ۔ گھر سے باہر ۔

Forthcoming (forth-kəm-ing) *adv.* About or likely to come forth آنے والا ۔ غالباً پیش آنے والا ۔ جلد واقع ہونے والا ۔ تیار ۔ موجود ۔ حاضر ۔ جو وقت ضرورت پیش کیا جا سکے ۔

Forthwith (forth-with) *adv.* Without delay ابھی ۔ فی الفور ۔ بلا تاخیر ۔ بہت جلد ۔ فوراً ۔

Fortification (for-ti-fi-kā-shən) *n.* Defensive works قلعہ بندی ۔ مورچہ بندی ۔ فوجی استحکامات ۔ قلعہ بندی کا فن یا عمل ۔

Fortify (for-ti-fī) *v.t. & i.* Provide with defensive works قلعہ بندی کرنا ۔ مورچے بنانا ۔ استحکامات تیار کرنا ۔ کسی چیز کی ساخت کو مضبوط کرنا ۔ کسی چیز کے اندر زور پیدا کرنا ۔ جسمانی ، اخلاق یا دماغی حیثیت سے قوی بنانا ۔ ہمت افزائی کرنا ۔ تصدیق کرنا ۔

Fortitude (for-ti-tud) *n.* Courage in pain and adversity ہمت ۔ برداشت ۔ تکلیف کو برداشت کرنے کی قوت ۔ تحمل ۔ ضبط ۔ استقلال ۔

Fortnight (fort-nīt) *n.* Period of two weeks پندرھواڑہ ۔ پندرہ دن ۔ دو ہفتے ۔

Fortnightly (fort-nīt-li) *adj. & adv.* After every two weeks پندرھویں دن ۔ ہر دو ہفتہ کے بعد ۔

Fortress (for-tris) *n. & v.t.* Military stronghold گڑھی ۔ چھوٹا قلعہ ۔ کوٹ ۔ مستحکم مقام ۔

Fortuitism (for-tu-i-tizm) *n.* Belief in chance and natural causes and not design یہ عقیدہ کہ قدرتی اسباب سے واقعات ظہور پذیر ہوتے ہیں لیکن ان میں کوئی منصوبہ نہیں ہے ۔ قدرتی اسباب سے واقعات ظہور پذیر ہونے کا عقیدہ ۔

Fortuitous (for-tu-i-təs) *adj.* Accidental اتفاق طور پر واقع ہونے والا ۔ ہنگامی ۔ ناگہانی ۔

Fortuity (for-tu-i-ti) *n.* Chance, occurrence موقع ۔ اتفاق ۔ اتفاق واقعہ ۔ حادثہ ۔

Fortunate (fōr-tun-āt) *adj.* Favoured by fortune خوش قسمت ۔ خوش نصیب ۔ نیک اختر ۔ مبارک ۔ نیک ۔ سعید ۔ کامیاب ۔ بہرہ مند ۔ مقصد یاب ۔

Fortunately (for-tūn-āt-li) *adv.* Luckily یہ خوش نصیبی ہے کہ ۔ خوش نصیبی سے ۔ خوش قسمتی سے ۔

Fortune (for-tūn) *n.* Chance, luck قضا و قدر ۔ قسمت ۔ مشیت ۔ تقدیر ۔ قسمت کا لکھا ۔ نصیب ۔ بخت ۔ خوش حالی ۔ مال و دولت ۔ دولت مندی ۔

Try the fortune of war جنگ کر کے قسمت آزماؤ ۔

Soldier of fortune فوجی جو محض اپنے کارناموں سے بڑے درجے تک پہنچتے ہیں ۔ مالی فائدے کی غرض سے جنگ ۔

Fortune hunter جو شخص دولت مند بیوی تلاش کرتا ہو ۔

Spent a small fortune on it اس کام پر خاصی دولت خرچ کر ڈالی ۔

Forty (for-ti) *adj. & n.* Four times ten چہل ۔ دوبیسی ۔ چالیس ۔

Forty winks جھپکی ۔ مختصر نیند ۔ تھوڑا سا سو جانا ۔ کھانا کھانے کے بعد قیلولہ ۔

Fortieth چہلم ۔ چالیسواں ۔

Forum (fo-rəm) *n.* Public place چاوڑی ۔ چوک ۔ بازار ۔ وہ مقام جہاں عدالتی کاروائی کی جاتی ہو ۔ عام مباحثوں کی جگہ ۔ عدالتیں ۔

Forward (for-wərd) *adj. & n.* Onward اگلا ۔ پیشین ۔ قبل از وقت ۔ وقت سے پہلے تیار ۔ آمادہ ۔ مستعد ۔ چست ۔ جلد باز ۔ سرگرم ۔ شائق ۔ شوخ ۔ گستاخ ۔ تیز ۔ دلیر ۔ من چلا ۔ بے ادب ۔ فٹ بال میں آگے کی صف کا کھلاڑی ۔

Forward school opinions ترقی پسند آرا ۔ آزادانہ خیالات ۔ وسیع النظر جماعت ۔

Forwardness (for-wərd-nes) *n.* Progressiveness چستی ۔ چالاکی ۔ آزاد خیالی ۔ ترقی پسندی ۔ گستاخی ۔ بے ادبی ۔

Forward (for-wərd) *adv.* Towards the future آگے ۔ سامنے ۔ آگے کی طرف ۔ نمایاں ۔ آئندہ کا خیال کرتے ہوئے ۔ آگے بڑھتے ہوئے ۔

Look forward شوق سے انتظار کرنا ۔ مستقبل پر نظر رکھنا ۔ امید رکھنا ۔

Forward (for-wərd) *v.t.* Help forward, promote تیز کرنا ۔ بڑھانا ۔ ترقی کی رفتار تیز کرنا ۔ آگے بڑھنے میں مدد کرنا ۔ روانہ کرنا ۔ پہنچانا ۔ ارسال کرنا ۔ خط یا سامان آگے بھیجنا ۔

Fossa (fos-a) *n.* Canal, ditch کھائی ۔ خندق ۔ نشیب ۔ لمبی نالی ۔

Fossil (fos-il) *adj.* & *n.* Found buried, preserved in strata of earth زمین سے کھود کر نکلا ہوا ۔ نکلی ہوئی پرانی اشیاء ۔ پتھر میں بدلی ہوئی چیزیں ۔ زمین میں دبنے سے پتھر بنا ہوا ۔ قدیم ۔ حجریہ ۔ قدیم زمانہ کی نشاندہی کرنے والا ۔

Fossil bones ہڈیاں جو پتھر بن گئیں ۔ حجری ہڈیاں ۔

Fossil fuel زمین میں دبا ہوا ایندھن ۔ پتھر کا کوئلہ ۔

Words are fossil thoughts الفاظ دبے ہوئے خیالات کی شکل میں ظاہر ہوتے ہیں ۔

Fossilate *v.t.* پتھر میں تبدیل کر دینا ۔

Fossiliferous *adj.* جس کے اندر حجری چیزیں ہوں ۔

Fossilize *v.t.* & *i.* پتھر میں تبدیل کرنا یا ہونا ۔

Foster (fos-tər) *v.t.* Cherish پالنا ۔ پرورش کرنا ۔ کھلا پلا کر بڑا کرنا ۔ محبت سے پرورش کرنا ۔ پالنا پوسنا ۔ سینے سے چمٹا کر رکھنا ۔ احساسات اور جذبات کو دل میں محفوظ رکھنا ۔

Fosterage (fos-tər-āg) *n.* Custom of employing foster-mothers دایہ گری ۔ دودھ پلانے کی ملازمت ۔ دایہ کے ذریعے بچے کی پرورش ۔

Fosterling (fos-tər-ling) *n.* Foster child وہ بچہ جس کو دایہ دودھ پلاتی ہے ۔ رضاعی بچہ ۔ وہ بچہ جو اپنے ماں باپ کے علاوہ کسی دوسری عورت کے زیر پرورش ہو ۔

Foul (fowl) *adj., v.i.* & *t.* Offensive, stinking میلا ۔ گندہ ۔ گدلا ۔ نجس ۔ ناپاک ۔ غلیظ ۔ نفرت انگیز ۔ بدبودار ۔ سڑا ہوا ۔ جہاز کا تلا جس پر سمندری گھاس وغیرہ لپٹ گئی ہو ۔ دشنام آمیز ۔ بد زبان ۔ گالی گلوچ کا ۔ کریہ منظر ۔ بد صورت ۔ کھیل کے قواعد کے خلاف ۔ کوئی غلط یا ناجائز چیز ۔ الجھاؤ ۔ تصادم ۔ راستہ روک دینا ۔ اُلجھا دینا ۔ الجھ جانا ۔ خراب کرنا ۔ بے آبرو کرنا ۔

Fair or foul جائز یا ناجائز ۔ کسی نہ کسی صورت سے ۔

Foul play خلاف قاعدہ کھیل ۔ پرفریب کھیل ۔

Foulness (fowl-nes) *n.* Foul condition ناراستی ۔ نجاست ۔ غلاظت ۔ گندہ پن ۔ دھوکا ۔ بے ایمانی ۔ بدمعاشی ۔ شرارت ۔

Found (fownd) *v.t.* & *i.* Lay base of قائم کرنا ۔ بنانا ۔ تعمیر کرنا ۔ بنیاد رکھنا ۔ اساس قائم کرنا ۔ تائید کرنا ۔ دلائل پر بھروسہ کرنا ۔ بنیاد قائم کرنا ۔

Found (fownd) *v.t.* Melt and mould دھات کو گلانا اور ڈھالنا ۔ کانچ کی چیزیں بنانا ۔ شیشہ کو گلانا ۔

Foundry *n.* ڈھالنے ۔ دھات یا شیشہ گلا کر چیزیں بنانا کا کارخانہ ۔

Foundation (fownd-a-shən) *n.* Solid ground or base تاسیس ۔ استقرار ۔ بنیاد ۔ بنا ۔ قیام ۔ مستقل بنیاد ۔ بنیادی اصول ۔

Foundation school ایسا مدرسہ جس کے لئے کوئی جائداد وقف ہو ۔ وقف سے چلنے والا مدرسہ ۔

Base religion on the moral foundation مذہب کو اخلاق بنیاد پر قائم کرنا چاہئے ۔

The report has no foundation یہ خبر بے بنیاد ہے ۔

Founder (fownd-ər) *n.* One who forms an institution بانی ۔ قائم کرنے والا ۔ کوئی ادارہ قائم کرنے والا ۔ ڈھالنے والا ۔

Founder (fownd-ər) *v.t., i.* & *n.* Fall down, collapse جہاز کا پانی بھر کر ڈوب جانا ۔ غرق ہونا ۔ غرق کر دینا ۔ عمارت کا گر جانا یا بیٹھ جانا ۔ منہدم ہو جانا ۔ گھوڑے یا سوار کا تھک کر گر پڑنا ۔ ڈھیر ہوجانا ۔ لنگڑا ہو جانا ۔ گاف کی گیند کو اس طرح مارنا کہ وہ زمین میں دھنس جائے ۔

Foundling (fownd-ling) *n.* Deserted infant of unknown parents لا وارث بچہ ۔ وہ بچہ جو پڑا پایا جائے اور جس کے والدین کا پتہ نہ ہو ۔

Fount (fownt) *n.* Source, spring چشمہ ۔ منبع ۔ فوارہ ۔ لمپ کے تیل کا ڈبہ ۔ ایک ہی قسم کے چھاپے کے حروف کی مقدار ۔

Fountainhead اصل سر چشمہ ۔ منبع ۔ جڑ ۔ اصل ۔

Poison the fountains of trust بے اعتمادی پیدا کر دینا ۔

Four (fōr) *adj.* & *n.* One more than three چار ۔ چہار ۔ اربع ۔ چار کا عدد ۔ تاش کا چوا ۔ چار نشان والا پانسہ ۔ چار چپوؤں سے چلنے والی کشتی ۔ کرکٹ میں وہ ہٹ جس کے چار رن بنیں ۔

Four corners of the earth دور دراز ۔ کل زمین ۔ چاروں کونے ۔ ربع مسکون ۔

Four-fold *adj.* & *adv.* چار تہوں والا ۔ چار گنا ۔ چوہرا ۔ چوگنا ۔

Fourteen *adj.* چودہ کا عدد ۔ چہاردہ ۔ چودہ ۔

Fourteenth *adj.* & *n.* چودھواں ۔

Fourth (fōr-th) *adj.* & *n.* Next after third سہیتہ کا چوتھا دن ۔ چہارم ۔ چوتھا ۔

Fourthly (fōr-th-li) *adv.* In the fourth place چوتھے ۔ چوتھے نمبر پر ۔ چوتھی بات یہ کہ ۔

Fowl (fowl) *n.* & *v.i.* Bird, domestic and wild چڑیا ۔ پرندہ ۔ پرندے ۔ پرندے پکڑنا ۔ شکار کرنا ۔ بندوق سے پرند مارنا ۔ پرندوں کا گوشت ۔ پالتو مرغ ۔ مرغیاں ۔

Fowling *n.* جال لگا کر پرندوں کا شکار ۔ جنگلی پرندوں کا شکار ۔

Fowler *n.* بادامی ۔ چڑیمار ۔ پرندوں کا شکاری ۔

Fox (foks) *n.* Red-furred bushy-tailed quadruped لومڑی ۔ روباہ ۔ روباہ مزاج ۔ فریبی ۔ دھو کے باز ۔ چالاک ۔ مکار ۔ چلتا پرزہ ۔ فلک شمالی میں تاروں کا ایک مجموعہ ۔ بط شمالی ۔

Fox (foks) *v.i.* & *t.* Act cunningly ریا کاری کرنا ۔ مکاری کرنا ۔ دھوکا دینا ۔ کتابوں وغیرہ پر بھورے رنگ کے دھبے ڈالنا ۔

Foxy (foks-i) *adj.* Fox-like چالباز ۔ مکار ۔ حیلہ ساز ۔ روباہ صفت ۔ متفنی ۔ لومڑی کے رنگ کا ۔ بھورا ۔

Foxiness *n.* فریب کاری ۔ مکاری ۔ عیاری ۔ چالاکی ۔

Fracas (frak-ä) *n.* Noisy quarrel بلڑ ۔ شور ۔ اودھم ۔ دنگا فساد ۔ بلوہ ۔ ہنگامہ ۔

Fraction (frak-shən) *n.* Small piece or amount عشائے ربانی کی روٹی کے ٹکڑوں کی تقسیم ۔ ٹکڑا ۔ کسر ۔ پارہ ۔ پارچہ ۔ کسر اعشاریہ ۔

Fractional-ary مکسور ۔ کسری ۔ جزوی ۔

Fractionate (frak-shən-at) *v.t.* Separate into portions الگ الگ کرنا ۔ ٹکڑے کرنا ۔ تجزیہ کرنا ۔ محلول کے مختلف اجزا کو عمل تقطیر سے الگ الگ کرنا ۔

Fractionize (frak-shən-iz) *v.t.* Break up into fractions کسروں میں تقسیم کرنا ۔ پارہ پارہ کرنا ۔

Fractious (frak-shəs) *adj.* Unruly تنک مزاج ۔ چڑچڑا ۔ فتنہ انگیز ۔ جھگڑالو ۔

Fracture (frak-tur) *n.*, *v.t.*, & *i.* Breaking of bone or cartilage ہڈی ٹوٹنا ۔ گروچہ ٹوٹنا ۔ ہڈی تڑکنا ۔ دھات کی اندرونی تہہ ۔ کسی چیز کے تسلسل کا ٹوٹ جانا یا توڑ دینا ۔ شگاف یا درز پیدا کر دینا ۔

Fragile (fraj-īl) *adj.* Easily snapped بودا ۔ کمزور ۔ نازک ۔ جو آسانی سے ٹوٹ جائے ۔ جو جلد خراب ہو جائے ۔ وہ جس کی بناوٹ نازک ہو ۔

Fragility *n.* جلد ٹوٹنے کی صلاحیت ۔ بودا پن ۔ کمزوری ۔ نزاکت ۔

Fragment (frag-mənt) *n.* Part broken off وہ حصہ جو ٹوٹ کر الگ ہو جائے ۔ پارہ ۔ ٹکڑا ۔ پرزہ ۔ ریزہ ۔ کسی کا بقیہ جز خصوصاً تحریر یا تصویر کا ۔

Fragrant (fra-grənt) *adj.* Sweet smelling مہکیلا ۔ معطر ۔ خوشبو دار ۔

Fragrance *n.* نکہت ۔ مہکار ۔ خوشبو ۔

Frail (frāl) *adj.* & *n.* In weak health نازک ۔ ناپائدار ۔ بودا ۔ کمزور ۔ بیمار ۔ مریض ۔ اخلاقاً کمزور ۔ ترغیبات کا مقابلہ کرنے کے ناقابل ۔ بے عصمت ۔ آوارہ ۔

Frail bliss چند روزہ مسرت ۔

Frailty (frāl-ti) *n.* Weakness, fault فنا پذیری ۔ بودا پن ۔ نزاکت ۔ ناپائداری ۔ بے ثباتی ۔ خطا ۔ چوک ۔ غلطی ۔ نقص ۔ کمزوری ۔

Fraise (frāz) *n.* Horizontal palisade کنگورے ۔ نکیلی لکڑیوں کی باڑ ۔ وہ باڑ جو قلعہ اور خندق کے درمیان بنائی جائے ۔ وہ اوزار جس سے گول سوراخوں کو بڑا کیا جاتا ہے یا گھڑی میں پہیوں کے دندانے بنائے جاتے ہیں ۔

Frame (frām) *v.t.* & *i.* Shape, direct نقشہ بنانا ۔ گھڑنا ۔ وضع کرنا ۔ بنانا ۔ کسی مقصد کی ترغیب دینا ۔ اپنے کام میں ہوشیاری دکھانا ۔ بٹھانا ۔ چسپاں کرنا ۔ جوڑ کر بنانا ۔ مرتب کرنا ۔ نظریہ قائم کرنا ۔ خیال کرنا یا خیال میں لانا ۔ چوکھٹے کا کام دینا ۔

Framable *adj.* جس پر چوکھٹا لگایا جا سکے۔ جو مرتب کیا جا سکے۔

Framer *n.* چوکھٹا لگانے والا۔ موجد۔ بانی۔ مرتب کرنے والا۔

Framing *n.* چوکھٹا جڑنے کا عمل۔ چوکھٹا لگانا۔

Frame (frām) *n.* Construction چوکھٹا۔ وضع۔ ڈھانچہ۔ ساخت۔ حلقہ۔ مزاج یا ذہن کی حالت۔ حال۔ نقشہ۔ انسان یا جانور کا ڈھانچہ۔ عمارت کا خاکہ۔ تصویر کا چوکھٹا یا خانہ۔

Frame house مکان جو لکڑی کے تختوں سے بنایا گیا ہو۔

Sobs shook her frame سسکیوں سے اس کا سارا جسم ہل گیا۔

The frame of society or government حکومت یا سماج کی تنظیم۔

Franc (frāngk) *n.* French, Belgian and Swiss monetary unit فرانس، بلجیم اور سوئٹزر لینڈ کا چاندی کا سکہ۔

Franchise (fran(t)shiz) *n.* Citizenship, right of voting حق رائے دہی۔ حق شہریت۔ حق جو کسی فرد یا جماعت کو دستور میں دیا گیا ہو۔ اصول جس پر حق رائے دہی کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔

Fancy franchise حق رائے دہی کا معیار جو خود مختارانہ طریقہ پر قائم کیا گیا ہو۔

Franco (frangk-ō) *prefix* French سابقہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ فرانسیسی۔ فرانسی۔

Frank (frangk) *adj.* Candid صاف گو۔ صاف دل۔ راست باز۔ کھرا۔ بے تکلف۔ ایماندار۔ تیز فہم۔ ذہین۔

Frankly *adv.* کشادہ دلی سے۔ صاف دلی سے۔

Frankness *n.* بے تکلفی۔ خوش دلی۔ صاف دلی۔ سادگی۔

Frank (frangk) *v.t. & n.* Exempt from payment بلا محصول خط روانہ کرنا۔ محصول معاف کر دینا۔ خط پر دستخط کر دینا۔ کسی شخص کو بلا ٹکٹ آنے جانے کی اجازت دینا۔ بلا کرایہ کسی شخص کو لے جانا۔ معافی۔ رعایت۔

Frankenstein (frangk-ən-stin) *n.* Monster ایسا دیو جو اپنے بنانے والے ہی کیلئے خطرناک ہو۔ راکشس۔

Frankincense (frangk-in-sens) *n.* Aromatic gum لوبان۔

Frantic (fran-tik) *adj.* Wildly excited سڑی۔ سودائی۔ مغلوب الغضب۔ شوریدہ سر۔ قابو سے باہر۔ آپے سے باہر۔ بد حواس۔ سخت جذبہ کی حالت میں۔

Frantically *adv.* غیض و غضب کی حالت میں۔ مضطربانہ۔

Fraternal (fra-tər-nl) *adj.* Brotherly دوستداری کا۔ بھائی چارہ کا۔ بھائی بندی کا۔ برادرانہ۔

Fraternity (fra-tər-niti) *n.* Brotherliness بھائی چارہ۔ برادری۔ بھائی بندی۔ برادرانہ تعلقات۔ مذہبی جماعت۔ گروہ۔ فرقہ۔ ایک ہی عقیدہ کے لوگ۔

Fraternize (fra-tər-niz) *v.i.* Behave as friends دوستوں کی طرح برتاؤ کرنا۔ رشتہ اخوت پیدا کرنا۔

Fraternization *n.* مواخات۔ میل ملاپ۔ میل جول۔

Fratricide (frat-ri-sid) *n.* Killing of brother or sister بھائی یا بہن کو قتل کرنا۔ برادر کشی۔

Fratricidal *adj.* بھائی یا بہن کے قاتل کا۔ برادر کشی کے متعلق۔

Fraud (frawd) *n.* Criminal deception دھوکا۔ فریب۔ دغا۔ مکر۔ جل۔ چھل۔ دغا بازی۔ دھوکہ بازی۔ دھوکا دینے کے لیے غلط واقعات بیان کرنا۔ کسی کے نام سے ناجائز فائدہ اٹھانا۔ ایسی چیز یا شخص جو سمجھا کچھ ہو اور نکلے کچھ۔

Pious fraud ایسا فریب جس سے فریبندہ کو فائدہ پہنچے۔ مصلحت آمیز فریب

Fraudulent (frawd-u-lənt) *adj.* Guilty of fraud متفنی۔ مکار۔ فریبی۔ دغا باز۔ فریب کی قسم سے۔ دھوکا اور فریب کا۔

Fraudulence *n.* فریب کاری۔ مکاری۔ دغا بازی۔ حیلہ بازی۔

Fraudulently *adv.* حیلے سے۔ مکر سے۔ دھوکے اور فریب سے۔ دغا بازی سے۔

Fraught (frawt) *adj.* Equipped پر۔ مملو۔ بھر پور۔ بھرا ہوا۔ لدا ہوا۔

Fray (fra) *n.* Noisy quarrel بلوہ۔ قضیہ۔ بکھیڑا۔ ہنگامہ۔ لڑائی۔ جھگڑا۔

Fray (frā) *v.t.* Wear through by rubbing رگڑنا ۔ گھسنا ۔ رگڑ سے پتلا کرنا یا ہونا ۔ گھس کر کپڑوں کو تار تار کر دینا ۔ ڈرانا ۔ دھمکانا ۔

Freak (frēk) *n.* Caprice تلون مزاجی ۔ وہم ۔ لہر ۔ پریشان خیالی ۔ عجیب اور خوفناک صورت ۔ عجوبہ ۔ غیر معمولی اور غیر فطری چیز ۔

Freak of nature خلاف فطرت ۔ غیر معمولی چیز ۔

Out of mere freak محض وہم اور تلون مزاجی کی وجہ سے ۔

Freakish *adj.* وہمی ۔ لہری ۔ خلاف معمول ۔ خلاف فطرت ۔

Freakishly *adv.* تلون مزاجی کے ساتھ ۔ وہمی طور پر ۔ وہم کے ساتھ ۔

Freckle (frēk-l) *n., v.t. & i.* Light brown spot on skin ہلکا بھورا داغ ۔ جھائیاں ۔ جھائیاں پڑنا ۔ دھبے آنا ۔ جسم پر داغ یا دھبے پڑ جانا ۔

Free (frē) *adj.* Having full liberty خود مختار ۔ آزاد ۔ شہری اور قومی آزادی رکھنے والا ۔ بے قید ۔ بری ۔ از خود ۔ بلا جبر و اکراہ ۔ بے باک ۔ بے تکلف ۔ گستاخ ۔ بے ادب ۔ تہذیب سے گرے ہوئے (قصے) ۔ بے لاگ بات کہنے والا ۔ محفوظ ۔ بچا ہوا ۔ محصول سے مستثنیٰ ۔

Did it out of my own free will میں نے یہ کام اپنی مرضی سے کیا ۔

Free gift عطیہ ۔ تحفہ ۔ انعام جو کسی کام کے معاوضے میں نہ دیا گیا ہو ۔

Free from difficulties مشکلات سے بچا ہوا ۔

Free living ہر قسم کی قید سے آزاد زندگی ۔

Free love بلا کسی معاہدہ یا نکاح کے زن و شوہر کے تعلقات ۔

Free of his money خرچ میں ہاتھ کھلا ہوا ۔ خراج ۔

Free thinker سماجی قید و بند سے آزاد ۔ مذہبی عقائد سے آزاد ۔

Freely *adv.* آزادی سے ۔ بلا روک ٹوک ۔

Free (frē) *v.t.* Make free چھڑانا ۔ چھوڑنا دینا ۔ رہا کرنا ۔ آزاد کرنا ۔

Freebooter (frē-boot-ər) *n.* Pirate سمندروں میں لوٹ مار کرنے والا ۔ سمندری ڈاکو ۔ بحری لٹیرا ۔

Freedom (frē-dəm) *n.* Liberty نجات ۔ مخلصی ۔ رہائی ۔ آزادی ۔ چھٹکارا ۔ شخصی آزادی ۔ شہری آزادی ۔ خود مختاری ۔ ضرورت سے زیادہ بے تکلفی ۔ بے ادبی ۔ ایک حق جو کسی شہر یا ادارہ کو ملا ہو ۔ کسی شہر کی اعزازی شہریت جو بڑے لوگوں کو دی جاتی ہے ۔

Takes freedoms with کسی سے بے حد بے تکلف ہونا ۔

Freeze (frēz) *v.i., t. & n.* Be converted into or covered with ice جمنا ۔ منجمد ہونا ۔ جم کر برف ہو جانا ۔ بہت زیادہ سردی محسوس کرنا ۔ برف میں گوشت وغیرہ رکھنا ۔ احساسات کو دبا دینا ۔ جذبات کو ٹھنڈا کر دینا ۔ سردی پہنچا کر مار ڈالنا ۔

Freeze on to کسی شخص کے ساتھ لگے لگے پھرنا ۔ ساتھ چپک جانا ۔

Freeze one's blood بے حد خوفزدہ کر دینا ۔ خون خشک کر دینا ۔

Freezing (frez-ing) *adj.* Highly cold جما دینے والی ۔ بہت زیادہ سرد ۔

Freight (frat) *n. & v.t.* Transport of goods by water جہاز کا کرایہ ۔ اسباب کا محصول ۔ سامان کو بحری راستے سے لے جانا ۔ سامان ۔ بوجھ ۔ جہاز میں سامان لادنا ۔

Freightage (frat-əj) *n.* Hire of ship for conveyance of goods سامان لے جانے کے لیے جہاز کا محصول ۔

Freighter (frat-ər) *n.* One who loads ships جہاز پر مال لادنے والا ۔ سامان روانہ کرنے والا ۔ مال و اسباب لے جانے والا جہاز ۔

French (Fren(t)sh) *adj. & n.* Of France فرانسیسی قوم کا ۔ فرانس کے متعلق ۔ فرانسیسی ۔ فرانسیسی زبان ۔ فرانسیسی خصوصیات رکھنے والا ۔

Frenchify (Fren(t)shi-fī) *v.t.* Make French فرانسیسی عادات و اطوار پیدا کرنا ۔ فرانسیسی بنانا ۔

Frenchification (fren-shi-fi-ka-shən) *n.* Act of making French فرانسیسی بنانے کا طریقہ یا عمل ۔

Frenzy (fren-zi) *n. & v.t.* Mental derangement جنون ۔ دیوانگی ۔ سودا ۔ پاگل پن ۔ دماغی انتشار ۔ جنون کا حملہ ۔ وحشیانہ حماقت ۔ غضبناک کرنا ۔ شدید جذب کی حالت پیدا کرنا ۔

Frenzied rage جنونانہ غصہ
Frequency (fre-kwen-si) *n*. Repeated occurrence ایسا واقعہ جو بار بار پیش آئے ۔ نبض کی رفتار یا تیزی ۔
Frequent (fre-kwent) *adj*. Numerous, abundant متعدد بار ۔ اکثر اوقات ۔ بہت ۔ اکثر ۔ بار بار واقع ہونے والا ۔ تیز نبض ۔ ہمیشہ کا ۔ عادی ۔
Frequently *adv*. اکثر ۔ بیشتر ۔ بار بار ۔ کئی بار ۔
Frequent (fre-kwent) *v.t.* Go often بہت دفعہ یا متواتر جانا ۔ بار بار یا اکثر جانا ۔ بار بار کسی کے مکان پر یا کسی صحبت میں جانا ۔
Frequentation *n*. اکثر آنا جانا ۔ آمد و رفت ۔
Fresco (fres-kō) *n*. & *v.t.* Wall painting دیوار یا چھت کے پلاستر کی تصویر ۔ پلاسٹر پر رنگ بھرنا ۔ رنگین تصویریں بنانا ۔ استرکاری پر رنگ سے نقش و نگار بنانا ۔
Fresh (fresh) *n*., *adv*. & *adj*. New, not previously used سر سبز ۔ تر و تازہ ۔ تازہ ۔ شاداب ۔ جدید ۔ نیا ۔ نئی تیار کی ہوئی ۔ نئی دریافت کی ہوئی ۔ صاف ۔ صحت بخش ۔ ٹھنڈا ۔ ٹھنڈی ۔ جو باسی نہ ہو ۔ چست ۔ چالاک ۔ تندرست ۔ جو تھکا ہوا نہ ہو ۔ تیز ۔ رواں ۔
As fresh as paint خوب تندرست ۔
Begin a fresh chapter اپنی حالت کی اصلاح کرنا ۔ زندگی کا نیا دور آغاز کرنا ۔
Break fresh ground کوئی نیا کام شروع کرنا ۔
In the fresh of the morning تازہ تازہ ۔ صبح سویرے ۔
Never felt fresher پہلے کبھی اتنا تندرست نہ تھا ۔
Fresher *v.t.* & *i.* تازہ دم ہونا یا کرنا ۔
Freshness *n*. تازگی ۔
Fresher (fresh-ər) *n*. Newly-arriving student وہ طالب علم جو جامعہ میں نیا نیا داخل ہوا ہو ۔
Freshet (fresh-ət) *n*. Rush of fresh water flowing into sea دریا کے پانی کا تیزی کے ساتھ سمندر میں گرنا ۔ سیلابی دریا ۔ بھاؤ ۔ سیلاب ۔
Freshly (fresh-li) *adv*. Recently پوری قوت سے ۔ زور سے ۔ حال ہی میں ۔ ابھی ابھی ۔
Fret (fret) *n*. & *v.t.* Ornamental pattern of straight lines خطوط مستقیم سے نئی نئی شکلیں بنانا ۔ منبت کاری کرنا ۔ چھت کو اس طرح آراستہ کرنا ۔ منبت کاری ۔ آراستگی ۔ ابھری ہوئی تصاویر ۔
Fret (fret) *v.t.*, *i*. & *n*. Gnaw, wear رگڑنا ۔ گھسنا ۔ مٹانا ۔ کاٹنا ۔ گھس ڈالنا ۔ گھس جانا ۔ دانتوں سے کترنا ۔ چھیڑنا ۔ غصہ دلانا ۔ تنگ کرنا ۔ دریا میں ہلکی موجوں کا اٹھنا ۔ جنجھلاہٹ ۔ پریشانی ۔
Fret and fume غصہ اور بے صبری ۔
Fret away رنج میں گھٹنا ۔
Fret out one's life گھل گھل کر مرنا ۔
In a fret جنجھلاہٹ میں ۔
Fretty, fretful *adj*. جھگڑالو ۔ چڑ چڑا ۔
Fretfully *adv*. جزبزے سے ۔ چڑ چڑے پن سے ۔ ناخوشی سے ۔
Fretfulness *n*. بد حواسی ۔ ناراضی ۔ جنجھلاہٹ ۔ جزبزہ ۔
Freudian (froi-diən) *adj*. & *n*. Follower of Freud نفسیات کے ماہر فرائڈ کی تحلیل نفسی کا معتقد ۔
Friable (fri-ə-bl) *adj*. Easily crumbled نرم ۔ بھربھری ۔ خستہ ۔ جو بہ آسانی ریزہ ریزہ ہو جائے ۔
Friar (fri-ər) *n*. Member of certain religious order چار مشہور عیسائی فقرا کے کسی گروہ کا فرد ۔ راہب ۔ درویش ۔
Friary (fri-əri) *n*. Convent of friars راہبوں کی خانقاہ ۔ خانقاہ ۔
Fribble (frib-l) *v.i.* & *n*. Trifle, be frivolous خفیف اور فرسودہ حرکات کرنا ۔ بیہودہ ۔ خفیف الحرکات ۔ اوچھا ۔ سفلہ آدمی ۔
Fricassee (frik-ə-se) *n*. & *v.t.* Meat cut up گوشت کے بھنے ہوئے ٹکڑے ۔ پرندوں کا بھنا ہوا گوشت ۔ سالن ۔ قلیہ ۔
Friction (frik-shən) *n*. Medical chafing رگڑ ۔ مالش ۔ طبی مالش ۔ جسم کو مالش سے گرمی پہنچانا ۔ مزاحمت ۔ ناچاقی ۔
Friday (frī-di) *n*- Sixth day of week آدینہ ۔ شکر وار ۔ جمعہ ۔
Black Friday بہت سے جمعہ کے دن جن میں ناگوار واقعات ہوئے ۔
Good Friday حضرت عیسیٰ کے مصلوب ہونے کا یوم ۔ جمعہ ۔

Friend (frend) *n.* & *v.t.* One joined to another in intimacy یار ۔ دوست ۔ رفیق ۔ خیر خواہ ۔ ساتھی ۔ شفیق ۔ حامی ۔ جانب دار ۔ مربی ۔ معاون ۔ ہمدرد ۔ آشنا ۔ قریبی رشتہ دار ۔ کسی کے متعلق کوئی ذمہ داری قبول کرنے والا ۔ اپنی جماعت یا فرقہ کا فرد ۔ کسی کے ساتھ دوستی کرنا ۔ کسی کی مدد کرنا ۔

A friend at court وہ دوست جس کے اثر سے دربار میں رسائی ہو یا کسی درباری کام میں کامیابی ہو ۔

Friendly (frend-li) *adj., n.* & *adv.* Acting as friend مہربان ۔ دوستی کا برتاؤ کرنے والا ۔ محب ۔ مشفق ۔ دوستانہ ۔ مشفقانہ ۔ مہربانی اور محبت کے ساتھ ۔ پسندیدگی کے ساتھ ۔

Friendship (frend-ship) *n.* Friendly disposition مخلصانہ تعلق ۔ یاری ۔ دوستی ۔ خیر خواہی ۔ محبت ۔ الفت ۔ انس ۔ دوستانہ تعلق ۔ دوستانہ رجحان ۔

Frieze (frez) *n.* Coarse woollen cloth کھردرا کپڑا ۔ موٹا اونی کپڑا ۔ ستون کے اوپر کا حصہ جو کڑی اور کنگنی کے درمیان ہوتا ہے ۔ اس ٹکڑے میں سنگ تراشی کا کام ۔ آرائشی پٹی ۔ کگری ۔

Frigate (frig-it) *n.* Warship with 28-30 guns جنگی جہاز جس میں تیس توپیں ہوں ۔ چھوٹا تباہ کن جنگی جہاز ۔

Fright (frit) *v.t.* & *n.* Sudden fear ہول ۔دہشت ۔ وہ خوف جو دفعتاً پیدا ہو ۔ ۔ خوف ۔ ڈر ۔ بھیانک صورت والا آدمی ۔ ڈرانا ۔ خوفزدہ کرنا ۔

Frighten (frit-n) *v.t.* Throw into a fright ڈرانا ۔ خوف زدہ کرنا ۔ وحشت زدہ کرنا ۔

Frightful (frit-ful) *adj.* Dreadful مہیب ۔ بھیانک ۔ ڈراؤنا ۔ خوفناک ۔ وحشت انگیز ۔ نفرت انگیز ۔ کریہہ المنظر (بول چال) بہت بڑا ۔ بد حواس کر دینے والا ۔

Frigid (frij-id) *adj.* Cold, chilling سرد ۔ خنک ۔ مردہ ۔ سرد مہر ۔ پھیکا ۔ روکھا ۔ بے لذت ۔ رسمی ظاہر دار ۔ بے امنگ ۔ سرد دل ۔ اداس ۔ ملول ۔ افسردہ ۔

Frigidly *adv.* سرد مہری سے ۔ افسردگی سے ۔

Frigidity *n.* افسردگی ۔ بے دلی ۔ بے مہری ۔ سردی ۔

Frill (fril) *n.* Ornamental edging of woven material جھالر ۔ سنجاف ۔ بیل ۔ گوٹ ۔ چنٹ ۔ پودوں اور پرندوں کی قدرتی جھالر ۔ بناوٹی خود نمائی ۔ جانوروں کے آنتوں کی جھلی ۔

He puts on frills خود نمائی کرتا ہے ۔

Frilled *adj.* کناری دار ۔ جھالر دار ۔

Frilling *n.* کناری ۔ گوٹ ۔ بیل ۔ جھالر ۔

Fringe (frinj) *n.* & *v.t.* Border, edging جھالر ۔ حاشیہ ۔ پلو ۔ سر کے سامنے کے کٹے ہوئے بال ۔ جانوروں اور پودوں کی قدرتی جھالر ۔ جھالر لگانا ۔ جھالر کا کام دینا ۔ پلو بنانا ۔

Newgate fringe داڑھی جو منڈی ہوئی ٹھوڑی کے نیچے رکھی جائے ۔

Fringing *n.* جھالر لگانے کی وضع ۔

Fringy *adj.* جھالر دار ۔

Frippery (frip-ə-ri) *n.* Old clothes shop بھدا اور بھونڈا لباس ۔ پرانے کپڑے ۔ پرانے کپڑوں کی دوکان فضول ٹیپ ٹاپ ۔کم قیمت آرائشی چیزیں ۔ تحریر کی بے معنی لفاظی ۔

Frisk (frisk) *v.i.* & *n.* Move sportively اچھلنا ۔ ناچنا ۔ کودنا ۔ کودتے پھرنا ۔ خراماں خراماں پھرنا ۔ کودنا ۔ پھاندنا ۔ کھیل کود ۔

Friskily *adv.* کھیلتے کودتے ۔ خراماں خراماں ۔

Frisky *adj.* چنچل ۔ کودنے پھاندنے والا ۔ کھلنڈرا ۔ شوخ طبع ۔

Frith (frith) *n.* Firth دیکھو

Fritter (frit-ər) *n.* & *v.t.* Piece of fried batter تکہ ۔ پارچہ ۔ ٹکڑا ۔ بوٹی ۔ میوہ بھرا ہوا پسندہ یا کباب ۔ گوشت کے ٹکڑے کرنا ۔ قیمہ کرنا ۔ روپیہ ، وقت اور محنت ضائع کرنا ۔ ہر کام تھوڑا تھوڑا کر کے چھوڑ دینا ۔

Frivol (friv-əl) *v.i.* & *t.* Trifle, throw away money فضول گفتگو کرنا ۔ روپیہ ضائع کرنا ۔ بیہودگی کرنا ۔

Frivolous (friv-ə-ləs) *adj.* Silly, trifling خفیف ۔ ہلکا ۔ سبک سر ۔ ادنیٰ ۔ بے وقعت ۔ نکما ۔ بے نتیجہ باتیں کرنے والا ۔ غیر سنجیدہ ۔

Frivolity, frivolousness *n.* ہلکا پن ۔ سبکی ۔ اوچھا پن ۔

Frivolously *adv.* چھچھورے پن سے - بیہودگی سے -

Friz (friz) *v.t.* & *n.* Curl بالوں کو گھونگریالے بنانا - مروڑنا - بل دینا - جھاویں یا چھری سے چھیل کر صاف کرنا (چمڑے وغیرہ کو) پیچ - خم - گھونگر - زلفیں -

Frizzy *adj.* خمدار زلفیں - گھونگریالے -

Frizz (friz) *v.i.* Make sputtering noise in frying چھن چھن کرنا - کسی چیز کے تلنے سے جو آواز نکلتی ہے ایسی آواز پیدا ہونا -

Frizzle (friz-l) *v.t., i.* & *n.* Curl گھونگر والے بال - بالوں میں چھوٹے بل دے کر گھونگریالے بنانا -

Frizzle (friz-l) *v.i.* & *t.* Fry کسی چیز کو تلنا یا بھوننا - اس طرح تلنا کہ چھن چھن کر آواز نکلے -

Fro (frō) *adv.* Away ادھر اُدھر - اُدھر - وہاں -

Frock (frok) *n.* & *v.t.* Woman's outer dress جبہ - عبا - ڈھیلی آستینوں کا لباس - راہب کا لمبا چغہ - ملاحوں کی صدری - عورتوں کا کرتا - کسی کو راہب بنانا - بچوں اور عورتوں کا لباس - فراک - فراک پہنانا -

Frog (frog) *n.* Small tailless watery animal مینڈک - غوک - (حقارت سے) وہ فرانسیسی جو مینڈک کا گوشت کھاتے ہیں -

Frog (frog) *n.* Elastic horny substance of horse's sole گھوڑے کے پیر کے تلوے کا لچکدار نرم حصہ -

Frog (frog) *n.* Attachment in waistband for sword کمر کی پٹی کی کڑی جس میں تلوار لٹکاتے ہیں - فوجی کوٹ کا بٹن یا گھنڈی -

Frog (frog) *n.* Grooved piece of iron on crossing rail لوہے کا ٹکڑا جو ریل کی پٹڑی میں ایسی جگہ لگایا جاتا ہے جہاں گاڑیاں پٹڑی بدلتی ہیں -

Frolic (frol-ik) *adj., v.i.* & *n.* Sportive چنچل - کھلنڈرا - شوخ - چلبلا - بذلہ سنج - دلگی باز - چھیڑ چھاڑ کرنے والا - شرارتیں کرنا - کودنا - اچھلنا - خوش طبعی - رنگ رلیاں -

Frolicsome *adj.* چنچل - شوخ - طناز - خوش طبع -

Frolicsomeness *n.* چنچل پن - دل لگی - خوش طبعی -

From (from) *prep.* Expressing separation and introducing a person or place سے - از - طرف سے - منجانب - از آں - رو روئے - موافق -

Apart from its moral aspect اس کے اخلاقی پہلو سے قطع نظر کر کے -

Draw conclusion from premisses مقدمہ صغریٰ و کبریٰ سے نتیجہ اخذ کرنا -

From hand to mouth نا عاقبت اندیشی سے - کمانا - کھانا -

Repeated from mouth to mouth کسی راز کا تشت از بام ہونا - ایک سے دوسرا - دوسرے سے تیسرا - اس طرح عام ہو جانا -

Suffering from dementia جنون ہوگیا ہے - خفقان میں مبتلا ہے -

Frond (frond) *n.* Leaf-like organ وہ پتے جیسا عضو جو پتے اور تنے کے جوڑ پر نکلتا ہے - پتے -

Front (frunt) *n., adj., v.i.* & *t.* Forehead ماتھا - پیشانی - محاذ جنگ - آگے کی صف - چہرہ - رخ - سامنے - آگے - فوج کا اگلا حصہ - کسی عمارت کا روکا حصہ - مصنوعی بالوں کی لٹیں جو عورتیں پیشانی پر لگا لیتی ہیں - مقابلہ پر کھڑا ہونا - مقابلہ کرنا - بالمقابل آنا - سامنا کرنا -

Frontage (frunt-əj) *n.* Land between front of building and road عمارت کے سامنے کا طول - پھیلاؤ - عمارت اور سڑک کی درمیانی زمین - وہ میدان جہاں لشکر خیمہ زن ہو یا فوج قواعد کرتی ہو - منظر - پیش منظر - کھلا ہوا رخ -

Frontal (frunt-əl) *adj.* Of forehead, on front سامنے کا - پیشانی کا - سامنے سے - آگے کی طرف سے -

Frontier (frunti-yer) *n.* Border حد - سرحد - سوانا -

Frontispiece (frunt-is-pes) *n.* Decorated entrance, illustration عمارت کا روکار - منقش دروازہ - تصویر جو کتاب کے سر ورق پر ہو -

Frontless (frunt-les) *adj.* Unblushing بغیر روکار کا (مکان) بے شرم - بے حیا - گستاخ -

Frontlet (frunt-let) *n.* Band worn on forehead سر بند - سر پیچ - پیشانی کی پٹی - جانور کی پیشانی -

Frost (frost) *n.* & *v.t.* Freezing, nip, injure انجماد - بستگی - برف - پالا - حالت انجماد - جمے ہوئے بخارات - سرد مہری - پالا مارنا - پودوں کا برف باری سے مرجھا جانا - کسی کے منصوبوں پر اوس پڑنا - مرجھا دینا - پودوں کا جل جانا - دل کا افسردہ ہو جانا -

Frosty (frost-i) *adj.* Cold with frost سخت سرد ۔ ٹھنڈا ۔ یخ بستہ ۔ پالے یا برف سے ڈھکا ہوا ۔ سرد مہر ۔ روکھا ۔ پھیکا ۔ اداس ۔

Frostiness *n.* ٹھھرن ۔ سخت سردی ۔ ٹھنڈ ۔ اداسی ۔ سرد مہری ۔

Froth (froth) *n., v.t. & i.* Foam پھیس ۔ کف ۔ جھاگ ۔ بکواس ۔ بک بک ۔ خالی باتیں ۔ بظاہر شاندار لیکن مہمل تقریر ۔ کف لانا ۔ جھاگ آنا یا پیدا کرنا ۔ مہمل تقریر کرنا ۔

Frothily *adv.* فضول گوئی کرتے ہوئے ۔ جھاگ اٹھاتے ہوئے ۔ کف لاتے ہوئے ۔

Frothiness *n.* بے ہودگی ۔ اوچھاپن ۔ کھوکھلا پن ۔

Frothy *adj.* کف دار ۔ جھاگ دار ۔

Frowzy (frow-zi) *adj.* Ill smelling سڑا ہوا ۔ بدبودار ۔ میلا ۔ غلیظ ۔

Froward (fro-wərd) *adj.* Perverse متمرد ۔ سرکش ۔ خود رائے ۔ شریر ۔ ضدی ۔ گستاخ ۔

Frowardness *n.* گمراہی ۔ ہٹ ۔ خود رائی ۔ سرکشی ۔

Frown (frown) *v.i., t. & n.* Express displeasure تیوری چڑھانا ۔ چین بجبین ہونا ۔ خفگی کی نگاہ سے دیکھنا ۔ گھورنا ۔ آنکھیں نیلی پیلی کرنا ۔ گھرکنا ۔ آنکھیں دکھانا ۔ چشم نمائی کرنا ۔

Frowningly *adv.* چین بجبیں ہو کر ۔ اظہار ناراضگی کرتے ہوئے ۔

Frozen (froz-n) *adj.* Freeze دیکھو

Fructiferous (fruk-ti-fə-rəs) *adj.* Fruit-bearing پھل لانے والا ۔ ثمر آور ۔ بار آور ۔ ثمر دار ۔ پھلا ہوا ۔

Fructification (fruk-ti-fə-kā-shən) *n.* Fructifying پودوں کے اعضائے تناسل ۔ ثمر داری ۔ بار آوری ۔

Fructify (fruk-ti-fī) *v. & i.t.* Bear fruit بار آور ہونا ۔ سرسبز کرنا ۔ ثمردار بنانا ۔ پھل لانے کے قابل بنانا ۔

Fructuous (fruk-shəs) *adj.* Full of fruits پھلنے والا ۔ پھل لانے والا ۔ پھلوں سے لدا ہوا ۔

Frugal (fro͞o-gl) *adj.* Economical کفایت شعار ۔ کم خرچ ۔ فضول خرچی سے بچنے والا ۔ سلامت رو ۔ کمی کے ساتھ ۔ احتیاط کے ساتھ استعمال کیا گیا ۔

Frugality *n.* سلامت روی ۔ کفایت شعاری ۔

Frugally *adv.* کفایت شعاری سے ۔

Fruit (fro͞ot) *n., v.t. & i.* Vegetable product fit for food میوہ ۔ پھل ۔ ثمر ۔ ترکاریوں کے بیج ۔ نتیجہ ۔ منافع ۔ انجام ۔ حاصل ۔ پھل لانا ۔ پھلنا ۔ پھل پیدا کرنا ۔

Fruitarian (fro͞ot-ə-ryən) *n.* Feeder on fruit پھلوں کو غذا کے طور پر کھانے والا ۔

Fruiter (fro͞ot-ər) *n.* Fruit ship پھل لے جانے والا جہاز ۔ پھل دینے والا درخت ۔

Fruiterer (fro͞ot-ər-ər) *n.* Dealer in fruit پھل بیچنے والا ۔ باغبان ۔ میوہ فروش ۔

Fruitful *adj.* پر منفعت ۔ نافع ۔ مفید ۔ بچے پیدا کرنے والا ۔ زرخیز ۔ ثمر آور ۔ بار آور ۔

Fruition (fro͞o-shən) *n.* Attainment of things desired خواہش کے مطابق چیزیں مل جانا ۔ دستیابی ۔ آرزوؤں کی تکمیل ۔ بامرادی ۔

Fruitless (fro͞ot-les) *adj.* Not bearing fruit بے فائدہ ۔ عبث ۔ بے ثمر ۔ بانجھ عورت جس کو اولاد نہ ہو سکے ۔

Fruity (fro͞ot-i) *adj.* Of fruit پھل کا ۔ پھل کے مانند ۔ پھل کے متعلق ۔

Frumentaceous (froo-men-tə-shəs) *adj.* About, of, wheat گیہوں کی طرح ۔ گیہوں کا ۔ گندمی ۔

Frumenty (fro͞o-men-ti) *n.* Hulled wheat boiled in milk دلیا جو دودھ میں پکایا جائے ۔ دلیے کی کھیر ۔ دلیہ کا حلوہ ۔ ایک قسم کی مٹھائی ۔

Frump (frump) *n.* Old-fashioned dowdily dressed woman بدوضع ۔ پرانے مذاق کی عورت جو بدنما لباس پہنے ہو ۔

Frumpish, frumpy *adj.* بدوضع ۔ بدقطع ۔

Frustrate (frus-trāt) *v.t.* Baffle, counteract مایوس کرنا ۔ باطل کرنا ۔ ناکام کرنا ۔ رائگاں کرنا ۔ کالعدم کرنا ۔ روکنا ۔ توڑنا ۔ بے اثر کرنا ۔

Frustration *n.* شکست ۔ محرومی ۔ ناکامی ۔ مایوسی ۔

Frustum (fres-təm) *n.* Remainder of regular solid whose upper part has been cut off مخروط ۔ ناقص ۔

Fry (frī) *n.* Young fishes مچھلیوں کے بچے ۔ سامن مچھلی کے بچے ۔ دوسرے جانوروں کے بڑی تعداد میں پیدا ہونے والے بچے ۔ جھنڈ ۔ جھول ۔ ہجوم ۔

Fry (fri) *v.t., i. & n.* Cook in fat روغن میں تلنا یا بھوننا ۔ تلا ہوا گوشت ۔

From frying pan into the fire چھوٹی مصیبت سے نکل کر بڑی مصیبت میں گرفتار ہو جانا ۔

Fryer-ier (fri-er) *n.* Vessel for frying fish مچھلی تلنے والا ۔ مچھلی تلنے کا برتن ۔ کڑھائی ۔

Fuddle (fud-l) *v. i.,t. & n.* Intoxicate مست کرنا ۔ مخمور کرنا ۔ شراب پلا کر بد حواس کرنا ۔ میخواری ۔

Fudge (fuj) *Inter. & n.* Nonsense جھوٹی کہانی ۔ فضول گفتگو ۔ لغو ۔ مہمل ۔

Fudge (fuj) *v.t., i. & n.* Patch, make up جوڑنا ۔ پیوند لگانا ۔ جھوٹی کہانی کہنا ۔ گپ شپ ۔ کہانی گھڑنا ۔ جھوٹا قصہ ۔

Piece of fudging دھوکا دہی ۔ فریب کاری ۔

Fuel (fu-əl) *n., v.t. & i.* Material for fire ۔ ایندھن ۔ کوئلہ ۔ جلانے کی لکڑیاں ۔ اشتعال ۔ جذبات کو برانگیختہ کرنا ۔ آگ میں ایندھن ڈالنا ۔ بھڑکانا ۔

Fugacious (fu-ga-shəs) *adj.* Fleeting چند روزہ ۔ عارضی ۔ جلد گزرنے والا ۔ رواں ۔ نامعلوم طریقہ پر ہوا ہو جانے والی ۔ مشکل سے قبضہ میں رہنے والی ۔

Fugitive (fu-ji-tiv) *adj. & n.* Running away ناپائدار ۔ بے قرار ۔ بھاگا ہوا ۔ اڑتا ہوا ۔ مفرور ۔ بھاگ جانے والا ۔ اڑ جانے والا ۔ پناہ گیر ۔ تارک الوطن ۔ جلد پژ مردہ ہونے والا ۔ سریع الزوال ۔

Fulcrum (ful-krəm) *n.* Point against which lever is placed to get purchase نصاب ۔ ٹیک ۔ چوٹی ۔ وہ نوک جس پر کانٹی رکھی جاتی ہے جس پر وہ گھومتی ہے یا جو اس کو سنبھالتی ہے ۔

Fulfil (fool-fil) *v.t.* Carry out, perform پورا کرنا ۔ تکمیل کرنا ۔ بجا لانا ۔ وفا کرنا ۔ دعا قبول کرنا ۔ شرائط کی پابندی کرنا ۔ حکم کی تعمیل کرنا ۔

Fulfilment *n.* پابندی ۔ قبولیت ۔ بجا آوری ۔ تکمیل ۔

Fulgent (ful-jent) *adj.* Brilliant دمکتا ہوا ۔ تاباں ۔ درخشاں ۔ روشن ۔

Full (fool) *adj., v.t. & adv.* Filled to utmost capacity بھرا ہوا ۔ لباب ۔ پر ۔ لبریز ۔ کافی ۔ فراواں ۔ پورا بھرا ہوا ۔ بہت زیادہ ۔ بھرپور ۔ مکمل ۔ پورا بھرنا ۔

Full (fool) *v.t.* Cleanse and thicken کپڑے کو صاف کرنا ۔ کلف دینا ۔

Fuller (fool-ər) *n. & v.t.* One who fulls cloth کپڑے کو دبیز کرنا ۔ دبیز کرنے والا ۔ کپڑے کو صاف کرنے والا ۔ دھوبی ۔ دبیز کرنے والا ۔

Fulness (fool-nes) *n.* Emotion, being full افراط ۔ سیری ۔ تکمیل ۔ اتمام ۔ بہتات ۔ سریلا پن ۔ زور ۔ کثرت ۔ دلی جذبات ۔

Fulness of time وقت موعودہ ۔ وقت مقررہ ۔

Fully (fool-i) *adv.* Completely تمام تر ۔ سارا کا سارا ۔ پورے طور سے ۔

Fulminant (ful-min-ant) *adj.* Developing suddenly بجلی کی طرح چمکنے والا ۔ پھٹنے والا ۔ گرجنے والا ۔

Fulminate (ful-min-āt) *v.i. & t.* Flash like lightning گرجنا ۔ کڑکنا ۔ بجلی کی طرح چمکنا ۔ آگ لگانا ۔ شدت سے ملامت کرنا ۔ ملامت آمیز مضامین شائع کرنا ۔

Fulmination *n.* الزام ۔ اعتراض ۔ چمک ۔ گرج ۔

Fulminatory *adj.* الزامی ۔

Fulness (fool-nes) *n.* دیکھو Fullness

Fulsome (ful-səm) *adj.* Excessive ناگوار ۔ مکروہ ۔ ناپسند ۔ اکتا دینے والا ۔ ضرورت سے زیادہ ۔ مبالغہ آمیزی کے ساتھ ۔ تکلیف دہ ۔

Fulsomeness *n.* اکتا دینے والی زیادتی یا مبالغہ ۔

Fumble (fum-bl) *v.i., t. & n.* Grope about گھبرائے پھرنا ۔ ہاتھوں سے ڈھونڈنا ۔ ٹٹولنا ۔ تلے اوپر کرنا ۔ الٹ پلٹ کرنا ۔

Fumbler *n.* ٹٹولنے والا ۔ اناڑی ۔ بے ڈھنگا ۔

Fume (fūm) *n., v.t. & i.* Odorous smoke ۔ بخارات ۔ دھونی ۔ بودار دھواں ۔ فاسد بخارات ۔ بخارات سے خوشبودار بنانا ۔ دھواں یا بھاپ اٹھانا ۔ بھاپ بن کر اڑ جانا ۔ جذبے میں ہونا ۔ جوش و خروش دکھانا ۔ تند مزاج ہونا ۔ خفا ہونا ۔

Fumy *adj.* بخارات یا دھوئیں سے بھرا ہوا ۔

Fumigate (fūmi-gāt) *v.t.* Apply fumes to دھونی دینا ۔ بخارات سے ہوا صاف کرنا ۔ خوشبودار بنانا ۔ معطر کرنا ۔

Fumigation *n.* بخارات یا دھوئیں سے ہوا صاف کرنے کا عمل ۔

Fumigator *n.* دھونی ۔ دوا جو ہوا کو صاف کرے ۔ وبائی مادے کو صاف کرنے والا ۔

Fumitory (fūm-i-tər-i) *n.* Herb used in medicine پت پاپڑہ ۔ شاہترہ ۔

Fun (fun) *n.* & *v.t.* Sport, amusement مذاق ۔ کھیل ۔ تماشہ ۔ شوخی ۔ دل لگی ۔ سیر تفریح ۔

Function (fung(k)shən) *n.* & *v.i.* Activity proper to anything فرض منصبی ۔ منصب ۔ عہدہ ۔ خدمت ۔ مذہبی یا اورکوئی تقریب ۔ اہم جلسہ یا صحبت ۔ فرض انجام دینا ۔ مقررہ کام پورا کرنا ۔

Functional (fung(k)shən-al) *adj.* Official, pertaining to duty محض رسمی ۔ باضابطہ ۔ متعلق بہ کار سرکار ۔ فرائض منصبی سے متعلق ۔

Functionary (fung(k)shəna-ri) *n.* & *adj.* Official سرکاری ۔ کار پرداز ۔ منصب دار ۔ عہدے دار ۔ مامور بہ کار ۔

Fund (fund) *n.* & *v.t.* Permanent stock or sum of money پونجی ۔ جمع ۔ ذخیرہ ۔ کسی چیز کا ذخیرہ خصوصاً روپیہ جو کسی خاص غرض کے لیے مخصوص ہو ۔ کسی سرمایہ میں لگانا ۔ جمع کر دینا ۔

Fundament (fun-də-ment) *n.* The buttocks بیٹھک ۔ چوتڑ ۔ سرین ۔ دبر ۔ کون ۔

Fundamental (fun-də-ment-əl) *adj.* Of the ground work ابتدائی ۔ اصلی ۔ بنیادی ۔ مرکزی ۔ ضروری ۔ اساسی ۔ کسی نظام کا اصل اصول یا قاعدہ ۔

A fundamental change ایک بنیادی تغیر ۔

Fundamentality *n.* بنیاد ۔ حقیقت ۔ اصلیت ۔

Fundamentally *adv.* اصولوں کے مطابق ۔ بنیادی طریقہ پر ۔ اساسی طور پر ۔

Fundamentalism (fun-də-ment-əli-zm) *n.* Maintenance in opposition to modernism یہ عقیدہ کہ انجیل کا ہر لفظ الہامی اور صحیح ہے ۔ یہ پروٹسٹنٹ عقیدہ کہ مذہبی اصولوں کو لفظاً لفظاً تسلیم کیا جائے ۔ یہی مذہب کی بنیاد ہے ۔

Funeral (fu-nər-l) *adj.* & *n.* Of cremation of the dead تجہیز و تکفین کے متعلق ۔ ماتمی ۔ جنازہ ۔ کفن ۔

Fungous (fun-gəs) *adj.* Of fungi کھمبی کی طرح پیدا ہونے والا ۔ نرم ملائم ۔ کھمبی کا سا ۔ جلد پیدا ہونے والا ۔ عارضی ۔ ناپائدار ۔

Funk (funk) *n.*, *v.t.* & *i.* Fear, panic گڑبڑ ۔ گھبراہٹ ۔ ڈر ۔ خوف ۔ کام سے جی چرانا ۔ بزدلی کا اظہار کرنا ۔

Funky *adj.* خوف زدہ ۔ کام چور ۔ بزدل ۔

Funnel (fun-l) *n.* Diminishing tube دودھ کش ۔ روشن دان ۔ قیف ۔ نالی جس کے ذریعے سے سیال چیز یا سفوف وغیرہ ڈالتے ہیں ۔

Funny (fun-i) *adj.* Comical پر مذاق ۔ ہنسوڑ ۔ دل لگی باز ۔ عجیب ۔ نرالا ۔ شوخ ۔ پر لطف ۔ حیران کن ۔

Funny (fun-i) *n.* A narrow boat ایک چھوٹی کشتی جس میں صرف ایک کھویا بیٹھ سکتا ہے ۔

Fur (fur) *n.*, *v.t.* & *i.* Dressed coat of animals پوستین ۔ سمور ۔ جانوروں کی ملائم کھال ۔ سمور والا جانور ۔ خار یا کانٹے جو بخار میں زبان پر پڑ جاتے ہیں ۔ پشم یا بال جانا ۔ زبان پر کانٹے آنا ۔ بوائلر کی تہہ کو چونے سے صاف کرنا ۔

Furbelow (fur-bi-lo) *n.* & *v.t.* Pleated border لہنگے یا ساڑے کی پلیٹیں ۔ گوٹ ۔ پٹیاں ۔ پلیٹوں والی گوٹ لگانا ۔ سنجاف لگانا ۔ (جمع) بھڑک دار ۔ دکھاوے کے زیور ۔

Furbish (fur-bish) *v.t.* Remove rust from صیقل کرنا ۔ جلا دینا ۔ مانجنا ۔ کسی پرانی چیز کو صاف کرکے نئی کر دینا ۔ پرانی چیز کو پھر کار آمد بنا دینا ۔

Furcate (fur-kāt) *adj.* & *v.i.* Forked دو شاخہ بنانا ۔ کانٹے دار بنانا ۔ شاخ دار ۔ دو شاخہ ۔

Furious (fū-ri-əs) *adj.* Raging ازخود رفتہ ۔ تند و تیز ۔ غضبناک ۔ آشفتہ ۔ برہم ۔

Furiously *adv.* شدت سے ۔ تندی سے ۔ غضبناکی سے ۔

Furl (furl) *v.t.* & *i.* Roll up کھینچ کر کھول دینا ۔ باندھنا ۔ تہہ کرنا ۔ لپیٹنا ۔ اُمید چھوڑ دینا ۔ دست بردار ہونا ۔ بادلوں کی طرح اڑ جانا ۔

Furlong (fur-long) *n.* Eighth of mile فرلانگ ۔ میل کا آٹھواں حصہ ۔

Furlough (fur-lō) *n.* & *v.t.* Leave of absence to a soldier وطن جانے کی رخصت ۔ لمبی چھٹی جو سپاہیوں کو وطن جانے کے لیے دی جاتی ہے ۔ رخصت دینا ۔ چھٹی دینا ۔

Furnace (fur-nis) *n.* & *v.t.* Place for combustibles تنور ۔ چولھا ۔ بھٹی ۔ آتش دان ۔ بھٹی جس میں دھاتیں پگھلائی جاتی ہیں ۔ گرم جگہ ۔ سخت آزمائش ۔ بھٹی میں ڈال کر گرم کرنا ۔ پگھلانا ۔

Furnish (fur-nish) *v.t.* Provide with بہم پہنچانا ۔ مہیا کرنا ۔ مکان یا کمرے کو سامان سے آراستہ کرنا ۔

Furniture (fur-ni-tyer) *n.* Movable contents of house اسباب خانہ داری ۔ کرسی میز وغیرہ ۔ فرنیچر ۔

Furore (fu-ror) *n.* Enthusiastic admiration پرجوش پسندیدگی ۔ جوش و خروش ۔ تعریف و تحسین ۔ مکان کا ساز و سامان ۔

Furrier (fur-i-yer) *n.* Dealer in furs سمور بیچنے والا ۔ سمور فروش ۔ سمور صاف کرنے والا ۔

Furrow (fur-o) *n.* & *v.t.* Narrow trench made by plough نالی جو ہل چلا کر بنائی جاتی ہے ۔ لکیر ۔ نالی ۔ کچی زمین پر پہیوں کے نشان ۔ ہل چلانا ۔ نالیاں بنانا ۔ ناگر کرنا ۔

Further (fur-dher) *adv., adj.* & *v.t.* Help, promote مدد کرنا ۔ حمایت کرنا ۔ دور کا ۔ اگلا ۔ پرے ۔ پرلی طرف ۔ علاوہ ۔ زیادہ ۔ ماسوا ۔ دیگر ۔ اور پرے ۔ فاصلے پر ۔ دور ۔

Further more اس سے بڑھ کر ۔ مزید برآں ۔ علاوہ ازیں ۔

I will see you further first میں پہلے تم کو جہنم رسید کروں گا ۔

Furtherance *n.* ترقی ۔ اعانت ۔ امداد ۔

Furthest (fur-dhest) *adv.* Farthest سب سے دور ۔

Furtive (fur-tiv) *adj.* Done by stealth چوری کا ۔ چوری چھپے کا ۔ خفیہ کیا ہوا ۔ مخفی ۔ چرایا ہوا ۔ مسروقہ ۔ خفیہ طور پر حاصل کیا ہوا ۔

Furtively *adv.* خفیہ طور سے ۔ چوری سے ۔

Fury (fū-ri) *n.* Wild anger جذبہ ۔ جوش و خروش ۔ غضب ۔ قہر ۔ غصہ ۔ طیش ۔ جنگ میں جوش کی شدت ۔ انتقام لینے والی روحیں ۔ پشیمانی پر روحانی تکلیف ۔ لڑا کا عورت ۔ کینہ پرور اور غصیلی عورت ۔

Like fury شدت سے ۔ بلا کے جوش سے ۔

Fuscous (fus-kəs) *adj.* Dark in colour کالا ۔ سیاہ ۔ تاریک رنگ کا ۔ اداس رنگ کا ۔

Fuse (fūz) *v.i.* & *t.* Melt with intense heat تیز حرارت سے پگھلانا ۔ گلانا ۔ آمیزش کرنا ۔ ملانا ۔ ملا جلا کر ایک کر دینا ۔ اغراض کو متحد کر دینا ۔

Fusible *adv.* قابل آمیزش ۔

Fusibility *n.* آمیزش کی اہلیت ۔ امتزاج ۔

Fuse (fūz) *n.,* & *v. i.* Tube, casing شتابہ ۔ فلیتہ ۔ بتی ۔ بارود کی بتی ۔ ایسی بتی جس سے آگ لگا کر بم یا گولا چھوڑا جائے ۔ فلیتہ لگانا ۔

Fusee (fū-zē) *n.* Wheel in watch or clock گھڑی کا پرزہ جس پر بال کمانی لپٹی رہتی ہے ۔ گھوڑے کے ٹخنے کی ہڈی کا ابھار ۔ زیادہ مسالے والی دیا سلائی ۔

Fusil (fū-zl) *n.* Obsolete light musket ہلکی توڑے دار بندوق ۔

Fusilier (fū-zl-yər) *n.* Soldier armed with fusil بندوقچی سپاہی جو ریچھ کی کھال کی ٹوپی پہنتے تھے اور ہلکی توڑے دار بندوق سے مسلح تھے ۔

Fusillade (fū-zil-ad) *v.t.* & *n.* Continuous discharge of firearms توپوں یا بندوقوں کی باڑہ ۔ باڑہ مارنا ۔ حملہ کرنا ۔ قتل کرنا ۔

Fusion (fū-zen) *n.* Blending of different things گلاوٹ ۔ پگھلاوٹ ۔ پگھلا ہوا مادہ ۔ مختلف چیزوں کی آمیزش ۔ میل ۔ اتحاد ۔ اتفاق ۔

Fuss (fus) *n., v.t.* & *i.* Excessive commotion شور و غل ۔ ہنگامہ ۔ ہلچل ۔ اضطراری حرکتیں ۔ بھاگ دوڑ کرنا ۔ بھیڑ لگانا ۔ ہنگامہ کرنا ۔ غل غپاڑہ کرنا ۔ چھوٹی چھوٹی باتوں کو اہم بنانا ۔ بات کا بتنگڑ بنانا ۔

Fussiness *n.* معمولی بات کو بڑھانا ۔ چھوٹی باتوں کی فکر ۔ اضطراری حرکت ۔

Fussy *adj.* سوئی کا بھالا بنانے والا ۔ غل غپاڑہ کرنے والا ۔ ذرا سی بات میں گھبرا جانے والا ۔

Fustian (fust-yen) *n.* Thick cotton cloth ایک قسم کا موٹا کپڑا ۔ ایسا طرز تحریر جس میں موٹے موٹے الفاظ استعمال کیے جائیں ۔ لفاظی ۔

Fustic (fust-ik) *n.* A kind of wood yielding yellow dye ایک قسم کی لکڑی جس سے پیلا رنگ نکالا جاتا ہے ۔

Fustigate (fus-ti-gāt) *v.t.* Cudgel ڈنڈے لگانا ۔ مارنا ۔ پیٹنا ۔

Fustigation *n.* بید مارنے کی سزا جو رومیوں میں رائج ہے ۔

Fusty (fust-i) *adj.* Stale smelling باسی چیز کی بو رکھنے والا کھانا ۔ پھپھوندی لگا ہوا ۔ کمرے کی بند ہوا کا لمس ۔

Futile (fu-tīl) *adj.* Useless بے حاصل ۔ بے نتیجہ ۔ بے کار ۔ فضول ۔

Futility *n.* بے کاری ۔ بے اثری ۔ بے نتیجہ ۔

Future (fut-yer) *adj.* & *n.* About to happen آگے آنے والا ۔ مستقبل ۔ آئندہ ۔ اگلا ۔ عاقبت ۔

Futurity (fut-yer-iti) *n.* Future time ۔ زندگی ما بعد آئندہ حالات ۔ ستقبل ۔ آئندہ زمانہ ۔

Fye (fi) *inter.* Fie توبہ ۔ تف ۔ لعنت ۔ لاحول ولا قوت ۔

G

G (jī) *n.* Seventh letter of the English alphabet انگریزی حروف تہجی کا ساتواں حرف ۔ ساتواں شخص ۔

Gab (gab) *n.* & *v.t.* Prattle (بول چال) بک بک ۔ بکواس ۔ گپ شپ ۔ یاوہ گوئی ۔ بیہودہ بکنا ۔ بکواس کرنا ۔

Gift of the gab قوت گویائی ۔ چرب زبانی ۔

Stop your gab بکو مت ۔ خاموش رہو ۔

Gabble (gab-l) *v.i., t.* & *n.* Talk inarticulately بکنا ۔ بک بک کرنا ۔ جلد جلد بولنا ۔ تیزی سے پڑھنا یا بولنا ۔ بڑ بڑانا ۔ بکواس کرنا ۔ بک بک ۔ بکواس ۔

Gabelle (gab-el) *n.* Tax وہ محصول جو فرانس میں انقلاب سے پہلے وصول کیا جاتا تھا بالخصوص نمک پر ۔ چنگی ۔ محصول ۔

Gaberdine (gab-ər-dīn) *n.* Loose long garment چوغہ ۔ لبادہ ۔ ایک قسم کا کھردرا کپڑا ۔

Gabion (ga-bi-ən) *n.* Cylinder of wickers or woven metal bands ڈلیا ۔ ٹوکرا ۔ چھابا ۔ بید یا لوہے کی تیلیوں کی ٹوکری مٹی بھرنے کے لیے ۔

Gable (ga-bl) *n.* Triangular upper part of wall at the end of ridged roof دیوار کا تکنا ۔ بالائی حصہ جو چھت کے اوپر ہو ۔ دو رخی ۔ ڈھلوان ۔ کھڑکی یا دروازے کا چھجا ۔

Gablet چھوٹا چھجا ۔ چھوٹا سا نوکدار حصہ ۔

Gaby (ga-bi) *n.* Simpleton ۔ احمق ۔ گاؤدی ۔ بیوقوف ۔ اناڑی ۔

Gad (gad) *interj.* By God اظہار حیرت کے لیے ۔ یا اللہ ۔

Gad (gad) *n.* & *v.i.* Metal spike بھالا ۔ کدال ۔ کدالی ۔ کوچہ گردی کرنا ۔ آوارہ پھرنا ۔ ڈانواں ڈول پھرنا ۔ درختوں کی شاخوں کا بے قاعدہ پھیلنا ۔

Gad about آوارہ گردی کرنا ۔

Gad-fly (gad-flī) *n.* Cattle-biting fly ڈانس ۔ بڑی مکھی ۔ گئو مکھی ۔ چم چچڑ ۔ سر ہو جانے والا آدمی ۔ بھوت کی طرح پیچھے پڑ جانے والا ۔ خواہش جو قابو میں نہ رہے ۔

Gadget (gaj-it) *n.* Small fitting in machinery (بول چال) مشین کا چھوٹا پرزہ ۔ ترکیب ۔ تدبیر ۔ چال ۔

Gaelic (gal-ik) *n.* & *adj.* Language of Scottish Celts اسکاٹ لینڈ کی کیلٹ نسل یا ان کی زبان ۔ کیلٹ کی زبان کے متعلق ۔

Gaff (gaf) *n.* & *v.t.* Barbed fishing spear انکڑا ۔ مچھلی مارنے کا برچھا ۔ انکڑے دار نیزہ (بول چال) تفریح گاہ ۔ تماشا گاہ ۔ ادنیٰ درجے کا تھیٹر ۔

Gaffer (gaf-ər) *n.* Elderly rustic بوڑھا گنوار ۔ مسن دیہاتی ۔ بڑے میاں ۔ بوڑھا چودھری ۔

Gag (gag) *n., v.t.* & *i.* Thing thrust into mouth to prevent speaking منہ میں کپڑا ٹھونسنا تاکہ آواز نہ نکل سکے ۔ منہ بند کرنا ۔ ڈھاٹی ۔ ایک آلہ جراحی جو منہ میں لگا دیتے ہیں تاکہ منہ بند نہ ہونے پائے ۔ بحث کو حکماً روک دینا ۔ زبان بندی کرنا ۔ آزادی تقریر سلب کر لینا ۔ (بول چال) پاکھنڈ ۔ جھوٹ ۔ دھوکا ۔ دھوکا دینا ۔ جھوٹ بولنا ۔

Gage (gaj) *n.* & *v.t.* Pledge کوئی چیز گرو کرنا ۔ کوئی چیز ضمانت میں رکھانا ۔ ضمانت ۔ مبارزت کے لیے دستانے پھینکنا ۔ گروی رکھنا ۔ مکفول کرنا ۔ بطور ضمانت پیش کرنا ۔

Gaggle (gag-l) *v.i.* Cackle-like goose کٹ کٹ کی آواز نکالنا ۔ قاز کی طرح کٹکٹانا ۔

Gaiety (gə-ti) *n.* Bright appearance ۔ چہل ۔ دل لگی خوش طبعی ۔ شگفتہ مزاجی ۔ زرق برق ۔ رنگ رلیاں ۔ سجاوٹ ۔ نمائش ۔

Hades (hā-dīz) *n.* Abode of departed spirits برزخ ۔ عالم ارواح ۔ شہر خموشاں ۔

Haematic (hem-a-tik) *adj.* & *n.* Containing blood دوا جو خون پر عمل کرے ۔ خون آمیز ۔ مصفی خون ۔

Haemorrhage (hem-ə-raj) *n.* Bleeding جریان خون ۔ ادرار خون ۔

Haft (haft) *n.* & *v.t.* Wooden shaft of pick-axe قبضہ ۔ دستہ ۔ دستہ لگانا ۔

Hag (hag) *n.* Ugly old woman چڑیل ۔ ڈائن ۔ جادو گرنی ۔ بوڑھی عورت ۔

Haggish *adj.* چڑیل سی ۔ بد صورت سی ۔

Hag (hag) *n.* Soft place in moor سخت زمین میں نرم جگہ ۔ دلدل میں سخت جگہ ۔

Haggard (hag-ərd) *adj.* & *n.* Wild looking منہ زور ۔ دبلا پتلا ۔ وحشت زدہ ۔ پریشان حال ۔ وہ شکرا جو کریز کر رہا ہو ۔

Haggardness *n.* لاغری ۔ سرکشی ۔ پریشان حالی ۔ بد حالی ۔

Haggle (hag-l) *v.i.* & *n.* Dispute جھگڑا کرنا ۔ تکرار کرنا ۔ بھاؤ تاؤ کرنا ۔ قیمت چکانے میں تکرار کرنا ۔ بھاؤ تاؤ ۔ تکرار ۔

Haggler *n.* چم چچڑ ۔ حجتی ۔ بھاؤ چکانے والا ۔ تکرار کرنے والا ۔

Hagiarchy (hag-i-archi) *n.* Rule of saints اولیا اور بزرگان دین کی حکومت ۔

Hagiocracy (hag-i-o-krasi) *n.* Government of holy persons بزرگان دین کا راج ۔ پیری مریدی ۔

Hagiographa (hag-i-o-grə-fä) *n.* Religious books of Jews یہود کی مقدس کتابیں ۔

Hagiologist (hag-i-o-lə-gist) *n.* Author or writer of religious books مقدس کتابوں کا لکھنے والا ۔ سوانح و احادیث انبیا تحریر کرنے والا ۔

Hah (hä) *interj.* Laughter اہا ۔ اوہو ۔ ہنسی ۔ قہقہہ ۔

Haha (hä-hä) *interj.* & *n.* Laughter, sunk fence قہقہہ کی آواز ۔ اہاہا ۔ باغ کے گرد گڑا ہوا احاطہ یا باڑہ ۔

Hail (hāl) *n.* Pellets of frozen rain, shower of missiles ژالہ ۔ اولہ ۔ اولوں یا گولیوں کی بوچھاڑ ۔

Hail (hāl) *v.* & *i.t.* Fall or pour down ژالہ باری ہونا ۔ اولے پڑنا ۔ بوچھاڑ ہونا ۔ بوچھاڑ کرنا ۔

Hail (hāl) *interj.* Of greeting - آفرین - شاباش - مرحبا - خوش آمدید -

Hail (hal) *v.t., i. & n.* Salute, greet - پکارنا - آواز دینا - سلام کرنا - صاحب سلامت کرنا - خوش آمدید کہنا - کسی مقام کا باشندہ ہونا -

Hair (hār) *n.* Fine filaments growing on head or skin مو - بال - رواں - رونگٹا - پشم - اون - بال برابر فرق - خفیف مقدار - سرمو -

Hair-splitting موشگافی کرنا - بال کی کھال اتارنا -

Keep your hair on اپنے حواس درست رکھو -

Not turn a hair تیور میلے نہ ہونے دینا - تیور پر بل نہ آنا -

To a hair بالکل ٹھیک -

Hairiness *n.* بالوں کی کثرت -

Hairy *adj.* بال دار - روئیں دار -

Halcyon (hal-se-ən) *n. & adj.* Fabulous bird رام چڑیا - افسانوی پرند جس کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ وہ سورج کے راس جدی میں داخلے کے وقت سمندر کی موجوں پر اپنا آشیانہ بناتا اور انڈے دیتا ہے اور سمندری موجوں اور ہواؤں کو ساکن کر دیتا ہے - پر سکون - عافیت کا -

Hale (hāl) *adj.* Robust ہٹا کٹا - موٹا تازہ - تنو مند - قوی - چست و چالاک - تنو مند ضعیف آدمی -

Hale (hāl) *v.t.* Drag, draw کھینچنا - گھسیٹنا - جبراً لے جانا - کھینچا تانی کرنا -

Half (hāf) *n., adj. & adv.* One of two equal parts آدھا - نصف - نیم - آدھا آدھا - برابرکا - آدھے کا - قریب قریب آدھا -

Cry halves برابر کا حصہ مانگنا -

Do a thing by halves ادھورا کام کرنا -

Half-baked خفیف العقل - خام - ناقص -

Half-hearted بے دلی سے -

Half-timer جو آدمی آدھا دن پڑھے اور آدھا دن مزدوری کرے -

Not half (بول چال) مطلق نہیں - بہت زیادہ - نہیں - کافی نہیں -

Half-penny (hāf-peni) *n.* Bronze coin نصف پنی - سکہ جس کی قیمت دو پیسے کے قریب ہے -

Turn up again like a bad half-penny پر پھر کر لوٹ آنا -

Halibut (hal-i-bət) *n.* Large flat fish ایک قسم کی بڑی مچھلی -

Halidom (hal-i-dəm) *n.* Holy thing مقدس شے کی قسم - پاک چیز - مقدس شے -

Hall (hawl) *n.* Large room in palace or mansion بڑا کمرہ - دیوان - دیوان خانہ - بڑا دالان - زمیندار کا مکان - کالج یا مدرسہ جس کا منتظم جامعہ کا رفیق نہ ہو - کالجوں میں کھانے کا کمرہ - جلسہ گاہ کا کمرہ - پیشہ وروں کی برادری کی جلسہ گاہ -

Hallmark مستند - مہر تصدیق -

Hallelujah (hal-i-loo-ye) *n.* Song of praise to God الحمد للہ - خدا کا شکر -

Hallo-loa (həlo) *v.i. & n.* Call attention, greeting پکارنا - ہلو کہہ کر پکارنا - مخاطب کرنا - ہلو کی آواز -

Hallo (həlō) *v.i. & t.* Urge on, shout آگے بڑھانا - کتوں کو ہلکارنا - شور مچانا - شکار کے پیچھے دوڑانا - کسی کو متوجہ کرنے کے لیے پکارنا -

Hallow (hal-ō) *n.* Holy person پاک - مقدس بزرگ - ولی اللہ -

Hallow (hal-ō) *v.t. & i.* Make holy, honour پاک کرنا - مقدس بنانا - مقدس سمجھ کر عزت کرنا - تعظیم کرنا - احترام کرنا - کتوں کو للکارنا -

Hallucinate (həl(y)oo-sin-at) *v.t.* Produce false impression کسی شخص کے دماغ پر غلط اثر ڈالنا - فریب نظر میں مبتلا کرنا - گمراہ کرنا -

Hallucination (həl(y)oo-sin-a-shən) *n.* Illusion فریب خیال - فریب نظر - تصور کا دھوکا - لغزش - بھول چوک -

Halo (ha-lō) *n. & v.t.* Circle of light ہالہ - حلقہ نور - اولیا کے سر کا حلقہ - اولیا کا نورانی تاج - عظمت کی نشانی - حلقہ نور بنانا - ہالہ بنانا -

Halt (hawlt) *n., v.t. & i.* Temporary stoppage مقام - منزل - پڑاؤ - ڈیرہ - ٹھہراؤ - ٹھہرنا - مقام کرنا - پڑاؤ ڈالنا - فوج ٹھہرانا -

Halt (hawlt) *adj.* Lame, crippled لنجا - لنگڑا - لولا -

Halt (hawlt) *v.i.* & *n.* Hesitate رک رک کر چلنا ۔ پس و پیش کرنا ۔ ہچکچانا ۔ تامل کرنا ۔ وقفہ پڑنا ۔ وزن سے گرنا ۔ کمزور ہونا ۔ ناقص ہونا ۔

Haltingly *adv.* لنگڑا کر ۔ پس و پیش سے ۔ رک رک کر ۔

Halter (hawlt-ər) *n.* & *v.t.* Rope, strap with noose گلے میں باندھنے کا پٹہ ۔ پھانسی پر لٹکانے کی رسی ۔ گلے میں رسی ڈالنا ۔ پھانسی دینا ۔

Halve (hav) *v.t.* Divide into halves, share equally آدھوں آدھ کرنا ۔ دو برابر حصوں میں تقسیم کرنا ۔ شہتیروں کے سرے آدھے تراش کر جوڑنا ۔

Halyard (hal-yərd) *n.* Rope for raising or lowering sail بادبان کو اوپر اٹھانے یا نیچے گرانے کا رسہ ۔ بادبان کش ۔ پال کا رسہ ۔

Ham (ham) *n.* Thigh of hog salted and smoked دھوئیں میں پکائی ہوئی سور کی نمکین ران ۔ پشت ران ۔ پٹھا ۔

Ham (ham) *n.* Town, village قصبہ ۔ بستی ۔ موضع ۔ ۔ گاؤں ۔

Hamadryad (ham-ə-dri-ad) *n.* Nymph living and dying with the tree بن دیوی یا پری جو درخت کے ساتھ پیدا ہوتی اور درخت کے ساتھ مر جاتی ہے ۔ ہندوستان کا زہریلا سانپ ۔ حبش کا بندر ۔

Hamburgh (ham-bərg) *n.* Black variety of grape ایک قسم کا سیاہ انگور ۔ ایک چھوٹا پرندہ جو پالا جاتا ہے ۔

Hamite (ham-it) *n.* Descendant of Ham حام کی اولاد ۔ مصری یا افریقی نسل سے ۔ مٹی کی پرتوں میں دبا ہوا گھونگھے کی قسم کا جانور ۔

Hamlet (ham-lit) *n.* Small village قریہ ۔ پورا ۔ کھیڑہ ۔ دیہہ ۔ چھوٹا گاؤں ۔ ایسی بستی جس میں کوئی معبد یا گرجا نہ ہو ۔

Hammer (ham-ər) *n.* Instrument for beating گھن ۔ ہتھوڑا ۔ موگری ۔ مار تول ۔ بندوق کا گھوڑا ۔ پیانو کی مضراب ۔ نیلام کرنے والے کی موگری جو میز پر ماری جاتی ہے ۔

Hammer (ham-ər) *v.t.* & *i.* Strike, beat ہتھوڑے سے پیٹنا ۔ گھن سے مارنا ۔ کوٹنا ۔ ٹھونکنا ۔ لڑائی یا کھیل میں بری طرح ہرا دینا ۔ سخت محنت کرنا ۔ (بازار حصص) ہتھوڑی کو تین بار مار کر یہ ظاہر کرنا کہ فلاں شخص وعدے کا جھوٹا ہے ۔

Hammock (ham-ək) *n.* Hanging bed جالی دار جھولا ۔ جھولن کھٹولا ۔ جھولے کا پلنگ یا بستر ۔

Hamper (ham-pər) *n.* Basketwork packing case بید کا بنا ہوا ٹوکرا ۔ صندوق وغیرہ بالعموم کھانے پینے کی چیزیں رکھنے کے لیے ۔

Hamper (ham-per) *v.t.* & *n.* Hinder, impede کوئی چیز رکھ کر راستہ روک دینا ۔ روکنا ۔ روڑے اٹکانا ۔ گرفتار کرنا ۔ پابجولاں کرنا ۔ پھانسنا ۔ الجھانا ۔

Hamshackle (ham-shak-l) *v.t.* Shackle with rope connecting foreleg with neck گھوڑے کے اگلے پیر اور گردن کو باہم جکڑ دینا ۔

Hamster (ham-stər) *n.* Rodent like large rat with cheek-pouches for carrying grain چوہے کے قسم کا جانور جس کے گلے میں تھیلیاں ہوتی ہیں وہ ان میں غلہ بھر کر لے جاتا ہے اور موسم سرما کے لیے ذخیرہ کرتا ہے ۔

Hamstring (ham-string) *n.* & *v.t.* Great tendon at the back of knee گھٹنے کے پیچھے کی موٹی رگ یا نس ۔ نس کاٹ کر لنگڑا کر دینا ۔ چلنے کے ناقابل بنا دینا ۔

Hand (hand) *n.* Terminal part of human arm ہاتھ ۔ دست ۔ بندر کا ہاتھ ۔ دیگر چوپایوں کے اگلے پیر ۔ گھڑی کی سوئیاں ۔ چار انچ کا ناپ ۔ طرف ۔ جانب ۔ رخ ۔ سمت ۔ لیاقت ۔ قابلیت ۔ مہارت ۔ قبضہ ۔ اختیار ۔ کاریگر ۔ کارندہ ۔

Hands off خبر دار جو ہاتھ لگایا ۔ چلو ۔ ہٹو ۔

In the hands of قبضے میں ۔ اختیار میں ۔

Out of hand قابو سے باہر ۔ فوراً ۔ بلا تاخیر ۔

Go hand in hand مل کر کام کرنا ۔ دوش بدوش چلنا ۔

Hand (hand) *v.t.* Help with the hand دینا ۔ پکڑنا ۔ حوالے کرنا ۔ عنایت کرنا ۔ لے جانا ۔ رہنمائی کرنا ۔ ہاتھ پکڑ کر لے جانا ۔ مدد کرنا ۔

Handful (hand-ful) *n.* Small number مٹھی بھر ۔ معدودے چند ۔ چند ایک ۔ تھوڑے سے ۔

Handicap (hand-i-kap) *n.* & *v.t.* Hindrance کسی مقابلہ میں وزن یا فاصلہ کی قید ۔ روک ۔ گھاٹے میں رکھنا ۔ مقابلہ میں رکاوٹ پیدا کرنا ۔

Handicraft (hand-i-kraft) *n.* Manual art دستکاری ۔ کاریگری ۔ ہاتھ کا ہنر ۔ صناعی ۔ دستی کام ۔

Handiwork (hand-i-wərk) *n.* Work done by hand کاریگری ۔ دستکاری ۔ ہاتھ کا کام ۔

Handkerchief (hang-ker-chif) *n.* Square of linen silk, etc., carried in pocket رومال ۔ دستی ۔ دست مال ۔ دستی رومال ۔

Handle (hand-l) *v.t.* & *n.* Touch with hand چھونا ۔ ہاتھ لگانا ۔ چلانا ۔ پھرنا ۔ استعمال کرنا ۔ سلوک کرنا ۔ معاملہ کرنا ۔ برتاؤ کرنا ۔ قابو میں رکھنا ۔ بندوبست کرنا ۔ انتظام کرنا ۔ کسی موضوع پر تقریر کرنا یا لکھنا ۔ بیوپار کرنا ۔ قبضہ ۔ موٹھ ۔ آلہ ۔ اوزار ۔ وسیلہ ۔ ذریعہ ۔ واقعہ جس سے فائدہ اٹھایا جا سکے ۔

Han(d)sel (han-səl) *n.* & *v.t.* Gift at the beginning of new year نو روز کا تحفہ ۔ وہ تحفہ جو کسی نئے دور یا کام کے آغاز پر دیا جائے ۔ کسی نئی چیز کی آزمائش کرنا ۔

Handsome (han-səm) *adj.* Of fine form and figure ستھرا ۔ خوبصورت ۔ حسین ۔ جمیل ۔ خوبرو ۔ خوشنما ۔ مہربانی اور عالی ظرفی کا (برتاؤ) ۔

Handsomely *adv.* کافی مقدار میں ۔ کشادہ دلی سے ۔ خوبصورتی سے ۔

Handsomeness *n.* خوبروئی ۔ جمال ۔ حسن ۔ خوبصورتی ۔

Handy (hand-i) *adj.* Ready to hand کاریگر ۔ دستکار ۔ صاحب سلیقہ ۔ موجود ۔ تیار ۔ برتنے میں سہل ۔ سبک دست ۔

Handiness *n.* تیز دستی ۔ کاریگری ۔ سلیقہ ۔

Hang (hang) *v.t.* & *i.* Suspend ٹانگنا ۔ لٹکانا ۔ آویزاں کرنا ۔ باندھنا ۔ پھانسی دینا ۔ سولی دینا ۔ تصویریں لٹکانا ۔ مرقع دیوار پر لگانا ۔ دیوار پر ابری یا کاغذ چسپاں کرنا ۔ سر جھکانا ۔ شرمندہ ہونا ۔ مرجھانا ۔ کملانا ۔ معلق ہونا ۔ آویزاں رہنا ۔ پھانسی پانا ۔ فیصلہ نہ ہونا ۔

Hang (hang) *n.* Downward droop ڈھال ۔ جھکاؤ ۔ میلان ۔ بندش ۔ ترتیب ۔ لٹکنے کا انداز ۔

Get the hang of تھوڑا بہت سمجھ لینا ۔ حالات کا جائزہ لینا ۔ معاملہ کو سمجھ لینا ۔

Hanger (hang-ər) *n.* Loop by which thing is hung زنجیر یا رسی جس سے چیزیں لٹکائی جائیں ۔ عمودی پہاڑی کی جھاڑیاں ۔ لٹکنے والا ۔ پھانسی پانے والا ۔ پھانسی دینے والا ۔ چھوٹی چوڑی تلوار ۔ تیغہ ۔ چھرا ۔

Hanger on جلو میں رہنے والا ۔ دست نگر ۔ حاشیہ بردار ۔ طفیلی ۔

Hanging (hang-ing) *n.* Drapery پھانسی ۔ لٹکتی ہوئی تصویریں ۔ دیوار گیری ۔ پردہ ۔

Hank (hangk) *n.* Circular loop or coil پیچک ۔ انٹی لچھا ۔ ریل ۔ بادبان گیر ۔ رسی کا پھندا ۔ لوہے کا کڑا ۔

Hanker (hangk-ər) *v.i.* Crave, long خواہش کرنا ۔ بے قرار ہونا ۔ آرزو مند ہونا ۔

Hankering *n.* شوق ۔ آرزو ۔ خواہش ۔ تمنا ۔

Hanky (hangk-i) *n.* Handkerchief دستی ۔ رومال ۔

Hanky-panky (hangki-pangki) *n.* Jugglery بھانامتی کا تماشا ۔ مداری کا کھیل ۔ نظر بندی ۔ شعبدہ بازی ۔ چال ۔ سازش ۔

Hanover, House of Hanover (hanə-vər) *n.* British sovereigns from George I انگلستان کے بادشاہ ۔

Hans (hans) *n.* German or Dutchman جرمن یا ڈچ ۔

Hansom (han-səm) *n.* Two-wheeled cabriolet دو پہیوں کی گاڑی جس کا گاڑیبان پیچھے بیٹھ کر چلاتا ہے ۔

Hap (hap) *n.* Chance, luck اتفاق ۔ قسمت ۔ تقدیر ۔ حادثہ ۔

Hap (hap) *v.t.* Happen ناگہانی طور پر ظاہر ہونا ۔ اتفاقاً کرنا ۔ اتفاقاً واقع ہونا ۔

Haphazard (hap-həz-ərd) *n.*, *adj.* & *adv.* Mere chance اتفاق ۔ اتفاقاً ۔ اتفاق سے ۔ شدنی ۔

Hapless (hap-les) *adj.* Luckless بد بخت ۔ بد نصیب ۔ بد قسمت ۔

Haplessly *adv.* بد قسمتی سے ۔

Haply (hap-li) *adv.* By chance شاید ۔ اتفاقاً ۔ ناگاہ ۔
Happen (hap-ən) *v.i.* Come to pass واقع ہونا ۔ پیش آنا ۔ نازل ہونا ۔ اتفاق سے ہو جانا ۔ ٹوٹ پڑنا ۔ گزرنا ۔ بیتنا ۔ پیش آ جانا ۔
Happening *n.* ماجرا ۔ حادثہ ۔ واقعہ ۔
Happy (hap-i) *adj.* Contented خوش ۔ خوش نصیب ۔ مطمئن ۔ کامیاب ۔ کامران ۔ خجستہ ۔ مسعود ۔ دلشاد ۔ مسرور ۔ فاتح ۔ برمحل ۔ مناسب ۔ موزوں ۔
Happy go lucky لاابالی ۔ بے پروا ۔
Happily *adv.* بخیر و خوبی ۔ آسودہ حالی سے ۔ خوشی سے ۔
Happiness *n.* خوش نصیبی ۔ اقبال مندی ۔ چین ۔ سکھ ۔ خوشی ۔ آرام ۔
Harakiri (hara-ke-re) *n.* Japanese way of committing suicide اپنا پیٹ چاک کرکے خود کشی کرنا ۔ خود کشی کا ایک با عزت جاپانی طریقہ ۔
Harangue (hə-rang) *n., v.i. & t.* Loud, vehement address خطبہ ۔ تقریر ۔ پرجوش تقریر ۔ ولولہ انگیز تقریر ۔ پرجوش تقریر کرنا ۔ خطبہ دینا ۔ خطاب کرنا ۔
Haranguer *n.* خطیب ۔ مقرر ۔
Harass (har-əs) *v.t.* Vex by repeated attacks تھکانا ۔ ہرانا ۔ پریشان کرنا ۔ بار بار حملہ کرنا ۔ ناک میں دم کرنا ۔ تشویش میں ڈالنا ۔ پریشان کرنا ۔
Harassment *n.* تشویش ۔ ابتلا ۔ ایذا دہی ۔
Harbinger (har-bin-jer) *n. & v.t.* Forerunner پیشوا ۔ ہرکارہ ۔ خبر رساں ۔ نقیب ۔ پیش خیمہ ۔ آمد کی خبر دینے والا ۔ آمد کی خبر دینا ۔
Harbour (har-bər) *n., v.t., & i.* Place of shelter for ships, shelter پناہ ۔ پناہ گاہ ۔ جہازوں کی قیام گاہ ۔ بندر گاہ ۔ پناہ دینا ۔ مجرم کو چھپانا ۔ دل میں جگہ دینا ۔ بندر گاہ میں لنگر انداز ہونا ۔
Harbourage (har-bər-āj) *n.* Shelter جائے پناہ ۔ ملجا ۔ ماویٰ ۔
Hard (hard) *adj. n., & adv.* Firm, unyielding سخت ۔ ٹھوس ۔ مضبوط ۔ کڑا ۔ محنت طلب ۔ دشوار ۔ مشکل ۔ بے رحم ۔ سنگدل ۔
Be hard put to it مشکلوں میں مبتلا ہونا ۔
Hard row to hoe سخت مشکل کام ۔
It shall go hard, but بڑی مشکل پڑے گی مگر ۔

Hardness *n.* دقت ۔ دشواری ۔ سختی ۔
Harden (hard-n) *v.t. & i.* To make or become hard سخت کرنا ۔ کڑا کرنا ۔ مضبوط کرنا ۔ مستحکم کرنا ۔ سخت دل کرنا یا ہونا ۔ جفاکش ہو جانا ۔
Hardihood (hard-i-hood) *n.* Boldness جرأت ۔ بہادری ۔ بے باکی ۔ مضبوطی ۔ اکھڑ پن ۔
Hardly (hard-li) *adv.* Scarcely مشکل سے ۔ دقت سے ۔ دشواری سے ۔ سختی سے ۔
Hardship (hard-ship) *n.* Severe suffering بدنصیبی ۔ دشواری ۔ سختی ۔ مصیبت ۔ کلفت ۔ اذیت ۔ آزار ۔ تکلیف ۔
Hardy (hard-i) *adj.* Robust بہادر ۔ دلاور ۔ مضبوط ۔ جری ۔ من چلا ۔ جرأت مند ۔ بے باک ۔ نڈر ۔ گستاخ ۔ شوخ ۔ بے ادب ۔ ہٹیلا ۔ پودا جو ہر موسم میں کھلی جگہ اگایا جا سکے ۔
Hardiness *n.* دلیری ۔ بے باکی ۔ سختی ۔ دشواری ۔
Hardy annual وہ پودا جو ہر جگہ ہر موسم میں پنپ جائے ۔
Hare (hār) *n.* Kind of rodent of medium size خرگوش ۔ سوسو ۔
First catch your hare and then cook him سوت نہ کپاس کولی سے لٹھم لٹھا ۔
Hold with the hare and run with the hound فریقین سے ساز باز رکھنا ۔
Harem (ha-rem) *n.* Ladies, Mohammedan sacred place حرم سرائے ۔ پردہ نشین خواتین ۔ خانہ کعبہ ۔
Haricot (har-i-cō) *n.* Ragout, French bean گوشت کے پسندے ۔ قلیہ ۔
Hark (hark) *v.i. & t.* Listen سننا ۔ کان لگانا ۔ کان دھرنا ۔ توجہ سے سننا ۔ شکاری کتوں کو للکارنا ۔
Harl (harl) *v.t. & i.* Drag along the ground گھسیٹنا ۔ گھسٹنا ۔
Harl (harl) *n.* Barb, fibre پروں کا ریشہ ۔ ریشہ دار چیز ۔
Harlequin (har-lə-kwin) *n.* Character in Italian comedy بھانڈ ۔ مسخرا ۔ نقال ۔ ناٹک کا وہ کردار جو منہ سے نہیں بولتا ہے مگر مسخرے پن کی حرکتیں کرتا ہے ۔
Harlot (har-lət) *n.* Prostitute کسبی ۔ رنڈی ۔ کنچنی ۔ چھنال ۔ فاحشہ عورت ۔
Harlotry *n.* حرام کاری ۔ کسب ۔

Harm (harm) *n.* & *v.t.* Damage, hurt نقصان - تکلیف - ضرر - ایذا - دکھ - نقصان پہنچانا - تکلیف دینا - ستانا -

Out of harms way سلامتی کی جگہ پر - محفوظ مقام پر -

Harmful *adj.* مضر - نقصان دہ - ضرر رساں -

Harmfulness *adv.* زیاں کاری - ضرر رسانی - مضرت -

Harmless *adj.* معصوم - غریب - بے زبان - مرنجان مرنج - بے ضرر -

Harmlessness *n.* بے ضرر ہونا - سادہ پن -

Harmonic (har-mon-ik) *adj.* & *n.* Concordant ہم آہنگ - سریلا - ساز گار - تال سر سے درست - سر -

Harmonious (har-mo-iəs) *adj.* Sweet sounding ہم آہنگ - متفق - موافق - ہم آواز - سریلا - خوش گلو -

Harmoniously *adv.* سریلے پن سے - خوش نوائی سے -

Harmonist (har-mon-ist) *n.* Musician راگ راگنی کا ماہر - فن موسیقی کا استاد -

Harmonium (hor-mən-i-am) *n.* Keyboard instrument of music ایک قسم کا باجا - ہارمونیم -

Harmonize (har-mə-nīz) *v.t.* & *i.* Bring into harmony with ہم آہنگ کرنا یا ہونا - آواز ملانا - ساز سے سر ملانا - حسن ترتیب پیدا کرنا -

Harmonization *n.* ہم آہنگی - توافق -

Harmony (har-mən-i) *n.* تناسب - مطابقت - موافقت - ہم آہنگی - حسن ترتیب - سر کا میل - سریلی آواز - ہم سازی -

Harness (har-nis) *n.* & *v.t.* Working equipment, put harness on گھوڑے گاڑی کا ساز - زمین کو جوتنے کا سامان - ہتھیار - ساز لگانا - دریا کے پانی کو روک کر اس کی قوت سے کام لینا -

Harp (harp) *n.* Stringed musical instrument چنگ - بین - سارنگی - بربط - قانون - ستار - ستار کی قسم کا مثلث باجہ -

Harp (harp) *v.i.* Play on harp چنگ - بین بجانا - طول کلامی کرنا - کسی مضمون کو بالتفصیل بیان کرنا - طول دینا -

Harper *n.* بربط نواز - بین کار -

Harpist *n.* بربط نوازی کا ماہر -

Harpoon (har-poon) *n.* & *v.t.* وہیل مچھلی کے شکار کا برچھا نما ہتھیار - ہار پون مارنا -

Harpsichord (harp-si-kerd) *n.* Keyboard instrument with strings قدیم زمانہ کا بین کی طرح کا ایک باجہ -

Harpy (harp-i) *n.* Rapacious person ایک افسانوی مخلوق جس کا چہرہ اور جسم پریوں کا سا اور پر اور پنجے عقاب کے سے ہیں - خونخوار عورت یا مرد - لٹیرا -

Harridan (har-i-dən) *n.* Haggard old woman بد صورت بوڑھی عورت -

Harrier (hari-ər) *n.* ایک قسم کا شکاری کتا جو خرگوش پکڑتا ہے -

Harrier (hari-ər) *n.* Ravager, spoiler برباد کرنے والا - غارت کرنے والا -

Harrow (har-ō) *n.* Heavy frame with iron teeth کھانچے دار سراون - کھانچے دار سراون پھیر کر مٹی برابر کرنا -

Harrowing *adj.* دکھ پہنچانے والا - دلخراش -

Harrow (har-ō) *v.t.* Harry, spoil اجاڑنا - تباہ کرنا - لوٹنا - تاراج کرنا -

Harry (har-i) *v.t.* Ravage, waste اجاڑنا - لوٹنا - پامال کرنا - ویران کرنا - تنگ کرنا - دق کرنا - رنج پہنچانا - ناک میں دم کرنا -

Harsh (harsh) *adj.* Repugnant, cruel کھردرا - سخت - کریہہ - بد مزہ - ناگوار - گراں - دشوار - ناتراشیدہ - بد مزاج - بے رحم - سنگ دل -

Harshness *n.* ناپسندیدگی - ناگواری - سنگدلی - تلخی - بے دردی -

Hart (hart) *n.* Male deer نر ہرن - کالوبٹ - بارہ سنگھا - آہو - غزال -

Hartal (har-tal) *n.* Closing of shops ہڑتال - دکانیں بند کرنا - کام بند کر دینا -

Hartshorn (hart-shərn) *n.* Substance got from horn of hart کاکڑا سنگھی - ایک مادہ جو ہرن کے سینگ سے نکلتا ہے -

Harum-scarum (harəm-skarəm) *adj.* & *n.* Reckless person غافل - لاپروا - لاابالی طبیعت کا آدمی -

Harvest (hä̈r-vist) *n. & v.t.* Season for reaping فصل کاٹنے کا زمانہ - حاصل - پیدا وار - کھیت کاٹنا - پیدا وار جمع کرنا یا ذخیرہ کرنا -

Harvester *n.* فصل کاٹنے کی مشین - کھیت کاٹنے والا -

Has (hāz) *a. & v.* Have دیکھو

Hash (hāsh) *n. & v.t.* Cut meat in small pieces قیمہ - قیمہ کرنا - گوشت کاٹ کر اور کوٹ کر ٹکڑے ٹکڑے کرنا -

Make a hash of ستیاناس کر دینا - خراب کر دینا -

Settle a person's hash خاتمہ کر دینا - کسی کو ٹھکانے لگا دینا -

Hashish-eesh (hash-ish) *n.* Top leaves of hemp نشہ آور بوٹی جس کی پتیاں بلاد عرب و ہند میں نشے کے لیے استعمال کی جاتی ہیں - حشیش - بھنگ - گانجہ - چرس -

Hasp (hasp) *n. & v.t.* Fastening contrivance - کلابہ زنجیر - کنڈا - ایک قسم کا تالا - سوت کی انٹی - ہیسپ لگانا -

Hassock (has-ək) *n.* Hard cushion for kneeling in church گرجا کی نماز کا بوریا - جانماز - گدا جس پر نماز کے وقت گھٹنوں کے بل کھڑے ہوتے ہیں -

Haste (hast) *n. & v.t.* Urgency of movement, hurry جلدی - پھرتی - تیزی - عجلت - جلدی کرنا - عجلت کرنا -

Hasten (hast-n) *v.t. & i.* Make haste - دوڑنا - چلانا جلدی کرنا - تیز کرنا - تیزی سے آنا - جلد جلد قدم اٹھانا -

Hasty (hast-i) *adj.* Hurried - پھرتیلا - تیز - جلد باز - ناعاقبت اندیش - تند خو - تیز مزاج - زود رنج - چڑچڑا -

Hastiness *n.* چڑچڑا پن - زود رنجی - عجلت - جلد بازی -

Hat (hat) *n. & v.t.* Man and woman's head covering ٹوپی - کلاہ - دھوپ کی ٹوپی - شام کی ٹوپی - سر پر ہیٹ رکھنا - کسی کو ٹوپی پہنانا -

Talk through one's hat فقرہ بازی سے کام نکالنا - شیخی مارنا -

Hatter - ٹوپیاں بنانے والا - ٹوپی بیچنے والا - کلاہ فروش

Hatch (hach) *n.* Lower half of divided door دو حصے والے کواڑ کا نیچے کا حصہ - کھڑکی دار دروازہ - دریا یا نہر کے بند کا دروازہ -

Hatch (hach) *v.t. & i.* Bring forth young birds from egg انڈے سینا - انڈوں سے بچے نکالنا - بچے کا انڈے سے نکلنا - تدبیر کرنا - منصوبہ بنانا - اختراع کرنا -

Hatch (hach) *v.t. & n.* Engrave lines on - جدول بنانا متوازی خطوط کھینچنا - کھدے ہوئے خطوط -

Hatchel (hach-əl) *n. & v.t.* Iron comb for cleaning flax سن وغیرہ صاف کرنے کی کنگھی - سن صاف کرنا -

Hatcher (hach-ər) *n.* One who schemes - مفتری تدبیر بنانے والا -

Hatchery (hach-əri) *n.* Place for hatching eggs of fish or poultry وہ جگہ جہاں مچھلیوں کے انڈوں سے بچے نکالتے ہیں -

Hatchet (hach-et) *n.* Light short-handled axe کلہاڑی - تبر -

Hatchment (hach-mənt) *n.* Large tablet with deceased person's armorial bearings ایسی تختی جس پر خاندان کے مرحوم سورماؤں کے اعزازات اور تمغے لگائے جائیں - صاحب خانہ کے نام کی تختی جو مکان کے باہر لٹکائی جائے -

Hate (hāt) *v.t. & n.* Have strong dislike of, hatred دشمن جاننا - دشمنی رکھنا - دشمنی - بیر - بغض - نفرت (فوجی) جرمن فوج کی گولہ باری -

Hatable قابل نفرت -

Hateful (hat-ful) *adj.* Exciting hatred - بد - برا کینہ ور - حاسد - نفرت انگیز - قابل نفرت -

Hatefulness *n.* بد اندیشی - نفرت انگیزی - دشمنی -

Hatred (hāt-red) *n.* Active dislike - عداوت - دشمنی بغض - عناد - کینہ - نفرت -

Haughty (haw-ti) *adj.* Proud - مغرور - خود پسند خود بین - گھمنڈ میں چور - اکڑ باز - ڈھیٹ - شوخ - بد لحاظ - پر تمکنت - بھاری بھر کم -

Haughtiness - تمکنت - خود بینی - تکبر - نخوت - کبر

Haul (hawl) *v.t., i. & n.* Pull, drag forcibly گھسیٹنا ۔ کھینچنا ۔ جہاز کا رخ بدلنا ۔ بافت ۔ حصول ۔ مال ۔

Haulage *n.* جہاز کی مزدوری ۔ کشتی وغیرہ کے کھینچنے کی اُجرت ۔

Haunch (hawnsh) *n.* Part of body between ribs and hip-bone پٹھا ۔ کولہ ۔ چوتڑ ۔ ہرن وغیرہ کی ران اور پٹھے کا گوشت ۔ محراب کے بالائی مرکز اور ستون کا درمیانی حصہ ۔

Haunt (hawnt) *v.t., i. & n.* Frequent place or persons آمدو رفت رکھنا ۔ مقامات پر جانا ۔ لوگوں سے ملتے رہنا ۔ خیالات کا بار بار آنا ۔ عادت ڈالنا ۔ اڈا ۔ اکھاڑہ ۔ نشست گاہ ۔ روزانہ کی بیٹھک ۔ بسیرا ۔ آسیب زدہ مقام ۔

Hautboy (h)o-boi) *n.* Wood-wind double-reed instrument نفیری ۔ بانسری ۔ شہنائی ۔ ارگن باجے کا پودا ۔ اسٹرا بیری کا لمبا پودا ۔

Hauteur (ho-tər) *n.* Haughtiness of manner کبر ۔ نخوت ۔ غرور ۔ تمکنت کا انداز ۔

Havana (hə-va-na) *n.* Havana cigar ہوانا کا بنا ہوا سگار ۔ چرٹ ۔

Have (hav) *v.t., i. & aux.* Hold in possession رکھنا ۔ پاس ہونا ۔ قبضے میں رکھنا ۔ لحاظ کرنا ۔ پاس کرنا ۔ لے لینا ۔ نکالنا ۔ اٹھانا ۔ اخذ کرنا ۔ محسوس کرنا ۔ مجبور ہونا ۔ کھانا پینا ۔

Have it out بحث کو کسی فیصلہ پر پہنچانا ۔ فیصلہ کر لینا ۔

Have it your own way جو جی چاہے کرو ۔ تم جانو تمہارا کام ۔

Have (hav) *n.* Swindle (بول چال) فریب ۔ دھوکا ۔

Haves and have-nots امیر اور غریب ۔

Haven (ha-vn) *n.* Harbour, refuge بندرگاہ ۔ حفاظت گاہ ۔ جائے امن ۔ جائے پناہ ۔

Haversack (hav-ər-sak) *n.* Stout canvas bag for provisions کینوس کی خرجی ۔ بڑا تھیلا جس میں کھانے پینے کا سامان رکھتے ہیں ۔

Having (hav-ing) *n.* Belongings گھر کا سامان ۔ مال و متاع ۔ گھر گرہستی ۔

Havoc (hav-ək) *n. & v.t.* Destruction خرابی ۔ تباہی ۔ بربادی ۔ ویرانی ۔ تباہ و برباد کرنا ۔ اجاڑنا ۔ تباہی پھیلانا ۔

Haw (haw) *n.* Hedge, enclosure, fruit of hawthorn ایک قسم کی جھاڑ ۔ جس میں انگور جیسے سرخ پھل آتے ہیں ۔ جنگلہ ۔ جھاڑیوں کی باڑ ۔

Haw-haw (haw-haw) *interj. n., & v.t.* Boisterous laugh قہقہہ کی آواز ۔ قہقہہ ۔ قہقہہ لگانا ۔

Hawk (hawk) *n., v.i. & t.* Bird of prey باز ۔ شاہین ۔ شکرہ ۔ باز کی طرح جھپٹنا ۔ باز سے شکار کھیلنا ۔ ڈاکو ۔ قزاق ۔

Hawk (hawk) *v.t.* Carry goods about for sale پھیری لگا کر سامان بیچنا ۔ پھیری لگانا ۔ کھنکارنا ۔

Hawker (haw-kər) *n.* One who hawks goods پھیری والا ۔ خوانچے والا ۔

Hawse (haw-z) Part of ship which has holes for cables جہاز کے اگلے رخ کا وہ حصہ جس میں رسوں کے لیے سوراخ ہوتے ہیں ۔ جہاز کے اگلے سرے اور لنگر کے بیچ کا حصہ ۔

Hawser (haw-zər) *n.* Large rope جہاز کا تار ۔ جہاز کا موٹا رسہ ۔

Hawthorn (haw-thərn) *n.* Thorny shrub کٹیلی جھاڑی ۔ پھولوں کی جھاڑی ۔

Hay (ha) *n., v.t. & i.* Dry grass for fodder خشک گھاس ۔ چارہ ۔ گھاس کو زمین پر سوکھنے کے لیے پھیلانا ۔

Hayward (ha-ward) *n.* Man in charge of fences and enclosures حلقے کی باڑوں اور احاطوں کی نگرانی کرنے والا ۔ گاؤں کا چوکیدار ۔

Hazard (haz-ərd) *v.t. & n.* Game at dice, chance چوسر کا ایک کھیل ۔ اتفاق ۔ وار دات ۔ اندیشہ ۔ خطرہ ۔ جوکھوں ۔ بلیڑس کی ایک ضرب ۔ خطرہ مول لینا ۔ دل کڑا کرکے کوئی مشکل کام شروع کرنا ۔

At all hazards کچھ بھی ہو ۔ ہرچہ بادا باد ۔

Hazardous (haz-ərd-əs) *adj.* Risky جوئے کا سا ۔ پرخطر ۔ اندیشناک ۔ خطرناک ۔

Haze (hāz) *n.* & *v.t.* Dimness کہر - دھند - غبار - دھندلا پن - پریشان خیالی - دھندلا کرنا - زیادہ محنت کی وجہ سے تھک جانا یا تھکا دینا - ستانا - دق کرنا -

Hazel (hā-zl) *n.* A kind of bush yielding nuts for eating ایک پھل دار جھاڑی جس کے پھل کی گری کھائی جاتی ہے- اسی جھاڑی کی لکڑی کی چھڑی- سرخی مائل بنفشی آنکھیں -

Hazy (hāz-i) *adj.* Misty, vague تاریک - مبہم - غیر واضح - دھندلا -

Haziness *n.* تاریکی - ابہام - دھندلا پن -

H-bomb (ach-bom) *n.* Hydrogen bomb ہائیڈروجن بم -

He (hē) *pro. n.* The male وہ - وہ مرد - اسنے -

He man رو دار - دبنگ آدمی -

Head (hed) *n.* Upper part of man's body سر - منڈی - کسی چیز کا سرا - دماغ- ذہن - عقل - شخص- فرد - نفر - راس - سرگروہ - پیشوا- سردار- رئیس - صدر- صدر مقام - درجہ - پایہ - منبع - سر چشمہ - مبدا - صیغہ دار - پتوں کی چھتری - سر شاخ - دودھ کی بالائی - شراب کا جھاگ - پھوڑے کا منہ - جھیل کا دہانہ - فوج کا اگلا حصہ - ہل کا پھل -

Come to a head نازک صورت اختیار کر لینا -

Give horse his head گھوڑے کو باگ دینا -

Have old head on young shoulders نوعمری میں بڑی عمر والوں کا سا تجربہ رکھنا -

Heads I win tails you lose چت بھی میری پٹ بھی میری -

Keep one's head اوسان قائم رکھنا -

Keep one's head above water قرض لیے بغیر گزر کرنا -

Promote person over another's head مستحق کے مقابلے میں غیر مستحق کو ترقی دینا -

Put things out of person's head دل سے نکال دینا- بھلا دینا -

Put things into person's head کسی کے دماغ میں ایک خیال ڈالنا -

Two heads are better than one دو کی عقل ایک سے بہتر ہے - ایک سے دو بھلے -

Head (hed) *v.t.* & *i.* Furnish with head سردار ہونا یا بنانا - کسی جماعت کا امیر ہونا - رہنمائی کرنا - رہبری کرنا- سرگروہ بنانا- پھل یا تیر کا پیکان بنانا - سرا بنانا - نوک نکالنا - مزاحمت کرنا - روکنا - سر فہرست ہونا - مخالفت کرنا - مقابل ہونا - عنوان یا سرخی قائم کرنا - ترقی کرنا - آگے بڑھنا - نازک صورت اختیار کرنا -

Headache (hed-ak) *n.* Pain in head صداع - سر کا درد - درد سر -

Header (hed-ər) *n.* Brick or stone laid at right angle to wall پتھر جو دیوار میں آڑا لگایا جائے - کیلوں کی گھنڈی بنانے والا - سر پوش اور پیپوں کے ڈھکن بنانے والا - (بول چال) سر کے بل غوطہ لگانا -

Heading (hed-ing) *n.* Title سر سے گیند کو مارنا - سرخی - عنوان - زمین دوز راستہ -

Headlong (hed-ləng) *adv.* & *adj.* Head foremost سر آگے- سر کے بل - اندھا دھند - بے احتیاطی سے - بے سمجھے بوجھے - فوراً - دفعتاً -

Headsman (heds-mən) *n.* Man who beheads جلاد - پھانسی دینے والا - وھیل مچھلی کی شکاری کشتی کا کپتان -

Headstrong (hed-strəng) *adj.* Violently self-willed منہ زور - سرکش - خود رائے - ضدی - سر چڑھا - ہٹیلا -

Heady (hed-i) *adj.* Violent تیز - جلد باز - عجلت پسند - تند مزاج - شراب سے جلد مخمور ہو جانے والا -

Headiness عجلت پسندی - تند مزاجی - بد مستی -

Heal (hel) *v.t.* & *i.* Restore to health شفا بخشنا - تندرست کرنا - اچھا کر دینا - زخم کا بھر جانا - رفع نزاع کرنا - میل ملاپ کرنا - زخم دل کو اچھا کرنا - درد دل کی دوا کرنا -

Heal all ہر مرض کی دوا - اکسیر -

Healer *n.* زخم کو بھرنے والا - درد رفع کرنے والا -

Health (helth) *n.* Soundness of body تندرستی - سلامتی - صحت - خیریت -

Healthful (helth-ful) *adj.* Health-giving صحت بخش - صحت افزا - ممد اخلاق -

Healthy (hel-thi) *adj*. Having good health تندرست ـ بھلا چنگا ـ صحیح سالم ـ روحانی امراض سے پاک ـ صحت افزا ـ

Healthiness *n*. صحت مندی ـ تندرستی ـ صحت ـ

Heap (hēp) *n*. Group of things at one place ڈھیر ـ تودہ ـ انبار ـ بہت بڑی تعداد یا مقدار ـ بھیڑ ـ کثرت ـ ہجوم ـ

Heap (hēp) *v.t*. Pile in a heap ڈھیرلگانا ـ انبار کرنا ـ اکھٹا کرنا ـ جمع کرنا ـ جوڑنا ـ لادنا ـ بار کرنا ـ بوچھار کرنا ـ بھرمار کرنا ـ

Hear (hēr) *v.t. & i*. Perceive with the ear سننا ـ کان دھرنا ـ کان دینا ـ غور یا توجہ سے سننا ـ گفتگو کا موقع دینا ـ مقدمہ کی سماعت کرنا ـ ذکر سننا ـ چرچا سننا ـ

Hearing (hēr-ing) *n*. Perception by ear سننے کی قوت ـ سماعت ـ حضوری ـ باریابی ـ شنوائی ـ مقدمہ کی پیشی ـ

Hearken (hērk-n) *v.i*. Listen to سننا ـ سن لینا ـ متوجہ ہونا ـ توجہ سے سننا ـ

Hearsay (hēr-sa) *n*. Gossip افواہ ـ سنی سنائی بات ـ

Hearse (hars) *n. & v.t*. Vehicle for carrying coffin تابوت لے جانے والی گاڑی ـ مردے کو تابوت میں لے جانا ـ دفن کرنا ـ

Heart (hārt) *n*. Hollow organ keeping up circulation of blood دل ـ قلب ـ من ـ سینہ ـ چھاتی ـ نفس ـ روح ـ جرات ـ ہمت ـ دل گردہ ـ لخت جگر ـ نور نظر ـ جان من ـ وسط ـ بیچ کا حصہ ـ لب لباب ـ نچوڑ ـ دل کی شکل کی کوئی چیز (تاش) پان کا رنگ ـ

Hearten (hārt-en) *v.t. & i*. Cheer دلاسا دینا ـ دلداری کرنا ـ ہمت دلانا ـ دل بڑھانا ـ

Hearth (her-th) *n*. Floor of fireplace چولھا ـ آتشدان ـ گھر بار ـ بال ـ بچے ـ گھر ـ

Heartily (hārt-i-li) *adv*. With goodwill دل سے ـ تندہی سے ـ شوق سے ـ جی کھول کر ـ بہت اچھی طرح سے ـ

Heartless (hārt-les) *adj*. Merciless, unfeeling بے دل ـ بے رحم ـ سنگدل ـ

Heartlessness *n*. بے رحمی ـ سنگدلی ـ

Hearty (hārt-i) *adj. & n*. Cordial, sincere صاف ـ سچا ـ بے ریا ـ پرخلوص ـ تندرست ـ توانا ـ خوش خلق ـ ملنسار ـ خوش مزاج ـ پیٹ بھر کر ـ

Heartiness *n*. توانائی ـ خلوص ـ ذوق و شوق ـ خوش مزاجی ـ

Heat (hēt) *n*. Hotness گرمی ـ حرارت ـ تپش ـ جوش ـ گرمی کا موسم ـ خون کی حدت ـ گرمی دانے ـ کوشش ـ سعی ـ دوڑ ـ جذبہ ـ جوش و خروش ـ شہوت ـ مستی ـ کھیلوں کے مقابلے ـ

Heat (het) *v.t. & i*. Make hot, inflame گرم کرنا ـ گرمانا ـ تیز کرنا ـ تاؤ دلانا ـ جوش دینا ـ خون گرم کرنا ـ بھڑکنا ـ بھڑکانا ـ مشتعل کرنا ـ

Heater *n*. گرمی پہنچانے کا آلہ ـ کمروں کو گرم رکھنے کا آلہ ـ گرم کرنے کا آلہ ـ

Heath (hēth) *n*. Waste land covered with shrubs کانٹوں کی جھاڑی ـ جھاڑیوں کا علاقہ ـ مختلف قسم کی جھاڑیاں ـ

Heathen (heth-en) *adj. & n*. Unlightened person مشرک ـ بت پرست ـ کافر ـ غیر اہل کتاب ـ

Heathenish *adj*. جاہلانہ ـ مشرکانہ ـ

Heathenism *n*. بت پرستی ـ الحاد ـ شرک ـ

Heathenize *v.t*. مظاہر پرست کرنا ـ بت پرست بنانا ـ مشرک بنانا ـ

Heather (heth-ər) *n*. A kind of flower-bearing shrub ایک جھاڑی جس میں گلابی رنگ کے پھولوں کے گچھے آتے ہیں ـ

Heave (hīv) *v.t. & i*. Lift اونچا کرنا ـ اٹھانا ـ اکسانا ـ ابھارنا ـ آہ سرد بھرنا ـ رسے سے کھینچنا ـ زور لگانا ـ ہانپنا ـ دم چڑھنا ـ سانس پھولنا ـ قے کے لیے منہ کھولنا ـ

Heave (hīv) *n*. Heaving آہ سرد ـ لہر ـ رسہ کشی ـ زور آزمائی ـ ابھار ـ گھوڑے کی ایک بیماری ـ

Heaven (hev-n) *n*. Place, state of supreme bliss آسمان ـ افلاک ـ بہشت ـ جنت ـ عالم قدس ـ عرش اعلیٰ ـ قدرت الٰہی ـ روحانی مسرت ـ سعادت عظمیٰ ـ

Good heavens یا اللہ ـ غضب خدا کا ـ

Heaven-born نفخۂ جبرئیل سے پیدا ہوا ـ آسمان سے اترا ہوا ـ

Heavenly (hev-n-li) *adj.* Divine فلکی - سماوی - بہشتی - جنتی - قدسی - پاکیزہ - روحانی - ربانی -

Heavy (hev-i) *adj., n. & adv.* Of great weight بھاری - وزنی - گراں - بوجھل - گراں بار - دشوار - کٹھن - شدید - گراں خاطر - ملول - افسردہ - سست - دھیما - پر شور (سمندر) - خشک - سخت (روٹی) ثقیل (غذا) غبار آلود (آسمان) - غبی - مجہول - کند ذہن - بے ڈول - بھدا - بد شکل - بے لوچ - خواب آلودہ -

Time hangs heavy وقت کاٹے نہیں کٹتا -

Heaviness *n.* سستی - غمگینی - گراں باری -

Habitate (heb-i-tat) *v.t. & i.* Make, become, dull کند ذہن کرنا یا ہونا -

Hebraism (heb-ra-izm) *n.* Attribute of the Hebrews - عبرانیوں کی خصوصیت - عبرانی یا اسرائیلی عقائد - عبرانی زبان کا محاورہ -

Hebrew (he-broo) *n. & adj.* Jero, Jewish - اسرائیلی یہودی - عبرانی زبان - (بول چال) وہ تقریر جو سمجھ میں نہ آئے - عبرانی - یہودیوں کا -

Hecatomb (hek-a-tom) *n.* Great public sacrifice ایک سو بیلوں کی قربانی - بڑی مذہبی قربانی -

Hectic (hek-tik) *n. & adj.* Exciting, wild - مدقوق مشتعل - بیماری سے سرخ (بول چال) ہیجان خیز - پر جوش - دق کا مریض -

Hector (hek-tər) *n., v.t. & i.* Bully - تیس مار خاں - کمزور کو ستانے والا - بزدل، - ظالم - لاف زنی کرنا - دھونس جمانا - کمزور پر ظلم کرنا -

Hedge (hej) *n.* Fence of bushes جھاڑی کی باڑ - راستہ روک - روک - نقصان کی تلافی کا انتظام یا عمل -

Does not grow on every hedge - کمیاب ہے - نایاب ہے -

Hedge (hej) *v.t. & i.* Fence off, secure oneself against loss باڑ لگانا - کانٹے لگانا - ایک گھوڑے پر شرط لگا کر دوسرے پر بھی روپیہ لگانا تاکہ نقصان سے محفوظ رہے - ذمہ داری سے بچنا - پہلو بچانا -

Hedgehog (hej-ag) *n.* Small spiny nocturnal mammal خار پشت - ساہی - سیہی - ایسا شخص جس سے نبھانا مشکل ہو -

Hedgehoggy *adj.* - جھگڑالو - لڑاکا -

Hedonism (he-dən-izm) *n.* Doctrine that pleasure is the chief good یہ عقیدہ کہ لذت مقصد حیات ہے - لذتیت -

Hedonist لذت پسندی کا معتقد - لذتیہ -

Heed (hed) *v.t. & n.* Take notice - التفات کرنا دھیان کرنا - توجہ کرنا - لحاظ کرنا - توجہ - دھیان - احتیاط - ہوشیاری -

Heedful *adj.* - چوکس -

Heedfulness *n.* - خبر داری - بیداری - چوکسی -

Heedless *adj.* - بے پروا - غافل - غیر محتاط -

Heedlessness *n.* - بے التفاتی - لاپروائی - بے احتیاطی - غفلت -

Hee-haw (he-haw) *n.* Ass's bray قہقہہ - گدھے کی آواز -

Heel (hel) *n.* Hinder part of human foot - ایڑی پاشنہ - جوتے کی ایڑی - کانٹا یا مہمیز - ایڑی نما کوئی چیز - جہاز کا پچھلا حصہ -

Kick one's heel انتظار کرنا - بٹھائے رکھنا -

Heel (hel) *v.i. & t.* Touch ground with heel جھکنا - ناچنا - ناچ میں ایڑی فرش پر مارنا - جوتے میں ایڑی لگوانا - پیچھا کرنا - سایہ کی طرح ساتھ لگے رہنا - گاف میں بلے کے دستہ یا پشت سے گیند کو مارنا -

Heel (hel) *v. i.,t. & n.* Lean over بوجھ یا ہوا سے ایک طرف جھک جانا - جہاز کا جھونک کھانا - جھکاؤ -

Hegira (hej(i)ra) *n.* The Holy Prophet's flight from Mecca in 622 AD حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت مکہ سے مدینہ کو - آغاز سن ہجری -

Heifer (hef-ər) *n.* Young cow بچھیا - بہڑی - جوان گائے جس کے بچہ نہ ہوا ہو -

Heigh-ho (hi-ho) *interj.* Well done - آہا - اوہو - شاباش -

Height (hit) *n.* Elevation - بلندی - اونچائی - ارتفاع - چوٹی - عروج - سرفرازی - شدت - انتہا - کمال - درجہ - رتبہ - سطح مرتفع - فراز - ٹیلہ یا ٹیکرا -

Heighten (hit-en) *v.t. & i.* Make higher, rise اونچا یا بلند کرنا - بلند ہونا - بہتر کرنا - اصلاح کرنا - بھاری کرنا - سنگین بنانا - زیادہ کرنا - مبالغہ کرنا - عروج پر پہنچنا -

Heinous (ha-nəs) *adj.* Odious عظیم - سخت - بڑا - قابل نفرت - نفرت انگیز - وحشیانہ - بہیمانہ -

Heinousness *n.* نفرت انگیزی - وحشت ناکی -

Heir (ār) *n.* Person entitled to receive property belonging to former owner وارث - والی - حق دار - جانشین - مستحق -

Heirless *adj.* لاولد - لاوارث -

Heirship وراثت - میراث -

Heirloom (ār-loom) *n.* Piece of personal property that has been in the family for generations ورثہ - ترکہ - اسباب منقولہ - کوئی ایسی چیز جو پشتہا پشت سے خاندان میں چلی آتی ہو - موروثی تحفہ - موروثی خصوصیت یا قابلیت -

Hejra (hej(i)rà) *n.* دیکھو Hegira

Held (eld) *v.* دیکھو Hold

Heliacal (he-li-ək-əl) *adj.* Relating to Sun سورج کے متعلق - آفتابی -

Helianthus (he-li-an-thəs) *n.* Genus including sunflower سورج مکھی کی قسم کے پھول -

Helical (he-li-kəl) *adj.* Spiral مرغولہ دار - پیچاں - پیچ دار -

Helicon (he-li-kən) *n.* Boeotian mountain sacred to Muses شاعری کی دیوی کا مسکن - شعرا کے فیضان کا سرچشمہ -

Helicopter (he-li-kop tər) *n.* Flying-machine ہیلی کوپٹر -

Heliocentric (he-li-o-sent-rik) *adj.* About the centre of the Sun آفتاب کے مرکزی نقطہ کے لحاظ سے - مرکز آفتاب سے - مرکز آفتاب کے متعلق -

Helix (he-liks) *n.* Spiral thing کانی‌دار یا پیچ دار چیز - مرغولہ نما نقش و نگار - کان کے بیرونی حصہ کا کنارہ -

Hell (hel) *n.* Abode of condemned spirits - تحت‌الثریٰ - عالم اسفل - پاتال - دوزخ - جہنم - نرک - مصائب کا گھر - مختلف کھیلوں میں چور کی جگہ - قمار خانہ - جوئے کا اڈہ -

Hell-cat چڑیل - بد مزاج عورت -

Hellish *adj.* شیطانی - جہنمی - دوزخی -

Hellward *adv.* جہنم کی طرف -

Hellebore (hel-i-bōr) *n.* Ancient name of plants supposed to cure madness وہ پودے یا درخت جو دافع جنون سمجھے جاتے تھے -

Hellene (hel-en) *n.* Ancient Greek قدیم یونانی باشندہ - خالص یونانی - یونانی -

Hellenic *adj.* یونانی نژاد - خالص یونانی -

Hellenism (hel-en-izm) *n.* Grecian culture یونانی ثقافت - یونانی تہذیب اور زبان -

Hellenist (hel-en-ist) *n.* Greek scholar - یونانی ادیب - یونانی زبان کا محقق -

Hello (hel-ō) *n.* & *v.* دیکھو Hallo

Helm (helm) *n.* & *v.t.* Helmet, stormy cloud مغفر - خود - پتوار - سکان - رہبری - قیادت - رہنمائی کرنا - پتوار چلانا - کھینا -

Helmsman (helm-s-mən) *n.* Steersman پتوار چلانے والا - سکان گیر - رہنما -

Helmet (hel-met) *n.* Defensive head-cover for firemen and soldiers - مغفر - خود - لوہے کی ٹوپی - سپاہی یا آگ بجھانے والوں کی ٹوپی - ترہنیق کا بالائی حصہ - گھونگھے کا خول - پھول کا خود -

Helot (hel-ət) *n.* A class of serfs in ancient Sparta قدیم اسپارٹا کے غلام کسان - غلام -

Help (help) *v.t.* Aid, assist مدد دینا - مدد کرنا - اعانت کرنا - دستگیری کرنا - ہاتھ بٹانا - دکھ دور کرنا - چارہ سازی کرنا - کھانا اُٹھا کر دینا - کسی کے سامنے کھانے کی پلیٹ بڑھانا - کھانا تقسیم کرنا -

Do not be longer than you can help جہاں تک ہو سکے دیر نہ کرنا -

Help me out مجھے مشکل سے نجات دلاؤ -

I cannot help doing that - میں ایسا کرنے پر مجبور ہوں -

So help me God انشاء اللہ -

Help (help) *n.* Assistance - مدد - سہارا - امداد - تقویت - دستگیری - اعانت - حمایت - علاج - چارہ - تدبیر - چارہ کار - ایک دفعہ کا کھانا - ملازم - نوکر - خادم - خادمہ -

Helpful (help-ful) *adj.* Useful مددگار - ممد و معاون - مفید - کار آمد - کام کا -

Helpfulness *n.* - امداد - اعانت - چارہ‌کاری - فائدہ مندی -

Helping (help-ing) *n.* Portion of food servd کھانے کی وہ مقدار جو کسی شخص کو ایک بار دی جائے ۔ دستگیری ۔ اعانت ۔

Helpless (help-les) *adj.* Unable to help oneself محتاج ۔ بے کس ۔ بے وسیلہ ۔ لاچار ۔ بے یارو مدد گار ۔ لاعلاج ۔

Helplessness *n.* بے کسی ۔ لاچاری ۔ مجبوری ۔ بے بسی ۔

Helpmate (help-mat) *n.* Helpful companion ساتھی ۔ مددگار ۔ مونس ۔ شریک رنج و راحت ۔

Helter-skelter (hel-tər-skel-tər) *adv., adj. & n.* Disordered haste گھبراہٹ ۔ کھلبلی ۔ گرتے پڑتے ۔ افتاں و خیزاں ۔ بد حواسی میں ۔

Helve (helv) *n.* Handle of a tool کلہاڑی وغیرہ کا دستہ ۔ قبضہ ۔ بینٹ ۔

Hem (hem) *n.* Border سنجاف ۔ مغزی ۔ گوٹ ۔ جھالر ۔ حاشیہ ۔ کنارہ ۔

Hem (hem) *v.t.* Enclose, confine مغزی لگانا ۔ حاشیہ لگانا ۔ جھالر ٹانکنا ۔

Hem (hem) *interj., n. & v.i.* Calling attention کھنکارنا ۔ متوجہ کرنا ۔ بولتے وقت حلق صاف کرنا ۔ کھنکار کر متوجہ کرنا ۔ تقریر میں اٹکتے وقت کھنکارنا ۔

Hemi (hem-i) *prefix* Half سابقہ ۔ نصف یا نیم ۔

Hemicrania (hemi-krə-ni-ä) *n.* Headache in one part of the head آدھے سر کا درد ۔ درد شقیقہ ۔

Hemiplagia (hemi-pli-giä) *n.* Paralysis of one side آدھے دھڑ کا فالج ۔ لقوہ ۔

Hemisphere (hem-is-fer) *n.* Half the earth نصف کرہ ارض ۔ نصف کرہ فلکی ۔ نصف الارض ۔

Hemistich (hemi-stik) *n.* Half of the verse نصف مصرعہ ۔ مصرعہ نا تمام ۔ آدھا بول ۔

Hemlock (hem-lok) *n.* A poisonous plant ایک زہریلا درخت جس کا عرق مسکن ہوتا ہے ۔ شیکران ۔

Hemorrhage (hem-o-raj) *n.* Haemorrhage دیکھو

Hemp (hemp) *n.* Herbaceous plant giving stout fibres سن ۔ پٹ سن ۔ ریشہ دار پودا جس کے ریشوں سے رسے اور کپڑے تیار کئے جاتے ہیں ۔ حشیش ۔ بھنگ ۔ پھانسی کا پھندا یا رسی ۔

Hemistitch (hem i stik) *v.t. & n.* Hem cloth with ornamental stitch کشیدہ کاڑھنا ۔ کشید کاری ۔ ایک طرح کا کشیدہ ۔

Hen (hen) *n.* Female domestic fowl مرغی ۔ ماکیان ۔ یہ لفظ بعض دوسرے پرندوں کے ساتھ لگانے سے مادہ کے معنی دیتا ہے ۔

Like a hen with one chicken ذرا سی بات پر اودھم مچانا ۔

Hence (hens) *adv.* From here, from this, therefore چنانچہ ۔ یہاں سے ۔ ادھر سے ۔ اب سے ۔ بعد ازاں ۔ اس لیے ۔ اس واسطے ۔

Henchman (hen(t)sh-mən) *n.* Trusty follower معتمد خاص ۔ رفیق ۔ ملازم ۔ ساتھی ۔

Henley (hen-li) *n.* Annual boat race at Henley جامعہ آکسفورڈ اور کیمبرج کا سالانہ کشتی رانی کا مقابلہ جو بمقام ہنلے ہوتا ہے ۔

Henna (hen-ä) *n.* Egyptian privet حنا ۔ مہندی ۔ عطر حنا ۔ برگ حنا ۔

Henotheism (hen-ö-the-izm) *n.* Belief in one God without asserting that He is the only God نیم توحید ۔ خدا کو واحد سمجھنا مگر لاشریک لہ کا قائل نہ ہونا ۔ شرک کی ایک قسم ۔

Hepatic (he-pat-ik) *adj.* Of, good for, the liver جگری ۔ جگر کے متعلق ۔ مقوی جگر ۔ کلیجی کے رنگ کا ۔

Hepta (hep-tə) *prefix* Seven سابقہ بمعنی سات ۔ ہفت ۔ سبع ۔

Heptagon (hep-tə-gən) *n.* Plane of seven sides ہفت پہلو خاکہ ۔ ست کونیا خاکہ ۔

Heptarchy (hep-tar-ki) *n.* Government by seven rulers سات بادشاہوں کی حکومت ۔ تاریخ برطانیہ کا ایک دور ۔

Her (hər) *pron.* Possessive subjective and objective of she اس عورت کا ۔ اس عورت کو ۔ اسے ۔ اس کا ۔ اس کی ۔

Herald (her-əld) *n.* Officer who proclaims نقیب ۔ نقیب سرکار ۔ نقیب شاہی ۔ شاہی پیام لےجانے والا ۔ قاصد ۔ پیام رساں ۔ پیش رو ۔ خبر دینے والا ۔

Herald (her-əld) *v.t.* Proclaim, usher in منادی کرنا ۔ اعلان کرنا ۔ کسی فرمان کا اعلان کرنا ۔ کسی معزز مہمان کو استقبال کر کے لے جانا اور تعارف کرانا ۔

Heraldry (her-əl-dri) *n.* Science of a herald فن نقابت ۔ ایلچی گری ۔ امراء کے اعزازی نشانات ۔ کروفر ۔

Herb (hərb) *n.* Plant whose stem is not woody جڑی بوٹی ۔ نرم پتوں کے پودے جو تر و تازہ یا خشک ادویہ کے طور پر استعمال ہوتے ہیں ۔

Herbaceous *adj.* جڑی بوٹی کا ۔ نباتاتی ۔

Herbage (hərb-aj) *n.* All kinds of herbs نباتات ۔ گھاس پات ۔ جڑی بوٹیاں ۔ رس دار پودے ۔ دوسروں کی زمین پر مویشی چرانے کا حق ۔

Herbal (hə-rb-al) *adj.* & *n.* Book of description of herbs نباتات یا جڑی بوٹیوں کی کتاب ۔ جڑی بوٹیوں کا ۔ کتاب الادویہ ۔

Herbalist (hər-bə-list) *n.* One skilled in herbs جڑی بوٹیوں کے خواص جاننے والا ۔

Herby (herb-i) *adj.* Full of herbs جڑی بوٹیوں کی خاصیت والا ۔ جڑی بوٹیوں سے بھرا ہوا ۔

Herculean (hər-ku-li-ən) *adj.* Strong as Hercules ہرکولیس کا ۔ ہرکولیس کی طرح قوی ہیکل ۔ دشوار ۔ صبر آزما ۔ مشقت طلب ۔

Hercules (hər-ku-li-əs) *n.* Greek hero of prodigious strength یونانی رستم ہرکولیس جس میں بلا کی طاقت تھی ۔ شہ زور ۔ قوی ہیکل آدمی ۔

Herd (hərd) *n.* Company of animals گلہ ۔ غول ۔ ڈار ۔ مندا ۔ جھنڈ ۔ اشخاص کا گروہ ۔

Herd (hərd) *n.* Herdsman چرواہا ۔ گڈریا ۔ گلہ بان ۔

Herd (hərd) *v.i.* & *t.* Go in a herd گلہ میں مل کر رہنا ۔ گلہ بنانا ۔ اکٹھا کرنا ۔ اکٹھا ہونا ۔ جمع کرنا ۔ مویشی کی نگہبانی کرنا ۔

Here (her) *adv.* & *n.* In this place ادھر ۔ اس طرف ۔ اس جگہ ۔ حاضر ۔ موجود ۔ اس عالم میں ۔ اس مقام پر ۔ اس موقع پر ۔ اس امر میں ۔

Hereditable (here-dit-əbl) *adj.* That may be inherited جو وراثتاً منتقل ہو سکے ۔

Hereditament (her-id-ita-mant) *n.* Inheritance مال موروثی ۔ جائداد منقولہ ۔ میراث ۔

Hereditary (he-ri-di-təri) *adj.* Descending by inheritance موروثی ۔ جدی ۔ آبائی ۔ باپ دادا کا ۔

Heredity (he-ri-di-ti) *n.* Tendency of like to beget like موروثیت ۔ باپ پر پوت پتا پر گھوڑا ۔

Heresy (her-i-si) *n.* Opinion contrary to church مسیحی عقائد کے خلاف ۔ بدعت ۔ کفر ۔ خلاف شرع ۔

Heretic (her-i-tik) *n.* Holder of unorthodox opinion مذہب کے مسلمہ عقائد کا مخالف ۔ ملحد ۔ بدعتی ۔ خارجی ۔

Heriot (her-i-ət) *n.* Money payment to landlord on the death of a tenant اسامی یا پٹہ دار کے انتقال پر جو چیز یا روپیہ زمیندار کو دیا جائے ۔

Heritable (her-it-əbl) *adj.* Transmissible from parent to child قابل وراثت ۔ قابل منتقلی ۔ مستحق وراثت ۔

Heritage (her-it-ij) *n.* What is or may be inherited ورثہ ۔ میراث ۔ موروثی جائداد (انجیل) بنی اسرائیل ۔ حصہ میراث ۔

Hermaphrodite (hər-maf-rod-it) *n.* & *adj.* Animal having characteristics of both sexes ہیجڑا ۔ مخنث ۔ خنسا ۔ وہ انسان ، جانور یا درخت جس میں نر اور مادہ دونوں کی علامتیں موجود ہوں ۔ مجمع الضدین ۔

Hermeneutic (hər-mə-nu-tic) *a.* & *n.* Of interpretation of Scriptures کتاب مقدس کی تشریح و تاویل کے متعلق ۔ تشریح و تاویل ۔

Hermes (her-mez) *n.* Son of Zeus and Maia god of eloquence and science یونانی خدا زویر اور مایا کا لڑکا ۔ علم خطابت کا دیوتا ۔ منشی فلک عطارد ۔ دیوتاؤں کا قاصد ۔

Hermetic (her-met-ik) *adj.* Of alchemy کیمیا سازی کا ۔ ہوا بستہ ۔ ہوا روک ۔

Hermit (hər-mit) *n.* Recluse زاہد ۔ گوشہ نشین ۔ تارک الدنیا ۔ جوگی ۔ تیاگی ۔ راہب ۔

Hermitage (hər-mit-ag) *n.* Hermit's abode حجرہ ۔ کٹیا ۔ جھگی ۔ خانقاہ ۔ گوشہ تنہائی ۔ ایک فرانسیسی شراب ۔

Hern (hern) *n.* Heron دیکھو

Hernia (hər-ni-a) *n.* Rupture آنت کا خصیہ میں اتر جانا ۔ فتق ۔ باد خایہ ۔

Hero (he-rō) *n.* Man of superhuman qualities بہادر - شجاع - غازی - سورما - پہلوان - رستم - غازی مرد - برگزیدہ انسان - وہ شخص جو اپنی شریفانہ خصوصیات اور کارناموں کی وجہ سے مشہور ہو - ہیرو افسانہ -

Heroic (he-ro-ik) *adj.* Having the qualities of a hero - بہادرانہ - غازیانہ - اولوالعزمانہ - رستم صفت - غازی - رجزیہ (شاعری) پر شوکت (زبان) -

Heroically *adv.* جوانمردی سے - عالی ہمتی سے -

Heroine (he-ro-in) *n.* Heroic woman, goddess شیر دل عورت - ملکہ افسانہ - دیوی - محبوبہ -

Heroism (he-ro-izm) *n.* Heroic conduct شجاعانہ کردار - بہادری - دلیری - جرأت -

Heroize (he-ro-īz) *v.t.* & *i* Make a hero of غازی بنانا - سورما بنانا - ناٹک میں ہیرو ناٹک کا کردار ادا کرنا - ہیرو بنتا یا بنانا -

Heron (her-n) *n.* Long-legged wading bird بگلا - بوق مار -

Herpes (her-pez) *n.* Skin disease - تبخالہ - کھجلی گنج - خارش - داد -

Herpetology (hər-pi-tol-ə-ji) *n.* Study of reptiles حشرات الارض کا علم - حشراتیات -

Herr (her) *n.* German equivalent of Mr. - جناب حضرت - صاحب -

Herring (her-ing) *n.* North Atlantic fish ایک قسم کی چھوٹی مچھلی جو بڑی تعداد میں کنارے آ جاتی ہے - لہر دار باریک بخیہ - لہر دار ترتیب -

Hers (hers) *adj.* Her دیکھو

Herself (her-self) *pron.* Emphatic form of she اپنے تئیں - آپ - خود اس عورت نے -

Hesitant (hez-i-tant) *adj.* Irresolute شش و پنج کرنے والا - ہچکچانے والا - غیر مستقل مزاج - کمزور ارادے کا انسان -

Hesitance, hesitancy - تامل - تردد - شش و پنج -

Hesitate (hez-i-tāt) *v.i.* Show indecision پس و پیش کرنا - تامل کرنا - ہچکچانا -

Hesitation *n.* تامل - توقف -

Hesitative *adj.* - کمزور ارادے کا - ہچکچانے والا - غیر مستقل -

Hetero (het-ər-ō) *prefix.* Other, different سابقہ بمعنی دوسرا - مختلف -

Heteroclite (het-ərō-klit) *adj.* & *n.* Irregular بے قاعدہ - خلاف دستور (قواعد) جس کی گردان بے قاعدہ ہو -

Heterodox (het-ərō-doks) *n.* Person not orthodox خلاف دین - خلاف شرع - آزاد خیال - غیر مقلد -

Heterodoxy *n.* - کفر - الحاد - اعتزال - آزاد خیال - بدعت -

Heterogeneous (het-əro-ji-ni-əs) *adj.* Diverse in character غیر جنس - مخالف جنس - نا موافق اجزا یا غیر جنس چیزوں کا بنا ہوا - غیر متجانس -

Hew (hū) *v.t.* & *i.* Chop, cut - کاٹنا - تراشنا - پھاڑنا ٹکڑے ٹکڑے کرنا - پے در پے وار کرنا - لگاتار ضرب لگانا - زخمی کرنا -

Hewer (hū-ər) *n.* Man who cuts coal from seam لکڑی کاٹنے والا - کان میں کوئلہ کھودنے والا -

Hewers of wood and drawers of water محنت کرنے والے - مزدور -

Hexa (heks-a) *prefix.* In combination, six - سابقہ جوڑ میں بمعنی شش - چھ -

Hexagon (heks-a-gon) *n.* A thing of six sides چھ کونیا - شش پہلو -

Hexameter (heks-a-meter) *n.* Line of six metrical feet چھ رکن کے وزن کا شعر -

Hexangular (heks-ang-lər) *adj.* Of six angles شش زاویہ - مسدس -

Hexapod (heks-a-pod) *n.* Insect of six feet چھ پیروں کا کیڑا -

Hey (hā) *interj.* Calling attention - اجی دیکھنا دیکھو - ہوت -

Hey-day (hā-dā) *interj.* Expressing joy کیا کہنے ہیں - واہ وا - او ہو - اہاہ -

Hey-day (hā-dā) *n.* Full bloom - شباب - بہار - عروج کمال - ترنگ -

Hiatus (hi-a-təs) *n.* Break, gap - رخنہ - شگاف ٹوٹی ہوئی کڑی - کسی بیان یا افسانے کی ٹوٹی ہوئی کڑی - نقص - سکتہ -

Hibernal (hi-bər-nəl) *adj.* About winter جاڑوں کا ۔ سرما کے متعلق ۔

Hibernate (hi-bər-nət) *v.i.* Spend the winter in torpid state بند جگہ میں بے حس و حرکت موسم سرما گزار دینا ۔ سست پڑا رہنا ۔ بے حس و حرکت پڑے رہنا ۔

Hicough-cup (hi-kəf) *n., v.i. & t.* Involuntary spasm of respiratory organs ہچکی - ہچکی آنا - ہچکی لے کر کہنا ۔

Hid, Hidden (hid) *v.* Hide دیکھو

Hidalgo (hi-dal-gō) *n.* Spanish gentleman ہسپانیہ کا خوش رویہ مرد ۔

Hide (hid) *n. & v.t.* Animal's skin, flog کھال ۔ چمڑا ۔ پوست ۔ کاٹی ہوئی کھال ۔ انسان کی کھال (بول چال) کوڑے مارنا ۔

Hide (hīd) *v.t. & i.* Keep a thing from view چھپانا ۔ مخفی کرنا ۔ اوجھل ہونا ۔ پوشیدہ کرنا یا ہونا ۔ راز داری کرنا ۔ کسی بات کو ظاہر نہ ہونے دینا ۔

Hide-bound (hīd-bownd) *adj.* Of cattle with skin clinging close لاغر ۔ چمٹی ہوئی کھال ۔ وہ جانور جس کی کھال کمی غذا کی وجہ سے گوشت سے چمٹ جائے ۔ تنگ نظر ۔ تنگ خیال ۔

Hideous (hid-i-əs) *adj.* Repulsive ڈراؤنا ۔ بھیانک ۔ مہیب ۔ وحشت انگیز ۔ برا ۔ کریہہ ۔ گھناؤنا ۔ مکروہ ۔ غلیظ ۔

Hideousness *n.* گھناؤنا پن ۔ ہیبت ناکی ۔

Hiding (hīd-ing) *n.* Thrashing بید یا چابک کی مار ۔

Hiding (hīd-ing) *n.* Place of concealment پوشیدگی - چھپنے کی جگہ ۔

Hie (hi) *v.i.* Go quickly جلدی کرنا ۔ جلد چلنا ۔ دوڑ کر جانا - جلد پہنچنا ۔

Hierarch (hi-ər-ark) *n.* Chief priest مرشد ۔ پیر ۔ گرو ۔ بڑا مذہبی پیشوا ۔ بڑا ۔ پادری ۔ اسقف ۔

Hierarchy (hi-ər-arki) *n.* Priestly government پیری ۔ پیشوائی ۔ مذہبی حکومت ۔ کلیسائی راج ۔ فرشتوں کا سلسلہ مدارج ۔ پادریوں کا نظام - کلیسا کا نظام و مراتب ۔

Hierarchism *n.* حکومت الہیہ ۔ مذہبی حکومت کا اصول ۔

Hiero (hi-ər-ō) *prefix.* Sacred, priestly سابقہ بہ معنی پاک ۔ مقدس ۔

Hieroglyph (hi-ər-o-glif) *n.* Figure of an object standing for a word علاماتی زبان ۔ نقشی یا تصویری زبان ۔ ایسی زبان جس میں کسی چیز کی شکل الفاظ کا کام دیتی ہے ۔

Hieroglyphic (hi-ər-o-glif-ik) *adj.* Symbolical تصویری تحریر کا ۔ تصویری ۔ علاماتی ۔ قدیم مصری ۔

Hierogram (hi-ər-o-gram) *n.* Sacred writing مقدس کتبہ ۔ مقدس تحریر ۔ نقش یا علامت رمز ۔

Higgle (hig-l) *v.i.* Dispute about price قیمت اور بھاؤ میں تکرار کرنا ۔ بھاؤ تاؤ کرنا ۔ بھاؤ چکانا ۔ حجت کرنا ۔

Higgledy-piggledy (hig-l-di-pig-l-di) *adv., adj. & n.* Utter confusion گڈ مڈ ۔ درہم برہم ۔ الٹا سیدھا ۔ ابتر ۔ گڑ بڑ کا کام ۔

High (hī) *adj., n. & adv.* Situated far above ground بلند ۔ اونچا ۔ لمبا ۔ عالی ۔ عمدہ ۔ قوی ۔ عظیم ۔ مشکل ۔ دشوار ۔ دقیق ۔ شدید ۔ گران ۔ مغرور ۔ متکبر ۔ مدمغ ۔ اعلیٰ درجہ کا ۔ بر تر ۔ کسی قدر اترا ہوا گوشت ۔ انتہا پسند ۔ صدر ۔ اعلیٰ ۔ بلندی پر ۔ بہت اونچا ۔ تیز آواز میں ۔ شدت کے ساتھ ۔

High and dry واقعات کی رو سے محفوظ ۔ جھگڑے بکھیڑے سے پاک ۔

High and mighty مغرور ۔ خود پسند ۔ خود بین ۔

High-brow عوام کو حقارت سے دیکھنے والا ۔

High life امیرانہ ٹھاٹھ ۔

High-strung جلد مشتعل ہونے والا ۔

High tea چائے جس کے ساتھ گوشت بھی ہو ۔

High-water mark جوار یا مد کے پانی کی انتہائی بلندی ۔

High words تو تو میں میں ۔ سخت کلامی ۔

Play high بڑا پتہ ڈالنا ۔ بڑی رقم کی شرط لگا کر کھیلنا ۔

Highly (hī-li) *adv.* In a high degree بڑے پیمانہ پر ۔ بہت اچھی طرح ۔ اعلیٰ طرز کا ۔

Highness (hī-nes) *n.* Title of various princes جناب عالی ۔ حضور والا - حضور پر نور ۔ بعض شہزادوں اور ہند کے والیان ریاست کا خطاب ۔ اعلیٰ حضرت ۔ مہاراج ۔

Hijacker (hi-jak-ər) *n.* Person who preys on bootleggers وہ شخص جو شراب کی ناجائز تجارت کرنے والوں کو ڈرا دھمکا کر روپیہ وصول کرتا ہے ۔

Hijra (hij-ra) Hegira دیکھو

Hilary (hil-əri) *n.* Legal or university term قانونی یا جامعاتی میقات ۔

Hilarious (hil-ə-ri-əs) *adj.* Mirthful, joyous زندہ دل ۔ خوش دل ۔ خوشی کا ۔

Hilarity *n.* ترنگ ۔ چہل ۔ خوش دلی ۔ زندہ دلی ۔

Hill (hil) *n.* & *v.t.* Natural elevation پہاڑ ۔ کوہ ۔ جبل ۔ پہاڑی ۔ ٹیلہ ۔ تودہ بنانا ۔ ٹیلہ بنانا ۔ پشتہ بندی کرنا ۔

Hilly (hil-i) *adj.* Mountainous اونچائی پر ۔ بلند ۔ کوہستانی ۔ پہاڑی ۔

Hilliness *n.* پہاڑوں اور ٹیلوں کی کثرت ۔

Hillock (hil-ək) *n.* Small hill or mound چھوٹی پہاڑی ۔ ٹیلہ ۔ ٹیکرا ۔

Hilt (hilt) *n.* & *v.t.* Handle of sword قبضہ ۔ دستہ ۔ موٹھ ۔ قبضہ یا دستہ لگانا ۔

Him (him) *pronoun.* Objective case of he اُسے ۔ اس کو ۔ جیسے (بول چال) وہ ۔

Himself (him-self) *pron.* Reflective form of he خود آپ ۔ اپنے تئیں ۔ آپ ہی ۔ اپنے آپ ۔

Hind (hīnd) *n.* Female deer after three years age مادہ آہو ۔ ہرنی ۔

Hind (hīnd) *n.* Farm servant ہرواہا ۔ کھیت کا ملازم ۔ کھیتی باڑی کا کام کرنے والا ۔

Hind (hind) *adj.* Posterior پچھلا ۔ پیچھے کا ۔

Hinder (hind-ər) *v.t.* Obstruct, prevent روکنا ۔ منع کرنا ۔ مزاحمت کرنا ۔ باز رکھنا ۔ راہ میں حائل ہونا ۔ سد راہ ہونا ۔ رکاوٹ پیدا کرنا ۔

Hindi (hindi) *n.* Hindi language ہندوستان کا ۔ ہندی زبان ۔

Hindmost (hind-most) *a.* Furthest behind سب سے پچھلا ۔ آخری ۔ سب سے آخر کا ۔

Hindrance (hin-dər-əns) *n.* Obstacle رکاوٹ ۔ مزاحمت ۔ آڑ ۔ اڑچن ۔

Hindu (hin-doo) *adj.* & *n.* One who professes Hinduism ہندو مذہب کا پیرو ۔ ہندوؤں کا ۔ ہندوانہ ۔

Idiomatic (ide-ə-ma-tik) *adj.* Conforming to idiom با محاورہ ۔ اہل زبان کے بول چال کے مطابق ۔ لسانی طور سے درست ۔

Idiomatically اہل زبان کی بول چال کے مطابق ۔ بامحاورہ ۔

Idiopathy (i-di-op-ə-thi) *n.* Disease not occasioned by another اصلی عارضہ ۔ عارضہ جو کسی دوسری بیماری سے پیدا نہ ہوا ہو ۔

Idiosyncrasy (id-i-ō-sing-krəsi) Mental constitution ہر شخص کے مزاج یا طبیعت کا خاصہ ۔ مخصوص جذبہ یا خیال ۔ مخصوص طرز بیان ۔

Idiot (i-di-ət) *n.* Mentally deficient person مادر زاد احمق ۔ سادہ لوح ۔ مخبوط الحواس ۔ فاتر العقل ۔ بے وقوف ۔ خبطی ۔ آلو ۔

Idiotic *adj.* خبطیوں کا سا ۔ ابلہانہ ۔ احمقانہ ۔

Idiotically *adv.* احمقانہ پن سے ۔ بے وقوفی سے ۔ احمقوں کی طرح ۔

Idle (ī-dl) *adj., v.i. & t.* Worthless, lazy بے کار ۔ بے شغل ۔ سست ۔ مجہول ۔ ناکارہ ۔ نکما ۔ بے بنیاد ۔ بے اصل ۔ بے فائدہ ۔ آرام طلب ۔ سستی کرنا ۔ ضائع کرنا ۔ سستی یا آرام طلبی میں برباد کرنا ۔

Idleness *n.* آرام طلبی ۔ بےکاری ۔ کاہلی ۔

Idler *n.* کاہل ۔ آوارہ گرد ۔

Idly *adv.* سستی سے ۔ کاہلی سے ۔

Idol (ī-dl) *n.* Image for worship بت ۔ مورتی ۔ صنم ۔ مجسمہ ۔ محبوب ۔ پیارا ۔ وہم ۔ خیال باطل ۔ سایہ ۔

Idolater (ī-dol-ə-tər) *n.* Worshipper of idols بت پرست ۔ پوجنے والا ۔ گرویدہ ۔ عاشق ۔

Idolatry پرجوش محبت ۔ صنم پرستی ۔ بت پرستی ۔

Idolatrous (ī-dol-ət-rəs) *adj.* About idol worship بت پرستی سے متعلق ۔ بت پرستانہ ۔

Idolize (ī-do-liz) *v.t.* Make an idol of بت بنانا ۔ معبود بنا کر پوجنا ۔ بت پرستی کرنا ۔ حد سے زیادہ احترام کرنا ۔

Idolization معبود بنا لینا ۔ حد سے زیادہ احترام ۔ بت پرستی ۔

Idyll (īd-īl) *n.* Song of rustic life دیہاتیوں کے چھوٹے چھوٹے گیت ۔ گیت جن میں دیہاتی زندگی کی جھلک ہو ۔ واقعہ یا کہانی جو ایسے گیت کے لیے موزوں ہو ۔

Idyllist *n.* دیہاتی زندگی کا شاعر ۔ دیہاتی گیت لکھنے والا ۔

If (if) *conj.* On the condition اگر ۔ بشرطیکہ ۔ بالفرض ۔ گویا کہ ۔ جو ایسا نہ ہو تو ۔ جیسے ۔ کیا خوب ۔ بشرط ۔ بالفرض ۔

Igneous (ig-ni-əs) *adj.* Of fire, fiery آگ کا ۔ آتشی ۔ آگ کا بنا ہوا ۔ آگ سا ۔ آتش نشان ۔ آتش فشانی عمل کا ۔

Ignite (ig-nīt) *v.t. & i.* Make intensely hot آگ لگانا ۔ آگ پکڑنا ۔ مشتعل کرنا یا ہونا ۔ تپانا ۔

Ignitable *adj.* جل اٹھنے کے لائق ۔ آتش گیر ۔ جلنے کے قابل ۔

Ignition آگ لگنے سے بھڑکنا ۔ جل اٹھنا ۔ آتش گیری ۔

Ignoble (ig-no-bl) *adj.* Mean, base کمینہ ۔ کم ظرف ۔ کم اصل ۔ رذیل ۔ ذلیل ۔ نکما ۔ سفلہ ۔ کمینہ پن کی ۔ ذلیل (حرکت) ۔

Ignominy (ig-no-mi-ni) *n.* Dishonour, infamy بدنامی ۔ رسوائی ۔ بے آبروئی ۔ فضیحت ۔ شرمناک یا ذلیل حرکت ۔

Ignominous *adj.* موجب ذلت ۔ باعث رسوائی ۔ شرمناک ۔

Ignoramous (ig-ne-ra-məs) *n.* Ignorant person جاہل ۔ احمق ۔ ناواقف ۔ نادان ۔ اناڑی ۔

Ignorance (ig-nər-əns) *n.* Want of knowledge نادانی ۔ ناواقفیت ۔ جہالت ۔ لاعلمی ۔

Ignorant (ig-nə-rənt) *adj.* Lacking knowledge بے علم ۔ ناواقف ۔ جاہل ۔ اناڑی ۔ بے خبر ۔ ناخواندہ ۔ نادان ۔

Ignore (ig-nōr) *v.t.* Refuse to take notice of کچھ خیال نہ کرنا ۔ تجاہل برتنا ۔ نظر انداز کرنا ۔ انجان بننا ۔ نامنظور کرنا ۔ مسترد کرنا ۔ (جیوری کے الزام جرم کو)

Iliac (i-liək) *adj.* Of the flank bone, of obstruction پیڑو کے متعلق ۔ کولہے کی ہڈی کا ۔ معدے کے رکاؤ کا ۔

Iliad (il-i-ad) *n.* Homer's famous epic poem ہومر کی مشہور رزمیہ نظم ۔ ایلیڈ ۔

Ilk (ilk) *adj.* Of the same وہی ۔ اسی کا ۔

Ill (il) *adj., n. & adv.* Sick بیمار ۔ علیل ۔ ناساز ۔ برا ۔ بد ۔ ماندا ۔ غلط ۔ نا موزوں ۔ نا جائز ۔ نا شائستہ ۔ نا زیبا ۔ تنگ مزاج ۔ زود رنج ۔ بد خلق ۔ نا شائستہ طریقے سے ۔ نا سازگاری سے ۔

Illation (il-ə-shən) *n.* Deduction حاصل ۔ نتیجہ ۔ استنباط ۔ ما حصل ۔ پھل ۔

Illative (il-ə-tiv) *adj.* Inferential نتیجہ خیز ۔ استخراجی ۔ نتیجے کے متعلق ۔

Illegal (il-e-gl) *adj.* Contrary to law خلاف قانون ۔ خلاف شرح ۔ نا جائز ۔ ممنوع ۔

Illegality نا جائز ہونا ۔ خلاف قانون ہونا ۔ لا قانونیت ۔

Illegible (il-ej-i-bl) *adj.* That can not be made out جو پڑھا نہ جا سکے ۔ بد خط ۔

Illegibility ایسی تحریر جو نہ پڑھی جا سکے ۔ بد خطی ۔

Illegitimate (il-i-jit-i-mit) *adj. & n.* Not born in lawful wedlock نا جائز ۔ خلاف شرح ۔ حرامی ۔ غیر منکوحہ عورت کے بطن سے ۔ خلاف منطق ۔ غلط ۔

Illegitimacy *n.* خلاف قانون ہونا ۔ غیر شرعی ہونا ۔ کم اصل ہونا ۔ حرامی پن ۔

Illegitimate (el-i-jit-i-mit) *v.t.* Declare as illegitimate حرامی قرار دینا ۔ ولدالزنا ثابت کرنا ۔ نا جائز ٹھہرانا ۔

Illiberal (il-ib-ər-əl) *adj.* Narrow-minded تنگدل ۔ کنجوس ۔ بے فیض ۔ بے مروت ۔ کمینہ ۔ اوچھا ۔ غلامانہ ۔ تاریک خیال ۔

Illiberality *n.* ونائت ۔ تنگ دلی ۔ بخل ۔ کنجوسی ۔

Illiberally *adv.* تنگ دلی سے ۔ کمینہ پن سے ۔ کنجوسی سے ۔

Illicit (il-is-it) *adj.* Unlawful نا روا ۔ نا جائز ۔ خلاف قانون ۔ خلاف شرح ۔

Illicitly *adv.* خلاف قانون ۔ نا جائز طور پر ۔

Illimitable (il-im-it-ə-bl) *adj.* Boundless بے حد ۔ لا متناہی ۔ لا انتہا ۔ لا محدود ۔

Illiterate (il-it-ər-it) *adj. & n.* Unable to read جاہل ۔ بے علم ۔ نا خواندہ ۔ ان پڑھ ۔

Illiteracy *n.* کم علمی ۔ جہل ۔ نا خواندگی ۔

Illiterateness *n.* ان پڑھ ہونا ۔ بے علمی ۔ نا خواندگی ۔

Illness (il-nes) *n.* Sickness روگ ۔ بیماری ۔ آزار ۔ مرض ۔ نا سازی ۔ شرارت ۔ بدی ۔ برائی ۔ خباثت ۔ کھوٹ ۔

Illogical (il-oj-i-kəl) *adj.* Contrary to logic خلاف منطق ۔ خلاف عقل ۔ غیر معقول ۔ بے دلیل ۔

Illogicality *n.* غیر معقول ہونا ۔ نامعقولیت ۔ لامنطقیت ۔

Illume (il(y)ōōm) *v.t.* Make bright روشن کرنا ۔ چمکانا ۔ درخشاں کرنا ۔ نورانی کرنا ۔ رونق بخشنا ۔ منور کرنا ۔

Illuminate (il(y)ōōm-in-āt) *v.t.* Light up روشن کرنا ۔ منور کرنا ۔ چمکانا ۔ چراغاں کرنا ۔ شمعوں سے سجانا ۔ واضح کرنا ۔ روشنی ڈالنا ۔ فروغ دینا ۔ چمکانا ۔ نقش و نگار بنانا ۔ طلا کاری کرنا ۔

Illumination *n.* توضیح ۔ تشریح ۔ تابانی ۔ درخشانی ۔ فروغ ۔ چراغاں ۔ طلا کاری ۔ نقش و نگار ۔ نور ۔ تجلی ۔ جلوہ ۔

Illuminative *adj.* روشن کرنے والی ۔ تشریحی ۔ توضیحی ۔

Illumine (il(y)ōō-mīn) *v.t.* Brighten قلب و دماغ کو روشن کرنا ۔ روشن کرنا ۔ تاباں کرنا ۔ بصیرت پیدا کرنا ۔ چمکانا ۔

Illusion (il(y)ōō-zhən) *n.* فریب ۔ دھوکا ۔ فریب خیال ۔ فریب نظر ۔ خیالی پیکر ۔ ایک قسم کی باریک نقاب ۔

Illusionist (il(y)ōō-zhən-ist) *n.* One who disbelieves in objective existence ہستی کو فریب نظر سمجھنے والا ۔ عالم خارج کو دھوکا جاننے والا ۔ جادوگر ۔ نظر بندی کرنے والا ۔

Illusive (il(y)ōō-siv) *adj.* Deceptive دھوکے کا ۔ جس سے دھوکا ہو ۔ فریب دہ ۔ پر فریب ۔

Illusiveness *n.* فریب دہی ۔ دھوکا دہی ۔ نظر فریبی ۔

Illusory *adj.* پر فریب ۔ باطل کا ۔ دھوکے کا ۔

Illustrate (il-es-trāt) *v.t.* Make clear شرح کرنا ۔ توضیح کرنا ۔ مثالوں سے واضح کرنا ۔ روشن کرنا ۔ مثال ۔ توضیح ۔ نقشے وغیرہ سے ۔ نقش و نگار بنانا ۔

Illustrator تصویروں ، مثالوں اور نقشوں سے واضح کرنے والا ۔

Illustration (il-əstra-shən) *n.* Explanation - توضیح تشریح - بیان - مثال - تمثیل - تصویر - نقشہ - خاکہ -

Illustrative (il-əstra-tiv) *adj.* Serving as explanation of توضیحی - تشریحی - تمثیلی - مثالی - روشن کرنے والا -

Illustrious (il-əstri-əs) *adj.* Distinguished - روشن تاب دار - مشہور - معروف - نامور - عالی مرتبہ - گرامی قدر - ذی شان - عالی وقار - ممتاز -

Image (im-ij) *n.* External form of an object - مورت تصویر - شبیہ - مجسمہ - بت - شکل - صورت - تصور - خیال - خیالی تصویر - ہو بہو تصویر - مثال - مثالی پیکر -

Image (im-ij) *v.t.* Make an image of تصویر یا صورت بنانا - عکس ڈالنا - شبیہ بنانا - تصور کرنا - خیال باندھنا - با وضاحت بیان کرنا - مثالی پیکر پیش کرنا -

Imagery (im-ij-eri) *n.* Figurative illustration صورتیں - مورتیں - مجسمے - پتلے - شبیہیں - تصورات - کندہ کئے ہوئے نقوش - قوت شاکلہ -

Imaginable (im-ag-in-əbl) *adj.* That can be imagined - قابل تصور - قرین قیاس - خیال کرنے کے لائق -

Imaginary (im-ag-in-əri) *adj.* Existing only in imagination - قیاسی - فرضی - موہوم - ذہنی - صوری -

Imagination (im-ag-ina-shən) *n.* Mental faculty of imagining external objects - قوت متخیلہ - تخئیل - تصور - خیال آرائی - پرواز فکر -

Imaginative (im-ag-in-a-tiv) *adj.* Of using faculty of imagination پر خیال - پر تخیل - مضمون خیز - قوت متخیلہ کا -

Imaginativeness *n.* - بلند فکر ہونا - صاحب تخیل ہونا -

Imagine (im-ag-in) *v.t.* Form mental images of تصور کرنا - قیاس کرنا - خیال کرنا - ذہن میں کسی خارجی شے کی تصویر قائم کرنا - خواہ مخواہ کچھ سمجھ لینا - فرض کرنا - سمجھنا - رائے رکھنا -

Imbecile (im-bi-sil) *adj.* & *n.* Mentally weak ضعیف العقل - بیوقوف - ناتوان - احمق - نامرد - بزدل -

Imbecility *n.* ناتوانی - نامردی - ناطاقتی - دماغی کمزوری - ضعف عقل -

Imbibe (im-bīb) *v.t.* Assimilate پی لینا - جذب کرلینا - چوس لینا - جمع کرلینا - ذہن نشین کرلینا - قبول کرنا - اخذ کرنا -

Imbibition *n.* - جمع کرنا - جذب کرنا - اخذ کرنا -

Imbroglio (im-brō-liō) *n.* Complicated situation پیچیدہ معاملہ - گتھی - گہری سازش - بے ترتیب انبار - سیاسی گتھی -

Imbrue (im-broo) *v.t.* Stain hand or sword with blood - آلودہ کرنا - ہاتھ یا تلوار کو خون سے رنگنا -

Imbue (im-bū) *v.t.* Saturate or inspire with - رنگنا گہرا رنگنا - خیالات کا ذہن میں جم جانا - دل پر اثر ڈالنا - کسی رنگ میں رنگ دینا -

Imitate (im-i tāt) *v.t.* Follow example of - نقل کرنا تقلید کرنا - پیروی کرنا - تتبع کرنا - نقش قدم پر چلنا - نقل اتارنا - مشابہت اختیار کرنا -

Imitable *adj.* پیروی کے قابل - قابل تقلید -

Imitator *n.* پیرو - مقلد -

Imitation (im-i-ta-shən) *n.* Copy - پیروی - اتباع نقل - تقلید - مصنوعی - جھوٹا - نقلی -

Imitative (im-i-ta-tiv) *adj.* Following model or example تقلیدی - نقلی - تقلید کی خاصیت رکھنے والا - اتباع کرنے والا - بغیر جدت کا -

Immaculate (im-ak-u-lit) *adj.* Pure, spotless بے عیب - بے داغ - بے گناہ - معصوم - پاک - صاف - مصفا -

Immaculateness *n.* - صفائی - بے داغ ہونا - بے عیبی - پاکیزگی -

Immaterial (im-ə-ti-ri-əl) *adj.* Not material غیر مادی - غیر جسمی - ناقابل لحاظ - بے وقعت - غیراہم - غیر ضروری - حقیر -

Immaterialism (im-ə-ti-riəl-izm) *n.* Doctrine that matter does not exist itself apart from perception یہ عقیدہ کہ ہمارے شعور سے علیحدہ مادہ کا کوئی وجود نہیں ہے - ارواح مجردہ کے وجود کا عقیدہ - تصوریت - شعوریت -

Immaterialist *n.* - اعیان ثابتہ کے علمی وجود کا عقیدہ یا وجود اروح مجردہ کا عقیدہ رکھنے والا -

Immature (im-ə-tūr) *adj.* Not mature - کچا - خام ناقص - نا مکمل - ناتمام - قبل از وقت - پیش از وقت - قبل از مدت معینہ - بے وقت -

Immaturity *n.* - نا بالغی - ناتجربہ کاری - کچا پن - خامی -

Immeasurable (im-ezhər-əbl) *adj.* Immense بے حد ۔ بے پایاں ۔ عظیم ۔ لامحدود ۔ بے شمار ۔ بے اندازہ ۔ بے انتہا ۔ بے قیاس ۔ عقل و ادراک سے بالاتر ۔

Immeasurably *adj.* بے اندازہ ۔ بے حد ۔ بے شمار ۔

Immediate (im-e-di-āt) *adj.* Nearest, next قریب ۔ نزدیک ۔ بلا واسطہ ۔ بلا فصل ۔ حاضر ۔ موجود ۔ جلد ۔ فی الفور ۔ بلا تاخیر ۔ سیدھا ۔ براہ راست ۔

Immediate inference فوری نتیجہ ۔ بد یہی نتیجہ ۔

Immediately فی الفور ۔ براہ راست ۔ بلا واسطہ ۔

Immemorial (im-i-mor-i-əl) *adj.* Very old پرانا ۔ قدیم ۔ زمانہ دراز کا ۔ پراچین ۔ عمیق ۔

Immense (i-mens) *adj.* Vast, huge لاانتہا ۔ بے حد ۔ عظیم ۔ بہت بڑا ۔ (بول چال) بہت ۔ نہایت ۔

Immensely *adj.* (بول چال) بہت ۔ نہایت ۔ بکثرت ۔ بہت زیادہ ۔ بے اندازہ ۔ بے حد ۔

Immerse (im(m)ərs) *v.t.* Dip, plunge, ڈبونا ۔ غوطہ دینا ۔ سر سے پیر تک بھگونا ۔ پانی میں ڈبا دینا ۔ دفن کرنا ۔ گاڑنا ۔ مصیبت میں مبتلا کرنا ۔ خیالات میں مستغرق کرنا ۔

Immersion (im(m)ər-shən) *n.* Plunging, absorption اغراق ۔ غوطہ خوری ۔ پانی میں ڈبو کر پتسمہ ۔ استغراق

Immigrate (im-i-grāt) *v.t. & i.* Come as settler in a foreign country کسی دیس میں آبسنا ۔ وطن تبدیل کرنا ۔ کسی شخص کا وطن تبدیل کرانا ۔ اپنا دیس چھوڑ کر کسی دوسرے ملک میں بسنا یا بسانا ۔

Immigrant مہاجر ۔ غریب الوطن ۔

Immigration *n.* غیر ملک کی سکونت پذیری ۔ ترک وطن ۔ ہجرت ۔

Imminent (im-i-nənt) *adj.* Impending سر پر کھڑا ۔ نازل ہونے والا ۔ قریب الوقوع ۔ قریب ۔ نزدیک ۔ پاس ۔

Imminence *n.* نزول ۔ قریب الوقوع ہونا ۔

Imminently *adv.* سر پر منڈلاتے ہوئے ۔

Immitigable (im-it-i-gəbl) *adj.* That cannot be softened نرم نہ ہونے والا ۔ جو قابل تخفیف نہ ہو ۔

Immixture (im(m)iks-tur) *n.* Being involved آمیزش ۔ ملاوٹ ۔ شرکت ۔ ملانا یا ملنا ۔

Immobile (im(m)o-bīl) *adj.* Motionless ساکن ۔ غیر متحرک ۔ نا قابل حرکت ۔ جسے حرکت نہ دی جا سکے ۔

Immobilize (im(m)o-bil-īz) *v.t.* Fix immovably بے حرکت یا غیر متحرک کر دینا ۔ فوج کی نقل و حرکت کو نا ممکن بنا دینا ۔ کسی سکے کے رواج کو روک دینا ۔

Immobilization *n.* غیر متحرک کرنا ۔ فوج کی حرکت کو نا ممکن بنا دینا ۔

Immoderate (im-od-ər-it) *adj.* Excessive غیر واجب ۔ غیر معقول ۔ بہت زیادہ ۔ حد اعتدال سے زیادہ ۔ بے حساب ۔ افزوں ۔ غیر معتدل ۔

Immodest (im-od-ist) *adj.* Indecent شیخی باز ۔ خود نما ۔ بد تمیز ۔ گستاخ ۔ شوخ چشم ۔ ناشائستہ ۔ نازیبا ۔ بے حیا ۔ بے شرم ۔ بے غیرت ۔ بد لحاظ ۔

Immodestly *adv.* بے حیائی سے ۔ ناشائستگی سے ۔

Immodesty *n.* بے غیرتی ۔ بے حیائی ۔

Immolate (im-o-lāt) *v.t.* Kill as sacrifice بھینٹ چڑھانا ۔ قربانی دینا ۔ قربانی کرنا ۔

Immolation *n.* بلیدان ۔ چڑھاوا ۔ قربانی ۔

Immolator *n.* نذر کرنے والا ۔ قربانی دینے والا ۔

Immoral (im(m)o-rəl) *adj.* Dissolute برا ۔ زبوں ۔ زشت ۔ فاسق ۔ فاجر ۔ بد فعل ۔ خلاف شرع ۔ بد اخلاق ۔ بد رویہ ۔

Immorality *n.* بد فعلی ۔ فسق و فجور ۔ بد کرداری ۔

Immorally *adv.* فاسقانہ ۔ فاجرانہ ۔ بد اخلاقی سے ۔

Immortal (im-or-tl) *adj.* Undying لافانی ۔ امر ۔ لازوال ۔ قائم ۔ قدیم ۔ دائم ۔ زندہ جاوید ۔ ایزدی ۔ الٰہی ۔ قدیم زمانے کے دیوتا (بول چال) دائمی ۔ اٹل ۔ پائدار ۔

Immortality *n.* ابدیت ۔ ہمیشگی ۔ بقائے دوام ۔ لم یزل ۔ حیات جاودانی ۔

Immortalize (im-or-tlīz) *v.t.* Perpetuate حیات ابدی دینا ۔ زندہ جاوید کرنا ۔ یاد کو باقی رکھنا ۔ کارناموں کا بار بار ذکر کرنا ۔ یادگار بنا دینا ۔

Immortalization *n.* حیات ابدی بخشنا ۔ زندہ جاوید کرنا ۔

Immortally (im-or-tli) *adv.* (بول چال) بہت ۔ بے حد ۔ نہایت ۔ ہمیشہ کے لیے ۔ ابداً ۔

Immovable (im-oov-əbl) *adj.* Motionless غیر متحرک ۔ بے حرکت ۔ ساکن ۔ منجمد ۔ بے حس ۔ مستقل مزاج ۔ غیر متزلزل ۔ اٹل ۔ سنگ دل ۔ غیرمنقولہ (جائداد) ۔

Immune (im-ūn) *adj.* & *n.* Exempted ۔ محفوظ ۔ مامون ۔ وہ شخص جو ٹیکس وغیرہ سے بچا ہوا ہو ۔ وہ شخص جو متعدی بیماریوں سے مامون ہو ۔

Immunity *n.* چھٹکارا ۔ بے خوفی ۔ آزادی ۔ معافی ۔ استثنا ۔

Immunize *v.t.* مستثنیٰ کرنا ۔ معافی دینا ۔ محفوظ کرنا ۔

Immure (im-ūr) *v.t.* Shut oneself up چار دیواری میں بند کرنا ۔ گھیرنا ۔ قید کرنا ۔ قید یا بند کرنا ۔ اپنے آپ کو مقید کرنا ۔

Immutable (im-ūt-əbl) *adj.* Unchangeable ۔ اٹل ۔ ناقابل تغیر ۔ غیر متغیر ۔

Immutability *n.* ایک حال میں رہنا ۔ دوام ۔ ایک حالت ۔ ناقابل تغیر ۔

Imp (imp) *n.* Mischievous child شریر لڑکا ۔ شیطان کا بچہ ۔

Imp (imp) *v.t.* Mend broken feather ٹوٹے بازوؤں میں پر لگانا ۔ باز کے ٹوٹے پروں کی جگہ دوسرے پر لگا دینا ۔ اڑنے کے قابل بنانا ۔

Impact (im-pakt) *v.t.* & *n.* Collision, press ۔ دابنا زور سے دبانا ۔ تصادم ہونا ۔ جکڑنا ۔ تصادم ۔ ٹکر ۔

Impair (im-pār) *v.t.* Damage, weaken بگاڑنا ۔ خراب کرنا ۔ اتارنا ۔ گھٹانا ۔ نقصان پہنچانا ۔ کمزور کرنا ۔ خلل ڈالنا ۔

Impale (im-pāl) *v.t.* Transfix upon stakes جسم میں میخیں ٹھونک کر ہلاک کرنا ۔ میخیں ٹھونک کر قتل کرنا ۔ نوک دار لکڑیوں کا جنگلا لگانا ۔

Impalement *n.* جنگلا بندی ۔ سزا ۔ ضرر ۔ نقصان

Impalpable (im-pal-pə-bl) *adj.* Imperceptible غیر محسوس ۔ مہین ۔ نامعلوم ۔ باریک ۔ جس کا ادراک نہ ہو سکے ۔ جسے چھو نہ سکیں ۔

Impanel (im-pan-əl) *v.t.* Empanel دیکھو

Imparadise (im par-ə-dīs) *v.t.* Bring into state of supreme happiness روحانی خوشی بخشنا ۔ انتہائی مسرت حاصل ہونا ۔ بہشت میں پہنچا دینا ۔ بہشت بنا دینا ۔ گلزار بنا دینا ۔

Impark (im-park) *v.t.* Enclose in park سیرگاہ میں جانوروں کو بند کرنا ۔

Imparkation *n.* جانوروں کی حفاظت گاہ تیار کرنا ۔ جانوروں کا باڑہ بنانے کے لیے زمین گھیرنا ۔

Impart (im-part) *v.t.* Give to دینا ۔ بخشنا ۔ عنایت کرنا ۔ عطا کرنا ۔ ظاہر کرنا ۔ بتلانا ۔ سمجھانا ۔ کہنا ۔

Impartial (im-par-shl) *adj.* Fair, unprejudiced غیر متعصب ۔ غیر جنبہ دار ۔ بے لاگ ۔ کھرا ۔ منصفانہ ۔ عادلانہ ۔

Impartiality *n.* منصفانہ عمل ۔ بے لاگ رویہ ۔ غیر جنبہ داری ۔

Imp.rtible (im-part-əbl) *adj.* Not divisible ناقابل تقسیم ۔ بتلائے جانے کے قابل ۔ کہنے کے لائق ۔ سمجھائے جانے والا ۔

Impassable (im-pas-əbl) *adj.* That cannot be traversed ناقابل گزر ۔ مسدود ۔ بند ۔ جس سے گزرنا ناممکن ہو ۔

Impasse (im-pa-sl) *n.* Position from which there is no escape ۔ سخت مشکل ۔ کوچہ سربستہ ۔ بندگلی ۔ سخت پیچیدگی ۔ لاینحل مسئلہ ۔ گتھی ۔

Impassible (im-pa-si-bl) *adj.* Incapable of suffering بے حس ۔ بے احساس ۔ تکلیف سے آزاد ۔ رنج و غم سے بری ۔

Impassion (im-pa-shən) *v.t.* Excite strongly نفسانی خواہشات و برانگیختہ کرنا ۔ جذبات کو بھڑکانا ۔ اشتعال دلانا ۔ جوش دلانا ۔

Impassive (im-pas-iv) *adj.* Deficient in feeling بے حس ۔ جذبات سے معریٰ ۔

Impassiveness *n.* ۔ جذبات سے عاری ہونا ۔ عدم احساس ۔ بے حسی ۔

Impaste (im-pəst) *v.t.* Enclose as with paste آٹے یا گارے سے بند کرنا ۔ گوند سے چپکانا ۔ گندھا آٹا یا گارا تیار کرنا ۔ تصویر پر رنگ تھوپنا ۔

Impatient (im-pa-shənt) *adj.* Restless ۔ بے صبر بے چین ۔ بے تاب ۔ بے قرار ۔ مضطرب ۔ حد سے زیادہ خواہش مند ۔

Impatience *n.* بے تابی ۔ بے صبری ۔

Impatiently *adv.* بے قراری سے ۔ بے صبری سے ۔

Impawn (im-pawn) *v.t.* Pledge گروی رکھنا ۔ رہن رکھنا ۔ قول دینا ۔ ضمانت دینا ۔

Impayable (im-pa-əbl) *adj.* Beyond price بیش قیمت ۔ بے بہا ۔ انمول ۔ حد سے زیادہ ۔

Impeach (im-pēch) *v.t.* Accuse الزام لگانا ۔ جرم میں لپیٹنا ۔ ملزم گرداننا ۔ اعتراض کرنا ۔ کسی کے کردار پر حملہ کرنا ۔ باز پرس کرنا ۔ جواب طلب کرنا ۔ بغاوت یا کوئی اور سنگین الزام لگانا ۔

Impeachable *adj.* لائق باز پرس ۔ قابل مواخذہ ۔ قابل الزام ۔

Impeachment *n.* بغاوت کا الزام ۔ مقدمہ ۔ بہتان ۔ تہمت ۔ الزام ۔ مواخذہ ۔

Impeccable (im-pek-əbl) *adj.* Not liable to sin پاک ۔ بے گناہ ۔ بے خطا ۔ گناہ کے ناقابل ۔ وہ جس پر حرف رکھنے کی گنجائش نہ ہو ۔

Impecunious (im-pi-ku-ni-əs) *adj.* Having little or no money غریب ۔ مفلس ۔ نادار ۔

Impede (im-pēd) *v.t.* Retard, hinder باز رکھنا ۔ روکنا ۔ روک دینا ۔ انسداد کرنا ۔ حائل ہونا ۔ روڑے اٹکانا ۔ سد راہ ہونا ۔

Impediment (im-pe-di-mənt) *n.* Hindrance روک ۔ اڑچن ۔ مزاحمت ۔ رکاوٹ ۔ لکنت ۔ ہکلاپن ۔ (جمع) سامان ۔ اسباب (فوج کا) ۔

Impel (im-pil) *v.t.* Drive, force ریلنا ۔ دھکیلنا ۔ چلانا ۔ برانگیختہ کرنا ۔ آکسانا ۔

Impellent *adj.* حرکت میں لانے کی قوت رکھنے والا ۔ محرک ۔ دھکیلنے یا چلانے والا ۔

Impend (im-pend) *v.i.* Hang آویزاں ہونا ۔ سر پر چھانا یا منڈلانا ۔ قریب ہونا ۔ نزدیک ہونا ۔ قریب الوقوع ہونا ۔ آنے کے قریب ہونا ۔

Impendence, Impendency *n.* معلق ہونا ۔ قربت ۔ نزدیکی ۔

Impendent *adj.* سر پر منڈلاتا ہوا ۔ قریب الوقوع ۔

Impenetrable (im-peni-trə-bl) *adj.* Unfathomable جس میں داخلہ یا تاثیر غیر ممکن ہو ۔ ناقابل دخول ۔ ناقابل گزر ۔ ناقابل فہم ۔ فہم و ادراک سے بالاتر ۔ جو خیالات کو قبول نہ کر سکے ۔

Impenetrability / **Impenetrableness** *n.* ناقابل فہم ہونا ۔ ناقابل دخول ہونا ۔ ناقابل گزر ہونا ۔

Impenetrate *v.t.* بہت گہرا اتر جانا ۔ اندر چلا جانا ۔ گھس جانا ۔

Impenitent (im-pen-i-tənt) *adj.* Not penitent جو توبہ نہ کرے ۔ جو اپنے کئے پر نادم نہ ہو ۔ بے حیا ۔ ناقابل اصلاح ۔

Impenitence-ency *n.* عدم ندامت ۔ بے حیائی ۔ ڈھٹائی ۔

Imperative (im-per-ə-tiv) *adj.* & *n.* Commanding (قواعد) صیغہ امر ۔ بصورت امر ۔ آمرانہ ۔ حاکمانہ ۔ واجب ۔ ضروری ۔ لازمی ۔ اہم ۔

Imperativeness *n.* قطعیت ۔ آمریت ۔ اہمیت ۔ تحکم ۔

Imperator (im-per-ə-tər) *n.* Commander میر عسکر ۔ قائد ۔ امیر ۔ فاتح سپہ سالار کا خطاب ۔

Imperceptible (im-pər-sipt-i-bl) *adj.* That cannot be perceived غیر محسوس ۔ نامعلوم ۔ ناقابل فہم ۔ باریک ۔ مہین سا ۔ خفیف سا ۔

Imperfect (im-per-fikt) *adj.* Faulty ناقص ۔ ادھورا ۔ ناتمام ۔ کچا ۔ خام ۔ کمزور ۔ عیب دار ۔

Imperfection (im-per-fik-shən) *n.* Faultiness نقص ۔ کھوٹ ۔ ادھورا پن ۔ عیب ۔ قصور ۔ خامی ۔

Imperforate (im-pər-fə-rit) *adj.* Not perforated آن چھدا ۔ ناسفتہ ۔ بے منہ ۔ بے سوراخ ۔ بند ۔

Imperial (im-pe-ri-əl) *adj.* & *n.* Of an empire شاہی ۔ خسروی ۔ شہنشاہی ۔ شاہانہ ۔ سلطنت کے متعلق ۔ برطانیہ کے بابت ۔ سفری ٹرنک ۔ کاغذ کی تقطیع ۔

Imperially *adv.* شان و شوکت سے ۔ شاہانہ طور پر ۔

Imperialism *n.* برطانیہ کی توسیع سلطنت کی پالیسی ۔ حکومت خسروی ۔ شہنشاہی ۔ نوآبادیات کو محکوم رکھنے کی پالیسی ۔

Imperialist (im-pe-ri-əl-ist) *n.* Advocate of imperial rule شہنشاہی حکومت کا حامی ۔ برطانوی شہنشاہیت کا حامی ۔

Imperil (im-pe-ril) *v.t.* Bring into danger جوکھوں میں ڈالنا ۔ خطرہ مول لینا ۔

Imperious (im-pe-ri-əs) *adj.* Overbearing مغرور ۔ اپنے کو دور کھینچنے والا ۔ منہ زور ۔ تحکم پسند ۔ جری ۔ نادری ۔

Imperishable (im-per-ish-əbl) *adj.* That cannot perish لازوال ۔ دیرپا ۔ غیر فانی ۔ دائم ۔

Impermanent (im-per-ma-nənt) *adj.* Not permanent تغیر پزیر ۔ غیر مستقل ۔

Impermiable (im-per-mi-əbl) *adj.* That cannot be passed through غیر جاذب ۔ غیر نفوذ پذیر ۔ مانع دخول ۔

Impersonal (im-pər-sə-nəl) *adj.* Not personal (صرف و نحو) فعل جس میں صیغہ متکلم یا حاضر نہیں ہوتا ۔ وہ فعل جو صیغہ غائب میں استعمال ہوتا ہے ۔ غیر شخصی ۔ لا شخصی ۔

Impersonate (im-pər-sən-āt) *v.t.* Personify اپنے کو دوسرا ظاہر کرنا ۔ دوسرے کا نام اختیار کرنا ۔ دوسرے کی شکل بنانا ۔ صورت بنانا ۔ بھیس بدلنا ۔ روپ بھرنا ۔ اداکاری کرنا ۔

Impersonation *n.* تبدیل ہیئت ۔ تلبیس ۔ دوسری شخصیت اختیار کرنا ۔ فرضی شخص بننا ۔

Impersonator *n.* تلبیس کرنے والا ۔ دوسرے کی شخصیت اختیار کرنے والا ۔ روپ بھرنے والا ۔

Imperspicuity (im-pərs-pi-kwiti) *n.* Ambiguity الجھن ۔ کدورت ۔ میلا پن ۔ ابہام ۔

Impertinent (im-pər-ti-nənt) *adj.* Absurd, insolent خارج از بحث ۔ بے تعلق ۔ بے میل ۔ گستاخ ۔ شوخ چشم ۔ بے ادب ۔ بد لحاظ ۔ بے محل ۔ بے موقع ۔

Impertinence *n.* بے ادبی ۔ شوخی ۔ مغائرت ۔ بے تعلقی ۔ گستاخی ۔ ڈھٹائی ۔ ہرزہ سرائی ۔ بے معنی کلام ۔ بے ہودگی ۔

Imperturbable (im-per-ter-bə-bl) *adj.* Calm پر سکون ۔ مطمئن ۔ مستقل مزاج ۔

Imperturbableness / **Imperturbability** *n.* سکون ۔ اطمینان ۔ استقلال ۔ توازن طبع ۔

Imperturbation *n.* اطمینان ۔ قرار ۔ مستقل مزاجی ۔

Impervious (im-pər-vi-əs) *adj.* Not affording passage ناقابل گزر ۔ دشوار گزار ۔

Impervious to argument ڈھیٹ ۔ نامعقول طبیعت والا ۔ جو کسی دلیل کو نہ مانے ۔

Imperviousness ناقابل گزر ہونا ۔ ڈھیٹ پن ۔ دشوار گزاری ۔

Impetuous (im-pet-u-əs) *adj.* Moving rapidly تیز ۔ تند ۔ شدید ۔ سخت ۔ سرگرم ۔ پرجوش ۔ جلدباز ۔ آندھی کی طرح کام کرنے والا ۔

Impetuosity *n.* جوش ۔ شدت ۔ تیزی ۔ سختی ۔

Impetuousness *n.* جلد بازی ۔ تند خوئی ۔ تیز مزاجی ۔

Impetus (im-pi-təs) *n.* Moving force قوت رفتار ۔ حرکت کا زور ۔ قوت ۔ تیزی ۔

Impiety (im-pī-ə-ti) *n.* Ungodliness ناپرہیزگاری ۔ ناپارسائی ۔ ناخدا ترسی ۔ فسق و فجور ۔ الحاد ۔ کفر ۔ گنہگاری ۔ رندی ۔ ناپاکی ۔ بے ادبی ۔

Impinge (im-pinj) *v.t. & i.* Make impact upon ٹکر دینا ۔ تصادم ہونا ۔ ٹکرانا ۔ ایک چیز کو دوسری چیز سے ٹکرانا ۔

Impingement *n.* صدمہ ۔ ٹکر ۔ تصادم ۔

Impious (im-pī-əs) *adj.* Wicked ناترس ۔ فاسق ۔ فاجر ۔ ناخدا ترس ۔ بے دین ۔

Impish (im-pish) *adj.* Mischievous شریر لڑکے کی طرح ۔ شیطانی ۔

Impishness شرارت ۔ شیطنت ۔

Implacable (im-plak-ə-bl) *adj.* That cannot be appeased سخت ۔ سنگ دل ۔ کٹھور ۔ جسے تسکین نہ دی جا سکے ۔

Implacability *n.* کٹر پن ۔ سنگ دلی ۔

Implant (im-plant) *v.t.* Insert جمانا ۔ لگانا ۔ بونا ۔ دل میں داخل کر دینا ۔ دماغ میں بٹھا دینا ۔ ذہن نشین کرنا ۔ نقش کرنا ۔

Implantation *n.* اثر پذیری ۔ ذہن نشینی ۔ دل نشینی ۔

Implement (im-pli-mənt) *n.* Household articles گھر کے سامان میں سے کوئی چیز ۔ اوزار ۔ ہتھیار ۔ سامان ۔ ساز و سامان ۔

Implement (im-pli-mənt) *v.t.* Complete, supplement پورا کرنا ۔ کمی پوری کرنا ۔ وعدے کے مطابق عمل کرنا ۔ پر کرنا ۔ بھرنا ۔ مکمل کرنا ۔

Implicate (im-pli-kāt) *v.t.* Entangle پیچ میں ڈالنا ۔ الجھانا ۔ ماخوذ کرنا ۔ مبتلا کرنا ۔ پھانسنا ۔ معنی نکلنا ۔ نتیجہ نکلنا ۔

Implication *n.* پوشیدہ معنی ۔ منشا ۔ الجھاؤ ۔ پیچ ۔ لپیٹ ۔ اشارا ۔ کنایہ ۔ مقصد ۔

Implicative *adj.* نتیجہ خیز ۔ پر معنی ۔ پیچ دار ۔ کنایہ دار ۔

Implicit (im-plis-it) *adj.* Absolute کامل - پورا - اعتباری - جس کی طرف اشارہ ہو - مضمر - کامل یقین - کامل عقیدہ -

Implicit faith کامل ایمان - کامل یقین -

Implore (im-plōr) *v.t.* Beg earnestly for منت کرنا - التجا کرنا - آرزو کرنا - درخواست کرنا - گڑگڑا کر مانگنا -

Imply (im-plī) *v.t.* Hint دلالت کرنا - معنی کی طرف اشارہ کرنا - مفہوم ہونا - مواد ہونا - نتیجہ نکلنا -

Impliedly *adv.* کنایتاً - اشارتاً -

Impolite (im-pə-līt) *adj.* Uncivil, rude بے ادب - بد تہذیب - بد اخلاق - ناشائستہ - نامعقول - کج خلق -

Impoliteness *n.* روکھاپن - ناشائستگی - بد تمیزی - بد اخلاق -

Impolitic (im-pol-i-tik) *adj.* Inexpedient خلاف مصلحت - نا مناسب - کوتاہ اندیش - بے تدبیر - بیجا - نا عاقبت اندیش -

Imponderable (im-pon-dər-əbl) *adj.* & *n.* Having no weight ہلکا - بے وزن - گہرا - ناقابل فہم -

Import (im-port) *v.t.* Bring goods from foreign country درآمد کرنا - دوسرے ملکوں سے لانا - دلالت کرنا - مفہوم رکھنا - ظاہر کرنا - خبر دینا - بتانا - اہمیت رکھنا - اہم ہونا -

Importable *adj.* قابل درآمد -

Importation *n.* درآمد - چیزیں باہر سے لانا - اشیائے درآمد -

Importer *n.* باہر سے مال لانے والا - درآمد کنندہ -

Import (im-port) *n.* Meaning, thing imported معنی - مفہوم - مطلب - اشیائے درآمد -

Importance (im-por-təns) *n.* Significance اہمیت - قدر و قیمت - رتبہ - وقار - فضیلت - مرتبہ - بوجھ - وزن - وقعت -

Important (im-por-tənt) *adj.* Weighty اہم - بھاری - قابل لحاظ - قابل غور - ضروری - وقیع - خود پسند - عالی مرتبہ -

Importunate (im-por-tun-at) *adj.* Persistent سخت اصرار کرنے والا - سر ہو جانے والا - اڑیل - ضدی - چم چچڑ - چمٹو - نہایت ضروری -

Importunity *n.* ضد - اصرار - تقاضا -

Impose (im-pōz) *v.t.* & *i.* Exert influence کسی شے پر رکھنا - سر پر رکھنا - ذمے کرنا - کسی پر اثر ڈالنا - مجبور کرنا - عاید کرنا - جوڑنا - ترتیب دینا - تھوپنا - گلے منڈھنا - مرعوب کرنا -

Impose upon دباؤ ڈالنا - آنکھوں میں خاک ڈالنا - ٹھگنا -

Imposingly *adv.* دباؤ ڈالتے ہوئے - مرعوب کرتے ہوئے -

Imposition (im-pō-zi-shən) *n.* Work set at school as punishment لگانا - مقرر کرنا - عاید کرنا - محصول - لگان - ٹیکس - کلیسا کی رسموں میں سر پر ہاتھ رکھنا - وہ کام جو طالب علموں کو مدرسے میں بطور سزا دیا جائے -

Impossible (im-pos-i-bl) *adj.* Not easy or convinient غیر ممکن - محال - مشکل - (بول چال) تکلیف دہ - ناقابل برداشت -

Impossibility *n.* عدم امکان - نا ممکن ہونا - امر محال -

Impost (im-pōst) *n.* Tax, duty محصول - ٹیکس - چنگی - گھڑ دوڑ میں گھوڑوں پر وزن - ستون کی لگر -

Imposter (im-pōst-ər) *n.* Swindler دغا باز - ٹھگ - مکار - پاکھنڈی - بہروپیا -

Imposture (im-pōst-er) *n.* Fraudulent deception فریب - چھل - مکر - عیاری - دغا بازی - حیلہ سازی -

Impotent (im-pə-tənt) *adj.* Lacking in sexual power ضعیف - ناتواں - کمزور - بے مقدور - مجبور - نا مرد - رجولیت سے محروم -

Impotency, Impotence *n.* کمزوری - ضعف - نامردی -

Impound (im.pownd) *v.t.* Shut up in pound مویشی بالدھ رکھنا - چاردیواری میں بند کر دینا - کانجی ہاؤس میں بند رکھنا - قبضہ کر لینا - ضبط کر لینا -

Impoverish (im-pov-ər-ish) *v.t.* Make poor کنگال کر دینا - غریب بنانا - مفلس کرنا - دبلا کرنا - ضعیف کرنا -

Impoverishment *n.* تہی دستی - کمزوری - افلاس - ناداری -

Impracticable (im-prak-tik-əbl) *adj.* Impossible in practice ناقابل عمل - ناممکن الوقوع - منہ زور - سرکش - مشکل سے قابو میں آنے والا - دشوار گزار -

Impracticability / **Impracticableness** *n.* ضدی ہونا - ناقابل عمل ہونا - دشوار گزار ہونا - عملی طور پر ناممکن ہونا -

Imprecate (im-pri-kāt) *v.t.* Invoke, call down لعنت بھیجنا - بد دعا کرنا - کوسنا - برا بھلا کہنا -

Imprecation *n.* لعنت - نفرین -

Imprecatory *adj.* لعنت کی - بد دعا کی -

Impregnable (im-pregn-əbl) *adj.* Proof against attack نا قابل تسخیر - فتح نہ ہونے والا - مستحکم - مضبوط - جس پر حملہ نہ ہو سکے -

Impregnate (im-preg-nət) *v.t.* Make pregnant حاملہ کرنا - گابھن کرنا - بار بردار بنانا - زرخیز بنانا - لبریز کر دینا - کوٹ کوٹ کر بھرنا -

Impregnate (im-preg- nət) *adj.* Pregnant حاملہ - گابھن - پیٹ سے - بچے سے - نتیجہ خیز - بھرا ہوا - لبریز -

Impregnation *n.* گابھ - حمل -

Impresario (im-pre-sa-ri-ō) *n.* Organizer of public entertainment کھیل تماشے کا منتظم - گانے بجانے کی محفل کا مینجر

Impress (im-pres) *n.* Mark of seal مہر - ٹھپا - نشان - خاص نشانی -

Impress (im-pres) *v.t.* Stamp, imprint نقش کرنا - ثبت کرنا - مہر لگانا - ذہن نشین کرنا - گہرا اثر ڈالنا - بیگار میں پکڑنا - کڑی خدمت لینا -

Impress (im-pres) *v.t.* Enlist forcibly فوج میں جبراً بھرتی کرنا - مفاد عامہ کے لیے اسباب وغیرہ ضبط کر لینا - دلیل کے طور پر استعمال کرنا -

Impression (im-pre-shən) *n.* Effect produced داب - ٹھپا - نقش - مہر - اثر - چھپی ہوئی نقل - ایڈیشن - گمان - خیال - تصور -

Impressionable (im-pre-shən-əbl) *adj.* Easily influenced جلد متاثر ہونے والا - اثر پذیر -

Impressionism (im-pre-shən-izm) *n.* Method of painting and writing to give general impression مصوری یا بیان کا طریقہ جس میں مجموعی اثر پر زور دیا جاتا ہے نہ کہ تفصیلات پر - اثریت -

Impressive (im-pre-siv) *adj.* Able to excite feelings صورت پذیر - پر اثر - موثر - دلنشین -

Impressiveness *n.* موثر ہونا - دل نشینی - دلنشین ہونا -

Imprest (im-prest) *n.* Money advanced for state business پیشگی - رقم جو سرکاری کاموں کے لیے پیشگی دی جائے -

Imprimatur (im-pre-ma-tur) *n.* Official sanction to print کتاب وغیرہ چھاپنے کی سرکاری اجازت - اجازت طبع - منظوری -

Imprint (im-print) *n.* Impression ٹھپا - مہر - ناشر کا نام و مقام - چھاپہ خانہ -

Imprint (im-print) *v.t.* Stamp, impress کسی چیز پر نقش کا ٹھپا لگانا - ٹھپا چھاپنا - دل نشین کرنا - ذہن نشین کرنا -

Imprison (im-prizn) *v.t.* Put into prison قید کرنا - اسیر کرنا - قید میں رکھنا - محبوس کرنا - روکنا - باز رکھنا -

Imprisonment *n.* اسیری - حبس - بندی - قید -

Improbable (im-prob-əbl) *adj.* Not likely to happen ناممکن الوقوع - بعید ازقیاس - خلاف قیاس -

Improbity (im-prob-iti) *n.* Dishonesty بد معاشی - شرارت - بے ایمانی - بد دیانتی -

Impromptu (im-promp-tu) *adv. n. & adj.* Extempore بے ساختہ - بر جستہ - بر محل - فی البدیہہ - بر جستہ گیت - عین وقت پر ترتیب دیا ہوا -

Improper (im-prop-ər) *adj.* Indecent, wrong بے جا - نا مناسب - بے موقع - نا سزاوار - غلط - نا واجب - نا شائستہ - نا معقول - بے ہودہ -

Impropriate (im-pro-pri-at) *v.t.* Annex پادریوں کی یا کلیسا کی جائیداد ضبط کرنا - کلیسا کی آراضی دوسروں کو دے دینا -

Impropriety (im-pro-pri-ti) *n*. Incorrectness غیر معقولیت ۔ نا شائستگی ۔ بے جا حرکت ۔ ناموزونیت ۔ بیہودگی ۔

Improvable (im-proov-əbl) *adj*. That can be improved قابل درستی ۔ قابل اصلاح ۔ تربیت پزیر ۔ قابل زراعت ۔ ترقی پزیر ۔

Improvability } *n*. تربیت پزیری ۔ اصلاح پزیری ۔ ترقی پزیری ۔
Improvableness }

Improve (im-proov) *v.t.* & *i*. Make, become, better سدھارنا ۔ بہتر کرنا ۔ سنوارنا ۔ بہتر ہونا ۔ اصلاح کرنا ۔ ترقی دینا ۔ درست کرنا ۔ فائدہ اٹھانا ۔ حیثیت بڑھانا ۔ زرخیز کرنا ۔ قابل زراعت بنانا ۔ نصیحت آمیز تقریر کرنا ۔ وعظ کہنا ۔

Improvement *n*. تعلیم و تربیت ۔ اصلاح ۔ بہتری ۔ درستی ۔ ترقی ۔

Improvident (im-prov-id-ənt) *adj*. Unforeseeing مسرف ۔ فضول خرچ ۔ نا عاقبت اندیش ۔

Improvidence *n*. فضول خرچی ۔ لاپروائی ۔ ناعاقبت اندیشی ۔ کوتاہ اندیشی ۔

Improvise (im-pro-viz) *v.t*. Compose extempore بر محل یا برجستہ تصنیف کرنا یا بولنا ۔ فی البدیہہ تقریر کرنا یا شعر کہنا ۔ بر وقت ترتیب دے دینا ۔

Improvisation *n*. وقت کی وقت مہیا کی ہوئی چیز ۔ برجستگی ۔ بر محل کلام ۔ بر جستہ نظم ۔

Imprudent (im-proo-dənt) *adj*. Indiscreet ناتجربہ کار ۔ بے وقوف ۔ بے تمیز ۔ نا عاقبت اندیش ۔

Imprudence لاپروائی ۔ کوتاہ اندیشی ۔ ناعاقبت اندیشی ۔

Impudent (im-pu-dənt) *adj*. Disrespectful گستاخ ۔ شوخ چشم ۔ بے ادب ۔ بے تمیز ۔ بد تہذیب ۔

Impudence *n*. ڈھٹائی ۔ بے تمیزی ۔ بے شعوری ۔ گستاخی ۔

Impugn (im-pun) *v.t*. Assail by word رد کرنا ۔ اعتراض کرنا ۔ جرح کرنا ۔ مناقشہ کرنا ۔

Impugnable *adj*. قابل گرفت ۔ قابل اعتراض ۔ قابل تردید ۔

Impugnment *n*. مناقشہ ۔ جرح ۔ گرفت ۔ اعتراض ۔ تردید ۔

Impulse (im-puls) *n*. Heavy blow صدمہ ۔ دھکا ۔ حرکت ۔ چال ۔ ہیجان ۔ تحریک ۔ زور ۔ لہر ۔ ترنگ ۔ من کی موج ۔ اثر ۔ تاثیر ۔

Impulsion (im-pul-shən) *n*. Impelling push دھکا صدمہ ۔ ابھارنا ۔ اکسانا ۔ زور ۔ قوت رفتار ۔ تحریک ۔ اثر ۔

Impulsive (im-pul-siv) *adj*. By sudden impulse محرک ۔ تحریک کنندہ ۔ اکسایا ہوا ۔ مشتعل ۔ بے چین ۔ جلد باز ۔ شتاب کار ۔ من موجی ۔

Impulsiveness *n*. اضطراری حالت ۔ من موجی پن ۔ جلد بازی ۔

Impunity (im-pun-i-ti) *n*. Exemption from punishment بریت ۔ آزادی ۔ سزا سے مستثنے ۔ کسی فعل کے برے نتائج سے محفوظ ۔ معافی سزا ۔ بے مضرتی ۔

Impure (im-pur) *adj*. Dirty, unchaste نجس ۔ ناپاک ۔ گندہ ۔ غلیظ ۔ میلا ۔ بے عصمت ۔ بے عفت ۔ غیر خالص ۔ ملا ہوا ۔ مخلوط ۔

Impurity *n*. آلودگی ۔ ناپاکی ۔ بے عصمتی ۔ گندگی ۔ نجاست ۔

Impute (im-put) *v.t*. Ascribe, attribute منسوب کرنا ۔ الزام یا تہمت لگانا ۔ ایک شخص کی غلطی کا ذمہ دار دوسرے کو قرار دینا ۔

Imputation *n*. لگاؤ ۔ تہمت ۔ الزام ۔ بہتان ۔

Imputative *adj*. تہمت کا ۔ اتہام آمیز ۔ الزامی ۔

In (in) *prep*: Inclusion میں ۔ بیچ ۔ اندر ۔ درمیان ۔ پہنے ہوئے ۔

In itself بجائے خود ۔

In (in) *adv*. Expressing position اندر ۔ اندر کی طرف ۔ اندرونی طور پر ۔

In for کسی مصیبت میں ۔ کسی چکر میں ۔

In (in) *adj*. Internal داخلی ۔ اندرونی ۔

Inpatient مریض جو اسپتال میں رکھا جائے ۔ داخلی مریض ۔

In (in) *n*. Political party in office سیاسی جماعت جو حکومت کرے ۔ سیاسی جماعت جو برسراقتدار ہو ۔

Ins and outs جزئیات ۔ تفصیلی معلومات ۔

Inability (in-əbi-li-ti) *n*. Lack of power or means ناقابلیت ۔ کمزوری ۔ ناتوانی ۔ مجبوری ۔ نالائقی ۔ معزوری ۔

Inaccessible (in-ak-ses-i-bl) *adj.* That cannot be reached رسائی سے باہر ۔ ناممکن الحصول ۔ جس کے پاس رسائی نہ ہو سکے ۔ کم ملنے والا ۔ دور رہنے والا ۔

Inaccessibility *n.* ادراک سے پرے ہونا ۔ ناقابل حصول ہونا ۔ رسائی سے باہر ہونا ۔

Inaccurate (in-aku-rit) *adj.* Not accurate ۔ نادرست غلط ۔ غیر صحیح ۔ ناقص ۔ خلاف واقعہ ۔

Inaccuracy *n.* نقص ۔ سقم ۔ غلطی ۔

Inaction (in-ak-shən) *n.* Absence of action بے کاری ۔ بے شغلی ۔ بے عملی ۔ سستی ۔ کاہلی ۔

Inactive *adj.* بے شغل ۔ بے حرکت ۔ بے کار ۔

Inactivity *n.* بے عملی ۔ سستی ۔ بے شغلی ۔ بے کاری ۔

Inadaptability (in-ə-dep-tabl-i-ti) *n.* Want of adaptability ناسازگاری ۔ سازگاری کی صلاحیت نہ رکھنا ۔ حالات زمانہ کے مطابق نہ بنتا ۔ مطابقت اور ہم آہنگی کی صلاحیت نہ رکھنا ۔

Inadequate (in-ad-i-kwit) *adj* Insufficient ۔ کم تھوڑا ۔ ناکافی ۔ ادھورا ۔ ضرورت سے کم ۔ ناقص ۔ پورا نہ پڑنے والا ۔

Inadequacy *n.* کافی نہ ہونا ۔ کسر ۔ کوتاہی ۔ کمی ۔

Inadhesive (in-əd-he-siv) *adj.* Not adhesive جو چسپاں نہ ہو سکے ۔ جو چپک نہ سکے ۔

Inadmissible (in-əd-mis-i-bl) *adj.* That cannot be admitted ناقابل قبول ۔ جو مانی نہ جاسکے ۔ جو منظور نہ ہو ۔ جو قابل سماعت نہ ہو ۔

Inadmissibility *n.* نامقبولیت ۔ ناقابل قبولیت ۔ ناقابل منظوری ۔

Inadvertent (in-əd-vərt-ənt) *adj.* Unintentional بے پروا ۔ غافل ۔ بے خبر ۔ بے فکر ۔ غیر ارادی ۔ بلا ارادہ ۔

Inadvertence-ency *n.* بے فکری ۔ بے توجہی ۔ غفلت ۔ بے پروائی ۔

Inalienable (in-al-yen-əbl) *adj.* Not alienable ناقابل انتقال ۔ غیر منفک ۔ جسکے حقوق منتقل نہ کیے جاسکیں ۔ جو فروخت نہ کی جاسکے ۔

Inalterable (in-alter-ə-bl) *adj* Unalterable ناقابل تغیر ۔ جو تبدیل نہ کیا جاسکے ۔ اٹل ۔

Inamorato (in-am-o-ra-to) *n.* Lover چاہنے والا ۔ عاشق ۔ شیدائی ۔

Inane (in-an) *adj.* & *n.* Empty, senseless ۔ خالی تہی ۔ بے مغز ۔ بے عقل ۔ بے وقوف ۔ احمق ۔ نامعقول ۔ بیہودہ ۔

Inanely *adv.* بیہودگی سے ۔ حماقت سے ۔ بے وقوفی سے ۔

Inanity *n.* تہی مغزی ۔ حماقت ۔ بیوقوفی ۔

Inanimate (in-ani-mit) *adj.* Destitude of life غیر ذی روح ۔ بے جان ۔

Inanimation *n.* غیر ذی روح ۔ بے جان ہونا ۔ مردہ ہونا ۔ مردگی ۔

Inappeasable (in-ə-pez-əbl) *adj.* Not appeasable فرو نہ ہونے والا ۔ سیر نہ ہونے والا ۔

Inappealable (in-ə-pəl-əbl) *adj.* Not to be appealed against ناقابل مرافعہ ۔ جسکی اپیل نہ ہو سکے ۔ جس میں اپیل کی گنجائش نہ ہو ۔

Inappetance (in-əpe-təns) *n.* Want of appetance خواہش نہ ہونا ۔ آرزو نہ ہونا ۔ بے رغبتی ۔ استغنا ۔

Inapplicable (in-ap-lik-əbl) *adj.* Unsuitable غیر موزوں ۔ غیر مطابق ۔ بے تعلق ۔ ناقابل اطلاق ۔ ناموزوں ۔ بے محل ۔

Inapposite (in-ap-ə-zit) *adj.* Out of place ۔ بے محل بے موقع ۔ غیر مطابق ۔ غیر موزوں ۔

Inappreciable (in-ə-pre-sh (y)-i-əbl) *adj.* That cannot be appreciated اتنا کم کہ محسوس نہ ہو سکے ۔ غیر محسوس ۔ خفیف ۔ ناقابل لحاظ ۔

Inappreciative *adj.* ایسا جو خوبیاں نہ دیکھ سکے ۔ قدر نہ کرنے والا ۔ ناقدر شناس ۔

Inapprehensible (in-ap-ri-hens-i-bl) *adj.* That cannot be grasped by senses and intellect سمجھ سے بالاتر ۔ نا قابل فہم ۔ احساس و ادراک سے سمجھ میں نہ آنے والا ۔ دقیق ۔ مغلق ۔

Inapproachable (in-ə-proch-əbl) *adj.* That cannot be approached رسائی سے بالاتر ۔ جس کے قریب نہ پہنچ سکیں ۔

Inappropriate (in-ə-pro-pri-it) *adj.* Not appropriate نامناسب ۔ غیر موزوں ۔ بے محل ۔ بے موقع ۔

Inappropriateness *n.* بے محل - بے موقع ہونا - غیر موزونی - نامناسبت -

Inapt (in-apt) *adj.* Unfit نامناسب - نالائق - ناقابل - نااہل - ناموزوں -

Inaptitude *n.* نااہلیت - ناقابلیت - نامناسبت -

Inaptness *n.* مناسبت کا فقدان - قابلیت نہ ہونا - نااہل ہونا -

Inarticulate (in-ər-tik-u-lit) *adj.* Unable to speak distinctly جو صاف نہ بول سکے - غیر واضح - اٹک اٹک کر بولنے والا - بولتے وقت لٹپٹانے والا - غیر مربوط - حیوانوں کی طرح بولنے والا - گونگا -

Inarticulateness *n.* صاف گفتگو کرنے کے قابل نہ ہونا - گونگا ہونا -

Inartificial (in-art-i-fi-shəl) *adj.* Artless, natural بے تکلف - غیر مصنوعی - قدرتی - سادہ - بھدا - سیدھا سادا - بد نما - طرز گفتگو سے بے بہرا -

Inartistic (in-ar-tis-tik) *adj.* Unskilled in art بھدا - بھونڈا - فنی اصول کے خلاف - صناعی سے ناواقف -

Inasmuch (in-az-much) *adv.* Since, because چونکہ - کیونکہ - جہاں تک کہ -

Inattention (in-ə-ten-shən) *n.* Heedlessness بے توجہی - تغافل - لاپروائی - بے رخی - بے اعتنائی - توجہ نہ کرنے والا - بے پروا - غافل -

Inattentive *adj.*

Inattentiveness *n.* بے پروائی - غفلت - بے توجہی -

Inaudible (in-awd-i-bl) *adj.* That cannot be heard جو سنائی نہ دے - بہت آہستہ بولنے والا - دھیما - بے آواز -

Inaugural (in-au-gur-əl) *adj.* Of inauguration (speech) کسی تقریب کے سلسلے میں - نئے عہدے پر فائز ہونے کے متعلق - افتتاحی - با ضابطہ -

Inaugurate (in-au-gur-ət) *v.t.* Admit person to office with ceremony نئے عہدے پر کسی کا تقرر کرنا - دھوم دھام سے عہدہ کا آغاز کرنا - کام کا افتتاح کرنا - تقریب سے آغاز کرنا -

Inauguration *n.* نئے عہدے کا جائزہ - آغاز - افتتاح -

Inauguratory *adj.* تقریبی - رسمی - افتتاحی -

Inauspicious (in-aw-spish-əs) *adj.* Unlucky بد شگون - منحوس - نا مبارک -

Inborn (in-bawrn) *adj.* Implanted by nature ذاتی - خلقی - جبلی - قدرتی - پیدائشی -

Inbreeding (in-brēd-ing) *n.* Breeding from animals closely related ہم جنس جانوروں سے نسل لینا - ایسے جانوروں سے جو رشتہ دار ہوں نسل لینا -

Incalculable (in-kal-kul-əbl) *adj.* Too great for calculation بے اندازہ - بے شمار - بے حساب - نا قابل اندازہ - جس کا پہلے سے اندازہ نہ ہو سکے -

Incandescent (in-kan-dis-ənt) *adj.* Glowing with heat جلتا ہوا - چمکتا ہوا - دہکتا ہوا - زیادہ گرم ہونے والا - برق یا گیس کی روشنی کا -

Incandescence *n.* جلنا - چمکنا - روشنی - تابانی -

Incantation (in-kan-tā-shən) *n.* Magical words, spell چھو منتر - منتر - افسوس - سحر -

Incapable (in-kap-əbl) *adj.* Not capable نا قابل - نا اہل - معذور - بے بہرہ - بے صلاحیت - بد حواس - معذور -

Incapability *n.* عدم صلاحیت - نا اہلیت - معذوری -

Incapacitate (in-kə-pi-sit-āt) *v.t.* Render incapable معذور کر دینا - عاجز کرنا - بے بس کرنا - کام کا نہ رکھنا - بے کار کر دینا

Incapacitation *n.* نا اہلیت - نا قابلیت - معذوری -

Incapacity (in-kə-pa-siti) *n.* Inability قانونی عذر - معذوری نا قابلیت - نا اہلی -

Incarcerate (in-kar-sər-āt) *v.t.* Imprison قید کرنا - بند کر دینا - محبوس کرنا -

Incarceration *n.* خصیوں میں آنت کا اترنا - اسیری - قید و بند - حبس -

Incarnate (in-kar-nāt) *adj.* In human form جسمانی - مجسم - متشکل - بشکل انسان -

Incarnate (in-kar-nāt) *v.t.* Put into concrete form مجسم کرنا - عملی جامہ پہنانا - انسان کے روپ میں آنا - حلول کرنا - متشکل ہونا -

Incarnation (in-kar-na-shən) *n.* Embodiment in flesh مجسم - زندہ نمونہ - اوتار - مظہر - انسانی شکل -

Incautious (in-kaw-shəs) *adj.* Rash بے التفات - بے پرواہ - نا عاقبت اندیش - غیر محتاط -

Incautiousness *n.* نا عاقبت اندیشی ۔ بے احتیاطی ۔

Incendiary (in-sen-di-əri) *adj.* & *n.* Setting on fire آگ لگانے والا ۔ جلا دینے والا ۔ آتش انگیز (م) ۔ اشتعال انگیز ۔ فتنہ انگیز ۔ مفسد ۔

Incendiarism فتنہ انگیزی ۔ آتش زنی ۔

Incense (in-sens) *n.* Gum or herbs producing sweet smell when burned مہک ۔ لپٹ ۔ خوشبو ۔ خوشبو دار دھواں ۔ عود ۔ لوبان ۔ اگر بتی ۔ خوشامد ۔ چاپلوسی ۔

Incense (in-sens) *v.t.* Fumigate with incense دھونی دینا ۔ معطر کرنا ۔ خوشبو میں بسانا ۔

Incense (in-sens) *v.t.* Enrage, make angry طیش میں لانا ۔ غصہ دلانا ۔ بھڑکانا ۔

Incensory (in-sens-əri) *n.* Vessel for burning incense عود دانی ۔ لوبان دانی ۔ اگر دانی ۔ عود یا لوبان جلانے کا برتن ۔ انگیٹھی ۔

Incentive (in-sent-iv) *adj.* & *n.* Tending to incite, motive محرک ۔ ترغیب دینے والا ۔ اشتعال دینے والا ۔ باعث اشتعال ۔ مقصد ۔ نصب العین ۔

Inception (in-sep-shən) *n.* Beginning شروع ۔ ابتدا ۔ آغاز ۔ کیمبرج سے ایم ۔ اے یا ڈاکٹر ی کی ڈگری لینا ۔

Inceptive (in-sep-tiv) *adj.* Initial آغاز کرنے والا ۔ ابتدائی ۔ شروع کا ۔

Incertitude (in-sert-i-tūd) *n.* Uncertainty یقین نہ ہونا ۔ بے اعتبار کیفیت ۔ غیر یقینی حالت ۔

Incessant (in-ses-ənt) *adj.* Unceasing مسلسل ۔ پیہم ۔ متواتر ۔ بے در بے ۔ برابر ۔ بلا ناغہ ۔

Incest (in-sest) *n.* Sexual commerce of near kindred محرمات سے مباشرت ۔ ایسی عورت سے ہم بستر ہونا جس سے نکاح حرام ہو ۔

Incestuous (in-sest-əs) *adj.* Guilty of incest محرمات سے مباشرت کرنے والا ۔ حرام کار ۔

Inch (in(t)sh) *n., v.t.* & *i.* Twelfth part of a foot انچ ۔ گز کا چھتیسواں اور فٹ کا بارھواں حصہ ۔ خفیف سی جگہ ۔ ایک ایک انچ سرکنا یا سرکانا ۔

Inchoate (in-ko-āt) *adv.* Just begun ابھی ابھی آغاز ہونا ۔ ابھی ابتدا ہونا ۔ ادھورا ۔

Inchoation *n.* آغاز ۔ ابتدا ۔

Incidence (in-si-dəns) *n.* Falling on a thing تصادم ۔ ٹکر ۔ ماجرا ۔ واقعہ ۔ حادثہ ۔ سمت جہاں سے شعاعیں آ کر کسی سطح پر گریں ۔ دائرہ اثر ۔ حلقہ اثر ۔ What is the incidence of the tax ٹیکس کا بوجھ کس پر پڑے گا ۔

Incident (in-si-dənt) *adj.* Falling, striking عارضی ۔ اتفاق ۔ ناگہانی ۔ ہونے کے لائق ۔ واقع ہونے کے قابل ۔ منحصر ۔ موقوف ۔ متعلق ۔

Incident (in-si-dənt) *n.* Event, hostile clash واقعہ ۔ ماجرا ۔ ٹکراؤ ۔ واقعہ جو کسی نظم وغیرہ میں بیان کیا جائے ۔

Incidental (in-si-dənt-əl) *adj.* Casual اتفاقی ۔ عارضی ۔ ناگہانی ۔ ضمنی ۔ شدنی ۔

Incidentally *adv.* عارضاً ۔ اتفاقاً ۔

Incinerate (in-sin-ər-at) *v.t.* Reduce to ashes جلا کر خاک کر ڈالنا ۔ بھسم کر ڈالنا ۔ کشتہ کرنا ۔

Incineration *n.* جلا کر راکھ کرنا ۔ کشتہ بنانے کا عمل ۔

Incipient (in-sip-i--ənt) *adj.* In an initial stage ابتدائی ۔ ابتدائی منزل میں ۔

Incipience-cy *n.* ابتدا ۔ شروع ۔ آغاز ۔

Incise (in-sīz) *v.t.* Make a cut in کاٹنا ۔ تراشنا ۔ کھودنا ۔ کندہ کرنا ۔

Incision (in-sizh-ən) *n.* Cut کاٹ ۔ تراش ۔ زخم ۔ گھاؤ ۔ درز ۔ شگاف ۔

Incisive (in-sīzh-iv) *adj.* Cutting چیرنے والا ۔ کاٹنے والا ۔ پھاڑنے والا ۔ گھس جانے والا ۔ تیز طبع ۔ باریک ۔ تیز ۔ چبھتا ہوا ۔

Incisiveness *n.* تیز طبعی ۔ کاٹ ۔ تیزی ۔ باریکی ۔

Incisor (in-sīzh-ər) *n.* Any tooth between the canine teeth کوئی ایک دانت ۔ داڑھوں کے بیچ کے دانت ۔ اگلا دانت ۔ کاٹنے کا اگلا دانت ۔

Incite (in-sīt) *v.t.* Urge, stir up اکسانا ۔ ابھارنا ۔ بھڑکانا ۔ ترغیب کرنا ۔ ورغلانا ۔ آمادہ کرنا ۔ بر انگیختہ کرنا ۔

Incitation, incitement *n.* اشتعال ۔ تحریک ۔ ترغیب ۔

Incivility (in-siv-il-iti) *n.* Discourtesy بے التفاتی - بد اخلاق - بے مروتی -

Inclearing (in-klər-ing) *n.* Cheques collectively payable by a bank وہ چیک جو کسی ادارے کی معرفت بینک میں وصول ہوئے ہوں - ان کا حساب ایک ہی جگہ مجموعی طور پر ہوتا ہے -

Inclement (in-klem-ənt) *adj.* Severe کڑا - سخت - شدید - بے درد - تند - طوفانی - تیز - بے رحم -

Inclemency *n.* بے دردی - بے رحمی - تیزی - تندی -

Inclinable (in-klin-əbl) *adj.* Disposed راغب - مائل آمادہ - موافق - مرید - رجحان رکھنے والا -

Inclination (in-klin-a-shən) *n.* Disposition رغبت - میلان - جھکاؤ - ڈھال - نشیب - شوق - ذوق - محبت - چاہ - التفات -

Incline (in-klīn) *v.t. & i.* Bend forward or downward جھکنا - راغب ہونا - مائل ہونا - التفات کرنا - کسی صفت کا پایا جانا -

Incline (in-klīn) *n.* Slope نشیب -

Include (in-klōōd) *v.t.* Comprise مشتمل ہونا - شامل کرنا - گھیرنا - ہونا - ملانا - جوڑنا - داخل کرنا - شمار کرنا - درج کرنا - لپیٹنا -

Including (in-klōōd-ing) *adj.* Comprising جس میں کوئی چیز شامل یا داخل ہو - مشتمل - شامل - داخل - ملا ہوا -

Inclusion *n.* ادخال - داخلہ - شرکت - اشتمال -

Incognito (in-kog-ni-tō) *adj., n. & adv.* Concealed بھیس بدلے ہوئے - بھیس بدل کر - بھیس بدلا ہوا آدمی -

Incognizable (in-kog-niz-əbl) *adj.* That cannot be apprehended by sense or intellect نا قابل فہم - حواس و ادراک سے پرے - لطیف -

Incognizant (in-kog-niz-ənt) *adj.* Unaware نا واقف - لا علم - انجان - بے خبر -

Incognizance *n.* نافہمی - بے خبری - لاعلمی -

Incoherent (in-ko-her-ənt) *adj.* Not coherent بے ربط - بے جوڑ - بے ترتیب - بکھرا ہوا -

Incoherence *n.* غیر مطابقت - پریشانی - انتشار -

Incohesive (in-ko-he-siv) *adj.* Not cohesive غیر متصل - غیر چسپیدہ

Incombustible (in-kəm-bust-i-bl) *adj.* That cannot be consumed by fire جسکو آگ نہ جلا سکے - ناسوختنی - غیر آتش گیر - ناسوزان -

Income (in-kəm) *n.* Periodical receipt آمدنی - آمد - یافت - حصول - محاصل - فائدہ - نفع - حاصل - منفعت -

Incomer (in-kəm-ər) *n.* One who comes in آنے والا - اندر داخل ہونے والا - نووارد - دوسرے ملک سے آکر بسنے والا - نو آباد - ناخواندہ مہمان - صحبت میں مخل ہونے والا -

Incoming (in-kəm-ing) *adj. & n.* Succeeding, arrival آنے والا - نووارد - درآمد - آمد -

Incommensurable (in-kəm-en-su-rəbl) *adj.* Having no common measure وہ عدد جو کسی دوسرے عدد کے ساتھ مشترکہ مقسوم علیہ نہ رکھتا ہو - متبائن -

Incommensurate (in-kəm-en-sur-āt) *adj.* Out of proportion غیر متناسب - تناسب نہ رکھنے والا -

Incommode (in-kəm-ōd) *v.t.* Annoy تکلیف دینا - زحمت دینا - مزاحم ہونا - سدراہ ہونا -

Incommodious (in-kəm-ōdi-əs) *adj.* Uncomfortable تنگ - چھوٹا - ناکافی - جو وسیع نہ ہو - تکلیف دہ -

Incommunicable (in-kəm-uni-kəbl) *adj.* That cannot be told ناگفتنی - ناقابل اظہار - ناقابل بیان - ناقابل شرکت -

Incommunicative (in-kəm-un-ikə-tiv) *adj.* Not communicative کھنچا کھنچا - الگ تھلگ - کم سخن - گھنا - اخفا کرنے والا - کم گو -

Incommutable (in-kəm-ut-əbl) *adj.* Unchangeable تبدیل نہ ہونے کے لائق - غیر متغیر - سزا میں کمی یاتبدیلی کے ناقابل -

Incompact (in-kəm-pakt) *adj.* Not compact جو ٹھوس نہ ہو - ڈھیلا - نا پیوستہ - وہ اسلوب بیان جس میں جدت اور ربط نہ ہو -

Incomparable (in-kom-pər-əbl) *adj.* Matchless
بے نظیر ۔ بے مثل ۔ لاثانی ۔ عدیم المثال ۔ بہترین ۔

Incompatible (in-kəm-pat-ibl) *adj.* Inconsistent
متضاد ۔ خلاف ۔ ناموافق ۔ بے جوڑ ۔

Incompetent (in-kom-pi-tənt) *adj.* Not qualified
نا اہل ۔ ناقابل ۔ بے مقدور ۔ غیر مجاز ۔

Incompetence-cy *n.* بے مقدوری ۔ ناقابلیت ۔ نااہلی ۔

Incomplete (in-kəm-plet) *adj.* Not complete
ناسکمل ۔ ناتمام ۔ ادھورا ۔ ناقص ۔

Incompleteness *n.* کمی ۔ ادھوراپن ۔ نقص ۔ ناتمامی ۔

Incomprehensible (in-kom-pri-hens-ibl) *adj.* That cannot be understood ناقابل فہم ۔ بعید از قیاس ۔
خارج از فہم و قیاس ۔ سمجھ سے بالاتر ۔

Incomprehension (in-kom-pri-hen-shən) *n.* Failure to understand نا فہمی ۔ فہم کا قصور ۔

Incompressible (in-kem-press-i-bl) *adj.* That cannot be compressed جو دب نہ سکے ۔ جو دبایا نہ
جاسکے ۔ جو مختصر نہ ہو سکے ۔ کڑا ۔ سخت ۔

Incomputable (in-kem-put-əbl) *adj.* That cannot be computed بے اندازہ ۔ بے حساب ۔ جسکا حساب
یا شمار نہ ہو سکے ۔

Inconceivable (in-ken-siv-əbl) *adj.* That cannot be imagined سمجھ یا تخیل سے باہر ۔ ناقابل تصور ۔
بعید از فہم و ادراک ۔ (بول چال) ۔ عجیب و غریب ۔

Inconclusive (in-ken-kloos-iv) *adj.* Not decisive
غیر فیصلہ کن ۔ ناتمام ۔ ناقص ۔ ناسکمل ۔

Incondensable (in-kən-dens-əbl) *adj.* That cannot be condensed جو جم نہ سکے ۔ جو بستہ نہ
ہو سکے ۔ جو مائع کی شکل میں نہ آسکے ۔ ناقابل انجماد ۔

Inconformity (in-kən-ferm-i-ti) *n.* Dissimilarity
عدم مطابقت ۔ غیر مناسبت ۔ کلیسائے انگلستان کی عدم
پیروی ۔

Incongruous (in-kong groo-əs) *adj.* Out of place
بے موقع ۔ بے محل ۔ غیر مطابق ۔ ناموافق ۔

Incongruity *n.* بے میل ہونا ۔ بے جوڑ ہونا ۔
ناموزونیت ۔ نامطابقت ۔

Inconsequent (in-kon-si kwent) *adj.* Disconnected بے ترتیب ۔ بے ربط ۔ بے سلسلہ ۔ قدرتی تسلسل
کے خلاف ۔ جس میں منطقی ترتیب نہ ہو ۔

Inconsequence *n.* عدم ترتیب ۔ عدم تسلسل ۔
بے ربطی ۔ بے سروپائی ۔

Inconsequential *adj.* بے تکا ۔ غیر منطقی ۔ بے ربط ۔
بلا دلیل ۔

Inconsiderable (in-kən-sid-ər-əbl) *adj.* Not worth considering ناقابل لحاظ ۔ ناقابل غور ۔ تھوڑا ۔
خفیف ۔ ادنی ۔ چھوٹا ۔

Inconsiderate (in-kən sid er āt) *adj.* Thoughtless دوسروں کے جذبات کا لحاظ نہ کرنے والا ۔ لاابالی ۔
بے پروا ۔ ناعاقبت اندیش ۔

Inconsideration *n.* تغافل ۔ بے فکری ۔ بے اعتنائی ۔

Inconsistent (in-kən-sist-ənt) *adj.* Incompatible
مخالف ۔ متضاد ۔ غیر مطابق ۔ اپنے اصولوں کے خلاف ۔
سابقہ طرز عمل کے خلاف ۔ بے ربط ۔ بے اصول ۔

Inconsistency *n.* تضاد ۔ تناقض ۔

Inconsolable (in-kən-sōl-əbl) *adj.* That cannot be consoled غمگین ۔ آزردہ ۔ ناقابل تسکین ۔
غم زدہ ۔

Inconspicuous (in-kən-spik-u-əs) *adj.* Not remarkable غیر معروف ۔ غیر ممتاز ۔ معمولی ۔ پوشیدہ ۔
چھپا ہوا ۔ مخفی ۔ جو نمایاں نہ ہو ۔

Inconstant (in-kon-stənt) *adj.* Fickle متلون مزاج ۔
گھڑی میں کچھ گھڑی میں کچھ ۔ غیر مستقل ۔ بے وفا ۔
غیر وضع دار ۔ تغیر پزیر ۔ بے قاعدہ ۔ بے اصول ۔

Inconstancy *n.* عدم استقلال ۔ بے وفائی ۔ متلون مزاجی ۔

Inconsumable (in-kən-sūm-əbl) *adj.* That cannot be consumed by fire جس کو آگ نہ جلا سکے ۔
جو بھسم نہ ہو سکے ۔ جو استعمال کے قابل نہ ہو ۔

Incontestible (in-kən-test-i-bl) *adj.* That cannot be disputed مسلمہ ۔ تسلیم شدہ ۔ ناقابل تردید ۔
لاکلام ۔ جس کے لیے دلائل و براہین کی ضرورت نہ ہو ۔

Incontinent (in-kən-ti-nənt) *adj.* Wanting in self-restraint نفس پرست ۔ بے لگام ۔ بے عصمت ۔
شہوت پرست ۔ عیاش ۔ بدکار ۔ جو ضبط نہ کر سکے ۔

Incontrovertible (in-kon-trə-vərt-i-bl) *adj.* Not to be disputed مسلم ـ صریح ـ ناقابل تردید ـ تسلیم شدہ ـ بلا شبہ ـ بلا اختلاف ـ

Inconvenience (in-kən-vin-yəns) *n.* & *v.t.* Want of ease and personal requirement دقت ـ تکلیف ـ حرج ـ زحمت ـ تکلیف دینا ـ آرام میں خلل ڈالنا ـ

Inconvenient (in-kən-vin-yənt) *adj.* Unfavourable to comfort تکلیف دہ ـ بے آرام و آسائش ـ آرام و سکون کے خلاف ـ ناموافق ـ نامناسب ـ

Inconvertible (in-kən-vərt-i-bl) *adj.* Not changeable ناقابل تبادلہ (سکہ) ـ غیر متبادل ـ

Inconvincible (in-ken-vin-si-bl) *adj.* Not to be convinced جس کو قائل نہ کیا جا سکے ـ جو قائل نہ ہو ـ جو نہ مانے

Incorporate (in-kor-pər-āt) *adj.* Formed into a corporation مشترکہ ـ متحدہ ـ ملا ہوا ـ ادارہ کا ـ انجمن کا بے جسم ـ غیر مادی ـ

Incorporate (in-kor-pər-āt) *v.t.* Unite, combine یکجا کرنا ـ ملانا ـ اکٹھا کرنا ـ شامل کرنا ـ مختلف اجزا کو ملا کر ایک چیز بنانا ـ متحدہ جماعت قائم کرنا ـ

Incorporation *n.* شمولیت ـ اتحاد ـ ہیئت اجتماعی ـ تشکیل ـ

Incorporeal (in-kor-por-i-al) *adj.* Not composed of matter غیر مادی ـ غیر جسمانی ـ

Incorrect (in-kər-əkt) *adj.* Faulty غلط ـ غیر صحیح ـ خلاف واقعہ ـ جھوٹ ـ ناجائز ـ ناقص ـ

Incorrigible (in-kər-i-gi-bl) *adj.* Incurably bad جو اصلاح پذیر نہ ہو ـ جس کی اصلاح ناممکن ہو ـ

Incorruptible (in-kər-upt-i-bl) *adj.* That cannot be corrupted خراب نہ ہونے والا ـ لا زوال ـ غیر فانی ـ جسے رشوت نہ دی جا سکے ـ دیانت دار ـ بے لوث ـ کھرا ـ جس پر بری صحبت کا اثر نہ ہو سکے ـ

Incorruption *n.* تدین ـ لازوال ہونا ـ

Increase (in-krēs) *v.i.* & *t.* Become greater بڑھنا ـ افزوں ہونا ـ زیادہ ہونا ـ اضافہ کرنا ـ ایزاد کرنا ـ ترقی دینا ـ ترقی کرنا ـ نسل بڑھنا ـ

Increase (in-krēs) *n.* Growth, enlargement اضافہ ـ بیشی ـ بڑا ہو جانا ـ ترقی ـ کمال ـ افزائش نسل ـ چاند کا چڑھاؤ ـ تعداد میں اضافہ ـ

Incredible (in-krēd-i-bl) *adj.* Unbelievable ناقابل یقین ـ خارج از قیاس ـ غیر معتبر ـ

Incredulous (in-krəd-ū-ləs) *adj.* Unbelieving یقین نہ کرنے والا ـ غیر معتقد ـ بے عقیدہ ـ منکر ـ

Incredulity *n.* ایمان نہ لانا ـ یقین نہ کرنا ـ بےاعتباری ـ بے اعتقادی ـ

Increment (in-kre-mənt) *n.* Increase زیادتی ـ ترقی ـ آمدنی یا تنخواہ میں اضافہ ـ بیشی ـ

Incriminate (in-kre-min-ət) *v.t.* Charge with crime الزام لگانا ـ ملزم ٹھہرانا ـ الزام میں ماخوذ کرنا ـ

Incriminatory ملزم قرار دینے والی ـ اتہامی ـ الزامی ـ

Incubate (ing-ku-bāt) *v.t.* & *i.* Hatch eggs انڈے سینا ـ انڈوں سے بچے نکالنا ـ

Incubation (ing-ku-bā-shən) *n.* Hatching, development phase of germs انڈوں سے بچے نکلنا یا نکالنا ـ جراثیم کی نمو قبل علامت مرض ـ

Artificial incubation مشین سے بچے نکالنا ـ مصنوعی حرارت سے بچے نکالنا ـ

Intercede (in-tər-sēd) *v.i.* Plead درمیان میں پڑنا ۔ کسی کے لیے کوشش کرنا ۔ دو شخصوں میں رفع شر کرنا ۔ دخل دینا ۔ سفارش کرنا ۔ شفاعت کرنا ۔

Intercept (in-tər-sept) *v.t.* Seize, catch روک لینا ۔ پکڑ لینا ۔ راہ بند کرنا ۔ سد راہ ہونا ۔ باز رکھنا ۔ مزاحمت کرنا ۔ حائل ہونا ۔ درمیان میں ہونا ۔

Interception *n.* راہ میں روکنا ۔ بیچ میں اڑا لینا ۔ مزاحمت ۔ روک ۔ اٹکاؤ ۔

Interceptor *n.* روکنے والا ۔ حائل ہونے والا ۔ مزاحم ہونے والا ۔

Intercession (in-tər-sesh-ən) *n.* Interceding by prayer سفارش ۔ دعا ۔ بیچ بچاؤ ۔

Intercessor (in-tər-ses-ər) *n.* One who intercedes سفارش کرنے والا ۔ دعا کرنے والا ۔ بیچ بچاؤ کرنے والا ۔ شفاعت کرنے والا ۔

Interchange (in-tər-chānj) *n.* Exchange of things ادلا بدلا ۔ تبادلہ اشیاء ۔ چیز کے بدلے چیز ۔

Interchange (in-tər-chānj) *v.t.* Exchange with each other ادلا بدلا کرنا ۔ تبادلہ کرنا ۔ اشیاء کا تبادلہ کرنا ۔ چیزوں کو ایک دوسرے کی جگہ رکھنا ۔ باری باری سے رکھنا ۔

Interchangeable *adj.* تبادلہ کے قابل ۔

Intercommunicate (in-tər-kə-mūni-kāt) *v.t.* Have mutual intercourse باہم رسل و رسائل کا سلسلہ رکھنا ۔ باہم ربط رکھنا ۔ ایک دوسرے کو مطلع کرنا ۔ بیچ میں راستہ رکھنا ۔ دروازہ رکھنا ۔

Intercommunication *n.* رسل و رسائل ۔ سلسلہ ربط و ضبط ۔ باہم تبادلہ پیام ۔ باہم ربط ۔

Intercommunion (in-tər-com-ū-niən) *n.* Intimate intercourse گہرا میل جول ۔ روحانی اتحاد ۔ باہمی تعلق ۔

Intercourse (in-tər-kōrs) *n.* Social communication راہ و رسم ۔ میل جول ۔ عزیز داری ۔ میل ملاپ ۔ گفتگو ۔ مراسلت ۔ خط و کتابت ۔ تجارت ۔ مباشرت ۔ جماع ۔

Interdepend (in-tər-dep-end) *v.i.* Depend on each other ایک دوسرے پر منحصر ہونا ۔ بھروسہ کرنا ۔

Interdependence باہمی پابندی ۔ باہمی انحصار ۔

Interdict (in-tər-dikt) *n.* & *v.t.* Authoritative prohibition, prohibit ممانعت ۔ سرکاری ممانعت ۔ کسی کی مذہبی فرائض کی بجا آوری سے محرومی ۔ منع کرنا ۔ باز رکھنا ۔ ممنوع قرار دینا ۔ حکم امتناعی جاری کرنا ۔

Interdiction *n.* نفرین ۔ امتناع ۔ ممانعت ۔

Interest (int(e)rest) *n.* Legal concern, title, right علاقہ ۔ تعلق ۔ سروکار ۔ فرض ۔ لگاؤ ۔ شوق ۔ رغبت ۔ چاہت ۔ حصہ ۔ فائدہ ۔ حاصل ۔ حق ۔ نفع ۔ منافع ۔ بیاج ۔ سود ۔ زور ۔ غلبہ ۔ اثر ۔ وسیلہ ۔ مقصد ۔ مفاد ۔ مصلحت ۔ خود غرضی ۔

Interest (int(e)rest) *v.t.* Excite curiosity or attention راغب کرنا ۔ شوق دلانا ۔ ترغیب دینا ۔ غرض رکھنا ۔ واسطہ رکھنا ۔ توجہ دلانا ۔ دلچسپی پیدا کرنا ۔

Interested *adj.* مطلبی ۔ غرض مند ۔ دلچسپی رکھنے والا ۔

Interesting *adj.* مرغوب ۔ سہاؤنا ۔ دلپسند ۔ دلچسپ ۔

Interfere (in-tər-fēr) *v.i.* Meddle with ٹکرانا ۔ مزاحم ہونا ۔ مخل ہونا ۔ مخالفت کرنا ۔ تعرض کرنا ۔ خواہ مخواہ دخل دینا ۔ دست اندازی کرنا ۔ ایک دوسرے کے خلاف عمل کرنا ۔

Interfluent (in-tər-floo-ənt) *adj.* Flowing into each other ایک دوسرے میں بہنے والے ۔ ایک دوسرے میں گرنے والے ۔ ملنے والے ۔

Interfuse (in-tər-fūz) *v.t.* & *i.* Blend مخلوط کرنا ۔ ملانا ۔ بیچ میں بکھیرنا ۔ ملنا ۔ مخلوط ہونا ۔

Interfusion *n.* میل ۔ آمیزش ۔ امتزاج ۔

Interim (in-tər-im) *adv.*, *n.* & *adj.* Intervening time درمیان میں ۔ درمیانی عرصہ میں ۔ درمیانی وقفہ ۔ درمیانی عرصہ ۔ عارضی ۔ غیر مستقل ۔ ہنگامی ۔

Interior (in-te-ri-ər) *adj.* & *n.* Inland اندرونی ۔ داخلی ۔ ملک کے بیچ میں ۔ ملک کے داخلی امور ۔ اندر کا حصہ ۔ باطن ۔ روح ۔ نفس ۔

Interject (in-tər-jekt) *v.t.* Interpose بیچ میں دخل دینا ۔ بول اٹھنا ۔ چلا اٹھنا ۔ جملہ معترضہ کے طور پر کچھ کہنا ۔

Interjection (in-tər-jek-shən) *n.* Ejaculation جذباتی طور پر بول اٹھنا ۔ فجائیہ اظہار ۔ نعرہ حیرت وغیرہ ۔ کسی جذبہ کا اظہار ۔

Interleaf (in-tər-lif) *n.* Blank leaf between leaves of book مطبوعہ کتاب کے بیچ بیچ میں سادے ورق ۔

Interleave (in-tər-līv) *v.t.* Insert blank leaves in book کتاب میں سادے اوراق لگانا ۔

Interlock (in-tər-lok) *v.i.* & *t.* Lock within each other ایک دوسرے میں پھنسانا ۔ ایک دوسرے میں اٹکنا ۔ ایک دوسرے کے ساتھ مقفل ہونا ۔ دونوں مل کر قفلی بنانا ۔

Interlocutor (in-tər-lok-ū-tər) *n.* One who takes part in dialogue مکالمہ میں حصہ لینے والا ۔ مکالمہ کرنے والا ۔ تقریر کرنے والا ۔ سوال جواب کرنے والا ۔

Interlocution (in-tər-lok-ū-shən) *n.* گفتگو ۔ بات چیت ۔ سوال جواب ۔ مکالمہ ۔

Interloper (in-tər-lop-ər) *n.* Intruder بے جا دخل دینے والا ۔ دست اندازی کرنے والا ۔ کام میں مداخلت کرنے والا ۔ بلا اجازت تجارت کرنے والا ۔

Interlude (in-tər-l(y)ōōd) *n.* Pause between acts of play ناٹک کے دو حصوں کا درمیانی وقفہ ۔ تیاری کا وقفہ ۔ پر لطف ضمنی کھیل ۔

Intermarriage (in-tər-mar-əj) *n.* Marriage between different families مختلف خاندانوں میں شادی بیاہ ۔ خاندان سے باہر شادی ۔ آپس میں شادی بیاہ ۔

Intermarry (in-tər-mar-i) *v.i.* Become connected by marriage مختلف خاندانوں ، قبیلوں اور قوموں کا شادی بیاہ کے ذریعے آپس میں مل جانا ۔

Intermediary (in-tər-mē-di-əri) *adj.* & *n.* Acting between parties بیچ بچاؤ کرنے والا ۔ مصالحت کرانے والا ۔ ثالث ۔ بیچ میں پڑنے والا ۔

Intermediate (in-tər-mē-dyit) *adj.* & *n.* Coming between درمیانی ۔ بیچ کا ۔ متوسط ۔ درمیانی درجہ ۔

Intermediate (in-tər-mē-dyit) *v.i.* Mediate ثالثی کرنا ۔ دو فریقوں میں ثالث بننا ۔ صلح کرانا ۔

Intermediation *n.* ثالثی ۔ مصالحت کرنا ۔

Interment (in-tər-mənt) *n.* Burial دفن کرنا ۔ مٹی میں دبانا ۔ تکفین و تدفین ۔

Intermigration (in-tər-mig-ra-shən) *n.* Reciprocal migration باہم نقل مقام ۔ تبدیلی وطن ۔ دو ملکوں کے باشندوں کا ایک سے دوسرے ملک میں جا کر آباد ہونا ۔

Interminable (in-tər-min-əble) *adj.* Tediously long بے حد ۔ بے انتہا ۔ طول طویل ۔ کبھی نہ ختم ہونے والا ۔ شیطان کی آنت ۔

Intermingle (in-tər-ming-gl) *v.t.* & *i.* Mix together باہم ملانا یا ملنا ۔ خلط ملط ہونا ۔

Intermission (in-tər-mish-ən) *n.* Pause سکون ۔ وقفہ ۔ مہلت ۔ التوا ۔ ناغہ ۔ فرصت ۔

Intermit (in-tər-mit) *v.t.* Suspend ٹھہرانا ۔ ملتوی کرنا ۔ روکنا ۔ معطل کرنا ۔ موقوف رکھنا ۔ تھوڑی دیر کے لیے موقوف کرنا ۔

Intermittent *adj.* Stopping for a time باری کا ۔ وقفہ وقفہ کا ۔ رہ رہ کر آنے والا ۔

Intermix (in-tər-miks) *v.t.* & *i.* Mix together ملانا ۔ آمیزش کرنا ۔ خلط ملط کرنا ۔

Intermixture اختلاط ۔ میل ۔ آمیزش ۔

Intern (in-tərn) *v.t.* Oblige to reside within certain limits نظر بند کرنا ۔ شہر بند کرنا ۔ زیر نگرانی رکھنا ۔ آمد و رفت پر قیود عائد کرنا ۔

Internment *n.* حبس ۔ قید ۔ نظر بندی ۔

Internal (in-tər-nəl) *adj.* Situated in the inside of a thing اندرونی ۔ باطنی ۔ داخلی ۔ اصلی ۔ اندرون ملک کا ۔ نفس کا ۔

International (in-tər-nash-ə-nəl) *adj.* & *n.* Existing between different nations مختلف قوموں کے درمیان ۔ قوموں کے متعلق ۔ بین الاقوامی ۔ بین الاقوامی مقابلوں میں شریک ہونے والا ۔

Internationalist (in-tər-na-shən-əl-ist) *n.* Supporter of international association بین الاقوامی اتحاد کا حامی ۔ بین الاقوامی قانون کا ماہر ۔

Internationalism *n.* بین الاقوامی اتحاد ۔ قانون یا حکومت کا حامی ۔ بین الاقوامیت ۔

Internecine (in-tər-nē-sin) *adj.* Mutually destructive باہمی ہلاکت کا باعث ہونے والا ۔ ہلاکت آمیز ۔ باہمی ہلاکت کا ۔

Interpellate (in-tər-pe-lat) *v.t.* Interrupt order of the day by demanding explanation from minister مسئلہ زیر بحث کو روک کر وزیر متعلقہ سے تفصیلات طلب کرنا ۔ کاروائی کو ملتوی کرنا ۔

Interpellation *n.* دخل ۔ ہرج ۔ التوا ۔ مطالبہ تفصیل ۔

Interpenetrate (in-tər-pene-trāt) *v.i.* & *t.* Penetrate thoroughly ایک دوسرے میں گھل مل جانا ۔ نفوذ کرنا ۔ سرایت کرنا ۔

Interplay (in-tər-plā) *n.* Operation of two things upon one another ساتھ کھیلنا ۔ دو چیزوں کا ایک دوسرے پر عمل کرنا ۔ اثر انداز ہونا ۔

Interpolate (in-tər-po-lāt) *v.t.* Make insertions so as to give false impression کسی تحریر یا کتاب میں ناجائز الحاق کرنا ۔ اضافہ کرنا ۔ مسخ کرنا ۔ بد نیتی سے الحاق کرنا ۔ تحریف کرنا ۔

Interpolation *n.* الحاق عبارت ۔ تحریف ۔ اضافہ ۔ الحاق ۔

Interpose (in-tər-pōz) *v.t.* & *i.* Introduce objections, etc. مداخلت کرنا ۔ اعتراض کرنا ۔ قطع کلام کرنا ۔

Interpret (in-tər-prit) *v.t.* Explain تشریح کرنا ۔ توضیح کرنا ۔ مطلب سمجھانا ۔ ترجمانی کرنا ۔

Interpretation (in-tər-pret-ə-shən) *n.* Explanation تشریح ۔ توضیح ۔ تعبیر ۔ ترجمہ ۔ تصریح ۔

Interpreter (in-tər-pret-ər) *n.* One who interprets مترجم ۔ مفسر ۔ شارح ۔ جب چند لوگ مختلف زبانوں میں کچھ رہے ہوں تو ایک شخص ترجمہ کرتا جاتا ہے ۔

Interregnum (in-tər-reg-nəm) *n.* Period during which State has no normal ruler ایسا وقفہ جب ریاست کا کوئی حکمران نہ ہو ۔ وقفہ ۔ درمیانی عرصہ ۔

Interrogate (in-tər-ə-gāt) *v.t.* Ask questions پوچھنا ۔ سوال کرنا ۔ جرح کرنا ۔ دریافت کرنا ۔ استفسار کرنا ۔ کرید کرید کر پوچھنا ۔

Interrogative (in-tər-ə-gat-iv) *adj.* & *n.* Having the force of a question سوالیہ ۔ استفہامیہ ۔ کلمہ استفہامیہ ۔ استفسار کے طور پر ۔

Interrogatory (in-tər-ə-gat-əri) *adj.* & *n.* Of inquiry, set of questions تحقیق کا ۔ تفتیش کے متعلق ۔ سوال بند ۔ سوالوں کی فہرست ۔

Interrupt (in-tər-upt) *v.t.* Break the continuity of مداخلت کرنا ۔ روک دینا ۔ سلسلہ توڑنا ۔ قطع کلام کرنا ۔ سد راہ ہونا ۔

Interruption *n.* قطع کلام ۔ اٹکاؤ ۔ ہرج ۔ خلل اندازی ۔ مداخلت ۔

Intersect (in-tər-sekt) *v.t.* Divide, cross, cut بیچ میں سے دو کرنا ۔ قطع کرنا ۔ دو حصے کرنا ۔ بیچ میں سے کاٹتے ہوئے گزرنا ۔

Intersection (in-tər-sek-shən) *n.* Place where two things cross وہ نقطہ جہاں خطوط ایک دوسرے کو قطع کریں ۔ نقطہ انقطاع ۔

Intersperse (in-tər-spərs) *v.t.* Scatter بکھیرنا ۔ پھیلانا ۔ بیچ میں بکھیرنا ۔ رنگ بہ رنگ کرنا ۔

Inter-state (in-tər-stāt) *adj.* Carried on between states ریاستوں کے مابین ۔ ریاستوں کے اندر ۔ ریاستوں میں باہم ۔

Intertwine (in-tər-twīn) *v.t.* & *i.* Entwine things one with another بٹنا ۔ لپٹنا ۔ ایک دوسرے سے ملا دینا ۔ دو کو بانٹ کر ایک کرنا ۔ بل دینا ۔

Interval (in-tər-vəl) *n.* Break, gap درمیان کا وقفہ ۔ فاصلہ ۔ خلا ۔ خالی وقت ۔

Intervene (in-tər-ven) *v.t.* Come between, interfere بیچ یا درمیان میں آنا ۔ بیچ میں پڑنا ۔ مخل ہونا ۔ آڑے آنا ۔ دو چیزوں کے بیچ میں ہونا ۔

Intervention *n.* دست انداز ہونا ۔ درمیان میں آنا ۔ مداخلت ۔

Interview (in-tər-vu) *n.* Meeting of persons face to face ملاقات ۔ باریابی ۔ دو بدو گفتگو کرنا ۔ اخبار کے نمائندے کے سوالات و جوابات ۔

Interweave (in-tər-wēv) *v.t.* Interlace ملا کر بننا ۔ گوندھنا ۔ ملانا ۔ جوڑنا ۔ باہم وابستہ کرنا ۔

Intestate (in-tes-tāt) *adj.* & *n.* Of person not having made a will بغیر وصیت کے انتقال کیا ہوا ۔ بے وصیت ۔ بے وصیت موت ۔

Intestine(s) (in-tes-tīn) *n.* Entrails انتڑیاں ۔ آنتیں ۔

Intestine (in-tes-tīn) *adj.* Civil, domestic (wars) اندرونی (انتشار) گھریلو (لڑائی) ۔

Intimate (in-ti-mit) *adj.* & *n.* Familiar گہرا ۔ دلی ۔ قلبی ۔ بے تکلف ۔ دلی دوست ۔

Intimacy *n.* بے تکلفی ۔ گہری دوستی ۔ دوستی ۔ یارانہ ۔

Intimate (in-ti-mit) *v.t.* Make known واقف کرنا ۔ مطلع کرنا ۔ اطلاع دینا ۔ اشارہ کرنا ۔ جتانا ۔

Intimation *n.* اطلاعی مراسلہ ۔ آگاہی ۔ اطلاع ۔

Intimidate (in-tim-i-dāt) *v.t.* Inspire with fear دھمکانا ۔ ڈرانا ۔ تخویف کرنا ۔

Intimidation *n.* ڈرانا ۔ دہشت پیدا کرنا ۔ دھمکی ۔ تخویف ۔

Intolerable (in-tol-ər-əbl) *adj.* That cannot be endured ناقابل برداشت ۔ ناقابل تحمل ۔ جو سہہ نہ سکیں ۔ ناجائز ۔ ناروا ۔

Intolerant (in-tol-ə-rant) *adj.* Not tolerant متعصب تنگ نظر ۔ ناروا دار ۔ غیر روا دار ۔

Intolerance *n.* تنگ نظری ۔ تعصب ۔ نا روا داری ۔

Intonation (in-ton-a-shən) *n.* Reciting in singing voice آواز ۔ لے ۔ سر ۔ لہجہ ۔ گانے کی طرز پر پڑھنا ۔ لحن سے پڑھنا ۔ آواز کا اتار چڑھاؤ ۔

Intone (in-tōn) *v.t.* Utter in a particular tone لحن سے پڑھنا ۔ خاص لہجہ میں ادا کرنا ۔ گا کر ادا کرنا ۔

Intoxicant (in-tok-si-kant) *adj.* & *n.* Intoxicating drink نشے دار ۔ مخمور کرنے والی ۔ نشہ آور ۔ شراب ۔

Intoxicate (in-tok-si-kāt) *v.t.* Make drunk مدہوش کرنا ۔ سرشار کرنا ۔ مست کرنا ۔ بے ہوش کرنا ۔ بے خود بنانا ۔ والہانہ جوش پیدا کر دینا ۔

Intoxication *n.* سرشاری ۔ نشہ ۔ بےخودی ۔ بدمستی ۔

Intractable (in-trekt-əbl) *adj.* Not easily dealt with بے قابو ۔ بے لگام ۔ سرکش ۔ جو آسانی سے قابو میں نہ آئے ۔ جس کی اصلاح نہ ہو سکے ۔ کند ۔ دقت طلب ۔ دشوار ۔ پیچیدہ ۔

Intransigent (in-tran-si-jənt) *adj.* & *n.* Uncompromising in politics سیاست میں کٹر ۔ انتہا پسند ۔ اپنی بات پر اڑا رہنے والا ۔ ضدی ۔ ہٹیلا ۔ سخت رائے رکھنے والا ۔

Intransitive (in-tran-si-tiv) *adj.* & *n.* Verb that does not take a direct object لازم - غیرمتعدی - فعل لازم - فعل جس کا مفعول نہ ہو -

Intrepid (in-trep-id) *adj.* Fearless نڈر - دلیر - بہادر - جری - شیردل - منچلا -

Intrepidity *n.* جواں مردی - بے باکی - شجاعت -

Intricate (in-tri-kit) *adj.* Entangled الجھا ہوا - پیچیدہ - دقیق - مشکل - دشوار - دھندلا - مبہم -

Intricacy *n.* اشکال - الجھاؤ - دشواری - پیچیدگی -

Intrigue (in-tr-eg) *n.* & *v.t.* Underhand plotting سازش - منصوبہ بازی - فریب - دغا - آشنائی - ناجائز جنسی تعلق - سانٹھ گانٹھ سے کام لینا - منصوبہ بنانا - دغا کرنا - پوشیدہ تعلق پیدا کرنا - مسحور کرنا - مشتاق بنا دینا - حیرت زدہ کر دینا -

Intrinsic (in-trin-sik) *adj.* Inherent, essential ذاتی - اصلی - حقیقی - لاینفک -

Introduce (in-trə-dūs) *v.t.* Bring in آغاز کرنا - شروع کرنا - اندر لانا - ملانا - ملاقات کرانا - تعارف کرانا - رواج دینا - جاری کرنا - جوان لڑکی کو سماجی جلسوں میں شریک کرنا - مسودہ قانون پیش کرنا -

Introductory *adj.* تعارفی - ابتدائی - بطور عنوان - تمہیدی -

Introduction (in-trə-duk-shən) *n.* Introducing رواج دہی - اجرا - آغاز - ابتدا - مقدمہ - تمہید - تعارف - شناسائی -

Introspect (in-tre-spekt) *v.i.* Examine one's own thoughts and feelings مشاہدہ نفس کرنا - اپنی نفسی کیفیات کا مطالعہ کرنا - اپنے جذبات کا اندازہ کرنا -

Introspection *n.* محاسبہ نفس - محاسبۂ ذات -

Introspectionist *n.* یہ عقیدہ کہ ہر شخص خود اپنا مصلح بن سکتا ہے - جو مشاہدہ نفس کا قائل ہو - یہ نظریہ کہ نفسیات کی اصل بنیاد مشاہدہ اور محاسبہ نفس ہے -

Introspective *adj.* مشاہدہ نفس کے متعلق - خود بینی کا عادی -

Intrude (in-trōōd) *v.t.* Thrust oneself in زبردستی کرنا - زبردستی گھس جانا - ٹھونسنا - بن بلائے جانا - ناخواندہ مہمان بننا -

Intruder *n.* بن بلائے آنے والا - مخل صحبت - ناخواندہ مہمان - دست انداز - مخل ہونے والا -

Intrusion (in-trōō-zhn) *n.* Forcing oneself in مداخلت بیجا - خلل اندازی - زبردستی داخل ہونا -

Intrusionist *n.* مداخلت کرنے والا -

Intrusive *adj.* مداخلت کناں - خلل انداز -

Intrusiveness *n.* مداخلت کرنے کا عمل - مخل ہونے کی عادت -

Intuit (in-tu-it) *v.t.* & *i.* Receive knowledge by direct perception وجدانی طور پر معلوم کرنا - براہ راست ادراک کرنا -

Intuition (in-tu-i-shən) *n.* Immediate insight وجدان - الہام - ادراک -

Intuitional حضوری - تحت الشعوری - وجدانی -

Intuitionalism (in-tu-i-shən-əl-izm) *n.* Doctrine that perception of truth is by intuition یہ نظریہ کہ حقیقت کا ادراک خارجی احساس سے نہیں بلکہ وجدانی طور پر ہوتا ہے - وجدانیت -

Intuitionism (in-tu-i-shən-izm) *n.* Doctrine that in perception external objects are known immediately by intuition یہ کلیہ کہ خارجی چیزوں کے ادراک میں وجدان ہی رہنما ہوتا ہے -

Intuitive (in-tu-i-tiv) *adj.* صاحب وجدان - وہ جو اندرونی بصیرت سے معلوم کرے - وجدانی -

Inundate (in-un-dāt) *v.t.* Overflow غرقاب کرنا - سیلاب میں غرق کر دینا - طوفان برپا کر دینا -

Inundation *n.* ریل پیل - کثرت - غرقابی - سیلاب - طغیانی -

Inure-en (i-nūr) *v.t.* & *i.* Accustom عادی کرنا - خوگر ہونا - عادت ڈالنا - محنت کرنا - کام میں لگانا - کام آنا -

Inurement *n.* عمل - استعمال - دستور - ربط - خو - عادت -

Invade (in-vād) *v.t.* Make hostile inroad into چڑھائی کرنا - لشکر کشی کرنا - حملہ کرنا - گھیر لینا - دوسرے ملک میں گھس جانا - مداخلت کرنا - تجاوز کرنا -

Invader *n.* چڑھائی کرنے والا - غنیم - حملہ آور -

Invalid (in-val-id) *adj.* & *n.* Disabled by illness کمزور - ضعیف - بیمار - مریض - بیماری کا مارا ہوا - معذور الخدمت - بیمار آدمی -

Invalid (in-val-id) *v.t.* & *i.* Lay up, disable بیمار ہونا ۔ بیمار کر دینا ۔ بیمار بنا دینا ۔ بیماری کی بنا پر ملازمت سے علیحدہ کر دینا ۔ بےکاروں کی فہرست میں داخل کرنا ۔

Invalid (in-val-id) *adj.* Having no legal force باطل ۔ ناجائز ۔ قانوناً بےکار ۔ بے اثر ۔ بے بنیاد ۔ غیر صحیح ۔ غیر مسلمہ ۔ ناقص ۔

Invalidate (in-val-id-āt) *v.t.* Make invalid باطل کرنا ۔ فسخ کرنا ۔ ناجائز قرار دینا ۔ بےکار کرنا ۔ بے اثر کرنا ۔

Invalidity (in-val-i-di-ti) *n.* Infirmity ضعف ۔ کمزوری ۔ علالت ۔ معذوری ۔ بے اثری ۔ قانوناً غیر مسلمہ ہونا ۔ ناقابل قبول ہونا ۔

Invaluable (in-val-u-əbl) *adj.* Priceless انمول ۔ بیش بہا ۔ بیش قیمت ۔

Invariable (in-var-i-əbl) *adj.* Unchangeable ناقابل تبدیلی ۔ ایک حال پر ۔ اٹل ۔ مستقل ۔ سدا ایک حالت پر رہنے والا ۔

Invasion (in-va-zhən) *n.* Encroachment حملہ ۔ یورش ۔ چڑھائی ۔ دھاوا ۔ تصرف ۔ غلبہ ۔ مداخلت ۔ قبضہ ۔ دست درازی ۔

Invective (in-vek-tiv) *n.* Abusive oratory دشنام ۔ گالی ۔ لعن طعن ۔ سب و شتم ۔ گالیوں کی بوچھاڑ ۔ ہجویہ تقریر ، تحریر یا نظم ۔

Inveigh (in-vā) *v.t.* Speak violently طعن و تشنیع کرنا ۔ برا بھلا کہنا ۔ مذمت کرنا ۔ اچھی طرح خبر لینا ۔ پھٹکارنا ۔

Inveigle (in-ve-gl) *v.t.* Entice, seduce بہکانا ۔ پھسلانا ۔ اغوا کرنا ۔ بھگا لے جانا ۔ ورغلانا ۔ پٹی پڑھانا ۔ سبز باغ دکھانا ۔ فریب دینا ۔ دم دینا ۔

Invent (in-vent) *v.t.* Devise, originate ایجاد کرنا ۔ اختراع کرنا ۔ پیدا کرنا ۔ نئی چیز بنانا ۔ نئی بات نکالنا ۔ دل سے گھڑنا ۔ فرضی بات کہنا ۔

Inventive *adj.* ایجادی ۔ اختراعی ۔

Inventor *n.* نئی چیز بنانے والا ۔ اختراع کرنے والا ۔ موجد ۔

Invention (in-ven-shən) *n.* Contrivance ایجاد ۔ اختراع ۔ دریافت ۔ ایجاد کی ہوئی چیز ۔ قوت ایجاد ۔ ترکیب ۔ ساخت ۔

Inventory (in-ven-tə-ri) *n.* & *v.t.* Detailed list of goods سامان کی فرد یا فہرست ۔ فرد بنانا ۔ فہرست تیار کرنا ۔ فہرست پر چڑھانا ۔

Inveracity (in-ve-rə-si-ti) *n.* Untruthfulness کذب ۔ جھوٹ ۔ بے حقیقت بات ۔

Inverse (in-vərs) *adj.* & *n.* Inverted الٹا ۔ اوندھا ۔ معکوس ۔ مقلوب ۔

Inversion (in-vər-shən) *n.* Reversal of normal position الٹ پلٹ ۔ معکوس ہونا ۔ اوندھا یا الٹا ہونا ۔ (قواعد) تقدیم ۔ تاخیر ۔

Inversive *adj.* الٹا کر دینے والا ۔ معکوس ۔ مقلوب ۔

Invert (in-vərt) *v.t.* Turn upside down الٹا کرنا ۔ اوندھا کرنا ۔ پلٹانا ۔ (موسیقی) سروں کی ترتیب بدل دینا ۔

Invert (in-vərt) *n.* Inverted arch معکوس کمان ۔ الٹی محراب ۔

Invertibrate (in-vərt-i-brit) *adj.* & *n.* Not having spinal column بے ریڑھ کا ۔ کمزور ۔ بودا ۔ بے ریڑھ کا جانور ۔

Invest (in-vest) *v.t.* & *i.* Put money into پوشاک پہننا ۔ خلعت پہنانا ۔ ممتاز کرنا ۔ عطا کرنا ۔ سرفراز کرنا ۔ کسی کاروبار یا خرید حصص میں روپیہ لگانا ۔

Investor *n.* ممتاز کرنے والا ۔ سرمایہ مشغول کرنے والا ۔ روپیہ لگانے والا ۔

Investigate (in-ves-ti-gāt) *v.t.* Inquire into تحقیقات کرنا ۔ چھان بین کرنا ۔ تفتیش کرنا ۔ تلاش کرنا ۔ کھوج نکالنا ۔

Investigation *n.* تفتیش ۔ تحقیقات ۔

Investigator *n.* محقق ۔ تحقیقات کرنے والا ۔ مفتش ۔

Investiture (in-ves-ti-tur) *n.* Formal investing of person in office جائداد مقبوضہ کا داخلہ دلانا ۔ پہناوا ۔ لباس ۔ پوشاک ۔ مسند نشینی ۔ باضابطہ جائزہ دلانا ۔

Investment (in-vest-mənt) *n.* Money invested مسند نشینی ۔ محاصرہ ۔ راس المال ۔ سرمایہ جو کسی تجارت میں لگایا گیا ہو ۔

Invetrate (in-vet-ər-it) *adj.* Long-established پرانا ۔ قدیم ۔ دیرینہ ۔ مزمن ۔ شدید ۔ سخت ۔

Invidious (in-vid-i-əs) *adj.* Giving offence حسد انگیز ۔ کینہ انگیز ۔ ناگوار ۔ تکلیف دہ ۔

Invidiousness *n.* - بے انصافی ۔ ناگواری ۔ حسد انگیزی

Invigilate (in-vij-i-lāt) *v.i.* Watch over students in examination امتحان میں طلبا کی نگرانی کرنا ۔

Invigilation *n.* دیکھ بھال ۔ نگرانی ۔

Invigilator *n.* ناظر ۔ نگران ۔

Invigorate (in-vig-ər-āt) *v.t.* Make vigorous توانا کرنا ۔ ٹانٹھا کرنا ۔ قوی کرنا ۔ تقویت پہنچانا ۔ روح پھونکنا ۔ جان ڈالنا ۔

Invigorative *adj.* طاقت بخش ۔ مقوی ۔

Invincible (in-vin-si-bl) *adj.* Unconquerable جس پر کوئی فتح نہ پا سکے ۔ ناقابل تسخیر ۔ جرار ۔ اجیت ۔ زبردست ۔

Inviolable (in-vi-ə-lə-bl) *adj.* To be kept sacred واجب التعظیم ۔ محترم ۔ قابل عزت ۔

Inviolate (in-vi-ə-lət) *adj.* Unbroken صحیح و سالم ۔ مسلمہ ۔ محفوظ ۔ پاک و صاف ۔

Invisible (in-viz-i-bl) *adj.* & *n.* That cannot be seen نہاں ۔ پوشیدہ و مخفی ۔ دکھائی نہ دینے والا ۔ باطنی ۔ غیر محسوس ۔ پوشیدہ ہستی ۔

Invite (in-vīt) *v.t.* & *n.* Request courteously بلانا ۔ مدعو کرنا ۔ دعوت دینا ۔ ترغیب دینا ۔ پھسلانا ۔ ورغلانا ۔ باعث ہونا ۔ موجب ہونا ۔ (بول چال) دعوت ۔ بلاوا ۔

Invitation *n.* التجا ۔ استصواب ۔ بلاوا ۔ دعوت ۔

Invitingly *adv.* دل کشی سے ۔ دل پذیری سے ۔ دل جوئی سے ۔

Invocation (in-vō-kā-shən) *n.* Calling upon God in prayer دعا ۔ مناجات ۔ حمد و ثنا ۔ طلب نصرت ۔ فریاد ۔ طلب فیضان ۔ اسماء کا ورد کرنا ۔ حاضرات لگانا ۔

Invoice (in-vois) *n.* & *v.t.* List of goods with prices فہرست ۔ بیجک ۔ فہرست اشیا مع قیمت ۔ بیجک بنانا ۔

Invoke (in-vōk) *v.t.* Call on God دعا مانگنا ۔ بلانا ۔ نام لے کر بلانا ۔ خدا کو گواہ کرنا ۔ طلب استعانت کرنا ۔ مناجات کرنا ۔ اسماء کا ورد کرنا ۔

Involuntary (in-vol-ən-təri) *adj.* Unintentional بے ارادہ ۔ بے خواہش ۔ بے اختیارانہ ۔ غیر ارادی ۔ بے قصد ۔

Involution (in-vol(y)oo-shən) *n.* Entanglement لپیٹ ۔ الجھن ۔ دقت ۔ پیچ ۔ پیچیدگی ۔ چکر میں آجانا ۔

Involve (in-vōlv) *v.t.* Entangle ته کرنا ۔ لپیٹنا ۔ پھانسنا ۔ مبتلا کرنا ۔ الجھانا ۔ شامل کرنا ۔ پھنسانا ۔ پریشان کرنا ۔ شش و پنج میں ڈالنا ۔ درہم برہم کرنا ۔

Involvement (in-vōlv-mənt) *n.* Complicated affair لپیٹ ۔ الجھاؤ ۔ مشکل معاملہ ۔ مالی مشکلات ۔ کٹھی ۔

Invulnerable (in-vul-nər-əbl) *adj.* That cannot be wounded جو زخمی نہ ہو سکے ۔ جسے نقصان نہ پہنچایا جا سکے ۔ جو ضرر سے محفوظ ہو ۔

Inward (in-wərd) *adj.* & *n.* Situated within باطنی ۔ اندرونی ۔ اندر کا ۔ دلی ۔ روحانی ۔ ذہنی ۔ اندر کی طرف ۔ (جمع) اوجھڑی ۔

Inwardly *adv.* پوشیدہ ۔ باطنی طور پر ۔ دل میں ۔ اندر سے ۔

Inwardness *n.* روحانیت ۔ ذات ۔ اصل جوہر ۔ باطن ۔

Inward(s) (in-wərd) *adv.* Towards inside اندر ۔ اندر کی طرف ۔ قلب میں ۔ باطن میں ۔ نفس یا روح میں ۔

Iodine (i-ə-din) *n.* Non-metallic medicine آیوڈین ۔ بنفشیں ۔

Iota (i-ō-ta) *n.* Atom, jot دانہ ۔ ذرہ ۔ ریزہ ۔ سالمہ ۔ تل بھر ۔ خفیف سی مقدار ۔

I.O.U (i.o.u) *n.* Signed document bearing i.o.u رقعہ قرض ۔ پرونوٹ ۔

Irascible (ir-as-i-bl) *adj.* Hot-tempered گرم مزاج ۔ تنک مزاج ۔ چڑچڑا ۔ غصیلا ۔ زود رنج ۔

Irascibility (ir-as-i-bl-iti) *n.* تندی ۔ چڑچڑا پن ۔ تنک مزاجی ۔

Irate (ir-at) *adj.* Angry برہم ۔ جھلایا ہوا ۔ آگ بگولہ ۔ غضبناک ۔

Ire (īr) *n.* Anger برہمی ۔ خفگی ۔ ناراضگی ۔ غضب ۔ غصہ ۔

Ireful *adj.* خشمناک ۔ غضب ناک ۔

Irenic *adj.* امن پسند ۔ صلح پسند ۔ آشتی پسند ۔ صلح جو ۔

Iridaceous (īr-i-da-shəs) *adj.* Of the Iris kind سوسن کی قسم کا ۔ سوسن کا ۔ سوسنی ۔

Iridescent (ĭr-i-di-sənt) *adj.* Like rainbow قوس قزح کے رنگ بتانے والا - رنگ دار - دھنشی کے رنگوں والا - ہر پہلو سے ایک نیا رنگ دکھانے والا - قزح رنگ -

Iridescence *n.* ہر جگہ سے ایک نیا رنگ - صد رنگی -

Iris (ī-ris) *n.* Kinds of plants and rock crystals قوس قزح - آنکھ کی پتلی کی جھلی - ایک قسم کا پھول - ایسا بلوری پتھر جس میں رنگ نظر آئیں -

Irish (ī-rish) *adj.* & *n.* Of Ireland آئرستان کا باشندہ یا زبان - آئرش قوم -

Irk (ə-rk) *v.t.* Disgust, bore تھکانا - تکلیف دینا - ناگوار ہونا - اکتا دینا -

Irksome (ərk-som) *adj.* Tiresome اکتا دینے والا - تکلیف دہ - گراں - ناگوار -

Irksomeness *n.* ماندگی - اکتاہٹ - ناگواری -

Iron (ī-rən) *n.* & *adj.* Hard metal used for tools لوہا - آہن - حدید - استری - مضبوط چیز - پکا - فولادی - مقوی دوا - آہنی آلہ یا اوزار - بیڑی - ہتھکڑی - داغ دینے کی سلاخ - مضبوط ارادے کا - سخت - بے درد -

Have many irons in the fire بہت سی ترکیبیں کرنا -

Iron horse موٹر یا بائیسکل وغیرہ - انجن -

Strike while the iron is hot موقع سے فائدہ آٹھانا -

Iron (ī-rən) *v.t.* Shackle with irons لوہے سے جکڑنا - پابہ زنجیر کرنا - پابجولاں کرنا - استری کرنا - ہتکڑی یا بیڑی پہنانا -

Ironic(al) (i-rən-ik) *adj.* Said in irony طعنہ آمیز - طنزیہ - طعن و طنز کا عادی -

Ironist (ī-rən-ist) *n.* One who uses irony طنز نگار - طنزیہ عبارت لکھنے والا -

Ironmonger (ī-rən-mung-ər) *n.* Dealer in hardware لوہے کی چیزیں بیچنے والا - لوہے کا تاجر -

Irony (ī-rən-i) *n.* Expression of meaning by language of opposite or different tendency طعن - طنز - ستم ظریفی - رمز - کنایہ - ہجوملیح -

Irony (ī-rən-i) *adj.* Like iron لوہے کا - آہنی - لوہے کا سا - کڑا - سخت -

Irradiant (i-ra-di-ənt) *adj.* Shining brightly منور - درخشاں - روشن - ضیا بار -

Irradiance *n.* شعاع ریزی - تنویر - چمک - تجلی -

Irradiate (i-ra-di-ət) *v.t.* Throw light upon روشن کرنا - منور کرنا - چمکانا - واضح کرنا - خوشی سے چہرہ چمکانا -

Irrational (ir-ash-ən-əl) *adj.* Unreasonable خلاف عقل - غیر منطقی - نامعقول - بے عقل - نا سمجھ - بے شعور -

Irrationalize *v.t.* غیر معقول یا غیر منطقی بنانا -

Irreclaimable (ir-i-klam-əbl) *adj.* Not to be reformed نا تربیت پذیر - ناقابل اصلاح - گیا گزرا - جس کی اصلاح کسی طرح نہ ہو سکے -

Irrecognizable (ir-ek-əg-niz-əbl) *adj.* Unrecognizable جو پہچانا نہ جا سکے - ناقابل شناخت -

Irreconcilable (ir-ek-ən-sil-əbl) *adj.* & *n.* Implacably hostile ناقابل مصالحت - سخت مخالف - کسی سیاسی اقدام کا کٹر دشمن - سیاسی تحریک سے اختلاف کرنے والا -

Irrecoverable (ir-i-ku-vər-əbl) *adj.* That cannot be remedied ناقابل وصول - ناقابل تلافی - ڈوبی ہوئی رقم - گیا گزرا - لا علاج -

Irredeemable (ir-i-dim-əbl) *adj.* Hopeless جسے چھڑا نہ سکیں - ناقابل انفکاک - غیر میعادی - ناقابل واگزاشت -

Irreducible (ir-i-dus-i-bl) *adj.* That cannot be reduced جو گھٹایا نہ جا سکے - جس کو سادہ شکل میں نہ لایا جا سکے - جو تحویل نہ ہو سکے -

Irrefutable (ir-i-fut-ə-bl) *adj.* Not to be refuted جو رد نہ ہو سکے - مسکت - ناقابل تردید -

Irregular (ir-eg-u-lər) *adj.* Contrary to rules بے قاعدہ - بے ترتیب - بے ڈھب - خلاف ضابطہ - خلاف قاعدہ - خلاف معمول - ناہموار - بے قاعدہ فوج -

Irregularity *n.* بے تکا پن - بے ترتیبی - بے ضابطگی - بے قاعدگی -

Irrelative (ir-ilə-tiv) *adj.* Unconnected بے لگاؤ - بے جوڑ - بے ربط - بے قاعدہ -

Irrelevant (ir-el-ə-vənt) *adj.* Not to the point غیر متعلق - انمل - بے جوڑ - بے محل - خارج از بحث -

Irrelevance-ancy *n.* خارج از بحث ہونا - مغائرت - بے تعلقی -

Irreligion (ir-i-lij-ən) *n.* Disregard of religion بے دینی ۔ الحاد ۔ مذہبی قیود سے آزادی ۔

Irreligious *adj.* دہریہ ۔ لامذہب ۔ بے دین ۔

Irremediable (ir-i-me-di-əbl) *adj.* That cannot be remedied لاعلاج ۔ لا دوا ۔ لا چار ۔ بے چارہ ۔ ناقابل تلافی ۔

Irremissible (ir-i-mis-ə-bl) *adj.* Unpardonable جو معاف کرنے کے قابل نہ ہو ۔ ناگزیر ۔ اٹل ۔

Irremovable (ir-i-moov-əbl) *adj.* That cannot be removed جو منتقل نہ کیا جا سکے ۔ جس کو خدمت سے ہٹایا نہ جا سکے ۔

Irremovability *n.* ناقابل علیحدگی ہونا ۔ ناقابل انتقال ہونا ۔

Irreparable (ir-ep-ər-əbl) *adj.* That cannot be made good ناقابل علاج ۔ ناقابل مرمت ۔ جو درست نہ ہو سکے ۔ نا کارہ ۔ گیا گزرا ۔

Irreplaceable (ir-i-plas-əbl) *adj.* Of which the loss cannot be made good جس کا بدل نہ ہو ۔ ناقابل تلافی ۔ بے بدل ۔ جس کی جگہ کوئی دوسرا نہ لے سکے ۔

Irrepressible (ir-i-pres-ibl) *adj.* & *n.* Not to be restrained جو رک یا دب نہ سکے ۔ زیر نہ ہونے والا ۔ بے باک آدمی ۔

Irreproachable (ir-i-proach-əbl) *adj.* Faultless ناقابل ملازمت ۔ جس پر حرف نہ آ سکے ۔ بے خطا ۔ بے قصور ۔ بے داغ ۔ پاک و صاف ۔

Irresistible (ir-i-zist-i-bl) *adj.* Too strong ناقابل مزاحمت ۔ جس کا مقابلہ نہ کیا جا سکے ۔ غیر معمولی قوت والا ۔

Irresolute (ir-ez-ə-lōōt) *adj.* Undecided غیر مستقل مزاج ۔ متلون ۔ مذبذب ۔ کچے ارادے کا ۔

Irresolution *n.* } کمزور ارادہ ۔ غیر مستقل مزاجی ۔
Irresoluteness *n.* } تلون ۔ تذبذب ۔

Irresolvable (ir-i-zolv-ə-bl) *adj.* That cannot be resolved into parts ناقابل تحلیل ۔ ناقابل تقسیم ۔

Irrespective (ir-i-spek-tiv) *adj.* Without reference to بلا لحاظ ۔ اس سے قطع نظر ۔

Irresponsible (ir-i-spons-i-bl) *adj.* Not responsible for his conduct غیر ذمہ دارانہ ۔ اپنے اعمال کی ذمہ داری کے احساس سے بری ۔ لا ابالی ۔ جواب دہی سے بری ۔

Irresponsibility *n.* بے پروائی ۔ غیر ذمہ داری ۔ لا ابالی پن ۔

Irresponsive (ir-i-spons-iv) *adj.* Not responsive جو اثر قبول نہ کرے ۔ جو جواب نہ دے ۔ غیر متاثر ۔ غیر موافق ۔

Irretentive (ir-i-ten-tiv) *adj.* Not retentive بھول جانے والا ۔ نہ رکنے والا (پیشاب) ۔ جو روک نہ سکے ۔ کمزور (حافظہ ۔ مثانہ وغیرہ) ۔

Irretrievable (ir-i-triv-əbl) That cannot be retrieved جو ایفا نہ ہو سکے ۔ غیر ممکن الحصول ۔ نا قابل تلافی ۔

Irretrievability ناقابل تلافی ہونا ۔ نا ممکن الحصول ہونا ۔

Irreverent (ir-ever-ənt) *adj.* Wanting in reverence بے ادب ۔ گستاخ ۔ بد لحاظ ۔

Irreverence *n.* بے احترامی ۔ بے ادبی ۔ بد لحاظی ۔

Irreverential *adj.* بے ادبانہ ۔ گستاخانہ ۔

Irreversible (ir-i-vərs-i-bl) *adj.* Unalterable جو بدلا نہ جا سکے ۔ جس میں تبدیلی نہ ہو سکے ۔ نا قابل تنسیخ ۔ نا قابل تغیر ۔

Irreversibility *n.* اٹل ہونا ۔ نا قابل تنسیخ ہونا ۔ ناقابل تغیر ہونا ۔

Irrevocable (ir-ev-ək-əbl) *adj.* Unalterable نا قابل تنسیخ ۔ جو واپس نہ ہو سکے ۔ اٹل ۔ نہ لوٹنے والا ۔ ہاتھ سے نکلا ہوا ۔ (تیر ۔ کام وغیرہ) ۔

Irrigate (ir-i-gāt) *v.t.* Supply (land) with water سینچنا ۔ پانی دینا ۔ آبپاشی کرنا ۔ آبیاری کرنا ۔ زخم پر دوا ٹپکاتے رہنا ۔

Irrigable *adj.* پانی دینے کے قابل ۔ سیراب کرنے کے قابل ۔

Irrigation *n.* زمین کو سیراب کرنا ۔ آبیاری ۔ آبپاشی ۔

Irritable (iri-tə-bl) *adj.* Quick to anger تنک مزاج ۔ زود رنج ۔ چڑ چڑا ۔ زود غضب ۔

Irritability *n.* چڑ چڑا پن ۔ تنک مزاجی ۔

Irritancy (iri-tən-si) *n.* Annoyance تنک مزاجی ۔ جھلاہٹ ۔ غصہ ۔ کوفت ۔ قانون (کالعدم ہونا یا کرنا) ۔

Irritant (iri-tənt) *adj.* & *n.* Causing irritation ہیجانی کیفیت پیدا کرنے والا ۔ مشتعل کرنے والا ۔

Irritate (ir-i-tāt) *v.t.* Excite, vex رگڑنا ۔ گھسنا ۔ کھجلانا ۔ بھڑکانا ۔ تیز کرنا ۔ خفا کرنا ۔ کھسیانا کرنا ۔ پریشان کرنا ۔ شورش پیدا کرنا ۔

Irritation *n.* جھلاہٹ ۔ ہیجان ۔ طیش ۔ غصہ ۔ سوزش ۔ جلن ۔

Irritative *adj.* بھڑکانے والا ۔ ٹپک اور جلن پیدا کرنے والا ۔

Irruption (ir-up-shən) *n.* Invasion چڑھائی ۔ دھاوا ۔ یورش ۔ تاخت ۔ زور کا حملہ ۔

Ishmael-lite (ish-ma-əl) *n.* Outcast قوم سے نکالا ہوا ۔ ذات سے ۔ شہر بدر ۔ قوم نے جس کا معاشرتی مقاطعہ کیا ہو ۔

Islam (iz-lam) *n.* Mohammedanizm, Islamic world اسلام ۔ دنیائے اسلام ۔

Islamic *adj.* اسلامی ۔

Islamism *n.* اسلامیت ۔

Island (ī-land) *n.* & *v.t.* Piece of land surrounded by water جزیرہ ۔ ٹاپو ۔ علیحدہ شے ۔ جزیرہ بنا دینا ۔ الگ تھلگ کر دینا ۔

Islander (ī-land-ər) *n.* Native of an island جزیرہ کا باشندہ ۔ جزیرے کا رہنے والا ۔

Isle (īl) *n.* Island جزیرہ ۔ ٹاپو ۔

Islet (ī-lit) *n.* Small island چھوٹا جزیرہ ۔ ٹاپو ۔ الگ تھلگ مقام ۔

Isn't (is-nt) *v.* Be دیکھو (بول چال) نہیں ہے ۔

Isolate (ī-so-lāt) *v.t.* Place apart or alone علیحدہ کرنا ۔ الگ رکھنا ۔ جدا کرنا ۔ الگ کرنا ۔ ایک کو دوسرے سے دور کرنا ۔ کسی کو سب سے دور کرنا ۔

Isolation *n.* الگ یا جدا کر دینا ۔ تنہائی ۔ علیحدگی ۔

Israel (iz-ra-il) *n.* The Jewish people بنی اسرائیل ۔ یہود ۔

Israelite (iz-ra-i-lit) *n.* Inhabitant of the state of Israel اسرائیلی ۔ یہودی ۔

Issue (ish(y)oo) *n.* Outlet, outgoing نکاس ۔ بہاؤ ۔ گزر ۔ برآمد ۔ اجرا ۔ نفاذ ۔ صدور ۔ آخر ۔ انجام ۔ نتیجہ ۔ اوزار ۔ نشتر ۔ دریا کا دہانہ ۔ اولاد ۔ بچے ۔ متنازعہ فیہ مسئلہ ۔ جاریہ سکے یا زر کاغذی ۔

At issue اصل معاملہ جس پر اختلاف ہو ۔

Join issues مخالف کے نقطہ نظر کو تسلیم کر لینا ۔ امر متنازعہ کی تنقیح کرنا ۔

Issueless *adj.* لا ولد ۔ بے اولاد ۔ بے فائدہ ۔ بے نتیجہ ۔

Issue (ish(y)oo) *v.i.* & *t.* Emerge from a condition نکلنا ۔ جاری ہونا ۔ ایک حال سے باہر آنا ۔ پھوٹنا ۔ نتیجہ ہونا ۔ انجام ہونا ۔ جاری کرنا ۔ اجرا کرنا ۔ شائع کرنا ۔ سپاہیوں کو وردی تقسیم کرنا ۔

Issuance *n.* نوٹ یا سکہ کا اجرا ۔ اشاعت ۔

Isthmus (is(th)məs) *n.* Narrow part of land connecting two large ones خاکنائے ۔ خشکی کا وہ تنگ حصہ جو دو بڑے حصوں کو ملائے ۔

Italian (i-tal-yən) *adj.* & *n.* Of Italy اٹلی کا ۔ اٹلی کا باشندہ ۔ اٹلی کی زبان ۔ استر کا ساٹھن کپڑا ۔

Italic (i-tal-ik) *adj.* & *n.* Of ancient Italy قدیم اٹلی کا ۔ ترچھا روغن چھاپا ۔ ترچھے حروف کی عبارت جو بطور تاکید لکھی جاتی ہے ۔

Italicize (i-tal-i-sīz) *v.t.* Print words in italics ترچھے تاکیدی حروف میں لکھنا ۔ اٹلی کے چھاپے میں چھاپنا ۔

Itch (ich) *n.* & *v.t.* Feel irritation in skin کھجلی ۔ خارش ۔ کھاج ۔ سخت خواہش ۔ چسکا ۔ چاٹ ۔ بواسیر ۔ کھجلی ہونا ۔ سخت خواہش ہونا ۔

Itchy *adj.* کھاج بھرا ۔ خارشی ۔ کھجلی کا ۔

Item (ī-təm) *n.* & *adv.* Article, unit رقم ۔ مد ۔ حساب کی مد ۔ اخبار میں درج کرنے کی خبر ۔ نیز ۔ اس طرح ۔ ایضاً ۔

Iterate (i-tə-rāt) *v.t.* Repeat دھرانا ۔ تکرار کرنا ۔ اعادہ کرنا ۔ مکرر کہنا ۔ بار بار کہنا ۔

Iteration *n.* تکرار ۔ اعادہ ۔

Iterative *adj.* مکرر ۔ بار بار کہا ہوا ۔

Itinerant (i-tin-ər-ənt) *adj.* Travelling from place to place چلتا پھرتا ہوا ۔ خانہ بدوش ۔ سفری ۔ دورہ کرنے والا ۔ دورہ کر کے کام کرنے والے (اسپتال وغیرہ) ۔

Itineracy *n.* گردش ۔ گشت ۔ خانہ بدوشی ۔

Itinerary (i-tin-ər-əri) *n.* & *adj.* Record of travel, route سفر کی تفصیل ۔ سفر کا راستہ ۔ مقام ، قیام وغیرہ ۔ سفر کے متعلق ۔ رستے کا ۔

Itinerate (i-tin-ər-āt) *v.i.* Travel from place to place سفر کرنا ۔ دورہ کرنا ۔ گشت کرنا ۔ سیاحی کرنا ۔

Itineration *n.* سیر و سیاحت ۔ سفر ۔ دورہ ۔

Its (its) *p.* & *adj.* Replaces his اس کا ۔

Itself (it-self) *pron.* Emphatic and reflexive form خود ۔ فی نفسہ ۔ آپ ہی ۔

By itself دوسری باتوں سے الگ ۔ تنہا ۔

In itself بذاتہ ۔ بنفسہ ۔ بجائے خود ۔

Ivory (ī-vəri) *n.* & *adj.* Tusk of elephant ہاتھی دانت ۔ عاج ۔ ہاتھی دانت کا ۔ ہاتھی دانت کا رنگ والا ۔ مثل عاج (بول چال) دانت ۔

Ivy (ī-vi) *n.* Climbing evergreen عشق پیچاں ۔ بیل ۔

Ivied *adj.* جس پر عشق پیچاں کی بیل چڑھی ہو ۔

Izard (iz-ərd) Capriform antelope of Pyrenees کوہ پیرینیز کا بارہ سنگھا ۔

J

J (jā) *n.* Tenth letter of the English alphabet انگریزی حروف تہجی کا دسواں حرف ۔

Jab (jab) *v.t.* & *n.* Stab بھونک دینا ۔ نوکدار آلے سے زخمی کرنا ۔ سنگین کو دشمن کے جسم سے نکالے بغیر پھر مارنا ۔ گھاؤ ۔ گھونسہ ۔ مکہ ۔

Jabber (jab-ər) *v.i.*, *t.* & *n.* Speak volubly بیہودہ بکنا ۔ بک بک کرنا ۔ مہمل بکنا ۔ بڑ بڑانا ۔ بڑ ہانکنا ۔ بے معنی باتیں کرنا ۔ بکواس ۔ بک بک ۔ مہمل گفتگو ۔

Jabiru (jab-i-rōō) *n.* Tropical American bird of stork family امریکہ کا ایک آبی پرند جو لق لق کی قسم کا ہوتا ہے ۔

Jacinth (jas-inth) *n.* Reddish-orange gem سرخی مائل نارنجی رنگ کا ایک قیمتی پتھر ۔

Jack (jak) *n.* Familiar form of name معمولی انگریزی نام ۔ نتھو ۔ خیرو ۔ معمولی آدمی ۔ تاش کا غلام ۔ بھاری بوجھ اٹھانے کی کل ۔ گاڑی کے پہیوں کو اونچا کرنے کی کل ۔ کپا ۔ قپی ۔ علم ۔ نشان ۔ برچھی ۔ مختلف مشینوں کے پرزے ۔ کٹھل ۔

Before you could say Jack Robinson دم بھر میں ۔ چشم زدن میں ۔

Jack ass گدھا ۔ بے وقوف ۔ احمق ۔

Jack in office چھوٹے سے عہدہ پر غرور کرنے والا اہلکار ۔

Jack of all trades ہر فن مولا ۔

Jack (jak) *v.t.* Hoist with jack گاڑی کے پہیے کو جیک سے اٹھانا ۔ دست بردار ہونا ۔ کوشش ترک کر دینا ۔

Jack (jak) *n.* Ship's flag جہاز کا ملکی جھنڈا ۔ چھوٹا جھنڈا جو مستول پر نصب ہوتا ہے ۔

Jackal (jak-awl) *n.* & *v.t.* Animal of dog kind گیدڑ ۔ شغال ۔ سیار ۔ جمبو ۔ کرگا بننا ۔ گیدڑ بننا ۔

Jackanapes (jak-ə-naps) *n.* Monkey, coxcomb ملھو ۔ بندر ۔ مسخرا ۔ بانکا ۔ چھیلا ۔ بننے ٹھننے والا ۔ گستاخ ۔ شریر آدمی ۔

Jacket (jak-it) *n.* Sleeved outer garment for men or women چھوٹا کوٹ ۔ جاکٹ ۔ آستین دار صدری ۔ خفتان ۔ کسی چیز کا غلاف ۔ جانوروں کی کھالیں ۔ پوستین ۔

Potatoes boiled in their jackets چھلکے سمیت ابلے ہوئے آلو ۔

Jacob (jak-əb) *n.* Father head of Israelites حضرت یعقوب علیہ السلام ۔

Jacob's ladder *n.* ایک پودا جس کی پتیاں سیڑھی کی طرح ہوتی ہیں ۔ لکڑی کے ڈنڈوں کی رسی کی سیڑھی ۔

Jacobin (jak-o-bin) *n.* Dominican friar, a kind of pigeon عیسائیوں کے ایک فرقے کا راہب ۔ ایک کبوتر جس کی گردن پر الٹے پر ہوتے ہیں ۔ شدید قسم کا جمہوریت پسند ۔ مفسد ۔ حکومت کا مخالف ۔

Jacobite (jak-o-bīt) *n.* Adherent of James II after his abdication انگلستان کے بادشاہ جیمس ثانی کا حامی ۔

Jacobus (jā-ko-bəs) *n.* English gold coin of the reign of James I جیمس اول بادشاہ انگلستان کے عہد کا طلائی سکہ ۔

Jactitation (jak-ti-ta-shən) *n.* Restless tossing of body in illness بے چینی ۔ ہاتھ پیر ٹپکنا ۔ علالت کی بے چینی ۔ اعضا شکنی ۔ زوجیت کا جھوٹا ادعا ۔

Jade (jad) *n.* & *v.t.* Hard green and blue stone, worn-out horse تھک ہوا گھوڑا ۔ مریل ناکارہ گھوڑا (مزاحاً) ۔ نیک بخت عورت ۔ تھک دینا ۔ ایک قسم کا سبز ، نیلا قیمتی پتھر ۔ تیلم ۔

Jadish (jad-ish) *adj.* Ill bred برا ۔ بد ۔ سرکش ۔ شریر ۔ نخرے باز عورت ۔

Jag (jag) *n.* Sharp projection کنگرہ ۔ چٹان کی تیز نوک ۔ نوکدار پہاڑی ۔

Jag (jag) *v.t.* Cut in an uneven manner کسی چیز کو بری طرح کاٹنا ۔ اس طرح کاٹنا کہ اس میں کھڑنچے پڑ جائیں ۔ دندانے دار یا ناہموار بنا دینا ۔

Jah (jā) *n.* Jehovah, name of God in Torah توریت میں خدا کا ایک نام ۔

Jail (jāl) *n.* Building for keeping prisoners قید خانہ ۔ جیل خانہ ۔ زندان ۔ محبس ۔ اندھا کنواں ۔

Jain (jān) *n.* Follower of Jainism جین مت کا پیرو ۔ جین ۔ مہاویر جی کا پیرو ۔

Jalap (jāl-ap) *n.* Purgative drug گل عباسی کی جڑ جو مسہل کا کام دیتی ہے ۔

Jam (jām) *v.t., i.* & *n.* Squeese between two surfaces دو چیزوں کے درمیان رکھ کر دبانا ۔ کسی پرزے کا اس طرح جم جانا یا بگڑ جانا کہ وہ حرکت نہ کر سکے ۔ چند چیزوں کو کچل کر ایک کر دینا ۔ (مجمع کا) راستہ روک لینا ۔ کسی چیز میں میخ کی طرح گڑ جانا ۔ لاسلکی نشریہ کو اس طرح خراب کرنا کہ وہ سنائی نہ دے ۔

Jam (jam) *n.* Conserve of fruit مربہ ۔ ربّ ۔ جام ۔ شکر میں پکایا ہوا پھل ۔ مزے کی چیز ۔ لطف کا تماشہ ۔

Jamb (lam) *n.* Side post of doorway دروازے کا چوکھٹا ۔ پاکھا ۔ پٹ ۔

Jamboree (jam-bo-ri) *n.* Celebration, rally of boy scouts جشن جلسہ ۔ کشافوں کا اجتماع ۔

Jane (jan) *n.* A kind of coarse cloth جنیوا کا سکہ ۔ ایک موٹا کپڑا ۔ جن ۔

Jangle (jang-gl) *v.t.* Make harsh noise بے تال اور سر بجانا ۔ بے سری آواز نکالنا ۔ جھنجھنانا ۔ جھنکارنا ۔ جھگڑا کرنا ۔ تکرار کرنا ۔ جنگ زرگری کرنا ۔

Janitor (jan-e-tər) *n.* Doorkeeper دربان ۔ پہریدار ۔ چوکیدار ۔

Janizary-nissary (jan-e-zəri) *n.* Turkish Sultan's guard جانثار فوج کا سپاہی ۔ ترکی کے سلطان کے محافظ دستے کا سپاہی ۔ آلۂ استبداد ۔ بادشاہ کے اپنا پر ظلم کرنے کا خاص ذریعہ ۔

Jansenist (jan-sən-ist) *n.* Doctrine of inability for good of human will کورنیلس جینس کا پیرو جس کا عقیدہ تھا کہ انسان میں بالطبع نیکی کی صلاحیت نہیں ہے ۔

January (jan-u-ə-ri) *n.* First month of year سال کا پہلا مہینہ ۔ جنوری ۔

Janus (jā-nəs) *n.* Ancient Italian god of double face, guardian of doors دومونہا اطالوی دیوتا ۔ دروازوں کا محافظ ۔

Jap (jap) *adj.* & *n.* (Col) of Japan, Japanese (بول چال) جاپانی ۔ جاپان کا ۔

Japanese *n.* & *adj.* جاپان کا باشندہ ۔ جاپان کی زبان ۔ جاپانی ۔

Japan (jə-pan) *n.* Hard varnish, island group on east of Asia جاپان (جزائر کا مجموعہ) ایک روغن جو اول اول جاپان سے آیا ۔ سیاہ پالش ۔ جاپانی طرز آرائش یا جاپانی طرز کا کام ۔

Japan (jə-pan) *v.t.* Make black and glossy as with japan جاپان روغن پھیرنا ۔ جاپان سے چمکانا ۔ سیاہ چمک دار جاپان وارنش کرنا ۔

Jape (jap) *v.t.* & *n.* Jest مذاق ۔ دل لگی ۔ مذاق کرنا ۔ دل لگی کرنا ۔

Japonic (je-pon-ik) *adj.* Japanese جاپانی ۔

Japonica (je-pon-ik-a) *n.* Kinds of Japanese plants مختلف قسم کے خوبصورت جاپانی پودے ۔

Jar (jar) *n.* Sound, vibration جھنکار ۔ کرخت آواز ۔ آواز کا ارتعاش ۔ بے آہنگی ۔ جھگڑا ۔ نزاع ۔ تکرار ۔

Jar (jar) *v.i.* & *t.* Strike with grating sound کھڑکھڑانا ۔ کرخت آواز نکالنا ۔ کانوں کو ناگوار ہونا ۔ تکرار کرنا ۔ ٹکرا کر گونجنا ۔ جھرجھری پیدا کرنا ۔ اعصاب میں ارتعاش پیدا کرنا ۔

Jarringly *adv.* کھڑکھڑاہٹ سے ۔ کرخت آواز سے ۔ ناگواری سے ۔

Jar (jar) *n.* Stone and earthen ware چینی یا پتھر کے برتن ۔ گھڑا ۔ مٹکا ۔ برنی ۔ مرتبان ۔ صراحی ۔

Jar, on the, a, jar (بول چال) نیم وا دروازہ ۔

Jardinier (zhar-di-nyer) *n.* Ornamental pot for displaying flowers in rooms کمروں کے اندر پھول رکھنے کے نقشی کونڈے ۔ گملے یا گلدان ۔

Jargon (jar-gən) *n.* Unintelligible words بولی جو سمجھ میں نہ آئے ۔ طرز کلام جس کو کوئی نہ سمجھ سکے ۔ بے ضرورت لفاظی ۔ چڑیوں کی چہچہاہٹ ۔

Jargon (jar-gən) *n.* Smoky variety of zircon found in Ceylon لنکا کا ایک شفاف دخانی رنگ کا پتھر ۔ زرقان ۔

Jarl (yarl) *n.* Old Norse or Danish chief ناروے یا ڈنمارک کا سردار ۔

Jarvey (jar-vi) *n.* Hackney-coachman کرایہ کی گاڑی کا کوچوان ۔ (آئرلینڈ) موٹر ڈرائیور ۔

Jasmin(e) (jas-min) *n.* Kind of shrubs with white or yellow flowers چنبیلی ۔ یاسمین ۔ جوہی ۔ سوف جوہی ۔

Jasper (jas-pər) *n.* Opaque variety of quartz زبرجد ۔ سنگ یشب ۔ سرخ اور بادامی رنگ کا پتھر جو دواؤں میں کام آتا ہے ۔

Jaundice (jawn-dis) *n.* & *v.t.* Morbid state caused by obstruction of bile یرقان ۔ کنول باؤ ۔ کمل بائی ۔ نقص بصارت ۔ یرقان کا اثر پیدا کرنا ۔ کسی شخص کی طبیعت میں رشک و حسد پیدا کر دینا ۔

Jaundiced *adj.* یرقانی ۔ رشک و حسد میں مبتلا ۔

Jaunt (jawnt) *v.i.* & *n.* Take excursion سیر کرنا ۔ تفریحی سفر کرنا ۔ سیر گشت ۔ چھوٹا یا بڑا تفریحی سفر ۔

Jaunty (jawnti) *adj.* & *n.* Airy self-satisfaction زندہ دل ۔ ہنس مکھ ۔ جہازی پولیس کا افسر ۔

Jauntily *adv.* البیلے پن سے ۔ زندہ دلی سے ۔

Jauntiness *n.* خوش ادائی ۔ بانکپن ۔ زندہ دلی ۔

Javan-ese (ja-van) *adj.* & *n.* Of Java جزیرہ جاوا کا ۔ جاوا کی زبان یا جاوا کا باشندہ ۔

Javelin (jav(ə)lin) *n.* Light spear, dart برچھی ۔ نیزہ ۔ بان ۔

Jaw (jaw) *n.*, *v.i.* & *t.* Framework of mouth جبڑا ۔ کلہ ۔ جبڑے کے دانت ۔ شکنجہ ۔ لمبی چوڑی تقریر کرنا ۔ خبر لینا ۔ گالی دینا ۔

Jay (ja) *n.* Noisy European bird of brilliant plumage یورپ کا ایک خوبصورت پرند جو بہت چیختا ہے ۔ نیل کنٹھ ۔ دماغ چٹ ۔ باتونی ۔ سادہ لوح ۔ احمق ۔

Jazz (jaz) *n.*, *adj.* & *v.i.* Music and dance of U.S. negro origin امریکہ کے حبشیوں کی طرز کا ناچ اور گانا ۔ شور و غل ۔ بھڑک دار ۔ جاز بجانا یا ناچنا ۔

Jealous (jel-əs) *adj.* Envious بدگمان ۔ حاسد ۔ شکی ۔ پر رشک ۔ حقوق کی غیر معمولی طور پر حفاظت کرنے والا ۔ کسی کو اچھی حالت میں دیکھ کر جلنے والا ۔ اپنے عقیدہ پر سختی سے قائم رہنے والا ۔ غیور ۔ چوکس ۔

Jealousy (jel-əsĭ) *n.* State of being jealous رشک ۔ حسد ۔ رقابت ۔ بدگمانی ۔ مسابقت ۔ غیرت ۔ حمیت ۔ غیرت مندی ۔

Jean (jān) *n.* Twilled cotton cloth زین ۔ ایک قسم کا موٹا کپڑا ۔

Jeer (jēr) *v.i.*, *t.* & *n.* Deride طعن و تشنیع ۔ لعن طعن ۔ طنز ۔ چوٹ کرنا ۔ طنز کرنا ۔ ہنسی اڑانا ۔ کشتی کے پردوں کو اونچا کرنے اور گرانے کا انکڑا ۔

Jehad (je-had) *n.* دیکھو Jihad

Jehovah (ji-ho-va) *n.* Principal name of God یاہو ۔ یا اللہ ۔ اللہ تعالیٰ ۔

Jehu (je-hu) *n.* Furious driver (مزاح) گاڑیبان ۔ سرپٹ دوڑانے والا ۔

Jejune (ji-joon) *adj.* Barren, meagre بھوکا ۔ مریل ۔ روکھا سوکھا ۔ بے مزا ۔ ناقابل زراعت ۔ بنجر (زمین) ۔

Jejuneness *n.* بے قدر ہونا ۔ حقیر ہونا ۔ بنجر پن ۔

Jekyll and Hyde (je-kil, hid) *n.* Man of two personalities دو طبیعتوں والا ۔ دو مزاجا ۔ دو شخصیتوں والا ۔ دوہری شخصیت والا ۔ دو رنگی ۔

Jelly (jel-i) *n.* Soft, stiff transparent food لعاب ـ لعاب دار چیز ـ جمائی ہوئی چمک دار اور نرم مٹھائی ـ مربع نما مٹھائی ـ جیلی ـ رب ـ

Jemmy (jem-i) *n.* Burglars' crow bar آلہ نقب زنی ـ سالم پکی ہوئی بکرے کی سری ـ

Jennet (jin-it) *n.* Small Spanish horse اسپین کا ٹٹو ـ

Jenny (jen-i) *n.* Locomotive crane بننے کی مشین ـ متحرک آلہ ـ بلیرڈ کی ایک ضرب ـ

Jeopardize (jep-ər-diz) *v.t.* Endanger خطرے میں ڈالنا ـ جوکھوں میں ڈالنا ـ نقصان پہنچانا ـ

Jeopardy (jep-ər-di) *n.* Danger خطرہ ـ اندیشہ ـ جوکھوں ـ خوف ـ ہراس ـ

Jeremiad (jer-i-mi-ad) *n.* Lamentation فریاد ـ آہ و بکا ـ نوحہ ـ گریہ و زاری ـ

Jericho (jer-i-ko) *n.* Town in Palestine فلسطین کا ایک شہر ـ

Go to Jericho شیطان کے حوالے ـ جہنم میں جاؤ ـ

Jerk (jə-rk) *n.* Sharp sudden pull جھٹکا ـ دھچکا ـ دھکا ـ ہچکولا ـ ناگہانی حرکت ـ تشنج ـ

Jerky *adj.* جھٹکا دینے والا ـ دھچکا لگانے والا ـ

Jerk (jə-rk) *v.t. & i.* Pull, thrust جھٹکا دینا ـ دھچکا دینا ـ جھٹکے کے ساتھ کھینچنا ـ اچانک دھکیل دینا یا پھینک دینا ـ

Jerk (jə-rk) *v.t.* Cure beef گوشت کے لمبے ٹکڑوں کو نمک لگا کر سکھا لینا ـ

Jeroboam (jer-ō-bo-əm) *n.* Wine bottle شراب کا قرابہ ـ شراب کی بہت بڑی بوتل ـ

Jerry (jer-i) *n.* German soldier جرمن سپاہی ـ (بول چال) پیشاب کا برتن ـ

Jerry builder ناقص مسالے سے بے ڈھنگی عمارت بنانے والا ـ

Jersey (jər-zi) *n.* Close-fitting woollen tunic جرسی ـ تنگ بنیان جو کھلاڑی کھیل میں پہنتے ہیں ـ تنگ صدری جو قمیض کے نیچے پہنی جائے ـ

Jerusalem (jer-oos-ə-ləm) *n.* City in Israel بیت المقدس ـ بیت المقدس کا خچر ـ ایک قسم کی سورج مکھی ـ

Jess (jes) *n.* Strap of leather round legs of hawk باز کے پیروں میں باندھنے کا چمڑے کا تسمہ ـ

Jessamine (jas-min) *n.* دیکھو Jasmine

Jest (jest) *n.* Joke, fun ہنسی مذاق ـ ٹھٹھا ـ دل لگی ـ مذاق کا فقرہ ـ لطیفہ ـ مطائبہ ـ نشانہ ـ تضحیک ـ نقل محفل ـ

Jest (jest) *v.i.* Joke, jeer مذاق کرنا ـ دل لگی کرنا ـ فقرہ کسنا ـ طعن کرنا ـ

Jester (jest-ər) *n.* One who jests مسخرا ـ ظریف ـ ہزل گو ـ خوش طبع ـ

Jesuit (jez-u-it) *n.* Member of the society of Jesus ایک عیسائی فرقہ کا رکن ـ ریا کار شخص ـ سخن ساز انسان ـ

Jesus Christ (je-zes-krist) *n.* Apostle of God حضرت عیسیٰ علیہ السلام ـ یسوع مسیح ـ

Jet (jet) *n. & adj.* Hard black lignite سنگ موسیٰ ـ ایک سیاہ چمک دار پتھر ـ نل ـ فوارہ ـ ٹونٹی ـ سنگ موسیٰ کے رنگ کا ـ

Jet (jet) *n.* Stream of water پانی کی تیز دھار ـ نوکدار نلی ـ فوارہ ـ

Jetsam (jet-səm) *n.* Goods thrown overboard from ship to lighten it وہ چیزیں جو جہاز کو ہلکا کرنے کے لیے پھینک دی جائیں ـ

Jettison (jet-i-sən) *n. & v.t.* Throwing of goods جہاز کو ہلکا کرنے کے لیے سامان پھینکنا ـ

Jetty (jet-i) *adj.* Jet black سیاہ اور چمک دار ـ

Jew (joo) *n. & v.t.* One of the Jewish people یہودی ـ عبرانی ـ اسرائیلی ـ بنی اسرائیل کا قبیلہ ـ سود خور ـ معاملہ کا سخت ـ ٹھگنا ـ دھوکا دینا ـ دھوکا دے کر لوٹنا ـ

Unbelieving Jew مشکل سے اعتبار کرنے والا ـ شکی آدمی ـ

Tell that to the Jews یہ فقرہ کسی اور کو سناؤ ـ

Jewel (joo-əl) *n. & v.t.* Ornament containing precious stones لعل جواہر ـ قیمتی ـ نگینے ـ ہیرا ـ جڑاؤ زیور ـ قابل قدر شخص ـ ہیرے جواہرات جڑنا ـ جواہرات سے آراستہ کرنا ـ

Jeweller *n.* سنار ـ جڑیا ـ جواہرات کا بیوپاری ـ جوہری ـ

Jewellery *n.* جڑاؤ زیور ـ زیورات ـ جواہرات ـ

Jewess (jōō-es) *n.* Jew woman یہودن ـ

Jewish (joo-ish) *adj.* Of a Jew یہودی - عبرانی - یہودی نسل کا -

Jewry (Joo-ri) *n.* The Jews, Jew quarters in city یہودیوں کا محلہ - یہودی ٹولہ - قوم یہود -

Jezebel (jiz-i-bəl) *n.* Abandoned woman وہ عورت جو چہرے پر غازہ ملتی ہو - بد چلن عورت - غازہ مل کر حسین بننے والی عورت -

Jib (jib) *n.* Triangular stay-sail جہاز میں سب سے آگے کا بادبان - بوجھ اُٹھانے کی کل کا آگے کو نکلا ہوا حصہ -

Out of his jib - اس کی شکل و صورت - اس کی وضع قطع -

Jib (jib) *v.t.* & *i.* Pull sail from one side to another جہاز کی ایک طرف سے دوسری طرف بادبان کو لانا -

Jib (jib) *v.i.* Stop to move forward گھوڑے کا اڑ جانا - گھوڑے کا پیچھے کی طرف ہٹنا - کسی کام میں آگے بڑھنے سے انکار کرنا -

Jibber اڑیل گھوڑا -

Jib-door (jib-dor) *n.* Door flush with wall چور دروازہ - وہ دروازہ جو دیوار سے پیوست ہو اور معلوم نہ ہو سکے -

Jibe (jib) *v.i.*, *t.* & *n.* Jest - طعنہ زنی کرنا - آوازے کسنا - مذاق اڑانا - طعنہ - پھبتی -

Jiff(y) (jif) *n.* Very short time پل - لمحہ - دقیقہ - آن -

In a jiff چٹکی بجاتے - چشم زدن میں -

Jig (jig) *n.* Lively dance مستانہ ناچ - ایسا ناچ جس میں رقاص توڑے لیتا ہے -

Jig (jig) *v.i.* & *t.* Dance a jig تیزی کے ساتھ اعضا کو حرکت دینا - والہانہ ناچ ناچنا - معدنی ذرات کو پانی میں نیارنا -

Jig-saw puzzle معمہ جس میں کٹے ہوئے ٹکڑوں کو جوڑنا پڑتا ہے -

Jigger (jig-ər) *n.* Small sail, tackle چھوٹی چرخی جو رسی سے پھرتی ہے - چھوٹی کشتی -

Jiggle (jig-l) *v.t.* Rock or jerk lightly ہلکے ہلکے جھٹکے دینا - ڈولنا -

Jihad (ji-had) *n.* Religious war of Muslims against unbelievers جہاد - کافروں کے خلاف جنگ - ہر جنگ جو مسلمان دینی اصولوں کے تحفظ کے لیے لڑتے ہیں -

Jill (jil) *n.* Woman لڑکی - محبوبہ - عورت - لگائی - استری -

Jilt (jilt) *n.* & *v.t.* Woman who casts off her lover for another بے وفا عورت - ہرجائی - اقرار محبت کر کے پھر جانا -

Jim-crow (jim-kro) *n.* Negro (امریکہ) حبشی -

Jimp (jimp) *adj.* Slender صاف - ستھرا - خوش نما - پاکیزہ - خوش ادا - چھریرا -

Jingle (jing-gl) *n.*, *v.t.* & *i.* Noise like that of small bells جھنکار - جھنجھناہٹ - یکساں آواز کے الفاظ - دو پہیوں کی ٹپ دار گاڑی - جھنکارنا - جھنجھنانا - جھن جھن کرنا -

Jingo (jing-go) *int.* & *n.* Blustering patriot وطن کے لیے جنگ جوئی کا حامی - شیخی باز وطن پرست - اکڑ فوں - جنگ کا نعرہ لگانے والا - جنگ -

Jingoism *n.* جنگ جویانہ وطن پرستی - جنگ جوئی -

Jinks (jinks) High jinks *n.* Boisterous sport ہڑبونگ - خر مستیاں - رنگ رلیاں -

Jinnee (jin-e) *n.* Spirit lower than angels آتشی مخلوق - جن -

Jinrickshaw (jin-rik-shaw) *n.* Two-wheeled vehicle drawn by man رکشا - دو پہیوں کی ہلکی گاڑی جسے آدمی کھینچتے ہیں -

Jiu-jitsu (joo-jit-soo) *n.* Ju-jutsu دیکھو

Job (job) *n.* Piece of work چھوٹا کام - چلھر کام - مزدوری - کوئی ایسا معاملہ جس میں ذاتی منافع کو فرض پر ترجیح دی جائے - فرض منصبی -

Bad job - وہ کام جس میں محنت رائگاں جائے - سعی ناکام -

Job work فوری اجرت کے کام - متفرق کام -

Job (job) *v.t.*, *i.* & *n.* Stab slightly نوک دار چیز سے کچوکا دینا - کونچنا - گھونپنا - گھوڑے کی لگام کو جھٹکے دینا - کونچا -

Jobbery *n.* دلالی - آڑھت -

Jobber متفرق کام کرنے والا -

Job (job) *n.* Name of a prophet حضرت ایوب جو صبر و شکر کے لیے مشہور ہیں -

Job's comforter (job-s-kəm-fər-tər) *n.* One who harms in the garb of a friend غم خواری کے پردے میں دشمنی کرنے والا -

Jobation (job-a-shən) *n.* A lengthy reprimand تنبیہ - سرزنش - بڑی لعن طعن -

Jobbernowl (job-ər-nol) *n.* Stupid person بیوقوف کاؤدی - احمق - کندہ نا تراش -

Jock (jok) *n.* Highland soldier سکاٹ لینڈ کا سپاہی -

Jockey (jok-i) *n.* Professional rider in horse races جاکی - گھڑ دوڑ کا سوار - چابک سوار - گھوڑوں کا سوداگر - ٹھگ - دغا باز -

Jockeydom *n.* جاکیوں کا گروہ - سواروں کی جماعت -

Jockey (jok-i) *v.t. & i.* Outwit, cheat دغا کرنا - فریب دینا - ٹھگنا - دھوکا دے کر کوئی کام کرانا -

Jocko (jok-o) *n.* Chimpanzee چمپنیزی - افریقہ کا ایک بندر جو انسان سے مشابہ ہوتا ہے -

Jocose (jo-kos) *adj.* Playful خوش طبع - ٹھٹھول - ہنسوڑ - ظریف - پر مذاق - خوش مزاج -

Jocoseness, jocosity *n.* ٹھٹھے بازی - خوش طبعی - ظرافت -

Jocular (jok-u-lər) *adj.* Mirthful, humorous خوش طبع - دل لگی باز - مسخرا - مسخرے پن کا - ہنسی کا - ظریفانہ -

Jocularity ظرافت - خوش طبعی -

Jocund (jok-und) *adj.* Merry رنگیلا - زندہ دل - خوش مزاج - ظریف طبع -

Jocundity *n.* خوش طبعی - خوش مزاجی - زندہ دلی -

Joe Miller (jo-mil-ər) *n.* Stale joke بار بار کا سنا ہوا لطیفہ - فرسودہ مذاق -

Joey (jo-i) *n.* Young kangaroo کینگرو کا بچہ - کسی جانور کا بچہ -

Jog (jog) *v.t., i. & n.* Shake with push or jerk دھکا دینا - ہلا دینا - ٹھیلنا - جھنجھوڑنا - یاد تازہ کرنا - حافظہ پر زور ڈالنا - رک رک کر چلنا - جھوم کر چلنا - چل دینا - راہ لینا - کسی نہ کسی طرح وقت گزارنا - جھٹکا - دھکا - سست رفتاری -

Joggle (jŏg-l) *v.t., i. & n.* Move by repeated jerks دھکا دینا - جھٹکے دینا - ہلانا - ہچکولے کھانا - جھٹکا - ہچکولا -

Joggle (jŏg-l) *n. & v.t.* Joint of two pieces of stone or timber دو پتھروں یا لکڑی کے ٹکڑوں کا جوڑ - داسوں کو جوڑنا - ملانا -

Johannisberger (jo-ha-nis-bər-gər) *n.* Fine white wine of Germany جرمنی کی اعلیٰ قسم کی سفید شراب -

John *n.* انگریزی کا اسم معرفہ مذکر -

John Bull (jan-bul) *n.* English nation انگریز - انگریز قوم -

John Bullism (jon-bul-izm) *n.* Characteristics of English nation انگریز قوم کی خصوصیات -

Johnian (jon-i-ən) *adj. & n.* Member of St. John's College, Cambridge سینٹ جانس کالج کیمبرج کا - اس کالج کا رکن -

Johnny (jon-i) *n.* Fellow, fashionable idler شخص - آدمی - یار جانی - لاپروا آدمی -

Johnsonian (jon-so-ni-ən) *adj.* Of, like, Samuel Johnson ڈاکٹر جانسن کے طرز کی عبارت - جس میں لاطینی الفاظ کی بھرمار ہو -

Johnsonese (john-so-nis) *n.* Writing full of Latin ڈاکٹر جانسن کے طرز کی عبارت -

Join (join) *v.t., i. & n.* Put together جوڑنا - گانٹھنا - ملانا - اکٹھا کرنا - مربوط کرنا - کسی کے ساتھ آ ملنا - کلب وغیرہ کا رکن بنتا - شریک ہونا - شامل ہونا - داخل ہونا (فوج) - نوکری پر حاضر ہونا - ایک ندی کا دوسری ندی میں گرنا - نقطۂ اتصال - سنگم - ملنے کی جگہ -

Join battle جنگ شروع کرنا -

Joinder (join-dər) *n.* Union اتصال - جوڑ - ضمیمہ - مقدمہ میں شمولیت بحیثیت مدعی یا مدعا علیہ -

Joiner (join-er) *n.* One who makes furniture ملانے والا - جوڑنے والا - لکڑی کا متفرق کام کرنے والا - فرنیچر ساز -

Joint (join-t) *n.* Place at which two things are joined جوڑ - بند - پیوند - گرہ - گانٹھ - چول - تقلی - جسم کے جوڑ - انگلی کے پور - خلاف قانون شراب خانہ - چانڈو خانہ وغیرہ -

Joint (join-t) *adj.* Done by two or more persons مشترکہ - متحدہ - شریک - شامل - ملا جلا - بالاشتراک -

Joint (join-t) *v.t.* Connect by joints - جوڑنا - ملانا - ٹکڑے جوڑنا - عمارت کے جوڑوں کو گارے سے بھرنا - جوڑ پر سے کاٹنا -

Jointer (join-tər) n. Plane for jointing جوڑوں کا خاکہ یا منصوبہ - جوڑ ملانے والا - جوڑنے والا - راج کی کرنی - بجلی کے تار جوڑنے والا کاریگر -

Jointeress (join-tər-es) *n.* Widow who holds a jointure بیوہ صاحب جائیداد - وہ بیوہ عورت جس کے نام شوہر نے جائیداد لکھ دی ہو - گزارا یاب عورت - وثیقہ یاب -

Jointure (join-tur) *n.* Estate settled on wife by husband حق زوجیت - مہر - جائیداد برائے نان نفقہ - وہ جائیداد جو شوہر نے اپنی بیوی کے نام لکھ دی ہو -

Joist (joist) *n.* Parallel timbers placed on wall for ceiling ناٹ - شہتیر - کڑی - چھت کی کڑی - فرش کی کڑی -

Joke (jok) *n.* Witticism - مذاق - ہنسی - پر لطف بات - لطیفہ - دل لگی -

It is no joke یہ اہم معاملہ ہے -

Joke (jok) *v.i.* & t. Banter - مذاق کرنا - دل لگی کرنا - چھیڑنا - ہنسی اڑانا -

Joky *adj.* جگت باز - فقرہ باز - ظریف - دل لگی باز -

Joker (jok-ər) *n.* One who jokes مذاق کرنے والا آدمی - دل لگی باز - تاش کے کھیل میں ایک پتہ جس کو ہر پتہ بنا سکتے ہیں (بول چال) شخص - آدمی -

Jollify (jol-i-fi) *v.i.* & t. Make merry رنگ رلیاں منانا - پینا پلانا - مست کر دینا -

Jollification *n.* رنگ رلیاں - سرور - مستی - تفریح - ہنسی - دل لگی -

Jollity (jol-i-ti) *n.* Festivity - زندہ دلی - خوش طبعی - چہچہے - قہقہے -

Jolly (jol-i) *adj., adv.* & *n.* Joyful, festive - خوش - شادمان - مسرور - خوش و خرم - کسی قدر نشے میں چور - سرور میں - مزے میں - رنگین مزاج - مزے کا آدمی - شہری بھری نوچ کا جوان -

Jolly-boat (jol-i-bot) *n.* Ship's boat جہاز کے ساتھ کی چھوٹی کشتی -

Jolt (jol-t) *v.t., i.* & *n.* Shake with jerk from seat ہچکولے دینا - جھنجھوڑنا - گاڑی کا ہچکولے کھاتے ہوئے چلنا - ہچکولہ - دھچکا -

Jolty *adj.* دھچکے دینے والا - ہچکولے کھانے والا -

Jolter-head (jolt-ər-hed) *n.* Stupid person - بیوقوف - کاؤدی - احمق - اوندھی کھوپڑی کا آدمی -

Jonah (jon-a) *n.* Person who brings ill-luck منحوس آدمی - وہ جس کو منحوس سمجھ کر دیوتاؤں پر قربان کر دیا جائے -

Jonathan (jon-ə-thən) *n.* Typical citizen of United States شہر نیویارک کا باشندہ جو امریکہ کی مخصوص صفات سے متصف ہو -

Jordan-den (jor-dən) *n.* Chamber pot پیشاب اور پاخانے کا برتن - پاٹ -

Jorum (jor-əm) *n.* Large drinking bowl - جام - قدح - پیالہ - بادہ - شراب پینے کا بڑا پیالہ -

Joseph (jo-zif) *n.* Chaste man پاکباز آدمی - لمبا لبادہ جو یورپ کی عورتیں گھوڑے کی سواری کے وقت پہنتی ہیں -

Joskin (jos-kin) *n.* Country bumpkin - دہقانی عورت - بے تمیز دیہاتن - بے تمیز آدمی -

Joss (jos) *n.* Chinese idol - چینی بت - لعبت چین - چین کا بت -

Joss-house صنم خانہ - بت کدہ - صنم کدہ چین -

Josser (jos-ər) *n.* Fool - بیوقوف آدمی -

Jostle (jos-l) *v.t., i.* & *n.* Knock, push - دھکا دینا - دھکیلنا - ٹکرانا - کہنی مارنا - کہنی مار کر ہٹانا - دھکے دے کر راستہ بنانا -

Jot (jot) *n.* A very small amount - ذرہ - ریزہ - تل - خفیف مقدار -

Jot (jot) *v.t.* Write hastily تیزی سے لکھنا - اشارے لکھنا - جلدی جلدی لکھ لینا - ٹانک لینا -

Jounce (jow-ns) *v.t.* & *i.* Bump, bounce - دھکا دینا - دھکا کھانا - ٹکرانا - دھچکا یا ہچکولا لگنا -

Journal (jər-nəl) *n.* Daily record of events روزنامہ - روزانہ اخبار - روز نامچہ - یومیہ تختہ - روزانہ واقعات کا رجسٹر -

Journalist (jər-nəl-ist) *n.* One who edits a journal مدیر ۔ صحافی ۔ روز نامچہ نویس ۔ واقعہ نگار ۔ اخبار نویس ۔

Journalese *n.* اخباری زبان ۔

Journalism *n.* اخبار نویسی ۔ صحافت ۔

Journalistic *adj.* صحافت کے متعلق ۔ اخباری ۔ صحافتی ۔

Journalize (jər-nəl-iz) *v.t.* & *i.* Enter in a journal اخبار میں لکھنا ۔ روز نامچہ میں درج کرنا ۔ کھاتے میں لکھنا ۔ کھتیانا ۔

Journey (jər-ni) *n.* & *v.i.* Distance travelled سفر ۔ خشکی کا سفر ۔ راہ پیمائی ۔ سیاحت ۔ طے شدہ فاصلہ ۔ سفر کرنا ۔ راستہ طے کرنا ۔

Joust (jow-st) *v.i.* & *n.* Combat between two knights دو جانبازوں کی جنگ ۔ نیزہ بازی کا مقابلہ ۔ دو سواروں کا نیزوں یا تلواروں سے لڑنا ۔

Jove (jov) *n.* Jupiter عطارد ۔ رومیوں کا بڑا دیوتا ۔

Jovial (jovi-əl) *adj.* Merry خوش مزاج ۔ زندہ دل ۔ رنگین مزاج ۔ عیش پرست ۔

Joviality رنگین مزاجی ۔ خوش مزاجی ۔ زندہ دلی ۔

Jowl (jowl) *n.* Jaw bone, jaw, cheek گال ۔ رخسار ۔ جبڑا ۔ جبڑے کی ہڈی ۔ پرندوں کا پوٹا ۔ بیلوں کی گردن سے لٹکنے والا گوشت ۔

Joy (joi) *n.* Gladness فرحت ۔ خوشی ۔ مسرت ۔ شادمانی ۔ طرب ۔ سرور ۔ انبساط ۔ باعث مسرت ۔ مایہ شادمانی ۔

Joyful *adj.* مسرت بخش ۔ محظوظ ۔ خوش و خرم ۔

Joyous *adj.* پر انبساط ۔ پر مسرت ۔

Joyousness *n.* لطف و مسرت ۔ خرمی ۔ شادمانی ۔

Joy (joi) *v.i.* & *t.* Rejoice خوش ہونا ۔ باغ باغ ہونا ۔ مسرور ہونا ۔ مسرور کرنا ۔ شاد کرنا ۔

Jubilate (joo-bi-lat) *v.i.* Make demonstration of joy مسرت کا اظہار کرنا ۔ خوشی منانا ۔ شادیانے بجانا ۔

Jubilation *n.* خوشی منانا ۔ شادمانی ۔ اظہار مسرت ۔

Jubilant *adj.* مسرت کا اظہار کرنے والا ۔ خوش و خرم ۔ شادمان ۔

Jubilee (joo-bi-li) *n.* Year of emancipation یہودیوں کا جشن آزادی ۔ پچاسویں سال کا جشن ۔ پچاسویں سالگرہ ۔ مسرت اور جشن کا سال ۔

Silver jubilee پچیسویں سالگرہ ۔

Diamond jubilee ساٹھویں سالگرہ ۔

Judaic (joo-da-ik) *adj.* Jewish یہودیوں سے متعلق ۔ یہودیوں کا ۔

Judaize (joo-dəz) *v.i.* & *t.* Follow Jewish customs یہودی رسم و رواج کی پیروی کرنا ۔ یہودی بنانا ۔ یہودیت کے رنگ میں رنگنا ۔

Judas (joo-des) *n.* Disciple who betrayed Christ جوڈا ۔ وہ حواری جس نے دشمنوں سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نشان دہی کی ۔ غدار حواری ۔ پیرو بن کر دغا دینے والا ۔

Judge (juj) *n.* Officer of the court of justice منصف ۔ قاضی ۔ مفتی ۔ ناظم عدالت ۔ ناظم فوجداری یا دیوانی ۔ انصاف کرنے والا ۔ ماہر ۔ شناخت کنندہ ۔ مبصر ۔ داور حقیقی اللہ تعالیٰ ۔ بنی اسرائیل کا حکم (جمع) توریت کی ایک کتاب ۔

Judgeship جج کی میعاد ملازمت ۔ عہدہ عدالت ۔ جج کا عہدہ ۔

Judge (juj) *v.t.* & *i.* Try and pronounce sentence فیصلہ صادر کرنا ۔ انصاف کرنا ۔ رائے قائم کرنا ۔ تحقیقات کرنا ۔ سزا تجویز کرنا ۔ سزا کا حکم سنانا ۔ تمیز کرنا ۔ نیک و بد کا جاننا ۔ فرق معلوم کرنا ۔ سوچ بچار کرنا ۔ جاننا ۔ معلوم کرنا ۔

Judgement (juj-mənt) *n.* Sentence of the court فیصلہ عدالت ۔ حکم عدالت ۔ عقل ۔ رائے ۔ خیال ۔ فہم ۔ بصیرت ۔ قوت فیصلہ ۔ عقل سلیم ۔

Judicature (joo-di-kət-yər) *n.* Administration of justice عدل گستری ۔ عدالت ۔ نظام عدلیہ ۔ حکام عدالت ۔ دارالقضاۃ ۔

Judicial (joo-dish-əl) *adj.* Of a court of law متعلق بہ عدلیہ ۔ عدالت کا ۔ عدل گسترانہ ۔ شرع کے مطابق ۔ جج کے شایان شان ۔ بلا رو و رعایت ۔

Judiciary (joo-dish-ə-ri) *n.* The judges of a state حکام عدالت ۔ نظام عدل ۔ جج ۔ منصف ۔

Judicious (joo-di-shəs) *adj.* Sensible عقلمندانہ ۔ دانشمندانہ ۔ عادلانہ ۔ معاملہ فہم ۔ مدبرانہ ۔

Jug (jūg) *n.* Deep vessel for holding liquids
صراحی ۔ گھڑا ۔ قرابہ (بول چال) قید خانہ ۔

Jug (jug) *v.t.* Boil in a jug پکانا ۔ ابالنا ۔ خرگوش کا
گوشت پکانا ۔ دم پخت کرنا (بول چال) قید کرنا ۔
جیل بھیجنا ۔

Jug (jug) *v.i.* Utter sound of birds پرندوں کی بولی
بولنا ۔ جگ جگ کرنا ۔

Juggernaut (jūg-ər-nawt) *n.* Krishna's idol at Puri. جگناتھ ۔ کرشن کا بت ۔ کرشن کا مندر ۔
کرشن کی مورتی جس کا جلوس ہر سال نکالا جاتا ہے ۔
Juggernaut car کوئی عقیدہ جس کے لیے لوگ
جانیں قربان کر دیں ۔ کرشن مورتی کا رتھ ۔

Juggins (jūg-inz) *n.* Simpleton احمق ۔ سادہ لوح ۔
بیوقوف آدمی ۔

Juggle (jūg-l) *v.i., t.* & *n.* Play conjuring tricks
نظر بندی کرنا ۔ شعبدہ بازی کرنا ۔ دھوکا دے کر
کسی چیز کو غائب کر دینا ۔ چالاکی سے کسی چیز
کو بدل دینا ۔ شعبدہ ۔ فریب ۔ دھوکا ۔
Juggler فریبی ۔ مداری ۔ بازی گر ۔ شعبدہ باز ۔
Jugglery عیاری ۔ چابک دستی ۔ نظر بندی ۔ شعبدہ
بازی ۔

Jugular (jōō-gu-lər) *adj.* & *n.* Of the neck
گلے کا ۔ گردن کا ۔ حلق کا ۔ رگ گردن ۔

Jugulate (jōō-gu-lət) *v.t.* Arrest course of disease
کسی تیز اثر دوا سے مرض کو روک دینا ۔ مارنا ۔
ہلاک کرنا ۔

Juice (jōōs) *n.* Liquid part of fruits or vegetables
ترکاری اور پھلوں کا عرق ۔ رس ۔ شیرہ ۔ نچوڑ ۔ بدنی
رطوبت ۔ (بول چال) انجن کا تیل ۔ پٹرول ۔

Juicy (jōōs-i) *adj.* Full of juice رسیلا ۔ رس دار ۔
رس بھرا ۔ شیرے دار ۔ بہ کثرت بارش کا (موسم)
(بول چال) دلچسپ ۔ لطیف ۔ پر مغز ۔ شوخ رنگوں کا ۔
Juiciness *n.* برسات کی شدت ۔ پر معنی ہونا ۔ رس دار
ہونا ۔ رسیلا پن ۔

Juju (jōō-joo) *n.* Magic, charm (افریقہ) جادو ۔ ٹونا ۔
منتر ۔ بے جان چیز کی پرستش ۔

Ju-jutsu (jōō-jut-soo) *n.* Japanese art of wrestling جاپان کا فن کشتی ۔

Julep (jōō-lep) *n.* Medicated drink شربت ۔ مفرح
شربت ۔ شربت گلاب ۔ جلاب ۔ مسالے دار یا برف میں
لگایا ہوا شراب اور پانی کا مرکب ۔

July (jōō-li) *n.* Seventh month of the year
انگریزی سال کا ساتواں مہینہ ۔ جولائی ۔

Jumble (jūm-bl) *v.i.* & *t.* Move about in disorder
گڑ بڑ سے چلنا پھرنا ۔ خلط ملط کرنا ۔ مخلوط کرنا ۔
تہہ و بالا کرنا ۔

Jumble (jūm-bl) *n.* Confused assemblage
بے ترتیبی ۔ انبار ۔ گڈ مڈ ۔ بے قاعدہ مجمع ۔
Jumble shop ایسی جگہ جہاں کوئی چیز قاعدے
سے نہ رکھی ہو ۔ کباڑی کی دوکان ۔ کباڑ خانہ ۔

Jumbo (jūm-bo) *n.* Big clumsy person, animal or thing موٹا ، بھدا اور بے ڈول آدمی یا جانور ۔
لندن کے جانور خانے کا مشہور ہاتھی ۔ قسمت کا
دھنی ۔ کامیاب انسان ۔

Jump (jūmp) *v.i., t.* & *n.* Spring from ground
اچھلنا ۔ کودنا ۔ جست لگانا ۔ چھلانگ لگانا ۔ اچھل
پڑنا ۔ چونک اٹھنا ۔ تقدیر کا دفعتاً چمک جانا ۔ جلد
بازی سے کوئی نتیجہ اخذ کرنا ۔ ریل کا پٹری سے اتر
جانا ۔ بچے کو کدانا ۔ جھپٹنا ۔ جھپٹ کر لے لینا ۔
سر سری نظر ڈال کر چھوڑ دینا ۔ قیمت کا دفعتاً چڑھ
جانا ۔ جست ۔ چھلانگ ۔ پھلانگ ۔ گریز ۔
Jump down person's throat کسی کو دندان
شکن جواب دینا ۔
Jump out one's skin حیرت سے چونک پڑنا ۔

Jumper (jūmp-ər) *n.* One who jumps کودنے والا ۔
ویلز کے میتھوڈسٹ فرقے کے لوگ جو عبادت میں
اچھلتے کودتے ہیں ۔ ایسے کیڑے جو کود کر چلتے
ہیں ۔ ایک بڑا برما ۔

Jumper (jūmp-ər) *n.* Sailor's loose jacket of canvas کرمچ کی ڈھیلی ڈھالی صدری جو ملاح
پہنتے ہیں ۔ عورتوں کی جاکٹ ۔

Junction (jūngk-shən) *n.* Meeting place جوڑ ۔
اتصال ۔ ملنے کا مقام ۔ سنگم ۔

Juncture (jūngk-tyər) *n.* Place where things meet وقت ۔ نقطہ یا مقام جہاں چیزوں کا اتصال ہو ۔
ملنے کی جگہ ۔ ملنے کا وقت ۔

June (joon) *n.* Sixth month of the year سال کا چھٹا مہینہ ۔ جون ۔

Jungle (jun-gl) *n.* Land overgrown with shrubs and trees جنگل ۔ بن ۔ جھاڑ جھنکار ۔ بے ترتیب انبار (افریقہ) تجارتی حصص کا بازار ۔

Junior (joon-yer) *adj.* & *n.* Younger چھوٹا ۔ عمر میں چھوٹا ۔ مدت ملازمت اور یافت میں چھوٹا ۔ کم عمر ۔ کم مرتبہ شخص ۔

Juniority *n.* چھوٹا ہونا ۔ کم ہونا ۔

Juniper (joo-ni-per) *n.* Kind of evergreen shrub yielding oil ایک قسم کی صنوبری جھاڑی جس سے تیل نکلتا ہے ۔

Junk (jungk) *n.* & *v.t.* Discarded material جہاز کا پرانا رسہ ۔ پرانا سامان ۔ ناکارہ سامان ۔ نمک لگایا ہوا گوشت ۔ ہویل کا بھیجا ۔ بڑے بڑے ٹکڑے کرنا ۔

Junker (jungk-er) *n.* Young German noble جرمنی کا امیر زادہ ۔ جماعت امرا کا رکن ۔

Junket (jungk-it) *n.* & *v.i.* Dish of sweetened curds and whey دہی اور انڈے کی زردی کا میٹھا حلوہ ۔ دعوت ۔ ضیافت کرنا ۔

Juno (joo-no) *n.* Wife of Jupiter جوپیٹر دیوتا کی بیوی ۔ با وقار حسینہ ۔

Junta (jun-ta) *n.* Administrative Council of Spain ہسپانیہ کی مجلس انتظامیہ ۔ اٹلی یا اسپین کی شاہی مجلس مشاورت ۔

Junto (jun-to) *n.* Political faction سیاسی جماعت ۔ سازشی جتھا ۔ مجلس خاص ۔ سیاسی مقاصد رکھنے والی جماعت ۔

Jupiter (joo-pi-tər) *n.* King of gods دیوتاؤں کا بادشاہ ۔ سیارہ عطارد

Jural (joo-rəl) *adj.* Of law قانون کے متعلق ۔ اخلاق حقوق و فرائض کے بابت ۔

Jurat (joo-rat) *n.* Municipal officer مہتمم بلدیہ ۔ مجسٹریٹ ۔ میونسپل کمشنر ۔ وہ شخص جس کو تمام عمر کے لیے فوجداری اختیارات دیے گئے ہوں ۔

Juridical (joo-rid-ik-əl) *adj.* Legal قانونی ۔ عدل گسترانہ ۔ عدلیہ کے متعلق ۔

Jurisconsult (joo-ris-kon-sult) *n.* One learned in law مقنن ۔ ماہر قانون ۔ قانون کا عالم ۔

Jurisdiction (joo-ris-dik-shən) *n.* Extent of legal authority اختیار ۔ عدالتی اختیار ۔ عدالتی اختیار کا حلقہ ۔ دائرہ اختیار ۔ حلقہ عدلیہ ۔

Jurisprudence (joo-ris-prud-əns) *n.* Philosophy of human law فلسفہ قانون ۔ علم قانون ۔ علم فقہ ۔ علم المسائل ۔ قانون دانی ۔

Jurist (joo-rist) *n.* Legal writer ماہر قانون ۔ قانونی کتب کا مصنف ۔

Juror (joor-ər) *n.* Member of jury جیوری کا رکن ۔ وہ رکن جو دوسروں سے حلف لیتا ہے ۔

Jury (joor-i) *n.* Body of persons sworn to give verdict اہل جیوری جو صحیح رائے دینے کا حلف لیتے ہیں ۔ جماعت منصفین ۔

Jussive (jus-iv) *adj.* Expressing a command حاکمانہ ۔ صیغہ امر ۔

Just (just) *adj.* Fair سچ ۔ صحیح ۔ عادلانہ ۔ منصفانہ ۔ منصف ۔ عادل ۔ مبنی بر عدل ۔

Justly *adv.* انصاف سے ۔ واجبی طور پر ۔ بجا طور پر ۔

Justness *n.* عدلیت ۔ مبنی پر انصاف ہونا ۔ واجبیت ۔ انصاف ۔

Just (just) *adv.* Exactly as ٹھیک ٹھیک ۔ بالکل اسی طرح ۔ واجباً ۔ ابھی ابھی ۔ جیسے ہی کہ (بول چال) قطعی طور پر ۔ حتمی طور پر ۔

Justice (jus-tis) *n.* Just conduct عدل ۔ انصاف ۔ دیانت داری ۔ راست بازی ۔ انصاف کا برتاؤ ۔ عدالتی کاروائی ۔ مجسٹریٹ ۔ جج ۔

Justiciable (jus-ti-si-əbl) *adj.* Subject to jurisdiction قابل داد رسی ۔ اختیار سماعت کے اندر ۔ حلقہ عدلیہ کے اندر ۔ حلقہ اختیار عدلیہ میں ۔

Justify (jus-ti-fi) *v.t.* Show the justice or rightness واجب ٹھہرانا ۔ روا رکھنا ۔ حجت یا دلیل سے ثابت کرنا ۔ تائیدی دلائل پیش کرنا ۔ حق بجانب فریق ثابت کرنے کی کوشش کرنا ۔ نجات دینا ۔ بخشنا ۔ (چھاپہ) سطریں ٹھیک بٹھانا ۔

Justifiable *adj.* معقول ۔ عذر پذیر ۔ جو صحیح ثابت کیا جا سکے ۔ قابل منظوری ۔

Justification *n.* صحیح یا حق بجانب ہونا ۔ معقولیت ۔ واجبیت ۔

Justificatory *adj.* صحیح ثابت کرنے والا ۔ معقولی ۔ تائیدی ۔

Justifiably *adv.* اس طرح کہ صحیح یا حق بجانب ثابت ہو سکے ۔

Jut (jut) *n. & v.i.* Projection آگے کو ابھرنا یا نکلنا ۔ ابھرا ہوا ہونا ۔ ابھار ۔

Jute (joot) *n.* Fibre from certain plants سن ۔ پٹ سن ۔ پٹوے کا ریشہ ۔

Jute (joot) *n.* One of Low German tribe who invaded Britian in 5th and 6th century جرمن قوم کے باشندے جنہوں نے جزائر برطانیہ پر پانچویں اور چھٹی صدی میں حملہ کیا ۔

Juvenescence (joo-ven-es-əns) *n.* Adolescence طفلی سے جوانی میں قدم رکھنا ۔ عنفوان شباب ۔

Juvenescent *adj.* طفلی سے نوجوانی میں آنے والا ۔ عنفوان شباب میں داخل ہونے والا ۔

Juvenile (joo-və-nil) *adj. & n.* Youthful جوانی کا ۔ شباب کا ۔ نوخیز ۔ نوجوان ۔ کمسنی کا ۔ طفلانہ ۔ نوجوانی کا ۔

Juvenility *n.* نوعمری ۔ عنفوان شباب ۔ نوجوانی ۔

Juxtapose (juks-tə-pəs) *v.t.* Place side by side برابر برابر رکھنا ۔ پاس پاس رکھنا ۔

Juxtaposition (juks-tə-pəs-i-shən) *n.* Placing, being placed side by side قربت ۔ نزدیکی ۔ تقابل ۔ آمنے سامنے ۔ پہلو بہ پہلو رکھنا یا رکھا جانا ۔

K

K (ka) *l.* Eleventh letter of the English alphabet انگریزی حروف تہجی کا گیارھواں حرف ۔

Kaama (ka-ma) *n.* Hartebeest جنوبی افریقہ کا بارہ سنگھا ۔

Kabbalah (ka-ba-la) *n.* Jewish traditions یہودیوں کی قدیم روایات ۔ اسرائیلیات ۔

Kaddish (kad-ish) *n.* Jewish mourner's prayer یہودیوں کی ماتمی دعا ۔

Kadi (ka-di) *n.* Civil Judge of Muslim State قاضی ۔

Kaffir (kaf-ər) *n.* Member of a South African tribe of Bantu family افریقی قبیلہ بنٹو کا فرد ۔ کافر ۔ کافرستان کا باشندہ ۔

Kail (kal) *n.* دیکھو Kale

Kaiser (ki-zer) *n.* Emperor قیصر ۔ شہنشاہ جرمنی ۔ رومن سلطنت کا فرمانروا ۔

Kale (kal) *n.* Kinds of cole or cabbage ایک قسم کی بند گوبھی ۔

Kaleidoscope (kə-li-də-skop) *n.* Tube through which symmetrical figures are seen ایک کھلونا جس میں شیشے کے ٹکڑوں کے ذریعے سے رنگین شکلیں نظر آتی ہیں ۔ عکس بین ۔ عکس نما ۔ بار بار متغیر ہونے والا منظر ۔ منظر بدل آلہ ۔

Kaleidoscopical *adj.* متواتر متغیر ہونے والا ۔ عکس بین کے مانند ۔

Kalends (kə-lends) *n.* First date of Roman month یکم ۔ غرہ ۔

Kali (kali) *n.* Prickly saltwort تلی ۔ سجی ۔ ایک پودا جس سے سجی نکلتی ہے ۔

Kalong (ka-long) *n.* Malay fox-bat سب سے بڑی چمگادڑ ۔ ملایا کی چمگادڑ ۔

Kama (ka-ma) *n.* God of love, Cupid کام دیو ۔ محبت کا دیوتا ۔ تیر چلانے والا ۔

Kangaroo (kang-gə-roo) *n.* Marsupial mammal کینگرو ۔ آسٹریلیا کا ایک چرندہ جس کے پیٹ میں ایک تھیلا ہوتا ہے جس میں اس کا بچہ رہتا ہے اس کے پچھلے پیر بہت مضبوط ہوتے ہیں اور بہت لمبی جست کرتا ہے ۔ (بول چال) مغربی آسٹریلیا کی کان کن کمپنیوں کے حصے ۔

Kangaroo closure *n.* کسی کمپنی کے صدر کا اپنی مرضی سے ترمیات کی اجازت دینا ۔ من مانی بحث اور رائے شماری ۔

Kangaroo rat آسٹریلیا کا ایک چھوٹا تھیلی دار جانور ۔

Kantian (kanti-ən) *adj.* Of Kant جرمن فلسفی کانٹ کے متعلق ۔

Kantism *n.* جرمن فلسفی کانٹ کے نظریات جو ادائے فرض پر زور دیتا تھا ۔ کانٹیت ۔

Kapok (kap-ok) *n.* **Fine cotton wool** ایک عمدہ قسم کی روئی جو ایک درخت کے بیج سے لپٹی ہوئی ہوتی ہے اور تکیوں اور گدوں میں بھری جاتی ہے -

Karaite (kara-it) *n.* A member of Jewish sect which interprets Scriptures literally یہودیوں کا ایک فرقہ جو روایت اور تاویل کا قائل نہیں بلکہ توریت کے لفظی معنوں پر زور دیتا ہے - فرقہ محکم -

Karma (kar-ma) *n.* A person's actions in one age decide his state of existence in his next بدھ مت کا عقیدہ کہ ایک جنم کے کرم اور اعمال سے دوسرے جنم کا تعین ہوتا ہے - کرم کا پھل - تناسخ -

Kaross (ka-ros) *n.* Mantle of animal's skin with the hair on جانور کی کھال کی پوشاک جس پر پورے بال ہوں -

Kartel (kar-tel) *n.* Wooden bed in ox-wagon بیل گاڑی میں لیٹنے اور سونے کا تختہ -

Katabolism (kat-ab-ə-lizm) *n.* Breaking down of animal tissues جاندار مادے کا چھوٹے عناصر میں تبدیل ہونا -

Kauri (kow-ri) *n.* Coniferous tree of New Zealand نیوزی لینڈ کا ایک درخت جس سے اعلیٰ قسم کی عمارتی لکڑی ملتی ہے -

Kaw (ka) *v.i.* Crow کائیں کائیں کرنا -

Keck (kek) *v.i.* Make vomiting sound قے کرنے کی آواز پیدا کرنا - قے کرنا - آلٹی ہونا -

Keck at کھانے سے جی متلانا - کسی چیز سے ابکائی آنا -

Kedge (kej) *v. i., t. & n.* Warp ship by means of hawser جہاز کا رخ بدلنا - رسوں کو لپیٹ کر جہاز کو موڑنا - چھوٹے لنگر کے رسے لپیٹنا - جہاز کا رخ بدلنے والا چھوٹا لنگر -

Kedgeree (kej-ə-ri) *n.* A dish of rice and pulse کھچڑی - ایک انگریزی کھانا جو دال ، چاول اور انڈوں سے تیار کیا جاتا ہے -

Keel (kel) *n. & v.t.* Lowest timber of vessel جہاز کا تلا - جہازی تلے کا شہتیر - جہاز کا پیندا - کشتی یا جہاز چلانا - جہازرانی کرنا -

Keelless بے پیندے کا جہاز یا کشتی -

Keen (ken) *n.* Irish funeral song آئرلینڈ کا ماتمی نغمہ جو جنازے کے ساتھ گاتے ہیں -

Keen (ken) *v.t. & i.* Utter the keen ماتمی نغمہ گانا - نوحہ پڑھنا - مرثیہ خوانی کرنا -

Keen (ken) *adj.* Having sharp edge or point تیز دھار کا - نوک دار - شوقین - آرزو مند - شائق - مستعد - تیار - بران - تیز - تند - کڑا - سخت - زبردست - پرزور - تلخ - کڑوا - ذہین - زود فہم - چتر - طباع - حساس -

Keen as mustard تیز - پرجوش - جوشیلا -

Keen set ضرورت سے زائد حاجت مند - بھوکا -

Keenness *n.* شدت - شوق - ذہانت - سرگرمی - تیزی -

Keep (kep) *v.t. & i.* Observe, pay due regard لحاظ کرنا - نظر کرنا - رکھنا - اپنے پاس رکھنا - ہاتھ سے نہ دینا - کفایت کرنا - پالنا - پرورش کرنا - دیکھ بھال کرنا - انتظام کرنا - باقاعدہ حساب رکھنا - جشن منانا - رسم ادا کرنا - نگرانی کرنا - عورت کو بطور داشتہ گھر میں رکھنا - روکنا - مزاحمت کرنا - حوالات میں رکھنا - پوشیدہ رکھنا - باوجود مخالفت اپنی جگہ جمے رہنا - کرتے رہنا - چلتے رہنا -

Keep (kep) *n.* Tower, stronghold حالت - گت - محافظت - نگہبانی - برج - گڑھ - کوٹ - قلعہ - پرورش - کفالت - مایحتاج - خوراک -

You do not earn your keep تم اپنی روزی نہیں کماتے -

Keeper (kep-ər) *n.* Custodian دربان - پاسبان - منتظم - نگران کار - مہتمم - انگوٹھی - شادی کی انگوٹھی کے ساتھ کا چھلا -

Keeping (kep-ing) *n.* Custody, charge داشت - قبضہ - نگرانی - حفاظت - خبرداری - مناسبت - میل - ہم آہنگی - دیر تک رہنے والی چیز - نہ بگڑنے والی چیز -

Keeping apples خراب نہ ہونے والے سیب - دیر تک رہنے والے سیب -

Keepsake (kep-sak) *n.* Thing kept for some one's sake نشانی - یاد گار - دیکھنے میں خوشنما مگر بے لطف -

Keg (keg) *n.* Small barrel پیپا جس میں دس گیلن شراب کی گنجائش ہو -

Kelpie (kel-pi) *n.* Water spirit in form of horse دریائی بھتنا جو گھوڑے کی شکل میں ظاہر ہوتا اور مسافروں کو غرق کر دیتا ہے -

Kemp (kemp) *n.* Coarse wool بالوں والی اون ۔ سوتی اون ۔

Ken (ken) *n.* Range of sight or knowledge حد نظر ۔ حد علم ۔

In one's ken حد نظر یا علم کے اندر ۔

Out of, beyond, one's ken نظراور ادراک سے پرے ۔

Ken (ken) *v.t.* Recognise, know جاننا ۔ پہچاننا ۔ دور سے دیکھنا ۔ صورت آشنا ہونا ۔

Kennel (ken-l) *n., v.t. & i.* House for shelter of dogs or hounds تازی خانہ ۔ گھریلو اور شکاری کتوں کے رہنے کا گھر ۔ گھر میں کتوں کو رکھنا یا کتوں کا رہنا ۔

Kennel (ken-l) *n.* Gutter نالی ۔ موری ۔ بدرو ۔

Kenosis (ken-o-sis) *n.* Renunciation of divine nature حضرت عیسیٰ کا جامہ بشریت میں آنے سے یزدانی صفات سے علیحدہ ہو جانا ۔ ترک الوہیت ۔

Kentish (kent-ish) *adj.* Of Kent کینٹ کے متعلق ۔ کینٹ کا ۔

Kentish fire پسندیدگی یا ناپسندیدگی کا طولانی مظاہرہ ۔ تحسین یا ملامت کی بوچھاڑ ۔

Kepi (kap-i) *n.* French military cap فرانس کی فوجی ٹوپی ۔

Kerb (kərb) *n.* Stone edging to pavement فرش کی سنگین گوٹ یا منڈیر ۔

Kerchief (kər-chif) *n.* Cloth used to cover head اوڑھنے کا کپڑا ۔ سر پر ڈالنے کا رومال ۔ دستی رومال ۔

Kerf (kərf) *n.* Slit made by cutting تراش ۔ چیرا ۔ شگاف ۔ کٹے ہوئے درخت کا سرا ۔

Kermes (kər-mez) *n.* Pregnant female insect حاملہ مادہ کیڑے ۔

Kermis (kər-miz) *n.* Periodical fair in Holland ہالینڈ وغیرہ کے موسمی میلے جن میں بڑا شور و غوغا ہوتا ہے ۔ بیساکھی کی قسم کے میلے ۔

Kern (kərn) *n.* Light-armed Irish foot-soldier آئرلینڈ کا پیدل سپاہی ۔ ہلکے اسلحہ سے لیس سپاہی ۔ دستی چکی ۔ ٹائپ کے حروف کا ابھار ۔

Kernel (ker-nl) *n.* Soft part within hard shell گودا ۔ مغز ۔ گری ۔ بیج کا حصہ ۔ دل ۔ مرکز ۔ جڑ ۔ اصل ۔ اساس ۔ بنیاد ۔

Kerosene (ker-o-sen) *n.* Lamp oil مٹی کا تیل ۔ گیس کا تیل ۔ میلا پٹرول ۔

Kersey (kər-zi) *n.* Coarse narrow cloth woven from long wool ایک قسم کا موٹا اونی کپڑا جو لمبی اون سے تیار کیا جاتا ہے ۔

Kerseymere (kər-zi-mer) *n.* Twilled fine woollen cloth پشمینہ ۔ باریک اون کا کپڑا ۔

Ketch (kech) *n.* Two-masted vessel دو مستولی ساحلی جہاز ۔

Ketchup (kech-ep) *n.* Tomato sauce ٹماٹر کی چٹنی ۔

Kettle (ket-l) *n.* Boiling vessel کیتلی ۔ پتیلی ۔ دیگچی ۔ بھبکا ۔

Kettle drum *n.* چائے کی دعوت ۔ نقارہ ۔ تاشہ ۔ دھونسا ۔ ڈھول ۔

Key (ke) *n.* Iron instrument for moving bolt of lock چابی ۔ کنجی ۔ کلید ۔ مفتاح ۔ دروازہ ۔ باب راہ ۔ حفاظتی چوکی ۔ حل ۔ تفسیر ۔ تشریح ۔ ایک سلسلے کے سر ۔ سروں کے ٹھپے ۔ لکڑی یا دھات کا ٹکڑا جو مضبوطی کے لیے لگا دیا جائے ۔ ٹائپ رائٹر کی کنجی (جمع) پوپ کے مذہبی اختیارات ۔

Key (ke) *v.t.* Fasten with bolt پچر لگانا ۔ بلی یا سٹکنی چڑھانا ۔ چٹخنی لگانا ۔ باجوں کے سر ٹھیک کرنا ۔ تاروں کو کسنا ۔

Key up ابھارنا ۔ کسی کو کسی بات پر آمادہ کرنا ۔

Khakan (ka-kan) *n.* Chief, ruler خاقان ۔ بادشاہ ۔ سلطان ۔

Khaki (ka-ki) *adj. & n.* Dust-coloured خاکی ۔ خاکی رنگ ۔ خاکی رنگ کا کپڑا ۔

Khamsin (kam-sin) *n.* Hot winds of Egypt مصر کی گرم ہوائیں ۔ باد سموم ۔

Khan (kan) *n.* Title of rulers and officers in Central Asia وسط ایشیا کے ممالک میں امرا ، عہدہ داروں اور حکمرانوں کا لقب ۔

Khanate *n.* خان کی ریاست یا جاگیر ۔ خان کی قلمرو ۔

Kheda-keddah (ked-a) *n.* Enclosure for catching elephants کھڈا ۔ باڑہ ۔ جنگلی ہاتھیوں کے پکڑنے کا جنگلی احاطہ ۔

Khedive (ke-dev) *n.* Title of the ruler of Egypt خدیو مصر ۔

Khidmatgar (kid-mat-gar) *n.* Attendant خدمتگار ۔ بیرا ۔ ذاتی ملازم ۔ نوکر ۔

Khilafat (kil-e-fat) *n.* Head of Muslim world تحریک خلافت جو انگریزوں کے خلاف ۱۹۱۸ء سے شروع کی گئی ۔ خلافت ۔

Kibble (kib-l) *n.* Iron hoisting bucket used in mines کچا لوہا کانوں سے اوپر لانے کا ڈول ۔ غلہ وغیرہ کا ڈول یا ٹوکرا ۔

Kibe (kib) *n.* Ulcerated chilblain سردی وغیرہ سے جلد کا پھٹ جانا ۔ جلد میں درزیں پڑ جانا ۔ ہاتھ پاؤں میں پھٹ کر زخم پڑ جانا ۔

Tread on one's kibes کسی شخص کے احساسات کو ٹھیس لگانا ۔

Kibla (kib-la) *n.* House of God at Mecca کعبۃاللہ ۔ قبلہ ۔ قبلہ کی سمت ۔

Kibosh (ki-bosh) *n.* Nonsense, humbug لغویات ۔ مہمل بات ۔ بے معنی بکواس ۔

Kick (kik) *n.* Sharp stimulant effect لات ۔ ٹھوکر ۔ دولتی ۔ (بول چال) جان ۔ مزاحمت کی قوت ۔ بندوق کا دھکا ۔ (فٹ بال) ٹھوکر ۔ کک ۔

More kicks than half pence باتیں کم لاتیں زیادہ ۔

Kick (kik) *v. i. & t.* Strike out with the foot لات مارنا ۔ ٹھوکر مارنا ۔ دولتی چلانا ۔ حقارت سے رد کرنا ۔ لات مار کر ہٹانا ۔ کک مار کر گول کرنا ۔

Kick one upstairs کسی کو عہدہ دے کر سیاست سے علیحدہ کر دینا ۔

Kick up دولتیاں جھاڑنا ۔ شور فساد برپا کرنا ۔

Kicker (kik-ər) *n.* Horse given to kicking دولتیاں جھاڑنے والا گھوڑا ۔ لاتیں مارنے والا گھوڑا ۔

Kickshaw (kik-shaw) *n.* Fancy dish in cookery خیالی کھانا جس سے بھوک رفع نہ ہو ۔ کھلونا ۔ بے حقیقت چیز ۔

Give kickshaw to a hungry person بھوکے کو خیالی کھانا دینا ۔

Kid (kid) *n., v.t. & i.* Young of goat بکری کا بچہ ۔ بوٹلا ۔ بزغالہ ۔ بکری کے بچے کی کھال ۔ بچے جننا ۔ بچے پیدا کرنا ۔ بچے دینا ۔ مذاق کرنا ۔ چھیڑنا ۔

Kid glove ۔ (بول چال) نواب ۔ حد سے زیادہ نفاست پسند ۔ روزمرہ کے کاموں سے الگ رہنے والا ۔ عیش پسند ۔

Kiddy (kid-i) *n.* Young baby (بول چال) شیر خوار ۔ کم عمر بچہ ۔ ننھا ۔

Kid (kid) *v.t.* Humbug (بول چال) دم ۔ جھانسہ ۔ فریب دینا ۔ جھانسا دینا ۔

Kid *n.* ٹب ۔ چھوٹا کٹھلا ۔

Kidnap (kid-nap) *v.t.* Steal or carry off by illegal force بچوں کو چرا لینا ۔ اڑا لے جانا ۔ انسان کو غائب کر دینا ۔ کسی کو جبراً اٹھالے جانا ۔

Kidnapper *n.* ۔ بال چور ۔ لوگوں کو اغوا کرنے والا ۔ بچے چرانے والا ۔

Kidney (kid-ni) *n.* One of a pair of glandular organs in abdomen گردہ ۔ قسم ۔ بھانت ۔ جنس ۔ مزاج ۔ طبیعت ۔

People of this kidney اس قسم کے لوگ ۔

Man of the right kidney صحیح طبیعت کا انسان ۔

Kier (kir) *n.* Vat in which cloth is boiled for bleaching دھوبی کی دیگ جس میں کپڑے ابالے جاتے ہیں ۔ میل چھانٹنے کی بھٹی ۔

Kilderkin (kil-dər-kin) *n.* Cask of wine شراب کا پیپا جو بطور پیمانہ بھی استعمال ہوتا ہے ۔

Kill (kil) *v.t. & i.* Put to death, slay مار ڈالنا ۔ قتل کرنا ۔ خون کرنا ۔ گردن مارنا ۔ حلال کرنا ۔ ختم کر دینا ۔ شکار کرنا ۔ مارنا ۔ ذبح کرنا ۔ بیماری کا ازالہ کرنا ۔ زہر سے ہلاک کرنا ۔ کسی گہرے رنگ کو دوسرا رنگ ملا کر ہلکا کرنا ۔ اتنی خاطر کرنا کہ ناک میں دم آ جائے ۔ (ٹینس) گیند کو اس طرح پھینکنا کہ حریف واپس نہ کر سکے ۔ (وضع قوانین) کسی تحریک کو رائے شماری سے ختم کر دینا ۔

Kill joy عیش بے مزہ کر دینا ۔ رنگ میں بھنگ ڈالنا ۔

Kill time بے شغلی میں وقت گزارنا ۔ وقت کاٹنا ۔

Kill with kindness بے موقع مہربانی سے سخت نقصان پہنچانا ۔

Killing *adj.* مار ڈالنے والی ۔ جان لیوا ۔

Kill (kil) *n.* Animal killed قتل ۔ شکار ۔ ذبح کیا ہوا جانور ۔ شکار کیا ہوا جانور ۔

Kiln (kil) *n.* Furnace, oven بھاڑ ۔ بھٹی ۔ تنور ۔ آوا ۔ گلخن ۔

Kilt (kilt) *v.t.* & *n.* Tuck up round body سایے کو سمیٹ کر کمر سے لپیٹ لینا ۔ اسکاٹلینڈ کے مردوں کا لباس جو عورتوں کے سایے سے مشابہ ہوتا ہے ۔

Kin (kĭn) *n.* & *adj.* Ancestral stock, family خاندان ۔ گھرانا ۔ رشتے دار ۔ برادری ۔ آبا و اجداد ۔

Comes of good kin اچھے گھرانے کا ہے ۔

Kinless *adj.* جس کا کوئی عزیز نہ ہو ۔

Kinchin (kin-chin) *n.* Child ننھا منا ۔ پیارا بچہ ۔

Kincob (king-kob) *n.* Rich embroidered cloth پوت ۔ تار بانا ۔ کم خواب ۔

Kind (kind) *n.* Class, sort, variety قسم ۔ قماش ۔ جنس ۔ نوع ۔ نسل ۔ ماہیت ۔ کیفیت ۔

Repay his insolence in kind اینٹ کا جواب پتھر ۔ ترکی بہ ترکی جواب دینا ۔

We had a coffee of a kind ہم نے کافی پی جو برائے نام کافی تھی ۔

Kind (kind) *adj.* Of gentle nature رحیم ۔ کریم ۔ رحم دل ۔ ہمدرد ۔ مشفق ۔ شفیق ۔ حلیم ۔ با اخلاق ۔ با مروت ۔ لطف و عنایت سے پیش آنے والا ۔

Kindness *n.* لطف و کرم ۔ فیاضی ۔ عنایت ۔ شفقت ۔ نوازش ۔ مہربانی ۔

Kindergarten (kin-der-gar-tn) *n.* Children's school where they are given object lessons چھوٹے بچوں کا مدرسہ جہاں کھلونوں اور چیزوں کے ذریعے تعلیم دی جاتی ہے ۔ کنڈر گارٹن اسکول ۔

Kindle (kin-dl) *v.t.* & *i.* Set on fire جلنا ۔ سلگنا ۔ آگ جلانا ۔ سلگانا ۔ آگ لگانا ۔ مشتعل کرنا ۔ بھڑکانا ۔ جذبات برانگیختہ کرنا ۔ مشتعل ہونا ۔ چمکانا ۔ دمکانا ۔

Kindling *n.* جھینا ۔ آگ سلگانا ۔ جھیٹھیاں جن سے آگ سلگائی جاتی ہے ۔

Kindly *adj.* صحت بخش ۔ مہاتق ۔ شفیق ۔ رحم دل ۔ مہربان ۔

Kindred (kin-drid) *n.* & *adj.* Blood relationship قرابت ۔ رشتہ داری ۔ ناتہ ۔ بھائی بندی ۔ اپنیت ۔ بھائی بندی کا ۔ برادری کا ۔

Kine (kin) *n.* Cow دیکھو

Kinematograph (kin-i-mat-ə-graf) *n.* Apparatus for showing pictures سینما ۔ وہ آلہ جس سے تصویریں پردے پر دکھائی جاتی ہیں ۔

Kinetic (ki-net-ik) *adj.* & *n.* Of motion, energy حرکت کا ۔ متحرک ۔ علم حرکیات اجسام ۔

King (king) *n.* Male ruler of an independent state شاہ ۔ بادشاہ ۔ حکمران ۔ وہ شخص جو کسی تجارت میں غیر معمولی کامیابی حاصل کرے ۔ ملک التجار ۔ پھلوں اور ترکاریوں کی اعلیٰ ترین قسم ۔ (تاش) بادشاہ کا پتہ ۔ (شطرنج) بادشاہ کا مہرہ ۔

King like *adj.* خسروانہ ۔ شاہانہ ۔

Kingship *n.* بادشاہی ۔ شاہی ۔

King (king) *v.i.* & *t.* Act the king, govern حکومت کرنا ۔ بادشاہی کرنا ۔ شاہانہ سلوک کرنا ۔ کسی کو بادشاہ بنانا ۔

Kingdom (king-dəm) *n.* Territory subject to king بادشاہی ۔ ریاست ۔ راج ۔ سلطنت ۔ قلمرو ۔ حکومت الٰہیہ ۔ روحانی بادشاہت ۔

Kinglet (king-let) *n.* Petty king سنہری چوٹی والا ایک پرندہ ۔ معمولی بادشاہ ۔

Kingling (king-ling) *n.* Ruler of a very small state معمولی ریاست کا حکمران ۔

Kink (kingk) *n., v.i.* & *t.* Back twist in wire, chain or rope پیچ ۔ بل ۔ الٹا بل دینا ۔ بل ڈالنا ۔ انوکھا خیال ۔ وہم ۔ خلل دماغ ۔

Kinky *adj.* جس کے دماغ میں خلل ہو ۔ گتھی دار ۔ بل دار ۔

Kinnikinic (kin-i-kin-ik) *n.* Bark of willow شجر سماق کے پتے ۔ بید مجنوں کی چھال ۔ یہ چھال تمباکو کی طرح استعمال کی جاتی ہے ۔

Kinsfolk (kinz-fok) *n.* Relations by blood بھائی بند ۔ قریبی رشتہ دار ۔ اقربا ۔ اعزا ۔

Kinswoman (kinz-wo-mən) Female relation رشتہ دار عورت ۔ عزیز عورت ۔

Kinsman (kinz-mən) *n.* Male relation عزیز ۔ اقارب ۔ رشتہ دار ۔ عزیز مرد ۔

Kinship (kin-ship) *n.* Blood relationship خونی رشتہ ۔ برادری ۔ قرابت ۔ روحانی رشتہ ۔

Kip (kip) *n.* Hide of young beast, common lodging کم عمر جانور کی کھال ۔ عام اقامت گاہ ۔ کرایہ کا کمرہ ۔ بستر ۔ پلنگ ۔

Kipper (kip-ər) *n.* Male salmon fish ۔ نر سامن مچھلی ۔ نمک لگا کر دھوپ میں سکھائی ہوئی مچھلی ۔

Kipper (kip-ər) *v.t.* & *n.* Cure by splitting مچھلی کو صاف کر کے نمک لگا کر سکھانا ۔ خشک کی ہوئی نمکین مچھلی ۔

Kirghiz (kir-giz) *n.* Member, language of a Mongolian people کرغز ۔ مغل نسل کی ایک قوم ۔ اس قسم کی زبان کرغزی ۔

Kirk (kirk) *n.* Church of Scotland گرجا ۔ کلیسا ۔

Kirsch (kir-sh) *n.* Spirit distilled from wild cherry ایک شراب جو جنگلی چیری سے کشید کی جاتی ہے ۔

Kirtle (kər-tl) *n.* Woman's gown عورتوں کا ڈھیلا سایہ ۔ گون ۔ جامہ ۔

Kismet (kiz-met) *n.* Luck قسمت ۔ تقدیر ۔ نصیب ۔ نوشتہ ازل ۔

Kiss (kis) *n.* Caress given with lips بوسہ ۔ پیار ۔ بلیرڈ کے کھیل میں دو گیندوں کا ٹکراؤ ۔ ایک قسم کا آلوچہ ۔

Kiss (kis) v.t. Touch with lips بوسہ لینا ۔ چومنا ۔ پیار کرنا ۔ دو متحرک گیندوں کا ٹکرانا ۔

Kissable *adj.* پیار کرنے کے قابل ۔ چومنے کے قابل ۔

Kissing (kis-ing) *adj.* & *n.* Touching with lips چومتے ہوئے ۔ چھوتے ہوئے ۔ پیار ۔ بوسہ ۔

Kit (kit) *n.* Bag, sack سیاح یا سپاہی کے سامان کا تھیلا ۔ وہ سامان جو تھیلے میں ہو ۔ رخت سفر ۔ ذاتی ضرورت کا سامان ۔ کریکٹ کے کھیل کے سامان کا تھیلا ۔

Kit-bag سپاہی یا مسافر کے سامان کا تھیلا ۔

Kit-cat (kit-kat) *n.* Club of Whig politicians لڑکوں کا ایک کھیل گلی ڈنڈا ۔ حریت پسند سیاست دانوں کا ایک کلب یا اس کا ممبر ۔

Kitchen (kich-ən) *n.* Part of house where food is cooked باورچی خانہ ۔ مطبخ ۔ کھانا پکانے کا کمرہ ۔

Kitchener (kich-ən-ər) *n.* Person in charge of monastry kitchen خانقاہ کے باورچی خانہ کا داروغہ ۔ اونچا چولہا جس میں دیگچیوں کے خانے بنے ہوں ۔

Kite (kit) *v.t., i.* & *n.* Bird of falcon family چیل ۔ زغن ۔ ظالم ۔ لالچی آدمی ۔ اچکا ۔ عیار ۔ پتنگ ۔ کنکوا ۔ تکل ۔ جہاز کے سب سے اونچے بادبان ۔ ادھار ہنڈی ۔ قرضے کا تمسک ۔ چیل کی طرح اڑنا ۔ ادھار ہنڈی میں تبدیل کرنا ۔

Kite-balloon *n.* پتنگ ۔ غبارہ ۔ رسی میں بندھا ہوا غبارہ جو فوجی مشاہدے کے لیے اڑایا جائے ۔

Kith (kith) *n.* Friends and relations ۔ عزیز اور دوست ۔ اقربا ۔

Kitten (kit-n) *n.* Young of cat بلی کا بچہ ۔ شوخ چلبلی لڑکی ۔

Kittenish *adj.* چلبلی ۔ شوخ ۔

Kittiwake (kiti-wak) *n.* A kind of sea-gull ایک قسم کا آبی پرندہ ۔

Kittle (kit-l) *adj.* Ticklish, difficult ۔ نازک ۔ مشکل ۔ دشوار ۔ تکلیف دہ ۔

Kitty (kit-i) *n.* Pet name for kitten بلی کے بچے کا پیار کا نام ۔

Kiwi (kīwi) *n.* Swan-like bird of New Zealand نیوزی لینڈ کا باشندہ ۔ نیوزی لینڈ کا ایک پرندہ جو ہنس کے برابر ہوتا ہے ۔ اس کے بازو ٹھٹھرے ہوتے ہیں اور پر نہیں ہوتے ۔

Kleptomania (klep-to-mania) *n.* Irresistible tendency to theft جنون سرقہ ۔ ایسی بیماری جس کا مریض بلا ضرورت سرقہ کرتا ہے ۔ مرض سرقہ ۔

Kleptomaniac *n.* مجنون سرقہ ۔ سرقہ کا مریض ۔

Knack (nāk) *n.* Ingenious device سلیقہ ۔ ڈھب ۔ طریقہ ۔ کام کا عمدہ ڈھب ۔ باتیں کرنے کا سلیقہ ۔ انوکھا انداز ۔ خاص ادا ۔

Knacky *adj.* خاص ڈھب سے کام کرنے والا ۔ نئی ترکیبیں سوچنے والا ۔

Knacker (nāk-ər) *n.* One who buys and slaughters useless horses ایسا شخص جو ناکارہ گھوڑوں کو ذبح کرنے کے لیے خریدتا ہے ۔ پرانے مکانوں کو ملبے کے لیے خریدنے والا ۔

Knap (nāp) *v.t.* & *n.* Crest of hill (بول چال) پہاڑی کی چوٹی ۔ سطح مرتفع ۔ سڑک کے لیے پتھر توڑنا ۔ تڑ تڑ کی آواز پیدا کرنا ۔ پتھر پھوڑنا ۔

Knap-sack (nāp-sak) *n.* Soldier's or traveller's leather or canvas bag سپاہی یا مسافر کا تھیلا جو پیٹھ پر باندھا جاتا ہے ۔ بقچہ ۔ تھیلا ۔ تھیلی ۔

Knave (nav) *n.* Rogue جھوٹا ۔ دغا باز ۔ غنڈہ ۔ عیار ۔ حیلہ باز ۔ (تاش) غلام کا پتہ ۔

Knavery-Knavishness *n.* شرارت ۔ فریب دہی ۔ حیلہ بازی ۔ دغا بازی ۔

Knavish *adj.* کاذبانہ ۔ مکارانہ ۔

Knead (ned) *v.t.* Work up flour into dough آٹا گوندھنا ۔ سانتا ۔ آٹا گوندھ کر روٹی پکانا ۔ مٹی سان کر برتن گھڑنا ۔ پٹھوں کی مالش کرنا ۔

Kneadable *adj.* گوندھنے کے قابل ۔

Knee (ne) *n.* Joint between thigh and lower leg گھٹنا ۔ پوشاک کا وہ حصہ جس سے گھٹنے ڈھکے رہتے ہیں ۔ گھٹنے کی شکل کی کوئی چیز ۔ خمدار ٹکڑا ۔ قبضہ ۔

Knee (ne) *v.t.* Touch with the knee گھٹنا مارنا ۔ گھٹنے سے مس کرنا ۔ چوکھٹے کو قبضوں سے جکڑنا ۔ پتلون کو گھٹنوں پر ڈھیلا کرنا ۔

Kneel (nel) *v.i.* Fall on the knees گھٹنوں کے بل بیٹھنا ۔ دو زانو ہونا ۔ احتراماً گھٹنوں کے بل کھڑا ہونا ۔

Knell (nəl) *n.* Sound of death bell ماتمی گھنٹے کی آواز ۔ اعلان مرگ ۔ موت کی گھنٹی ۔

Knell (nəl) *v.i.* & *t.* Ring the bell at death or funeral ماتمی گھنٹے کا بجنا ۔ ماتمی آواز نکلنا ۔ غم انگیز خبر دینا ۔ ماتمی گھنٹے کے ذریعے اعلان کرنا ۔

Knelt (nəlt) *v.* Kneel دیکھو

Knew (nu) *v.* Know دیکھو

Knicker-bocker (nīk-ər-bok-ər) *n.* New Yorker نیویارک کا باشندہ ۔ ایسی برجس جس میں گھٹنوں پر چنٹ ہو ۔

Knickers (nik-ərs) *n.p.* Woman's drawers عورتوں کا جانگیا ۔

Knick-knack (nīk-nak) *n.* Light dainty article ہلکا نازک فرنیچر ۔ ہلکی پوشاک ۔ ہلکا زیور ۔ چھوٹی موٹی آرائشی چیزیں ۔

Knife (nif) *v.t.* & *n.* Cutting instrument چاقو ۔ چھری ۔ چھرا ۔ قلم تراش ۔ چاقو مارنا ۔ چاقو سے کاٹنا ۔

Knife edge چاقو کی دھار ۔

Knife-grinder *n.* چاقو چھری تیز کرنے والا ۔ سان پر لگانے والا ۔ سان ۔

Play a good knife and fork پیٹ بھر کر کھانا ۔ اچھی طرح کھانا ۔

War to the knife مارنے مرنے کی لڑائی ۔ خطرناک لڑائی ۔

Knight (nit) *n.* A person raised to honourable rank by the king بہادر ۔ پہلوان ۔ سور ۔ ویر ۔ مرد میدان ۔ عورتوں کی عزت کے لیے لڑنے والا ۔ بادشاہ یا سرکار سے خطاب یافتہ ۔ کمزوروں کا محافظ ۔ (شطرنج) گھوڑے کا مہرہ ۔

Knight-errant (nīt-er-ənt) *n.* Person of chivalrous spirit قرون وسطیٰ کا مہم جو سورما ۔ کمزوروں کا حامی ۔ بلند منصوبوں کا حامل ۔ خدائی فوجدار ۔

Knighthood *n.* سر کا خطاب ۔ نائٹ کا رتبہ ۔

Knightage (nīt-aj) *n.* Whole body of knights خطاب یافتہ امرا کی جماعت ۔

Knit (nit) *v.t.* & *i.* Contract in wrinkles بھنویں سکوڑنا ۔ موزے وغیرہ بننا ۔ جوڑنا ۔ مضبوط کرنا ۔ باہم ملانا ۔ گرہ دینا ۔ باندھنا ۔

Knitting (nīt-ing) *n.* Thing knitted, process of knitting بننا ۔ وہ چیز جو بنی جا رہی ہو ۔

Knittle (nīt-l) *n.* Small line made of yarn سوت کی پتلی ڈوری ۔

Knob (nob) *n.*, *v.t.* & *i.* Rounded protuberance گول ابھری ہوئی چیز ۔ گانٹھ ۔ گمڑا ۔ لٹو ۔ موٹھ ۔

دستہ ۔ موٹھ لگانا ۔

Knobby *adj.* لٹو دار ۔ گھنڈی دار ۔ گرہ دار ۔

Knobbiness *n.* لٹو کی طرح ہونا ۔ گرہ دار ہونا ۔

Knobble (nob-l) *n.* Small knob چھوٹا لٹو ۔ چھوٹی گرہ ۔ مٹھیا ۔

Knock (nok) *v.t.* & *i.* Strike with hard blow ضرب لگانا ۔ ٹکر دینا ۔ دستک دینا ۔ کھٹکھٹانا ۔ (بول چال) چھکے چھڑانا ۔ چت کر دینا ۔ ڈھیر کر دینا ۔

Knock the bottom out of دعویٰ غلط کر دینا ۔ دلیل دے کر باطل کر دینا ۔

Knock one's head against ناموافق حالات سے دو چار ہونا ۔

Knock (nok) *n.* Hard blow مکا ۔ گھونسہ ۔ لاٹھی کی ضرب ۔ دستک ۔ کرکٹ کی بلہ بازی ۔

Knocker *n.* Appendage of iron or brass کنڈی ۔ سٹکنی ۔ کھٹکا ۔ کھٹکھٹانے والا ۔ لوہے یا کوئلے کی کان کا سوکل جو کھٹکھٹا کر دھات کی موجودگی کی اطلاع دیتا ہے ۔

Knoll (nol) *n., v.t.* & *i.* Small hill, ring ٹیلا ۔ چھوٹی پہاڑی ۔ گھنٹی بجانا ۔ گھنٹے بجانا ۔ گھنٹی بجا کر بلانا ۔

Knot (not) *n.* Intertwining of ropes گانٹھ ۔ گرہ ۔ فیتے کی گرہ جو لباس پر خوشنمائی کے لیے لگائی جاتی ہے ۔ مشکل ۔ دشواری ۔ پیچیدگی ۔ گلٹی ۔ غدود ۔ لوگوں کا چھوٹا سا گروہ ۔

Knot (not) *v.t.* & *i.* Tie in knots گرہ باندھنا ۔ گانٹھ لگانا ۔ گرہیں لگا کر جھالر بنانا ۔ بھنویں سکوڑنا ۔ تیوری چڑھانا ۔ پیشانی پر بل ڈالنا ۔ الجھانا ۔

Knotty *adj.* گرہ دار ۔ دشوار ۔ پیچدار ۔ مشکل ۔

Knout (noot) *n.* & *v.t.* Flog with scourge درہ ۔ کوڑا ۔ تازیانہ ۔ درے لگانا ۔ کوڑے مارنا ۔

Know (no) *v.t.* & *i.* Recognise جاننا ۔ آگاہ ہونا ۔ واقف ہونا ۔ مطلع ہونا ۔ ذاتی تجربہ رکھنا ۔ آشنا ہونا ۔ علم رکھنا ۔ راہ و رسم رکھنا ۔ کسی زبان یا علم میں درک رکھنا ۔ کوئی زبان یا علم جاننا ۔

Know what is what حقیقت شناس ہونا ۔ زندگی کا تجربہ رکھنا ۔ سمجھ بوجھ کا آدمی ہونا ۔

Knowable *adj.* جو جانا جا سکے ۔ جس کا علم ممکن ہو ۔

Know (no) In the know *n.* Knowing the thing in question (بول چال) معاملہ سے واقفیت ۔ حقیقت سے آگاہی ۔ محرم راز ۔

Knowingly (no-ing-li) *adv.* Intentionally عمداً ۔ جان بوجھ کر ۔ سب کچھ جانتے ہوئے ۔ دیدہ و دانستہ ۔

Knowledge (no-lij) *n.* Range of experience, knowing علم ۔ دانش ۔ تجربہ ۔ ادراک ۔ خبر ۔ آگاہی ۔ اطلاع ۔ واقفیت ۔ نظری یا عملی مہارت ۔ علم ۔ استعداد ۔

Knowledgeable *adj.* (بول چال) با خبر ۔ ذہین ۔ طباع ۔ جاننے کے قابل ۔

Knuckle (nuk-l) *n., v.t.* & *i.* Bone at finger-joint انگلی کی پشت کی طرف کا جوڑ ۔ پور کا جوڑ ۔ پونگے کی ہڈی ۔ مٹھی بند کر کے ہڈیوں سے مارنا ۔

Knurl (nurl) *n.* Knot گانٹھ ۔ گرہ ۔ موٹھ ۔ لٹو ۔

Kodak (kō-dak) *n.* & *v.t.* Photographic camera کوڈک کے کارخانے کا بنا ہوا کیمرہ ۔ اس کیمرے سے فوٹو لینا ۔ تصویر کھینچنا ۔ کسی واقعہ کی ہو بہو تصویر کھینچنا ۔

Kohinoor (ko-i-noor) *n.* Famous Indian diamond ہندوستان کا مشہور ہیرا کوہ نور ۔

Koo-doo (koo-doo) *n.* Large South African antelope افریقہ کا ایک بڑا ہرن ۔

Koolah (koo-la) *n.* Native bear of Australia آسٹریلیا کا ریچھ ۔ بھالو ۔

Koran (Kor-an) *n.* Sacred revealed book of Mohammedans قرآن ۔ قرآن مجید ۔ مسلمانوں کی مقدس کتاب جو وحی سے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی ۔

Koshar (kō-shər) *n.* Shop where food is served according to Jewish law ایسی دوکان جہاں یہودی شرع کے مطابق کھانا تیار ہوتا ہو ۔

Kotow (kō-tow) *n.* & *v.t.* Chinese custom of touching ground with forehead چینیوں کی رسم زمین بوسی ۔ زمین بوس ہونا ۔ سجدہ کرنا ۔

Kourbash (kər-bash) *n.* Hide whip چمڑے کا سزا دینے کا کوڑا ۔ قور باشی ۔ قرباج ۔

Kremlin (krem-lin) *n.* Citadel of Moscow ماسکو کا قلعہ جو حکومت روس کا مرکزی ادارہ ہے ۔

Krone (kro-n) *n.* Silver coin of Denmark ڈنمارک ناروے کا چاندی کا سکہ ۔

Kudos (ku-dos) *n.* Glory, renown (بول چال) نیک نامی ۔ شہرت ۔ شہرہ ۔

Kukri (kook-ri) *n.* Curved knife of Gurkhas گورکھوں کا خنجر ۔ ککری ۔

Kultur (kool-toor) *n.* Conflict between German Government and Pope, civilization جرمنی کا نظریہ تہذیب و تمدن ۔ حکومت جرمنی اور پوپ میں مدارس کی نگرانی کی کشمکش ۔

Kurd (koor-d) *n.* Native of Kurdistan کردستان کا باشندہ ۔ کرد ۔

Kylin (ki-lin) *n.* Fabulous composite animal ایک دو جنسی جانور جس کی تصویر چینی اور جاپانی برتنوں پر بنی ہوتی ہے ۔

Kymograph (ki-mo-graf) *n.* Instrument recording variations in pressure ایک آلہ جو موج ، آواز اور رفتار کی پیائش کرتا ہے ۔

L

L (el) *l.* Twelfth letter of the English alphabet انگریزی حروف تہجی کا بارھواں حرف ۔ ایل کی شکل کی کوئی چیز ۔

La (la) *n.* Sixth note of octave سرگم کا چھٹا سر ۔ دیکھو لو ۔ دیکھو تو ۔

Laager (la-gər) *v.t., i. & n.* Encampment of wagons پڑاؤ ۔ منزل ۔ چھکڑوں کا گھیرا ۔ پڑاؤ ڈالنا ۔ خیمے لگانا ۔ چھکڑے کھڑے کرنا ۔ پڑاؤ میں ٹھہرنا یا ٹھہرانا ۔

Labarum (lab-a-rəm) *n.* Symbolic banner قسطنطین اعظم کا جھنڈا جس پر روما کے نشانات کے علاوہ مسیحی نشانات بھی تھے ۔ علم ۔ نشان ۔

Labifaction (lab-i-fak-shən) *n.* Shaking, downfall ضعیفی ۔ کمزوری ۔ ناتوانی ۔ زوال ۔ انحطاط ۔

Label (la-bl) *n. & v.t.* Slip of paper, card, linen, etc. پرچہ ۔ چٹھی ۔ سرنامہ ۔ کاغذ ۔ چٹ ۔ لیبل ۔ ٹکٹ ۔ چھجا ۔ کگر ۔ لیبل لگانا ۔ چٹ لگانا ۔ کسی گروہ یا زمرے میں شامل ہونا ۔

Labial (la-bi-əl) *adj. & n.* Of the lips جو ہونٹ سے نکلے ۔ ہونٹوں کو بند کر کے نکالی ہوئی آواز ۔ ہونٹوں سے بجانے کے باجے ۔ لبوں کا ۔ ہونٹوں کا ۔

Labialization *n.* ہونٹوں کو بند کر کے آواز نکالنے کا عمل ۔

Labiate (la-bi-ət) *adj. & n.* With corolla divided into two parts لب دار ۔ لب دار پودے ۔ لب نما ۔ ہونٹ کے مانند ۔

Laboratory (lab-ə-rə-tə-ri) *n.* Room or building used for experiments معمل خانہ ۔ ایسی عمارت جہاں علوم جدید کے تجربات کیے جاتے ہیں ۔ دارالتجربہ ۔ تجربہ خانہ ۔

Laborious (la-bə-ri-əs) *adj.* Hard working محنت طلب ۔ محنتی ۔ محنت کش ۔ پر مشقت ۔ جفاکش ۔ دقیق ۔ پر آورد ۔ زبردستی کا ۔

Laboriousness *n.* مشقت ۔ محنت ۔ بے دلی ۔ دشواری ۔

Labour (la-bər) *n.* Bodily or mental exertion مشقت ۔ محنت ۔ جانفشانی ۔ جسمانی یا دماغی محنت ۔ مزدور پیشہ جماعت ۔ مہم ۔ مشکل ۔ درد وضع حمل ۔

Labour exchange محکمہ مزدوراں ۔

Labour of Hercules بڑی محنت کا کام ۔

Labour of love کام جو کسی کی خوشنودی کے لیے کیا جائے ۔

Labour (la-bər) *v.i. & t.* Work hard, strive کام کرنا ۔ محنت کرنا ۔ جانفشانی کرنا ۔ مزدوری کرنا ۔ جد و جہد کرنا ۔ تکلیف اٹھانا ۔ پریشان ہونا ۔ ڈگمگانا ۔ شدت سے ہلنا ۔ زمین جوتنا ۔ کاشت کرنا ۔ مفصل بحث یا ذکر کرنا ۔

Labour under a mistake غلطی میں مبتلا ہونا ۔

I will not labour the point میں اس مسئلہ پر بحث نہیں کرتا ۔

Labourer (la-bər-ər) *n.* One who labours محنت کرنے والا ۔ تکلیف اٹھانے والا ۔ مزدور ۔

Labourite (la-bər-it) *n.* Member of Labour party مزدور جاعت کا رکن ۔ مزدور پارٹی کا حامیتی ۔

Labrador (lab-rə-dor) *n.* Breed of dogs ایک جنس کا کتا ۔ لبراڈر ۔

Laburnum (le-bur-nəm) *n.* Small tree with racemes of bright yellow flowers ایک درخت جس میں شوخ زرد رنگ کے پھولوں کے گچھے لگتے ہیں ۔

Labyrinth (lab-i-rinth) *n.* Complicated structure with many passages بھول بھلیاں ۔ پیچیدہ عمارت جس میں بہت سے راستے ہوں اور جانے والا راستہ بھول جائے ۔ الجھا ہوا معاملہ ۔ گورکھ دھندا ۔ غلام گردش ۔

Lac (lak) *n.* A resinous substance لاکھ ۔ لاکھ کے روغن والا ۔ لک بھرا برتن ۔

Lac—lakh-(lak) *n.* Hundred thousand سو ہزار ۔ ایک لاکھ ۔

Lace (las) *v.t.* & *i.* Fasten with laces ڈوری یا فیطوں لگانا ۔ فیتہ یا تسمہ باندھنا ۔ ڈوریاں کھینچ کر کسنا ۔ کمر کسنا ۔ لیس بنانا ۔ لیس ٹانکنا ۔ پھول میں رنگین ڈوریاں ڈالنا ۔

Lace (las) *n.* Cord for fastening ڈوری ۔ فیتہ ۔ فیطون ۔ لیس ۔ جھالر ۔ پھول دار فیتہ ۔ گوٹا ۔ کناری ۔ لچھا ۔ مسالہ ۔

Lacing *n.* فیتے ۔ جھالر ۔ زری وغیرہ کا کام ۔

Lacerate (las-ə-rat) *v.i.* Mangle, tear پھاڑنا ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ پرخچے اڑانا ۔ تکا بوٹی کرنا ۔ پاش پاش کرنا ۔ سخت صدمہ پہنچانا ۔ اذیت دینا ۔

Lacerate *adj.* زخمی ۔ پھٹا ہوا ۔ پارہ پارہ ۔ پاش پاش ۔ مجروح ۔

Lacerative *adj.* پھاڑ دینے والا ۔ دل دوز ۔ دل خراش ۔

Laceration *n.* ایذا رسانی ۔ دل آزاری ۔ چیڑ پھاڑ ۔

Laches (lach-iz) *n.* Negligence غفلت ۔ بے خبری ۔ تساہل ۔ عدم تعمیل ۔ عدم پیروی ۔ قانونی حق کے مطالبہ میں غفلت ۔ مجرمانہ تغافل ۔

Lachrymal (lak-ri-məl) *adj.* & *n.* Of tears اشک آور ۔ آنسو بہانے والا ۔ آنسوؤں کا ۔ اشک دان ۔ آنسو جمع کرنے کا برتن ۔

Lachrymation (lak-ri-mə-shən) *n.* Flow of tears اشک فشانی ۔ گریہ و زاری ۔ اشک باری ۔

Lachrymose *adj.* آنسو بہانے والا ۔ آبدیدہ ۔ بات بات پر رونے والا ۔

Laciniate-ated (la-sin-i-at) *adj.* Cut into segments دندانے دار ۔ کھردرا ۔ اگڑبگڑ ۔ ناہموار ۔ ڈنٹھلا ۔ جھالر دار ۔

Lack (lak) *n., v.i.* & *t.* Deficiency حاجت ۔ قلت ۔ احتیاج ۔ کمی ۔ کم ہونا ۔ ناکافی ہونا ۔ قاصر ہونا ۔ محتاج ہونا ۔ کسی بات میں ناقص ہونا ۔

Lackadaisical (lak-ə-da-zi-kl) *adj.* Listless فکرمند ۔ سست ۔ ناتواں ۔ مصنوعی نزاکت کا ۔ جذبات کا ۔ ناز و انداز کا ۔

Lackaday (lack-ə-da) *interj.* Expression of sentiment آہ آہ ۔ افسوس ۔ واویلا ۔ ہائے ہائے ۔

Lackey-lacquey (lak-i) *n.* & *v.t.* Man servant وردی پوش خدمت گار ۔ ہرکارہ ۔ خدمت گاری کرنا ۔ چاکری کرنا ۔ جوتے اٹھانا ۔ خوشامد کرنا ۔

Laconic (lə-ko-nik) *adj.* Brief, concise مختصر ۔ کوتاہ ۔ پر مغز ۔ پر معنی ۔ مختصر اور پر مغز ۔ اختصار پسند ۔ ایجاز پسند ۔ بلیغ ۔

Laconically *adv.* بلیغ انداز میں ۔ ایجاز سے ۔ اختصار سے ۔

Laconicism *n.* بلیغ کلام ۔ مختصر اور سنجیدہ کلام ۔

Laconism (lə-ko-ni-zm) *n.* Brevity of speech مختصر اور بلیغ تقریر ۔ ایجاز ۔ پر معنی کلام ۔

Lacquer (lak-ər) *v.t.* & *n.* Gold-coloured varnish سنہری روغن ۔ لاکھ اور شراب سے بنایا ہوا سنہری روغن جو لکڑی پر پھیرا جاتا ہے ۔ فرنیچر وغیرہ پر سنہری پالش لگانا ۔

Lacrosse (la-kros) *n.* American game like hockey ہاکی کی طرح کا ایک امریکی کھیل ۔

Lactation (lak-ta-shən) *n.* Suckling, secretion of milk جسم میں دودھ کی پیدائش ۔ دودھ پلانا ۔ بچوں کو دودھ پلا کر پرورش کرنا ۔

Lacteal (lak-ti-əl) *adj.* & *n.* Of milk بدن میں کیلوسی نالی ۔ عروق امعا ۔ دودھ کے متعلق ۔

Lactescent (lak-ti-sent) *adj.* Milky دودھیا ۔ کیلوس دار ۔ شیر نما ۔ شیر دار ۔

Lactescence *n.* کیلوس ۔ شیر عرق ۔

Lactiferous (lak-ti-fe-rəs) *adj.* Yielding milk دودھ یا دودھ کا عرق پیدا کرنے والا ۔ دودھ دینے والا ۔

Lactometer (lak-to-meter) *n.* Instrument for testing purity of milk دودھ کے خالص ہونے کا امتحان کرنے والا آلہ ۔ شیر پیا ۔ معیاراللبن ۔

Lactose (lak-tus) *n.* Milk sugar شکر جو دودھ میں ہوتی ہے ۔ دودھ میں شکر کا جز ۔

Lacuna (lə-ku-na) *n.* Missing portion خلا ۔ رخنہ ۔ کمی ۔ خالی جگہ ۔ جوف ۔ گڑھا ۔

Lad (lad) *n.* Boy, youth لڑکا ۔ لونڈا ۔ چھوکرا ۔ پوٹا ۔ بچہ ۔ شخص ۔ آدمی ۔

Laddie *n.* چھوٹے بچوں کا پیار کا نام ۔ صیغہ تصغیر ۔

Ladder (lad-ər) *v.i.* & *n.* Set of rungs between two poles سیڑھی ۔ لکڑی کا زینہ ۔ نردبان ۔ بانس کی سیڑھی ۔ موز کا کھڑا تارنکل جانا ۔ سیڑھی پرچڑھنا ۔ دنیاوی ترقی کرنا ۔ دنیاوی ترقی کا ذریعہ ۔ وسیلہ ۔ ترقی ۔

Kick down the ladder جس سیڑھی سے اوپر گئے اس کو لات مارنا ۔ جس کی وجہ سے ترقی کی اسی سے بے رخی کرنا ۔

Lade (lad) *v.t.* Put cargo on board the ship لادنا ۔ بار کرنا ۔ جہاز پر مال چڑھانا ۔ اسباب بھرنا ۔

Lading *n.* مال تجارت ۔ سامان ۔ مال ۔ بار ۔

Laden *adj.* سامان سے پر ۔ گراں بار ۔ بھاری ۔ لدا ہوا ۔

Ladle (lad-l) *v.t.* & *n.* Large spoon with handle بڑا چمچہ ۔ ڈوئی ۔ کف گیر ۔ پلی ۔ پلی یا چمچہ سے نکالنا ۔

Lady (lad-i) *n.* Woman of good manners صاحبہ ۔ گھرکی مالکہ ۔ قابل عزت خاتون ۔ محترمہ ۔ رانی ۔ ملکہ ۔ بیگم ۔ بیوی ۔ زوجہ ۔ محبوبہ ۔ معشوقہ ۔

Ladies' man عورتوں کی صحبت پسند کرنے والا ۔ زن پسند ۔

Painted lady ایک قسم کی تیتری ۔

Ladyhood *n.* خاتون یا بیگم ہونا ۔ شریف عورتوں کے اطوار و خصائل ۔ شرافت ۔

Ladyfy (lad-i-fi) *v.t.* Make lady of, call lady بیگم یا خاتون قرار دینا ۔ بیگم کہہ کر پکارنا یا بلانا ۔

Ladylike (ladi-lik) *adj.* Befitting a lady مہذب اور بااخلاق عورت ۔ خاتون صفت ۔ باعصمت و عفت ۔ شریفانہ اطوار و عادات والی ۔

Ladyship (ladi-ship) *n.* Being a lady خاتون ۔ بیگم صاحبہ ۔ عزت مآب ۔ خطاب یافتہ شوہر کی بیوی ۔

Lag (lag) *v.i.* Go too slow آہستہ آہستہ چلنا ۔ پیچھے رہ جانا ۔ ٹسر مسر کرنا ۔

Laggard *n.* & *adj.* پیچھے رہ جانے والا ۔ کاہل ۔ سست ۔ پھسڈی ۔

Lagger *n.* دیر رو ۔ سستیا ۔ آہستہ چلنے والا ۔ سست رفتار ۔

Lag (lag) *v.* & *n.* Arrest (بول چال) گرفتار کرنا ۔ قید کرنا ۔ قید کی سزا دینا ۔ سزا یافتہ ۔ قیدی ۔ مجرم ۔

Lagan (lag-ən) *n.* Wreckage lying on bed of sea غرق شدہ جہاز ۔ غرق شدہ سامان جو سمندر کی تہہ میں ہو ۔ غرق شدہ مال ۔

Lagoon (le-goon) *n.* Stretch of sea separated by sand bank سمندر کا چھڑان ۔ ساحلی جھیل ۔ سمندر کا وہ حصہ جسے ریت کے ٹیلوں نے الگ کر دیا ہو ۔ جھیل جو مونگے کے ٹیلوں سے گھری ہوئی ہو ۔

Laic (la-ik) *adj.* & *n.* Non-clerical غیر کلیسائی ۔ دنیوی ۔ عام آدمی ۔ غیر مذہبی ۔

Lair (lar) *n.*, *v.t.* & *i.* Wild beasts' resting place جنگلی جانوروں کے رہنے کی جگہ ۔ شیر کی گوی ۔ بل ۔ بھٹ ۔ باڑا ۔ مویشیوں کا باڑے میں جانا ۔ آرام کرنا ۔

Laird (lard) *n.* Landed proprietor of Scotland اسکاٹ لینڈ کا زمیندار ۔

Lais (ies) *n.* Accomplished and beautiful courtesan شائستہ حسین درباری عورت ۔ باتمیز طوائف ۔

Laity (la-ti) *n.* Layman غیر کلیسائی ۔ عام لوگ ۔ دنیا دار ۔ غیر ماہرین ۔

Lake (lak) *n.* Large body of water surrounded by land جھیل ۔ تال ۔ جوہڑ ۔ پانی کا وسیع رقبہ جو خشکی سے گھرا ہو ۔ بڑا تالاب ۔

Lake (lak) *n.* Pigment قرمزی رنگ ۔ لاکھی رنگ ۔

Lakh (lak) *n.* دیکھو Lac

Lam (lam) *v.t. & i.* Thrash - مارنا پیٹنا - کندی کرنا - مرمت کرنا -

Lama (la-ma) *n.* Head of Buddhist monks تبت کا صدر پجاری - لاما -

Lamasery (la-ma-sə-ri) *n.* Monastery of lamas لاما یا صدر پجاری کی خانقاہ -

Lamb (lam) *n., v.t. & i.* Young of sheep بھیڑ کا بچہ - برا - پوٹلا - بھیڑ کے مانند - بے عیب - پوٹلے کا گوشت - حلوان - کلیسائی جماعت کا کمسن رکن - معصوم - بھولا بھالا - بچہ دینا - بیانا - بیانے کے وقت بھیڑ کی نگرانی کرنا -

As well be hanged for a sheep as for a lamb گنہگار ہی بننا ہے تو پھر دل کھول کر گناہ کرو -

Lamber (lam-bər) *n.* One who tends ewes - گڈریا - وہ شخص جو جننے کے وقت بھیڑ کی خبرداری اور نگرانی کرے -

Lambkin (lam-kin) *n.* Young of sheep چھوٹا برہ - کمسن پوٹلا - نازک اندام بچہ یا شخص -

Lamb-like *adj.* برہ کی طرح کا - معصوم - بھولا بھالا -

Lambent (lam-bənt) *adj.* Flame playing on surface without burning it دھیمی روشنی - نورانی شعلے جو چمکائیں مگر جلائیں نہیں - منور - بامزہ - نمکین -

Lambency *n.* ماہ تابی - سبک تابی -

Lame (lam) *adj. & v.t.* Crippled by defect or injury لنگڑا - لولا - لنجا - اپاہج - مہمل - ناقابل قبول - ناقص - ناتمام - ناقابل اطمینان - بودا - پھسپھسا - لنگڑا کر دینا - لولا کر دینا - نکما کر دینا -

Lameness *n.* نامعقولیت - لنگ - لنگڑا پن -

Lamish *adj.* قدرے لنگڑا -

Lament (lə-ment) *n., v.t. & i.* Passionate expression of grief رونا - چلانا - آہ و زاری کرنا - نوحہ کرنا - فریاد کرنا - آہ و فغاں کرنا - غم و افسوس کرنا -

Lamentable (le-ment-ə-bl) *adj.* Mournful - غمناک - افسوس ناک - قابل افسوس - غم آلود - درد مند -

Lamentation (lə-ment-ə-shən) *n.* Lamenting گریہ و فریاد - آہ و زاری - واویلا - ماتم - فغاں -

Lamia (la-mi-a) *n.* Monster in woman shape ڈائن - چڑیل - بھتنی - خونی عورت -

Lamina (la-mi-na) *n.* Scale, layer - ورق - پرت - چھلکا - تہہ - پتری -

Laminar چھلکے والا - پرت دار - تہہ دار -

Laminate (la-min-at) *n.* Split into thin plates تتلے کرنا - ورق اتارنا - تہیں جمانا -

Lamination *n.* - کسی چیز کا ورق ورق یا تہہ بہ تہہ ہونا - ورق سازی -

Lammergeyer (lam-ər-gi-er) *n.* Bearded vulture داڑھی والا کرگس - باریش عقاب - یورپ کا ایک شکاری پرندہ -

Lamp (lamp) *n., v.i. & t.* Vessel with oil and wick for giving light. - چراغ - دیپک - کیپ - دیا - قندیل - شمع - لیمپ - سورج - چاند - ستارے - مشعل ہدایت - چراغ راہ - چمکنا - روشن ہونا - منور کرنا -

Lampas (lam-pas) *n.* Horse disease with swelling of roof of mouth گھوڑے کی ایک بیماری جس میں تالو پر ورم آ جاتا ہے -

Lampas (lam-pas) *n.* Flowered silk cloth originally made in China ایک پھول دار ریشمی کپڑا جو سب سے پہلے چین میں تیار ہوا -

Lampoon (lam-poon) *n. & v.t.* Virulent satire مذمت - ہجو - ہجو قبیح -

Lampoonist *n.* برائیاں بیان کرنے والا - ہجو نویس - ہجو گو -

Lance (lans) *n.* Weapon with long wooden shaft - برچھی - نیزہ - بھالا - سناں - نیزہ دار - نیزہ باز -

Lance (lans) *v.t.* Fling lance بھالا چلانا - برچھی مارنا - نیزہ چلانا - چھیدنا - بندھنا - آر پار کر دینا -

Lanceolate (lan-si-o-lat) *adj.* Shaped like a spear بھالے کی شکل کا - نیزہ سان - برچھی نما -

Lancer (lans-ər) *n.* Soldier armed with lance نیزہ باز - نیزہ بردار - رسالے کا سپاہی جو نیزے سے مسلح ہو - ایک قسم کا ناچ اور اس ناچ کا ساز -

Lancet (lans-et) *n.* Instrument of surgery with two edges نشتر - دو دھاری جراحی چاقو - دریچہ اور اس کی نوک دار محراب -

Land (land) *n.* Solid part of earth's surface زمین ۔ ارض ۔ دھرتی ۔ خشکی ۔ گیتی ۔ ملک ۔ سرزمین ۔ اقلیم ۔ ریاست ۔ مملکت ۔ زمینداری ۔ جائیداد ۔ جاگیر ۔ تختہ زمین ۔ خشکی کا حصہ ۔ قطعہ ۔ کیاری ۔

Landfall بحری سفر میں زمین کا پہلی بار نظر آنا ۔

Land-bank وہ زمیندارہ بنک جو زمین کی ضمانت پر قرض دیتا ہے ۔

Landless *adj.* بے وطن ۔ بے ملک ۔ بے زمین ۔

Landward *adj.* ساحل کی جانب ۔ خشکی کی طرف ۔

Land (land) *v.t. & i.* Go ashore ساحل پر پہنچنا ۔ خشکی پر اترنا ۔ جہاز یا گاڑی سے اترنا ۔ مبتلا ہونا ۔ کسی حالت میں پہنچنا ۔ گھونسہ رسید کرنا ۔ مچھلی کو پانی سے کنارے پر لانا ۔ گھڑ دوڑ میں گھوڑے کا شرط جیتنا اور مالک کو شرط کی رقم ملنا ۔ کودنے کے بعد زمین پر پیر جمانا ۔

Landau (lan-daw) *n.* Four-wheeled carriage with top بگھی ۔ لینڈو گاڑی ۔ چو پہیہ گاڑی جس کا ٹپ آگے اور پیچھے سے کھولا جا سکتا ہے ۔

Landed (land-ed) *adj.* Consisting of land اراضی پر مشتمل ۔ زمین والا ۔

Landing (land-ing) *n.* Place for disembarking جہاز پر سے اترنے کا مقام ۔ جہاز پر سے اترنا ۔ اترنے کی جگہ ۔ دو سیڑھیوں کے درمیان کا چبوترہ ۔

Landlordism (land-lor-dizm) *n.* جاگیری نظام کی حمایت ۔ جاگیری نظام ۔ نظام زمینداری ۔

Landocracy (land-o-kre-si) *n.* The landed class زمینداروں کی جماعت ۔ جاگیرداروں کا طبقہ ۔

Landocrat *n.* تعلقہ دار ۔ بڑا زمیندار ۔ جاگیردار ۔

Landscape (land-skap) *n.* Inland scenery اندرونی منظر ۔ بری منظر ۔ قدرتی منظر کی تصویر ۔ پیش منظر ۔

Landscapist بری مناظر کی تصویریں بنانے والا ۔ قدرتی مناظر کا مصور ۔

Lane (lan) *n.* Narrow road between hedges گلی ۔ کوچہ ۔ تنگ سڑک ۔ لیک ۔ دو باڑھوں کے درمیان کا راستہ ۔ صفوں کے درمیان کا راستہ ۔ جہاز کا مقررہ راستہ ۔

It is a long lane that has no turning ایک نہ ایک دن حالت ضرور بدلے گی ۔

Language (lang-gwij) *n.* A vocabulary and the way of using it prevalent in one or more countries زبان ۔ بولی ۔ بھاشا ۔ طرز سخن ۔ طرز کلام ۔ طرز بیان ۔ عبارت ۔ گفتگو ۔ تحریر ۔ تقریر ۔ کلام ۔ نطق ۔ گویائی ۔ کسی خاص طبقہ کی زبان ۔ اصطلاح ۔ محاورہ ۔ روز مرہ ۔

Languid (lang-gwid) *adj.* Lacking vigour ضعیف ۔ نقیہ ۔ تھکا ماندہ ۔ کمزور ۔ ناتواں ۔ سست ۔ کاہل ۔ مضمحل ۔ رنجور ۔ بے ہمت ۔ مردہ دل ۔ بے کیف ۔ بے رونق ۔

Languish (lang-gwish) *v.i.* Lose or lack vitality کمزور ہونا ۔ ناتواں ہونا ۔ کملانا ۔ مرجھانا ۔ مضمحل ہونا ۔ مردہ دل ہونا ۔ کسی آرزو میں گھلنا ۔ حسرت و یاس کا انداز اختیار کرنا ۔ حسرت بھری نگاہ سے دیکھنا ۔

Larguishment *n.* اضمحلال ۔ ضعف ۔ کمزوری ۔ نقاہت ۔

Langour (lang-g(w)er) *n.* Faintness, fatigue کمزوری ۔ ناتوانی ۔ ڈھیلا پن ۔ غشی ۔ تکان ۔ حسرت و یاس ۔ بے کیفی ۔ پژ مردگی ۔

Laniary (la-ni-ər-ī) *adj. & n.* Adapted for tearing, canine نکیلا دانت ۔ سامنے کے تیز دانت ۔ چیرنے پھاڑنے والے دانت ۔ چیرنے پھاڑنے کے ۔

Laniferous (lan-if-ər-əs) *adj.* Wool-bearing بال دار ۔ روئیں دار ۔ پشم دار ۔

Lank (langk) *adj.* Tall and lean دبلا پتلا ۔ لق لق ۔ چھریرا ۔ اکہرے جسم کا ۔ لمبی ۔ نرم (گھاس) ۔ سیدھے نرم (بال) ۔

Lanky *adj.* اونچا ۔ دبلا پتلا ۔

Lanner (lan-ər) *n.* Kind of falcon ایک قسم کا باز ۔

Lantern (lant-ərn) *n.* Transparent case protecting flame of candle فانوس ۔ قندیل ۔ لالٹین ۔ روشنی کے مینار کا کمرہ ۔ کمرے کی چھت یا گنبد کا روشن دان ۔

Lanyard (lan-yərd) *n.* Short rope or line چھوٹی رسی یا ڈور ۔

Laodicean (la-odi-se-ən) *adj. & n.* Person lukewarm in religion or politics وہ شخص جو مذہبی یا سیاسی مسائل میں بالکل دلچسپی نہ لے ۔ مذہب یا سیاست سے لاپروا ۔

Lap (lap) *n.* Hanging part or flap of garment, front part of shirt - دامن - آنچل - پلو - جھولی - گود - آغوش - کسی چیز کا لٹکتا ہوا حصہ - کان کی لو - غار - کھوہ - ڈھکنے سے باہر نکلا ہوا حصہ - دوڑ کے میدان کا ایک چکر -

Lap (lap) *v.t., i. & n.* Fold, wrap اوڑھانا - لپیٹنا - اوپر ڈالنا - تہہ کرنا - تہوں میں لپیٹنا - گھیر لینا - محاصرہ کرنا - نرغے میں لینا - آغوش میں لینا - چاٹنا - کتے کی طرح پانی پینا - کسی چیز کو اس طرح ڈھکنا کہ کچھ حصہ باہر رہے - ساحل سے لہروں کے ٹکرانے کی آواز - پینے کی کوئی ہلکی چیز - شراب -

Lap (lap) *n. & v.t.* Rotating disc for polishing jem جواہرات کو جلا دینے کی پھرکی - جواہرات کو جلا دینا -

Lapel (lap-el) *n.* Part of coat folded back کوٹ کے گریبان کی لوٹ -

Lapecide (lap-is-id) *n.* Cutter of stones, inscription سنگ تراش - کندہ کاری -

Lapidary (lapi-dəri) *adj. & n.* Concerned with stones پتھروں کے متعلق - کندہ کیا ہوا - کندہ کرنے کے قابل - جوہری - جواہرات کو تراشنے اور جلا دینے والا -

Lapidate (lapi-dət) *v.t.* Stone to death - پتھر مارنا - سنگسار کرنا - سنگسار کر کے مار ڈالنا -

Lapidation پتھروں کی بوچھاڑ - سنگساری -

Lapidify (lapi-di-fi) *v.t.* Make into stone پتھر بنا دینا - پتھر کا بنانا - پتھر میں بنانا -

Lapper (lap-ər) *n.* One who drinks scooping with tongue زبان سے چاٹ چاٹ کر پینے والا - چاٹنے والا - لپیٹنے والا -

Lappet (lap-it) *n.* Flap or fold of garment - دامن - شملہ - دنبالہ - عورتوں کی ٹوپی کا فیتہ - لٹکتا ہوا گوشت یا کھال - کوٹ کے گریبان کی لوٹ -

Lapse (laps) *n.* Slip of memory, tongue or pen بھول - چوک - سہو - خطا - غلطی - قصور - عیب - کھوٹ - لغزش - تمادی - زوال - استحقاق - استداد زمانہ - وقت کا گزر جانا - وقفہ -

Lapse (laps) *v.i.* Fail to maintain position - گزرنا - بہنا - چوکنا - خطا کرنا - غلطی کرنا - قصور کرنا - حق کا جاتا رہنا - آہستہ آہستہ بہنا - فرو ہونا - کم ہونا -

Lapwing (lap-wing) *n.* Bird of plover family انگلستان کا ایک سبزی مائل پرند - بریل -

Lar (lār) *n.* Ancient Roman household deity قدیم روم کا گھریلو دیوتا - لنگور - بندر -

Larboard (lar-bord) *n.* Port side جہاز کی بائیں سمت - جہاز کا بائیں طرف کا حصہ -

Larceny (lar-se-ni) *n.* Theft - سرقہ - دزدی - چوری -

Larcenous سرقہ کا - چوری کا - سارقانہ -

Larch (larch) *n.* Coniferous tree yielding tough timber دیو دار کے قسم کا درخت جس سے عمارتی لکڑی اور گندہ بیروزہ ملتا ہے -

Lard (lard) *n.* Internal fat of pigs - شحم الخنزیر - سور کے پیٹ کی چربی - سور کی چربی -

Lard (lard) *v.t.* Insert strip of bacon before cooking سور کے گوشت کے ٹکڑے پکاتے وقت اندر رکھنا یا ملا دینا - تقریر و تحریر کو غیر ملکی اصطلاحات سے مرصع کرنا -

Larder (lard-ər) *n.* Room or closet for meat گوشت رکھنے کا کمرہ یا ہوا دان - نعمت خانہ -

Lardy-dardy (lar-di-dar-di) *adj.* Affected (بول چال) بنے ٹھنے والا - رنگیلا - نخریلا -

Large (lar-j) *adj., n. & adv.* Liberal, generous, big بڑا - کلاں - عظیم - فراخدل - دریا دل - فیاض - عالی ظرف - بے تعصب - مشرح - زیادہ - کثیر - عموماً - علی العموم - اکثر - بارہا -

Gentleman at large وہ شخص جس کا کوئی مشغلہ نہ ہو - درباری جس کے ذمے کوئی کام نہ ہو -

Largeness *n.* عظمت - فیاضی - کشادگی - وسعت - بزرگی -

Largish *adj.* قدرے بڑا - بڑا سا -

Largely (larj-li) *adv.* To a great extent بڑی حد تک - زیادہ تر - بیشتر - وسعت سے -

Largess (larj-es) *n.* Money or gift freely bestowed انعام و اکرام - بخشش - داد و دہش - عطا -

Lariat (lar-i-ət) *n.* Lasso, rope گھوڑوں کو پکڑنے کا رسی یا چمڑے کا پھندا ۔

Lark (lark) *n.* Singing bird لوا ۔ چنڈول ۔ چکاوک ۔ گانے والا پرند ۔ قنبرہ ۔

If the sky fall we shall catch larks آسمان گر پڑے تو ہم لوے پکڑیں گے ۔

Rise with the lark صبح تڑکے اٹھنا ۔

Lark (lark) *n.* & *v.t.* Amusing incident ہنسی ۔ دل لگی ۔ پر لطف صحبت ۔ دلچسپ ماجرا ۔ مزے کی بات ۔ کھیلنا ۔ ہنسی مذاق کرنا ۔

Larky *adj.* ہنسوڑ ۔ زندہ دل ۔ خوش طبع ۔

Larrikin (lar-ī-kin) *n.* Young hooligan نوجوان لچا ۔ غنڈہ ۔ بدمعاش ۔

Larva (lar-va) Insect eggs کیڑے کی انڈے سے جاندار بننے کی حالت ۔ کیڑے کا پہلا روپ ۔

Larynx (lar-īngks) *n.* Cavity in throat holding vocal cords ٹینٹوا ۔ نرخرہ ۔ حلقوم ۔ حنجرہ ۔ آواز نکلنے کا عضو ۔

Laryngitis حنجرہ کا ورم ۔

Lascar (las-kər) *n.* Indian sailor ہندوستانی ملاح ۔

Lascivious (lə-siv-ī-əs) *adj.* Lustful شہوت انگیز ۔ نفس پرست ۔ شہوت پرست ۔

Lash (lash) *v.i.* & *t.* Make sudden movement, beat کوڑے مارنا ۔ جھٹکنا ۔ زور سے حملہ کرنا ۔ ٹوٹ پڑنا ۔ دولتی جھاڑنا ۔ برس پڑنا ۔ جھڑکنا ۔ سر زنش کرنا ۔ کوڑے مار کر مجبور کرنا ۔

Lash'ng *n.* ملامت ۔ سر زنش ۔ کوڑوں کی مار ۔

Lash (lash) *n.* Stroke of thong or whip چابک یا کوڑے کی ضرب ۔ چابک کا تسمہ ۔ اکسانے والی چیز ۔ تازیانہ ۔ پلکیں ۔ مژہ ۔

Lasher (lash-ər) *n.* Water rushing over weir کوڑے مارنے والا ۔ دریا کا پانی جو بند کے اوپر سے گزرے ۔ بند کا پانی ۔ بند ۔

Lashkar (lash-kar) *n.* Armed Indian tribesmen ہندوستانی قبیلوں کے مسلح جوان ۔ لشکر ۔ فوج ۔ سپاہ ۔

Lasque (las-k) *n.* Flat veiny diamond چپٹا رگدار ہیرا ۔

Lass (las) *n.* Girl, sweet-heart لڑکی ۔ دوشیزہ ۔ نوخیز لڑکی ۔ محبوبہ ۔ معشوقہ ۔

Lassie (بول چال) صیغہ تصغیر ۔ پیار کا نام ۔ پیاری ۔

Lassitude (las-i-tud) *n.* Weariness سستی ۔ آلکسی ۔ ضعف ۔ کمزوری ۔ تکان ۔ بے کیفی ۔

Lasso (las-o) *n.* & *v.t.* Noosed rope of hide کچے چمڑے کا پھندا یا کمند ۔ پھندے یا کمند سے جانوروں کو پکڑنا ۔

Last (last) *n.* Shoe-maker's wooden model قالب ۔ جوتے کا کالبد ۔ قالب جس پر چمڑا چڑھا کر جوتا بنایا جاتا ہے ۔

Stick to one's last جو نہ جانتا ہو اس میں دخل نہ دے ۔

Last (last) *n.* Commercial measure of weight پلہ ۔ پائلی ۔

Last (last) *adj.*, *n.* & *adv.* Coming at the end آخر ۔ آخری ۔ پچھلا ۔ آخرین ۔ واپسین ۔ یوم قیامت ۔ حشر ۔ بعد کا ۔ ناموزوں ۔ بعید از وقوع ۔ آخری بچہ ۔ قطعی ۔ قول فیصل ۔

Last (last) *v.i.*, *t.* & *n.* Go on, remain alive قائم رہنا ۔ باقی رہنا ۔ زندہ رہنا ۔ ٹھہرنا ۔ کافی ہونا ۔ حیات ۔

Lasting (last-ing) *adj.* & *n.* Permanent پائیدار ۔ دائمی ۔ دیر پا ۔ مضبوط ۔ مستقل چیز ۔

Latch (lach) *n.* & *v.t.* Door fastening made of small bar چٹخنی ۔ سٹکنی ۔ بلی ۔ دروازہ بند کرنے کا کھٹکا ۔ چٹخنی لگانا ۔ بند کرنا ۔

Latchet (lach-et) *n.* Thong for fastening shoe جوتے کسنے کا تسمہ ۔ کفش بند ۔

Late (lat) *adj.* After usual or due time دیر میں ۔ دیر سے ۔ دیر رسید ۔ دیر سے آنے والا ۔ بعد از وقت آنے والا ۔ دیر میں پھلنے والا ۔ مرحوم ۔ آنجہانی ۔ متوفی ۔ سابق ۔ پچھلا ۔ اب کا ۔ حالیہ ۔ جدید ۔ نیا ۔ چند روز کا ۔

Late (lat) *adv.* After proper time دیر کر کے ۔ وقت کے بعد ۔ بڑے دنوں میں ۔ بڑا دن چڑھے ۔ بڑی رات گئے ۔ حال میں ۔ تھوڑے عرصے میں ۔ نشو و نما کے آخری دور میں ۔ آخری زمانہ میں ۔ (بول چال) بہت دیر میں ۔ نا وقت ۔

Lately *adv.* کچھ دن ہوئے ۔ تھوڑا عرصہ گزرا ۔ کچھ دن پہلے ۔

Latent (la-tənt) *adj.* Hidden, concealed اندرونی ۔ پنہاں ۔ مخفی ۔ چھپا ہوا ۔ فطرت میں ۔ خوابیدہ ۔ سوتا ہوا ۔ دبا ہوا ۔ موجود مگر نا تربیت یافتہ ۔

Latency *n.* باطنیت ۔ پوشیدگی ۔

Lateral (lat-rəl) *adj.* & *n.* Towards side پہلو کا ۔ بغلی ۔ ایک طرف کا ۔ پہلو کا حصہ ۔ ضمنی شاخ ۔

Lath (lath) *n.* & *v.t.* Piece of sawn timber لکڑی کی پٹی ۔ تختے کی پٹی ۔ دیواروں یا چھت پر پٹیاں لگانا ۔ تختہ بندی کرنا ۔ چوکھٹا لگانا ۔

As thin as a lath منحنی ۔ نہایت دبلا پتلا ۔

Lathy *adj.* لمبا ۔ دبلا پتلا ۔ لاغر ۔

Lathe (ladh) *n.* Machine for turning خراد ۔ مشین جس پر لکڑی ، لوہے ، ہاتھی دانت کی چیزیں خراد کی جاتی ہیں ۔

Lather (la-dhər) *n., v.t.* & *i.* Froth of soap صابون کا جھاگ ۔ پھیس ۔ کف ۔ گھوڑے کو جھاگ اور جھاگ دار پسینہ آنا ۔ پسینہ پسینہ ہونا ۔ مارنا ۔ کندی کرنا ۔

Lathery *n.* جھاگ دار ۔

Latin (lat-in) *adj.* & *n.* Of Latium or ancient Romans لا طینی ۔ لا طینی زبان ۔ قدیم اہل روما کا ۔ لیثیم کا ۔ لا طینی نسل یا زبان کا ۔ وہ قدیم لا طینی جسے حق رائے دہی حاصل تھا ۔

Latinist (lat-ĭn-ist) *n.* Latin scholar لا طینی زبان کا محقق ۔

Latinizm لا طینیت ۔ لا طینی زبان کا محاورہ جو دوسری زبان میں مستعمل ہو ۔

Latinity (lat-in-ĭti) *n.* Way person writes Latin لا طینی زبان میں طرز تحریر ۔ لا طینی صرف و نحو اور نگارش کا خاص رنگ ۔

Latitude (lat-ĭ-tud) *n.* Breadth, scope, extent چوڑائی ۔ عرض ۔ وسعت ۔ کشادگی ۔ پھیلاؤ ۔ وسعت خیال ۔ وسعت مشرب ۔ آزاد خیالی ۔ خود مختاری ۔ عرض البلد ۔ خط استوا کے شمال یا جنوب کا فاصلہ ۔ عرض سماوی ۔

Latitudinarian *adj.* & *n.* آزاد طبع ۔ وسیع المشرب ۔ آزاد خیال ۔

Laterine (lə-trin) *n.* Place for evacuation جائے ضرور ۔ بیت الخلا ۔ ٹٹی ۔ طہارت خانہ ۔ پیشاب ، پاخانہ سے فارغ ہونے کی جگہ ۔

Latten (lat-ən) *n.* & *adj.* Alloy of copper and zinc ٹین ۔ پیتل اور تانبے کا پتر ۔ ٹین کی چادر ۔ پتیلی ۔ برنجی ۔ تامیسری ۔

Latter (lat-ər) *adj.* Recent, second آخری ۔ پچھلا ۔ بعد کا ۔ دوسرا ۔ دنیا کے خاتمے کا ۔ آخر الذکر ۔

Latterly (lat-ər-li) *adv.* Towards the end of some period, now-a-days تھوڑے دن ہوئے ۔ حال میں ۔ آخر میں ۔ آخری دور میں ۔ مرنے سے پہلے ۔

Lattice (lat-is) *n.* Structure of cross laths لکڑی یا لوہے کی جالی ۔ عمارت کی جالی ۔ جھلملی ۔ جھنجری ۔

Latticed *adj.* مشبک ۔ جالی دار ۔

Latticing *n.* جالی کا کام ۔

Laud (lawd) *n.* & *v.t.* Praise تعریف ۔ ستائش ۔ حمد ۔ ثنا ۔ رومن کیتھولک کلیسا میں صبح کی مناجات ۔ تمجید ۔ تعریف کرنا ۔ گن گانا ۔ ستائش کرنا ۔

Laudation *n.* مناجات ۔ حمد و ثنا ۔

Laudatory *adj.* مدحیہ ۔ ثنائیہ ۔

Laudable (lawd-əbl) *adj.* Praiseworthy قابل تعریف ۔ مستحسن ۔ مفید ۔ صحت بخش ۔

Laudanum (lawd-(ə)nəm) *n.* Tincture of opium افیون کا ست ۔ افیون کا آمیزہ ۔ الکحل اور افیون کا محلول ۔

Laugh (laf) *v.i., t.* & *n.* Express exultation ہنسنا ۔ کھلکھلانا ۔ قہقہہ لگانا ۔ مسرت کا اظہار کرنا ۔ خوش ہونا ۔ مگن ہونا ۔ مضحکہ اڑانا ۔ طنز کرنا ۔ ہنسی اڑانا ۔ دل لگی کرنا ۔ تضحیک کرکے بری عادت چھڑانا ۔ مسکرانا ۔ تبسم کرنا ۔ ہنسی ۔ قہقہہ ۔ ہنسنے کا طریقہ ۔

Laughable (laf-əbl) *adj.* Amusing قابل تضحیک ۔ ہنسنے کے قابل ۔

Laughing (laf-ing) *adj.* Expressing happiness ہنستا ہوا ۔ خنداں ۔ خوش ۔

Laughing (laf-ing) *n.* Act of expressing happiness ہنسی ۔ طنز ۔ تضحیک ۔

Laughingly (laf-ing-li) *adv.* In a happy manner ہنستے ہوئے ۔ ہنسی خوشی سے ۔

No laughing matter اہم معاملہ ہے ۔ ہنسی کی بات نہیں ہے ۔

Laughter (laf-ter) *n.* Laughing ہنسی ۔ قہقہہ ۔ خندہ زنی ۔ کھلکھلاہٹ ۔

Launch (lawn(t)sh) *v.t., i. & n.* Hurl, send forth کشتی کا چلانا ۔ کشتی دریا میں اتارنا ۔ پھینکنا ۔ ڈالنا ۔ شروع کرنا ۔ مہم کا آغاز کرنا ۔ دھمکی دینا ۔ برس پڑنا ۔ بیان کرنا ۔ تفصیل سے بیان کرنا ۔ دل کھول کر خرچ کرنا ۔ جہاز میں سفر کرنا ۔

Launch (lawn(t)sh) *n.* Ship's largest boat جنگی جہاز کی بڑی کشتی ۔ بڑی مسافر کشتی ۔ سیر و تفریح کی کشتی ۔

Laundress (lawn-də-res) *n.* Woman who washes linen دھوبن ۔ کپڑے دھونے والی عورت ۔

Laundry (lawn-dri) *n.* Establishment for washing linen کپڑے دھونے کا کارخانہ ۔ کپڑے دھونے کا مکان ۔ دھوبی خانہ ۔

Laureate (law-ri-it) *adj. & n.* Consisting of laurel لارل کی پتیوں سے گندھا ہوا ۔ لارل کے ہاروں سے آراستہ ۔ ہار پہنے ہوئے ۔ لارل کے ہار کا مستحق ۔

Laurel (lo-rəl) *n. & v.t.* Kinds of garden shrub لارل پود جس کی پتیاں چمک دار ہوتی ہیں ۔ لارل کا تاج جو سورماؤں اور بڑے شاعروں کے سر پر رکھا جاتا ہے ۔ لارل کا تاج سر پر رکھنا ۔ سرفراز کرنا ۔

Lava (la-va) *n.* Matter flowing from volcano گندھک کا گرم ملغوبہ جو آتش فشاں دھانے سے بہتا ہے ۔ لاوا ۔ منجمد لاوا ۔

Lavation (la-va-shən) *n.* Washing ہاتھ منہ دھونا ۔

Lavatory (la-va-teri) *n.* Vessel or room for washing دھونے کی جگہ ۔ ہاتھ منہ دھونے کی جگہ ۔ غسل خانہ ۔ طہارت خانہ ۔ بیت الخلا ۔

Lave (lav) *v.t.* Wash, bathe دھونا ۔ نہلانا ۔ غسل کرنا یا دینا ۔ کسی چشمے کا کناروں کو چھونا ۔ چومنا ۔ بوسہ دینا ۔

Lavement (lav-ment) *n.* Enema حقنہ ۔ پچکاری ۔

Lavender (lav-ən-dər) *n. & v.t.* Narrow-leaved shrub cultivated for perfume ایک قسم کی خوشبودار جھاڑی ۔ لیونڈر کے پھول اور شاخیں جو خوشبو کے لیے کپڑوں میں رکھے جاتے ہیں ۔ ہلکا ارغوانی رنگ ۔ لیونڈر سے کپڑے بسانا ۔

Laver (lav-ər) *n.* Large brazen vessel لگن ۔ طشت ۔ لوٹا ۔ کسی چیز کے دھونے کا برتن ۔ وضو یا غسل کا بڑا برتن ۔

Laverock (lav-ə-rək) *n.* Lark دیکھو

Lavish (lav-ish) *adj. & v.t.* Bestow or spend profusely مسرف ۔ خراج ۔ کثیر ۔ وافر ۔ بے اندازہ ۔ دل کھول کر دینے والا ۔ بے اندازہ خرچ کرنا ۔ پانی کی طرح بہانا ۔

Lavishness *n.* فضول خرچی ۔ اسراف ۔ بھرسار ۔ افراط ۔

Law (lāw) *n.* Body of enacted or customary rules recognised by a community قانون ۔ آئین ۔ ضابطہ ۔ طریقہ ۔ قاعدہ ۔ رسم ۔ رواج ۔ ضابطہ قانون ۔ اصول ۔ فلسفۂ قانون ۔ قانون دانی ۔ عدالتی چارہ جوئی ۔ مقدمہ بازی ۔ قانون قدرت ۔ کھیلوں کے قواعد و ضوابط ۔

Be law unto oneself رسم و رواج سے بے نیازی ۔ من مانی کاروائی ۔

Lay down the law تحکمانہ انداز میں گفتگو کرنا ۔

Necessity knows no law حاجت مند قانون کی پرواہ نہیں کرتا ۔

Lawful (law-ful) *adj.* Recognised by law قانونی ۔ شرعی ۔ جائز ۔ مباح ۔ قانون کے مطابق ۔ ٹھیک ۔ درست ۔

Lawless (law-les) *adj.* Uncontrolled by law خلاف قاعدہ ۔ بے ضابطہ ۔ بے قاعدہ ۔ بے آئین ۔ بے لگام ۔ نراجی ۔

Lawlessness *n.* مطلق العنانی ۔ سرکشی ۔ لاقانونیت ۔ بے آئینی ۔ نراج ۔

Lawn (lawn) *n.* Grass-covered land گھاس کا میدان ۔ سبزہ زار ۔ رمنا ۔

Lawn (lawn) *n.* Kind of fine linen ایک قسم کا باریک کپڑا ۔ باریک ململ جو پادری آستینوں میں لگاتے ہیں ۔

Lawyer (law-yer) *n.* Member of legal profession قانون پیشہ ۔ وکیل ۔ مختار ۔ قانون دان ۔ اٹارنی ۔ فقیہ ۔ ماہر قانون ۔

Lax (laks) *adj.* Loose ڈھیلا ۔ کھلا ۔ کشادہ ۔ مسام دار ۔ ملائم ۔ نرم ۔ آزاد ۔ بے روک ۔ غافل ۔ بے پروا ۔ غیر واضح ۔ مبہم ۔ دھندلا ۔

Laxity *n.* کشادگی ۔ ڈھیلاپن ۔ بے پروائی ۔ غفلت ۔

Laxative (laks-ə-tiv) *adj.* & *n.* Tending to loosen the bowels ملین ۔ دافع قبض ۔ منفج ۔ مجیب ۔ تلیئن ۔

Lay (la) *n.* Short lyric ۔ راگ ۔ گیت ۔ مختصر نظم ۔ غزل ۔ پرندوں کا زمزمہ ۔

Lay (la) *adj.* Non-clerical غیر مذہبی ۔ عامیانہ ۔ دنیا دارانہ ۔ دنیا دار ۔ گرہست ۔ تاش کا معمولی پتہ ۔

Laylord نواب جو دارالامرا کا رکن ہو مگر قانونی معاملات میں دخل نہ دے سکتا ہو ۔

Layman *n.* عام دنیا دار ۔ غیر فنی ۔

Lay (la) *v.t., i.* & *n.* Prostrate لیٹ جانا ۔ لٹا دینا ۔ بچھا دینا ۔ سجدہ ریز ہونا ۔ دھرنا ۔ لگانا ۔ جمانا ۔ فرو کرنا ۔ دور کرنا ۔ ہلکا کرنا ۔ دبا دینا ۔ انڈے دینا ۔ داؤ پر لگانا ۔ بدنا ۔ شرط لگانا ۔ کسی شخص یا عضو کو خاص حالت میں رکھنا ۔ ہرجانے وغیرہ کی رقم کا تعین کرنا ۔ سر تھوپنا ۔ حدود قائم کرنا ۔ خول یا غلاف چڑھانا ۔ تہہ جمانا ۔ (بول چال) کاروبار ۔ مشغلہ ۔ پیشہ ۔ رسی کا بل ۔ رخ ۔ مقام ۔ سمت ۔

Lay it on thick or with a towel } کھلی خوشامد کرنا ۔ ذلت آمیز چاپلوسی کرنا ۔

Layer (la-yer) *n., v.t.* & *i.* Thickness of matter رکھنے والا ۔ جمانے والا ۔ طبق ۔ پرت ۔ تہہ ۔ ردا ۔ دریا کی تہہ جس میں گھونگھے ہوں ۔ درخت کی شاخ جو مٹی میں دبا دی گئی ہو ۔ قلم دبانا ۔ ردا جمانا ۔

Lazar (laz-ər) *n.* Poor and diseased person غریب بیمار ۔ جذامی ۔ کوڑھی ۔

Lazaret (laz-ər-it) *n.* Hospital for lepers کوڑھیوں کا شفاخانہ ۔ جذامیوں کا خیراتی دواخانہ ۔ جہاز کے تہہ خانے کا پچھلا حصہ ۔ جہاز کا گودام ۔

Lazarus (laz-ər-us) *n.* Beggar, poor man نادار ۔ فقیر ۔ گداگر ۔ بھیک مانگنے والا ۔ محتاج ۔

Laze (laz) *v.i., t.* & *n.* Be lazy ۔ (بول چال) سستی کرنا ۔ کاہلی کرنا ۔ وقت گزاری کرنا ۔ کاہلی ۔ وقت جو سستی میں گزارا جائے ۔

Lazy (laz-i) *adj., v.i.* & *t.* Indolent ۔ سست ۔ کاہل ۔ کام چور ۔ سستی کرنے والا ۔ سستی کرنا ۔ بے کاری میں وقت گزارنا ۔

Lazy bones سست اور کاہل آدمی ۔ کام چور ۔

Laziness سستی ۔ کاہلی ۔

Lea (le) *n.* Grass land ۔ مرغزار ۔ چراگاہ ۔ کھلا میدان ۔ سبزہ زار ۔ سوت کے دھاگے کی ناپ ۔ انٹی ۔

Leach (lech) *v.t.* Make liquid percolate through some material سیال چیز کو کسی چیز میں ٹپکانا یا جذب کرانا ۔ تقطیر کرنا ۔ کسی چیز سے دودھ یا عرق لینا ۔ چھال وغیرہ میں سیال چوانا ۔ خام دھات ۔

Lead (led) *n.* & *v.t.* Base metal of dull pale bluish grey colour سیسہ ۔ رانگا ۔ سرما ۔ رانگے کی چیز ۔ سیسے کی چھت ۔ سیسے کے چوکھٹے ۔ سیسہ چڑھانا ۔ سیسے کا چوکھٹا جڑنا ۔ بندوق کی نال کا کثیف ہونا ۔

Swing the lead (فوجی بول چال) بیمار بن جانا ۔ کام سے جی چرانا ۔

Lead (led) *v.t.* & *i.* Direct, conduct ۔ لے جانا ۔ لے چلنا ۔ رہنمائی کرنا ۔ راستہ دکھانا ۔ انگلی پکڑ کر لے جانا ۔ آگے چلنا ۔ پیشرو ہونا ۔ ترغیب دلانا ۔ آمادہ کرنا ۔ نتیجہ یا فیصلہ تک پہنچانا ۔ کسی مقام تک پہنچانا ۔ رسی کو چرخی پر چڑھانا ۔ زندگی گزارنا ۔ بسر کرنا ۔ پیش پیش ہونا ۔ دوڑ میں آگے ہونا ۔ (تاش) پتہ پہلے چلنا ۔

Lead by the nose الو بنانا ۔ جو چاہنا کرانا ۔

Lead (led) *n.* Direction, example ۔ رہنمائی ۔ پیشوائی ۔ رہبری ۔ قیادت ۔ پن چکی کی نہر ۔ کتے کے پٹے کی زنجیر یا ڈور ۔ (تاش) پہلے پتہ چلنے کا حق ۔

Take the lead سبقت لے جانا ۔ قیادت کرنا ۔

Give one a lead اپنی مثال سے ہمت بندھانا ۔

Leaden (led-en) *adj.* Like lead سیسے کا ۔ سیسے کی طرح ۔ سیسے کے متعلق ۔

Leader (led-ər) *n.* Official head of Government رہنما ۔ پیشوا ۔ حکومتی جماعت کا قائد ۔ دارالعوام کا سرکاری رکن جو کاروائی کا آغاز کرتا ہے ۔ سینیئر وکیل ۔ وکیل سرکار ۔ پیرو کار سرکار ۔ اگوا کار ۔ اداریہ ۔

Leaderless *adj.* بے رہبر ۔ ایسی جماعت جس کا کوئی رہنما نہ ہو ۔ بے قائد ۔

Leadership *n.* ۔ سرکردگی ۔ پیشوائی ۔ رہنمائی ۔ قیادت ۔

Leaderette (led-ər-et) *n.* Short editorial چھوٹا اداریہ ۔ مدیر کا نقرہ ۔ تشریحی نوٹ ۔

Leading (led-ing) *n.* Act of guiding اگوا کاری - قیادت - رہنائی -

Leading (led-ing) *adj.* Editorial, serving as example رہنائی کرنے والا - مدیرانہ - خاص - اہم - نمونہ کا - بڑا - بزرگ - اول - اعلیٰ -

Leading question رہنایانہ سوال جو ممنوع ہے - ایسا سوال جو مطلوبہ جواب کی طرف اشارہ کرے -

Leaf (lef) *n.* & *v.t.* Foliage پتا - پات - برگ - ورق - پتے - پتیاں - تمباکو یا چائے کی پتی - کتاب کا ورق - چاندی ، سونے کا ورق - کواڑ کا پٹ - پتے نکلنا - ورق بنانا -

In leaf درخت جس پر پتے آ رہے ہوں - نیوتی کرنا -

Leafless بے پتوں کا درخت - بے برگ -

Leaflessness *n.* بے ورق ہونا - بے برگ ہونا -

Leafiness *n.* پر برگ ہونا - درخت کا گھنا پن -

Leafy *adj.* گھنا - پتوں سے لدا ہوا - برگ پوش -

Leaflet (lef-let) *n.* Young leaf, sheet of paper پتی - چھوٹا پتا - کونپل - بغیر تتھی کیے ہوئے کاغذ - کھلے کاغذ - دستی اشتہار -

League (lēg) *n.* About three miles تین میل کا فاصلہ - مسافت - فرسنگ -

League (lēg) *n.* Compact for mutual assistance میل - اتحاد - رفاقت - انجمن - متحدہ جاعت - بندش - سازش - متحدہ گروہ -

Leaguer (lēg-ər) *n.* Member of league سازش کرنے والا - جاعت کا رکن - محاصرہ - گھیرا - انجمن اتحاد کا رکن -

Leak (lēk) *n.*, *v.i.* & *t.* Hole caused by injury چھید - سوراخ - درز - دراڑ - شگاف - سوراخ جس سے پانی وغیرہ ٹپکے - پانی کا رسنا - ٹپکنا - بھید کھل جانا - آہستہ آہستہ راز فاش ہو جانا -

Leakage *n.* رقم کا خرد برد ہونا - افشائے راز - دراز ہونا - ٹپکنا - رسنا -

Leaky (lek-ī) *adj.* Having leaks سوراخ والا - درز والا - ٹپکنے والا - پیشاب نہ روک سکنے والا - پیٹ کا ہلکا - راز فاش کر دینے والا -

Leal (lel) *adj.* Loyal, honest با وفا - وفا دار - متدین - ایماندار

Lean (len) *adj.* & *n.* Thin, meagre دبلا پتلا - لاغر - ہلکا پھلکا - نحیف - کمزور - غذا کا ٹوٹا ہوا - منافع سے خالی - بغیر چربی کا (گوشت) -

Lean years قحط کا زمانہ - خشک سالی کا زمانہ -

Leanness *n.* دبلا پن - کمزوری - لاغری -

Lean (len) *v.i.*, *t.* & *n.* Incline one's body against something جھکنا - ترچھا ہونا - کسی چیز کا سہارا لینا - ٹیک لینا - تکیہ لگانا - مائل ہونا - طرفداری کرنا - رجحان رکھنا - اعتماد کرنا - بھروسہ کرنا - جھکاؤ - رجحان - میلان - سہارا - ٹیکا - تکیہ -

Leaning (len-ing) *n.* Bent of mind میلان طبع - رجحان - جھکاؤ -

Leap (lep) *v.t.* & *i.* Jump اچھلنا - کودنا - چھلانگ لگانا - اچھل کر کود جانا - چڑھ بیٹھنا -

Leaper *n.* پھلانگنے والا - چھلانگ لگانے والا - کودنے والا -

Leap (lep) *n.* Jump چھلانگ کا فاصلہ - کود - پھلانگ - چھلانگ - جست -

Learn (lərn) *v.t.* & *i.* Get knowledge of علم حاصل کرنا - سیکھنا - پڑھنا - تعلیم پانا - جاننا - معلوم کرنا - یاد کر لینا - آگاہ ہونا - دریافت کرنا -

I have yet to learn میں نے اب تک یہ بات نہیں سنی - میں نہیں جانتا -

Learnable *adj.* جو سیکھی جا سکے - سیکھنے کے قابل -

Learner *n.* سیکھنے والا - شاگرد - طالب علم -

Learned (lərn-id) *adj.* Deeply read عالم - فاضل - مولوی - پنڈت - حکیم - عالمانہ - فاضلانہ - حکیمانہ - علمی - ادبی -

Learning (lərn-ing) *n.* Knowledge got by study علم - فضیلت - علمیت - ذخیرہ علوم - استعداد علمی - سیکھنا - پڑھنا - علم حاصل کرنا -

Lease (les) *n.* & *v.t.* Contract or tenement for a specified time ٹھیکہ - اجارہ - پٹہ - نزول - پٹہ پر دینا - ٹھیکہ پر دینا - کرایہ پر دینا -

Lease (les) *n.* Crossing of warp-threads in loom (کپڑے بننے کا) تانا - گول سوراخ والی -

Leash (lesh) *v.t.* & *n.* Thongs in which hounds

کتوں کو باندھنے کا تسمہ یا and dogs are held ڈور - باز کے پیروں کا تسمہ - تین کتے یا تین خرگوشوں کا جمع ہونا - تسمہ یا ڈوری سے باندھنا -

Hold in leash قابو میں رکھنا -

Least (lest) *adj., n. & adv.* Smallest, slightest بہت کم - سب سے کم - کم سے کم - سب سے چھوٹا - کمترین - چھوٹا جز -

Least said soonest mended زیادہ باتیں زیادہ خرابی - کم زبانی کم خرابی -

Leat (let) *n.* Open water course carrying water to mill پن چکی تک پانی لے جانے والی کھلی نہر یا نالی -

Leather (ledh-ər) *n. & v.t.* Tanned skin کمائی ہوئی کھال - چمڑا - پکا چمڑا - رنگا ہوا چمڑا - چرمی سامان - چمڑے کا تسمہ - (جمع) برجس - چمڑے کے موزے - (بول چال) آدمی کی کھال - جلد - چمڑا چڑھانا - تسمے سے مارنا -

Leatherette *n.* مصنوعی چمڑا - کپڑا یا کاغذ جو چمڑا معلوم ہو -

Leathery *adj.* چمڑے جیسا - چمڑا (گوشت) -

Leatheroid (le-dhər-oid) *n.* Cotton paper چرم نما کاغذ - کاغذ جس کو کیمیائی عمل سے چمڑے جیسا بنا دیتے ہیں -

Leave (lev) *v.t. & n.* Permission چھوڑنا - رہنے دینا - چھوڑ جانا - ترکے میں چھوڑنا - باقی رکھنا - اٹھا رکھنا - حوالے کرنا - کسی کی مرضی پر چھوڑنا - دخل دینے سے باز رہنا - چلے جانا - رخصت ہونا - تحویل میں دینا - سونپنا - دست بردار ہونا - ساتھ چھوڑنا - اجازت - اذن - رخصت - روانگی - چٹھی -

Leave much to be desired ناقابل اطمینان ہونا -

This leaves me cool مجھ پر اس کا اثر نہیں -

Leaving *n.* پس ماندہ - بچا کچھا سامان - چھوڑی ہوئی چیزیں -

Leaven (lev-n) *n. & v.t.* Substance added to dough to produce fermentation خمیر - کوئی چیز جو دوسرے کو اپنے جیسا کر دے - خمیر اٹھانا - امتزاج کرنا - معتدل کرنا -

Lecher (lech-ər) *n.* Debauchee اوباش - رنڈی باز - عیاش - بدکار - زانی -

Lecherous *adj.* عیاشانہ - زنا کار - بدکار - شہوت پرست - عیاش -

Lechery *n.* شہوت پرستی - زنا - عیاشی - بدکاری -

Lectionary (lek-shən-a-ri) Book containing portions read at divine service کتاب الصلوات - کتاب جس میں نماز میں پڑھنے کے انجیل کے حصے درج ہوں -

Lecture (lek-tyer) *n., v.i. & t.* Discourse before audience or class لکچر - زبانی بیان - تقریر - خطبہ - تنبیہ - سر زنش - وعظ - نصیحت - تعلیم و تلقین کرنا - زبانی درس دینا - تنبیہ کرنا - سر زنش کرنا -

Lecturer *n.* وعظ کہنے والا - لکچرر - مقرر - خطیب - زبانی درس دینے والا -

Lecturership (lek-tyer-er-ship) *n.* Post of a lecturer لکچرر کی خدمت - لکچرر کا عہدہ -

Ledge (lej) *n.* Ridge of rock پہاڑ کا طاق نما حصہ - دیوار کا باہر کی طرف نکلا ہوا حصہ - چھجا - پانی کے اندر چٹانوں کا سلسلہ - تہہ - پرت - طبق - چٹانوں کی پرت جس میں کوئی دھات ہو -

Ledger (lej-ər) *n.* Book for recording trade transactions پکی بہی - بہی کھاتا - لیکھا - لیجر - قبر کی لوح - قبر کا تعویذ - بنسی جس کا چارہ تہہ میں کانٹے میں لگا ہوا رہتا ہے -

Lee (le) *n.* Shelter given by neighbouring object کسی چیز کا سایہ - جائے پناہ - حفاظت کی جگہ - جہاز کا وہ حصہ جو ہوا کے رخ سے الگ ہو - جہاز کی محفوظ سمت -

Leech (lech) *v.t. & n.* Blood-sucking worm جونک - کیڑی - زلو - خون چوسنے والا - جونک لگانا - فاسد خون نکالنا - دوسروں پر سختی کر کے نفع حاصل کرنا -

Stick like a leech جونک کی طرح چمٹ جانا -

Leech (lech) *n.* Physician حکیم - طبیب - معالج - وید - بادبان کا ڈھلوان پہلو -

Leek (lek) *n.* Culinary herb like onion پیاز کا سا پودا - گندنا - ولائتی پیاز کا لمبا گڈا جو ویلز کا قومی نشان ہے -

Leer (ler) *v.i.* & *n.* Glance with sly expression رشک کی نظر سے دیکھنا - کنکھیوں سے دیکھنا - بری نظر سے دیکھنا - چور نظر - بری نظر -

Leeringly *adv.* کن انکھیوں سے - بری نظر سے - چور نظر سے -

Lees (lez) *n.* & *p.* Sediment of wine تلچھٹ - شراب کی تلچھٹ - خراب حصہ - ادنیٰ حصہ - فضلہ -

Leeward (le-wərd) *adj., n.* & *adv.* On, towards, sheltered side جہاز کی محفوظ سمت میں - جہاز کا ہوا سے محفوظ پہلو یا رخ - محفوظ سمت کا - محفوظ سمت میں -

Left (left) *adj., adv.* & *n.* Region or direction towards left hand بایاں - چپ - الٹا - بائیں جانب کا - الٹی طرف کا - بائیں طرف کی جماعت - انتہا پسند جماعت - فلسفہ یا مذہب کا جدت پسند طبقہ یا فرقہ -

Left-handed (left-and-ed) *adj.* Having stronger left hand - کھبا - بین ہتھا - بائیں ہاتھ کا - دو رخی - منافقانہ - مشتبہ - منحوس - ایسی شادی جس میں اعلیٰ خاندان کا شوہر نیچ عورت سے نکاح کرے - بائیں ہاتھ کی ضرب - بائیں سے استعمال کرنے والا - اناڑی -

Left-hander (left-and-er) *n.* One who uses his left hand more than his right کھبا - بائیں ہاتھ سے زیادہ کام لینے والا -

Leg (leg) *n.* & *v.i.* Organ of support and movement - ٹانگ - ران - پنڈلی - پیر - مصنوعی ٹانگ - پاجامے کا پائنچہ - کسی چیز کا پایہ یا سہارا - دغا باز - دھوکے باز - ایک قدم پیچھے ہٹا کر سلام کرنا -

Give me a leg up مجھے سہارا دو -

Has not a leg to stand upon اس کے پاس کوئی معقول ثبوت نہیں ہے -

Leg rest پا انداز - پائدان -

Pull one's leg چھیڑ کرنا - الو بنانا -

Set one on his legs کسی کی مالی امداد کرنا -

Legacy (le-gə-si) *n.* Money or article given by will ہبہ بر بنائے وصیت - مال متروکہ - جو چیز بذریعہ وصیت ملے - ترکہ - میراث -

Legal (le-gl) *adj.* Based on law از روئے قانون - شرعی - قانونی - قانون کے مطابق - قانون مروجہ کے لحاظ سے - جائز - حلال -

Legalise *v.t.* قانون کے مطابق قرار دینا - جائز ٹھہرانا - مباح کرنا -

Legalization *n.* کسی چیز کا قانوناً جائز اور مباح ہونا - قانونی جواز -

Legalism (le-gəl-izm) *n.* Preference of the Law to the Gospel یہ عقیدہ کہ نجات کا انحصار اعمال صحیح پر ہے نہ کہ عقیدہ پر - شریعت - ضابطہ پرستی - ضابطہ یا قانون پر حد سے زیادہ انحصار -

Lagalist *n.* شریعت پرست - ضابطہ پرست -

Legality (le-gə-li-ti) *n.* Lawfulness شریعت پسندی - ضابطہ سے مطابقت - مباحت - جواز -

Legate (leg-it) *n.* Ecclesiastic deputed to represent Pope پوپ کا قانونی نمائندہ - لاٹ پادری کا وکیل - نائب - نمائندہ - سفیر -

Legate (leg-it) *v.t.* Bequeath وصیت میں دینا - ترکہ میں چھوڑنا -

Legator *n.* وصیت کرنے والا - وصیت کنندہ -

Legatee (leg-it-e) *n.* Recipient of legacy ترکہ پانے والا - جس کے لیے وصیت کی جائے - وصی - جائز وارث -

Legation (li-ga-shən) *n.* Diplomatic minister or deputy - ملکی وکالت - ایلچی گری - جماعت وکلا - سفارت خانہ - نیا بت خانہ - وکیل تعلقات خارجہ -

Legend (lej-ənd) *n.* Lives of saint[s] [a]nd similar stories - بزرگان دین [illegible] - قومی روایتی افسانے - قصہ - کہانی - [illegible]

Legendary *adj.* - [illegible] - پر افسانہ - مبنی برقصص

Legendry *n.* قصہ گو - دا[illegible] - کہانیوں کا مجموعہ - قصص و حکایات -

Legerdemain (lej-ər-də-man) *n.* Sleight of hand شعبدہ بازی - کرتب - بازی گری - ہاتھ کی صفائی - مکاری - فریب -

Legging (leg-ing) *n.* Covering of leather for leg چرمی موزے ۔ چرمی یا ربر کا ساق پوش ۔ چرمی جراب ۔

Leggy (leg-i) *adj.* Lanky-legged پتلی اور لمبی ٹانگوں والا ۔ لم ٹنگا ۔

Leghorn (leg-horn) *n.* Straw plaiting for hats چٹائی کا استر جو انگریزی ٹوپیوں کے اندر دیا جاتا ہے ۔ مرغیوں کی ایک نسل ۔

Legible (lej-i-bl) *adj.* Clear handwriting صاف اور روشن خط یا چھاپا جو آسانی سے پڑھا جا سکے ۔

Legibility *n.* خط کا صاف اور واضح ہونا ۔

Legion (le-jen) *n.* Division of 3,000 to 6,000 in ancient Roman army تین سے چھ ہزار سپاہیوں کا فوجی دستہ ۔ جم غفیر ۔ بڑا لشکر ۔ انبوہ ۔

Legionary *adj.* فوج کا ۔ فوجی ۔ لیجن کا سپاہی ۔

Legioned *adj.* بڑی تعداد میں ۔ دل بادل ۔ جوق در جوق ۔ خیل در خیل ۔

Legislation (lej-is-la-shən) *n.* Enacting of laws مجموعہ قوانین ۔ قانون سازی ۔ وضع قوانین ۔

Legislative *adj.* واضع آئین ۔ واضعان قانون ۔ قانون ساز ۔

Legislator (lej-is-la-tər) *n.* Member of legislative body رکن مجلس وضع قوانین ۔ واضع قوانین ۔ قانون ساز ۔

Legislate *v.i.* آئین یا دستور مرتب کرنا ۔ قانون بنانا ۔

Legislature (lej-is-la-tur) *n.* Law-making body آئین ساز جماعت ۔ قانون ساز مجلس ۔ حکومت کی مجلس مقننہ ۔

Legist (lej-ist) *n.* Person versed in law ماہر قانون ۔ وضع قوانین کا عالم ۔

Legitimate (le-jit-i-mat) *adj.* Born in lawful wedlock شرعی ۔ قانونی ۔ باضابطہ ۔ صحیح النسب ۔ جائز عقد سے ۔ حلال ۔ معقول ۔

Legitimacy *n.* حلال ۔ شرعی ۔ قانونی جواز ۔ قانوناً صحیح ۔ جائز ہونا ۔

Legitimatize جائز قرار دینا ۔ صحیح النسب قرار دینا ۔ صحیح ٹھہرانا ۔

Legitimate (le-jit-i-mat) *v.t.* Make legitimate by decree حکم عدالت سے جائز ہونا ۔ درست قرار دینا ۔ قانوناً صحیح قرار دینا ۔ صحیح النسب قرار دینا ۔ معقول وجہ سے تائید کرنا ۔

Legitimation *n.* صحیح ٹھہرانا ۔ حلالی قرار دینا ۔ جواز قانونی ۔

Legitimism (le-jit-i-mi-zm) *n.* Adherence to sovereign of direct descent جائز وارث سلطنت کی حمایت ۔ جائز وارث کا حامی ۔

Legitimize (le-ji-tim-iz) *v.t.* Declare lawful جائز قرار دینا ۔ صحیح النسب ٹھہرانا ۔

Legume (leg-um) *n.* Edible part of vegetables پھلی ۔ دانہ ۔ تخم ۔ دال ۔ ترکاری ۔

Leguminous (leg-um-i-nəs) *adj.* Of the family of pulse دالوں کا ۔ دال والا ۔ دانوں والا ۔ پھلی دار ۔ دال کی طرح کا ۔

Leisure (le-zh-ər) *n.* Free time فرصت ۔ مہلت ۔ آرام ۔ چھٹکارا ۔ فرصت کا وقت ۔

Leisured *adj.* فرصت نصیب ۔ فرصت والا ۔

Leisureless *adj.* مصروف ۔ عدیم الفرصت ۔

Leisurely (le-zhər-li) *adj.* & *adv.* Done at leisure آہستہ ۔ دھیا ۔ آرام سے ۔ فرصت میں ۔ سہج سہج ۔ تامل سے ۔ اطمینان سے ۔ سوچا سمجھا ۔

Leman (lem-ən) *n.* Lover, sweetheart, unlawful lover عاشق ۔ چاہنے والا ۔ وہ عورت جس سے ناجائز تعلق ہو ۔ معشوقہ ۔ محبوبہ ۔

Lemma (lem-a) *n.* Assumed proposition used in argument وہ دعویٰ جس پر دوسرے دعووں کا انحصار ہو ۔ ادبی مقالے ۔ ادبی تخلیق ۔ لغت کے حاشیوں کا عنوان جس سے اس کا اصل مضمون ظاہر ہو ۔

Lemon (lem-ən) *n.* Pale oval acid-juiced fruit لیموں ۔ نیبو ۔ ترنج ۔ خمیری ۔ لیموں کا درخت ۔

Lemonade *n.* لیمونیڈ ۔ ترنجاب ۔ لیموں کا شربت ۔

Lemony *adj.* ہلکے زرد رنگ کا ۔ لیموں کا سا ۔ لیموں کا ۔

Lemur (le-mər) *n.* Nocturnal mammal allied to monkey بندر کی قسم کا ایک دودھ پلانے والا جانور جو رات کو نکلتا ہے ۔

Lend (lend) *v.t.* Let out قرض دینا ۔ ادھار دینا ۔ مستعار دینا ۔ عاریتاً دینا ۔ روپیہ سود پر دینا ۔ سانچے میں ڈھل جانا ۔ اپنے آپ کو حالات کے مطابق بنانا ۔

Lendable جو عاریتاً دیا جا سکے ۔ جو قرض دیا جا سکے ۔

Lender قرض خواہ ۔ قرض دینے والا ۔

Lending *n.* عاریتاً دینا ۔ قرض دینا ۔ ادھار دینا ۔

Length (length) *n.* Distance thing extends ۔ لمبائی ۔ طول ۔ درازی ۔ امتداد ۔ کسی چیز کا طول ۔ کسی کام کی حد ۔ تفصیل ۔ وسعت ۔ کپڑے کے تھان کی لمبائی ۔

Lengthwise *adv.* طولاً ۔ لمبائی کی ناپ سے ۔ لمبائی سے ۔

Lengthen (length-en) *v.t. & i.* Make or become longer لمبا ہونا یا کرنا ۔ دراز کرنا ۔ طویل ہونا ۔ حرف علت کو کھینچ کر ادا کرنا ۔

Lengthy (length-i) *adj.* Of unusual length طول طویل ۔ بہت لمبا ۔ شیطان کی آنت ۔ اکتا دینے والا ۔

Lengthiness *n.* غیر معمولی طوالت ۔ حد سے زیادہ لمبائی ۔ طوالت ۔

Lenient (le-ni-ənt) *adj.* Gentle ملائم ۔ رحم دل ۔ نیک مزاج ۔ روا دار ۔ متحمل ۔ ہلکی سزا ۔ ملین ۔ نرم کرنے والی ۔ رعایت کرنے والا ۔

Lenience, leniency روا داری ۔ تحمل ۔ نرم مزاجی ۔ نرمی ۔

Lenitive (len-i-tiv) *adj. & n.* Palliative ملائم کرنے والی ۔ مفرح ۔ مسکن ۔

Lenity (len-i-ti) *n.* Mercifulness ملائمت ۔ نرمی ۔ رقیق القلبی ۔ رحم دلی ۔

Leno (le-no) *n.* Thin muslin-like fabric نقاب وغیرہ کی جالی ۔ جالی ۔ گاج ۔

Lens (lenz) *n.* Piece of glass used in photography ۔ دوربین یا خوردبین کا شیشہ ۔ عینک کا شیشہ عدسہ ۔ آنکھ کا پردہ ۔

Lent (lent) *n.* Period of forty week-days devoted to fasting in commemoration of Christ in the wilderness ایسٹر کے قبل کا چالیس دن کا زمانہ مجاہدہ نفس کا ۔ ایسٹر سے پہلے کا چلہ ۔ لنٹ کے زمانے میں کشتیوں کی دوڑ ۔

Lenticular (len-ti-ku-lər) *adj.* Shaped like lens عدس نما ۔ آنکھ کے عدسہ کا ۔

Lentil (len-til) *n.* Leguminous plant grown for food مسور ۔ عدس ۔

Lentisk (len-tisk) *n.* The mastic tree مصطگی کا درخت ۔

Leo (le-o) *n.* Fifth sign of zodaic برج اسد ۔ پانچواں برج ۔ سنگھ ۔

Leonid (le-ə-nid) *n.* One of the meteors that seem to radiate from Leo شہاب ثاقب ۔ ٹوٹنے والا تارا ۔

Leonine (le-ə-nin) *adj.* Invented by a person called Leo لیو کا ۔ قدیم روم کا ۔

Leopard (lep-ərd) *n.* Large carnivorous quadruped with spots on skin ۔ چیتا ۔ تیندوا ۔ باگھ چیتے کے سے داغ رکھنے والا ۔

Can a leopard change his spots آدمی کی سرشت کبھی نہیں بدلتی ۔

Leopardess تیندوے کی مادہ ۔ چیتے کی مادہ ۔

Leper (lep-ər) *n.* One suffering from leprosy کوڑھی ۔ جذامی ۔ جذام کا مریض ۔

Leporine (lep-ə-rin) *adj.* Of the hare kind خرگوش کی قسم کا ۔

Leprosy (lep-rə-si) *n.* Infectious disease resulting in deformity کوڑھ ۔ جذام ۔ اخلاق روگ ۔

Leprous (lep-rəs) *adj.* Having leprosy جذامی ۔ کوڑھی ۔ جذام کا ۔

Lesion (le-zhən) *n.* Damage, injury صدمہ ۔ نقصان ۔ اعضا کے فعل یا ساخت میں خلل ۔

Less (les) *adj., prep., n. & adv.* Of smaller quantity کم تر ۔ اندک ۔ کم ۔ تھوڑا ۔ چھوٹا ۔ مقدار میں کم ۔ رتبے میں کم ۔ درجے میں کم ۔ منفی کر کے ۔ منہا کر کے ۔

No less a person than ایسا بڑا آدمی ۔

May your shadow never be less خدا آپ کو تندرست رکھے ۔

Lessee (les-e) *n.* Holder of lease پٹہ دار ۔ کرایہ دار ۔ ٹھیکہ دار ۔ اجارہ دار ۔

Lessen (les-n) *v.i. & t.* Decrease کم کرنا ۔ گھٹانا ۔ ہلکا کرنا ۔ اتارنا ۔ گھٹنا ۔ ہلکا ہونا ۔

Lesser (les-ər) *adj.* Not so great as the other کم تر ۔ اس سے کم ۔ چھوٹا ۔ تھوڑا ۔ خورد تر ۔ دوسرے سے کم ۔ بڑے سے کم ۔

Lesson (les-n) *n.* & *v.t.* Amount of teaching given at one time سبق ۔ درس ۔ سبق کی مقدار یا اس کا وقت ۔ ملامت ۔ سر زنش ۔ باعث عبرت مثال ۔ قابل تقلید نمونہ ۔ ملامت کرنا ۔ سر زنش کرنا ۔ سبق دینا ۔

Lessor (les-ər) *n.* Person who lets on lease پٹہ دینے والا ۔ اجارہ یا ٹھیکہ دینے والا ۔

Lest (lest) *conj.* In order that ایسا نہ ہو کہ ۔ مبادا ۔ خدانخواستہ ۔ شاید ۔ کہیں ایسا نہ ہو ۔ اس خوف سے کہ کہیں ۔

Let (let) *v.t.* & *n.* Hinder مزاحمت کرنا ۔ روکنا ۔ مانع ہونا ۔ سد راہ ہونا ۔ مزاحمت ۔ رکاوٹ ۔

Let (let) *v.t., aux.* & *n.* Allow or cause to escape اجازت دینا ۔ کرنے دینا ۔ کرایہ پر دینا ۔ اجرت پر دینا ۔ ٹھیکہ پر دینا ۔

Let down وقت پر ساتھ نہ دینا ۔

Let fall کسی بات کا زبان سے نکل جانا ۔

Let loose چھوڑ دینا ۔ کھول دینا ۔ آزاد چھوڑ دینا ۔

Let off چھوڑنا ۔ چلانا ۔ داغنا ۔

Let out سخت کلامی کرنا ۔ افشا کرنا ۔ گھونسے چلانا ۔ مکے مارنا ۔

Lethal (le-thəl) *adj.* Causing death مہلک ۔ ہلاک کرنے والا ۔ جان لیوا ۔ مارنے والا ۔

Lethal chamber جانوروں کو بلا اذیت مارنے کا کمرہ ۔

Lethargy (leth-ər-ji) *n.* Morbid drowsiness طویل نیند ۔ غفلت کی نیند ۔ بے ہوشی ۔ اونگھ ۔ خواب آلودگی ۔ غفلت ۔ سستی ۔ کاہلی ۔ بے دلی ۔

Lethargic *adj.* آلکسی کا ۔ غفلت کا ۔ سستی کا ۔ بھاری ۔ سست ۔ خواب آلود ۔

Lethe (le-the) *adj.* & *n.* Forgetful فراموشی ۔ غفلت ۔ پرانی باتوں کا یاد نہ رہنا ۔ بھول جانے والا ۔ ایک افسانوی دریا جس کا پانی انسان کو خود فراموش بنا دیتا ہے ۔

Letheon (le-the-ən) *n.* Essence of sulphur گندھک کا جوہر ۔

Letter (let-ər) *n.* & *v.t.* Character representing different sounds حرف ۔ چھاپے کا حرف ۔ حرف تہجی ۔ خط ۔ مراسلہ ۔ چٹھی ۔ رقعہ ۔ نامہ ۔ کسی بیان کے ہو بہو الفاظ ۔ لغوی معنی ۔ علم ۔ ادب ۔ علم و فضل ۔ کتاب کی جلد پر ٹھپہ لگانا ۔ حروف کے لحاظ سے تقسیم کرنا ۔

The profession of letters تصنیف و تالیف کا پیشہ ۔

Lettered *adj.* عالم ۔ فاضل ۔ ذی علم ۔ پڑھا لکھا ۔

Lettuce (let-is) *n.* Garden herb کاہو ۔ برگ کاہو ۔ سلاد ۔

Levant (li-vant) *n.* Eastern part of Mediterranean with its islands بحیرہ روم کا مشرقی حصہ ۔ ساحل و جزائر ۔ نفیس دانے دار چمڑہ ۔

Levant (li-vant) *v.i.* Abscond, bolt شرط کا روپیہ ادا کیے بغیر چمپت ہو جانا ۔ فرار ہونا ۔ رو پوش ہو جانا ۔ قرض خواہوں کو جل دینا ۔

Levanter *n.* چمپت ہونے والا ۔ روپیہ ادا نہ کرنے والا ۔ فرار اختیار کرنے والا ۔

Levantine (li-vant-in) *adj.* & *n.* Of Levant لیوانت کا باشندہ ۔ لیوانت کا ۔

Levator (li-va-tər) *n.* Muscle that raises organ وہ پٹھا جس سے کوئی عضو اٹھتا ہے ۔ ایک جراحی اوزار جس سے ہونٹ یا بھنویں اٹھائی جاتی ہیں ۔

Levée (lev-i) *n.* Assembly of visitors کسی حکمران کا صباحی دربار ۔ بیدار ہو کر درباریوں سے ملاقات ۔ بستر سے اٹھنے کا وقت ۔ ملاقاتیوں کا مجمع ۔

Level (lev-l) *n., adj.* & *v.t.* Even plane or surface ہموار ۔ ہموار سطح ۔ ہموار میدان ۔ مسطح زمین ۔ افقی ۔ مساوی درجے کا ۔ یکساں ۔ یکرنگ ۔ معتدل ۔ متوازن ۔ برابر کرنا ۔ ہموار کرنا ۔ مسطح کرنا ۔ صفا چٹ کرنا ۔ منہدم کرنا ۔ فرق مٹانا ۔ امتیاز دور کرنا ۔ نشانہ باندھنا ۔ بہتان لگانا ۔

Leveller (le-vel-ər) *n.* Person who abolishes social distinction ہموار کرنے والا ۔ منہدم کرنے والا ۔ مسطح کرنے والا ۔ سماجی امتیازات کو مٹانے والا ۔ مساوات کا حامی ۔

Lever (le-vər) *v.i., t. & n.* Bar for prizing heavy objects - بیرم - بوجھ اٹھانے کی کل - بیرم سے اٹھانا - بیرم سے کام لینا - بندوق کی چاپ -

Leverage (le-vər-aj) *n.* Way of applying lever بیرم سے کام لینے کا طریقہ - بیرم لگانے سے محصلہ طاقت یا سہولت -

Leveret (lev-ə-rit) *n.* Young hare - خرگوش کا بچہ

Leviathan (le-vi-ə-thən) *n.* Sea monster, huge thing دریائی عفریت - بہت بڑی چیز - دیو پیکر - زبردست طاقت یا دولت والا شخص -

Levigate (lev-i-gat) *v.t.* Reduce to powder سرمہ کر دینا - پیس ڈالنا - رگڑنا - گھسنا - حل کرنا - گھوٹنا - پکنی بنانا -

Levigation *n.* لیپی بنانا - کھرل کرائی - گھسائی - پسائی - گھٹائی -

Levirate (lev-i-rat) *n.* Jewish custom by which dead man's brother has to marry the widow یہودیوں کی رسم جس کی رو سے مرنے والے کے بھائی یا قریبی عزیز کو بیوہ سے شادی کرنی پڑتی ہے - صلہ رحم کی شادی -

Levitate (lev-i-tat) *v.i. & t.* Rise and float in the air روحانی قوت سے ہوا میں اڑنا یا اڑانا -

Levitation *n.* ہوا میں اڑنا - پرواز - ہلکا پن -

Levite (le-vit) *n.* One of the tribe of Levi یہودیوں کے مذہبی فرقہ لاوی کا فرد -

Levitical (lev-it-i-kəl) *adj* Of Levites or Leviticus یہودیوں کے فرقہ لاوی یا ان کی مذہبی کتاب لاوی ٹیکس کے متعلق -

Leviticus (lev-i-ti-kus) *n.* Third book of Pentateuch توریت کی تیسری کتاب جو کہانت کے متعلق ہے -

Levity (lev-it-i) *n.* Light behaviour ہلکا پن - اوچھا پن - چھچھورا پن - خفیف الحرکاتی - بے ثباتی - بے وفائی - تلون مزاجی - بے موقع مذاق - نا سمجھی -

Levy (lev-i) *n. & v.t.* Collection of assessment, tax جمع کی ہوئی فوج - فوج کی بھرتی - رنگروٹوں کی جماعت - تحصیل - مالگزاری - لگان - ٹیکس وصول کرنا - عاید کرنا - لگانا - تشخیص کرنا - بھرتی کرنا - فوج جمع کرنا - سامان جنگ جمع کرنا - جنگ چھیڑنا -

Leviable *adj.* ٹیکس لگانے کے قابل - قابل محصول -

Lewd (l(y)ood) *adj.* Bare, worthless نفس پرست - عیاش - زانی - ذلیل - کمینہ - ناکارہ - نکما - شریر - لچا - غنڈہ -

Lewdness *n.* بد مستی - عیاشی - زنا کاری - نفس پرستی - شہوت پرستی -

Lexical (leks-i-kəl) *adj.* Of the words of a language کسی زبان کے الفاظ کے متعلق - لغات کے بارے میں - لغوی -

Lexically *adv.* بہ اعتبار لغات -

Lexicography (leks-i-kə-graf-i) *n.* Dictionary making فرہنگ نویسی - تالیف لغت -

Lexicon (leks-i-kən) *n.* Dictionary لغت - لغات - فرہنگ -

Lexigraphy (leks-i-graf-i) *n.* System in which each character represents a word رسم الخط جس میں تصاویر اشیاء سے الفاظ کا کام لیا گیا ہے -

Liability (li-ə-bi-li-ti) *n.* Being responsible for payment ذمہ داری - جوابدہی - قرض کی رقم کی ادائیگی کی ذمہ داری - وہ چیز جس کی ذمہ داری ہو -

Liable (li-ə-bl) *adj.* Answerable for ذمہ دار - جواب دہ - جسے رقم ادا کرنا ہو - مستوجب - سزا وار - لائق - قابل - مادہ رکھنے والا -

Liaison (li-a-zhn) *n.* Illicit intimacy میل - اتفاق دوستی - عورت اور مرد میں ناجائز تعلق -

Liar (li-ər) *n.* Teller of lies جھوٹا - کاذب - دروغ گو - لپاڑیا - لغو باتیں کرنے والا -

Libation (li-ba-shən) *n.* Drink offering to god شراب جو کسی دیوتا پر چڑھائی جائے - تھوڑی سی شراب گرا دینا - شراب کا گھونٹ -

Libel (li-bl) *n. & v.t.* Thing that brings discredit بہتان - بدنامی - اتہام - ہتک - ازالہ حیثیت عرفی - ہتک آمیز بیان - توہین کرنا - بد نیتی سے - جھوٹا الزام لگانا - توہین آمیز تحریر شائع کرنا - کسی کے خلاف دعویٰ کرنا - نالش کرنا -

Libellist *n.* ہتک آمیز تحریر شائع کرنے والا - توہین کرنے والا - متہم کرنے والا - بدنام کرنے والا -

Libellous *adj.* ہتک آمیز - توہین آمیز -

Liberal (lib-ə-rl) *adj.* Generous, open-handed دریا دل ۔ سخی ۔ فیاض ۔ کریم ۔ کشادہ دل ۔ وسیع ۔ فراخ ۔ کثیر ۔ وافر ۔ آزاد منش ۔ صاف دل ۔ کھرا ۔ بے تعصب ۔ حوصلہ مند ۔ آزاد خیال ۔ حریت پسند ۔ حریت پسندانہ ۔

Liberalism *n.* فراخ دلی ۔ فیاضی ۔ سخاوت ۔

Liberalist *n. & adj.* آزاد خیال ۔ حریت پسند ۔ فراخ دل ۔

Liberalize *v.t. & i.* آزاد خیال بنانا ۔ آزاد خیال ہونا ۔

Liberalization *n.* آزاد خیالی ۔ حریت پسندی ۔ آزاد خیال بنانا ۔ حریت پسند بنانا ۔

Liberally *adv.* فراخدلی سے ۔ سخاوت سے ۔ فیاضی سے ۔

Liberality (lib-ə-ra-li-ti) *n.* Free giving دریا دلی ۔ سخاوت ۔ فیاضی ۔

Liberate (lib-ə-rat) *v.t.* Set at liberty آزاد کرنا ۔ رہا کرنا ۔ غلامی سے نجات دلانا ۔ مخلصی دینا ۔

Liberator (lib-ə-rat-ər) *n.* One who works for liberation آزادی دلانے والا ۔ آزاد کرنے والا ۔ خلاصی دینے والا ۔

Liberation (lib-ə-ra-shən) *n.* Release آزاد کرنا ۔ آزاد ہونا ۔ آزادی ۔ مخلصی ۔ رہائی ۔

Liberticide (lib-ər-ti-sid) *n. & adj.* Destroyer, destructive آزادی کا دشمن ۔ آزادی ختم کرنے والا ۔

Libertine (lib-ər-tin) *n. & adj.* Free-thinker, licentious آزاد ۔ بے قید ۔ بے روک ۔ بے دین ۔ رند مشرب ۔ آوارہ ۔ بدکار ۔ خراباتی ۔ لچا ۔ شوہدا ۔ آزاد رو ۔

Libertinism (lib-ər-tin-izm) *n.* Act of free and fast living آوارگی ۔ بدکاری ۔ اوباشی ۔

Liberty (lib-ər-ti) *n.* Being free from despotic control آزادی ۔ مختاری ۔ خود اختیاری ۔ بے راہ روی ۔ بے قاعدگی (جمع) خاص حقوق ۔ شخصی حقوق ۔

Libidinous (lib-i-di-nəs) *adj.* Lustful نفس پرست ۔ شہوت پرست ۔

Librarian (li-brə-ri-ən) *n.* Custodian of library حافظ کتب خانہ ۔ منتظم کتب خانہ ۔ مہتمم کتب خانہ ۔

Library (li-brə-ri) *n.* Room or building containing books کتب خانہ ۔ کتابوں کا کمرہ ۔ مطالعہ کتب کا کمرہ ۔ ذخیرہ کتب ۔ مصنف کا دائرہ مطالعہ ۔

Librate (li-brat) *v.i.* Oscillate, sway تولنا ۔ جھومنا ۔ جھولنا ۔ متامل ہونا ۔ جانچنا ۔

Libration (li-bra-shən) *n.* Apparent oscillation ایسی حرکت جس سے بعض حصے نظر آئیں اور چھپ جائیں ۔ متحرک ترازو کی سی جنبش ۔ ہلنا ۔ ڈولنا ۔

Libyan (lib-i-ən) Of Libya, of Berber language لیبیا کا ۔ شمالی افریقہ کا ۔ بربری یا سامی زبان کے متعلق ۔

Licence (li-sens) *n.* Leave, permission اجازت ۔ اجازت نامہ ۔ پروانہ ۔ حکم نامہ ۔ کسی کام کا اختیار ۔ فرمان ۔ سند ۔ بے باکی ۔ بے لگامی ۔ بے اعتدالی ۔ شہوت پرستی ۔ بے قاعدگی ۔ اصول فن کی خلاف ورزی ۔

License (li-sens) *v.t.* Allow complete freedom اجازت دینا ۔ اذن دینا ۔ پروانہ دینا ۔ سند دینا ۔ قیود سے آزاد کرنا ۔ اشاعت کی اجازت دینا ۔ تماشا دکھانے کی اجازت دینا ۔

Licensee *n.* لائسنس دار ۔ اجازت یافتہ ۔ پروانہ دار ۔

Licenser (li-sens-ər) *n.* Officer who issues licence سرکاری حاکم جو اجازت نامہ دیتا ہے ۔ پروانہ اجرا کرنے والا عہدہ دار ۔ لائسنس دینے والا افسر ۔

Licentiate (li-sen-si-at) *n.* Holder of university diploma سند یافتہ ۔ یونیورسٹی کا سند یافتہ ۔ عیسائی واعظ جسے گرجا میں عہدہ نہ ملا ہو ۔

Licentious (li-sen-shəs) *n.* Libertine, lewd آوارہ ۔ بدکار ۔ عیاش ۔ زانی ۔ فنی قیود سے آزاد ۔

Licentiousness *n.* اخلاقی قیود سے آزادی ۔ عیاشی ۔ آوارگی ۔ اوباشی ۔ بدکاری ۔

Lichen (li-ken) *n.* Kinds of cellular plants growing everywhere کائی ۔ کائی نما گھاس جو دیواروں ، پتھروں ، زمین اور درختوں کے تنوں پر اگتی ہے ۔

Licit (lis-it) *adj.* Proper قانوناً اور شرعاً جائز ۔ مناسب ۔ واجب ۔

Lick (lik) *v.t., i. & n.* Pass tongue over چاٹنا ـ زبان سے چاٹ کر صاف کرنا ـ شعلہ یا موج کا لپکنا ـ مارنا ـ پیٹنا ـ کندی کرنا ـ مار مار کر نکال دینا ـ مقابلہ میں ہرا دینا ـ (بول چال) عقل میں نہ سمانا ـ فہم سے بالا تر ہونا ـ لپکنا ـ جلدی کرنا ـ وہ جگہ جہاں جانور زمین کی کھار چاٹتے ہیں ـ ضرب ـ مار ـ قدم ـ رفتار ـ

Lick into shape تربیت دے کر درست کرنا ـ گھڑ کر درست کرنا ـ

Lick-spittal کمینہ ـ ذلیل ـ خوشامدی ـ

Licking *n.* ہرا دینا ـ مار مار کر بھگانا ـ زد و کوب ـ مار پیٹ ـ

Lickerish (lik-ər-ish) *adj.* Fond of dainty fare مزیدار کھانوں کا شوقین ـ خوش خور ـ چٹورا ـ لالچی ـ آرزو مند ـ مشتاق ـ بدکار ـ عیاش ـ

Lid (lid) *n.* Cover ڈھکنا ـ ڈھکن ـ سر پوش ـ چپنی ـ پال ـ آنکھ کا پپوٹا ـ

Lie (lī) *n.* False statement جھوٹ ـ دروغ ـ خلاف واقعہ بات ـ کہانی ـ قصہ ـ بندش ـ دھوکا ـ ریا ـ مکاری ـ غلط عقیدہ ـ غلط رواج ـ

Lie (li) *v.i.* & t. Speak falsely جھوٹ بولنا ـ دروغ گوئی کرنا ـ خلاف واقعہ بات کہنا ـ غلط بیانی کرنا ـ جھوٹ بول کر کام نکالنا ـ دھوکا دینا ـ فریب دینا ـ

Lies like a gas-meter بے پناہ جھوٹ بولتا ہے ـ

Lie (li) *v.i.* Have one's body in a horizontal position لیٹنا ـ پڑ جانا ـ آرام کرنا ـ جماع کرنا ـ واقع ہونا ـ دھرا ہونا ـ جگہ گھیرنا ـ ٹکنا ـ ٹھہرنا ـ قائم رہنا ـ مدفون ہونا ـ شاہی میت کا درشن کے لیے رکھا جانا ـ فوج کا پڑاؤ ڈالنا ـ کسی خاص مقام پر اکٹھا ہونا ـ لنگر انداز ہونا ـ

Lie (li) *n.* Position, direction کسی چیز کی حالت ـ سمت ـ رخ ـ جانوروں کے آرام لینے کی جگہ ـ پرندوں یا مچھلیوں کا ٹھکانا ـ

Lief (lef) *adv.* Willingly بسر و چشم ـ بہ طیب خاطر ـ خوشی سے ـ پیار سے ـ اطمینان سے ـ

Liege (lij) *adj. & n.* Entitled to receive پابند ـ با ادب ـ محترم ـ قابل عزت ـ مالک ـ خداوند نعمت ـ آقا ـ سردار ـ جہاں پناہ ـ بادشاہ ـ

Lien (len) *n.* Right to keep possession دعویٰ ـ استحقاق ـ قانونی حق ـ حق عود ـ

Lieu (l(y)oo) *n.* Instead of عوض ـ بدلہ ـ جگہ ـ مقام ـ بجائے ـ بدلے میں ـ

Lieutenant (ləf-ten-ənt) *n.* Deputy مددگار ـ نائب ـ قائم مقام (فوج) کپتان کے بعد کا عہدہ ـ لفٹیننٹ ـ

Life (lif) *n.* State of functional activity حیات ـ زندگی ـ جان ـ زندگانی ـ طریق زندگی ـ حیثیت ـ اصل زندگی ـ زندہ دلی ـ جوش ـ مستعدی ـ قوت عمل ـ ذی روح مخلوق ـ زندہ نمونہ ـ قد آدم تصویر ـ واقعات زندگی ـ سوانح عمری ـ تذکرہ ـ کاروباری زندگی ـ عملی زندگی ـ عیش کی زندگی ـ

Lifeless *adj.* افسردہ خاطر ـ مردہ دل ـ بے حرکت ـ بے عمل ـ بے روح ـ بے جان ـ

Lifelike *adj.* جیتی جاگتی ـ ہو بہو ـ

Lifer (lif-ər) *n* One sentenced to imprisonment for life حبس دوام ـ عمر قیدی ـ جنم قیدی ـ

Lift (lĭft) *v.t., i. & n.* Raise to higher position اوپر کو اٹھانا ـ اکسانا ـ سر فراز کرنا ـ بلند کرنا ـ ترقی دینا ـ دل بڑھانا ـ مویشی چرانا ـ ہانک کر لے جانا ـ زمین چرانا ـ زمین کھود کر نکالنا ـ زمین کے فرش کا ابھر آنا ـ اونچی ضرب مارنا ـ گیند اچھالنا ـ اوپر پہنچانے والی کل ـ لفٹ ـ سرفاع ـ

Ligament (lig-ə-mənt) *n.* Band of tough tissues, tie بندھن ـ بند ـ پٹی ـ رشتہ ـ ریشے اور عضلات جو ہڈیوں کو ملاتے ہیں ـ ہڈیوں کو جوڑنے والی رگیں ـ

Ligate (li-gat) *v.t.* Tie up پٹی باندھنا ـ خون بند کرنے کے لیے شریان کو باندھنا ـ

Ligature (li-gat-ur) *n.* Band, cord بند ـ پٹی ـ بندھن ـ رشتہ اتحاد ـ ٹائپ کے دو ملے ہوئے حروف ـ

Light (lit) *n.* Amount of illumination, appearance of brightness روشنی ـ نور ـ اجالا ـ چاندنی ـ چمک ـ بصارت ـ دیکھنے کی قوت ـ آنکھ کی چمک ـ نگاہ لطف و کرم ـ نظر عنایت ـ تڑکا ـ صبح کا اجالا ـ منبع نور ـ آفتاب ـ ماہتاب ـ ستارے ـ چراغ ـ شمع ـ روشنی کا مینار ـ تاب دان ـ شمع دان ـ زندگی ـ زیست ـ دروازے کا شیشہ ـ علم ـ گیان ـ حکمت ـ روشن ضمیری ـ جودت طبع ـ استعداد ـ قابلیت ـ رنگ ـ انداز ـ شعلہ ـ شرارہ ـ دیا سلائی ـ چقماق ـ

Light (lit) *adj.* Well-provided with light - کھلا روشن - واضح - ہویدا - سفید گون - زردی مائل - ہلکا -

Light (lit) *v.t.* & *i.* Set burning, kindle - روشن کرنا سلگانا - جلانا - آگ لگانا - آنکھوں میں چمک پیدا کرنا - - چمک اٹھنا - روشنی دکھانا - روشنی سے راستہ بتانا -

Light (lit) *adj.* & *adv.* Of little weight - ہلکا سبک - خفیف - کم وزن - ہلکا لدا ہوا - سبکسار - خوش نما - ملائم - نرم - زود ہضم - آسان - ہلکے ہتھیار والا - ہلکا پھلکا - چالاک - چست - تیز - پتلا - رقیق - غیر ضروری - غیر اہم - ادنیٰ - حقیر - قابل معافی - قابل چشم پوشی - غیر سنجیدہ - ہنسی مذاق کا - آوارہ - بد چلن - بے عصمت - متلون - غیر مستقل مزاج - ادب لطیف - تفریحی ادب - بے غم - خوش دل - بہکا ہوا - چلا ہوا - خبطی -

With a light heart نا عاقبت اندیشی سے - بے سوچے سمجھے - پر امید ہو کر -

Light-fingered چالاک - ہاتھ کا صاف - ہتھ پھیری کرنے والا چور -

Light-handed ہلکے ہاتھ کا - سبک دست -

Light-headed بے فکرا - خالی دماغ - باولا - سنکی -

Light-hearted خوش مزاج - زندہ دل - خوش دل -

Light-minded متلون - بے فکر - لا ابالی -

Lightly *adv.* بے سبب - بے فکری سے - سرسری طور پر - آہستہ سے -

Lightness *n.* لا ابالی پن - بے قراری - سبکی - ہلکا پن -

Light (lit) *v.t.* & *i.* Lend a hand in hauling ropes رسے کھینچنے میں ہاتھ بٹانا - رسے کو اوپر اٹھانا - آرام یا دم لینا - اترنا - نیچے آنا - نازل ہونا - اتفاقاً ملنا - اتفاقاً واقع ہونا -

Lighten (lit-en) *v.t.* & *i.* Reduce load of ship ہلکا کرنا - بوجھ اتارنا - وزن کم کرنا - خوش کرنا - بہلانا - دل ہلکا کرنا - تسلی دینا - ہلکا ہونا - گھٹنا -

Lighten (lit-en) *v.t.* & *i.* Make bright - روشن کرنا منور کرنا - چمکانا - دمکانا - چمکنا - دمکنا - مہکنا - روشن ہونا - درخشاں ہونا - بجلی چمکنا - بجلی گرنا -

Lighter (lit-ər) *n.* & *v.t.* Flat-bottomed boat for loading and unloading جہاز سے مال اتارنے کی کشتی - کشتی میں مال لے جانا - سگریٹ سلگانے کا پرزہ - روشن کرنے والا - چمکانے والا - لائٹر -

Lightish (lit-ish) *adj.* Somewhat light کسی قدر ہلکا - سبک سا - ہلکا سا -

Lightning (lit-ning) *n.* Visible electric discharge between clouds بجلی - برق - کوندا - نزع سے قبل کا سنبھالا -

Lights (lits) *n.* Lungs of animals شش - چوپایوں کے پھیپھڑے -

Lightsome (lit-sem) *adj.* Graceful, light-giving اجلا - خوش نما - خوش وضع - ضیا بار - چمکتا ہوا - خوش دل - مسرور - چست و چالاک - پھرتیلا -

Lightsomeness *n.* طراری - پھرتی - شادمانی - خوش وضعی -

Lightwood (lit-wood) *n.* Kind of wood which burns with a bright flame وہ درخت جس کی لکڑی ہلکی ہوتی ہے اور مشعل کی طرح جلتی ہے -

Ligneous (lig-ni-əs) *adj.* Woody (درخت) جس میں لکڑی زیادہ ہو - لکڑی کا - چوبی -

Ligniferous (lig-ni-fe-rəs) *adj.* Yielding wood لکڑی کی پیداوار کا - لکڑی پیدا کرنے والا -

Lignify (lig-ni-fi) *v.t.* & *i.* Turn into wood لکڑی بنا دینا - لکڑی بن جانا -

Lignite (lig-nit) *n.* Brown coal - کوئلہ کی ایک قسم -

Lignum vitae (lig-nəm-vita) *n.* Wood of life ایک قسم کی لکڑی جو دوا کے کام آتی ہے -

Like (lik) *adj.*, *prep.*, *adv.*, *conj.* & *n.* Similar, resembling سا - مانند - مثل - مشابہ - ویسا ہی - برابر - مائل - آمادہ - تیار - کسی چیز کے مانند - اسی طرح - غالباً - گویا - یوں سمجھو - جواب - مماثل - برابر والا - ایک ہی قسم کی چیزیں -

Like a shot بلا تامل - بلا چون و چرا -

Like-minded ہم مذاق - ہم خیال -

Like father like son جیسا باپ ویسا بیٹا -

The likes of you آپ جیسے -

Like (lik) *v.t., i. & n.* Bepleasing, satisfactory پسند آنا یا ہونا ۔ دل پسند ہونا ۔ پسند کرنا ۔ خواہش کرنا ۔ مطمئن ہونا ۔ خوش ہونا ۔ رغبت رکھنا ۔ موافق مزاج ہونا ۔ میلان خاطر ۔

Likeable *adj.* پسند خاطر ۔ مرغوب ۔ پسندیدہ ۔

Likelihood (lik-li-hud) *n.* Being likely احتمال ۔ گمان ۔ آثار ۔ قرینہ ۔ بھروسہ ۔

Likely (lik-li) *adj. & adv.* Probably اغلب ۔ بہت ممکن ۔ غالباً ۔ پسندیدہ ۔ سہانا ۔ ہونہار ۔ بظاہر موزوں ۔

Liken (lik-en) *v.t.* Find resemblance ملانا ۔ مقابلہ کرنا ۔ تشبیہ دینا ۔ مشابہ کرنا ۔ برابر کرنا ۔

Likeness (lik-nes) *n.* Being like ملتی جلتی شکل و صورت ۔ مشابہت ۔

Likewise (lik-wis) *adv. & conj.* Similarly, more over اسی طرح ۔ اسی طور پر ۔ علیٰ ہذاالقیاس ۔

Liking (lik-ing) *n.* One's taste رغبت ۔ پسند ۔ پسند کی چیز ۔ ذوق ۔

Lilac (li-lek) *n.* Shrub with fragrant blossoms بکائن ۔ سفید اور بنفشئی پھولوں اور شگوفوں والی جھاڑی ۔

Lilliputian (lil-i-pu-sh(y)ən) *adj. & n.* Diminitive للی پٹ کا رہنے والا ۔ پستہ قد ۔ بونا ۔

Lilt (lilt) *v.t. & i.* Sing melodiously خوش الحانی سے گانا ۔ خوشی سے گانا ۔ چہچہانا ۔

Lily (li-li) *n.* Flower plants of tall slender stems سوسن ۔ نرگس ۔ سمن ۔ پاک دامن شخص ۔ بے داغ ۔ سفید ۔ بے داغ چیز ۔ نازک ۔ سیمیں ۔ دودھیا ۔

Limb (lim) *n. & v.t.* Leg, arm, wing عضو ۔ ہاتھ پاؤں ۔ پنکھ ۔ شاخ ۔ ٹہنی ۔ ڈالی ۔ معاون ۔ مدد گار ۔ حامی ۔ حمایتی ۔ جملہ کا ٹکڑا ۔ ہاتھ پاؤں کاٹنا ۔ جوڑ جوڑ الگ کر دینا ۔ بے کار کر دینا ۔

Limbless *adj.* بے پنکھ ۔ بغیر ہاتھ پیر کے ۔ لنجا ۔ لنڈورا ۔

Limb (lim) *n.* Edge of surface کنارہ ۔ حاشیہ ۔ سورج یا چاند کی کور ۔ پنکھڑی کا کھلا ہوا حصہ ۔

Limber (lim-bər) *n. & v.t.* Detachable front of gun-carriage توپ گاڑی کا اگلا حصہ جو علیحدہ کیا جا سکتا ہے ۔ توپ گاڑی کے اگلے اور پچھلے حصے کو ملانا ۔ جہاز کے پیندے میں پانی نکالنے کا سوراخ ۔

Limber (lim-bər) *adj.* Flexible پلپلا ۔ نرم ۔ ملائم ۔ الگ ہو جانے والا ۔ لچک دار ۔

Limbo (lim-bo) *n.* Region on border of Hell عیسائیوں کا اعراف ۔ دوزخ کے کنارے وہ مقام جہاں غیر عیسائی نیک لوگوں اور بچوں کی روحیں رہتی ہیں ۔ قید خانہ ۔ قید ۔

Lime (lim) *v.t. & n.* Round fruit more acid than lemon چونے کا پتھر ۔ لاسا ۔ لاسا لگا کر پرند پکڑنا ۔ لاسا لگانا ۔ چونا ڈالنا ۔ کھال کو چونے کے پانی میں ڈبونا ۔ لیموں ۔ ضمیری ۔ لیموں کا درخت ۔

Limy لاسا لگا ہوا ۔ چونے کا سا ۔

Lime (lim) *n.* An ornamental tree دل نما پتیوں کا ایک آرائشی درخت ۔

Limerick (lim-ə-rik) *n.* A verse of five lines مہمل نظم ۔ ہجویہ نظم ۔ مخمس ۔

Limit (lim-it) *n.* Bounding line حد ۔ سرحد ۔ آخری سرا ۔ قید ۔ روک ۔ بند ۔

Is the limit حد ہو گئی ۔

Limitless *adj.* بے حد ۔ بسیط ۔ غیر محدود ۔

Limit (lim-it) *v.t.* Confine within limits محدود کرنا ۔ محصور کرنا ۔ احاطہ کرنا ۔ روکنا ۔ پابند کرنا ۔ کام کی حد مقرر کرنا ۔

Limitarian (lim-it-ə-ri-ən) *n.* Doctrine that only a limited number can get salvation اس عقیدے کا حامی کہ ایک محدود جماعت ہی ناجی ہے ۔

Limitary (lim-it-ə-ri) *adj.* Subject to restriction سرحد کا ۔ کنارے کا ۔ حدود کے اندر کا ۔ مشروط ۔ محدود ۔

Limitation (lim-it-ə-shən) *n.* Limited condition حد بندی ۔ احاطہ بندی ۔ پابندی ۔ مجبوری ۔ معذوری ۔ قید ۔ بندش ۔ محدود ہونا ۔ میعاد ۔ مدت ۔ عرصہ ۔ مدت ساعت مقدمہ ۔

Has his limitations اس کی قابلیت محدود ہے ۔

Limn (lim) *v.t.* Paint کتاب وغیرہ پر طلاکاری یا نقاشی کرنا ۔ تصویر بنانا ۔ مرقع بنانا ۔ واقعہ کی تصویر کھینچنا ۔ خاکہ اتارنا ۔

Limnology (lim-nə-lə-gi) *n.* Study of lakes and pond life جھیلوں کے طبعی حالات کا مطالعہ ۔ تالاب کے جانداروں کا مطالعہ ۔

Limousine (lim-oo-zin) *n.* Motor car with enclosed body بند موٹر گاڑی ۔

Limp (limp) *v.i. & n.* Walk lamely لنگڑانا ۔ لنگڑا کر چلنا ۔ اشعار میں سکتہ ۔ لنگ ۔ لنگڑی چال ۔

Limp (līmp) *adj.* Wanting in energy, not stiff ڈھیلا ۔ نرم ۔ سست ۔ بے پٹھے کی جلد ۔ بے طاقت ۔ بے جان ۔

Limpet (līm-pit) *n.* Gasteropod mollusc sticking tightly to rocks ایک کیڑا جو چٹانوں سے چمٹا رہتا ہے ۔ ایسا شخص جو اپنی ملازمت کو کسی صورت میں نہ چھوڑے ۔ چمٹا رہنے والا ۔ چم چچڑ ۔

Limpid (līm-pid) *adj.* Clear صاف ۔ شفاف ۔ نتھرا ہوا ۔ روشن ۔

Limpkin (limp-kin) *n.* Crane-like bird ایک پرندہ جو سارس سے مشابہ ہوتا ہے ۔

Linchpin (lin(t)sh-pin) *n.* Pin passed through axle-end to keep wheel on دھرے کی وہ عمودی کیل جو پہیے کو باہر نکلنے نہیں دیتی ۔

Line (līn) *n.* Long narrow mark رسی ۔ ڈور ۔ دھاگا ۔ ستلی ۔ لکیر ۔ خط ۔ دھاری ۔ قطار ۔ سلسلہ ۔ تار برق یا تلغرافی تار ۔ تاروں کی قطار ۔ مچھلی کے کانٹے کی ڈور ۔ قسمت کا لکھا ۔ سیون ۔ چھوٹی نالی ۔ شکن ۔ ریکھا ۔ خط استوا ۔ خط مستقیم ۔ سیدھی لکیر ۔ سوت ۔ حد ۔ سرحد ۔ فوجیوں کی صف ۔ پیادہ فوج ۔ مختصر خط ۔ (جمع) نکاح نامہ ۔ اداکار کے الفاظ ۔ خاندان ۔ گھرانہ ۔ ریل کی پٹری ۔ سڑک ۔ طریقہ، کارروائی ۔ طرز عمل ۔ طریق کار ۔ پیشہ ۔ شغل ۔ کاروبار ۔

Hard lines بد قسمتی ۔

Read between the lines تقریر یا تحریر کے مخفی معنی پالینا ۔

Toe the line اپنی جماعت کی پالیسی قبول کرنا ۔

Something in one's line کسی شخص کے کام یا مذاق کی چیز ۔

Line (lin) *v.t. & i.* Mark with lines خط یا لکیر کھینچنا ۔ سطریں کھینچنا ۔ استر لگانا ۔ قطار لگانا ۔ برابر رکھنا ۔ مدد کرنا ۔ منڈھنا ۔ گوٹ لگانا ۔ خول چڑھانا ۔

Line (lin) *v.t.* Cover, copulate with کتے کا کتیا سے جفتی کھانا ؛ گابھن کرنا ۔

Lining *n.* کوٹ وغیرہ کے اندر لگانے کا کپڑا ۔ استر ۔

Every cloud has a silver lining ہر برائی میں اچھائی کی جھلک ہوتی ہے ۔

Lineage (līn-ag) *n.* Pedigree خاندان ۔ اصل ۔ نسل ۔ سلسلہ ۔ حسب نسب ۔ گھرانا ۔

Lineal (līn-əl) *adj.* In the direct line of descent موروثی ۔ خاندانی ۔ آبائی ۔ خطوط دار ۔ لکیر دار ۔ سیدھے سلسلہ میں ۔ بلا واسطہ موروثی سلسلہ میں ۔

Lineament (līn-ə-mənt) *n.* Distinctive features خاندانی خصوصیات ۔ چہرہ مہرہ ۔ ناک نقشہ ۔ خد و خال صورت شکل ۔

Linear (līn-yer) *adj.* Of, in, line پتلا ۔ نازک ۔ سیدھے خط میں ۔ سیدھے خط کا ۔ خط والا ۔ دھاری والا ۔ ڈوریا ۔ ڈوریے کا ۔

Lineation (līn-a-shən) *n.* Marking with lines سطر بنانا ۔ مسطر سے خط کھینچنا ۔ خطوط کی ترتیب کرنا ۔ نقشہ مرتب کرنا ۔

Linen (lin-ən) *adj.* Made of flax کتان کا بنا ہوا ۔ سن کا ۔ سوتی کپڑے ۔ قمیص ، چادریں وغیرہ ۔

Wash one's dirty linen at home گھر کے جھگڑوں کو گھر ہی میں رکھنا ۔

Liner (līn-ər) *n.* Ship or aircraft belonging to a regular line کسی خاص جہازی کمپنی کا جہاز ۔ مسافر دخانی جہاز ۔ مسافر ہوائی جہاز ۔

Linesman (lins-mən) *n.* Official assisting umpire in tennis, hockey, football لڑنے والی فوج کا سپاہی ۔ وہ لوگ جو بیرونی لکیروں کی نگرانی کرتے اور کھیلوں میں جج کی مدد کرتے ہیں ۔

Ling (ling) *n.* Long slender sea-fish, a kind of heather ایک قسم کی لمبی سمندری مچھلی ۔ ایک قسم کی دلدلی جھاڑی ۔

Linger (ling-gər) *v.i. & t.* Not depart or arrive in time دیر لگانا ۔ کاہلی کرنا ۔ پس و پیش کرنا ۔ تامل کرنا ۔ جانے میں آلکسی کرنا ۔ کسی جگہ میں دیر تک رہنا ۔ گھلنا ۔ جھولنا ۔

Lingerer *n.* سست ۔ دیر کرنے والا ۔ دیر تک کسی حالت میں رہنے والا ۔

Lingo (ling-go) *n.* Foreign language بولی ۔ گفتار ۔ زبان ۔ غیر ملکی بولی ۔ کسی خاص طبقہ کی زبان یا محاورہ ۔

Lingua Franca (ling-gua-fran-ka) *n.* Mixture of different languages. Any language serving as medium among different people ۔ مخلوط زبان ایسی زبان جس میں مختلف زبانیں بولنے والے تبادلۂ خیال کر سکیں ۔ جگت بھاشا ۔

Lingual (ling-gu-əl) *adj.* & *n.* Of the tongue زبان سے نکلا ہوا ۔ بولی یا زبان کے متعلق ۔ زبان یا نطق کے متعلق ۔

Linguist (ling-guist) *n.* Person skilled in foreign languages غیر ملکی زبانیں جاننے والا ۔ ماہر السنہ ۔

Linguistic (ling-guis-tik) *adj.* Of the study of languages علم السنہ کے متعلق ۔ زبان کا ۔ لسانیات کا ۔

Lingy (ling-gi) *adj.* Well built مضبوط ۔ قد آور ۔ لمبا ۔ اونچا ۔ چالاک ۔ ہوشیار ۔

Liniment (lin-i-mənt) *n.* Oily liquid طلا ۔ ضماد ۔ مرہم ۔ تیل ۔ مالش کا روغن یا دوا ۔

Link (lingk) *n., v.t.* & *i.* One ring or loop of chain کڑی ۔ زنجیر کی کڑی ۔ جریب کی کڑی ۔ آستین کے دھرے بوتام ۔ پھندا ۔ قلابہ ۔ رشتہ ۔ رابطہ ۔ لگاؤ ۔ تعلق ۔ واسطہ ۔ کسی سلسلہ کی کڑی ۔ ملانا ۔ جوڑنا ۔ شامل ہونا ۔ منسلک ہونا ۔

Link (lingk) *n.* Torch of pitch and tow مشعل ۔ لوکا ۔ رال کی مشعل ۔

Links (lingks) *n.* Level sandy ground near sea-shore ساحل کے پاس مسطح میدان ۔ گھاس کا میدان ۔ گولف کھیلنے کا میدان ۔

Linnet (lin-it) *n.* Common brown song-bird ایک قسم کا چھوٹا خوش الحان پرندہ ۔

Linotype (lin-o-tip) *n.* Machine much used in printing newspapers چھاپے کی مشین جس میں پوری پوری سطریں چھاپنے کے لیے جاتی جاتی ہیں ۔

Linseed (lin-sed) *n.* Seed of flax السی ۔ تخم کتان ۔

Linsey-woolsey (lin-zi-wool-zi) *n.* Dress material of inferior wool and cotton سوت اور اون سے بنا ہوا موٹا کپڑا ۔

Linstock (lin-stok) *n.* Match-holder used in gunnery توپ کا توڑا ۔ فتیلہ ۔ فتیلہ لگانے کی چھڑی ۔

Lint (lint) *n.* Soft material for dressing wounds کتان کا ملائم کپڑا ۔ پھاہے کا کپڑا ۔ سن ۔ صوف ۔

Lintel (lin-tl) *n.* Horizontal timber or stone over door or window دروازے یا کھڑکی کے اوپر کی چوکھٹ ۔ سردل ۔ لنٹل ۔

Lion (li-ən) *n.* Large powerful carnivorous mammal شیر ۔ ببر ۔ اسد ۔ شیر مرد ۔ بہادر ۔ شجاع ۔ سورما ۔ (جمع) شہر کی قابل دید چیزیں ۔ مشہور مصنف یا کوئی اور نامی آدمی ۔ برطانیہ کا قومی نشان ۔ برطانوی قوم ۔ برج اسد ۔

Twist lion's tail غیر ملکیوں یا اخباروں کا انگلستان کے منہ آنا ۔

Lion-hearted *adj.* بہادر ۔ شیر دل ۔

Lionet *n.* پٹھا شیر ۔ شیر کا بچہ ۔

Lionize (li-ən-iz) *v.t.* & *i.* See or show the sights شہر کی چیزیں دیکھنا یا دکھانا ۔ دلچسپ اور قابل دید منظر دکھانا ۔ کسی شخص سے اس طرح پیش آنا کہ گویا وہ بڑا آدمی ہے ۔ اظہار شان کے لیے بڑے آدمیوں کو دعوت دینا ۔

Lionizm *n.* بڑے آدمیوں کو مدعو کرنا ۔ مشاہیر پرستی ۔

Lip (lip) *n.* & *v.t.* One of the fleshy edges of the opening of mouth ہونٹ ۔ لب ۔ کنارہ ۔ کگر ۔ (بول چال) گستاخی ۔ بے ادبی ۔ گستاخانہ کلام ۔ ہونٹ لگانا ۔ کھس پس کرنا ۔ سرگوشی کرنا ۔ منہ میں بولنا ۔

Liquate (lik-wat) *v.t.* Purify by liquefying دھات پگھلانا ۔ دھات گلانا ۔ دھات کو پگھلا کر صاف کرنا ۔

Liquation *n.* دھات کا پگھل جانا ۔

Liquefy (lik-wi-fi) *v.t.* & *i.* Bring into liquid condition پانی کی طرح کر دینا ۔ پگھلانا ۔ پگھلنا ۔ پانی بن جانا ۔

Liquefiable گلنے یا پگھلنے کے قابل ۔

Liqueur (lik-ur) *n.* & *v.t.* Strong alcoholic liquor drunk in small quantity نہایت تیز شیریں شراب جو کم کم پی جاتی ہے ۔ شکر دار الکحل کا شیرہ ۔ شکر دار شیرہ ملانا ۔

Liquid (lik-wid) *adj.* & *n.* Watery, fluid رقیق - پتلا - سیال - پانی کی طرح - بہنے والا - صاف - نرم - ملائم - متلون - متغیر - جائداد جو آسانی سے نقدی میں تبدیل ہو جائے -

Liquidize *v.t.* پتلا کرنا - رقیق بنانا - سیال کرنا -

Liquidate (lik-wid-at) *v.t.* & *i.* Get rid of, wind up - پانی سا کرنا - سیال کرنا - صاف کرنا - میل چھانٹنا - ادا کرنا - چکانا - نپٹانا - کاروبار بند کرنا - کاروبار کا تصفیہ یا حساب کرنا -

Liquidator *n.* حساب کا تصفیہ کرنے والا - کاروبار بند کرنے والا -

Liquidation *n.* چکوتہ - بے باقی - حساب -

Liquor (lik-ər) *n.* & *v.t.* Water used in brewing پانی کی طرح بہنے والی چیز - عرق - پانی جو شراب بنانے کے لیے استعمال ہو - شراب - جوشاندہ - یخنی - چمڑے پر چربی لگانا - شراب پینا -

Liquorice (lik-ər-iz) *adj.* & *n.* Root used in medicine ملیٹھی - ملیٹھی کی جڑ - ربالسوس - ملیٹھی کا ست - ملیٹھی کا -

Liquorish (lik-ər-ish) *adj.* Fond of liquor - نشے میں مزے میں - شراب کا شائق - شرابیوں کا سا -

Lira (li-ra) *n.* Italian monetary unit اٹلی کا نقرئی سکہ -

Lisp (lisp) *v.i.* & *n.* Speak with imperfect pronunciation تتلانا - لکنت کرنا - تتلا کر بولنا - لہرانا - موجوں کا لہرانا - پتوں کا سرسرانا - سرسراہٹ - لکنت -

Lispingly *adv.* لکنت کے ساتھ - تتلا کر -

List (list) *n.* & *v.i.* Leaning over to one side جہاز کا ایک طرف جھک جانا - جہاز یا کسی سواری کا الار ہو جانا -

List (list) *n., v.t.* & *i.* Selvage or edge of cloth کنی - کپڑے کا کنارہ - اوریب - نیزہ بازی کے میدان کا کنارہ - مقابلہ کا میدان - فہرست - فرد - فہرست میں درج کرنا - فوج میں بھرتی ہونا -

List (list) *v.t.* Be pleasing to پسندیدہ ہونا - پسند کرنا - چاہنا -

Listen (lis-n) *v.i.* & *t.* Make effort to hear کان لگانا - دھیان دینا - غور سے سننا - قبول کرنا - ماننا -

Listener *n.* سامع - ماننے والا - سننے والا -

Listerine (lis-ter-in) *n.* An antiseptic solution ایک جراثیم کش دوا - زہر مار دوا -

Listless (list-les) *adj.* Indifferent اونگھتا ہوا - بے پروا - بے خبر - غافل -

Listlessness *n.* سیٹھا پن - بے توجہی - بے پروائی - غفلت -

Litany (lit-əni) *n.* Series of prayers in the book of Common Prayers دعائے مغفرت - وہ دعائیں جو پادری پڑھتا ہے اور حاضرین اس کا ساتھ دیتے ہیں - عیسائیوں کا اجتماعی طریق عبادت -

Literacy (lit-ə-rə-si) *n.* Ability to read and write نوشت و خواند کی قابلیت -

Literal (lit-ə-rəl) *adj.* Following exact original words لغوی - وضعی - لفظی - اصلی - لفظ بہ لفظ - متن کے مطابق - حقیقی معنوں میں -

Literalism *n.* الفاظ پر زور دینا - ظاہری معنی کی پیروی -

Literalist *n.* لغت پرست - ظاہری معنی کا پیرو -

Literally *adv.* لغوی معنی میں - وضعی معنی میں - حقیقی معنی میں

Literary (lit-ər-ər-i) *adj.* Of literature علمی - ادبی - لسانی - تصنیف و تالیف کا - ادبیات کے متعلق - علمی الفاظ کی بابت جو عام بول چال میں مستعمل نہ ہوں -

Literate (lit-ər-it) *adj.* & *n.* Person acquainted with literature پڑھا لکھا - ادیب - جس کو ادب میں دستگاہ ہو - وہ شخص جس کو بغیر سند کے کلیسا کا رکن بنا دیا گیا ہو -

Literator (lit-ər-it-ər) *n.* Literary man ذی علم شخص - مصنف - عالم - معمولی مدرس -

Literature (lit(ə)rə-tyər) *n.* Literary production علم - ادبیت - ادبی علوم - ادبی تخلیق - ادبی ذخیرہ - کسی زبان کا ادب (بول چال) مطبوعات - کوئی مطبوعہ چیز -

Litharge (lith-arj) *n.* Lead monoxide سیندور - مردار سنگ -

Lithe (lidh) *adj.* Supple لچکیلا ۔ نرم ۔ ملائم ۔ لچکدار ۔

Litheness *n.* لوچ ۔ لچک ۔ نرمی ۔

Lithesome *adj.* لوچ دار ۔ نرم ۔ لچکدار ۔

Lithic (lidh-ik) *adj.* Of stone پتھر کا ۔ سنگی ۔ پتھری کے متعلق ۔

Lithograph (lith-ə-graf) *n.* & *v.t.* Write on stone پتھر کا چھاپا ۔ پتھر پر لکھ کر چھاپنا ۔

Lithography (lith-ə-grafi) *n.* Writing on slaty stone پتھر کی چھپائی ۔ پتھر کی طباعت ۔ پتھر پر جما کر طبع کرنا ۔

Lithographer *n.* سنگی طباعت کرنے والا ۔

Lithographic *adj.* پتھر کے چھاپے کا ۔ سنگی طباعت کے متعلق ۔

Lithology (lītho-ləgi) *n.* Science of composition of stones پتھروں کا علم ۔ پتھروں کی ساخت کا علم ۔ حجریات ۔ سنگ مثانہ اور اس کا علاج ۔

Lithontriptic (lith-ən-trip-tik) *adj.* & *n.* That breaks up stone in bladder سنگ شکن ۔ مثانہ کی پتھری توڑنے والی دوا ۔

Lithotomy (līth-ə-tə-mi) *n.* Operation for cutting bladder stone جراحی سے سنگ مثانہ نکالنے کا عمل ۔

Lithotrity (lith-ə-tri-ti) *n.* Crushing stone in bladder مثانہ کی پتھری کو چورا چورا کر دینا ۔

Litigate (lit-ī-gat) *v.i.* & *t.* Be party to law suit دعویٰ کرنا ۔ نالش کرنا ۔ مقدمہ چلانا ۔ مقدمہ کا فریق ہونا ۔ کسی قانونی مسئلہ پر بحث و حجت کرنا ۔

Litigious (lit-i-gi-əs) *adj.* Fond of going to law مقدمہ بازی کا شوقین ۔ مقدمہ بازی کے متعلق ۔ دعویٰ کرنے کے قابل ۔

Litre (li-tər) *n.* Unit of capacity in metric system سیال چیزوں کے ناپ کا پیمانہ ۔ برتن کی گنجائش کا پیمانہ ۔

Litter (lit-ər) *v.t., i.* & *n.* Vehicle carried on men's shoulders پالکی ۔ ڈولی ۔ میانہ ۔ پینس ۔ گھاس کا بچھونا ۔ جانوروں کے لیٹنے کی گھاس ۔ کوڑا کرکٹ ۔ بچا کھچا ۔ جانوروں کے بچوں کی جھول ۔ سور کے بچے ۔ بے ترتیبی ۔ بے ترتیبی سے رکھنا ۔ بکھیرنا ۔ جھول نکلنا ۔ بچے دینا ۔

Litterateur (li-te-ra-tər) *n.* Literary man عالم ۔ ادیب ۔ مصنف ۔

Little (lit-l) *adj.* Small, not big چھوٹا ۔ ننھا منا ۔ خورد ۔ کوچک ۔ کمسن ۔ خورد سال ۔ چھوٹا سا ۔ چھوٹی قسم کا ۔ قلیل ۔ ذرا ۔ تھوڑا ۔ تھوڑی سی چیز ۔ معمولی شے ۔ حقیر شے ۔ ذلیل ۔ کمینہ ۔ ادنیٰ ۔ کمتر ۔ تھوڑا بہت ۔ کم ۔ بہت کم ۔ بالکل نہیں ۔ کچھ نہیں ۔

Littleness *n.* چھوٹائی ۔ خفیف ہونا ۔ کمی ۔ کوتاہی ۔ قلت ۔

Liturgy (lit-ər-ji) *n.* Form of public worship عیسائیوں کے آداب نماز ۔ عبادت کا قاعدہ ۔ عبادت کے ارکان ۔ طریقہ دعا ۔ دعاؤں کی کتاب ۔

Livable (liv-əbl) *adj.* Eit to live in رہنے کے قابل ۔ قابل سکونت ۔ قابل رہائش ۔ جس کے ساتھ نباہ ہو سکے ۔ رفاقت کی صلاحیت والا ۔

Live (liv) *adj.* Living, actual جیتا ۔ زندہ ۔ جاندار ۔ چابک ۔ تیز ۔ چست ۔ پھرتیلا ۔ دھکتا ہوا ۔ جلتا ہوا ۔ سلگتا ہوا ۔ پھٹنے والا ۔ دغنے والا ۔ برق قوت سے بھرا ہوا تار ۔ متحرک ۔ حرکت پیدا کرنے والا ۔

Live (liv) *v.i.* & *t.* Be alive, subsist جینا ۔ زندہ رہنا ۔ ذی روح ہونا ۔ زندگی بسر کرنا ۔ کھا کر زندہ رہنا ۔ اپنی حیثیت قائم رکھنا ۔ رہنا ۔ بسنا ۔ سکونت رکھنا ۔ مقیم ہونا ۔ بود و باش کرنا ۔ بڑی عمر پانا ۔ بچ جانا ۔ عیش کرنا ۔ آرام سے گزارنا ۔ اچھی حالت میں رہنا ۔

Live and learn زندگی حصول علم میں گزارو ۔

Live and let live مرنجان مرنج زندگی گزارنا ۔ رہو اور رہنے دو ۔

Live in a small way خاموشی اور کفایت سے گزارا کرنا ۔

Live well اچھی زندگی گزارنا ۔ اچھا کھانا پینا ۔

Livelihood (liv-li-hood) *n.* Means of living ذریعہ معاش ۔ روزگار ۔ روزی ۔ رزق ۔

Lively (liv-li) *adj.* Full of life خوش طبع ۔ زندہ دل ۔ تیز ۔ طرار ۔ سرگرم ۔ جوشیلا ۔ زور دار ۔ زور شور کا ۔ مشکل ۔ شگفتہ خاطر ۔ ہشاش بشاش ۔

Liveliness *n.* سرگرمی ۔ خوش مزاجی ۔ زندہ دلی ۔

Liven (liv-en) *v.t.* & *i.* Brighten cheer گرمانا ۔ جان ڈالنا ۔ جان پڑنا ۔

Liver (liv-ər) *n.* Organ which purifies venous blood جگر ۔ کلیجہ ۔ کبد ۔ شریانوں کا خون صاف کرنے والا عضو ۔

Hot liver ۔ عاشق مزاجی ۔ آشفتہ سری ۔ شوریدہ مزاجی

Liverish *adj.* جس کو جگر کی شکایت ہو ۔ جگر کا مریض ۔

Liver (liv-ər) *n.* One who lives بسر اوقات کرنے والا ۔ کسی خاص طریقے سے رہنے والا ۔

Livery (liv-ər-i) *n.* Provision of food or clothing to retainers نوکروں کی خوراک اور پوشاک ۔ ملازموں کی وردی ۔ جانوروں کا چارہ ، دانہ ، گھاس ۔ جماعت پیشہ وراں کی رکنیت ۔ پیشہ وروں کی جماعت ۔

Liveried *adj.* وردی پوش ۔

Livery (liv-ər-i) *adj.* Of the colour of liver کلیجی کے رنگ کا ۔ سیاہی مائل ۔ جس کا جگر خراب ہو ۔ بے کیف ۔ سست ۔ چڑ چڑا ۔

Livid (liv-id) *adj.* Of bluish leaden colour سیسے کے رنگ کا ۔ کالا ۔ نیلا ۔ چوٹ سے نیلا ۔

Living (liv-ing) *adj.* Now existent زندہ ۔ جاندار ۔ بقید حیات ۔ چلتا پرزہ ۔ چالاک ۔ ہو بہو ۔ مطابق اصل ۔ زندگی بسر کرنا ۔ معیشت ۔ گزارا ۔ وظیفہ ۔

Good living اجلا خرچ ۔ اچھی زندگی ۔

Living room اٹھنے ، بیٹھنے کا کمرہ ۔ رہائشی کمرہ ۔

Plain living and high thinking سادہ زندگی اور بلند خیالی ۔

Lixiviate (liks-iv-i-at) *v.t.* Separate into soluble and insoluble constituents کسی مرکب کے حل ہونے والے اور نہ حل ہونے والے اجزا کو الگ کرنا ۔ نتھارنا ۔

Lixiviation *n.* نتھار کر نمک نکالنا ۔ نتھار کر غیر محلل اجزا علیحدہ کرنا ۔ نتھارنا ۔

Lizard (liz-ərd) *n.* Kinds of reptile having long body and tail چھپکلی ۔ گرگٹ ۔ گوہ ۔ بھکھوپڑا ۔ بامنی ۔ ایک زرد رنگ کا پرندہ جو پالا جاتا ہے ۔

Llama (la-ma) *n.* South American animal allied to camel but humpless اونٹ کی طرح کا چھوٹے قد بغیر کوہان کا چوپایہ ۔ لاما کے اون کا بنا ہوا سامان ۔

Lo (lo) *interj.* See, behold لو ۔ دیکھو ۔ اتنے میں کیا دیکھتے ہیں کہ ۔

Loach (loch) *n.* Small fresh-water fish ایک قسم کی میٹھے پانی کی مچھلی ۔ لوچ ۔

Load (lod) *n.* Burden, material object or force بوجھ ۔ دباؤ ۔ بار ۔ بوجھ کی مقدار یا اس کا مقررہ وزن ۔ مشین میں رکاوٹ ۔ بجلی کا وزن ۔ ذمہ داری کا بار ۔ بار غم ۔ بار خاطر ۔ (بول چال) کثرت ۔ افراط ۔

Load (lod) *v.t.* Put load on بوجھ لادنا یا لادا جانا ۔ جہاز وغیرہ پرسامان بارکرنا ۔ بوجھ ڈالنا ۔ بھرتی کرنا ۔ مال لادنا ۔ بھرمار کرنا ۔ گالیوں کی بوچھاڑ کرنا ۔ بندوق بھرنا ۔ قسط میں اضافہ کرنا ۔

Loader (lod-ər) *n.* One who loads, loading machine لادنے والا ۔ بھرنے والا ۔ بوجھ بھرنے والا ۔ شکاری کی بندوق بھرنے والا ۔ خادم ۔ کارتوس بھرنے والی مشین ۔

Loaf (lof) *n.* Piece of bread نان پاؤ ۔ پاؤ روٹی ۔ ڈبل روٹی ۔ نان ۔ قند کا ڈلا ۔ مصری کا ڈلا ۔

Half a loaf is better than no bread نہ ہونے سے آدھی بھلی ۔

Loaves and fishes ذاتی اغراض ۔ اپنا حلوا مانڈا

Loaf (lof) *v.t., i. & n.* Spend time idly ادھر ادھر پھرنا ۔ سیر گشت کرنا ۔ بیکار وقت گزارنا ۔ سیر گشت ۔ سیر سپاٹا ۔

Loafer *n.* بے فکرا ۔ طفیلی ۔ بدمعاش ۔ آوارہ گرد ۔

Loam (lom) *n.* Paste of clay and straw چکنی مٹی کا گارا ۔ مٹی اور بھوسے کا گارا ۔ گندھی ہوئی مٹی ۔ کہگل ۔ زرخیز چکنی مٹی ۔

Loan (lon) *n. & v.t.* Thing or money lent قرض ۔ دین ۔ ادھار ۔ مستعار ۔ سود پر قرض ۔ قومی قرض ۔ بطور قرض دینا ۔ قرض دینا ۔

Loanable قرض دئے جانے کے قابل ۔

Loanee قرض لینے والا ۔ مقروض ۔ قرض دار ۔

Loaner ساہوکار ۔ لین دار ۔ قرض دینے والا ۔

Loathe (lodh) *v.t.* Regard with disgust نفرت کرنا ۔ کراہت کرنا ۔ متنفر ہونا ۔

Loath (lodh) *adj.* Unwilling غیر رضامند ۔ کھچا کھچا ۔ ناراض ۔ بے دل ۔ متنفر ۔

Loathing *n.* نفرت ۔ کراہت ۔ گھن ۔ تنفر ۔

Loathly (lodh-li) *adj. & adv.* Disgusting نفرت انگیز ۔ نفرت سے ۔ کراہت سے ۔ کریہہ ۔

Loathsome (lodh - sem) *adj*. Exciting disgust مکروہ ۔ کریہہ ۔ ناگوار ۔ گھناؤنا ۔

Loathsomeness *n*. گھناؤنا پن ۔ نفرت انگیزی ۔

Lob (lob) *v.i., t. & n.* Walk or move heavily and clumsily بھدے پن سے چلنا یا دوڑنا ۔ سست چلنا ۔ آہستہ سے گیند اچھالنا ۔ ٹینس میں گیند کو بلے سے اچھالنا ۔ گنوار ۔ اناڑی ۔ بھدا آدمی ۔

Lobby (lob-*i*) *n.,v.t. & i.* Porch, corridor, entrance hall پیش دالان ۔ دالان ۔ برآمدہ ۔ ڈیوڑھی ۔ دیوان خانہ ۔ غلام گردش ۔ دارالعوام میں عوام کا بڑا کمرہ ۔ ملاقات کا کمرہ ۔ ممبروں پر اثر ڈال کر کوئی قانون پاس کرانا ۔

Lobe (lob) *n*. Roundish, flattish or pendulous parts دماغ کا ۔ پھیپھڑے کا حصہ ۔ کان کی لو ۔ بنا گوش ۔

Lobster (lob-stər) *n*. Large marine stalk-eyed ten-footed edible crustacean جھینگا مچھلی ۔ خولدار مچھلی ۔ پکے ہوئے جھینگے (حقارتاً) برطانوی سپاہی ۔

Lobster-eyed موٹی اور کھلی آنکھوں والا ۔ گاؤ دیدہ ۔

Lobworm (lob-wurm) *n*. Large earthworm used as fishing bait بڑا کیچوا جس کو مچھلی کے چارے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

Local (lo-kl) *adj. & n.* Belonging to particular place مقامی ۔ مقام کا ۔ موقع کے متعلق ۔ خاص مقام پر محدود ۔ مقامی شخص ۔ اخبار کی مقامی خبریں ۔ وہ گاڑی جو قریبی مقامات تک آئے جائے ۔

Local option یہ اصول کہ مقامی باشندے اپنے مقام پر شراب کی بندش کر سکتے ہیں ۔

Locally *adv*. موقع کے لحاظ سے ۔ کسی مقام پر ۔ مقامی طور پر ۔

Localism (lo-kel-izm) *n*. Attachment to a place کسی مقام سے وابستہ ہونا ۔ محدود وطن پرستی ۔ اپنے وطن کی ہر چیز کو اچھا سمجھنا ۔ مقامی چیزوں کی حمایت ۔

Locality (lok-ə-li-ti) *n*. Place where a thing is مقام ۔ جگہ ۔ کسی چیز کا موقع محل ۔ وقوع ۔ مقامات یاد رکھنے کی صفت ۔ اپنا راستہ معلوم کرنے کی عادت ۔

Localize (lokə-liz) *v.t.* Restrict to a particular place مقامی رنگ میں رنگنا ۔ کسی مقام سے مختص کرنا ۔ مرتکز کرنا ۔ کسی خاص مقام کی خصوصیات پیدا کرنا ۔

Locate (lo-kat) *v.t.* Establish in a place بٹھانا ۔ رکھنا ۔ قائم کرنا ۔ جگہ قرار دینا ۔ ٹھیک جگہ بتانا یا دریافت کرنا ۔

Location *n*. قرارداده مقام ۔ معینہ مقام ۔ موقع ۔

Lock (lok) *n*. Tress بالوں کی لٹ ۔ کاکل ۔ زلف ۔ (جمع) سر کے بال ۔ اون کی لچھی ۔ روئی کا گالا ۔

Lock (lok) *n*. Appliance for fastening door lid, etc. قفل ۔ تالا ۔ پرزہ جو پہیے یا چرخی کو گھومنے سے روک دے ۔ نہر یا دریا کا بند یا پشتہ ۔ بندوق کا گھوڑا ۔ داؤ ۔ پیچ ۔ بند کمرے کا پیش کمرہ ۔ مجمع یا گاڑیوں کا پھنچ کر رہ جانا ۔ ضیق ۔

Lock, stock and barrel پوری طرح سے ۔ تمام سامان ۔ سارے کا سارا ۔

Lock (lok) *v.t. & i.* Fasten door with lock قفل لگانا ۔ تالا لگانا ۔ مقفل کرنا یا ہونا ۔ بند کرنا ۔ محبوس کرنا ۔ ہوا نہ لگنے دینا ۔ کسنا ۔ جکڑ دینا ۔ بند یا پشتہ باندھنا ۔

Lock the stable door after the horse has been stolen گھیرنا ۔ احاطہ کرنا ۔ بند میں کشتی لے جانا ۔ وقت گزر جانے پر حفاظت کرنا ۔ چوری کے بعد تالا لگانا ۔

Lock out مزدوروں کو کارخانہ بند کرکے مجبور کرنا ۔ کارخانے کی دربندی کرنا ۔

Locker (lok-ər) *n*. Small cupboards reserved for individual use مقفل کرنے والا ۔ تالا لگانے والا ۔ کوئی مقفل چیز ۔ انفرادی استعمال کے لیے چھوٹی الماریاں ۔ گولہ بارود رکھنے کا مقفل صندوق ۔

Locket (lok-et) *n*. Metal plate on scabbard تلوار کے میان کی پٹی یا پتر ۔ کنٹھہ ۔ تعویذ ۔ ڈھلنا ۔ بالوں کی لٹ یا تصویر رکھنے کا ڈھلنا ۔

Loco (lo-ko) *n*. Engine انجن ۔

Locomote (lo-kə-mot) *v.i.* Move from one place to another ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ۔ نقل مقام کرنا ۔

Locomotive (lo-kə-mot-iv) *adj.* & *n.* Constantly moving ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا - چلنے والا - حرکت کرنے والا - ریل کا انجن - (جمع) ٹانگیں - جانور -

Locomotion (lo-kə-mo-shən) *n.* Motion, travel نقل مقام - ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا - انجن کی قوت سے جانا - طریق سفر - رفتار -

A locomotive person جو ہمیشہ سفر کرتا رہے - جس کے پاؤں میں چکر ہو -

Locum tenens (lo-kəm-te-nens) *n.* Deputy acting for clergyman or doctor نائب - مددگار - نائب پادری - مددگار ڈاکٹر -

Locus (lō-kəs) *n.* Locality or exact place موقع - محل - محل وقوع - کسی چیز کی ٹھیک جگہ یا مقام -

Locus standi مداخلت کا حق - مسلمہ حیثیت -

Locust (lo-kəst) *n.* Kinds of winged edible insects ٹڈی - ٹیری - ملخ - خیار شنبر کی پھلی - ایک قسم کا درخت -

Locution (lok-u-shən) *n.* Style of speech کلام - تقریر - وعظ - انداز تقریر - طرز گفتگو - محاورہ - الفاظ - (بہ اعتبار فصاحت)

Locutory (lōk-u-tə-ri) *n.* Conversation room in monastry گفتگو کا کمرہ - جالی دار پردے کی دیوار جس کے پیچھے سے راہب دنیاداروں سے گفتگو کرتے ہیں -

Lodge (loj) *n.* Small house, cottage چھوٹا دیہاتی مکان - چھوٹا مکان جو سیر گاہ میں ہو - مسکن - مقام - جھونپڑا - ڈیوڑھی - دربان خانہ - فری میسن جماعت کی جلسہ گاہ - کیمبرج میں کالج کے صدر کی قیام گاہ - بعض جانوروں کے رہنے کی جگہ -

Lodge (loj) *v.t.* & *i.* Receive as guest, provide with sleeping quarters رکھنا - مہمان رکھنا - رہائش کی جگہ مہیا کرنا - قیام کرنا - رات گزارنا - دل میں جگہ دینا - اتارنا - بٹھا دینا - پناہ دینا - بسنا - رہنا - بود و باش کرنا - مقیم ہونا - منزل کرنا - بسیرا کرنا - گر جانا - لوٹ جانا -

Lodger *n.* کرایہ دار مہمان - منزل گزین - مقیم - شب باش -

Lodging (lōj-ing) *n.* رات گزارنے کی جگہ - عارضی مسکن - کرایہ کا مکان - کرایہ کا کمرہ - کمرہ - کوٹھری -

Lodgement (lōj-mənt) *n.* Temporary defensive work on captured land دشمن کے ملک میں عارضی مورچہ بندی - دشمن سے چھپا ہوا پشتہ - ڈھیر - انبار - تودہ - جگہ - ڈیرا - روپیہ داخل کرنا - داخل شدہ رقم -

Loft (lōft) *n.* & *v.t.* Attic, room over stable بالا خانہ - اٹاری - مچان - تختہ بندی - کوٹھا - چھت - بالائی منزل - کبوتر خانہ - بڑے کمرے کی بالائی صحنچی - کبوتروں کو کابک میں رکھنا -

Lofty (lōft-i) *adj.* Of imposing height بلند - اونچا - اعلیٰ - مرتفع - سر بفلک - بلند مرتبہ - بلند پایہ - ممتاز - پر شوکت - شاندار - مغرور - سر چڑھا - متکبرانہ - پر وقار -

Loftiness *n.* شان و شوکت - سر بلندی - بلندی - رفعت -

Log (lōg) *n.* & *v.t.* Rough piece of wood لکڑی کا کندا - کھوڑ - لٹھا - جہاز کا رفتار پیما آلہ - جہاز کا روز نامچہ - لٹھے یا گولے بنانا - روز نامچہ میں جہاز کی رفتار وغیرہ لکھنا - جرمانہ کرنا - ادھر ادھر پھرنا - جھولنا - جھومنا -

Roll my log and I will roll yours میں آپ کی عزت کروں آپ میری عزت کریں -

Logarithm (log-ə-rithm) *n.* An arithmetical function for use in abridging calculations حساب کا ایک قاعدہ - لمبے حساب کو مختصر کرنے کا قاعدہ -

Loggerhead (log-ər-hed) *n.* Block head, fool کاؤدی - کندہ نا تراش - کودن - الو - احمق - بے وقوف - ایک بڑے سر کا کچھوا - بڑے سر کا ایک پرندہ - ایک آہنی آلہ جس کے سر پر لٹو ہوتا ہے -

Logic (loj-ik) *n.* Science or art of reasoning منطق - علم استدلال - بحث ، استدلال یا مناظرے کی قابلیت - زبردست استدلال یا دلیل -

Logician *n.* استدلالی - منطق دان - منطقی -

Logical (loj-ik-əl) *adj.* Of logic منطقی ۔ منطق کے مطابق ۔ مدلل ۔ معقول ۔ قابل تسلیم ۔ لازمی ۔ صحیح استدلال کی صلاحیت رکھنے والا ۔

Logicality *n.* معقولیت ۔ منطقیت ۔ اصول منطق کی مطابقت ۔

Logistics (loj-is-tiks) *n.* Art of moving and quartering troops with arms and ammunition فوجی نقل و حرکت ، قیام وغیرہ کے بندوبست کا فن ۔ فوجی انتظام کا علم ۔

Logogram (log-o-gram) *n.* Sign representing a word in shorthand فن مختصر نویسی میں لفظ کے بدلے کوئی علامت یا نشان ۔ علامت ۔ نشان ۔ رمز ۔

Logomachy (lŏg-o-məki) *n.* Dispute about words نزاع لفظی ۔ لفظی بحث ۔

Loin (loin) *n.* Part of body between ribs and hip bone کمر ۔ صلب ۔ پٹھا ۔ پٹھے کا گوشت ۔

Loin cloth لنگوٹ ۔ لنگوٹی ۔

Loiter (loi-tər) *v.i. & t.* Linger on the way کاہلی کرنا ۔ ٹھہرتے ٹھہرتے چلنا ۔ اہلے گہلے پھرنا ۔ دیر لگانا ۔ کوچہ گردی کرنا ۔ کوچہ گردی میں وقت ضائع کرنا ۔

Loiterer *n.* دیر لگانے والا ۔ سست ۔ کاہل ۔

Loll (lol) *v.t. & i.* Stand, sit or incline in lazy attitude پڑے رہنا ۔ لیٹے رہنا ۔ آرام کرنا ۔ پاؤں پسار کر بیٹھنا ۔ سستی سے کھڑے رہنا یا بیٹھنا ۔ زبان منہ سے باہر لٹکانا ۔ زبان کا لٹکنا ۔

Lollard (lol-ərd) *n.* Follower of Wycliff in 14th century چودھویں صدی کے بدعتی وائکلف کا پیرو ۔

Lollipop (lol-i-pop) *n.* Sweetmeats (عموماً جمع میں) مٹھائیاں ۔ شکر کی گولیاں ۔

Lollop (lol-əp) *v.i.* Move in an ungainly way (بول چال) بھدے پن سے چلنا ۔ جھومتے ہوئے چلنا ۔ ہاتھی کی طرح چلنا ۔

Lone (lon) *adj.* Solitary اکیلا ۔ تنہا ۔ بے یار و مددگار ۔ اجاڑ ۔ ویران ۔ سنسان ۔ غیر آباد ۔ اداس ۔ دلگیر ۔ اداسی پیدا کرنے والا ۔ بن بیاہی یا بیوہ عورت ۔

Lonesome *adj.* سنسان ۔ ملول ۔ تنہا ۔ اداس ۔ گوشہ نشین ۔

Lonesomeness *n.* ویرانی ۔ اداسی ۔ تنہائی ۔

Lonely (lon-li) *adj.* Companionless بے مونس و غم خوار ۔ بے یار و مددگار ۔ مجرد ۔ تنہا ۔ اکیلا ۔

Long (long) *adj. & n.* Measuring much from end to end in space or time لمبا ۔ دراز ۔ طویل ۔ مدت مدید ۔ دراز قد ۔ دور ۔ بہت دور ۔ دور رس ۔ لمبی شکل کا ۔ لمبوترا ۔ لمبا چوڑا مضمون ۔ شیطان کی آنت ۔ تفصیل ۔ مفصل تذکرہ یا بیان ۔ بڑی تعطیل ۔ لمبی چھٹیاں ۔

Long family بڑا کنبہ ۔

Long tongue باتونی پن ۔

Take long views دور رس نتائج پر غور کرنا ۔

Long-eared بے وقوف ۔ احمق ۔

Long-headed دانا ۔ زیرک ۔ دور اندیش ۔

Longish *adj.* لمبا سا ۔

Long-sighted *adj.* دور اندیش ۔ دوربین ۔ دور سے اچھا دیکھنے والا ۔

Long-winded طول طویل تقریر یا گفتگو ۔ بڑے دم والا ۔

Long (long) *adv.* For a long time بہت دیر تک ۔ مدت تک ۔ عرصے تک ۔ دور تک ۔ دیر بعد ۔ بہت پہلے ۔ متواتر ۔ وقت معین کے بعد ۔

Long drawn بیجا طول دینا ۔ طول طویل ۔

Long (long) *v.i.* Wish, yearn چاہنا ۔ تمنا کرنا ۔ مشتاق ہونا ۔ بے قرار ہونا ۔

Longing *n.* چاہ ۔ اشتیاق ۔ آرزو ۔ تمنا ۔

Longevity (lon-jev-i-ti) *n.* Long life طویل عمر ۔ بڑی عمر ۔ درازئ عمر ۔

Longitude (lon-ji-tud) *n.* Angular distance East or West of a meridian طول ۔ لمبائی ۔ طول البلد ۔ طوالت کا درجہ ۔ طول فلکی ۔

Longitudinal (lon-ji-tud-i-nəl) *adj.* Of length, of longitude لمبا ۔ طولانی ۔ طول البلد کا ۔

Long-shore (long-shor) *adj.* Found or living on the shore ساحل کے قریب پایا جانے والا ۔ ساحل پر رہنے یا آمد و رفت رکھنے والا ۔

Looby (loob-i) *n.* Silly fellow اناڑی ۔ احمق ۔ بیوقوف ۔ کندہ نا تراش ۔

Look (look) *v.i., t. & n.* Direct one's eyes آنکھ اٹھا کر دیکھنا ۔ نگاہ کرنا ۔ دیکھنا ۔ حیرت سے دیکھنا ۔ غور سے دیکھنا ۔ غور کرنا ۔ سوچ بچار کرنا ۔ ڈھونڈھنا ۔ تلاش کرنا ۔ نگہبانی کرنا ۔ خبرداری کرنا ۔ دھیان کرنا ۔ جانچنا ۔ امتحان کرنا ۔ چہرے سے ظاہر ہونا ۔ نظروں سے ٹپکنا ۔ کسی خاص نقطہ نظر سے دیکھنا یا غور کرنا ۔ کسی بات کی توقع کرنا ۔ نتیجہ نکلنا ۔ نظر آنا ۔ دکھائی دینا ۔ صورت ۔ شکل ۔ بشرہ ۔ قیافہ ۔ انداز ۔ وضع ۔ طرز ۔

Looker on تماشہ بین ۔ تماشائی ۔

Loom (loom) *n.* Machine for weaving جولاہے کا کارگہ ۔ بننے کی مشین ۔ چپو کا وہ حصہ جو کشتی کے اندر ہوتا ہے ۔

Loom (loom) *v.i. & n.* Appear indistinctly دور سے دھندلا سا نظر آنا ۔ بڑا دکھائی دینا ۔ خوفناک نظر آنا ۔

Loom (loom) *n.* A kind of diving bird ایک قسم کی مرغابی ۔ غوطہ خور مرغابی ۔

Loomery (loom-ə-ri) *n.* Place for keeping ducks بطخوں کے پالنے کی جگہ ۔ مرغابی خانہ ۔

Loon (loon) *n.* Scamp, idler, lad لچا ۔ شہدا ۔ آوارہ گرد ۔ لڑکا ۔ چھوکرا ۔ لونڈا ۔ ایک قسم کی مرغابی ۔

Loony *adj. & n.* (بول چال) مجنوں ۔ دیوانہ ۔ سڑی ۔

Loop (loop) *n., v.t. & i.* Figure produced by a curve کمند ۔ پھندا ۔ حلقہ ۔ پھانسا ۔ چکر ۔ چھید ۔ موکھا ۔ روزن ۔ سوراخ ۔ دروازے کی چول ۔ پھندے ڈالنا ۔ حلقہ بنانا ۔ حلقے میں لینا ۔ پھندا لگانا ۔ حلقہ دار پھندوں میں جکڑنا ۔

Looper (loop-ər) *n.* Caterpillar ایک کیڑا جو رینگتے وقت جسم کو دہرا کرتا ہے ۔ سینے کی مشین کا پرزہ ۔ بخیہ کرنے کی سوئی ۔

Loophole (loop-hol) *n. & v.t.* Narrow slit in wall سوراخ ۔ موکھا ۔ درز ۔ روشن دان ۔ دیدبان ۔ بچ نکلنے کی صورت ۔ روزن بنانا ۔ درز ڈالنا ۔

Loose (loos) *adj.* Free, detached کھلا ۔ کھلا ہوا ۔ آزاد ۔ چھوٹا ہوا ۔ جو الگ ہو سکے ۔ ڈھیلا ڈھالا ۔ ابتر ۔ کھلا ہوا ۔ بکھرا ہوا ۔ کشادہ ۔ پریشان ۔ چھدرا ۔ غیر واضح ۔ غیر مطابق اصل ۔ غیر لفظی ترجمہ ۔ تحریر جس میں صرف ونحو کی غلطیاں ہوں ۔ بے اصول کام کرنے والا ۔ آوارہ ۔ بد چلن ۔ قول و فعل میں غیر محتاط ۔

Loosely *adv.* لا پروائی سے ۔ بے ڈھنگے پن سے ۔ بے قاعدہ ۔ ڈھیلا ۔

Looseness *n.* بے ترتیبی ۔ کشادگی ۔ ڈھیلا پن ۔

Loosish *adj.* کسی قدر بے ترتیب ۔ کسی قدر ڈھیلا ۔

Loose (loos) *v.t. & n.* Release, set free کھولنا ۔ ڈھیلا کرنا ۔ آزاد کرنا ۔ رہا کرنا ۔ سست کرنا ۔ تیر چھوڑنا ۔ بندوق داغنا ۔ ڈھیل ۔ آزادی ۔ رہائی ۔

Loosen (loos-ən) *v.t. & i.* Relax ڈھیلا کرنا ۔ کھول دینا ۔ قبض دور کرنا ۔ کھانسی کی خشکی دور کرنا ۔ ڈھیل دینا ۔ آزاد کرنا ۔ چھوڑنا ۔

Loot (loot) *n., v.t. & i.* Booty, spoil لوٹ کا مال ۔ مال غنیمت ۔ ناجائز آمدنی ۔ لوٹنا ۔ مال غنیمت سمجھ کر قبضہ کر لینا ۔

Looter *n.* تاراج کرنے والا ۔ لوٹنے والا ۔

Lop (lop) *v.t., i. & n.* Cut small branches کترنا ۔ چھانٹنا ۔ قلم کرنا ۔ گرانا ۔ جھکانا ۔ قطع کرنا ۔ درخت کی شاخیں کاٹ ڈالنا ۔ کاٹ ۔ چھانٹ ۔ ٹہنیاں ۔ شاخیں ۔

Lop (lop) *v.i., t. & n.* Hang limply ڈھیلا لٹکنا ۔ چلنے میں دبکنا ۔ بے ڈھنگے طریقے سے بیٹھنا یا کھڑے ہونا ۔ لٹکتے ہوئے کانوں والا خرگوش ۔

Lop-eared *adj.* جس کے کان لٹکتے ہوں ۔

Loppy *adj.* لٹکتے کان والا ۔

Lop (lop) *v.i. & n.* Break in short lumpy waves پانی کا جھٹکے دار لہروں میں بہنا ۔ پانی کی جھٹکے دار رفتار ۔

Lope (lop) *v.i. & n.* Long bounding stride لمبے لمبے ڈگ مارنا ۔ چھلانگیں بھرنا ۔ چھلانگ ۔ ڈگ ۔

Lop-sided (lop-sid-əd) *adj.* One side lower than the other نا ہموار ۔ جس کا ایک رخ دوسرے سے چھوٹا یا نیچا ہو ۔

Loquacious (lo-kwa-shəs) *adj*. Talkative گپی ۔ باتونی ۔ فضول گو ۔ بسیار گو ۔ زیادہ شور کرنے والا ۔ شور کے ساتھ بہتا ہوا ۔

Loquaciousness *n*. فضول گوئی ۔ ہر گوئی ۔ بسیار گوئی ۔

Loquacity *n*. بک بک ۔ بکواس ۔

Loquat (lo-kwat) *n*. Chinese and Jananese fruit tree لوکاٹ ۔ چین اور جاپان کا مشہور درخت اور پھل ۔

Lord (lawrd) *n*. & *interj*. Master, ruler, Oh Lord مالک ۔ حاکم ۔ سردار ۔ یا اللہ ۔ فرمانروا ۔ بادشاہ ۔ نواب ۔ رئیس ۔ جاگیردار ۔ خاوند ۔ شوہر ۔ سرتاج ۔ مولا ۔ خداوند ۔ رب ۔ سلطان دو جہان ۔ حضرت یسوع مسیح ۔ حضرت عیسیٰ ۔ (جمع) دارالامرا ۔ عدالت عالیہ ۔ اعلیٰ مجلس انتظامی کا رکن ۔ ڈیوک کے چھوٹے لڑکے کا خطاب ۔

Lordly (lawrd-li) *adj*. Imperious حاکمانہ ۔ تحکمانہ ۔ رئیسانہ ۔ شاہانہ ۔ پر تمکنت ۔ با وقار ۔ مغرور ۔ شاندار ۔ عظیم الشان ۔

Lordship (lawrd-ship) *n*. Domain, state سرداری ۔ امارت ۔ علاقہ ۔ جاگیر ۔ ملکیت ۔ حضور والا ۔ جناب عالی ۔ بندہ نواز ۔ کرم گستر ۔

Lore (lor) *n*. Doctrine, scholarship علم ۔ فن ۔ گن ۔ تبحر علمی ۔ علم و فضل ۔ خاص معلومات ۔ نظریہ ۔ داستانیں ۔ روایات قومی ۔ صلاح ۔ نصیحت ۔

Loricate (lor-i-kat) *v.t.* & *adj*. Having defensive armour مندھنا ۔ مڑھنا ۔ غلاف چڑھانا ۔ وہ جانور جس کے پاس حفاظت کا سامان ہو ۔ زرہ پوش ۔

Lorn (lorn) *adj*. Desolate گیا گزرا ۔ متروک ۔ بے کس ۔ تنہا ۔ اجاڑ ۔ ویران ۔ بے چراغ ۔ تنہا ۔ بچھڑا ہوا ۔

Lorry (lor-i) *n*. Long low flat wagon or truck نیچی مسطح گاڑی یا گاڑی کا ڈبہ ۔ ٹھیلا ۔ چھکڑا ۔ بار برداری کی ٹرام گاڑی ۔ ٹرک ۔ لاری ۔ شوخ رنگ کے پروں والی ایک چڑیا ۔

Lose (looz) *v.t.* & *i*. Be deprived of کھونا ۔ کھو دینا ۔ تلف کرنا ۔ ضائع کرنا ۔ ہارنا ۔ کھو بیٹھنا ۔ محروم ہونا ۔ جاتا رہنا ۔ ضائع ہونا ۔ خراب ہونا ۔ اجاڑنا ۔ لٹانا ۔ اڑانا ۔ بھٹک جانا ۔ گمراہ ہونا ۔ بھولنا ۔ گم ہونا ۔ چوکنا ۔

Losing game ایسا کھیل جس میں ہار یقینی ہو ۔

Lost to the sense of duty احساس فرض جاتا رہا ۔

Loser (looz-ər) *n*. One that loses ہارنے والا ۔ شکست کھانے والا ۔ برباد ہونے والا ۔ خسارہ اٹھانے والا ۔ آدمی یا گھوڑا جو دوڑ میں ہار جائے ۔ بلیرڈس میں وہ ضرب جس سے اپنی گیند تھیلی میں پہنچائی جائے ۔

Loss (los) *n*. Person, thing or amount lost نقصان ۔ ضرر ۔ خسارہ ۔ ٹوٹا ۔ گھاٹا ۔ بربادی ۔ تباہی ۔ وہ مال جو تباہ ہو جائے ۔ (فوج) مقتول یا مجروح سپاہی ۔

Lost (lost) *adj*. دیکھو Lose

Lot (lot) *n*. & *v.t.* One of a set of objects مجموعہ اشیاء ۔ انبوہ ۔ جتھا ۔ تقدیر ۔ نصیب ۔ بخت ۔ قسمت ۔ اتفاق ۔ ٹیکس ۔ محصول ۔ مطالبہ ۔ واجب الادا ۔ فال ۔ پانسہ ۔ قرعہ اندازی ۔ حصہ ۔ ٹکڑا ۔ پارچہ (بول چال) بڑی مقدار ۔ بڑی تعداد ۔ بانٹنا ۔ تقسیم کرنا ۔

Lothario (lo-tha-ri-o) *n*. Libertine عیاش آدمی ۔ اوباش ۔

Lotion (lo-shən) *n*. Liquid preparation used externally to heal wounds زخم دھونے کی دوا ۔ دوا کا پانی ۔ لوشن ۔ جلدی امراض دور کرنے کا عرق ۔ (بول چال) شراب ۔

Lottery (lot-ər-i) *n*. Arrangement for distributing things by chance, drawing lots قرعہ اندازی ۔ چٹھی ڈالنا ۔ لاٹری ۔

Lotus (lo-təs) *n*. Plant in Greek legends inducing dreaminess کنول ۔ پدم ۔ گل نیلوفر ۔ کوکا بیلی ۔ پودا جو یونانی قصوں میں خواب آور خیال کیا جاتا تھا ۔

Lotus-eater کاہل ۔ سست ۔ آرام طلب ۔

Lotus-eating کاہلی ۔ سستی ۔ آرام طلبی ۔ عیش پرستی ۔

Lotus-land وہ جگہ جہاں کاہلی اور بے کاری سے بسر ہو ۔

Loud (lowd) *adj*. & *adv*. Strongly audible پر شور ۔ زور کا ۔ غل مچانے والا ۔ آسمان سر پر اٹھانے والا ۔ بھڑکیلا ۔ شوخ رنگ کا لباس ۔ دکھاوے کے آداب مجلس ۔

Louden *v.i.* اونچا ہونا ۔ زور کا ہونا ۔ بلند ہونا ۔

Loudish *adj*. کسی قدر پر شور ۔ قدرے بلند آواز کا ۔

Loudness *n*. بلند یا بھاری آواز ۔ بلند صوتی ۔ شر ۔ غل ۔ غوغا ۔

Lough (lo-h-h) *n.* Lake, arm of sea جھیل - خلیج - کھاڑی -

Lounge (lownj) *v.t., i. & n.* Go lazily, saunter خراماں خراماں چلنا - سیر گشت کرنا - آرام سے پڑے رہنا - تکیہ لگا کر بیٹھنا - پاؤں پھیلا کر پڑے رہنا - آرام کرنا - ٹہلنے کی جگہ - سیر گاہ - انتظار گاہ - آرام کرسی - صوفا - کوچ -

Lounger *n.* خراماں خراماں چلنے والا - آرام سے پڑے رہنے والا -

Lounger lizard *n.* ہوٹلوں کے رقص میں کسی کے ساتھ رقص کرنے کے لیے پیشہ ور رقاص اور رقاصائیں -

Lour-lower (lowr) *v.i. & n.* Frown تیوری چڑھانا - ماتھے پر شکن ڈالنا - گھورنا - ابر یا طوفان کا تاریک نظر آنا - غصے بھرے تیور - طوفانی انداز -

Louse (lows) *n.* Parasite insects طفیلی کیڑے - جوئیں - ڈینگر - چلوا -

Lousy *adv.* کمینہ - ذلیل - میلا - گندا - جوؤں اور چلوؤں سے بھرا ہوا -

Lousiness *n.* بے ڈھنگا پن - گنوار پن -

Lout (lowt) *n.* Awkward fellow گنوار - دیہاتی - اناڑی - بے سلیقہ -

Loutish *adj.* ناتراشیدہ - بے سلیقہ -

Loutishness *n.* بے ڈھنگا پن - گنوار پن -

Louver (loo-vər) *n.* Domed erection with an opening to let smoke out دود کش - مینار کی طرح کا دود کش - دھواں خارج کرنے کا میناری دہانہ -

Lovable (luv-əbl) *adj.* Deserving love پیارا - ہر دل عزیز - قابل محبت - شیریں مزاج -

Love (luv) *n.* Warm affection محبت - پیار - عشق - چاہت - الفت - حب - چاہ - فریفتگی - دوست - عاشق - معشوق - صنم - دلبر - (بول چال) پرلطف آدمی - مزے کا یار - خوبصورت چیز (کھیل) صفر - خالی - کامدیو - جنون - سودائے عشق -

Love (luv) *v.t. & i.* Hold dear پیار یا محبت کرنا - عزیز جاننا - فریفتہ ہونا - بے حد رغبت رکھنا - بہت پسند کرنا - شیدا ہونا - جان دینا - (بول چال) پسند کرنا - رغبت سے کوئی کام کرنا -

Lovelace (luv-las) *n.* Accomplished rake عیاش - تماش بین - منجھا ہوا عیاش -

Loveless (luv-les) *adj.* Unloving, unloved محروم محبت - بے مہر - نا آشنا -

Lovely (luv-li) *adj.* Attractive دل کش - حسین - جاذب نظر - عشق انگیز -

Lover (luv-ər) *n.* Paramour چاہنے والا - عاشق - طالب - شادی کا تمنائی - عاشق - معشوق - شیدائی - پرستار - عورت کا چاہنے والا -

Loving (luv-ing) *adj.* Affectionate محبت کرنے والا - چاہنے والا - محبت آمیز - محبت کا - شفقت کا -

Low (lō) *adj. & adv.* Not high or tall نیچا - اوچھا - چھوٹا - ٹھنگنا - کہتر - کوتاہ - نشیبی - نشیب میں واقع - حقیر - ذلیل - کمینہ - پست - گرا ہوا - سست - بازاری - ضعف یا غذا کی کمی ظاہر کرنے والا - کم - تھوڑا - ناکافی - ختم ہونے کے قریب - غیر مقلد - گری ہوئی حالت میں - پست حالت میں - روکھے سوکھے پر - معمولی بازی لگا کر -

Lowish *adj.* کسی قدر گرا ہوا - قدرے نیچا -

Lowness *n.* گراوٹ - پستی - نشیب -

Low (lō) *v.i., t. & n.* Utter cry as of cow بیل یا گائے کا ڈکرانا - گائے کی طرح بولنا - گائے کی آواز نکالنا - گائے کی آواز -

Lower (lōw-r) *v.t. & i.* Let or haul down اتارنا - نیچا کرنا - جھکانا - مطیع کرنا - نیچا دکھانا - قیمت گھٹانا - کشتی کو سمندر میں اتارنا - گرانا - ذلیل کرنا - طاقت گھٹانا - کمزور کرنا - تنزل کرنا -

Lowly (lo-li) *adj. & adv.* Humble, modest کمینہ - سفلہ - پاجی - خاکسار - مسکین - غریب - عاجز - نیازمند - عاجزی سے - نیاز مندی سے - فروتنی سے - انکساری سے - منکسر مزاجی سے -

Loyal (loi-əl) *adj. & n.* True, faithful خیر خواہ - بہی خواہ - با وفا - مخلص - فرض شناس - نمک حلال - فرمانبردار - بادشاہ یا شاہی خاندان کا حامی - وفادارانہ - مخلصانہ - وہ شخص جو بغاوت کے زمانے میں وفادار رہے -

Loyalist *n.* حکومت کا وفادار - جاں نثار - بادشاہ کا خیر خواہ -

Loyalty (loi-əl-ti) *n.* Loyal conduct نمک حلالی - اطاعت شعاری - وفاداری - خیر خواہی -

Lubber (lub-ər) *n.* Big, stupid fellow سست - کام چور - بھدا - بے وقوف آدمی - گنوار کا لٹھ -

Lubricate (l(y)oo-bri-kāt) *v.t.* Make slippery or smooth چکنا کرنا - روغن سے چپڑنا - تیل لگانا - کوئی چکنی چیز لگانا - تیل دے کر رگڑ دور کرنا - مشکلات کو سہولت سے دور کرنا -

Lubricant *adj. & n.* چکنائی - گریس - تیل - چربی - چکنا کرنے والا -

Lubrication *n.* چکنا کرنا - چکنائی لگانا - تیل دینا -

Lubricity (l(y)oo-bri-si-ti) *n.* چرب زبانی - چکنی چپڑی باتیں - چکناہٹ - پھسلن - بدکاری - شہوت پرستی - چنچل پن -

Lucent (l(y)oo-sənt) *adj.* Shining, translucent چمکدار - چمکیلا - منور - روشن -

Lucency *n.* پر نور ہونا - چمکیلا پن - چمک -

Lucern-(e) (l(y)oo-sərn) *n.* Clover-like plant used as fodder لوسن - ایک قسم کی گھاس جو چارہ کے کام میں آتی ہے -

Lucid (l(y)oo-sid) *adj.* Bright with smooth shining surface تابان - درخشان - روشن - منور - نورانی - صاف - شفاف - چکنی سطح کا -

Lucid interval افاقے کا وقت - حواس ٹھیک ہونے کا زمانہ -

Lucidity *n.* چکنا پن - صفائی - تابندگی -

Lucifer (l(y)oo-si-fər) *n.* Planet Venus as morning star ستارہ صبح - زہرا - عزرائیل - شیطان - ابلیس -

Luck (luk) *n.* Good or ill fortune قسمت - تقدیر - بخت - نصیب - اتفاق - خوش نصیبی یا بد نصیبی - اتفاق کامیابی -

Just my luck مجھے اپنی پھوٹی قسمت سے یہی توقع تھی -

Luckily *adv.* خوش قسمتی سے - حسن اتفاق سے -

Lucky (luk-i) *adj.* Attended by good luck خوش نصیب - اقبال مند - قسمت کا دھنی - نصیبے کا سکندر - بر وقت - عین وقت پر واقع ہونے والا - سعید - مسعود - نیک فال - نیک شگون -

Luckiness *n.* با برکت ہونا - اقبال مندی - خوش قسمتی -

Lucrative (l(y)oo-krə-tiv) *adj.* Profitable سود مند - نفع بخش - پر منفعت -

Lucre (l(y)oo-kə-r) *n.* Pecuniary profit مالی فائدہ - نفع - روپیہ پیسہ - آمدنی - یافت -

Lucubrate (l(y)oo-ku-brāt) *v.i.* Express one's meditations in writing راتوں کو مطالعہ کرنا - اپنے افکار کو سپرد قلم کرنا - علمی مضامین یا کتابیں تحریر کرنا -

Lucubration (l(y)oo-ku-brā-shən) *n.* Nocturnal study مطالعہ نیم شبی - رات کے وقت کا مطالعہ - علمیت نما تحریر و تصنیف - علمیت کا بیجا اظہار -

Ludicrous (l(y)oo-di-krəs) *adj.* Ridiculous مہمل - مضحکہ انگیز - طفلانہ - خندہ آور -

Ludicrousness *n.* مضحکہ انگیز ہونا - مسخرا پن - تمسخر -

Lues (l(y)oo-ez) *n.* Contagious disease, plague وبا - متعدی مرض - طاعون -

Lug (lug) *n.* Large marine worm used as bait سمندری کیڑا جس کا چارہ لگایا جاتا ہے - کان - گوش - بنا گوش -

Lug (lug) *v.t., i. & n.* Drag or tug with effort گھسیٹنا - زور لگا کر کھینچنا - آدمی کو کھینچتے ہوئے لے جانا - زور کا جھٹکا - زور کی کھینچ -

Luggage (lug-ij) *n.* Traveller's baggage سفری سامان - بوریا بستر - کپڑے لتے -

Lugger (lug-ər) *n.* Small ship with four-cornered sails چھوٹا جہاز جس میں چوکونے بادبان لگے ہوں -

Lugubrious (loo-gu-bri-əs) *adj.* Dismal اداس - غمگین - رنجیدہ - مغموم - غمناک -

Lukewarm (look-warm) *adj. & n.* Moderately warm, tepid نیم گرم - شیر گرم - کنکنا - سرد مہر - بے التفات - کم توجہی کا - بے توجہی کا - کم توجہی - بے التفاتی -

Lull (lul) *v.t., i. & n.* Soothe or send to sleep لوری دے کر یا تھپک کر سلانا - چپ رہنا - چپ کرانا - خاموش کرنا - جھوٹی تسلی دینا - فرو ہونا - کم ہونا -

Lullaby (lul-ə-bi) *n. & v.t.* Soothing song بچوں کو سلانے کا گیت - لوری دینا - لوری دے کر سلانا -

Lumbago (lum-bā-gō) *n.* Rheumatic affection in loins درد کمر - وجع مفاصل - گٹھیا کا درد - کمر میں گٹھیا کا اثر - چک -

Lumber (lum-bər) *v.i.* Move in clumsy noisy way بھد بھد کرتے ہوئے چلنا - بھدے پن سے چلنا - بھاری قدم سے چلنا -

Lumber (lum-bər) *n., v.t.* & *i.* Disused articles of furniture لکڑی کی ناکارہ چیزیں - بیکار سامان - کاٹھ کباڑ - بھدی عمارتی لکڑی - بھدا اور بھاری سامان - فالتو چربی - بیکار جگہ گھیرنا - رستہ روک لینا - کاٹھ کباڑ کا ڈھیر لگانا - جنگل سے لٹھے کاٹنا -

Luminary (lu-min-a-ri) *n.* Light-giving body روشنی پھیلانے والی چیز - چاند - سورج - ایسا شخص جس میں روحانی طاقت ہو - علم و دانش میں ممتاز شخص -

Luminiferous (lu-mi-ni-fe-rəs) *adj.* Transmitting light نور پاش - ضیا بخش -

Luminous (lu-min-əs) *adj.* Emitting or full of light تابان - منور - نورانی - چمکدار - بصیرت افروز - (تصنیف یا مصنف) -

Lumme (lum-i) *interj.* Expressing surprise or emphasis ارے - ہائیں - واللہ - قسم ہے - اپنی جان کی قسم - سر کی قسم -

Lump (lump) *n., v.t.* & *i.* Compact shapeless mass ڈھیلہ - ڈلا - ڈھیر - انبار - مادہ کا حجم - مقدار کثیر - گندھا ہوا آٹا یا مٹی - گانٹھ یا گٹی - موٹا بھدا آدمی - اکٹھا کرنا - ڈھیر لگانا - سب کو ایک جیسا سمجھنا - بہت سے ڈھیلے اکٹھے ہو جانا - بھدے پن سے چلنا یا بیٹھنا -

Is a lump of selfishness بہت خود غرض ہے -

Lump in the throat - جذبات کے جوش سے دم رکنا -

Lump (lump) *n.* Uncouth leaden-blue fish ایک سرمئی رنگ کی بھدی مچھلی -

Lump (lump) *v.t.* Be displeased at ڈھیر کا ڈھیر خرید لینا - اکٹھا کرنا - نا خوش ہونا - نا پسند کرنا - مجبوراً برداشت کرنا -

Lumper (lump-ər) *n.* Labour employed for loading and unloading جہاز کے مزدور - مال چڑھانے اور اتارنے والے حمال - جہازی ٹھیکیدار - جو ٹھیکہ لے کر کام تقسیم کر دے - وہ شخص جو مال کی بڑی بڑی قسمیں الگ کر دے -

Lumpish (lump-ish) *adj.* Heavy and clumsy موٹا اور بھدا - وزنی - بھاری بھرکم - سست - بیوقوف - بغلول -

Lumpy (lump-i) *adj.* Covered with lumps گانٹھ والا - گٹی دار - ڈلے دار - ساکن پانی جس میں ہوا سے چھوٹی چھوٹی لہریں پیدا ہو جائیں -

Lunacy (l(y)oo-nə-si) *n.* Insanity سودا - دیوانگی - خبط - پاگل پن - جنون - سخت حماقت -

Lunar (loon-ər) *adj.* & *n.* Of the moon قمری - چاند کا - چاند کی مانند - پھیکی - ہلکی (روشنی یا شان و شوکت) سیمیں - مسافت قمری - بعد قمری - کلائی کی ہلال نما ہڈی -

Lunar politics جنونی سیاست - نا قابل عمل مسائل -

Lunatic (loo-nə-tik) *adj.* & *n.* Insane, madman سڑی - باولا - دیوانہ - پاگل - مجنوں - سودائی - بیوقوف - خبطی - پاگل آدمی - مجنونانہ -

Lunation (loo-nə-shən) *n.* Lunar month ایک چاند رات سے دوسری چاند رات تک کا زمانہ -

Lunch (lun(t)sh) *n.* & *v.i.* Midday meal دوپہر کا کھانا - ناشتے اور دوپہر کے درمیان کی حاضری - حاضری - چاشت یا حاضری کھانا - دوپہر کا کھانا کھانا -

Luncheon *n.* تیسرے پہر کا ناشتہ - دوپہر کے کھانے کی دعوت -

Lune (l(y)oon) *n.* Figure formed by two arcs ہلالی - ہلالی سطح یا شکل - قوسین کے درمیان کا حصہ - کروی پھانک -

Lung (lung) *n.* Either of the pair of breathing organs پھیپھڑا - شش - شش کے دو حصوں میں سے کوئی ایک -

Lunge (lunj) *v.t.* & *n.* Long rope with which horse-breaker holds horse لمبی رسی جس سے چابک سوار گھوڑے کو باندھتا اور سدھاتا ہے - گھوڑے کو سدھانا - گھوڑے کو سدھانے کا مقام -

Lunge (lunj) *n.* & *v.i.* Thrust with sword شمشیر زنی میں تلوار کا ہاتھ یا پھینک ۔ تلوار کا ہاتھ مارنا ۔ گھوڑے کا لاتیں اچھالنا ۔ جھپٹنا ۔ ہلہ کرنا ۔

Lupus (loo-pəs) *n.* Ulcerous disease of skin ایک جلدی مرض ۔

Lurch (lurch) *n.* Discomfiture مصیبت ۔ بپتا ۔

Leave in the lurch دوست کو مصیبت میں دیکھ کر انجان ہو جانا ۔

Lurch (lurch) *n.* & *v.i.* Sudden lean to one side جھکائی ۔ ایک سمت کو اچانک جھک جانا ۔ جھکائی دینا ۔ جھکاؤ ۔ لغزش ۔ مصیبت ۔ بپتا ۔ لڑکھڑانا ۔ قدم کو لغزش ہونا ۔

Lurcher (lurch-ər) *n.* Petty thief, spy گھاتیا ۔ چور ۔ جاسوس ۔ مخبر ۔ ایک شکاری کتا ۔

Lure (l(y)oo-r) *n.* & *v.t.* Decoy, enticing object چمڑے کی چڑیا جسے دکھا کر باز کو بلاتے ہیں ۔ وہ چیز جس سے کسی کو لبھائیں یا دھوکا دیں ۔ پھسلانا ۔ لبھانا ۔ لالچ دے کر پھانسنا ۔

Lurid (l(y)oo-rid) *adj.* Ghastly بھیانک ۔ وحشتناک ۔ جس پر مردنی چھائی ہوئی ہو ۔ پیلا ۔ زرد ۔ دھندلا ۔ پھیکا ۔ مہیب رنگ کا ۔ طوفان خیز ۔ پر شور ۔

Casts a lurid light on واقعات پر وحشت ناک روشنی ڈالتا ہے

Lurk (lurk) *v.i.* & *n.* Be hidden in گھات لگانا ۔ تاک میں رہنا ۔ چھپ کر دیکھنا ۔

Luscious (lush-əs) *adj.* Richly sweet شیریں ۔ میٹھا ۔ بہت میٹھا ۔ خوش ذائقہ ۔ رنگین طرز بیان ۔ ایسی زبان جس میں شہوانی جذبات کی جھلک ہو ۔

Lush (lush) *adj., n., v.t.* & *i.* Luxuriant گھنا ۔ سر سبز ۔ شاداب پودا ۔ عمدہ شراب ۔ شراب پینا ۔ شراب پلانا ۔

Lushy (lush-i) *adj.* Drunk پیا ہوا ۔ مست ۔ متوالا ۔

Lust (lust) *n.* & *v.i.* Sensuous appetite ہوائے نفس ۔ بوالہوسی ۔ شہوت ۔ خواہش نفسانی ۔ بے قرار تمنا ۔ کسی آرزو میں تڑپنا ۔ بے قرار ہونا ۔

Lustral (lust-rəl) *adj.* Used in ceremonial purification رسمی طہارت کا ۔ پاکیزگی کے متعلق ۔ تطہیر کے بارے میں ۔

Lustrate (lust-rət) *v.t.* Purify by sacrifice or ceremonial washing پاک کرنا ۔ صاف کرنا ۔ قربانی سے پاک کرنا ۔ آلودگی دور کرنا ۔ پوتر یا شدھ کرنا ۔ پاک پانی سے غسل دینا ۔

Lustre (lus-tər) *n.* & *v. t.* Brilliance روشنی ۔ نور ۔ جلوہ نور ۔ تجلی ۔ اجالا ۔ تابانی ۔ درخشانی ۔ شان و شوکت ۔ کروفر ۔ عظمت و جلال ۔ ایک باریک چمک دار کپڑا ۔ ناموری ۔ شہرت ۔ عزت ۔ چمکانا ۔ چمک پیدا کرنا ۔

Lusterine (lus-trin) *n.* Glossy silk fabric ایک چمک دار ریشمی کپڑا ۔

Lustrum (lus-trəm) *n.* Period of five years پانچ سال کا عرصہ ۔ پانچ برس کی میعاد ۔

Lusty (lust-i) *adj.* Healthy, strong تنومند ۔ قوی ۔ شہزور ۔ زور آور ۔ ہٹا کٹا ۔ تندرست ۔ توانا ۔

Lutanist (loot-ə-nist) *n.* Lute-player ستار بجانے والا ۔ بر بط نواز ۔

Lute (loot) *n.* & *v.t.* Guitar-like instrument ستار ۔ بین ۔ طنبورا ۔ بربط ۔ گندھا ہوا آٹا یا سنی ہوئی مٹی منہ بند کرنے کے لئے ۔ گج تھوپنا ۔ ستار بجانا ۔

Luxate (luks-āt) *v.t.* Dislocate ہڈی یا جوڑ اتار دینا ۔ اکھاڑنا ۔

Luxation *n.* موچ ۔ جوڑ یا ہڈی کا اتر جانا ۔

Luxuriant (lug-zoo-ri-ənt) *adj.* Profuse of growth کثیر ۔ فراوان ۔ بے اندازہ ۔ بے حساب پیدا ہونے والا ۔ گھنا ۔ رنگین یا مرصع (طرز بیان) وسیع (تخیل) ۔

Luxuriance *n.* افراط ۔ کثرت ۔ سرسبزی ۔ پیداوار کی کثرت ۔ فراوانی ۔

Luxuriate (lug-zoo-ri-at) *v.i.* Revel, enjoy oneself کثرت سے ہونا ۔ پھولنا پھلنا ۔ جی بھر کے لطف اٹھانا ۔ عیش کرنا ۔ مزے اڑانا ۔ چین سے گزارنا ۔

Luxurious (lug-zoo-ri-əs) *adj* Very comfortable عیش پرست ۔ عیش و عشرت کا دلدادہ ۔ آرام دہ ۔ پر تکلف ۔ سامان عیش و عشرت سے آراستہ ۔

Luxury (luk-shə-ri) *n.* Thing that one enjoys نفس پرستی - شہوت پرستی - عیش و عشرت - نازو نعمت - لذیذ مرغوب شے - عیش پسندی - تعیش -

Lycanthropy (li-ken-thrə-pi) *n.* Form of madness in which patient imagines himself some beast ایک قسم کا مالیخولیا جس میں مریض اپنے آپ کو کوئی جانور سمجھتا اور ویسی ہی حرکتیں کرتا ہے - بھیڑیے کی بولی بولنا - درند خولیا - جادو کے زور سے بھیڑیا بن جانا -

Lyddite (lid-it) *n.* High explosive دھماکے سے پھٹ جانے والا مادہ - بھک سے اُڑ جانے والا مادہ -

Lye (lī) *n.* Alkalized water سجی دار پانی -

Lying (lī-ing) *n.* Being in child birth جھوٹ - لیٹنے کی جگہ - زچگی - وضع حمل -

Lying (li-ing) *adj.* False پڑا ہوا - لیٹا ہوا دروغ گو - جھوٹا - دغا باز -

Lymph (limf) *n.* Pure water, exudation from sore زلال - بے رنگ پانی - زخم سے رستا ہوا پانی - حیوانات کے شریانوں کا عرق جو ٹیکا لگانے کے کام آتا ہے -

Lyncean (lin(t)shi-ən) *adj* Keen-sighted - تیز نگاہ - تیز نظر -

Lynch (lin(t)sh) *n.* & *v. t.* Execute person - مار پیٹ - امریکہ کا خلاف قانون رواج جس کی رو سے لوگ خود قتل کی سزا تجویز کرتے اور خاطی کو سنگسار کردیتے ہیں - سزائے موت دیکر خاطی کو قتل کرنا - سنگسار کرنا -

Lynx (lingks) *n.* Wild animal of cat tribe بن بلاؤ - سیاہ گوش -

Lyra (lira) *n.* Northern constellation بربط - ستاروں کا شمالی جھرمٹ -

Lyre (līr) *n.* A kind of harp قدیم زمانے کا بربط - چنگ - ایک برج کا نام -

Lyrist *n.* سرود نواز - بین کار - بربط نواز -

Lyric (lirik) *adj.* & *n.* Of the lyre - سرود کا - بربط کا - گانے کے کام کا - سرودی - بربطی - غنائیہ نظم - غزل - مختصر نظم جس میں شاعر اپنے جذبات ظاہر کرتا ہے -

Lyricism (lirik-izm) *n.* High-flown sentiments غنائیت - تغزل - غنائی طرز ادا - مبالغہ آمیز جذبات -

M

M (em) *l.* Thirteenth letter of the English alphabet انگریزی حروف تہجی کا تیرھواں حرف -

Ma (mä) *n.* Mother ماں - امی - اماں - امی جان -

Maam (məm) *n.* Madam بیگم - خاتون - خانم - (ذی عزت عورتوں کے لئے) نواب بیگم - حضور - سرکار - علیہ حضرت -

Mab (mab) *n.* Name of a female fairy پریوں کی ملکہ - خواب لانے والی -

Macabre (mə-kā-br) *adj.* Grim, gruesome ہیبت ناک - ڈراؤنا - مہیب - بھیانک -

Macaco (ma-ka-ko) *n.* Kinds of lemur ایک قسم کا بندر -

Macadam (mə-kā-dəm) *n.* Road made in the manner of J. H. McAdam کٹی ہوئی کنکر کی سڑک - کنکریٹ کی سڑک - روڑی کوٹ کر بنائی ہوئی سڑک -

Macadamize *n.* میک آدم کی بتائی ہوئی طرز پر سڑک بنانا - کنکریٹ کی سڑک بنانا - کنکریٹ ڈالنا -

Macaroni (mak-ə-rō-ni) *n.* Wheat paste formed into long tubes آٹے کی سویاں جو اندر سے کھوکھلی ہوتی ہیں اور پکا کر کھائی جاتی ہیں - اٹھارویں صدی کے چھبیلے - چھیلا - البیلا - بانکا -

Macaronic (mak-ə-rō-nik) *adj.* & *n.* Verse containing Latin with vernacular نظم جس میں کئی زبانیں استعمال کی گئی ہوں - ہزل جس میں لاطینی طرز کے گھڑے ہوئے الفاظ کی بھرمار ہو - معجون مرکب - کھچڑی -

Macaroon (mak-ə-rōōn) *n.* Sweet cake of almonds میٹھی بادامی روٹی - بادامی کیک بسکٹ -

Macartney (mak-ərt-ni) *n.* A kind of partridge تیتر کی قسم کا ایک پرندہ -

Macassar (me-ka-sar) *n.* Kind of hair oil سر میں ڈالنے کا خوشبودار تیل -

Macaw (mə-kaw) *n.* Kinds of parrot طوطے کی ایک قسم - مکاؤ کا طوطا -

Maccaboy-baw (məka-boy-baw) *n.* Kind of snuff ایک قسم کی ناس جو عطر گلاب میں بسائی جاتی ہے ۔

Mace (mas) *n.* Heavy metal-headed club عصا ۔ لاٹھی ۔ گرز ۔ ڈنڈا جس پر لوہے کی شام لگی ہو ۔ جریب ۔ انٹا کھیلنے کی چھڑی ۔ عصائے شاہی ۔ عصائے حکومت ۔

Mace (mas) *n.* Dried outer covering of nut-meg جائفل کا پوست ۔ بسباسہ ۔ جاوتری ۔

Macerate (mas-ər-at) *v.t. & i.* Soften by soaking بھگو کر نرم کرنا ۔ گھلانا ۔ گھلنا ۔ دبلا کرنا ۔ فاقے کرکے دبلا ہونا ۔

Maceration فاقے کرکے دبلا ہونا ۔ نفس کشی ۔ گھلاوٹ ۔ نرمی ۔ گداخت ۔

Machiavelli (mak-i-ə-veli) *n.* Unscrupulous schemer دو رخا مدبر ۔ عیار ۔ چال باز ۔ زمانہ ساز سیاست دان ۔

Machiavellian دو رخی ۔ عیارانہ ۔ شاطرانہ ۔

Machicolate (ma-chik-o-lat) *v.t.* Furnish openings for dropping stones on assailants شہر کی فصیل میں سوراخ بنانا تاکہ حملہ آوروں پر پتھر پھینکے جا سکیں ۔ روزن بنانا ۔

Machinate (mak-i-nat) *v.i.* Lay plots, intrigue تدبیر کرنا ۔ سازش کرنا ۔ ریشہ دوانی کرنا ۔ چالیں چلنا ۔

Machination *n.* فتنہ پردازی ۔ جوڑ توڑ ۔ سازش ۔

Machinator *n.* عیار ۔ چال باز ۔ سازش کرنے والا ۔

Machine (mə-shin) *n., v.t. & i.* Apparatus for applying mechanical power آلہ جرثقیل ۔ انجن ۔ کل ۔ آلہ ۔ مشین ۔ مشین کی طرح کام کرنے والا ۔ محرک پرزہ یا کل ۔ سیاسی نظام ۔ مشین سے بنانا یا چلانا ۔ مشین سے کام لینا ۔

Machinery (mə-shin-ari) *n.* Contrivances کل کے آلات یا پرزے ۔ آلات جرثقیل ۔ کلیں ۔ مشینیں ۔ کل کی ساخت ۔ فنی تدبیریں جن سے ایک مصنف کام لے ۔

Machinist (mə-shin-ist) *n.* One who makes or controls machinery مشین بنانے یا چلانے والا ۔ مشینوں کا ماہر ۔ مشین ساز ۔ فن جرثقیل کے اصولوں کا جاننے والا

Mackerel (mak-ər-əl) *n.* A sea-fish ایک سمندری مچھلی جس کا گوشت لذیذ ہوتا ہے ۔ سرمئی ۔

Mackerel sky ہلکے سفید بادلوں سے ڈھکا ہوا آسمان ۔

Mackintosh (mak-in-tosh) *n.* Water proof material patented by C. Mackintosh برساتی ۔ برساتی جامہ ۔ پن روک برساتی کوٹ ۔ بارانی ۔ موم جامہ کا کوٹ ۔

Maconochie (mə-kon-ə-chi) *n.* Tinned meat ڈبوں کا دم پخت گوشت ۔

Macrame (mə-kra-mi) *n.* Trimming of knotted thread بٹے ہوئے دھاگے کی جھالر ۔

Macron (mak-rōn) *n.* Mark placed over vowel to show that it is long آواز کھینچنے کا نشان ۔ بڑا مد ۔ خط ۔

Macula (mak-ū-lă) *n.* Dark spot in the sun آفتاب کا سیاہ داغ ۔ داغ ۔ دھبہ ۔

Maculation *n.* سیاہ داغ یا دھبے ہونا ۔

Mad (mad) *adj.* Out of one's mind پاگل ۔ دیوانہ ۔ جنونی ۔ سودائی ۔ باولا ۔ حواس باختہ ۔ پاگلوں جیسا ۔ کسی چیز کے پیچھے دیوانہ ۔ آپے سے باہر ۔ برہم ۔ غضب ناک ۔ تند ۔ آگ بگولہ ۔ جھلایا ہوا ۔

Madness *n.* شوریدہ سری ۔ دیوانگی ۔ سودا ۔ خبط ۔ جنون ۔ پاگل پن ۔

Madam (mad-əm) *n.* Formal address to woman بی بی ۔ بیگم ۔ خاتون ۔ خانم ۔ بانو ۔ میم صاحبہ ۔

Madame (mad-əm) *n.* French form of madam میڈم کی فرانسیسی شکل ۔

Madden (mad-ən) *v.t. & i.* Make or become mad پاگل ہونا یا کرنا ۔ دیوانہ بنانا ۔ آپے سے باہر ہونا یا کرنا ۔ طیش دلانا ۔ برافروختہ کرنا ۔ بھڑکانا ۔

Maddeningly *adv.* دیوانگی کے ساتھ ۔ مجنونانہ طور پر ۔

Made (mād) *adj.* P. P. of make بنایا ہوا ۔ بنا ہوا ۔

Madeira (mə-dī-rā) *n.* White wine of Madeira جزیرہ مدیرا کی سفید انگوری شراب ۔

Mademoiselle (mad-mwə-zel) *n.* Unmarried French woman ناکتخدا فرانسیسی عورت ۔ کنواری دوشیزہ ۔

Madonna (mə-do-ná) *n.* Picture of Virgin Mary
حضرت مریم کی تصویر یا مجسمہ - بی بی صاحبہ - خانم -

Madrepore (mad-ri-por) *n.* Perforate corals مونگے
کے درخت - مرجان کے جراثیم - خانہ دار مرجان -

Madrigal (mad-ri-gəl) *n.* Short amatory poem
دہقانی عاشقانہ گیت - مختصر عاشقانہ گیت - غزل -

Maecenas (mē-si-nas) *n.* Patron of literature ادب
یا آرٹ کا سرپرست - اہل ہنر کا قدر دان -

Maelstrom (mal-strom) *n.* Whirlpool on west coast of Norway
گرداب - بھنور - ورطہ عظیم -
ناروے کے مغربی ساحل کا بھنور -

Maffick (maf-ik) *v.i.* Exult riotously خوشیاں منانا -
رنگ رلیاں رچانا - شادیانے بجانا -

Magazine (mag-ə-zin) *n.* Store for arms گودام -
مال گودام - گولہ بارود کا ذخیرہ - اسلحہ خانہ - سامان
جنگ و رسد - اخبار - رسالہ - صحیفہ -

Maggot (mag-ət) *n.* Larva کیڑا - کیڑے کا پہلا روپ -
خیال - موج - لہر - وہم - خبط -

Magi (ma-gi) *n.* دیکھو Magus

Magian (ma-gi-ən) *adj.* & *n.* Of the Magi مجوسی -
آتش پرست - مغ -

Magic (maj-ik) *adj.* & *n.* Witchcraft جادو - سحر -
افسون - جادوئی - طلسمی -

Magician (maj-i-shən) *n.* One skilled in magic
جادوگر - ساحر - طلسم ساز - افسون گر -

Magisterial (maj-is-te-ri-əl) *adj.* Conducted by a magistrate
حاکمانہ - عدالتی - حاکم عدالت کا -
افسرانہ - تحکمانہ - متکبرانہ -

Magistral (maj-is-t-rəl) *adj.* Of a master آقا کا -
مالک کا - طبیب کی بیاض کا -

Magistrate (maj-is-trat) *n.* Civil officer administering law
حاکم عدالت - ناظم فوجداری -
مجسٹریٹ -

Magistracy *n.* نظامت فوجداری - ناظم فوجداری کا
عہدہ - ناظم عدالت کا عہدہ -

Magna-c(h)arta (mag-na-kar-ta) *n.* Great charter of personal liberty obtained from John in 1215 A.D.
انسانی حقوق اور آزادی کا منشور جو
جان نے ۱۲۱۵ء میں جاری کیا -

Magnanimous (mag-nə-ni-məs) *adj.* High-souled
عالی حوصلہ - بلند ہمت - اولوالعزم - عالی ظرف - فراخ
حوصلہ - کریم النفس -

Magnanimity *n.* عالی ظرفی - فراخ دلی - بلند حوصلگی -

Magnate (mag-net) *n.* Eminent man بہت بڑا آدمی -
مشہور آدمی - رئیس - صاحب ثروت - مقتدر یا ممتاز
شخص - بہت بڑا تاجر - متمول آدمی -

Magnesia (mag-nə-z(h)ia) *n.* Oxide of magnesium
ایک قسم کی سفید مٹی جو دوا میں استعمال کی جاتی ہے -
میگنیشیم کا ایک مرکب -

Magnasium (mag-nə-z(h)i-əm) *n.* Metallic element in magnesia
ایک معدنی عنصر - ایک سفید قسم کی
مٹی -

Magnet (mag-nit) *n.* Piece of iron that can attract iron
آہن ربا - مقناطیس - جاذب شے - دلکش
چیز - قطب نما سوئی -

Magnetic (mag-nit-ik) *adj.* & *n.* Having properties of magnet
مقناطیسی - جاذب - کھینچنے والا -
دل کش - مسمریزم کا - کشش کے علم کا -

Magnetics *n.* علم مقناطیس - مقناطیسیات -

Magnetism (mag-nit-izm) *n.* Magnetic phenomena
قوت کشش - قوت جاذبہ - مقناطیسی قوت -
مقناطیسیت -

Magnetist *n.* مسمری - مسمریزم دان - عالم مقناطیس -

Magnetite (mag-nit-it) *n.* Magnetic iron oxide
مقناطیسی لوہا -

Magnetize (mag-nit-iz) *v.t.* Give magnetic properties to
مقنانا - مقناطیسی خاصیت پیدا کرنا -
مقناطیسی اثر ڈالنا - مسمریزم کے عمل سے بیہوش کرنا -

Magnetization *n.* مقناطیسی خاصیت پیدا کرنا -

Magnificent (mag-ni-fi-sənt) *adj.* Splendid عظیم -
عظیم الشان - شاندار - آراستہ پیراستہ - گراں قدر - بیش
بہا - (بول چال) بہت عمدہ - بہت خوب -

Magnificence *n.* کروفر - شان و شوکت - رونق -
عظمت -

Magnify (mag-ni-fī) *v.t.* Increase apparent size
چھوٹی چیز کو بڑا دکھانا - بڑھا چڑھا کر بیان کرنا -
حد سے زیادہ تعریف کرنا - آسمان پر چڑھانا -

Magnification *n.* بڑھا چڑھا کر دکھانا ۔ مبالغہ ۔ تکبر ۔

Magnifier *n.* بڑا کرکے دکھانے والا شیشہ ۔ بڑھا چڑھا کر بتانے والا آلہ ۔

Magniloquent (mag-nil-ə-kwent) *adj.* Lofty in expression بڑے بڑے لفاظ ۔ شیخی باز ۔ شاندار ۔ مغلق الفاظ استعمال کرنے والا ۔

Magniloquence *n.* بڑے عبارت آرائی ۔ عبارت جس میں بڑے بڑے نمائشی الفاظ ہوں یا تحریر و تقریر کی رنگینی ۔

Magnitude (mag-ni-tūd) *n.* Largeness قد و قامت ۔ ڈیل ڈول ۔ بزرگی ۔ عظمت ۔ وقعت ۔ اہمیت ۔ قدر ۔ ستاروں کی ظاہری روشنی کا درجہ ۔

Magnolia (mag-nō-li-a) *n.* A kind of tree cultivated for foliage and flowers ایک خوش رنگ پتوں اور پھولوں والا درخت ۔

Magnum (mag-nəm) *n.* Bottle containing two quarts of wine شراب کا بڑا شیشہ ۔

Magnum-bonum (mag-nəm-bo-nəm) *n.* Large yellow cooking plum ایک قسم کا زرد آلو جو پکانے کے کام آتا ہے ۔ ایک قسم کا آلو ۔

Magpie (mag-pi) *n.* A kind of European bird نیل کنٹھ کی قسم کا ایک یورپی پرندہ جو خوب بولتا ہے ۔ مینا ۔ بکواس کرنے والا ۔ بکی آدمی ۔ چاند ماری کا بیرونی حلقہ ۔

Magus (ma-gəs) *n.* Member of ancient Persian priestly caste قدیم مجوسی پجاری ۔ آتش پرست ۔ ساحر ۔ جادوگر ۔

Magyar (mag-yar) *n.* & *adj.* Member or language of the people of Hungary ہنگری کے تاتاری نسل کے باشندے ۔ میگیار ۔ میگیاری نسل ۔ میگیاری زبان ۔

Mahdi (mȧ-dē) *n.* Spiritual leader expected by Mohammedans امام مہدی جن کا انتظار ہے ۔ آخری ہادی جس کا وعدہ کیا گیا ہے ۔ محمد احمد مہدی سوڈانی ۔

Mahogany (mə-hog-əni) *n.* Wood of a tropical American tree ایک قسم کی سخت اور سرخ لکڑی جو امریکہ میں پائی جاتی ہے ۔ مہوگنی کا درخت ۔ کھانے کا میز ۔

Have one's knees under person's mahogany کسی کے پاس دعوت کھانا ۔

Mahout (ma-hoot) *n.* Elephant-driver مہاوت ۔ فیل بان ۔

Maid (mād) *n.* Young unmarried woman لڑکی ۔ کنواری لڑکی ۔ کنیا ۔ باکرہ ۔ دوشیزہ ۔ ناکتخدا ۔ چھوکری ۔ لونڈی ۔ کنیز ۔ خادمہ ۔ خواص ۔ در ناسفتہ ۔ کنواری بوڑھی عورت ۔

Maidish *adj.* بیجا شرم و حیا کرنے والی ۔ کنواری لڑکیوں کی سی ۔

Maiden (mād-n) *n.* & *adj.* Girl, spinster لڑکی ۔ کنواری دوشیزہ ۔ بن بیاہی عورت ۔ ریشم دھونے کی کل ۔ کرکٹ میں وہ اوور جس میں کوئی رن نہ بنا ہو ۔ گھوڑا جو کبھی جیتا نہ ہو ۔ کسی کھلاڑی کے پہلے سو رن ۔ نا آزمودہ سپاہی ۔ لڑکیوں کا ۔ تازہ ۔ نوشگفتہ ۔

Maidenhood *n.* دوشیزگی ۔ بکارت ۔ کنوارا پن ۔

Maidenlike *adj.* کنواریوں جیسا ۔

Maidenly *adj.* شرم آگین ۔ حیا دار ۔

Mail (mal) *n.* & *v.t.* Armour زرہ ۔ زرہ بکتر ۔ جوشن ۔ چار آئینہ ۔ زرہ بکتر پہنانا ۔

Mail (māl) *n.* & *v.t.* Bag of letters ڈاک ۔ ڈاک کا تھیلا ۔ ڈاک گاڑی ۔ ڈاک میں خط ڈالنا ۔ ڈاک سے بھیجنا ۔

Maim (mām) *v.t.* Mutilate قطع کرنا ۔ کاٹنا ۔ ہاتھ پیر کاٹ ڈالنا ۔ نکما کر دینا ۔ بگاڑ دینا ۔

Main (mān) *n.* Physical force بل ۔ زور ۔ قوت ۔ دم خم ۔ قوت بازو ۔ بحر محیط ۔ بحر ذخار ۔ مجموعہ ۔ بڑا حصہ ۔ براعظم ۔ جوڑ ۔ مرغیوں کی پالی ۔ پانسہ ۔ پانچ سے نو تک کا کوئی عدد جو پانسہ پھینکنے والا پکارتا ہے ۔

With might and main پوری طاقت سے ۔ زور بازو سے ۔

Main (mān) *adj.* Most important عظیم ۔ فراخ ۔ کشادہ ۔ اہم ۔ ضروری ۔ مقدم ۔ سب سے اہم ۔ مرکزی ۔ حقیقی ۔ اصلی ۔

Mainly *adv.* زبردستی ۔ بیشتر ۔ زیادہ تر ۔ بالخصوص ۔

Mainstay *n.* سب سے اہم شخص ۔ وہ شخص جس پر سارا دار و مدار ہو ۔

Maintain (mən-tān) *v.t.* Carry on, keep up بر قرار رکھنا ۔ قائم رکھنا ۔ قابو میں رکھنا ۔ پاس رکھنا ۔ کسی کا خرچ برداشت کرنا ۔ صرف کرنا ۔ پرورش کرنا ۔ تائید کرنا ۔ حمایت کرنا ۔ وثوق سے کہنا ۔ دعویٰ کرنا ۔ دعوے سے کہنا ۔

Maintainable *adj.* حفاظت کرنے کے قابل ۔ لائق پرورش ۔ قابل حمایت ۔

Maintenance (mən-ti-nəns) *n.* Enough to support life پرورش ۔ سہارا ۔ گزارا ۔ نان نفقہ ۔ روٹی کپڑا ۔ بلا غرض مقدمہ کی پیروی ۔

Maize (māz) *n.* Pakistani corn, its grain مکئی ۔ مکئی کا پودا ۔ جوار ۔

Maizena (māz-i-nā) *n.* Pakistani corn flour جوار کا آٹا ۔ مکئی کا آٹا ۔

Majestic (maj-is-tik) *adj.* Imposing پر شکوہ ۔ شاندار ۔ با وقار ۔ عظیم الشان ۔

Majesty (maj-is-ti) *n.* Impressive stateliness, sovereign power شان ۔ جاہ و جلال ۔ کروفر ۔ عظمت ۔ وقار ۔ شاہی منصب ۔ فرمانروا طاقت ۔

Your Majesty حضور پر نور ۔ ملک معظم ۔ جہاں پناہ ۔

Major (ma-jər) *n.* Officer above captain فوجی عہدہ دار جو کپتان سے بڑا ہوتا ہے ۔

Major (ma-jər) *adj.* & *n.* Greater of two things, person of full age بڑا ۔ کلاں ۔ دوسرے سے بڑا ۔ بزرگ تر ۔ اکبر ۔ بالغ ۔ بالغہ ۔

Majority (ma-jər-i-ti) *n.* Greater number بڑائی ۔ بزرگی ۔ بلوغت ۔ کثرت تعداد ۔ کثرت رائے ۔ زیادتی ۔ بڑا حصہ ۔ میجر کا عہدہ ۔

Make (mak) *v.t.* & *i.* Construct, frame ہستی میں لانا ۔ وجود میں لانا ۔ پیدا کرنا ۔ خلق کرنا ۔ شکل و صورت یا روپ دینا ۔ گھڑنا ۔ مرتب کرنا ۔ تصنیف و تالیف کرنا ۔ نقل یا جعلی بنانا ۔ وضع کرنا ۔ ایجاد کرنا ۔ عمل کرنا ۔ انجام کو پہنچانا ۔ تعمیل کرنا ۔ حاصل کرنا ۔ کمانا ۔ بنانا ۔ سنوارنا ۔ سر سبز کرنا ۔ بن جانا ۔ ہو جانا ۔ ثابت ہونا ۔ شمار ہونا ۔ کام دینا ۔ جھوٹ موٹ ظاہر کرنا ۔ خیال کرنا ۔ اندازہ کرنا ۔ لڑنا ۔ حرکت کرنا ۔ دریا میں مد یا جزر ہونا ۔

Make belief جھوٹ موٹ ۔

One swallow does not make a summer اکیلا چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا ۔

To make a leg ایک پیر پیچھے ہٹا کر تعظیم کے لیے جھکنا ۔

Make (māk) *n.* Style of structure بناوٹ ۔ ساخت ۔ تراش ۔ ترکیب ۔ ساز ۔ ڈھنگ ۔ صورت ۔ شکل ۔ جثہ فطرت ۔ سرشت ۔ افتاد طبع ۔ سیرت ۔ ذہنی حالت ۔

Maker (māk-ər) *n.* The Creator بنانے والا ۔ کارساز ۔ خدائے تعالیٰ ۔ پروردگار ۔ خالق ۔

Making (māk-ing) *n.* Earning دستکاری ۔ ترکیب ۔ ساخت ۔ آمدنی ۔ منافع ۔ امتیازی خصوصیات ۔

Malacca (mal-ak-a) *n.* Town in Malay peninsula شہر ملاکا ۔ ملاکا کی بید ۔ سرخی مائل بید ۔

Malacca cane بید کی چھڑی ۔ ملاکا کی بید ۔

Maladjustment (mal-ə-just-mənt) *n.* Faulty adjustment بے آہنگی ۔ عدم مطابقت ۔ بے ترتیبی ۔

Maladministration *n.* نراج ۔ بری حکومت ۔ بد نظمی ۔ بد انتظامی ۔

Maladroit (mal-ə-droit) *adj.* Clumsy, bungling اناڑی ۔ پھوہڑ ۔ بھدا ۔ بد سلیقہ ۔

Malady (mal-ə-di) *n.* Disease نقص طبع ۔ فساد فکر ۔ بیماری ۔ عارضہ ۔ مرض ۔ روگ ۔ علت ۔

Malafide (mal-ə-fid) *adv.* & *adj.* In bad faith بے ایمانی سے ۔ بدنیتی سے ۔ ناجائز طور پر ۔ ناجائز ۔

Malapert (mal-ə-pərt) *adj.* & *n.* Impudent شوخ ۔ بے ادب ۔ گستاخ ۔ بد تمیز ۔ بے لحاظ ۔

Malaprop (mal-ə-prop) *n.* Ludicrous misuse of word الفاظ کا غلط اور مضحکہ خیز استعمال ۔ بے تکا پن ۔

Malapropos (mal-ə-pro-pos) *adv.*, *adj.* & *n.* Inopportunely said or done بے جا ۔ بے محل ۔ بے موقع ۔ بے تکی بات یا حرکت ۔ بے وقت حادثہ ۔

Malaria (məla-ria) *n.* Fever caused by bite of mosquito ملیریا بخار ۔ وہ بخار جو مچھر کے کاٹنے سے پیدا ہوتا ہے ۔ فصلی ۔ موسمی بخار ۔

Malarial *adj.* ملیریائی ۔

Malarious *adj.* ملیریا بخار پیدا کرنے والی ۔ ملیریا بھری ۔

Malcontent (mal-kən-tent) *adj.* & *n.* Inclined to rebellion حکومت سے ناراض اور بیزار۔ ناخوش۔ غیر مطمئن ۔ شورش پسند ۔ بغاوت پر آمادہ ۔

Male (mal) *adj.* & *n.* Of the sex that begets off-spring مرد ۔ مذکر ۔ نرینہ ۔ نر ۔ بیج دار ۔ پرزہ جو کسی سوراخ میں داخل ہوتا ہو ۔

Male (mal) *prefix*- In combination ill سابقہ ۔ برا ۔ بد ۔

Malediction (mal-dik-shən) *n.* Curse بد دعا ۔ بری خواہش ۔ سراپ

Malefactor (mal-i-fak-tər) *n.* Criminal گنہگار ۔ مجرم ۔ بد معاش ۔ ایذا دینے والا ۔

Malefaction *n.* بد معاشی ۔ جرم ۔ ایذا رسانی ۔

Maleficent (mal-i-fi-shənt) *adj.* Harmful باعث ایذا ۔ موجب تکلیف ۔ مجرمانہ ۔

Malevolent (mol-i-və-lənt) *adj.* Desirous of evil بد خواہ ۔ بد باطن ۔ بد اندیش ۔ خبیث ۔

Malevolence *n.* بد اندیشی ۔ بد خواہی ۔ خباثت ۔

Malfeasance (mal-fi-zəns) *n.* Official misconduct (سرکاری ملازموں کی) بد عنوانی ۔ ناجائز فعل ۔ رشوت ستانی ۔

Malfeasant *adj.* ناجائز افعال کرنے والا ۔ بد عنوانی کا مرتکب ۔

Malformation (mal-for-ma-shən) *n.* Faulty formation ناقص ساخت ۔ خلقی نقص ۔ بری بناوٹ ۔ بے ترتیبی ۔

Malice (mal-is) *n.* Wrongful intention عداوت ۔ کینہ ۔ بغض ۔ عناد ۔ بداندیشی ۔ حسد ۔

Malicious کینہ ور ۔ بد باطن ۔ حاسد ۔ بدخواہ ۔

Malign (mə-lin) *adj.* Injurious مضر ۔ اذیت رساں ۔ مہلک ۔ تکلیف دہ ۔

Malign (mə-lin) *v.t.* Speak ill of حسد سے دیکھنا ۔ تکلیف پہنچانا ۔ بدنام کرنا ۔ ذلیل کرنا ۔ تہمت لگانا ۔

Malignant (mə-lin- ənt) *adj.* & *n.* Very virulent, harmful بدخواہ ۔ بد اندیش ۔ متعدی ۔ شدید ۔ سمی ۔

Malignancy *n.* شدت ۔ بدخواہی ۔ دشمنی ۔ کینہ ۔

Malignity (mə-lin-iti) *n.* Deep-rooted ill-will دشمنی ۔ کینہ توزی ۔ خباثت ۔ شدت ۔ سختی ۔ خصومت ۔

Malinger (me-ling-ger) *v.i.* Pretend, protract بیماری کا بہانہ کرنا ۔ بیماری کو طول دینا ۔ بیمار بنا رہنا ۔ جان بوجھ کر بیمار بننا ۔ جھوٹ موٹ بیمار بننا ۔

Malingerer *n.* بیمار بننے والا ۔ بیماری کا بہانہ کرنے والا ۔ ڈھونگ کرنے والا ۔

Malism (mal-i-zm) *n.* Doctrine that it is a bad world یہ نظریہ کہ یہ دنیا بری ہے ۔ دنیاوی حیات محض شر ہے ۔

Mallard (mal-ərd) *n.* Wild drake or duck جنگلی بط کا گوشت ۔ جنگلی بطخ ۔

Malleable (mal-i-əbl) *adj.* That can be hammered کوٹ پیٹ کر بڑھ جانے والی ۔ پھیلنے والی ۔ ورق بنانے کے قابل ۔ ملائم ۔ لوچدار ۔ نرم ۔

Mallet (mal-it) *n.* Wood hammer موگری ۔ موسل ۔ پولو کھیلنے کی لکڑی یا چوگان ۔ کوبہ ۔ مار تول ۔ ہتھوڑی ۔

Mallow (mal-o) *n.* Wild plant with hairy stem and leaves جنگلی پودا جس کا تنا اور پتیاں روئیں دار ہوتی ہیں ۔ خطمی ۔ غبازی ۔

Malmaison (ma-mə-sin) *n.* Kind of carnation ایک سرخ رنگ کا پھول ۔

Malmsey (mam-zi) *n.* Strong sweet wine میٹھی انگوری شراب ۔ یونان اور اسپین کی تیز انگوری شراب ۔

Malnutrition (mal-nu-tri-shən) *n.* Insufficient nutrition غذائیت کی کمی ۔ ناکافی غذا پہنچنا ۔ ناقص غذا ۔ ایسی خوراک جس میں غذائیت کم ہو ۔

Malodorous (mal-o-də-rəs) *adj.* Evil smelling بدبودار ۔ متعفن ۔

Malpractice (mal-prak-tis) *n.* Wrong doing بدعنوانی ۔ بے ضابطگی ۔ بد چلنی ۔ بدرویگی ۔ علاج میں غفلت ۔ غلط علاج ۔ خیانت ۔ مجرمانہ غفلت ۔

Malt (mawlt) *n.* Barley or other grain prepared for brewing جو کی شراب ۔ بوزہ ۔ شعیرہ ۔ شراب سازی کے جو ۔

Malt (mawlt) *v.t.* & *i.* Convert grain into malt اناج یا جو کا شعیرہ بنانا ۔ مسلسل خشک ہوا کی وجہ سے جو کا خشک ہو جانا اور اکھوے نہ نکلنا ۔

Maltese (mawl-tez) *adj.* & *n.* Of Malta مالٹا کی زبان ۔ مالٹا کا باشندہ ۔ مالٹا کا ۔

Malthusian (mal-thuz-i-ən) *adj.* & *n.* Follower of Malthus مالتھس کا پیرو جس کا نظریہ تھا کہ اضافہ آبادی کو ضبط نفس کے ذریعے روکنا چاہیے ۔ نظریہ ضبط نفس ۔

Maltreat (mal-trēt) *v.t.* Treat badly ۔ بد سلوکی کرنا ۔ بری طرح پیش آنا ۔ برا برتاؤ کرنا ۔ کج ادائی کرنا ۔

Maltreatment نازیبا برتاؤ ۔ کج ادائی ۔ بدسلوکی ۔

Malversation mal-vər-sa-shən) *n.* Corrupt behaviour in position of trust بدچلنی ۔ بدکرداری ۔ بد عنوانی ۔ خیانت ۔ غبن ۔ بے جا تصرف ۔

Mamelon (mam-ə-lən) *n.* Rounded eminence گول بلند ٹیکرا ۔ گول پہاڑی ۔

Mameluke (mam-ə-look) *n.* Member of a military body of Caucasian slaves that siezed throne of Egypt in 1254 مملوک ۔ کوہ قاف کے غلام جنہوں نے تخت مصر پر ۱۲۵۴ء میں قبضہ کر لیا تھا ۔

Mamilla (mam-il-ȁ) *n.* Nipple of female breast پستان کا منہ ۔ پستان کی بھٹنی ۔ پستانی شکل کا عضو ۔ سر پستان ۔

Mam(m)a (mam-ah) *n.* Mother بچوں کی زبان میں ماں ۔

Mamma (mam-ȁ) *n.* Milk-secreting organ or animals تھن ۔

Mammiferous *adj.* پستان دار ۔ تھن والے ۔

Mammal (mam-əl) *n.* One of milk-giving class تھن والے جانور ۔ دودھ پلانے والے جانور ۔

Mammaliferous (mam-əl-i-fe-rəs) *adj.* Containing mammalian remains وہ زمین جس میں تھن والے جانوروں کے ڈھانچے پائے جاتے ہوں ۔

Mammon (mam-ən) *n.* Wealth regarded as evil influence ۔ کوبر ۔ قارون ۔ مال ۔ دھن ۔ دولت کا بت ۔ مایا ۔ دولت کا بھوت ۔

Mammonizm *n.* دنیا پرستی ۔ زر پرستی ۔

Mammonist دنیا پرست ۔ زر پرست ۔

Mammonite *n.* زر پرست ۔ دولت کا دیوانہ ۔

Mammoth (mam-əth) *n.* & *adj.* Large extinct elephant, huge ایک عظیم الجثہ ہاتھی جس کی نسل اب معدوم ہے ۔ عظیم الجثہ ۔ فیل پیکر ۔ بہت بڑا ۔ زبردست ۔

Mammy (mam-i) *n.* Child's word for mother ممی ۔ اماں ۔ امی ۔ (امریکہ) دیسی نسل کی انا یا آیا ۔

Man (mən) *n.* Human being آدمی ۔ آدم زاد ۔ بشر ۔ انسان ۔ بندہ خدا ۔ بھلا آدمی ۔ مرد ۔ فرد ۔ کس ۔ جوان ۔ بالغ ۔ سیانا ۔ بہادر ۔ جوان مرد ۔ شجاع ۔ دلیر ۔ شوہر ۔ میاں ۔ خادم ۔ نوکر ۔ سپاہی ۔ خدمتگار ۔ پیادہ یا سوار ۔ (شطرنج) مہرہ ۔

Be one's own man خود مختار ہونا ۔ آزاد ہونا ۔

Man about town لندن کا بے فکرا ۔ بے فکرا شریف ۔

Manhandle برا سلوک کرنا ۔ ہاتھا پائی کرنا ۔

Man in the moon چاند کی بڑھیا ۔ فرضی شخص ۔

Man in the street عام آدمی ۔

Man (man) *v.t.* Furnish with men for service قلعہ یا مورچہ کو فوجیوں سے مستحکم کرنا ۔ حفاظت کے لیے آدمیوں کو مقرر کرنا ۔ کسی عہدے پر مقرر کرنا ۔ ہمت کرنا ۔

Manacle (man-ə-kl) *n.* & *v.t.* Fetter ہتھکڑی ۔ زنجیر ۔ بیڑی ۔ ہتکڑی ڈالنا ۔ بیڑی ڈالنا ۔ پا بہ زنجیر کرنا ۔

Manage (man-ij) *n.* Training of horse گھوڑے کو سدھانا ۔ گھوڑے کو سواری کے لیے درست کرنا ۔ گھوڑے کی چال ٹھیک کرنا ۔ سواری سکھانے کا مدرسہ ۔

Manage (man-ij) *v.t.* & *i.* Handle, conduct, control انتظام کرنا ۔ اہتمام کرنا ۔ چلانا ۔ سرانجام دینا ۔ بندوبست کرنا ۔ بنانا ۔ آراستہ کرنا ۔ کفایت سے خرچ کرنا ۔ ناکافی وسائل سے کام چلانا ۔ بھگتنا ۔ نمٹنا ۔ خوشامد درآمد سے کام نکالنا ۔

Managing *adj.* انتظامی ۔ خوشامد درآمد سے کام نکالنے والا

Manageable *adj.* ۔ قابل انتظام ۔ خوش لگام ۔ فرمان پذیر ۔ مطیع ۔

Manageableness *n.* ۔ انتظام پذیر ہونا ۔ قابو میں ہونا ۔ قابل انتظام ہونا ۔

Management (man-ij-mənt) *n.* Governing body عمدہ بندوبست ۔ انتظامیہ ۔ خوش انتظامی ۔ کفایت شعاری ۔ تدبیر ۔ حکمت عملی ۔ جوڑ توڑ ۔ عملہ ۔ جماعت منتظمین ۔ گروہ مدبرین ۔

Manager (man-ij-ər) *n.* Person conducting business منتظم ۔ ناظم ۔ کارندہ ۔ کارکن ۔ کار پرداز ۔ کرتا دھرتا ۔ پارلیمینٹ کا رکن جو کسی انتظامی کام پر مقرر کیا گیا ہو ۔ سربراہ کار جو عدالت کی طرف سے دیوالیہ کارخانوں پر مقرر کیا جاتا ہے ۔

Managerial *adj.* منتظمانہ ۔ انتظامی ۔

Managership *n.* منتظم کا عہدہ ۔ مینجری ۔

Manatee (man-ə-tē) *n.* Sea-cow ایک سبزی خور بحری جانور ۔ سمندری گائے ۔

Manciple (man-si-pl) *n.* Officer who buys provisions for college کالج کے مطبخ کا داروغہ ۔ منتظم رسد ۔ کالج کے لیے غلہ وغیرہ خریدنے والا ۔

Mandamus (man-da-məs) *n.* Judicial writ to inferior court عدالت تحت کو عدالت بالا کا حکم ۔ پروانہ ۔ حکم نامہ ۔

Mandarin (man-dā-rin) *n.* Chinese official ملک چین کا عامل ۔ رہنما جو زمانے سے پیچھے ہو ۔

Mandarin (man-dā-rin) *n.* Small flat deep-coloured orange چھوٹی چپٹی نارنگی ۔ کنو ۔ نارنجی رنگ ۔ ایک قسم کی شراب ۔

Mandatary (man-da-tə-ri) *n.* One to whom a mandate is given جس شخص کو بذریعہ حکم کوئی اختیار دیا جائے ۔

Mandate (man-dat) *n.* Judicial or legal command from superior فرمان ۔ حکم ۔ حکم نامہ ۔ منشور ۔ انجمن اقوام متحدہ کی طرف سے کسی ریاست کو کسی علاقہ کے انتظام کا اختیار ۔ ہدایات جو رائے دہندہ اپنے نمائندے کو دیں ۔

Mandate (man-dāt) *v.t.* Commit to mandatary کسی علاقہ کو کسی ریاست کے زیر انتظام دینا ۔ کسی ریاست کو علاقہ غیر پر حکومت کا اختیار دینا ۔

Mandatory (man-də-təri) *adj.* & *n.* Compulsory حکم کے متعلق ۔ لازمی ۔ حکم ۔ حکم نامہ ۔

Mandible (man-di-bl) *n.* Lower jaw in mammals جانوروں کا جبڑا ۔ دودھ پلانے والے جانوروں کا نیچے کا جبڑا ۔ چونچ کا نیچے یا اوپر کا حصہ ۔

Mandibular *adj.* جبڑے کی طرح کا ۔ جبڑے کے متعلق ۔

Mandola-ora (man-də-la) *n.* A kind of lute سارنگی کی قسم کا بڑا باجا ۔ سارنگی باجا ۔

Mandolin (man-də-lin) *n.* Musical instrument of lute kind played with plectrum سارنگی کی طرح کا باجا جو مضراب سے بجایا جاتا ہے ۔

Mandrake (man-drāk) *n.* Poisonous plant with a root of human form. It shrieks when plucked ایک زہریلا پودا ۔ اس پودے کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اس کی جڑ آدم نما ہوتی ہے اور جب پودا اکھاڑا جائے تو چیخنے کی آواز نکلتی ہے ۔

Mandrel (man-drəl) *n.* Axis or rod to which work is fixed خراد کی نوک دار کھونٹی جس پر رکھ کر لکڑی خرادی جاتی ہے ۔ خراد کا محور ۔

Mandrill (man-dril) *n.* Large, hideous baboon بڑا بد شکل بندر ۔

Manducate (man-du-kat) *v.t.* Chew, eat کاٹنا ۔ چبانا ۔ کھانا ۔

Mane (mān) *n.* Long hair on neck of horse ایال ۔ گردن کے بال ۔ گھوڑے کی گردن کے بڑے بال ۔

Manes (māns) *n.* Souls of departed ancestors مردوں کی روحیں ۔ بزرگوں کی پاک روحیں ۔ قابل پرستش روحیں ۔

Manful (man-ful) *adj.* Brave, resolute جواں مرد ۔ بہادر ۔ بلند ہمت ۔ جری ۔

Manfully *adv.* دلیرانہ ۔ بلند ہمتی سے ۔ مردانہ وار ۔

Manganese (mang-ge-niz) *n.* Black mineral used in glass-making ایک دھات جو شیشہ گری کے کام آتی ہے ۔ ایک سیاہ دھات جس سے آلات حرب بنائے جاتے ہیں ۔

Mange (manj) *n.* Skin disease in hairy animals اون دار جانوروں کی جلدی بیماری ۔ خارش ۔ کھجلی ۔

Manger (man-jər) *n.* Trough جانوروں کے چارہ دانہ کھانے کا کٹھلا ۔ کونڈا ۔

Mangle (mang-gl) *n.* & *v.t.* Machine for pressing washed clothes دھوئے ہوئے کپڑوں کو دبانے اور استری کرنے کی کل ۔ کپڑوں پر استری کرنا ۔

Mangle (mang-gl) *v.t.* Lacerate by blows ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ دھجیاں بکھیرنا ۔ صورت بگاڑ دینا ۔ درگت کرنا ۔ مار مار کر صورت مسخ کر دینا ۔

Mango (mang-gō) *n.* A delicious Pakistani fruit of multiple varieties آم ۔ انبہ ۔

Mango-trick آم کا شعبدہ ۔ نظر بندی کر کے آم کا درخت اُگا کر دکھانا ۔

Mangonel (mang-gə-nel) *n.* Military engine for casting stones منجنیق ۔ فلاخن کی کل ۔ پتھر پھینکنے کی فوجی کل ۔

Mangrove (mang-grov) *n.* Tropical tree, bark of which is used in tanning ایک درخت جس کی چھال چمڑا رنگنے اور دوا کے کام آتی ہے ۔

Mangy (man-ji) *adj.* Having the mange ۔ خارش والا کھجلی والا ۔

Manhood (man-hood) *n.* State of being a man مردی ۔ مردمی ۔ جواں مردی ۔ انسانیت ۔ آدمیت ۔ بلوغ ۔ بہادری ۔ مردانگی ۔

Mania (ma-ni-ā) *n.* Mental derangement خلل دماغ ۔ خبط ۔ مالیخولیا ۔ جنون ۔ دیوانگی ۔ سودا ۔ کسی کام میں جوش اور انہماک ۔

Maniac (ma-ni-ak) *adj.* & *n.* Affected with mania سودائی ۔ دیوانہ ۔ پاگل ۔ خبطی آدمی ۔

Manicure (man-i-kūr) *n.* & *v.t.* One who treats fingers and finger-nails ہاتھ اور ناخن کی صفائی اور رنگائی ۔ ہاتھ اور ناخن کی درستی کرنے والا ۔ ہاتھ اور ناخن کی صفائی کرنا ۔

Manifest (man-i-fest) *n.* List of ship's cargo بیجک ۔ جہاز کے مال کی فہرست ۔

Manifest (man-i-fest) *adj.* Clear, obvious ظاہر ۔ عیاں ۔ نمایاں ۔ صاف ۔ آشکارا ۔

Manifest (man-i-fest) *v.t.* & *i.* Show plainly آشکارا کرنا ۔ عیاں کرنا ۔ واضح کرنا ۔ صاف صاف دکھانا ۔ فاش کرنا ۔ ظاہر کرنا ۔ مترشح ہونا ۔ جہاز کا مال فہرست میں درج کرنا ۔ سیاسی پارٹی کا عام جلسے میں اپنے لائحہ عمل کی وضاحت کرنا ۔

Manifestation اعلان ۔ تجلی ۔ انکشاف ۔ ظہور ۔

Manifesto (man-i-fes-tō) *n.* Public declaration اعلان ۔ اشتہار ۔ منادی ۔ حکومت یا سیاسی پارٹی کا اعلان ۔ منشور ۔

Manifold (man-i-fold) *adj.* & *n.* Having various forms گوناگوں ۔ بو قلموں ۔ طرح طرح کا ۔ بہت سے سوراخوں والی نلکی ۔

Manifold (man-i-fold) *v.t.* Multiply copies of بہت سی نقلیں اتارنا ۔ کئی کاپیاں اتارنا ۔

Manikin (man-i-kin) *n.* Little man, dwarf چھوٹا آدمی ۔ بونا ۔ مردک ۔ جسم انسانی کا ڈھانچہ ۔ مجسمے کی ابتدائی شکل ۔ ایک چھوٹا پرندہ جو امریکہ کے گرم حصوں میں پایا جاتا ہے ۔

Manilla (mə-ni-la) *n.* Metal bracelet used by African tribes دھات کا کڑا جو افریقہ کے قبیلے مبادلہ کے طور پر استعمال کرتے ہیں ۔ جزائر فلپائن کا دارالسلطنت ۔ منیلا کے رسے اور چرٹ ۔

Manioc (man-i-ok) *n.* Cassava ایک پودا جس کے نشاستے کی روٹی پکائی جاتی ہے ۔ روا ۔ سوجی ۔

Maniple (man-i-pl) *n.* Sub-division of legion سپاہیوں کا فوجی دستہ ۔ کلیسائی لباس کا جز ۔ ایک پٹی جو آستان سے بائیں جانب لٹکتی رہتی ہے ۔

Manipulate (mə-nip-u-lat) *v.t.* Handle with skill سلیقہ سے کام کرنا ۔ خوش اسلوبی سے سرانجام دینا ۔ سلجھانا ۔ نپٹانا ۔ حکمت عملی سے کام کرنا ۔ ترکیب یا ناجائز اثرات سے کام نکالنا ۔ ساز باز کرنا ۔ جوڑ توڑ کرنا ۔

Manipulation *n.* دستکاری ۔ سلیقہ مندی ۔ کار پردازی ۔ ساز باز ۔ جوڑ توڑ ۔

Manipulator *n.* خوش اسلوبی سے سرانجام دینے والا ۔ جوڑ توڑ کرنے والا ۔ تدبیر سے کام نکالنے والا ۔

Mankind (man-kīnd) *n.* Human species بنی نوع انسان ۔ بنی آدم ۔ اولاد آدم ۔ انسان ۔ نسل انسانی ۔ مرد ۔ ذکور ۔

Manlike (man-līk) *adj.* Like a man مردوں کی طرح ۔ مردانہ وار ۔ انسان جیسا ۔ انسانی ۔ جس میں انسانی خوبیاں اور کمزوریاں ہوں ۔ آدمیت کا ۔

Manly (man-li) *adj.* Befitting a man مردانہ ۔ مردانگی سے ۔ بہادرانہ ۔ دلیرانہ ۔ مرد کے شایان شان ۔ مرد صفت عورت ۔ مرد سیرت ۔

Manliness *n.* جوان مردی ۔ مردمی ۔
Manna (man-ä) *n.* Substance supplied to Israelites من ۔ ایک شیریں غذا جو خدا نے بنی اسرائیل کو وادی سینا میں عطا کی تھی ۔ روحانی غذا ۔ شیر خشت ۔
Mannequin (man-i-kin) *n.* Person usually woman to show off costumes کوئی شخص بالخصوص عورت جو لباس پہن کر گاہکوں کو دکھا ئے ۔
Manner (man-ər) *n.* Way a thing is done ۔ صورت شکل ۔ نقشہ ۔ ہیئت ۔ وضع ۔ قطع ۔ طرز ۔ ڈھنگ ۔ طریقہ ۔ انداز ۔ چال ڈھال ۔ طرز معاشرت ۔ آداب و رسوم ۔ اسلوب بیان ۔ طرز ادا ۔ انداز فن ۔ بیان یا ادا کرنے کا خاص ڈھب ۔
In a manner ایک طرح سے ۔
Mannerism (man-ər-izm) *n.* Excessive addiction to a distinctive manner راہ و رسم کی پابندی ۔ کسی خاص طرز میں غلو ۔ بیان یا ادا کا خاص طریقہ ۔ یک اطواری ۔ یک اسلوبی ۔
Mannerist خاص وضع اور انداز کا دیوانہ ۔ خاص وضع کا پابند ۔ راہ و رسم کا پابند ۔
Mannerly (man-ər-li) *adj.* Well-mannered ۔ شائستہ خلیق ۔ مہذب ۔ تمیز دار ۔ خوش خلق ۔
Mannish (man-ish) *adj.* Masculine مردوں کی سی صفات رکھنے والی ۔ مردانی ۔ مردوں کی طرح کی ۔
Manoeuvre (ma-noo-vər) *n.* Planned movement داؤں ۔ گھات ۔ چال ۔ جوڑ توڑ ۔ ترکیب ۔ حکمت ۔ چالاکی ۔ عیاری ۔ فوج یا بحری بیڑے کی منصوبہ کے مطابق نقل و حرکت ۔
Manoeuvre (ma-noo-vər) *v.i.* & *t.* Employ artifice داؤں کرنا ۔ چالاکی کرنا ۔ ترکیب سے نقل و حرکت کرنا ۔ خوش اسلوبی سے کام کرنا ۔ فوجوں اور بحری بیڑے کا خاص تجویز کے مطابق نقل و حرکت کرنا ۔
Manor (man-ər) *n.* English territorial unit ۔ جاگیر زمینداری ۔ علاقہ ۔ تعلقہ ۔
Manor house کوٹھی ۔ حویلی ۔ محل ۔ علاقہ کا سب سے بڑا مکان ۔ تعلقہ دار کا مکان ۔
Mansard (man-sard) *n.* Curb roof of two slopes دو رویہ سلامی والی چھت ۔ دو ڈھال والی چھت ۔
Manse (mans) *n.* Minister's house گرجے کا ملحقہ مکان ۔ چوپال ۔ پادری کا مکان ۔

Mansion (man-shən) *n.* Large residence ۔ محل سرا حویلی ۔ قصر ۔ محل ۔ بڑا مکان ۔ کسی نواب یا تعلقدار کی اقامت گاہ ۔
Mantel (man-tl) *n.* Structure around fire-place آتش دان کے اوپر کا تختہ یا الماری ۔ لکڑی کا مچان جو آتش دان کے اوپر لگایا جاتا ہے ۔ کارنس ۔
Mantic (man-tik) *adj.* Of divination پیشین گوئی کے متعلق ۔ غیب دانی کا ۔
Mantle (man-tl) *n.* Woman's loose sleeveless cloak لبادہ ۔ چغہ ۔ فرغل ۔ پردہ ۔ نقاب ۔ برقعہ ۔ انگیٹھی کے اوپر کی کارنس ۔ گھونگے کے پیٹ کی جھلی ۔
Mantle (man-tl) *v.t.* & *i.* Cover with mantle چغہ پہنانا ۔ فرغل سے ڈھانکنا ۔ چھپا لینا ۔ گھیر لینا ۔ کشادہ ہونا ۔ خوشی منانا ۔ سیال چیزوں پر جھاگ آنا ۔ چہرے پر سرخی دوڑ جانا ۔
Manual (man-u-əl) *adj.* & *n.* Done with the hands رسالہ ۔ دستی کتاب ۔ دستور العمل ۔ دستی ۔ ہاتھ کا ۔ ہاتھ سے کیا ہوا ۔ پودوں کا تختہ ۔ کنجیوں کا باجا ۔ ہارمونیم ۔
Manufactory (man-u-fak-təri) *n.* Workshop فیکڑی ۔ کار گاہ ۔ کارخانہ ۔
Manufacture (man-u-fak-tyer) *n.* Making of articles صنعت ۔ کاریگری ۔ دست کاری ۔ چیزیں بنانا ۔ کارخانہ کی تیار کی ہوئی چیزیں ۔ مشینی پیداوار ۔
Manufacture (man-u-fak-tyer) *v.t.* Produce بنانا ۔ گھڑنا ۔ دست کاری کرنا ۔ بڑے پیمانے پر اشیاء تیار کرنا ۔ دست کاری میں مصروف رکھنا ۔ کارخانہ چلانا ۔
Manufacturer *n.* کاریگر ۔ کارخانہ والا ۔ صنعت کار ۔
Manumit (man-u-mit) *v.t.* Set free غلامی سے آزاد کرنا ۔ غلام آزاد کرنا ۔
Manumission *n.* غلاموں کی رہائی ۔ غلاموں کی آزادی ۔
Manure (man-ūr) *n.* & *v.t.* Any substance to fertilize the soil کھاد ۔ پانس ۔ گوبر کی کھاد ۔ کیمیاوی کھاد ۔ کھاد ڈالنا ۔ زرخیز کرنا ۔ پانس ڈالنا ۔ قوت نمو بڑھانا ۔

Manuscript (man-u-skript) *adj.* & *n.* Book, document, written by hand قلمی - ہاتھ کی لکھی ہوئی قلمی کتاب یا تحریر - مخطوطہ -

MSS (m-s-s) *n.* Handwritten document دستی مسودہ - قلمی نسخہ - دستاویز -

Many (men-i) *adj.* & *n.* Numerous بہت سے - کثرت سے - بہتیرے - متعدد - بڑی تعداد میں - بہت آدمی - جمعیت کثیر -

Map (map) *n.* Representation of any surface showing physical and political features نقشہ - ملک کا نقشہ - زمین کا نقشہ - آسمان کا نقشہ -

Map (map) *v.t.* Arrange in detail نقشہ بنانا - نقشہ کھینچنا - نقشہ بھرنا -

Maple (ma-pl) *n.* Kinds of trees grown for shade or sugar ایک درخت جس سے شکر ملتی ہے - اس درخت کی لکڑی - اس درخت کی پتی کناڈا کا قومی نشان ہے -

Mar (mar) *v.t.* Impair fatally ضرر پہنچانا - خراب کرنا - بگاڑنا - برباد کر دینا - ستیا ناس کر دینا - صورت بگاڑ دینا -

Marabou (mar-ə-boo) *n.* Large West African stork مغربی افریقہ کا سارس یا لق لق -

Marathon (mar-ə-then) Race *n.* Race of abnormal length بڑی لمبی دوڑ -

Maraud (mə-rawd) *v.i.* & *t.* Make plundering raids لوٹ مار کرتے پھرنا - غارت گری کرنا - ڈاکہ ڈالنا - تاخت و تاراج کرنا - لوٹنا -

Marauder *n.* قزاق - غارت گر - رہزن - ڈاکو - لٹیرا -

Marble (mar-bl) *n.* & *v.t.* Limestone in crystalline سنگ مرمر - سنگ مقام - کھیلنے کی گولی - سنگ مرمر لگانا - لہریا ڈالنا - مارول بنانا - ابری بنانا -

Marble-hearted کٹھور - سنگدل -

Marble paper ابری کا کاغذ - ابری -

Marc (mars) *n.* Refuse from pressed fruits پھلوں کا پھوکا - خصوصاً انگور کا رس نکالنے کے بعد جو فضلہ بچ جائے -

Marcel (mar-sel) *n.* M. wave بالوں میں مصنوعی لہر - اس لہر کا نام - خاص قسم کی لہر -

March (march) *n.* Third month انگریزی سال کا تیسرا مہینہ مارچ -

March (march) *n.* Boundary, frontier سرحدی علاقہ - سرحد - اکثر جمع میں آتا ہے -

March (march) *v.i.* Have common frontier with ملے ہوئے - سوانے کا ہونا - مشترک سرحد ہونا -

March (march) *n.* Marching of troops, tiresome walk کوچ - روانگی - سفر - تکلیف دہ مسافت - فوجی سفر - فوجی منزل - فوج کی رفتار - چلتے وقت فوج کا گیت -

March (march) *v.i.* & *t.* Walk steadily, proceed قدم ملا کر چلنا - کوچ کرنا - معین رفتار سے چلنا - فوجی طریقہ پر چلنا - آگے بڑھنا - روانہ ہونا -

Marchioness (mar-shən-es) *n.* Widow or wife of Marquis مارکوئیس کی بیوی - وہ عورت جو مارکوئیس کے برابر منصب رکھتی ہو - مارشینس -

Marconi (mar-ko-ni) *n.* & *v.t.* Send message by Marconi method مارکونی طریقہ پیام رسانی - مارکونی طریقہ سے پیام رسانی کرنا

Marconigram (mar-ko-ni-gram) *n.* Telegram sent by Marconi system of wireles telegraphy - تار جو مارکونی طریقہ لاسلکی سے بھیجا جائے -

Mare (mar) *n.* Female of horse گھوڑی - مادہ - مادیان -

Mare's nest نیا انکشاف جسے لوگ غلطی سے اہم سمجھ لیں -

Margarine (mar-gər-in) *n.* Substance made with oil مکھن جیسی چیز - نقلی مکھن -

Margay (mar-gā) *n.* South American tiger cat جنوبی امریکہ کا ایک جانور جو شیر سے مشابہ ہوتا ہے -

Margin (mar-jin) *n.* & *v.t.* Edge, border کنارہ - حاشیہ - گوٹ - کور - آخری حد - ضرورت سے کچھ زائد - حاشیہ لگانا - دلال کے پاس زائد رقم جمع کرنا -

Marginal (mar-jin-əl) *adj.* Written on the margin حاشیہ کا - حاشیہ پر لکھا ہوا - حد کے قریب - آخری حد پر واقع -

Marginalia (mar-jin-ə-lĭa) *n.* Marginal notes حاشیہ - حاشیہ کی تحریر - حاشیہ کی تشریح -

Marguerite (mar-gə-rit) *n.* Ox-eyed daisy ایک قسم کا ڈیزی کا پھول ۔

Marian (mari-ən) *adj.* Of the Virgin Mary, of Mary Queen of Scots حضرت مریم کے متعلق ۔ سکاٹ لینڈ کی ملکہ میری کا حامی ۔

Marigold (mar-i-gold) *n.* Kinds of flowers with golden or yellow flowers گل مریم ۔ صد برگ ۔ گیندا ۔ ہزارا ۔ گیندے کے پھول ۔

Marinade (mar-i-nad) *v.t.* & *n.* Pickle of wine, vinegar and spices مسالے ۔ شراب اور سرکے کا اچار ۔ گوشت اور مچھلی کا اچار جو اس میں تیار کیا جائے ۔ اس مرکب کا اچار تیار کرنا ۔

Marine (mə-rīn) *adj.* & *n.* Found in the sea ۔ بحری دریائی ۔ سمندری ۔ بحری امور کے متعلق ۔ بحریہ کا ۔ بحری فوج ۔ تجارتی یا جنگی بیڑا ۔ جنگی جہاز کا سپاہی ۔

Mariner (mə-rīn-ər) *n.* Sailor, sea man ملاح ۔ جہازی ملازم ۔ جہازراں ۔

Mariolatry (mari-ol-ə-tri) *n.* Worship of Virgin Mary مریم پرستی ۔ مریم پوجا ۔

Marionette (mari-ə-net) *n.* Puppet worked by strings کٹھ پتلی ۔ تار سے چلنے والی پتلی ۔

Marital (mar-i-təl) *adj.* Of marriage ازدواجی ۔ شوہری ۔ شادی کے متعلق ۔ خاوند کے بارے میں ۔

Maritime (mar-i-tīm) *adj.* Found near the sea ساحلی ۔ بحری ۔ بحری مسائل کے متعلق ۔ بحری سیاحت کے بارے میں ۔

Mark (mark) *n.* Target, sign, stain نشان ۔ علامت ۔ آثار ۔ نقش ۔ نشانہ ۔ نشانہ کا حلقہ ۔ ہدف ۔ مدعا ۔ مقصود ۔ کوئی نشان جو ناخواندہ آدمی بنائے ۔ نشان انگشت ۔ خط جو کسی چیز کی حد ظاہر کرے ۔ داغ ۔ دھبہ ۔ علاقہ ۔

Mark (mark) *v.t.* Make a mark نشان کرنا ۔ علامت بنانا ۔ داغنا ۔ نشان لگانا ۔ نقش کھودنا ۔ علامت کے طور پر لکھنا ۔ دھوبی کا نشان لگانا ۔ اعراب یا علامات لگانا ۔ کھیلوں کے نمبر درج کرنا ۔ خصوصیت ہونا ۔ دھیان کرنا ۔ لحاظ کرنا ۔ غور کرنا ۔ (فٹ بال) حریف کے قریب رہنا ۔

Mark (mark) *n.* Denomination of weight for gold and silver چاندی سونے کا معیار ۔ جرمنی کا سکہ ۔ انگلستان کا ایک قدیم سکہ ۔

Marker (mark-ər) *n.* One who records score in billiards بلیرڈس کے کھیل میں نمبر لکھنے اور اعلان کرنے والا ۔ نشان لگانے والا ۔ شکار کا کھوج لگانے والا ۔ کھوجیا ۔ گننے والا ۔ منیم ۔

Market (mar-kit) *n.* Gathering of people for purchase or sale لین دین اور خریدوفروخت کے لیے لوگوں کا مجمع ۔ بازار ۔ منڈی ۔ گنج بازار لگنے کا مقام بازار کے بھاؤ ۔

Market (mar-kit) *v.t.* & *i.* Buy or sell in market بازار میں خرید و فروخت کرنا ۔ تجارتی مال بازار میں لے جانا ۔ مال بیچنا ۔ لین دین کرنا ۔

Marketable *adj.* بازار میں لے جانے کے قابل ۔ قابل فروخت ۔

Marking (marking) *n.* Colouring of skin کھالوں کی رنگائی ۔ نشان اندازی ۔

Marksman (marks-mən) *n.* One skilled in aiming نشانہ باز ۔ قادر انداز ۔ جو اپنا نام نہ لکھ سکے صرف انگوٹھے کا نشان لگائے ۔

Marl (marl) *n.* Soil consisting carbonate of lime زرخیز مٹی ۔ مٹی جس میں کھاد ملی ہو ۔ اس مٹی کی کھاد ۔

Marmalade (mar-mə-lad) *n.* Preserve of orange or other fruits نارنگی کا مربہ ۔ بہی یا سیب وغیرہ کا مربہ ۔ کسی پھل کا مربہ ۔

Marmoreal (mar-mor-i-əl) *adj.* Of marble مرمریں سنگ مرمر کا ۔ مرمر صفت ۔

Marmoset (mar-mə-zet) *n.* American monkey with bushy tail گھنی دم والا امریکی بندر ۔

Marmot (mar-mət) *n.* Rodent of squirrel family گلہری کی قسم کا ایک جانور ۔

Marocain (mar-i-kən) *n.* A dress fabric ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۔ سوتی کپڑا مارکین ۔

Maroon (mə-roon) *n.* & *adj.* Brownish crimson colour بادامی قرمزی رنگ ۔ آتش بازی کا گولا ۔

Maroon (mə-roon) *n.* One of class of Negroes جزائر غرب الہند اور ڈچ گنی کے حبشی ۔ وہ شخص جو کسی غیر آباد جزیرے میں چھوڑ دیا جائے اور وہاں سے نکل نہ سکے ۔

Maroon (mə-roon) *v.t.* & *i.* Put person ashore on a deserted island کسی شخص کو بطور سزا کسی غیر آباد جزیرے میں چھوڑ دینا ۔ مارا مارا پھرنا ۔ آوارہ پھرنا ۔

Marque (mark) *n.* Licence to fit out armed vessel and capture enemy's merchant shipping اجازت نامہ ۔ دشمن کے تجارتی جہازوں کو پکڑنے کا حکم نامہ ۔ ایسا جہاز جس کے پاس یہ اجازت نامہ ہو ۔

Marquetry-terie (mark-i-tri) *n.* Inlaid work مینا کاری ۔ مرصع کام ۔ جڑاؤ کام ۔

Marquis-quess (mar-kwiz) *n.* Noble ranking between duke and earl ڈیوک اور ارل کا درمیانی خطاب ۔ نواب ۔ دوسرے درجے کا بڑا خطاب ۔

Marquise (mar-kwizi) *n.* Marchioness مارکوئز کی بیگم ۔ انگوٹھی جس میں بیضوی شکل کے نگینے جڑے ہوں ۔

Marquois (mar-kwiz) *n.* Apparatus for drawing parallel lines متوازی اور یکساں فاصلے کے خطوط کھینچنے کا مسطر ۔

Marriage (mar-ij) *n.* Wedlock شادی ۔ بیاہ ۔ عقد ۔ نکاح ۔ عروسی ۔ اتحاد ۔ جیون سنگ ۔ (تاش) ایک ہی رنگ کے بادشاہ اور رانی کو ساتھ ساتھ دکھانا ۔

Companionate marriage (امریکہ) عورت اور مرد کا آزمائش کے طور پر میاں بیوی بن کر رہنا ۔

Marriageable (mar-ij-əbl) *adj.* Of an age to marry شادی کے قابل عمر کے ۔ شادی کے لائق ۔

Married (mar-id) *adj.* United in wedlock منکوحہ ۔ عاقد ۔ عاقدہ ۔ شادی شدہ ۔

Marrow (mar-ō) *n.* Soft fatty substance in bones مغز ۔ گودا ۔ ہڈی کا گودا ۔ کسی چیز کا مغز یا نچوڑ ۔ کسی مسئلہ کا اہم نکتہ ۔ لب لباب ۔

Chilled to the marrow افسردہ ۔ اتنی سردی کہ کلیجہ تک کانپ جائے ۔

Marrowy *adj.* گودے دار ۔ مغز دار ۔

Marry (mar-i) *v.t.* & *i.* Join in wedlock نکاح پڑھانا ۔ بیاہ کرنا ۔ شادی کر دینا ۔ عقد میں دینا ۔ عقد میں لینا ۔ عقد کرنا ۔ شادی کرنا ۔ بیاہ دینا ۔

Mars (mars) *n.* Roman god of war, a planet مریخ ۔ جلاد فلک ۔ رومیوں کا جنگ کا دیوتا ۔ منگل ۔ خونیں رنگ کا سیارہ ۔

Marseillaise (mar-sə-lez) *n.* National song of French republic فرانس کا قومی نغمہ ۔ قومی گیت ۔

Marsh (marsh) *n.* Watery lowland دلدل ۔ گل آب ۔ دھنسن ۔

Marshy *adj.* جو دلدل میں پیدا ہوا ہو ۔ کیچڑ پانی والی ۔ دلدلی ۔

Marshal (mar-shl) *n.* Military official of highest rank سپہ سالار ۔ سالار اعلیٰ ۔ میر تزک ۔ سینا پتی ۔ جنرل ۔

Marshal (mar-shl) *v.t.* & *i.* Arrange in due order صف آرائی کرنا ۔ بلحاظ رتبہ نشستوں کی ترتیب کرنا ۔ نشان یا مارکہ بنانا ۔ کسی کو حاکم کے سامنے پیش کرنا ۔

Marsupial (mar-su-piəl) *adj.* & *n.* Like a pouch تھیلی دار ۔ تھیلی دار جانور ۔ جانور جو اپنے بچوں کو تھیلی میں رکھتے ہیں ۔

Mart (mart) *n.* Market place, auction room بازار ۔ منڈی ۔ نیلام گاہ ۔

Martello (mar-tel-o) *n.* Coastal fort ساحلی قلعہ ۔ ملک کی حفاظت کے لیے ساحلی قلعہ بندی ۔

Marten (mar-tən) *n.* Animal like weasel with valuable fur نیولے کی طرح کا ایک جانور جس کا سمور بیش قیمت ہوتا ہے اور اس کی ٹوپیاں بنتی ہیں ۔

Martial (mar-shl) *adj.* Of warfare جنگی ۔ حربی ۔ عسکری ۔ فوجی ۔ جرار ۔ جنگ جو ۔ لڑاکا ۔ جنگی خصوصیات رکھنے والا ۔

Martialize *v.t.* جنگ جو بنانا ۔ جنگ کے لیے تیار کرنا ۔ جنگی سیرت پیدا کرنا ۔ فوجی بنانا ۔

Martially *adv.* جنگ جویانہ ۔ فوجی نقطۂ نظر سے ۔ جنگی اصول کے مطابق ۔

Martian (mär-shən) *n.* Inhabitant of mars مریخ کا باشندہ - مریخی -

Martin (mär-tin) *n.* Birds of swallow family ایک قسم کی ابابیل -

Martinet (mär-ti-net) *n.* Strict disciplinarian وہ شخص جو نظم و ضبط قائم رکھنے میں سخت ہو - سخت فوجی نظم و ضبط - فوجی نظم و ضبط کا پر جوش حامی -

Martingale (mar-tin-gāl) *n.* Strap fastened to nose band and girth وہ تسمہ جو ایک طرف لگام میں اور دوسری طرف چار جامے کے پچھلے حصے میں بندھا ہو - زیر بند - پیش بند - تنگ بند -

Martini (mär-ti-ni) *n.* Martini Henry rifle مارٹینی رائفل - ایک مرکب شراب جو جن سے بنتی ہے -

Martlet (märt-let) *n.* Footless bird بے پیر کا پرند - بے پیر پرند کی تصویر -

Martyr (mär-tər) *n.* & *v.t.* One who dies for faith جو اللہ کی راہ میں شہید ہو - جو دین کے واسطے شہید ہو - حق پر جان دینے والا - شہید کرنا - اذیت دینا - مارنا -

Make a martyr of oneself لہو لگا کر شہیدوں میں داخل ہونا - نام و نمود کی خاطر ایثار کرنا -

Martyr to gout نقرس کا دائم المریض - گھٹیا کا مریض -

Martyrdom (mär-tər-dom) *n.* Suffering and death of martyrs شہادت - اذیت - تکلیف اٹھا کر جام شہادت پینا - مقام شہادت -

Martyrise (mər-tə-rīz) *v.t.* Make a martyr of شہید بننا - شہید بنانا -

Martyrological (mar-tər-o-log-i-kəl) About martyrs شہیدوں کے متعلق - تاریخ شہدا کے متعلق -

Martyrology (mär-tə-ro-logi) *n.* History of martyrs تاریخ شہدا - شہادت نامہ - سلسلہ شہدا -

Martyry (mär-tə-ri) *n.* Shrine erected in honour of martyr روضہ - درگاہ - گرجا -

Marvel (mär-vl) *v.i.* Be surprised حیران ہونا - تعجب کرنا - محو حیرت ہونا - کسی الجھن میں پڑنا -

Marvel (mär-vl) *n.* Wonderful thing عجیب و غریب چیز - حیرت انگیز واقعہ - عجوبہ - حیرت انگیز نمونہ -

Marvellous (mär-ve-ləs) *adj.* Astonishing انوکھی - نرالی - نادر - عجیب - مافوق العادت -

Marxian (marks-i-ən) *n.* & *adj.* Adherent of Karl Marx جرمن اشترا کی کارل مارکس کا پیرو -

Mascot (mas-ket) *n.* Person or thing that brings luck باعث برکت چیز یا شخص - تعوید - کوئی چیز جو باعث برکت ہو -

Masculine (mas-ku-lin) *adj.* & *n.* Of the gender to which males belong مذکر - مردانہ - جوان مرد - سخت - قوی - پر زور - جنس مذکر - مذکر لفظ -

Mash (mash) *n.* Malt mixed with hot water شعیرہ - ملیدہ - کچومر - چنے چوکر اور بھوسے کی سانی جو گھوڑوں کی کھلائی جاتی ہے - ملغوبہ - آلو کا بھرتا -

Mash (mash) *v.t.* Mix, crush ملنا - ملانا - کچلنا - کوٹنا - پیسنا - شعیرہ بنانا - آلو کا بھرتا بنانا -

Mash (mash) *n.* & *v.t.* Exite admiration (بول چال) فریفتہ کر لینا - من موہ لینا - دلبر - جانی - پیارا -

Be mashed on دل و جان نثار کرنا - فریفتہ ہونا - لٹو ہو جانا -

Masher (mash-ər) *n.* Fop posing as lady-killer (بول چال) اپنے آپ کو کنھیا سمجھنے والا - چھیلا - بانکا - یہ سمجھنا کہ عورتیں دیکھتے ہی مجھ پر عاشق ہو جاتی ہیں -

Mashie (mash-i) *n.* Iron golf club گلف کا آہنی چوگان -

Mask (mâsk) *n.* Covering for concealing face نقاب - برقعہ - مقنع - پردہ - بہانہ - حیلہ - نقاب پوشوں کا ناچ یا جلسہ - برقعہ پوش - گانا بجانا - ناچ رنگ -

To throw off the mask اصل روپ میں ظاہر ہونا -

Mask (mask) *v.t.* Cover with mask منہ پر نقاب ڈالنا - چہرہ چھپا لینا - مصنوعی چہرے کا استعمال کرنا - اصلیت کو چھپانا - مخفی رکھنا - اپنی قوت کو دشمن سے پوشیدہ رکھنا -

Masker (mâsk-ər) *n.* One who takes part in masquerade وہ شخص جو نقاب پوشی کی تقریب میں حصہ لے - نقاب پوش -

Mason (ma-sn) *v.t.* & *n.* Worker in stone راج - معمار - کاریگر - فرقہ فری میسن کا آدمی - پتھر کی عمارت بنانا - مضبوطی کے لیے پتھر لگانا -

Masonic (ma-sə-nik) *adj.* Of Free Mason فری میسن برادری کا -

Masonry (ma-sən-ri) *n.* Stone work معماری - راج کا کام - پتھرائیت کا کام -

Masque (mask) *n.* Amateur musical entertainment ایک طرح کا شوقینوں کا ناٹک - وہ قصہ جو اس کے لیے لکھا جائے - غیر پیشہ وروں کا کھیل -

Masquerade (mask-ər-ad) *n.* Masked ball بناوٹ ریا کاری - نقابی رقص - نقاب پوشوں کا رقص -

Masquerade (mask-ər-ad) *v.i.* Appear in disguise بھیس بدلنا - روپ بدلنا - ریا کاری کرنا -

Mass (mas) *n.* Celebration of the Eucharist دعا جو عشائے ربانی میں پڑھی جاتی ہے -

Mass (mas) *n., v.t.* & *i.* Dense aggregation of objects ڈھیر - انبار - تودہ - بڑی تعداد - عوام الناس - انبوہ کثیر - نور کی چادر - اکٹھا ہونا یا کرنا - فوجوں کا ایک مرکز پر جمع کرنا -

Massacre (mas-ə-kər) *n.* & *v.t.* General slaughter قتل عام - خون ریزی - بہت سے جانور ذبح کرنا - قتل کرنا - خون ریزی کرنا - بے دردی سے قتل کرنا -

Massage (ma-sa-zh) *n.* & *v.t.* Rubbing, kneading of muscles مالش - جسم کی مالش کرنا - ہاتھ پاؤں دبانا - چپی کرنا -

Masseur (mas-ər) *n.* One who practises massage مالش کرنے والا - جسم ملنے والا - چمپی کرنے والا -

Masseuse (mas-əz) *n.* Woman who practises massage مالش کرنے والی -

Massif (ma-sef) *n.* Mountain heights in a group اونچے پہاڑوں کا سلسلہ -

Massiness (mas-i-nes) *n.* Solidity, heaviness وزن بھاری پن -

Massive (mas-iv) *adj.* Large, heavy, solid وزنی بھاری - گراں - چوڑا چکلا - اہم -

Massiveness *n.* ٹھوس پن - بھاری پن -

Massy (mas-i) *adj.* Solid, weighty جسیم - گراں - ٹھوس - اہم - بھاری - وزنی -

Mast (mast) *n.* Long pole of timber to support sails مستول - لکڑی کا شہتیر - ایک قسم کا پھل - شاہ بلوط کا پھل -

Master (mas-tər) *n.* Person having control حاکم - افسر - عامل - سردار - آقا - کارخانے کا مالک - جہاز کا افسر اعلیٰ - معلم - کاریگر - استاد - استاد فن - ماہرفن - میاں - بھیا - لڑکوں کے ساتھ ماسٹر لگاتے ہیں -

A mastermind عالی دماغ - افضل ترین شخص -
Be one's own master اپنی مرضی کا مالک ہونا -
Master key ایسی کنجی جو بہت سے قفلوں میں لگ جائے -
Masterpiece عمدگی سے کیا ہوا بہترین کام - شہکار -

Master (mas-tər) *v.t.* Overcome, defeat سر کرنا - غالب آنا - دبانا - قابو میں کرنا - قابو پانا - مطیع کرنا - زیر کرنا - کمال حاصل کرنا - استاد ہو جانا - قدرت پیدا کرنا - حاوی ہونا - قدرت حاصل کرنا -

Masterful (mas-tər-ful) *adj.* Self-willed خود سر - خود رائے - استاد -

Masterly (mas-tər-li) *adj.* Skilful ماہرانہ - ہنر مندانہ - استادانہ -

Masterliness *n.* کمال - مہارت - استادی -

Mastership (mas-tər-ship) *n.* Office, function, dominion مہارت - استادی - معلمی - عہدہ داری - فرائض - علاقہ -

Mastery (mas-təri) *n.* Sway, dominion قبضہ - دسترس - دخل - حکومت - سرداری - حاکمی - فتح - نصرت - فوقیت - استادی - کاریگری -

Mastic (mas-tik) *n.* Gum or resin of certain trees مصطگی - مصطگی کا درخت - مصطگی کا گوند - مصطگی ملی ہوئی شراب - ہلکا زرد رنگ -

Masticate (mas-tik-at) *v.t.* Chew چابنا - چبا کر - خوب چبا کر کھانا -

Mastication دانتوں کا عمل - غذا کو دیر تک منہ میں رکھنا - چبائی -

Mastiff (mas-tif) *n.* Large strong dog ایک قسم کا بڑا کتا جس کے ہونٹ اور کان لٹکتے رہتے ہیں -

Mastodon (mas-tə-don) *n.* Large extinct mammal like elephant ہاتھی کی قسم کا ایک بڑا جانور جو اب معدوم ہے ۔

Masturbate (mas-tər-bāt) *v.t.* Excite one's own genitals مشت زنی کرنا ۔ جلق لگانا ۔

Masturbation *n.* مشت زنی ۔ جلق ۔

Mat (mat) *n.* Coarse fabric of straw چٹائی ۔ بوریا ۔ ٹٹر ۔ فرش ۔ زیر انداز ۔

Mat (mat) *v.t.* & *i.* Cover with mats چٹائی یا بوریا بچھانا ۔ چٹائی کا فرش کرنا ۔ چٹائی کی طرح بنتا ۔ الجھا دینا ۔ الجھ کر گچھا سا بن جانا ۔

Mat (mat) *adj., n.* & *v.t.* Of dull colour ۔ بے رونق پھیکا ۔ مٹیالا ۔ سادہ چوکھٹا ۔ بدھم پن ۔ شیشے کی کھردری سطح ۔ کھردرا یا دانہ دار بنانا ۔ چٹائی کی طرح کا بنانا ۔

Matador (mat-ə-dor) *n.* Bull-fighter سانڈ سے لڑنے والا ۔ (تاش) بعض کھیلوں میں سب سے بڑا پتا ۔

Match (mach) *n.* Person equal to another in some quality ٹکر کا شخص ۔ جوڑ ۔ جواب ۔ حریف ۔ مد مقابل ۔ ہم چشم ۔ ہم پلہ ۔ ثانی ۔ مقابلہ کا کھیل ۔ میدان ۔ کھیل ۔ بر ۔ جوڑا ۔ بیاہ ۔ شادی ۔

Match (mach) *v.t.* & *i.* Join in marriage, prove a match for برابر کا ہونا ۔ مساوی ہونا ۔ جواب ہونا ۔ ٹکر کا ہونا ۔ مقابلے میں لانا ۔ شادی کرانا ۔ بیاہ کرانا ۔ پیام لگانا ۔ میل کی چیز ڈھونڈھنا ۔ میل ملانا ۔

Match (mach) *n.* Short piece of wood, piece of wick دیا سلائی ۔ ماچس ۔ اگن تیلی ۔ تیلی ۔ توپ کا فتیلہ ۔ شتابہ ۔

Matchet (mach-et) *n.* Broad heavy knife بڑا چاقو ۔ خنجر ۔ چھرا ۔

Matchless (mach-les) *adj.* Without an equal انوکھا ۔ لاثانی ۔ لا جواب ۔ بے نظیر ۔ فرد ۔

Matchlock (mach-lok) *n.* Old-fashioned gun which was fired by a burning wick توڑے دار بندوق ۔ بندوق جو فتیلے سے چلے ۔

Mate (māt) *n.* & *v.t.* Companion, fellow worker ساتھی ۔ دوست ۔ رفیق ۔ مات ۔ مات دینا (شطرنج) ۔

Mate (māt) *n.* Companion, fellow worker ساتھی ۔ دوست ۔ شریک کار ۔ ہم صحبت ۔ ہم جولی ۔ نر یا مادہ جانور ۔ میاں بیوی ۔ تجارتی جہاز کا نائب کپتان ۔

Mate (māt) *v.t.* & *i.* Join in marriage, marry بیاہ کرنا ۔ شادی کرنا ۔ نکاح کرنا ۔ پرندوں کا جوڑا ملانا ۔ پرندوں کا دانہ بدلنا ۔ ہم صحبت ہونا ۔ میاں بیوی کا ہم بستر ہونا ۔ ہم نوالہ و ہم پیالہ ہونا ۔

Mater (mat-ər) *n.* Mother, mother of household ماں ۔ اماں ۔ اماں جان ۔ گھر بھر کی اماں ۔ مسن عورت ۔

Material (ma-te-ri-əl) *adj.* & *n.* Concerned with the matter مادی ۔ جسمانی ۔ ہیولانی ۔ اہم ۔ ضروری ۔ اشیائے ضروری ۔ مسالہ ۔ سامان ۔ مواد ۔ نفس مضمون کے متعلق ۔ ہیولیٰ کے متعلق ۔ معنوی ۔

Materiality *n.* جسمانیت ۔ مادیت ۔

Materialism (mə-te-ri-əl-izm) *n.* Opinion that nothing exists but matter and its movements یہ عقیدہ کہ مادہ ہی مادہ ہے اور روح مادے کی پیداوار ہے ۔ شعور اور ارادہ مادے کے مظاہر ہیں ۔ مادیت ۔ مادہ پرستی ۔ دہریت ۔

Materialist *n.* دہریہ ۔ مادہ پرست ۔

Materialistic *adj.* دہری ۔ مادہ پرستانہ ۔

Materialize (mə-te-ri-ə-liz) *v.t.* & *i.* Make as material جسمانی بنانا ۔ تشکیل کرنا ۔ جسمانی طور پر ظاہر ہونا ۔ روحوں کو متشکل کرنا ۔ ظہور میں آنا ۔ واقع ہونا ۔ حقیقت کا جامہ پہنانا ۔ مادیت کے رنگ میں رنگنا ۔

Materialization وقوع ۔ ظہور ۔ واقع ہونا ۔ ظاہر ہونا ۔ مجسم ہونا ۔

Materially (mə-te-ri-ə-li) *adj.* Bodily جسمانی حیثیت سے ۔ جسماً ۔ مادی حالت میں ۔ مادی حالت سے ۔ فی الحقیقت ۔ در اصل ۔

Maternal (mə-tər-nəl) *adj.* Of mother's side ماں کا ۔ مادرانہ ۔ ماں کی طرف کا ۔ ننھیال کا ۔ ماں سے متعلق ۔

Maternity (mə-tər-nit-i) *n.* Motherhood ماں ہونا ۔ ماں بننا ۔ ماں پن ۔ رشتہ مادری ۔ زچگی ۔ ماں کی محبت ۔ مامتا ۔

Mathematical (math-i-mat-ikəl) *adj.* Of mathematics, precise علم ریاضی کی رو سے - ریاضی کے متعلق - ٹھیک ٹھیک - درست - جچا تلا -

Mathematics (math-i-mat-iks) *n.* Science of quantity and space علم ریاضی - علم کمیت و امتداد - ریاضیات - مقدار - فاصلہ اور وقت کا حساب -

Mathematician *n.* ریاضی کا ماہر - مہندس - ریاضی دان -

Matin (mat-in) *n.* Morning prayers صبح کی نماز اور تسبیح خوانی - ورد صباحی - پرندوں کا چہچہانا - یاد خدا - اسماء حسنہ کا ورد -

Matinee (mat-i-nē) *n.* Afternoon performance سہ پہر کا تماشا - سہ پہر کا جلسہ موسیقی -

Matrass (mat-rəs) *n.* Long-necked vessel used in distilling قرنبیق - بھبکا - کٹھالی - لمبی بوتل -

Matriarch (mat-ri-ark) *n.* Woman corresponding in status to patriarch وہ عورت جو قبیلہ میں سردار کی ہم رتبہ ہو - خاندان کی بزرگ عورت - بچہ دان - سانچہ - قالب - اساسی رنگ جس سے دوسرے رنگ بنتے ہیں -

Matrice (ma-tris) *n.* Matrix دیکھو

Matricide (mat-ris-id) *n.* Killing one's own mother ماں کو مار ڈالنا - مادر کشی - ماں کو مار ڈالنے والا - مادر کش - ماں کا قاتل -

Matriculate (met-rik-ū-lāt) *v.t.* & *i.* Admit to privileges of university مدرسہ میں داخل کرنا - کالج کی فہرست میں نام لکھنا - یونیورسٹی کے رجسٹر میں نام لکھ کر رکن بنانا - یونیورسٹی میں داخلہ کا حق عطا کرنا - داخلہ کا امتحان پاس کرنا -

Matriculation *n.* داخلہ جامعہ - یونیورسٹی میں داخل ہونا - امتحان داخلہ -

Matrimony (mat-ri-mən-i) *n.* Rite of marriage بیاہ - نکاح - ازدواج - شادی - (تاش) بعض کھیلوں میں ایک ہی رنگ کا بادشاہ اور بیگم بڑا کھیل ہوتا ہے -


Mineral (min-ər-l) *adj. & n.* Obtained by mining کان کنی سے حاصل کی ہوئی معدنی شے - دھات -

Mineral alkali معدنی سوڈا -

Mineral water صحت بخش پانی - سوڈا واٹر - قدرتی چشموں کا پانی جس کا پینا مفید ہوتا ہے -

Mineralization *n.* معدنی بنانا - معدنی بننا -

Mineralogy (min-ər-a-logi) *n.* Science of minerals علم معدنیات -

Mineralogist *n.* علم معدنیات کا عالم - ماہر علم معدنیات -

Minerva (min-ər-va) *n.* Roman goddess of wisdom عقل و دانش کی دیوی - سرسوتی -

Mingle (ming-gl) *v.t. & i.* Mix, blend ملانا - آمیزش کرنا - ترکیب دینا - مخلوط کرنا - مل جانا - مل کر ایک ہو جانا - بگاڑ دینا - رشتہ جوڑنا - شامل کرنا - ملانا -

Miniate (mi-ni-at) *v.t.* Paint with vermillion شنگرفی کرنا - شنگرف سے رنگنا - سیندور کا رنگ چڑھانا - عبارت کے پہلے لفظ کو طلائی روشنائی سے لکھنا -

Miniature (mi-ni-ə-tur) *n., adj. & v.t.* Small-scale portrait چھوٹی تصویر - تصویرچہ - چھوٹی سورتی - مختصر تصویروں کی نقاشی - چھوٹی - چھوٹے پیمانہ کی مختصر تصویر یا نقشہ بنانا -

Miniaturist چھوٹی تصویروں کا مصور یا نقاش -

Minify (min-i-fī) *v.t.* Lessen in size or importance گھٹا کر دکھانا - اہمیت کم کرنا - وقعت کم کرنا - چھوٹا کرکے دکھانا -

Minikin (min-i-kin) *n. & adj.* Diminitive creature - چھوٹے قد کا آدمی یا جانور - چلا ہوا - بنا ہوا - بننے والا - نخرے کرنے والا - چھوٹی قسم کا صنوبر -

Minim (min-im) *n.* Creature of the smallest size چھوٹی چیز - سب سے چھوٹی مخلوق - بونا - چھوٹا جانور - ایک ڈرام کا ساٹھواں حصہ - بوند - قطرہ - چھوٹی مچھلی - ایک قسم کا راگ -

Minimal (min-im-əl) *adj.* The smallest بہت چھوٹا ۔ سب سے چھوٹا ۔

Minimalist (min-im-əl-ist) *n.* Person ready to accept a minimum ایسا شخص جو کم سے کم حقوق کو نہ چھوڑے ۔ کم سے کم سیاسی حقوق پر راضی ہو جائے ۔

Minimize (min-im-īz) *v.t.* Reduce to smallest amount or degree کم کر دینا ۔ حد سے زیادہ کم کرنا ۔ بہت کم کر کے دکھانا ۔

Minimization *n.* بے حد کم کر کے دکھانا ۔ کم سے کم کر کے دکھانا ۔

Minimum (min-i-mum) *n.* Least amount کم سے کم مقدار ۔ اقل ترین مقدار ۔

Minimus (min-i-mus) *adj.* Youngest of the name مدرسہ کے ایک نام کے بچوں میں سب سے چھوٹا ۔

Minion (min-yən) *n.* Favourite child, servant or animal سب سے عزیز بچہ ۔ ملازم یا پالتو جانور ۔ منہ لگا ۔ منظور نظر ۔ چھاپے کے چھوٹے حروف ۔

Minister (min-is-tər) *n.* Person administering a department وزیر مملکت ۔ نائب ۔ منتظم ۔ کار پرداز ۔ سرشتہ کا حاکم اعلیٰ ۔ مینجر ۔ عامل ۔ صدر المہام ۔ ایلچی ۔ سفیر ۔ مختار ۔ پادری ۔

Minister (min-is-tər) *v.i.* & *t.* Render aid or service خدمت کرنا ۔ مدد کرنا ۔ امداد دینا ۔ اعانت کرنا ۔ حاجت روائی کرنا ۔ بہم پہنچانا ۔

Ministerial (min-is-tə-ri-əl) *adj.* Concerned with the execution of law کار پرداز ۔ معاون ۔ قانون کی عاملانہ حیثیت کا ۔ بر سر حکومت جماعت کا طرفدار وزارت ۔ امور مذہبی کے متعلق ۔

Ministerialist *n.* وزارتی جماعت کا حامی ۔ بر سر اقتدار جماعت کا حامی ۔

Ministration (min-is-trə-shən) *n.* Ministering esp. in religious matters خدمت ۔ امداد ۔ دستگیری ۔ مذہبی معاملات میں امداد ۔ معاونت ۔

Ministry (min-is-tri) *n.* The body of ministers, cabinet وزراء کی کابینہ ۔ جماعت وزراء ۔ وزارت سلک ۔ اراکین حکومت ۔ انتظام ۔ اہتمام ۔

Minnie (min-i) *n.* Trench mortar ایک ہلکی توپ جو خندق میں استعمال ہوتی ہے ۔

Minnow (min-ō) *n.* Small freshwater fish چھوٹی دریائی مچھلی ۔

Triton among the minnows اندھوں میں کانا راجہ ۔

Minor (mī-nər) *adj.* & *n.* Comparatively unimportant چھوٹا ۔ کمتر ۔ اصغر ۔ کم عمر ۔ کم درجہ کا ۔ خفیف ۔ مقدمہ صغریٰ ۔ نا بالغ ۔ صغیرسن ۔

Minority (mī-nər-i-ti) *n.* State of being under age, smaller number, smaller party اقلیت ۔ نابالغی ۔ تعداد میں مقابلتاً کم ۔

Minotaur (mīn-ə-tawr) *n.* Fabulous monster half bull half man ایک خیالی مخلوق جو نصف انسان اور نصف بیل تھا اور گوشت کھاتا تھا ۔

Minster (min-stər) *n.* Church of a monastry خانقاہ کا گرجا ۔ بڑا گرجا ۔ مشہور گرجا ۔

Minstrel (min-stər-l) *n.* Mediaeval singers who recited their own poems قرون وسطیٰ کے گویے جو اکثر اپنا ہی کلام گاتے تھے ۔ مغنی شاعر ۔ (جمع) حبشیوں کا سوانگ بھرنے والوں کی ٹولی ۔

Minstrelsy (min-strəl-si) *n.* Minstrel's art گانا بجانا ۔ مطربوں کی جماعت ۔ مغنیوں کی شاعری ۔

Mint (mint) *n.* Place where money is coined ٹکسال ۔ دارالضرب ۔ خزانہ ۔ وافر دولت ۔ زر کثیر ۔

Mint (mint) *v.t.* Coin money سکے ڈھالنا ۔ روپیہ بنانا ۔ ایجاد کرنا ۔ اختراع کرنا ۔ الفاظ تراشنا ۔ محاورات بنانا ۔ اصطلاحات وضع کرنا ۔

Mintage *n.* سکہ سازی کا محصول ۔ ڈھلائی ۔ ڈھلے ہوئے سکے ۔

Mint (mint) *n.* Aromatic plant پودینہ ۔

Mint-sauce روپیہ پیسہ ۔ پودینے کی چٹنی ۔

Minus (mi-nəs) *Prep.* & *adj.* With the deduction of کمی ۔ منفی ۔ منفی کی نشانی (—) ۔

Minute (min-it) *n.* Sixtieth part of hour گھنٹے کا ساٹھواں حصہ ۔ لمحہ ۔ منٹ ۔ یاد داشت ۔ مسودہ ۔ روداد ۔ خلاصہ کاروائی ۔ تجویز ۔

Minute (min-it) *v.t.* Draft, record یاد داشت لکھنا - روئیداد لکھنا - مرتب کرنا - ٹھیک وقت معلوم کرنا -

Minute (mīn-ūt) *adj.* Very small, petty - باریک خفیف - بہت چھوٹا سا - بالکل معمولی - ذرا سا - ادنیٰ - گہرا - نکتہ سنجانہ - دقیق - بالکل ٹھیک -

Minuteness *n.* موشگافی - نکتہ سنجی - باریک بینی - دقیقہ سنجی -

Minutely (mīn-ūt-li) *adj.* Occurring every minute ہر منٹ - منٹ منٹ کا - ہر منٹ واقع ہونے والا - نکتہ سنجی سے - موشگافی سے -

Minx (mingks) *n.* Pert girl, flirt دیدہ دلیر لڑکی - بے شرم عورت -

Miracle (mir-ə-kl) *n.* Marvellous event due to supernatural agency معجزہ - محیر العقول واقعہ - کرامت - ذہانت کا حیرت انگیز نمونہ - خرق عادت -

Miraculous (mir-ə-ku-ləs) *adj.* Supernatural معجزانہ - خرق عادت کا - مافوق الفطرت - حیرت انگیز - عجیب -

Mirage (mi-rāzh) *n.* Optical illusion specially of water in desert دھوکا - سراب - نظر کا دھوکا - چمکتی ہوئی ریت پر پانی کا دھوکا -

Mire (mīr) *n.* Swampy ground کیچڑ - دلدل - گہری دلدل - غلاظت - میل کچیل -

Stick, find oneself in mire مصیبت میں مبتلا ہونا - گرفتار بلا ہونا -

Mire (mir) *v.t.* Plung in mire, involve in difficulties دلدل میں پھنسانا - کیچڑ میں آلودہ کرنا - مصیبت میں پھنسانا -

Mirror (mir-ər) *n. & v.t.* Polished glass surface آئینہ - ہو بہو - عکس یا نقشہ - عکس دکھانا - منعکس کرنا -

Mirth (mər-th) *n.* Merriment خوشی - طرب - مسرت انبساط - نشاط - ہنسی خوشی - دل لگی - رنگ رلیاں - لطف و مسرت -

Mirthful *adj.* مسرور - خوش و خرم -

Mirthfulness *n.* پر لطف ہونا - مسرور ہونا - خوش طبعی -

Miry (mī-ri) *adj.* Swampy کیچڑ سے بھرا ہوا - کیچڑ میں لت پت - دلدلی - شرمناک - ذلیل -

Misadventure (mis-əd-vent-ur) *n.* Bad luck بلا شامت - آفت - مصیبت - بدبختانہ آفت -

Misadvised (mis-əd-viz-d) *adj.* Led astray گمراہ کیا ہوا - بھٹکایا ہوا -

Misalliance (mis-ə-la-əns) *n.* Unsuitable alliance بے جوڑ دوستی یا رفاقت - اپنے سے کم حیثیت والے سے شادی - بے جوڑ شادی -

Misanthrope (mis-ən-throp) *n.* Hater of mankind مردم بیزار - انسانوں سے نفرت کرنے والا - انسانوں سے دور بھاگنے والا -

Misanthropist *n.* مردم بیزار - اکل کھرا -

Misanthropy *n.* مردم بیزاری -

Misapplication (mis-ə-pli-ka-shən) *n.* Wrong use بے موقع استعمال - بے جا صرف - بے جا استعمال -

Misapply (mis-ə-pli) *v.t.* Apply wrongly بیجا صرف کرنا - غلط استعمال کرنا - بے جا خرچ کرنا -

Misapprehend (mis-ap-ri-hend) *v.t.* Misunderstand خلاف یا غلط سمجھنا - کسی کے متعلق غلط رائے قائم کرنا -

Misapprehension *n.* بھول چوک - غلط فہمی -

Misapprehensive *adj.* غلط فہمی پر مبنی - غلط فہمی میں مبتلا -

Misappropriate (mis-ə-pro-pri-āt) *v.t.* Apply to wrong use تصرف بیجا کرنا - خرد برد کرنا - غبن کرنا - ناجائز طور پر خرچ کر ڈالنا -

Misappropriation *n.* تصرف بیجا - تغلب - غبن -

Misbecome (mis-bi-kum) *v.t.* Suit ill نا مناسب ہونا - خلاف شان ہونا - نازیبا ہونا -

Misbegotten (mis-bi-got-n) *adj.* Illegitimate حرامزادہ - حرامی - ولدالزنا -

Misbehave (mis-bi-hāv) *v.t.* Behave improperly ناشائستہ حرکتیں کرنا - بدتمیزی کرنا -

Misbehaviour *n.* برا چال چلن - بد اخلاق - بد سلوکی - بد اطواری -

Misbelief (mis-bi-lif) *n.* Wrong religious belief خلاف مذہب اعتقاد - غلط عقیدہ -

Misbelieving *adj.* برگشتہ ۔ گمراہ ۔ غلط اعتقاد والا ۔

Misbeseem (mis-bi-sēm) *v.t.* Misbecome نازیبا ہونا ۔ نا سزا ہونا ۔ شایان شان نہ ہونا ۔ نامناسب ہونا ۔ خلاف شان ہونا ۔

Miscalculate (mis-kal-kū-lāt) *v.t.* & *i.* Calculate wrongly غلط حساب لگانا ۔ غلط اندازہ کرنا ۔

Miscalculation *n.* حساب میں غلطی ۔ غلط حساب ۔ غلط اندازہ ۔

Miscall (mis-kawl) *v.t.* Call by a wrong name غلط نام سے پکارنا ۔ غلط نام لینا ۔ برا بھلا کہنا ۔ گالیاں دینا ۔

Miscarriage (mis-kar-əj) *n.* Abortion, failure of letter to reach destination اسقاط حمل ۔ وقت سے قبل زچگی ۔ منصوبہ یا تجویز کی ناکامی ۔ خط کا پتہ پر نہ پہنچنا ۔

Miscarry (mis-kari) *v.t.* Be delivered prematurely وقت سے قبل ولادت ہو جانا ۔ کامیاب نہ ہونا ۔ نا مراد رہنا ۔ حمل گر جانا ۔ خط کا ٹھیک پتے پر نہ پہنچنا ۔

Miscasting (mes-kâst-ing) *n.* Wrong addition جمع کرنے میں غلطی ۔ میزان میں غلطی ۔ کسی ناٹک کے کرداروں کے لئے صحیح اداکاروں کا انتخاب نہ کرنا ۔

Miscegenation (mis-i-jen-a-shən) *n.* Mixture of races مختلف نسلوں کا میل ۔ کالے گوروں کا نسلی اختلاط ۔ مختلف نسلوں کے درمیان شادی ۔

Miscellanea (mis-ə-la-nia) *n.* Literary miscellany ادبی مجموعہ ۔ متفرق مضامین ۔ متفرق مضامین کے مجموعے یا رسالے ۔

Miscellaneous (mis-ə-la-ni-əs) *adj.* Of mixed composition متفرق ۔ مختلف ۔ مخلوط ۔ کئی طرح کے ۔ ہر رنگ کے ۔ مختلف قسم کے ۔

Miscellany (mis-ə-la-ni) *n.* Medley, mixture ہر قسم کے مضامین ۔ معجون مرکب ۔ ملے جلے مضامین ۔ مختلف موضوع کے مضامین کے مجموعے یا رسالے ۔

Mischance (mis-châns) *n.* Bad luck سوئے اتفاق ۔ حادثہ ۔ گردش ایام ۔ بد نصیبی ۔ کم بختی ۔

By mischance سوئے اتفاق سے ۔ بد قسمتی سے ۔

Mischief (mis-chīf) *n.* Harm, injury wrought by a person شرارت ۔ خرابی ۔ بدی ۔ برائی ۔ اذیت ۔ مضرت ۔ فساد ۔ جھمیلا ۔ شوخی ۔ چھیڑ چھاڑ ۔ جھگڑا ۔ بنائے فساد ۔

The mischief of it is اس میں تکلیف دہ امر یہ ہے ۔

Mischievous (mes-chīv-əs) *adj.* Having harmful effect ضرر رساں ۔ زیاں کار ۔ مضر ۔ موذی ۔ نٹ کھٹ ۔ شریر ۔ مفسد ۔ فتنہ پرداز ۔ فسادی ۔ اذیت رساں ۔

Mischievousness *n.* زیاں کاری ۔ شرارت ۔ اذیت رسانی ۔

Miscible (mis-si-bl) *adj.* That can be mixed ملانے کے لائق ۔ آمیزش کے قابل ۔

Misconcieve (mis-ken-sīv) *v.i.* & *t.* Have a wrong conception غلط سمجھنا ۔ سمجھنے میں غلطی کرنا ۔ غلط تصور کرنا ۔ منشا غلط سمجھنا ۔ کسی کے متعلق غلط رائے قائم کرنا ۔

Misconception *n.* غلط خیال ۔ غلط اندازہ ۔ غلط فہمی ۔

Misconduct (mis-kon-dukt) *n.* & *v.t.* Bad management بدچلنی ۔ بدانتظامی ۔ بدکرداری ۔ بدفعلی ۔ سرکشی ۔ بداعمالی ۔ کسی کام کو خراب کردینا ۔

Misconstrue (mis-kon-strōō) *v.t.* Put wrong construction غلط معنی نکالنا ۔ کچھ کا کچھ سمجھنا ۔ غلط تعبیر کرنا ۔ غلط نتیجہ نکالنا ۔

Misconstruction *n.* غلط نتیجہ ۔ غلط مفہوم ۔ غلط معنی ۔ غلط تعبیر ۔

Miscount (mis-kownt) *n.,v.t.* & *i.* Count wrongly غلط شماری ۔ غلط گننا ۔

Miscreant (mis-kri-ənt) *adj.* & *n.* Depraved, heretical آوارہ ۔ رند ۔ مردود ۔ کافر ۔ بدعتی ۔ بدمعاش ۔ بدذات ۔

Miscreated (mis-kri-at-əd) *adj.* Ill-formed بدوضع کریہہ صورت ۔ مکروہ ۔ بدصورت ۔

Miscreation *n.* خلقی بدصورتی ۔ بدوضعی ۔

Misdate (mis-dāt) *v.t.* Date wrong غلط تاریخ ڈالنا ۔ غلط تاریخ دینا ۔

Misdeal (mis-dēl) *v.t.,i.* & *n.* Make mistake in dealing تقسیم میں غلطی کرنا ۔ (تاش) پتے غلط تقسیم کرنا ۔ غلط تقسیم ۔

Misdeed (mis-dēd) *n.* Evil deed, crime جرم ۔ خطا ۔ قصور ۔ فعل بد ۔ مجرمانہ فعل ۔ برا کام ۔

Misdeem (mis-dēm) *v.t.* & *i.* Have wrong opinion of غلط خیال قائم کرنا ۔ غلطی سے کسی کی بات کا الٹا مطلب نکالنا ۔ کچھ کا کچھ سمجھنا ۔ غلط رائے رکھنا ۔ غلط فہمی میں مبتلا ہونا۔

Misdemeanant (mis-di-mēn-ənt) *n.* Person guilty of misconduct جرم خفیف یا بداعمالی کا مجرم ۔

Misdemeanour (mis-dī-men-ər) *n.* Offence, misdeed تقصیر ۔ قصور ۔ معمولی جرم ۔ خطا ۔ بداطواری ۔ بداخلاق ۔ مجرمانہ فعل ۔

Misdirect (mis-di-rekt) *v.t.* Direct wrongly غلط راستہ بتانا ۔ غلط راہ پر ڈالنا ۔ غلط جگہ روانہ کرنا۔ گمراہ کرنا ۔ غلط رخ پر وار کرنا ۔

Misdirection *n.* گمراہ کرنا ۔ غلط ہدائت ۔ صحیح رخ سے انحراف ۔

Misdoing (mis-dōō-ing) *n.* Misdeed بدکاری ۔ بدکرداری ۔ قصور ۔ خطا ۔ تقصیر ۔

Miser (mīz-ər) *n.* One who hoards wealth and lives miserably بخیل ۔ کنجوس ۔ طامع ۔ بندہ زر ۔ لالچی ۔ حریص ۔ ذلیل زندگی بسر کرنے والا ۔

Miser (mīz-ər) *n.* Boring instrument کنواں کھودنے کا آلہ ۔

Miserable (mīz-ər-əbl) *adj.* Wretchedly unhappy بد نصیب ۔ کم بخت ۔ خستہ حال ۔ زار و نزار ۔ مفلوک الحال ۔ منحوس ۔ ذلیل ۔ قابل نفرت ۔

Misericord (mīz-ə-ri-kord) *n.* Apartment in monastry where some indulgences were permitted خانقاہ کا وہ کمرہ جہاں چند دنیاوی امور کی اجازت تھی ۔ بیت العفو ۔ ایک وار میں سر قلم کرنے والا خنجر ۔

Miserly (miz-ər-li) *adj.* Like a miser ممسکانہ ۔ بخیلانہ ۔ کنجوسوں کی طرح ۔

Misery (miz-ər-i) *n.* Wretched state of mind خواری ۔ تباہی ۔ بد بختی ۔ شامت اعمال ۔ کلفت ۔ ہلاکت ۔ مصیبت ۔ (تاش) کوئی پٹ نہ بنانے کی بولی ۔

Misfeasance (mis-fez-əns) *n.* Wrongful exercise of authority اختیار کا غلط استعمال ۔ بے عنوانی ۔ بےجا حرکت ۔

Misfire (mis-fīr) *v.i.* & *n.* Failing to go off or start action بندوق کا نہ چلنا ۔ انجن کا چالو نہ ہونا ۔ تدبیر کا ناکام رہنا ۔ ناکامی ۔

Misfit (mis-fit) *n.* Anything that does not fit, unfit person ٹھیک یا پورا نہ ہونا ۔ درست نہ بیٹھنا ۔ چھوٹا ۔ بڑا تنگ یا ڈھیلا ہونا ۔ ناموزوں ۔ کسی عہدے کے لیے نااہل شخص۔

Misfortune (mis-for-tūn) *n.* Bad luck بدنصیبی ۔ بدقسمتی ۔ شامت ۔ تباہی ۔ بدبختی ۔ آفت ۔ بلا ۔ مصیبت ۔

Misgive (mis-giv) *v.t.* To fill with suspicion شک پیدا کرنا ۔ شبہ ڈالنا ۔ دل میں وسوسہ پیدا کرنا ۔

Misgiving (mis-giv-ing) *n.* Feeling of mistrust شک ۔ شبہ ۔ اندیشہ ۔ خطرہ ۔ وسوسہ ۔

Misgovern (mis-guv-ə-rn) *v.t.* Govern badly خراب انتظام کرنا ۔ بری طرح حکومت کرنا ۔

Misgovernment *n.* بد نظمی ۔ تاراج ۔ بد انتظامی ۔

Misguide (mis-gīd) *v.t.* Mislead گمراہ کرنا ۔ بہکانا ۔ غلط راستے پر ڈالنا ۔

Mishandle *v.t.* Handle roughly بد سلوکی کرنا ۔ بری طرح پیش آنا ۔ بری طرح سر انجام دینا ۔ برا سلوک کرنا ۔

Mishap (mis-hap) *n.* Unlucky accident ناگہانی آفت ۔ ناگوار حادثہ ۔ آفت ۔

Mishear (mis-hēr) *v.t.* Hear imperfectly غلط سننا ۔ بخوبی نہ سننا ۔ کچھ کا کچھ سننا ۔

Mishmash (mish-mash) *n.* Confused mixture کھچڑی ۔ ست نجا ۔ گڈ مڈ ۔ گھال میل ۔

Misinform (mis-in-form) *v.t.* Give wrong information غلط اطلاع دینا ۔ جھوٹی خبر دینا ۔ غلط فہمی میں مبتلا کرنا ۔

Misinformation *n.* غلط خبر ۔ غلط اطلاع ۔

Misinterpret (mis-in-tər-prit) *v.t.* Make wrong inference from غلط معنی نکالنا ۔ غلط تاویل کرنا ۔ غلط تعبیر کرنا ۔
Misinterpretation *n.* غلط استدلال ۔ غلط استنباط ۔ غلط تعبیر ۔ غلط معنی

Misjudge (mis-juj) *v.t.* Have wrong opinion of غلط رائے قائم کرنا ۔ غلط اندازہ لگانا ۔ غلط سمجھنا ۔ نا انصافی کرنا ۔

Mislay (mis-lā) *v.t.* Put thing in a place where it cannot be easily found کسی چیز کو غلط جگہ پر رکھنا جو وقت پر نہ مل سکے ۔ کہیں کی چیز کہیں رکھ دینا ۔

Mislead (mis-lēd) *v.t.* Lead astray بہکانا ۔ گمراہ کرنا ۔ بھٹکانا ۔ دھوکا دینا ۔ بری راہ چلانا ۔ غلطی میں مبتلا کر دینا ۔

Mismanage (mis-man-ij) *v.t.* Manage badly بری طرح انتظام کرنا ۔ درہم برہم کرنا ۔ خراب انتظام کرنا ۔
Mismanagement *n.* بد سلیقگی ۔ بے ترتیبی ۔ بد انتظامی ۔

Misname (mis-nām) *v.t.* Call by wrong name غلط نام سے پکارنا ۔ غلط نام لینا ۔

Misnomer (mis-nom-ər) *n.* Use of wrong name نام کی غلطی ۔ غلط نام کا استعمال ۔

Misogamy (mis-o-gə-mi) *n.* Hatred of marriage شادی سے نفرت ۔ ازدواجی بیزاری ۔
Misogamist نکاح سے بیزار ۔ شادی سے نفرت کرنے والا ۔

Misogynist (mis-o-ji-nist) *n.* Hater of woman عورت سے نفرت کرنے والا ۔ زن بیزار ۔

Misplace (mis-plās) *v.t.* Put in wrong place بے ٹھکانے رکھنا ۔ کہیں کی چیز کہیں رکھنا ۔
Misplacement *n.* غلط جگہ رکھنا ۔ بے ٹھکانے رکھنا ۔ غلط یا بے محل استعمال ۔

Misprint (mis-print) *n.* & *v.t.* Mistake in printing, print wrongly چھاپہ کی غلطی ۔ غلط چھاپنا ۔ چھاپنے میں غلطی کرنا ۔

Misprision (mis-prizh-ən) *n.* Concealment of information اخفائے جرم ۔ شہادت کا اخفا ۔ چشم پوشی ۔ تحقیر ۔ نفرت ۔

Misprize (mis-prizh) *v.t.* Fail to appreciate حقارت سے دیکھنا ۔ تحقیر کرنا ۔ نا قدری کرنا ۔

Mispronounce (mis-prə-nowns) *v.t.* Pronounce wrongly غلط تلفظ کرنا ۔ تلفظ میں غلطی ۔
Mispronunciation *n.* لفظ ادا کرنے میں غلطی ۔ تلفظ کی غلطی ۔

Misquote (mis-kowt) *v.t.* Quote wrongly غلط حوالہ دینا ۔ غلط سند پیش کرنا ۔ کسی کا قول نقل کرنے میں غلطی کرنا ۔ غلط اقتباس پیش کرنا ۔
Misquotation *n.* غلط اقتباس ۔ غلط سند ۔ غلط حوالہ ۔

Misrepresent (mis-rep-ri-zent) *v.t.* Give false account of غلط بیانی کرنا ۔ خلاف واقعہ بیان کرنا ۔ غلط تصویر پیش کرنا ۔ توڑ موڑ کر بیان کرنا ۔ دھوکا دینا ۔
Misrepresentation *n.* دروغ بیانی ۔ غلط بیانی ۔

Misrule (mis-rōōl) *n.* Bad government اندھیر نگری ۔ بد نظمی ۔ خراب حکومت ۔

Miss (mis) *n.* Failure to hit or attain نشانے کا خطا ہونا ۔ مقصد میں ناکامی ۔ غلطی ۔ قصور ۔ بھول چوک ۔ فرو گزاشت ۔
A miss is as good as a mile نشانے کا ذرا غلط ہونا اور بہت غلط ہونا برابر ہے ۔ بال بھر چوک اور گز بھر چوک برابر ہے ۔

Miss (mis) *v.t.* Fail to hit the mark نشانہ خطا ہونا ۔ نشانہ خالی جانا ۔ ناکام رہنا ۔ مقصد کے حصول میں ناکام رہنا ۔ موقع کھو دینا ۔ نہ پا سکنا ۔ نہ پکڑ سکنا ۔ وعدے پر نہ پہنچ سکنا ۔ کسی کی جدائی میں بے چین رہنا ۔ کسی کو یاد کرنا ۔

Miss (mis) *n.* Unmarried girl or woman ناکتخدا لڑکی یا عورت ۔ جوان بن بیاہی لڑکی ۔ کنواری دوشیزہ ۔ اسکول کی لڑکی ۔ نوجوان خاتون ۔
Missish *adj.* بنا ٹھنا ۔ لڑکیوں کی عادت والا ۔ لڑکیوں کی طرح ۔

Missal (mis-l) *n.* Book containing service of Mass پادریوں کی نماز اور دعاؤں کی کتاب ۔ عبادت نامہ ۔

Misshapen (mis-shə-pn) *adj.* Deformed کریہہ منظر ۔ بد صورت ۔ بدشکل ۔

Missile (mis-il) *adj.* & *n.* Suitable for discharge پھینکنے کا - پھینک کر مارنے کا - کوئی چیز جو جنگ میں دشمن پر پھینکی جائے - گولا - تیر - برچھی وغیرہ -

Missing (mis-ing) *adj.* Wanting گم - غائب - ناپید - گم شدہ - نا معلوم - نشانہ جو ہدف سے الگ ہو -

Missing link انسان اور بندر کے درمیان کی کڑی - بیچ کی خالی کڑی -

Mission (mish-ən) *n.* Person's work in life, religious workers تبلیغ - پیام کی اشاعت - تبلیغی مرکز - تبلیغی جماعت - زندگی کا خاص کام -

Missionary (mish-ən-ari) *adj.* & *n.* Concerned with religious missions تبلیغی - تبلیغی ادارے کا - مبلغ - تبلیغی جماعت - تبلیغی جماعت کا فرد - پادری جو مجرموں کی اصلاح کے لیے مقرر ہوتا ہے -

Missioner (mish-ən-ər) *n.* Person in charge of mission مبلغ - پادری - تبلیغی منتظم -

Missis (mis-is) *n.* The mistress (ملازم) مالکہ - مالک کی بیوی - خاتون - بیگم صاحبہ - بیوی -

Missive (mis-iv) *adj.* & *n.* Official ایسا خط جو حاکم اعلیٰ روانہ کرے - جاری شدہ - سرکاری حکم -

Misspell (mis-spel) *v.t.* Spell wrongly غلط ہجے لکھنا - ہجوں میں غلطی کرنا -

Misspend (mis-spend) *v.t.* Spend wastefully بے جا صرف کرنا - فضول خرچی کرنا - ضائع کرنا - برباد کرنا -

Misstate (mis-stat) *v.t.* State wrongly غلط بیان کرنا - خلاف واقعہ بیان دینا - غلط بیانی کرنا -

Misstatement خلاف حقیقت بیان - خلاف واقعہ اظہار -

Missy (misi) *n.* Affectionate address نوجوان خاتون - نوجوان کنواری عورت -

Mist (mist) *n., v.i.* & *t.* Water vapour causing obscuration کہر - دھند - پردہ - جالی - نقاب - اندھیرا - دھندلا پن - دھندلا ہونا - دھندلا کرنا -

Mistful *adj.* کہر سے ڈھکا ہوا - دھندلا - کہریلا -

Mistlike *adj.* دھندلا - کہر کی طرح -

Mistake (mis-tāk) *n.* Error, fault خطا - غلطی - غلط فہمی - بھول چوک - قصور -

Mistake (mis-tāk) *v.t.* Err, misunderstand غلطی کرنا - بھولنا - کچھ کا کچھ سمجھنا - رائے قائم کرنے میں غلطی کرنا - غلط طریقہ اختیار کرنا -

Mistaken *adj.* غلط فہمی پر مبنی - غلطی پر -

Mistakable *adj.* جس میں بھول چوک ہو سکے - جس میں غلطی کا امکان ہو -

Mister (mis-tər) *n.* & *v.t.* Title prefixed to a man's name مسٹر - جناب - حضرت - حضور - معمولی آدمی - کسی کو مسٹر کہہ کر پکارنا -

Mistime (mis-tīm) *v.t.* Say, do, out of season بے وقت کوئی کام کرنا - بے موقع یا بے محل بات کہنا - بے وقت کہنا - خراب وقت میں کرنا -

Mistletoe (miz-l-tō) *n.* A parasite plant growing on trees آکاس بیل - امر بیل - ایسی بیل جو دوسرے درختوں پر بغیر جڑ کے پھیلے -

Mistranslate (mis-trans-lat) *v.t.* Render incorrect translation غلط ترجمہ کرنا -

Mistranslation *n.* غلط ترجمہ -

Mistress (mis-tris) *n.* Female head of household گھر والی - جورو - بیگم - مخدومہ - نوکروں کی نگران عورت - عورت - معلمہ - استانی - معشوقہ - داشتہ - آشنا -

Mistrust (mis-trust) *v.t.* Feel no confidence in a person شک کرنا - شبہ کرنا - اعتبار نہ کرنا - بد ظن ہونا - بدگمانی کرنا - اعتماد نہ کرنا -

Mistrust (mis-trust) *n.* Lack of confidence بد ظنی - بد گمانی - بے اعتمادی -

Mistrustful *adj.* اعتماد نہ کرنے والا - وہمی - شکی - بد ظن -

Misty (mist-i) *adj.* Covered with mist کہر آلود - دھندلا - غبار آلود - غیر واضح -

Mistiness *n.* کہر آلود ہونا - دھند - دھندلا پن -

Misunderstand (mis-undər-stand) *v.t.* Take in wrong sense غلط سمجھنا - غلط تعبیر کرنا - منشا غلط سمجھنا -

Misunderstanding *n.* کھٹ پٹ - رنجش - اختلاف - غلط فہمی -

Misuse (mis-us) *v.t.* & *n.* Apply to wrong purpose بری طرح استعمال کرنا ۔ بیجا طور پر استعمال کرنا ۔ برا سلوک کرنا ۔ بری طرح پیش آنا ۔ سختی کرنا ۔ غلط استعمال ۔ تشدد ۔ سختی ۔ زیادتی ۔

Mite (mit) *n.* Small object ریزہ ۔ ذرہ ۔ چھوٹی سی چیز ۔ ننھی سی جان ۔ بہت چھوٹا سکہ ۔ پائی ۔ فار دنگ ۔ خشخاش ۔ غریب آدمی کا حقیر مگر مخلصانہ عطیہ ۔ انسان کا اپنا مختصر حصہ جو اس سے ہو سکے ۔

Mithridate (mith-ri-dat) *n.* Antidote for poison زہر مہرہ ۔ بس مار ۔ تریاق ۔

Mithridatize (mith-ri-dat-iz) *v.t.* Render proof against poison زہر کا عادی کر دینا تاکہ زہر کا اثر نہ ہو ۔ زہر کے اثر سے محفوظ کرنا ۔

Mitigate (mit-i-gat) *v.t.* Reduce severity کم کرنا ۔ شدت کو گھٹانا ۔ ہلکا کرنا ۔ معتدل کرنا ۔ ملائم یا نرم کرنا ۔

Mitigation *n.* تسکین ۔ نرمی ۔ تخفیف ۔ کمی ۔

Mitigatory *adj.* ہلکا کرنے والا ۔ تخفیف کرنے والا ۔

Mitre (mit-ər) *n.* Bishop's tall cap cleft at top بشپ کا تاج ۔ بشپ کی کلاہ ۔ لکڑی کا جوڑ جو زاویہ قائمہ بنائے ۔ زاویہ قائمہ کا نصف ۔

Mitre (mit-ər) *v.t.* Bestow mitre on بشپ کی تاج پوشی کرنا ۔ کلاہ عطا کرنا ۔ لکڑیوں کو ملا کر نیم زاویہ قائمہ بنانا ۔

Mitten-Mitt (mit-n) *n.* Kind of glove with thumb but no fingers ایسا دستانہ جس میں انگلیوں کی جگہ نہ ہو ۔ عورتوں کا ساعد پوش ۔ ایسا دستانہ جو کلائی ، ہتھیلی اور انگوٹھے کی حفاظت کرتا ہے ۔

Mittimus (mit-i-məs) *n.* Warrant committing person to prison حکم نامہ جس کے ذریعے حاکم مجرم کو جیل خانہ بھیجتا ہے ۔ پروانہ اسیری (بول چال) برطرفی ۔ موقوفی ۔ ملازمت سے علیحدگی ۔

Mix (miks) *v.t.* & *i.* Put together ملانا ۔ مخلوط کرنا ۔ آمیزش کرنا ۔ داخل کرنا ۔ مرکب کرنا ۔ مرکب تیار کرنا ۔ ملنا جلنا ۔ گھل مل جانا ۔ محبت رکھنا ۔ راہ و رسم رکھنا ۔

Be mixed up شامل ہونا ۔ پھنسا ہونا ۔ الجھا ہونا ۔

Mix up بری صحبت میں بیٹھنا ۔ قابل اعتراض معاملہ میں شریک ہونا ۔ خلط ملط کر دینا ۔

Mixed (miks-d) *adj.* Of diverse qualities ملا ہوا ۔ مخلوط ۔ مرکب ۔ صحبت جس میں ہر طرح کے لوگ ہوں ۔ مخلوط صحبت ۔ (بول چال) مخبوط ۔ بد حواس عورت یا مرد ۔

Mixture (miks-tur) *n.* What is mixed up, medical preparation مرکب ۔ آمیزش ۔ امتزاج ۔ اختلاط ۔ دو چیزوں کا اس طرح ملنا کہ وہ ایک ذات نہ ہوں ۔

Mizpah (miz-pa) *n.* A ring inscribed with وہ انگوٹھی جس پر یہ لفظ لکھا ہو اور نشانی کے طور پر دی جائے ۔

Miz(z)en (miz-n) *n.* Lowest sail اگلا، پچھلا ، نیچے کا بادبان ۔

Mizzle (miz-l) *v. imp.* & *n.* Drizzle پھوار پڑنا ۔ پھوئیں پڑنا ۔ بوندا باندی ہونا ۔

Mizzly *adj.* ایسا موسم جس میں ترشح ہو یا پھوار پڑتی رہے ۔

Mnemonic (ni-mon-ik) *adj.* & *n.* Designed to aid the memory حافظے میں مدد دینے والا ۔ (جمع) تقویت ۔ حافظہ کا اصول یا فن ۔

Mo (mo) *n.* Moment (بول چال) moment کا مخفف ۔ ذرا دیر ۔ لمحہ ۔

Moan (mon) *n.* Low and long murmur of physical suffering کراہ ۔ آہ آہ ۔ آہ و بکا ۔ آہ و زاری ۔

Moanful *adj.* درد انگیز ۔ کراہتے ہوئے ۔ پر درد ۔ ماتم انگیز ۔

Moan (mon) *v.t.* & *i.* Lament کراہنا ۔ نوحہ کرنا ۔ فریاد کرنا ۔ ہائے ہائے کرنا ۔ آہ و زاری کرنا ۔ واویلا کرنا ۔ آہیں بھرنا ۔ ماتم کرنا ۔

Moat (mot) *v.t.* & *n.* Deep wide ditch پانی سے بھری ہوئی چوڑی خندق ۔ خندق سے محفوظ کرنا ۔ قلعہ یا مکان کے چاروں طرف خندق بنانا ۔

Mob (mob) *n.* Tumultuous crowd عوام ۔ عوام الناس ۔ بھیڑ ۔ بھیڑ ۔ اژدھام ۔ جم غفیر ۔ بے ترتیب مجمع ۔

Mob-law ہجوم کا قانون ۔ عامیانہ قانون ۔

Swell-mob سفید پوش اچکے ۔ گرہ کٹ ۔

Mobbish *adj.* شور و غل مچانے والا ـ بے ترتیب ـ

Mobocracy *n.* انبوہ کی حکمرانی ـ انبوہ گردی ـ عامیانہ حکومت ـ

Mob (mob) *v.t.* & *i.* Molest, attack, assemble in a mob بلوہ کرنا ـ غدر مچانا ـ انبوہ گردی کرنا ـ جمع ہونا ـ مجمع ہونا ـ اژدہام ہونا ـ

Mobile (mo-bil) *adj.* Moving, movable غیر مستقل ـ متلون ـ چلنے پھرنے والا ـ نقل پذیر ـ حرکت پذیر ـ فوج جو ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجی جا سکے ـ

Mobility *n.* غیر مستقل مزاجی ـ حرکت کی آمادگی ـ تیزی ـ تیاری ـ مستعدی ـ

Mobilize (mo-bil-iz) *v.t.* Render movable حرکت میں لانا ـ حرکت کے قابل بنانا ـ لڑائی کے لیے تیار کرنا ـ فوج جمع کرنا ـ جنگ کے لیے فوج اکٹھا کرنا ـ

Mobilizable *adj.* جو بہ آسانی تیار ہو سکے ـ نقل و حرکت کے قابل ـ

Mobilization *n.* فوج کی درستی ـ فوج کی بھرتی ـ جنگ کے لیے فوج کی تیاری ـ

Mock (mok) *n.* Derision تمسخر ـ تضحیک ـ ہنسی ـ ٹھٹھا ـ استہزا ـ قابل تحقیر چیز ـ

Mock (mok) *adj.* Sham نقلی ـ جھوٹی ـ جعلی ـ مصنوعی ـ بناوٹی ـ

Mock (mock) *v.t.* & *i.* Hold up to ridicule نقل کرنا ـ منہ چڑانا ـ مذاق کرنا ـ ہنسی اڑانا ـ استہزا کرنا ـ ہیچ سمجھنا ـ پرواہ نہ کرنا ـ جوتی کی نوک پر مارنا ـ بیوقوف بنانا ـ دھوکا دینا ـ خفیف کرنا ـ

Mocking bird نقل اتارنے والا پرندہ ـ امریکہ کا طوطا ـ

Mockery (mok-ri) *n.* Ludicrously futile action تمسخر ـ تضحیک ـ طعنہ زنی ـ مذاق ـ لا حاصل کام ـ دکھاوا ـ ظاہر داری ـ موضوع تمسخر ـ فضول حرکت ـ حماقت ـ مسخرا پن ـ

Modal (mod-l) *adj.* Of mode or form ظاہری ـ صوری ـ دکھاوے کا ـ انداز فعل کے متعلق ـ

Modality (mod-ə-liti) *n.* Method for discharge of obligation جہت ـ نہج ـ طریقہ ـ طریقۂ کار ـ انداز کار ـ ذمہ داری کے مقررہ اوقات ـ

Modalist (mod-ə-list) *n.* One who believes in form صورت پرست ـ مظاہر پرست ـ

Mode (mod) *n.* Manner in which a thing is done طرز ـ طور ـ طریقہ ـ اسلوب ـ رواج ـ چال ـ ریت ـ دستور ـ روش ـ ڈھنگ ـ انداز ـ (منطق) اصول ـ جہت ـ درجہ ـ رتبہ ـ پایہ ـ راگ ـ گت ـ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ـ

Model (mod-l) *n.* Representation in three dimensions of proposed structure مثل ـ نمونہ ـ نقشہ ـ پیمانہ ـ ناپ ـ سانچہ ـ قالب ـ طور طریق ـ ڈھنگ ـ انداز ـ خاکہ ـ شبیہ ـ نقل ـ تصویر ـ وہ عورت جو پوشاک پہن کر خریداروں کو دکھاتی ہے ـ

Model (mod-l) *v.t.* Fashion, shape in clay or wax سانچہ میں ڈھالنا ـ خاکہ بنانا ـ تشکیل کرنا ـ ترتیب دینا ـ نمونہ پر ڈھالنا ـ طرز پر بنانا ـ

Moderate (mod-ə-rat) *adj.* & *n.* Avoiding extremes معتدل ـ اعتدال پسند ـ متوسط ـ اوسط درجے کا ـ تھوڑا ـ قلیل ـ نرم ـ ملائم ـ دھیما ـ ہلکا ـ واجبی قیمت ـ

Moderation *n.* اعتدال پسندی ـ

Moderatism *n.* اعتدال کی حمایت ـ

Moderately *adv.* آہستگی سے ـ اعتدال سے ـ

Moderateness *n.* اوسط درجے کا ہونا ـ معتدل ہونا ـ واجبی ہونا ـ

Moderate (mod-ə-rat) *v.t.* & *i.* Render less violent and intense اعتدال پر لانا ـ معتدل کرنا ـ نرم کرنا ـ ہلکا کرنا ـ افراط و تفریط سے روکنا ـ ہلکا ہونا ـ معتدل ہونا ـ ثالث یا پنچ بننا ـ میر مجلس بننا ـ

Moderation (mod-ə-ra-shən) *n.* In a moderate manner or degree اعتدال ـ ملائمت ـ میانہ روی ـ حلم ـ تحمل ـ ضبط ـ بردباری ـ سنجیدگی ـ اعتدال پسندی ـ میانہ روی ـ

Moderator (mod-ə-rat-ər) *n.* Mediator معتدل بنانے والا ـ ضبط کرنے والا ـ مصالحت کرانے والا ـ میر مجلس ـ ثالث ـ پنچ ـ آکسفورڈ کے سندی امتحان کا ممتحن ـ غیر مقلد عیسائی ـ

Modern (mod-ərn) *adj.* & *n.* Of the present times نیا ـ جدید ـ حال کا ـ دور حاضر کا ـ نئی روشنی کا آدمی ـ

Modernity *n.* جدت پسندی ۔ نو پسندی ۔ جدید چیز ۔ جدید طرز ۔

Modernization *n.* نئے زمانے کے مطابق بنانا ۔ زمانہ جدید کے طرز کے مطابق کرنا ۔

Modernize *v.t.* & *i.* زمانہ حال کا رنگ اختیار کرنا ۔ طرز جدید پر لانا ۔ جدید مذاق کے مطابق کرنا ۔

Modernism (mod-ərn-izm) *n.* Modern views or methods جدید خیالات ۔ نئی روشنی ۔ جدید اصول ۔ مذہبی عقائد کو زمانے کے حالات کے مطابق بنانا ۔

Modernist *n.* جدت پسند ۔ نئی روشنی کا دلدادہ ۔ نئی روشنی کا شخص ۔

Modest (mod-ist) *adj.* Retiring, bashful با حیا ۔ با عصمت ۔ پاکدامن ۔ شرمیلا ۔ با حجاب ۔ منکسر ۔ اپنی قابلیت کو گھٹا کر بیان کرنے والا ۔ معقول ۔ سیدھا سادھا ۔ معمولی ۔

Modesty *n.* شرم ۔ حجاب ۔ حیا ۔ غیرت ۔ انکساری ۔ عاجزی ۔ خاکساری ۔

Modicum (mod-i-kəm) *n.* Small quantity قلیل مقدار ۔ محدود مقدار ۔ ٹکڑا ۔ پارچہ ۔

Modify (mod-i-fī) *v.t.* Tone down تراش خراش کرنا ۔ قطع و برید کرنا ۔ درست کرنا ۔ ترمیم کرنا ۔ تخفیف کرنا ۔ گھٹانا ۔ کم کرنا ۔ معتدل کرنا ۔

Modifiable *adj.* ترمیم پذیر ۔ قابل ترمیم ۔

Modification *n.* ڈھنگ ۔ صورت ۔ شکل ۔ درستی ۔ اصلاح ۔ ترمیم ۔

Modish (mod-ish) *adj.* Fashionable مقبول طرز کے مطابق ۔ عام رواج کے مطابق ۔

Modiste (mod-est) *n.* Milliner, dressmaker عورتوں کی پوشاک تیار کرنے والی ۔ طرحدار کپڑے بیچنے والی ۔ جدید وضع کے لباس بیچنے والی ۔

Modulate (mod-u-lāt) *v.t.* & *i.* Regulate, adjust آواز کو گھٹانا بڑھانا ۔ الاپنا ۔ سر ملانا ۔ ٹھیک ترتیب پر لانا ۔ سر درست کرنا ۔ ایک سر کو دوسرے سر سے ملانا ۔

Modulation *n.* فن موسیقی کے مطابق گانا ۔ آواز کا اتار چڑھاؤ ۔

Modulator *n.* سر کے مطابق آواز کو قابو میں رکھنا ۔ گھٹانے بڑھانے والا ۔

Module (mod-ūl) *n.* Standard, unit نمونہ ۔ نقشہ ۔ ناپ ۔ پیمانہ ۔ ناپنے کی اکائی ۔

Modulus (mod-ū-ləs) *n.* Coefficient (حساب) متبادل مقداروں کا معینہ مضروب ۔ مقدار قوت اور اثر کا تناسب ۔

Modus (mo-dəs) *n.* Way a thing operates طور ۔ طرز ۔ طریقہ زندگی ۔ عشر یا دسویں حصہ کے عوض نقد ادائیگی ۔

Modus operandi طریق عمل ۔ طریق کار ۔

Modus vivendi زیر غور معاملات کا وقتی فیصلہ ۔ عارضی تصفیہ ۔

Mogul (mo-gul) *adj.* & *n.* Mongolian مغلیہ نسل کا ۔ مغلیہ (تاش) تاش کے بہترین پتے ۔

Mohair (mo-hār) *n.* Hair of Angora goat انگورا نسل کی بکری کا اون ۔

Mohammedan (mo-ham-e-dən) *n.* Muslim مسلم ۔ مسلمان ۔ اسلام کا پیرو ۔

Mohawk (mō-hawk) *n.* One of the tribe of N. American Indians امریکی انڈین قوم کا ایک قبیلہ ۔ اس قوم کی زبان ۔ برف پر پھسلنے کی ایک خاص حرکت ۔

Mohock (mo-hok) *n.* One of a class of aristocratic ruffians infesting London streets at night in 18th century امرا کے خاندان کے بدمعاش جو اٹھارویں صدی میں لندن کی سڑکوں پر رات کے وقت رہزنی کرتے تھے ۔

Moity (moi-ə-ti) *n.* Half the thing آدھا ۔ نصف ۔ کسی چیز کے دو حصوں میں سے ایک ۔

Moil (moil) *v.t.* Drudge محنت کرنا ۔ مشقت کرنا ۔ بیل کی طرح کام کرنا ۔ ناگوار کام میں عرق ریزی کرنا ۔

Moire (mwar) *adj.* & *n.* Watered fabric, clouded appearance ابری ۔ لہریا ۔ ابری ریشم ۔ ابری یا لہریے کی طرز ۔ لہر دار دھات کا برتن ۔

Moist (moist) *adj.* Slightly wet گیلا ۔ تر ۔ نم ۔ مرطوب ۔ اخراج رطوبت کا ۔ بارش کا ۔

Moisten (mois-ən) *v.t.* & *i.* Make or become moist گیلا کرنا ۔ تر کرنا ۔ نم کرنا ۔ مرطوب کرنا یا ہونا ۔ سیل جانا ۔

Moisture (mois-tur) *n.* Water vapour condensed on surface تری ۔ نمی ۔ سیل ۔ رطوبت ۔ گیلا پن ۔

Moke (mōk) *n.* Donkey (بول چال) خر ۔ گدھا ۔

Molar (mō-lər) *adj.* & *n.* Usually of mammal's back teeth پیسنے والا دانت ۔ وہ دانت جس سے جانور چارہ چباتے ہیں ۔ داڑھ ۔ بڑے مجموں میں واقع ہونے والا ۔

Mole (mōl) *n.* Spot on human skin تل ۔ خال ۔ مسا ۔ لوتھ ۔

Mole (mōl) *n.* Small burrowing animal with small eyes چھچھوندر ۔ کورموش ۔

Make mountains out of molehills } رائی کا پہاڑ بنانا ۔ بات کا بتنگڑ بنانا ۔

Blind as a mole نرا اندھا ۔

Mole (mōl) *n.* Stone structure as pier, break water گودی یا پانی کے اندر بنایا ہوا راستہ ۔ پتھر کی دیوار جو سمندر میں بنائی جائے ۔

Molecular (mol-ek-u-lər) *adj.* Relating to molecules ذروں یا سالمات کے متعلق ۔

Molest (mo-lest) *v.t.* Meddle hostilely دق کرنا ۔ ستانا ۔ حیران کرنا ۔ چھیڑنا ۔ تکلیف پہنچانا ۔

Molestation *n.* چھیڑ چھاڑ ۔ تکلیف دہی ۔ ایذا رسانی ۔

Mollinism (mol-in-izm) *n.* Doctrine of Luis Molina مولینا کا یہ عقیدہ کہ توفیق اور فضل ربانی خلوص نیت اور حسن عقیدت پر منحصر ہے ۔

Mollify (mol-i-fi) *v.t.* Appease, soften نرم کرنا ۔ ٹھنڈا کرنا ۔ ملائم کرنا ۔ شدت کم کرنا ۔

Mollification *n.* تخفیف ۔ تسکین ۔ ملائمت ۔ نرمی ۔

Mollusc (mol-əsk) *n.* Soft-bodied and hard-shelled animals پلپلے جسم اور سخت خول والے جانور ۔ گھونگھا ۔ سیپی ۔

Molly (mol-i) *n.* Effiminate man or boy زنانہ مرد یا لڑکا ۔ زنانی صفات والا لڑکا ۔

Molten (molt-en) *adj.* دیکھو Melt

Moment (mo-mənt) *n.* Minute point of time لمحہ ۔ لحظہ ۔ منٹ ۔ دقیقہ ۔ قوت ۔ اہمیت ۔ ضرورت ۔ وقعت ۔ قدر و منزلت ۔

Momentous *adj.* نہایت اہم ۔ بھاری ۔ ضروری ۔ اہم ۔ مہتم بالشان ۔

Momentary (mo-mənt-ari) *adj.* Transitory عارضی ۔ وقتی ۔ ایک لمحہ یا پل کا ۔

Momently (mo-mənt-li) *adv.* From moment to moment دم بدم ۔ لحظہ بہ لحظہ ۔ ہر دم ۔ ہروقت ۔ ایک لمحے کے لیے ۔

Momentum (mo-mən-tum) *n.* Motion force of moving body متحرک چیز کا زور حرکت ۔ دھکا ۔ قوت رفتار ۔ معیار حرکت ۔ زور جو حرکت سے حاصل ہو ۔

Monachism (mon-ək-izm) *n.* Monastic living رہبانیت ۔ راہبانہ زندگی ۔ قلندری ۔ درویشی ۔

Monad (mon-ad) *n.* The number one, unit ابتدائی جسمیہ جس سے تمام اجسام بنتے ہیں ۔ واحدیت ۔ احدیت ۔ وحدت ۔ عدد مطلق ۔

Monadism *n.* نظام توحید ۔ عدد مطلق ۔ جوہر واحد کا نظریہ ۔

Monandrous (mon-an-drəs) *adj.* Having a single stamen ایک نری پودا ۔ پودا جس میں صرف ایک حامل زر ہو ۔ اکہرے حامل زر کا پودا ۔

Monandry (mon-an-dri) *n.* Custom of having only one husband at a time یہ دستور کہ ایک عورت کا صرف ایک مرد ہو ۔ ایک شوہری دستور ۔

Monarch (mon-ərk) *n.* Sovereign with title of king شاہ ۔ بادشاہ ۔ سلطان ۔ راجہ ۔ فرمان روا ۔ حکمران ۔ مالک و مختار ۔ سردار ۔ ایک قسم کی بڑی سیاہ ، سرخ تتلی ۔

Monarchal *adj.* شاہانہ ۔ ملوکانہ ۔

Monarchical *adj.* شخصی حکومت کا ۔ سلطانی ۔

Monarchism (mon-ərk-izm) *n.* Principle of attachment to monarchy شاہ پرستی ۔ شاہ پسندی ۔ شخصی حکومت ۔

Monarchist *n.* شخصی حکومت کا دلدادہ ۔ شاہ پسند ۔ شاہی حکومت کا حامی ۔

Monarchy (mon-ərk-i) *n.* State under monarchical government شخصی حکومت کی ریاست ۔ شاہی حکومت ۔ بادشاہی ۔

Monastery (mon-əs-təri) *n.* Residence of community living secluded life خانقاہ ۔ صومعہ ۔ ڈیرا ۔ دھرم سالہ ۔

Monastic (mon-əs-tik) *adj.* Of monks راہبانہ ۔ خانقاہی ۔ (جلد بندی) آرائش جس میں سونے کے بغیر نقش و نگار جلد پر بنائے جائیں ۔

Monasticism *n.* رہبانیت ۔ خانقاہی زندگی ۔

Monday (mun-di) *n.* Second day of week ہفتہ کا دوسرا دن ۔ پیر ۔ سوموار ۔ دوشنبہ ۔

Monde (mownd) *n.* The fashionable world اعلیٰ سوسائٹی ۔ امرا کی دنیا ۔ صحبت ۔ دائرہ معاشرت ۔

Monetary (mon-i-təri) *adj.* Of money نقدی کا ۔ روپے پیسے کا ۔ مال و زر کے متعلق ۔

Monetize (mon-i-tiz) *v.t.* Put into circulation as money سکے کے طور پر چلانا ۔ دھات کے سکوں کو زر قانونی کے طور پر جاری کرنا ۔

Monetization زر کے طور پر جاری کرنا ۔ بصورت زر دھاتوں کا استعمال ۔

Money (mun-i) *n.* Current coin روپیہ ۔ روپیہ پیسہ ۔ سکہ جاریہ ۔ نقدی ۔ نوٹ ۔ دھن ۔ دولت ۔ زر ۔

Money-bags دولت مند ۔ لالچی آدمی ۔

Money-grubber ذلیل طریقے سے روپیہ جمع کرنے والا ۔ زر پرست ۔

Not every man's money وہ چیز جس کی قدر ہر شخص کے پاس مختلف ہو ۔

Moneyed (muni-d) *adj.* Rich, consisting of money مال دار ۔ روپے پیسے والا ۔ زر دار ۔ دولت مند ۔ مال و زر کا ۔

Monger (mung-gər) *n.* Dealer, trader بیچنے والا ۔ دوکان دار ۔ فروشندہ ۔ تاجر ۔ سوداگر ۔

Mongol (mong-gōl) *n.* & *adj.* Member of Asian people of Mongolia منگولی ۔ مغل ۔ منگولیا کا باشندہ ۔

Mongolian (mong-gol-i-ən) *adj.* & *n.* Of yellow-skinned type of mankind منگولیا کا باشندہ ۔ پیلے کھال کا ۔ منگول نسل کا ۔ منگولیوں کی طرح کم عقل ۔

Mongoose (mong-gōōs) *n.* An ichneumon نیولا جو زہریلے سانپ کو مار ڈالتا ہے ۔ ایک قسم کا لنگور ۔

Mongrel (mong-grəl) *n.* Dog of no definite breed بد نسلا کتا ۔ دوغلا ۔ مخلوط النسل ۔ آدھا تیتر آدھا بٹیر ۔

Mongrelism *n.* ملی جلی نسل کی خصوصیات ۔ دوغلاپن ۔

Monism (mon-izm) *n.* Doctrine that only one being exists وحدت الوجود ۔ ایک وجود ایک ذات ۔ صرف ایک وجود ۔

Monist *n.* ایک وجود کا قائل ۔ وحدت الوجودی ۔

Monition (mon-ish-ən) *n.* Warning of offence خبر ۔ اطلاع ۔ آگاہی ۔ اعلیٰ مذہبی افسر کی طرف سے کسی شخص کو تنبیہ کہ وہ گناہ سے اجتناب کرے ۔

Monitor (mon-i-tər) *n.* One who admonishes ناصح ۔ واعظ ۔ پادری ۔ مذہبی پیشوا ۔ مدرسہ کا خلیفہ ۔ عریف ۔ آہن پوش جہاز جو ساحل کی حفاظت کرتا ہے ۔ ایک قسم کی آبی چھپکلی جو مگرمچھ کے آنے کی اطلاع دیتی ہے ۔

Monitory (mon-i-tər-i) *adj.* & *n.* Warning تنبیہی ۔ واعظانہ ۔ وعیدی ۔ پاپائے روم کا تنبیہی خط ۔

Monk (mungk) *n.* Member of community living under vows of poverty, chastity and obedience زاہد ۔ عابد ۔ جوگی ۔ درویش ۔ تارک الدنیا ۔ راہب ۔

Monkery (mungk-eri) *n.* Monastic life درویشی ۔ قلندری ۔ راہبانہ زندگی ۔ ترک لذات ۔ راہبانہ عقائد ۔ راہبانہ طور طریق ۔

Monkey (mungk-i) *n., v.t.* & *i.* Mammal of a group closely allied to man بندر ۔ بوزنہ ۔ میمون ۔ (مذاقاً) انسان ۔ میخ ٹھونکنے کا ہتھوڑا ۔ چھوٹی صراحی ۔ میمونی حرکتیں کرنا ۔ منہ چڑانا ۔ چھیڑنا ۔

Monkeyish *adj.* بوزنہ صفت ۔ بندر جیسا ۔ میمونی ۔

Monkish (mungk-ish) *adj.* Like monks راہبوں جیسا ۔ راہبانہ ۔ راہبوں کی طرح ۔

Monochord (mon-ō-kard) *n.* Instrument for determining musical intervals اکتارا ۔ وہ ساز جس سے موسیقی کے ٹھیکے اور ٹھہراؤ معین کئے جاتے ہیں ۔

Monochrome (mon-o-krom) *n.* & *adj.* Painting executed in different shades of one colour وہ تصویر جس میں ایک ہی رنگ کے سائے دکھائے گئے ہوں ۔ یک رنگ ۔ یک رنگی تصویر ۔

Monocle (mon-ə-kl) *n.* Single eyeglass یک چشمہ ۔ یک چشمی عینک ۔

Monody (mon-ə-di) *n.* Ode sung by a single actor in Greek tragedy یونانی حزنیہ میں دردناک راگ گانے والا ۔ (اداکار) نغمہ ماتم ۔ بروگی گیت ۔

Monogamy (mon-og-əmi) *n.* ایک ہی بیوی رکھنے کا طریقہ ۔ یک زوجگی ۔

Monogamist *n.* یک زوجگی کا حامی ۔

Monogamous *adj.* ایک بیوی والا ۔ یک زوجی ۔

Monogram (mon-ə-gram) *n.* Interwoven initials نام کے ابتدائی حروف کا طغریٰ ۔ خط طغریٰ ۔

Monograph (mon-ə-graf) *n.* Treatise on a single object رسالہ جو صرف ایک ہی چیز ، مضمون یا موضوع پر لکھا گیا ہو ۔ ایک ہی مضمون کا بیان ۔

Monographist *n.* رسالہ نگار ۔ مقالہ نگار ۔

Monolith (mon-o-lith) *n.* Single block of stone ایک ڈال پتھر ۔ ایک ہی پتھر کی بنائی ہوئی یادگار ۔ ایک ہی پتھر سے تراشی ہوئی یادگار ۔

Monologue (mon-ə-log) *n.* Soliloquy ڈرامے کا سین جس میں ایک ہی شخص کچھ کہتا ہو اور اپنے آپ سے باتیں کرتا ہو ۔ خود کلامی ۔

Monologist *n.* اپنے آپ سے باتیں کرنے والا ۔ خود کلام ۔

Monopolist (mon-op-ə-list) *n.* One who assumes monopoly اجارہ دار ۔ ایسا شخص جس کو کسی چیز کی تجارت کی اجازت دی گئی ہو اور جو دوسروں کے لیے ممنوع ہو ۔

Monopolise (mon-op-ə-liz) *v.t.* Obtain exclusive rights اجارہ قائم کرنا ۔ بلا شرکت غیرے کوئی تجارت کرنا ۔ خود کوئی بیوپار کرنا جس کی اجازت دوسروں کو نہ ہو ۔

Monopolization *n.* بلا شرکت غیرے تجارت کا حق ۔ اجارہ داری ۔

Monopoly (mon-op-əli) *n.* Exclusive right of trade in some commodity ٹھیکہ ۔ اجارہ ۔ مخصوص اجازت ۔ بلا شرکت غیرے تجارت کا حق ۔

Monosyllable (mon-ə-sil-əbl) *n.* Word of one syllable ایک جز کا لفظ جیسے ہے ، ہاں ، نہیں ۔ Speak in monosyllables مختصر جواب دینا ۔ ہاں یا نہیں کے سوا کچھ نہ کہنا ۔

Monotheism (mon-o-the-izm) *n.* Doctrine that there is only one God لا الہ الا اللہ ۔ وحدانیت ۔ توحید ۔ ایک خدا کو ماننا اور کسی کو اس کا شریک نہ سمجھنا ۔

Monotheist *n.* وحدت پرست ۔ ایک خدا کو ماننے والا ۔ موحد ۔

Monotone (mon-ə-ton) *adj.*, *n.* & *v.t.* Sameness, utterance without change of pitch ایک آواز ۔ ایک لہجہ ۔ اول سے لے کر ایک ہی آواز میں گانا ۔ ایک سری ۔

Monotonous (mon-ə-ton-əs) *adj.* Wearisome through sameness ایک ہی آواز کا ۔ ایک ہی طرح ۔ اکتا دینے والا ۔ بے زار کر دینے والا ۔

Monotonize *v.t.* یکسانیت پیدا کرنا ۔ یک رنگی پیدا کرنا ۔

Monotony *n.* ایک ہی انداز ۔ یکساں آواز ۔ ایک ڈھنگ ۔ یکسانیت ۔

Monsieur (mon-si-yər) *n.* French equivalent of Mr. جناب ۔ صاحب ۔ حضرت ۔ آپ ۔

Monsoon (mon-so͞on) *n.* Wind blowing from S.W. and bringing rain وہ ہوا جو ایشیا میں جنوب مغرب سے چلتی اور بارش لاتی ہے ۔ برسات ۔ برسات کا موسم ۔ بارش ۔ موسمی ہوائیں ۔

Monster (mon-stər) *n.* & *adj.* Misshapen animal or plant عجیب الخلقت ۔ عفریت ۔ راکشس ۔ دیو ۔ بد نفس شریر انسان ۔ بد قطع شخص یا شے ۔ بہت زبردست ۔ عظیم الشان ۔

Monstrosity (mon-stros-i-ti) *n.* Outrageous thing عجیب الخلقت ہونا ۔ وحشیانہ یا شرمناک حرکت ۔ انسانیت سوز عمل ۔ بے ہنگم بڑا جسم ۔

Monstrous (mon-stər-əs) *adj.* Abnormally formed دیو ہیکل ۔ دیو جیسا ۔ دیو پیکر ۔ عجیب ۔ بہت بڑا ۔ عجیب الخلقت ۔ سراسر غلط ۔ انسانیت سوز ۔ شرم ناک ۔

Monstrousness *n.* ہیبت ۔ شرم ناک ہونا ۔ عجوبہ ہونا ۔ پیدا کرنے والا ہونا ۔ ڈراؤنا پن ۔

Montane (mon-tān) *adj.* Of mountainous country کوہستانی ۔ پہاڑی ملک کا ۔

Month (mun-th) *n.* Any one of the twelfth portion of the year شہر ۔ ماہ ۔ مہینہ ۔

This day month آج سے ایک مہینہ بعد ۔

Monthly (mun-th-li) *adj., adv. & n.* Recurring once a month ماہوار ۔ ماہانہ ۔ مہینے کے مہینے ۔ ہر مہینہ ۔ ماہوار رسالہ ۔ حیض ۔ ماہواری ۔

Monument (mon-ū-mənt) *n.* Written record or building that serves to commemorate یادگار ۔ نشانی ۔ کوئی شے جو کسی کے نام کی یادگار ہو ۔

Monumental (mon-u-mənt-əl) *adj.* Serving as a monument یادگار کے متعلق ۔ یاد دلانے والی ۔ یادگار کے طور پر ۔ معرکہ کی چیز ۔ عظیم الشان ۔ پائدار ۔

Monumentalize (mon-ū-men-tə-līz) *v.t.* Commemorate یادگار قائم کرنا ۔ کسی نشانی سے یاد قائم رکھنا ۔

Moo (mōo) *v.i. & n.* Make the sound of cow گائے کی آواز نکالنا ۔ گائے کی آواز ۔

Mood (mōod) *n.* State of mind, state of verb مزاج ۔ خو ۔ طبیعت ۔ انداز طبع ۔ حالت ۔ جذبہ ۔ جوش ۔ فعل کی حالت یا طور ۔

Moody (mōod-i) *adj.* Gloomy, sullen وہمی ۔ خبطی ۔ سنکی ۔ تنک مزاج ۔ روٹھا ہوا ۔ آزردہ ۔ دل گیر ۔

Moon (mōon) *n.* Satellite of the earh چاند ۔ قمر ۔ ماہتاب ۔ ماہ ۔ شہر ۔ مہینہ ۔ کسی خاص مہینہ کا چاند ۔

Moonlight flitting راتوں رات مکان سے سامان نکال لینا تاکہ کرایہ نہ دینا پڑے ۔

Moonshine بے کار منصوبے ۔ خیالی پلاؤ ۔

Moonstruck *adj.* خبطی ۔ مجنوں ۔ سودائی ۔

Moon (mōon) *v.i. & t.* Move, look listlessly کھویا کھویا سا رہنا ۔ اونگھتے ہوئے چلنا ۔ بیٹھے بیٹھے وقت ضائع کر دینا ۔

Moony (mōon-i) *adj.* Like the moon, dreamy چاند سا ۔ مہتاب سا ۔ گم صم ۔ کھویا کھویا ۔ نیم خوابیدہ ۔ کسی خیال میں گم ۔

Moor (mōor) *n.* Mixed Berber and Arab Muslims حبشی ۔ زنگی ۔ بربری اور عربی نسل کے مسلمان ۔ ہسپانوی مسلمان ۔

Moorish *adj.* شمالی افریقہ کے مسلمانوں کے متعلق ۔ دلدل سے بھرا ہوا ۔

Mooring (mōor-ing) *n.* Permanent anchors and chains for ships to be moored جہاز کا لنگر ۔ زنجیریں اور رسے جن سے جہاز کو ایک جگہ روک دیا جاتا ہے ۔ مستقل لنگر ۔ ٹھکانا ۔

Moorings *n.* جہاز کا اڈہ ۔ لنگر گاہ ۔

Moose (mōos) *n.* American deer ایک قسم کا ہرن جو شمالی امریکہ میں پایا جاتا ہے ۔

Moot (mōot) *n., adj. & v.t.* Assembly, of students for practice in discussion اجتماع ۔ طلبا کی مشقی بحث ۔ بحث طلب ۔ متنازعہ فیہ ۔ بحث کرنا ۔ دلائل پیش کرنا ۔ سوال اٹھانا ۔

Mop (mop) *n.* Bundle of coarse yarn fastened on stick جھاڑو ۔ گچھے دار سوت کا جھاڑو ۔ جھاڑن ۔ کوچی ۔

Moppy *adj.* گچھے دار یا لوں والا ۔

Mop (mop) *v.t.* Wipe, clean صاف کرنا ۔ جھاڑو دینا ۔ بہارنا ۔ آنسو یا پسینہ پونچھنا ۔

Mop (mop) *v.t. & n.* Make grimaces منہ بنانا ۔ منہ چڑانا ۔ کسی کے چہرے کی نقل اتارنا ۔ نقلیں ۔

Mope (mōp) *v.i.,t & n.* Abandon oneself to listless condition اداس رہنا ۔ سست رہنا ۔ الکس ہونا ۔ کھویا کھویا رہنا ۔ جی گھبرانا ۔ جی اچاٹ رہنا ۔ افسردہ شخص ۔

Mopish *adj.* کم ہمت ۔ افسردہ ۔ اداس ۔

Mopishness *n.* اہلا گہلا پن ۔ سستی ۔ کاہلی ۔ افسردگی ۔

Moral (mor-əl) *adj. & n.* Concerned with character وضع ۔ عادت ۔ ذہنیت ۔ خصلت ۔ خو ۔ اچھا ۔ نیک کردار ۔ خوش اخلاق ۔ اخلاق ۔ پر از حکمت ۔ مہذب ۔ شائستہ ۔ خیر و شر میں امتیاز کرنے والا ۔ اخلاق قانون پر مبنی (جمع) چال چلن ۔ عادات و اطوار ۔ اخلاق حالت ۔

Morally *adj.* اخلاقی طور پر - از روئے اخلاق -

Morale (mor-āl) *n.* Moral condition - اخلاقی حالت - عام انسانوں یا فوج کی اخلاقی حالت جس سے ضبط نفس، استقلال اور تکلیف برداشت کرنے کی طاقت کا اندازہ کیا جاتا ہے -

Moralism (mor-al-izm) *n.* Natural system of morality - اخلاقیات کا فطری نظام - اخلاقیاتی حس - مذہب اخلاقی حیثیت سے -

Moralist (mor-al-ist) *n.* One who practises or teaches morality - معلم اخلاق - اخلاقیات کا معتقد - وہ جو اخلاقیات ہی کو انسانی اعمال کا معیار سمجھتا ہو اور مذہب کا قائل نہ ہو -

Morality (mor-al-iti) *n.* Moral principles ضابطہ اخلاق - اصول اخلاقیات - اخلاقی عمل - اخلاقی عقاید - اخلاقی تلقین - اخلاقی یا مذہبی ناٹک -

Moralize (mor-al-īz) *v. i. & t.* Indulge in moral talk اخلاقی وعظ کہنا - ناصحانہ گفتگو کرنا - اخلاق تلقین کرنا - اخلاق سنوارنا - اچھے اخلاق پیدا کرنا -

Moralization *n.* - اصلاح اخلاق - تہذیب عادات و اطوار - تہذیب اخلاق -

Morass (mo-ras) *n.* Marsh, bog - دلدلی زمین - دھنسن - دلدل -

Moratorium (mor-ə-tor-i-əm) *n.* Legal authorisation to debtors to stop payment ادائگی قرض کا التوا - سرکاری حکم سے ادائگی کا التوا - بنکوں سے روپیہ نکالنے کی ممانعت -

Morbid (mor-bid) *adj.* Unwholesome, sickly فاسد - بگڑا ہوا بیمار کی مانند - افسردہ طبع - افسردہ خیال - مریضانہ جذبات رکھنے والا -

Morbidity (mor-bid-iti) *n.* Prevalence of disease فساد - بیماری - مرض - وبا - بگاڑ - سقم - حالت مرض - مریضانہ جذبات - شدت جذبات -

Morbific (mor-bi-fik) *adj.* Causing disease مرض پیدا کرنے والا - فاسد - مرض خیز -

Mordant (mor-dənt) *adj. & n.* Smarting, biting نشترسا - چبھتا ہوا - چرکا دینے والا - جلن پیدا کرنے والا - تیز - طلائی ورق کو جمانے والا مادہ -

Mordacious *adj.* نشتر آسا - کاٹنے والا - چبھتا ہوا -

More (mōr) *adj. & adv.* In greater quantity or amount افزوں - زیادہ - اور زیادہ - بیشتر - اکثر - زیادہ مقدار میں - پھر -

Never more پھر کبھی نہیں - اب کبھی نہیں -

Moreen (mo-rēn) *n.* Stout cotton and woollen material for curtains دبیز اونی ، سوتی کپڑا پردوں کے لیے -

Moreover (mōr-ō-vər) *adv.* Further, besides سوا - اس کے سوا - مزید بر آں - اس پر بھی - بلکہ -

Morganatic (mor-gən-at-ik) *adj.* Marriage between man of high rank and woman of low rank بڑے درجے کے مرد کی چھوٹے درجے کی عورت سے شادی -

Morgue (mor-g) *n.* Building in which dead bodies are exposed for identification مردہ گھر - مکان جہاں مردوں کی لاشیں شناخت کے لیے رکھی جاتی ہیں -

Moribund (mor-i-bund) *adj.* At the point of death جان بلب - قریب المرگ - مرنے والا -

Morion (mor-i-ən) *n.* Helmet without visor ایک طرح کا خود جس میں جھلم نہ ہو -

Morning-Morn (morn-ing) *n.* Early part of day time تڑکا - صبح - فجر - سویرا - سحر - صبح کا وقت - دوپہر تک کا وقت - طلوع آفتاب - نور کا تڑکا -

Morocco (mə rok-ō) *n.* Leather made in Morocco مراکو کا چمڑا - ایک قسم کا دانے دار چمڑا -

Morose (mə-rōs) *adj.* Gloomy, unsocial - زود رنج ترش رو - بد خو - روکھا - اکل کھرا - لوگوں سے دور رہنے والا -

Moroseness *n.* بدخوئی - رکھائی - بے مروتی - ترش مزاجی -

Morpheus (mor-fūs) *n.* God of dreams and sleep نیند اور خوابوں کا دیوتا یا دیوی -

In the arms of Morpheus نیند میں - سویا ہوا -

Morphia (mor-fi-ā) *n.* Medicine made from opium which alleviates pain افیونی دوا - افیون کا ست جس سے درد میں سکون ملتا ہے اور نیند آ جاتی ہے -

Morrow (mor-ō) n. The following day - آنے والا دن - فردا - کل - اگلا دن -

Morse (mors) n. Walrus - دریائی گھوڑا - والرس - مورس کی پیام رسانی کا خفیہ طریقہ - جڑاؤ بکس - بکلوس -

Morsel (mor-səl) n. Mouthful food - نوالہ - لقمہ - ایک بار منہ میں رکھنے کا کھانا -

Mortal (mor-tl) adj. & n. Subject to death, causing death فانی - حادث - مرنے والا - فنا پذیر - جانستان - مہلک - قاتل - کاری - شدید - گھمسان کا رن - لڑائی - موت کا - نزع کا - دم واپسیں (بول چال) بے حد - طویل اور اکتا دینے والا - فانی انسان - بشر -

Mortality (mor-tə-liti) n. Mortal nature, death rate - فنا پذیری - فانی ہونا - موت - شرح اموات - اتلاف جان - بشریت -

Mortar (mor-tər) n. Vessel of hard material اوکھلی - ہون - ہاون - کونڈی - کھرل - چھوٹی توپ - آتش بازی کے گولے پھینکنے کی توپ - گارا - چونے کا مسالہ - گارے کا پلاستر کرنا - گارے یا مسالے سے جوڑنا -

Mortgage (mor-gij) n. Property as security for debt قرض کی ضمانت کی چیز - کفالت - رہن - رہن نامہ - گرو -

Mortgage (mor-gij) v.t. Make over property by mortgage کفالت میں دینا - گرو کرنا - گروی رکھنا - رہن رکھنا - مکفول کرنا -

Mortify (mor-ti-fī) v.t. & i. Bring into subjection by self denial نفس کشی کرنا - عضو کو بیکار کر دینا - من مارنا - ریاضت کرنا - ریاضت سے قابو میں کرنا - نیچا دکھانا - ذلیل کرنا - خاک میں ملانا - جذبات کو مجروح کرنا -

Mortifying adj. موجب شرم - باعث تکلیف - سوہان روح -

Mortification n. - کسی عضو کا بیکار ہو جانا - زہد - ریاضت - افسردگی - کوفت - نا امیدی -

Mortmain (mort-man) n. Lands held by ecclesiastical corporation - ناقابل انتقال جائیداد - انعامی یا وقف شدہ جائیداد - مشروط الخدمت جائیداد -

Mortuary (mort-u-ə-ri) adj. & n. Of death or burial موت کے متعلق - نعش گھر - گورستان - قبرستان - دفن سے پہلے مردے کو نعش گھر میں رکھتے ہیں - نعش خانہ -

Mosaic (mo-za-ik) adj. Of Moses حضرت موسیٰ علیہ السلام کا - موسوی -

Mosaic (mo-za-ik) adv., n. & v.t. Of glass or stone - پچی کاری کا - نگینوں کا - جڑاؤ - پچی کاری - پچی کاری کرنا - نگینے جڑنا - رنگ برنگ مرقع تیار کرنا -

Moses (mo-zes) n. Jew money-lender (عرف) یہودی ساہوکار -

Moslem-Muslim (moz-ləm) n. Follower of Islam مسلمان - مسلم -

Mosque (mosk) n. Place of Muslim worship عبادت گاہ - مسجد -

Mosquito (mos-ki-to) n. Kinds of knat - مچھر -

Mosquito-net مسہری کی جالی - مچھر دانی -

Moss (mos) n. & v.t. Kinds of herbaceous plant کائی - سواء - دلدل - کائی اگانا یا اگنا - کائی یا سواء سے بھرنا -

Mossy adj. کائی سے ڈھکا ہوا - کائی لگا ہوا -

Most (most) adv. & adj. Superlative - بہت زیادہ سب سے زیادہ - سب سے اوپر - سب سے بڑھ کر - نہایت - غائت درجہ -

Make the most of it بڑھا چڑھا کر دکھانا - کسی موقع یا چیز سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانا -

Mostly adv. عموماً - اکثر - زیادہ تر - بیشتر -

Mote (mōt) n. Particle of dust - مٹی کا ذرہ - ریزہ - تنکا - داغ - خاک کا ذرہ -

Moth (moth) n. Small nocturnal insects breeding on cloth پروانہ - پتنگا - کپڑے چاٹنے والا کیڑا -

Mother (mudh-ər) n. Female parent ماں - اماں - والدہ - مادر - جڑ - اصل - بانی - منبع - سر چشمہ - بڑی بی -

Motherhood n. ماں پنا - ماں بننا - مادریت -

Motherlike adj. - ماں جیسی - محبت سے - خلوص سے - مادرانہ -

Mother (mudh-ər) *v.t.* Give birth to, protect جننا ۔ ماں بننا ۔ حفاظت کرنا ۔ گود لینا ۔ متبنیٰ کرنا ۔ ماں کی طرح پالنا ۔ مادرانہ محبت سے پیش آنا ۔

Motherly (mu-dhər-li) *adj.* Showing qualities of a mother شفیق ۔ مہربان ۔ مادرانہ ۔ ماں جیسا ۔ ماں کی طرح ۔ ماں کی صفات کا ۔

Motif (mo-tef) *n.* Dominating idea (صناع یا مصور کا) اصل خیال ۔ تصور ۔ مقصد ۔ اصل مقصد جسے مصور ظاہر کرنا چاہتا ہے ۔ اصل مقصود یا مدعا ۔ لباس کی سنہری جھالر یا چنت ۔

Motion (mō-shən) *n.* Moving, change of posture حرکت ۔ جنبش ۔ چال ۔ رفتار ۔ گردش ۔ چلنے کا انداز ۔ تجویز ۔ تحریک ۔ التماس ۔ درخواست ۔ استدعا ۔ حرکت ۔ اشارہ ۔ متحرک چیز ۔ متحرک مشین ۔

Motional *adj.* - حرکت کے متعلق ۔ حرکت کا ۔ متحرک

Motion (mō-shən) *v.t.* & *i.* Direct person towards اشارہ کرنا ۔ اشارے سے ہدایت دینا ۔ رہنمائی کرنا ۔ اشارے سے حکم دینا ۔

Motive (mō-tiv) *n.* Moving or impelling power حرکت دینے والا۔ حرکت دینے والی قوت ۔ وجہ تحریک۔ سبب حرکت ۔ نیت ۔ منشا ۔ مقصد ۔ فرض ۔

Motivity *n.* تحریک ۔ قوت محرکہ ۔

Motley (mōt-li) *adj.* & *n.* Of varied character رنگا رنگ ۔ بوقلموں ۔ گونا گوں ۔ مختلف قماش کے ۔ معجون مرکب ۔ مسخرے کا رنگ برنگ لباس ۔

Motor (mō-tər) *n., adj., v.t.* & *i.* What imparts motion حرکت دینے والی (کل) متحرک ۔ محرک ۔ موٹر ۔ انجن ۔ مشین ۔ حرکی اعصاب ۔ موٹر چلانا ۔ حرکت پیدا کرنا ۔ موٹر میں سفر کرنا ۔ جانا یا لے جانا ۔

Motorist *n.* موٹر میں بیٹھنے والا ۔ موٹر چلانے والا ۔

Mottle (mot-l) *n.* & *v.t.* Arrangement of spots داغ ۔ دھبہ ۔ رنگ کا دھبہ ۔ رنگ کی بندکیاں ڈالنا ۔ بچرنگی اون سے بننا ۔

Motto (mōt-ō) *n.* Maxim, sentence inscribed on an object کتبہ ۔ مقولہ ۔ کہاوت ۔ قول ۔ دستورالعمل ۔ گانے کا وہ بول جو بار بار دہرایا جائے ۔ مقولہ جو عنوان کے طور پر لکھا جائے ۔ کسی لوح کا کتبہ ۔

Mould (mōld) *n.* Pattern, templet used by bricklayers نرم مٹی ۔ قالب ۔ سانچہ ۔ کائی ۔ پھپھوندی ۔ اسباب ۔ سامان ۔ مسالہ ۔

Mould (mōld) *n.* Form, shape ۔ سانچہ ۔ نقشہ ۔ ڈھانچہ ۔ صورت ۔ وضع ۔ ڈھنگ ۔ دیوار کی کانس یا لکڑی کا آرائشی حاشیہ ۔

Mould (mōld) *v.t.* Produce in certain shape بنانا ۔ سنوارنا ۔ سانچہ میں ڈھالنا ۔ نقش و نگار بنانا ۔ خاص صورت یا روپ دینا ۔ گھڑنا ۔ تیار کرنا ۔ کسی نمونہ پر ڈھالنا ۔ نان پاؤ یا چپاتی کی لوئی بنانا ۔

Moulder (mōl-d-ər) *n.* & *v.i.* One who moulds ڈھالنے والا ۔ سانچے بنانے والا ۔ خاک ہونا ۔ فنا ہونا ۔ ریزہ ریزہ ہونا ۔ گھل کر مٹی ہوجانا ۔ برباد ہو جانا ۔

Observation (ob-zər-va-shən) *n.* Faculty of taking notice مشاہدہ ۔ توجہ ۔ دھیان ۔ ملاحظہ ۔ باریک بینی ۔ علمی مشاہدہ ۔ قول ۔ رائے ۔ دشمن کی نوجی نقل و حرکت کا مشاہدہ ۔ ستارہ بینی ۔ رویت ۔

Observational *adj.* معائنہ ۔ ملاحظہ تحقیق کے بارے میں ۔ مشاہدہ کے متعلق ۔

Observatory (ob-zər-va-təri) *n.* Building whence astronomical phenomena may be observed رصد گاہ جہاں سے اجرام فلکی کا مشاہدہ کیا جا سکے ۔

Observe (ob-zərv) *v.t.* & *i.* Keep, follow, adhere to دیکھنا ۔ غور کرنا ۔ معلوم کرنا ۔ مشاہدہ کرنا ۔ پاس کرنا ۔ دل داری کرنا ۔ فرماں برداری کرنا ۔ کہنا ۔ بیان کرنا ۔ فرمانا ۔ اظہار رائے کرنا ۔ راضی ہونا ۔ رضامند ہونا ۔

The observed of all observers صانع قدرت ۔ تماشائے عالم ۔ جس پر سب کی نظر ہو ۔

Observer (ob-zər-vər) *n.* One who observes اہل نظر ۔ غور سے مشاہدہ کرنے والا ۔ پابندی کرنے والا ۔ طیارے سے دشمن کی نقل و حرکت کا مشاہدہ کرنے والا ۔

Obsess (ob-ses) *v.t.* Fill mind of, haunt وہم و خیال کا مسلط ہو جانا ۔ برے خیالات کا دل پر چھا جانا ۔ وہم کا دل میں بس جانا ۔ کسی خیال سے بیقرار ہونا ۔

Obsession *n.* کسی وہم کا ذہن میں بس جانا ۔ وہم کا غلبہ ۔ خیالی خطرہ ۔ وہمی دہشت ۔

Obsidional (ob-sid-i-ən-əl) *adj.* Pertaining to a seige محاصرہ کے متعلق ۔

Obsolescent (ob-sə-les-ənt) *adj.* Going out of use متروک ہونے والا ۔ غیر مستعمل ۔ متروک الاستعمال ۔

Obsolescence *n.* غیر مستعمل ہونا ۔ متروک یا معدوم ہونا ۔

Obsolete (ob-sə-let) *adj.* & *n.* Disused, discarded متروک ۔ منسوخ ۔ فرسودہ ۔ دقیانوسی ۔ ناقص ۔ فرسودہ چیز ۔ دقیانوسی آدمی ۔

Obsoleteness *n.* غیر مستعمل ہونا ۔ متروک ہونا ۔ فرسودگی ۔

Obsoletism *n.* قدیم رسم و رواج کی حمایت ۔ دقیانوسیت ۔ متروکیت ۔

Obstacle (ob-stə-kl) *n.* Hindrance روک ۔ آڑ ۔ اٹکاؤ ۔ اڑچن ۔ مزاحمت ۔ مخالفت ۔ مشکل ۔

Obstetric-al (ob-stet-rik) *adj.* Of midwifery دایہ گیری کے بابت ۔ وضع حمل کے متعلق ۔

Obstetrician *n.* وضع حمل کا ماہر طبیب ۔

Obstetrics *n.* دایہ گری ۔ وضع حمل کا علم ۔

Obstetrix زچگی کرانے والی ۔ دائی ۔

Obstinate (ob-sti-nat) *adj.* Stubborn ضدی ۔ ہٹیلا ۔ خود رائے ۔ سرکش ۔ متمرد ۔ کج بحث ۔ مزمن ۔ کہنہ ۔ پرانا ۔ مرض جو اچھا نہ ہو سکے ۔

Obstinacy *n.* مرض کا پرانا ہونا ۔ خود رائی ۔ ضد ۔ تمرد ۔ سرکشی ۔

Obstipation (ob-sti-pa-shən) *n.* Extreme constipation سخت قبض ۔

Obstreperous (obs-tri-pə-rəs) *adj.* Noisy غوغائی ۔ شور و غل مچانے والا ۔ فسادی ۔ جھگڑالو ۔

Obstreperousness *n.* Obligation شرط ۔ عہد ۔ پابندی ۔ واجبیت ۔

Obstruct (ob-strukt) *v.t.* & *i.* Block up, make difficult روکنا ۔ سد راہ ہونا ۔ بند کرنا ۔ مسدود کرنا ۔ رکاوٹ ڈالنا ۔ روڑے اٹکانا ۔ اڑنا ۔ خلل انداز ہونا ۔ مزاحمت کرنا ۔ خارج ہونا ۔ مخل ہونا ۔ چلتے کام میں روڑے اٹکانا ۔

Obstruction (ob-struk-shən) *n.* Blocking مزاحمت ۔ روک ۔ تعرض ۔ رکاوٹ ۔ سد راہ ہونا ۔ مسدود ہونا یا کرنا ۔ پارلیمنٹ میں دیر تک تقریر کرکے کسی قانون کے پاس ہونے میں مزاحم ہونا ۔

Obstructionism *n.* ایوان کی کاروائیوں میں مزاحمت کرنے کا طریقہ ۔

Obstructionist *n.* ایوان کی کاروائی میں مزاحمت کرنے والا ۔

Obstructive (ob-struk-tiv) *adj.* & *n.* Causing obstruction مزاحم ۔ حائل ۔ مانع ۔ ہارج ۔ متعرض ۔ رکاوٹ کھڑی کرنے والا ۔ مزاحمانہ ۔

Obstructiveness *n.* روک ۔ مزاحمت ۔ خلل اندازی ۔

Obstruent (ob-stroo-ənt) *adj.* Creating obstruction سد راہ ۔ مزاحم ۔ مانع ۔

Obtain (ob-tān) *v.t.* & *i.* Acquire حاصل کرنا ۔ پانا ۔ مہیا کرنا ۔ بہم پہنچانا ۔ مروج ہونا ۔ رواج پکڑنا ۔ جاری کرنا ۔ جڑ پکڑنا ۔ پھیلنا ۔ عام ہونا ۔

Obtainable *adj.* یافتنی ۔ قابل دستیابی ۔ قابل حصول ۔

Obtainment *n.* یافت ۔ حصول ۔

Obtest (ob-test) *v.t.* & *i.* Call to witness, protest التجا کرنا ۔ التماس کرنا ۔ فریاد کرنا ۔ دہائی دینا ۔ صدائے احتجاج بلند کرنا ۔

Obtestation *n.* فریاد ۔ احتجاج ۔ منت سماجت ۔

Obtrude (ob-trōōd) *v.t.* Thrust forward مخل صحبت ہونا ۔ کسی کی صحبت میں زبردستی داخل ہونا ۔ خواہ مخواہ دخل دینا ۔ بن بلائے چلے آنا ۔

Obtrusion *n.* زبردستی گھسنا ۔ مداخلت بیجا ۔

Obtrusive *adj.* بلا وجہ مخاطب کرنے والا ۔ مخل صحبت ۔ زبردستی دخل دینے والا ۔

Obtrusiveness *n.* خواہ مخواہ دخل دینے کی لت ۔ مخل صحبت ہونے کی عادت ۔

Obtruncate (ob-trung-kāt) *v.t.* Cut off head سر قلم کرنا ۔ درخت کو قلم کرنا ۔ سر یا شاخیں تراشنا ۔ چوٹی کاٹنا ۔

Obtund (ob-tund) *v.t.* Blunt, deaden کند کرنا ۔ سست کر دینا ۔ سن کرنا ۔ ماؤف کرنا ۔ بے حس کرنا ۔

Obturate (ob-tū-rāt) *v.t.* Stop up, close, seal بند کرنا ۔ مسدود کرنا ۔ مہر لگانا ۔ روکنا ۔ بند کے پچھلے شگاف کو بند کرنا ۔ دھیا کرنا ۔ نرم کرنا ۔

Obtuse (ob-tus) *adj.* Of blunt form بے نوک ۔ کند ۔ چپٹا ۔ بھدا ۔ سست ۔ کودن ۔ بے وقوف ۔ غبی ۔ وہ زاویہ جو نو درجہ سے زیادہ ہو ۔

Obtuseness *n.* سستی ۔ بھدا پن ۔ کاہلی ۔ کند ذہنی ۔

Obtusion *n.* کند ہونا ۔ بھدا پن ۔

Obverse (ob-vers) *adj.* & *n.* Narrower at base than at apex اوپر سے چوڑا نیچے سے تنگ ۔ سکے کا چہرے والا رخ ۔ معکوس ۔ بالمقابل ۔ مقابل کا ۔

Obvert (ob-vert) *v.t.* Infer another proposition by contradictory predicate الٹ دینا ۔ اوندھا کر دینا ۔ کسی جملہ میں متضاد فعل لا کر معنی بدل دینا ۔ پھیر دینا ۔ معکوس کر دینا ۔

Obviate (ob-vi-at) *v.t.* Clear away, get rid of باز رکھنا ۔ مانع ہونا ۔ ہٹانا ۔ دور کرنا ۔ دفع کرنا ۔ راستے سے ہٹانا ۔ توڑ کرنا ۔ تدارک کرنا ۔

Obvious (ob-vi-əs) *adj.* Open to eye or mind ظاہر ۔ عیاں ۔ آشکارا ۔ واضح ۔ صاف ۔ کھلا ہوا ۔ صریح ۔

Obviousness *n.* واضح ہونا ۔ کھلا ہوا ہونا ۔ صفائی ۔ وضاحت ۔ صراحت ۔

Ocarina (ok-ə-rī-nā) *n.* Small egg-shaped musical instrument ایک قسم کا بیضوی باجا ۔

Occasion (o-ka-zhən) *n.* & *v.t.* Opportunity, favourable situation or time

Rise to the occasion وقت پر مشکلات کا مقابلہ کرنا ۔ مناسب وقت پر ہمت دکھانا ۔

Occasional (o-ka-zhən-əl) *adj.* Coming now and then کبھی کبھی کا ۔ اتفاق ۔ حسب موقعہ ۔ عارضی ۔ خاص موقعہ کا ۔ خاص تقریب کا ۔ خاص وقت کا ۔

Occasionally *adv.* خاص موقعہ پر ۔ گاہے گاہے ۔ کبھی کبھی ۔

Occasionality *n.* اتفاق طور پر واقع ہونا ۔ کبھی کبھی ہونا ۔ حسب موقع ہونا ۔

Take occasion موقع کو جانے نہ دینا ۔

Occasionalism (o-ka-zhən-əl-izm) *n.* Doctrine of the Will of God یہ نظریہ کہ اسباب و علل کے ظاہری تعلق میں مشیت الٰہی کار فرما ہے ۔ اسباب وعلل بہ یک وقت اللہ کی قدرت سے ظاہر ہوتے ہیں یعنی مسبب الاسباب ذات الوہیت ہے ۔ تجدد امثال ۔

Occasionalist (o-ka-zhən-a-list) *n.* One who believes in the Supreme Will of God مشیت الٰہی کا قائل ۔ خدا کو فاعل مطلق ماننے والا ۔

Occident (ok-si-dənt) *n.* The west پچھم ۔ مغرب ۔ مغربی یورپ ۔ مغربی ممالک ۔ مغربی تہذیب ۔

Occidental *adj.* مغربی تہذیب کا ۔ یورپی ۔ مغربی ۔

Occidentalize *v.t.* مغربی تہذیب کا سراہنا ۔ مغربی خیالات کا پرچار کرنا ۔ مغربی تہذیب میں رنگنا ۔

Occidentalism *n.* مغربی تہذیب کی پیروی ۔ مغربیت

Occiput (ok-si-put) *n.* Back of head ۔ پشت سر ۔ گدی ۔ تتا ۔ سر کا پچھلا حصہ ۔

Occlude (o-klōōd) *v.t.* Stop, close, ۔ بند کرنا ۔ روکنا ۔ (گیسوں کا) جذب کرنا ۔

Occlusion *n.* ۔ جذب کرنا یا ہونا ۔ روک دینا ۔ بند کرنا ۔

Occult (ok-ult) *adj.* Kept secret, esoteric ۔ نہاں ۔ مخفی ۔ پوشیدہ ۔ پر اسرار ۔ باطنی علوم کے متعلق ۔ جادو ، کیمیا اور نجوم کے متعلق ۔

Occultness *n.* ۔ پر اسرار حقیقت ۔ بعیدالفہم ہونا ۔ اخفا ۔ باطنیت ۔ پوشیدگی ۔

Occultism *n.* پر اسرار چیزوں پر یقین کرنا ۔ باطنیت کا قائل ہونا ۔ نجوم پر ایمان ۔ سحر پرستی ۔

Occult sciences *n.* پر اسرار علوم ۔ علوم باطنی ۔

Occult (ok-ult) *v.t.* & *i.* Conceal, cut off from view ۔ (ہیئت) ایک جرم فلکی کا دوسرے کو چھپا لینا ۔ محجوب ہونا ۔ محجوب کرنا ۔ پوشیدہ کرنا ۔ چھپانا ۔

Occultation (ok-ult-a-shən) *n.* Secrecy ۔ حجاب ۔ پوشیدگی ۔ اخفا ۔

Occupant (o-ku-pənt) *n.* Person holding property قابض ۔ متصرف ۔ مکین ۔ دخیل ۔ غیر کی جائداد پر قبضہ کرکے حق ملکیت قائم کرنے والا ۔ قبضہ ناجائز کی بنا پر ملکیت کا دعویٰ کرنے والا ۔

Occupation (o-ku-pə-shən) *n.* Taking or holding possession قبضہ ۔ دخل ۔ تصرف ۔ پٹہ داری ۔ فوجی قبضہ ۔ کام ۔ پیشہ ۔ کاروبار ۔ روز گار ۔

Occupy (ok-u-pī) *v.t.* Take possession of ۔ قبضہ کرنا ۔ قبضہ میں لینا ۔ کسی مکان میں رہائش کرنا ۔ پٹہ دار ہونا ۔ اجارہ دار ہونا ۔ دبا بیٹھنا ۔ ہتھیانا ۔ سکونت رکھنا ۔ رہنا ۔ مشغول رکھنا ۔ مصروف رکھنا ۔

Occupier (ok-u-pī-ər) *n.* Person in possession قابض شخص ۔ متصرف شخص ۔

Occur (o-kur) *v.i.* Be found, happen ۔ واقع ہونا ۔ سرزد ہونا ۔ حادث ہونا ۔ پیش آنا ۔ دل میں آنا ۔ خیال آنا ۔ یاد آنا ۔ سوجھ جانا ۔

Occurrence (o-kur-əns) *n.* Happening ۔ واقعہ ۔ حادثہ ۔ ماجرا ۔ سانحہ ۔ اتفاق ۔ موقع ۔ واقع ہونا ۔

Ocean (ō-shən) *n.* Great body or expanse of water بحر محیط ۔ سمندر ۔ بحر اعظم ۔ پانی کا وسیع حصہ ۔ بحر ذخار ۔ مہا ساگر ۔

Oceanic (ō-shən-ik) *adj.* Of, like ocean ۔ بحری ۔ سمندری ۔ سمندر جیسا ۔

Oceanid (ō-shən-id) *n.* Ocean nymph (یونانی دیو مالا) بنت البحر ۔ سمندری پری ۔

Ocellate (ō-si-lāt) *adj.* Surrounded by ring of colour آنکھ سا ۔ دھبہ دار ۔ ایک نقطہ کے اطراف دوسرا حلقہ زن (رنگ) ۔

Ocelot (ō-si-lot) *n.* Animal of cat tribe in south and central America ۔ بلی کی قسم کا ایک جانور ۔ جو وسطی اور جنوبی امریکہ میں پایا جاتا ہے ۔

Ochlocracy (ok-lok-rə-si) *n.* Mob rule ۔ انبوہ گردی ۔ عامیانہ حکومت ۔ حکومت انبوہ ۔

Ochre (o-kər) *n.* Kinds of native earth used as pigments گیرو ، پیلی یا سرخ رنگ کی مٹی جس میں لوہے کا جز ہوتا ہے ۔ ہلکا بادامی رنگ ۔

Octachord (ok-tə-kord) *adj.* & *n.* Eight stringed آٹھ تاروں کا ۔ آٹھ تاروں کا باجا ۔ آٹھ سروں کا سلسلہ ۔

Octad (ok-tad) *n.* Group of eight آٹھ چیزوں کا مجموعہ ۔

Octagon (ok-tə-gon) *adj.* & *n.* Plane figure with eight angles ہشت پہلو ۔ آٹھ کونیا ۔ مثمن ۔ ہشت اضلاع یا زاویوں کی شکل ۔ ہشت پہل ۔

Octahedron (ok-tə-hē-dron) *n.* Solid figure with eight plane faces آٹھ رخوں کی ٹھوس شکل ۔ آٹھ مساوی سطحوں کا مجسمہ ۔ مثمن مجسم ۔

Octangular (ok-tang-gu-lər) *adj.* Of eight angles ہشت زاویہ ۔

Octant (ok-tənt) *n.* Arc of circle, one eight of cercumference ۔ پورے دائرے کا آٹھواں حصہ ۔ ثمن ۔ قوس دائرہ جو محیط کا ⅛ ہو ۔

Octarchy (ok-tər-ki) *n.* Aggregate of eight petty kingdoms آٹھ چھوٹی حکومتوں کا مجموعہ ۔

Octastyle (ok-tə-stīl) *n.* Building with eight columns آٹھ ستونی عمارت ۔ وہ عمارت جس میں کونے پر یا سامنے آٹھ ستون ہوں ۔

Octateuch (ok-tə-teuk) *n.* First eight books of O.T. توریت کی پہلی آٹھ کتابیں ۔

Octave (ok-tiv) *n.* The day week of a festival کسی مذہبی تقریب کا آٹھواں دن ۔ کسی تقریب کے بعد کا ہفتہ ۔ آٹھ مصرعوں کا ٹکڑا ۔ مثمن ۔ آٹھ چیزوں کا مجموعہ ۔

Octavo (ok-tā-vō) *n.* Size of eight leaves فل اسکیپ صفحے کی ⅛ تقطیع ۔ ہشت ورق ۔ ایک تختے میں آٹھ ورق ۔ اس تقطیع کی کتاب ۔

Octennial (ok-ten-yəl) *adj.* Recurring every eighth year ہشت سالہ ۔ آٹھ سال کا ۔ آٹھ سال کے بعد واقع ہونے والا ۔

Octet (ok-tet) *n.* Group of eight lines آٹھ مصرعوں کا مجموعہ ۔ آٹھ گویوں کا گانا ۔

Octillion (ok-til-yən) *n.* Eighth power of million (I followed by 48 ciphers) وہ عدد جس میں ایک کے ہندسے کے بعد اڑتالیس صفر ہوں ۔

Octingentenary (ok-tin-jent-e-nə-ri) *n.* 800th anniversary آٹھ سویں سالگرہ ۔

October (ok-tō-bər) *n.* Tenth month سال کا دسواں مہینہ ۔ اکتوبر ۔

Octocentenary (ok-to-sen-tin-ə-ri) *n.* 800th anniversary آٹھ سویں سالگرہ ۔

Octodecimo (ok-tō-dis-i-mō) *n.* Size of page given by folding a sheet into 18 leaves ایک فل اسکیپ صفحہ کے ۱/۱۸ حصہ کی تقطیع ۔ اس تقطیع کی کتاب ۔

Octogenarian (ok-to-ji-na-ri-ən) *adj.* & *n.* Of eighty to ninety years اسی برس کا انسان ۔ اسی سے نوے سال کا ۔

Octonal (ok-to-nəl) *adj.* Proceeding eights آٹھ آٹھ کا ۔ ثمانی ۔

Octonarian (ok-tō-nə-ri-ən) *adj.* & *n.* Eight foot line ہشت رکنی مصرع ۔

Octonary (oc-tə-ne-ri) *n.* Eight lines stanza آٹھ مصرعوں کی نظم ۔ مثمن ۔

Octonocular (ok-tō-nok-ū-lər) *adj.* Of eight eyes ہشت چشم ۔ آٹھ آنکھوں والا ۔

Octopus (ok-tō-pəs) *n.* Animal with eight arms ہشت پا صدفہ ۔ ایک سمندری کیکڑا جس کے آٹھ ہاتھ ہوتے ہیں ۔ آٹھ زہریلے ڈنک والا صدفہ ۔ ایک ظالمانہ منظم قوت جس کا اثر عالمگیر ہو ۔

Octoroon (ok-tə-rōōn) *n.* Person of one-eighth negro blood وہ شخص جس میں آٹھواں حصہ حبشی خون کا ہو ۔

Octosyllable (ok-to-sil-əbl) *n.* Word of eight syllables آٹھ رکنی نظم ۔ آٹھ بول کا لفظ ۔

Octroi (ok-trwa) *n.* Duty levied in some countries محصول اجناس ۔ محصول چنگی ۔ چنگی ناکے کا رکن ۔

Octuple (ok-tū-pl) *adj.*, *n.* & *v.t.* Eightfold آٹھ گنا ۔ آٹھ گنا حصہ ۔ آٹھ سے ضرب دینا ۔

Ocular (ok-ū-lər) *adj.* & *n.* Visual آنکھوں دیکھا ۔ چشم دید ۔ بصری ۔ نظری ۔ دوربین کا شیشہ ۔

Ocularist (ok-u-lər-ist) *n.* Maker of artificial eyes مصنوعی آنکھ بنانے والا ۔

Oculist (ok-u-list) *n.* Specialist in eye diseases امراض چشم کا ماہر ۔ معالج چشم ۔ آنکھوں کا علاج کرنے والا ۔

Od (od) *n.* Power assumed to pervade nature ایک مفروضہ قوت جو مقناطیسی عمل کی بنیاد قرار دی گئی ہے ۔

Odd (od) *adj.* & *n.* Left over when the rest having been divided باقی ۔ بچا ہوا ۔ تقسیم کے بعد بچا ہوا ۔ طاق ۔ فرد ۔ اکیلا ۔ نرالا ۔ فالتو ۔ پھٹیل ۔ شمار سے زائد ۔ بے جوڑ ۔ بے میل ۔ گولف کے رعائتی نمبر جو کمزور کھلاڑی کو ملتے ہیں ۔

The odd man تین شخصوں میں بذریعہ قرعہ اندازی انتخاب کرنا ۔ جن دو کے سکے یکساں ہوں ان کو الگ اور تیسرے کو دونوں سے الگ کر دیا جاتا ہے ۔ وہ پھٹیل آدمی کہلاتا ہے ۔

Oddish *adj.* بے میل ۔ عجیب سا ۔ انوکھا سا ۔

Oddly *adv.* عجیب انداز سے ۔ عجیب طرح سے ۔ نرالے ڈھنگ سے ۔

Oddness *n.* انوکھا پن ۔ نرالا پن ۔

Oddity (od-i-ti) *n.* Strangeness انوکھا آدمی ۔ انوکھی چیز ۔ عجوبہ ۔ انوکھا پن ۔ انوکھا واقعہ ۔ ندرت ۔

Oddments (od-mənts) *n. & pl.* Odds and ends بچی کھچی چیزیں ۔ متفرق چیزیں ۔

Odds (ods) *n. & pl.* Difference, variance, balance of advantage فرق ۔ تفاوت ۔ عدم مساوات ۔ فساد ۔ دنگا ۔ جھکا ہوا پلہ ۔ غلبہ ۔ شرط کی ہار جیت کی نسبت ۔ دونوں طرف کی بازیوں کی باہمی نسبت ۔ قوی امکان ۔ گمان غالب ۔

At odds برخلاف ۔

Be at odds with fate بد قسمت ہونا ۔ تقدیر سے ان بن ہونا ۔

Odds and ends متفرق چیزیں ۔ بچی کھچی چیزیں ۔

Take odds مثلاً ایک کو تین ۔ بھاؤ پر شرط لگانا ۔ بھاؤ قائم کرنا ۔

Ode (ōd) *n.* Poem usually sung in enthusiastic tone غزل ۔ قصیدہ ۔ جذباتی گیت ۔ غنائی نظم ۔ پر جوش نظم ۔

Odeum (ōdi-əm) *n.* Building for musical performances روم و یونان کا سرور خانہ ۔ کالا مندر ۔ جس جگہ گانے کی محفلیں ہوتی ہوں ۔

Odin (ō-din) *n.* Woden ایک بڑا دیوتا ۔

Odious (o-di-əs) *adj.* Repulsive مکروہ ۔ کریہہ ۔ معیوب ۔ برا ۔ ناگوار ۔ نفرت انگیز ۔

Odiousness *n.* قابل نفرت ہونا ۔ استکراہ ۔ کراہت ۔

Odium (ō-di-əm) *n.* General dislike عام تنفر ۔ لعنت ملامت ۔ نفرین خلائق ۔ کراہت ۔

Odoriferous (ō-do-ri-fe-rəs) *adj.* Fragrant خوشبودار ۔ معطر ۔ مہکتا ہوا ۔ معنبر ۔

Odorous (ō-do-rəs) *adj.* Sweet-scented خوشبودار ۔ عطر بیز ۔

Odour (o-dər) *n.* Pleasant or unpleasant smell بو ۔ باس ۔ بدبو ۔ خوش بو ۔ رنگ ۔ مہک ۔ شائبہ ۔

Odourless *adj.* نہ اچھی نہ بری ۔ بے بو ۔ بے باس ۔

Odyssey (od-is-i) *n.* One of two great Greek epics, series of wanderings ہومر کی مشہور رزمیہ نظم جس میں یولیسس کی جہاں گردی کی داستان ہے ۔ اس نظم کا کوئی باب ۔ طویل سفر جس میں بلاؤں سے دو چار ہونا پڑے ۔

Oecology (ok-e-lo-ji) *n.* Ecology دیکھو

Oedema (ē-dē-mā) *n.* Swollen state of tissue مرض جس میں رگوں میں پانی بھر جاتا ہے ۔ استسقائے وریدی ۔ رگوں کا سوج جانا ۔

Oedipus (ē-di-pəs) *n.* Solver of riddles معمے حل کرنے والا ۔ لال بجھکڑ ۔

Oesophagus (e-sof-ə-gəs) *n.* Gullet حلق سے معدے تک کی نالی ۔ نرخرا ۔ مری ۔

Oestrum (es-trəm) *n.* Gadfly, frenzy, sexual heat ایک بڑی قسم کا مچھر ۔ محرک ۔ مہیج ۔ جوش ۔ جنسی گرمی ۔ شدید خواہش ۔

Of (ov) *prep.* Connecting its object with preceding noun کا ۔ کے ۔ سے ۔ پر ۔ واسطے ۔ میں ۔ کو ۔ حق میں ۔ بابت ۔ باب میں ۔ اصل ۔ علت ۔ سبب ۔ تعلق ۔ اعتبار ۔ لحاظ ۔ رشتہ ۔ تصرف ۔

One of a thousand ہزاروں میں ایک ۔

Off (of) *adv., prep., adj., n. & v.t.* Away, at or to a distance جدا ۔ نکلا ہوا ۔ بڑھا ہوا ۔ دور ۔ فاصلے پر ۔ پرے ۔ سے ۔ علیحدہ ۔ الگ ۔ جدا ۔ غائب ۔ منقطع ۔ موقوف ۔ ختم ۔ مکمل ۔ پوری طرح ۔ بالکل ۔ خالی ۔ فرصت کا ۔ (کریکٹ) کھیلنے والے کے سامنے کی طرف ۔ (بول چال) ترک یا منسوخی کا اعلان کرنا ۔ معاملے کی بات چیت ختم کر دینا ۔ وعدہ فسخ کر دینا ۔

Off and on کبھی کبھی ۔

Off hand بے تکان ۔ سر سری ۔ بر وقت ۔ بر جستہ ۔ فی البدیہہ ۔

Off handed *adj.* بے لاگ ۔ کھرا ۔

Off set متوازی کرنا ۔ معاوضہ دینا ۔ عمود ۔

Be off چمپت ہونا ۔

Well off خوشحال ۔

Offal (of-l) *n.* Refuse, waste stuff نکما گوشت ۔ اوجھڑی ۔ چھیچھڑے ۔ سڑا ہوا یا مردار گوشت ۔ کم قیمت مچھلی ۔ فضلہ ۔ پھوک ۔ ریزے ۔ تلچھٹ ۔ میل کچیل ۔ چوکر ۔ بھوسی ۔

Offal milk ادنیٰ درجہ کا دودھ ۔

Offence (o-fens) *n.* Aggressive action ضرر ۔ آزار ۔ ایذا ۔ تکلیف ۔ دکھ ۔ ظلم ۔ آزردگی ۔ صدمہ ۔ رنج ۔ ملال ۔ جرم ۔ تقصیر ۔ بد عنوانی ۔ خلاف ورزی ۔ جارحانہ عمل ۔ وہ چیز جو عقیدے کی راہ میں حائل ہو ۔ سد راہ ۔

Offend (o-fend) *v.t.* Transgress, stumble morally بیزار کرنا ۔ ناراض کرنا ۔ دلگیر کرنا ۔ غصہ دلانا ۔ جذبات کو ٹھیس لگانا ۔ قانون کی خلاف ورزی کرنا ۔ بد عنوانی کرنا ۔

Offender *n.* بد عنوانی کا مرتکب ۔ قصور وار ۔ خطا وار ۔ گنہگار ۔

Offending *adj.* ناگوار ۔ خلاف قانون ۔ مجرمانہ ۔

Offensive (o-fəns-iv) *adj.* & *n.* Aggressive دل شکن ۔ توہین آمیز ۔ ناپسندیدہ ۔ نازیبا ۔ مکروہ ۔ زشت ۔ بد بو دار ۔ نفرت انگیز ۔ حملہ آور ۔ جارحانہ رویہ ۔ جارحانہ کاروائی ۔ حملہ ۔

Offensively *adv.* ناگوار طریقہ پر ۔ جارحانہ انداز سے ۔ توہین آمیز لہجے میں ۔

Offensiveness *n.* گستاخانہ انداز ۔ گستاخی ۔ توہین آمیزی ۔ برائی ۔ جارحانہ اقدام ۔

Offer (of-ər) *v.t.* & *i.* Present to a diety or revered person نذر کرنا ۔ پیش کرنا ۔ حاضر کرنا ۔ چڑھاوا چڑھانا ۔ نثار کرنا ۔ دعوت دینا ۔ شادی کی درخواست کرنا ۔ دشمن کو لڑائی کی دعوت دینا ۔ کسی کام کی آمادگی یا مستعدی کا اظہار کرنا ۔ ظاہر کرنا یا ہونا ۔ واقع ہونا ۔

Offering *n.* قربانی ۔ نذر ۔ چڑھاوا ۔

Offer (of-ər) *n.* Expression of readiness to do something پیشکش ۔ دعوت تجویز ۔ شادی کی درخواست ۔ نیلام کی بولی ۔

Offertory (of-ər-təri) *n.* Mass or communion at which alms are collected نماز یا دعا جس کے بعد خیراتی چندہ جمع کیا جاتا ہے ۔ چڑھاوے یا قربانی کی دعا ۔

Office (of-is) *n.* Kindness, attention, service اسامی ۔ عہدہ ۔ منصب ۔ کام یا خدمت ۔ کام ۔ رسمی خدمت ۔ وظیفہ ۔ دفتر ۔ محکمہ ۔ شعبہ ۔ کچہری ۔ کارخانہ ۔ کلیسائے انگلستان کی صبح و شام کی دعا ۔ نماز ۔ پوجا ۔ (جمع) گھر کا گودام ۔ باورچی خانہ ۔

Office-bearer عہدہ دار ۔

Officer (of-is-ər) *n.* & *v.t.* Holder of public or civil office افسر ۔ عہدہ دار ۔ مذہبی عہدہ دار ۔ اہل خدمت ۔ کسی انجمن کا عہدہ دار ۔ قانونی عہدہ دار ۔ سپاہی ۔ کانسٹیبل ۔ بری ، بحری یا ہوائی فوج کے افسر ۔ افسر مقرر کرنا ۔ کمان کرنا ۔ عہدہ دار ہونا ۔

Official (of-is-i-əl) *adj.* & *n.* Of an office, properly authorised عہدہ دار ۔ سرکاری ۔ ملازم سرکار ۔ سرکاری سررشتہ کا ۔ عہدہ یا خدمت کے متعلق ۔ عہدہ دارانہ ۔ با ضابطہ ۔ مستند ۔ اسقف اعظم ارچڈیکن کی عدالت کا حاکم ۔

Officialdom *n.* عہدہ داروں کی جماعت ۔ اہلکارانہ طرز و روش ۔ افسرانہ انداز ۔

Officialism *n.* سرکاری ضابطہ ۔ دفتریت ۔

Officially *adv.* قاعدے کے مطابق ۔ با ضابطہ ۔

Officiate (of-is-i-ət) *v.i.* Act in an official capacity قائم مقامی کرنا ۔ عوضی کرنا ۔ خدمت سر انجام دینا ۔ منصرمی کرنا ۔ پادری کی خدمت انجام دینا ۔ گرجے میں نماز پڑھانا ۔

Officinal (of-isi-nəl) *adj.* Of herbs or medicine بازاری دواؤں کے متعلق ۔ بازاری ۔ دوکانی ۔ سندی ۔ طب یا صنعت و حرفت میں استعمال ہونے والی دوائیں ۔

Officious (of-is-i-əs) *adj.* Offering service that is not required ہر بات میں پڑنے والا یا دخل دینے والا ۔ دخل در معقولات کرنے والا ۔ وہ شخص جو خواہ مخواہ کرنے پر آمادہ ہو ۔ مہربانی ۔ دوستانہ ۔ خلاف ضابطہ ۔

Officiously *adv.* خواہ مخواہ ۔ بے خدمتی سے ۔ افسرانہ انداز سے ۔

Officiousness *n.* ضرورت سے زیادہ مستعدی ۔ بے جا مداخلت ۔ خواہ مخواہ کی خدمت ۔

Offing (of-ing) *n.* Part of distant sea visible from shore سمندر کا وہ بعید حصہ جو ساحل سے نظر آتا ہے ۔ سمندر کا وہ حصہ جہاں پانی گہرا ہو ۔

Offish (of-ish) *adj.* Inclined to aloofness کم آمیز ۔ تنہائی پسند ۔ غیر مانوس ۔ لوگوں سے دور رہنے والا ۔ نا مانوس ۔

Offishness *n.* مردم بیزاری ۔ تنہائی پسندی ۔ خلوت پسندی ۔

Offscourings (of-skər-ings) *n.* Refuse, filth - فضلہ - غلاظت - کوڑا کرکٹ - تلچھٹ -

The offscourings of humanity - ادنیٰ خلائق - ذلیل ترین طبقہ -

Offset (of-set) *n.* Short side shoot, compensation پودا - شاخ - قلم - نونہال - اولاد - سلسلہ کوہ کی شاخ - ہرجانہ - معاوضہ - وہ رقم جس سے نقصان کی تلافی ہو - دیوار کا سلامی چھجا - پائپ کا موڑ - لیتھو کی چھپائی کا ایک طریقہ جس میں پتھر کی جگہ ربڑ کا تختہ استعمال کیا جاتا ہے -

Offshoot (of-shōot) *n.* Side shoot - شاخ - ٹہنی - وہ شاخ جو نیچے سے پھوٹے -

Offspring (of-spring) *n.* Progeny, result - نسل - اولاد - بال بچے - نتیجہ - انجام -

Oft (oft) *adv.* Often - اکثر - بارہا - کئی بار -

Often (of-n) *adv.* & *adj.* Many times - اکثر - اکثر اوقات - بارہا - بسا اوقات -

Ogee (ō-jē) *n.* Showing a double continuous curve آرائشی حاشیہ جو دہری موڑ کا ہو - نکیلی محراب جس کا ضلع دہرا منحنی ہو -

Ogive (ō-jiv) *n.* Pointed or Gothic arch نوک دار محراب - گوتھی محراب -

Ogle (ōgl) *n., v.t. & i.* Cast amorous glance نگاہ شوق - محبت کی نظر ڈالنا - نظر بازی کرنا - پر شوق نظروں سے دیکھنا -

Ogpu (og-pōo) *n.* Former organisation for combating counter-revolutionary activities Cheka کا نیا نام - انقلاب کے خلاف کام کرنے والوں کی باز پرس کا محکمہ - روس کی خفیہ پولیس - چیکا -

Ogre (o-gər) *n.* Man-eating giant - آدم خور عفریت - دیو - جن - ہوا -

Orgrish *adj.* - دیو کے مانند - جناتی -

Ogress *n.* - توپ کا گولہ - ڈائن - بھتنی - دیونی -

Ogygian (o-gij-i-ən) *adj.* Prehistoric - قدیم - بہت پرانا - ماقبل تاریخ کا -

Oh (o) *interj.* Expressing various sentiments - آہ - اوہ - آئے وائے - اف - اخاہ - اوہو -

Ohm (o-m) *n.* Unit of electrical resistance برقی مزاحمت کی اکائی -

Oho (ō-hō) *interj.* Expressing surprise or exultation - اہاہا - اخاہ -

Oil (oil) *n.* Liquid viscid imflammable substance تیل - روغن - پھلیل - عطر - (جمع) موم جامہ -

Fatty or fixed oils - جمنے والے اور چکنے تیل -

Mineral oils - معدنی تیل -

Oil cloth - موم جامہ -

Pour oil on the flame - غصہ کو اور بھڑکانا - آگ پر تیل چھڑکنا -

Strike oil - کنویں سے تیل برآمد ہونا - کھودائی میں مٹی کا تیل ملنا - سونے کی چڑیا ہاتھ لگنا -

Oil (oil) *v.t. & i.* Apply oil to - تیل لگانا - چکنا کرنا - تیل چپڑنا - تیل دینا - تیل بنا دینا - تیل بن جانا -

Oil one's tongue - خوشامد کرنا - چاپلوسی کرنا -

Oiled *adj.* - (بول چال) مزے میں - سرور میں -

Oiler (oil-ər) *n.* Oil can for oiling machinery تیل دینے والا - تیل کا ڈبہ جس سے پرزوں میں تیل پہنچتا ہے - تیل کی کپی - چاپلوس -

Oily (oil-i) *adj.* Covered or soaked with - چکنا - چرب - تیلیا - روغنی - تیل میں تر - روغن دار - چاپلوس -

Oilily *adv.* - خوشامد سے -

Oiliness *n.* - تیلیا پن - چکناہٹ -

Oily-tongued *adj.* - خوشامدی - چاپلوس -

Oint (oint) *v.t.* Apply oily substance - تیل ملنا - روغن لگانا - روغن دار چیز لگانا -

Ointment (oint-mənt) *n.* Oily preparation - مرہم - لیپ - روغن - ضماد - روغنی مرکب -

Oireachtas (er-ə-hh-thəs) *n.* Legislature of Eire آئرلینڈ کی مجلس وضع قوانین - ریہنٹاس -

Okapi (o-ka-pi) *n.* A quadruped of Central Africa وسطی افریقہ کا ایک قدیم جانور جو ہرن اور زرافہ سے ملتا جلتا ہے -

Old (ōl-d) *adj.* & *n.* Advanced in age - بوڑھا - ضعیف - مسن - تجربہ کار - جہاں دیدہ - پختہ مغز - پرانا - بوسیدہ - فرسودہ - بےکار - قدیم - عہد قدیم کا - ابتدائی - متروک - دقیانوسی -

Old age *n.* - بڑھاپا - ضعیفی -

Old-fashioned *adj.* پرانی وضع کا -
Oldish *adj.* کسی قدر پرانا - قدیم سا -
Old Testament تورات -
Old Harry شیطان -
Of old قدیم زمانے کا -

Olden (ōld-ən) *adj.* Of a former age پرانا - اگلے وقتوں کا - قدیم زمانے کا -

Olden (ōld-ən) *v.t. & i.* Make or grow feeble بوڑھا کرنا - ضعیف کرنا - ضعیف ہونا -

Oldster (ōlds-tər) *n.* One who is growing old بڑا - معمر - پختہ عمر کا آدمی -

Oleaginous (oli-aj-in-əs) Having properties of, producing oil چکنا - تیلیا - چربی دار - روغن دار - تیل پیدا کرنے والا -

Oleaster (o-li-as-tər) *n.* The wild olive جنگلی زیتون کا درخت - جنگلی زیتون -

Oleograph (o-li-o-graf) *n.* Oil painting روغنی تصویر -

Olfaction (ol-fak-shən) *n.* Sense of smell سونگھنے کی قوت - قوت شامہ -

Olfactory (ol-fak-təri) *adj. & n.* Concerned with smelling مشمومی - قوت شامہ کے متعلق - سونگھنے کی قوت رکھنے والا -

Olibanum (ol-ib-ə-nəm) *n.* Aromatic gum resin لوبان -

Olid (ol-id) *adj.* Rank-smelling متعفن - بدبودار -

Oligarchy (ol-ig-ar-ki) *n.* State governed by the few members of government چند لوگوں کی حکومت - طبقہ امرا کی حکومت - چند سرداروں کی حکومت -

Oligarchical *adj.* امرا کی حکومت کا - جاگیر داری حکومت کا -

Olio (ō-li-ō) *n.* Mixed dish شب دیگ - دیوانی ہنڈی - متفرقات کا مجموعہ - ایسی ہنڈی جس میں متفرق ترکاریاں ، اناج اور گوشت ڈالا جائے - کھچڑا -

Olivacious (o-liv-ə-si-əs) *adj.* Olive green زیتون کے رنگ کا - زردی مائل سبز رنگ کا - کاہی رنگ کا -

Olivary (oliv-ə-ri) *adj.* Olive-shaped, oval زیتونی شکل کا - بیضوی -

Olive (o-liv) *n. & adj.* Evergreen tree yielding oil and fruits زیتون کی زیتون - زیتون کا درخت - زیتون کی شاخ جو امن کی علامت ہے - گائے کے گوشت کے پسندے جو سبزی کے ساتھ دم دیئے جائیں - زیتونی رنگ -

Olive branch علامت صلح -
Hold out the olive branch صلح کی پیش کش کرنا -
Olive oil روغن زیتون -

Olivine (o-liv-in) *n.* Crysolite stone with olive colour ایک قسم کا زیتونی رنگ کا قیمتی پتھر -

Olympaid *n.* Period of four years چار سال کا عرصہ - چار سال کے وقفہ سے - اولمپک مقابلے -

Olympian (ol-im-pi-yen) *adj. & n.* Celestial, dweller in Olympia کوہ اولمپس پر رہنے والا - نورانی - بلند - پر وقار - حد سے زیادہ سکون رکھنے والا -

Olympic (ol-im-pik) *adj.* Of Olympic اولمپیا کے قدیم مقابلے - زمانہ حال کے اولمپک مقابلے -

Olympic games موجودہ زمانے کے جدید کھیلوں کے مقابلے جو ہر چار سال کے بعد ہوتے ہیں -

Olympus (ol-im-pəs) *n.* Thessalian mountain مقدونیہ کا ایک پہاڑ جہاں یونانیوں کے اعتقاد کے مطابق دیوتا رہتے تھے - (مجازاً) عرش بریں - بہشت -

Ombre (om-bər) *n.* Card gamble popular in 17-18th century تاش کا ایک کھیل جو سترھویں اور اٹھارھویں صدی میں عام تھا -

Omega (ō-meg-ä) *n.* Last letter of Greek alphabet یونانی حروف تہجی کا آخری حرف -

Alpha and omega شروع اور آخر -

Omelet (om-lit) *n.* Beaten eggs fried in butter انڈے کا چیلا - خاگینہ - انڈوں کا سالن جس میں سبزی اور پیاز ڈالی جائے -

Cannot make an omelet without breaking eggs حصول مقصد کے لیے توڑ پھوڑ کرنی پڑتی ہے - حصول مقصد کے لیے بعض ذرائع اختیار کرنے پڑتے ہیں -

Sweet omelet *n.* انڈوں کی پڈنگ جس میں جام ملاتے ہیں - انڈوں کا حلوہ -

Omen (o-man) *n.* & *v.t.* Occurrence or object portending good or evil کوئی واقع جس سے اچھا یا برا شگون لیا جاتا ہے ۔ فال لینا ۔ شگون لینا ۔

Omentum (o-men-tam) *n.* Fold of peritoneum connecting stomach with other viscera پیٹ کا پردہ ۔ آنتوں کی جھلی ۔

Ominous (om-in-as) *adj.* Inauspicious منحوس ۔ بری فال کا ۔ بد شگون کا ۔ نا مسعود ۔ نا مبارک ۔ بد فال ۔ ڈراؤنا ۔

Ominousness *n.* نحوست ۔ بدنامی ۔ بد شگونی ۔

Omission (o-mi-shan) *n.* Non-inclusion بھول ۔ چوک ۔ غلطی ۔ سہو ۔ فروگزاشت ۔ شمار نہ کرنا ۔ شامل نہ کرنا ۔ ترک فعل ۔

Sins of omission and commission ارتکاب یا ترک فعل کی غلطیاں یا جرائم ۔

Omit (o-mit) *v.t.* Leave out چھوڑنا ۔ ترک کرنا ۔ فروگزاشت کرنا ۔ قلم انداز کرنا ۔ چھوڑ دینا ۔ شمار نہ کرنا ۔ بھول جانا ۔ غفلت سے ترک کر دینا ۔

Omni (om-ni) *prefix* & *n.* Infinite power (سابقہ) کل ۔ تمام ۔ قادر مطلق ۔

Omnibus (om-ni-bus) *n.* Public vehicle کرایہ کی گاڑی جو مسافروں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاتی ہے ۔ ہمہ گیر ۔ کلیات ۔ ایک مصنف کی تصانیف کا ارزاں مجموعہ ۔

Omnitrain وہ ریل گاڑی جو ہر سٹیشن پر رکتی ہو ۔

Omnipotent (om-ni-po-tent) *adj.* All powerful قادر مطلق ۔

Omnifarious (om-ni-fa-ri-as) *adj.* Of all sorts بھانت بھانت کا ۔ قسم قسم کا ۔ انواع و اقسام کا ۔

Omnipresent (om-ni-pre-sant) *adj.* Present at all places and time جو ہر وقت ہر جگہ موجود ہو ۔

Omnivorous (om-ni-vo-ras) *adj.* Feeding on any thing ہمہ خور ۔ ہر چیز کھانے والا ۔

On (on) *prep.* Close to, in the direction of اوپر ۔ پر ۔ قریب ۔ متصل ۔ طرف ۔ ملا ہوا ۔ دوران میں ۔ ساتھ ہی ۔ فوراً بعد ۔ حالت میں ۔ علاوہ ۔ سوائے ۔

On (on) *adv.* & *n.* Supported by, attached to, towards something آگے اور آگے ۔ آگے بڑھ کے ۔ پرے ۔ برابر ۔ لگاتار ۔ مسلسل ۔ اسی طرح ۔ پہنے ہوئے ۔ (کریکٹ) پیروں کے طرف کا میدان ۔

Onager (on-a-jer) *n.* Kind of wild ass جنگلی گدھا ۔ گور خر ۔

Onanism (o-nan-izm) *n.* Masturbation جلق ۔ مشت زنی ۔ نا مکمل مباشرت ۔

Once (wuns) *adv., conj.* & *n.* On one occasion only ایک وقت ۔ ایک بار ۔ ایک دفعہ ۔ ایک مرتبہ ۔ ایک موقع پر ۔ ایک زمانے میں ۔ بیشتر ۔ پہلے ۔ آگے ۔ سابق میں ۔ اگلے وقتوں میں ۔

At once stern and tender ایک ہی سانس میں نرم اور سخت ۔

Once and again بار بار ۔ متواتر ۔

Once for all ہمیشہ کے لیے ۔

Once in a way شاذ و نادر ۔

At once فوراً ۔

For once صرف ایک بار ۔

One (wun) *adj., n.* & *pron.* The only, single, particular ایک واحد ۔ کوئی ایک ۔ کوئی سا ۔ ایک کے برابر ۔ ایک ہی ۔ وہ ہی ۔ ملا جلا ۔ پیوستہ ۔ ایک کا ہندسہ ۔ نمبر ایک ۔ پہلا ۔

One by one ایک ایک ۔

Go one better دوسرے سے بہتر ۔ دوسرے سے بڑھ کر ۔

Is one too many for him وہ اس کے بس کا نہیں ۔

It is all one to me میرے لیے یکساں ہے ۔

Oneness (wun-es) *n.* Being one یکتائی ۔ واحد ۔ احد ہونا ۔ احدیت ۔ واحدیت ۔ یکساں ہونا ۔ غیر متغیر ہونا ۔ نرالا پن ۔ لیس آکمثالہ شے ہاً ۔

Oner-woner (on-ar) *n.* Pre-eminent person اکا ۔ فرو ۔ طاق ۔ بے نظیر شخص ۔ (کریکٹ) ایسی ضرب جس سے ایک دوڑ بنے ۔

Onerous (on-ar-as) *adj.* Burdensome بھاری ۔ گراں ۔ مشکل ۔ پر مشقت ۔ سخت ۔

One-sided (wun-si-ded) *adj.* Partial بے انصافی کا ۔ جانبدارانہ ۔ اک رخا ۔

Oneiromancy (on-er-a-mansi) *n.* Interpretation of dreams علم تعبیر خواب ۔

Oneirocritic (on-er-ə-kri-tik) *n.* Interpreter of dreams خواب کی تعبیر دینے والا ۔

On-going (on-go-ing) *n.* Going forward ۔ انداز عمل واقعہ ۔

Onion (un-yən) *n.* & *v.t.* Edible round bulb بصل ۔ پیاز ۔ (بول چال) برمودا کا باشندہ ۔ آنکھوں میں پیاز لگا کر آنسو نکالنا ۔

Off on's onion دماغ خراب ہونا ۔

Oniony *adj.* پیاز جیسا ۔

Only (on-li) *adj.* The one اکیلا ۔ تنہا ۔ واحد ۔ اکلوتا ۔

Only (on-li) *adv.* & *conj.* Solely, merely صرف ۔ فقط ۔ نرا ۔ خالی ۔ محض ۔ سرا سر ۔ بالکل ۔ یک قلم ۔ البتہ ۔ مگر ۔ یہ ہے کہ ۔ بجز اس کے کہ ۔ اگر یہ نہ ہو ۔ تا کہ ۔

Onomancy (on-o-mansi) *n.* Taking omen from name نام سے فال نکالنا ۔

Onomatopoeia (on-ō-mat-ō-pē-yä) *n.* Formation of names or words from sound اسم صوتی ۔ آواز کے مطابق نام رکھنا ۔ صوتی لفظ مثلاً cukoo ۔

Onset (on-set) *n.* Attack, assault ہلہ ۔ دھاوا ۔ چڑھائی ۔ حملہ ۔

Onslaught (on-slawt) *n.* Fierce attack حملہ ۔ چڑھائی ۔ شدید حملہ ۔ دھاوا ۔

Onus (o-nəs) *n.* Burden بار ۔ بوجھ ۔ وزن ۔ ذمہ داری ۔ فرض ۔

Onus probandi بار ثبوت ۔

Onward (on-wərd) *adv.* & *adj.* Further on آگے ۔ اور آگے ۔ محاذ کی طرف ۔ آگے کی طرف کا ۔

Onwards *adv.* آگے ۔

Onymous (on-i-məs) *adj.* With the name نویسندہ کے نام کا ۔ دستخط کے ساتھ ۔ نام کے ساتھ ۔

Onyx (on-ks) *n.* Kinds of quartz with different colours in layers سنگ سلیمانی ۔ پتھر جس کی تہوں میں مختلف رنگ ہوں ۔

Oodle (ōō-dl) *n.* Super abundance (بول چال) بہتات ۔ فراوانی ۔

Oodle of money افراط زر ۔

Oof (ōōf) *n.* Money, rich person (بول چال) مال و دولت ۔ مالدار آدمی ۔

Oof-bird مالدار آدمی ۔ سونے کی چڑیا ۔

Oofy *adj.* امیر ۔ روپیہ والا ۔ زر والا ۔

Ooze (ōōz) *n.* Wet mud, slime نرم مٹی ۔ نم مٹی ۔ گیلی مٹی ۔ کیچڑ ۔ رستی ہوئی چیز ۔ بہاؤ ۔ چمڑا رنگنے کا عرق ۔

Oozy *adj.* کیچڑ سے بھرا ہوا ۔ دلدل ۔ رسنے والا ۔

Ooziness *n.* رساؤ ۔ رطوبت کا رسنا ۔

Ooze (ōōz) *v.i.* & *t.* Pass slowly through the pores رسنا ۔ ٹپکنا ۔ آہستہ آہستہ چونا ۔ بہنا ۔ پھوٹ نکلنا ۔ رطوبت خارج ہونا ۔ پوشیدہ بات کا ظاہر ہونا ۔

Ooze out or away خارج ہونا ۔ نکلنا ۔ ہمت کا جواب دینا ۔ راز فاش ہونا ۔

Opacity (opas-i-ti) *n.* Obscurity غلاظت ۔ کثافت ۔ دھندلا پن ۔ ابہام ۔ کند ذہنی ۔

Opah (ōp-ä) *n.* Brilliant-coloured fish of mackerel family بحر اوقیانوس میں پائی جانے والی ایک شوخ رنگ مچھلی ۔

Opal (ō-pl) *n.* Milk-white precious stone دودھیا ۔ بھسنیا ۔ ایک قیمتی پتھر جس میں مختلف رنگ جھلکتے ہیں ۔

Opalescent *adj.* دودھیے پتھر کا سا ۔

Opaline (o-pə-lin) *adj.* & *n.* Opal-like دودھیے پتھر کا سا ۔ رنگ برنگی ۔ دودھیا شیشہ ۔

Opaque (ō-pāk) *adj.* Not shining or reflecting light دھندلا ۔ جو روشنی قبول نہ کرے ۔ غیر شفاف ۔ کند ذہن ۔ کودن ۔ ٹھس ۔

Opaquely *adv.* دھندلے پن سے ۔ مبہم طور پر ۔

Opaqueness *n.* کند ذہنی ۔ دھندلا پن ۔ ابہام ۔

Open (ō-pen) *adj.* & *n.* Exposed, public, outspread کھلا ۔ کھلا ہوا ۔ وا ۔ عام ۔ غیر محفوظ ۔ بے روک ۔ بلا مزاحمت ۔ پھیلا ہوا ۔ کشادہ دست ۔ فیاض ۔ بے ریا ۔ صاف ۔ صاف دل ۔ ظاہر ۔ آشکارا ۔ عیاں ۔ روشن ۔ کھلا میدان ۔ کھلی ہوا ۔ منظر عام ۔

Has an open hand وہ بہت فیاض ہے ۔

Open face چہرہ جس سے صاف دلی ظاہر ہو ۔
Open heart - صاف دل ۔ مروت ۔ ہمدردی ۔ گرم جوشی ۔
Open mind صاف دل ۔ کشادہ دل ۔
Open question نزاعی مسئلہ ۔ اختلافی مسئلہ ۔
Open winter موسم سرما جس میں پالا یا کہر نہ پڑے ۔
Will be open with you تم سے صاف صاف کہہ رہا ہوں ۔
With open eyes جان بوجھ کر ۔
Openness *n.* صاف دلی ۔ کشادگی ۔

Open (o-pn) *v.t.* & *i.* Make or become open کھولنا ۔ وا کرنا ۔ افتتاح کرنا ۔ انکشاف کرنا ۔ ظاہر کرنا ۔ بیان کرنا ۔ کھولنا ۔ تشریح کرنا ۔ شگاف دینا ۔ چیرنا ۔ ابتدا کرنا ۔ آغاز ہونا ۔ آغاز کرنا ۔ پوری طرح نظر آنا ۔ شکاری کتوں کا چلانا شروع کرنا ۔
Openable *adj.* کھلنے والا ۔
Opener *n.* کریکٹ میں بیٹنگ کا آغاز کرنے والا ۔ آغاز کرنے والا ۔ ڈاٹ یا شیشہ کھولنے کا اوزار ۔
Open-eyed *adj.* خبر دار ۔ چوکس ۔
Open-handed *adj.* سخی ۔ فیاض ۔
Open-hearted صاف دل ۔ بے ریا ۔
Open-minded روا دار ۔ غیر متعصب ۔
In open کھلم کھلا ۔
In open day دن دھاڑے ۔

Opening (ōpen-ing) *n.* Gap, passage, opportunity شگاف ۔ سوراخ ۔ راستہ ۔ درز ۔ منہ ۔ آغاز ۔ ابتدا ۔ موقع ۔ توقع ۔ اچھا موقع ۔ موافق صورت حال ۔ افتتاح ۔ افتتاحی تقریر ۔

Opera (op-ə-ra) *n.* Drama with music موسیقی کے ساتھ نقل یا اداکاری ۔ وہ ناٹک جس میں موسیقی غالب ہو ۔ تھیٹر ۔ ناچ گھر ۔ تماشا گاہ ۔
Opera house سوانگ گھر ۔ غنائی تمثیل خانہ ۔

Operate (op-ə-rāt) *v.t.*, & *i.* Be in action ۔ کام کرنا عمل کرنا ۔ عمل درآمد کرنا ۔ اثر ڈالنا ۔ تغیر پیدا کرنا ۔ چیرنا ۔ جراحی کرنا ۔ کسی جذبہ کو ابھارنا ۔ کسی کام کو پورا کرنا یا پورا کرنے کی کوشش کرنا ۔ مشینوں کو چلانا ۔ فوجی نقل و حرکت کرنا ۔
Operable *adj.* عمل جراحی کے قابل ۔
Operator *n.* مشین چلانے والا ۔ عمل جراحی کرنے والا ۔

Operatic (op-ə-rāt-ik) *adj.* Of, like, opera غنائی تمثیل کے متعلق ۔ اوپیرا کے بارے میں ۔

Operation (opə-ra-shən) Working, performance عمل ۔ اثر ۔ تاثیر ۔ طریق ۔ طریق عمل ۔ حکمت ۔ عمل جراحی ۔ چیر پھاڑ ۔ فوجی نقل و حرکت ۔ حربی تدبیر (ریاضی) عمل ۔

Operative (opə-rā-tiv) *adj.* & *n.* Having effect کارگر ۔ موثر ۔ عمل جراحی کا ۔ عملی ۔ کاریگر ۔ دست کار ۔ مزدور ۔

Operatize (opə-rā-tīz) *v.t.* Put into operatic form قصے کی غنائی تمثیل بنانا ۔

Operetta (op-ə-ret-ȧ) *n.* one act opera ایک ایکٹ کی غنائی تمثیل ۔ مزاحیہ تمثیل ۔

Operose (op-ə-rōs) *adj*: Requiring great pains محنت طلب ۔ دشوار ۔ محنتی ۔ جفاکش ۔ محنت سے حاصل کیا ہوا ۔

Ophidian (of-i-di-ən) *adj.* & *n.* Of the reptiles سانپ کی قسم کا ۔ مار جیسا ۔
Ophiology *n.* سانپوں کے متعلق تحقیقات ۔ علم الہار ۔
Ophiophagus *n.* سانپ کھانے والا ۔ مار خور ۔

Ophite (of-īt) *n.* Serpentive marble سماق ۔ سنگ سماق جس کا کھرل بنتا ہے ۔

Ophthalmia (of-thal-mi-ȧ) *n.* Inflammation of the eyes آنکھ آنا ۔ ورم چشم ۔ آشوب چشم ۔

Ophthalmic (of-thal-mik) *adj n.* Of the eye امراض چشم کے متلق ۔ آشوب چشم کا ۔ ورم چشم یاآشوب چشم کا مریض ۔ آنکھ کی دوا ۔

Opiate (ō-pi-āt) *adj.* & *n.* Containing opium افیونی ۔ افیون کی آمیزش والی دوا ۔ خواب آور ۔ نوم آور ۔ تسکین بخش ۔ آرام دہ ۔ مسکن دوا ۔

Opiate (ōpi-āt) *v.t.* Mix with opium ۔ افیون ملانا خواب آور دوا بنانا ۔

Opine (ō-pīn) *v.t.* Express opinion ایک رائے رکھنا ۔ اظہار رائے کرنا ۔

Opinion (ōpin-yən) *n.* Conviction, belief بچار ۔ قیاس ۔ گمان ۔ خیال ۔ رائے ۔ فہم ۔ عقیدہ ۔ ماہر فن کی رائے ۔ لحاظ ۔ پاس ۔ قدر ۔ وقعت ۔
A matter of opinion اپنی اپنی رائے ۔

Opinionated (opi-nyən-āted) *adj.* Abstinate
ہٹیلا ۔ خود رائے ۔ ضدی ۔ اڑنے والا ۔ متعصب ۔

Opinionatedness *n.* ہٹ دھرمی ۔ ضد ۔ تعصب ۔ خود رائی ۔

Opionist *n.* خود رائے شخص ۔

Opium (o-pi-əm) *v.t.* & *n.* Reddish-brown heavy-scented drug افیون ۔ افیم ۔ افیون ملانا ۔ دوا میں افیون شامل کرنا ۔ افیون دینا ۔

Opium-den *n.* چنڈو خانہ ۔ افیونیوں کا اڈا ۔ مدک خانہ ۔

Opiumizm *n.* افیون نوشی کا شوق ۔ افیون کھانے کی لت ۔

Oppidan (o-pi-dən) *adj.* & *n.* Of a town قصباتی ۔ غیر شہری ۔ قصبہ کا باشندہ ۔

Opponent (op-o-nānt) *adj.* & *n.* Opposing. opposed سامنے کا ۔ مقابل ۔ مخالف ۔ مد مقابل ۔ حریف ۔ دشمن ۔

Opportune (op-ər-tūn) *adj.* Suitable, favourable ٹھیک ۔ درست ۔ مناسب ۔ موزوں ۔ بر وقت ۔ بر محل ۔

Opportuneness *n.* حسب موقع ہونا ۔ مناسب ہونا ۔ برمحل ہونا ۔

Opportunism (op-ər-tūn-izm) *n.* Adaptation to circumstances مصلحت پرستی ۔ حالات اور وقت کے لحاظ سے عمل کرنا ۔ زمانہ سازی ۔ ابن الوقتی ۔

Opportunist *n.* ابن الوقت ۔ مصلحت بین ۔ زمانہ ساز ۔

Opportunity (op-ər-tūn-i-ti) *n.* Favourable chance نیک ساعت ۔ مناسب وقت ۔ بہترین موقع ۔ عمدہ محل ۔ داؤ ۔ گھات ۔

Oppose (o-pōs) *v.t.* Place or produce obstacles مخالفت کرنا ۔ سد راہ ہونا ۔ مانع ہونا ۔ روڑے اٹکانا ۔ مشکلات پیدا کرنا ۔ مقابلہ پر آنا ۔ زحمت دینا ۔

Opposed *adj.* مزاحم ۔ مخالف ۔

Opposable *adj.* مقابلہ کرنے کے قابل ۔ قابل مخالفت ۔ مخالفت کا مستحق ۔

Opposite (o-pəz-it) *adj., n., adv.* & *prep.* Contrary مقابل ۔ متضاد ۔ آمنے سامنے ۔ روبرو ۔ مخالف ۔ الٹا ۔ برعکس ۔ ناموافق ۔ ضد ۔ (ناٹک) ہیرو یا ہیروئن کے ساتھ کم کرنا ۔

Opposition *n.* مخالف جماعت ۔ مخالفت ۔ عداوت ۔ تعرض ۔ روک ۔ مقابلہ ۔

Oppositionist *n.* مزاحم ۔ مخالف ۔ حکومت کی مخالف جماعت کا رکن ۔

Opossum (o-pos-əm) *n.* An American animal with pouch or without pouch ایک قسم کا تھیلی دار دودھ پلانے والا جانور جو درختوں پر رہتا ہے ۔

Oppress (o-pres) *v.t.* Overwhelm with superior power ظلم کرنا ۔ زبردستی کرنا ۔ جبر کرنا ۔ جابرانہ حکومت کرنا ۔ زیر کرنا ۔ دبانا ۔ پست کرنا ۔

Oppression *n.* جبر ۔ تعدی ۔ جور و جفا ۔ ظلم و ستم ۔

Oppressive (o-pres-iv) *adj.* Tyrannical جابرانہ ۔ ظالمانہ ۔ دشوار ۔ سخت ۔ گراں ۔

Oppressiveness *n.* سخت گیری ۔ زبر دستی ۔ سختی ۔ جابریت ۔

Oppressor (o-pres-ər) *n.* One who oppresses ظالم ۔ ستمگر ۔ مردم آزار ۔ موذی ۔

Opprobrious (opro-bri-əs) *adj.* Abusive دشنام آمیز ۔ گالیاں دینے والا ۔ بد زبان ۔

Opprobrium (opro-bri-əm) *n.* Infamy ذلت ۔ رسوائی ۔ تحقیر ۔ بدنامی ۔

Oppugn (o-pūn) *v.t.* Call in question مخالفت کرنا ۔ اعتراض کرنا ۔ شبہ ظاہر کرنا ۔ تعرض کرنا ۔

Oppugnance *n.* مقابلہ ۔ مخالفت ۔ مزاحمت ۔

Opsimath (op-si-math) *n.* One who learns late in life وہ شخص جو بڑھاپے میں حصول علم کی کوشش کرے ۔

Opt (opt) *v.i.* Make choice انتخاب کرنا ۔ اختیار کرنا ۔

Optative (opt-ə-tiv) *adj.* & *n.* Expressing wish خواہش ظاہر کرنے والا ۔ تمنائی ۔ صیغہ تمنائی ۔

Optic (op-tik) *adj.* & *n.* Of the eye آنکھ کے متعلق ۔ بصری (بول چال) آنکھ ۔ آلہ بصر ۔

Optical (op-tik-əl) *adj.* About eyes آنکھوں کے متعلق ۔ امراض چشم کے متعلق ۔ بصری ۔ بصریات کا ۔

Optician (op-ti-shi-ən) *n.* Maker and seller of spectacles چشمے اور عینک بنانے والا اور فروخت کرنے والا ۔

Optimism (op-ti-mizm) *n.* Sanguine disposition, belief in the goodness of this world یہ مسئلہ کہ ہماری دنیا میں کوئی چیز بری نہیں ہے - ہر شے بھلائی کے لیے ہے اور ہم کو ہر چیز سے اچھی امید رکھنی چاہئیے - رجائیت - خوش امیدی -

Optimist *n.* جو دنیا سے اچھی امید رکھے - جو اپنی دنیا سے خوش ہو - رجائی -

Optimistic *adj.* خوش امیدانہ - رجائیت پسندانہ -

Option (op-shən) *n.* Liberty of choosing پسند یا انتخاب کا اختیار - انتخاب کرنا - وہ چیز جو انتخاب کی جائے - تمسکات کو مقررہ میعاد کے اندر لینے یا دینے کا حق -

Optional (op-shən-əl) *adj.* Not obligatory پسند پر موقوف - اختیاری -

Optophone (op-to-fon) *n.* Instrument converting light into sound وہ آلہ جو روشنی کی لہروں کو آواز کی لہروں میں تبدیل کردیتا ہے اور اس طرح اندھے بجائے آنکھوں کے کانوں سے پڑھ سکتے ہیں -

Opulent (op-u-lənt) *adj.* Rich, wealthy دولت مند - مالدار - تونگر - فراواں - معمور -

Opulence *n.* تمول - دولت مندی - کثرت - فراوانی -

Opuscule (o-pus-kūl) *n.* Minor musical or literary composition ادب یا موسیقی میں کوئی معمولی تخلیق -

Or (or) *n.* Gold in armorial bearings خاندانی نشان میں طلائی کام - سنہری کام -

Or (or) *prep. & conj.* Before, ere, this or that قبل ازیں - پیشتر - یا - یا تو - یہ یا وہ - نہیں تو - خواہ - یعنی - ورنہ -

Oracle (or-ə-kl) *n.* Place at with Greeks consulted their deities - قدیم یونان کا دارالاستخارہ - وہ مقام جہاں کسی پجاری کے ذریعے دیوتاؤں سے حال پوچھا جاتا تھا - دیوبانی - آواز غیب - الہام ربانی کا مورد - حکمی فال - معصوم رہنا - دانشمندانہ مشورہ - ہاتف غیبی - حکمی خبر دینے والا - کاہن -

Work the oracle پجاریوں سے ساز باز کر کے دلخواہ جواب حاصل کرنا -

Oracular *adj.* دارالاستخارہ کے متعلق - الہامی - پر اسرار -

Oral (ō-rl) *adj.* By word of mouth - زبانی - تقریری - غیر نوشتہ - زبان کا -

Orally *adv.* زبان سے - زبانی -

Orange (or-inj) *n.* Large roundish juicy fruit enclosed in red rind نارنگی - سنترہ - رنگترہ - کنو - نارنجی رنگ -

Squeese the orange رس نچوڑ لینا -

Squeesed orange وہ چیز جس میں فائدہ کی گنجائش نہ ہو -

Orangery *n.* نارنگی یا سنگتروں کا باغ -

Orangeade (or-inj-əd) *n.* Drink of orange juice سنترے کا افشردہ - نارنگی یا سنترے کا رس -

Orang-outang (ō-rang-oo-tan) *n.* Large long-armed ape of Borneo and Sumatra ساٹرا اور بورنیو کا انسان صورت بندر - بن مانس -

Orate (o-rāt) *v.t.* Make speech تقریر کرنا - تقریر چھانٹنا - داد خطابت دینا -

Oration (ō-rā-shən) *n.* Formal address - تقریر - وعظ - خطبہ - دوسرے کے قول کو بیان کرنا -

Orator (o-ra-tər) *n.* Eloquent public speaker مقرر - خطیب - خوش بیان مقرر - فصیح و بلیغ تقریر کرنے والا -

Oratorio (ō-ra-tə-riō) *n.* Semi-dramatic musical composition بھجن یا مذہبی ناٹک جس کو ایک ہی شخص گاتا تھا -

Oratory (or-ə-tə-ri) *n.* Eloquent or flowery language فصاحت - خطابت - جادو بیانی - خوش کلامی - رنگین بیانی - رومی کلیسا کی مذہبی انجمن جس میں مستند پادری شریک ہوتے تھے -

Oratorian (or-ə-tə-ri-ən) *n.* Member of oratory مجلس خطابت کا رکن -

Oratorical *adj.* خطیبانہ - سخنورانہ -

Oratorically *adv.* - خطیبانہ انداز سے - رنگین بیانی سے - فصاحت و بلاغت سے -

Orb (orb) *n., v.t. & i.* Circle, circular disc - چکر - کرہ - گولا - دائرہ - قرص - جرم فلکی - تارا - ستارہ - آنکھ - دیدہ - حلقہ میں گھیر لینا - حلقہ بنانا -

Orbicular (orb-i-ku-lər) *adj.* Circular, ring-shaped مدور ۔ گول ۔ دائرہ نما ۔ حلقہ نما ۔ مکمل بالذات ۔

Orbit (or-bit) *n.* Eye socket, curved course of planet اجرام فلکی کا مدار ۔ حلقہ چشم ۔ دائرہ ۔ گردش کا راستہ ۔

Orc (ork) *n.* Sea-monster سمندر کی ایک بہت بڑی مچھلی ۔

Orcadian (or-ka-di-ən) *n.* Native of Orkney جزیرہ ارکنی کا باشندہ ۔

Orchard (or-chərd) *n.* Enclosure with fruit trees باغیچہ ۔ باڑی ۔ میوے کا باغ ۔

Orchardman *n.* مالی ۔ باغبان ۔

Orchadist *n.* میوہ دار درختوں کا باغ لگانے والا ۔

Orchestic(k) (or-kis-tik) *adj.* Of dancing ناچ کے متعلق ۔ رقصی ۔

Orchestics *n.* فن رقص ۔

Orchestra (or-kis-trā) *n.* Semi-circular space in front of stage یونانی تھیٹر میں نیم مدور جگہ ۔ سرود گاہ ۔ سازندے ۔ سازندوں کا طائفہ ۔

Orchestral (or-kist-rəl) *adj.* Concerning instrumental performers سازندوں کے متعلق ۔ ساز بجانے والوں کی بابت ۔

Orchestrate (or-kist-rāt) *v.t. & i.* Compose or arrange orchestral performance ارکسٹرا کے لیے نغمے تصنیف کرنا ۔ سازندوں کی جماعت ترتیب دینا ۔

Orchestration *n.* نغموں کے مطابق سازندوں کو تیار کرنا ۔ ارکسٹرا کی ترتیب و تنظیم ۔

Orchil (or-chil) *n.* Red or violet dye from lichen سرخ یا عنابی رنگ جو ایک قسم کی کائی سے نکلتا ہے ۔

Ordain (or-dān) *v.t.* Appoint, confer holy orders قائم کرنا ۔ مقرر کرنا ۔ معین کرنا ۔ ٹھہرانا ۔ تقرر کرنا ۔ مقدر کرنا ۔ حکم دینا ۔ پادری کا تقرر کرنا ۔

Ordeal (or-dēl) *n.* Subjecting a suspected person to physical tests ملزم کے امتحان کا قدیم طریقہ جس میں آگ یا کھولتے ہوئے تیل میں اس کا ہاتھ ڈالا جاتا تھا ۔ سخت امتحان ۔ صبر آزما مصیبت ۔ ابتلا ۔

Order (or-dər) *n.* Rank, class, mandate ڈھنگ ۔ سلسلہ ۔ اسلوب ۔ ترتیب ۔ حسن ترتیب ۔ سلیقہ ۔ نظم ۔ عالم ۔ نظام کائنات ۔ آداب ۔ ضابطہ ۔ امن و امان ۔ جماعت ۔ درجہ ۔ زمرہ ۔ مرتبہ ۔ حیثیت ۔ فرمان ۔ حکم ۔ ارشاد ۔ امر ۔ رقعہ ۔ بل ۔ ہنڈی ۔ حکم ادائی ۔ طلبی ۔ قسم ۔ نوع ۔ جنس ۔ پادریوں کا راہبوں کا سلسلہ ۔ تمغہ ۔ (جمع) پادریوں کا منصب ۔ خریداری کی فرمائش ۔

A large order مشکل کام ۔

Rise to a point of order ایوان میں کھڑے ہو کر دریافت کرنا کہ کوئی چیز باضابطہ ہے یا نہیں ۔

Order (or-dər) *v.t.* Put in order, regulate ترتیب دینا ۔ درست کرنا ۔ سجانا ۔ آراستہ کرنا ۔ قرینے سے لگانا ۔ حکم دینا ۔ ہدایت کرنا ۔ فرمائش بھیجنا ۔ بنانا ۔ چلانا ۔ کاروائی کرنا ۔ انتظام یا اہتمام کرنا ۔ کسی مقام پر مامور کرنا ۔ جانے کا حکم دینا ۔

Order about حکومت جتانا ۔ ادھر ادھر دوڑانا ۔

Out of order بے ترتیب ۔ خراب ۔ بگڑا ہوا ۔

Orderly (or-dər-li) *adj. & n.* Well-arranged, well-behaved درست ۔ باترتیب ۔ باضابطہ ۔ باقرینہ ۔ قاعدے کا پابند ۔ ضبط پسند ۔ شائستہ ۔ تربیت یافتہ ۔ احکام پہنچانے والا ۔ ذاتی ملازم ۔ اردلی ۔

Orderliness حسن ترتیب ۔ باضابطگی ۔

Ordinal (or-din-əl) *adj. & n.* Defining thing's position in series کسی سلسلہ میں کسی چیز کی حیثیت ظاہر کرنے والا ۔ اعداد صفاتی ۔ مرتبہ یا مقام ظاہر کرنے والا ۔ نباتات و حیوانات کے لیے دعاؤں کی کتاب ۔

Ordinance (or-din-əns) *n.* Authoritative direction, decree قانون ۔ ہدایت ۔ ضابطہ ۔ پادریوں کی دعاؤں کی کتاب ۔ دستور ۔ خاص قانون ۔ ہنگامی قانون ۔ حکم ۔ کتاب یا عمارت کے حصوں کی ترتیب ۔

Ordinary (or-din-əri) *adj.* Regular, usual رسمی ۔ معمولی ۔ دستور کے مطابق ۔ مروجہ ۔ عام ۔ پیش پا افتادہ ۔ کم رو ۔ بے رونق ۔ ایسا ویسا ۔ طعام کھانے کا معمولی کھانا ۔ تصرفی ۔ بازاری ۔ ادنیٰ ۔ پست ۔ کم قدر ۔

In an ordinary way I shall refuse عام حالت میں میں انکار کر دوں گا ۔

Ordinarily *adv.* عام حالت میں ۔ عموماً ۔ بالعموم ۔

Ordinate (ord-i-nāt) *n.* Straight line from any point drawn parallel to one co-ordinate axis باترتیب ۔ متوازی ۔ باقاعدہ ۔ معین ۔

Ordination (ord-i-na-shən) *n.* Classification according to rank درجہ بندی ۔ ترتیب ۔ تقسیم ۔ پادریوں کا تقرر ۔ ضوابط کی اجرائی اور نفاذ ۔

Ordnance (ord-nens) *n.* Mounted guns, canons توپ خانہ ۔ محکمہ حرب ۔ فوجی سامان مہیا کرنے کا محکمہ ۔

Ordure (ord-ər) *n.* Dung گندی گالیاں ۔ لید ۔ میلا ۔ فضلا ۔ گوبر ۔

Ore (ōr) *n.* Solid native mineral کچی دھات ۔ فلز ۔ دھات اور دوسری چیزوں کا آمیزہ ۔ سونے کی دھات ۔

Oread (ōr-i-ad) *n.* Mountain nymph پہاڑی دیوی ۔ کوہستانی پری ۔

Oreide (ore-id) *n.* Kind of brass resembling gold ایک قسم کا پیتل جو سونے سے مشابہ ہوتا ہے ۔

Orfe (or-f) *n.* Kind of gold-fish ایک قسم کی سنہری مچھلی ۔

Organ (or-gən) *n.* Musical instrument, part of body آلہ ۔ اوزار ۔ ارگن باجا ۔ عضو ۔ واسطہ ۔ رابطہ ۔ ترجمان ۔ اخبار جو کسی خاص جماعت کی ترجمانی کرے ۔

Organist *n.* ارگن باجا بجانے والا ۔

Organdie (or-gən-di) *n.* Kind of fine muslin باریک ململ ۔ ارگنڈی ۔

Organic (er-gə-nik) *adj.* Of the bodily organs عضوی ۔ اعضا کے متعلق ۔ اعضا والا ۔ خلقی ۔ بنیادی ۔ جسمی ۔ ساخت کا ۔ سرشت کا ۔ منظم ۔ نباتاتی ۔ عضویاتی ۔

Organically *adv.* خلقی طور پر ۔ عضویاتی اعتبار سے ۔

Organism (or-gə-nizm) *n.* Organized body حیوانی جسم کی ساخت ۔ جوڑ ۔ پرزے ۔ بناوٹ ۔ ہیئت اجتماعی ۔ نظام ۔ کوئی منظم چیز ۔

Organization (or-gən-i-za-shən) *n.* Organized body, system or society تنظیم ۔ ترتیب ۔ درستگی ۔ نظام ۔ منظم جماعت ۔ انجمن ۔

Organize (or-gə-nīz) *v.t. & i.* Give orderly structure تیار کرنا ۔ ترتیب دے کر قائم کرنا ۔ نظام قائم کرنا ۔ تنظیم کرنا ۔ منظم کرنا ۔ جلسہ وغیرہ کا انتظام کرنا ۔ جلسہ منعقد کرنا ۔ کسی مقصد کے لیے جماعت تیار کرنا ۔

Organizable *adj.* ترتیب دینے کے لائق ۔ قابل تنظیم ۔

Organizer *n.* انتظام کرنے والا ۔ بانی ۔ منتظم ۔ ناظم ۔

Organon (or-gə-non) *n.* Treatise on logic دستور العمل ۔ قاعدہ ۔ منطق کا رسالہ ۔

Orgasm (or-gə-zm) *n.* Violent excitement جوش ۔ ہیجان ۔ شدید ۔ شہوت ۔ بد مستی ۔

Orgeat (or-ji-at) *n.* Cooling drink made from barley, almonds, orange جو کا شربت ۔ ایک مفرح شربت جو بادام اور سنگترے سے تیار کیا جاتا ہے ۔

Orgy (or-gi) *n.* Secret rites in worship of Bachus قدیم یونانی دیوتاؤں کی پرستش کی رسوم جس میں رقص و سرود ہوتا تھا ۔ بالخصوص بیکس کے مندر میں لوگ شراب پی کر ناچتے تھے ۔ بد مستی ۔ رنگ رلیاں ۔ عیش و طرب ۔ خرمستیاں ۔

Oriel (ori-əl) *n.* Projecting window of upper storey بالائی منزل کا جھروکہ یا کھڑکی ۔ دیوار سے نکلا ہوا جھروکہ ۔

Orient (o-ri-ənt) *n. & adj.* The eastward part of earth مشرق ۔ پورب ۔ مشرق ۔ وہ ممالک جو بحیرہ روم اور جنوبی یورپ کے مشرق میں واقع ہیں ۔ روشن ۔ تاباں ۔ شعلہ رو ۔ (سورج) طلوع ہونے والا ۔

Orient-ate (o-ri-ənt) *v.t.* مشرق رخ پر عمارت بنانا ۔ قبر میں مردے کے پیر مشرق کی جانب رکھنا ۔ سمت یا محل وقوع معلوم کرنا ۔ مشرق کی طرف رخ کرنا ۔

Orientate oneself اپنی حالت کا اندازہ کرنا ۔

Orientation *n.* صحیح اور واضح سمت کا تعین ۔ محل وقوع یا سمت کا تعین ۔

Oriental (o-ri-ənt-əl) *adj.* Of the east مشرقی ۔ پوربی ۔ مشرقی (تہذیب) شرقی ۔ ایشیائی ۔

Orientalism *n.* مشرقی تہذیب ۔ مشرقیت ۔

Orientalist *n.* مشرقیت کا حامی ۔ مشرقی تمدن کا عالم ۔ ماہر شرقیات ۔

Orientalize *v.i.* مشرق بنانا ۔ مشرق تہذیب کو رواج دینا ۔ مشرق رنگ میں رنگنا ۔

Orientally *adv.* مشرق کے نقطہ نظر سے ۔ مشرق طرز پر ۔

Orifice (ori-fis) *n.* Mouth of cavity سوراخ ۔ دھانہ ۔ روزن ۔ منفذ ۔

Oriflamme (or-i-flam) *n.* Sacred banner of St. Devis فرانس کا قدیم شاہی جھنڈا ۔ فرانس کا علم ۔ بقعہ نور ۔ کوئی روشن اور نمایاں چیز ۔

Origan (ori-gən) *n.* Wild marjoram ایک قسم کی جنگلی بوٹی ۔ تلسی ۔ خوشبودار بوٹی ۔

Origin (or-i-jən) *n.* Source, starting point آغاز ۔ ابتدا ۔ شروع ۔ بنیاد ۔ جڑ ۔ بنا ۔ مبداء ۔ منبع ۔ نسب ۔ نژاد ۔ اصل ۔

Original (or-i-jin-əl) *adj.* & *n.* Primitive, earliest پہلا ۔ قدیم ۔ ابتدائی ۔ خلقی ۔ اصلی ۔ نیا ۔ بدیع ۔ جدت پسند ۔ قوت تخیل رکھنے والا ۔ اصل ۔ اصلی نمونہ ۔

Originality *n.* قوت تخلیق ۔ جدت ۔ اختراع ۔ ایجاد ۔ اصلیت ۔

Originate (or-i-jin-āt) *v.t.* & *i.* Initiate ابتدا کرنا ۔ آغاز کرنا ۔ ایجاد کرنا ۔ پیدا کرنا ۔ بنانا ۔ اختراع کرنا ۔ نکالنا ۔ ہونا ۔ وجود پکڑنا ۔ صادر ہونا ۔ شروع ہونا ۔

Origination *n.* ایجاد ۔ تخلیق ۔ ابتدا ۔ آغاز ۔

Originator *n.* پیدا کرنے والا ۔ بانی ۔ موجد ۔ خالق ۔

Orinasal (ori-na-səl) *adj.* & *n.* Of mouth and nose منہ اور ناک دونوں کی ۔ منہ اور ناک سے کسی لفظ کا تلفظ ۔ ملی ہوئی آواز ۔

Oriole (ōr-i-ōl) *n.* Bird with black and yellow plumage visiting Britain in summer ایک سیاہ اور زرد پروں کا پرندہ جو برطانیہ میں گرمیوں میں آتا ہے ۔

Orion (ōrī-ən) *n.* Brilliant constellation سات ستاروں کا مجموعہ ۔

Orlians (or-li-ənz) *n.* Kind of plum ایک قسم کا آلوچہ ۔ ایک سوتی اونی کپڑا ۔

Orlop (or-lop) *n.* Lowest deck of ship جہاز کا نیچے کا عرشہ ۔

Ormer (or-mər) *n.* Edible univalve mollusc ایک قسم کا گھونگھا جو کھایا جاتا ہے ۔

Ormolu (or-mo-lōō) *n.* & *adj.* Gilded bronze سونے کا ملمع کی ہوئی کانسی ۔ پیتل رنگ کا ۔ سنہرا (بول چال) شاندار ۔

Ornament (or-nə-mənt) *n.* Thing serving to adorn زیب ۔ زینت ۔ آرائش ۔ زیبائش ۔ بناؤ ۔ سنگار ۔ اسباب آرائش ۔ نقش و نگار ۔ آرائشی کام ۔

Ornamental *adj.* زیبائشی ۔ آرائشی ۔

Ornamentalist *n.* آرائشی کام کرنے والا ۔ زیور فروش ۔

Ornamentation *n.* آرائش ۔ تزئین ۔ آراستگی ۔

Ornate (or-nāt) *adj.* Fully-adorned آراستہ ۔ پیراستہ ۔ مزین ۔ مرصع ۔ مزین کیا ہوا ۔ پر تکلف ۔

Ornithology (or-ni-tho-lo-ji) *n.* Study of birds پرندوں کی انواع و عادات کا علم ۔ علم الطیور ۔

Orography (or-og-rə-fi) *n.* Branch of geography dealing with mountains جغرافیہ کا وہ حصہ جو پہاڑوں سے بحث کرتا ہے ۔ پہاڑوں کا جغرافیہ ۔

Or(e)ology *n.* پہاڑوں کا علم ۔ علم الجبال ۔

Or(e)ologist *n.* پہاڑوں کی ساخت وغیرہ کا ماہر ۔ علم الجبال کا عالم ۔

Oroide (ō-rō-īd) *n.* Gold-coloured alloy of zinc or copper تانبے اور زنک کا سنہرا آمیزہ ۔

Orotund (ō-rō-tund) *adj.* Imposing, pompous شاندار بیان یا عبارت ۔ زور دار کلام ۔

Orphan (or-fən) *n. adj.* & *v.t.* Bereaved of parents بے مادر و پدر ۔ یتیم ۔ یتیم کرنا ۔ بچے کے ماں باپ کا موت کے عمل سے چھن جانا ۔

Orphanize *v.t.* یتیم کرنا ۔

Orphanage (or-fən-aj) *n.* Institution for orphans یتیموں کی پرورش کا ادارہ ۔ دارالیتامیٰ ۔ یتیموں کی پرورش اور تربیت کی جگہ ۔ اقامت خانہ یتامیٰ

Orphean (or-fi-ən) *adj.* Like Orpheus, melodious پر اسرار ۔ سریلا ۔ دلکش ۔

Orpiment (or-pi-mənt) *n.* A poisonous mineral ہڑتال ۔ زرنیخ زرد ۔

Orpington (or-ping-tən) *n.* A breed of poultry مرغیوں کی ایک نسل ۔

Orrery (or-ər-i) *n.* Clock work model of the planetry system سیاروں کا نقشہ ۔ جنتر منتر ۔ اصطرلاب ۔ سیاروں کی گردش کا خاکہ ۔

Orris (or-is) *n.* Fragrant root of iris ایک قسم کی خوشبودار جڑ ۔ روپہلی سنہری لیس ۔

Ort (ort) *n.* Refuse بچے کھچے ٹکڑے ۔ فضلہ ۔ تلچھٹ ۔ پس خوردہ ۔

Pall (pawl) *n.* A rich cloth, cloth spread over a coffin جنازے کے اوپر کی چادر ۔ تابوت کو ڈھکنے والی چادر ۔ قبر کی چادر ۔ پوپ اور بعض پادریوں کی اونی پوشاک ۔

Palladian (pə-la-di-ən) *adj.* In the style of Andria Palladio (1518-80) اینڈری پلاڈو کے طرز کی ۔ اطالوی ماہر تعمیرات پلاڈو کے طرز کی ۔

Palladium (pə-la-di-əm) *n.* Statue of Pallas پالاس کا مجسمہ جس کو شہر ٹرائے کا محافظ سمجھا جاتا تھا ۔

Palladium (pə-la-di-əm) *n.* A metallic element پلاٹینم سے ملتی ہوئی ایک سخت دھات ۔

Pallet (pal-it) *n.* A flat wooden tool کمہار کی تھاپی ۔ مصور کی رنگ کی تختی ۔

Palliate (pal-i-āt) *v.t.* Soften a guilt by pleading عذرات پیش کر کے جرم کو ہلکا کر دینا ۔ در گزر اور معافی کے قابل بنانا ۔ تسکین دینا ۔ مرض کو کم کرنا ۔

Palliation *n.* شدید جرم کو خفیف ثابت کرنا ۔ کمی ۔ مرض میں تخفیف ۔

Palliative (pal-i-at-iv) *adj.* & *n.* Mitigating, alleviating مسکن دوا ۔ تسکین دینے والی ۔ مرض اور تکلیف کو کم کرنے والی ۔ جرم کو خفیف ثابت کرنے والی ۔

Pallid (pal-id) *adj.* Pale, wan پھیکا ۔ بے رونق ۔ زرد ۔ ماند پڑا ہوا ۔

Pallidness *n.* پیلا پن ۔ بے رونقی ۔ پھیکا پن ۔

Pallium (pal-i-əm) *n.* Large mantle worn by barned Romans ایک طرح کا جبہ جو اہل علم روم میں یونانیوں کی تقلید میں پہنتے تھے ۔ علمی خلعت ۔ جامہ کمال ۔ گھونگھے کی تہہ جو کھال کی طرح کی ہوتی ہے ۔

Pall-mall (pel-mel) *n.* A well-known street of London, an old game لندن کی مشہور شاہ راہ ۔ ایک کھیل جس میں گیند کو بلے سے مار کر لوہے کے حلقے سے نکالتے تھے ۔

Pallor (pal-ər) *v.* Paleness زردی جو بیماری کی وجہ سے آ جاتی ہے ۔ ہلکی زردی ۔ بے رونقی ۔ پھیکا پن ۔ پھیکا پنڈا ۔

Palm (pām) *n.* Date tree کھجور کا درخت ۔ چھوہارے کا درخت ۔ کھجور کی شاخ جو فتح کی نشانی ہے ۔ کھجور سے ملتا جلتا کوئی دوسرا درخت ۔ کمال ۔ امتیازی نشان ۔ دوسرے درختوں کی شاخیں جو کھجور کی جگہ استعمال ہوتی ہیں ۔ کھجور کی طرح کے آرائشی درخت ۔

Bear the palm کامیاب ہونا ۔ امتیاز حاصل کرنا ۔

Palm oil *n.* (بول چال) رشوت ۔ زر رشوت ۔ کھجور یا بلسان کا تیل ۔

Yield the palm to مقابلہ میں ہار جانا ۔

Palm (pām) *n.* Inner surface of hand between wrist and fingers ہتھیلی ۔ کف دست ۔ دستانے کی ہتھیلی ۔ ہتھیلی کے برابر چوڑائی ۔

Grease a person's palm رشوت دینا ۔ مٹھی گرم کرنا ۔

Palm (pām) *v.t.* Touch or stroke with the palm, conceal ۔ ہتھیلی سے مارنا ۔ چھپا لینا ۔ پتے چھپا لینا ۔ چکمہ دینا ۔ دھوکا دینا ۔ ایک چیز کی جگہ دوسری چیز دے دینا ۔ ہتھیلی سے چھونا ۔ رشوت دینا ۔ مٹھی گرم کرنا ۔

Palma-christi (pāma-kristi) *n.* Castor oil plant بید انجیر ۔ ارنڈ کا درخت ۔

Palmar (pām-ər) *adj.* Being in the palm ہتھیلی کا ۔ ہتھیلی میں رکھا ہوا ۔

Palmary (pām-ə-ri) *adj.* Bearing the palm, pre-eminent ۔ بڑا ۔ ممتاز ۔ کامل ۔ اتم ۔ سب سے کامل ۔ علیم ۔

Palmer (pām-ər) *n.* Pilgrim carrying a palm leaf in token of having been in the Holy land ارض مقدس کا زائر جو تبرک کے طور پر کھجور کی شاخ ہاتھ میں رکھتا ہے تاکہ معلوم ہو کہ اس نے بیت المقدس کی زیارت کی ہے ۔ راہب درویش ۔ ایک بال دار تیتری ۔ بال دار مصنوعی کیڑا جو مچھلی کے چارہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

Palmetto (pām-e-tō) *n.* Date tree yielding small dates چھوٹی کھجوروں کا درخت ۔

Palmiped (pām-i-ped) *adj.* & *n.* A web-footed bird جھلی دار پیروں والا ایک پرندہ ۔

Palmistry (pām-is-tri) *n.* Art of telling fortune from lines on the palm ہتھیلی کی لکیروں سے قسمت کا حال بتانے کا علم ۔

Palmist *n.* ہاتھ دیکھنے کا ماہر ۔ ہاتھ دیکھ کر قسمت کا حال بتانے والا ۔ دست شناس ۔

Palmy (pām-i) *adj.* Full of palm trees کھجور کے درختوں سے بھرا ہوا ۔ پرنخل ۔ خوش حالی کا ۔ کامرانی کا ۔ ترقی کا ۔

Palmy days عروج کا زمانہ ۔ خوش حالی کا زمانہ ۔

Palmyra (pal-mī-rā) *n.* Asiatic plant yielding toddy تاڑ کا درخت جس سے تاڑی نکلتی ہے ۔ اس کے پتوں سے چٹائی بنی جاتی ہے ۔

Palp-palpus (palp-pal-pus) *n.* A jointed sense organ کیڑوں کی موچھیں اور ناک جس سے چھو کر وہ کسی چیز کی موجودگی کا پتہ چلاتے ہیں ۔

palpable (palp-ə-bl) *adj.* That can be touched or felt ۔ چھونے کے قابل ۔ لمس کے لائق ۔ کھلی ہوئی ۔ واضح ۔ صاف ۔

Palpability *n.* محسوسیت ۔

Palpably *adv.* صریح طور پر ۔ محسوس ہوتے ہوئے ۔ ظاہر طور پر ۔

Palpate (pal-pāt) *v.t.* Examine by touch چھونا ۔ چھو کر معلوم کرنا ۔

Palpation *n.* چھو کر معلوم کرنے کا عمل ۔

Palpitate (pal-pi-tāt) *v.i.* Beat rapidly دھڑکنا ۔ اچھلنا ۔ دھک دھک کرنا ۔ پھڑکنا ۔ لرزنا ۔ تھرانا ۔ پھڑک اٹھنا ۔

Palpitation (pal-pi-ta-shən) *n.* Painful awareness of heart beat دھڑکن ۔ اختلاج قلب ۔ دل کی دھڑکن ۔ تکلیف دہ دھڑکن ۔

Palsgrave (pawlz-grāv) *adj.* A count palatine امیر خود مختار ۔ خود مختار رئیس ۔

Palstave (pawl-stāv) *n.* Bronze age axe کانسے کے دور کی کلہاڑی ۔ دھات کا ، پتھر کا اوزار ۔

Palsy (pawl-zi) *v.t.* & *n.* Loss of control or feeling ۔ وہ بیماری جس میں اعضا شل ہو جاتے ہیں ۔ ہاتھ پیروں کا بے حس ہونا ۔ بے بسی کی حالت ۔ شل کر دینا ۔ سن کر دینا ۔ بیکار کر دینا ۔

Palter (pawl-tər) *v.i.* Trifle in talk ۔ سخن سازی کرنا ۔ مکر کرنا ۔ گول مول بات کہنا ۔ حجت کرنا ۔ جھگڑنا ۔ کسی مسئلہ کو لا یعنی باتوں میں اڑا دینا ۔

Paltry (pawl-tri) *adj.* Mean, trashy ناکارہ ۔ بے حقیقت ۔ حقیر ۔ ادنیٰ ۔

Paltriness *n.* حقیر ہونا ۔ بے حقیقت ہونا ۔ معمولی ہونا ۔

Paludal (pal(y)oo-d') *adj.* Marshy دلدلی ۔ جہاں موسمی بخار کی کثرت ہو ۔

Pam (pam) *n.* The knave of clubs پھول کا غلام جو لو میں سب سے بڑا پتہ ہے ۔

Pampa (pam-pâ) *n.* A vast grassland in South America دریائے امیزان کے جنوب کا میدان جہاں لمبی گھاس ہوتی ہے مگر درخت نہیں ہیں ۔

Pamper (pam-pər) *v.t.* Over indulge زیادہ لاڈ پیار کرنا ۔ غیر معمولی خاطر مدارات کرنا ۔ ناز و نعمت سے پالنا ۔ لاڈ میں عادتیں بگاڑ دینا ۔

Pampered menial پیٹ بھرا لاپروا نوکر ۔ بگڑا ہوا نوکر ۔

Pampero (pam-pe-rō) *n.* Westerly wind مغربی تیز ، تند ہوا ۔

Pamphlet (pam-flit) *n.* A small book stitched but not bound - رسالہ ۔ چھوٹی سی غیر مجلد کتاب کتابچہ ۔ دو ورقہ ۔

Pamphleteer (pam-flit-yer) *n.* Writer of pamphlets کتابچے لکھنے والا ۔ پمفلٹ نویس ۔

Pan (pan) *n.* Broad shallow vessel کڑھائی - توا ۔ پرات ۔ لگن ۔ سینی ۔ بندوق کی کوٹھی ۔ کوئی کم گہرا گڑھا ۔ سخت مٹی کی تہہ ۔ پان کے پتے جو کھائے جاتے ہیں ۔

Pan (pan) *v.t.* Wash in a pan سونا ملی ہوئی مٹی کو تسلہ میں دھونا ۔

Pan (pan) *n.* Greek god of pastures and woods یونانیوں کا چراگاہوں ، جنگلوں اور مویشیوں کا دیوتا ۔ روح فطرت ۔ عالم جاہلیت ۔

Pan (pan) *prefix.* Meaning of all سابقہ جو "سب" کے معنی میں مستعمل ہے ۔

Pan-German کل جرمن نسل کے لوگوں کا سیاسی اتحاد ۔

Pan-Islam اتحاد عالم اسلام ۔

Panacea (Pan-ə-sē-ā) *n.* A universal medicine اکسیر اعظم ۔ ہر مرض کی دوا ۔ دکھ ہرن ۔

Panache (pa-nash) *n.* Plume پروں کی کلغی ۔ طرہ ۔ طمطراق ۔ ٹھاٹھ ۔ شیخی ۔ طرہ امتیاز ۔

Panama (pa-nə-mā) *n.* Straw-plaited hat ایک قسم کی ٹوپی جو درخت کی پتیوں سے بنتی ہے ۔

Panary (pa-nə-ri) *n.* Bread store ہوا دان ۔ نعمت خانہ ۔

Pancratium (pan-kra-shi-əm) *n.* Combination of wrestling and boxing (قدیم یونان) کشتی اور مکہ بازی کا مقابلہ ۔

Pancreas (pan-kri-as) *n.* Sweet bread, a large gland عنق الطحال ۔ لبلبہ ۔ پیٹ کے نیچے کے حصے کا ایک غدود ۔ میٹھی روٹی ۔

Panda (pan-dā) *n.* A remarkable bear like animal of the Himalayas ہمالیائی جنگلوں کا ایک شہ زور ریچھ کی قسم کا جانور ۔ ریچھ بلاؤ ۔

Pandect (pan-dekt) *n.* A treatise covering the whole of any subject کسی علم یا موضوع پر جامع اور مفصل کتاب ۔

Pandemic (pan-dem-ik) *adj.* & *n.* Epidemic over a wide area ایسی وبا جو ایک وسیع علاقہ تک پھیل جائے ۔

Pandemonium (pan-di-mo-ni-əm) *n.* Great hall of evil spirits وہ مقام جہاں ظلم و ستم کا دور ہو ۔ طوفان بد تمیزی ۔ ہلڑ ۔ ہنگامہ ۔ شور و غل ۔

Pander (pan-dər) *v.i., t.* & *n.* Procurer بھڑوا ۔ کٹنا ۔ قرم ساق ۔ دلال ۔ برے کاموں میں مدد دینے والا ۔ قرم ساق اور دلالی کرنا ۔ کٹناپا کرنا ۔

Pandiculation (pan-dik-u-la-shən) *n.* Act of yawning and stretching - انگڑائی ۔ کسمساہٹ -

Pandy (pand-i) *n.* & *v.t.* A stroke on the palm ہاتھ پر مارنا ۔ ہاتھ پر ضرب ۔

Pandora (pan-dō-rā) *n.* An eastern musical instrument ستار کی قسم کا ایک ساز ۔

Pandora's-box (pan-dō-rā-boks) *n.* The first woman made for Zeus brought a box full of evils (یونانی دیو مالا) پنڈورا جنت سے انسان کی دلپسند چیزیں ایک صندوق میں لائی تھی وہ صندوق کھل گیا اور ساری مصیبتیں دنیا میں پھیل گئیں صرف ایک امید باقی رہ گئی ۔

Pane (pān) *n.* A slab of window-glass کھڑکی کے خانہ کا شیشہ ۔ رنگ برنگ شطرنجی وضع کے شیشے کے ٹکڑے ۔

Pane (pān) *v.t.* Insert panes or panels کھڑکی میں شیشے یا لکڑی کے ٹکڑے لگانا ۔

Panegyric (pan-i-jir-ik) *n.* & *adj.* Laudation - مدح تعریف - ثنا - قصیدہ - مدحیہ -

Panegyrise (pan-i-jir-īz) *v.t.* Praise highly مدح کرنا - تعریف کرنا - قصیدہ لکھنا - مدحیہ نظم لکھنا -

Panegyrist *n.* ثنا خوان - قصیدہ گو - مدحیہ نظم لکھنے والا - مدح گو - مداح -

Panel (pan-l) *n.* Crude form of saddle پالان - چار جامہ - کاٹھی - چرمی کاغذ کا ٹکڑا - جیوری کی فہرست - دروازے کے اوپر کے حاشیہ پر جڑا ہوا تختہ - زنانے لباس میں دوسرے قسم کا ٹنکا ہوا کپڑا - بڑی لمبی تصویر -

Panel (pan-l) *v.t.* Furnish with panels گھوڑے پر پالان یا زین ڈالنا - دروازے میں درمیانی یا حاشیے پر تختے لگانا - زنانہ لباس میں دوسرے رنگ کے کپڑے کا جوڑ لگانا -

Pang (pang) *n.* A violent pain, painful emotion درد - درد کی ٹیس - فوری اور شدید صدمہ - جذباتی صدمہ -

Pangs of death جان کنی - نزع -

Pangless *adj.* بلا تکلیف -

Pangolin (pang-go-lin) *n.* The scaly ant-eater ایک قسم کا سور خور جانور -

Panic (pan-ik) *n.* Frantic fright ہیبت - ہول - خوف - دہشت - بے بنیاد خوف - دہشت جو دفعتاً پھیل جائے -

Panic-monger افواہیں پھیلانے والا - دہشت پھیلانے والا -

Panic-stricken (pan-ik-strik-en) *adj.* Struck with a sudden fear خوف زدہ -

Panicky *adj.* (بول چال) دہشت زدہ - خوف زدہ -

Panicle (pani-kl) *n.* Irregular inflorescence لمبی ٹھیوں والے پھولوں کا گچھا -

Panification (pan-i-fi-ka-shən) *n.* Conversion into bread روٹی پکانا - روٹی تیار کرنا -

Panjandrum (pan-jan-drəm) *n.* An imaginary figure of great importance خان خاناں کی دم - افلاطون کا سالہ - امارت کا جھوٹا مدعی -

Pannage (pan-ij) *n.* Food picked up by swine in the woods وہ چارہ جو سور جنگل میں کھاتے ہیں - سور کا کھانا - سور چرانے کی اجرت -

Pannier (pan-yər) *n.* A provision basket ٹوکری - بٹی - دہری ٹوکری - بند ٹوکری - دامن جو کمر سے لپیٹ لیا جائے -

Panniken (pan-i-kin) *n.* A small vessel کٹورا - کٹوری - آبخورہ - کٹوری بھر چیز -

Panoply (pan-ə-pli) *n.* Complete armour مکمل زرہ بکتر - مکمل فولادی لباس -

Panopticon (pan-op-ti-kon) *n.* A round prison in which prisoners can be watched from one point بنتھم کی یہ تجویز تھی کہ قید خانے گول بنائے جائیں اور پہرہ دار درمیان میں رہیں تاکہ تمام قیدیوں پر ایک ہی جگہ سے نظر رکھی جا سکے -

Panorama (pan-ə-rā-mā) *n.* Wide or complete view وسیع منظر جو نظر کے سامنے ہو - گرد و پیش کے مناظر - میربین کی تصویر -

Panoramic *adj.* پیش نگاہ - سیربین کاسا - مسلسل -

Pan-pipe (pan-pip) *n.* A musical instrument played by mouth منہ سے بجانے کا ارگن باجا -

Pansy (pan-zi) *n.* Name for various species of violet بنفشہ کے قسم کے پھولوں کا نام -

Pant (pant) *v.i.* & *n.* Gasp for breath ہانپنا - سانس پھولنا - دم چڑھنا - جی سے چاہنا - جان دینا - آرزو میں تڑپنا - دھڑکنا - اچھلنا - دھڑکن - دھڑدھڑاہٹ - دھک دھکی -

Pantagruelism (pan-tə-groo-əl-izm) *n.* Ironical buffoonery طنز آمیز مذاق - بیہودہ مذاق -

Pantalets (pan-tə-lets) *n.* Long frilled drawers worn by women پائجامے کی طرح کا زنانہ زیر جامہ - لہنگا - سائیکل کی سواری کا نیکر -

Pantaloon (pan-tə-lōōn) *n.* Various kind of trousers پتلون - پائجامہ - برجس نما پتلون -

Pantheism (pan-thē-izm) *n.* Doctrine that identifies God with the universe عقیدہ جس میں کائنات اور خدا کو ایک سمجھتے ہیں - ہمہ اوست - وحدت وجود - اصنام پرستی - دیوتاؤں کی پرستش - مظاہر پرستی - بت پرستی - شرک -

Pantheist *n.* وحدت الوجودی - مظاہر پرست - اصنام پرست - مشرک -

Pantheon (pan-the-on) *n.* A temple of all gods تمام دیوتاؤں کا مندر - کل دیوتا بحیثیت مجموعی - مشاہیر کا مقبرہ - یادگار - لندن کی ایک تماشا گاہ -

Panther (pan-thar) *n.* Leopard چیتا - بور بچہ - تیندوا -

Pantile (pan-til) *n.* A tile concave or convex in cross section ترچھا کویلو - آڑا کھپرا - ترچھا ٹائل -

Pantisocracy (pant-is-ok-ra-si) *n.* A community in which all should have equal power ایسی قوم جس میں بقول کولرج اور ساودی سب کا درجہ برابر ہو اور سب حکومت میں شریک ہوں -

Pantler (pant-lar) *n.* A man in charge of provisions داروغہ توشہ خانہ - مہتمم مطبخ -

Pantograph (pan-ta-graf) *n.* A jointed frame work of rods for copying plans ایک آلہ جس سے ہر تقطیع کے نقشے اور خاکے کی نقل ہو سکتی ہے -

Pantomime (pan-ta-mim) *v.t., i. & n.* Roman actor in dumb show چپ اداکار - اشاروں سے اداکاری کرنا - اشاروں سے مطلب ظاہر کرنا - اشاروں میں ادا کرنا -

Pantomimic *adj.* بھاؤ کا - چپ سوانگ کا - اشاروں سے -

Pantomimist *n.* اشاروں میں مطلب بتانے والا - چپ سوانگ کا اداکار -

Pantry (pan-tri) *n.* Room for provisions سودی خانہ - بھنڈار - نعمت خانہ - کھانے کی چیزوں کا کمرہ - برتنوں کا کمرہ - توشہ خانہ -

Pants (pants) *n.* Trousers پتلون - پائجامہ - لہنگا -

Pap (pap) *n.* Nipple, breast-like hills پستان کی گھنڈی - سرپستان - نپل - پہاڑ کی پستان نما چوٹی -

Pap (pap) *n.* Soft food for infants پتلی کھچڑی - نرم غذا - گلتھی - کھیر -

Pappy *adj.* رقیق - ملائم - پلپلا - نرم -

Papa (pa-pa) *n.* Father باوا - آبا - ابا جان - باوا جان -

Papacy (pa-pa-si) *n.* Office of pope, papal government پاپا کا عہدہ یا عہد حکومت - پاپائی نظام -

Papal (pa-pal) *adj.* Of pope پوپ کے متعلق - اسقف اعظم کا - منصب پاپائی کا -

Papalism *n.* پاپائی نظام یا حکومت کی حمایت -

Papaverous (pa-pa-ve-ras) *adj.* Having qualities of poppy خشخاش کے پودے کی مانند - خشخاس صفت -

Papaw (pa-paw) *n.* The tree corica-popaya پپیتا - پپیتے کا درخت اور پھل - پپیتے جیسا شمالی امریکہ کا ایک درخت -

Paper (pa-par) *n.* Material made for writing کاغذ - قرطاس - ورق - دستاویز - ہنڈی - تمسک - کاغذی نوٹ - تھیٹر کا پاس - پروانہ راہداری - امتحان کا پرچہ - اخبار - مضمون - مقالہ -

Paper (pa-par) *v.t.* Wrap in a paper کاغذ میں لپیٹنا - کاغذ لگانا - کاغذ سے آراستہ کرنا - تھیٹر کے پاس بانٹنا -

Paper money نوٹ - بنک کے چیک -

Paper-weight کاغذ دبانے کا شیشہ -

Paper-cutter کاغذ تراش -

Waste paper ردی کاغذ -

Papilla (pa-pil-a) *n.* A small nipple-like protuberance سرپستان کی شکل کا دانہ - پھنسی گوبڑی - ابھار -

Papist (pa-pist) *n.* Worshipper of pope پوپ پرست - پوپ کے اقتدار کا حامی -

Papistry *n.* پوپ کی حمایت - پوپ پرستی -

Papoosh (pa-poosh) *n.* Shoe پاپوش - جوتا - زیر پائی -

Papula (pap-u-la) *n.* A pimple چھالہ - آبلہ - پھنسی - دانہ -

Papular *adj.* پھنسی کا - آبلے کا -

Papulose *adj.* آبلہ دار - پھنسی دار -

Papyrus (pa-pi-ras) *n.* The paper reed نرسل کی قسم کا ایک پودا - پیپرس کے بنے ہوئے ورق - کوئی تحریر جو پیپرس کے اوراق پر ہو -

Par (pa͂r) *n.* Equal value, state of equality - مساوات - برابری - مساوی قیمت - فقرہ - جملہ -

Par (pȧr) *prefix* Beyond - سابقہ بمعنی آگے - باہر - ماورا -

Above par - بڑھا ہوا -

At par - اسی قیمت پر -

Below par - گھاٹے سے -

Parable (par-a-bl) *n.* Similitude - تمثیل - مثال - نظیر - قصہ جس میں تمثیل کے پیرائے میں کوئی حقیقت بیان کی گئی ہو - معمہ - پر اسرار قول -

Take up one's parable - داستان شروع کرنا -

Parabola (pa-rab-a-lā) *n.* A curve, one of the conic sections - شلجمی شکل - بیضوی شکل -

Parabole (pə-rab-əl) *n.* Simile or metaphor - تشبیہ - تمثیل - استعارہ -

Parabolic (par-əb-o-lik) *adj.* Expressed by a parable - تمثیلی - مثالیہ رنگ کا - حکایت کے پیرائے میں -

Paraboloid (pa-rə-bo-lod) *n.* A surface generated by the rotation of a parabola on its axis - شلجم نما ٹھوس شکل -

Parachronism (par-ak-rən-ism) *n.* An error in dating - کسی واقعہ کی تاریخ غلط بتانا - تاریخ کی غلطی -

Parachute (par-ə-sho͞ot) *n.* Air umbrella for descending from a height - ہوا سے زمین پر بحفاظت اترنے کی چھتری - محافظ چھتری -

Parachutist - چھتری کھول کر ہوائی جہاز سے کودنے والا -

Paraclete (par-ə-klet) *n.* Holy Ghost - فار قلیط - روح القدس - شفیع -

Parade (pə-rād) *v.t.* & *i.* Expose to public attention - فوج کی صف آرائی کرنا - فوج کو گزارنا - نمائش کرنا - شان سے چلنا پھرنا -

Parade (pə-rad) *n.* Show, display - نمائش - اظہار - نمود - دکھاوا - کر و فر - شان و شکوہ - فوجی مظاہرہ - چوک - خیابان - میدان -

Make a parade of one's virtues - اپنی خوبیوں کی نمائش کرنا -

Paradigm (par-ə-dīm) *n.* An example - مثال - نمونہ - اسم و فعل کی گردان کا نقشہ -

Paradise (par-ə-dīs) *n.* Park or pleasure ground - باغ رضوان - بہشت - جنت - روحانی سعادت اور مسرت - وہ مقام جہاں رنج نہ ہو - چڑیا خانہ جو باغ میں ہو -

Bird of paradise - جنت کا طائر - ایک خوبصورت چڑیا -

Paradisiacal *n.* - جنتی - فردوسی -

Parados (par-ə-dos) *n.* Earth work protection for a rear attack - پشت کی طرف کے حملے سے بچاؤ کا کچا پشتہ یا دھس - قلعہ کا پشتہ -

Paradox (par-ə-doks) *n.* A self-contradictory statement - وہ بات جو بظاہر غلط مگر حقیقت میں صحیح ہو - کسی مسلمہ خیال کے خلاف بات - قول متناقض - قول محال - بظاہر مہمل بات - محال مجسم -

Paradoxist *n.* - متناقض باتیں کہنے والا -

Paradoxical *adj.* - خلاف قیاس - محال - متناقض -

Paradoxy (par-ə-dok-si) *n.* The quality of being paradoxical - متضاد بات - تناقض - الٹی بات -

Paraffin (par-ə-fin) *v.t.* & *n.* Saturated hydrocarbon - ایک بے رنگ اور بے بو چکنی چیز جو پٹرول کو صاف کرکے بنائی جاتی ہے - کسی چیز میں پیرافین ڈالنا - پیرافین استعمال کرنا -

Paragoge (par-ə-gō-je) *n.* An addition to the end of a word - لفظ کے آخر میں کسی حرف کا اضافہ کرنا -

Paragon (par-ə-gon) *v.t.* & *n.* Model of perfection - کمال - کامل - خوبیوں کا مجموعہ - خیر مجسم - سو قراط کا ہیرا - مقابلہ کرنا - تشبیہ دینا -

Paragram (par-ə-gram) *n.* Play upon words - ضلع جگت - صنعت لفظی -

Paragraph (par-ə-graf) *v.t.* & *n.* A short passage of a few sentences - پیرا - فقرہ - عبارت کا ایک ٹکڑا - ٹکڑوں میں تقسیم کرنا - فقروں میں تقسیم کرنا -

Paragraphist *n.* - (اخبار میں) مختصر خبریں لکھنے والا - پیرا گراف لکھنے والا -

Paragraphy *n.* - فقروں میں الگ الگ خبریں لکھنا -

Paraheliotropism (par-ə-he-li-o-trop-izm) *n.* Turning edge-wise to the light پودوں کا یہ میلان کہ وہ روشنی کی طرف پتوں کی نوکیں پھیر دیتے ہیں ۔

Parakeet-oquet (par-a-ket) *n.* A long-tailed parrot ۔ ایک قسم کا طوطا جس کی دم لمبی ہوتی ہے ۔

Parakite (par-ə-kīt) *n.* A kite which is used as a parachute ایک پتنگ جو محافظ چھتری کا کام دیتا ہے اور سائنسی تجربات میں کام آتا ہے ۔

Paralipsis (par-ə-lip-sis) *n.* A figure by which one fixes attention on something which he denies صنعت ترک تاکیدی ۔ کسی خوبی پر متوجہ کرنے کے لیے اس کا انکار کرنا ۔

Parallax (par-ə-laks) *n.* An apparent change in the position of an object caused by change of observer's position اختلاف زاویہ ۔ مشاہدہ کرنے والے کی تبدیلی مقام سے کسی چیز کا ہلتا ہوا یا ہٹتا ہوا نظر آنا ۔ سفر میں ریگ صحرا بھی رواں معلوم ہوتی ہے ۔

Parallel (par-e-lel) *adj. & n.* Extending equidistant in the same direction متوازی ۔ خط متوازی ۔ مشابہ ۔ ایک جیسا ۔ ثانی ۔ مثیل ۔ مثل ۔ نظیر ۔ وہ شخص جو ہو بہو دوسرے جیسا ہو ۔ متوازی موقع یا جگہ ۔

Draw a parallel between two things دو چیزوں کا مقابلہ کرنا ۔

Parallel (par-ə-lel) *v.t. & i.* Place so as to be parallel, to confirm, to match دو چیزوں کا مقابلہ کرنا ۔ دو چیزوں میں مشابہت دکھانا ۔ مقابلہ میں پیش کرنا ۔ مد مقابل ہونا ۔ مثل یا نظیر ہونا ۔

Parallelism (par-ə-lel-izm) *n.* Theory that mind and matter act on parallel lines متوازیت ۔ مساوات ۔ یہ نظریہ کہ انسانی ذہن اور مادہ متوازی خطوط پر عامل ہے ۔

Parallelogram (per-ə-lel-o-gram) *n.* Four-sided figure in which opposite sides are equal شکل جس کے آمنے سامنے کے اضلاع متوازی ہوں ۔ متوازی الاضلاع شکل ۔

Paralogism (pə-rel-ə-jizm) *n.* False reasoning ناقص یا غیر منطقی استدلال ۔

Paralyse (pə-ra-līs) *v.t.* Lose power of motion بے حس کر دینا ۔ بے حرکت کر دینا ۔ بیکار کر دینا ۔ نکما کر دینا ۔ فالج یا لقوہ زدہ کر دینا ۔

Paralysation *n.* مفلوج ہو جانا یا کر دینا ۔ بے حس ہو جانا ۔

Paralysis (pə-ral-ī-sis) *n.* Loss of power of motion فالج ۔ لقوہ ۔ بے بسی ۔ معذوری ۔ جسم کے کسی حصہ کا بے حس ہو جانا ۔ ہاتھ پیر کا بیکار ہو جانا ۔ بے بسی کی حالت ۔

Paralytic (pə-ral-ī-tik) *adj.* Afflicted with paralysis مفلوج ۔ عاجز ۔ معذور ۔ نکما ۔

Paramagnetic (par-ə-mag-net-ik) *adj.* Magnetic in the ordinary sense قطبی ۔ مقناطیسی ۔ جو مقناطیس قطبین کی طرف کھچنے کی صلاحیت رکھتا ہو ۔

Parameter (pə-ram-i-tar) *n.* A line or quantity which serves to determine a point, line or quantity in a class of such things وہ مقدار جو زیر غور صورت میں متعین ہو مگر اور صورتوں میں غیر معین ہو ۔

Paramo (pȧ-rȧ-mō) *n.* A bare wind-swept plain in South America جنوبی امریکہ میں ایک بے برگ و بار سطح مرتفع کا بنجر میدان ۔

Paramount (par-ə-mownt) *adj.* Supreme بڑا ۔ اعلیٰ ۔ سب سے اعلیٰ ۔ سب سے برتر ۔ خاص ۔

Paramountcy *n.* اقتدار اعلیٰ ۔

Paramour (par-ə-mōōr) *n.* A lover of either sex یار ۔ آشنا ۔ عاشق ۔ منظور نظر ۔ عورت جس کا ناجائز تعلق کسی مرد سے ہو ۔

Paranoia-noea (par-ə-noi-ȧ) *n.* Form of insanity with fixed delusions مالیخولیا ۔ خلل دماغ ۔ اپنی بڑائی کا جنون ۔ دماغی خلل جس میں انسان اپنے آپ کو بہت بڑا سمجھتا ہے ۔

Paranymph (par-ə-nimf) *n.* A groomsman or a bridesmaid دولہا کا ساتھی یا دلہن کی سہیلی ۔ شہ بالا ۔

Parapet (par-ə-pit) n. A bank or wall to protect soldiers from enemy fire دیوار - پشتہ - دمدمہ - مورچہ -

Paraph (par-af) n. Flourish under one's signature قلم کی کشش جو دستخط کے آخر میں ہوتی ہے -

Paraphernalia (par-ə-fər-nal-i-a) n. Articles of any kind ذاتی اسباب - ذاتی ساز و سامان - عورت کا جہیز - زیور - لباس - مال و اسباب - اسباب آرائش وغیرہ -

Paraphrase (par-ə-frāz) n. Expression of the same thing in other words تشریح - توضیح - کسی بات کو دوسری طرح بیان کرنا - کسی تحریر کا مطلب اپنے الفاظ میں بیان کرنا - مفصل بیان - توضیحی عبارت -

Paraplegia (par-ə-ple-j(y)ä) n. Paralysis of lower part of the body نیچے کے دھڑ کا فالج - آدھے دھڑ کا فالج -

Paraquito (par-ə-ke-to) n. A kind of parrot ایک قسم کا طوطا -

Parasang (par-ə-sang) n. An old Persian measure of length فرسنگ - فرسخ - سوا تین میل کا فاصلہ -

Paraselene (par-ə-se-le-ne) n. A mock moon روشن داغ جو چاند میں نظر آتا ہے - ماہ کاذب -

Parasite (par-ə-sīt) n. An organism which lives on another organism مفت خور - طفیلی - ہر دیگ چمچہ - وہ پودا جو درختوں پر پھیل جاتا ہے - طفیلی پودا - طفیلی جراثیم -

Parasitic-al adj. دوسروں پر گزارا کرنے والا - مفت خور - طفیلی -

Parasitism n. طفیلی پن - دوسروں کے صدقے میں پلنا - طفیلی ہونا -

Parasiticide n. جراثیم کش دوا - وہ چیز جو طفیلی جراثیم کو ہلاک کرتی ہے -

Parasitize (par-ə-si-tīz) v.t. Make parasitic طفیلیوں سے بھر دینا - طفیلی بنانا -

Parasol (par-ə-sol) n. A sun-shade چھتری - آفتابی - زنانہ چھتری - چھوٹی چھتری -

Parasynthesis (par-ə-sin-thi-sis) n. Derivation of words from compounds لفظ کا کسی مرکب سے مشتق ہونا -

Parataxis (par-ə-tak-sis) n. Arrangement of clauses without conjunction کئی جملوں کا بغیر حرف ربط یکے بعد دیگرے آنا -

Paratyphoid (par-ə-ti-foid) n. A disease resembling typhoid میعادی بخار سے ملتی ہوئی بیماری - تپ میعادی - نقلی موتی جھیرا -

Paravail (par-ə-vāl) adj. Inferior, lowest ادنیٰ - کمترین -

Paravane (par-ə-vān) n. A fish-shaped device for deflecting mines بارودی سرنگوں کو بےکار کرنے کا آلہ جو جہازوں میں آگے لگایا جاتا ہے -

Parboil (pär-boil) v.t. Boil slightly, boil thoroughly نیم جوش کرنا - نیم گرم کرنا - زیادہ ابالنا - اچھی طرح سے ابالنا -

Parbuckle (par-buk-l) n. & v.t. A sling made by a rope ڈول پھندا - رسی کا دھرا پھندا جس میں پیپا وغیرہ رکھ کر جہاز سے اتارتے ہیں - ڈول پھندے سے لٹکانا اور اوپر کھینچنا -

Parcel (par-sl) adv. & n. A set, pack, lot or an item بستہ - بقچہ - ڈبا - گٹھری - حصہ - ٹکڑا - قطعہ - کسی قدر - جزوی طور پر -

Parcel (par-sl) v.t. Divide into portions بانٹنا - تقسیم کرنا - حصے بخرے کرنا - رسے پر کرمچ کی دھجیاں لپیٹنا - درزیں بند کرنا -

Parcelling (par-sel-ing) n. Portions بقچہ - گٹھری - پنڈل - تار کول لگی کرمچ کی دھجیاں -

Parcenary (par-sən-er-i) n. Co-heirship مشترکہ وراثت - وراثت کا حصہ دار - شریک -

Parcener (par-sən-ər) n. Co-heir شریک وراثت - پٹی دار - ساجھی - حصہ دار -

Parch (parch) v.t. Roast slightly بھوننا - بریاں کرنا - سکھانا - خشک کر دینا - خشک ہو جانا - پیاس سے حلق میں کانٹے پڑ جانا -

Parchment (parch-mənt) n. Any thing to write on چرم - چرمی کاغذ - چرمی کاغذ پر لکھی ہوئی تحریر - جھلی کی طرح کی چھال -

Pard (pard) *n.* Leopard گل بگھا ۔ بور بچہ ۔ تیندوا ۔ چیتا ۔

Pard (pard) *n.* Partner (بول چال) شریک ۔ ساجھی ۔ ساتھی ۔ دوست ۔ رفیق ۔

Pardon (par-dn) *n.* Forgiveness چھٹکارا ۔ نجات ۔ معافی ۔ خلاصی ۔ رہائی ۔ عفو گناہ ۔ جشن عفو گناہ ۔ سزا کی معافی ۔

Pardon (par-dn) *v.t.* Forgive, refrain from exacting معاف کرنا ۔ بخش دینا ۔ چھوڑ دینا ۔ در گزر کرنا ۔ عذر قبول کرنا ۔

Pardon me معاف کیجیے ۔

Pardonable *adj.* در گزر کرنے کے قابل ۔ قابل معافی ۔

Pardoner (par-d-nər) *n.* One who pardons خطا بخش ۔ معاف کرنے والا ۔ وہ شخص جس کو کلیسا کی طرف سے روپیہ لے کر گناہ معاف کرنے کی اجازت ہو ۔

Pare (par) *v.t.* Cut or shave the outer surface of edge کاٹنا ۔ کترنا ۔ تراشنا ۔ چھلکا اتارنا ۔ مونڈنا ۔ تراش دینا ۔ کاٹ دینا ۔

Pare nail to the quick کچے ناخن کو کاٹنا ۔

Parer کاٹنے والا ۔ تراشنے والا ۔

Paring *n.* تراشنا ۔ چھیلنا ۔ چھیلا ہوا حصہ ۔ تراشہ ۔

Paregoric (par-i-gor-ik) *n.* & *adj.* Soothing مسکن دوا ۔ درد کو کم کرنے والی دوا ۔ الکحل میں حل کیا ہوا کافور ۔

Pareira (pə-rā-rȧ) *n.* A tropical plant the root of which is used as a medicine ایک برازیلی پودا جس کی جڑ دوا کے کام آتی ہے ۔

Parent (pa-rənt) *n.* One who begets or brings forth مادر ۔ پدر ۔ ماں باپ ۔ والد ۔ والدہ ۔ مورث ۔ وہ جس سے ورثہ پہنچے ۔ وہ درخت یا جانور جس سے اور درخت اور جانور پیدا ہوں ۔ منبع ۔ سر چشمہ ۔ جڑ ۔

Parental *adj.* بزرگانہ ۔ مشفقانہ ۔ مادری ۔ پدری ۔

Parenticide (pā-rənti-sīd) *n.* Destroying parents والدین کشی ۔

Parentage (pā-rənt-āg) *n.* Relation of parents to their children اصل ۔ نسب ۔ نسل ۔ خاندان ۔ گھرانہ ۔ سلسلہ نسب ۔

Parenthesis (pə-ren-thi-sis) *n.* A word or passage inserted in a sentence جملہ معترضہ ۔ جملہ معترضہ کی علامت ۔ قوسین ۔ واوین ۔

Parenthesise (pə-ren-thi-sīz) *v.t.* Mark off a parenthesis جملہ معترضہ کے طور پر داخل کرنا ۔ جملہ معترضہ کا نشان بنانا ۔ قوسین کے اندر رکھنا ۔

Parenthetic (pə-ren-thi-tik) *adj.* Of a parenthesis جملہ معترضہ کے طور پر ۔ جملہ معترضہ کے متعلق ۔

Paresis (par-i-sis) *n.* A partial form of paralysis فالج کی ایک قسم جس میں اعصابی حرکت زائل ہو جاتی ہے مگر حس باقی رہتی ہے ۔

Par excellence (par-eks-i-lens) *adj.* The best سب سے بڑھ کر ۔ سب سے اچھا ۔ بدرجہ کمال ۔

Parget (par-jit) *v.t.* & *n.* Plaster over استر کاری کرنا ۔ رنگ ۔ روغن ۔ قلعی ۔

Pariah (pa-ri-ȧ) *n.* One of low or no caste چاروں ذاتوں سے نیچے کا آدمی ۔ ہندوستانی اچھوت ۔ نیچ قوم کا آدمی ۔ وہ جس کو برادری سے خارج کر دیا گیا ہو ۔

Pariah dog ہندوستان کا کتا جو مارا مارا پھرتا ہو ۔

Parian (pa-ri-ən) *adj.* Of the island of Paros جزیرہ پاروس کا (جہاں کا سفید سنگ مرمر مشہور ہے ۔)

Paring (par-ing) *n.* Act of trimming قلم کرنے کا عمل ۔ کترن ۔ تراشہ ۔

Paris (par-is) *n.* The capital of France فرانس کا دارالحکومت ۔

Paris blue ایک قسم کا نیلا رنگ ۔

Paris green جراثیم کش زہریلا رنگ ۔

Paris cohite پالش کے کام کا عمدہ قسم کا سفیدہ ۔

Parish (pər-ish) *n.* A district having its own church and priest پادری کا علاقہ ۔ کلیسائی حلقہ ۔ کلیسائی حلقہ کے کل باشندے ۔

Parishioner (pə-rish-ə-nər) *n.* One who belongs to a parish کسی کلیسائی حلقہ کا رہنے والا ۔

Parisian (par-is-i-ən) *adj.* & *n.* A citizen of Paris پیرس کا باشندہ ۔ پیرس کا شہری ۔

Parity (par-i-ti) *n.* Equality of status یکسانیت ۔ مساوات ۔ برابری ۔ مشابہت ۔ (تجارت) مساوات زرمبادلہ ۔

Park (park) *n.* An enclosed piece of land for beasts of chase شکار گاہ ـ جنگلی جانوروں کی حفاظت کی جگہ ـ چرا گاہ ـ رمنا ـ سبزہ زار ـ توپ خانہ کا پڑاؤ ـ موٹروں کی کھڑے کرنے کی جگہ ـ

Park (park) *v.t.* Enclose in a park گھیرنا ـ بند کرنا ـ احاطہ میں رکھنا ـ کسی قطعہ اراضی کو پارک بنانا ـ موٹروں کو ان کی جگہ پر کھڑا کرنا ـ

Parky (pärk-i) *adj.* Cool (بول چال) ٹھنڈی ہوا ـ

Parlance (pär-ləns) *n.* Mode of speech گفتگو ـ کلام ـ محاورہ ـ بولی ـ روز مرہ ـ بات چیت ـ گفتگو ـ گفت و شنید کی صحبت ـ مجلس جس میں بحث ہو ـ (فوج) شرائط صلح وغیرہ کے متعلق گفت و شنید ـ

Parley (pärl-i) *v.t.* & *i.* Confer, speak with another شرائط صلح کے متعلق گفتگو کرنا ـ قول و قرار کرنا ـ معاملات طے کرنا ـ شرئط طے کرنا ـ

Parley-voo *n.* & *v.t.* (بول چال) فرانسیسی ـ فرانسیسی بولنا ـ

Parliament (pär-lə-mənt) *n.* A legislative body پارلیمنٹ ـ برطانیہ کی مجلس قانون ساز ـ ادرک کے خستہ بسکٹ ـ میٹھی ٹکیاں ـ

Parliamentarian (pär-lə-mənt-a-riyən) *n.* One skilled in the ways of parliament پارلیمنٹ کے مباحثے میں مہارت رکھنے والا ـ پارلیمنٹ کا حامی ـ

Parliamentary (pär-lə-mənt-a-ri) *adj.* Enacted by parliament پارلیمنٹ کا منظور کردہ ـ مجلس قانون ساز کا ـ پارلیمنٹ کے شایان شان ـ مہذب (زبان جو پارلیمنٹ میں استعمال کی جاتی ہے) ـ

Parlour (pär-lər) *n.* Private room for conversation ملاقات کا کمرہ ـ دیوان خانہ ـ خلوت خانہ ـ بیٹھک ـ

Parlous (pär-ləs) *adj.* perilous خطرناک ـ کٹھن ـ دشوار ـ مشکل ـ کمال کا ـ ہوشیاری کا ـ

Parnassus (pär-nas-əs) *n.* A mountain in Greece یونان کا ایک پہاڑ جو قدیم زمانے میں فنون لطیفہ کی دیویوں کا مسکن سمجھا جاتا تھا ـ

Parochial (pə-ro-ki-əl) *adj.* Relating to a parish کلیسائی حلقے کا ـ کسی محدود حلقہ کا ـ مقامی ـ

Parochialism *n.* مقامی عصبیت ـ اپنے حلقہ کے معاملات کو اہمیت دینا ـ

Parochially *adv.* مقامی مفاد کے پیش نظر ـ مقامی حلقہ کے لحاظ سے ـ

Parody (par-ə-di) *v.t.* & *n.* A burlesque imitation مضحکہ انگیز نقل ـ مزاحیہ سوانگ ـ تضمین جس سے معنی بدل جائیں ـ نقل کرکے ہنسی اڑانا ـ مضحکہ خیز نقل کرنا ـ

Parodist طنز نگار ـ ظرافت نگار ـ

Parole (pə-rol) *n.* Word of honour قول ـ اقرار ـ زبانی وعدہ ـ وعدہ جس کا پورا کرنا اپنی عزت قائم رکھنے کے لیے ضروری ہو ـ قیدی کو اقرار لے کر رہا کرنا ـ لفظ یا علامت شناخت ـ

On parole پرول پر رہا کیا ہوا قیدی ـ

Paronomasia (par-on-o-ma-sya) *n.* A play upon words رعایت لفظی ـ ضلع جگت ـ ابہام ـ

Paroquet (pa-ro-keet) *n.* Parakeet دیکھو

Parotid (pə-rot-id) *adj.* & *n.* Of the ear, parotid gland کان کے پاس کا ـ کان کے پاس کا غدود ـ

Paroxysm (par-oks-ism) *n.* Fit of pain or passion دورہ ـ باری ـ کسی بیماری کا دورہ ـ غلبہ ـ جذباتی دورہ ـ

Parpen (par-pən) *n.* A stone passing through a wall face to face دو رخا پتھر ـ وہ پتھر جو دیوار کے دونوں رخوں پر نمایاں ہو ـ

Parquet (par-ka) *v.t.* & *n.* A floor-covering of wooden blocks لکڑی کا فرش ـ لکڑی کا فرش کرنا ـ کمروں کے فرش پر تختے جڑنا ـ

Parricide (par-i-sid) *n.* Murder of a parent, one who murders پدر کش ـ محسن کش ـ بزرگ کش ـ پدر کشی ـ غداری ـ قوم فروشی ـ

Parrot (par-ət) *v.t.* & *n.* Bird with brilliant plumage and hooked bill طوطا ـ طوطے کی طرح نقل کرنے والا ـ طوطے کی طرح رٹنا اور دہرانا ـ طوطے کی طرح بے سمجھے بوجھے بولتے جانا ـ

Parrotry *n.* بے سمجھے بوجھے رٹ لگانا ـ طوطے کی طرح دوسروں کے الفاظ کو دہرانا ـ

Parry (par-i) *v.t.* & *n.* Ward or keep off روکنا ـ خالی دینا ـ دور کرنا ـ حملے کو روکنا ـ اعتراض ٹال دینا ـ توڑ ـ روک ـ

Parse (pär-z) *v.t.* Describe fully, analyse تجزیہ کرنا - اجزائے کلام کی تشریح کرنا - ترکیب معلوم کرنا - جملہ اور الفاظ کی نوعیت بتانا -

Parsee (pär-sē) *n.* A follower of Zoroaster who migrated to India from Persia - پارسی - زردشتی - آتش پرست -

Parsimony (pär-si-mən-i) *n.* Praiseworthy economy کفایت شعاری - جزرسی - معمولی چیزوں میں جزرسی - بخل - کنجوسی -

Parsimonious *adj.* دیکھ کر خرچ کرنے والا - کفایت شعار -

Parsimoniousness *n.* جزرسی - کفایت شعاری -

Parsley (pärs-li) *n.* A herb with finely-scented leaves اجمود کی قسم کا پودا جس کی پتی خوشبودار ہوتی ہے - اجوائن خراسانی -

Parsnip (pärs-nip) *n.* A plant yielding edible root ایک قسم کی گاجر -

Parson (pär-sn) *n.* The priest of a parish کلیسائی حلقہ کا پادری جس کے گرجے کی آمدنی کسی وقف یا جاگیر سے ہو یا نہ ہو - (بول چال) ہر پادری -

Parsonage (pärs-ən-aj) *n.* Residence of a parson پادری کا مکان -

Part (pärt) *adv. & n.* Some and not all حصہ - ٹکڑا - جز - عضو - الگ - جسم کا حصہ - حصہ کا کام - مقررہ خدمت - اداکار کا ناٹک میں حصہ - سر - لے - آواز - (جمع) لیاقت - علم و فضل - قابلیت - خطہ - علاقہ -

Partly *adv.* کچھ کچھ - تھوڑا سا - قدرے -

Part of speech جز کلام -

For my part جہاں تک میرا تعلق ہے - میری طرف سے -

For the most part عموماً -

Take in bad or ill part برا یا بھلا جاننا -

Take part in جانب داری کرنا - کسی کام میں شریک ہونا -

Take one's part پاسداری کرنا -

Play one's part well اپنا حق ادا کرنا -

Part (pärt) *v.t. & i.* Divide or distribute تقسیم کرنا - بانٹنا - علیحدہ علیحدہ کرنا - پھاڑنا - الگ کرنا - جدا کرنا - چھوڑا دینا - جدا ہونا - رخصت ہونا - (بول چال) جیب سے روپیہ خرچ کرنا - حصے کرنا -

Partake (pär-tāk) *v.t. & i.* Have a part or share شریک ہونا - حصہ لینا - تناول کرنا - نوش کرنا - کسی عادت یا صفت کا رنگ پایا جانا -

Parterre (pär-ter) *n.* An arrangement of flower beds تختہ باغ - پھولوں کے تختوں کی ترتیب - چمن - گلزار (تھیٹر) سامعین کی نشست گاہ کی نیچے کی منزل -

Parthian (pär-thi-ən) *n.* A native of Parthia ایک قدیم ایشیائی سلطنت پارتھیا کا باشندہ -

Parthian glance وہ نظر جو چلتے وقت ڈالی جائے - نگاہ واپسیں -

Parthian shaft رخصتی کے وقت کی چوٹ - چلتے وقت کی چوٹ -

Partial (pär-shl) *adj.* Relating to a part تھوڑا - قدرے - کم - ایک جز کا - طرفدار - حامی - حامی - جانب دارانہ -

Partiality (pär-sh-ə-li-ti) *n.* Favouring one person or party جانب‌داری - طرفداری - بے جا حمایت - میلان -

Partible (pärt-i-bl) *adj.* That can and must be divided تقسیم پزیر - جدا کرنے کے قابل - علیحدگی کے قابل - تقسیم کے قابل -

Participate (pär-tis-i-pat) *v.t. & i.* Have a share, partake شریک ہونا - شامل ہونا - مشتمل ہونا - شرکت کرنا - ملنا - کسی خاصیت میں شریک ہونا -

Participant *n.* حصہ‌دار - ساجھی - شرکت کرنے والا -

Participation *n.* اشتراک - شمولیت - شرکت -

Participle (pär-ti-sip-l) *n.* Word combining function of adjective and verb صفت فعلی - وہ صفت جس میں فعلیت بھی پائی جائے -

Particle (pär-ti-kl) *n.* A very small portion ذرہ - ٹکڑا - ریزہ - خفیف مقدار - (قواعد) حرف - سابقہ - لاحقہ -

Particoloured (pärti-kul-ərd) *adj.* Having a coat of various colours مختلف رنگوں والی - بوقلموں - گوناگوں -

Particular (pər-tik-u-lər) *adj.* & *n.* Relating to a part خاص ۔ مخصوص ۔ عجیب ۔ نرالا ۔ انوکھا ۔ غیر معمولی ۔ قابل ذکر ۔ دقیقہ رس ۔ جز رس ۔ جزئیات پر زور دینے والا ۔ نفاست پسند ۔ نازک مزاج ۔ مد ۔ شق ۔ جز (جمع) مفصل کیفیت ۔ تفصیل ۔

Particularity *n.* تفصیل ۔ تخصیص ۔ خصوصیت ۔

Particularly *adv.* خاص طور پر ۔ خاص کر ۔ بالخصوص ۔

Particularism (pər-tik-u-lər-izm) *n.* Doctrine that salvation is offered only to particular individuals یہ عقیدہ کہ صرف مخصوص افراد ہی ناجی ہو سکتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کا انتخاب کرتا ہے ۔ فرقہ پرستی ۔ یہ اصول کہ سلطنت کے اندر ہر ریاست آزاد ہو ۔

Particularist *n.* نجات کے متعلق فضل ربی کا امیدوار ۔ حکومت کے اندر ریاستوں کی آزادی کا حامی ۔ فرقہ پرست ۔

Particularise (pər-tik-u-lər-īz) *v.t.* Innumerate in detail جدا جدا بیان کرنا ۔ شرح کے ساتھ لکھنا یا کہنا ۔ مفصل بیان کرنا ۔ نام بہ نام ذکر کرنا ۔ تخصیص کرنا ۔

Particularization *n.* نام بہ نام ذکر ۔ تفصیل ۔ تخصیص ۔

Parting (pärt-ing) *n.* Leave taking, dividing line جدائی ۔ علیحدگی ۔ تفرقہ ۔ تجزیہ ۔ وداع ۔ بالوں کی مانگ ۔

Partisan (pär-ti-zan) *n.* A blind or unreasoning adherent of a party ہمراہی ۔ طرفدار ۔ رفیق ۔ کسی جماعت کا پر جوش حامی ۔ ہنگامی فوج کا سپاہی ۔

Partisanship *n.* کورانہ حمایت ۔ بے جا حمایت ۔ طرفداری ۔

Partisan (pär-ti-zān) *n.* A kind of long-handled weapon لمبے دستے کا نیزہ ۔ برچھا ۔ بلم ۔

Partite (par-tit) *adj.* Divided, cut nearly to the base پھٹا ہوا ۔ دریدہ ۔ جوتنے تک پھٹا ہوا ہو ۔

Partition (pär-tish-ən) *v.t.* & *n.* State of being divided تقسیم ۔ بٹوارہ ۔ حصہ ۔ درجہ ۔ درمیانی دیوار ۔ اوٹ ۔ حصوں میں تقسیم کرنا ۔

Partitive (pär-ti-tiv) *adj.* & *n.* Distributive وہ لفظ جو کل کی جز کو ظاہر کرتا ہے ۔ جیسے کچھ کلمہ تخصیص ۔ ہے ۔ تخصیص کا کام دینے والا ۔

Partlet (pärt-lit) *n.* Proper name for a hen ایک قصے میں مرغی کا نام ۔ مرغی بیگم ۔ عورتوں کے لیے بھی آتا ہے ۔

Partly (pärt-li) *adv.* In some degree کچھ ۔ تھوڑا سا ۔ جزوی طور پر ۔ کسی قدر ۔

Partner (pärt-nər) *n.* & *v.t.* Sharer, to join as a sharer شریک ۔ ساتھی ۔ ساجھی ۔ حصہ دار ۔ راجہ رانی ۔ میاں بیوی ۔ رفیق حیات ۔ رفیق رقص ۔ ہم دست ۔ جوڑا ۔ ایک کو دوسرے کا ساتھی بنانا ۔ جوڑا بنانا ۔ ساجھی ہونا ۔

Partnership *n.* حصہ داری ۔ ساجھا ۔ شرکت ۔

Sleeping partner *n.* کام یا محنت میں شامل نہ ہونے والا ساتھی ۔

Partridge (pär-trij) *n.* Any member of game birds of pheasant family تیتر ۔ دراج ۔ چکور ۔

Parturient (par-tu-ri-ənt) *adj.* Bringing or about to bring forth جو بچہ دینے کے قریب ہو ۔ جننے والی ۔ پیدا کرنے والا (معانی) ۔

Parturition (pär-tu-ri-shən) *n.* Act of bringing forth بچہ جننا ۔ زچگی ۔ معنی پیدا کرنا ۔ تخلیق معانی ۔ وضع حمل ۔

Party (pärt-i) *n.* A united body of persons جتھا ۔ جماعت ۔ گروہ ۔ فرقہ ۔ حزب ۔ پارٹی ۔ دعوت ۔ صحبت ۔ جلسہ ۔ مل کر کام کرنے والی جماعت ۔ سیاسی جماعت ۔ معاہدے یا مقدمہ کا فریق ۔ کسی کام میں مدد دینے والا ۔ کسی کام میں شریک ۔

Party (pärt-i) *adj.* Pertaining to a body, parted or divided (نقابت) رنگا رنگ ۔ گونا گوں ۔ ہفت رنگ ۔

Particoloured *adj.* رنگ برنگ ۔ بوقلموں ۔

Partyism *n* جماعت داری ۔ طرفداری ۔

Party jury *n.* جیوری میں آدھے دیسی آدھے پردیسی ۔

Partyman کسی جماعت کا طرفدار ۔

Party wall بیچ کی دیوار ۔

Parvenu (par-və-nu) *n.* An upstart نیا امیر ۔

Parvis (par-vis) *n.* An enclosed space کلیسا کا احاطہ ۔ گرجے کا صحن ۔ چار دیواری ۔

Paschal (pas-kl) *adj.* Of passover یہودیوں اور عیسائیوں کے عہد کا ۔

Pasha (pa-sha) *n.* A Turkish title پاشا ۔ ترکی کے اعلیٰ عہدہ داروں کا خطاب ۔

Pashalic (pa-sha-lik) *adj.* Of pasha's domain پاشا کا (حلقہ اقتدار) ۔

Pashm (pash-m) *n.* Soft wool پشم ۔ اون ۔

Pasque-flower (pask-flowr) *n.* A species of anemone ایک گھنٹی کی شکل کا ارغوانی پھول ۔

Pasquinade (pas-kwin-ad) *n.* A satire ہجو ۔ مذمت ۔ بالخصوص وہ جو لکھ کر شارع عام پر لگائی جائے ۔

Pass (pas) *v.t.* & *i.* Proceed, make one's way گزرنا ۔ نکلنا ۔ آگے بڑھنا ۔ چلنا ۔ طے کرنا ۔ گزارہ کرنا ۔ گزارنا ۔ بسر کرنا ۔ وقت کاٹنا ۔ مرنا ۔ گزر جانا ۔ چھوڑ دینا ۔ ترک کر دینا ۔ منظور کرنا ۔ تسلیم کرنا ۔ ٹھیک قرار دینا ۔ منتقل ہونا ۔ ایک چیز سے دوسری چیز ہو جانا ۔ امتحان میں کامیاب ہونا ۔ واقع ہونا ۔ ظہور میں آنا ۔ عبور کرنا ۔ پار کرنا ۔ گزارنا ۔ گزرنے دینا ۔ چلانا (کھوٹا سکہ) ۔ قول دینا ۔ عہد کرنا ۔ فیصلہ صادر کرنا یا ہونا ۔ سزا تجویز کرنا ۔

Pass (pas) *n.* A way, a narrow passage, the passing of an examination کامیابی ۔ امتحان میں معمولی کامیابی ۔ اجازت نامہ راہداری ۔ پروانہ ۔ (شمشیر زنی) ہاتھ ۔ وار ۔ چوٹ ۔ مداری کا کرتب ۔ مسمریزم میں ہاتھ کی گردش ۔ ہاتھ کا اشارہ ۔

Passman جس نے امتحان میں معمولی کامیابی حاصل کی ہو ۔

Password فوج میں ایک خاص لفظ شناخت کے لیے مقرر ہوتا ہے ۔ شناختی لفظ ۔

Pass-book بنک کی کتاب ۔

Pass off فریب دینا ۔ دغا دینا ۔

Pass on چلے جانا ۔

Pass over or by پار ہونا ۔ چشم پوشی کرنا ۔

Pass the time of day باہم سلام کرنا ۔

Pass through گزرنا ۔ برداشت کرنا ۔

Bring to pass واقع ہونا ۔

Come to pass بیتنا ۔ گزرنا ۔

Pass (pas) *n.* Away, a narrow passage گلی ۔ گھاٹی ۔ درہ ۔ پہاڑوں کے درمیان کا تنگ راستہ ۔ جہاز رانی کے قابل آبنائے یا رودبار ۔ وہ راستہ جس سے مچھلی بند میں آتی ہے ۔

Passable (pas-əbl) *adj.* That may be passed or navigated قابل عبور ۔ قابل گزر ۔ جہاز رانی کے قابل ۔ اچھا خاصہ ۔ کام دینے والا ۔

Passage (pas-ij) *n.* Crossing, transit نقل مقام ۔ نقل مکان ۔ سفر ۔ مسافرت ۔ ایک حالت سے دوسری حالت میں آنا ۔ حق آمد و رفت ۔ گزرگاہ ۔ راہ ۔ راستہ ۔ بحری سفر ۔ جہاز میں جگہ ۔ قانون کا پاس ہونا ۔ آپس کا راز و نیاز ۔ معاملہ ۔ عبارت ۔ عبارت یا کتاب کا کوئی حصہ ۔

Passage of arms کرتب ۔ جھگڑا ۔

Bird of passage (بول چال) آ کر چلا جانے والا شخص ۔ سفری پرندہ ۔

Passage (pas-ij) *v.i.* & *t.* To go sideways گھوڑے کا ایک پہلو کی طرف چلنا ۔ گھوڑے کو پہلو کی طرف چلانا ۔

Passant (pas-ənt) *adj.* Walking towards dexter side (نقابت) ڈھال پر ۔ گھوڑے کی تصویر جس میں وہ پیر اٹھائے ہوئے سیدھا دیکھتا ہوا دکھایا جائے ۔

Passe (pas-e) *adj.* Past prime اترا ہوا حسن ۔ ادھیڑ عورت ۔ نہ بوڑھی نہ جوان ۔

Passenger (pas-in-jər) *n.* One who travels راہی ۔ مسافر ۔ راہ رو ۔ گاڑی کا سوار ۔

Passenger train سواری گاڑی ۔ مسافر گاڑی ۔

Passer (pas-ər) *n.* One who passes گزرنے والا ۔ راہگیر ۔ مسافر ۔

Passerby پاس سے گزرنے والا ۔ راستہ چلنے والا ۔

Passible (pas-i-bl) *adj.* Susceptible of impression or suffering اثر پذیر ۔ ذی حس ۔ اثر لینے والا ۔ متاثر ہونے والا ۔

Passing (pas-ing) *n.* Death گزرنا ۔ مر جانا ۔ انتقال کر جانا ۔ راہی ملک عدم ہونا ۔

Passing (pas-ing) *adj.* & *adv.* Going through or away عارضی ۔ آنی جانی ۔ دم بھر کا ۔ چشم زدن میں ۔ سرسری ۔ ضمنی ۔ بہت زیادہ ۔

Passion (pash-n) *n.* Strong feeling or agitation of mind جوش ـ جذبہ ـ ولولہ ـ شوق ـ آرزو ـ جذبات کا ہیجان ـ غصہ کی حالت ـ طیش ـ عشق ـ شہوانی جذبہ ـ مصائب مسیح ـ تحمل ـ صبر ـ حضرت مسیح کے مصائب کا بیان ـ حضرت مسیح کا نغمہ یا گیت ـ

Passionless (pash-n-les) *adj.* Free from passion مردہ دل ـ بے آرزو ـ بے تمنا ـ بے ولولہ ـ

Passionlessness *n.* مردہ دل ہونا ـ جوش یا جذبہ سے خالی ہونا ـ

Passion (pash-n) *v.i.* To exhibit passion شدید جذبہ کا اظہار کرنا ـ جذبہ سے متاثر ہونا ـ جذبات میں ہیجان ہونا ـ شوق یا ولولہ پیدا ہونا ـ

Passional (pash-ə-nal) *n.* A book of the sufferings of saints and martyrs کتاب جس میں بزرگان دین اور شہیدوں کے مصائب کا بیان ہو ـ

Passionate (pash-ən-āt) *adj.* Showing strong and warm feeling پر جوش ـ گرم مزاج ـ پر غضب ـ تند خو ـ غصیلا ـ

Passionately *adv.* تند مزاجی سے ـ پر جوش طریقے سے ـ جذبہ سے بھرا ہوا ـ پر شوق ـ پر جوش ـ

Passionist (pa-shən-ist) *n.* A member of a Roman Catholic body devoted to the commemoration of the passion of Christ ایک رومن کیتھولک جماعت جو مصائب مسیح بیان کرتی ہے ـ یہی اس کا کام ہے ـ

Passive (pas-iv) *adj.* Inert, inactive مجہول ـ غیر متحرک ـ سست ـ متحمل ـ انفعالی ـ منفعل ـ فعل مجہول ـ

Passively *adv.* ضبط و تحمل سے ـ بغیر مزاحمت کے ـ

Passiveness *n.* عدم مزاحمت ـ مجہولیت ـ

Passivity *n.* بے حرکت ہونا ـ حالت جمود ـ

Passover (pâs-ō-vər) *n.* Annual feast of Jews to commemorate the destroying angel passing over the houses of Israelites when their first born was killed یہودیوں کی عید جو اس واقعہ کی یاد میں منائی جاتی ہے کہ قہر ربانی فرشتہ کی صورت میں مصریوں پر نازل ہوتا تھا ـ

Passport (pâs-pōrt) *n.* Authorisation to leave a port پروانہ راہداری ـ کسی ملک میں داخل ہونے کا اجازت نامہ ـ پاسپورٹ ـ کسی چیز کے حاصل کرنے کا وسیلہ ـ

Past (pâst) *adj.* & *n.* Bygone گزشتہ ـ ماضی ـ گزرا ہوا ـ گزرا ہوا واقعہ ـ پچھلی زندگی ـ گزرا ہوا زمانہ ـ

Past (pâst) *prep.* & *adv.* After, after the time, beyond, by بعد ـ زیادہ ـ کسی وقت مقررہ کے بعد ـ گزر کر ـ آگے ـ گزرا ہوا ـ حد برداشت سے باہر ـ آگے بڑھتا ہوا ـ گزرتا ہوا ـ

Paste (pāst) *n.* A soft plastic mass گندھا ہوا آٹا ـ آٹے کی لئی ـ نرم حلوا ـ میٹھی لپسی ـ کھیر ـ کسی چیز کی لئی ـ

Paste-board مصنوعی جواہرات کی مالا ـ دفتی ـ پٹھا ـ

Paste (pāst) *v.t.* Fasten or cover with paste لئی سے جوڑنا ـ چپکانا ـ چسپاں کرنا ـ دیوار پر چپکانا ـ

Pastel (pas-təl) *n.* Chalk mixed with colour, drawing made with pastels رنگدار پنسل بنانے کا مسالہ ـ کھریا میں ملا ہوا رنگ ـ رنگین پنسلوں کی تصویر ـ

Pastellist (pas-təl-ist) *n.* One who makes drawings with pastels رنگین پنسلوں سے تصویر بنانے والا ـ

Pastern (pas-tərn) *n.* The part of a horse's foot from fetlock to hoof گھوڑے کے ٹخنے اور سم کے بیچ کا حصہ ـ ٹھیونا ـ گھٹی ـ

Pasteurize (pas-tə-rīz) *v.t.* Apply Lious Pasteur's method of sterilisation and inoculation لوئی پیسچر کے طریقے سے جراثیم کو ہلاک کرنا اور ٹیکے لگا کر علاج کرنا ـ

Pastil (pas-tel) *n.* A small cave of charcoal and aromatic substance burned as incense ایک قسم کا مرکب مسالہ جس کو جلا کر کمرہ کی ہوا صاف کرتے ہیں ـ خوشبو کی بتی ـ اگر بتی ـ ایک قسم کی مٹھائی ـ منہ میں گھولنے کی ٹکیہ ـ

Pastime (pâs-tīm) *n.* Recreation فرصت کا مشغلہ ـ تفریح ـ تماشا ـ ذریعہ تفریح ـ

Pastor (pâs-tər) *n.* One who has the care of a flock گڈریا ـ چرواہا ـ پادری ـ ہادی ـ روحانی رہنما ـ مرشد ـ پیر ـ

Pastoral (pâs-tə-ral) *adj.* & *n.* Relating to shepherds چرواہے کا ـ گڈریے کا ـ پادری کا ـ مرشد کا ـ چراگاہ کی زمین ـ دیہاتی زندگی پر نظم ـ پادری کا خط ـ

  Pastoralism *n.* اس شاعری کی خصوصیت جس کا موضوع دیہات ہو ـ دیہاتیت ـ

  Pastorality *n.* دیہاتی زندگی کی خصوصیات ـ

Pastorale (pâs-tō-ra-lā) *n.* Pastoral composition in music دیہاتی زندگی کا گیت ـ

Pastorate (pas-to-rāt) *n.* Pastor's tenure of service پادری کی میعاد خدمت ـ پادریوں کی جماعت ـ

Pastry (pas-tri) *n.* A small cake کیک ـ سموسہ ـ نرم مٹھائی ـ پیسٹری ـ

Pasturage (pâst-yər-ag) *n.* Business of feeding and grazing cattle چرائی ـ بن چرائی ـ جانوروں کو چرانا ـ چارہ گھاس ـ چراگاہ ـ

Pasture (pâst-yər) *n., v.t.* & *i.* Grazing-land چارہ گھاس ـ چراگاہ ـ چرانا ـ چرائی کے لیے مویشی چراگاہ میں بھیجنا ـ

  Pasturable *adj.* چراگاہ بننے کے قابل ـ چرائی کے قابل ـ

Pasty (pas-ti) *adj.* Made of paste لئی کی طرح کا ـ لپسی کی طرح کا ـ

  Pasty-faced پیلے رنگ کا ـ زرد رو ـ

Pat (pat) *n.* A gentle stroke تھپکی ـ سلانا ـ ٹھونکا ـ مکھن کی ٹکیہ ـ تھپکی کی آواز ـ

Pat (pat) *v.t.* & *i.* Strike with the palm of hand, tap تھپکنا ـ آہستہ آہستہ دبانا ـ تھپکی دینا ـ پیار سے مارنا ـ چٹیا کرنا ـ ٹھونکنا ـ

Pat (pat) *adv.* & *adj.* Hitting the mark, at the right time بر محل ـ موزوں ـ ٹھیک ٹھیک ـ موقع سے بنا بنایا ـ تیار ـ

Pat (pat) *n.* A nickname for an Irishman آئرستان کا باشندہ ـ

Patch (pach) *n.* A piece put on to mend a defect تھگلی ـ پیوند ـ جوڑ ـ ٹکڑا ـ زخم کا پھایا ـ وہ گدی جو زخمی آنکھ پر باندھتے ہیں ـ سیاہ ریشم کا نقاب ـ دھبہ ـ قطعہ زمین ـ پودوں کا تختہ ـ قطعہ ـ ٹکڑا ـ

  Patchery *n.* وہ کپڑا جو پیوند لگا کر بنایا گیا ہو ـ بنتا ـ گدڑی ـ

  Patchiness *n.* جوڑ یا پیوند لگانا یا ہونا ـ

  Patchy *adj.* پیوند دار ـ ٹکڑوں کا ـ

Patch (pach) *v.t.* Mend with a patch پیوند یا تھگلی لگانا ـ گانٹھنا ـ جوڑنا ـ ٹانکنا ـ جلدی سے جوڑ جاڑ کر تیار کرنا ـ کسی چیز پر داغ دھبے نظر آنا ـ

Pate (pāt) *n.* The crown of the head (بول چال) سر ـ کھوپری ـ

Pate (pāt) *n.* A pie قیمہ بھرا ہوا سموسہ ـ

Patella (pə-tel-ā) *n.* A little pan گھٹنے کی چپنی ہڈی ـ طشتری ـ کٹوری ـ

  Patellar *adj.* گھٹنے کی چپنی کے متعلق ـ

Paten (pat-ən) *n.* A metal disc تھالی ـ رکابی ـ قاب ـ عشائے ربانی میں روٹی رکھنے کی سینی ـ

Patent (pā-tənt) *adj.* Lying open, obvious آشکار ـ ظاہر ـ کھلا ہوا ـ صریح ـ صاف ـ رجسٹری شدہ چیز ـ وہ چیز جس کے بنانے اور بیچنے کا حق محفوظ ہو ـ جو کسی شخص کے ساتھ مخصوص ہو ـ عمدہ بنی ہوئی چیز ـ

  Patency *n.* محفوظ ہونا ـ کھلا ہوا ہونا ـ عمدہ بنا ہوا ہونا ـ

Patent (pa-tənt) *n.* Official order giving sole rights to the maker سرکاری حکم جس سے چند سال کے لیے موجد کو جملہ حقوق مل جاتے ہیں ـ تحفظ بذریعہ رجسٹری ـ محفوظ شدہ ایجاد یا طریقہ ـ خاص علامت ـ طغرائے امتیاز ـ

  Patent office ایجادات کی رجسٹری کا دفتر ـ

Patent (pa-tənt) *v.t.* Secure a patent for موجد کو تحفظ اور حقوق کی سند دینا ـ ایجاد کو با ضابطہ سرکاری دفتر میں رجسٹری کرانا ـ

Patentee (pa-tənt-ē) *n.* One who holds a patent جس کو تحفظ کا پروانہ ملا ہو ـ جس کی ایجاد کی رجسٹری ہوئی ہو ـ جس کے نام سے کوئی ایجاد موسوم ہو ـ

Pater (pā-tər) *n.* Father (بول چال) باپ ـ باوا ـ بابا ـ

Pater-familias (pā-tər-fə-mil-i-as) *n.* Head of a family (قانون روما) خاندان کا بزرگ ـ سردار ـ

Paternal (pə-tər-n(ə)l) *adj.* On the father's side پدری - ابوی - جدی - باپ کی طرف کا - باپ کے رشتے سے -

Paternal government پدرانہ حکومت -

Paternity (pə-tər-ni-ti) *n.* Fatherhood مصنف کی حیثیت - پدری رشتہ - ابویت -

Paternoster (pat-ər-nos-tər) *n.* The Lord's prayer, rosary دعائے نماز - تسبیح - تسبیح کا امام -

Path (path) *n.* A way for foot-passengers راہ - راستہ - پگڈنڈی - باٹ - لیک - پیدل چلنے والوں کا راستہ -

Pathetic (pə-thet-ik) *adj.* & *n.* Affecting passions دل پر اثر کرنے والا - رقت انگیز - دلسوز - حسرت ناک - جذباتی - جذبات کے متعلق - (جمع) علم جذبات - جذبات پرستی - دل پر اثر کرنے والا واقعہ -

Pathetically *adv.* دلسوزی سے -

Pathos (pa-thos) *n.* The quality that raises pity رقت - دلسوزی - دلگدازی - بروگ - رقت انگیزی -

Patience (pa-shəns) *n.* Quality of being able to bear suffering بردباری - صبر - تحمل - برداشت - استقلال - ثابت قدمی (تاش) ایک کھیل جو تنہا کھیلا جاتا ہے -

Have patience with برداشت کرو -

Out of patience with تنگ ہو جانا - عاجز آ جانا -

The patience of Job صبر ایوبی -

Patient (pa-shənt) *adj.* & *n.* Sustaining pain and delay صابر - متحمل - قانع - مستقل مزاج - مریض - بیمار -

Patiently *adv.* صبر سے - بردباری سے -

Patriarch (pā-tri-ārk) *n.* Head of the family بزرگ خاندان - سردار - (جمع)حضرت یعقوب کے بیٹے - بزرگان اسرائیل - مورث اعلیٰ - اسقف - پادری - قابل احترام ضعیف آدمی - پیر کبیر -

Patriarchal *adj.* ایسا معاشرہ جس میں قبیلے کا سردار فرمانروا ہوتا ہے -

Patriarchate (pā-tri-ārk-āt) *n.* The province or office of a patriarch اسقف یا پادری کا علاقہ -

Patriarchy (pā-tri-ārki) *n.* Community of related families under a patriarch متحدہ خاندانوں کا معاشرہ جو بزرگ خاندان کے ماتحت ہو -

Patriarchism *n.* سرداری راج - سرقبیلی طرز حکومت

Patrician (pə-trish-ən) *adj.* & *n.* A member of the original families of Rome قدیم روما کا اصلی شہری - خاندانی امیر - نجیب - شریف - قیصر روم کا وائسرائے - امیرانہ - امیروں کا سا -

Patriciate (pə-trish-āt) *n.* The patrician order طبقہ شرفا - طبقہ امرا -

Patricide (pə-tri-sid) *n.* The murder of one's own father قتل پدر - باپ کو قتل کرنا - باپ کا قاتل -

Patricidal *adj.* پدرکشی کے متعلق -

Patrimony (pat-ri-mən-i) *n.* An inheritance from father ورثہ - میراث - ترکہ - باپ کا ترکہ - گرجے وغیرہ کے متعلق وقف -

Patrimonial *adj.* آبائی - جدی - موروثی -

Patriot (pa-tri-ət) *n.* One who loves his father-land وطن دوست - محب وطن - وطن پرست - شیدائے وطن -

Patriotic *adj.* حب وطن کا - وطن دوست -

Patriotism *n.* آزادی وطن کی حمایت - وطن دوستی - حب الوطنی -

Patrol (pə-trol) *n.,v.i.* & *t.* Body of men going the rounds گشت - گردآوری - شب گشت - گشت کرنا - روند کرنا - نگرانی کرنا - دیکھ بھال کرنا - حفاظت کرنا -

Patron (pa-trən) *n.* Guardian مربی - سر پرست - پشت پناہ - معاون مددگار - (دوکانداری) مستقل گاہک - محافظ - ولی - متولی -

Patronage (pa-trən-ag) *n.* Support given by a patron دستگیری - معاونت - سرپرستی - سرپرستانہ امداد - حفاظت - نگرانی -

Patronal (pa-trən-l) *adj.* Like a patron حمایتی - حامیانہ - سر پرستانہ - مربیانہ -

Patronize (pa-trən-īz) *v.t.* Act as a patron دستگیری کرنا - حمایت کرنا - اعانت کرنا - ہمت افزائی کرنا - مربیانہ اندازسے پیش آنا -

Patronimic (pat-rə-nim-ik) *adj.* Derived from the name of father or ancestor وہ نام جو آباواجداد میں سے کسی کے نام پر رکھا گیا ہو ۔ آبائی نام ۔ لقب ۔ کنیت ۔

Patter (pat-ər) *n.* Chatter طریہ ناٹک کے الفاظ ۔ کسی خاص طبقہ یا پیشہ کی زبان ۔ تیز گفتگو ۔

Patter (pat-ər) *n.* The sound of pattering کھٹ کھٹ کی آواز ۔ جوتے کے اوپر پہننے کا جوتا جس کا تلا لکڑی کا ہوتا ہے ۔ کھڑاؤں ۔ ستون کی کرسی ۔

Patter (pat-ər) *v.t.,i.* & *n.* Run with short quick steps ٹپ ٹپ کی آواز پیدا کرنا ۔ ٹپ ٹپ دوڑنا ۔ ٹپ ٹپ کی آواز ۔

Patter (pat-ər) *v.t.* & *i.* Repeat hurriedly بڑبڑانا ۔ منہ میں بولنا ۔ جلد جلد دعا پڑھنا ۔ پٹر پٹر باتیں کرنا ۔ تیزی سے باتیں کرنا ۔ گھاس سی کاٹنا ۔

Pattern (pat-ərn) *v.t.* & *n.* A model نمونہ ۔ مثال ۔ اعلیٰ نمونہ ۔ مجسمہ ۔ پتلا ۔ سانچہ ۔ وضع قطع ۔ نقش و نگار ۔ چاند ماری پر بندوق کی گولیوں کا نقشہ ۔ نمونے پر بنانا یا ڈھالنا ۔ نقش و نگار سے مزین کرنا ۔

Pattern after نقل کرنا ۔

Patty (pat-i) *n.* Pie میٹھا سموسہ ۔ قیمے کا سموسہ ۔

Patulous (pat-u-ləs) *adj.* Spreading پھیلا ہوا ۔ کشادہ ۔ کھلا ہوا ۔ پھیلی ہوئی ۔

Patulousness *n.* پھیلاؤ ۔ کشادگی ۔

Paucity (paw-sit-i) *n.* Smallness of quantity قلت ۔ کمی ۔

Paul (pawl) *n.* An apostle of Christ حضرت مسیح کے حواری پولوس ۔ وہ جس کو دوسروں کے راز معلوم کرنے کا شوق ہو ۔ راز جو شخص ۔

Pauline (pawl-īn) *n.* A scholar of St. Paul's school لندن کے مدرسہ سینٹ پال کا طالب علم ۔

Paunch (paw(t)sh) *v.t.* & *n.* The belly پیٹ ۔ شکم ۔ معدہ ۔ اوجھ ۔ توند ۔ موٹی مضبوط چٹائی ۔ لکڑی کا خول جو مستول پر چڑھا دیتے ہیں ۔ پیٹ پھاڑنا ۔ پیٹ چاک کرنا ۔

Petit (pə-te) *adj. & n.* Small made neat woman چھوٹے قد کی نازک اندام عورت یا لڑکی ۔

Petition (pi-tish-ən) *v.t. & n.* A written supplication عرضی ۔ گزارش ۔ درخواست ۔ معروض ۔ التماس ۔ استدعا ۔ عرضی دینا ۔ گزارش کرنا ۔

Petitionary *adj.* داد خواہ ۔ عرضی گزار ۔ درخواست گزار ۔

Petitioner *n.* استدعا کرنے والا ۔ درخواست دینے والا ۔

Petrary (pet-rə-ri) *n.* An engine for throwing stones پتھر پھینکنے کا انجن ۔

Petrel (pet-rəl) *n.* A dusky sea-bird ایک خاکستری رنگ کا بحری پرند ۔

Petrifaction (petri-fak-shən) *n.* Turning into stone پتھر بن جانا ۔ حجری مادہ یا شے ۔

Petrify (pet-ri-fī) *v.t.* Turn into stone پتھر بنا دینا ۔ پتھر میں تبدیل کر دینا ۔

Petrol (pet-rol) *v.i. & n.* Petroleum معدنی تیل پٹرول ۔ پٹرول فراہم کرنا ۔ پٹرول ڈالنا ۔

Petroleum (pet-ro-li-əm) *n.* A mixture of hydrocarbon oils پٹرول ۔ معدنی تیل جو زمین سے نکلتا ہے ۔

Petroleur (pet-ro-lər) *n.* An incendiary who uses petrol پٹرول سے آگ لگانے والا ۔

Petrolic (pet-ro-lik) *adj.* Of petrol پٹرول کا ۔ پٹرول والا ۔

Petrolin (pet-ro-lin) *n.* Petrol oil وہ تیل جو پٹرولیم سے حاصل کیا جاتا ہے ۔ وہ شے جو رنگ دار پٹرول سے نکلتی ہے ۔

Petronel (pet-rə-nel) *n.* A large horse-pistol سولھویں اور سترھویں صدی کا طمنچہ ۔

Petrous (pet-rəs) *adj.* Stony صحرائی ۔ پتھریلا ۔ پتھر کا ۔ کنپٹی کی ہڈی کے متعلق ۔

Petticoat (pet-i-kōt) *n.* Under-skirt لہنگا ۔ گھگرا ۔ سایہ ۔ لڑکی ۔ عورت ۔ عورت ذات ۔

Petticoat influence, government ۔ زنانی حکومت ۔ تریا راج ۔

Pettifog (pet-i-fog) *v.t.* Play the pettifogger ادنیٰ درجہ کی وکالت کرنا ۔ ادنیٰ وکیل ۔ ناجائز ذریعے سے کام لینے والا ۔

Pettifoggery *n.* لفظی بحث ۔ قانونی فریب کاری ۔

Pettifogging *adj.* لفظی بحث کرنے والا ۔ قانونی حیلہ باز ۔

Pettish (pet-ish) *adj.* Small-minded چڑچڑا ۔ ہٹیلا ۔ زود رنج ۔ تنگ دل ۔ بد دماغ ۔

Pettishness *n.* تنگ دلی ۔ بد دماغی ۔

Pettitoes (pet-i-tōz) *n.* Pig's feet as food سور کے پائے جو پکائے جاتے ہیں ۔

Petto (pet-ō) *n.* One's own breast سینہ ۔ راز ۔ سینہ میں ۔ راز میں ۔

Petty (pet-i) *adj.* Minor, trifling تھوڑا ۔ ذرا سا ۔ خفیف ۔ قلیل ۔ حقیر ۔

Pettily *adv.* تنگ دلی سے ۔ کم مائگی سے ۔ کم ظرفی سے ۔

Pettiness *n.* کمینہ پن ۔ فرو مائگی ۔ کم مائگی ۔

Petulant (pet-u-lənt) *adj.* Impudent in manners چڑچڑا ۔ تند مزاج ۔ بد خو ۔ گستاخ ۔

Petulance *n.* شوخی ۔ جھنجلاہٹ ۔ بد دماغی ۔

Petulantly *adv.* بے ادبی سے ۔ گستاخی سے ۔

Petuntse (pe-toont-se) *n.* Earth used in making porcelain سفید مٹی جس سے چینی کے برتن بنتے ہیں ۔

Pew (pū) *v.t.* & *n.* An enclosed compartment or fixed bench in a church گرجے میں تکیہ دار بنچ ۔ محدود نشست ۔ گرجے میں نشستیں بنانا ۔

Pew-fellow ساتھی ۔

Pewit (pe-wit) *n.* A kind of water crow کرخت آواز کا بحری پرندہ ۔ بن کوا ۔

Pewter (pū-tər) *n.* An alloy of tin and lead ٹین اور سیسہ کا آمیزہ ۔ جست کے برتن ۔ (بول چال) زمانہ جنگ میں گرفتار کئے ہوئے دشمن کے جہازوں کی قیمت ۔

Phaeton (fa(i)tn) *n.* Open four-wheeled carriage چار پہیوں کی کھلی ہوئی ہلکی گاڑی جس میں دو گھوڑے لگتے ہیں ۔ فٹن ۔

Phagedaena (fag-i-de-na) *n.* Rapidly spreading ulceration ایک قسم کا پھیلنے والا زخم ۔ ناسور ۔

Phagedaenic *adj.* گلنے سڑنے والا ۔ بڑھنے والا ۔ پھیلنے والا ۔

Phalange (fa-lanj) *n.* دیکھو Phalanx

Phalanger (fa-lan-jər) *n.* Any one of the Australian marsupials آسٹریلیا کا لومڑی کی شکل کا سموری تھیلی دار جانور ۔

Phalanstery (fal-ən-stə-ri) *n.* Dwelling of the phalanx فرانسیسی اشتراکیوں کی جماعت ۔ وہ عمارت جس میں اشتراکی رہتے ہیں ۔

Phalanx (fal-angks) *n.* Solid body of men فوج کا دستہ ۔ جتھا ۔ جماعت ۔ فرانسیسی نظام اشتراکیت کی ۱۸۰۰ افراد کی جماعت ۔ کلائی اور پیر کی انگلیوں کی ہڈی ۔ نباتیات ۔ (زرخیز ذروں کا گچھا) ۔

Phalarope (fal-ə-rōp) *n.* A wading bird ایک قسم کا جھلی دار پیروں والا پرندہ ۔

Phallus (fal-əs) *n.* The penis, symbol of generation لنگ ۔ آلہ تناسل کی مورت جو افزائش نسل کا نشان ہے ۔

Phallism (fal-izm) *n.* Worship of the generative power لنگ پوجا ۔

Phansigar (fan-si-gar) *n.* A thug گلے میں پھندا ڈال کر مارنے والا ۔ پھانسی گر ۔ ٹھگ ۔

Phantasm (fan-ta-zm) *n.* A fancied vision خواب و خیال ۔ تصور ۔ خیالی پیکر ۔ وہمی صورت ۔ فریب نظر ۔ توہم ۔

Phantasmal
Phantasmic } وہمی ۔ خیالی ۔

Phantasy (fant-ə-zi) *n.* Power of imagination قوت خیال ۔ قوت وہمہ ۔ خیالی شکلیں پیدا کرنے والی طاقت ۔

Phantom (fan-təm) *n.* An immaterial form خیالی صورت ۔ وہمی صورت ۔ بھوت ۔ سایہ ۔ بے اصل ۔ بے حقیقت چیز ۔ ایسا ادارہ جو محض نمائشی ہو اور کوئی کام نہ کرے ۔

Pharaoh (fā-rō) *n.* Title of the kings of ancient Egypt فرعون ۔ فرعون مصر ۔

Pharaoh's serpent ایک مرکب جو جلانے پر سانپ کی شکل اختیار کر لیتا ہے اور بل کھاتا ہے ۔

Pharisee (far-i-sē) *n.* A religious body of the Jews who were strict about the formal observance of religion ایک یہودی فرقہ جو رسم پرستی اور ظاہر داری میں مشہور تھا ۔ ظاہر پرست ۔ منافق ۔ ریا کار ۔

Pharisaical *adj.* منافقانہ ۔ فریسی فرقہ کی طرح ۔

Pharisaizm *n.* منافقت ۔ ریا کاری ۔ فریسی عقیدہ ۔

Pharmaceutical (for-mə-su-tik-əl) *adj.* Pertaining to art of medicine دوا سازی کے متعلق ۔ عطاری کا ۔

Pharmaceutics *n.* علم عطاری ۔ فن دوا سازی ۔

Pharmacology (for-me-ko-lo-ji) *n.* Science of preparing medicines فن دوا سازی ۔

Pharmacologist *n.* دوا سازی کا ماہر ۔ دوا فروش ۔ دوا ساز ۔

Pharmacopoeia (far-mə-kə-pe-ya) *n.* A book of drugs قرابا دین ۔ مخزن ادویہ ۔ فن دوا سازی کی کتاب ۔ کتاب جس میں دواؤں کے خواص اور ان کی تیاری کا ذکر ہو ۔

Pharmacy (far-mə-si) *n.* The art of dispensing medicines عطاری ۔ دوا سازی ۔ ذخیرہ ادویہ ۔ دوا خانہ ۔

Pharos (fa-ros) *n.* A lighthouse or beacon روشنی کا مینار ۔

Phase (fāz) *n.* Aspect or appearance of any thing صورت ۔ ہیئت ۔ حالت ۔ رویت ۔ چاند یا کسی دوسرے سیارے کا روشن حصہ ۔ کسی شے کا خاص پہلو ۔ کسی شے کے تغیر کی منزل ۔

Phaseless *adj.* غیر مبدل ۔

Pheasant (fēz-nt) *n.* A half-wild game-bird in Britian تیتر ۔ دراج ۔ چکور ۔

Phenology (fe-nol-ə-ji) *n.* Study of organisms علم المظاہر ۔ قدرت کے مظاہر کا علم مثلاً پودوں کے پھولنے پھلنے اور ان پر آب و ہوا کے اثرات ۔

Phenomenal (fi-nom-i-nəl) *adj.* Pertaining to a phenomena مظاہر قدرت کے متعلق ۔ حسی ۔ عجیب ۔ نادر ۔ حیرت انگیز ۔ غیر معمولی ۔

Phenomenally (fi-nom-i-nə-li) *adv.* In the way of appearance ظہور کی رو سے ۔ عجیب و غریب طور پر ۔ غیر معمولی طور پر ۔

Phenomenalize *v.t.* مظہر کے طور پر پیش کرنا ۔ شان ظہور کی طرف متوجہ کرنا ۔ مظاہر قدرت کے طور پر پیش کرنا ۔

Phenomen(al)ism (fi-nom-in-izm) *n.* The doctrine that phenomenal and real are identical یہ نظریہ کہ ذات اور صفات ایک ہیں ۔ صفات کے بغیر ذات کا تصور نہیں ہو سکتا ۔

Phenomenist *n.* اس نظریہ کا قائل کہ ظہور شے اور شے ایک ہیں ۔

Phenomenon (fi-nom-i-nən) *n.* Any thing directed, apprehended by the senses مظہر قدرت ۔ ظہور ۔ ظہور شے ۔ وہ شے جس کا ادراک شعور کر سکتا ہے ۔ عجیب و غریب واقعہ ۔ نادر یا انوکھی چیز یا شخص ۔

Phew (fū) *interj.* An exclamation of petty difficulty چھی چھی ۔ اخاہ ۔ واہ وا ۔ یہ تو بڑی مشکل ہے ۔ اچھی رہی ۔

Phial (fi-əl) *n.* A vessel for liquids شیشی ۔ شیشہ ۔ دوا کی شیشی ۔

Philander (fil-an-dər) *v.t. & n.* Conventional name for a lover, dangler after women محبت کرنا ۔ محض عشق کی خاطر محبت کرنا ۔ عورتوں کے پیچھے پھرنا ۔ عورتوں کے پیچھے پھرنے والا ۔

Philanderer *n.* عورتوں کے پیچھے پھرنے والا ۔ عاشق مزاج ۔ دل پھینک ۔

Philanthrope (fil-an-thrə-pi) *n.* Love of mankind بنی نوع انسان کی دوستی ۔ انسانوں کا ہمدرد ۔

Philanthropic (fil-an-thro-pik) *adj.* Doing good to others فیاضانہ ۔ ہمدردانہ ۔ مشفقانہ ۔ انسان دوستی کا ۔

Philanthropism *n.* انسانی ہمدردی ۔ خلق دوستی ۔

Philanthropise (fi-lan-thro-pīz) *v.t. & i.* Make philanthropic خلق دوست بنانا ۔ انسانی ہمدردی کے لیے آمادہ کرنا ۔ ہمدرد بشر بننا اور بنانا ۔ خدمت خلق کے لیے تیار کرنا ۔

Philanthropy (fil-an-thrə-pi) *n.* Love of human beings بنی نوع انسان کی ہمدردی ۔

Philately (fil-at-i-li) *n.* Study and collection of postage and stamps ڈاک اور مالیہ کے ٹکٹوں کی فراہمی ۔

Philharmonic (fil-ar-mon-ik) *adj.* Loving music موسیقی کا دلدادہ ۔ گانے کا شوقین ۔

Philhellenic (fil-hel-ən-ik) *adj.* Loving Greece یونان کی آزادی کا حامی ۔ یونان دوست ۔

Philippina (fil-i-pi-nā) *n.* A game played with a nut of two kernels دو گری کا کھیل ۔ اگر کسی کے سامنے دو گری کا بادام آ جائے اور وہ ایک گری کھا لے اور دوسری کسی کو دیدے تو اسے ڈنڈ دینا پڑتا ہے ۔

Philistine (fil-is-tīn) *n.* Person of material outlook مادی اشیاء کا شائق ۔ ایک جنگجو قوم جو بنی اسرائیل کو فلسطین میں پریشان کرتی تھی ۔ (جامعہ جرمنی) سروفی طالب علم ۔ ناتربیت یافتہ ۔ غیر شائستہ ۔ عامیانہ خیال کا آدمی ۔ وہ جس کی نظر مادی اشیاء تک محدود ہو ۔

Philology (fil-ol-ə-ji) *n.* The science of language علم اللسان ۔ زبان کی تحقیق ۔

Philologist-gian علم اللسان کا ماہر ۔

Philologize *v.t.* لسانیات کا مطالعہ کرنا ۔

Philomel (fil-o-mel) *n.* The nightingale personified بلبل ۔ عندلیب ۔ ہزار داستان ۔

Philopoena (fil-ip-enā) *n.* A game played with two kernels of nut ایک کھیل جس میں دو آدمی دو دو گریاں کھاتے ہیں ۔

Philosopher (fi-los-ə-fər) *n.* A lover of wisdom فیلسوف ۔ فلسفی ۔ حکیم ۔ ماہر فلسفہ ۔ علم و حکمت کا شائق ۔ محقق ۔ نفس پر قابو رکھنے والا ۔ مشکلات میں پرسکون رہنے والا ۔

Philosophically *adv.* حکیمانہ طور پر ۔ فلسفیانہ طریقہ پر ۔

Philosophism (fi-los-ə-fi-zm) *n.* System of reasoning نظام فلسفہ ۔ مصنوعی فلسفیانہ نظریات ۔

Philosophize (fi-los-ə-fīz) *v.t.* Reason like a philosopher فلسفے کے رنگ میں پیش کرنا ۔

Philosophy (fi-los-ə-fi) *n.* Pursuit of wisdom and knowledge فلسفہ ۔ حکمت ۔ علم حکمت ۔ گیان ۔ سکون ۔

Moral philosophy فلسفہ اخلاق ۔ اخلاقیات ۔

Philtre (fil-tər) *n.* A drink, a spell to excite love شربت شوق ۔ ٹونا ۔ جادو ۔ چھوچھوکڑ ۔ محبت پیدا کرنے کے عمل ۔

Phlebitis (fli-bi-tis) *n.* Inflammation of vein ورید کی سوزش ۔ انتڑیوں کا ورم ۔

Phlebotomize (fli-bo-to-mīz) *v.t.* Bleed فصد کھولنا ۔ خون نکالنا ۔ نشتر لگانا ۔ رگ کھولنا ۔

Phlebotomy (fli-bo-to-mi) *n.* Bleeding خون کا اخراج ۔ نشتر زنی ۔

Phlegm (flem) *n.* Thick slimy matter بلغم ۔ بلغمی مادہ ۔

Phlegmy-matic *adj.* سست ۔ دھیا ۔ الکس ۔ بلغمی ۔ بلغمی مزاج کا ۔

Phlegmon (flem-on) *n.* Pirulent inflammation دنبل ۔ پھوڑا ۔

Phlogistic (flo-jis-tik) *adj.* Containing philogiston حرارت بخش ۔ آتشی عنصر والا ۔

Phoebus (fə-bəs) *n.* Appolo the Greek sun-god سوریا ۔ سورج ۔ یونانی شمسی دیوتا ۔

Phoenician (fi-nish-(y)ən) *n.* & *adj.* Of Phoenicia, on the coast of Syria فونیشیا کا رہنے والا ۔ فونیشیائی تہذیب ، ادب وغیرہ ۔

Phoenix (fe-niks) *n.* A fabulous Arabian bird ایک فرضی پرندہ ۔ نادر الوجود ۔ عنقا ۔ بے مثل چیز ۔

Phonate (fon-āt) *v.t.* Produce vocal sound آواز نکالنا ۔ بے معنی آوازیں نکالنا ۔

Phonation *n.* آواز نکالنے کا عمل ۔ آواز نکالنا ۔

Phonautograph (fon-aw-to-graf) *n.* An instrument for recording sound vibrations ایک آلہ جس سے آواز کی لہریں قلم بند ہو جاتی ہیں ۔

Phone (fon) *n.* Sound سادہ آواز ۔ صوت ۔

Phone (fon) *n., v.t.* & *i.* Telephone (بول چال) ٹیلی فون کا آلہ ۔ ٹیلی فون پر گفتگو کرنا ۔

Phonetic (fō-net-ik) *adj.* Of sounds of spoken language زبان کے الفاظ اور حروف کی آوازوں کے متعلق ۔ صوتی ۔

Phoneticism *n.* آواز کو حروف کی شکل میں پیش کرنا ۔

Phoneticist *n.* آواز کو حروف کی شکل میں پیش کرنے کا موید ۔ صوتیت کا حامی ۔

Phoneticize *v.t.* الفاظ کے تلفظ کو صوتی حروف میں پیش کرنا ۔

Phonetician *n.* آواز کو حروف میں پیش کرنے والا ۔ ماہر اصوات ۔

Phonetist *n.* صوتیات کا حامی ۔

Phonic (fō-nik) *adj.* Of vocal sound آواز کے متعلق ۔

Phonogram (fō-nə-gram) *n.* A character representing a sound آواز کی علامت ۔ علامت سے آواز کا کام لینا ۔

Phonograph (fō-nə-graf) *n.* Eddison's machine for recording sounds صوت نگار آلہ ۔ ایڈیسن کا فونو گراف یا گراموفون ۔

Phonography (fō-nə-graf-i) *n.* Pitman's shorthand آوازوں کو محفوظ کرنا ۔ مختصر نویسی ۔

Phonology (fō-nol-ə-ji) *n.* Study of the system of sounds آوازوں کا مطالعہ ۔

Phosgene (fos-jēn) *n.* A poisonous gas ایک زہریلی گیس ۔

Phosphate (fos-fāt) *n.* A salt of phosphoric acid تیزابی نمک ۔ فاسفورسی نمک ۔ (جمع) چونے ، لوہے اور پھٹکری کے نمک جو اناجوں میں پائے جاتے ہیں ۔

Phosphene (fos-fēn) *n.* A light seen when eyeball is pressed حلقہ نور ۔ آنکھ کے ڈھیلے کے دب جانے سے جو روشنی نظر آتی ہے ۔

Phosphite (fos-fīt) *n.* A salt of phosphoric acid تیزابی قسم کا نمک ۔ فاسفوری تیزاب کا ایک نمک ۔

Phosphorate (fos-fə-rāt) *v.t.* Combine with phosphorus فاسفورس ملانا ۔ فاسفورس کی آمیزش کرنا ۔

Phosphorite (fos-fər-īt) *n.* Impure massive apetite ایک قسم کا ملا ہوا فاسفورس ۔

Phosphorus (fos-fər-əs) *n.* A non-metallic element ایک چمک دار غیر فلزی مادہ ۔

Phosporous *adj.* فاسفورس کا ۔ فاسفورسی ۔

Phosphorism *n.* فاسفورس سے پیدا ہونے والا مرض ۔

Photism (fōt-izm) *n.* Sensation of light وہمی طور پر روشنی کا احساس ہونا مثلاً غصے میں سرخ نظر آنا ۔

Photograph (fō-tō-graf) *v.t.* & *n.* An image produced عکسی تصویر ۔ عکسی تصویر اتارنا ۔

Photographer *n.* عکسی تصویر اتارنے والا ۔ فوٹو گرافر ۔

Photography *n.* عکسی تصویر کشی کا فن ۔

Photographic *adj.* فوٹو گرافی سے متعلق ۔

Photometer *n.* روشنی پیما آلہ ۔

Photophobia *n.* روشنی سے ڈرنا ۔

Phrase (frāz) *v.t.* & *n.* An expression جملہ ۔ فقرہ ۔ جزو کلام ۔ جزو جملہ ۔ طرز کلام ۔ انداز بیان ۔ نکتہ ۔ بات ۔ مثل ۔ کہاوت ۔ پر معنی مقولہ ۔ گیت کا ٹکڑا ۔ بیان کرنا ۔ الفاظ میں ادا کرنا ۔

Phraseogram (fra-zi-o-gram) *n.* A single sign written without lifting the pen مختصر نویسی ۔ ایک ہی جنبش قلم سے لکھنا ۔

Phraseograph (frā-zi-ō-graf) *n.* A phrase written in shorthand کوئی عبارت اختصار سے لکھنا ۔

Phraseology (frāz-i-ō-lo-ji) *n.* Style or manner of expression طرز تحریر ۔ انداز بیان ۔ طرز کلام ۔ طرز ادا ۔ اسلوب ۔

Phren (fren) *n.* Mind دماغ ۔ ذہن ۔ شعور ۔

Phrenetic (fri-net-ik) *adj.* Mad, distracted خبطی ۔ سودائی ۔ جنونی ۔ جس کے دماغ میں خلل ہو ۔ مذہبی دیوانہ ۔

Phrenology (fri-ne-lo-ji) *n.* A would-be science of mental faculties علم دماغ ۔ علم کا سہ سر ۔

Phthisis (thi-sis) *n.* Tuberculosis سل ۔ دق ۔

Phut (fut) *n.* & *adv.* Grief, ruin رنج ۔ تباہی ۔ رنج کے ساتھ ۔ تباہی کے ساتھ ۔

Phylactaxy (fi-lek-tak-si) *n.* A charm or amulet among Jews یہودی تورات کا جو تعویذ گلے میں ڈالتے ہیں ۔ تعویذ ۔

Physic (fiz-ik) *n.* & *v.t.* Physics علاج ۔ علم طب ۔ طبیعات ۔ علاج کرنا ۔ دوا پلانا ۔

Physical (fiz-ik-əl) *adj.* Material مادی ۔ جسانی ۔ طبعی ۔ فطری ۔ علم طبیعات کا ۔
  Physically *adv.* جسانی طور پر ۔
  Physical education جسانی تربیت ۔
Physician (fi-zish-n) *n.* One skilled in the art of healing طبیب ۔ حکیم ۔ ڈاکٹر ۔
Physicist (fi-zi-sist) *n.* A student of nature عالم طبیعات ۔
Physiognomy (fiz-i-og-nə-mi) *n.* Art of judging character from appearance قیافہ شناسی ۔ علم قیافہ ۔ خد و خال ۔ (بول چال) چہرہ ۔ کسی ملک کے طبعی حالات ۔ کسی شخص یا چیز کی خصوصی حالت ۔
  Physiognomist *n.* قیافہ دان ۔ قیافہ شناس ۔
Physiography (fiz-i-og-rə-fi) *n.* Descriptive science طبعی جغرافیہ ۔ مظاہر قدرت کا بیان ۔
Physiology (fiz-i-ol-ə-ji) *n.* Science of life in animals and plants ۔ علم افعال اعضا ۔ علم الحیات ۔
Physique (fiz-ik) *n.* Constitution جسانی ساخت ۔ جسم ۔
Phytovorous (fī-tō-vo-rəs) *adj.* Feeding on plants بناسپتی کھانے والا ۔
Phytologist (fī-tō-lə-jist) *n.* A botanist علم نباتات کا ماہر ۔
Phytology (fī-tō-lə-ji) *n.* Botany علم نباتات ۔
Piaffe (pi-af-e) *v.i.* Move at a piaffer گھوڑے کا دلکی چلنا ۔ قدم چلنا ۔
Piaffer (pi-af-er) *n.* A gait in which the feet are lifted as in a trot دلکی ۔ قدم کی چال ۔
Pianette (pe-ə-net) *n.* A small upright piano پیانو ۔ کھڑا ۔ اونچا پیانو ۔ چھوٹا اور اونچا پیانو ۔
Pianino (pya-ni-nō) *n.* An upright piano کھڑا پیانو ۔
Pianist (pya-nist) *n.* Piano-player پیانو بجانے والا ۔
Piano-pianoforte (pyä-nō) *n.* A musical instrument of key پیانو باجا ۔
Pianola (pē-ə-nō-lä) *n.* A kind of piano ایک طرح کا پیانو ۔

Piastre (pi-as-tər) *n.* A silver coin اسپین اور ترکی کا چاندی کا سکہ ۔
Piazza (pē-ad-za) *n.* Square surrounded by buildings ۔ چوک ۔ منڈی ۔ عمارتوں سے گھرا ہوا مقام ۔
Pibroch (peb-rok) *n.* A form of bagpipe سکاٹلینڈ کا ایک جنگی باجا ۔ بین باجا ۔
Pica (pi-ka) *n.* A kind of type ایک طرح کا ٹائپ ۔
Picaroon (pik-ə-rōōn) *n.* One who lives by his wits ڈاکو ۔ فریبی ۔ چالاک ۔
Piccalilli (pik-ə-lil-i) *n.* Pickle اچار ۔ چٹنی ۔ ترکاریوں کا اچار ۔ کچومر ۔
Pice (pīs) *n.* Money of account حسابی سکہ ۔ تین پائی کا پیسہ ۔
Pick (pik) *n.* A tool for breaking ground ۔ کدال کدالی ۔ پکاس ۔
Pick (pik) *v.t.* & *i.* Break up, remove with a pick کھودنا ۔ گڑھا کھودنا ۔ نوچنا ۔ کھرچنا ۔ صاف کرنا ۔ خلال کرنا ۔ چونچ مارنا ۔ انتخاب کرنا ۔ چھانٹنا ۔ الگ الگ کرنا ۔ توڑنا ۔
  Pick up flesh موٹا ہونا ۔
  Pick up spirit زور آنا ۔ طبیعت شگفتہ ہونا ۔
Pick (pik) *n.* A tool for breaking ground, an opportunity, choice ۔ پسند ۔ انتخاب ۔ چننا ۔
Pick-ax(e) (pik-aks) *v.t.,i.* & *n.* A picking tool with a point at one end and cutting blade at another ایسی کلہاڑی جس کے ایک طرف کاٹنے والا پھل اور دوسری طرف نوک ہو ۔ تبر ۔ کدال ۔ تبر سے کاٹنا ۔
Picker (pik-ər) *n.* A tool for picking, one who picks چننے والا ۔ انتخاب کرنے والا ۔ توڑنے والا ۔ چننے والی مشین ۔
Picket (pik-it) *v.t.,i.* & *n.* A pointed peg ۔ میخ کھونٹا ۔ کھونٹی ۔ کیل ۔ ہڑتالی پہرے دار جو لوگوں کو کام پر جانے سے روکتے ہیں ۔ پہرہ دینا ۔ میخ گاڑنا ۔ لوگوں کو کام پر جانے سے روکنا ۔
Picking (pik-ing) *n.* That which is picked or left چھانٹ ۔ انتخاب ۔ پسند ۔ جو چیز چھانٹی جائے یا چھوڑ دی جائے ۔ چھوٹی موٹی چوری ۔ بافت ۔ بالائی آمدنی ۔

Pickle (pik-l) *v.t.* & *n.* Brine or vinegar in which vegetables are preserved اچار - چٹنی - مربہ - تیزابی چیز - شریر لڑکا - اچار ڈالنا - کسی شخص کو درے مارنے کے بعد زخموں پر نمک چھڑکنا -

Have a rod in pickle سزا تیار رکھنا -

Picksome (pik-səm) *adj.* Fastidious باریک بین - نازک مزاج - تنک مزاج - نک چڑھا -

Pickwick (pik-wik) *n.* The hero of Dickens' Pickwick Papers مسٹر پک وک - گل گیر - سستا سگار -

Pickwickian (pik-wik-i-ən) *adj.* Relating to Mr. Pickwick مسٹر پک وک کے متعلق -

Picnic (pik-nik) *v.i.* & *n.* An open-air repast گھر سے باہر کسی مقام پر کھانا پینا - ایسے کھانے میں شریک ہونا -

Picnicker *n.* تفریحی جلسوں میں شریک ہونے والا -

Picnicky *adj.* تفریحی جلسے کی طرح -

Picot (pe-kot) *n.* A raised knot بٹے ہوئے تاگے کا حلقہ - تکمہ - گھنڈی -

Picric (pik-rik) *adj.* Highly explosive ایک زرد مادہ جو بارود وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے - بھک سے اڑنے والا - آتشگیر -

Pictograph (pik-tə-grâf) *n.* Picture writing تصویری علامت - تصویری نشان - تحریر جو ان علامتوں میں لکھی گئی ہو -

Pictorial (pik-to-ri-əl) *adj.* Relating to painting با تصویر - تصویری - مصورانہ -

Picture (pik-tyər) *v.t.* & *n.* A portrait تصویر - شبیہ - صورت - نقش - مصوری - تصویر کشی - حسین و جمیل شے - مثیل - کامل ترین نمونہ - (جمع) سنیما - تصویر اتارنا - کسی کا ذہنی تصور کرنا - دلکش تحریر میں ادا کرنا -

Picture gallery *n.* تصویر خانہ

Picturize *v.t.* سنیما کے لیے فلم بنانا - تصویر کھینچنا -

Picturesque (pik-tyə-resk) *adj.* Like a picture تصویر کی مانند - دلکش - خوشنما - خوبصورت - عمدہ - دلاویز - آنکھوں کے سامنے نقشہ کھینچ دینے والا -

Picturesqueness *n.* خوبصورتی - خوشنمائی -

Piddle (pid-l) *v.t.* Deal in trifles معمولی کاموں میں وقت ضائع کرنا - بے دلی سے کام کرنا - پیشاب کرنا -

Piddock (pid-ək) *n.* Pholas - ایک قسم کی سیپ دار مچھلی -

Pidgin (pij-in) *n.* Chinese corruption of business چینی طریقہ تجارت -

Pidgin English چینی لب و لہجہ کی انگریزی جو چینی بولتے ہیں -

Pie (pī) *n.* A kind of crow ایک قسم کا شور مچانے والا کوا -

Pie (pī) *n.* Meat baked under a crust of flour لقمی - سموسہ - قیمہ بھر کر تلنا -

Have a finger in the pie کسی کے معاملے میں خواہ مخواہ دخل دینا -

Pie (pī) *n.* & *v. t.* Confused state ملے جلے ٹائپ کا ڈھیر - بے ترتیبی - بد نظمی -

Printer's pie ملے جلے ٹائپ کا ڈھیر -

Pie (pī) *n.* The smallest Indian coin پائی -

Piebald (pī-bawld) *adj.* Black and white in patches چتکبرا - رنگا رنگ - گونا گوں -

Piece (pēs) *n.* A part or portion حصہ - ٹکڑا - پارچہ - پرزہ - جز - جوڑ - علیحدہ علیحدہ جز - مقررہ مقدار - تھان - توپ - تفنگ - شطرنج کا مہرہ - سکہ - مختصر ادبی تحریر - گیت - ڈراما - ناٹک -

Piece goods *n.* ٹکڑے - کپڑے کے ٹکڑے -

Pieceless *adj.* تمام - پورا - کل -

Piecemeal *adv.* تھوڑا تھوڑا - ٹکڑا ٹکڑا -

Piecework *n.* ٹھیکہ کا کام -

Piece out *v.t.* جوڑنا - ملانا -

Piece up *v.t.* تھوڑی دیر کے لیے جھگڑا ختم کر دینا - پیوند لگانا -

Give a piece of one's mind جھڑک دینا - دو ٹوک بات کہہ دینا -

Of a piece برابر - یکساں -

Piece (pēs) *v.t.* Patch ملانا - جوڑنا - پیوند لگانا - دھاگے سے گانٹھنا - گرہ لگانا - مختلف چیزوں کو جمع کر کے ایک قصہ بنانا - باہم جوڑنا - سلسلہ ملانا -

Piece de resistance دستر خوان کا بہترین کھانا - کسی سلسلہ کی اہم چیز -

Pied (pīd) *adj.* Of various colours رنگا رنگ ۔ گونا گوں ۔ بوقلموں ۔

Pier (pīr) *n.* Support of an arch or bridge بند ۔ پشتہ ۔ پانی روکنے کا پشتہ ۔ کٹہ ۔ پیل پایہ ۔ دروازوں اور کھڑکیوں کا حصہ عمارت ۔

Pierce (pērs) *v.t.* Thrust or make a hole بندھنا ۔ چھیدنا ۔ برمانا ۔ سوراخ کرنا ۔ چبھونا ۔ گھسنا ۔ تہہ کو پہنچنا ۔ کان یا ناک چھیدنا ۔

Pierrot (pe-ə̄-rō) *n.* A buffoon with long-sleeved garb مزاحیہ نقلیں کرنے والا ۔ مسخرا ۔ گھوم پھر کر گانے بجانے والا ۔ رنگ بہ رنگ کا ڈھیلا لباس پہننے والا ۔

Pieta (pya-ta) *n.* Representation of the Virgin with the dead Christ across her knees وہ تصویر جس میں حضرت عیسیٰ کا مردہ جسم حضرت مریم کی گود میں ہے ۔

Piety (pī-i-ti) *n.* Devoutness تقویٰ ۔ خدا ترسی ۔ پارسائی ۔ پرہیزگاری ۔ سعادتمندی ۔ بزرگوں کا ادب ۔

Piffle (pif-l) *v.t.* & *n.* Act ineffectually لا حاصل کام کرنا ۔ ہرزہ سرائی کرنا ۔ بے نتیجہ گفتگو ۔ لا حاصل کام ۔

Piffler *n.* واہی تباہی بکنے والا ۔

Piffling *adj.* بے کار ۔ نکما ۔ لغو ۔ مہمل ۔

Pig (pig) *v.i., t.* & *n.* Swine سور ۔ خنزیر ۔ خوک ۔ میلا کچیلا ۔ گندہ ۔ غلیظ (بول چال) حریص ۔ لالچی ۔ خود سر ۔ چڑ چڑا ۔ لوہے کا مستطیل ٹکڑا ۔ بار خاطر شخص ۔ سور کا بچے جننا ۔ سوروں کی طرح رہنا ۔

Buy a pig in a poke بے دیکھے بھالے سودا کر لینا ۔

Pigs might fly اظہار حیرت کے لیے (سور اڑیں گے) ۔

Piggish *adj.* سور جیسا ۔ خود سر ۔ ضدی ۔ پاجی ۔ غلیظ ۔ ناپاک ۔

Piggishness *n.* کمینہ پن ۔ خود غرضی ۔ سور پن ۔

Pig-iron *n.* ڈھلا ہوا لوھا ۔

Pig's cone *n.* بے وقوف ۔ احمق ۔

Pigeon (pij-ən) *v.t.* & *n.* Any bird of dove family کبوتر ۔ سادہ لوح ۔ بھولا ۔ وہ شخص جو آسانی سے دھوکا کھا جائے ۔ دھوکے سے کسی کا مال اڑا لینا ۔

Pigeongram *n.* پیام جو کبوتر کے ذریعے بھیجا جائے ۔

Pigeonhole *n.* & *v.t.* میز یا الماری کے خانے ۔ دیوار یا لکڑی کے کٹھوے میں کبوتر کے بیٹھنے کا سوراخ ۔ ان خانوں میں کاغذات وغیرہ رکھنا ۔

Pigeonery (pij-ən-a-ri) *n.* Place for breeding pigeons کبوتر خانہ ۔

Piggery (pig-ə-ri) *n.* Swine farm سوروں کی پرورش گاہ ۔ سور باڑا ۔ سور گھر ۔ میل کچیل ۔ گندی جگہ ۔

Piggin (pig-in) *n.* A small pail دستہ والا برتن ۔ ایک چھوٹا مٹی یا لکڑی کا برتن ۔

Piggy (pig-i) *n.* Young swine سور کا بچہ ۔

Pigment (pig-mənt) *n.* Any colouring substance رنگ ۔ روغن ۔ نسیج کا قدرتی رنگ ۔

Pigtail (pig-tāl) *n.* Plaited hair of head, roll of tobacco سر کے بالوں کی چوٹی جو ہندو مرد رکھتے ہیں ۔ تمباکو کی پتی ۔ چوٹی خصوصاً چینیوں کی ۔

Pike (pīk) *v.t.* & *n.* A sharp point, lance نیزہ ۔ بھالا ۔ برچھی ۔ بلم ۔ کوئی نوکدار ہتھیار ۔ برچھی سے مارنا ۔ برچھی چبھونا ۔

Pikeman *n.* کھودنے والا ۔ کانوں میں کام کرنے والا مزدور ۔ نیزہ بردار ۔ بلم دار ۔

Pika (pi-ka) *n.* Tailless hare چنگی گھر کا دروازہ ۔ بے دم کا خرگوش ۔

Pika-man محصول چنگی کا چوکیدار ۔

Pike-staff (pīk-staf) *n.* Shaft of a pike بلم کا بانس ۔ چھڑی ۔ برچھے کی چھڑ ۔

Pilaster (pi-las-tər) *n.* A square column چوکور ستون ۔

Pilch (pilch) *n.* Fur cloak بچوں کو لپیٹنے کا اونی کپڑا ۔ فلالین کا غلاف ۔

Pilchard (pil-chərd) *n.* A sea-fish ایک سمندری مچھلی جو ہیرنگ کی طرح ہوتی ہے ۔

Pile (pīl) *n.* & *v.t.* A set of iron bars لوہے کی سلاخیں ۔ سلاخیں گاڑ کر تعمیر کرنا ۔ ستون یا کھمبے لگانا ۔ ڈھیر لگانا ۔

Pile (pīl) *n.* A heap ڈھیر ۔ انبار ۔ دولت کا انبار ۔ شاندار عمارت ۔ چتا جس پر لاش جلائی جاتی ہے ۔ مختلف دھاتوں کے تختے ایک دوسرے پر رکھنا تاکہ برقی رو پیدا ہو سکے ۔

Pile (pīl) *v.t.* Lay in a heap انبار لگانا ۔ ڈھیر لگانا ۔ جمع کرنا ۔ بھرنا ۔ معمور کرنا ۔ بندوقیں جوڑ کر رکھنا ۔

Pile (pīl) *n.* Reverse side of a coin ۔ سکہ کا الٹا رخ

Pile (pīl) *n.* Soft wool اون ۔ ملائم بال ۔ رواں ۔ فلالین ۔ مخمل وغیرہ ۔

Pily *adj.* بال دار ۔ روئیں دار ۔

Pile (pīl) *n.* Haemorrhoid بواسیر ۔ بواسیری مسا ۔

Pilfer (pil-fər) *v.t. & i.* Steal in small quantities چرانا ۔ چوری کرنا ۔ تھوڑا تھوڑا چرانا ۔ معمولی چیزوں کی چوری کرنا ۔

Pilferer *n.* معمولی چیزوں کی چوری کرنے والا ۔ اٹھائی گیرا ۔ اچکا ۔

Pilgarlick (pil-gar-lik) *n.* A bald pate آدمی جس کے سر کے بال گر گئے ہوں ۔ گنجا آدمی ۔

Pilgrim (pil-grim) *v.i. & n.* A wanderer زائر ۔ حاجی ۔ یاتری ۔ سیاح ۔ مسافر ۔ سیر و سیاحت کرنا ۔

Pilgrimage (pil-grim-aj) *n. & v.t.* A journey to a shrine یاترا ۔ زیارت ۔ حج ۔ سفر حج ۔ زیارت یا یاترہ کے لیے جانا ۔

Pilferous (pil-fer-əs) *adj.* Bearing hair بالوں والا ۔ بال دار ۔

Pill (pil) *v.t. & n.* A little ball of medicine حب ۔ گولی ۔ مکروہ شے ۔ ایسی چیز جو نا گوار ہو مگر برداشت کرنا پڑے ۔ (بول چال) بندوق یا طمنچہ کی گولی ۔ توپ کا گولا ۔ ٹینس کی گیند ۔ کسی کی رائے شماری میں کالی گولی ڈالنا ۔ ہزیمت دینا ۔ شکست دینا ۔

A pill to cure an earthquake خام تدابیر کرنا ۔ بے سود کوشش کرنا ۔

Gild the pill نا گوار حقیقت کو اچھے رنگ میں پیش کرنا ۔

Swallow the pill, a bitter pill سختی سے دو چار ہونا ۔ تلخ حقیقت برداشت کرنا ۔

Pill (pil) *v.t.* Doze with pills, plunder گولیاں کھلانا ۔ لوٹ مار کرنا ۔ چھیلنا ۔ مونڈنا ۔ چھلکا اتارنا ۔

Pillage (pil-aj) *v.t. & n.* Act of plundering لوٹ کھسوٹ ۔ لوٹ مار ۔ مال غنیمت ۔ لوٹ مار کرنا ۔ لوٹنا ۔ تاخت و تاراج کرنا ۔

Pillager *n.* لوٹ مار کرنے والا ۔ ڈاکو ۔ لٹیرا ۔

Pillar (pil-ər) *v.t. & n.* A detached support ستون ۔ لاٹ ۔ مینار ۔ کھمبا ۔ پیل پایہ ۔ بہت بڑا رکن ۔ بہت بڑا حامی ۔ کوئلے کا ستون جو کان میں سہارے کے لیے چھوڑ دیا جاتا ہے ۔ ستونوں سے سہارا دینا ۔ ستون کھڑا کرنا ۔ تقویت پہنچانا ۔

Driven from pillar to post کہیں سہارا نہ ملنا ۔

Pillar-box ڈاک کا ستون ۔ ڈاک ڈالنے کا صندوق ۔

Pillion (pil-yən) *n.* A pad or light saddle گدی ۔ عورتوں کی ہلکی زین ۔ سواری کی گدی ۔

Pilliwinks (pil-i-wingks) *n. & pl.* An instrument of torture عقوبت کا آلہ ۔ شکنجہ جس میں انگلیوں کو دبایا جاتا ہے ۔ شکنجہ انگشت ۔

Pillory (pil-ə-ri) *v.t. & n.* A wooden frame for punishment ایک شکنجہ جس میں ہاتھوں اور سر کے لیے سوراخ ہوتے ہیں اس میں مجرم کو ذلیل کرنے کے لیے کس دیا جاتا ہے ۔ شکنجہ میں کسنا ۔

Pillow (pi-lo) *n., v.t. & i.* A cushion تکیہ ۔ بالش ۔ گیندوا ۔ ٹیکن ۔ سہارا ۔ تکیے کا سہارا لینا ۔ تکیے پر سر رکھنا ۔

Pillow-case *n.* تکیہ کا غلاف ۔

Take counsel of one's pillow کسی اہم معاملہ پر غور کرتے کرتے سو جانا ۔

Pillowy *adj.* وہ چیز جس سے تکیہ کا سا آرام ملے ۔ تکیہ کا سا ۔

Pilot (pī-lət) *v.t. & n.* A steersman نا خدا ۔ جہاز کا رہنما ۔ جہازرانی کا ماہر ۔ طیارہ باز ۔ ہوا باز ۔ طیارہ چلانے والا ۔ جہاز رانی کرنا ۔ طیارہ چلانا ۔

Pilotage *n.* فن طیارہ بازی اور جہاز رانی کا معاوضہ ۔

Pimento (pi-ment-ō) *n.* Jamaica pepper فلفل کی قسم کا مسالہ جو جمیکا سے آتا ہے ۔

Pimp (pimp) *v.t. & n.* Pander دلال ۔ قلتبان ۔ کٹنا ۔ کٹناپا کرنا ۔ دلالی کرنا ۔

Pimping (pim-p-ing) *adj.* Insignificant بے حقیقت ۔ چھوٹا ۔ بے وقعت ۔ بیمار سا ۔ ناتواں ۔

Pimple (pim-pl) *n.* Small swelling دنبل ۔ دانہ ۔ پھنسی ۔ مہاسا ۔

Pimpled *adj.* پھنسی مہاسوں والا ۔

Pimply *adj.* دنبل والا ۔ پھنسی دار ۔

Pin (pin) *n.* A piece of wood or metal پن ۔ نتھی کرنے کی سوئی ۔ آل پن ۔ کھونٹی ۔ میخ ۔ کیل ۔ سارنگی وغیرہ کی کھونٹی ۔ چٹخنی ۔ ایک چھوٹا پیپا ۔ (بول چال) ٹانگیں ۔

Pin-money وہ رقم جو بیوی کو ذاتی اخراجات کے لیے دی جائے ۔

Pin-hole سوئی کا سوراخ ۔

Pin-prick معمولی تکلیف ۔

Pin (pin) *v.t.* Fasten, make a small hole پن لگانا ۔ ٹانکنا ۔ گانٹھنا ۔ مضبوط پکڑے رہنا ۔ پابند کرنا ۔ بند کرنا ۔ پن سے سوراخ کرنا ۔

Pin one's faith on کسی پر پورا اعتماد کرنا ۔

Pince-ney (pins) *n.* A pair of eye-glasses with a spring for nose ایسی عینک جو ناک پر بغیر کمانیوں کے لگائی جائے ۔ بینی گیر عینک ۔

Pincers (pin-sərs) *n.* & *p.* Grasping claws سنسنی ۔ چمٹا ۔ پکڑ ۔ موچنا ۔ لکچونٹی ۔ دست پنا ۔

Pincette (pin-set) *n.* A small pincer چھوٹی سنسنی ۔

Pinch (pin(t)sh) *v.t.* & *i.* Compress between fingers چٹکی لینا ۔ دبانا ۔ بھینچنا ۔ تکلیف دینا ۔ کاٹنا ۔ (جوتے کا) جبراً وصول کرنا ۔ اینٹھنا ۔ کنجوسی کرنا ۔ جہاز کو ہوا کے رخ چلانا ۔ (بول چال) چرانا ۔ حراست میں لینا ۔ گرفتار کرنا ۔

Pinch (pin(t)sh) *n.* An act of pinching, difficult time چٹکی ۔ چمٹی ۔ تنگی ۔ تکلیف ۔ مشکل صورت حال ۔ نازک موقع ۔

At a pinch سردی کی حالت میں ۔

Pinched with cold سردی سے ٹھٹھر کر ۔

That is where the shoe pinches یہ مصیبت ہے ۔ یہ تکلیف ہے ۔

Pinchbeck (pin(t)sh-bek) *n.* An alloy of copper with zinc تانبے اور جست کا آمیزہ ۔

Pindaric (pin-dar-ik) *n.* & *adj.* In the style of Pindar یونانی شاعر پنڈار کے طرز پر ۔ ایک بے قاعدہ قصیدہ یا نظم ۔

Pine (pīn) *n.* Any tree of the north coniferous genus pines صنوبر یا صنوبر کی قسم کا درخت ۔ اناس ۔

Pine (pīn) *v.i.* Starve, grieve for دبلا ہونا ۔ سوکھنا ۔ کسی کی یاد میں بے قرار ہونا ۔ کڑھنا ۔ بے تاب ہونا ۔

Pineal (pīn-əl) *adj.* Like pine-tree صنوبر کے درخت کی طرح ۔

Pine-apple (pīn-a-pl) *n.* A pine fruit اناس ۔

Pinery (pīn-eri) *n.* A pine forest اناس کا باغ ۔ صنوبر کا جنگل ۔

Pinfold (pin-fold) *v.t.* & *n.* An enclosure for cattle جانوروں کا باڑا ۔ کانجی ہاؤس ۔ باڑے میں بند کرنا ۔

Ping (ping) *v.i.* & *n.* A sharp whistling sound جھنکار ۔ سیٹی کی آواز ۔ سیٹی کی آواز نکالنا ۔

Pingpong (ping-pong) *n.* Table tennis کھیل جو گیند بلے سے میز پر کھیلا جاتا ہے ۔ پنگ پانگ ۔

Pinguid (ping-gwid) *adj.* Fat موٹا ۔ فربہ ۔ چربیلا ۔ چکنا ۔

Pinguin (ping-gwin) *n.* A West Indian plant غرب الہند کا اناس ۔

Pinion (pin-yən) *n.* A flight feather, a wing پر ۔ شہ پر ۔ پرند کے پر ۔ بازو ۔ دندانے دار پرزہ ۔

Pinion (pin-yən) *v.t.* Confined by binding wings پر باندھنا ۔ پر کاٹنا ۔ مشکیں کسنا ۔ جکڑ دینا ۔ کس کر باندھنا ۔

Pink (pingk) *n.* & *adj.* A small sailing ship, yellow colour گلابی پیازی رنگ ۔ چھوٹی بادبانی کشتی ۔ خوشبودار پھولوں کا ایک پودا ۔ لومڑی کے شکاری کا لال کوٹ ۔ گلابی ۔ پیازی ۔

Pink-eyed *adj.* چندھی آنکھوں والا ۔

Pinkish *adj.* ہلکا زرد سا ۔ پیلا سا ۔

Pinky *adj.* گلابی ۔ پیازی ۔

Pinkiness *n.* پیلا پن ۔ گلابی پن ۔ پیازی پن ۔

Pink (pingk) *n.* A kind of yellowish colour ایک قسم کا زردی مائل رنگ ۔

Pink (pingk) *v.t.* & *i.* Wink, blink, stab or pierce بھونکنا ۔ سوراخ کرنا ۔ آراستہ کرنا ۔ سجانا ۔ پلک جھپکانا ۔

Pink (pingk) *n.* A samlet سامن مچھلی کا بچہ ۔

Pinnace (pin-is) *n.* A small vessel with oars and sails چھوٹی مستول کشتی ۔ چپوؤں والی کشتی ۔

Pinnacle (pin-ə-kl) *v.t. & n.* A spiry structure مینار ۔ کلس ۔ کنگرہ ۔ چوٹی ۔ راس ۔ منتہائے کمال ۔ چوٹی پر رکھنا ۔ کنگورہ بنانا ۔

Pinnate (pin-āt) *adj.* Feathery پر والا ۔ پر دار ۔ پر کی شکل کا ۔ پتوں کی قطار والا ۔

Pinner (pin-ər) *n. & adj.* Pin-maker جوڑنے والا ۔ پن ساز ۔ عورتوں کی فیتہ دار ٹوپی ۔

Pinole (pē-nō-lā) *n.* Parched Indian corn eaten with milk ستو ۔ بھنا ہوا اناج ۔ (امریکہ) بزک کے قسم کا ایک تاش کا کھیل ۔

Pint (pint) *n.* A measure of capacity ایک پیانہ تقریباً ڈیڑھ پاؤ کا ۔

Pintle (pin-tl) *n.* The penis میخ ۔ کیل ۔ کواڑ کی چول ۔ مردانہ عضو تناسل ۔

Piny (pīn-i) *adj.* Like pine صنوبر کا ۔ صنوبری ۔ صنوبر کی طرح کا ۔

Pioneer (pī-ə-nēr) *v.t., i. & n.* A military artisan بیلدار ۔ سپاہی ۔ راستہ صاف کرنے والا ۔ پہلا دستہ ۔ رہنما ۔ راستہ صاف کرنا ۔ رہنمائی کرنا ۔ ہدایت کرنا ۔

Pious (pī-əs) *adj.* Dutiful دین دار ۔ خدا پرست ۔ متقی ۔ پارسا ۔ پرہیز گار ۔

Pious fraud فریب جو اس نیت سے کیا جائے کہ اس کا نتیجہ اچھا ہوگا ۔ فریب مصلحت آمیز ۔

Pip (pip) *n.* Roup in poultry مرغیوں کی ایک بیماری ۔ تاش کے پتے کی بندکیاں ۔ افسر کے شانے کا بیج ۔ پھولوں کے گچھے کی کلیاں ۔

Pip (pip) *v.t.* Blackball, reject, get the better of (بول چال) کلب کے انتخاب میں کسی کے لیے کالی گولی ڈالنا ۔ کسی رکن کے خلاف رائے دینا ۔ رد کرنا ۔ شکست دینا ۔ چھرا مارنا ۔ گولی مارنا ۔

Pip (pip) *n.* A small hard body, seed بیج ۔ تخم ۔

Pip (pip) *n.* Signal sounding like the word pip اشاروں کی اصطلاح میں پپ کی آواز ۔

Pipe (pīp) *n.* A musical instrument, any tube or tubular thing نل ۔ نالی ۔ نلکی ۔ شہنائی ۔ نے ۔ بنسی ۔ مرلی ۔ الغوزہ ۔ ارغنون باجے کی نلکی ۔ راگ ۔ نغمہ ۔ سانس کی نالی ۔ جنگلی پرندوں کو پھانسنے کی نالی ۔ تمباکو نوشی کا پائپ ۔ شراب کا دس گیلن کا پیپا ۔

Put that in your pipe and smoke it اگر ہو سکے تو صبر کرو ۔

Pipy (pīp-i) *adj.* Tubular نالی دار ۔

Pipe (pīp) *v.t. & i.* Play on pipe بانسری بجانا ۔ تیز آواز نکالنا ۔ سیٹی بجانا ۔پنک پودے کا روپ تیار کرنا ۔ سجانا ۔ بیل بوٹے کاڑھنا ۔ نل لگانا ۔ نالی لگانا ۔

Pipe-clay پائپ بنانے کی مٹی ۔

Pipe one's eye رونا ۔

Piper (pīp-ər) *n.* One who plays on pipe نے نواز ۔ شہنائی نواز ۔ جگہ جگہ پھر کر گانے بجانے والا ۔ بے دم گھوڑا ۔ کتا جو جنگلی مرغیوں کو گھیر کر لاتا ہے ۔

Drunk as a piper مخمور ۔ مدہوش ۔

Pay the piper (and call the time) خرچ اٹھاؤ اور قابو پاؤ ۔

Piping (pīp-ing) *n.* Playing a pipe نے نوازی ۔ سیٹی ۔ سیٹی بجا کر کام پر بلانا ۔ لباس کی حاشیہ آرائی ۔ فیتہ ۔ حاشیہ ۔ شکر کے تاروں سے کیک کی آرائش ۔

Piping (pīp-ing) *adj.* Playing on pipe, sounding like a pipe شہنائی کی سی آواز نکالنے والا ۔ شہنائی بجانے والا ۔

Pipkin (pīp-kin) *n.* A small pot ہانڈی ۔ ہنڈیا ۔

Pippin (pip-n) *n.* A kind of apple ایک قسم کا سیب ۔

Piquant (pe-kənt) *adj.* Stringing چٹ پٹا ۔ تیز ۔ بھوک بڑھانے والا ۔ دلچسپ ۔ لبھانے والا ۔

Piquancy *n.* بھوک بڑھانے والا ۔ ترشی ۔ تیزی ۔ چٹ پٹا پن ۔

Piquantly *adv.* چٹخارے بھرتے ہوئے ۔ چٹ پٹے پن سے ۔

Pique (pek) *v.t. & n.* Provoke, stir ناراض کرنا ۔ ناخوش کرنا ۔ بےزار کرنا ۔ خفا کرنا ۔ کسی کی خود داری کو ٹھیس پہنچانا ۔ شوق ابھارنا ۔ فخر کرنا ۔ ناراضگی ۔ رنجش ۔ کینہ ۔ عداوت ۔ دشمنی ۔

In a fit of pique غصے کے عالم میں ۔

Pique (pek) *n.,v.t. & i.* Scoring of 30 points in one hand ایک ہاتھ میں تیس نمبر بنانا اور حریف کو ایک نمبر نہ بنانے دینا - ایک ہاتھ میں تیس پوائنٹ بنانا - تیس پوائنٹ بننا -

Pique (pek) *n.* A stiff corded cotton fabric بٹے ہوئے تاگے کا موٹا - سوتی کپڑا - ہاتھی دانت یا سیپ پر طلائی کام -

Piquet (pi-ket) *n.* A card game of two تاش کا ایک کھیل جو دو کھلاڑی بتیس پتوں سے کھیلتے ہیں -

Pirate (pī-rāt) *v.t.,i. & n.* A sea-robber - بحری قزاق - بحری ڈاکو جہاز - حق تصنیف کا غاصب - سارق - وہ گاڑی جو بلا اجازت دوسری سڑک پر چلے - مسافر گاڑی جس میں زیادہ کرایہ ادا کرنا پڑے - سمندر میں ڈاکہ ڈالنا - ڈاکہ ڈالنا - حق تصنیف کی خلاف ورزی کرنا -

Piracy *n.* بحری لوٹ مار - ڈاکہ زنی -

Piratic (al) *adj.* حق تصنیف کی خلاف ورزی کا - غاصبانہ - قزاقانہ -

Pirogue (pi-rog) *n.* A boat made from trunk of tree وہ مستولی کشتی جو درخت کے تنے کو کھوکھلا کر کے بنائی جائے -

Pirouette (pir-oo-et) *n. & v. i.* A spinning about on tiptoe انگوٹھے کے بل پر ناچ - پیر کے پنجے پر چکر لگانا یا ناچنا -

Piscary (pisk-ə-ri) *n.* Right of fishing غیر علاقے میں مچھلی پکڑنے کا حق -

Piscatory (pis-kə-tə-ri) *adj.* Relating to fishing ماہی گیری کے متعلق - ماہی گیری کا شوقین -

Pisces (pis-ēz) *n.* Twelfth sign of zodiac - برج حوت میں -

Pisceculture (pis-ki-kul-tur) *n.* Fish breeding مچھلیوں کی پرورش - مصنوعی طریقوں پر ماہی پروری -

Piscina (pis-ē-nā) *n.* A fish-pond مچھلیوں کا تالاب -

Piscivorous (pis-ki-vo-rəs) *adj.* Feeding on fishes ماہی خور - مچھلیاں کھانے والا -

Pisgah (piz-ga) *n.* Mountain whence Moses viewed the promised land وہ پہاڑ جہاں سے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ارض موعودہ کو دیکھا -

Pish (pish) *interj. & v.i.* Utterance of impatience بے صبری کا اظہار - چھی چھی - ارے ارے - تف ہے - تف کرنا - بے صبری کا اظہار کرنا -

Pishogue (pi-shog) *n.* (Ireland) Sorcery (آئر لینڈ) جادو - جادوگری -

Pismire (pis-mīr) *n.* An ant چیونٹی - مور -

Piss (pis) *v.i.,t. & n.* Discharge urine پیشاب - پیشاب کرنا - (بول چال) شراب کے نشے میں چور ہونا -

Piss-pot پیشاب دان -

Pistachio (pis-tâ(t)shi-ō) *n.* A fruit kernel پستہ - پستہ گری - پستہ کا رنگ -

Pistil (pis-til) *n.* The ovary of a flower رحم گل - مادہ پھول کے زر خیز بننے کی جگہ - بقچہ گل -

Pistol (pis-tl) *n. & v.t.* A small hand-gun - پستول طمنچہ - طمنچہ چلانا - طمنچہ سے فیر کرنا -

Pistolet (pis-to-let) *n.* A small pistol, a gold coin چھوٹا طمنچہ - ایک سونے کا سکہ -

Pistole (pis-tol) *n.* An old Spanish gold coin ہسپانوی طلائی سکہ - غیر ملکی اشرفی - مہر - ہسپانوی مہر -

Pistol-grip (pis-tol-grip) *n.* Handhold of pistol طمنچہ کا دستہ - کندہ -

Piston (pis-tən) *n.* A cylinderical piece moving to and fro پچکاری کی ڈنڈی - کھول مندن - کوئی آلہ جو کسی دوسری چیز سے گزرتا ہو -

Pit (pit) *n.* A hole in the earth a mine shaft گڑھا - غار - سوراخ - چھید - خندق - کھڈ - تماشہ گاہ - اکھاڑہ - کسی کان کا دہانہ - کان - تھیٹر میں سب سے نیچے کی نشست گاہ -

Pitfall دھوکے کی جگہ - جنگلی جانوروں کو پکڑنے کا گڑھا -

Cockpit پالی - مرغوں کے لڑانے کی جگہ -

Pit (pit) *v.t. & i.* Dig a pit گڑھا کھودنا - گڑھے میں ڈالنا - گڑھے میں رکھنا - کتے وغیرہ لڑنے کے لیے گڑھے میں چھوڑنا - ایک شخص کو دوسرے سے لڑانا - نشان یا داغ ڈالنا -

Pit(-a)pat (pit-ə-pat) *adv.* With palpitation دھڑکتا ہوا - دھک دھک کرتا ہوا -

Pitch (pich) *v.t.* & *n.* Black shining residue of distillation of tar تار کول - تار کول لگانا - تار کول پھیرنا -

Pitch black کالا - بالکل سیاہ -

Pitch dark گہرا اندھیرا - بہت تاریک -

Pitch (pich) *v.t.*, & *i.* Set in position, fix in the ground کھڑا کرنا - زمین میں گاڑنا - نصب کرنا - سیدھا کرنا - قائم کرنا - خیمے نصب کرنا - نمائش کرنا - پتھروں کا فرش لگانا - سر کے بل گرنا - خاص انداز یا طرز اختیار کرنا -

Pitch (pich) *n.* Ground between the wickets کرکٹ کے کھیل میں لکڑیوں کی درمیانی جگہ جہاں گیند ٹپ کھاتی ہے - بلند مقام - بلندی جہاں سے باز شکار پر جھپٹتے ہیں - انتہا درجہ - (موسیقی) بلند آواز - آواز کا انداز - ڈھلان یا جھکاؤ کا درجہ -

Pitch and toes ایک طرح کا کھیل -

Pitcher (pich-ər) *n.* An earthenware مٹی کا گھڑا - مٹکا - گگری - مٹی کی صراحی - جھجر - دستہ دار صراحی -

Pitchers have ears کوئی سن نہ لے - گڑوں کے بھی کان ہیں - دیوار ہم گوش دارد -

Pitcher (pich-ər) *n.* One who pitches, a baseball bowler گاڑنے والا - نصب کرنے والا - پھیری والا جو کہیں دوکان لگائے - بیس بال کے کھیل میں گیند پھینکنے والا - سڑک بنانے کا پتھر -

Pitchfork (pich-fork) *n.* & *v.t.* A fork for pitching hay دو شاخہ - کھانچہ - جندرا جس سے گھاس اٹھاتے ہیں - کھانچہ سے اٹھا کر ڈالنا - کسی کو جبراً کوئی خدمت دینا -

Piteous (pit-i-əs) *adj.* Compassionate قابل رحم - قابل ہمدردی - درد ناک - افسوس ناک -

Piteousness *n.* قابل رحم حالت - قابل افسوس حالت -

Pith (pith) *v.t.* & *n.* Spinal marrow, essence پودوں کی نس - مخ - گودا - حرام مغز - لب لباب - خلاصہ - نچوڑ - طاقت - توانائی - ریڑھ کی ہڈی کاٹ کر ذبح کرنا -

Pithless *adj.* ناتواں - ضعیف - کمزور - بے مغز -

Pithecanthrope (pith-e-kan-throp) *n.* A fossil ape-man discovered by Dr. Eugene Dubios انسانی شکل کا بندر - بندر اور انسان کی درمیانی کڑی -

Pithy (pith-i) *adj.* Vigorous, energetic گودے دار - پر مغز - زور دار - پر معنی -

Pithiness *n.* پر مغزی - پر معنی ہونا - پر مغز ہونا -

Pitiable (pit-i-əbl) *adj.* Miserable حقیر - قابل افسوس - قابل رحم -

Pitiful (pit-i-ful) *adj.* Feeling pity نرم دل - رحمدل - درد مند - درد انگیز - قابل افسوس - ذلیل - حقیر - خوار -

Pitiless (pit-i-les) *adj.* Cruel بے رحم - سنگ دل - ظالم - قسی القلب -

Pitilessly *adv.* جابرانہ طور پر - ظالمانہ - بے رحمی سے - سنگ دلی سے -

Pittance (pit-əns) *n.* An additional allowance of food or drink, a miserable pay روزینہ - حقیر گزارا - حقیر تنخواہ - قلیل وظیفہ -

Pituitary (pit-u-i-tari) *adj.* Phlegm producing بلغم یا کف پیدا کرنے والا -

Pity (pit-i) *v.t.* & *n.* Feeling for the suffering of others رحم - ترس - ہمدردی - رحم دلی - افسوس - تاسف - رحم کھانا - ترس کھانا -

For pity's sake خدا کے لیے - خدا را -

I pity you if you think that اگر آپ کا یہ خیال ہے تو صد حیف ہے -

It is a pity حیف - افسوس -

More's the pity یہ بڑی افسوسناک بات ہے -

Pityingly *adv.* رحم کھاتے ہوئے - از راہ ترحم -

Pivot (piv-ət) *v.t.*, *i.* & *n.* A pin on which any thing turns چول - محور - مدار - اصل یا مرکزی نقطہ جس پر کسی معاملہ کا دار و مدار ہو - محور یا چول لگانا - مرکز قائم کرنا - گرد چکر لگانا - صف کے ایک سرے کا سپاہی جس کے گرد فوجی دستہ گھومتا ہے -

Pivotal *adj.* محور کے متعلق - محوری - مرکزی -

Pizzle (piz-l) *n.* A penis that of a bull بیل وغیرہ کا عضو تناسل جو کسی زمانے میں کوڑے کے طور پر استعمال ہوتا تھا -

Placable (plak-əbl) *adj.* That may be appeased نرم ۔ حلیم ۔ برد بار ۔ معاف کرنے والا ۔ جلد دھیا یا ٹھنڈا ہو جانے والا ۔

Placability *n.* درگذر کرنے کی عادت ۔ برد باری ۔ حلم ۔

Placably *adv.* برد باری سے ۔ حلم سے ۔ ملائمت سے ۔ نرمی سے ۔

Placard (plak-ärd) *n.* & *v.t.* A written or printed paper اعلان ۔ اشتہار ۔ اشتہار لگانا ۔ اعلان کرنا ۔

Placate (plak-āt) *v.t.* Pacify, conciliate تسلی دینا ۔ مطمئن کرنا ۔ منانا ۔ رضامند کرنا ۔ دل ہاتھ میں لینا ۔ (امریکہ) مخالف کو چشم پوشی پر راضی کر لینا ۔

Place (plās) *n.* Particular part of space جائے ۔ جگہ ۔ مقام ۔ محل ۔ ٹھکانہ ۔ وسعت ۔ گنجائش ۔ سمائی ۔ عہدہ ۔ درجہ ۔ رتبہ ۔ حیثیت ۔ پایہ ۔ خانہ ۔ مکان ۔ استھان ۔ گھر ۔ دیہہ ۔ گاؤں ۔ قصبہ ۔ شہر ۔ ملک ۔ ولایت ۔ دیار ۔ زخم ۔ گھاؤ ۔ (گھڑ دوڑ) دوڑ میں درجہ یا نمبر ۔

Give place ہارنا ۔ جگہ دینا ۔

Have place زندہ رہنا ۔

Take place واقع ہونا ۔

Take the place of عوض کام کرنا ۔

He is in his place وہ اپنی مناسب جگہ پر ہے ۔

He is out of his place وہ اپنی اصلی جگہ پر نہیں ہے ۔

It is not my place to enquire that یہ میرا فرض نہیں ہے کہ میں اس کی تفتیش کروں ۔

Servants must know their places نوکروں کو اپنی حیثیت معلوم ہونی چاہیے ۔

There is no place for doubt اس میں شبہ کی گنجائش نہیں ۔

Place (plās) *v.t.* Put in a place, assign رکھنا ۔ دھرنا ۔ قائم کرنا ۔ مقرر کرنا ۔ متعین کرنا ۔ اصلی جگہ پر رکھنا ۔ کسی کی روزی کا انتظام کرنا ۔ روزگار کا بندوبست کرنا ۔ کاروبار میں روپیہ لگانا ۔ خریدار کے ہاتھ مال بیچنا ۔ گھڑ دوڑ میں پہلے تین گھوڑوں میں ہونا ۔

Placer (plās-ər) *n.* A superficial deposit of gold or other minerals ریت ، بجری وغیرہ کی تہہ جس میں معدنی معدنیات کے اجزا ہوں ۔

Placid (plās-id) *adj.* Calm حلیم ۔ متحمل ۔ مطمئن ۔ پرسکون ۔

Placidity *n.* نرمی ۔ حلم ۔ دلجمعی ۔ سکون ۔

Plagiarize (pla-ji-ə-rīz) *v.t.* Steal from writing or ideas of another کسی دوسرے کے مضامین یا افکار کی چوری کرنا ۔ خیال یا مضمون چرا لینا ۔

Plagiarism *n.* مضمون ، خیال یا عبارت کی چوری ۔

Plagiarist *n.* ادبی سرقہ کرنے والا ۔ مضمون چرانے والا ۔

Plagiary *n.* مضمون یا افکار چرانے والا ۔

Plague (plāg) *v.t.* & *n.* A deadly epidemic مری ۔ وبا ۔ طاعون ۔ پلیگ ۔ مصیبت ۔ بلا ۔ قہر الٰہی ۔ (بول چال) دقت ۔ تکلیف ۔ باعث زحمت ۔ طاعون میں مبتلا ہونا ۔ دق کرنا ۔ تنگ کرنا ۔ پریشان کرنا ۔

Plague on it خدا غارت کرے ۔

Plague spot طاعونی گلٹی ۔

Plaguesome *adj.* (بول چال) دق کرنے والا ۔ تنگ کرنے والا ۔

Plaguy (plāg-i) *adj.* Of the nature of plague طاعونی ۔ طاعون کا ۔ تکلیف دہ ۔ پریشان کن ۔

Plaice (plās) *n.* A yellow-spotted flat-fish یورپ کی ایک چپٹی مچھلی ۔

Plaid (plād) *n.* A long piece of woollen cloth اونی چادر ۔ موٹا چوخانہ کپڑا جو ہائی لینڈ والے استعمال کرتے ہیں ۔

Plain (plān) *adj.*, *adv.* & *n.* Flat, level ہموار ۔ مسطح ۔ سپاٹ ۔ کھلا ۔ کشادہ میدان ۔ میدانی علاقہ ۔ بے تکلف ۔ صاف گو ۔ راست باز ۔ بے ریا ۔ خالص ۔ آسان ۔ ٹھیک ٹھیک ۔ واضح طور پر ۔

Plain as a pike staff بالکل صاف سیدھا ۔

Plain clothes بلا وردی کے کپڑے ۔ سادہ لباس ۔

Plain dealing اخلاص مندی ۔ راست معاملگی ۔

Plain speaking راست بیانی ۔ صاف گوئی ۔

Plainness *n.* ہمواری ۔ یکسانیت ۔ وضاحت ۔ سچائی ۔ راستی ۔ صریح ہونا ۔ واضح ہونا ۔

Plain (plān) *v.i.* Lament, complain فریاد کرنا ۔ نوحہ کرنا ۔ شکوہ کرنا ۔

Plaint (plānt) *n.* Lamentation فریاد - دہائی - قانونی استغاثہ - عرضی - نالش - عرضی دعویٰ -

Plaintiff (plānt-if) *n.* One who brings a suit against another مدعی - دعویٰ کرنے والا - نالش کرنے والا - مستغیث - داد خواہ -

Plaintive (plānt-iv) *adj.* Mournful غم انگیز - افسردہ - ماتمی - غم آگیں -

Plaintiveness *n.* غم آلودگی - حزن آمیز ہونا - پر غم ہونا -

Plait (plāt) *n.* & *v.t.* A zigzag fold چین - شکن - چنٹ - چٹائی - بالوں کی مینڈھی - چوٹی - جمے ہوئے بال - لٹ - فیتہ - چوٹی گوندھنا - موباف لگانا - پلیٹ ڈالنا -

Plan (plan) *v.t.* & *n.* A scheme for accomplishing a purpose, a sketch نمونہ - نقشہ - ڈھانچہ - خاکہ - تدبیر - تجویز - لائحہ عمل - منصوبہ - ڈھنگ - ترکیب - طریق کار - طرز عمل - رویہ - نقشہ بنانا - خاکہ تیار کرنا - تدبیر کرنا - تجویز کرنا - منصوبہ بنانا -

Planless *adj.* بے تکا - بے اصول - بلا کسی منصوبے کے -

Planchette (plan-shet) *n.* A board used as a medium for spirit messages دو پہیوں اور ایک پنسل کا تختہ جو روحانیات کے معتقدین کے نزدیک روحوں کے پیامات لکھتا ہے - خود نوشت تختہ - خود کار تختہ -

Plane (plān) *n.* A tree of the genus Platanus چنار کی قسم کا ایک درخت -

Plane (plān) *n.* & *v.t.* Any flat and level surface سطح - ہموار سطح - طیارہ - بلورین پہلو - کان کے اندر کی سڑک - سطح خیال - سطح علم - ہوائی جہاز میں سفر کرنا -

Plane (plān) *n.* & *v.t.* A carpenter's tool for smoothing surface رندہ - لکڑی صاف کرنے کا اوزار - رندہ کرنا - مسطح کرنا - چکنا کرنا -

Plane (plān) *adj.* Level and smooth بالکل ہموار - مسطح اور چکنا -

Planer (plān-er) *n.* A tool for planing ہموار کرنے کا اوزار - چھاپے کے حروف برابر کرنے کا اوزار -

Planet (plān-it) *n.* A revolving heavenly body گردش کرنے والا جرم فلکی - سیارہ جو سورج کے گرد چکر لگائے (نجوم) گرہ یا جرم فلکی جس کا اثر انسانوں اور دنیا کے حالات پر پڑتا ہے -

The seven planets ہفت سیارگان - سات گرہ - سات سیارے -

Planetary (plān-it-əri) *adj.* Pertaining to the planets سیاروں کا - سیاروں کے متعلق - متحرک - گرداں - آسمانی - سماوی -

Plangent (plān-jent) *adj.* Resounding, noisy کپکپی یا ارتعاش پیدا کرنے والی - پر شور - گریہ و زاری کی - مہیب - غم زدہ کرنے والی (آواز) -

Planish (plān-ish) *v.t.* Polish, flatten مسطح کرنا - ہموار کرنا - چمکدار کرنا - رول پھیرنا - پالش کرنا -

Plank (plangk) *n.* A long flat piece of timber تختہ - پٹرا - لوح - سیاسی پروگرام کا کوئی اہم جز -

Plank (plangk) *v.t.* Cover with planks تختے لگانا - تختہ بندی کرنا - تختوں سے ڈھکنا - تختوں کا فرش کرنا - (بول چال) روپیہ فوراً ادا کرنا -

Plant (plânt) *n.* A vegetable organism پودا - پیڑ - نخل - بوٹا - بیل - نشو و نما - مشین اور اس کے پرزے - (بول چال) ڈھوکا - فریب - سراغرساں -

Plantlet *n.* ایک چھوٹا پودا -

Plant (plânt) *v.t.* Introduce, put into the ground بونا - پودا لگانا - پیڑ لگانا - جمانا - نصب کرنا - گاڑنا - جاسوسی کے لیے کسی کو مقرر کرنا - آباد کرنا - بسانا - (بول چال) چھپانا - مخفی رکھنا - دفن کرنا - کسی کان میں قیمتی دھات کے ریزے ڈال دینا تاکہ کان کا خریدار دھوکا کھا جائے - سازش کرنا - فریب دہی کا منصوبہ بنانا - ترک کرنا - قطع تعلق کرنا -

Plantable *adj.* لگائے جانے کے قابل -

Plantain (plan-tān) *n.* A musaceous plant کیلا - موز - ایک قسم کا نرم تنے کا درخت -

Plantar (plan-tar) *adj.* Of the sole of foot کف پا کے متعلق - تلوے کے متعلق -

Plantation (plant-ə-shən) *n.* A place planted with trees شجر زار - باغ - پودے - درخت - جائداد جس پر غلام کاشت کرتے تھے - بستی - نوآبادی -

Planter (plant-er) *n.* A settler, a colonist کاشتکار ۔ کسان ۔ کسی نئی جگہ آباد ہونے والا ۔ نئی جگہ پر درخت لگانے والا ۔ نخل بندی کی مشین ۔ نو آبادکار ۔

Plantigrade (plant-i-grād) *adj.* Walking on the soles of the feet تلوؤں کے بل چلنے والا ۔

Plash (plash) *n.* A shallow pool, a puddle ۔ دلدل جوہڑ ۔ ڈبرا ۔ چھڑاں ۔

Plash (plash) *v.t.* & *n.* Splash پانی میں چھپ چھپ کرنا ۔ چھینٹیں اڑانا ۔ غوطہ ۔ ڈبکی ۔ ڈبکی کی آواز ۔

Plashy *adj.* پانی میں چھپ چھپ کرنے والا ۔

Plash (plash) *v.t.* Interweave by bending and twining the branches شاخوں کو جھکا کر ایک دوسرے سے جکڑ کر جنگلہ بنانا ۔

Plasm (plazm) *n.* Liquid part of blood خلیہ کا زندہ مادہ ۔ مادہ حیات ۔ خون یا دودھ کا رقیق حصہ ۔

Plasma (plaz-mȧ) *n.* Colourless part of blood, lymph or milk وہ بے رنگ مادہ جو رقیق خون یا دودھ کا جز ہوتا ہے ۔

Plaster (plȧs-tər) *n.* A fabric coated with adhesive substance ۔ استر کاری کا مسالہ ۔ کہگل سفیدی ۔ ضماد ۔ لیپ ۔ مرہم ۔ پھایا ۔ پلاستر ۔

Plaster of Paris نفیس سفید مٹی کا پلاستر جو شکستہ اعضا پر چڑھادیا جاتا ہے اور سخت ہو جاتا ہے تاکہ عضو میں جنبش نہ ہو ۔

Plastery *adj.* پلاستر دار ۔

Plaster (plȧs-tər) *v.t.* Apply plaster ۔ لیپنا ۔ پوتنا استر کاری کرنا ۔ گارا لگانا ۔ سفیدی پھیرنا ۔ رنگ یا قلعی کرنا ۔ پلاستر لگانا ۔ پھایا لگانا ۔ حد سے زیادہ تعریف کرنا ۔ بدلہ لینا ۔ تلافی کرنا ۔ چمکانا ۔ لگانا ۔ شراب کی تیزی کم کرنے کے لیے اس میں کھریا مٹی ملانا ۔

Plasterer *n.* ۔ سفیدی پھیرنے والا ۔ پلاستر لگانے والا پلاستر کرنے والا ۔

Plastic (plas-tik) *adj.* Shaping, formative صورت پذیر ۔ ڈھلنے والا ۔ ڈھلنے کے قابل ۔ سانچے میں ڈھلنے والا ۔ لچک دار ۔ نرم ۔ ملائم ۔

Plasticity *n.* ۔ ڈھل جانے کی صلاحیت ۔ صورت پذیری

Plastron (plas-tron) *n.* A breast-plate worn under the hanberk چمڑے کی گدی جو تیغ زن اپنے سینے پر باندھ لیتے ہیں ۔ چرمی صدری ۔ زنانہ سینہ بند ۔ مردانہ قمیض کا سامنے کا حصہ ۔ فولادی سینہ پوش ۔

Plat (plat) *n.* A plot of ground ۔ ایک قطعہ زمین

Platan (plat-ən) *n.* A plane tree مشرق ۔ چنار کا درخت ۔

Plate (plāt) *n.* A flat slab of hard material ۔ پتر پترا ۔ دھات کا ہموار ٹکڑا ۔ کتاب کی چٹ ۔ نام کی تختی ۔ فلم کا بنڈل ۔ چھت کا شہتیر ۔ سونے چاندی کے برتن ۔ (گھڑ دوڑ) دوڑ کا نام ۔ رکابی ۔ طباق ۔ پلیٹ ۔ وہ برتن جس میں کلیسا میں چراغی ڈالی جاتی ہے ۔

Plate (plāt) *v.t.* Overlay with metal ۔ پتر چڑھانا دھات کی چادر چڑھانا ۔ جہاز پر فولادی چادر مڑھنا ۔ ملمع کرنا ۔ خوبصورتی کے لیے کوئی چمکدار دھات چڑھانا ۔ طباعت کے لیے پلیٹ بنانا ۔

Plateau (plȧ-tō) *n.* A tableland سطح مرتفع ۔ بلند ہموار مقام ۔ منقش خوان یا رکابی ۔ ایک قسم کی نسوانی ٹوپی ۔

Platen (plat-n) *n.* Roller ۔ چھاپے کی مشین کی پلیٹ کاغذ کو پلیٹ پر دبانے والا پرزہ ۔ وہ پلیٹ جس سے کاغذ پر ٹائپ کا نشان پڑتا ہے ۔

Plater (plat-ər) *n.* One who prepares plates پتر چڑھانے والا ۔ چادر چڑھانے والا ۔ ملمع ساز ۔ قلعی گر ۔ ادنیٰ درجے کا گھوڑا ۔ میز جس پر کھڑے ہو کر مقرر تقریر کرتا ہے ۔

Platform (plat-form) *v.t.,i.* & *n.* A raised level surface کرسی ۔ مچان ۔ چبوترہ ۔ شہ نشین ۔ ریل اسٹیشن کا لمبا چبوترہ ۔ کسی فریق کا سیاسی لائحہ عمل ۔ چبوترے پر رکھنا ۔ تقریر کرنا ۔

Plating (plat-ing) *n.* Work of plate-covering پتر چڑھانے کا کام ۔

Platinize (plat-in-īz) *v.t.* Coat with platinum پلاٹینم کا ملمع چڑھانا ۔

Platinoid (plat-in-oid) *n.* One of the metals with which platinum is always found ایک مخلوط دھات جس میں پلاٹینم پایا جاتا ہے ۔

Platinum (plat-in-əm) *n.* A noble metal exceedingly valuable پلاٹینم - تقریبہ - ایک سفید قیمتی دھات -

Platitude (plat-i-tūd) *n.* An empty remark made in an important way ایک عام فرسودہ بات جو بڑی سنجیدگی سے کہی جائے - پیش پا افتادہ ہونا -

Platitudinize *v.t.* عام بات زور دے کر کہنا -

Platitudinous *adj.* عام مثالوں پر مبنی - عام باتوں سے پر -

Platitudinarian (plat-i-tūd-i-nā-ri-ən) *n.* & *adj.* One who indulges in platitudes عام اور فرسودہ باتیں کہنے والا -

Platonic (plə-ton-ik) *adj.* Pertaining to Plato افلاطونی - افلاطون سے متعلق - محض لفظی - عقلی - ناقابل عمل - بے ضرر -

Platonic love *n.* مرد اور عورت کے درمیان خالص روحانی محبت -

Platonics *n.* افلاطونی عشق کا راز و نیاز -

Platonism *n.* فلسفہ افلاطون - افلاطونیت -

Platonist *n.* فلسفہ افلاطون کا پیرو -

Platoon (plə-tōōn) *n.* A small body of soldiers پلٹن - آدھی کمپنی - پیدل کمپنی کا چھوٹا دستہ - ایک ساتھ بندوقیں چلانے والا دستہ -

Plaudit (plawd-it) *n.* An act of applause تحسین - آفرین - واہ وا -

Plausible (plawz-i-bl) *adj.* That may be accepted خوش نما - اچھا - معقول - قابل قبول - ظاہر دار مگر فریبی -

Plausibility *n.* نظر فریبی - ظاہر داری -

Play (plā) *v.i.* & *t.* Move about, operate کھیلنا - کودنا - ادھر اُدھر پھرنا - آزادانہ حرکت کرنا - کسی ہتھیار کو استعال کرنا - مچھلی کو تھکا دینا - بندوق چلانا - مذاق - کھیل - بازی - لہو لعب - دل لگی - تفریح - دل بہلانا - اٹھکھیلیاں کرنا - ہنتا یا بنانا - کھیل میں مقابلہ کرنا - باجا بجانا - تماشا کرنا - تاش کا پتہ پھینکنا -

Bring into play استعال میں لانا -

I feel played out میں بے دم ہو رہا ہوں - میں بالکل تھک گیا ہوں -

Play a good knife and fork پیٹ بھر کر کھانا -

Play off اپنے فائدے کے لیے دوسروں کو بھڑا دینا -

Play one's cards well موقع سے پورا پورا فائدہ اٹھانا -

Play the fool بیوقوف بننا -

Play the game شرافت کا ثبوت دینا -

Play cricket ایمانداری سے کام کرنا -

Tresses play on her neck زلفیں لہرا رہی ہیں - زلفیں اس کے شانے پر کھیل رہی ہیں -

Playable *adj.* کھیلنے کے قابل -

Play (plā) *n.* Performance بازی - کھیل - تفریح - دل لگی - کایل - چوچلا - کھیلنے کا انداز - حرکت - عمل - چلنے پھرنے کی آزادی - نقل و حرکت کی جگہ - ہڑتال کے زمانے میں کام نہ کرنا - ناٹک - تمثیل - ڈراما - ریس - جوا - قمار بازی -

Play time چھٹی کا وقت -

Playmate ساتھی - ہمجولی -

Playground کھیلنے کا میدان -

Playwright ناٹک لکھنے والا -

Play fast and loose مکاری کرنا -

Play off دکھانا - نمائش کرنا -

Play upon ہنسی اڑانا -

Play upon words ضلع جگت بولنا -

Playing cards تاش -

That is a play game وہ تو بچوں کا کھیل ہے -

Player (plā-ər) *n.* One who plays کھیلنے والا - کھلاڑی - ماہر کھلاڑی - پیشہ ور کھلاڑی - ادا کار - ایکٹر -

Playful (plā-ful) *adj.* Sportive چنچل - کھلنڈرا - شوخ - شوخ مزاج - زندہ دل - پر مذاق - ظریفانہ - تمسخرانہ -

Playfulness *n.* خوش مزاجی - زندہ دلی -

Plea (plē) *n.* A law suit عذر - حجت - درخواست - استدعا - تحریری بیان - صفائی - جواب دہی - مقدمہ - استغاثہ -

Pleach (plēch) *v.t.* Intertwine, fold بل دینا - مروڑنا - بننا - لپیٹنا -

Plead (plēd) *v.t.* Argue in support of وکالت کرنا ۔ کسی کی تائید میں بحث کرنا ۔ عذر داری کرنا ۔ ثبوت پیش کرنا ۔

I can plēad inexperience اپنی مرات کے لیے میں ناتجربہ کاری کا عذر بھی پیش کر سکتا ہوں ۔

Pleader (plēd-ər) *n.* One who pleads, an advocate وکیل ۔ پیرو کار ۔

Pleadable قابل پیروی ۔ عذر پذیر ۔

Plead guilty اقبال جرم ۔ اقرار جرم کرنا ۔

Pleading (plēd-ing) *n.* Conducting a plea عذر پیش کرنا ۔ بحث و استدلال ۔

Pleasance (plēz-əns) *n.* Pleasure, enjoyment انبساط ۔ خوشی ۔ لذت ۔ سرور ۔ خانہ باغ ۔ پائیں باغ ۔

Pleasant (plēz-ənt) *adj.* Pleasing, agreeable مرغوب ۔ خوش آئند ۔ پسندیدہ ۔ خوشگوار ۔ عمدہ ۔ نفیس ۔ زندہ دل ۔ خندہ پیشانی ۔ پر مزاق ۔ پر لطف ۔ پسندیدہ طور پر ۔ ظریفانہ ۔

Has a pleasant manner وہ خوش اطوار ہے ۔

Pleasantness *n.* خوش گواری ۔ زندہ دلی ۔ پسندیدگی ۔

Pleasantry (plēz-əntri) *n.* Jocularity خرمی ۔ بشاشت ۔ ظرافت ۔ خوش طبعی ۔ بزلہ سنجی ۔ دل لگی ۔ مذاق کے فقرے ۔

Please (plēz) *v.t. & i.* Delight, satisfy محظوظ کرنا ۔ خوش کرنا ۔ مسرور کرنا ۔ مناسب سمجھنا ۔ مہربانی فرما کر ۔ براہ کرم ۔ از راہ نوازش ۔

Pleased *adj.* شاد ۔ مسرور ۔ خوش ۔

Pleasing *adj.* پر لطف ۔ فرحت بخش ۔ مرغوب ۔ خوش آئند ۔

Pleasingly *adv.* خوش کن طریقے سے ۔ پسندیدہ طور پر ۔

Pleasurable (plezh-ər-ə-bl) *adj.* Delightful مسرت بخش ۔ پر انبساط ۔ پر لطف ۔

Pleasurableness *n.* پر انبساط ہونا ۔ پر لطف ہونا ۔

Pleasurably *adv.* مزے سے ۔ آرام سے ۔ لطف سے ۔

Pleasure (ple-zhər) *n. & v.t.* Agreeable emotions خوشی ۔ خرمی ۔ راحت ۔ لذت ۔ سرور ۔ رضامندی ۔ خوش نودی ۔ کسی کو خوش کرنا ۔ لطف اندوز ہونا ۔

Pleat (plet) *v.t. & n.* Plait تہہ ۔ شکن ۔ چنت ۔ سینڈھی ۔ چوٹی ۔ چنت ڈالنا ۔ چوٹی گوندھنا ۔

Pleb (pleb) *n.* Low-born man (بول چال) نیچ ذات کا آدمی ۔ ادنیٰ آدمی ۔

Plebeian (pli-be-ən) *adj.* Of the Roman pleb ادنیٰ طبقہ کے لوگ ۔ عام لوگ ۔

Plebiscite (pleb-i-sīt) *n.* Direct vote of the people رائے عامہ ۔ عام رائے شماری ۔ براہ راست رائے شماری ۔

Plectrum (plek-trəm) *n.* An instrument for plucking the strings مضراب ۔ زخمہ ۔

Pledge (plej) *n.* Something given as a security رہن ۔ گرو ۔ رہن رکھی ہوئی چیز ۔ مال ضمانت ۔ شے مکفولہ ۔ ضمانت ۔ وعدہ ۔ عہد و پیمان ۔ حلف ۔ قسم ۔ سوگند ۔ لیڈر کا عہد ۔

Pledged مرہون ۔

Hold in pledge ضمانت میں رکھنا ۔

Take or sign the pledge کسی چیز کا تحریری اقرار کرنا ۔

Pledge (plej) *v.t.* Bind by solemn promise ضمانت دینا ۔ عہد کرنا ۔ حتمی وعدہ کرنا ۔ قول دینا ۔ زبان ہارنا ۔

Pledgeable *adj.* قابل عہد و پیمان ۔ قابل ضمانت ۔

Pleiad (plī-ad) *n.* A brilliant group of seven stars خوشہ پروین ۔ سات ستارے ۔ سات رتن ۔ شاندار چیزوں یا اشخاص کا اجتماع ۔

Plenary (ple-nə-ri) *adj.* Full پورا ۔ تمام و کمال ۔ مکمل ۔ غیر محدود ۔ غیر مشروط ۔ جلسہ کامل ۔ وہ جلسہ جس میں تمام ارکان شامل ہوں ۔ اجلاس عام ۔

Plenipotentiary (plin-ip-o-ten-shə-ri) *adj. & n.* Having full powers وکیل مطلق ۔ مختار کل ۔ مدار المہام ۔ وہ سفیر جس کو کلی اختیارات حاصل ہوں ۔ کامل ۔ غیر محدود ۔ غیر مشروط ۔

Plenitude (plen-i-tūd) *n.* Fullness, completeness کامل ہونا ۔ کثرت ۔ فراوانی ۔

Plenteous (plen-ti-əs) *adj.* Abundant کثیر ۔ وافر ۔ کثرت سے ۔ افراط سے ۔

Plentiful (plen-ti-ful) *adj.* Copious بہت ۔ کثیر ۔ وافر ۔ افزوں ۔ زیادہ ۔ فراواں ۔

Plentifully *adv.* افراط سے ۔ بہتات سے ۔ کثرت سے ۔

Plenty (plen-ti) *n.* A full supply افراط ۔ بہتات ۔ پوری رسد ۔

Pleonasm (plē-o-nazm) *n.* Redundant expression بھرتی کے الفاظ ۔ زائد الفاظ ۔ بلا ضرورت الفاظ کا استعمال ۔

Plethora (pleth-ə-rä) *n.* Excessive fullness of blood افراط خون ۔ غلبہ خون ۔ کثرت الدم ۔ بے جا فراوانی ۔

Plethoric *adj.* افراط خون کا ۔ دموی ۔

Pleura (ploo-rä) *n.* A delicate membrane that covers the lungs پھیپھڑے کی جھلی ۔ بے ریڑھ کے جانوروں کے پہلو کا ایک حصہ ۔

Pleurisy (ploo-ri-si) *n.* Inflammation of the pleura ذات الصدر ۔ پھیپھڑے کے جھلی کا ورم ۔ ذات الجنب ۔

Pleuritic *adj.* ذات الجنب کے متعلق ۔

Pliable (pli-əbl) *adj.* Flexible لچک دار ۔ نرم ۔ ملائم ۔ خم کھانے والا ۔ جھکنے والا ۔ اثر پذیر ۔ اطاعت پذیر ۔

Pliability *n.* اثر پذیری ۔ لوچ ۔ لچک ۔

Pliant (pli-ənt) *adj.* دیکھو Pliable

Pliancy (pli-ən-si) *n.* دیکھو Pliability

Plica (pli-kä) *n.* A fold ایک بیماری جس میں بال جھڑ جاتے ہیں ۔

Pliers (pli-ers) *n. & p.* Pincers for bending wire سنسی ۔ پکڑ ۔ چمٹا ۔

Plight (plīt) *v.t. & n.* Risk, pledge, fold ضمانت دینا ۔ قول دینا ۔ کسی سے منگنی کرنا ۔ قول ۔ پیمان وفا ۔ منگنی ۔ حالت ۔ کیفیت ۔

Plinth (plinth) *n.* Square block under the base of a column ستون کا پایہ ۔ نیو ۔ چوکور بنیاد ۔ دیوار یا مکان کی کرسی ۔

Plod (plod) *v.i., t. & n.* Walk laborously پاؤں گھسیٹتے ہوئے چلنا ۔ تکلیف سے چلنا ۔ جوں کی چال چلنا ۔ محنت کرنا ۔ مشقت کرنا ۔ جان مارنا ۔ کام میں جتا رہنا ۔ محنت سے آگے بڑھنا ۔ مشکل اور محنت طلب کام ۔

Plodder *n.* محنت مشقت کرنے والا ۔

Ploddingly *adv.* محنت مشقت سے ۔ گھس گھس کر ۔ دقت سے ۔

Plombe (awm-bä) *adj.* Sealed سر بہ مہر ۔ جس پر سرکاری مہر لگی ہو ۔

Plop (plop) *v.t., adv. & n.* The sound of a small object falling in water غڑپ ۔ (پانی میں گرنے کی آواز) غڑپ سے ۔ غڑپ سے گرانا یا پھینکنا ۔

Plot (plot) *n.* A small piece of ground قطعہ زمین ۔ قصہ یا ڈرامے کا خاکہ ۔ سازش ۔ ساز باز ۔ سازش کا منصوبہ ۔

Plotless *adj.* قصہ یا ڈرامہ جس کا کوئی خاکہ نہ ہو ۔

Plot (plot) *v.t.* Dip in very hot water گرم پانی میں غوطہ دینا ۔ خاکہ بنانا ۔ منصوبہ تیار کرنا ۔ ساز باز کرنا ۔ سازش کرنا ۔

Plotter منصوبہ بنانے والا ۔ سازش کرنے والا ۔

Plough (plow) *n.* An instrument for turning up the soil ہل ۔ ناگر ۔ قلبہ ۔ کھیت ۔ جتی ہوئی زمین ۔ ہل نما آلہ ۔ گولچی ۔ کاغذ تراشنے کی چھری ۔ کاغذ تراش ۔

Ploughman *n.* کسان ۔ ہل چلانے والا ۔ ہرواہا ۔

Put one's hand to the plough کوئی کام شروع کرنا ۔

Plough (plow) *v.t. & i.* Make furrows with the plough ہل چلانا ۔ قلبہ رانی کرنا ۔ زمین جوتنا ۔ چیرنا ۔ پھاڑنا ۔ اکھاڑنا ۔ برباد کرنا ۔ جہاز کا پانی کو چیر کر چلنا (بول چال) امید وار کو امتحان میں ناکام قرار دینا ۔

Plough the sand بیکار مشغلہ میں وقت ضائع کرنا ۔ لا حاصل کام کرنا ۔

Plover (pluv-ər) *n.* A kind of long-legged bird ایک لمبی ٹانگوں والا پرندہ (بول چال) فریبی ۔ دھوکے باز آدمی ۔ پلور ۔

Ploy (ploi) *n.* An employment مشغلہ ۔ کام ۔ مہم ۔

Pluck (pluk) *n.* Act of plucking پر افشانی ۔ پرا کھاڑنا ۔ توڑنا ۔ جھٹکا ۔ امتحان میں ناکامی ۔ جانور کا دل ، جگر ، پھیپھڑا وغیرہ ۔ دلیری ۔ ہمت ۔ جرأت ۔ رنگوں کی شوخ آمیزش ۔

Pluckless *adj.* پست حوصلہ ۔

Plucky *adj.* ہمت والا ۔ بہادر ۔ جری ۔

Pluckiness *n.* جیوٹ ۔ شجاعت ۔ دلیری ۔

Pluck (pluck) *v.t. & i.* Pull out forcibly - کھینچنا - نوچنا - جھٹکا دے کر کھینچنا - چھین لینا - توڑنا - نوچ لینا - پر نوچنا - پھول توڑنا - ٹھگ لینا لوٹ لینا - امید وار کو امتحان میں ناکام قرار دینا -

Plug (plug) *n.* A peg, stopper ڈاٹ - ڈٹا - کاگ - میخ - پچر - گانٹھ - کھانے والے تمبا کی گولی یا ٹکیہ -

Plug (plug) *v.t.* Stop with a plug ڈاٹ لگانا - بند کرنا - منہ بند کرنا - (بول چال) گولی چلانا - گولی مارنا - مکا مارنا - مشقت سے کوئی کام کرنا -

Plum (plum) *n.* A well-known stone-fruit الوچہ - آلو بخارا - خشک انگور - کشمش - منقی -

Plum-cake کشمشی کیک -

Plumage (ploom-ij) *n.* Feathers collectively - پر - پنکھ - پرندے کے بال و پر -

Plumaged *adj.* بال و پر والا - پر دار -

Plumb (plum) *adj., adv. & n.* A heavy lump of lead hung on a string شاقول - ساھول - گنیا - ڈوری سے بندھا ہوا لٹو جس سے زیر تعمیر دیوار کی سیدھ دیکھی جاتی ہے - پانی کی گہرائی معلوم کرنے کا آلہ - (کرکٹ) کھیل کی جگہ کا اچھا ہونا - ٹھیک بچ - ٹھیک ٹھیک - سر تا سر - (امریکہ کی بول چال). بالکل - قطعاً -

Plumb (plum) *v.t. & i.* Test by a plumb line پنسال سے سمندر کی گہرائی معلوم کرنا - پانی کی گہرائی ناپنا - عمودی بنانا -

Plumbago (plum-bā-gō) *n.* A kind of Mediterranean plant بحیرہ روم کے علاقہ کا ایک پودا جس کے پھول سرمئی رنگ کے ہوتے ہیں -

Plumber (plumb-ər) *n.* One who instals and mends pipes and other fittings سیسے کا کام کرنے والا - نل لگانے والا - نلوں وغیرہ کی مرمت کرنے والا - نل کار -

Plumbic (plum-bik) *adj.* Of lead سیسہ کا - سیسہ ملا ہوا - سیسہ کا بنا ہوا - مرض جو سیسے سے پیدا ہو -

Plume (ploōm) *n.* A large showy feather - پر - شہپر - کلغی - آرائشی طرہ - پروں کا گچھا - کسی جانور کا پر نما حصہ -

Borrowed plumes دوسروں کے امتیازات - بیجا فخر - جھوٹا امتیاز -

Plumeless *adj.* جس کے ابھی پر نکلے نہ ہوں - بے کلغی کا - بے پر کا -

Plumelet *n.* چھوٹے پر - چھوٹی کلغی -

Plume (ploōm) *v.t.* Adorn with plumes, pride پر لگانا - طرہ یا کلغی لگانا - اترانا - مغرور ہونا - معمولی بات پرفخر کرنا - پرندے کا چونچ سے اپنے پروں کو آراستہ کرنا -

Plummet (plum-it) *n.* A lead weight on sounding or fishing line پنسال - سیسے کا لٹو - کڑا یا چوکور ٹکڑا جو گہرائی کی پیمائش کے لیے ڈور سے باندھ دیا جاتا ہے - گہرائی ناپنے کا آلہ - ڈور کا لنگر -

Plummy (plum-i) *adj.* Made of plum آلوچے کے مزے کا - کشمشی -

Plump (plump) *adj., v.t. & i.* Fat and rounded فربہ - جسیم - موٹا - فربہ ہونا - موٹا تازہ کرنا - گداز ہونا - پھولنا -

Plumpiness *n.* گدازی - فربہی -

Plumpy *adj.* موٹا - فربہ - جسیم - گداز

Plump (plump) *v.t.,i., adv. & adj.* Fall or drop into liquid, rain suddenly and heavily گر پڑنا - یکایک زور کی بارش ہونا - صاف صاف - کھرے پن سے - راست - صاف - قطعی -

He answered with a plump no اس نے صاف صاف انکار کر دیا -

I told him plump میں نے صاف صاف کہدیا -

Plump (plump) *n.* A cluster - جھنڈ - گروہ - فوجی دستہ - کمپنی - ٹولی - جھمکا - جھرمٹ - گچھا -

Plumper (plump-ər) *n.* A ball carried in mouth to fill up hollow cheeks ایک گولی جو پچکے ہوئے گالوں کو پھلانے کے لیے منہ میں رکھتے ہیں -

Plumper (plump-ər) *n.* A plump fall or blow دھڑام سے گرنے والا - ایک ہی شخص کو ووٹ دینے والا - ایسا ووٹ - سفید جھوٹ -

Plumy (plum-i) *adj.* Feathery - بھرے پروں والا - پر دار - کلغی دار - طرہ کی طرح - کلغی نما -

Plunder (plun-dər) *v.t.* & *n.* Carry off the goods by force - تاخت و تاراج کرنا - لوٹ مار کرنا - غارت گری کرنا - چرانا - غبن کرنا - (بول چال) منافع - فائدہ - مال غنیمت -

Plunderer *n.* ڈاکو - رہزن - قزاق - لٹیرا -

Plunderage (plun-dər-āj) *n.* Goods plundered لوٹ کا مال و اسباب - جہاز کے مال کا غبن - لوٹ یا غبن کا مال -

Plunge (plunj) *v.t.,i.* & *n.* Thrust or cast in a liquid غوطہ دینا - زور سے پھینکنا یا گھسیڑنا - کسی کو دھکیل دینا - غوطہ مارنا - بحث میں الجھ جانا - تیزی یا جلدی سے آنا جانا - جہاز کا ایک رخ پر جھک جانا - (بول چال) قمار بازی میں کھو جانا - قرض میں ڈوب جانا - غوطہ - ڈبکی - مشکل کام -

Plunger (plunj-ər) *n.* One who plunges - غوطہ خور - غواص - ڈبکنی چڑیا - رسالہ کا سوار - (بول چال) جواری - سٹے باز -

Pluperfect (ploo-per-fikt) *adj.* & *n.* Denoting that an action happened before another action in the past ماضی بعید کا - ماضی بعید کا زمانہ -

Plural (ploor-l) *adj.* & *n.* Numbering more than one (قواعد جمع - صیغہ جمع - ایک سے زیادہ عدد -

Pluralism (ploor-ə-lizm) *n.* Philosophy that recognises more than one principle of being ایک شخص کا ایک سے زائد عہدوں پر فائز ہونا - کثرت وجود - یہ نظریہ کہ یہاں وحدت نہیں بلکہ کثرت وجود ہے -

Pluralist *n.* ایک سے زیادہ عہدوں پر قابض ہونا - فلسفہ کثرت وجود کا قائل -

Plurality (ploor-ə-liti) *n.* Numerousness - کثرت افراط - بہتات - فراوانی - آرا کی کثرت - ایک سے زائد عہدوں پر قبضہ -

Pluralize (ploor-ə-līz) *v.t.* & *i.* Make plural, hold two or more posts جمع بنانا - جمع میں ظاہر کرنا - ایک سے زائد عہدوں پر مامور ہونا -

Plus (plus) *prep., adj.* & *n.* With the addition of, additional جمع - مثبت - زائد - مثبت مقدار - زائد مقدار - گولف میں کھلاڑی کا درجہ مثبت یا منفی -

Plush (plush) *n.* A velvet like fabric ایک قسم کا روئیں دار مخملی کپڑا - پلش - نرم رواں دار کپڑا -

Plushy *adj.* روئیں دار -

Pluto (ploo-tō) *n.* Greek god of underworld پاتال کا دیوتا - پاتال راجہ - آفتاب سے بہت دور ایک سیارہ پلوٹو -

Plutocracy (ploo-tōk-rə-si) *n.* Government by the wealthy دولتمندوں کی حکومت - وہ حکومت جو امرا پر مشتمل ہو - دھن راج -

Plutocratic *adj.* دھن والوں کی - دولتمندوں کی - امرا کی -

Plutolatry (ploo-tō-lə-tri) *n.* Worship of wealth دولت پرستی - دھن پوجا -

Plutonic (ploo-to-nik) *adj.* Of the underworld عالم اسفل کا - پاتال کا - پاتال راجہ کا - دوزخی - سقری - آتشیں - ارضی حرارت کے عمل سے بنا ہوا -

Plutonism *n.* - ارضی حرارت کے عمل سے بننے کا نظریہ - پلوطائی نظریہ -

Plutonist *n.* ارضی حرارت کے اثرات کا قائل - پلوطائی نظریہ کا قائل -

Plutonomy (ploo-tə-nə-mi) *n.* Political economy اقتصادیات - معاشیات - سیاسی اقتصادیات -

Plutonomic *adj.* اقتصادیات کے متعلق -

Plutonomist *n.* سیاسی اقتصادیات کا ماہر -

Pluvial (ploo-vi-əl) *adj.* & *n.* Of or by rain بارش کے متعلق - بارش کا - برساتی -

Pluviometer (ploo-vio-meter) *n.* Rain gauge بارش ناپنے کا آلہ - بارش پیما -

Ply (plī) *n.* A fold, layer - تہہ - پرت - سلوٹ - طبق - رسی کا بل - رجحان - میلان -

Ply (plī) *v.t.* & *i.* Work at steadily - استعمال کرنا برتنا - کام یا پیشہ اختیار کرنا - مشغول رہنا - سوالات کی بوچھاڑ کرتے رہنا - جہاز کو ہوا کے مخالف چلانا -

Plywood *n.* پرت دار لکڑی -

Plymouth (plim-əth) *n.* A port in Devon

Plymouth Brethren پلائی مت کا ایک مذہبی فرقہ جس کا کوئی تحریری مذہبی دستور نہیں ہے - پلائی مت برادری -

Pneumatic (nu-mat-ik) *n. & adj.* Relating to air or gases ہوا - ہوا کی مانند - پتلا - رقیق - ہوا کے ذریعے عمل کرنے والا - ہوائی تاثر ہوگے - (جمع) ہوائیات - ماؤیدیا - علم الہوا -

Pneumatically *adv.* ہوا کے ذریعے - ہوا کے دباؤ سے -

Pneumonia (nū-mō-ni-ā) *n.* Inflammation of the lung ورم شش - پھیپھڑے کا ورم - نمونیا -

Pneumonic *adj.* شش کی خرابی کا - ورم شش کا - نمونیائی -

Poach (poch) *v.t. & i.* Intrude on another's preserve انگلی ڈالنا - روندنا - اکھاڑنا - مداخلت بیجا کرنا - غیر کے علاقہ میں جا کر مچھلی ، خرگوش وغیرہ کا شکار کرنا - دوڑ وغیرہ میں ناجائز فائدہ حاصل کرنا - (ٹینس) اپنے ساتھی کے کورٹ کی گیند کو کھیلنا -

Poach (pōch) *v.t.* Cook without the shell in boiling water انڈے کا چھلکا توڑ کر انڈے کو پانی میں پکانا -

Poacher *n.* وہ برتن جس میں انڈہ پکایا جائے -

Poacher *n.* چوری سے شکار کرنے والا - ناجائز طور پر شکار کھیلنے والا - بے جا مداخلت کرنے والا -

Pochard (poch-ər(d) *n.* A red-headed diving duck غوطہ خور بط - لال سر -

Pock (pok) *n.* A small elevation of skin containing pus پھنسی - دانہ - چیچک کا دانہ - چھالا - آبلہ - دانہ جس میں مواد آ گیا ہو -

Pocket (pok-it) *n.* A little pouch or bag جیب - کیسہ - خریطہ - تھیلی - حیثیت - مقدور - معذرت - نقد روپیہ پیسہ - بلیرڈ کے میز کی تھیلی - جوف - زیر زمین جوف -

Pick a person's pocket جیب کاٹنا -

Pocket an insult بے عزتی سہنا -

Put one's pride in one's pocket اپنا کام کرنے پر مجبور ہونا جس سے رسوائی ہو -

Pocket (pok-it) *v.t.* Take stealthily, put in pocket جیب میں رکھ لینا - جیب میں ڈالنا - تھیلی میں بند کرنا - چھپانا - چرانا - ہتھیا لینا - بے عزتی برداشت کرنا - جذبات کو پوشیدہ رکھنا - بلیرڈ کی گیند تھیلی میں پہنچانا -

Pocketable *adj.* جو چیز جیب میں لے جائی جا سکے - جو چیز جیب میں رکھی جا سکے -

Pococurante (pō-kō-kōō-rān-tā) *adj. & n.* Uninterested بے پروا - بے التفات - دلچسپی نہ لینے والا -

Pod (pod) *n.* Socket of brace and bit برمے کا لٹو - پھل - ڈوڈا - کویا - آبریشم - ریشم کے کیڑے کا کویا - ٹڈی کے انڈے کا خول - مچھلی پکڑنے کا تنگ منہ کا جال - ڈوڈے لگنا - خول اتارنا - چھلکا اتارنا -

Pod (pod) *v.t. & n.* A school of whales and seals وہیل اور سیل مچھلیوں کا گروہ - ان مچھلیوں کو ہانک کر اکٹھا کرنا -

Podagra (pod-ag-rā) *n.* Gout بائی کا مرض - نقرس - پاؤں کی گھٹیا -

Podded (pod-d) *adj.* Full of pods پھل دار - ڈو ڈوں سے بھرا ہوا - کوے دار - مامون و محفوظ - آسائش سے -

Podge (poj) *n.* Fat and flabby person چھوٹا اور موٹا آدمی -

Podgy *adj.* پستہ قد اور موٹا -

Podium (po-di-əm) *n.* A continuous projecting base عمارت کی کرسی - چبوترہ - کمرے کے اطراف میں نشستوں کا سلسلہ -

Poem (po-im) *n.* A composition in verse نظم - شعر - منظوم قصہ وغیرہ -

Poesy (po-i-zi) *n.* Poetry شاعری - شعر گوئی - شعر و سخن - فن شعر گوئی -

Poet (po-it) *n.* The author of a poem نظم گو - شاعر - کوی -

Poetaster-icule *n.* تک بند - معمولی شاعر - ادنیٰ شاعر -

Poetical (po-it-i-kəl) *adj.* Of the nature of poetry شاعرانہ - شعریت سے معمور -

Poetical justice نظم میں شر کی برائی دکھانا اور نیکی کو سر بلند کرنا -

Poetical licence شاعر کا زبان کی معمولی قیود سے آزاد ہونا - شاعرانہ آزادی -

Poetically (po-it-ik-ə-li) *adv.* In verse, in the way of poetry - شاعرانہ انداز میں - شاعرانہ نقطہ نظر سے -

Poetics *n.* فن تنقید ۔ قواعد شاعری ۔ علم عروض ۔ شعریات ۔

Poet laureate *n.* درباری شاعر ۔ ملک الشعرا ۔

Poeticize (po-it-i-sīz) *v.t.* Make poetic کسی مضمون کو شاعرانہ رنگ میں بیان کرنا ۔

Poetize (po-it-īz) *v.t.* Compose poetry نظم کہنا ۔ شعر کہنا ۔ شاعرانہ انداز میں بیان کرنا ۔ شاعر کی طرح لکھنا ۔

Poetry (po-it-ri) *n.* Art, work of the poet نظم ۔ شعر ۔ شعر گوئی ۔ کلام ۔ فن شاعری ۔ شاعرانہ جذبہ ۔ شاعرانہ فکر ۔ متاثر کرنے والی چیز ۔

Pogrom (pog-rom) *n.* Organized massacre کسی جماعت کا منظم قتل عام ۔

Poignant (poin-ənt) *adj.* Sharp and pungent تیز ۔ بہت تیز ۔ سخت ۔ چبھتا ہوا ۔ چٹ پٹا ۔ تیز ذائقہ والا ۔

Poignant hunger تیز بھوک ۔

Poignant regret سخت افسوس ۔

Poignant sarcasm چبھتا ہوا طنز ۔

Poignancy *n.* جلت ۔ تیزی ۔ چبھن ۔ تیز تلخی ۔

Poignantly *adv.* تلخی سے ۔ تیزی سے ۔ شدید طور پر ۔

Poilu (poi-lu) *n.* French soldier (پول چال) فرانسیسی سپاہی ۔

Point (point) *n.* A dot نوک ۔ سرا ۔ انی ۔ نقطہ ۔ نشان ۔ وقف ۔ علامت ۔ علامت اعشاریہ ۔ امر ۔ بات ۔ مسئلہ ۔ معاملے کا موضوع ۔ محل ۔ مقام ۔ موقع ۔ شکاری کی سیدھی ڈوری ۔ حرارت کا کوئی خاص درجہ ۔ اہم بات ۔ زیر بحث مسئلہ ۔ کروشیا کی بیل ۔ تکیہ کی جھالر ۔ (فوج) چھوٹی سی ہراول جماعت ۔ پتلی نوک کی سوئی ۔ ایک قسم کا چھلے دار فیتہ ۔ بال باندھنے کی چھوٹی رسیاں ۔ قصے وغیرہ کی خاص بات ۔ ظرافت کا نکتہ ۔ (کرکٹ) بیٹس مین کے سامنے کا مقام ۔ اس جگہ کا فیلڈر ۔ شکاری کتے کی شکار کی نشاندہی ۔

It is a point of conscience یہ ایمان کا معاملہ ہے ۔

That is just the point یہی تو اصل بات ہے ۔

Make a point of ضروری سمجھنا ۔

Stand upon points باریک بین ہونا ۔

To the point مطلب کا ۔

Point at انگشت نمائی کرنا ۔

Point (point) *v.t. & i.* Mark with points نشان لگانا ۔ نوک نکالنا ۔ نقطے لگانا ۔ علامت لگانا ۔ انگلی سے اشارہ کرنا ۔ رہنمائی کرنا ۔ متوجہ کرنا ۔ بات سے بات پیدا کرنا ۔ ظرافت پیدا کرنا ۔ دیوار میں اینٹوں کے جوڑ بھرنا ۔ پھاوڑے سے کھاد یا مٹی کے ڈھیلے پھوڑنا ۔ برابر کرنا ۔ شکار کی نشاندہی کرنا ۔ کسی طرف بندوق کا رخ کرنا ۔ مائل ہونا ۔ رجحان ہونا ۔

Point-blank (point-blangk) *adj. & adv.* Aimed directly بندوق کا سیدھا نشانہ ۔ بالکل سیدھا ۔ صاف صاف ۔ صاف لفظوں میں ۔ دو ٹوک ۔ کھری کھری ۔ بلا تامل ۔

I told him point-blank it would not do میں نے صاف صاف کہہ دیا کہ یوں کام نہیں چلے گا ۔

He refused it point-blank اس نے صاف انکار کر دیا ۔

Pointed (point-d) *adj.* Sharp نوکدار ۔ نوکیلا ۔ تیز ۔ چبھتی ہوئی نوک کا ۔ پر زور ۔ کھری کھری ۔ صریح ۔

Pointedly *adv.* صاف صاف ۔ طنز آمیز طریقہ پر ۔

Pointedness *n.* صراحت ۔ چبھتا ہوا ہونا ۔ طنز آمیزی ۔ تیزی ۔

Pointer (point-ər) *n.* Any body who points, any thing that points اشارہ کرنے والا ۔ دکھانے والا ۔ بتانے والا ۔ قبلہ نما ۔ قطب نما ۔ گھڑی کی سوئی ۔ ترازو کا کانٹا ۔ شکار کی نشاندہی کرنے والا کتا ۔ (جمع) دب اکبر کے دو روشن ستارے جو قطب کی سمت بتاتے ہیں ۔

Pointing (point-ing) *n.* Filling brick-joints اشارہ کرنا ۔ نقطے لگانا ۔ اینٹوں کے جوڑ بھرنا ۔ جوڑوں کو گچ سے بھرنا ۔ بھرائی ۔

Pointless (point-les) *adj.* Without a point, meaningless بے نوک ۔ کند ۔ غیر اہم ۔ بے معنی ۔ بے مزہ ۔ جس نے کھیل میں کوئی پوائنٹ نہ بنایا ہو ۔

Pointlessness *n.* کند ہونا ۔ بے معنی ہونا ۔ مہمل ہونا ۔

Poise (poiz) *v.t., i. & n.* Weigh, ponder - وزن کرنا - تولنا - جانچنا - آنکنا - وزن برابر کرنا - سہارا دے کر سنبھالے رکھنا - سر کو کسی خاص انداز سے جھکانا - وزن کا برابر ہونا - کسی چیز کے سہارے قائم ہونا - توازن - طبیعت کا سکون - تذبذب - پس و پیش -

Poison (poi-zn) *v.t. & n.* Any substance which destroys life or health زہر - سم - بس - مہلک اصول یا نظریہ - زہر دینا - زہر دے کر مار ڈالنا - زہر ملانا - زہر آلود کرنا - زہر میں بجھانا - خیالات خراب کرنا - بری راہ پر لگانا - خوشی یا عیش تلخ کرنا -

They hate each other like poison وہ ایک دوسرے سے سخت متنفر ہیں -

Poisonous *adj.* زہر آلود - زہریلا -

Poke (pōk) *n.* A bag, a pouch - بورا - بوری - تھیلا - خورجی -

Buy a pig in a poke بے دیکھے بھالے سودا کرنا -

Poke (pōk) *v.t. & i.* Thrust or push the end of any thing گھسیڑنا - چبھونا - گھس جانا - کہنی مارنا - سینگ سے ٹکر مارنا - انگاروں کو الٹنا پلٹنا - چبھو کر سوراخ کرنا - راز جوئی کرنا - (بول چال) تنگ و تاریک کمرے میں بند ہو کر بیٹھ رہنا -

Poke about, poke and pry راز جوئی کرنا - تجسس کرنا - کریدنا -

Poke (pōk) *n.* Devise fastened on cattle - گھسڑا - گھرچ - ٹوپی کا چھجا - لکڑی کا کندا جو مویشیوں کے گلے میں باندھا جاتا ہے تاکہ وہ تیز نہ بھاگ سکیں۔

Poke fun at ہنسی اڑانا -

Poke one's nose in an affair دخل در معقولات کرنا -

Poker (pō-kər) *n. & v.t.* A bugbear - کرچھا - آگ کریدنی - ہوا - عصا بردار جو کیمبرج میں نائب امیر جامعہ کے آگے چلتا ہے - لکڑی کی چیزوں کو داغ کر نقش و نگار بنانے کا آلہ - نقش و نگار بنانا -

As stiff as a poker بری طرح اینٹھا ہوا -

Old poker شیطان -

Poker work لکڑی کو جلا کر بیل بوٹے بنانا - آرائشی کام -

Poker (pō-kər) *n.* A card game پوکر - پتوں کا ایک کھیل جس میں پانچ پانچ پتے تقسیم کئے جاتے ہیں - ہر کھلاڑی پتے بدل سکتا ہے -

Poky (pōk-i) *adj.* Poking بند بند - تنگ - ادنیٰ - گھٹیا -

Polar (pō-lər) *n. & adj.* Pertaining to, belonging to poles قطبی - قطبی علاقہ کا - مقناطیسی قطب کے متعلق - جس میں مثبت یا منفی برق ہو - قطب شمالی یا جنوبی کے بارے میں - شمع ہدایت - رہنما - اصول کے طور پر کام دینے والا - بالکل بر عکس قطبین کی طرح -

Polar hare سفید خرگوش -

Polarity (pō-lər-iti) *n.* Tendency of magnetized bar to point towards north pole قطب نمائی کی خاصیت - قطبی میلان - کسی مقناطیسی مادہ کی یہ صفت کہ وہ ہمیشہ ایک خاص رخ پر رہے - مقناطیس کی سی کشش -

Polarize (pō-lə-rīz) *v.t.* Develop new qualities or meaning in حرارت اور روشنی وغیرہ کی شعاعوں پر ایسا اثر ڈالنا کہ ان کے دونوں سروں پر مختلف خاصیتیں پیدا ہو جائیں - الفاظ کو خاص معنی دینا - مختلف چیزوں میں ایک رنگ پیدا کرنا -

Polatouche (po-lə-tow-che) *n.* Small flying squirrel گلہری کی شکل کا ایک اڑنے والا جانور -

Polder (pōl-dər) *n.* Piece of low-lying reclaimed land پانی سے نکلی ہوئی نشیبی زمین -

Pole (pōl) *n.* The end of the axis of earth قطب - کرہ ارض کا سرا - نقطہ جس کے گرد ستارے گھومتے ہیں - قطبین - کوئی قائم نقطہ جس کی نسبت سے دوسرے مقامات کا تعین کیا جا سکے - مقناطیس کے متقابل نقطے - بیٹری کے مثبت اور منفی سرے - کسی بیضوی جسم کے محور کے سرے - متضاد اصول -

Pole to pole ایک سرے سے دوسرے سرے تک -

Polar star شمع ہدایت - قطب تارہ -

North pole قطب شمالی -

South pole قطب جنوبی -

Poleward *adj. & adv.* قطب کی سمت کا - قطب کی طرف -

Pole (pōl) *n.* A native of Poland پولینڈ کا باشندہ -

Pole-axe (pōl-aks) *v.t.* & *n.* A long-handled battle axe تیشہ - تبر - کلہاڑی - جنگی کلہاڑی - قصائی کا چھرا - گنڈاسہ - گتا - تبر سے سر اڑا دینا -

Polecat (pōl-kat) *n.* A large relative of weasel یورپ کا بدبو دار بڑا نیولا - کیکڑے کی قسم کا جانور -

Polemic (po-lem-ik) *adj.* Given to disputing نزاعی - حجتی - بحث اور مناظرے کا شوقین -

Polemical *adj.* حجت یا بحث کے متعلق -

Polemize *v.i.* مناظرہ یا بحث کرنا -

Police (pol-ēs) *v.t.* & *n.* System of regulations for the preservation of order امن و امان کا بند و بست - پولیس کا محکمہ یا جماعت - پولیس کے ملازمین - پولیس مقرر کرنا - پولیس کے ذریعے امن قائم رکھنا - ضبط و نظم قائم رکھنا -

Policlinic (poli-klinik) *n.* Private clinic خانگی دوا خانہ - ہسپتال کا بیرونی مریضوں کا شعبہ -

Policy (pol-i-si) *n.* A contract of insurance بیمہ کا معاہدہ - بیمہ کی پالیسی -

Policy (pol-i-si) *n.* Art of government, a course of action سیاسی مصلحت اندیشی - طرز حکمرانی - حکمت عملی - تدبیر جہانبانی - طرز عمل - چالاکی - عیاری - جوڑ توڑ - حسن تدبیر - دور اندیشی -

Poligar (pol-i-gər) *n.* Land-holder of South India جنوبی ہند کا زمیندار یا جاگیر دار - لوٹ مار کرنے والا جاگیری ملازم -

Polish (pol-ish) *v.t.* & *i.* Make smooth and glossy گھوٹنا - صیقل کرنا - صاف کرنا - جلا کرنا - روغن کرنا - چمکانا - مہذب بنانا - شائستہ کرنا - درست کرنا - تہذیب کا رنگ و روغن پھیرنا -

Polishable *adj.* جلا کرنے کے لائق - چمکانے کے قابل - تہذیب پذیر -

Polisher *n.* پالش کا برش - پالش کرنے والا - صیقل گر - جلا ساز -

Polish (pol-ish) *n.* Act of polishing, polishing substance پالش - صیقل - جلا - رنگ و روغن - تہذیب - تمدن -

Polish (pol-ish) *n.* & *adj.* Of Poland پولستانی - پولینڈ کا باشندہ -

Politarch (poli-tark) *n.* Official designation of Roman district officer رومیوں کے دور حکومت میں ضلع کے عہدہ دار کا لقب -

Polite (po-līt) *adj.* Refined, polished شائستہ - مہذب - خوش اخلاق - خوش مذاق - تربیت یافتہ - شریف - شریفانہ -

Politeness شائستگی - خوش خلقی - مروت - خلق -

Politic (pol-i-tik) *adj.* & *n.* Political, with good policy درست - راست - مصلحت آمیز - دور بین - دانشمندانہ - دور اندیشانہ - سازشی - فطرتی - سیاسیات - سیاسی اصول - سیاسی عقیدہ -

It is not practical politics یہ محض باتیں ہیں ان سے کوئی نتیجہ نہیں نکل سکتا -

Politicly دور اندیشی سے - دانشمندی سے -

Political (pol-i-tik-əl) *n.* & *adj.* Pertaining to policy or government ملکی - ریاستی - سیاسی - امور سلطنت کے متعلق - سیاست سے دلچسپی رکھنے والا - سیاسی رکن - سیاسی نمائندہ -

Politically مصالح سلطنت کے لحاظ سے - سیاسی طور پر -

Politician (pol-i-ti-shən) *n.* One versed in government matters مدبر - سیاست دان - سیاست پیشہ - ماہر سیاست -

Politicize (pol-i-ti-sīz) *v.i.* & *t.* Make political, play the politician مدبر بننا - سیاست چھانٹنا - سیاست کے متعلق بحث کرنا - سیاسی رنگ میں رنگنا - سیاست میں حصہ لینا -

Politico-religious (pol-i-tiko-re-li-jəs) *adj.* Politics with a religious bias ایسی سیاست جس میں مذہبی رنگ بھی ہو - مذہبی سیاسی -

Polity (pol-i-ti) *n.* Political organisation نظم و نسق - سیاسی نظام - نظام حکومت - ریاست - مملکت - دستور -

Polk (pōlk) *v.i.* Dance polka پولکا ناچ ناچنا -

Polka (pol-kȧ) *n.* A Bohemian dance بوہیمیا کا ایک دلکش ناچ - دھرگت جس پر یہ ناچ ناچا جاتا ہے - پولکاگت - زنانہ چست جاکٹ -

Poll (pōl) *n.* The head سر - راس - سر کا بالوں والا حصہ - چندیا - رائے شماری - رائے سے انتخاب - ووٹوں کی تعداد -

Poll tax وہ انتخابی محصول جو ہر شخص پر عاید ہو ۔ محصول عام ۔

Poll (pōl) *v.t.* & *i.* Receive, take or cast vote قلم کرنا ۔ کاٹنا ۔ تراشنا ۔ سر کے بال تراشنا ۔ پودوں کو گول گول چھانٹنا ۔ سینگ کاٹنا ۔ رائے لینا ۔ درج کرنا یا شمار کرنا ۔ ووٹ دینا ۔ رائے دینا ۔

Pollable *adj.* ووٹ جو شمار ہو سکے ۔ بال تراشنے کے قابل ۔

Polled *p.p.* سینگ کٹا ۔

Poll (pol) *adj.* & *n* Without horns جانور جس کے سینگ نہ نکلے ہوں ۔ بغیر سینگ کا ۔ بے سینگ جانوروں کی ایک قسم ۔

Poll (pol) *n.* Parrot طوطا ۔

Poll parrot میاں مٹھو ۔ وہ شخص جو عام الفاظ یا دلائل طوطے کی طرح دہراتا ہے ۔

Poll (pol) *n.* Mass of students who do not obtain honours (کیمبرج بول چال) معمولی سند یافتہ طالب علم ۔ غیر امتیازی سند ۔

Pollack (pol-ək) *n.* A common fish of the cod family کاڈ کی قسم کی عام مچھلی ۔

Pollam (pol-əm) *n.* State of South Indian poligar جنوبی ہند کے جاگیر دار کی جاگیر ۔

Pollan (pol-ən) *n.* An Irish white fish آئر لینڈ کی ایک سفید مچھلی ۔

Pollard (pol-ərd) *v.t.* & *n.* A tree having the whole crown cut off درخت جس کا اوپر کا حصہ کٹا ہو ۔ ٹھونٹھ ۔ ٹنڈ ۔ سینگ کٹا جانور ۔ بھوسی ۔ جو کر جس میں تھوڑا سا آٹا ملا ہو ۔ درخت کو منڈا کرنا ۔

Pollen (pol-ən) *v.t.* & *n.* The fertilising powder in flowers پھول کا زیرہ ۔ زر گل ۔ تخم داخل کرنا ۔ زر گل نکلنا ۔

Pollinic *adj.* زر گل کا ۔ پھول کے زیرہ کا ۔

Polliniferous *adj.* پھول جس میں زر گل کی کثرت ہو ۔

Pollent (pol-ənt) *adj.* Strong طاقت ور ۔

Pollicitation (pol-is-i-ta-shən) *n.* A promise not yet accepted وعدہ ۔ بازگشت ۔ ایسا وعدہ جو فریق ثانی نے قبول نہ کیا ہو اور وہ واپس لیا جاسکے ۔

Pollinate (pol-i-nāt) *v.t.* Convey pollen to زیرہ گل چھڑکنا ۔ زرخیز بنانا ۔

Polloi (pol-o-i) *n.* Most people عوام الناس ۔ عام لوگ ۔

Pollute (pol(y)o͞ot) *v.t.* Befoul, defile بگاڑنا ۔ گندا کرنا ۔ ناپاک کرنا ۔ ناجائز صحبت کرنا ۔ بے حرمت کرنا ۔

Pollution *n.* آلودگی ۔ ناپاکی ۔ گندگی ۔

Polo (pō-lō) *n.* A game like hockey on horse back پولو کا کھیل جو گھوڑوں پر سوار ہو کر کھیلا جاتا ہے ۔ پولو ۔ چوگان ۔

Polonaise (pol-ə-nāz) *n.* Woman's bodice and skirt in one piece ایک قسم کا لمبا زنانہ لباس جو سامنے سے کھلا ہو ۔ پولستانی ناچ ۔ ناچ کی گت ۔

Poltergeist (pol-tər-gist) *n.* A noisy ghost وہ روح جو شور مچا کر اپنے آنے کا اعلان کرتی ہے ۔ وہ روح جو کھٹکھٹاتی ہے ۔

Polt-foot (pōlt-foot) *n.* Club foot وہ پیر جس میں پیدائشی کجی ہو ۔ بھدا یا ٹیڑھا پاؤں ۔ کج پا ۔ کج قدم ۔

Poltroon (pol-tro͞on) *n.* A dastard ڈرپوک ۔ نامرد ۔ بزدل ۔ گیدی ۔

Poltroonery *n.* کم ہمتی ۔ بزدلی ۔ نامردی ۔

Poly (poli) *prefix* In composition many, several سابقہ بمعنی بہت سے ۔ متعدد ۔

Polyandri (pol-yandri) *n.* Custom of having several husbands بعض قبیلوں میں ایک عورت کے متعدد شوہر رکھنے کا رواج ۔ چند شوئی ۔

Polyanthus (poli-an-thus) *n.* Many-flowered plant ایک بوٹی جس میں کثرت سے پھول آتے ہیں ۔

Polychromatic (poli-krom ə-tik) *adj.* Many-coloured بہت سے رنگوں کا ۔ رنگا رنگ ۔

Polychrome (poli-krōm) *adj.* & *n.* Varied colouring بہت سے رنگوں کا کام ۔ رنگا رنگ ۔

Polychromic }
Polychromus } *adj.* رنگا رنگ ۔ رنگ برنگ ۔

Polychromy (pol-i-krōm-i) *n.* Work of art in several colours رنگا رنگ نقاشی ۔

Polyclinic (poli-klinik) *n.* Hospital for various diseases شفا خانہ جس میں مختلف بیماریوں کا علاج ہوتا ہے ۔

Polygamous (pol-ig-a-məs) *adj.* Having more than one wife or husband مرد جس کی کئی بیویاں ہوں یا عورت جس کے کئی شوہر ہوں ۔ مخلوط الزوج پودا ۔

Polygamic *adj.* کثرت ازدواج کے متعلق ۔

Polygamist *n.* مرد یا عورت جس کے بہ یک وقت کئی زوج ہوں ۔

Polygamy *n.* بہ یک وقت کئی ایک بیویاں یا شوہر ہونا ۔ کثرت ازدواج ۔

Polyglot (poli-glōt) *adj.* & *n.* One who speaks or writes many languages ہفت زبان ۔ کئی زبانوں کا ۔ کئی زبانوں کا جاننے والا شخص ۔ کئی زبانوں میں لکھی ہوئی کتاب ۔

Polyglottism *n.* کئی زبانیں بولنا یا لکھنا ۔ ہفت زبانی ۔

Polygon (poli-gon) *n.* Figure with many sides or angles ۔ کثیر الزاویہ شکل ۔ کثیر الاضلاع شکل ۔

Polyhistor *n.* جید عالم ۔ ہمہ داں شخص ۔
Polymath *adj.* کئی علوم پر حاوی ۔
Polymathy *n.* جید عالم ہونا ۔ ہمہ دانی ۔

Polynesia (poli-na-si-ă) *n.* Small island on the east of Australia بحر الکاہل کے چھوٹے جزیرے جو آسٹریلیا کے مشرق میں ہیں ۔

Polyp(e) (pol-ip) *n.* Animals of low organism ادنیٰ قسم کا نظام جسمانی رکھنے والے جانور ۔ ادنیٰ قسم کے حشرات ۔

Polypod (poli-pod) *n.* & *adj.* Animals of many feet بہت سے پیروں والے جانور ۔

Polypody (poli-podi) *n.* Kinds of fern ایک قسم کی فرن جو نم دار چٹانوں یا دیواروں پر اگتی ہے ۔

Polypus (pol-i-pəs) *n.* Kinds of tumour ورم جو ناک ، رحم اور مثانے کی جھلی میں آ جاتا ہے ۔

Polysyllable (poli-sil-əbl) *n.* A word of more than three syllables کئی ارکان یا اجزا کا لفظ ۔

Polytechnic (poli-tek-nik) *adj.* & *n.* Of many technical subjects جس میں بہت سے فنون کی تعلیم ہوتی ہے ۔ کئی فنون کا مدرسہ ۔

Polytheism (pol-i-the-izm) *n.* Plurality of gods کئی خداؤں کا ماننا ۔ اصنام پرستی ۔ شرک ۔

Polytheist *n.* تعدد الہ کا ماننے والا ۔ مشرک ۔

Polytheistic *adj.* مشرکانہ ۔ اصنام پرستانہ ۔

Pomace (pum-is) *n.* Anything crushed to pulp کچلے ہوئے سیب کا گودا ۔ کسی چیز کا گودا ۔ فضلہ جو مچھلی کا تیل نکالنے کے بعد بچ جاتا ہے ۔

Pomade (pom-ād) *v.t.* & *n.* Scented ointment for the hair خوشبو دار روغنی مرکب ۔ بالوں میں لگانے کا خوشبو دار روغن ۔ موم روغن لگانا ۔

Pomander (pom-ən-dər) *n.* A ball of perfumes عطریات کی گولی جو ڈبیا میں رکھتے ہیں ۔ جیبی عطردان ۔

Pomard (pom-ard) *n.* A red Burgundy wine برگنڈی کی سرخ شراب ۔

Pombe (pom-e) *n.* African wine made from grain and fruits افریقہ کی ایک شراب جو غلوں اور پھلوں سے بنائی جاتی ہے ۔

Pome (pōm) *n.* An apple سیب کی قسم کے پھل ۔ ناخ ۔ سیب ۔ ناشپاتی وغیرہ ۔

Pomegranate (pom-gran-it) *n.* A seedy fruit of hot climate انار ۔ انار کا درخت ۔

Pomfret (pum-frit) *n.* A kind of white fish پامفرٹ ۔ چھمنا مچھلی ۔

Pomiculture (pom-i-kul-tur) *n.* Fruit growing ثمر دار درخت لگانا ۔ باغبانی ۔

Pommel (pum-l) *v.t.* & *n.* A knob, a knob on the sword hilt گانٹھ ۔ گولا ۔ تلوار کے قبضہ کی گھنڈی ۔ گھوڑے کی زین کی کاٹھی کا اونچا حصہ ۔ ہرنا ۔ موٹھ سے مارنا ۔ ڈنڈے یا مکے مارنا ۔

Pomology (pom-ə-lō-ji) *n.* Science of fruit-growing میوہ دار درختوں کی کاشت کا فن ۔

Pomp (pomp) *n.* Great show or display شان و شوکت ۔ طمطراق ۔ شان و شکوہ ۔ احتشام ۔ دھوم دھام ۔

Pompano (pomp-ə-nō) *n.* A delicious fish of West Indies and North America غرب الہند اور شمالی امریکہ کی ایک لذیذ مچھلی ۔

Pompier-ladder (pom-pi-ər-lad-ər) *n.* A fireman's ladder آگ بجھانے والوں کی سیڑھی -

Pompon (pom-pon) *n.* A woolly ball, a jewelled hair ornament - عورتوں اور بچوں کی ٹوپی کا پھندنا سپاہیوں کی ٹوپی کا پھندنا - طرہ - بالوں کی جڑاؤ پن -

Pompous (pomp-əs) *adj.* Stately - پر شکوہ - شاندار طمطراق کا - خود پسند -

Pomposity *n.* شان و شکوہ -

Pompousness *n.* طمطراق - شان و شوکت -

Ponceau (pon-so) *n.* & *adj.* Poppy colour سرخ لال رنگ - گل لالہ کا رنگ -

Pond (pond) *v.t., i.* & *n.* A small, usually, artificial lake حوض - تالاب - جوہڑ - چھوٹی جھیل - (مزاحاً) سمندر یا دریا کو روکنا - بند باندھنا - تالاب بنا لینا -

Pondage (pond-aj) *n.* Capacity of pond آبیانہ - محصول - تالاب میں پانی کی گنجائش -

Ponder (pon-dər) *v.t.* & *i.* Weigh in the mind فکر کرنا - غور کرنا - سوچنا - ہر پہلو پر غور کرنا - خیالات میں محو ہو جانا -

Ponderingly *adv.* غور و فکر کے انداز میں - محویت سے -

Ponderable (pon-dər-əbl) *adj.* Having sensible weight قابل غور - وزنی -

Ponderation (pon-dər-a-shən) *n.* Weighing - جانچنا تولنا - وزن کرنا -

Ponderous (pond-rəs) *adj.* Heavy, massive - گراں وزنی - بھاری - بوجھل -

Pone (pōn) *n.* Maize bread شمالی امریکہ کے باشندوں کی مکئی کی روٹی -

Pone (pōn) *n.* The player who cuts (تاش) وہ کھلاڑی جو پتے کاٹتا ہے -

Pongo (pong-gō) *n.* An ape, the gorilla افریقہ کا ایک انسان نما بندر - گوریلا -

Poniard (pon-yard) *v.t.* & *n.* A small dagger کٹار - چھری - خنجر - جنبیہ - پیش قبض - چھری گھونپنا - خنجر مارنا -

Pons (ponz) *n.* Bridge of asses گدھوں کا پل - کوئی چیز جو مبتدی کے لیے مشکل ہو - اقلیدس کی ایک شکل -

Pontifex (pon-ti-feks) *n.* In ancient Rome a member of college of priests (روما) پجاریوں کی مجلس کا رکن -

Pontiff (pon-tif) *n.* Chief priest, the pope پاپائے اعظم - اسقف اعظم -

Pontifical (pon-tif-ik-əl) *adj.* Befitting a pontiff پاپائے اعظم کے شایان شان -

Pontificate (pon-tif-i-kat) *n.* The dignity of the high priest پاپائے اعظم کا عہدہ - اسقف اعظم کا عہد حکومت -

Pontify (pon-ti-fī) *v.t.* Play the pontiff پاپا یا اسقف بننا - معصومیت کا دعویٰ کرنا -

Pont-levis (pont-lev-is) *n.* A draw bridge تختوں کا پل جو ضرورت کے وقت ہٹایا جا سکے -

Pontoneer (pon-toon-ər) *n.* One who is in charge of pontoons کشتیوں کا پل بنانے والا - کشتیوں کے پلوں کا منتظم -

Pontoon (pon-toon) *v.t.* & *n.* A flat-bottomed boat used to support a bridge ایک قسم کی چپٹے پیندے کی کشتی جو عارضی پل کو سہارا دینے کے لیے استعمال کی جاتی ہے - کشتیوں کے پل کی کشتی - پن روک پہیہ - کشتیوں کا پل باندھ کر دریا پار کرنا -

Pony (po-ni) *n.* A small horse یابو - ٹٹو - ٹیر - ٹانگن - (بول چال) پچیس پونڈ کی رقم -

Poodle (pood-l) *v.t.* & *n.* A curly-haired pet dog ایک گھونگر والے بالوں والا کتا جس کے بال مختلف وضع سے تراشے جاتے ہیں - بالوں کو مختلف شکلوں میں تراشنا -

Pooh (poo) *interj.* Of disdain اظہار حقارت کے لیے - اوں - اونہہ -

Pooh-pooh (poo-poo) *v.t.* Express disdain حقارت کا اظہار کرنا - چھی چھی -

Pooka (pook-ä) *n.* A goblin بھتنا - ہوا - بیچا - ڈرانے کی شکل -

Pookoo (pōō-kōō) *n.* A red-haired stag of South Africa جنوبی افریقہ کا ایک سرخ رنگ کا بارہ سنگھا -

Pool (pōōl) *n. & v.t.* Common stake, put in a common fund پانی کا گڑھا ۔ جوہڑ ۔ کنڈ ۔ میخ ٹھونکنے کے لیے سوراخ کرنا ۔ کوئلہ کی کان میں سرنگ کھودنا ۔ روپیہ اکٹھا کرنا ۔ روپے کی جمع شدہ مقدار ۔ شرط کی مجموعی رقم ۔ نفع آپس میں بانٹ لینا ۔ نفع کی رقم جو کئی دوکان داروں میں تقسیم ہو ۔ رقم جمع شدہ کی قرعہ اندازی کرنا ۔

Poop (pōōp) *v.t. & n.* The after-part of a ship دنبالہ ۔ جہاز کا پچھلا حصہ ۔ جہاز کا پچھلا عرشہ ۔ کشتی پر چڑھ جانا ۔

Poop (pōōp) *n.* An idiot (بول چال) ادنیٰ بے وقوف شخص ۔

Poor (pōōr) *adj.* Without means, needy, deficient غریب ۔ محتاج ۔ کنگال ۔ مفلس ۔ تنگ دست ۔ کم مایہ ۔ ادنیٰ ۔ خراب ۔ حقیر ۔ ناقابل کاشت ۔ بنجر ۔ ذلیل ۔ نکما ۔ دو کوڑی کا ۔

- Poor-house محتاج خانہ ۔
- Poor Robin جنتری ۔
- Poor John ایک قسم کی مچھلی ۔
- Poor-spirited پست حوصلہ ۔
- The poor محتاج ۔

Poorly (pōōr-li) *adv. & adj.* In a poor manner کمی کے ساتھ ۔ قلت کے ساتھ ۔ ناقص طور پر ۔ ذلیل یا گھٹیا طریقے سے ۔ ضعیف ۔ کمزور ۔ بیمار ۔ نڈھال ۔

Poorness (pōōr-nes) *n.* Being poor کوتاہی ۔ بے کسی ۔ بے نوائی ۔ محتاجی ۔ خامی ۔

Pop (pop) *n., v.t. & i.* A mild explosive sound پھٹ ۔ بھک ۔ بوتل کے کاگ کھولنے یا بندوق داغنے کی آواز ۔ بندوق چلانا ۔ تیزی سے یا دفعتاً پھینکنا ۔ لپکنا ۔ جھپٹنا ۔ یکایک سوال کر بیٹھنا ۔ گروی رکھنا ۔ رہن کرنا ۔ (امریکہ) مکئی کے دانے بھوننا ۔ مکئی کی کھیلیں بنانا ۔

- Pop corn مکئی بھوننا ۔
- Pop the question شادی کی درخواست کرنا ۔
- Pop-gun ایک معمولی بندوق ۔
- Pop at گولی مارنا ۔
- Pop in تھوڑی دیر کے لیے ملاقات کرنا ۔
- Pop in and out آنا جانا ۔
- Pop out نکل آنا ۔
- Pop upon اتفاقاً ملنا ۔

Pop (pop) *n., adv. & interj.* A shot, sound of a gun بھک ۔ دن ۔ پھٹ کی آواز ۔ نشان جو بھیڑوں کی پہچان کے لیے لگاتے ہیں ۔ پینے کی چیز جس میں کف آتا ہے ۔ (بول چال) گانے بجانے کا سلسلہ ۔

Pop (pop) *n.* Debating hall of Eton ایٹن کے مدرسہ کا دارالمباحثہ ۔

Pope (pōp) *n.* Bishop of Rome ۔ پاپائے اعظم ۔ معصوم

- Popedom اسقف اعظم کا منصب ۔ پاپائے اعظم کی حکومت ۔

Pope (pōp) *n.* Parish priest in the Greek orthodox church کلیسائے یونان کا پادری ۔

Pope (pōp) *n.* A delicate spot in the upper part of thigh ران کے بالائی حصہ کا ایک نازک مقام جہاں مارنے سے سخت چوٹ لگتی ہے ۔

- Take a person's pope کسی شخص کی ران پر مارنا ۔

Popery (pop-əri) *n.* A hostile term for Roman Catholicism پوپ پرستی ۔ رومن کیتھولک عقائد ۔

Popingay (pop-in-jā) *n.* A parrot نشانہ بازی کا طوطا ۔ طوطا ۔ میاں مٹھو ۔ خود نما اور خودبین آدمی ۔ البیلا ۔ چھبیلا ۔

Popish (pōp-ish) *adj.* Relating to Pope or popery پاپائے روم کے متعلق ۔

Poplar (pop-lər) *n.* A tree of the willow family ایک سیدھا بلند قامت درخت جو بہت جلد بڑھتا ہے ۔

- Trembling poplar بید مجنوں (درخت) ۔

Poplin (pop-lin) *n.* A carded fabric پاپلین ۔ ایک قسم کا سوتی کپڑا جس میں ریشم کی سی چمک ہوتی ہے ۔

Pop (pop) *n.* Father (امریکہ) پوپا کا مخفف ۔ پاپ ۔ باپ ۔ ابا ۔ ابا جان ۔

Poppet (pop-it) *n.* Darling, puppet چھوٹا سا آدمی ۔ پیارا ۔ لاڈلا ۔ خراد کا اوپر کا حصہ ۔ (بحری) چوب ۔ لکڑی کا شہتیر ۔ لکڑی کا کندہ ۔

Popping (pop-ing) *n.* Explosive noise بندوق داغنے کی آواز ۔ بندوق چلانا ۔ کسی چیز کو تیزی سے ڈالنا اور نکالنا ۔

Popple (pop-l) *v.i.* & *n.* Flow tumblingly پانی کا متلاطم ہونا ۔ موج زن ہونا ۔ پانی کا رک رک کر بہنا ۔ تلاطم ۔ موج ۔

Popply *adj.* اترتا چڑھتا ۔ تلاطم خیز ۔ موج خیز ۔

Poppy (pop-i) *n.* Plant with large scarlet flower خشخاش ۔ پوستہ ۔ کوکنار ۔ افیون کا پودا ۔

Populace (pop-u-ləs) *n.* The common people عوام الناس ۔ عوام ۔ کسی ملک کے عام لوگ ۔

Popular (pop-u-lər) *adj.* Of the people, pleasing to عوام الناس کا ۔ جمہور کا ۔ عام فہم ۔ عام پسند ۔ ہر دل عزیز ۔ مقبول ۔ مروج ۔ عامیانہ ۔

Popularity *n.* مقبولیت ۔ ہر دل عزیزی ۔

Popularize (pop-u-lə-rīz) *v.t.* Spread among the people مقبول بنانا ۔ ہر دل عزیز کرنا ۔ عام رواج دینا ۔ حق رائے دہی عام کرنا ۔ کسی علمی مسئلہ کو عام فہم انداز میں پیش کرنا ۔

Popularization *n.* عام طور پر مقبول ہونا ۔ ہر دل عزیز ہونا ۔ عام پسند ہونا ۔

Populate (pop-u-lāt) *v.t.* Furnish with inhabitants بسانا ۔ آباد کرنا ۔ آباد ہونا ۔

Population (pop-u-lā-shən) *n.* Number of the inhabitants آبادی ۔ بستی ۔ آبادی کی تعداد ۔ آبادی کا اوسط ۔ مردم شماری ۔ باشندے ۔ رعایا ۔ پرجا ۔

Populist (pop-ū-list) *n.* A member of American people's party امریکہ کی ایک عوامی پارٹی کا رکن ۔ یہ جماعت چاہتی ہے کہ عوامی اور قومی اداروں پر عوام کا قبضہ ہو ۔

Populism *n.* عوام کی مملکت کا اصول ۔

Populous (pop-ū-ləs) *adj.* Full of people کثیر آبادی والا ۔

Populousness (pop-ū-ləs-nes) *n.* Being full of people باشندوں کی کثرت ۔ کثرت آبادی ۔

Porcelain (pors-lin) *n.* A fine earthenware چینی کے ظروف ۔ چینی مٹی کے برتن ۔ چینی مٹی ۔ نازک ۔ خوشنما ۔

Porcellanous *adj.* چینی مٹی سے مرکب ۔ چینی کے ۔ چینی مٹی کے ۔

Porcellanic *adj.* چینی کا سا ۔ چینی کا ۔

Porcelainise (por-sel-ən-īz) *v.t.* Bake into porcelain چینی مٹی بنانا ۔ مٹی کو پکا کر چینی بنانا ۔

Porch (porch) *n.* An enclosure or protection for the doorway پیش در ۔ پیش گاہ ۔ ڈیوڑھی ۔ دروازے کے اوپر کا چھتا ۔

Porcine (por-sīn) *adj.* Of pigs سور کا ۔ خوکی ۔ خنزیر صفت ۔

Porcupine (por-kū-pīn) *n.* Spiny rodents of various kinds خار پشت ۔ سیہ ۔ ایسے جانور جن کے کانٹے ہوتے ہیں ۔

Pore (pōr) *n.* A minute passage مسام ۔ سوراخ ۔ چھید ۔

Pore (pōr) *v.i.* & *t.* Ponder, gaze with steady attention بغور مطالعہ کرنا ۔ مطالعہ میں محو ہونا ۔ غور سے دیکھنا ۔ ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا ۔

Porism (por-izm) *n.* Problem capable of innumerable solutions ایسا مسئلہ جس کے بے شمار حل یا جواب ہوں ۔

Pork (pork) *n.* Swine's flesh سور کا گوشت ۔ لحم خنزیر ۔

Porker (pork-ər) *n.* Swine bred for meat وہ سور جو گوشت کے لیے پالے جائیں ۔ بچہ سور ۔ سور جو ذبح کرنے کے لیے پالے جائیں ۔

Porket سور کا بچہ ۔ چھوٹا سور ۔

Porkling (pork-ling) *n.* A young pig سور کا بچہ ۔ سور کا پٹھا ۔

Porky (pork-i) *adj.* Pig like سور کی طرح کا ۔ موٹا تازہ ۔ چربیالا ۔

Porous (por-əs) *adj.* Having pores مسام دار ۔ سوراخوں والا ۔

Porpoise (por-pəs) *n.* A short snouted animal of dolphin family سوس ۔ سوسمار ۔ سنگ ماہی ۔ گوہ ۔

Porraceous (por-a-shəs) *adj.* Leek-green سبزی مائل ۔ سبز ۔ سبز رنگ کا ۔

Porridge (por-ij) *n.* A kind of pudding دلیہ ۔ رپڑی ۔ پتلا حلوہ ۔ فالودہ ۔ کھیر ۔

Keep your breath to cool your porridge — اپنی نصیحت سنبھال کر رکھئے یہ آپ کے کام آئے گی ۔

Porringer (por-in-gər) *n.* A small dish for soup شوربے کا پیالہ ۔ شوربہ دان ۔ چھوٹا پیالہ جس میں شوربہ پیا جاتا ہے ۔

port (pōrt) *n.* A harbour town بندر گاہ ۔ بندر ۔ جائے پناہ ۔ جائے امن ۔ بندر گاہ کا شہر ۔

Port of call بندر گاہ جہاں جہاز مرمت یا رسد کے لیے ٹھہرتے ہیں ۔

Port (pōrt) *n.* Gate or gateway دروازہ ۔ پھاٹک ۔ قلعہ کا دروازہ ۔ شہر پناہ کا دروازہ ۔ دھواں یا پانی نکلنے کا سوراخ ۔ لگام کا خم دار دہانہ ۔

Port (pōrt) *n.* Bearing چال ڈھال ۔ رفتار ۔ روش ۔ چلنے کا انداز ۔

Port (pōrt) *v.t.* Carry, hold in a slanting position upward across the body (فوج) تلوار یا بندوق کو ترچھا سینے سے لگا کر رکھنا ۔

Port (pōrt) *n., v.t. & i.* Left side of the ship جہاز کا بایاں پہلو ۔ جہاز کی بائیں جانب گھومنا یا مڑنا ۔ بائیں جانب مڑنا ۔

Port (pōrt) *n.* A fortified wine dark red پورٹ ۔ ایک گہرے سرخ رنگ کی میٹھی شراب ۔

Portable (pōrt-əbl) *adj.* Conveniently carried بہ آسانی لے جانے کے قابل ۔ سفری ۔ ہلکا ۔

Portability *n.* لیے جانے کے قابل ہونا ۔ سفری ہونا ۔ ہلکا ہونا ۔

Portage (pōrt-aj) *n. & v.t.* Act of carrying لے جانا ۔ ڈھونا ۔ باربرداری کا کرایہ ۔ ڈھلائی کی اجرت ۔ ملاح کی باربرداری کی مزدوری ۔ سمندر کی راہ سے مال لانا اور لے جانا ۔

Portal (pōrt-əl) *n.* A gate or doorway آستانہ ۔ دروازہ ۔ پھاٹک ۔ شاندار دروازہ ۔

Portal (pōrt-əl) *adj.* Of the cross fissure of liver جگر کے ترچھے شگاف کے متعلق ۔

Portamento (pōr-tä-men-tō) *n.* Continuous glide from one tone to another (موسیقی) زیر و بم کی مسلسل بہ تدریج تبدیلی ۔ سر بدلنا ۔

Portative (pōrt-ə-tive) *adj.* Easily carried جو باآسانی لے جایا جا سکے ۔

Portcullis (pōrt-kul-is) *n.* A grating that can be let down سلاخوں کی جالی جس کو گرا کر پھاٹک بند اور مستحکم کیا جاسکتا ہے ۔

Porte (pōrt) *n.* The Turkish Imperial government (تاریخ) باب عالی ۔ دربار خلافت ۔ سلطنت عثمانیہ ۔

Portend (pōr-tend) *v.t.* Betoken شگون ہونا ۔ علامت یا نشانی ہونا ۔ ہونے والے واقعہ کا اشارہ ہونا ۔ آگاہ کرنا ۔ خبر دینا ۔

Portent (pōr-tent) *n.* That which fore-shows فال ۔ علامت ۔ شگون ۔ بد شگون ۔ عجوبہ ۔ عجیب و غریب بات ۔

Portentous *adj.* بہت بڑا ۔ دیو سا ۔ بد فال ۔ منحوس ۔

Portentously *adv.* بد شگونی کے طور پر ۔

Porter (pōrt-ər) *n.* A door-keeper or a gate-keeper دربان ۔ چوکیدار ۔ پاسبان ۔ ڈیوڑھی بان ۔ حاجب ۔

Porter (pōrt-ər) *n.* One who carries a burden قلی ۔ مزدور ۔ حمال ۔ ایک قسم کی تلخ بیر یا شراب ۔

Porterage *n.* سامان اٹھانے کی مزدوری ۔ حمالی ۔

Portfire (pōrt-fīr) *n.* A burning rope or cord جلتی ہوئی رسی یا بتی جس سے ہوائی کو روشن کرتے ہیں یا کسی دوسرے آتش گیر مادہ کو آگ دیتے ہیں ۔

Portfolio (pōrt-fō-lī-ō) *n.* A case for loose papers and files بستہ ۔ چمڑے کا بیگ ۔ جزدان ۔ قلم دان وزارت ۔ عہدہ وزارت ۔

Porthole (pōrt-hōl) *n.* A hole or opening in a ship for light and air جہاز کے پہلو کے سوراخ جن سے ہوا اور روشنی آتی ہے ۔

Portico (pōr-ti-kō) *n.* A range of columns along the front side کسی عمارت کے سامنے کا سائبان ۔ چھتا ۔ پیش گاہ ۔

Portiere (pōr-tyer) *n.* A curtain hung over door دروازہ کا پردہ ۔ چلمن ۔

Portion (pōr-shən) *n. & v.t.* An allotted part حصہ ۔ بخرہ ۔ جز ۔ مختص حصہ ۔ نصیب ۔ مقسوم ۔ حصے کرنا ۔ حصوں میں تقسیم کرنا ۔ کسی حصے میں رکھنا ۔

Portly (pōrt-li) *adj.* Showy لحیم ۔ شحیم ۔ باتمکین ۔ بھاری ۔ شان دار ۔

Portliness *n.* شان و شوکت ۔ شہامت ۔ جسامت ۔

Portmanteau (pōrt-man-tō) *n.* A large travelling bag چمڑے کا سفری تھیلا ۔ ایسا تھیلا جو بیچ میں کھلتا ہے ۔ ایسا لفظ جو دو لفظوں سے بنایا جائے اور دونوں کے معنی دے۔

Portrait (pōr-trit) *n.* The likeness of a real person شبیہ ۔ تصویر ۔ ہو بہو تصویر۔ ایسا بیان جس سے واقعہ کی تصویر آنکھوں میں پھر جائے ۔

Portraitist (pōr-trit-ist) *n.* A portrait-painter شبیہ ساز ۔ مصور ۔

Portraiture (pōr-trit-ur) *n.* Art of making portraits تصویر سازی ۔ مصوری ۔ شبیہ ۔ تصویر ۔ مرقع ۔

Portray (pōr-trā) *v.t.* Paint or draw the likeness of تصویر کھینچنا ۔ شبیہ تیار کرنا ۔ لفظی تصویر کھینچنا ۔

Portrayal *n.* صورت گری ۔ تصویر سازی ۔ شبیہ سازی ۔

Portuguese (pōr-tū-gēz) *adj.* & *n.* Of Portugal پرتگیزی ۔ پرتگالی ۔ پرتگال کا ۔ پرتگالی باشندہ ۔

Pose (pōz) *n.* An attitude انداز ۔ ذہنی کیفیت ۔

Pose (pōz) *v.t.* & *i.* Puzzle الجھن میں ڈالنا ۔ کوئی مسئلہ چھیڑنا ۔ کوئی مشکل سوال اٹھانا ۔ مصور کا اپنے نمونہ کو خاص انداز سے بٹھانا ۔ تصویر کھنچوانے کا خاص انداز اختیار کرنا ۔ اپنے آپ کو بڑا آدمی یا مبصر ظاہر کرنا ۔ مصنوعی انداز اختیار کرنا ۔ ڈامینو کے کھیل میں پہلی چال چلنا ۔

Pose (pōz) *adj.* Standing still خاموش کھڑا ہوا ۔

Poser (pōz-ər) *n.* A difficult problem مشکل مسئلہ ۔ مخمصہ ۔ الجھن میں ڈالنے والا مسئلہ ۔

Poseur (poz-yer) *n.* One who assumes an artificial attitude بننے والا ۔ تصنع سے کام لینے والا ۔

Posh (po-sh) *adj.* Smart (بول چال) ٹھاٹھ کا ۔ شاندار ۔ خوش پوش ۔

Posit (po-zit) *v.t.* Assume as true فرض کرنا ۔ بجا فرض کرنا ۔ مان لینا ۔ مفروضہ کو صحیح مان لینا ۔

Position (poz-ish-ən) *n.* & *v.t.* Situation مسئلہ ۔ نظریہ ۔ صورت حال ۔ صورت ۔ انداز خیال ۔ نقطہ نظر ۔ جگہ ۔ موقع ۔ حالت ۔ محل ۔ مقام ۔ عہدہ ۔ رتبہ ۔ مرتبہ ۔ ٹھیک جگہ پر رکھنا ۔ محل یا موقع معین کرنا ۔

Positional *adj.* وضع یا مقام کے متعلق ۔ موقع اور محل کے لحاظ سے ۔ حسب موقع ۔

Positive (poz-i-tiv) *adj.* & *n.* Definite قطعی ۔ متعین ۔ صریحی ۔ مضبوط ۔ مستقل ۔ کامل وثوق رکھنے والا ۔ حقیقی طور پر جاننے والا ۔ (بول چال) پورا پکا ۔ مطلق ۔ اثباتی ۔ ایجابی ۔ مثبت ۔

Positively *adv.* فی الواقع ۔ فی الحقیقت ۔ قطعی طور پر ۔

Positiveness *n.* وجوب ۔ ایجاب ۔ اثبات ۔ قطعیت ۔

Positivity *n.* قطعیت ۔ اثبات ۔

Positivism (poz-i-tiv-izm) *n.* Actual or absolute knowledge فلسفہ وجوبیت جس میں صرف ان چیزوں کو مانا جاتا ہے جن کا وجود مشاہدہ میں آ سکے اور اس کا عینی ثبوت ہو ۔

Positivist *n.* وہ جو صرف قابل مشاہدہ چیزوں کو مانتا ہو ۔ وجوبی ۔

Posnet (poz-nit) *n.* A small cooking pot چھوٹی ہانڈی یا پتیلی ۔

Posology (pos-ol-ə-ji) *n.* Science of quantity دواؤں کی مقدار کا علم ۔

Posse (pos-i) *n.* An armed body پولیس کا ہتھیار بند دستہ ۔ فوجی دستہ ۔

Posse comitatus مسلح تعداد ۔ ملک کی مردمی طاقت ۔

Possess (poz-es) *v.t.* Have, hold or occupy قابض ہونا ۔ مالک ہونا ۔ رکھنا ۔ قابو میں رکھنا ۔جن ۔ بھوت ۔ آسیب کا اثر ہونا ۔ کسی روح کا حلول کر جانا ۔ کسی خیال کا سما جانا ۔ کسی چیز کا خبط ہونا ۔

Possessor *n.* قابض ۔ مالک ۔

Possession (poz-esh-ən) *n.* Thing possessed, fact of being in possession قبضہ ۔ دخل ۔ اشیائے مقبوضہ ۔ ملک ۔ (جمع) مال و متاع ۔ مال و دولت ۔

Take possession قابض ہونا ۔ قبضہ کرنا ۔

Possession is nine points of the law البحث و دلیل الملک ۔ قبضہ قانون کی جان ہے ۔

Possessive (poz-es-iv) *adj.* & *n.* Genitive قبضہ کے متعلق ۔ (قواعد) اضافی ۔ حالت اضافی ۔

Possessively *adv.* قابضانہ حیثیت سے ۔ اضافی طور پر ۔

Posset (pos-it) *n.* A ditetic drink ایک شربت جو شراب ، گرم دودھ اور گرم مسالہ سے تیار کیا جاتا ہے ۔

Possibilist (pos-i-bl-ist) *n.* Member of a body which wants that the efforts should be confined to what is immediately possible ایسی جماعت کا رکن جو فوری قابل عمل اصلاحات پر زور دے ۔

Possibility (pos-i-bi-li-ti) *n.* That which is possible, a contingency امکان ۔ ممکن عمل ۔ ممکن صورت ۔ احتمال ۔ حالیہ ضرورت ۔

Possible (pos-i-bl) *adj.* & *n.* That may be done ممکنہ ۔ جس کا ہونا یا کرنا ممکن ہو ۔ سمجھ میں آنے والی بات ۔ ممکن عمل ۔

To do one's possible ممکنہ کوشش کرنا ۔

Possibly *adv.* ممکن ہے کہ ۔ حسب امکان ۔ حتی الامکان ۔

Post (pōst) *n.* & *v.t.* A stout upright pillar of timber or other material کھمبا ۔ ستون ۔ کٹھرا ۔ شہتیر ۔ بانس ۔ کوئلے کا ستون ۔ چسپاں کرنا ۔ ستون یا دیوار پر چپکانا ۔ فہرست میں نام درج کرنا ۔ اشتہار چسپاں کرنا یا لگانا ۔ نام شائع کرنا ۔

Post (pōst) *n.* & *adv.* Post man, a place where letters are posted ڈاکیا ۔ ڈاک کا سوار ۔ ہرکارہ ۔ ڈاک کی گاڑی ۔ ڈاک کا صندوق ۔ وہ خطوط جو ایک بار بھیجے جائیں یا وصول ہوں ۔ ڈاک کا تھیلا ۔ لیٹر بکس ۔ خط کے کاغذ کی تقطیع ۔ اخباروں کے نام کا جز ۔ جلدی سے ۔ تیزی سے ۔

Post haste فوراً ۔ تیزی سے ۔

Post (pōst) *v.i.* & *t.* Travel with post horses, move up and down in the saddle ڈاک کے گھوڑوں کے ذریعے سفر کرنا ۔ جلد جلد مسافت طے کرنا ۔ ڈاک میں خط ڈالنا ۔ کھاتے پر چڑھانا ۔ فہرست میں درج کرنا ۔ کسی شخص کو کسی امر کے متعلق تفصیلی معلومات بہم پہنچانا ۔

Post (pōst) *n.* & *v.t.* A fixed place or station, an office employment, appointment پہرے کی جگہ ۔ فوجی یا سرحدی چوکی ۔ فوجی جماعت جو چوکی پر مقرر ہو ۔ قلعہ ۔ کوٹ ۔ گڑھی ۔ تجارتی چوکی ۔ عہدہ ۔ اسامی ۔ جگہ ۔ منصب ۔ نوکری ۔ (بحری) بیس یا زائد توپوں کے جہاز کی کپتان ۔ سپاہیوں کی چوکی بٹھانا ۔ کسی خالی جائداد پر تقرر کرنا ۔ کسی کو کوئی عہدہ دینا ۔ دستہ متعین کرنا ۔

Last post وہ بگل جو فوجی جنازے پر بجایا جائے ۔ ماتمی بگل ۔ ماتمی باجا ۔

Postage (pōst-ag) *n.* Money paid for conveyance by post ڈاک کا محصول ۔ ڈاک کے ٹکٹ ۔

Postal (pōst-l) *adj.* Pertaining to mail service ڈاک یا ڈاک کے انتظام کے متعلق ۔

Poster (pōst-er) *n.* One who posts, anything posted اشتہار لگانے والا ۔ خطوط ڈالنے والا ۔ اشتہار ۔ چسپاں کیا ہوا اشتہار ۔ (رگبی فٹ بال) وہ گیند جو سیدھی گول کی لکڑی پر سے گزر جائے ۔

Poste-restante (pōst-res-tant) *n.* A department of post office where letters are kept till called for ڈاک خانہ کا صیغہ جہاں خطوط اس وقت تک رکھے جاتے ہیں جب تک مکتوب الیہ انہیں طلب نہ کرے ۔

Posterior (pos-tē-ri-ər) *adj.* & *n.* Coming after, later موخر ۔ متاخر ۔ بعد کا ۔ پچھلا ۔ جمع (سرین) ۔

Posterity (pos-te-ri-ti) *n.* Those coming after آئندہ نسل ۔ آنے والے ۔ اسلاف ۔

Postern (post-ərn) *n.* A backdoor مکان کا پچھلا دروازہ ۔ چور دروازہ ۔

Posthumous (post-ū-məs) *adj.* After death باپ کی وفات کے بعد پیدا ہونے والا (بچہ) وہ کتاب جو مصنف کی وفات کے بعد شائع ہو ۔ موت کے بعد کا کوئی واقعہ ۔ اعزاز ۔ انعام ۔

Postil (pos-til) *n.* A marginal note حاشیہ کی شرح ۔ ذیلی شرح ۔

Postilion (pōs-tıl-yən) *n.* One who guides horses of a carriage riding on one of them گھڑ سوار کوچوان ۔ کوچوان جو گاڑی کے گھوڑوں میں سے کسی ایک پر سوار ہو کر چلاتا ہے ۔

Postliminy (pōst-lim-i-ni) *n.* The right of a returned exile to resume his former status (قانون روما) اصول جس کی رو سے جلا وطن شخص کو اور قیدی کو واپس ہونے کے بعد حقوق شہریت دوبارہ مل جاتے ہیں ۔ پچھلی حالت کی طرف مراجعت ۔

Postmaster (post-mas-tər) *n.* One who is in charge of post office عامل ڈاک خانہ ۔ مہتمم ڈاکخانہ ۔ آکسفورڈ کا وظیفہ یاب طالب علم ۔

Post-meridiem (post-meri-di-em) *adv.* After midday بعد دوپہر ۔

Post-mortem (post-mor-təm) *adj.* & *n.* After death, autopsy مرنے کے بعد ۔ مرنے کے بعد لاش کا معائنہ تاکہ موت کا سبب معلوم کیا جائے ۔

Post-obit (post-ob-it) *adj.* & *n.* Taking effect after death جو مرنے کے بعد نافذ ہو ۔ ایسا تمسک جس کی روسے قرضدار کے مرنے کے بعد وصولی قرض کا حق ہو ۔

Postpone (pos(t)pon) *v.t.* Put off to a future time بر آئندہ کرنا ۔ ملتوی کرنا ۔ ٹال دینا ۔ آئندہ کے لیے اٹھا رکھنا ۔ دیر سے آنا ۔ بخار باری کے بعد آنا ۔

Postponement *n.* دیر ۔ توقف ۔ تاخیر ۔ برآئندگی ۔ التوا ۔

Postposition (post-poz-ish-ən) A word or particle placed after a word وہ ٹکڑا یا لفظ جو کسی لفظ کے آخر میں لگا کر مرکب بنائیں ۔ لاحقہ ۔

Postprandial (post-pran-di-əl) *adj.* After dinner کھانے کے بعد ۔

Postscript (po(st)skript) *n.* Part added to a letter after signature عبارت جو خط میں دستخط کے بعد بڑھائی جائے ۔ عبارت ما بعد ۔ عبارت مزید ۔

Postulate (pos-tū-lāt) *v.t.* Claim, take for granted فرض کرنا ۔ مان لینا ۔ طلب کرنا ۔ مانگنا ۔ دعویٰ کرنا ۔ بنیادی شرط رکھنا ۔ مشروط تقرر کرنا ۔

Postulation *n.* بنیادی شرط ۔ مفروضہ ۔ مشروط منظوری ۔ نامزدگی ۔

Posture (pos-tyər) *v.t.,i.* & *n.* Carriage, attitude, pose طرز ۔ انداز ۔ طرز طبیعت ۔ طرز خرام ۔ وضع ۔ حالت ۔ کوئی انداز اختیار کرنا ۔

Posture master ورزشی کرتب سکھانے والا ۔ نٹ ۔

Posy (po-zi) *n.* A motto, a bunch of flowers مختصر کتبہ جو نگینہ پر کندہ ہو ۔ چھوٹا سا گلدستہ ۔

Posy-ring کتبہ دار انگوٹھی ۔

Pot (pot) *n.* A deep or deepish vessel ظرف ۔ برتن ۔ دیگچی ۔ ہانڈی ۔ گھڑا ۔ لوٹا ۔ پیالہ ۔ آبخورہ ۔ کٹورہ ۔ بادیہ ۔ شاہ خاصہ ۔ مرتبان ۔ کافی دان ۔ چائے دان ۔ پھولوں کا گملا ۔ پیشاب کا برتن ۔ ورزشی کھیل کا انعامی برتن ۔ بڑی رقم ۔ زرکثیر (گھڑ دوڑ) زر شرط ۔ وہ گھوڑا جس کے جیتنے کی امید ہو ۔

Pot-belly بڑے پیٹ والا ۔ توندل ۔

Pot-boy سرائے کا خدمت گار لڑکا ۔

Pot-head بے وقوف آدمی ۔

Pot-hunter ہر جانور کو جو سامنے آ جائے شکار کرنے والا ۔ حریص شکاری ۔ انعام کی خاطر کسی مقابلہ میں حصہ لینے والا ۔

Pot (pot) *v.t.*& *i.* Place butter, fish, etc., in pot in order to preserve it, shoot, seize, secure مکھن ۔ مچھلی یا گوشت کو نمک لگا کر کسی برتن میں محفوظ کرنا ۔ گملے میں پودا لگانا ۔ بلیرڈ کے کھیل میں گیند کو تھیلی میں پہنچانا ۔ کسی جانور کو نشانہ بنانا ۔ گولی چلانا ۔ پانا ۔ حاصل کرنا ۔

Potable *adj.* & *n.* (جمع) مشروب چیزیں ۔ محفوظ کرنے کے قابل ۔ پینے کے قابل ۔

Potamology (pot-ə-mo-lo-ji) *n.* Scientific study of rivers دریاؤں کا علم

Potamic (pot-am-ik) *adj.* Of rivers دریاؤں کے متعلق ۔

Potash (pot-ash) *n.* A powerful alkali ایک قسم کا تیز کھار ۔ الکلی ۔ پوٹاس ۔

Potassium (pot-as-i-əm) *n.* An alkali metal ایک سفید چمکدار دھات جو الکلی سے مرکب ہوتی ہے ۔

Potation (po-ta-shən) *n.* Drinking گھونٹ ۔ جرعہ ۔ چسکی ۔ شراب خوری ۔ مے نوشی ۔

Potatory *adj.* مے نوشی کا ۔

Potato (pō-tā-tō) *n.* Plant or tuber آلو ۔ آلو کا پودا ۔

Poteen (po-tyen) *n.* Irish whisky illicitly distilled بلا اجازت کشید کی ہوئی آئر لینڈ کی وہسکی شراب ۔

Potent (pṓ-tənt) *adj.* Powerful زبردست ۔ زور دار ۔ طاقت ور ۔ معقول اور محکم دلیل ۔ قوی الاثر دوا ۔

Potency *n.* دوا کی طاقت ۔ زور ۔ قوت ۔

Potently *adv.* بڑی قوت کے ساتھ ۔ شدت سے ۔ زور سے ۔

Potentate (pō-tənt-āt) *n.* One who possesses power حاکم ۔ فرمانروا ۔ بادشاہ ۔ راجہ ۔ شہزادہ ۔

Potential (pō-ten-shl) *adj.* & *n.* Powerful, efficacious سخت ۔ طاقت ور ۔ زبردست ۔ خوابیدہ قوت جو بیدار ہو سکے ۔ خلقی استعداد ۔ مضمر ۔ پوشیدہ طاقت ۔ (قواعد) احتمالی حالت ۔ امکانی صورت ۔

Reached its highest potential اس نے ہر امکانی ترقی کی -

Potentiality *n.* امکان - احتمال - امکانی قوت -

Potentially *adv.* بزور - بالقوۃ - باطنی طاقت سے - خلقی قوت سے -

Potentialize (pō-ten-shi-ə-līz) *v.t.* Convert energy into potential condition حالت استعدادی سے حالت فعلی میں تبدیل کرنا - توانائی کو متحرک کرنا -

Potentiate (pō-ten-shi-āt) *v.t.* Give power قوت بخشنا - طاقت دینا - ممکن بنانا -

Pother (pudh-ər) *v.t,.i.* & *n.* Choking smoke or dust دھواں - گرد و غبار جس سے دم گھٹے - شور - ہنگامہ - دکھڑا - ہاڑ - حیران کرنا - ہنگامہ کرنا - پریشان کرنا -

Potion (po-shən) *n.* A dose of liquid medicine رقیق دوا - شربت - عرق - دوا کی خوراک - زہر کا گھونٹ -

Pot-pourri (pōt-pōō-rē) *n.* A mixture of sweet-scented petals خوشبودار مسالوں اور پتیوں کا مرکب - کشکول - ادبی مضامین کا مجموعہ - موسیقی کے متفرق راگ - راگنیوں کا مجموعہ -

Potsherd (pot-s-herd) *n.* A piece of broken pottery ٹھیکری -

Pott (pot) *n.* A size of paper کاغذ کا ناپ -

Pottage (pot-aj) *n.* Vegetables boiled with or without meat ترکاری کا سالن - ترکاریاں جو گوشت میں یا بغیر گوشت کے پکائی گئی ہوں -

Potter (pot-ər) *n.* One who makes pots کمہار - کوزہ گر - سفال گر -

Potter (pot-ər) *v.i.* & *t.* Busy oneself in a desultory way کوئی کام بے دلی سے کرنا - آوارہ پھرنا - بے مقصد ادھر ادھر پھرنا -

Pottery (pot-ə-ri) *n.* Articles of baked clay مٹی کے برتن - کمہار کی دکان - مٹی کے برتن بنانے کا کام -

The potteries اسٹیفرڈ شائر کا شمالی علاقہ -

Pottle (pot-l) *n.* Half a gallon or thereabout آدھے گیلن کا پیمانہ - نصف گیلن کا برتن - اسٹابری وغیرہ کی ٹوکری -

Potty *adj.* ذرا سا - چھوٹا سا - لا یعنی - ادنیٰ - حقیر -

Pouch (powch) *n.* A poke, pocket or bag تھیلی - جیب - بٹوا - کیسہ - کھال کا جھول - بڑا پیٹ - کیسہ دار جانوروں کی تھیلی - گولی بارود یا تمباکو کی تھیلی -

Pouchy *adj.* تھیلی کی طرح کا - کیسہ نما - کیسہ دار -

Pouch (powch) *v.t.* & *i.* Form a pouch, be like a pouch جیب میں رکھنا - جیب بنانا - بٹوے میں رکھنا - قبضہ میں لانا - ہتھیانا - (بول چال) نوکروں کو انعام دینا - جیب کی طرح لٹکنا -

Pouf (poof) *n.* A puffed mode of hair dressing بالوں کی آرائش کا ایک طریقہ - بالوں کو اٹھا کر جوڑا باندھنا - جوڑا - کپڑوں کا وہ حصہ جو سمیٹ کر اکٹھا کر لیا جائے - چٹا -

Poulterer (polt-er-ər) *n.* One who deals in dead fowls and game مرغی والا - مرغی اور انڈے بیچنے والا - مرغی اور شکار کا گوشت بیچنے والا -

Poultice (pol-tis) *v.t.* & *n.* A soft combination applied on a cloth to sores پلٹس - مرہم - بھرتا - لپڑی - پلٹس باندھنا - مرہم لگانا -

Poultry (polt-ri) *n.* Domestic or farmyard fowls پالتو مرغ - بطخ - مرغیاں -

Pounce (powns) *n., v.t.* & *i.* Claw, a sudden spring پنجہ - چنگل - سفوف - جھپٹا مارنا - چنگل سے پکڑنا -

Make a pounce غلطی پکڑنا - پنجوں میں جکڑ لینا - دبوچ لینا - جھپٹا مارنا - فوراً گرفت کرنا -

Pouncet (pown-set) *v.t.* & *n.* Soaking powder خاک ریز - جاذب سفوف - خاکہ کشی کا سفوف - سفوف چھڑک کر خاکہ اتارنا -

Pouncet box *n.* خاک ریز ڈبیا - ایک ڈبیا جس میں سفوف بھرتے ہیں اس کے ڈھکن میں سوراخ ہوتے ہیں -

Pound (pownd) *v.i.* & *n.* A unit of weight, a gold coin or note آدھ سیر کے قریب وزن جس کا مخفف (Lb.) ہے - توانے میں سولہ اونس کا وزن - پونڈ - گنی - اشرفی - دینار - مہر - پونڈ بیس شلنگ یا پندرہ روپے کا ہوتا ہے - (L) تول کر سکہ کا وزن معلوم کرنا -

Pound (pownd) *n.* & *v.t.* An enclosure where strayed animals are confined جانوروں کو قید کرنے کا باڑا - کانجی گھر - مشکل مقام - دشوار جگہ - جانوروں کو باڑے میں بند کرنا -

Pound (pownd) *v.t.* & *i.* Beat into fine pieces, shower, beat پیٹنا - کوٹنا - مارنا - ضرب لگانا - مکوں سے مارنا - دھنکنا - پامال کرنا - گولے برسانا - بھاری قدموں سے چلنا - دھپ دھپ دوڑنا -

Pound to jelly کچومر بنا دینا - بھرکس نکال دینا -

Pound to pieces کوٹ کر چورا چورا کر دینا -

Poundage (pownd-ag) *n.* A charge or tax made on a pound درآمد یا برآمد کا محصول پاؤنڈ میں - پاؤنڈ کے حساب سے دستوری یا کٹوتی - پاؤنڈ کے حساب سے منافع یا چنگی - ٹیکس یا محصول -

Pounder (pownd-ər) *n.* One who pounds کوٹنے والا - سفوف بنانے والا - اوکھلی - ہاون دستہ -

Pounder (pownd-ər) *n.* A thing of a pound weight آدھ سیرا - پاؤنڈ بھر وزن کی چیز - پاؤنڈ وزن کے گولے پھینکنے والی توپ - اتنے پاؤنڈ کا مالک شخص - اتنے پاؤنڈ کی چیز -

Pour (pōr) *n., v.t.* & *i.* Cause or allow to flow انڈیلنا - بہانا - دھار باندھ کر ڈالنا - نکالنا - خارج کرنا - چلانا - بکثرت پھینکنا یا خرچ کرنا - بوچھاڑ کرنا - برسانا - جلدی جلدی بولنا یا لکھنا - تانتا بندھ جانا - موسلا دھار بارش - پگھلی ہوئی دھات کی گھان -

It never rains but it pours مصائب ہمیشہ ہجوم کر کے آتے ہیں -

Pour cold water on کام کے جوش کو ٹھنڈا کر دینا - کمر ہمت توڑ دینا -

Pour oil up on troubled waters میٹھی میٹھی باتوں سے ٹھنڈا کر دینا - تسکین دہ الفاظ سے ہنگامہ فرو کرنا -

Pouring *adj.* رم جھم - لگا تار - موسلا دھار -

Pour-boire (pōōr-bwar) *n.* A tip بخشش - انعام - اکرام -

Pour-parler (poor-păr-lā) *n.* An informal preliminary conference (عموماً جمع) کسی معاملہ پر رسمی گفتگو سے پہلے غیر رسمی بات چیت -

Pour-point (pōōr-point) *n.* A mediaeval quilted doublet روئی کی صدری - روئی کی مرزائی -

Poussette (poos-et) *v.t.* & *n.* An act of dancing round each other دو شخصوں کا حلقہ بنا کر ایک دوسرے کے ارد گرد ناچنا - یہ ناچ -

Pout (poot) *n.* A kind of fish, the bib ایک قسم کی مغربی یورپ کی سفید مچھلی جس کی ٹھوڑی پر تھوتھنی ہوتی ہے -

Pout (powt) *v.i., t.* & *n.* Push out the lips in displeasure, protrude ہونٹ لٹکانا - منہ بنانا - اظہار ناراضگی کرنا - ترشروئی - اظہار ناراضگی - چڑچڑاپن -

Pouter (powt-ər) *n.* A kind of pigeon with great power of inflating crop ایک قسم کا کبوتر جو اپنا پوٹا خوب پھلا لیتا ہے -

Poutingly *adv.* اظہار ناراضگی کے ساتھ - ناک بھوں چڑھاتے ہوئے - منہ پھلائے ہوئے -

Poverty (pov-ər-ti) *n.* The state of being poor مفلسی - تنگ دستی - تنگ حالی - افلاس - عسرت - کمیابی - قلت - کوتاہی - بنجر پن - فرو مائگی - ادنی پن -

Powder (pow-dər) *n.* & *v.t.* Dust, solid in fine particles برادہ - سفوف - غازہ - ابٹن - بارود - زور جو کھیل وغیرہ میں دکھایا جائے - پیسنا - سفوف بنانا - سفوف چھڑکنا - غازہ ملنا -

Not worth powder and shot حقیر شے - ادنیٰ حریف - ادنیٰ شکار -

Powdriness *n.* سفوف ہونے کی صلاحیت - سفوف کی طرح ہونا -

Powdery *adj.* سفوف بنا ہوا - سفوف سا - پسا ہوا - جس کو بہ آسانی سفوف بنایا جا سکے -

Power (pow-ər) *n.* Ability to do any thing طاقت - زور - قوت - بل - قابو - قابلیت - صلاحیت - اہلیت - حکومت - اختیار - اثر - غلبہ - سلطنت - دولت - ریاست - خدا - دیوتا - دیوی - طاقت عمل -

Power of attorney مختار نامہ -

More power to your elbow خدا تمہیں ہمت عطا کرے - خدا تمہیں طاقت دے -

The powers that be بر سر اقتدار لوگ -

Powerful *adj.* موثر - ذی اثر - توانا - کارگر - طاقت ور - زور آور - با رسوخ -

Powerless (pow-ər-les) *adj.* Helpless ناتواں ۔ ضعیف ۔ بے بس ۔

Powwow (pow-wow) *v.t.,i.* & *n.* An American Indian conjurer امریکہ کا جادو سے علاج کرنے والا ۔ ساحر ۔ ٹونا ٹوٹکا کرنے والا ۔ جنتر منتر ۔ جھاڑ پھونک ۔ (امریکہ) سیاسی مجلس ۔ جادو سے علاج کرنا ۔ گفت و شنید کرنا ۔ سیاسی جلسہ کرنا ۔

Pox (poks) *n.* Pustules, an eruptive disease دھبے ۔ دانے ۔ آبلہ فرنگ ۔ آتشک ۔ چیچک ۔

Pozzy (po-zi) *n.* Jam (فوجی بول چال) مربہ ۔ جام ۔ رب ۔

Practicable (prak-tik-əbl) *adj.* That may be accomplished کرنے کے قابل ۔ ہو سکنے کے قابل ۔ قابل عمل ۔ ممکن الحصول ۔ قابل استعمال ۔ قابل گزر ۔

Practicability, Practicableness *n.* قابل عبور ہونا ۔ امکان ۔ قابل عمل ہونا ۔ قابل موروثی ہونا ۔ ممکن ہونا ۔ وقوع پذیری ۔

Practical (prak-tik-əl) *adj.* Workable, actually engaged in doing عملی ۔ اکتسابی ۔ جو عمل میں دکھایا جا سکے ۔ کام کا ۔ مفید ۔ کارآمد ۔ مشاق ۔ تجربہ کار ۔ عملی رجحان رکھنے والا ۔

A practical atheist ۔ پورا دہریہ ۔ عملی طور پر دہریہ

It does not appeal to practical mind مائل بہ عمل لوگوں کو یہ پسند نہیں ۔

Practicality, Practicalness مشغولیت ۔ عملیت ۔ عملی ہونا ۔

Practically (prak-tik-əli) *adv.* Actually ۔ حقیقت میں در اصل ۔ عملاً ۔ عملی طور پر ۔

Practice (prak-tis) *n.* Actual doing ۔ عمل ۔ مشق ۔ مداومت ۔ عادت ۔ معمول ۔ رویہ ۔ دستور ۔ مہارت ۔ محاورہ ۔ وکیل یا ڈاکٹر کا پیشہ ۔ تجارت ۔ حساب تجارت ۔ تجویز ۔ ہتکنڈہ ۔

Practician *n.* کام کرنے والا ۔ پیشہ ور ۔

Practise (prak-tis) *v.t.* & *i.* Perform, do habitually عمل میں لانا ۔ مشق کرنا ۔ عادت ڈالنا ۔ کوئی پیشہ اختیار کرنا ۔ تجویز کرنا ۔ سازش کرنا ۔ استعمال کرنا ۔

Practise what you preach جو دوسروں سے کہو اس پر خود بھی عمل کرو ۔

Practised *adj.* پختہ کار ۔ تجربہ کار ۔ مشاق ۔

Practitioner (prak-tish-ən-ər) *n.* One who is in practice ۔ پیشہ ور ۔ پیشے کا کام کرنے والا ۔ طبیب ۔ ڈاکٹر ۔

Praecocial (pri-ko-shəl) *adj.* Able to leave the nest atonce وہ پرندے جن کے بچے انڈے سے نکلتے ہی چلنے اور چگنے لگتے ہیں ۔

Praeposter (prip-əs-tər) *n.* Prefect, monitor (سکول) مانیٹر ۔ مددگار معلم ۔

Praetor (pre-tər) *n.* A magistrate of ancient Rome قدیم روما میں منتخب شدہ مجسٹریٹ جسے قونصل کے اختیارات ہوں ۔

Praetorian (pre-tə-ri-ən) *adj.* & *n.* A member of king's bodyguard مجسٹریٹی عہدہ کا ۔ شاہی محافظ دستہ کا سپاہی ۔

Pragmatic-al (prag-mat-ik) *adj.* Relating to affairs of state or society عملی ۔ امر واقعہ کا ۔ مفید ۔ کاروباری ۔ امور مملکت کا ۔ معاشرہ کا ۔ عملی فوائد پر نظر رکھنے والا ۔ مداخلت کرنے والا ۔ مستبد ۔ افادی ۔

Pragmatically *adv.* عملی حیثیت سے ۔ تحکمانہ طور پر ۔ مداخلت کرتے ہوئے ۔

Pragmatism (prag-mat-izm) *n.* Practicalism دوسروں کی خدمت ۔ مداخلت ۔ عملیت ۔ کسی چیز پر عملی فوائد کی حیثیت سے روشنی ڈالنا ۔ دخل درمعقولات ۔ ضابطہ پرستی ۔ علم نتائی ۔ نظریہ عملیت ۔ یہ نظریہ کہ کسی شے کا معیار قیمت یہ ہے کہ اس کا تعلق انسانی مفاد سے ہو ۔

Pragmatist *n.* عملی فوائد پر نظر رکھنے والا ۔ نظریہ عملیت کا قائل یا پیرو ۔

Pragmatize (prag-mat-īz) *v.t.* Represent as real اصل کے طور پر پیش کرنا ۔ استعارے اور تشبیہ کو حقیقی سمجھ لینا ۔ متشابہات کو محکم سمجھنا ۔

Prairie (pra-ri) *n.* A treeless plain وسیع گھاس کا میدان جس میں درخت نہ ہوں ۔

Praise (prāz) *v.t.* & *n.* Assign a value to تعریف کرنا ۔ توصیف کرنا ۔ مدح سرائی کرنا ۔ تحسین و آفرین کہنا ۔ خدا کی حمد و ثنا کرنا ۔ تعریف ۔ ستائش ۔ حمد و ثنا ۔

Praiseful *adj.* ستائشی - تعریفی - حمد و ثنا سے معمور -

Praiseworthy (prāz-wur-thi) *adj.* Commendable قابل تعریف - مستحسن -

Praiseworthiness *n.* قابل تعریف ہونا - خوبی - عمدگی -

Pram-proam (prām) *n.* A milkman's handcart دودھ والے کا ٹھیلا - بچوں کی گاڑی - سیر گاڑی -

Pram (prām) *n.* A flat-bottomed barge چپٹے پیندے کی کشتی - بار برداری کی مسلح کشتی - کشتی جس پر توپیں لگی ہوں -

Prance (prâns) *n.,v.t. & i.* Move with exaggerated action کودنا - اچھلنا - کلول کرنا - اترا کر پھرنا - گھوڑے کا جست کرنا - جست کرانا - گھوڑے کی اچھل کود -

Prandial (pran-di-əl) *adj.* Relating to dinner طعام کے متعلق -

Prank (prangk) *n.* A mischievous trick شوخی - کھیل - شرارت - عملی مذاق - خر مستی - غیر مہذب حرکت -

Prankful / Prankish } *adj.* شوخیانہ - شرارت کے طور پر -

Prank (prangk) *v.t. & i.* Play tricks, set in order شرارت کرنا - زینت دینا - آراستہ کرنا - سجانا - سجنا - بننا ٹھننا -

Prate (prāt) *v.i.,t. & n.* Talk foolishly یاوہ گوئی کرنا - بک بک کرنا - بے تکے پن سے کہنا - بکواس - بک بک - جھک جھک -

Prater *n.* / Prating *adj.* } حرزہ سرا - بکواسی - فضول گو - بسیار گو -

Pratique (prat-ik) *n.* Permission to hold intercourse after quarantine اجازت نامہ جو مسافروں کو قرنطینہ میں رہنے کے بعد دیا جاتا ہے -

Prattle (prat-l) *v.i.,t. & n.* Talk idly, utter in a prattling way بڑبڑانا - بچوں کی طرح باتیں کرنا - بک بک کرنا - سادگی سے کہنا - فضول باتیں کہنا - بچوں کا بولنا - پرندوں کا چہچہانا - طفلانہ گفتگو -

Prattle box *n.* بکواس -

Prattler (prat-lər) *n.* One who prattles بچوں کی طرح بڑبڑانے والا -

Prattling *adj.* بچوں کی طرح باتیں کرتا ہوا -

Pravity (prav-i-ti) *n.* Wickedness بد معاشی - سفلہ پن - رذالت - اخلاق خرابی -

Prawn (prawn) *n. & v.i.* A shrimp-like crustacean جھینگا - جھینگا مچھلی - جھینگے پکڑنا -

Praxis (praks-is) *n.* Practice رسم و رواج - مسلمہ دستور - (قواعد) مشقی سوالات -

Pray (prā) *v.t. & i.* Ask earnestly as in a worship خدا سے دعا مانگنا - التجا کرنا - درخواست کرنا - عرض کرنا - عبادت کرنا - نماز پڑھنا - منت و سماجت سے کوئی چیز مانگنا -

Prayer (prā-ər) *n.* Act of entreaty التجا - استدعا - عرض - درخواست - دعا - نماز - مناجات - عبادت - عبادت گزاری - چیز جو مانگی جائے - چیز جس کے لیے التجا کی جائے -

Prayerful *adj.* عبادت گزار - پرہیزگار - متقی -

Prayerfulness *n.* عبادت گزاری - دین داری - زہد - تقویٰ -

Prayerlessness *n.* خدا سے دوری - دین سے لاپروائی - بے دینی -

Prayer (prā-ər) *n.* One who prays عبادت گزار - دعا مانگنے والا -

Pre (pri) *prefix* In front, anterior سابقہ بمعنی پہلے - آگے ، قبل ، پیشتر ، مقدم وغیرہ -

Preach (prēch) *v.i.,t. & n.* Discourse earnestly تلقین کرنا - نصیحت کرنا - وعظ کہنا - انجیل یا قرآن کی تفسیر بیان کرنا - سمجھانا - ذہن نشین کرنا - دعوت دینا - تبلیغ کرنا - کسی عقیدہ کی وضاحت کرنا - حمایت کرنا - طرف داری کرنا - وعظ - نصیحت - تقریر -

Preach down ناقدری کرنا - تقریر میں گھٹا کر دکھانا -

Preach up ضرورت سے زیادہ تعریف کرنا -

Preachable *adj.* وہ جس کی وضاحت ممکن ہو - وہ جو بیان کرنے کے لائق ہو -

Preacher *n.* مبلغ - واعظ -

Preachment *n.* لمبی چوڑی تلقین - طولانی وعظ -

Preachify (prēch-i-fī) *v.t.* Preach tediously اکتا دینے والا وعظ کہنا ۔ لمبا چوڑا خطبہ دینا ۔ پند و نصیحت کرنا ۔

Preachy (prēch-i) *adj.* Fond of preaching وعظ گوئی کا شوقین ۔ خواہ مخواہ نصیحت کرنے کا عادی ۔ پند و نصیحت سے معمور ۔

Preachiness *n.* پند و نصیحت سے معمور ہونا ۔ وعظ کا شوقین ہونا ۔

Preamble (pre-am-bl) *n. & v.i.* Preface تمہید ۔ دیباچہ ۔ سرنامہ ۔ مقدمہ ۔ عنوان ۔ تمہیدی بیان ۔ تشریحی بیان جس میں کسی قانون کی وجہ جواز بتائی جاتی ہے ۔ تمہید لکھنا ۔ تمہیدی بیان دینا ۔

Prebend (preb-ənd) *n.* A share of the revenues of a cathedral allowed to a clergyman کسی گرجا کے پادری کا وظیفہ جو اسی گرجا کی آمدنی سے دیا جاتا ہے ۔

Prebendary (preb-ənd-a-ri) *n.* A resident clergyman who enjoys a prebend ایسا پادری جس کو گرجا کی آمدنی سے وظیفہ دیا جائے اور جو وہیں مقیم ہو ۔

Precarious (pri-ke-ri-əs) *adj.* Insecure دوسرے کی مرضی پر موقوف ۔ رعائتی ۔ فرضی ۔ قیاسی ۔ غیر محفوظ ۔ پر خطر ۔ خطرناک ۔ غیر مستقل ۔ مشتبہ ۔

Precariously *adv.* خطرناک طور سے ۔ مشتبہ طریقہ پر ۔ غیر معین طور پر ۔

Precariousness *n.* مشتبہ ہونا ۔ غیر معین ہونا ۔ پر خطر ہونا ۔

Precatory (prek-ə-tə-ri) *adj.* Of the nature of a wish or recommendation نیازمندانہ ۔ التجایانہ ۔ امیدوارانہ ۔

Precative *adj.* التماسی ۔ التجائی ۔

Precaution (pri-kaw-shən) *n.* Care beforehand عاقبت اندیشی ۔ حفظ ما تقدم ۔ پیش بندی ۔ قبل از وقوع احتیاط ۔ چوکسی ۔ تدارک ۔

Precautionary *adj.* تدارکی ۔ احتیاطی ۔

Precede (pre-sēd) *v.t. & i.* Go before in position تقدیم کرنا ۔ پیش روی کرنا ۔ مقام ہونا ۔ برتر ہونا ۔ فائق ہونا ۔ رتبہ میں اعلیٰ ہونا ۔ پہلے واقع ہونا ۔ کسی کام سے پہلے کرنا یا عمل میں لانا ۔ عمل میں پہلے آنا ۔

Precedence (pri-sēd-əns) *n.* The act of going before ۔ تقدیم ۔ پیش روی ۔ سبقت ۔ آگے یا پہلے ہونا ۔ ترجیح ۔ برتری ۔ ممتاز جگہ پر بیٹھنے کا حق ۔

Precedent (pre-si-dənt) *n.* That which precedes مقدم ہونا ۔ مثال ۔ نمونہ ۔

Precedent (pre-si-dənt) *adj.* Preceding سابقہ ۔ پیشیں ۔ ما قبل ۔ مقدم ۔ اہم تر ۔ اعلیٰ تر ۔

Condition precedent کسی حق کے لیے کسی امر کا وقوع لازم ہونا ۔

Order of precedence حفظ مراتب ۔

Take precedence of بالا نشینی کا مستحق ہونا ۔

Precedented (pre-sid-ənt-id) *adj.* Warranted by an example جس کی نظیر موجود ہو ۔

Precent (prē-sent) *v.i. & t.* Lead in singing of a church choir مناجات خوانی میں پہلے گیت شروع کرنا ۔ گانے والی جماعت کی رہبری کرنا ۔

Precentor (prē-sen-tər) *n.* The leader of the singing party بھجن منڈلی کا اگوا کار ۔ بھجن کی ابتدا کرنے والا ۔ راگ شروع کرنے والا ۔

Precept (prē-sept) *n.* Command, rule of action فرمان ۔ حکم ۔ ضابطہ عمل ۔ نصیحت ۔ ہدایت ۔ محصول کی ادائی یا وصولی کا حکم نامہ ۔ فرمان الٰہی ۔

Preceptive *adj.* تنبیہی ۔ حاکمانہ ۔ ناصحانہ ۔

Preceptor (prē-sept-ər) *n.* A teacher, instructor معلم ۔ استاد ۔ ہادی ۔ رہبر ۔

Preceptorial *adj.* ہادیانہ ۔ معلمانہ ۔

Preceptorship *n.* عہد معلمی ۔ معلمی ۔

Preceptory (prē-sept-ə-ri) *n.* A community of Knights Templars, its estate or buildings نائٹ ٹمپلرس کی جماعت ، ان کی جائداد اور مکانات ۔

Precession (pri-sesh-ən) *n.* Act of going before سبقت ۔ پیش روی ۔ آگے نکل جانا ۔

Precession of the equinoxes سبقت اعتدالین ۔ حرکت تقویمی ۔

Precinct (pre-singkt) *n.* An enclosed space سرحد ۔ حد ۔ احاطہ ۔ محصور جگہ (جمع) گرد و پیش ۔ قرب و جوار ۔ نواح ۔

Precious (presh-əs) *adj. & adv.* Of great worth بیش قیمت ۔ بیش بہا ۔ عزیز ۔ پیارا ۔ دکھاوے کا ۔ شائستہ ۔ حد سے زیادہ نفاست پسند ۔ پورا ۔ مکمل ۔ بالکل ۔ بہت ۔

Precious metal سونا ۔ چاندی ۔

Preciosity *n.* نفاست ۔ انتہائی نزاکت پسندی ۔ مبالغہ آمیز ہونا ۔ تصنع آمیز ہونا ۔

Preciously *adv.* نفیس مزاجی سے ۔ تصنع سے ۔ نفاست پسندی سے ۔

Preciousness (presh-əs-nes) *n.* Being of high price بیش قیمتی ۔ گراں بہائی ۔

Precipice (pres-i-pis) *n.* A headlong fall, headlong rashness کھڑی ڈھال ۔ کھڑی چٹان ۔ ٹیلہ ۔ آگے کو نکلا ہوا پہاڑ کا عمودی حصہ ۔

Precipitate (pres-i-pi-tāt) *n.* Moisture condensed from vapour by cooling سرد شدہ بھاپ ۔ شبنم ۔ بارش ۔

Precipitate (pres-i-pi-tāt) *adj.* Rushing headlong falling سر نگوں ۔ سر کے بل ۔ سخت عجلت میں ۔ بے سمجھے بوجھے ۔ ناعاقبت اندیشانہ ۔

Precipitance-cy / **Precipitateness** } *n.* عجلت ۔ شتابی ۔ جلد بازی ۔ نا عاقبت اندیشی ۔

Precipitately *adv.* اندھا دھند ۔ اندھے پن کے ساتھ ۔ بے سمجھے بوجھے ۔ عجلت سے ۔

Precipitate (pre-si-pi-tāt) *v.t.* Force into hasty action سر کے بل گرنا ۔ بلند مقام سے گرانا ۔ جلد بازی پر مجبور کرنا ۔ قبل از وقت وقوع میں لانا ۔ بھاپ کو کثیف بنانا ۔ بخارات کو سرد کر کے پانی بنانا ۔

Precipitation *n.* شبنم ۔ بارش ۔ جلد بازی کا عمل ۔ بے سمجھے بوجھے کا کام ۔

Precipitator *n.* گرانے والا ۔ جلد باز ۔ اوندھے منہ گرنے والا ۔ کثیف پانی کو صاف کرنے کا تالاب ۔ بخار کو پانی بنانے والا آلہ ۔

Precipitous (pre-si-pi-təs) *adj.* Like a precipice کھڑا ۔ عمودی ۔ کھڑی چٹان کا ۔ کھڑی ڈھال کا ۔

Precipitously *adv.* جلد بازی سے ۔ عجلت سے ۔ بے سمجھے بوجھے ۔ عموداً ۔

Precipitousness *n.* جلد بازی ۔ عمود ۔ کھڑا ہونا ۔ عمودی ہونا ۔

Precis (prā'-sē) *n.* An abstract لب لباب ۔ اختصار ۔ خلاصہ ۔

Precise (pri-sīs) *adj.* Definite, exact ٹھیک ٹھیک ۔ پورا ۔ صحیح ۔ بے کم و کاست ۔ با قاعدہ ۔ با ضابطہ ۔ صحت پسند ۔ آئین و آداب کے مطابق ۔ بالکل واضح ۔ صاف ۔

The precise moment عین وہی موقع ۔ ٹھیک وہی وقت ۔

Preciseness *n.* باقاعدگی ۔ باضابطگی ۔ درستی ۔ صحت ۔

Precisely (pri-sīs-li) *adv.* Exactly ٹھیک ٹھیک ۔ بعینہ ۔ ہو بہو ۔ من و عن ۔ جی ہاں ۔ بالکل ٹھیک ۔ ہاں ۔ ایسا ہی ۔

Precisian (pri-sizh-ən) *n.* An over-precise person سخت پابند شخص ۔ متشرع ۔ سخت وضعدار آدمی ۔ معمولی معمولی باتوں کا خیال کرنے والا انسان ۔

Precisianism *n.* یہ عقیدہ کہ ہر عمل بالکل ٹھیک ہونا چاہیے ۔ ضابطہ پرستی ۔

Precision (pri-sish-ən) *n.* Quality of being precise صحت ۔ درستی ۔ باقاعدگی ۔

Precisionist *n.* زبان ، آداب اور نشست و برخاست میں صحت کا حد سے زیادہ خیال رکھنے والا ۔ قاعدہ پرست ۔

Preclude (pri-klōōd) *v.t.* Hinder or shut out by anticipation باز رکھنا ۔ قبل از وقت روک دینا ۔ مانع ہونا ۔ خارج کرنا ۔ ناممکن بنانا ۔

Preclusion *n.* اخراج ۔ روک ۔ ممانعت ۔

Preclusive *adj.* ناممکن بنانے والا ۔ خارج کرنے والا ۔ مزاحم ہونے والا ۔ روکنے والا ۔

Precocious (pri-ko-shəs) *adj.* Early in development قبل از وقت ۔ پیش از وقت ۔ وقت یا موسم سے پہلے ۔ قبل از وقت نشو و نما پانے والا ۔

Precociousness / **Precocity** } وقت سے پہلے نشو و نما اور پختگی ۔ پیش از وقت کسی امر کا ہونا ۔

Precognition (pre-kog-nesh-ən) *n.* Fore knowledge علم جو پہلے سے ہو ۔ پیشگی آگاہی ۔ (قانون) گواہ کا ابتدائی اظہار جس سے نفس مقدمہ کا اندازہ ہو سکے ۔

Preconceive (pre-kən-siv) *v.t.* Form a notion before having actual knowledge پہلے سے سوچ رکھنا - پیش از وقوع ادراک کر لینا - پیش بینی کرنا - قیاس کرنا -

Preconceipt *n.* پیش بینی -

Preconception *n.* عصبیت - ادراک واقعہ قبل وقوع -

Preconcert (pre-kən-sərt) *v.t.* Settle beforehand پہلے سے ایک فیصلہ کر لینا -

Preconise (pre-kən-īz) *v.t.* Proclaim publicly عام اعلان کرنا - مشہور کرنا - علی‌الاعلان تعریف کرنا - نام لیکر طلب کرنا - پاپائے اعظم کا کسی اسقف کے تقرر کی اعلانیہ منظوری دینا -

Precurser (pre-kers-ər) *n.* A forerunner پیش رو - نقیب - پیش رو عہدہ دار -

Precursory / Precursive } *adj.* پیش رو - افتتاحی - مقدم - آگے چلنے والا - نقابت کرنے والا -

Predacious (pri-da-shəs) *adj.* Living by prey شکار پر گزر کرنے والا - شکار خوری کا -

Predacity *n.* شکاری جبلت - شکار خوری کی خو -

Predate (pre-dāt) *v.t.* Be earlier than, date before the true date اصل تاریخ سے پہلے کی تاریخ ڈالنا - تاریخ مقررہ سے پہلے پہنچ جانا -

Predatory (pr-da-tə-ri) *adj.* Characterised by plundering غارت گر - لٹیرا - لوٹ مار پر گزارہ کرنے والا - شکار خور - شکار کا عادی -

Predecessor (pre-di-ses-ər) *n.* One who has been before another سابقہ - پیشرو - کوئی شخص یا چیز جس کی جگہ دوسرا شخص یا دوسری چیز آئے -

Predella (pri-del-ä) *n.* The platform on which an altar stands قربان گاہ کا چبوترہ - قربان گاہ کی سب سے اونچی جگہ - قربان گاہ کی پشت کی منقش الماری -

Predestinarian (pre-des-tin-ə-ri-ən) *n.* & *adj.* Believing in the doctrine of predestination مسئلہ جبر کا قائل - تقدیر کا قائل -

Predestinate (pre-des-tin-āt) *adj.* & *v.t.* God's decree fixing every thing unalterably خدا کا ازل سے ابد تک ہر چیز کا مقدر کر دینا - مقدر کیا ہوا - پہلے سے مقرر کیا ہوا - ہر چیز کا مقرر کرنا -

Predestination (pre-des-tin-ə-shən) *n.* Act of predestinating تقدیر - مقدر - قضا و قدر -

Predestine (pri-des-tin) *v.t.* Destine or decree beforehand مقدر کر دینا - پہلے سے لکھ دینا - پہلے سے فیصلہ کر دینا -

Predetermine (pre-di-tər-min) *v.t.* Determine or settle beforehand پہلے سے ٹھہرانا - پہلے سے مقرر کرنا - پہلے سے فیصلہ کر دینا - کسی کو کسی خاص طرز عمل پر راغب کرنا -

Predeterminate *adj.* قسمت میں لکھا ہوا - طے شدہ - فیصل شدہ -

Predetermination *n.* امر طے شدہ - امر فیصل شدہ - مقدر - تقدیر الٰہی -

Predial (pre-di-əl) *adj.* Of land ارضی - آراضی کا - زمین کا -

Predicable (pre-di-kə-bl) *adj.* That may be affirmed of something جو قابل ثبوت ہو - جس کے متعلق حکم لگایا جا سکے - ارسطو کے معمولات کی وہ قسمیں جو موضوعات کے تابع ہوں مثلاً نوع ، جنس وغیرہ -

Predicament (pri-dik-ə-mənt) *n.* One of the classes which includes all predicables ایسی جنس جس میں جملہ نوع شامل ہوں - کلیہ بسیط - ارسطو کے دس معقولات حال - صورت - ناگوار یا خطرناک موقع - تکلیف دہ صورت -

Predicant (pred-i-kənt) *adj.* & *n.* Preaching, preacher بیان کرنے والا - اقرار کرنے والا - واعظ - ناصح -

Predicate (pred-i-kāt) *v.t.* Affirm, assert کسی چیز کی صحت یا وجود کو ثابت کرنا - کسی چیز کے متعلق کچھ کہنا - وثوق سے کہنا - دعویٰ کرنا - کسی شخص یا چیز کی کوئی صفت یا خصوصیت بیان کرنا -

Predicate (pred-i-kāt) *n.* That which is said of the subject معمول - صفت - حکم - فاعل کی صفت - مسند - خبر - خصوصیت -

Predication *n.* محکوم بہ - توسیع فعل - اقرار - اثبات - توضیح - تعریف - تشریح -

Predicative (pred-i-kat-iv) *adj.* تعریفی - تشریحی - اثباتی -

Predicatory (pred-i-kat-ə-ri) *adj.* Affirmative تشریحی - خبری - اثباتی - قائم کرنے والا - پند و نصیحت کرنے والا -

Predict (pri-dikt) *v.t.* Foretell آنے والے واقعہ کی خبر دینا - غیب کی بات بتانا - پیشین گوئی کرنا -

Predicability *n.* کسی چیز کی پیشین گوئی کی صلاحیت - پیشین گوئی کی جانے کے قابل ہونا -

Predictable *adj.* قابل پیشین گوئی -

Prediction *n.* پیشین گوئی -

Predictive *adj.* پیشگی خبر دینے کا - پیشین گوئی کا -

Predictor *n.* بشیر و نذیر - پیغمبر - پیشین گو -

Predilection (pre-di-lek-shən) *n.* Favourable prepossession of mind رجحان - میلان - رغبت - میلان خاطر - پسندیدگی -

Predispose (pre-dis-poz) *v.t.* Dispose or incline beforehand مائل کرنا - متوجہ کرنا - رجوع کرنا - موافق ہو جانا یا کر لینا - راغب کرنا - شائق کرنا - اخذ کرنا - کھینچ لینا -

Predisposition (pre-dis-pozi-shən) *n.* Favourable inclination رغبت - میلان - توجہ - التفات - میلان خاطر - جھکا ہوا ہونا - مائل ہونا -

Predominate (pri-dom-in-āt) *v.t.* Prevail over, have a commanding position غلبہ پانا - فوقیت ہونا - بالا تر ہونا - قوی تر ہونا -

Predominance *n.* قوی تر ہونا - فوقیت - غلبہ -

Predominant *adj.* قوی تر - بالا تر - غالب -

Predominantly *adv.* زبردستی سے - فوقیت سے - غلبہ سے -

Predominatingly *adv.* غالب ہوتے ہوئے - غلبہ اور فوقیت سے -

Predomination *n.* برتری - فوقیت - غلبہ -

Pre-eminent (pre-em-in-ənt) *adj.* Surpassing others برتر - افضل - ممتاز - فائق - اعلیٰ - قابل ترین -

Pre-eminence *n.* فضیلت - برتری - فوقیت - سبقت -

Pre-eminently *adv.* امتیازی طور پر - برتری سے - فضیلت سے -

Pre-empt (pre-emp-t) *v.t.* Secure as first comer از روئے حق حاصل کرنا - پہلے آنے کی بنا پر حق دار ہونا - پہلے سے قبضہ کرنا - ہتھیا لینا -

Pre-emp ɔn (pre-em(p)shən) *n.* Right of purch ing in preference to others حق شفع - دوسرے کے مقابلہ میں خریداری کا حق -

Preen (pr-ēn) *v.t.* Compose and arrange as birds do their feathers پروں کو صاف کرنا - سنوارنا - خوشنما بنانا -

Pre-engage (pre-in-gaj) *v.t.* Engage beforehand پہلے سے ٹھہرا لینا - طے کر لینا -

Pre-establish (pre-is-tab-lish) *v.t.* Establish beforehand پہلے سے قائم کر لینا -

Preface (pref-is) *v.t.,i.* & *n.* Introduction دیباچہ - تمہید - مقدمہ - پیش لفظ - تقریر کا ابتدائی حصہ - دیباچہ لکھنا - تعارف کرانا - مقدمہ لکھنا - ابتداً اظہار خیال کرنا - تمہیدی جملے لکھنا -

Prefatorial } *adj.* مقدمہ کی نوعیت کا - تمہید کے
Prefatory } طور پر - افتتاحی - دیباچہ کے طور پر -

Prefect (prē-fekt) *n.* One placed in authority over others رومی عہدہ داروں کا خطاب - سردار - افسر - حاکم بالا دست - فرانسیسی محکمہ کا ناظم - (مدرسہ) ماتحت - مدد گار - مانیٹر -

Prefectorial } *adj.* افسر اعلیٰ کے متعلق - مانیٹر
Prefectoral } کا - مدد گار کا -

Prefecture (prē-fect-ur) *n.* Office, term and district of a prefect پری فیکٹ کا عہدہ - زمانہ ملازمت اور علاقہ -

Prefer (pri-fər) *v.t.* Set in front بڑھانا - ترجیح دینا - پیش کرنا - سرفراز کرنا - اچھا اور بہتر جاننا - زیادہ پسند کرنا -

Preferable قابل ترجیح -

Preferment ترجیح - برتری - سرفرازی -

Preference (pri-fər-əns) *n.* Act of preferring one above another ترجیح - فوقیت - برتری - دوسروں پر فوقیت - بہتر چیز -

Preferential (pri-fər-en-shəl) *adj.* & *n.* Giving or having a preference ترجیحی - ترجیح پانے والا - منتخب شے -

Preferentialism *n.* کسی اصول کی بنا پر ترجیح دینا ۔ اصول ترجیح ۔

Preferentialist *n.* کسی اصول کی بنا پر ترجیح دینے کا حامی ۔ اصول ترجیح کا حامی ۔

Preferred (pre-fer-d) *adj.* Chosen before others دوسروں سے بہتر ۔ مرجح ۔ منتخبہ ۔

Prefigure (prē-fig-ər) *v.t.* Foreshadow by a type پہلے سے ترجیح دینا ۔ ایک تصوری معیار کے مطابق انتخاب کر لینا ۔ پہلے سے ایک نمونہ کے مطابق انتخاب کرلینا ۔

Prefiguration *n.* پہلے سے ایک نمونہ یا مثال ذہن میں قائم کر لینا ۔

Prefigurative *adj.* مثالی ۔ تخیلی ۔ صوری ۔

Prefigurement *n.* نمونہ یا مثال جو پیش آنے والے واقعہ کی خبر دے ۔

Prefix (prē-fiks) *v.t.* & *n.* Put before بطور سابقہ شامل کرنا ۔ سابقہ لگانا ۔ سابقہ ۔ لقب یا خطاب جو نام سے پہلے آتا ہے ۔ پہلے سے مقرر کرنا یا ٹھہرانا ۔

Prefixion *n.* سابقہ کا استعمال ۔

Prefixture *n.* سابقہ کا اضافہ ۔

Preform (prē-form) *v.t.* Determine the shape beforehand پہلے سے ایک شکل کا خیال قائم کر لینا ۔ قبل از وقت تشکیل کرنا ۔

Preformation (prē-form-ə-shen) *n.* A theory that various developments of plant or animal life exist and are already performed in the germ یہ نظریہ کہ نباتاتی یا حیوانی جسم کی تبدیلیاں قبل سے ابتدائی خلیوں میں موجود ہیں ۔ خلقی ساخت ۔ ابتدائی ساخت ۔

Preformative (prē-form-ə-tiv) *adj.* Forming beforehand زائد ۔ ترکیبی ۔ وہ سابقہ جو کسی لفظ میں لگایا جائے ۔

Pregnable (preg-nə-bl) *adj.* Vulnerable فتح ہونے کے قابل ۔ قابل فتح ۔ قابل تسخیر ۔

Pregnant (preg-nənt) *adj.* With child گابھن ۔ پیٹ سے ۔ حاملہ ۔ معنی خیز ۔ اختراعی ۔ ایجادی ۔ نتیجہ خیز ۔ با صلاحیت ۔

Pregnancy *n.* گابھن ہونا ۔ پیٹ سے ہونا ۔ حاملہ ہونا ۔

Pregnantly *adv.* معنی خیزی سے ۔ پر معنی انداز میں ۔ نتیجہ خیزی سے ۔

Prehensile (pre-hen-sīl) *adj.* Capable of grasping جو پکڑا جا سکے ۔ جو گرفت میں آسکے (عضو وغیرہ) ۔

Prehension (pre-hen-shen) *n.* Grasping, seizing قبضہ ۔ گرفت ۔ فہم ۔ ادراک ۔

Prehistoric (pre-his-tor-ik) *adj.* Of a time before historical extant, historical records ما قبل تاریخ کے عہد کا ۔

Pre-history (pre-his-tori) *n.* & *adj.* Of a time before historical recording تاریخ سے پہلے کے زمانہ کا ۔ تاریخ نویسی کے زمانے سے پہلے کا ۔ ما قبل تاریخ کا زمانہ ۔

Pre-instruct (pre-instrukt) *v.t.* Instruct beforehand پہلے سے سکھا پڑھا دینا ۔

Prejudge (pre-juj) *v.t.* Judge or decide before hearing the whole case سماعت عذرات سے پہلے ہی فیصلہ کر لینا ۔ قبل از وقت رائے ظاہر کرنا یا تجویز کرنا ۔

Prejudgement *n.* فیصلہ قبل سماعت ۔ تجویز قبل تحقیق ۔

Prejudicate *v.t.* سماعت سے پہلے تجویز کرنا ۔ بغیر سنے سمجھے حکم لگانا ۔

Prejudice (prej-ōō-dis) *n.* & *v.t.* Judgement formed beforehand تعصب ۔ بدظنی ۔ بدگمانی ۔ کسی کے دل میں تعصب پیدا کرنا ۔ بے جا اثر ڈال کر موافق بنانا ۔ پہلے سے ایک رائے قائم کرلینا ۔ عصبیت ۔ تعصب ۔

Prejudicial (prej-oo-dish-əl) *adj.* کسی خاص خیال کی بنا پر ۔ بد ظنی یا بدگمانی کا ۔ متعصبانہ ۔

Prelate (prel-it) *n.* An ecclesiastic of high rank کلیسا کا اعلےٰ عہدہ دار ۔ اسقف ۔ صدر راہب وغیرہ ۔

Prelatess اسقف کی بیگم ۔ صدر راہبہ

Prelature (prel-i-tur) *n.* Office of prelate پریلیٹ کا عہدہ ۔ پریلیٹوں کی جماعت ۔

Prelect (pri-lekt) *v.i.* Lecture ۔ تقریر کرنا ۔ لیکچر دینا ۔ جامعہ میں کسی موضوع پر تقریر کرنا ۔

Prelection *n.* جامعہ میں کسی موضوع پر تقریر ۔ خطبہ ۔ تقریر ۔

Prelector *n.* کسی جامعہ کا ریڈر یا لکچرر ۔

Prelibation *n.* باغ کے نئے پھلوں کی نذر - پہلے سے مزہ چکھ لینا -

Preliminary (pri-lim-in-ə-ri) *adj.* & *n.* Introductory تمہیدی - ابتدائی - مقدم - افتتاحی - آزمائشی (جمع) ابتدائی انتظامات -

Preliminarily *adv.* ابتدائی انتظامات کے ساتھ - ابتدائی طور پر - تمہیداً -

Prelude (prel-ūd) *n.* A preliminary performance or action تمہید - ابتدا - آغاز - ابتدائی کام - پیش خیمہ - سر - الاپ - لے - افتتاحی نغمہ -

Preludial *adj.* پیش خیمہ کے طور پر - افتتاحی - ابتدائی -

Preludize *v.t.* ساز پر افتتاحی نغمہ بجانا - تمہید لکھنا -

Prelude (prel-ūd) *v.t.* & *i.* Introduce with a prelude پیش خیمہ ہونا - روشناس کرنا - آغاز کرنا - شگون ہونا - سر ملانا - افتتاحی نغمہ سنانا -

Prelusive *adj.* تمہیدی - افتتاحی - پہلے سے خبر دینے والا -

Premature (prem-ə-tūr) *adj.* Unduly early, before time - قبل از وقت - نو رسیدہ - خام - ادھورا - وقت سے پہلے پکا ہوا -

Prematurely *adv.* قبل از وقت -

Prematureness *n.* کچا پن -

Premeditate (pre-med-i-tāt) *v.t.* Design previously پیش بندی کرنا - پہلے سے ٹھان لینا - تجویز کر رکھنا - پہلے سے فکر کرنا -

Premeditated *adj.* پہلے سے سوچا ہوا - عمداً -

Premeditation *n.* پہلے سے سوچنا - تجویز کرنا - سوچا سمجھا منصوبہ -

Premier (prem-i-ər) *adj.* & *n.* Prime or first, chief - اعلٰی - ارفع - اول - صدر - سلسلہ - جگہ - رتبہ - برطانیہ کا وزیر اعظم -

Premiership *n.* وزیر اعظم - مدارالمہام کا عہدہ -

Premier (prem-i-ər) *n.* First performance of a play ڈرامے کی پہلی تمثیل -

Premise (prem-īs) *n.* One of the two propositions from which inference is drawn مقدمہ صغریٰ وکبریٰ - (جمع) امر مندرجہ بالا - (قانون) عنوان - سرنامہ - احاطہ - مقام محصورہ - مکان - اراضی عمارت وغیرہ -

Premise (prem-is) *v.t.* Mention or state first صغریٰ وکبریٰ قائم کرنا - بطور مقدمہ پیش کرنا - تمہید کے طور پر کہنا یا لکھنا -

Premium (pre-mi-əm) *n.* Reward, bounty, instalment انعام - عطیہ - صلہ - بخشش - بیمہ کی قسط - منافع - انعام جو اجرت کے علاوہ دیا جائے -

At a premium گراں قدر - بیش قیمت -

Put a premium on fraud - دغا بازی کی ترغیب دینا - دغا بازی پر انعام دینا -

Premonition (pre-mon-i-shən) *n.* A fore warning پیش اندیشی - پیش آگاہی - یہ احساس کہ کچھ نہ کچھ ہونے والا ہے -

Premonitor *n.* آنے والے واقعہ کی خبر دینے والا - قبل از وقوع آگاہ کرنے والا -

Premonitory *adj.* تحت الشعوری - آگاہی بخش - داخلی بصیرت کا -

Prentice (pren-tis) *n.* & *v.t.* Apprentice دیکھو

Preoccupation (pre-ok-u-pa-shən) *n.* Anticipation کسی کے لیے پہلے سے اچھا یا برا خیال قائم کر لینا - حسن ظن یا سوءظن - قبضہ پیشیں - پیشہ یا مشغلہ - استغراق - محویت - مشغولیت -

Preoccupy (pre-ok-u-pī) *v.t.* Fill the mind of کسی دوسرے سے پہلے قبضہ کر لینا - کسی خیال میں محو کر دینا - محو خیال ہونا - قبضہ کرکے اپنے تصرف میں لانا -

Preoccupant *n.* پیشتر سے قبضہ رکھنے والا -

Pre-option (pre-op-shən) *n.* First choice سب سے پہلے پسند کرنے کا استحقاق -

Preparation (pri-pər-a-shən) *n.* Readiness - تیاری آمادگی - مستعدی - سامان کی فراہمی - ساز و سامان - بندوبست - خاص طور پر تیار کی ہوئی چیز - بے آہنگ نغمہ کا آغاز -

Preparative (pri-pə-ra-tiv) *adj.* & *n.* Preliminary تیاری کا - تیاری - کام جس کے لیے تیاری کی جائے - (فوج) بگل کے ذریعے یہ حکم کہ تیار ہو جاؤ -

Preparatory (pri-pə-ra-təri) *adj.* & *n.* Preparing, one which prepares تیار کرنے والا - تیار کرتے ہوئے - ایسے مدرسے جو طلبا کو پبلک اسکول کے لیے تیار کرتے ہیں - تحتانی - وسطانی - ابتدائی -

Prepare (pri-par) *v.t.* & *i.* Make ready or fit تیار کرنا ۔ بنانا ۔ ٹھیک یا درست کرنا ۔ پہلے سے سبق کی تیاری کرنا ۔ قابل یا لائق بنانا ۔ تیار ہونا ۔ کمر بستہ ہونا ۔ تیاری کرنا ۔ ساز و سامان مہیا کرنا ۔

Prepay (pri-pā) *v.t.* Pay in advance پیشگی ادا کرنا ۔ کام سے پہلے دے دینا ۔

  Prepayable *adj.* پیشگی ادا کرنے کے قابل ۔

  Prepayment *n.* پیشگی ادائیگی ۔

Prepense (pri-pens) *adj.* Premeditated پہلے سے سوچا ہوا ۔ بالارادہ ۔ بالقصد ۔

Preponderate (pri-pon-dər-at) *v.i.* Weigh more زیادہ وزنی ہونا ۔ وزن میں بھاری ہونا ۔ مقدار میں زیادہ ہونا ۔ مقدم یا اہم جز ہونا ۔

  Preponderance *n.* بھاری ہونا ۔ اہم ہونا ۔ وزنی ہونا ۔ وزن کی زیادتی ۔

  Preponderant *adj.* زیادہ اثر و اقتدار رکھنے والا ۔ زیادہ اہم ۔ زیادہ وزنی ۔

Preposition (pri-pə-zish-ən) *n.* Word coming before a noun and governing it (قواعد) حرف جار ۔

  Prepositional *adj.* حرف جار کے متعلق ۔ حرف جار کی طرح ۔

Prepositive (pri-poz-i-tiv) *adj.* Put before, prefixed سابقہ کی طرح لگایا ہوا ۔

Prepossess (pri-poz-es) *v.t.* Take beforehand پہلے سے قبضہ کر لینا ۔ کسی کے دل میں ایک خیال ڈالنا ۔ بدگمان کر دینا ۔

  Prepossessing *adj.* دلکش ۔ مرغوب ۔ دلچسپ ۔

  Prepossession *n.* تعصب ۔ بدظنی ۔ حسن ظن ۔ سابقہ ۔ قبضہ ۔

Preposterous (pri-pos-tə-rəs) *adj.* Utterly absurd الٹا ۔ اوندھا ۔ معکوس ۔ خلاف فطرت ۔ بے معنی ۔ لغو ۔ بے ہودہ ۔ نامعقول ۔

  Preposterously *adv.* لغویت سے ۔ بدتمیزی سے ۔ بے ہودگی سے ۔

Prepotent (pre-po-tənt) *adj.* Powerful in a high degree قوی ترین ۔ زور آور ۔ مقتدر ۔ (حیاتیات) جو اپنی نسل میں خصوصیات منتقل کرنے میں دوسروں سے زیادہ قوی ہو ۔

  Prepotency, Prepotence *n.* زور آور ہونا ۔ قوی ہونا ۔ مقتدر ہونا ۔

Prepuce (prē-pūs) *n.* Loose skin of the penis عضو تناسل کے سامنے کی کھال ۔ گھونگھٹ ۔ غلاف ۔ حشفہ کے اوپر کی کھال ۔

Pre-requisite (pre-re-kwi-zit) *n.* A condition that must be satisfied مقدم ۔ ضروری ۔ لازمی ۔ شرط اول ۔ لازمی شرط ۔

Prerogative (pri-rog-ə-tiv) *n.* A peculiar privilege اختیار ۔ استحقاق ۔ اختیار خصوصی ۔ اختیار بلحاظ عہدہ ۔ فطری یا اللہ کا دیا ہوا حق ۔ ایسا اختیار جس کی رو سے فائدہ اٹھایا جا سکے ۔

  Prerogative of mercy سزا معاف کر دینے کا اختیار ۔ اختیار معافی ۔

  Prerogative of man خدا داد حق ۔ فطری حق ۔ انسانی حق ۔

Presage (pres-ij) *n.* Presentiment, foreboding فال ۔ شگون ۔ پیشگی آگاہی ۔ کسی آنے والے خطرے کا پہلے سے علم ہو جانا ۔

Presbyopia (pres-bi-ō-piā) *n.* Weakness of near vision آنکھ کی ایک بیماری جس میں دور کی چیزیں صاف اور نزدیک کی دھندلی نظر آتی ہیں ۔

  Presbyopic *adj.* قریبی نظر کے نقص کا ۔ نزدیک کی نظر کی کمزوری کا ۔

Presbyter (prez-bi-tər) *n.* A presbyterian عیسائیوں کے پرسبیٹرین فرقے کا رکن ۔ دوسرے درجے کا پادری ۔ پرسبیٹر کا پادری ۔

  Presbyterate *n.* پرسبیٹر کا منصب یا عہدہ ۔

Presbyterian (prez-bi-tə-ri-ən) *adj.* & *n.* Pertaining to the system of presbyters کلیسائی نظام حکومت ۔ پادریوں کی حکومت ۔ پرسبیٹرین فرقے کا رکن ۔

Presbyterian church (prez-bi-tə-ri-ən) *n.* The camaronian وہ کلیسا جس کا انتظام عام ہم رتبہ پادریوں کے ہاتھ میں ہو ۔ اسکاٹ لینڈ کلیسا کی جماعت ۔

Presbytery (prez-bi-təri) *n.* Presbyterian system پرسبیٹری نظام ۔ پادریوں کی جماعت جو دینی عدالت کا کام کرے ۔

Prescient (pre-sh(y)ənt) *adj.* Having foresight عالم غیب - غیب دان - پیش بین - دور بین - دور اندیش -

Prescience *adj.* & *n.* علمی دور کے پہلے کا - جدید علوم سے پہلے کی - غیب دانی کا - پیش بینی کا - غیب دانی -

Prescind (pri-sind) *v.t.* Cut off, cut short کاٹ دینا - منقطع کر دینا - خیال نکال دینا - توجہ ہٹا دینا -

Prescribe (pri-skrīb) *v.t.* & *i.* Lay down as a rule ہدایت کرنا - حکم دینا - مقرر کرنا - تجویز کرنا - مرتب کرنا - معین کرنا - حق قدامت کا دعویٰ کرنا -

Prescript (pre-skript) *n.* An ordinance, a rule, a remedy حکم - فرمان - قانون - ضابطہ - نسخہ - اکسیر -

Prescription (pre-skrip-shən) *n.* A written direction for preparation of medicine دستورالعمل - تحریری ضابطہ - نسخہ - دوا تیار کرنے کی ترکیب - حق قدامت - حق جو تصرف کی بنا پر حاصل ہو -

Presence (prez-əns) *n.* Fact or state of being present حاضری - موجودگی - حاضر باشی - جناب - حضور - کسی امیر کی خدمت میں آداب کی بجا آوری - وضع - صورت - ڈھنگ - طرز - انداز - روش -

Presence of mind خطرے میں حواس قائم رکھنا - حاضر دماغی -

Present (prez-ənt) *adj.* At hand, ready, yes sir موجود - حاضر - حالیہ - موجودہ - بروقت تیار - مدد کے لیے تیار -

A present help in trouble مشکل میں ہر وقت کام آنے والی مدد -

Present (prez-ənt) *n.* Now existing زمانہ حال - موجودہ وقت - اس وقت -

By these presents ان کے دستخط کی رو سے -

For the present چند روز کے لیے - فی الحال - سر دست -

Present (prez-ənt) *n.* Offering نذر - نیاز - تحفہ - سوغات - پیش کش -

Present (prez-ənt) *v.t.*, *i.* & *n.* Put forward, proffer ملاقات کرانا - تعارف کرانا - پیش کرنا - گزارنا - حاضر کرنا - موجود کرنا - کسی تمثیل میں ادا کار کو پیش کرنا - اسلحہ کو سلامی کے طور پر پکڑنا - خیال کا آنا یا پیدا ہونا - نالش کرنا - عرضی گزارنا - تسلیمات عرض کرنا - تحفہ دینا - ہدیہ پیش کرنا - بندوق یا تلوار جھکانا - شست باندھنا - سلامی کے وقت بندوق کے پکڑنے کا انداز -

Presentable (prez-ənt-əbl) *adj.* Capable of being presented نذر کرنے یا پیش کرنے کے لائق - قابل تعارف - مناسب - معقول - دیکھنے میں خوش وضع -

Presentation (prez-ənt-a-shən) *n.* Act of presenting, thing presented بخشش - نذر - عطا - پیشکش - تمثیل نمائی - دکھاوا - تمثیل - دربار شاہی میں کسی کا تعارف - علم - حضوری - احضار -

Presentationism (prez-ənt-a-shən-izm) *n.* Doctrine of immediate cognition of objects خارج کا علم حاضر - علم حضوری -

Presentative (prez-ənt-a-tiv) *adj.* Subject to right of presentation, presenting to the mind کلیسائی وقف جس میں سرپرست کو پادری کے تقرر کے لیے پیش کرنے کا حق ہو - استحضاری - علم حضوری کا - علم حضوری کی نوعیت کا -

Presentee (prez-ən-tē) *n.* One who is presented to a benefice وہ پادری جس کو تقرر کے لیے پیش کیا جائے - وہ جس کا تعارف دربار شاہی میں کرایا جائے - جس کو کوئی تحفہ دیا جائے -

Presentient (pre-sen-sh(y)ənt) *adj.* Having a presentiment مستقبل کا حال جاننے والا - واقعات کا پیشگی علم رکھنے والا - غیب دان -

Presentiment (pri-zent-i-mənt) *n.* A foreboding وقوع سے پہلے کسی واقعہ کا اندیشہ - ماتھا ٹھنکنا - پیش اندیشگی -

Presently (pri-zent-li) *adv.* Immediately فوراً - اسی وقت - فی الفور - ابھی - تھوڑی دیر میں - لازمی طور پر -

Presentment (pri-zent-mənt) *n.* Act of presenting, a statement احوال مقدمہ - جیوری کا حلفیہ بیان - تفتیش - تجسس - کلیسا کے معائنے کے وقت استغاثہ پیش کرنا - ناٹک کی تمثیل - تماشا - خاکہ - نقشہ - بیان پیش کرنے کا انداز - طرز نمائش -

Preservation (pri-zerv-a-shən) *n.* Safe keeping, protection - محافظت - حفاظت - رکھوالی - نگہداشت - ٹوٹنے پھوٹنے یا خراب ہونے سے محفوظ رکھنا -

Preservative (pri-zerv-a-tiv) *adj.* & *n.* Serving to preserve, preserving agent محافظ - حامی - مربی- وہ چیز جو کسی چیز کو بگڑنے نہ دے - کیمیاوی ادویہ جو چیزوں کو محفوظ رکھتی ہیں -

Preserve (pri-zerv) *v.t.* Keep safe from harm حفاظت کرنا - محفوظ کرنا - نقصان سے بچانا - بگڑنے نہ دینا - کیمیاوی اجزا کے ذریعے محفوظ کرنا - برقرار رکھنا - قائم رکھنا - نام باقی رکھنا - شکار گاہ میں جانوروں کو محفوظ رکھنا -

Preserve (pri-zerv) *n.* Preserved fruit or jam رب - مربہ - جام - جیلی - اچار - محفوظ ماہی گاہ - گرد سے بچانے والی عینک - بڑا چشمہ-

Preservable *adj.* بچانے کے قابل - محفوظ رکھنے کے قابل - قابل حفاظت -

Preserver *n.* حفاظت کرنے والی دوائیں - محافظ -

President (prez-i-dənt) *n.* The presiding judge, highest officer میر مجلس - صدر نشین - صدر - علمی یا ادبی مجلس کا صدر - صدر جمہوریہ - بینک کا صدر - حاکم - حاکم صوبہ - صدر مجلس عدلیہ -

Presidency *n.* احاطہ - مسند - صوبہ - متعینہ علاقہ - میر مجلسی -

Presidential *adj.* صدارتی -

Presidentship *n.* منصب و عہدہ صدارت -

Press (pres) *n.* Pressure, crowd, urgency بھیڑ - ہجوم - اژدہام - کشمکش - دباؤ - دبانے کی مشین - چھاپہ خانہ - مطبع - چھاپنے کی مشین - خانہ دار الماری - دیوار گیر الماری -

Freedom of the press اظہار رائے کی آزادی - اخبار کی آزادی -

Correct the press طباعت کی غلطیاں درست کرنا -

The gutter press ادنیٰ مذاق کے اخبار -

The yellow press ہیجان خیز اخبارات -

They have a good press ان کے ملک میں صحافت کی حالت اچھی ہے -

Press (pres) *v.t.* & *i.* Exert a pushing force - دابنا دبانا - شکنجہ میں کسنا - پیلنا - عرق نکالنا - تیل نکالنا - ہموار کرنا - دباؤ ڈالنا - دماغ پر بوجھ ڈالنا - ضروری ہونا - فوری کاروائی کرنا - خوشامد کرنا - منت سماجت کرنا - مصر ہونا - اصرار کرنا - بضد ہونا - مطالبہ کرنا - بھیڑ یا ہجوم ہونا - جلدی کرنا - پیچھے پڑجانا -

Press the button جلد ہو جانا - کام کا آغاز کرنا -

Time presses وقت کا تقاضا یہی ہے -

Press (pres) *v.t.* & *n.* Bear heavily on - جبر کرنا مجبور کرنا - دباؤ ڈالنا - پیچھے پڑنا - گلے کا ہار ہونا - بیگار میں پکڑنا - عوام کے استعمال کے لیے لینا -

Pressing (pres-ing) *adj.* Urgent - تکلیف دہ - تاکیدی ضروری -

Pressing danger شدید خطرہ -

Pressing invitation تاکیدی دعوت -

Pressing need شدید ضرورت -

Pressingly *adv.* تاکیداً - جبراً - زور دیتے ہوئے -

Pressure (presh-ər) *n.* Act of pressing, state of being pressed دباؤ - بوجھ - دباؤ کا زور - جبر - زبردستی - اہمیت - ناجائز دباؤ - مجبوری - مجبور کن اثر -

Prestidigitator (pres-ti-dij-i-ta-tər) *n.* One who shows tricks, conjuror بازی گر - شعبدہ باز - ہاتھ کی صفائی دکھانے والا -

Prestidigitation *n.* ہاتھ کی صفائی - نظر بندی - شعبدہ بازی -

Prestige (pres-tezh) *n.* Standing in men's mind نیک نامی - شہرت - عزت - آبرو - سطوت - بزرگی -

Prestissimo (pres-ti-si-mō) *adj.*, *adv.* & *n.* Very quick (موسیقی) سر کی تیز حرکت - تیز - تیزی - بہت تیزی سے -

Presto (pres-tō) *adj.*, *adv.* & *n.* A quick movement تیز حرکت - تیز - تیزی سے - چلتی لے میں (شعبدہ بازی) تیزی سے - جلدی سے - ہاتھ کی صفائی سے -

Presume (pri-zūm) *v.t.* & *i.* Take for granted قیاس کرنا - فرض کر لینا - بلا ثبوت مان لینا - زعم کرنا - جرأت کرنا - جسارت کرنا -

Presume upon کسی شخص کی نیکی سے ناجائز فائدہ اٹھانا -

Presumable *adj.* ماننے کے قابل - قرین قیاس -
Presumably *adv.* قیاساً - مان لینے کے طور پر -
Presumingly *adv.* بلا اجازت - بہ زعم خود - جسارت سے -

Presumption (pri-zum-shən) *n.* Supposition گمان - ظن - قیاس - مفروضہ - احتمال - گستاخی دلیری - زعم - غرور - مفروضہ شے - وجہ قیاس یا احتمال -

Presumptive (pre-zum-tiv) *adj.* Presuming قیاسی - خیالی - احتمالی - فرضی -
Heir presumptive مفروضہ وارث -
Presumptive evidence قرائنی شہادت - قیاسی شہادت -

Presumptuous (pre-zum-tu-əs) *adj.* Presuming گستاخ - شوخ - مغرور - بے باک - دلیر - ہٹیلا - ضدی - خود رائے -
Presumptuousness *n.* شوخ چشمی - غرور - دلیری - بے باکی - گستاخی -

Presuppose (prē-sə-pōz) *v.t.* Assume or take for granted پہلے سے فرض یا قیاس کر لینا -

Presupposition (prē-sup-ə-zish-ən) *n.* Assumption تصور پیش از وقوع - قیاس اولین - مفروضہ اولین -

Pretence (pri-tens) *n.* An allegation, aim, purpose مکر - حیلہ - بہانہ - تصنع - نمائش - ڈھونگ -

Pretend (pri-tend) *v.t.* Claim, allege ظاہر داری کرنا - بننا - جھوٹا دعویٰ کرنا - بہانہ کرنا - بے بنیاد دعویٰ کرنا - حق ... - شادی کی آرزو رکھنا -
To pretend to the hand of a lady in marriage کسی خاتون سے شادی کی آرزو رکھنا

Pretender (pri-tend-ər) *n.* A claimant, a candidate مدعی - جھوٹا دعویٰ کرنے والا - زعم باطل رکھنے والا -

Pretension (pri-ten-shən) *n.* Pretence, show ادعا - دعویٰ - ڈھونگ - تصنع -

Pretentious (pri-ten-shəs) *adj.* Serving to claim too much مدعی باطل - خواہ مخواہ حق جتانے والا - نمائشی - تصنع آمیز - بڑھ بڑھ کر باتیں بنانے والا -
Pretentiousness *n.* تصنع - ریا کاری -

Preterite (pret-ə-rīt) *adj.* & *n.* Past گذشتہ زمانہ - ماضی مطلق - ماضی کا - پارینہ - دقیانوسی -

Preterition (pre-tə-rish-ən) *n.* Omission, act of passing over فرو گزاشت - سہو - تغافل - بے توجہی - فراموشی -

Pretermit (pre-tər-mit) *v.t.* Leave undone, pass by فروگزاشت کرنا - نظر انداز کرنا - ترک کرنا - چھوڑ دینا - کوتاہی کرنا -
Pretermission *n.* بھول چوک - کوتاہی - فروگزاشت - ترک -

Pretext (pre-tekst) *n.* An ostensible reason or motive عذر - حیلہ - بہانہ -

Pretext (pre-tekst) *v.t.* Put forward as an excuse حیلہ کرنا - بہانہ کرنا - بطور عذر پیش کرنا -

Prettify (prit-i-fī) *v.t.* Trick out in an excessively ornamental way خوبصورت بنا کر دکھانا - دلکش بنا کر پیش کرنا - حسین بنا کر دکھانا -

Prettily (pri-ti-li) *adv.* & *adj.* In a pretty manner خوبی سے - خوش اسلوبی سے - اچھی طرح سے - قاعدے سے - قاعدے کا -

Prettiness (pre-ti-nes) *n.* Daintiness خوبصورتی - دلکشی - دلربائی - خوبصورت شے - حسین شے - نازک ادائی -
Prettyism *n.* نزاکت نمائی - نازک بننے کی تمنا - خواہ مخواہ نازک بننا -

Pretty (prit-i) *adj.* Fine, commendable ستھرا - پاکیزہ - نازک - خوبصورت - حسین - بھولا بھالا - عمدہ - اچھا - موٹا تازہ - خوب - خاصا - قابل لحاظ - وافر - کافی -
A pretty mess you have made آپ نے تو خوب گڑ بڑ کی ہے -
Prettyish *adj.* خوبصورت سا - حسین سا - نازک سا -
Pretty much قریب قریب -

Prevail (pri-vāl) *v.i.* Gain strength, succeed برتر ہونا - غالب ہونا - فوقیت رکھنا - رائج ہونا - عام ہونا - کہہ سن کر راضی کرنا - ترغیب دینا - مائل کرنا - منا لینا -

Prevailing *adj.* عام ـ مروجہ ـ
Prevalence *n.* پھیلاؤ ـ غلبہ ـ اشاعت ـ
Prevalent *adj.* غالب ـ زبردست ـ برتر ـ رائج ـ پھیلی ہوئی ـ

Prevaricate (pri-var-i-kāt) *v.i.* Shift from side to side حیلہ بہانہ کرنا ـ ہیر پھیر کرنا ـ ٹال مٹول کرنا ـ مطلب کی بات اڑا جانا ـ پہلو دار باتیں کرنا ـ (قانون) بد دیانتی کرنا ـ مل جانا ـ سازش کرنا ـ
Prevarication *n.* ہیر پھیر ـ حیلہ بہانہ ـ ٹال مٹول ـ
Prevaricator *n.* گول مول باتیں کرنے والا ـ ٹال مٹول کرنے والا ـ

Prevenient (pre-vi-ni-ənt) *adj.* Preventive ـ سابق پیشین ـ انسدادی ـ امتناعی ـ

Prevent (pri-vent) *v.t.* Stop, hinder effectually منع کرنا ـ ممانعت کرنا ـ مزاحم ہونا ـ باز رکھنا ـ پیشگی تدارک کرنا ـ حفظ ماتقدم کرنا ـ رہنمائی کرنا ـ آگے جانا ـ
Preventable } *adj.* قابل امتناع ـ قابل انسداد ـ
Preventible } روکنے کے قابل ـ
Prevention *n.* مزاحمت ـ روک ـ امتناع ـ

Preventer (pri-vent-ər) *n.* That which hinders, one who prevents روکنے والا ـ مزاحمت کرنے والا ـ باز رکھنے والا ـ (بحری) زنجیر ـ چٹخنی ـ بلی ـ

Preventive (pre-ven-tiv) *adj.* & *n.* Tending to prevent امتناعی ـ انسدادی ـ مانع ـ دافع ـ انسدادی تدابیر ـ
Preventative *adj.* Stopping, hindering ـ مزاحم مانع ـ انسدادی ـ روکنے والی ـ

Previous (pre-vi-əs) *adj.* Going before in time پہلا ـ پچھلا ـ سابق مقدم ـ ماقبل ـ گزشتہ ـ (بول چال) پہلے ـ پیشتر ـ جلد باز ـ

Previse (pre-vīz) *v.t.* Foresee ـ دور اندیشی سے کام لینا پہلے سے انجام سوچ لینا ـ پیش بینی کرنا ـ
Prevision *n.* انجام بینی ـ بصیرت ـ دور اندیشی ـ

Prewarn (pre-wawrn) *v.t.* Warn beforehand پہلے سے آگاہ کرنا ـ

Prey (prā) *n.* Booty, plunder, wild game ـ شکار صید ـ مال غنیمت ـ لوٹ کا مال ـ
Beast of prey شکار خور درندے ـ شکاری جانور ـ

Prey (prā) *v.i.* Seek, kill, plunder, waste ـ لوٹنا تاراج کرنا ـ غارت کرنا ـ شکار کرنا ـ ویران کرنا ـ صید کرنا (مرض کا) گھلا دینا ـ چارپائی سے لگا دینا ـ ہلکان کر دینا ـ

Priapism (prī-ā-pizm) *n.* Persistent erection of penis شہوت پرستی ـ استادگی ـ پیہم مستی ـ آلہ تناسل کی دائمی استادگی ـ

Price (prīs) *v.t.* & *n.* The amount for which a thing is sold or offered ـ دام ـ قیمت ـ مول بھاؤ ـ عوض ـ بدل ـ مہنگا پن ـ قیمت مقرر کرنا ـ دام لگانا ـ نرخ معلوم کرنا ـ آنکنا ـ قیمت کا اندازہ لگانا ـ
Every man has his price ہر شخص خریدا جا سکتا ہے ـ

Priced (prīs-d) *adj.* Valued مقررہ قیمت والا ـ

Priceless (prīs-les) *adj.* Invaluable ـ لغو ـ انمول بے بہا ـ بیش بہا ـ لاجواب ـ
Pricelessness لغو ہونا ـ نایاب ہونا ـ بیش بہا ہونا ـ انمول پن ـ

Prick (prik) *n.* Anything sharp, puncture, mark of wound سوراخ ـ زخم ـ نشان جو چبھنے سے پڑ جائے ـ خار ـ آر ـ کانٹا (بول چال) آلہ تناسل ـ
Kick against the prick بیکار مزاحمت سے نقصان اٹھانا ـ کانٹوں کو ٹھوکر مارنا ـ
Pricks of conscience ضمیر کی سرزنش ـ ضمیر کی ملامت ـ

Prick (prik) *v.t.* & *i.* Pierce with a fine point چبھونا ـ بندھنا ـ چھیدنا ـ بھونکنا ـ تکلیف دینا ـ ایڑ لگانا ـ گھوڑا بڑھانا ـ پیش قدمی کرنا ـ نشان یا سوراخ ڈال کر انتخاب کرنا ـ نقطے یا نشان لگانا ـ کسی نمونہ پر نقطے لگانا ـ
Prick up one's ears کان کھڑے کرنا ـ

Pricker (prik-ər) *n.* Anything having a fine point سوئی ـ کانٹا ـ سوا ـ سلائی ـ چھیدنی ـ سوراخ کرنے کا آلہ ـ

Pricket (prik-it) *n.* A buck in his second year, candle stick ہرن کا دو سالہ بچہ ـ خارشمع ـ ایک کانٹا جس میں موم بتی لگاتے ہیں ـ

Prickle (prik-l) *n., v.t. & i.* A little prick چھوٹا خار - چھوٹا کانٹا - کانٹے چبھونا - کانٹے سے چھیدنا - چبھنا - چھدنا -

Prickling *n. & adj.* چبھن - کھٹک - خلش آمیز - چھیدنے والا -

Prickle (prik-l) *n.* A basket used as a measure ڈلیا - ٹوکری - ایک قسم کی جالیدار ٹوکری جو پیمانے کے طور پر استعمال ہوتی ہے -

Prickly (prik-li) *adj.* Thorny خار دار - کانٹے والا - چبھن پیدا کرنے والا -

Prickly heat گرمی دانے -

Prickliness *n.* نکیلا پن - سنسناہٹ - خار دار ہونا -

Pride (prīd) *n. & v. ref.* Haughtiness خودبینی - غرور - تکبر - شیخی - ناز - گھمنڈ - نخوت - شوخی - خود آرائی - خود پسندی - آن بان - جاہ و جلال - موجب افتخار - ناز کرنا - فخر کرنا - اپنے آپ پر اترانا -

False pride اکڑ - ناروا غرور - بے جا فخر -

Peacock in his pride ناچتا ہوا مور - طاؤس رقصاں -

Pride will have a fall غرور کا سر نیچا -

Prideful (prīd-ful) *adj.* Full of self esteem پر غرور - پر نخوت - مدمغ -

Prideless غرور و نخوت سے خالی - منکسر مزاج -

Priest (prist) *n. & v.t.* Conductor of religious rites پادری - پجاری - عالم دین - گرو - مرشد - ڈگن - کسی کو پادری بنانا - کاہن بنانا -

Priest of nature مناظر فطرت کا دلدادہ - پرستار فطرت -

Priestling معمولی پروہت - کم عمر پادری - چیلا -

Priest-like پادری صفت - پادری کی طرح -

Priestly (prist-li) *adj.* Having qualities of a priest پادری کی مانند - مولویانہ - مرشدانہ -

Priestliness *n.* مشائخت - ملا پن - پادری پن - کہانت -

Prig (prig) *n. & v.t.* A coxcomb چھیلا - بانکا - خود پسند - خود نما (بول چال) چور - چرانا -

Priggery, **Priggism**, **Priggishness** *n.* رفتار و گفتار میں تصنع - خود نمائی - خود فروشی - خود پسندانہ فعل یا برتاؤ -

Priggishly *adv.* مصنوعی انداز سے - خود پسندانہ -

Priggish *adj.* خود فروش - خود نما - اکڑ باز -

Prim (prim) *v.t., i. & adj.* Exact and precise نفیس مزاج - نازک دماغ - متین اور سنجیدہ - مصنوعی متانت اور سنجیدگی اختیار کرنا -

Primly *adv.* بنتے ہوئے - نفاست سے - تکلف سے -

Primness *n.* سنجیدگی - خود نمائی - نفاست - تکلف - رکھ رکھاؤ -

Prima (prīmā) *adj.* The first, leading پہلا - سب سے اگلا -

Primacy (prī-mə-si) *n.* The chief place, the position of first اسقف اعظم کا عہدہ - فضیلت - فوقیت - برتری -

Prima-donna (pri-mā-dōn-ā) *n.* The leading lady in opera نغمیہ ناٹک میں خاص گلوکار عورت -

Prima facie (prīmā-fasi) *adj. & adv.* On the face of it بادی النظر میں - بدیہی طور پر -

A prima-facie case ایسا مقدمہ جو ظاہرا طور پر ثابت ہو اور اس کی جواب دہی لازمی ہو -

Primage (prīm-ij) *n.* A payment, additional payment زائد رقم جو جہازران کمپنی کو اس لیے دی جاتی ہے کہ مال چڑھانے اور اتارنے میں احتیاط برتی جائے - زر احتیاط - پانی کی وہ مقدار جو بھاپ بن کر خارج ہو جائے -

Primal (prīm-l) *adj.* The first, original - اول - پہلا ابتدائی - اصلی - بنیادی - ابتدائی مادہ جس سے دنیا بنی - اصلی وضع کا -

Primary (prī-mə-ri) *adj.* First formed, primitive اول - پہلا - قدیم - مقدم - اصلی - اولین - ابتدائی - عہد زریں کا -

Primary colours بے میل اصلی رنگ - لال - نارنجی - زرد - ہرا - آسمانی - نیلا - بنفشئی -

Primarily *adv.* ابتدائی طور پر - ابتداً - بنیادی طور پر -

Primate (prī-mat) *n.* One who is first سردار - امام - لاٹ پادری - اسقف اعظم -

Primates (prī-mats) *n. p.* Higher creatures اعلیٰ مخلوق - بندر - انسان -

Prime (prīm) *n.* The beginning, world's youth, perfection شروع - آغاز - ابتدا - دنیا کا عہد طفولیت - شباب - صبح کا ابتدائی وقت - نشو و نما کا زمانہ - نور کا تڑکا - نماز فجر - عدد مفرد - شمشیر بازی کا پینترا -

Prime (prim) *adj.* First in order of time, rank or importance پہلا ۔ مقدم ۔ ابتدائی ۔ خاص ۔ اہم ترین ۔ عمدہ ۔ بہترین ۔ مفرد (اعداد) ۔

Prime (prim) *v.t. & i.* Charge, fill, supply with powder رنجک دینا ۔ بارود بھرنا ۔ پمپ میں تیل ڈال کر چلانا ۔ تیل دینا ۔ کسی شخص کو خبر پہنچانا ۔ روغن کی پہلی تہہ چڑھانا ۔ بائلر سے بھاپ کے ساتھ پانی کی پھوار خارج ہونا ۔

Prime minister وزیر اعلیٰ ۔ وزیر اعظم ۔

Prime number احدیت ۔ عدد مجرد ۔ عدد مطلق ۔

Primer (prim-er) *n.* The first book مبتدیوں کی پہلی کتاب ۔ قاعدہ ۔ کسی علم کی پہلی کتاب ۔ دور اصلاح سے پہلے کی کتاب ۔ مناجات ۔

Primer (prim-er) *n.* A detonator کارتوس کا پھول ۔ کارتوس کے اندر کی بارود ۔

Primeur (prim-i-ər) *n.* Early product موسم سے قبل تیار کئے ہوئے پھل ، پھول ، ترکاریاں ۔

Primeval-aeval (pri-me-vl) *adj.* Belonging to the first ages ابتدائی ۔ قدیم ۔ دنیا کے دور اولین کا ۔ ماقبل تاریخ ۔

Priming (prim-ing) *n.* A detonating charge رنجک ۔ بارود ۔ (نقاشی) روغنی مرکب جس سے پہلی تہہ چڑھائی جاتی ہے ۔ شکر اور بیر شراب کا مرکب ۔ رثائی ۔

Primiparous (pri-mip-ə-rəs) *adj.* A woman who is giving birth to first child وہ عورت جو پہلی بار بچہ جنتی ہے ۔ پہلا بچہ جننے والی ۔

Primitive (prim-i-tiv) *n. & adj.* Antiquated, belonging to the first times ابتدائی ۔ قدیم ۔ پرانا ۔ سادہ ۔ فرسودہ ۔ غیر مہذب ۔ وحشی ۔ اصلی ۔ پہلا (قواعد) جامد ۔ غیر مشتق ۔ دور اولین کا ۔ قدیم دور کا ۔ قدیم دور کا انسان ۔ قدیم مصور کی تصویر ۔

Primitive colours *n.* ابتدائی رنگ ۔ لال ۔ پیلا ۔ نیلا ۔

Primitively *adv.* قدیم طریقے سے ۔ اولین طور پر ۔ ابتداً ۔

Primogenitor (pri-mo-jen-it-ər) *n.* Earlier ancestor, forefather جد ۔ بزرگ ۔ جد اعلیٰ ۔ مورث اعلیٰ ۔ آباو اجداد ۔

Primogeniture (pri-mo-jen-it-ur) *n.* The fact of being first born بڑائی ۔ بزرگی ۔ پہلی اولاد ۔ خلف اکبر ۔ خلف اکبر کا حق ۔ قانون جس کی رو سے بڑا بیٹا پوری جائداد کا مالک ہوتا ہے ۔

Primogenital } *adj.* اولاد اکبر ہونے پر مبنی ۔
Primogenitary } بڑا ہونے کے حق پر ۔

Primordial (pri-mor-di-əl) *adj.* Existing from the beginning جو ابتداً موجود ہو ۔ ابتدائی ۔ اولین ۔ بنیادی ۔ اساسی ۔ اصلی ۔

Primordiality *n.* قدامت ۔ ابتدا ہونا ۔ اصلی ہونا ۔

Primordially *adv.* اصلی حیثیت میں ۔ ابتداً ۔ آغاز میں ۔ ابتدا میں ۔

Primrose (prim-roz) *n.* A wild flower bearing plant جنگلی گلاب ۔ ایک قسم کا بسنتی رنگ کے پھولوں کا پودا ۔

Primrose league قدامت پسندوں کی ایک جماعت ۔

The primrose path عیش و عشرت کی زندگی ۔

Primum mobile (prim-əm-mob-i-l) *n.* Any great source of movement کائنات کا بعید ترین سیارہ ۔ فلک الافلاک ۔ سرچشمہ حرکت ۔ اصلی محرک ۔

Primus (pri-məs) *adj. & n.* Seniormost ہم نام لڑکوں میں سب سے بڑا لڑکا ۔ ایک قسم کا چولھا ۔ صدر نشین اسقف ۔

Prince (prins) *n.* One of the highest rank شاہ ۔ سلطان ۔ شہزادہ ۔ بادشاہ ۔ حکمران ۔ ملک زادہ ۔ کنور ۔ راج کمار ۔ سردار ۔ سرتاج ۔ انگلستان کے امرا جن کا رتبہ ڈیوک سے کم ہو ۔ ڈیوک ، مارکوئیس وغیرہ ۔

Hamlet without the Prince of Denmark } بے کیف ۔ بے لطف چیز ۔ کوئی چیز جس کا اہم حصہ الگ کر لیا گیا ہو ۔

Prince consort تخت نشین ملکہ کا خاوند ۔

Prince of darkness شیطان ۔

Prince's metal تانبے اور جست کا مخلوط ۔

Prince Royal شاہ یا ملکہ انگلستان کا سب سے بڑا لڑکا ۔

Prince Regent شاہی خاندان کا رکن جو نائب سلطنت بھی ہو ۔

Princedom *n.* شہزادہ کا حلقہ اختیار ۔ شہزادہ کی جاگیر ۔

Princelike *adj.* امیرانہ ۔ شاہانہ ۔

Princely (prins-li) *adj.* Of the rank of a prince, sumptuous شاہانہ ۔ شہزادے کے شایان شان ۔ نفیس ۔ اعلیٰ ۔ شان دار ۔

Princess (prin-ses) *n.* Wife of a prince or daughter of the king ملکہ ۔ رانی ۔ شاہ بیگم ۔ شہزادی ۔ بادشاہ یا ملکہ کی بیٹی ۔

Princess Regent شاہی خاندان کی عورت جو نائب سلطنت بھی ہو ۔

Princess Royal شاہی انگلستان کی سب سے بڑی لڑکی ۔

Principal (prin-si-pl) *adj.* & *n.* Taking the first place اول ۔ اعلیٰ ۔ عمدہ ۔ بڑا ۔ خاص ۔ حکمران ۔ صدر کلیہ ۔ سرمایہ ۔ راس المال ۔ اصل زر ۔ اصل مالک ۔ اصل مجرم ۔ ڈوئل لڑنے والا ۔ شہتیر ۔

Principalship *n.* کلیہ وغیرہ کی صدارت ۔

Principality (prin-si-pal-i-ti) *n.* Status, dignity and power of a prince فرماں روائی ۔ حکمرانی ۔ حکومت ۔ ملک ۔ ریاست ۔ فرشتوں کا ایک طبقہ ۔

Principally (prin-si-pal-i) *adv.* Specially خصوصاً ۔ خاص کر ۔ پہلے ۔ پیشتر ۔

Principle (prin-si-pl) *n.* Beginning, source, origin اصل ۔ جڑ ۔ بنیاد ۔ سرچشمہ ۔ بنیادی اصول ۔ عام قانون ۔ ریت ۔ طور طریقہ ۔ ایمان ۔ عقیدہ ۔ نظری اصول ۔ بنیادی عنصر ۔ اصل جز ۔

On principle اصولاً ۔

Prink (pringk) *v.t.* & *i.* Deck up, smarten بھڑکیلا لباس پہننا ۔ اپنے آپ کو سجانا ۔ پرندے کا پر سنوارنا ۔ کریز کرنا ۔

Print (print) *n.* An impression نقش ۔ نشان ۔ چھاپہ ۔ چھینٹ ۔ چھپا ہوا کپڑا ۔ چھاپے کے حروف ۔ مطبوعہ چیز ۔ بلاک سے چھاپی ہوئی تصویر ۔ تصویر جو منفی خاکہ سے تیار کی جائے ۔

Print (print) *v.t.* Press in, impress نشان ڈالنا ۔ نقش لگانا ۔ دل پر نقش کرنا ۔ خاطر نشین کرنا ۔ چھاپنا ۔ طبع کرانا ۔ کپڑے چھاپنا ۔ منفی پلیٹ سے تصویر چھاپنا ۔

Printable *adj.* چھپائی کے لیے موزوں ۔ قابل طباعت ۔

Printer (print-ər) *n.* One who is employed in printing چھاپنے والا ۔ طبع کرنے والا ۔ طابع ۔ مطبع کا منتظم ۔

Printer's devil چھپائی کی فاش غلطی ۔ مطبع کا کاتب ۔

Printing (print-ing) *n.* Business of the printer, books printed چھاپا ۔ چھپائی ۔ چھاپنا ۔ طباعت ۔ چھپی ہوئی کتابیں وغیرہ ۔

Prior (pri-ər) *n.* Dep uty abbot, head of frirs and monks مہتمم خانقاہ ۔ دوسرے درجے کا عہدیدار کلیسا ۔ بعض اطالوی اضلاع کا مجسٹریٹ ۔ حاکم عدالت ۔ ناظم فوجداری ۔

Priorate, priorship *n.* مہتمم خانقاہ کا منصب ۔ علاقہ ۔

Prior (pri-ər) *adj.* & *adv.* Previous پہلا ۔ اگلا ۔ سابق ۔ قدیم ۔ افضل ۔ سابقہ ۔ پہلے ۔ قبل سے ۔

Priority *n.* سبقت ۔ فوقیت ۔ اولیت ۔ تقدم ۔

Priory (pri-or-i) *n.* A convent of either sex راہبوں یا راہبایوں کی اقامت گاہ ۔ خانقاہ جو پرائر کے ماتحت ہو ۔

Prism (prizm) *n.* Solid whose ends are similar and equal کوئی ٹھوس چیز جس کے دونوں سرے یکساں اور مساوی ہوں ۔ مخروط مستوی ۔ طیف جو منشور کے انعطاف سے پیدا ہو ۔ (جمع) الوان منشوری ۔

Prismatic (prizm-ə-tik) *adj.* Resembling or pertaining to a prism جو مخروط یا منشور سے متعلق ہو ۔ منشور نما ۔ تیز ۔ شوخ ۔

Prismatic colours سات رنگ جن میں شعاعیں منشور کے ذریعہ منقسم ہو جاتی ہیں ۔

Prismatically *adv.* الوان منشوری کے ساتھ ۔ منشور کے ذریعے سے ۔

Prison (priz-n) *v.t.* & *n.* A building for the confinement of prisoners or criminals قید خانہ ۔ جیل خانہ ۔ محبس ۔ حوالات ۔ قید ۔ حبس ۔ محبوس کرنا ۔ قید کرنا ۔

Prisoner *n.* محبوس ۔ اسیر ۔ زندانی ۔ قیدی ۔

State prisoner *n.* سیاسی قیدی ۔

Pristine (pris-tin) *adj.* Original, former, belonging to earliest time پراچین ۔ قدیم ۔ پرانا ۔ اصلی ۔ عمدہ ۔ دیرینہ ۔

Prithee (predh-ē) *interj.* Pray thee از راہ نوازش ۔ کرم فرمائی ۔ مہربانی سے ۔ اجی حضرت ۔ حضور والا ۔

Privacy (prīv-ə-si) *n.* Seclusion, retirement عزلت ۔ خلوت ۔ پوشیدگی ۔ تخلیہ ۔ گوشہ نشینی ۔ راز داری ۔ اخفا ۔

Private (prīv-ət) *adj.* & *n.* Personal, unofficial نجی ۔ ذاتی ۔ غیر سرکاری ۔ خفیہ ۔ راز کا ۔ چھپا ہوا ۔ خلوت کی جگہ ۔ تنہائی کا مقام ۔ خلوت پسند شخص ۔

Private parts بول‌وبراز کے اعضا ۔

For one's private ear راز کی بات ۔ کسی شخص سے کہنے کی بات ۔

In private تخلیہ میں ۔

Privately *adv.* نجی طور پر ۔ ذاتی طور پر ۔ خفیہ طور پر ۔

Privateer (prī-və-ter) *n.* A private vessel commissioned to plunder enemy ships غیر سرکاری جنگی جہاز جس کو دشمن کے جہازوں کو لوٹنے اور گرفتار کرنے کے لیے مقرر کیا گیا ہو ۔ اس جہاز کا کپتان ۔

Privateering *n.* دشمن کے جہازوں کو لوٹنا ۔ گرفتار کرنا ۔ تباہ کرنا ۔

Privation (prī-va-shən) *n.* State of being deprived of something عسرت ۔ تنگی ۔ تنگ دستی ۔ محتاجی ۔ ضروریات زندگی سے محرومی ۔

Privative (priv-ə-tiv) *adj.* Causing privation سلبی ۔ منفی ۔ معدوم ۔ کسی صفت کے فقدان کا ۔ نقصان رساں ۔

Privet (prīv-it) *n.* A half evergreen shrub used for hedges ایک سفید پھول اور سیاہ پھل والی سدا بہار جھاڑی جس کی باڑھ لگائی جاتی ہے ۔

Privilege (prīv-i-lij) *v.t.* & *n.* A happy advantage استحقاق ۔ حق ۔ اختیار ۔ خصوصی اختیار ۔ خصوصی حیثیت حاصل کرنا ۔ استحقاق بخشنا ۔ معاف یا بری کرنا ۔

Privileged *adj.* حق یافتہ ۔ جو کسی مخصوص رعایت کے اختیار کا حامل ہو ۔

Privileged communication ایسی مراسلت یا گفت و شنید جو طرفین کی رضامندی کے بغیر شائع نہیں کی جاسکتی ۔

Writ of privilege حق یافتہ ۔ زیر حراست شخص کی رہائی کا حکم ۔

Privity (priv-i-ti) *n.* Secrecy, private councils شرکت ۔ تعلق ۔ شرکت معاہدہ ۔ راز ۔ راز داری (جمع) ستر ۔ شرمگاہ ۔

Privy (priv-i) *adj.* & *n.* Familiar, intimate خاص ۔ نجی ۔ ذاتی ۔ شخصی ۔ خفیہ ۔ چھپا ہوا ۔ مخفی ۔ شریک راز ۔ راز دار ۔ بیت الخلا ۔ جائے ضرور ۔ (قانون) وہ شخص جو کسی خاص معاملہ سے متعلق ہو ۔ ایسا شخص جو کسی معاملہ کا فریق نہ ہو مگر اس معاملہ میں حق رکھے ۔

Privy chamber دیوان خاص ۔

Privy council مجلس مشورت حکمران ۔

Prize (prīz) *n.* & *v.t.* A reward won in a competition انعام ۔ وہ چیز جس کے حصول کے لیے مقابلہ کرنا پڑے ۔ بیش بہا چیز ۔ داؤں، بازی یا برد کی رقم ۔ روپیہ جو قرعہ اندازی سے ملے ۔ (بول چال) انعام کا مستحق ۔ ممتاز نمونہ ۔ قدر کی چیز ۔ قدر کرنا ۔ بیش قیمت سمجھنا ۔

Prize fighter انعام کی خاطر لڑنے والا ۔ پیشہ ور مکہ باز ۔

Prize (prīz) *n.* & *v.t.* Seizure, that which is taken by force جہاز جو قوانین جنگ کے ماتحت پکڑے جائیں ۔ مال غنیمت ۔ دشمن کا مال جو حاصل کیا جائے ۔ بطور غنیمت گرفتار ہونا ۔ دشمن کا مال حاصل کرنا ۔

Prize money روپیہ جو دشمن کے جہازوں اور مال کی فروخت سے حاصل ہو ۔

Prize-se (prīz) *v.t.* & *n.* Force open with a liver بیرم سے کھولنا ۔ بیرم سے کام لینے کا طریقہ ۔ بیرم کا عمل ۔

Pro (prō) *prefix* Before, for سابقہ برائے واسطے ، لیے ، خاطر ، پہلے ۔

Proforma رسمی تکمیل کے لیے ۔ حسب ضابطہ ۔

Prorata تناسب کے مطابق ۔ حسب شرح ۔

Pro and con (prō-an-kon) *adv.* & *n.* For and against موافق اور مخالف دلائل ۔ موافقت اور مخالفت میں ۔ اثبات میں اور نفی میں

Pros and cons *n.* مخالف اور موافق دلائل ۔

Pro bono publico سب کی بھلائی کے لیے

Probabilism (prob-ə-bi-li-zm) *n.* Doctrine that of two opinions one may follow one's own inclination جس معاملہ میں علما کی دو رائیں ہوں یا اختلاف ہو اس میں ہر شخص کو آزادی ہے جس کی جی چاہے پیروی کرے - یہ مسئلہ کہ یقینی علم عنقا ہے - اس لیے عملی زندگی کے لیے بنائے یقین اور قرائن کافی ہیں -

Probability (prob-ə-bi-li-ti) *n.* Appearance of truth - قرینہ - احتمال - امکان - قیاس غالب - گمان غالب

What are the probabilities کیا امکانات ہیں - قرائن کیا کہتے ہیں -

Probable (prob-ə-bl) *adj.* Having ground for belief - غالب - اغلب - قرین قیاس - ممکن - قابل قبول - حقیقت سے قریب - واقعیت سے ملتا جلتا -

Probate (prō-bāt) *n.* The official copy of the will with the certificate وصیت نامہ مصدقہ - وصیت کی سرکاری تصدیق -

Probate of the will وصیت نامہ مع ثبوت -

Probation (prō-bā-shən) *n.* Testing, proof امتحان - آزمائش - جانچ - پرکھ - آزمائشی تقرر - اچھے چال چلن کی ضمانت پر رہائی - امیدواری - امیدواری کا زمانہ -

Probationary (prō-bā-shən-a-ri) *adj.* Serving the purpose of trial امتحانی - آزمائشی - امیدوارانہ - کار آموزانہ

Probational *adj.* آزمائشی - کارآموزی کا - امیدواری کا -

Probationer (prō-bā-shən-ər) *n.* One who is on trial امیدوار - کارآموز - وہ جس کا تقرر امتحاناً کیا گیا ہو -

Probative (prō-bā-tiv) *adj.* Testing, affording proof - اہل ثابت کرنے والا - ثبوت دینے والا - امتحانی - آزمائشی -

Probe (prob) *n.* & *v.t.* Instrument for exploring a wound زخم کے امتحان کا جراحی آلہ - زخم کی حالت معلوم کرنا - کھوج لگانا - تفتیش کرنا - کسی معاملہ کی چھان بین کرنا - تہہ کو پہنچنا -

Probity (prob-i-ti) *n.* Uprightness راستی - دیانت - سچائی - راستبازی -

Problem (prob-ləm) *n.* A matter difficult of solution عقدہ - مسئلہ - مشکل معاملہ - سوال - معمہ - عمل مشکل - قیاسی - مسئلہ جس کی تحقیق چند شرائط کی تابع ہو - (شطرنج) نقشہ - مہروں کی ترتیب -

Problematic (prob-ləma-tik) *adj.* Doubtful مشتبہ - مشکوک - مبہم - غیر مصدقہ - ممکن الوقوع یا ناممکن -

Problematically *adv.* تضیہ کے طور پر - مشتبہ طور پر -

Problemist *n.* نقشوں اور معموں کی تشریح کرنے والا - دشوار مسائل کو حل کرنے والا -

Proboscis (pro-bos-is) *n.* A trunk or long snout سونڈ - تھو تھنی - ناک -

Proboscidiferous *adj.* خرطوی - سونڈ والے - تھوتھنی والے -

Proboscidiform *adj.* سونڈ کی طرح کا - تھو تھنی کی طرح کا -

Procedure (pro-sēd-yər) *n.* Method of conducting business طریقہ کار - اسلوب کار - کارروائی - عمل در آمد - دستور العمل -

Proceed (prō-sed) *v.i.* Continue, advance, go forward چلنا - جانا - آگے بڑھنا - ترقی کرنا - ابتدا کرنا - آغاز کرنا - کوئی طرز عمل اختیار کرنا - کاروائی کرنا - چارہ جوئی کرنا - پیدا ہونا - نکلنا - صادر ہونا - جاری ہونا - واقع ہونا - جاری رہنا -

Exertions proceed from hope امید ہی سعی کا موجب ہوتی ہے -

Proceeding (prō-sēd-ing) *n.* Course of conduct کاروائی - روداد - طریق کار - طریق عمل - دفتری طریقہ کار -

High-handed proceeding استبدادی طریقہ - جارحانہ کاروائی - جابرانہ عمل -

Proceeds (prō-sēds) *n.* Outcome پیداوار - منافع - محاصل - بکری - فائدہ - حاصل -

Proceleusmatic (pros-e-lus-mat-ik) *n.* & *adj.* Encouraging, inciting چار جزی رکن عروضی - حوصلہ افزا - اشتعال انگیز -

Process (prō-ses) *v.t.* & *n.* Course چال ۔ روش ۔ انداز ۔ عمل ۔ طریق ۔ ترکیب ۔ قدرتی یا غیر اختیاری عمل ۔ قانونی کاروائی ۔ پروانہ عدالت ۔ سمن ۔ عدالتی کاروائی کرنا ۔ مقدمہ چلانا ۔ عمل کرنا ۔ اثر انداز ہونا ۔ میوہ وغیرہ کو سڑنے سے محفوظ کرنا ۔ (جمع) کاغذات مقدمہ ۔ روداد مقدمہ ۔

Process of time زمانہ گزرنے سے ۔ ہوتے ہوتے ۔

Process (prō-ses) *v.i.* Go in a procession جلوس میں نکلنا ۔

Procession (prō-sesh-ən) *n.* A train of persons, vehicles or boats جلوس ۔ سواری ۔ بے ترتیب آغاز ۔ روح القدس کا ظہور ۔ جلوس میں نکلنا ۔

Processionary *adj.* جلوس کے متعلق ۔ جلوس میں ۔ دھوم دھام سے ۔

Processional (prō-sesh-ənl) *adj.* & *n.* Of procession, a book of hymns جلوس کے متعلق ۔ جلوسی مناجات ۔ مناجات کی کتاب ۔

Processionist (prō-sesh-ə-nist) *n.* One who joins procession جلوس میں شامل ہونے والا ۔ مناجاتی جلوس کا رکن ۔

Processionalize *v.t.* جلوس نکالنا ۔ جلوس کی شکل اختیار کرنا ۔

Prochronism (prō-kron-izm) *n.* A dating of an event before the right time کسی واقعہ کی صحیح تاریخ سے پہلے کی تاریخ دینا ۔

Proclaim (prō-klām) *v.t.* Cry aloud, announce مشتہر کرنا ۔ ڈھنڈورا پیٹنا ۔ اعلان کرنا ۔ منادی کرنا ۔ کسی کی غداری کا اعلان کرنا ۔ صلح یا جنگ کا اعلان کرنا ۔ کسی علاقہ پر کوئی پابندی عائد کرنا ۔

Proclamation *n.* ڈھنڈورا ۔ منادی ۔ اعلان ۔ اشتہار ۔

Proclamatory *adj.* مشہور کرنے والا ۔ (واقعہ) مصلنہ ۔ اشتہاری ۔

Proclivity (prō-kliv-i-ti) *n.* Inclination of earth زمین کا اپنے محور پر جھکاؤ ۔ میلان ۔ رجوع ۔ رجحان ۔ شوق ۔ لگاؤ ۔

Proconsul (pro-kon-sl) *n.* A Roman magistrate with consular authority رومی مجسٹریٹ جس کو قونصل کے اختیارات ہوں ۔ صوبہ کا حاکم ۔ نو آبادی کا گورنر ۔

Proconsular *adj.* پرو قونصل کے متعلق ۔

Proconsulate *n.* پرو قونصل کا عہدہ یا منصب ۔

Procrastinate (pro-kras-ti-nāt) *v.t.* & *i.* Defer ملتوی کرنا ۔ برآئندہ کرنا ۔ دیر لگانا ۔ ٹال مٹول کرنا ۔ لیت و لعل کرنا ۔ تعویق کرنا ۔

Procrastinatingly *adv.* تاخیر کرتے ہوئے ۔ لیت و لعل سے ۔ ٹال مٹول سے ۔

Procrastination *n.* ٹال مٹول ۔ تعویق ۔ التوا ۔ تاخیر ۔

Procrastinator *adj.* تاخیر کرنے والا ۔ لیت و لعل کرنے والا ۔

Procrastinative *adj.* تعویقی ۔ التوائی ۔ تاخیری ۔

Procrastinatory *adj.* لیت و لعل کا ۔ تعویقانہ ۔ تاخیرانہ ۔

Procreate (prō-kri-āt) *v.t.* Engender, beget تولید کرنا ۔ جننا ۔ پیدا کرنا ۔ بچے دینا ۔ نسل کی افزائش کرنا ۔

Procreant *udj.* پیدا کرنے والا ۔ جننے والا ۔

Procreative *adj.* طاقت تولید رکھنے والا ۔ پیدا کرنے کی صلاحیت رکھنے والا ۔

Procreation *n.* پیدائش ۔ افزائش نسل ۔ تولید ۔

Procrustean (pro-krus-ti-ən) *adj.* Violently making conformable جبر و تشدد سے مناسبت پیدا کرنے والا یا ایسا طریقہ ۔ پرکرسٹینیز و ایک ڈاکو تھا جو اپنے قیدیوں کو چارپائی پر لٹاتا تھا اگر وہ چھوٹے پڑتے تھے تو شکنجہ میں کس کر لمبے کئے جاتے تھے اور اگر زیادہ لمبے ہوتے تھے تو ان کے پیر کاٹے جاتے تھے ۔

Procrusteanism *n.* یکسانیت کا جبری طریقہ ۔ جبراً متناسب بنانے کا اصول ۔

Proctor (prok-tər) *n.* An official in the university, an attorney in courts مودب جامعہ ۔ جامعہ کا عہدہ دار جو طلبا کے اخلاق کی نگرانی پر مامور ہو ۔ مذہبی یا دیوانی عدالت کا وکیل ۔

Proctorial *adj.* مصلحانہ ۔ ادب آموز ۔ مودبانہ ۔

Proctorship *n.* مودب کے فرائض و منصب ۔

Proctorize *v.t.* طلبا کی تادیب کرنا ۔ مودب کی حیثیت سے طلبا کو سزا دینا ۔ جواب دہی کے لیے طلب کرنا ۔

Procumbent (prō-kum-bənt) *adj.* Lying or having forward بڑھا ہوا ۔ آگے جھکا ہوا ۔ لیٹا ہوا ۔ پیٹ کے بل لیٹا ہوا ۔ زمین پر پھیلا ہوا (پودا) ۔

Procuration (prōk-ū-ra-shən) *n.* Management of another's affairs گماشتہ گری ۔ مختاری ۔ تحصیل وصول ۔ سر براہی ۔ دوسرے کے کام کی یا معاملات کی دیکھ بھال ۔ زائرین کے طعام و قیام کا انتظام ۔ قرض دلانے کی دستوری ۔ دلالی ۔

Procural *n.* حاصل کرنا ۔ مہیا کرنا ۔ کسی چیز کا حصول ۔

Procurance *n.* کسی مختار کا باضابطہ عمل ۔ حصول ۔ ایجنسی ۔ ذریعہ حصول ۔

Procurator (prōk-ū-ra-tər) *n.* A financial agent in a Roman province ۔ (روما) مالی مختار ۔ سربراہ‌کار گماشتہ ۔ مختار ۔ وکیل ۔ مہتمم خزانہ ۔ مجسٹریٹ یا حاکم عدالت ۔

Procuratorial *adj.* حاکمانہ ۔ عاملانہ ۔ مختارانہ ۔

Procuratorship *n.* نمائندگی ۔ گماشتگی ۔ مختاری ۔

Procuratory (prōk-ū-ra-tə-ri) *n.* Authorisation to act for another ۔ مختاری ۔ نمائندگی ۔ مصدقہ مختاری ۔ مستطورہ نمائندگی ۔

Procure (prō-kūr) *v.t.* & *i.* Obtain or bring about, induce ۔ حاصل کرنا ۔ بہم پہنچانا ۔ مہیا کرنا میسر ہونا ۔ باعث یا سبب ہونا ۔ پورا کرنا ۔ تکمیل کو پہنچانا ۔ دلالی کرنا ۔ کٹناپا کرنا ۔

Procurable *adj.* قابل حصول ۔

Procurement *n.* میسر کرنا ۔ بہم پہنچانا ۔ فراہمی ۔ حصول ۔

Procurer (prō-kūr-ər) *n.* One who procures بہم پہنچانے والا ۔ دلال ۔ قلتبان ۔ بھڑوا ۔ کٹنا ۔

Procuress مشاطہ ۔ دلالہ ۔ کٹنی ۔

Prod (prod) *v.t.* & *n.* Prick, poke ۔ چبھونا ۔ بھونکنا گھسیڑنا ۔ دق کرنا ۔ آر ۔ آری ۔ خار ۔ نوکدار اوزار ۔

Prodigal (prod-i-gl) *adj.* & *n.* Wasteful ۔ مسرف فضول خرچ ۔ شاہ خرچ ۔ بے دریغ خرچ کرنے والا ۔ فضول خرچ آدمی ۔

Prodigality شاہ خرچی ۔ فضول خرچی ۔

Prodigally *adv.* فضول خرچی سے ۔ اسراف سے ۔

Prodigalise (prod-i-gə-līz) *v.t.* Spend lavishly اسراف کرنا ۔ بے دریغ خرچ کرنا ۔

Prodigious (prod-i-ji-əs) *adj.* Wonderful ۔ عجیب انوکھا ۔ حیرت انگیز ۔ عظیم الشان ۔ گراں قدر ۔ بہت بڑا ۔ عجیب الخلقت ۔

Prodigiousness *n.* ۔ شان ۔ بڑائی ۔ عظمت ۔ نرالا پن ۔ انوکھا پن ۔

Prodigy (prod-i-ji) *n.* Any person or thing that causes wonder عجیب و غریب انسان یا شے ۔ حیرت انگیز نمونہ ۔ تعجب خیز ذہانت یا عقل ۔ غیر معمولی اوصاف کا انسان ۔ وہ بچہ جو اپنی عمر کے لحاظ سے غیر معمولی ذہانت کا ثبوت دے ۔

Prodrome (prod-rom) *n.* An introductory treatise تمہیدی یا تعارفی رسالہ ۔ کسی کتاب یا مقالہ کا ابتدائی باب ۔

Produce (pro-dūs) *n.* Product, crop, yield پیداوار ۔ آمد ۔ حاصل ۔ زرعی یا قدرتی پیداوار ۔ ماحصل ۔ ثمرہ ۔ ٹوٹا پھوٹا فوجی اور بحری سامان ۔

Produce (pro-dūs) *v.t.* Bring forth, bring into being پیش کرنا ۔ رو برو کرنا ۔ پیدا کرنا ۔ منظر عام پر لانا ۔ کسی خط کو کسی نقطہ تک وسیع کرنا ۔ خام پیدا وار سے مصنوعات بنانا ۔ وقوع میں لانا ۔ فصل دینا ۔ ثمرہ دینا ۔ اولاد پیدا کرنا ۔

Producibility (pro-dūs-i-bi-liti) *n.* Capability of production پیداوار کی صلاحیت ۔ پیداوار کی قابلیت ۔ زرخیزی ۔

Producible *adj.* ۔ جو پیش کیا جا سکے ۔ قابل معائنہ پیدا کرنے کے قابل ۔

Producer (pro-dūs-ər) *n.* One who produces پیدا کرنے والا ۔ بنانے والا ۔ تیار کرنے والا ۔ پیش کرنے والا ۔

Product (prod-əkt) *n.* A thing produced ۔ پیداوار حاصل ۔ ماحصل ۔ پھل ۔ نتیجہ ۔ مصنوعات ۔ حاصل ضرب ۔ وہ مرکب جو تحلیل کے دوران پیدا ہو جائے ۔

Production (prod-uk-shən) *n.* That which is produced ۔ پیدا وار ۔ تصنیف ۔ انشا ۔ صنعت ۔ ایجاد ۔

Productive (prod-ek-tiv) *adj.* Having the power to produce ۔ پیدا کرنے کے قابل ۔ بار آور ۔ زرخیز سیر حاصل ۔ معنی خیز ۔ مضمون آفرین ۔

Productive labour صنعتی محنت ۔ پیداواری محنت ۔

Productiveness }
Productivity } *n.* ثمر آوری ۔ زرخیزی ۔ اشیا گری ۔ بار آوری ۔

Proem (pro-em) *n.* An introduction تمہید ۔ مقدمہ ۔ دیباچہ ۔ پیش لفظ ۔

Profane (pro-fān) *adj.* Showing contempt of sacred things مقدس چیزوں کی بے حرمتی کرنا ۔

Profanation *n.* بے حرمتی ۔ بے ادبی ۔ تذلیل ۔

Profanity *n.* تحقیر دین ۔ خدا کی بے ادبی ۔

Profess (prō-fes) *v.t.* & *i.* Declare, claim اعلان کرنا ۔ اقبال کرنا ۔ اعتراف کرنا ۔ دعوی کرنا ۔ مدعی ہونا ۔ ظاہر ہونا ۔ ظاہر کرنا ۔ نمود کرنا ۔ کسی مذہب کا پیرو ہونا ۔ کوئی کاروبار کرنا ۔ پروفیسری کرنا ۔ پروفیسر کی خدمت انجام دینا ۔

Professed (prō-fes-d) *adj.* Openly declared دعویدار ۔ مدعی ۔ معلنہ ۔ مندیافتہ ۔ باضابطہ ۔

Profession (prō-fe-shən) *n.* Avowal اظہار ۔ اقرار ۔ اقبال ۔ اعلان ۔ قول ۔ عہد ۔ ادعا ۔ مذہبی عقیدہ ۔ پیشہ ۔ حرفہ ۔ کام ۔ دھندا ۔

Professional (prō-fe-shən-al) *adj.* & *n.* Engaged in a profession پیشہ ور ۔ پیشے سے متعلق ۔ پیشے کا ۔

Professional politician سیاس ۔ پیشہ ور سیاست دان ۔

Professionalism (prō-fe-shən-al-izm) *n.* The status, outlook, and aim of a professional پیشہ وری ۔ پیشہ ورانہ ڈھنگ ۔ پیشہ وروں کی ملازمت ۔

Professionalize *v.t.* پیشہ ور بنانا ۔ کسی چیز یا کام کو پیشہ بنا لینا ۔

Professor (prō-fes-ər) *n.* A teacher, open declarer of certain doctrine پڑھانے والا ۔ ماننے والا ۔ تسلیم کرنے والا ۔ استاد ۔ معلم ۔ اعلیٰ مدرس ۔ کسی فن کی مہارت رکھنے والا (بول چال) پیشہ ور ۔

Professorate *n.* پروفیسروں کی جماعت ۔ پروفیسری ۔

Professoriate *n.* پروفیسروں کا عملہ ۔

Professorship *n.* پروفیسری ۔ منصب معلمی ۔

Professorial *adj.* پروفیسری کے متعلق ۔ پروفیسرانہ ۔

Proffer (prof-ər) *n.* & *v.t.* Tender, offer for acceptance نذر کرنا ۔ پیش کش کرنا ۔ پیش کرنا ۔ آگے رکھنا ۔ پیش کش ۔ نذر ۔ درخواست ۔ عرضی ۔ گزارش ۔ آرزو ۔ خواہش ۔

Proferred پیش کی ہوئی ۔ پیش کردہ ۔ پیش شدہ ۔

Proficient (prō-fish-ənt) *adj.* Competent ذی علم ۔ ماہر ۔ قابل ۔ لائق ۔ واقف ۔

Proficiency *n.* استعداد ۔ قابلیت ۔ مہارت ۔ لیاقت ۔

Proficiently *adv.* ماہرانہ طور پر ۔ ہوشیاری سے ۔

Profile (prō-fīl) *n.* & *v.t.* An outline سرسری تصویر ۔ تصویر کا خاکہ ۔ یک رخی نقشہ ۔ ایک رخ کی تصویر ۔ تصویر کا خاکہ کھینچنا ۔ یک رخی تصویر بنانا ۔

Profit (pro-fit) *n.* Gain, income, interest سود ۔ منافع ۔ نفع ۔ فائدہ ۔ منفعت ۔ مالی منافع ۔

Profit and loss account نفع نقصان کا حساب ۔

Profit sharing کارو بار جس کے نفع میں سرمایہ دار اور ملازم شریک ہوں ۔

Profitless بے فائدہ ۔ بلا نفع ۔

Profitlessness بے نفعی ۔ لاحاصلی ۔

Profit (pro-fit) *v.t.* & *i.* Benefit, gain, advantage فائدہ ہونا ۔ مفید ہونا ۔ نفع دینا ۔ متمتع ہونا ۔ کارآمد ہونا ۔ کام آنا ۔

Profitable *adj.* نفع رساں ۔ نافع ۔ سود مند ۔ فائدہ مند ۔

A profitable speculation *n.* نفع کا سودا ۔ منفعت بخش سٹا ۔

Profitableness *n.* نفع رسانی ۔ سود مندی ۔ فائدہ مندی ۔

Profitably *adv.* نفع کے ساتھ ۔ فائدے سے ۔ سود مندی سے ۔

Profiteer (pro-fit-er) *v.t.* & *n.* One who makes exorbitant profit in an emergency ناجائز نفع حاصل کرنے والا ۔ کسی خاص حالت میں بے جا نفع حاصل کرنے والا ۔ حد سے زیادہ نفع حاصل کرنا ۔

Profitless (pro-fit-les) *adj.* Without profit بے فائدہ ۔ بے سود ۔ بے منافع ۔

Profligate (prof-li-gāt) *adj.* & *n.* Abandoned to vice شہدا ۔ لچا ۔ خراب ۔ بدکار ۔ فاجر ۔ فاسق ۔ عیاش ۔ شہوت پرست ۔ فضول خرچ ۔

Profligacy *n.* عیاشی ۔ فسق و فجور ۔ اوباشی ۔

Profound (prō-fownd) *adj.* Deep, deep-seated گہرا ۔ عمیق ۔ عالم ۔ فاضل ۔

Profoundly *adv.* نظر غائر سے ۔ بدرجہ غائت ۔

Profoundness / Profundity } n. گہرائی ۔ باریک بینی ۔

Profuse (prō-fūs) *adj.* Lavish, extravagant ۔ کثیر فراواں ۔ مسرف ۔ فضول خرچ ۔ بہت ۔ افراط سے ۔

Profusely *adv.* فضول خرچی سے ۔ بافراط ۔

Profuseness / Profusion } n. بہتات ۔ افراط ۔ کثرت ۔ فضول خرچی ۔

Prog (prog) *n.* Food specially for journey توشہ سفر ۔ بھیک کا کھانا ۔ (بول چال) آکسفورڈ اور کیمبرج کا پراکٹر ۔

Progenitive (prō-jen-i-tiv) *adj.* Capable of production of offspring قابل تولید ۔ پیدا کرنے کے قابل ۔ افزائش نسل کے قابل ۔

Progenitor (prō-jen-i-tər) *n.* Ancestor, parent, forefather بزرگ ۔ جد ۔ مورث ۔ پدر ۔ پیشرو ۔ والد ۔

Progenitorial *adj.* موروثی ۔ ابوی ۔ جدی ۔ پدری ۔ بزرگانہ ۔

Progenitorship (prō-jen-i-tər-ship) *n.* Founding of a family, begetting خاندانی ابویت ۔ خاندان ۔ نسل ۔ افزائش نسل ۔

Progeniture (prō-jen-i-tur) *n.* Begetting of offspring نسل ۔ اولاد ۔ افزائش نسل ۔

Progeny (proj-ə-ni) *n.* Offspring آل ۔ اولاد ۔ نسل ۔ روحانی اولاد ۔ (شاگرد ۔ مرید) ۔

Prognosis (prog-nō-sis) *n.* Forecasting, forecast of a disease تشخیص مرض ۔ مرض کی آئندہ حالت کی پیش بینی ۔

Prognostic (prog-nost-ik) *n.* & *adj.* An indication of something to come پیش خبر ۔ پیش بین ۔ پیش بینی ۔ پیش خیمہ ۔ پیشگی خبر دینے والی علامات ۔

Prognosticate (prog-nost-ik-āt) *v.t.* Foretell پیشین گوئی کرنا ۔ پہلے سے خبر دینا ۔ علامت ظاہر کرنا ۔ آثار ظاہر کرنا ۔

Prognosticable *adj.* جس کی پیشین گوئی کی جاسکے ۔

Prognosticative *adj.* علامت ظاہر کرنے والا ۔ پیشگی خبر دینے والا ۔

Prognostication *n.* شگون ۔ فال ۔ علامت ۔ پیشین گوئی ۔ پیش خبری ۔

Prognosticator *n.* پیش خبری کرنے والا ۔ کاہن ۔ جوتشی ۔ نجومی ۔

Program(m)e (prō-gram) *n.* & *v.t.* A scheme of proceedings arranged for a particular occasion کسی تماشے ، جلسے یا تقریب کا تفصیلی پیش نامہ ۔ لائحہ کار ۔ نظام العمل ۔ پروگرام بنانا ۔ پیش نامہ تیار کرنا ۔

Progress (prō′-gres) *n.* Forward movement, advance ترقی ۔ ارتقا ۔ نشوونما ۔ سیروسیاحت ۔ دورہ ۔ شاہی گشت ۔

Progress (prō′-gres) *v.i.* Go forward آگے بڑھنا ۔ ترقی کرنا ۔ نشوونما پانا ۔ جاری ہونا ۔ دوران میں ہونا ۔

Progression (prō′-gre-shən) *n.* Act of moving forward پیش روی ۔ بڑھاؤ ۔ پیش قدمی ۔ (موسیقی) ایک سر سے دوسرے سر میں جانا ۔ سر کا اتار چڑھاؤ ۔ (ریاضی) سلسلہ ۔

Arithmetic progression سلسلہ جمع و تفریق ۔

Geometric progression سلسلہ ضرب و تقسیم ۔

Harmonic progression راگوں کا سلسلہ ۔

Progressionist (prō′-gre-shən-ist) *n.* One who believes in and favours progressive reforms ترقی کا حامی ارتقا کا قائل ۔ اس عقیدہ کا حامل کہ ارتقائی عمل بہتر وجود ظہور میں لاتا ہے ۔

Progressive (prō-gres-iv) *adj.* & *n.* Forward moving بتدریج بڑھنے والا ۔ ترقی کرنے والا ۔ ترقی پسند ۔ ترقی پذیر ۔

Progressivism *n.* ترقی پسندی ۔

Progressiveness *n.* پیش قدمی ۔ اصلاح پذیری ۔

Progressively *adv.* صریحاً ۔ ترقی پسندی کے ساتھ ۔ تدریجی ترقی کے طور سے ۔

Prohibit (prō-hib-it) *v.t.* Prevent, forbid منع کرنا ۔ باز رکھنا ۔ روکنا ۔ مزاحمت کرنا ۔

Prohibition (prō-hib-i-shən) *n.* Forbidding امتناع ۔ روک ۔ رکاوٹ ۔ امتناعی حکم ۔ نشہ بندی ۔ شراب کی کشید اور فروخت کی ممانعت ۔

Prohibitionist *n.* نشہ آور چیزوں کی فروخت کی ممانعت کا حامی ۔

Prohibitive (prō-hib-i-tiv) *adj.* Tending to make impossible امتناعی ۔ مزاحمتی ۔ مانع ۔ کوئی چیز جو حصول کو محال کر دے ۔

Prohibitiveness *n.* ممتنع ہونا ۔ مانع ہونا ۔

Prohibitory *adj.* امتناعی ۔

Project (proj-ekt) *n.* A notion, a scheme of things تجویز ۔ منصوبہ ۔ ارادہ ۔ خاکہ ۔ اختراع ۔

Project (proj-ekt) *v.t.* & *i.* Scheme, plan, devise ڈالنا ۔ پھینکنا ۔ تجویز کرنا ۔ منصوبہ بنانا ۔ حلول کرنا ۔ سرایت کرنا ۔ سایہ ڈالنا ۔ عکس ڈالنا ۔ متشکل کرنا ۔ خاکہ کھینچنا ۔ نقشہ تیار کرنا ۔ آگے نکل جانا ۔ آگے نکلا ہوا ہونا ۔ باہر نکلا ہوا ہونا ۔

Projectile (proj-ek-til) *adj.* & *n.* Impelling آگے بڑھانے والا ۔ حرکت دینے والا ۔ حرکی ۔ جو حرکی قوت سے پھینکی جا سکے جیسے بندوق کی گولی ۔

Projection (proj-ek-shən) *n.* The fact of being projected, planning ڈالنا ۔ پھینکنے کا عمل ۔ ابھار ۔ خاکہ ۔ تجویز ۔ منصوبہ ۔ چھجا ۔ پہاڑ کا سامنے نکلا ہوا حصہ ۔ (ہندسہ) ظل ۔

Projective (proj-ek-tiv) *adj.* Of projection (ہندسہ) ظلی ۔ آگے کو نکلا ہوا ۔ ذہن میں تشکیل دیا ہوا ۔

Projector (proj-ek-tər) *n.* One who projects enterprises, an apparatus for projecting منصوبے بنانے والا ۔ کمپنیاں چلانے والا ۔ ابھارنے کا ایک آلہ ۔

Prolapse (prō-laps) *v.i.* & *n.* A falling down نیچے گرنا ۔ سرک جانا ۔ اتر جانا ۔ فتق ۔ اسقاط الرحم وغیرہ ۔

Prolapsus (prō-lap-səs) *v.t.* & *n.* Slip out of place کسی عضو کا ہٹ جانا یا سرک جانا ۔

Prolate (prō-lāt) *adj.* Widespread بیضوی شکل کا ۔ پھیلا ہوا ۔ چوڑا ۔ فراخ ۔ (قواعد) تکمیل کا ۔ توسیع کا ۔

Prolately *adv.* کشادہ طور پر ۔ توسیع کے طور پر ۔

Prolative (prō-lāt-iv) *adj.* Completing the predicate توسیع کرنے والا ۔

Prolegomenon (pro-leg-om-in-an) *n.* An introduction پیش لفظ ۔ تمہید ۔ مقدمہ ۔ دیباچہ ۔

prolepsis (prō-lep-sis) *n.* Anticipation پہلے سے کسی چیز یا واقعہ کا تصور کر لینا ۔ پیش خیالی ۔ پیش بینی ۔ پیش بندی ۔ (قواعد) صفت کا پیشگی استعمال ۔ کسی اسم مفروضہ کے لیے ۔

Proleptic *adj.* پیش قیاسی کا ۔ متوقع ۔ مقدم ۔ پیشین ۔

Proletarian (prō-li-te-ri-ən) *adj.* & *n.* Of the labouring class عام لوگوں کا ۔ مزدوروں کے طبقہ کا ۔ پیشہ وروں کا ۔ عوامی ۔ عام آدمی ۔

Proletarianism *n.* The condition of the poorest class عوام کی حالت ۔ عوام کے سیاسی حقوق کی حمایت ۔ عوامیت ۔

Proletary *n.* One who served the state with offspring وہ عام آدمی جو ریاست کی خدمت سرمایہ سے نہیں بلکہ اولاد پیدا کر کے کرتا ہے ۔ عوامی خادم ۔ عوامیت کا حامی ۔

Proletariat(e) (prō-li-te-ri-ət) *n.* Lowest class of community ادنیٰ طبقہ ۔ غربا کا طبقہ ۔ پیشہ وروں اور مزدوروں کا طبقہ ۔

Prolicide (prō-li-sīd) *n.* Killing of offspring بچہ کشی ۔ اولاد کشی ۔

Prolicidal *adj.* اولاد کش ۔ اولاد کشی کے متعلق ۔

Proliferate (prō-lif-ə-rat) *v.i.* & *t.* Reproduce by multiplication of parts ایک ہی پودے سے بچے پھوٹنا ۔ شاخ ، تنے ، جڑ اور شگوفوں سے نئے پودے پیدا ہونا ۔ بڑھنا ۔ پھولنا ۔ نئے بچے پیدا کرنا ۔

Proliferous (prō-lif-ə-rəs) *adj.* Producing new parts اپنے جسم سے نئے بچے پیدا کرنا ۔ نئے پودے پیدا کرنے کی صلاحیت رکھنے والا ۔

Prolific (prō-lif-ik) *adj.* Abundantly productive بہتات سے پیدا کرنے والا ۔ بارآور ۔ ثمر دار ۔ زرخیز ۔ فراواں ۔ وافر ۔ کثیر ۔ نسل پھیلانے والا ۔

Prolificacy
Prolificity } *n.* بار آوری ۔ زرخیزی ۔ نسل آفرینی ۔ نسل خیزی ۔ مضمون آفرینی ۔ بہتات ۔ افراط ۔
Prolificness

Proligerous (prō-lig-e-rəs) *adj.* Generative نسل خیز ۔ بچہ خیز ۔ نسل آفریں ۔ زرخیز ۔ ثمر خیز ۔

Prolix (prō-liks) *adj.* Long and wordy لمبا ۔ طول طویل ۔ اکتا دینے والا ۔ لفاظی سے پر ۔ پرگو ۔ پر نویس ۔

Prolexity *n.* لفاظی ۔ اکتا دینے والی لمبی تقریر ۔ طوالت ۔ طول کلامی ۔

Prolocutor (prō-lok-ū-tər) *n.* A spokesman میر مجلس ۔ صدر مجلس ۔ صدر انجمن ۔ انگلستان کی کلیسائی انجمنوں کے تحتانی ایوان کا صدر ۔ خطیب ۔ مقرر ۔

Prologize (prō-log-īz) *v.t.* Write, speak a prologue افتتاحی تقریر لکھنا یا پڑھنا ۔ تمہیدی تقریر قلمبند کرنا ۔

Prologue (prō-log) *v.t.* & *n.* An introductory speech تعارفی تقریر ۔ افتتاحی تقریر ۔ تقریر جس سے یونانی ناٹک کا آغاز ہوتا تھا ۔ افتتاح کرنا ۔ آغاز کرنا ۔

Prolong (prō-long) *v.t.* Lengthen out طول دینا ۔ لمبا کرنا ۔ جاری رکھنا ۔

Prolongable *adj.* طوالت پذیر ۔ طویل (تلفظ) جسے طول دیا جاسکے ۔

Prolongation *n.* طول دینا ۔ درازی ۔ تطویل ۔ طوالت ۔

Prolusion (prō-l(y)ōō-zhən) *n.* A preliminary performance ابتدائی مضمون ۔ ابتدائی عمل ۔ دیباچہ ۔ تمہید ۔

Prolusory *adj.* افتتاحی ۔ ابتدائی ۔ تمہیدی ۔

Promenade (prom-i-nād) *n.,v.t.* & *i.* Walk, ride, drive for display گلگشت ۔ سیر ۔ چہل قدمی ۔ سواری ۔ جلوس ۔ نمائشی یا تفریحی سواری ۔ جلوس نکالنا ۔ گشت کرنا ۔ پھرانا ۔

Promenador *n.* One who promenades جلوس میں چلنے والا ۔ ٹہلنے والا ۔ خراماں خراماں چلنے والا ۔

Prominent (prom-i-nənt) *adj.* Standing out نمایاں ۔ نکلا ہوا ۔ ابھرا ہوا ۔ ممتاز ۔ مشہور ۔ معروف ۔ نامور ۔

Prominence *n.* ابھرا ہوا ہونا ۔ نمایاں ہونا ۔ شہرت ۔ نمود ۔ امتیاز ۔

Prominently *adv.* امتیازی طور پر ۔ نمایاں طور پر ۔

Promiscuous (prō-mis-kū-əs) *adj* Haphazard, mixed مخلوط ۔ ملا جلا ۔ درہم برہم ۔ بے ترتیب ۔ گڈ مڈ ۔ متفرق ۔ بلا امتیاز ۔ (بول چال) اتفاقیہ ۔ بے غرضانہ ۔

Promiscuous bathing مخلوط غسل ۔ غسل جس میں عورتیں اور مرد ملے جلے ہوں ۔

Promiscuous sex relation آزادانہ جنسی تعلقات ۔

Promiscuity *n.* آزادانہ میل جول ۔ بے ترتیبی ۔ خلط ملط ۔ عورتوں مردوں کا میل ۔

Promiscuously *adv.* جنسی آزادی کے ساتھ ۔ مخلوط طور پر ۔

Promise (prom-is) *n.* An engagement to do something وعدہ ۔ عہد و پیمان ۔ قول و قرار ۔ موعودہ شے ۔ عمدہ نتیجہ کی توقع ۔ آس ۔ امید ۔

Promise (prom-is) *v.t.* & *i.* Assure, engage to bestow اقرار کرنا ۔ وعدہ کرنا ۔ زبان دینا ۔ قول و قرار کرنا ۔ (بول چال) یقین دلانا ۔ امید افزا ہونا ۔

Promise-breaker وعدہ شکن ۔

Promised land بنی اسرائیل کی ارض موعود ۔ کنعان ۔

Break a promise مکر جانا ۔ وعدہ سے پھر جانا ۔

Keep a promise وعدہ وفا کرنا ۔

These differences promise a storm اختلافات بلائے جان ہوجائیں گے ۔ اختلافات سے فساد کی بو آتی ہے ۔

Promisor *n.* عہد و پیمان کرنے والا ۔ وعدہ کرنے والا ۔

Promisee (prom-is-e) *n.* To whom a promise is given جس سے وعدہ کیا جائے ۔

Promising (prom-is-ing) *adj.* Hopeful, encouraging ہونہار ۔ امید افزا ۔ جس سے ترقی کی امید ہو ۔

Promissory (pro-mis-ə-ri) *adj.* Implying a promise اقراری ۔ پیانی ۔ وعدہ کا ۔

Promissory note ہنڈی جس کے پیش کرنے پر ادائی لازم ہو ۔ درشنی ہنڈی ۔

Promontory (prom-ən-tə-ri) *n.* A ridge or projection نمایاں بلند مقام ۔ ٹیلہ ۔ وہ بلند قطعہ زمین جو سمندر میں چلا گیا ہو ۔ راس ۔ ابھار ۔ دنبل ۔

Promote (prō-mōt) *v.t.* Help forward بڑھانا ۔ ترقی دینا ۔ تقویت دینا ۔ حمایت کرنا ۔ اعانت کرنا ۔ ترغیب دینا ۔ اونچا کرنا ۔ بنا ڈالنے میں اعانت کرنا ۔ (شطرنج) پیادے کا فرزین بنانا ۔

Promotion *n.* حوصلہ افزائی ۔ ہمت افزائی ۔ سر بلندی ۔ سرفرازی ۔ ترقی ۔

Promotive *adj.* حوصلہ بڑھانے والا ۔ ترقی دینے والا ۔

Promoter (prō-mōt-ər) *n.* One who promotes or sets up new business ترقی دینے والا - نیا کاروبار قائم کرنے والا - حوصلہ بڑھانے والا - ترغیب دینے والا -

Prompt (prom(p)t) *adj.* Ready in action, paid or due atonce آمادہ - مستعد - تیار - چست - جلد - بر وقت - فوراً - بر محل - بلا تاخیر - بلا عذر -

Promptitude } *n.* آمادگی - چستی - پھرتی -
Promptness } چالاکی -

Prompt (prom(p)t) *v.t.* & *n.* Incite, instigate اکسانا - آمادہ کرنا - یاد دلانا - ترغیب دینا - لقمہ دینا - دل میں ڈالنا - سمجھانا - مدد دینا -

Prompter (prom(p)tər) *n.* Person stationed out of sight of audience to assist actor's memory محرک - اکسانے والا - تھیٹر میں ایسا شخص جو پردے کے آڑ میں رہ کر اداکاروں کو ان کا پارٹ بر وقت یاد دلانے میں مدد کرتا ہے - یاد گیر - یاد گر -

Prompting (prom(p)t-ing) *n.* Encouragement تحریص - ترغیب - برانگیختگی -

Promulgate (prom-əl-gāt) *v.t.* Proclaim, make widely known مشتہر کرنا - اعلان کرنا - شائع کرنا - منادی کرنا - حکم یا ضابطہ نافذ کرنا -

Promulgation *n.* اشاعت - تشہیر - نفاذ - اعلان -

Promulgator *n.* شائع کرنے والا - نافذ کرنے والا - معلن -

Prone (prōn) *adj.* Lying or laid flat منہ کے بل - اوندھا - چت - ڈھلوان - نشیبی - راغب - مائل - مستعد - تیار -

Proneness *n.* اوندھا پن - سجدہ ریزی - خواہش - رغبت - میلان -

Proneur (prōn-e-ər) *n.* Extoller خوشامدی - مدح خواں - ثنا گو -

Prong (prong) *v.t.* & *n.* A fork of any kind دو شاخہ - دو سول - کانٹا - کھانچہ - کانٹا چبھونا - کھانچے سے گوسیٹنا - الٹ پلٹ کرنا -

Pronged *adj.* شاخوں والا - شاخ دار - کانٹے دار -

Three-pronged *adj.* ترسول -

Pronominal (prō-nom-in-əl) *adj.* Of the nature of a pronoun ضمیری - ضمیر کا - ضمیر کے طور پر - ضمیر کے طور پر استعمال کیا ہوا -

Pronoun (prō-now) *n.* A word used instead of a noun ضمیر -

Demonstrative pronoun ضمیر اشارہ -

Interrogative pronoun ضمیر استفہامی -

Pronounce (pro-nowns) *v.t.* Declare, utter formally بیان کرنا - ظاہر کرنا - رائے ظاہر کرنا - حتمی طور پر کہنا - فیصلہ صادر کرنا - زبان سے ادا کرنا -

I cannot pronounce him out of danger } میں نہیں کہہ سکتا کہ وہ خطرے سے باہر ہے -

Pronounced (prō-nowns-d) *adj.* Declared نمایاں - واضح - فیصل شدہ -

Pronounced tendency نمایاں رجحان - واضح میلان -

Pronouncing (prō-nowns-ing) *n.* & *adj.* Authoritative declaration قطعی فیصلہ - فیصلہ کا صدور - فیصلہ کن - تلفظ دار - (جس لغت میں تلفظ دیا گیا ہو) -

Pronunciation (prō-nun-si-ā-shən) *n.* Mode of pronouncing تلفظ - طرز ادا - لب و لہجہ - قرأت -

Proof (prōōf) *n.* That which establishes the truth of any thing دلیل - حجت - برہان - ثبوت - شہادت - گواہی - تصدیق - توثیق - آزمائش - جانچ - پڑتال - امتحان - کشید کی ہوئی شراب کی قوت کا امتحان - نقل جو تصحیح کے لیے چھاپ کر نکالی جائے - تحریری نقل - کتاب کے ناتراشیدہ کنارے -

Proofless بے دلیل - بے ثبوت -

Proof reader چھپی ہوئی نقل کی تصحیح کرنے والا - پروف دیکھنے والا -

Proof-text کسی مسئلہ کے ثبوت کے لیے انجیل کی آیت -

The proof of the pudding is in its eating } حلوے کی اچھائی کھانے ہی سے معلوم ہو سکتی ہے -

Proof (proof) *adj.* & *v.t.* Invulnerable, make unpervious روک ـ حفاظت ـ بچاؤ ـ ضرر سے محفوظ ـ معیاری طاقت کا ـ طاقتور ـ ناقابل تسخیر ـ ناقابل تسخیر بنانا ـ ناقابل گزر بنانا ـ

Bullet proof گولی روک ـ

Burglar proof چور روک ـ نقب روک ـ

Water proof پن روک ـ

Prop (prop) *n., v.t.* & *i.* A rigid support, a stay آڑ ـ ٹیک ـ ٹیکن ـ پایہ ـ سہارا ـ کھمبا ـ ٹیک لگانا ـ سہارا دینا ـ کھمبا کھڑا کرنا ـ سنبھالنا ـ تھامنا ـ گھوڑے کا چلتے چلتے یکایک رک جانا ـ

Propaganda (prop-ə-ganda) *n.* A congregation of the Roman Catholic church ایک رومن کیتھولک انجمن جس کی زیر نگرانی دینی تبلیغ کا کام انجام دیا جاتا تھا ـ تبلیغی انجمن ـ انتظام نشر و اشاعت ـ تبلیغ ـ نشر و اشاعت کے اصول اور طریقے ـ دعوت کا کام ـ

Propagandist (prop-ə-gand-ist) *n.* One who propagates نشر کرنے والا ـ اشاعت کرنے والا ـ مبلغ ـ اخبار، اشتہارات اور کتابچوں کے ذریعے اشاعت کرنے والا ـ دین کی دعوت کا کام کرنے والا ـ سیاسی جماعت کا ناشر ـ

Propagandism *n.* کامیابی کے لیے نشر و اشاعت ـ

Propagandistic *adj.* نشر و اشاعت کے متعلق ـ مبلغانہ ـ ناشرانہ ـ

Propagandize *v.i.* & *t.* سیاسی یا تبلیغی مقصد کے لیے نشر و اشاعت کرنا ـ اخباروں میں مضامین اور خبروں کی اشاعت کرنا ـ

Propagate (prop-ə-gat) *v.t.* Multiply, transmit پھیلانا ـ رائج کرنا ـ بڑھانا ـ افزائش نسل کرنا ـ تعداد میں زیادہ کرنا ـ اولاد پیدا کرنا ـ

Propagation *n.* نشر و اشاعت ـ رواج ـ افزائش نسل ـ

Propagator *n.* نشر کرنے والا ـ رواج دینے والا ـ پھیلانے والا ـ

Propagative *adj.* نشر و اشاعت کے متعلق ـ ناشرانہ ـ نشری ذریعہ سے ـ افزائش نسل کے بارے میں ـ

Propel (pro-pel) *v.t.* Drive forward دھکیلنا ـ چلانا ـ آگے بڑھانا ـ دھکا دے کر بڑھانا ـ

Propellent (pro-pel-ent) *adj.* & *n.* Driving دھکیلنے والا ـ چلانے والا ـ محرک ـ بارود جو گولی کو زور سے نال سے نکالتی ہے ـ

Propeller (pro-pel-ər) *n.* That which propels دھکیلنے والا اوزار ـ مادہ یا زور ـ گردش کرنے والا پنکھا جو جہاز یا ٹربائن کو چلاتا ہے ـ مشین کا پنکھا ـ

Propense (pro-pens) *adj.* Inclined جھکا ہوا ـ میل رکھتا ہوا ـ راغب ـ

Propensity (pro-pens-i-ti) *n.* Inclination of mind رغبت ـ خواہش ـ میل ـ شوق ـ چسکا ـ چاٹ ـ چٹیک ـ جھکاؤ ـ لگاؤ ـ

Proper (prop-ər) *adj.* Appropriate اپنا ـ سگا ـ حقیقی ـ ذاتی ـ موزوں ـ شایان ـ لائق ـ واجب ـ مناسب ـ معقول ـ ٹھیک ـ درست ـ صحیح ـ کامل ـ پکا ـ سرتاسر ـ اول درجے کا ـ حسین ـ وجیہہ ـ شائستہ ـ شریف ـ اصلی رنگ میں ـ حقیقی رنگ میں ـ

Properly (prop-ər-li) *adv.* In a proper manner, strictly واجبی ـ بخوبی ـ خوش اسلوبی سے ـ مناسب طور پر ـ شائستہ طریقے سے ـ (بول چال) پورا پورا ـ کامل طور پر ـ بالکل ـ

Property (prop-ər-ti) *n.* A quality that is always present, that which is one's own ملکیت ـ حقیقت ـ خصوصیت ـ صفت ـ سامان ـ اسباب ـ جائداد ـ املاک ـ خاصہ ـ (جمع) لباس یا فرنیچر وغیرہ جو اسٹیج پر استعمال کیا جائے ـ

Movable or personal property } جائداد منقولہ ـ ذاتی استعمال کا سامان ـ

Private property ذاتی مال و اسباب ـ

Prophecy (prof-i-si) *n.* Prediction, inspired utterance پیشین گوئی ـ غیب دانی ـ الہامی گفتگو ـ پیغمبرانہ قابلیت ـ

Prophesy (prof-i-si) *v.t.* & *i.* Utter prophecies, speak prophetically پیشین گوئی کرنا ـ غیب کی باتیں بتانا ـ آئندہ کا حال بتانا ـ الہام یا آسمانی کتاب کی تفسیر کرنا ـ وہ باتیں بتانا جو لوگ نہیں جانتے ـ

Prophet (prof-it) *n.* A spokesman of deity خدا کا رسول ۔ غیب دان ۔ بشیر و نذیر ۔ پیغمبر ۔ حق کا مبلغ ۔ کسی اصول کا حامی ۔ (بول چال) گھڑ دوڑ میں ٹپ دینے والا ۔

Prophethood / **Prophetship** } *n.* نبوت ۔ رسالت ۔ پیغمبری ۔

Prophetic (prəf-e-tik) *adj.* Pertaining to things to come پیغمبری کا ۔ رسالت کا ۔ غیب دانی کا ۔ آئندہ واقعات کے بارے میں ۔

Prophetical *adj.* نبی کے شایان شان ۔ رسالت کا ۔ پیغمبرانہ ۔

Prophetically *adv.* پیغمبرانہ شان سے ۔ نبوت کے طور پر ۔ الہامی طور پر ۔

Prophylactic (prof-i-lak-tik) *adj.* & *n.* Preventive بیماری کو روکنے والی دوا ۔ مانع امراض ۔ احتیاطی ۔ حفظ ماتقدمانہ ۔

Propinquity (prə-ping-kwi-ti) *n.* Nearness نزدیکی ۔ قربت ۔ ناطہ ۔ رشتہ ۔ نسبت ۔ قرابت داری ۔ مشابہت ۔ یکسانی ۔

Propitiate (prə-pish-i-āt) *v.t.* Render favourable منانا ۔راضی کرنا ۔ خوشنودی حاصل کرنا ۔ موافق ہونا ۔ مہربان کرنا ۔ ساز گار کرنا ۔

Propitiation (prə-pish-i-a-shən) *n.* Act of atonement کفارہ ۔ منت ۔ صدقہ ۔ قربانی ۔ بلیدان ۔ پرائسچت ۔

Propitiatory *adj.* & *n.* دلپذیر ۔ دل خوش کن ۔ گناہ کو دھونے والا ۔ کفارے کے طور پر ۔ تابوت یہودہ کا طلائی غلاف ۔

Propitious (prə-pish-əs) *adj.* Favourable مہربان ۔ موافق ۔ ساز گار ۔ سعید ۔ مبارک ۔ مسعود ۔

Propitiousness *n.* موافقت ۔ ساز گاری ۔ کرم ۔ توجہ ۔ شفقت ۔ مہربانی ۔

Proponent (prə-pōn-ent) *adj.* & *n.* Proposing محرک ۔ مجوز ۔ تجویز پیش کرنے والا ۔ سائل ۔

Proportion (prə-pōr-shən) *n.* & *v.t.* Fitness of parts to each other مقدار ۔ تعداد ۔ نسبت ۔ تناسب ۔ مناسبت ۔ قرینہ ۔ اربعہ متناسبہ (جمع) جسامت ۔ وسعت ۔ تناسب پیدا کرنا ۔ توافق پیدا کرنا

It was out of (all) proportion وہ بالکل بے تکا تھا ۔

Proportioned *adj.* موزوں ۔ متناسب ۔

Proportionment *n.* مناسبت ۔ موافقت ۔ توازن ۔ تناسب ۔ نسبت ۔

Proportional (prə-pōr-shən-al) *adj.* & *n.* In suitable proportion متناسب ۔ برابر کا ۔ ہم نسبت ۔ ہم مقدار ۔ عدد متناسبہ ۔

Proportional representation } متنا سب نمائندگی ۔ آبادی کے تناسب سے نمائندگی ۔

Proportionable *adj.* موزوں ۔ متناسب ۔ اندازے کے قابل ۔

Proportionate *adj.* ہم مقدار ۔ برابر کا ۔

Proportionally / **Proportionately** } *adj.* تناسب سے ۔ از راہ تناسب ۔ موزونیت سے ۔ متناسب طریقہ سے ۔

Proposal (pre-pōz-al) *n.* An act of proposing تجویز ۔ رائے ۔ تحریک ۔ درخواست ۔ شادی کا پیام ۔ منصوبہ ۔

Propose (prə-pōz) *v.t.* & *i.* Put forward تجویز کرنا ۔ رائے دینا ۔ تحریک کرنا ۔ نامزد کرنا ۔ قصد کرنا ۔ مقصد قرار دینا ۔ شادی کی درخواست کرنا ۔ جام صحت تجویز کرنا ۔ غور کے لیے پیش کرنا ۔

Proposition (prop-ə-zish-ən) *n.* An act of proposing قول ۔ دعویٰ ۔ مسئلہ ۔ سوال ۔ قضیہ ۔ پیشہ ۔ کاروبار ۔ حریف ۔ مخالف ۔ توقع ۔

Propositional *adj.* تجویز کردہ ۔ مجوزہ ۔

Propound (prə-pownd) *v.t.* Offer for consideration تجویز کرنا ۔ پیش کرنا ۔ غور کے لیے کمیٹی یا مجلس کے سامنے رکھنا ۔ وصیت نامہ حاکم عدالت کے سامنے تصدیق کے لیے پیش کرنا ۔

Proprietary (pro-prī-ə-tə-ri) *adj.* & *n.* Of the nature of property مالکانہ ۔ زمینداراانہ ۔ مالک جائداد ۔ ملکیت ۔ جماعت زمینداراں ۔

Proprietor (pro-prī-ə-tər) *n.* An owner صاحب جائداد ۔ حقیقت دار ۔ مالک ۔

Proprietorial *adj.* مالکانہ ۔

Proprietorship *n.* حقیقت ۔ ملکیت ۔ زمینداری ۔

Propriety (pro-prī-ə-ti) *n.* Rightness موزونیت ۔ معقولیت ۔ مناسبت ۔ درستی ۔ صحت ۔ خوش اسلوبی ۔ تمیز ۔ ادب (جمع) خوش اطواری ۔

Proptosis (prop-tō-sis) *n.* A forward displacement esp. of the eye باہر نکلا ہونا ۔ ابھار ۔ آنکھ کے ڈیلے کا باہر آ جانا ۔

Propulsion (prə-pul-shən) *n.* Driving forward دھکا ۔ ریلا ۔ ٹھیلا ۔ حرکت ۔ جوش ۔ اخراج ۔

Propulsive *adj.* جوش دلانے والا ۔ آگے بڑھانے والا ۔ دھکیلنے والا ۔ محرک ۔

Prorogue (prō-rōg) *v.t.* & *i.* Postpone, discontinue ملتوی کرنا ۔ برآئندہ کرنا ۔ موقوف رکھنا ۔ ایوان کا اجلاس ملتوی کرنا یا ہونا ۔

Prorogation *n.* اجلاس کا التوا ۔ التوا ۔ توقف ۔

Prosaic (prō-zā-ik) *adj.* Commonplace نثری ۔ سادہ ۔ معمولی ۔ غیر دلچسپ ۔ بے لطف ۔ فرسودہ ۔ پیش پا افتادہ ۔

Prosaically *adv.* غیر شاعرانہ طور پر ۔ معمولی طور پر ۔ عامیانہ طور پر ۔

Prosaicness *n.* غیر شاعرانہ پن ۔ بے لطفی ۔ پھیکا پن ۔

Prosaist (prō-zəst) *n.* Prose writer نثر نویس ۔ نثر نگار ۔ غیر دلچسپ آدمی ۔

Proscribe (prō-skrīb) *v.t.* Outlaw, denounce واجب القتل قرار دینا ۔ جلاوطن کرنا ۔ قانونی تحفظ سے خارج کرنا ۔ خطرناک ٹھہرانا ۔ ممنوع قرار دینا ۔ منع کرنا ۔ حرام ٹھہرانا ۔

Proscription *n.* خارج البلد ۔ ممنوع ۔ جلاوطنی ۔ حکم قتل ۔

Proscriptive *adj.* ممنوع قرار دینے والا ۔ جابرانہ ۔ ممانعتی ۔

Prose (prōz) *v.t.*, *i.* & *n.* Direct arrangement of words نثر ۔ سادہ طرز ادا ۔ بے رنگ ۔ غیر شاعرانہ ۔ غیر دلچسپ ۔ معمولی بات چیت ۔ نثر لکھنا ۔ بے مزہ گفتگو کرنا ۔ نظم کو نثر میں تبدیل کرنا ۔

Proser *n.* بے لطف باتیں کرنے والا ۔ نثر نویس ۔

Prosecute (pros-i-kūt) *v.t.* Pursue by law درپے ہونا ۔ پیچھا کرنا ۔ مقدمہ چلانا ۔ جاری رکھنا ۔ استغاثہ دائر کرنا ۔

Prosecution *n.* پیروی ۔ کوشش ۔ چالان عدالت ۔ استغاثہ ۔ قانونی کاروائی ۔ فوجداری مقدمہ ۔ تعمیل ۔

Prosecutor (pros-i-kūt-ər) *n.* One who carries on a criminal suit مستغیث ۔ استغاثہ دائر کرنے والا ۔ نالش کرنے والا ۔ فوجداری دعویٰ دائر کرنے والا ۔ پیروی کرنے والا ۔

Proselyte (pros-i-līt) *v.t.* & *n.* One who has changed his religion or belief ایک دین چھوڑ کر دوسرا دین اختیار کرنے والا ۔ نومعتقدہ ۔ عقیدہ بدل دینے والا ۔ کسی غیر مذہب والے کو اپنے دین میں لانا ۔ کسی کا عقیدہ بدلنا ۔

Proselyte of the gate نو یہودی جو ختنہ نہیں کراتا ۔

Proselytism *n.* تبدیل مذہب کا عمل ۔ نواعتقادی ۔ نو مذہبی ۔

Proselytize *v.t.* معتقد بنانا ۔ اپنے دین میں داخل کرنا ۔ مذہب تبدیل کرانا ۔

Prosify (pros-i-fi) *v.t.* & *i.* Change into prose نثر لکھنا ۔ نثر میں تبدیل کرنا ۔ بے کیف یا غیر دلچسپ بنانا ۔

Prosody (pros-ə-di) *n.* Laws of metre عروض ۔ علم عروض ۔ ارکان شعر ۔ تقطیع ۔ وزن شعر ۔

Prosodiacal *adj.* عروضانہ ۔ علم عروض کے لحاظ سے ۔

Prosodial *adj.* فن شعر کا ۔ عروضی ۔

Prosodist *n.* علم عروض کا جاننے والا ۔

Prosodic *adj.* عروضانہ ۔ عروضی ۔

Prosopopoeia (pros-ō-pō-pē-yȧ) *n.* Personification غیر مرئی یا غائب کو حاضر اور متشکل کرنا ۔ مجرد اشیا کو مجسم کرکے دکھانا ۔ خیالی یا غائب مقرر کو تقریر کرتے ہوئے دکھانا ۔ مجسم کرنا ۔ تشکیل ۔ تجسیم ۔ شخصیت ۔

Prospect (pros-pekt) *n.*, *v.t.* & *i.* Outlook, expectation منظر ۔ نظارہ ۔ سماں ۔ تماشا ۔ توقع ۔ امید ۔ امکان ۔ موقع ۔ ترقی (معدنیات) مقام جہاں سے کسی دھات کے نکلنے کی امید ہو ۔ کچی دھات کا نمونہ ۔ کسی قطعہ زمین میں معدنی تفتیش کرنا ۔ تجربتاً کان کنی کرنا ۔

Prospector *n.* معدنیات کی تلاش کرنے والا ۔

Prospective (pros-pek-tiv) *adj.* Probable or expected in future آئندہ کے متعلق ۔ مستقبل کا ۔ ہونے والا ۔ آئندہ واقع ہونے والا ۔

Prospectus (pros-pek-tus) *n.* The outline of any plan or work ۔ تفصیل نصاب ۔ کتا بچہ کیفیت نما کسی منصوبہ کی تفصیل ۔ کسی ادارے کی خصوصیات کو ظاہر کرنے والا کتا بچہ ۔

Prosper (pros-pər) *v.t.* Thrive ۔ پھیلنا پھولنا ۔ سرسبز ہونا ۔ بار آور ہونا ۔ فروغ پانا ۔ کامیاب ہونا ۔ خوش و خرم ہونا ۔

Prosperous (pros-pe-rəs) *adj.* Thriving, successful کامیاب ۔ بامراد ۔ کامران ۔ اقبال مند ۔ سر سبز ۔ ہرا بھرا ۔ مبارک ۔ سعید ۔ موافق ۔

Prosperity *n.* ۔ اقبال مندی ۔ کامیابی ۔ بہبودی ۔ فلاح ۔

Prosperously *adv.* ۔ اقبال مندی سے ۔ کامیابی سے ۔ خوش بختی سے ۔

Prostate (pros-tat) *n.* A gland in males at the neck of bladder مردوں میں غدود مثانہ ۔ بڑا غدود ۔

Prostatitis (pros-tat-i-tis) *n.* Inflammation of prostate غدود مثانہ کا ورم ۔

Prosthesis (pros-thə-sis) *n.* Fitting of artificial parts to the body (قواعد) سابقہ (جراحی) مصنوعی عضو کا اضافہ ۔ جوڑ ۔ پیوند ۔

Prosthetic *adj.* ۔ مصنوعی عضو لگانے کے متعلق ۔ اضافی ۔

Prostitute (pros-ti-tut) *n.* & *v.t.* A common harlot or whore ۔ قحبہ ۔ فاحشہ ۔ رنڈی ۔ کسبی ۔ رنڈی یا کسبی بننا ۔ عصمت فروشی کرنا ۔ برا کام کرنا ۔ کسی ذلیل کام میں لیاقت صرف کرنا ۔

Prostitution *n.* ۔ ذلیل کام ۔ عصمت فروشی ۔ بد کاری ۔ کسب ۔ رنڈی پن ۔

Prostrate (pros-trāt) *adj.* Prone, lying with face on ground ۔ گرا ہوا ۔ سجدہ میں گرا ہوا ۔ لیٹا ہوا ۔ سجدہ ریز ۔ مغلوب ۔ منکسر ۔ شکست خوردہ ۔ تھکا ماندہ ۔ طالب رحم ۔ زمین پر پھیلی ہوئی بیل ۔

Prostrate (pros-trāt) *v.t.* Throw forward on the ground, lay flat ۔ گرا دینا ۔ بچھا دینا ۔ لٹا دینا ۔ سجدہ کرنا ۔ پاؤں پڑنا ۔ سری ٹیک کرنا ۔ ناصیہ سائی کرنا ۔ مغلوب کرنا ۔ مطیع کرنا ۔ تھکا کر چور کر دینا ۔

Prostration *n.* ۔ ناطاقتی ۔ پژمردگی ۔ جبیں سائی ۔ سجدہ ریزی ۔ زمین پر منہ کے بل پڑ جانا ۔

Prosy (proz-i) *adj.* Uninteresting ۔ بے لطف ۔ بے مزہ ۔ اکتا دینے والا ۔

A prosy talker ۔ اکتا دینے والی باتیں کرنے والا ۔

Prosily *adv.* ۔ ناگواری سے ۔ بے لطفی سے ۔

Prosiness *n.* ۔ ناگواری ۔ بے کیفی ۔ بے لطفی ۔

Protagonist (pro-tag-ən-ist) *n.* Chief actor or combatant کسی ناٹک کا خاص کردار ۔ ممتاز شخص ۔ سرغنہ ۔ سربر آوردہ ۔

Protasis (prot-ə-sis) *n.* Conditional clause of a conditional sentence تمہیدی فقرہ جس میں جملہ شرطیہ ہو ۔ حسبی جملہ کا شرطیہ جز ۔

Protatic *adj.* ۔ مشروط ۔ شرطیہ ۔

Protean (pro-ti-ən) *adj.* Assuming different shapes ۔ نئی نئی شکلیں بدلنے والا ۔ تغیر پذیر ۔ سیماب وش ۔

Protect (prō-tekt) *v.t.* Shield from danger ۔ بچانا ۔ محفوظ رکھنا ۔ پناہ دینا ۔ غیر ملکی اشیاء پر محصول لگا کر ملکی صنعت کو فروغ دینا ۔ مشین پر کام کرنے والوں کی حفاظت کے لئے بچاؤ کا پرزہ لگانا ۔

Protective *adj.* ۔ بچانے والی ۔ حفاظت کرنے والی ۔ حامئی ۔ محافظ ۔

Protection (prō-tek-shən) *n.* Act of protecting حفاظت ۔ حمایت ۔ پناہ ۔ امان ۔ سرپرستی ۔ بچاؤ ۔ پروانہ راہ داری ۔ (امریکہ) صداقت نامہ شہریت ۔ ملکی صنعتوں کو محفوظ رکھنے کا نظام ۔

Protectionism *n.* ۔ ملکی صنعتوں کے تحفظ کا اصول ۔

Protectionist *n.* ۔ ملکی صنعت کے تحفظ کا حامی ۔

Protector (prō-tek-tər) *n.* One who or which protects ۔ حامی ۔ محافظ ۔ نگہبان ۔ والی ۔ سرپرست ۔ بچاؤ کا پرزہ ۔ نائب السلطنت ۔ وہ شخص جو بادشاہ کی صغیر سنی میں حکومت کا کام چلاتا ہے ۔

Protectorate (prō-tek-tə-rāt) *n.* Authority over a territory which it administers under a mandate ایسا علاقہ جو کسی حکومت کے انتظام میں کسی فیصلہ کی بنا پر دیا گیا ہو ۔ حکومت ۔ ولی الملک کی حکومت ۔ زیر نگرانی علاقہ ۔ کسی کمزور ریاست کا بڑی ریاست کے زیر حفاظت آ جانا ۔

Protectory (prō-tek-tə-ri) *n.* An institution for destitute or delinquent children غریب جرائم خو اور نیار بچوں کی تربیت کا ادارہ ۔

Protege (pro-ta-zha) *n.* One under the protection of another زیر تربیت شخص ۔ زیر حفاظت و حمایت شخص ۔ وہ جو دوسرے کی حفاظت میں ہو ۔

Protein (pro-te-in) *n.* A nitrogenous substance پروٹین جو غذائیت کا جزو اعظم ہے ۔ بیضیہ ۔ لحمیہ ۔ غذا کا اساسی عنصر ۔

Protend (prō-tend) *v.t.* Stretch پھیلانا ۔

Protest (pro-test) *v.t.* Express or record dissent or objection اظہار نارضامندی ۔ احتجاج ۔ اعتراض ۔ نوٹری کا اعلان کہ ہنڈی باضابطہ پیش کی گئی اور ادائی زور سے انکار کیا گیا ۔ اقرار واثق ۔

He paid it under protest اس نے احتجاج کرتے ہوئے رقم ادا کر دی ۔

Protest (prō-test) *v.t.* & *i.* Make a solemn declaration دعوے اور وثوق سے بیان کرنا ۔ تحریری اعتراض کرنا ۔ عذر داری کرنا ۔ ہنڈی کی عدم ادائی کا اعلان کرنا ۔ صدائے احتجاج بلند کرنا ۔ اعتراف کرنا ۔ اقرار واثق کرنا ۔

Protest against کسی حکم یا شخص کے خلاف اعتراض کرنا ۔ عذر کرنا ۔ نہ ماننا ۔

Protester-tor *n.* اعتراف کرنے والا ۔ احتجاج کرنے والا ۔ معترض ۔

Protestingly *adv.* احتجاج کے طور پر ۔

Protestant (prō-tes-tənt) *adj.* & *n.* One who protests دین مسیحی کا ایک فرقہ جس کا بانی لوتھر تھا ۔ معترض یا مصلح فرقہ ۔ احتجاج کرنے والا ۔ احتجاج کنندہ ۔

Protestantism *n.* اصلاحی مذہب ۔ پروٹسٹنٹ مذہب ۔

Protestation (prō-tes-ta-shən) *n.* An avowal, a protest قول ۔ اقرار ۔ اقرار واثق ۔ اعتراض ۔ انکار ۔ عذر ۔ احتجاج ۔

Proteus (prō-tus) *n.* An ancient Greek sea god ایک یونانی دیوتا جو اپنی شکلیں بدلتا رہتا تھا تاکہ پہچانا نہ جا سکے ۔ متلون مزاج انسان ۔ جلد جلد شکلیں بدلنے والا ۔

Proto (prōtō) *prefix* In combination first of the series سابقہ بمعنی ابتدائی ۔ اول ۔ اصلی ۔ بنیادی ۔

Protocol (prō-tō-kōl) *n.* A draft treaty, official record اصل مسودہ ۔ سیاسی تحریر یا معاہدہ کا مسودہ جس پر فریقین کے دستخط ہوں ۔ رو داد ۔ بیان ۔ سررشتہ آداب ورسوم جو سرکاری مہمانوں کے رتبے کے لحاظ سے ان کی میزبانی کرتا ہے ۔

Prothonotary (prot(h)on-ət-ə-ri) *n.* Chief clerk or registrar of a court میرمنشی ۔ عدالت کا صدر اہلکار ۔ چانسلری کا اعلیٰ محرر ۔

Protoplasm (prō-tə-plazm) *n.* Living matter مادہ حیات ۔ مادہ جس سے زندگی کی ابتدا ہوتی ہے ۔

Protoplast (prō-tə-plast) *n.* An original, the first parent آدم ۔ مردم اول ۔ اصل نمونہ ۔

Protoplastic *adj.* ابتدائی ۔ اصلی ۔ پہلا ۔ اولین ۔

Prototype (prō-tə-tīp) *n.* The first or original type ابتدائی شے ۔ پہلا نمونہ ۔

Prototypal *adj.* نمونہ کا کام دینے والا ۔ ابتدائی ۔ اصلی ۔

Protract (prō-trakt) *v.t.* Prolong طویل کرنا ۔ دراز کرنا ۔ لمبا کرنا ۔ دیر کرنا ۔ ملتوی کرنا ۔ التوا میں ڈالنا ۔ نقشہ کھینچنا یا بنانا ۔

Protraction (prō-trak-shən) *n.* Act of prolonging طوالت ۔ وقفہ ۔ التوا ۔ نقشہ کشی ۔

Protractor (prō-trak-tər) *n.* An instrument for laying down angles زاویے بنانے اور ناپنے کا آلہ ۔ نقشہ ۔ خاکہ ۔ گنیا ۔ طول دینے والا ۔

Protrude (prō-trōōd) *v.t.* Thrust or push forward آگے بڑھانا ۔ دھکیلنا ۔ باہر کو نکالنا ۔ آگے بڑھنا ۔ زبردستی گھسنا ۔ ابھرنا ۔ پھوٹ نکلنا ۔ نکل آنا ۔

Protrudent *adj.* نکلا ہوا ۔ ابھرا ہوا ۔

Protrusible *adj.* آگے کو نکلنے کے قابل ۔ ابھرنے کے قابل ۔

Protrusive *adj.* آگے کو نکلنے یا نکالنے والا ۔

Protrusion *n.* آگے کو نکلا ہوا حصہ ۔ نکلا ہوا ہونا ۔

Protuberant (prō-tūb-ə-rənt) *adj.* Bulging out ابھرا ہوا ۔ بڑھا ہوا ۔ نکلا ہوا۔ نمایاں ۔ جاذب توجہ۔

Protuberance *n.* گلٹی ۔ گومڑا ۔ آماس ۔ ورم ۔ پھولن ۔ ابھار ۔ سوجن ۔

Proud (prowd) *adj.* Arrogant, haughty مغرور ۔ متکبر ۔ مدمغ ۔ خود پسند ۔ بے جا فخر کرنے والا ۔ شیخی باز ۔ لاف زن ۔ غیور ۔ خود دار ۔ عظیم الشان ۔ گراں قدر ۔ قابل فخر ۔ سیلابی ۔ طوفانی ۔ موجزن (بول چال) عزت افزائی ۔

Prove (proo̅v) *v.t.* & *i.* Test, experience, suffer آزمانا ۔ امتحان کرنا ۔ جانچنا ۔ ثبوت دینا ۔ تصدیق کرنا ۔ تجربہ کرنا ۔ تجربہ سے معلوم کرنا ۔ کسی فوٹوپلیٹ کا پروف نکالنا ۔ معلوم ہونا ۔ تجربہ ہونا ۔ تجربہ سے ثابت ہونا ۔

Provable *adj.* جس کی صداقت ثابت کی جا سکے ۔ قابل ثبوت ۔

Provableness *n.* ثابت ہونے کی قابلیت ۔

Provenance (prov-i-nəns) *n.* Source ماخذ ۔ اصل مقام ۔ مقام ساخت ۔ مقام پیدائش ۔

Provender (prov-in-dər) *n.* Food, dry food for beasts گھاس ۔ چارہ (مزاحاً) کھانا ۔

Proverb (prov-erb) *n.* A short sentence expressing a supposed truth ضرب المثل ۔ کہاوت ۔ مثل ۔ مقولہ ۔ کہاوتی ناٹک ۔ ڈراما ۔ مثال ۔ نمونہ ۔ مثلیں بجھانے کا کھیل ۔

Proverbial (prov-erb-i-əl) *adj.* Of the nature of a proverb مثالی ۔ مشہور ۔ زبان زد ۔

Proverbial wisdom وہ دانائی جو کہاوتوں میں پائی جاتی ہے ۔

Proverbiality *n.* شہرت ۔ بدنامی ۔

Proverbially *adv.* تمثیلاً ۔ ضرب المثل کے طور پر ۔

Provide (prō̅-vī̅d) *v.t.* Make ready beforehand مہیا کرنا ۔ بہم پہنچانا ۔ فراہم کرنا ۔ اہتمام کرنا ۔ مہمان داری کرنا ۔ کھلانا پلانا ۔ مشروط قرار دینا ۔ تقرر کرنا ۔ مقرر کرنا ۔ پوپ کا قبل خلوے جائداد تقرر کر دینا ۔

Provided (prō̅vī̅d-d) *adj.* & *conj.* On condition, upon these terms بشرطیکہ ۔ اس شرط کے ساتھ ۔ اگر ۔

Provided he does no harm بشرطیکہ کہ وہ نقصان نہ پہنچائے ۔

Providence (prov-i-dəns) *n.* Prudent management, benevolent care of God عاقبت‌اندیشی ۔ دور اندیشی ۔ حزم و احتیاط ۔ رزاق ۔ پرور دگاری ۔ کار سازی ۔ کفایت شعاری ۔

Provident (provi-dənt) *adj.* Providing for future عاقبت اندیش ۔ دور اندیش ۔ محتاط ۔ ہوشیار ۔ جزرس ۔ کفایت شعار ۔

Providently *adv.* عاقبت اندیشی سے ۔

Providential (prov-i-dən-shəl) *adj.* Proceeding from divine providence منجانب‌اللہ ۔ خداوندی ۔ فضل رب کا ۔ مبارک ۔ برمحل ۔

Providentially *adv.* خوش قسمتی سے ۔ خدا کی طرف سے ۔

Provider (prov-id-ər) *n.* One who provides مہیا کرنے والا ۔ روزی رساں ۔

Universal provider ہمہ فروش دوکاندار ۔ ہر سامان بیچنے والا تاجر ۔

Province (prov-ins) *n.* A portion of a state صوبہ ۔ ماتحت علاقہ ۔ اسقف کے ماتحت علاقہ ۔ حلقہ کاروبار ۔ حلقہ اختیار ۔

Provincial (pro-vin-shl) *adj.* & *n.* Belonging to a province صوبجاتی ۔ صوبہ داری ۔ صوبہ کے متعلق ۔ مقامی خیالات ۔ تنگ نظر ۔ تنگ خیال ۔ صوبے کے باشندے (کلیسا) صوبہ کا مذہبی عہدہ دار ۔

Provincialist *n.* مفصلات کا رہنے والا ۔ دیہاتی باشندہ ۔

Provinciality *n.* صوبہ واریت ۔ تنگ خیالی ۔ مقامی تعصب ۔ تنگ نظری ۔

Provincialize دیہاتی بنانا ۔ صوبہ جاتی بنانا ۔

Provincialism (prov-in-shi-əl-izm) *n.* Manner and mode of speech صوبہ جاتی انداز گفتگو ۔ صوبہ جاتی عادات و اطوار ۔

Provision (prə-vizh-ən) *v.t.* & *n.* Act of providing مہیا کرنا - فراہمی - بہم رسانی - پیش بینی - کھانے پینے کا سامان - ذخیرہ - ذخیرہ فراہم کرنا -

- Provisionless *adj.* بے سرو سامان -
- Provisionment *n.* سامان کی فراہمی -
- Provisional *adj.* ہنگامی - عارضی - مشروط -
- Provisionality-ness *n.* ہنگامی پن - عارضی پن -
- Provisionally *adv.* عارضی طور پر - ہنگامی طور پر -

Proviso (prō-vī-zō) *n.* A condition شرط - اقرار - استثنا - استثنائیہ فقرہ -

Provisor (prō-vī-zər) *n.* One who provides وہ شخص جس کا تقرر پیش از خلوے جائداد پوپ نے کر دیا ہو - تقرر عندالخلوے جائداد - مددگار اسقف یا اس کا قائم مقام -

Provocable (pro-vōk-ə-bl) *adj.* Excitable قابل اشتعال - زود رنج -

Provocation (pro-vōk-ə-shən) *n.* Any cause of danger اشتعال - برانگیختگی - غیظ و غضب - طیش -

Provocative (pro-vōk-ə-tiv) *adj.* & *n.* Tending to excite برانگیختہ کرنے والا - اشتعال انگیز -

Provoke (pro-vōk) *v.t.* Call forth, challenge اکسانا - بھڑکانا - اشتعال دینا - طیش دلانا - غصہ دلانا - آمادہ کرنا - ترغیب دینا - ابھارنا -

- Provoking *adj.* غصہ دلانے والا - طیش آور - اشتعال انگیز -
- Provokingly *adv.* غصہ دلاتے ہوئے - اشتعال دلاتے ہوئے -

Provost (prov-əst) *n.* Head, dignitary set over a cathedral کالج کا صدر - صدر کلیہ - کسی مذہبی جماعت کا افسر اعلیٰ - صدر کلیسا - صدر کوتوالی - جنگی جہاز کا مہتمم اسلحہ خانہ - نوآبادی کا پولیس افسر - نیم فوجی افسر -

Prow (prow) *n.* & *adj.* The fore part of a ship جہاز کا اگلا حصہ - جہاز کا مہرہ - ایک قسم کی کشتی - جانوروں کے سر کا گومڑ - ابھرا ہوا -

Prow (prow) *adj.* Valiant لائق - اہل - بہادر - شجاع - سورما - سور ویر -

Prowess (prow-es) *n.* Bravery, valour بہادری - جواں مردی - شجاعت -

Prowl (prowl) *v.i.* Keep moving about پھرتے رہنا - ڈھونڈھتے پھرنا - شکار کی تلاش میں پھرنا - تگ و دو کرنا - کوچہ گردی کرنا -

- On the prowl تاک میں پھرنا -
- Prowler *n.* چور - لٹیرا - شکار یا لوٹ مار کی تلاش میں پھرنے والا -

Proximate (proks-i-māt) *adj.* Nearest or next نزدیک - قریب - قریب ترین - لگا ہوا -

Proximity (proks-i-miti) *n.* Nearness نزدیکی - قرب -

Proximo (proks-i-mō) *adv.* Next month آئندہ ماہ میں - اگلے مہینے -

Proxy (prok-si) *n.* One who votes or acts for another نائب - مختار - وکیل - تحریر جس کی رو سے کسی کی طرف سے رائے دینے کی اجازت ہو - عرضی جو کسی وکیل کے ذریعے کی گئی ہو -

Prude (prōōd) *n.* A woman of affected modesty وہ عورت جس کا رکھ رکھاؤ مصنوعی ہو - عورت جو بہت بنتی ہو - جو جنسی تعلق میں سخت محتاط ہو -

- Prudery, Prudishness } *n.* بناوٹی شرم و حیا - جنسی احتیاط -
- Prudish *adj.* بناوٹی پارسا - مصنوعی شرم والی - بظاہر شرمیلی -

Prudent (proo-dənt) *adj.* Cautious, discreet and wise ہوشیار - چوکس - محتاط - عاقل - دانا - زیرک - مصلحت اندیش -

- Prudence *n.* مصلحت بینی - ہوشیاری - عاقبت اندیشی - دانائی -
- Prudently *adv.* عاقبت اندیشی سے - ہوشیاری سے - احتیاط سے -

Prudential (proo-den-shl) *adj.* & *n.* Relating to prudence عاقبت اندیشانہ - عاقلانہ - حزم و احتیاط - معاملات -

- Prudentialism *n.* احتیاط کوشی - احتیاط مندی -
- Prudentialist *n.* احتیاط کوش - احتیاط مند - محتاط -
- Prudentially *adv.* از راہ عاقبت اندیشی - از راہ احتیاط -

Prune (proon) *v.t.* Trim by lopping off leaves and branches قلم کرنا ۔ تراشنا ۔ چھانٹنا ۔ کتاب کو حشو وزوائد سے پاک کرنا ۔

Prune (proon) *n.* Dried plum خشک شفتالو یا آلو بخارہ ۔ ارغوانی رنگ ۔

Prunella (proo-nel-a) *n.* A strong silk or woollen stuff ایک قسم کا مضبوط ریشمی اور اونی کپڑا جس سے علمی گون بنتے ہیں ۔

Prunella (proo-nel-a) *n.* Sore throat گلے کی خراش ۔ گلے کا ورم ۔ ایک درخت جس کے پتے دوا کے کام آتے ہیں ۔

Prunello (proo-nel-o) *n.* A kind of dried plum بہترین قسم کا خشک آلوچہ ۔

Prurient (proo-ri-ənt) *adj.* Itching, craving فحش خیالات کا ۔ نفس پرست ۔ معیوب خواہش رکھنے والا ۔ بے قرار ۔ مضطرب ۔

Prurience-ency *n.* نفس پرستی ۔ ہوسناکی ۔ فحش خیالات کا میلان ۔

Pruriently *adv.* نفس پرستانہ ۔ باالہوسی سے ۔ ہوسناکی سے ۔

Prurigo-itus (proo-ri-go) *n.* An eruption on the skin کھجلی ۔ خارش ۔ داغ ۔ دھبے ۔

Pruriginous *adj.* کھجلی والا ۔ خارشی ۔

Prussian (prush-ən) *adj.* & *n.* An inhabitant, native of Prussia پروشیائی ۔ پروشیا کا رہنے والا ۔ پروشیا کا باشندہ ۔

Pry (pri) *v.t.* Peer or peep into that which is closed جھانکنا ۔ غور سے دیکھنا ۔ بھید لینا ۔ ٹوہ لگانا ۔

Prying *adj.* ٹوہ لگانے والا ۔

Psalm (sam) *n.* Devotional song بھجن ۔ نغمہ معرفت ۔ مناجات ۔

Psalm Book زبور ۔

The psalms زبور ۔

Psalmist (sam-ist) *n.* A composer of psalms, David حضرت داؤد ۔ مناجات نویس ۔

Psalmody (sam-o-di) *n.* Singing of psalms مناجات گانا ۔ مناجات کی ترتیب ۔

Psalmodic *adj.* نغمہ سرایانہ ۔

Psalmodist *n.* عارفانہ گیت گانے والا ۔ مناجات خوان ۔ نغمہ سرا ۔

Psalter (sawl-tər) *n.* The Book of Psalms مناجات کی کتاب ۔ زبور ۔

Psaltery (sawl-təri) *n.* An ancient stringed instrument سارنگی ۔ ستار ۔ قانون ۔ سرود ۔ طاؤس جو مضراب سے بجتے تھے ۔

Psephism (p)se-fizm) *n.* A decree of the Athenian assembly مجلس عوام کا فیصلہ ۔

Pseudechis (su-də-kis) *n.* Kinds of venomous snakes ایک قسم کا زہریلا سانپ ۔ افعی ۔ ناگ ۔

Pseudepigrapha (su-də-pi-graf-a) *n.* Books ascribed to Old Testament, spurious writing جھوٹی تصنیف ۔ جعلی تصنیف ۔

Pseudograph (su-do-graf) *n.* A spurious literary work جعلی تصنیف ۔ کسی کی تصنیف کسی دوسرے کے نام منسوب کرنا ۔

Pseudographic, Pseudographal *adj.* مصنوعی ۔ جعلی ۔ نقلی ۔

Pseud-o (sudo) *prefix* In composition sham, false سابقہ بمعنی نقلی ، جعلی ، مصنوعی ، جھوٹی ۔

Pseudologer (sudo-log-ər) *n.* Systematic lyer ماہر دروغ گوئی ۔ دروغ باف ۔

Pseudological *adj* کاذبانہ ۔ دروغ گویانہ

Pseudologist *n.* فرضی قصے گھڑنے والا ۔ پیشہ ور دروغ گو ۔

Pseudonym (sudo-nim) *n.* A fictitious name assumed by an author مصنف کا فرضی نام ۔

Pseudonymous (sudo-nim-əs) *adj.* دوسرے نام کا ۔ فرضی نام کا ۔ مفروضہ نام کا ۔

Pseudonymity *n.* فرضی نام اختیار کرنے کا اصول ۔ فرضی نام اختیار کرنا ۔

Pseudoscope (sudo-skop) *n.* A mirror interchanging convex and concave معکوس نما آئینہ ۔ ایسا آئینہ جس میں چوڑی چیز لمبی اور لمبی چیز چوڑی نظر آئے ۔

Pshaw (shaw) *interj.* Expressing contempt چھی چھی - تھو تھو - نفرت کا اظہار کرنا -

Psilanthropism ((p)si-lan-thrə-pizm) *n.* The doctrine that Christ was a mere man یہ نظریہ کہ مسیح ایک معمولی انسان تھے - عام انسانوں جیسے -

Psittacine ((p)sit-a-kin) *adj.* Parrot-like طوطے کی طرح کا - طوطی صفت -

Psora (sō-rā) *n.* Scabies سورا - کھجلی - خارش -

Psyche (sī-kē) *n.* The soul, spirit, mind روح - نفس - (یونان) روح کا ایک مجسمہ جس کے بازو تیتری کے پروں کے ہیں - پروانے کی ایک قسم -

Psychiater (sīki-ə-ter) *n.* Psychiatrist دماغی امراض کا معالج - دماغی امراض کا ماہر -

Psychiatrist *n.* دماغی علاج کا ماہر -

Psychiatry *n.* دماغی امراض کا علاج -

Psychic (sīkik) *adj.* & *n.* Of the mind روحانی - نفسی - معمول - واسطہ -

Psychic force نفسیاتی قوت - نفسی قوت - روحانی قوت -

Psychical (sīkik-əl) *adj.* Mental روحانی - نفسیاتی - نفسی - روحانیات کی -

Psychical research نفسیاتی تحقیق -

Psycho (sī-kō) *prefix* Combination form of mind, soul سابقہ بمعنی روح ، نفس -

Psychological (sīkō-loj-i-kəl) *adj.* Pertaining to the science of mind نفس انسانی کے متعلق - نفسیاتی - ذہنی - دماغی -

Psychological moment صحیح موقع - عین وقت - موزوں وقت -

Psychologically *adv.* مناسب وقت پر - روحانی طریقے سے - نفسیاتی طور سے -

Psychology (sī-kō-lə-ji) *n.* Science of mind نفسیات - علم النفس -

Psychologist ماہر نفسیات -

Psychrometer (sī-krom-i-tər) *n.* A wet and dry bulb hygrometer برودت پیما - سردی کی شدت معلوم کرنے کا آلہ -

Ptarmigan (tar-mi-gən) *n.* A mountain-dwelling grouse پہاڑی تیتر - شمالی یورپ کا پہاڑی تیتر جس کے پروں کا رنگ موسم کے لحاظ سے بدلتا رہتا ہے -

Pterygoid (te-ri-go-id) *adj.* Featherlike پر نما - بازو نما - پنکھ کی طرح کے -

Ptisan (tiz-an) *n.* A medicinal barley drink جو کا شربت -

Ptolemaic (tōl-i-mā-ik) *adj.* Pertaining to Ptolemy the astronomer بطلیموسی - خاندان بطلیموس کا رکن جنھوں نے سکندر اعظم کی وفات سے لے کر کلو پٹرا کے زمانے تک مصر پر حکومت کی -

Ptomaine (tō-mā-in) *n.* Poisonous matter formed in animals بدبودار اور زہریلا مادہ جو حیوانی یا نباتاتی مادہ کی ردائت سے پیدا ہوتا ہے -

Pub (pub) *n.* Short for public house سرائے - قیام و طعام گاہ - قیام گاہ جہاں شراب بھی بکتی ہے -

Puberty (pū-bər-ti) *n.* Sexual maturity بلوغ - بلوغت - سن بلوغ - پودوں میں پھول آنے کا موسم - شباب -

Age of puberty سن بلوغ - قانون انگلستان کی رو سے مرد کے لیے ۱۴ اور عورت کے لیے ۱۲ سال -

Pubescence (pū-bi-sens) *n.* Maturity سن بلوغ - بلوغت - جوانی - روئیں دار ہونا -

Pubescent *adj.* مونچھ داڑھی والا - بالوں والا - جوان - بالغ -

Public (publik) *adj.* & *n.* Belonging to the people, open to all عوام - عام لوگ - عوام الناس - جمہور - عام لوگوں کا - نمایاں - خلق اللہ کے متعلق -

A public man قوم کا خادم - قومی کارکن -

Public-spirited محب وطن - وطن پرست -

Publicity *n.* اعلان عام - شہرت - تشہیر -

Publicly *adv.* کھلم کھلا - علانیہ طور پر -

Publican (pub-lik-ən) *n.* The keeper of a public house سرائے والا - شراب فروش - محصول وصول کرنے والا -

Publication (pub-lik-a-shən) *n.* The act of publishing اشاعت - طباعت - تشہیر - کتاب - تصنیف و تالیف -

Publicist (pub-lis-ist) *n.* One who writes or is skilled in public law قانون کا مصنف یا ماہر - قانون دان -

Publish (pub-lish) *v.t.* Make public, divulge مشتہر کرنا ۔ شائع کرنا ۔ تشہیر کرنا ۔ اعلان کرنا ۔ منادی کرنا ۔

To publish the banns of marriage ہونے والے نکاح کا اعلان کرنا ۔

Publishable *adj.* قابل تشہیر ۔ قابل اشاعت ۔

Publisher (pub-lish-ər) *n.* One who publishes books ناشر کتب ۔ ناشر ۔ کتابیں چھاپ کر شائع کرنے والا ۔

Puce (pūs) *adj.* & *n.* Brownish purple سیاہی مائل ارغوانی رنگ ۔ مگسی یا سیاہی مائل بھورا ۔

Puck (puk) *n.* Mischievous spirit بھوت ۔ پریت ۔ بد روح ۔ شریر ۔ بھتنا ۔ مویشیوں کی ایک بیماری ۔ ربڑ کی گیند جس سے برف پر ہاکی کھیلتے ہیں ۔

Pucker (puk-ər) *v.t.,i.* & *n.* Wrinkle, group of wrinkles جھری ۔ شکن ۔ سلوٹ ۔ چین بر جبیں ہونا ۔ شکن پڑنا ۔ شکن ڈالنا ۔

Puckery *adj.* تہہ دار ۔ پر شکن ۔ جھریاں پڑا ہوا ۔ شکن دار ۔

Pud (pud) *n.* A paw, fist, hand پنجہ ۔ ہاتھ ۔ ہتیلی ۔ مٹھی ۔

Pudding (pood-ing) *n.* Meat, fruit, etc., cooked in flour, a dish of suger, milk and eggs پڈنگ ۔ حلوہ ۔ روا ۔ آٹا جو دودھ اور شکر میں پکایا جائے ۔ تھلی ۔ کلیجی کے ٹکڑے جو لقب زن کتوں کو خاموش کرنے کے لیے ڈالتے ہیں ۔

Pudding-faced *adj.* گول مول چہرہ ۔

Pudding-headed *adj.* بے وقوف ۔

Pudding pie *n.* لقمی ۔ میوہ بھرا سموسہ ۔

Pudding sleeve *n.* جامہ کی آستین ۔

Pudding time *n.* کھانے کا وقت ۔

More praise than pudding فائدہ کم تعریف زیادہ ۔

Puddle (pud-l) *v.t.,i* & *n.* A small muddy pool بند پانی ۔ غلیظ پانی کا گڑھا ۔ جوہڑ ۔ ڈبرا ۔ گدلا کرنا ۔ کیچڑ میں لوٹنا ۔ چھپ چھپ کرنا ۔ چھینٹیں اڑانا ۔ بے تمیزی سے کوئی کام کرنا ۔ گارا ملانا ۔ پگھلے ہوئے لوہے کو ہلا کر پتریاں ، چکریاں بنانا ۔

Puddler *n.* مسالہ ۔ بیلدار ۔ پگھلا ہوا لوہا ہلانے کی مشین ۔ تیار کرنے والا ۔ گارا ملانے والا ۔

Pudency (pu-dəns-i) *n.* Modesty غیرت ۔ شرم ۔ حیا ۔ حجاب ۔

Pudecity *adj.* شرم ۔ غیرت ۔

Pudge (puj) *n.* A fat man موٹا تازہ ۔ لشت پشت ۔ فربہ آدمی ۔ لمہم شمہم ۔ موٹا تازہ آدمی یا جانور ۔

Pudgy *adj.* فربہ ۔ موٹا تازہ ۔

Pudsy (pud-zi) *adj.* Plump موٹا تازہ ۔ گدا گر ۔

Puerile (pu-ər-il) *adj.* Silly, childish طفلانہ ۔ بچگانہ ۔ چھچھورے پن کا ۔ رکیک ۔ لڑکوں کا سا ۔

Puerilely *adv.* چھچھورے پن سے ۔ بچکانہ طور پر ۔

Peurility *n.* اوچھا پن ۔ چھچھورا پن ۔ بچپن ۔

Puerperal (pu-ər-pər-əl) *adj.* Relating to child birth وضع حمل کے متعلق ۔ زچگی کا ۔

Puerperal fever پرسوت کا بخار ۔

Puff (puf) *n.* A sudden forcible breath, a gust of whiff ہوا کا جھونکا ۔ پھونک ۔ زور کی سانس ۔ یکدم نکلی ہوئی بھاپ ۔ کاغذ یا کپڑے کے پھول ۔ پوڈر لگانے کی گدی ۔ کسی چیز کا مبالغہ آمیز اشتہار ۔

Puff (puf) *v.t.* & *i.* Breathe out forcibly, emit puff پھونکنا ۔ پھونک مارنا ۔ ہوا بھرنا ۔ زور سے سانس چھوڑنا ۔ بے دم ہو جانا ۔ خود پسند بنانا ۔ مبالغہ آمیز اشتہار دینا ۔ آسمان پر چڑھانا ۔ قیمت بڑھانے کے لیے جھوٹی بولی دینا ۔ پائپ یا حقے کے کش لینا ۔

Puff adder افریقہ کا ایک بڑا زہریلا سانپ ۔

Puff out ہانپتے کانپتے بیان کرنا ۔

Puffer *adj.* مغرور بنانے والا ۔ نیلام میں جھوٹی بولی دینے والا ۔ آسمان پر چڑھانے والا ۔

Puffy (puf-i) *adj.* Short-winded, bombastic پھولا ہوا ۔ ہوا سے بھرا ہوا ۔ ہانپتا ہوا ۔ دم کا کمزور ۔ جھکڑ والی ہوا ۔

Puffness *n.* موٹا ۔ ہوا سے بھرا ہوا ہونا ۔ پھولا ہوا ہونا ۔

Pug (pug) *n.* Upper servant, monkey, a dog بندر ۔ بندر نما کتا ۔ لومڑی ۔ صدر ملازم ۔ پٹری بدل انجن ۔ ڈبے جمع کرنے والا انجن ۔

Pug-faced بندر کے چہرے والا ۔

Pug-nosed چپٹی ناک والا ۔

Puggish, puggy چپٹی ناک کا ۔ بندر کی ناک والا ۔

Pug (pug) *n.* & *v.t.* Brickclay اینٹیں بنانے والی گوندھی ہوئی مٹی ۔ خشت سازی کا گارا بنانا ۔ آواز مدہم کرنے کے لیے فرش کے نیچے برادہ بھرنا ۔

Pug (pug) *n. & v.t.* A beast's footprint جنگلی جانوروں کے پنجوں کے نشان - نشانات سے جنگلی جانوروں کا پتہ چلانا -

Pug (pug) *n.* Boxer - (بول چال) مکہ باز - گھونسہ باز

Pugilist (pug-i-list) *n.* Boxer - مکہ باز - گھونسہ باز - سخت تکرار کرنے والا -

Pugilism *n.* مباحثہ - مکہ بازی -

Pugilistic *adj.* مکہ بازی سے متعلق -

Pugnacious (pug-na-shəs) *adj.* Quarrelsome لڑاکا - جھگڑالو - نزاع پسند - فسادی -

Pugnaciously *adv.* جنگ جویانہ - لڑاکا پن سے -

Pugnacity *n.* فتنہ و فساد - جھگڑالو پن - لڑاکا پن -

Puisne (pū-ni) *adj.* Junior, petty کم درجہ کا جج - جونیر جج - بعد کا - پچھلا -

Puisne mortgages بعد کے مرتہن -

Puissant (pwis-ənt) *adj.* Powerful قوی - زبردست - طاقتور -

Puissance *n.* اثر - طاقت - توانائی -

Puke (pūk) *v.i. & t. & n.* Vomit - متلی - قے - قے کرنا -

Pule (pūl) *v.i. & t.* Whimper, whine - جھینکنا - رونا - ٹھنکنا - ریں ریں کرنا -

Pull (pool) *v.t.i.* Pluck, remove by plucking, pick - کھینچنا - گھسیٹنا - تاننا - زور لگا کر آگے بڑھنا - گھوڑے کا منہ زوری کرنا - کش لگانا - چوسنا - اکھاڑنا - ٹکڑے ٹکڑے کر دینا - پھول یا پھل توڑنا - (طباعت) پروف نکالنا - کشتی کھینا - (بول چال) حراست میں لینا - گرفتار کرنا - قمار خانے پر دھاوا کرنا - (گھڑ دوڑ) گھوڑے کو ہرانے کے لیے روک لینا - (کرکٹ) کسی گیند کو پیروں کی طرف مارنا چاہئے وہ سیدھی یا سامنے کی طرف ہو -

Pull a sanctimonious face مقدس وضع بنانا

Pull devil, pull baker کسی مقابلے میں دونوں فریقوں کی ہمت افزائی -

Pull (pool) *n.* An act, bout, advantage - کھینچ جھٹکا - کھچاؤ - کھینچا تانی - کش مکش - ذاتی اثر یا رسوخ - (طباعت) کچا پروف - (گھڑ دوڑ) گھوڑا روک لینا - کشتی میں تھوڑی دیر کی تفریح - گولف کے کھیل میں ایسی ضرب جو گیند کو بائیں طرف پھینکے - مطالبہ سے زیادہ مقدار - شراب کا لمبا گھونٹ - نفع - فائدہ - فوقیت -

Pull-back خارج - عار - روک -

Pull a face منہ بنانا -

Pull apart ٹکڑے کر دینا - پھاڑنا -

Pull down زمین کے برابر کر دینا - مسمار کرنا - گرانا -

Pull for کسی جگہ کی طرف کشتی کھینا -

Pull off اتارنا - نکالنا -

Pull one's self together حواس مجتمع کرنا -

Pull out لمبا کرنا - باہر نکالنا یا کھینچنا -

Pull the long bow مبالغہ کرنا -

Pull through خطرے سے باہر آ جانا - کامیابی سے کسی خطرہ کا مقابلہ کرنا -

Pull up ٹھہرانا - باگ کھینچنا -

Pull up stakes پڑاؤ اٹھانا - کسی جگہ سے روانگی کی تیاری کرنا -

Puller (pool-ər) *n.* Unruly horse - کھینچنے والا - اکھاڑنے والا - منہ زور گھوڑا -

Pullet (pool-it) *n.* A young hen - پاٹھ یا پٹھا - چوزہ - مرغی کا بچہ -

Pulley (pool-i) *v.t. & n.* A wheel turning about an axis - چرخی - گھرنی - چرخی کے ذریعے چڑھانا -

Pullicate (pool-i-kāt) *n.* Coloured fibre for making mufflers رنگین رومال اور گلوبند تیار کرنے کا سامان - رنگین رومال -

Pullulate (pul-u-lāt) *v.t.* Sprout abundantly زور سے پھوٹنا - نئے کلے پھوٹنا - جمنا - شگفتہ ہونا - بار آور ہونا -

Pully-hauly (pooly-hawly) *n.* Struggle - کشمکش

Pully-haul *v.t. & i.* - کھینچا تانی کرنا - کشمکش کرنا

Pulmo (pul-mō) *n.* Lung - ترکیبی جز بمعنی شش - پھیپھڑا -

Pulmonary (pul-mə-nəri) *adj.* Of the lungs شش کا - شش کے متعلق -

Pulmonate *adj.* پھیپھڑے کی طرح کا عضو رکھنے والا - ششدار -

Pulmonic *adj.* شش کا -

Pulp (pulp) *v.t., i. & n.* Any soft fleshy part of plant or animal گودا - مغز - نرم شے - کاغذ بنانے کا ساوا - پلپلا کرنا - گودا نکالنا - گودا بنانا - گودا چھیلنا - گودے کا پھول جانا -

Pulper *n.* گودا تیار کرنے والی مشین ۔ گودا بنانے والا ۔
Pulpify *v.t.* گودے کی صورت میں تبدیل کرنا ۔ گودا بنانا ۔
Pulpiness *n.* گدازپن ۔ ملائم اور پلپلاپن ہونا ۔ گودے دار ہونا ۔

Pulpit (pool-pit) *n.* A raised structure for preaching منبر ۔ خطبہ دینے کا چبوترہ ۔ خطبہ گاہ ۔ واعظ کہنے والے پادری ۔ مجموعہ خطبات ۔ خطیبوں کی جماعت ۔ وعظ گوئی ۔
The pulpit واعظ ۔

Pulpiteer (pool-pit-ēr) *n.* & *v.t.* One who speaks from a pulpit پیشہ ور واعظ ۔ کلیسا کے ملازم وعظ گو ۔ واعظ کا پیشہ اختیار کرنا ۔
Pulpitarian *adj.* وعظ کو عبادت سمجھنے والا ۔ پیشہ ور واعظ ۔ خطیب ۔
Pulpiteering *n.* وعظ گوئی کا پیشہ ۔ وعظ فروشی ۔

Pulsate (pul-sāt) *v.t.* & *i.* Beat, throb, vibrate چلنا ۔ دھڑکنا ۔ اچھلنا ۔ پھڑکنا ۔ تھرتھرانا ۔ ہیرے کی کنیوں کو پھوڑ کر مٹی سے الگ کرنا ۔
Pulsation *n.* تڑپ ۔ دھڑکن ۔ ارتعاش ۔
Pulsatory *adj.* مرتعش ۔ دھڑکتا ہوا ۔

Pulsatile (pul-sət-īl) *adj.* & *n.* Pulsatory, played by percussion ارتعاش پذیر ۔ لہرانے والا ۔ تھرتھرانے والا ۔ مضراب سے بجنے والا باجا ۔

Pulse (puls) *n.*, *v.t.* & *i.* Beating, throbbing, a measured beat نبض ۔ جنبش نبض ۔ جوش ۔ امنگ ۔ جذبہ ۔ تھرتھراہٹ ۔ لرزش ۔ ارتعاش ۔ نبض یا دل کا حرکت کرنا ۔ جنبش کرنا ۔ داخل کرنا ۔ پہنچانا ۔
To feel the pulse of کسی کا ارادہ معلوم کرنا ۔ نبض دیکھنا ۔

Pulse (puls) *n.* Seeds of plants دال ۔

Pulsimeter (pul-si-meter) *n.* A pump that draws water پانی نکالنے کا پمپ ۔ نبض پیما ۔ نبض کی رفتار معلوم کرنے کا آلہ ۔

Pultaceous (pul-ta-shəs) *adj.* Macerated and softened نرم ۔ گداز ۔ پلپلا ۔ پلٹس کی طرح ۔

Pulverable (pul-ver-ə-bl) *adj.* Reduced to powder پسنے کے لائق ۔ پسا ہوا ۔

Pulverise (pul-ve-rīz) *v.t.* & *i.* Reduce to dust پیسنا ۔ سفوف بنانا ۔ میدہ بنانا ۔ قطرے قطرے کرنا ۔ سرمہ کر دینا ۔ خاک میں ملا دینا ۔ ریزہ ریزہ ہونا ۔
Pulverizable *adj.* سفوف بنانے کے قابل ۔
Pulverization *n.* سفوف کر دینا ۔ سرمہ بنا دینا ۔ ریزہ ریزہ کرنا ۔

Pulverulent (pul-ver-ū-lənt) *adj.* Consisting of fine powder خاک آلود ۔ سفوف سا ۔ بھربھرا ۔

Pulvil (pul-vil) *n.* Perfumed powder خوشبو دار سفوف ۔

Pumice (pum-is) *n.* & *v.t.* An acid glassy lava جھانواں ۔ خانہ دار پتھر ۔ جھانوے سے گھسنا ۔ رگڑنا اور صاف کرنا ۔
Pumiceous *adj.* جھانوے کی طرح کا ۔ خانہ دار ۔

Pummel (pum-l) *v.t.* Beat, pound پیٹنا ۔ کوٹنا ۔ لگا تار مکے مارنا ۔ پے درپے گھونسے مارنا ۔

Pump (pump) *n.* A machine for raising fluids پمپ ۔ پچکاری ۔ کنویں سے پانی یا تیل کھینچنے کی مشین ۔ ہوا بھرنے کی مشین ۔ بھید معلوم کرنے کی کوشش ۔
Pump handle (بول چال) کسی شخص سے زور سے ہاتھ ہلا کر مصافحہ کرنا ۔

Pump (pump) *v.i.* & *t.* Raise, force, compress, exhaust پمپ چلانا ۔ پمپ چلا کر پانی نکالنا یا چڑھانا ۔ ہوا بھرنا ۔ ہوا خارج کرنا ۔ سانس پھلا دینا ۔ بے دم کر دینا ۔ کرید کرید کر حال دریافت کرنا ۔ باد پیما کے پارے کا تیزی سے اترنا یا چڑھنا ۔
Pump upon بھرمار کر دینا ۔ بوچھاڑ کرنا ۔

Pump (pump) *n.* Light shoes ہلکے جوتے ۔ پمپ جوتا ۔

Pumpkin (pum(p)kin) *n.* A plant of the gourd family ترکاری کی بیل ۔ گھیا ۔ کدو ۔ لوکی ۔ پیٹھا ۔

Pun (pun) *v.i.* & *n.* Play upon words alike in sound but different in meaning ذو معنی لفظ ۔ ذو معنی بات ۔ ذو معنی لفظ استعمال کرنا ۔ دہرے معنی پیدا کرنا ۔ ایہام ۔ تجنیس ۔ رعایت لفظی ۔

Pun (pun) *v.t.* Consolidate by ramming کوٹ کوٹ کر مضبوط کرنا ۔

Punch (pun(t)sh) *n.* Forward blow, striking power, machine for punching سوراخ کرنے کا آلہ - چھیدنے کی مشین - پیچ کش - ٹھپا کرنے کا آلہ -

Punch (pun(t)sh) *v.t.* & *n.* Strike, kick, stamp گھونسہ مارنا - برمانا - چھیدنا - سوراخ کرنا - میخ ٹھونکنا یا نکالنا - (امریکہ) آر چبھو کر جانوروں کو ہنکانا - گھونسہ - زور - قوت -

Punching ball *n.* مکہ بازی کی مشق کی گیند -

Puncher *n.* سوراخ کرنے کا آلہ - چھیدنی - برما -

Punch (pun(t)sh) *n.* A mixed drink ایک شراب جو گرم پانی ، شکر ، لیمو اور مسالے ملا کر تیار کی جاتی ہے - بزم جس میں ایسی شراب پی جائے -

Punch (pun(t)sh) *n.* Short and fat man موٹا - لدو ٹٹو - موٹا آدمی -

Punch and judy گلابو شتابو کا کھیل - پتلیوں کا کھیل -

As proud as punch نہایت مغرور -

As pleased as punch بہت خوش - مسرور -

Puncheon (pun(t)shn) *n.* Supporting post کوئلے کی کان میں چھت کے ٹیکن - چھیدنی - سوا - شراب کا بڑا پیپا -

Punchinello (pun(t)shi-nel-ō) *n.* A buffoon مسخرا -

Punctate (pungk-tāt) *adj.* Dotted چتی دار -

Punctation *n.* چتیاں ہونا - چتیوں والا ہونا -

Punctilio (pungk-til-i-ō) *n.* Exact observance of forms رسمی پابندی - بے حد تکلف - رسمی تکلف -

Punctilious (pungk-til-əs) *adj.* Scrupulous and exact پر تکلف - نازک طبع - آداب کا لحاظ رکھنے والا - رسم پرست - آداب پرست - باریک بین -

Punctiliousness *n.* باریک بینی - رسمی تکلفات کی پابندی - تکلف -

Punctual (pungk-tu-əl) *adj.* Observant of nice points پابند وقت - منضبط - بر وقت - بر محل - پابند رسوم - (ہندسہ) نقطہ کا - نقطے کے متعلق -

Punctuality *n.* وقت کی پابندی

Punctually *adv.* پابندی وقت کے ساتھ - بر وقت -

Punctuate (pungk-tū-āt) *v.t.* Mark with points عبارت میں اوقاف کی علامتیں لگانا - اوقاف لگانا - زور دینا - تاکید کرنا -

Punctuation (pungk-tū-ā-shən) *n.* ٹھہراؤ - وقفے - اوقاف -

Punctum (pungk-təm) *n.* A point, a dot نقطہ - بندی - چتی - خط - دھبا -

Puncture (pungk-tyər) *v.t., i.* & *n.* A small hole made with a sharp point سوراخ کرنا - چھید پڑ جانا - سوراخ - چھید -

Pungent (pun-jənt) *adj.* Sharp and acrid to taste or smell چبھتا ہوا - تیز - تیز بو کا - خاردار - چٹ پٹا - مسالہ دار - شوق انگیز -

Pungency *n.* دل آزاری - جگر خراشی - جلن - حدت - تیزی -

Pungently *adv.* سختی سے - تیزی سے - تندی سے -

Punish (pun-ish) *v.t.* Cause to suffer for an offence سزا دینا - دکھ دینا - عقوبت پہنچانا - تنبیہ کرنا - سرزنش کرنا - جرمانہ کرنا (بول چال) - مکہ بازی میں حریف کو سخت ضرب لگانا - دوڑ میں حریف کو تھکا دینا - کرکٹ میں گیند پر زور دار ضربیں لگانا - کھانے پر دھاوا بولنا - خوب کھانا -

Punishing *adj.* زور دار - تنبیہ کرنے والا - سزا دینے والا -

Punishment *n.* گوشمالی - عقوبت - سزا -

Punishable *adj.* سزا کے لائق - مستوجب سزا -

Punitive (pu-ni-tiv) *adj.* Inflicting punishment سزا کا - تعزیری - عقوبتی -

Punk (pungk) *n.* A prostitute قحبہ - فاحشہ - بیسوا - رنڈی - کسبی - (امریکہ) گلی سڑی لکڑی - لکڑی پر کی کائی -

Punnet (pun-it) *n.* A small shallow chipbasket چنگیری - ڈلیا - ٹوکری - چھابا - پھل پھول رکھنے کی ٹوکری -

Punster (puns-tər) *n.* Inveterate maker of puns ضلع جگت بولنے والا - ذو معنی باتیں کہنے والا - ایہام گو - جگت باز -

Punt (punt) *n.* & *v.t.* A flat-bottomed boat with square ends چپٹی ناؤ - چوڑے پیندے کی ناؤ جو بانس کے ذریعے چلائی جاتی ہے - ڈونگا کھینا - بانس ٹیک کر ناؤ چلانا -

Punt (punt) *v.t.* & *n.* Kick a football before it touches the ground فٹ بال پر زمین پر گرنے سے پہلے ٹھوکر لگانا - فٹ بال پر ٹھوکر - ٹپ کھانے سے پہلے ٹھوکر -

Punt (punt) *v.i.* & *n.* Stake or bet شرط لگانا - گھڑ دوڑ میں گھوڑے پر روپیہ لگانا - کسی گھوڑے کا ٹکٹ خریدنا -

Punter *n.* گھوڑے پر روپیہ لگانے والا - شرط لگانے والا -

Puny (pū-ni) *adj.* Stunted, feeble کمزور - لاغر - ناتوان - منحنی - ادنیٰ - کم درجہ کا - حقیر - ذلیل -

Pup (pup) *n., v.t.* & *i.* Puppy, swindle کتے کا پلا - پلا - کسی کو خراب سودا کرنے پر آمادہ کرنا - کسی پر ہاتھ صاف کر دینا - کتے کے پلے کی طرح آواز نکالنا -

Be in a pup کتیا کا گابھن ہونا -

Conceited pup چھیلا - خود پسند نوجوان -

Pupa (pu-pā) *n.* An insect in a passive state کیڑے کی پیدائش کی تیسری حالت - حالت جمود -

Pupate (pu-pāt) *v.i.* Become a pupa تیسری حالت یا حالت جمود میں ہونا -

Pupil (pū-pl) *n.* One who is being taught شاگرد - چیلا - طالب علم - طالبہ - نابالغ - کم سن - آنکھ کی پتلی - مردمک چشم -

Pupillage (pū-pil-aj) *n.* State of being a pupil نابالغی - کم سنی - طالب علمی کا زمانہ - شاگردی - تلمذ -

Pupilarity سن بلوغ کے قبل کا زمانہ - نابالغی -

Pupilship *n.* شاگردی - تلمذ -

Pupilize (pū-pil-īz) *v.t.* & *i.* Coach for an examination, make pupils شاگرد بنانا - تعلیم دینا - امتحان کے لیے لڑکوں اور لڑکیوں کو تیار کرنا -

Puppet (pup-it) *n.* A doll moved by wires پتلی - کٹھ پتلی - گڑیا - وہ شخص جو دوسروں کے اشارے پر ناچتا ہو -

Puppet show *n.* پتلیوں کا تماشا

Puppetry *n.* کٹھ پتلیوں کا کھیل -

Puppy (pu-pi) *n.* A young dog کتے کا پلا - ادنیٰ آدمی - مردک - بے وقوف انسان - رنگیلا -

Puppyism *n.* بانکپن - چھیلا پن - خود پسندی - گاودی پن - بے مغزی -

Puppyish *adj.* کتے کے پلے کی طرح -

Purblind (pur-blind) *v.t.* & *adj.* Dim-sighted چندھا - نیم کور - جس کو بہت نزدیک سے دکھائی دے - کودن - بے وقوف - نیم کور کرنا - کم بینا بنانا -

Purblindness *n.* بے وقوفی - کم بینی - کوتاہ نظری -

Purchase (pur-chəs) *n.* Act of acquisition, seizure خرید - خریداری - خریدی ہوئی چیز - سودا (قانون) زر خرید جائداد - زمین کی سالانہ پیدا وار - اٹھان - قوت - اثر - رسوخ - آلہ - ترکیب -

Life is not worth an hour's purchase } زندگی ایک لمحہ کے لیے بھی قابل اعتبار نہیں ہے -

Purchase (pur-chəs) *v.t.* Buy خریدنا - مول لینا - حاصل کرنا - پا جانا - (قانون) وراثت کے علاوہ کسی اور طرح حاصل کر لینا - (بحری) کھینچنا - گھسیٹنا - اٹھانا - ابھارنا -

Purchasable *adj.* خریدنے کے قابل - قابل خرید -

Pure (pūr) *adj.* Clean, unmixed صاف - خالص - بے آمیزش - پاک صاف - بے قصور - بے گناہ - بے داغ - پاکدامن - نرا - پورا - بالکل - سراسر (قواعد) حرف علت پر ختم ہونے والا لفظ -

Purely *adv.* بالکل - خالص طور پر - بے میل - سراسر -

Pureness *n.* صفائی - پاکیزگی - پاکی -

Purfle (pur-fl) *n.* & *v.t.* A decorated border حاشیہ - سنجاف - مغزی - کناری - حاشیہ لگانا - حاشیہ پر زردوزی کا کام کرنا - آراستہ کرنا -

Purgation (pur-gā-shən) *n.* Clearing away of impurities تنقیہ - اخراج - صفائی - مسہل - جلاب - تزکیہ نفس - اعراف میں روحوں کا تزکیہ - حلف اٹھا کر یا کوئی جسمانی تکلیف برداشت کرکے الزام سے بری ہونا -

Purgative (pur-gā-tiv) *adj.* & *n.* Cleansing, medicine that cleans جلاب - مسہل - دست آور - دست آور دوا -

Purgatory (pur-gā-təri) *n.* & *adj.* Place of spiritual purging وہ مقام جہاں روحیں پاک ہوتی ہیں - مقام کفارہ - پاک کرنے والا -

Purge (purj) *v.t.* & *n.* Purify - صاف کرنا - پاک کرنا - تزکیہ نفس کرنا - الزام سے پاک کرنا - بری کرنا - رہا کرنا - جلاب دینا - مسہل - تلئین - اخراج -

Purification (puri-fi-kə-shən) *n.* Cleansing - تنقیہ - تزکیہ - صفائی - پاکیزگی - طہارت - زچہ کی طہارت - گناہ سے براٗوت -

Purificator (pu-ri-fi-kə-tər) *n.* Cloth used at communion for wiping fingers and lips of celebrant وہ کپڑا جس سے رسم ادا کرنے والے پادری کے ہاتھ اور منہ صاف کئے جاتے ہیں -

Purify (puri-fi) *v.t.* Make pure - پاک کرنا - صاف کرنا - میل دور کرنا - دھونا - غسل دینا - روحانی طور پر پاک کرنا - تزکیہ باطن کرنا -

Purifier *n.* صاف کرنے کا آلہ - میل دور کرنے والا - پاک کرنے والا -

Purist (pu-rist) *n.* Affector of scrupulous purity of language وہ شخص جو صحت و فصاحت زبان کا خاص طور پر خیال رکھتا ہے - نکتہ سنج -

Purism *n.* زبان کی صفائی اور صحت میں غلو -

Puristic *adj.* سلیس - فصیح - فصاحت آمیز -

Puritan (pur-i-tən) *n.* & *adj.* Purifying the church of ceremonies ایک مسیحی فرقہ جو کلیسائی رسومات کو ترک کر دینا چاہتا تھا - صوفی - شرعی - اخلاق و مذہب میں محتاط - غیر رسمی -

Puritanic *adj.* رسومات سے آزاد - غیر رسمی - آزادانہ - پیوری ٹن فرقہ کی طرح -

Puritanically *adv.* پیوری ٹن طریقہ سے - سخت احتیاط سے -

Puritanism *n.* ترک رسوم - انتہائی احتیاط -

Puritanize *v.t.* ترک رسوم کرنا - پاک صاف کرنا -

Purity (pur-i-ti) *n.* Condition of being pure صفائی - پاکی - پاکیزگی - نزہت - لطافت - عفت - عصمت - بے گناہی -

Purl (purl) *n.*, *v.t.* & *i.* Gold or silver wire سونے یا چاندی کا تار - زر بفتی یا کار چوبی حاشیہ - زری کا کام کرنا - سنہری گوٹ یا بیل لگانا -

Purl (purl) *v.i.*, *t.* & *n.* Flow with a murmuring sound ندی نالوں کا چھل چھل بہنا - پانی کا شور کرتے ہوئے بہنا - بھنور پڑنا - موجیں اٹھنا - پانی کے بہنے کی آواز - (بول چال) الٹ پلٹ کرنا یا ہونا - زور سے گرنا -

Purler (purl-ər) *n.* Something extremely good (آسٹریلیا) بہترین چیز - (بول چال) ضرب - دھکا جس سے آدمی سر کے بل گرے -

Purlieu (pur-lū) *n.* Border - سرحد - کنارہ - گندی گلی -

Purlin (pur-lin) *n.* Piece of timber stretching across rafters شہتیر جو کڑیوں کے استحکام کے لیے لگایا جائے - بڑا شہتیر جس پر چھت کی کڑیاں جمائی جائیں -

Purloin (pər-loin) *v.t.* Filch, steal چرانا - ہتھیانا - چوری کرنا -

Purloiner *n.* سارق - چور -

Purple (pur-pl) *n.*, *adj.*, *v.t.* & *i.* Crimson - اودا - ارغوانی رنگ - ارغوانی لباس (جمع) گیہوں کے پودے کی ایک بیماری - ارغوانی کرنا - ارغوانی بنانا -

He was born in the purple وہ امیر گھرانے میں پیدا ہوا -

Purplish *adj.* ارغوانی - اودا سا -

Purport (pur-pərt) *n.* Substance, gist - مقصد - معنی - مطلب - مدعا - غائت - مراد -

Purport (pur-pərt) *v.t.* Mean, convey to the mind منشا ظاہر کرنا - مطلب پایا جانا - مترشح ہونا - منشا پایا جانا -

Purpose (pur-pəs) *n.* Idea or aim - مقصد - مطلب - منشا - مراد - عزم - ارادہ - مقصود -

Of or on purpose مطلب سے - ارادے سے -

To the purpose اصل مطلب کا -

To no purpose بے فائدہ - لاحاصل -

Honesty of purpose خلوص نیت -

Purposely *adv.* خاص مقصد سے - قصداً - عمداً -

Purposeful *adj.* جس میں کوئی مقصد مضمر ہو - بامقصد -

Purposefulness *n.* بامقصد ہونا - معنی خیزی -

Purposeless بے مقصد -

Purposelessness بے مقصدی - بے حاصلی -

Purpose (pur-pəs) *v.t.* Intend قصد کرنا ۔ ارادہ کرنا ۔ عزم کرنا ۔ منصوبہ بنانا ۔

I purpose to arrange an interview میں ایک ملاقات کا انتظام کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں ۔

purprise (pur-prīs) *n.* Enchroachment ۔ گھیرا احاطہ ۔ ناجائز قبضہ ۔

purpura (pur-pū-rā) *n.* An eruption of small purple spots ایک بیماری جس میں جلد پر نیلے داغ پڑ جاتے ہیں ۔ گھونگھے کی ایک قسم ۔

purpurin (pur-pūr-in) *n.* A purple colouring matter سرخ رنگ ۔ لال رنگ ۔ مجیٹھی رنگ ۔

Purr (Pur) *v.i.* & *n.* Utter a low murmuring sound ۔ خر خر کرنا ۔ بلی کی سی آواز نکالنا ۔ خرخراہٹ

pursang (pur-sang) *adv.* Without admixture خالص طور پر ۔ کھرے پن سے ۔

purse (purs) *n.* A small bag for carrying money تھیلی ۔ بٹوہ ۔ کیسہ ۔ دولت ۔ روپیہ ۔ سرمایہ ۔ چندہ ۔ جیب خرچ ۔ نذرانہ ۔ ہدیہ ۔

Purse-bearer خزانچی ۔

Purse-pride روپے کا غرور ۔

Purse-proud زر مست ۔

Purser داروغہ توشہ خانہ ۔

Purse taking لوٹ مار ۔

A light or empty purse ناداری ۔ مفلسی ۔

A long or heavy purse مالداری ۔ تونگری ۔

privy purse صرف خاص ۔

Sword and purse فوج اور خزانہ ۔

Hold the purse strings اخراجات پر قابو رکھنا ۔

Loosen the purse strings ۔ تھیلی کا منہ کھول دینا

purse (purs) *v.t.* & *i.* Put into purse, pocket سکیڑنا ۔ جھریاں ڈالنا ۔ جیب میں رکھنا ۔ بٹوے میں ڈالنا ۔

purser (purs-ər) *n.* A naval officer جہاز کا افسر حسابات ۔ تحویل دار ۔ داروغہ توشہ خانہ ۔

purslane (purs-lin) *n.* A pot and salad herb لوبیا ۔ باقلہ ۔ خرفہ ۔

pursuance (pər-s(y)ōō-əns) *n.* Pursuit پیروی ۔ اتباع ۔ تقلید ۔ تلاش ۔ کوشش ۔

Pursuant (pər-s(y)ōō-ənt) *adj.* Pursuing پیچھا کرنے والا ۔ تلاش کرنے والا ۔

Pursue (pər-s(y)ōō) *v.t.* & *i.* Harass, persecute پیچھا کرنا ۔ تعاقب کرنا ۔ تلاش کرنا ۔ چھان مارنا ۔ درپے ہونا ۔ مصروف رکھنا ۔ پیروی کرنا ۔ انجام دینا ۔ مد نظر رکھنا ۔ جاری رکھنا ۔ پیشہ اختیار کرنا ۔ کسی کے تعاقب میں جانا ۔

Pursuable *adj.* قابل اتباع ۔ قابل تعاقب ۔

Pursuer (pər-s(y)ōō-ər) *n.* One who pursues تعاقب کرنے والا ۔ درپے ہونے والا ۔ مدعی ۔ مستغیث ۔

Pursuit (pər-s(y)ōōt) *n.* Occupation, employment تعاقب ۔ تلاش ۔ جستجو ۔ پیشہ ۔ شغل ۔ کاروبار ۔

Pursuivant (pur-s(w)i-vənt) *n.* An attendant, a state messenger سرکاری ہرکارہ ۔ قاصد ۔ چوبدار ۔

Pursy (purs-i) *adj.* Puffy پھولا ہوا ۔ دم چڑھا ۔ جس کا دم جلد پھول جائے ۔

Pursiness *n.* سانس پھولی ہوئی ۔ دم پھولا ہوا ہونا ۔

Purtenance (pur-tən-əns) *n.* That which belongs جانوروں کے اندرونی اعضا ۔ کلیجی ۔ دل ۔ گردہ ۔ آنتیں ۔

Purulent (pu-r(y)ōō-lənt) *adj.* Consisting of pus پیپ پڑا ہوا ۔ پیپ سے بھرا ہوا ۔ پیپ بہتا ہوا ۔ مواد آیا ہوا ۔

Purvey (pur-vā) *v.t.* & *i.* Provide بہم پہنچانا ۔ مہیا کرنا ۔ رسد پہنچانا ۔ بندوبست کرنا ۔ داروغہ توشہ خانہ کا کام کرنا ۔

Purveyance (pur-vā-əns) *n.* Preparation in advance قبل از وقت فراہمی سامان ۔ خوراک ۔ مقررکردہ قیمت پر سامان خریدنے اور گھوڑے بلا معاوضہ استعمال کرنے کا شاہی حق ۔

Purveyor (pur-vā-ər) *n.* One whose business is to provide victuals ۔ میر سامان ۔ داروغہ رسد مہتمم محکمہ رسد ۔ عہدہ دار رسد ۔

Purview (pur-vū) *n.* Competence, scope, range منشائے قانون ۔ متن قانون ۔ حد ۔ وسعت ۔ حد نظر ۔ حد بصیرت ۔

Pus (pus) *n.* A thick yellowish fluid ۔ پیپ ۔ مواد فاسد مادہ ۔

Push (poos-h) *v.t.* & *i.* Drive by pressure دھکیلنا ۔ دھکا دینا ۔ پیلنا ۔ کھسکانا ۔ سرکانا ۔ ٹکر مارنا ۔ سینگ مارنا ۔ نکلنا ۔ پھوٹنا ۔ بلے سے گیند پر دھیرے سے ضرب لگانا ۔ جد و جہد کرنا ۔ ابھارنا ۔ مائل کرنا ۔ ترقی کرنا ۔ تنگ کرنا ۔ ستانا ۔ زچ کرنا ۔

Pushee *n.* دھکیلنے والا ۔

Push pin *n.* بچوں کا ایک کھیل ۔

Push down ٹیک دینا ۔ دے مارنا ۔

Push in داخل کرنا ۔

Push on آگے بڑھنا ۔

Push out نکال دینا ۔

Push off ہٹا دینا ۔

Push one's fortune روپیہ پیدا کرنا ۔

I am pushed for money میرا ہاتھ تنگ ہے ۔

I am pushed for time مجھے بالکل فرصت نہیں ۔

Pushing *adj.* پیروی کرنے والا ۔ مل ملا کر کام نکالنے والا ۔ اپنا راستہ نکالنے والا ۔ کوشاں ۔

Push (poosh) *n.* An effort, thrust, onset دھکا ۔ ریل پیل ۔ زبردست کوشش ۔ حملہ ۔ چڑھائی ۔ یورش ۔ دباؤ ۔ عزم ۔ ہمت ۔ استقلال ۔ (بول چال) چوروں کی ٹولی ۔ بد معاشوں کا گروہ ۔

Pushful مستعد ۔ سرگرم ۔ اولوالعزم ۔

Pusillanimous (pu-si-lan-i-məs) *adj.* Mean-spirited پست ہمت ۔ بودا ۔ کم ظرف ۔ بز دل ۔ ڈرپوک ۔ بد باطن ۔

Pusillanimously *adv.* بز دلی سے ۔ پست ہمتی سے ۔ کم ظرفی سے ۔

Pusillanimity *n.* کم ظرفی ۔ بودا پن ۔ بز دلی ۔

Puss (poos) *n.* A familiar name for a cat بلی ۔ گربہ ۔ شیر کے لیے بھی یہ لفظ استعمال ہوتا ہے ۔

Pussy (poos-i) *n.* A cat (بچوں کی زبان) پوسی ۔ بلی ۔ گربہ ۔

Pussy foot *n.* ممانعت شراب کا حامی ۔ شراب کی ممانعت ۔

Pustulate (pus-tūl-āt) *v.t.* & *i.* Produce pimples آبلہ ڈالنا ۔ چھالے پڑنا ۔ دانے آ جانا ۔ پھپھولے پڑنا ۔

Pustulation *n.* آبلے پڑنا ۔ چھالے آنا ۔ دانے نکلنا ۔

Pustule (pus-tūl) *n.* Pimple containing pus آبلہ ۔ چھالا ۔ پھنسی گومڑا ۔ مسا ۔ دنبل ۔

Pustular-ous پھنسیوں والا ۔ چھالے دار ۔ آبلہ دار ۔

Put (poot) *v.t.* & *i.* Push, cast, throw پھینکنا ۔ رکھنا ۔ دھرنا ۔ پھونکنا ۔ روانہ ہونا (جہاز کا) جوتنا ۔ جوڑنا ۔ پار لے جانا ۔ پار اتارنا ۔ سامان مقررہ جگہ پر پہنچانا ۔ حوالے کرنا ۔ سپرد کرنا ۔ داخل کرنا ۔ درج کرنا ۔ قیمت لگانا ۔ اندازہ کرنا ۔ کہنا ۔ بیان کرنا ۔ اعتماد کرنا ۔ قسمت پر چھوڑنا ۔ خیال کرنا ۔ تصور کرنا ۔ بوجھ ڈالنا ۔ مجبور کرنا ۔

Put off ملتوی کرنا ۔

Put by محفوظ کرنا ۔

Put about چکر دینا ۔ گھمانا ۔

Put an end or stop to روکنا ۔ ختم کرنا ۔

Put away طلاق دینا ۔ ترک کرنا ۔ خارج کرنا ۔

Put by ٹال دینا ۔

Put down زیر کرنا ۔ دبانا ۔ رکھنا ۔ جمع کرنا ۔

Put for زور شور سے کسی مقام کو روانہ ہونا ۔

Put forward ترقی دینا ۔ بڑھانا ۔ پیش کرنا ۔

Put in جہاز کو بندر گاہ میں لانا ۔ داخل کرنا ۔

Put in mind یاد دلانا ۔

Put in practice استعمال کرنا ۔ کام میں لانا ۔

Put in writing تحریر میں لانا ۔

Put out بجھا دینا ۔

Put this and that together نتیجہ نکالنا ۔

Put to rights اصلاح کرنا ۔ درست کرنا ۔

Put two and two together حالات سے نتیجہ نکالنا ۔

Do not put the blame on me مجھے الزام نہ دو ۔

He puts no value on my advice وہ میرے مشورے کی قدر نہیں کرتا ۔

He was hard put to it to keep them off ان کو روکنے میں اس کو انتہائی کوشش کرنی پڑی ۔

Putter *n.* تجویز کرنے والا ۔ پیش کرنے والا ۔ وزن اٹھانے والا ۔

Put (put) *n.* Throw or cast of a stone پھینک ۔ وزن ۔ قیمت مقررہ پر تحویل مال کا اختیار ۔

Put-tt (put) *v.i.* & *t.* Strike golf ball gently گولف کی گیند پر آہستہ ضرب لگانا ۔

Putter *n.* گیند پر ضرب لگانے والا ۔ گولف کی چھڑی ۔

Put (put) *n.* Duffer (قدیم بول چال) احمق ۔ گنوار ۔ دہقانی ۔ انوکھا ۔ نرالا ۔

Putative (pū-tə-tiv) *adj.* Supposed, reputed نام نہاد ۔ فرضی ۔ مشہور ۔ مانا ہوا ۔
His putative father فرضی باپ ۔ اسکا مفروضہ باپ ۔
Putid (pū-tid) *adj.* Rotten, foul سڑا گلا ۔ بدبو دار ۔ کمینہ ۔ ناچیز ۔
Putrefy (pū-tri-fi) *v.t. & i.* Cause to rot, corrupt سڑنا ۔ متعفن ہونا ۔ بگڑنا ۔ خراب ہونا ۔ سڑانا ۔ بگاڑنا ۔ اخلاق لحاظ سے بگڑنا یا بگاڑنا ۔
Putrefaction *n.* اخلاق خرابی ۔ سڑانڈ ۔ بگاڑ ۔ ردائت ۔
Putrefactive *adj.* متعفن کرنے والا ۔ بدبو پیدا کرنے والا ۔ سڑانے والا ۔
Putrescent (pu-tri-sent) *adj.* In process of rotting سڑتا ہوا ۔ بدبو دار ۔
Putrescence *n.* اخلاق خرابی ۔ سڑانڈ ۔ گندگی ۔ عفونت ۔
Putrid (put-rid) *adj.* Rotten, wretchedly bad سڑا ہوا ۔ گندہ ۔ بدبو دار ۔ ناپاک ۔ اخلاق لحاظ سے تباہ ۔
Putridity, Putridness *n.* ردائت ۔ سڑانڈ ۔ بوسیدگی ۔ تعفن ۔
Puttee (put-e) *n.* A cloth strip wound round leg پنڈلیوں پر لپیٹنے کی پٹی ۔
Puttock (put-ək) *n.* Kite چیل نما انسان ۔ چیل ۔
Putty (put-i) *v.t. & n.* A cement of whiting and linseed oil سفیدہ اور السی کے تیل کا مرکب جس سے پالش کی جاتی ہے ۔ اس مرکب سے پالش کرنا ۔ شیشہ جوڑنا ۔ درز بھرنا ۔
Puzzle (puz-l) *n.* Riddle, problem معمہ ۔ عقدہ ۔ گورکھ دھندا ۔ مشکل مسئلہ ۔ حیرانی ۔ پریشانی ۔ الجھن ۔
Puzzle-headed پریشان خاطر ۔ پریشان خیال ۔
Puzzle (puz-l) *v.t. & i.* Perplex, embarrass تذبذب میں ڈالنا ۔ حیران کرنا ۔ خطرے میں ڈالنا ۔ پریشان کرنا ۔ متحیر کرنا ۔ دق کرنا ۔ تنگ کرنا ۔ زچ کرنا ۔
Puzzledom, Puzzlement *n.* الجھن ۔ الجھاؤ ۔ حیرانی ۔ پریشانی ۔
Puzzler *n.* الجھن میں مبتلا کرنے والا ۔ حیران کرنے والا ۔

Pyaemia (pī-ē-mi-ā) *n.* Infection of blood with abscesses in different parts of body خون کی خرابی کی وجہ سے جسم پر پھوڑے پھنسی نکلنا ۔
Pygmy (pig-mi) *n.* A member of the race of dwarfs بالشتیا ۔ بونا ۔ کوتاہ قد ۔ ناچیز ۔ حقیر ۔ دیو ۔ پری ۔ بھوت ۔
Pyjamas (pi-ja-maz) *n.* Loose trousers پاجامہ ۔ ڈھیلا لباس ۔ شب خوابی ۔
Pylon (pī-lon) *n.* A big gateway بڑا اونچا دروازہ ۔ پھاٹک ۔ اونچی مینار دار عمارت جو حد بندی یا آرائش کے لئے بنائی جائے ۔
Pyracanth (pī-rə-kanth) *n.* A thorny evergreen shrub ایک خار دار سدا بہار جھاڑی ۔
Pyramid (pir-ə-mid) *n.* A solid figure on a square base مخروطی مصری مینار ۔ ہفت پہل مصری مینار ۔ ہرم نما مینار ۔ بلیرڈ کا کھیل ۔ مخروطی شکل کے درخت ۔
Pyramidal *adj.* مینار آسا ۔ مخروطی ۔ ہرم نما ۔
Pyramidist (pīr-ə-mid-ist) *n.* Student of Egyptian pyramids اہرام مصر کی ساخت اور تاریخ کا محقق ۔ میناروں کا ماہر ۔
Pyre (pīr) *n.* Pile of wood for burning a dead body چتا ۔ مردوں کے جلانے کے لیے لکڑیوں کا انبار ۔
Pyrene *n.* ایک قسم کا پتھر ۔
Pyrethrum (pīr-eth-rəm) *n.* A kind of plants عاقر قرحا ۔ ایک بوٹی جو دوا کے طور پر استعمال ہوتی ہے ۔
Pyretic (pī-ret-ik) *adj.* For the cure of fever بخار کی ۔ بخار اتار ۔ بخار آور ۔
Pyrexia (pī-reks-i-a) *n.* Fever تپ ۔ بخار ۔
Pyrheliometer (pir-hē-li-om-i-tər) *n.* An instrument for measuring heat given off by sun سورج سے خارج ہونے والی حرارت ناپنے کا آلہ ۔
Pyridine (pīr-i-dēn) *n.* A strong-smelling colourless basic liquid ایک بے رنگ وبو مایا جو دمے کے لیے مفید ہے ۔
Pyrites (pir-ī-tēz) *n.* A brassy yellow mineral پھول کی سی ایک دھات ۔ گندھک اور لوہے کا مرکب ۔ سنگ چقماق ۔

Pyro (pī-rō) *prefix* In composition fire, heat or fever سابقہ یعنی آگ - حرارت - بخار -
Pyrology *n.* علم حرارت -
Pyromancy *n.* آگ سے شگون لینا -

Pyrope (pī-rōp) *n.* A firy red jem stone گہرا سرخ یاقوت - یاقوت احمر -

Pyrotechnics (pī-rō-tek-niks) *adj.* & *n.* About fireworks فن آتشبازی - آتشبازی کے متعلق - آتشبازی بنانے کا فن - آتش بازی کی طرح ہوشربا - حیرت انگیز -

Pyroxylin (pī-rok-sil-in) *n.* Nitrated cotton آتش گیر روئی -

Pyrrhic (pi-rik) *adj.* & *n.* An ancient Greek war dance جنگی رقص - دیوتاؤں کا رقص - رقص جنگ کے متعلق -

Pyrrhic-victory (pī-rik-vik-təri) *n.* Victory gained at a great cost فتح جو بڑے کشت و خون کے بعد حاصل ہوئی ہو -

Pyrrhonism (pir-ən-izm) *n.* Scepticism یہ نظریہ کہ صحیح علم ناممکن ہے - ارتیابیت -

Pyrus (pī-rəs) *n.* Pear genus of the rose family گلاب نما درختوں اور جھاڑیوں کی ایک قسم -

Pythagorean (pī-thag-ər-ē-ən) *adj.* & *n.* Follower of Pythagorus فیثا غورثی - فیثا غورث کا مقلد -

Pythian (pī-thi-an) *n.* & *adj.* The priestess of Appolo اپالو دیوتا اور اس کی کاہنہ کے متعلق -

Python (pī-thən) *n.* The great snake killed by Appolo at Delphi بہت بڑا سانپ جس کو سورج دیوتا اپولو نے ڈلفی کے مقام پر ہلاک کیا -

Pythoness (pī-thən-es) *n.* The priestess of the oracle of Appolo سورج دیوتا کے مندر کی پجارن - ساحرہ - غیب دان -

Pyx (piks) *v.t.* & *n.* A box ڈبہ جس میں متبرک روٹی رکھی جاتی ہے - ٹکسال کی صندوقچی جس میں سونے چاندی کے سکے رکھے جاتے ہیں - سکے صندوقچی میں ڈالنا - سکے کو کسوٹی پر کسنا - پرکھنا -

Pyxidium (piks-i-di-əm) *n.* A capsule that opens like a box-lid غلاف دار پھول کا ڈوڈا جو ڈھکن کی طرح کھلتا ہے -

Pyxis (piks-is) *n.* A casket ڈبیا - صندوقچی -

Q

Q (kū) *n.* The seventeenth letter of the English alphabet انگریزی حروف تہجی کا سترھواں حرف -

Qua (kwā) *adv.* & *conj.* As, in the capacity of جیسا کہ - بلحاظ - بہ حیثیت -

Quab (kwab) *n.* A Russian fish like oyster ایک قسم کی روسی مچھلی جھینگا -

Quack (kwak) *v.i.* & *n.* Harsh sound made by ducks قیں قیں کرنا - بطخ کی طرح آواز نکالنا - شیخی بگھارنا - لاف زنی کرنا - چیخ چیخ کر باتیں کرنا - زق زق بک بک کرنا -

Quack (kwak) *n., v.i.* & *t.* Ignorant pretender to skill in medicine عطائی - نیم حکیم - اناڑی وید - جاہل شخص جو طب اور جراحی میں ماہر ہونے کا دعویٰ کرے - یاوہ گو - کسی امر میں دعویٰ کرنا - نیم حکیم کی طرح علاج کرنا -
Quackery *n.* نیم حکیمی - عطائی علاج - عطائی پن -
Quackish *adj.* اناڑی - غیر مستند - نیم حکیم سا - عطائی سا -

Quad (kwod) *n.* Abbreviation of quadrangle, quadruped چو کور شکل - چوپایہ -

Quadragenarian (kwod-rə-ji-na-ri-ən) *n.* One who is forty years old وہ شخص جس کی عمر چالیس سال ہو -

Quadragesima (kwod-rə-jes-i-ma) *n.* Forty days of Lent چالیس دن کے روزے -

Quadragesimal (kwod-re-jes-i-mal) *adj.* Of the number of forty عیسائیوں کے اربعین کا -

Quadrangle (kwod-rang-gl) *n.* A plan figure with four angles چو گوشہ شکل - چہار زاویہ شکل - مربع - چوکور - چار دیواری - احاطہ - صحن -
Quadrangular *adj.* چہار پہلو - چوکھونٹا - چوگوشیہ -

Quadrant (kwod-rənt) *n.* The fourth part of a circle چوتھا حصہ - چوتھائی - ربع دائرہ - کوئی چیز جس کی شکل چوتھائی چکر کی ہو -
Quadrantal *adj.* ربع دائرہ کی شکل والا -

Quadrat (kwod-rat) *n.* A piece of type metal used for spacing دھات کا ٹکڑا جو سکے کے حرفوں اور عددوں کے درمیان فاصلہ دینے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

Quadrate (kwod-rāt) *adj.* Square, rectangular مربع ۔ چوگوشہ ۔ چار حصوں میں تقسیم ہونے کے قابل ۔

Quadrate (kwod-rāt) *v.t. & i.* Conform, square مطابق ہونا ۔ موافق ہونا ۔ برابر ہونا ۔ ٹھیک ہونا ۔ مطابقت کرنا یا کرانا ۔ چوتھائی دائرہ بنانا ۔

Quadratic (kwod-rāt-ik) *adj. & n.* Involving the square مربع کا ۔ دوم درجے کی مساوات ۔ دو درجی مساوات ۔ ۲لا

Quadrature (kwod-rə-tyer) *n.* Squareness نود درجے کے زاویہ کا فاصلہ ۔ مربع پن ۔ اجرام فلکی کا مربع پن ۔ نود درجے کا زاویہ بنانا ۔ تربیع ۔

Quadrennial (kwod-re-ni-əl) *adj.* Fourth year چار سالہ ۔ چار سال کے بعد ۔ چو برسی ۔

Quadricentennial (kwod-ri-sen-te-ni-əl) *adj.* Four hundredth year چار سو سالہ ۔

Quadrible (kwod-ri-bl) *adj.* Cleft into four parts چار حصوں میں منقسم ۔

Quadric (kwod-rik) *adj. & n.* Of the second degree دوسرے درجے کی مربع سطح ۔ سطح ثانوی ۔

Quadriga (kwod-ri-gā) *n.* A two-wheeled Roman car driven by four horses چار اسپی گاڑی ۔ چوگھوڑ رتھ ۔

Quadrifoliate (kwod-ri-fo-li-āt) *adj.* Four leaved چو پتیا ۔

Quadrille (kwə-dril) *n.* A square dance of four couples چار جوڑوں کا مربع ناچ ۔ تاش کا ایک کھیل ۔

Quadrillion (kwəd-ril-yən) *n.* Million raised to the fourth power کھرب در کھرب ۔

Quadrilingual (kwəd-ri-lin-gūəl) *adj.* Of four languages چو بولی ۔ چہار لسانی ۔ چہار زبانی ۔

Quadroon (kwod-rōōn) *n.* The offspring of a white man and mulato woman دوغلی اولاد ۔ یورپی مرد اور دیسی عورت کی اولاد ۔

Quadrumanous (kwod-rōō-mən-əs) *adj.* Four-handed چار ہاتھ والا ۔ چہار دست ۔ ایسے جانور جو ہاتھ اور پیروں کو ہاتھ کی طرح استعمال کر سکیں ۔ مثلاً بندر ۔

Quadruped (kwod-rōō-ped) *adj. & n.* Four-footed animal چوپایہ جانور ۔ چار پاؤں والے ۔

Quadrupedal *adj.* چار ہاتھ پیر والے ۔ چار پاؤں والے ۔

Quadruple (kwod-rōō-pl) *adj., n. & v.t.* Four-fold چوگنا ۔ چوگرا ۔ چوہرا ۔ چوتہا ۔ چارتہہ والا ۔ جس میں چار حصے شامل ہوں ۔ چوگنا کرنا ۔ چار سے ضرب دینا ۔

Quadruply *adv.* چوگنا کرتے ہوئے ۔

Quadruplet (kwod-roop-let) *n.* Four children born to a woman at a time ایک وقت میں کسی عورت کو چار بچے پیدا ہونا ۔ چوڑواں بچے ۔ کوئی چار چیزیں جو ساتھ ساتھ عمل کریں ۔ بائیسکل جس پر چار آدمی بیک وقت سوار ہوں ۔

Quadruplicate (kwod-rup-li-kāt) *adj. & n.* Four-fold جو چوگنا کیا گیا ہو ۔ جس کی چار نکلیں نکالی گئی ہوں ۔ چار یکساں نمونے ۔

Quadruplicity (kwod-rup-li-si-ti) *n.* Four-foldness چوگنا پن ۔ چار تہہ یا چار گنا ہونے کی حالت ۔

Quaff (kwaf) *v.i. & t.* Drink in large draughts بڑے بڑے گھونٹ پینا ۔ ایک سانس میں پی جانا ۔ ایک دم چڑھا جانا ۔

Quag (kwag) *n.* A boggy place دھنس جانے والی جگہ ۔ دلدلی زمین ۔ ہلتی ہوئی زمین ۔

Quaggy *adj.* ہلنے والی ۔ دلدلی ۔ دھنسنے والی ۔

Quagmire (kwag-mīr) *n.* A wet boggy ground دلدل ۔

Quail (kwal) *n.* Small birds of partridge family بٹیر ۔ لوا ۔ بھڑ تیتر ۔

Quail (kwal) *v.i. & t.* Languish, subdue دبنا ۔ ڈرنا ۔ ہمت ہارنا ۔ ڈرانا ۔ دبانا ۔ ہمت پست کر دینا ۔

Quaint (kwant) *adj.* Skilful, ingenious عجیب ۔ انوکھا ۔ نازک ۔ ستھرا ۔ نادر ۔ نرالا ۔ عقل مند ۔ چالاک ۔

Quaintly *adv.* نزاکت سے ۔ باریکی سے ۔

Quaintness *n.* نرالا پن ۔ انوکھا پن ۔ نزاکت ۔ لطافت ۔

Quake (kwāk) *v.i.* Quiver لرزنا ۔ کانپنا ۔ ہچکولے کھانا ۔ جھٹکے کھانا ۔ متحرک ہونا ۔ پیر رکھنے سے ہلنا ۔

Quaky *adj.* ہلتی ہوئی ۔ لرزاں ۔ متحرک ۔

Quaker (kwā-ker) *n.* One of the society of friends founded by George Fox انجمن احباب کا رکن ۔ اس انجمن کا رکن جس کو جارج فاکس نے قائم کیا تھا ۔ اس انجمن کا مقصد یہ تھا کہ امن و امان کی تبلیغ کی جائے اور زبان اور لباس کی سادگی پر زور دیا جائے ۔ (امریکہ) قلعہ یا جہاز کی نقلی توپ ۔

Qualification (kwol-i-fi-kā-shən) *n.* Distinctive quality ہنر ۔ جوہر ۔ خوبی ۔ قابلیت ۔ لیاقت ۔ استعداد ۔ اہلیت ۔ صداقت نامہ ۔ حد ۔ قید ۔ حد شناسی ۔ شرط ۔ مشروطیت ۔ تخفیف ۔ تقلیل ۔ ترمیم ۔

His delight had one qualification اس کی مسرت میں ایک بات کی کمی تھی ۔

Statement with many qualifications مشروط بیان ۔ بیان جس میں بہت سی استثنیات ہوں ۔

Qualify (kowl-i-fī) v.t. & *i.* Ascribe a quality to استعداد پیدا کرنا ۔ صفت سے متصف کرنا ۔ کوئی خصوصیت منسوب کرنا ۔ ضروری اہلیت یا صفات پیدا کرنا ۔ سزا وار یا مستحق بنانا ۔ قابل انتخاب بنانا ۔ بیان میں ترمیم کرنا یا قطعیت میں کمی کر دینا ۔ کوئی قید لگا دینا ۔ کسی چیز کو ناگوار بنا دینا ۔ شراب میں پانی ملا کر اس کے مزے اور قوت کو کم کر دینا ۔

Qualifies a person as scoundrel کسی شخص کو بدمعاش قرار دینا ۔

Qualifying examination امتحان جس کا پاس کرنا کسی ملازمت کے لیے لازمی ہو ۔

Qualitative (kwol-i-ta-tiv) *adj.* Concerning a quality کیفیت کے متعلق ۔ ماہیت کے بارے میں ۔ کسی صفت کے متعلق ۔

Quality (kwol-i-ti) *n.* Nature, character خوبی ۔ اچھائی ۔ خصوصیت ۔ خاصیت ۔ ماہیت ۔ سیرت ۔ عادت ۔ وصف ۔ خصلت ۔ قابلیت ۔ کمال ۔ گن ۔ ذاتی خوبی ۔

Quality matters more than quantity کسی چیز کا عمدہ ہونا اس کے زیادہ ہونے سے بہتر ہے ۔

Give a taste of one's quality اپنا کمال دکھانا ۔

The quality *n.* طبقہ شرفا ۔ امرا ۔ شرفا ۔

Qualm (kwām) *n.* A sickly feeling, uneasiness دقتی گھبراہٹ ۔ سستی ۔ ضعف ۔ کمزوری کا احساس ۔ پستی ۔ متلی ۔ ابکائی ۔ غشی (ضمیر کا) کھٹکا ۔ خدشہ ۔ اندیشہ ۔ وسوسہ ۔ کسی معاملہ میں خود اپنی دیانت پر شبہ ۔

To have a qualm جی متلانا ۔

Qualmish *adj.* جی متلایا ۔ گھبرایا ہوا مضطرب ۔

Quandary (kwon-dā-ri) *n.* A state of perplexity تذبذب ۔ شک ۔ شبہ ۔ دقت ۔ حیرانی ۔ گو مگو کی حالت ۔

Am in a quandary مشکل میں پھنس گیا ہوں ۔

Quantity (kwon-ti-ti) *n.* The amount of any thing مقدار ۔ تعداد ۔ وزن ۔ حجم ۔ تول ۔ کمیت ۔ کسی شے کا عرض و طول ۔ وسعت ۔ مجموعہ ۔ مقدار کثیر ۔ افراط ۔ کثرت ۔ وزن صوتی ۔

Quantum (kwon-təm) *n.* Quantity, amount مقدار ۔ مقررہ مقدار ۔ کافی مقدار ۔ تعداد ۔

Quantum theory برقیات کی مقدار کا نظریہ ۔

Quantum sufficit کافی مقدار ۔

Quarantine (kwor-ən-tēn) *n.* A time of compulsory isolation قرنطینہ ۔ ایک خاص مدت کے لیے ایک جگہ رہنا ۔ امراض وبائی کے لئے جبری قیام ۔ طبی قید ۔

Quarrel (kwor-l) *n.* A complaint, charge or action لڑائی ۔ جھگڑا ۔ پرخاش ۔ بگاڑ ۔ نااتفاقی ۔ ہاتھا پائی ۔ تو تو میں میں ۔ تکرار ۔ قضیہ ۔ حجت ۔

Espouse one's quarrel جھگڑے میں کسی کی طرفداری کرنا ۔

Find quarrel in a straw ذرا سی بات پر لڑ جانا ۔

Quarrelsome *adj.* جھگڑالو ۔ لڑاکا ۔

Quarrelsomeness *n.* زود رنجی ۔ جھگڑالو پن ۔

Quarrel (kwor-l) *n.* A square tile چوکور نوک کا تیر ۔ چوکور اینٹ یا شیشہ ۔ گز ۔

Quarrel (kwor-l) *v.i.* Find fault, dispute حرف گیری کرنا ۔ اعتراض کرنا ۔ عیب نکالنا ۔ عیب جوئی کرنا ۔ جھگڑا مول لینا ۔ جھگڑا کرنا ۔ تعلقات توڑ دینا ۔

Pick a quarrel with لڑ پڑنا ۔ لڑائی مول لینا ۔

Quarry (kwor-i) *n.* A hunted animal, prey - شکار
صید - شکار کا جانور - جانور جس کا تعاقب کیا جائے - شکاری کا شکار کیا ہوا انبار - آنتیں وغیرہ جو شکار کے بعد کتوں کو دی جائیں - باز کو جو گوشت شکار کرنے پر دیا جائے -

Quarry (kwor-i) *v.t., i. & n.* Excavation for building stone - پتھر کی کان - پتھر نکالنے کا گڑھا - وہ مقام جہاں سے اطلاعات حاصل کی جاتی ہیں - فرش کا چوکا - کان سے پتھر نکالنا - کتابوں سے تاریخی واقعات اکٹھا کرنا - علمی تحقیق کرنا - کسی چیز کی تلاش میں محنت کرنا -

Quart (kärt) *n.* A sequence of four cards (تاش) چار مسلسل پتے - سیڑھی -

Quart (kärt) *n.* The fourth part of a gallon چوتھائی گیلن کا پیمانہ یا ظرف - شراب یا بیر کا پیمانہ -

Quartan (kwawr-tən) *n.* Recurring every fourth day چوتھے دن کا - باری کا - چوتھیا بخار - چوتھے دن آنے والا بخار -

Quartation (kwor-ta-shən) *n.* Combining three parts of silver and one of gold for purifying gold تین حصے چاندی اور ایک حصہ سونا ملا کر سونا صاف کرنے کا عمل -

Quarter (kwawr-tər) *v.t. & n.* A fourth part چوتھائی - چوتھا حصہ - ربع - پاؤ - چوپارہ - کسی جانور کے گوشت کو چار حصوں میں تقسیم کرنا - ایک وزن تقریباً بارہ سیر کا - ایک پیمانہ تقریباً آٹھ من کا - ایک ہفتہ - سہ ماہ - سمت - مقام - علاقہ - سکونت گاہ - اقامت گاہ جو دشمن ہتھیار ڈال دے اس کی معافی - امان - جان بخشی - امان دینا - جان بخشی کرنا - امان پانا - معافی مانگنا -

Beat up the quarters off حرج کرنا - خلل ڈالنا -
Come to close quarters دست بدست لڑائی ہونا -
Winter quarters موسم سرما کی چھاؤنی -
It is not a quarter as good as it should be یہ جتنا اچھا ہونا چاہئے اسکا چوتھائی اچھا بھی نہیں ہے -
Quarter binding کتاب کی جلد جس کا پشتہ چمڑے کا ہو اور باقی ابری کا -
Quarter master وہ فوجی افسر جو فوج کے قیام و طعام کا انتظام کرتا ہے - جہاز کا میر سامان -

Quarter (kwawr-tər) *v.t.* Divide in four parts چار حصے کرنا - چورنگ یا چوپارہ کرنا - بانٹنا - کسی جگہ پر ٹھہرانا - کتوں کو دوڑانا -

Quarterag (kwawr-tər-ag) *n.* Lodging, a quarterly payment - سہ ماہی تنخواہ - سہ ماہی اجرت - ٹھہرانے کے لیے مکان وغیرہ کا انتظام -

Quarterly (kwawr-tər-li) *adj., n. & adv.* Recurring or published once a quarter سہ ماہی - سہ ماہی رسالہ - ہر تین مہینہ کے بعد -

Quartern (kwor-tər(r)n) *n.* A quarter, a pound, a pint چار پونڈ کی ڈبل روٹی -

Quartet (kwowr-tət) *n.* A set of four رباعی - چومصرعہ - چوبولا - مربع - چوراگا - چار آدمیوں کا طائفہ - چار گانے والے - چوسنگت -

Quarto (kwawr-tō) *n. & adj.* Having the sheet folded in four leaves چوورقی - ایک تختہ کے چار ورق کی تقطیع - وہ کتاب جس میں اس تقطیع کے اوراق ہوں -

Quartz (kwawr-tz) *n.* The commonest rock forming mineral سنگ مردہ - وہ مادہ جس سے پتھر بنتے ہیں - وہ پتھر جس میں معدنیات ہوں -

Quash (kwosh) *v.t.* Annul, crush مسترد کرنا - منسوخ کرنا - ناجائز قرار دینا - کالعدم کرنا -

Quashee (kwosh-i) *n.* A West African Negro, West Indian عام نام جو اب ہر حبشی کے لیے استعمال ہوتا ہے -

Quasi (kwā-si) *prefix* In combination in a certain manner, sense or degree گویا کہ - ایک گونہ - بظاہر - تقریباً - ظاہری طور پر -
Engaged in a quasi war ایک ظاہری جنگ میں مصروف -

Quassia (kwosh(y)ā) *n.* A South American tree whose bitter bark and wood are used as tonic جنوبی امریکہ کا ایک درخت جس کی چھال اور لکڑی وغیرہ مقوی دوا کے طور پر استعمال کی جاتی ہے -

Quaternary (kwo tər-nər-i) *adj.* Consisting of four چار - چوک - چوکونہ - چوگوشیہ - چار کیمیاوی عناصر کا مرکب - چار چیزوں کا آمیزہ - چار آدمی -

Quaternion (kwo-tər-ni-ən) *n.* A group of four
چار - چار کی جماعت - چار تختوں کا ایک دستہ جس کو دوہرا کر دیا گیا ہو - چار سے دس تک کے عدد - علامات جن سے چار غیر معلوم مقداریں ظاہر کی جائیں - چار قطاریں -

Quaternity (kwa-tər-ni-ti) *n.* A four-fold godhead چار - چوکا - چومکھا - چار سروں والے دیوتا کی مورت -

Quatorzain (kat-ər-zan) *n.* A poem of fourteen lines چودہ مصرعوں کی نظم -

Quatrain (kwot-ran) *n.* A stanza of four lines رباعی - دو بیتی -

Quatrefoil (kat-ər-foil) *n.* A four-petalled flower چوپتیا پھول - چوپتیا بیل جو عمارت کے نقش و نگار میں نظر آتی ہے -

Quattrocentist (kwat-rō-chen-tist) *n.* & *adj.* One who follows fifteenth century Italian style in art وہ مصور جو پندرھویں صدی کا طرز مصوری اختیار کرے جو اطالیہ میں رائج تھا -

Quaver (kwa-vər) *v.i.* & *t.* Tremble تھرتھرانا - کانپنا - لرزنا - کانپتی ہوئی آواز میں گانا - گلے بازی کرنا - تان لینا - گٹکری لینا -

Quaveringly *adv.* کانپتی ہوئی آواز میں - کانپتے ہوئے -

Quaver (kwa-vər) *n.* Trembling کپکپی - تھرتھری - لرزش - گانے کے گٹکرے - آٹھواں سر - مدھم -

Quavery *n.* کپکپاتی ہوئی آواز کی تقریر -

Quay (kē) *n.* A landing place گھاٹ - پشتہ - جہازوں سے مال اتارنے چڑھانے کا گھاٹ -

Quayage *n.* مال کے اتارنے چڑھانے کا محصول جو گھاٹ پر لیا جائے - گھاٹ کا محصول .

Quean (kwen) *n.* A woman of worthless character فاجرہ - قطامہ - بیسوا - فاحشہ -

Queasy (kwe-zi) *adj.* & *n.* Ticklish, causing nausea قے آور - متلی پیدا کرنے والی غذا یا دوا - ضعیف المعدہ - نازک مزاج - ضرورت سے زیادہ محتاط - کمزور - وہمی - ضعیف الاعتقاد -

Quasiness *n.* کمزوری - گھبراہٹ - سوء ہضمی - متلی -

Queen (kwēn) *n.* Wife of king, a female ruler ملکہ - شاہ بیگم - سلطانہ - تاجدار عورت - حکمران عورت - معشوقہ - داشتہ یا بیوی جس کا انداز شاہانہ ہو - فرضی رانی - عورتوں میں سب سے بہتر - رعنائی اور حسن کی بہترین مثال - ملکہ حسن - (شطرنج) فرزیں - وزیر (تاش) رانی - بیگم -

Queen is dead یہ خبر بہت پرانی ہے -

Queendom *n.* رانی راج - ملکہ کا ملک - ملکہ کا عملہ - ملکہ کا عہدہ -

Queen dowager *n.* بیوہ شاہ بیگم -

Queenhood-ship ملکہ کا عہدہ - ملکہ کا مرتبہ

Queen-like *adj.* شاہانہ - باوقار - ملکہ کی طرح -

Queen (kwēn) *v.t.* & *i.* Make a queen ملکہ بنانا - ملکہ کی مثل بنانا - ملکہ کا بھیس بھرنا - (شطرنج) پیادے کو فرزیں بنانا -

Queening (kwēn-ing) *n.* A kind of flavoured apple ایک قسم کا خوشبو دار سیب -

Queenly (kwēn-li) *adj.* Queen-like ملکہ کے لائق - ملکہ کی طرح - ملکہ کے شایان شان - شاہانہ - باوقار -

Queenliness *n.* ملکہ یا رانی پن - ملکہ کی طرح ہونا - با وقار ہونا -

Queer (kwēr) *adj.* & *v.t.* Odd, singular عجیب - انوکھا - طرفہ - خبطی سا - قابل اعتراض چلن والا - مشتبہ - بیمار سا - دوران سر میں مبتلا - مخمور - نشے میں چور - (بول چال) بگاڑ دینا - خراب کر دینا - چکرا دینا - بیمار ڈال دینا -

Feel queer طبیعت گری گری ہونا - ناسازی محسوس کرنا -

In queer street مقروض - رسوائی میں - کوچہ ملامت میں - مشکلات میں -

Queerish *adj.* انوکھا - پژمردہ - کھویا ہوا -

Queerness *n.* انوکھا پن - طبیعت کی ناسازی - دوران سر -

Shove the queer کھوٹا سکہ چلانا -

Quell (kwel) *v.t.* Kill, extinguish مار ڈالنا - شکست دینا - بجھا دینا - زائل کرنا - کم کرنا - فرو کرنا - قابو پا لینا -

Quench (kwen(t)sh) *v.t.* Put out, cool with liquid بجھانا ۔ ٹھنڈا کرنا ۔ فرو کرنا ۔ دھیما کرنا ۔ دفع کرنا ۔ خاموش کر دینا ۔

Quench smoking flax آئندہ ترق کو روک دینا ۔

Quenchable *adj.* جس کو ٹھنڈا کیا جا سکے ۔ جس کو بجھایا جا سکے ۔ جو بجھ سکے ۔

Quenchless *adj.* جو بجھایا نہ جا سکے ۔ جو ٹھنڈا نہ ہو سکے ۔

Queencher (kwen-shər) *n.* One or that which quenches بجھانے والا ۔ ٹھنڈا کرنے والا ۔ فرو کرنے والا ۔

Querist (kwē-rist) *n.* An inquirer متلاشی ۔ پوچھنے والا ۔ مستفسر ۔

Quern (kwərn) *n.* A stone hand-mill ہاتھ کی چکی ۔ چھوٹی چکی ۔

Querulous (kwer-ū-ləs) *adj.* Complaining, peevish شکوہ کرنے والا ۔ جو شکایت کرنے کا عادی ہو ۔ بد مزاج ۔ چڑ چڑا ۔

Querulously *adv.* بد مزاجی سے ۔ شکوہ کے طور پر ۔ چڑچڑے پن سے ۔

Querulousness *n.* چڑچڑا پن ۔ بد مزاجی ۔ شکایت ۔ شکوہ ۔

Query (kwē-ri) *n.,v.t.* & *i.* Inquiry سوال ۔ استفسار ۔ تحقیق ۔ دریافت طلب بات ۔ پوچھ گچھ ۔ پوچھنا ۔ دریافت کرنا ۔ سوال پیش کرنا ۔ شک و شبہ ظاہر کرنا ۔

Quest (kwest) *n.* Search تلاش ۔ جستجو ۔ دیکھ بھال ۔ تفتیش ۔ تحقیقات ۔ جیوری کی تفتیش ۔ مقصود ۔ مطلوب ۔ خواہش ۔ دریافت کرنے والا ۔ متلاشی ۔

Question (kwest-yən) *n.* An inquiry, an interrogation دریافت ۔ استفسار ۔ تفتیش ۔ سوال ۔ تامل ۔ ایزاد ۔ شبہ ۔ امر بحث طلب ۔ مباحثہ ۔ تکرار ۔ موضوع ۔ مسئلہ ۔ مقدمہ ۔ تحقیق طلب مسئلہ ۔ وہ سزا جو مجرم کو اقبال جرم کرنے کے لیے دی جائے ۔

Allowed it without question بلا عذر مان لیا ۔

Call in question اعتراض کرنا ۔

Out of question خارج از بحث ۔

Success is merely a question of time کامیابی یقینی ہے مگر اس کے لیے وقت درکار ہے ۔

Question (kwest-yən) *v.t.* Inquire, call to account سوال کرنا ۔ پوچھنا ۔ جواب طلب کرنا ۔ جرح کرنا ۔ تحقیقات کرنا ۔ سوال جواب کرنا ۔ کسی شخص کے بیان کی صحت میں شک کرنا ۔ معترض ہونا ۔ شک و شبہ کرنا ۔

Questionable *adj.* قابل پرسش ۔ قابل گرفت ۔ مشتبہ ۔ قابل اعتراض ۔

Questioningly *adv.* جرح کرتے ہوئے ۔ استفسار کرتے ہوئے ۔

Questionnaire (kwes-tyən-ar) *n.* A series of questions سوال نامہ ۔ سوال بند ۔ کسی امر کی تحقیقات کا استفسار نامہ ۔

Queue (kū) *v.t.* & *n.* A file of persons, pigtail گندھے ہوئے بالوں کی چوٹی ۔ آدمیوں کی قطار ۔ ایک کے پیچھے ایک کھڑے ہونا ۔ چوٹی گوندھنا ۔ قطار باندھنا ۔

Quibble (kwib-l) *n.* & *v.i.* An elusive turning away from the point in question حیلہ ۔ بہانہ ۔ گریز ۔ ٹال مٹول ۔ مغالطہ دہی ۔ فقرہ بازی ۔ تلازمہ ۔ سخن سازی ۔ لطیفہ ۔ جگت بازی کرنا ۔ باتیں بنانا ۔ مغالطہ دینا ۔

Quibbler *n.* فقرہ باز ۔ باتوں میں چکر دینے لطیفہ باز ۔ والا ۔ جگت باز ۔

Quibbling *adj.* & *n.* سخن سازی ۔ ٹال مٹول ۔ جگت بازی ۔ حیلہ ساز ۔

Quick (kwik) *adj.* & *adv.* Lively, swift, speedy جیتا ۔ زندہ ۔ جیتا جاگتا ۔ چست ۔ پھرتیلا ۔ تیز ۔ چالاک ۔ چلد باز ۔ جلد بازی سے ۔ فوراً ۔ سریع الحس ۔ تنک مزاج ۔

Quick sight تیز فہمی ۔ ہوشیاری ۔

Has quick wits تیز فہم ہے ۔

Quick lime سفیدی ۔ بغیر بجھا ہوا چونا ۔

Quick-silver متلون مزاج ۔ سیاب ۔ پارہ ۔

Bites his nails to the quick خفا ہو کر ناخن چبانا ۔

Probed it to the quick ایسی بات کہی جس سے سخت تکلیف پہنچی ۔

The insult stung him to the quick اس توہین سے اس کو سخت تکلیف ہوئی ۔

Is a Tory to the quick وہ پکا قدامت پرست ہے -
Quickly *adv.* فی الفور - جلدی سے - فوراً -
Quick-tempered تنک مزاج -
Quick-sighted تیز فہم - ہوشیار -
Quick step ایک قسم کا پھرتیلا ناچ -
Quick-witted ہوشیار - ذہین - حاضر جواب -

Quicken (kwik-ən) *v.t.* & *i.* Stimulate, impart energy جان ڈالنا - تر و تازہ کرنا - تیز کرنا - ہمت دلانا - اکسانا - بھڑکانا - جلدی کرنا - حرکت تیز کرنا - دوڑانا - حاملہ کے پیٹ میں بچے کا پھرنا -
Quickening *adj.* Moving faster تیز کرنے والا - ترو تازہ کرنے والا - حیات رسیدہ - قوت یافتہ - متحرک -

Quickness (kwik-nes) *n.* Alertness جلدی - تیزی - مستعدی - پھرتی - چستی - زیرکی - ذہانت - تلخی - تیزی -

Quicksand (kwik-sand) *n.* A loose watery sand دھسن - ریگ رواں - ایسی ریت جس میں آدمی یا جانور دھنس جائے -

Quid (kwid) *n.* & *v.t.* Something chewed or kept in mouth (بول چال) ایک پونڈ - ایک گنی - تمباکو کی ٹکیا جو منہ میں رکھی جائے - جگالی - جگالی کرنا -

Quiddity (kwid-i-ti) *n.* Essence of any thing خاصہ - خصوصیت - وجہ امتیاز - لغو باریک بینی - عیب جوئی - موشگافی - سخن پروری - لفاظی -

Quidnunc (kwid-nungk) *n.* A news-monger گپ باز - جھوٹی سچی باتیں کہنے والا - افواہیں اڑانے والا - لپاٹیا -

Quid pro quo (kwid-prō-kū) *n.* Blunder made by putting one thing for another ادل بدل - ایک چیز کی جگہ دوسری چیز کا استعمال - مغالطہ - سہو -

Quiescent (kwi-es-ənt) *adj.* & *n.* Resting ساکن - غیر متحرک - بے حرکت - خاطر جمع - خاموش - ٹھہرا ہوا - آسودہ - مطمئن - ساکت -
Quiescence-cy *n.* چین - آرام - سکون - اطمینان - قرار - وقفہ - ٹھہراؤ -
Quiescently *adv.* آرام کے ساتھ - خاموشی کے ساتھ -

Quiet (kwī-ət) *adj.* Calm, at rest خاموش - پر سکون - کم آواز - آہستہ - مسکین - غریب - سیدھا - صوفیانہ - پوشیدہ -

Quiet (kwī-ət) *n.* Tranquillity خاموشی - سکوت - آرام - آسائش - اطمینان - سکھ - طمانیت - سکون قلب - آسودہ دلی -
Quiet resentment خاموش ناراضگی - خاموش احتجاج -
Quietly *adv.* خاموشی سے - چپ چاپ -
Quietness } *n.* سکوت - خاموشی - آہستگی -
Quietude } *n.* اطمینان -

Quiet (kwī-ət) *v.t.* & *i.* Make or become quiet بے حرکت کرنا - خاموش کرنا یا ہونا - روکنا - تھامنا - فرو کرنا - تسکین دینا - اطمینان دلانا - خاموشی اختیار کرنا -

Quietism (kwī-ət-izm) *n.* Mental tranquillity ذہنی سکون - اطمینان قلب - مذہب تسلیم و رضا - رضا بالقضا - توکل - توجہ -
Quietist *n.* متوکل - راضی بہ رضا - تسلیم و رضا کا قائل -

Quietus (kwī-ē-təs) *n.* Discharge from office or life آرام - سکون - قید حیات سے رہائی - موت - خاتمہ - بے باق - واصل باقی - حساب پاک ہونے کی رسید - چکوتی -

Quihi (kwī-hī) *n.* An Anglo-Indian way of calling a servant کوئی ہے -

Quill (kwil) *n.* A feather, reed, hollow stalk پر جس کا قلم بناتے ہیں - بڑا پر - پر کا قلم - پر کی کھوکھلی ڈنڈی - مچھلی کی ڈور کا ترینڈا - دانت کریدنے کی خلال - جولاہے کی نال - بانسری - بنسی -
To carry a good quill خوش خط لکھنا -
Quill driver محرر - خوش نویس - صاحب قلم -

Quill (kwil) *v.t.* & *i.* Wind on a bobbin لپیٹنا - سروڑی دینا - چنت ڈالنا - جولاہے کی نلکی پر تاگا لپیٹنا -

Quillet (kwi-lit) *n.* A subtelity in argument موشگافی - باریکی -

Quilt (kwilt) *v.t.* & *n.* A bed-cover with padding توشک ۔ گدا ۔ پلنگ پوش ۔ رضائی ۔ لحاف ۔ توشک کی طرح سینا ۔ اوڑھنے کے کپڑے کی دو تہوں کے درمیان روئی کا پھل لگانا ۔ دوسروں کے خیالات یا کتابوں سے مضمون اڑا کر تالیف کرنا ۔

Quinary (kwī-nər-i) *adj.* Five-fold, in fives خمس ۔ پنجہ ۔ پنج گانہ ۔ ایسی چیز جو پانچ اجزا پر مشتمل ہو ۔

Quince (kwins) *n.* A golden austere fruit fit for jellies بہی ۔ سفرجل ۔ ناشپاتی کی قسم کا ایک پھل جس کی جیلی بناتے ہیں ۔

Quincunx (kwin-kungks) *n.* An arrangement of five things in a square چاروں کونوں پر ایک ایک اور بیچ میں ایک ۔ چوکور ۔ پنج بوندیا ۔

Quincentenary (kwin-sen-ten-ər-i) *adj.* & *n.* Five hundredth ۔ پانچ صد سالہ ۔ پانچسواں سال کا پانچسویں برسی ۔

Quingentenary (kwin-jen-tē-ner-i) *n.* Five hundredth anniversary پانچ صد سالہ برسی ۔

Quinine (kwin-ēn) *n.* A colourless bitter alkaloid سنکونا کی چھال کا جوہر ۔ کنین ۔ بخار کی مشہور دوا ۔ سفوف کنین ۔

Quinize *v.t.* کونین استعمال کرانا ۔ کونین ملانا ۔

Quinism *n.* کونین کھانے کا اثر ۔ کونین کے اثرات ۔ کنیانا ۔

Quinquagenarian (kwin-kwə-ji-nā-ri-ən) *n.* One who is fifty years old پچاس سالہ آدمی ۔

Quinquagenary (kwin-kwə-ji-nā-ri) *adj.* & *n.* Fiftieth anniversary پچاسویں سالگرہ ۔

Quinquagesima (kwin-kwə-jes-i-mā) *n.* Shrove Sunday, fifty days before Easter ایسٹر سے پچاس دن قبل کا اتوار ۔

Quin-qu(e) (kwin-kwe) *prefix* Combination form of five سابقہ بمعنی پانچ ۔

Quinquennial (kwin-kwen-i-əl) *adj.* Fifth year پانچ سالہ ۔ پانچویں برسی ۔

Quinquina (kwin-ke-nā) *n.* Cinchona bark ایک درخت جس کی چھال سے بخار کی دوا تیار کی جاتی ہے ۔ سنکونا درخت کی چھال ۔

Quinsy (kwin-zi) *n.* Suppurative tonsilitis ۔ خناق حلقوری ۔ کنٹھ مالا ۔

Quinsied *adj.* خناق میں مبتلا ۔

Quint (kwint) *n.* A fifth باجے میں سر کا ٹھہراؤ ۔ پانچواں ۔ پنج لڑی ۔ (تاش) ایک ہی رنگ کے پانچ مسلسل پتے ۔ رائل فلش ۔

Quint major بڑے پانچ پتے ۔ یکہ سے لے کر دہلے تک پتے ۔

Quint minor غلام سے لے کر ستے تک پتے

Quintain (kwin-tin) *n.* A post for tilting at بورا جس پر نیزہ مارنے کی مشق کرتے ہیں ۔

Quintal (kwin-tl) *n.* A measure of hundred kilograms کنٹل ۔ سو کیلوگرام ۔

Quintan (kwin-tən) *adj.* & *n.* Occurring every fifth day پانچ دن کی باری کا بخار ۔ وہ بخار جو ہر چوتھے یا پانچویں دن لرزے کے ساتھ آتا ہے ۔

Quintessence (kwin-tes-əns) *n.* Pure concentrated essence جوہر ۔ روح ۔ ست ۔ لب لباب ۔ کسی صفت کا نمونہ کامل ۔ مظہر ۔ اتم ۔ فلسفہ قدیم میں چار عناصر کے علاوہ جو پانچواں عنصر مانا جاتا تھا ۔

Quintessential *adj.* منتخب ۔ چیدہ ۔ صفت ذات کا ۔ جوہر کا ۔

Quintet (kwin-tet) *n.* A group of five singers or a set of five instruments پنج منڈلی ۔ پانچ گانے والوں کا طائفہ ۔ پانچ سازوں کا میل ۔

Quintillion (kwin-til-yən) *n.* The fifth power of million دس لاکھ کی پانچ گنی طاقت ۔ وہ عدد جو ایک پر تیس صفر لگا کر ظاہر کیا جائے ۔ سنکھ در سنکھ ۔

Quintuple (kwin-tū-pl) *v.t.* & *adj* Having five parts, members or divisions پانچ حصوں والا ۔ پانچ خانوں والا ۔ پنج رکنی ۔ پانچ گنا کرنا ۔ پانچ سے ضرب دینا ۔

Quintuplet *n.* پانچ بچے جو بہ یک وقت پیدا ہوں ۔ پانچ چیزوں کا میل ۔

Quintuplicate *adj.* & *n.* پانچ نقلیں ۔ پانچ دفعہ ۔

Quintuplication *n.* پانچ نقلیں اتارنا ۔ پانچ گنا کرنا ۔ تخمیس ۔

Quip (kwip) *v.t. & n.* A gibe, a repartee طعنہ ۔ طنز ۔ رمز ۔ مزاح ۔ ہنسی کھیل ۔ زبانی چوٹ ۔ چست کیا ہوا فقرہ ۔ طنز کرنا ۔ آوازے کسنا ۔ مذاق اڑانا ۔ منہ چڑانا ۔

Quire (kwīr) *n.* Twentieth part of a ream or 24 sheets ۔ چوبیس تختے کاغذ ۔ چوبیس تختوں کی گڈی ۔ چو ورقہ کاغذ ۔

Quire (kwīr) *n., v.t. & i.* Choir دیکھو

Quirk (kw-ə-rk) *n.* A sudden turn, a twist طعنہ ۔ آوازہ ۔ چوٹ ۔ ہیر پھیر ۔ سخن سازی ۔ پرواز خیال ۔ انوکھا طرز عمل ۔ چال ۔ استادی ۔ مروڑی ۔ محراب کا کٹاؤ ۔ صحن ۔ آنگن ۔ ہوائی کارآموز ۔ ہوائی عکس کا ملازم ۔

Quit (kwit) *v.t.* Pay, release, clear off چھوٹنا ۔ آزاد ہونا ۔ چکانا ۔ دست بردار ہونا ۔ ہاتھ اٹھا لینا ۔ مکان خالی کر دینا ۔ کسی چیز سے پیچھا چھڑانا ۔ ادا کرنا ۔ احسان اتارنا ۔ حساب بے باق کر دینا ۔

Quit (kwīt) *n. & adj.* Even, one who gives up easily آزاد ۔ برابر ۔ مبرا ۔ چھٹکارا پانے والا ۔

Quit rent زر معاوضہ جو کاشت کار خدمت سے مستثنیٰ کئے جانے پر ادا کرے ۔ بدل خدمت ۔

Quite (kwit) *adv.* Completely, wholly بالکل ۔ تمام ۔ سراسر ۔ سرتاپا ۔

Was quite by myself میں بالکل تنہا تھا ۔

I quite like him میں اسے پسند کرتا ہوں ۔

Is not quite proper یہ مناسب نہیں ہے ۔

Quits (kwits) *prop. & adj.* Even, neither owing nor owed برابر ۔ مساوی ۔ پورا ۔ برابر ہوا ۔

Cry quits یہ اقرار کہ معاملہ برابر پر ختم ہو گیا ۔

Quittance (kwit-əns) *n.* Release, discharge فارغ خطی ۔ چھٹکارا ۔ بھرپائی ۔ عوضانہ ۔ پاداش ۔ مکافات ۔ سزا ۔ انتقام ۔

Quitter (kwit-ər) *n.* One who gives up easily (امریکہ) بھگوڑا ۔ کام چور ۔

Quiver (kwiv-ər) *n.* A case for arrows ترکش ۔ تیر رکھنے کا تھیلا ۔

Have an arrow left in one's quiver } مایوس نہ ہونا ۔ ذریعہ کار باقی رہنا ۔

Quiver full of children بہت سے بچوں والا گھرانہ ۔

Quiver (kwiv-ər) *v.i., t. & n.* Shiver, tremble کانپنا ۔ تھرانا ۔ لرزہ آنا ۔ ہلکی مگر تیز حرکت کرنا ۔ پرندوں کا پروں کو تھرتھرانا ۔

Quiveringly *adv.* کانپتے ہوئے ۔ لرزتے ہوئے ۔

Quivive (kē-vīv) *n.* Alert چوکس ۔ ہوشیار ۔ کون ہے ۔ خبردار ۔

Quixote (kwiks-ət) *n.* Visionary شیخ چلی ۔ منصوبہ باز ۔ ناقابل عمل منصوبے باندھنے والا ۔ بلند پرواز ۔ جو عزت اور وفاداری کے مقابلے میں دنیاوی مفاد کی پروا نہ کرے ۔

Quixotic *adj.* خیالی پلاؤ پکانے والا ۔ منصوبے باز ۔

Quixotize *v.t. & i.* خیالی منصوبے باندھنا ۔

Quiz (kwiz) *v.t. & n.* An odd-looking person, general knowledge test معمہ ۔ امر ۔ پہیلی ۔ معلوماتی آزمائش ۔ مسخرہ ۔ عجیب الوضع آدمی ۔ امتحان لینا ۔ مذاق اڑانا ۔ احمق بنانا ۔ حقارت کی نظر سے دیکھنا ۔

Quizzical *adj.* تمسخر آمیز ۔ انوکھا ۔ عجیب ۔ طرفہ ۔

Quizzable *adj.* قابل تضحیک ۔ قابل تمسخر ۔

Quizzingly *adv.* مضحکہ انگیز طور پر ۔ تمسخرانہ ۔

Quo-ad (ko-əd) *prep.* As regards بہ نظر ۔ بلحاظ ۔ نظر بر ایں ۔

Quo ad hoc بہ نظر اس کے ۔

Quod (kwod) *v.t. & n.* Prison (بول چال) قید خانہ ۔ قید کرنا ۔ وہ شے جو کہ ۔

Quoin (ko-in) *v.t. & n.* A wedge, internal corner عمارت کا بیرونی زاویہ ۔ نکر ۔ کنارہ ۔ کمرے کا اندرونی زاویہ ۔ کھونٹا ۔ چانپ ۔ میخ ۔ چاپ یا خانہ لگا کر جمانا ۔ کونہ نکالنا ۔

Quoit (ko-it) *n. & v.t.* A heavy flat ring for throwing کڑا ۔ لوہے یا رسے کا چھلا ۔ کڑا پھینکنا ۔ چکر پھینکنا ۔

Quondam (kwon-dam) *adj.* Former آگے کا ۔ پہلا ۔ سابق ۔ پیشین ۔ دیرینہ ۔

A quondam friend of mine میرا سابق دوست ۔

Quorum (kwo-rəm) *n.* A number of members who must be present for a meeting ارکان کی وہ تعداد جو جلسہ کے لیے ضروری ہو ۔ کورم ۔ لازمی تعداد ۔

Quota (kwō-tȧ) *n.* A part assigned معینہ مقدار ۔ حصہ ۔ مقدار رسد ۔

Quotation (kwōt-a-shən) *n.* That which is quoted اقتباس ۔ حوالہ ۔ منقولہ فقرہ یا عبارت ۔ شرح ۔ نرخ ۔ سامان تجارت کی حالیہ قیمتیں ۔

Quotation marks علامات اقتباس ۔ قوسین ۔ واوین ۔

Quotative (kwōt-a-tiv) *adj.* Given to quoting اقتباس پسند ۔ اقتباسی ۔ حوالے دینے والا ۔

Quote (kwōt) *v.t.* Refer to, cite حوالہ دینا ۔ سند دینا ۔ دوسرے کا قول نقل کرنا ۔ مثال دینا ۔ نرخ بتانا ۔ (بول چال) فقرہ منقولہ ۔ اقتباس ۔

Quotable } *adj.* حوالہ دینے کے قابل ۔
Quotworthy لائق اقتباس ۔

Quoth (kwōth) *v.t.* Said, I, he, she کہا ۔ بولا ۔ میں نے کہا ۔ اس نے کہا ۔

Quotedian (kwot-id-i-ən) *adj.* & *n.* Daily, of every day روز مرہ ۔ ہر روز ۔ یومیہ ۔ پامال ۔ پیش پا افتادہ ۔ روزانہ بخار ۔

Quotient (kwō-shənt) *n.* Number of times one quantity is contained in another حاصل تقسیم ۔ خارج قسمت ۔

Quotum (kwo-tum) *n.* Quota, share مقدار معینہ ۔ حصہ ۔

R

R (ar) *n.* The eighteenth letter of the English alphabet انگریزی حروف تہجی کا اٹھارواں حرف ۔ سال کے ان آٹھ مہینوں میں جن میں حرف R آتا ہے بڑے جھینگوں کا موسم رہتا ہے ۔

Rabbet (rab-t) *n.* & *v.t.* A groove cut to receive an edge چول ۔ جھری ۔ درز ۔ چول کا سوراخ ۔ چول بٹھانا ۔ درز بند کرنا ۔

Rabbi (rab-i) *n.* Jewish doctor of law یہودی عالم قانون ۔ یہودی فقیہ ۔ ربی ۔ حبر ۔

Rabbin (rab-in) *n.* Jewish scholar of law یہودی فقیہ ۔ عالم ۔ ماہر قانون شریعت موسوی ۔

Rabbinate منصب فقیہ ۔ منصب ربی ۔

Rabbit (rab-it) *n.* & *v.t.* A hare خرگوش (بول چال) کمزور کھلاڑی ۔ خرگوش مارنا ۔ خرگوش کا شکار کرنا ۔ (ٹینس) نکما کھلاڑی ۔

Rabbit hutch خرگوشوں کا ڈربا ۔

Rabbity *adj.* جہاں بہت خرگوش ہوں ۔ خرگوش کی طرح ۔

Rabbit (rab-it) *v.t.* Confound بد دعا ۔ اسکا ستیاناس ہو ۔

Rabble (rab-l) *n.* A disorderly crowd بھیڑ ۔ اژدھام ۔ ہجوم ۔ انبوہ ۔ گنواروں کا اجتماع ۔ رذیلوں کی ٹولی ۔ لوہے کی چھڑ ۔

Rabelaisian (rab-ə-la-zi-ən) *n.* A follower or admirer of Franco Rabelais ربیلے کے طرز تحریر کا مداح یا مقلد ۔ ارزاں لفاظی ۔ خیال آرائی ۔ ظرافت پسندی ۔ بوستان خیالی ۔

Rabid (rab-id) *adj.* Affected with rabies دیوانہ ۔ پاگل ۔ سودائی ۔ سگ گزیدہ ۔ تند ۔ غضبناک ۔ شدید ۔

Rabidity } *n.* باولا پن ۔ سگ گزیدگی ۔ دیوانگی ۔
Rabidness غضبناکی ۔

Rabidly *adv.* دیوانے کتے کی طرح ۔ پاگل پن سے ۔

Rabies (ra-bi-ez) *n.* Hydrophobia باولے کتے کے کاٹنے سے دیوانگی ۔ باولے کتے کے جراثیم کی بیماری ۔ ہڑک ۔

Rabious دیوانگی سے متاثر ۔ غضبناک ۔

Race (rās) *n.* The descendants of a common ancestor خاندان ۔ قبیلہ ۔ اولاد ۔ نسل ۔ طبقہ ۔ جماعت ۔ شراب کی تیزی ۔ بیخ ۔ اصل ۔ جڑ ۔ طریق زندگی ۔ روش ۔ رفتار ۔ تیز روی ۔ دوڑ ۔ گھڑ دوڑ ۔ دھارا ۔ بہاؤ ۔ زور کا بہاؤ ۔

Race course گھڑ دوڑ کا میدان ۔

Race (rās) *v.i.* & *t.* Run swiftly, scratch, pluck دوڑ میں مقابلہ کرنا ۔ گھڑ دوڑ میں گھوڑے شریک کرنا ۔ شرط سے دوڑانا ۔ دوڑ پر شرط لگانا ۔ گھڑ دوڑ میں دولت ضائع کرنا ۔ روپیہ اڑانا ۔

A racing man گھوڑوں کے ٹکٹ خریدنے والا ۔ گھوڑوں پر روپیہ لگانے والا ۔ گھڑ دوڑ میں روپیہ لگانے والا ۔

Raceme (rās-ēm) *n.* A bunch of flowers on main stalk گچھے ۔ گل دستہ ۔ پھولوں کے گچھے ۔ پھلوں کے خوشے ۔

Racer (rās-ər) *n.* One or that which races گھڑدوڑ کا گھوڑا دوڑنے والا ۔ شرط بد کر دوڑنے والا ۔

Racial (rāshi-əl) *adj.* Relating to race نسلی ۔ نسل یا خاندان کے متعلق ۔

Racialism *n.* مختلف نسلوں کی باہمی عداوت ۔ نسل پرستی ۔ نسلی تعصب ۔

Racially *adv.* نسل کی رو سے ۔ نسلاً ۔ نسلی تعصب کے ساتھ ۔

Rack (rak) *n.* An instrument for stretching, of torture شکنجہ ۔ کٹ گھر ۔ پنج شاخہ ۔ تکلیف ۔ اذیت ۔ انگیٹھی ۔ کپڑے ٹانگنے کی کھونٹی ۔ اڑتے ہوئے بادل ۔ نشہ آور عرق ۔ تاڑی ۔

Rack (rak) *n.* & *v.t.* Strain, stretch تباہی ۔ بربادی ۔ اذیت ۔ مروڑنا ۔ اینٹھنا ۔ شکنجے میں کسنا ۔ تکلیف دینا ۔ دق کرنا ۔ ستانا ۔ گھوڑے کی چارہ کی ناند بھرنا ۔ گھوڑے کا لنگوری چال چلنا ۔ تیز قدم چلنا ۔

Go to rack غارت ہونا ۔

Live at rack and manger عیش و عشرت کی زندگی بسر کرنا ۔

On the rack عذاب میں ۔

Put to the rack ستانا ۔ تکلیف دینا ۔

Rack-rent سخت لگان ۔ کمر توڑ لگان ۔

Racket (rak-it) *n.* A bat with elliptical head ٹینس کا بلا ۔ گیند بلا جو چہار دیواری کے اندر کھیلتے ہیں ۔ برف میں پہننے کا جوتا ۔ برف موزہ ۔

Racket (rak-it) *n.* & *v.t.* Din, clamour غل غپاڑہ ۔ شور و غل ۔ ہنگامہ ۔ چہل پہل ۔ رنگ رلیاں ۔ سرمستی (بول چال) مزے اڑانا ۔ عیش کرنا ۔ رنگ رلیاں منانا (امریکہ) ڈرا دھمکا کر روپیہ حاصل کرنے کا طریقہ ۔

Racketeering منظم استحصال بالجبر ۔ جبراً روپیہ وصول کرنا ۔

Stand the racket اخراجات ادا کرنا ۔ آزمائش میں پورا اترنا ۔

Racontaur (ra-kōn-tər) *n.* A teller of anecdotes داستان گو ۔ لطیفہ گو ۔

Racy (rās-i) *adj.* Of distinctive quality or vigour مزیدار ۔ خوش ذائقہ ۔ لطیف ۔ پاکیزہ ۔ چاشنی دار ۔ خالص ۔ اصلی ۔

Racily *adv.* چوکھے پن سے ۔ چٹ پٹے انداز سے ۔

Raciness *n.* لطافت ۔ چوکھا پن ۔ چٹ پٹا پن ۔

Raddle (rad-l) *n.* & *v.t.* Colour coarsely بھدے پن سے رنگنا ۔ سرخ مٹی سے رنگنا ۔ لال غازہ ملنا ۔ لال مٹی ۔ لال رنگ ۔

Radial (rā-di-al) *adj.* Pertaining to ray or radius شعاعی ۔ کرنی ۔ نصف قطری ۔ ریڈیم کا ۔

Radially *adv.* نصف قطر کی صورت میں ۔ شعاعی ترتیب سے ۔

Radiant (rā-di-ənt) *adj.* Emitting rays شعاع افشاں ۔ نور افشاں ۔ تابندہ ۔ فروزاں ۔ مرکز شعاع ۔ مرکز حرارت ۔

Radiate (rā-di-āt) *adj., v.i.* & *t.* Emit rays, shine درخشاں ہونا ۔ تاباں ہونا ۔ نور یا حرارت پھیلانا ۔ شعاعیں منتشر کرنا ۔ برق مقناطیسی موجوں کو منتقل کرنا ۔ شعاعی ۔ شعاعی وضع کا ۔

Radiation *n.* جلوہ ۔ تجلی ۔ شعاع افشانی ۔ نور افشانی ۔ تابانی ۔

Radiative *adj.* حرارت افشاں ۔ نور افشاں ۔

Radiator (rā-di-āt-ər) *n.* Apparatus for radiating heat چمکنے والا ۔ گرمی پہنچانے کا آلہ ۔ موٹر کا انجن ٹھنڈا کرنے کا پرزہ ۔ آلہ حرارت رسا ۔

Radical (rad-i-kl) *adj.* & *n.* Fundamental, original, basic بنیادی ۔ اصلی ۔ طبعی ۔ فطری ۔ انتہا پسندانہ (الجبرا) جزری ۔ الفاظ کے مادے کے متعلق ۔ اصل مادہ ۔ بنیادی اصول ۔ جز و مستقل (سیاست) انتہا پسند گروہ کا رکن ۔

Radicalism *n.* انتہا پسندی ۔

Radicalise *v.t.* انتہا پسندی کے رنگ میں رنگنا ۔ انتہا پسند بنا دینا ۔

Radicalisation *n.* انتہا پسندی کا پروگرام ۔

Radically *adv.* اساسی طور پر ۔ شدید طور پر ۔ انتہا پسندانہ انداز سے ۔

Radicel (rad-i-sel) *n.* A rootlet تخم کا وہ حصہ جہاں سے جڑ پھوٹتی ہے - جڑ کی کونپل - چھوٹی جڑ جس سے دانہ پودا بنتا ہے -

Radio (rā-di-ō) *v.t.* & *n.* Rays, radiation, isotope شعاعیں - موجیں - شعاعوں کا استعمال - لاسلکی پیام - ریڈیم سے کام لینا - منفی شعاعوں سے تصویر کھینچنا - ریڈیم کے اثرات ڈالنا -

Radioactivity (rā-di-ō-akti-vi-ti) *n.* Spontaneous disintegration شعاع تابی - گرم تابی - شعاع کا انجذاب -

Radiograph (rā-di-ō-graf) *n.* An instrument for recording radiation, an X-ray photograph حرارت پیما - ایک آلہ جس سے شعاعی حرارت کی پیمائش کی جاتی ہے - شعاعی تصویر -

Radiography شعاعی مصوری -

Radio-telegram بے تار کا پیام - لاسلکی پیام -

Radio-therapy شعاعی علاج -

Radish (rad-ish) *n.* A cruciferous plant مولی -

Radium (rā-di-əm) *n.* A radioactive metallic element ایک شعاعی فلزاتی عنصر - ایک دھات جس سے شعاعیں خارج ہوتی ہیں - شعاعیہ -

Radius (rā-di-əs) *n.* A straight line from centre of a circle to the circumference کہنی سے نیچے ہاتھ کی ہڈی - مرکز دائرہ سے قطر تک خط مستقیم - نصف قطر - پہیے کا دھرا - حلقہ - دائرہ - کنارہ گل -

Radix (rā-diks) *n.* A root, root number, source (ریاضی) اصل عدد - بنیادی عدد - میخ - اصل - مادہ -

Raff (raf) *n.* A riff-raff, a rakish flashy fellow ڈھیر - کمینے لوگ - دھقان - گنوار - بد تہذیب آدمی -

Raffish (raf-ish) *adj.* Flashy اوباش - آوارہ - آوارہ مزاج -

Raffle (raf-l) *n.* A lottery قرعہ اندازی - کسی چیز یا رقم کے لیے قرعہ اندازی - قرعہ اندازی میں شمولیت - قرعہ اندازی کے ذریعے فروخت کرنا -

Raffle (raf-l) *n.* Lumber, rubbish ٹوٹا پھوٹا سامان - کاٹھ کباڑ - غیر ضروری پرانا سامان -

Raft (râft) *n., v.t.* & *i.* A floating mass of logs بیڑا - لکڑیوں کا گٹھا جو کشتی کا کام دیتا ہے - گٹھا کھینا - گٹھے پر بیٹھ کر پانی کا سفر کرنا -

Rafter (râft-ər) *n.* & *v.t.* A beam supporting a roof شہتیر - چھت میں شہتیر لگانا - کڑیاں لگانا - بیچ کی زمین چھوڑ کر ہل چلانا -

Rafter (râft-ər) *n.* Floating log ناؤں اور شہتیروں کا بیڑا -

Rag (rag) *n.* A worn, torn or waste scrap of cloth چیتھڑا - دھجی - چندی - پرانے کپڑے (تحقیراً) جھنڈی - رومال - اخبار - ردی کاغذ - دندانہ دار چھجا - پرت دار پتھر -

Ragabash نیچ - کمینہ -

Raggery چیتھڑے -

Ragman چیتھڑے بیچنے والا - بنتے والا - گدڑی والا -

Rag (rag) *n.* A rough hard stone of many kinds پرت دار سخت پتھر - سلیٹی پتھر - سلیٹی پتھر کے ٹکڑے جن سے چھت ڈالی جاتی ہے - ہڑبونگ -

Rag (rag) *v.t., i.* & *n.* Rate, banter or assail with questions (بول چال) ڈانٹنا - ڈپٹنا - برا بھلا کہنا - بیہودہ مذاق کرنا - ہڑبونگ مچانا - الٹ پلٹ کرنا - شورو غل - ہنگامہ - گڑ بڑ -

Ragamuffin (rag-ə-muf-in) *n.* A disreputable man میلا کچیلا - پھٹے پرانے کپڑوں والا آدمی - پاجی - پھٹیچر -

Rage (rāj) *n.* Over-mastering desire or anger طیش - تاؤ - غصہ - جوش - خواہش - شدت - تیزی - تندی - بے تاب کرنے والا شوق - وضع - طرز - فیشن - شوق - لت -

Rage (rāj) *v.i.* Behave or speak with passion بگڑنا - بکنا جھکنا - آگ بگولہ ہونا - تندی دکھانا - طیش میں آنا - طوفان برپا کرنا - عالمگیر ہونا - پھیلنا -

Ragged (rag-d) *adj.* Rough, shaggy, hanging in tufts ناہموار - اونچا نیچا - بے ڈھنگا - شکستہ حال - ریختہ لباس -

Raggedness *n.* شکستہ حالی - کھردرا پن -

Ragout (râ-gōōt) *n.* Meat in small pieces, highly seasoned مسالہ دار - گوشت کے پسندے - چٹ پٹا سالن - قلیہ - ترکاری دار سالن -

Raid (rād) *n., v.i.* & *t.* Sudden attack with arms دھاوا - حملہ - لوٹ مار - یورش کرنا - مسلح ہو کر حملہ کرنا - چھاپہ مارنا -

Raider *n.* چھاپہ مارنے والا ۔ دھاوا کرنے والا ۔

Rail (rāl) *n., v.t. & i.* Continuous series of bars کٹہرا ۔ باڑا ۔ جنگلا ۔ پٹری ۔ ریل کی پٹری ۔ پٹری بچھانا ۔ باڑا تیار کرنا ۔ جنگلہ لگانا ۔ ریل کے ذریعے مال لانا اور لے جانا ۔

Off the rails راہ راست سے برگشتہ ۔ اُلٹ پلٹ ۔ درھم برھم ۔

Rail head زیر تعمیر ریل کی پٹری کا آخری سرا ۔

Railing *n.* باڑ ۔ کٹہرا ۔ جنگلہ ۔

Rail motor *n.* ریل گاڑی کا ڈبہ ۔ پٹریوں پر چلنے والا ڈبہ ۔

Rail (rāl) *n.* Kinds of birds ایک قسم کا بری یا بحری پرندہ ۔

Rail (rāl) *v.i.* Use abusive language ۔ برا بھلا کہنا گالیاں دینا ۔ ملامت کرنا ۔ طعنے دینا ۔

Railer *n.* برا بھلا کہنے والا ۔ لعن طعن کرنے والا ۔ طعنہ دینے والا ۔

Railing *adj. & n.* طعنہ زنی ۔ بد زبانی ۔ ملامت آمیز ۔

Raillery (rāl-ər-i) *n.* Good-humoured ridicule ٹھٹھا ۔ مذاق ۔ فقرہ بازی ۔

Raiment (rā-mənt) *n.* Clothing, apparel جامہ ۔ کپڑے ۔ پوشاک ۔ لباس ۔

Rain (rān) *n.* Water from clouds مینہ ۔ بارش ۔ برکھا ۔ جھڑی ۔ بوچھاڑ ۔

Rain-bird ہدہد ۔ کٹھ پھوڑا ۔

Rain-doctor جادو کے زور سے بارش کرنے والا ۔

Rain-worm کیچوا ۔

The rains برسات کا موسم ۔

Rainless *adj.* بے برسات کا ۔ سوکھا ۔

Rain (rān) *v.i. & t.* Shower, fall as like rain مینہ برسنا ۔ بارش ہونا ۔ پانی پڑنا ۔ ترشح ہونا ۔ جھڑی لگ جانا ۔ بوچھاڑ کر دینا ۔ تار باندھ دینا ۔

It has rained itself out ۔ بادل برس کر کھل گیا ہے

It never rains but it pours جہاں ایک واقعہ ہوا بس اس کا سلسلہ بندھ جاتا ہے ۔

To rain cats and dogs موسلا دھار تڑیڑا پڑنا ۔

Rainbow (rān-bo) *n.* The coloured bow caused by refraction قوس قزح ۔ دھنک ۔ رنگیں کمان ۔ رنگ برنگی ۔ ہفت رنگ ۔ ست رنگی ۔

Rainy (rān-i) *adj.* Characterised by rain برساتی ۔ برسات کا ۔ بارانی ۔

Rainy day مشکلات کا وقت ۔ تنگی کا زمانہ ۔ آڑا وقت ۔

Raise (rāz) *v.t.* Make higher, cause to rise اونچا اٹھانا ۔ بلند کرنا ۔ قائم کرنا ۔ تعمیر کرنا ۔ بنانا ۔ ابھارنا ۔ جوش دلانا ۔ سوال اٹھانا ۔ مسئلہ چھیڑنا ۔ اعتراض کرنا ۔ سرفراز کرنا ۔ رتبہ بلند کرنا ۔ ترقی دینا ۔ معیار بلند کرنا ۔ بڑھانا چڑھانا ۔ گراں کرنا ۔ زندہ کرنا ۔ جان ڈالنا ۔ جمع کرنا ۔ اکٹھا کرنا ۔ مزاحمت کرنا ۔ بہم پہنچانا ۔ خمیر اٹھانا ۔

Raise a seige محاصرہ اٹھا دینا ۔

Raise Cain, the devil hell, the mischief, etc. } ہنگامہ برپا کرنا ۔ فتنہ و فساد پھیلانا ۔

Raise the market upon زیادہ دام لینا ۔

Raise the wind ادھار لینا ۔

Raise (rāz) *n.* Increment اضافہ ۔ پوکر میں بازی بڑھانا ۔ برج کے کھیل کی بولی ۔

Raisin (ra-zn) *n.* Dried grape کشمش ۔ مُنقیٰ ۔ داخ ۔

Raison d-etre (rāzn-d-etre) *n.* Purpose غائت وجود ۔ مقصد تخلیق ۔

Raja(h) (rā-jā) *n.* An Indian prince والی ریاست ۔ نواب ۔ راجہ ۔

Rake (rāk) *n.* An instrument for drawing hay گھاس جمع کرنے کا آلہ ۔ کھانچہ ۔ کھونچا ۔ چھیکا ۔ جوئے کی میز پر سے روپیہ سمیٹنے کا آلہ ۔ زرگیر ۔ کاہ گیر ۔

Rake (rāk) *v.t. & i.* Room, range about کریدنا ۔ اکھاڑنا ۔ جندرے سے صاف کرنا ۔ ادھر اُدھر پھر کر تلاش کرنا ۔ کتوں کا شکار کی بو لینا ۔ جہاز پر گولے برسانا ۔ گولہ باری کرنا ۔ کھڑکی یا دروازہ کا منظر بند ہونا ۔ ایسی جگہ ہونا جہاں سے کچھ نظر نہ آئے ۔

Rake (rāk) *n.* A debauched person لچا ۔ شہدا ۔ عیاش ۔ تماش بین ۔

Rake (rāk) *v.i., t. & n.* Incline, slope جہاز کا آگے بڑھا ہوا ہونا ۔ مستول کا جھکا ہوا ہونا ۔ جھکاؤ ۔ کجی ۔ موڑ ۔

Rake-hell (rāk-hel) *n.* An utterly debauched person رنڈی باز - اوباش - زنا کار - لچا - شہدا - بے حیا -

Rakish (rāk-ish) *adj.* Dissolute رندانہ - عیاشانہ - آوارہ - اوباش مزاج -

Rale (ral) *n.* Sound from a diseased lung خرخر - شش کی آواز جو خرابی سے پیدا ہو -

Rally (ral-i) *v.t., i. & n.* Gather for one's support or united effort جمع ہونا - اکٹھا ہونا - فوج کو ایک جگہ کرنا - فراہم کرنا - ترتیب دینا - دوبارہ لڑائی کرنا - دوبارہ حملہ کرنا - مدد کے لیے جمع ہونا - حمائتیوں کا جمع ہونا - (کھیل) تیز مقابلہ - سخت مقابلہ - جیت ہار کی الٹ پلٹ -

Rally (ral-i) *n.* Banter مذاق - دل لگی - ٹھٹھول -

Ram (ram) *n.* A male sheep مینڈھا - دنبہ - برج حمل - میش - دھرمٹ - موگری - قلعہ شکن انجن - جہاز کی بھال جس سے دشمن کے جہاز میں سوراخ کر دیتے ہیں - بھال دار جنگی جہاز - قلابہ -

Ram (ram) *v.t.* Thrust roughly, stuff hard, block کوٹنا - بھرنا - منہ تک بھر دینا - ٹھونک دینا - اڑا دینا - جہاز کو زور سے ٹکر دینا - بھال مارنا - بندوق کو گز سے بھرنا -

Rammer *n.* موگری - دھرمٹ - ٹھونکنے کوٹنے کی مشین -

Ramadan (ram-ə-dan) *n.* Month of fasting ماہ رمضان - رمضان المبارک - رمضان -

Ramble (ram-bl) *v.i. & n.* Wander گشت کرنا - ادھر ادھر پھرنا - سیر کرنا - گھومنا - آوارہ گردی کرنا - بے جوڑ باتیں کرنا - اوٹ پٹانگ بکنا - مٹر گشت - سیر - آوارہ گردی - تفریحی دورہ -

Rambler (ramb-lər) *n.* One who rambles, a climbing plant آوارہ گرد - سیلانی - گھومنے پھرنے والا - ایک قسم کی بیل - گلاب کی بیل -

Rambling (ramb-l-ing) *adj.* Roaming بے ترتیب - غیر مربوط - پیادہ رو - آوارہ گرد - بے قاعدہ (بیلیں) - بے ترتیب (گلی کوچے) -

Ramblingly *adv.* بے تکے پن سے - بے قاعدگی سے - بہکے بہکے - بے ربطی سے -

Ramification (ram-i-fi-ka-shən) *n.* Branch, offshoot شاخ در شاخ - شاخوں کا شاخوں سے نکلنا - شاخ - حصہ - شعبہ - فرع - تقسیم -

Ramified *adj.* شاخدار - شاخیلا -

Ramify (ram-i-fi) *v.t. & i.* Divide into branches شاخیں پھوٹنا - شاخوں میں تقسیم کرنا - شاخیں نکالنا - شاخ در شاخ ہونا -

Rammish (ram-ish) *adj.* Bad-smelling مست بو والی - بو دار - متعفن -

Ramose (ra-mos) *adj.* Branched شاخوں والا - شاخدار - گھنا -

Ramp (ramp) *v.i. & t.* Climb, slope, range about wildly (جانور کا) پچھلے پیروں پر کھڑا ہونا - حملہ کرنے کا انداز اختیار کرنا - کودنا - اچھلنا - چڑھنا - کلیل کرنا - (فوجی) فصیل میں ڈھال رکھنا -

Ramp (ramp) *n.* Slope of a wall top, swindle, a loose woman ڈھلاؤ - جھکاؤ - روک - خم - موڑ - قزاق - لٹیرا - داشتہ - کسبی - رنڈی -

Ramp (ramp) *n. & v.t.* Swindle ناجائز دباؤ ڈال کر روپیہ وصول کرنا - فرضی قرض کا مطالبہ کرنا - بہت زیادہ قیمت مانگنا - لوٹنا - لوٹ -

Rampage (ramp-āg) *v.i. & n.* Aggressive excited behaviour بگڑنا - غصہ کرنا - آپے سے باہر ہو جانا - طیش - غصہ - مجنونانہ حرکت -

Rampageous *adj.* از خود رفتہ - دیوانہ وار - مجنونانہ -

Rampageously *adv.* دیوانگی سے - غضب ناکی سے -

Rampant (ramp-ant) *adj.* Standing on hind legs, attacking بپھرا ہوا - جست آمادہ - زیادہ - کثیر - شدید - سخت - حاوی - زائد از ضرورت - عرابی - چڑھتی ہوئی -

Rampancy *n.* کثرت - شدت - غلبہ - زور -

Rampantly *adv.* شدت سے - افراط سے - حملہ کرتے ہوئے - بپھرے ہوئے -

Rampart (ram-pärt) *v.t. & n.* Flat-topped defensive mound فصیل - دیوار - پشتہ - دمدمہ - مدافعت کا سامان کرنا - مورچہ بندی کرنا -

Rampion (ramp-yən) *n.* A bell flower گھنٹی کی طرح کے پھول والا پودا جس کی جڑ کھائی جاتی ہے - شلغم - مولی - اروی - گدا - بنڈا -

Ram-rod (ram-rod) *n.* A rod for ramming down a charge or for cleaning gun-barrel بندوق کا گز ۔

Ramshackle (ram-shak-l) *adj.* Tumble down گرا پڑا ۔ ٹوٹا پھوٹا ۔ خراب ۔ خستہ ۔ مرمت طلب ۔ کمزور ۔ بودا ۔

Ramson (ram-zən) *n.* Wild or broad-leaved garlic لہسن ۔ لہسن کی بوٹھی ۔

Ramus (ram-əs) *n.* A branch of any thing شاخ ۔ کسی چیز کی شاخ ۔

Ran (ran) *v.i.* Run دیکھو

Rance (rans) *n.* A bar, shore, prop روک ۔ ٹیلہ ۔ کنارہ ۔

Ranch (rån(t)sh) *n.* & *v.i.* A stock farm افزائش نسل کا مویشی باڑہ ۔ ایسا باڑہ جس میں اعلیٰ چارے پر مویشیوں کے پالنے کا انتظام ہو ۔ گھاس کا وسیع میدان ۔ مویشی پالنا ۔ مویشی پالنے کا کاروبار کرنا ۔

Rancid (ran-sid) *adj.* Rank in smell or taste سڑا ہوا ۔ اترا ہوا ۔ بو دار ۔ متعفن ۔ بساندہ ۔ گندہ ۔

Rancidity *n.* سڑاند ۔ رداثت ۔ بدبو ۔

Rancour (rang-kər) *n.* Harboured bitterness بغض ۔ عناد ۔ کینہ ۔ عداوت ۔

Rancorous *adj.* بغض رکھنے والا ۔ کینہ ور ۔

Rand (rand) *n.* A border, margin کنارہ ۔ حاشیہ ۔ جوتے کا تلا ۔ چمڑے کی پٹی ۔ ایڑی ۔ (جنوبی افریقہ) دریا کے دونوں طرف کی اونچی زمین ۔

Randan (ran-dan) *n.* A boat rowed by three کشتی جس کو تین آدمی چلائیں ۔ دوہرے چپو والی کشتی ۔ تکڑ ناؤ ۔

Random (ran-dəm) *adj.* & *n.* Haphazard بے ترتیب ۔ بے تکا ۔ بے سروپا ۔ اوٹ پٹانگ ۔ بے سوچا سمجھا ۔ بے جوڑ بے ترتیب بات یا کام ۔

At random بے سوچے سمجھے ۔ اٹکل پچو سے ۔

Randy (rand-i) *adj.* Boisterous مستی میں شور مچانے والا ۔ ہڑدنگا ۔ چلبلا ۔ بدمست ۔ شہوت سے بے قابو ۔

Randiness *n.* چلبلا پن ۔ بے چینی ۔ بے قراری ۔ بد مستی ۔

Range (rånj) *v.t.* & *i.* Set in a row, assign a place صف بہ صف کھڑا ہونا ۔ پرا باندھنا ۔ صف بندی کرنا ۔ مرتب کرنا ۔ آراستہ کرنا یا ہونا ۔ قطار در قطار ہونا ۔ آوارہ گردی کرنا ۔ ادھر ادھر پھرنا ۔ گشت لگانا ۔ گھومنا ۔ کنارے کنارے جانا ۔ کنارے کنارے کشتی چلانا ۔ پھیلا ہوا ہونا ۔ واقع ہونا ۔ مختلف مدارج میں ہونا ۔ ہم پلہ ہونا ۔ زمرے میں ہونا

Range (ranj) *n.* Any thing extending in a line, a row سلسلہ ۔ قطار ۔ صف ۔ فرقہ ۔ درجہ ۔ قسم ۔ گروہ ۔ مدارج ۔ زینے یا سیڑھی کا ڈنڈا ۔ چھلنی ۔ غربال ۔ سیر ۔ گشت ۔ میدان ۔ سیرگاہ ۔ احاطہ ۔ چاند ماری کا میدان ۔ شکارگاہ ۔ چراگاہ ۔ مار ۔ پلہ ۔ زد ۔ فاصلہ ۔ ولائتی چولھا ۔

Ranger (rånj-ər) *n.* A forest or park officer مہتمم جنگلات ۔ چور ۔ قزاق ۔ ڈاکو ۔ مہتمم شکار ۔ مہتمم باغات ۔ سوار ۔ سوار فوج ۔

Rank (rangk) *n.* A row قطار ۔ صف ۔ پرا ۔ گاڑیوں کی قطار ۔ شطرنج کی آڑی قطار ۔ عہدہ ۔ منصب ۔ مرتبہ ۔ رتبہ ۔ درجہ ۔ مقام ۔ گروہ ۔ جماعت ۔ فرقہ ۔ طبقہ ۔ عظمت ۔ رفعت ۔ شان و شوکت ۔ کسی دیوالیہ جائداد کے قانونی حق داروں کی درجہ واری فہرست ۔

Rank and fashion طبقہ ۔ خواص ۔ اعلیٰ طبقہ ۔

The rank and file عوام ۔ عام لوگ ۔

Rise from the ranks معمولی درجے سے ترقی کرنا ۔

The ranks معمولی سپاہی ۔

Rank (rangk) *v.t.* & *i.* Place in a line, assign to a particular grade قطار باندھنا ۔ صف بندی کرنا ۔ درجہ بندی کرنا ۔ مرتب کرنا ۔ شمار کرنا ۔ ترتیب دینا ۔ (فوج) کوچ کرنا ۔ گزرنا ۔

Rank (rangk) *adj.* Strong, vigorous, excessive بہت زیادہ بڑھنے والا ۔ ضرورت سے زیادہ ۔ بے کار ۔ نکما ۔ سڑا ہوا ۔ متعفن ۔ نفرت انگیز ۔ مکروہ ۔ ناشائستہ ۔ نمایاں ۔ صاف صاف ۔ واضح

Ranker (rangk-ər) *n.* A military officer who rose from rank فوجی عہدہ دار جس نے ایک سپاہی کے درجے سے ترقی کی ہو ۔

Rankle (rangk-l) *v.i.* Fester, irritate پکنا ۔ سڑنا ۔ زخم کا بگڑنا ۔ ٹیس ہونا ۔ کھٹک ہونا ۔ خلش ہونا ۔

Ransack (ran-sak) *v.t.* Search thoroughly ڈھونڈنا ۔ چھان مارنا ۔ تلاش کرنا ۔ ٹٹولنا ۔ لوٹنا ۔ تباہ کرنا ۔ تاخت و تاراج کرنا ۔ غارت کرنا ۔ بے چراغ کرنا ۔

Ransom (ran-səm) *n. & v.t.* Redemption from captivity رہائی ۔ آزادی ۔ خلاصی ۔ چھٹکارا ۔ روپیہ جو رہائی کے لیے دیا جائے ۔ ڈنڈ ۔ دیت ۔ خون بہا ۔ فدیہ دے کر چھڑانا ۔ زر رہائی طلب کرنا ۔ تاوان وصول کرنا ۔

Rant (rant) *v.i. & n.* Storm, scold زور بتانا ۔ لمبی چوڑی ہانکنا ۔ باتیں بنانا ۔ ہرزہ گوئی کرنا ۔ ڈینگ مارنا ۔ ناٹکی انداز سے تقریر کرنا ۔ بھاؤ بتا بتا کر گفتگو کرنا ۔ چلا چلا کر وعظ کہنا ۔ لفاظی ۔ لمبی چوڑی تقریر ۔

Ranter *n.* ڈینگیا ۔ زیٹیا ۔ شیخی باز ۔

Rap (rap) *v.t., i. & n.* Snatch, grab, give a blow مارنا ۔ کھٹکھٹانا ۔ دستک دینا ۔ ضرب لگانا ۔ درشت کلامی کرنا ۔ چھین لینا ۔ سخت کلامی ۔ سوت کا لچھا ۔ انٹی ۔ گٹی ۔

Rap (rap) *n.* A whit ذرہ بھر ۔ ذرہ ۔ پر کاہ ۔

Do not care a **rap** مجھے ذرہ بھر پرواہ نہیں ۔

Rapacious (rə-pa-shəs) *adj.* **Grasping**, living by prey غارت گر ۔ لٹیرا ۔ حریص ۔ لوٹنے والا ۔ شکار پر بسر کرنے والا ۔ درندہ ۔

Rapacity *n.* لوٹ مار ۔ لوبھ ۔ حرص ۔ لوٹ ۔ غارت گری ۔

Rape (rap) *v.t. & n.* Seize, carry off, **commit rape upon** جبراً حاصل کرنا ۔ زنا بالجبر کرنا ۔ عصمت دری کرنا ۔ زنا بالجبر ۔ آبرو ریزی ۔ استحصال بالجبر ۔ کشمش کا پھوک جو شراب بنانے کے بعد بچتا ہے ۔

Rape (rap) *n.* A plant cultivated for herbage and seeds تلی ۔ گنوار ۔ سویا بین ۔ سرسوں یا دوسرے روغنی تخم کے پودے ۔

Rapid (rap-id) *adj. & n.* Swift تیز ۔ تیز رو ۔ تیز رفتار ۔ سریع ۔ تیزی سے واقع ہونے والا ۔ تیز ۔ تند ۔ سلامی ۔ ڈھلوان ۔ دریا کا بھاؤ ۔ نشیب ۔

Rapidity *n.* سرعت ۔ تندی ۔ تیزی ۔

Rapidly *adv.* تندی سے ۔ تیزی سے ۔

Rapier (ra-pi-ər) *n.* A long slender sword گپتی ۔ پتلی لمبی تلوار ۔ نیمچہ ۔ عباسی ۔ کٹار ۔

Rapier thrust تیکھا جواب ۔ چبھتی ہوئی بات ۔

Rapine (rap-in) *n.* Plundering لوٹ مار ۔ غارت گری ۔ ظلم و ستم ۔ زبردستی ۔

Rapport (ra-port) *n.* Relation, sympathy, spiritual touch رابطہ ۔ تعلق ۔ نسبت ۔ واسطہ ۔ روحانی اتصال ۔ جذباتی اتصال ۔

Rapprochement (ra-prosh-mant) *n.* Drawing together مصالحت ۔ مفاہمت ۔ تجدید یاری ۔

Rapscallion (ras-ka-li-ən) *n.* Rascal کمینہ ۔ بدمعاش ۔ شریر ۔ پاجی ۔

Rapt (rapt) *adj.* Enraptured, transported مگن ۔ مست ۔ بے خود ۔ سرخوش ۔ منہمک ۔ وجد میں ۔ محو ۔ مستغرق ۔

Rapture (rap-tyər) *n.* Seizing and carrying away, extreme delight بے خود ۔ سرمستی ۔ ناقابل برداشت مسرت ۔ وجد ۔ جوش ۔ جذبہ ۔ کمال مسرت ۔

Go into raptures روحانی مسرت محسوس کرنا ۔ بے خود ہو جانا ۔

Raptures روحانی مسرت ۔ انتہائی خوشی ۔

Rapturous *adj.* دلکش ۔ سرمستانہ ۔ مست کن ۔ وجد آور ۔

Rapturously *adv.* وجد کے عالم میں ۔ سرمستی سے ۔ بے خودی سے ۔

Raptured (rap-tyərd) *adj.* Ecstatic حالت وجد میں ۔ بے خود ۔ سر مست ۔ مستغرق ۔

Rara-avis (rar-ā-e-vis) *n.* Rarity عجیب و غریب شے یا شخص ۔ نادر یا انوکھی چیز ۔ عنقا ۔ طرفہ معجون ۔ نایاب چیز ۔

Rare (rār) *adj.* Uncommon, excellent رقیق ۔ باریک ۔ پتلا ۔ لطیف ۔ غیر معمولی ۔ انوکھی ۔ نرالا ۔ نادر ۔ نایاب ۔ عمدہ ۔

Rarely *adv.* شاذو نادر ۔ کبھی کبھی ۔

Rareness *n.* ندرت ۔ کمیابی ۔ ہلکا پن ۔ لطافت ۔ نایابی ۔

Rarify (rar-fi) *v.t. & i.* Make less dense لطیف کرنا ۔ ہلکا کرنا ۔ پتلا کرنا ۔ مہذب بنانا ۔ تزکیہ کرنا ۔

Rarefaction / Rarefication } n. - پتلاپن - رقت - ہلکاپن - لطافت

Rarity (rār-i-ti) n. State of being rare, fineness نرالا پن - پتلا پن - ہلکا پن - انوکھا پن - ندرت - عجوبہ -

Rascal (râs-kl) n. A knave, rogue ایک پتلا دبلا ہرن - بد معاش - بد ذات - غنڈا - شریر آدمی - نابکار - دغا باز - پیار سے بچے کے لیے بھی کہتے ہیں -

Rascalism / Rascality } n. شیطنت - بد معاشی - پاجی پن -

Rascally adv. بد معاشی سے - پاجی پن سے -

Rash (rash) n. Eruption on the skin سرخ بادہ - سرخ دانے - احتراق الدم - پتی -

Rash (rash) adj. Over hasty جلد باز - غیر محتاط - ناعاقبت اندیش - جلد بازی کا - بے دھڑک -

Rashly adv. تندی سے - تیزی سے - بے دھڑک - بے سمجھے بوجھے -

Rashness n. جلد بازی - تہور - اجڈ پن - بے باکی -

Rasher (rash-ər) n. A thin slice of bacon سور کے نمکین گوشت کا ٹکڑا -

Rasorial (rə-sō-ri-əl) adj. Scraping the ground for food کریدنے والے پرندوں کے متعلق -

Rasp (râsp) n., v.t. & i. A coarse file موٹی ریتی - سوہن - ریتی سے رگڑنا - سوہن سے گھس کر صاف کر دینا - نا گوار ہونا - برہم کر دینا -

Raspatory (râsp-a-tə-ri) n. A surgeon's rasp جراحی سوہن -

Raspberry (râz-bər-i) n. A fruit-bearing plant رس بھری کا پودا یا پھل - فرنگی بیر - (بول چال) ناپسندیدگی یا نفرت کے اظہار کے لیے کوئی آواز یا اشارہ - بر طرفی -

Rat (rat) v.i. & n. A rodent چوہا - موش - گھونس - فار - فار کیر - طوطا چشم - غدار - تھوڑی اجرت پر کام کرنے والا - آڑے وقت میں دوستوں کا ساتھ چھوڑ دینے والا - ہڑتالی مزدور کی جگہ کام کرنے والا - چوہے پکڑنا - دغا کرنا - اپنی جماعت کا ساتھ چھوڑنا -

Like a drowned rat بھیگا ہوا - شرابور آدمی -

Rats لغو - واہیات - خرافات -

Ratsbane چوہوں کا زہر - سم الفار -

Smell a rat کان کھڑے ہونا - سازش کی بو آنا -

Ratter n. بلدیہ کا چوہے مار جوان - چوہے مار آدمی -

Ratty adj. طوطا چشم - چڑچڑا - غدار -

Ratable (rāt-ə-bl) adj. Taxable - قابل محصول - محصولی

Ratability n. قابل محصول ہونا -

Ratably adv. حصہ رسدی سے - تناسب سے -

Ratafia (rāt-ə-fi-ā) n. A flavouring essence made with almond oil روغن بادام کی خوشبو - بادام، شفتالو وغیرہ کی چاشنی دی ہوئی شراب - میوہ دار بسکٹ -

Rataplan (rat-ə-plan) n. A drumming sound ڈھول یا تاشے کی آواز -

Ratchet (rach-et) v.t. & n. A wheel with inclined teeth دندانے دار پہیا - کھانچے دار پہیا - روکنے والے کھانچے لگانا -

Rate (rāt) n. Estimated amount or value شرح - نرخ - بھاؤ - قیمت - اندازہ - معیار - درجہ - پایہ - محصول - شہری لگان - راتب - وظیفہ - وجہ معاش - قسم -

At any rate بہرحال - خیر - کچھ ہو یہ تو کرنا ہی ہے -

By no rate ہرگز نہیں -

Rate (rāt) v.t. & i. Value, estimate قدر کرنا - اندازہ لگانا - قیمت لگانا - شمار کرنا - خیال کرنا - سمجھنا - جہازوں کو درجوں میں تقسیم کرنا - شمار کیا جانا - زمرے میں ہونا -

Rate (rāt) v.t. & i. Smile, scold جھڑکنا - دھمکانا - چشم نمائی کرنا - برا بھلا کہنا - غصہ ہونا -

Ratel (rāt-əl) n. African badger افریقی بجو -

Rather (rā-dher) adv. Sooner, more quickly بلکہ - برخلاف - برعکس - قدرے - کسی قدر - ذرا جلدی - بہتر ہے کہ -

Rather better than زیادہ تر - بہتر -

The rather جلد - بہتر تو ہے -

Ratify (rat-i-fī) v.t. Approve and sanction تصدیق کرنا - توثیق کرنا - منظور کرنا - مقرر کرنا - معین کرنا - جائز قرار دینا - نافذ مان لینا -

Ratification *n.* منظوری ۔ تصدیق ۔ توثیق ۔

Rating (rāt-ing) *n.* Classification according to grades شرح بندی ۔ درجہ بندی ۔ جہازوں کی درجہ بندی ۔ تقسیم ۔ طبقہ ۔ درجہ ۔

Rating (rāt-ing) *n.* Angry reprimand جھڑکی ۔ گھرکی ۔ ڈانٹ ڈپٹ ۔

Ratio (ra-shi-ō) *n.* The relation of one thing to another نسبت ۔ نسبت عددی یا حسابی ۔ مقدار ۔ لاگ ۔ حساب ۔ اندازہ ۔ قدر ۔ تناسب ۔

Ratiocinate (rash-i-os-i-nat) *v.i.* Reason, argue بحث کرنا ۔ مناظرہ کرنا ۔ استدلال کرنا ۔ منطقی قیاس سے کام لینا ۔

Ratiocination *n.* استنباط ۔ استدلال ۔ مباحثہ ۔ مناظرہ ۔

Ration (ra-shən) *n.* & *v.t.* A fixed allowance or portion راتب ۔ خوراک ۔ کھانے کا سامان ۔ مقررہ حصہ ۔ مقدار ۔ راتب مقرر کرنا ۔

Rational (rash-ən-əl) *adj.* & *n.* Of the reason, endowed witn reason صاحب عقل ۔ عاقل ۔ عقلی ۔ ناطق ۔ شائستہ ۔ سمجھدار ۔ معقولی ۔ استدلالی ۔ حیوان ناطق ۔ انسان ۔

Rational leaning in religion مذہب میں استدلالی رنگ ۔ مذہب میں عقلی رجحان ۔

Rationality *n.* قوت فیصلہ ۔ قوت مدرکہ ۔ معقولیت ۔ ناطقہ ۔

Rationally *adv.* عقلی طور پر ۔ شائستگی سے ۔ معقولیت سے ۔

Rationale (rash-ən-əl) *n.* Underlying principle دلیل ۔ استدلال ۔ بنیادی حقیقت ۔ اصول ۔ توجیہ ۔ علت غائی ۔ سبب عقلی ۔

Rationalism (rash-a-na-lizm) *n.* System of beliefs regulated by reason معقولیت ۔ یہ نظریہ کہ علم صحیح کی بنیاد عقل پر ہے ۔ یہ اصول کہ مذہب کی بنیاد عقل پر ہونی چاہئے ۔

Rationalist *n.* عقلیت پسند ۔ عقلی دلائل کا حامی ۔ معقولی ۔

Rationalistic *adj.* استدلالی ۔ عقلی ۔

Rationalise (rash-nəl-īz) *v.t.* & *i.* Make rational عقلی یا استدلالی بنانا ۔ عقل کے مطابق تاویل کرنا ۔ عقلیت پسند یا عقلی ہونا ۔

Rationalization *n.* قومی صنعت کی عقلی تنظیم ۔

Ratlining (rat-lin) *n.* One of the small lines forming steps of the rigging of ships وہ رسیاں جو طنابوں کے پاس لپٹی رہتی ہیں اور سیڑھی کے ڈنڈوں کا کام دیتی ہیں ۔ رسی کی سیڑھی ۔

Rattan (rə-tan) *n.* A climbing palm with long thin stems بید ۔ بید کی شاخیں ۔ بید کی چھڑیاں ۔

Rat-tat (rat-tat) *n.* A knocking sound ۔ کھٹ کھٹ ۔ دستک ۔ کھٹکھٹانے کی آواز ۔

Rattle (rat-l) *v.i.* & *t.* Make a quick succession of hard sound ۔ کھڑکھڑانا ۔ کھٹکھٹانا ۔ گڑگڑانا ۔ بکے جانا ۔ نظم یا کہانی تیزی سے پڑھنا ۔ قینچی کی طرح زبان چلنا ۔ گاڑی کو سرپٹ دوڑانا ۔ چھن چھن کرنا ۔ (بول چال) چونکا دینا ۔ گھبرا دینا ۔ بے چین کر دینا ۔

Rattle the sabre لڑائی کی دھمکی دینا ۔

Rattling *adj.* تیز ۔ تند ۔

Rattle (rat-l) *n.* An instrument or toy for rattling جھنجھنا ۔ کھڑکھڑاہٹ ۔ غل غپاڑہ ۔ ہنگامہ ۔ بچوں کی کھڑکھڑی گاڑی ۔ سانپ کی دم کے حلقے جس سے آواز نکلتی ہے ۔ بک بک ۔ یاوہ گوئی ۔

Rattle-mouse چمگادڑ ۔

Rattle-plate بکواسی ۔

Rattle-snake کھڑکھڑ کی آواز پیدا کرنے والا سانپ ۔

Rattler (rat-lər) *n.* An excellent specimen, a coach, a rattlesnake کھڑکھڑی گاڑی ۔ اعلیٰ درجہ کا نمونہ ۔ کھڑکھڑا سانپ ۔

Ratty (rat-i) *adj.* Irritable, touchy ۔ (بول چال) جھلا ۔ چڑچڑا ۔

Raucous (raw-kəs) *adj.* Hoarse بیٹھی ہوئی آواز ۔ بھاری آواز ۔ بھرائی ہوئی آواز ۔

Raucously *adv.* بیٹھی ہوئی آواز سے ۔ بھرائی ہوئی آواز سے ۔

Raucity *n.* آواز کا بھاری پن ۔

Ravage (rav-ij) *v.t.* & *n.* Lay waste, destroy غارت کرنا ۔ ویران کرنا ۔ پامال کرنا ۔ لوٹنا ۔ اجاڑنا ۔ تباہی ۔ بربادی ۔ پامالی ۔ ویرانی ۔ (جمع) دست برد ۔ تباہی یا خرابی کے آثار ۔

Rave (rāv) *v.i., t. & n.* Rage, talk as if mad دیوانوں کی طرح بکنا ۔ غل مچانا ۔ دیوانہ ہونا ۔ بہکی بہکی باتیں کرنا ۔ ہذیان بکنا ۔ ہوا یا سمندر کا زور شور ۔ شائیں شائیں کرنا ۔ فراٹا ۔ گرج ۔

Raving *n.* (جمع) بڑبڑانا ۔ ہذیان ۔ بہکی بہکی باتیں ۔

Rave (rāv) *n.* Side piece of a wagon گاڑی کا کٹہرا ۔ گاڑی کا مچان ۔ (کوئی چیز جس سے گاڑی کی گنجائش میں اضافہ ہو جائے) ۔

Ravel (rav-l) *v.i., t. & n.* Disentangle الجھانا ۔ الجھاؤ دور کرنا ۔ سلجھانا ۔ ادھیڑنا ۔ پیچ نکالنا ۔ عقدہ حل کرنا ۔ الجھاؤ ۔ پیچیدگی ۔ گانٹھ ۔ الجھن ۔

The ravelled skein of life زندگی کی الجھی ہوئی تار و پود ۔

Ravelin (rav-lin) *n.* A detached work with two embankments قلعہ کا بیرونی دمدمہ ۔ باہر کا مورچہ ۔

Raven (rā-vn) *adj. & n.* A large glossy black species of crow پہاڑی کوا ۔ کالا کاگا ۔ چمکیلا سیاہ کوا ۔ چمکیلا سیاہ ۔

Raven (ra-vn) *v.i. & t.* Devour hungrily and greedily بھوکے کی طرح کھانا ۔ حریص بن کر کھانا ۔ غارتگری کرنا ۔ شکار کی تاک میں چکر کاٹنا ۔ ہڑپ کر جانا ۔ ندیدوں کی طرح کھانا ۔ کسی چیز کا بھوکا ہونا ۔

Ravenous (rav-en-əs) *adj.* Greedy لالچی ۔ حریص ۔ بے حد بھوکا ۔ بھوک سے بے تاب ۔ خونخوار درندہ ۔ پھاڑ کھانے والا ۔

Ravenously *adv.* خونخواری سے ۔ ندیدے پن سے ۔ حریصانہ طور پر ۔

Ravenousness *n.* خونخواری ۔ درندگی ۔ طمع ۔ حرص ۔

Ravin (rav-in) *n.* Preying لوٹ مار ۔ قزاقی ۔ شکاری زندگی ۔ مال غنیمت ۔

Ravine (rav-īn) *n.* A deep, narrow gorge پہاڑی نالہ ۔ تنگ گہرا چشمہ ۔

Ravish (rav-ish) *v.t.* Carry away by violence زبردستی لے جانا ۔ بھگا لے جانا ۔ زنا بالجبر کرنا ۔ عصمت دری کرنا ۔ خوشی سے باغ باغ کر دینا ۔

Ravisher *n.* بھگا لے جانے والا ۔ زنا بالجبر کرنے والا ۔

Ravishing *adj.* وجد آور ۔ مست کن ۔ کیف آور ۔ فرحت بخش

Ravishment *n.* زبردستی اٹھا لے جانا ۔ فرط طرب ۔ بے خودی ۔ پر کیفی

Raw (raw) *adj. & n.* Not cooked, not ripe, not mature خام ۔ کچا ۔ ادھ کچرا ۔ ادھورا ۔ نامکمل ۔ بغیر پکا ہوا ۔ اناڑی ۔ نوآموز ۔ بے کمایا ہوا (چمڑا) ننگا ۔ چھلا ہوا ۔ دکھتا ہوا ۔ سرد ۔ مرطوب ۔ گیلا ۔ نامعقول ۔ بھدا ۔ برا زخم ۔ خراش ۔

Raw-boned قاق ۔ دبلا پتلا ۔

Raw hide کچا چمڑا ۔

Raw head ہوا ۔ بیجا ۔

Touches one on the raw دکھتی رگ پکڑنا ۔

Rawish *adj.* گدرا ۔ کچا سا ۔ نیم خام ۔

Rawness *n.* اناڑی پن ۔ کچا پن ۔ ناتجربہ کاری ۔ خامی ۔

Ray (rā) *n.* A narrow beam کرن ۔ شعاع ۔ پرتو ۔ ضو ۔ خط شعاعی ۔ چمک ۔ جھلک ۔ نور ۔ ہم مرکز خطوط ۔

Ray (rā) *v.i. & t.* Radiate شعاع خارج کرنا یا ہونا ۔ روشن ہونا ۔ چمکنا ۔

Ray (rā) *n.* Thorn back, torpedo or flat-bodied fish شارک سے مشابہ سمندر کی بڑی مچھلیوں کا خاندان ۔ خار پشت مچھلی ۔

Rayon (rā-ən) *n.* A ray, artificial silk چمکدار لکیر ۔ مصنوعی ریشم ۔

Raze (rāz) *v.t.* Graze, scrape, erase چھیلنا ۔ زخم ڈالنا ۔ مسمار کرنا ۔ مٹانا ۔ اڑا دینا ۔ مسمار کر دینا ۔ ڈھا دینا ۔ زمین کے برابر کر دینا ۔

Razee (rā-zē) *n. & v.t.* A ship without decks بغیر عرشے کا جنگی جہاز ۔ کم کرنا ۔ چھانٹنا ۔

Razor (rā-zər) *v.t. & n.* A keen-edged implement for shaving استرا ۔ استرے سے مونڈنا ۔

Rasure (rāz-ər) *n.* Same as erasure کاٹ کوٹ ۔ مٹائی ہوئی جگہ ۔ مٹانے والی چیز ۔

Razzia (raz-yā) *n.* A pillaging in incursion حملہ ۔ چھاپا ۔ دھاوا ۔

Razzle-dazzle (raz-l-daz-l) *n.* A rowdy frolic or spree (بول چال) چہل پہل ۔ ریل پیل ۔ کھیل کود ۔ ناچ گانا ۔ چکر جھولا ۔ ہنڈولا ۔

Re (rē) *prep. & prefix* Concerning, again سے ۔ بابت ۔ متعلق ۔ پھیر ۔ باز ۔ دوبارہ ۔ پیچھے ۔

Reabsorb (rē-ab-sor-b) *v.t.* Take in again پھر جذب کر لینا ۔ پھر پی جانا ۔ نگل جانا ۔

Reach (rēch) *v.t.* & *i.* Stretch forth پھیلنا ۔ بڑھنا ۔ ہاتھ بڑھانا ۔ آگے بڑھنے کے لئے ہاتھ پیر مارنا ۔ پکڑنا ۔ ہاتھ بڑھا کر لینا ۔ گھسنا ۔ رسائی پانا ۔ پہنچ جانا ۔ دسترس پانا ۔

Reachable *adj.* پہنچ کے اندر ۔ رسائی کے قابل ۔ ممکن الحصول ۔

Reach me down تیار ۔ بنا بنایا ۔

Reach (rē-ch) *n.* Extent or power of reaching دسترس ۔ مقدرت ۔ رسائی ۔ پہنچ ۔ زد ۔ طاقت ۔ اختیار ۔ پھیلاؤ ۔ لیاقت ۔ استعداد ۔ ذہن کی رسائی ۔

React (rē-akt) *v.t.* & *i.* Act in return جواب میں عمل کرنا ۔ رد عمل کرنا ۔ پلٹ پڑنا ۔ اثر قبول کرنا ۔ متاثر ہونا ۔ اثر ہونا ۔ جوابی حملہ کرنا ۔ پلٹ کر حملہ کرنا ۔ کسی چیز سے متنفر ہونا ۔ دور ہٹنا ۔ پیچھے ہٹنا ۔

Reactive *adj.* تاثیر پذیر ۔ رد عمل کرنے والا ۔ رجعت پذیر ۔

Reaction (rē-ak-shən) *n.* Action resisting other action, mutual action جوابی عمل ۔ تاثیر و تاثر ۔ مدافعت ۔ مقابلہ ۔ مزاحمت ۔ روک ۔ رد عمل ۔ جوابی حملہ ۔ حملہ کے جواب میں حملہ ۔ مخالف اثر ۔ الٹا اثر ۔ خوشگوار اثر ۔

Reactionary *adj.* ہر نئی چیز کی مخالفت کرنے والا ۔ رجعت پسند ۔ قدامت پسند ۔

Reactionist *n.* & *adj.* نئے پن کا مخالف ۔ قدامت پسند ۔ پرانے طریقے کا حامی ۔ پرانے دھڑے پر چلنے والا ۔

Read (rēd) *v.t.* & *i.* Make out, interpret, advise پڑھنا ۔ مطالعہ کرنا ۔ تلاوت کرنا ۔ کتاب پڑھنا ۔ درس لینا ۔ طالب علمی اختیار کرنا ۔ پڑھکر مفہوم سمجھنا ۔ سمجھ لینا ۔ پیشین گوئی کرنا ۔ آثار سے نتیجہ نکالنا ۔ تاویل کرنا ۔ پڑھتے پڑھتے کسی خاص حالت کو پہنچنا ۔

Read between the lines خفیہ مطلب معلوم کرلینا ۔

Reads like a threat تہدید آمیز تحریر ۔

Read to پڑھکر سنانا ۔

Readable (rēd-əbl) *adj.* Interesting, legible جو پڑھا جا سکے ۔ دلچسپ ۔ قابل مطالعہ ۔

Readably *adv.* خوبی کے ساتھ ۔ قابل مطالعہ طریق پر ۔

Reader (rēd-ər) *n.* A lecturer in a college پڑھنے والا ۔ قاری ۔ مطالعہ کنندہ ۔ نقاد ۔ طباعت کی نقل کا تصحیح کنندہ ۔ کسی کلیہ یا جامعہ کا لکچرر ۔ درسی کتاب ۔ کسی خاص مضمون کی درسی کتاب ریڈر ۔

Readership *n.* پروف کاپی کا تصحیح کنندہ ۔ نائب پروفیسری کا عہدہ ۔

Readily (red-i-li) *adv.* With full preparation, immediately آسانی سے ۔ جلدی سے ۔ فوراً ۔ پوری تیاری سے ۔ دل سے ۔ خوشی سے ۔ بے تامل ۔

Readiness (red-i-nes) *n.* State of being prepared تیاری ۔ آمادگی ۔ مستعدی ۔ سوجھ بوجھ ۔ جلدی ۔ پھرتی ۔ خوشی ۔ مرضی ۔ چاؤ ۔

Reading (rēd-ing) *n.* Formal presentation of bills پڑھنا ۔ مطالعہ ۔ قرات ۔ درس ۔ تعبیر ۔ معنی ۔ کسی قانون کا ایک ، دو اور تین بار ایوان میں پیش کرنا ۔ مطلب پیدا کرنا ۔ تاویل کرنا ۔

A man of vast reading وسیع المطالعہ شخص ۔

Plenty of reading کافی مطالعہ ۔

What is your reading آپ کی کیا رائے ہے ۔ آپ اس سے کیا سمجھے ۔

Readjust (rē-ad-just) *v.t.* Equip anew پھر سے ترتیب دینا ۔ نئے طور پر بندوبست کرنا ۔ نئے سازوسامان سے آراستہ کرنا ۔ پھر سے توازن درست کرنا ۔

Ready (red-i) *adj.* & *adv.* Prepared, willing تیار ۔ آراستہ ۔ کمر بستہ ۔ لیس ۔ خواہاں ۔ راغب ۔ مائل ۔ راضی ۔ آمادہ ۔ چالاک ۔ تیز ۔ برجستہ ۔ بنا بنایا ۔ نزدیک ۔ جلدی سے ۔ پیش از پیش ۔ نقد دام ۔

Ready-made بنا بنایا ۔ تیار ۔

Ready-money نقد دام ۔

Ready-witted حاضر جواب ۔

Make ready تیار کرنا ۔

Reaffirm (rē-a-furm) *v.t.* Repeat the promise اقرار کی تجدید کرنا ۔ پھر سے اقرار کرنا ۔

Reafforest (rē-a-for-est) *v.t.* Grow forest again on a land پھر سے جنگل لگانا ۔ کسی زمین پر دوبارہ جنگلی درخت لگانا ۔

Real (rē-əl) *n.* A coin equivalent to six pense ایک زر حسابی جو چھ پنس کے برابر ہے ۔

Real (rē-əl) *adj.* Actual, true, genuine - اصلی
واقعی - کھرا - سچا - غیر منقولہ - معتبر - یقینی -
خالص -

Realism (rē-əl-izm) *n.* The mediaeval doctrine that general terms stand for real existence
یہ عقیدہ کہ عام کلیات یا اسما حقیقتاً خارج میں موجود
ہیں - یہ عقیدہ کہ مادی اشیاء کا وجود حقیقی ہے نہ کہ
خیالی - حقیقت پسندی - حقیقت بینی - حقیقت نگاری -

Realist *n.* حقیقت مادہ کا قائل - حقیقت میں - اشیاء کے
حقیقی ہونے کا قائل -

Realistic *adj.* عملی - حقیقت کے مطابق - ہو بہو -
حقیقت پسندانہ - وجودی - حقیقی -

Realistically *adv.* عملی طریقے سے - حقیقی طور پر -
ہو بہو - مطابق حقیقت -

Reality (rē-əl-i-ti) *n.* The fact of being real
حقیقت - اصلیت - ماہیت - سچائی - نفس الامر - واقعی
شے - محسوس و موجود شے - مرئی وجود - ماہیت -
فطرت - اصل -

Realize (rē-əl-īz) *v.t.* Make real, accomplish, make
واقعیت کا رنگ پیدا کر دینا - پوری طرح سمجھ
لینا - ذہن نشین کرنا - کسی منصوبہ کے مطابق عمل
کرنا - کر دکھانا - بروئے کار لانا - جائداد بیچ کر رقم
حاصل کرنا - روپیہ جمع کرنا -

Realizable *adj.* جو عمل میں لایا جاسکے - جو حاصل
کیا جا سکے -

Realization *n.* - روپیہ حاصل کرنا - حصول - عمل پذیری

Really (rē-al-i) *adv.* In reality, actually - اصل میں
حقیقت میں - حقیقتاً - کیا واقعی - دیکھو میں سچ کہتا
ہوں - کیا یہ سچ ہے -

Realm (rēm) *n.* A kingdom, a region - مملکت
ریاست - بادشاہی - ملک - کشور - اقلیم - حلقہ - دنیا -

Realpolitic (re-əl-pol-i-tik) *n.* The good of the nation
دوسری تمام باتوں پر قوم کی فلاح کو مقدم
رکھنا - فلاح قوم -

Realty (rē-əl-ti) *n.* Landed property, real estate
جائداد غیر منقولہ -

Ream (rēm) *n.* 20 quires - کاغذ کے بیس دستے کی گڈی
بیس دستہ

Ream (rēm) *v.t.* & *i.* Skim, overflow, enlarge
سوراخ بڑا کرنا - چوڑا کرنا - چھید کرنا - الٹنا - ابل
آنا - جہاز کی درز کھولنا -

Reanimate (rē-an-i-māt) *v.t.* Infuse new life
تازہ جان ڈالنا - نئی روح پیدا کرنا - از سر نو ہمت پیدا
کرنا - تازہ دم ہونا -

Reanimation - نئی روح - تازہ دم ہونا - ہمت افروزی -
حیات نو -

Reannex (rē-an-eks) *v.t.* Join again - پھر لگانا
پھر جوڑنا -

Reap (rēp) *v.t.* Collect the grain, derive advantage
کاٹنا - فصل کاٹنا - غلہ جمع کرنا - کئے کا
پھل پانا -

Sow wind and reap whirlwind جیسا عمل ویسا
نتیجہ - جیسا کرنا ویسا بھرنا -

Reaper *n.* کاٹنے کا آلہ - کاٹنے والا -

Reappear (rē-ap-e-ər) *v.t.* Appear again پھر ظاہر
ہونا - پھر نظر آنا - دوبارہ نمودار ہونا -

Reappoint (rē-ap-o-int) *v.t.* Make afresh appointment
پھر مقرر کرنا - از سر نو تقرر کرنا -
دوبارہ متعین کرنا - پھر سے ملازم رکھنا -

Rear (rēr) *n.* The back or hindermost part
(بول چال) پشت - پیٹھ - پچھلا حصہ - پچھواڑہ -
بیت الخلا -

Rear-admiral نائب امیرالبحر -

Rear-guard فوج کا پچھلا دستہ -

Rear-rank پچھلی قطار -

Rearmost *adj.* سب سے آخری - سب سے پیچھے -

Rearwards *adv.* عقب کی جانب سے - پچھلی طرف -
پیچھے کی طرف -

Rear (rēr) *v.t.* & *i.* Raise, cause to set up - پالنا
پوسنا - تربیت کرنا - پرورش کرنا - افزائش نسل کرنا -
اٹھانا - کھڑا کرنا - قائم کرنا - تعمیر کرنا - گھوڑے
الف ہونا -

Rear-arch (rēr-ärch) *n.* The back part of arch
محراب کی پشت - محراب کا اندرونی حصہ -

Rearm (rē-ärm) *v.t.* Arm again - دوبارہ مسلح کرنا
نئے ہتھیاروں سے مسلح کرنا -

Rearouse (re-a-rows) *v.t.* Awaken again دوبارہ بیدار کرنا ۔ دوبارہ روشن کرنا ۔

Rearrange (re-a-ranj) *v.t.* Arrange afresh دوبارہ ترتیب دینا ۔ از سر نو ترقیب دینا ۔ نئے طریقے سے جانا ۔ مرمت کرنا ۔

Reascend (re-as-ənd) *v.t.* Rise again پھر سے بلند ہونا ۔ دوبارہ چڑھنا ۔

Reason (re-zn) *n.* Justification of an act or belief وجہ ۔ موجب ۔ سبب ۔ واسطہ ۔ دلیل ۔ حجت ۔ نطق ۔ عقل ۔ ادراک ۔ نفس ۔ ناطقہ ۔ شعور ۔ (منطق) ۔ صغریٰ کبریٰ ۔ عقل کل ۔ جوہر ۔ ہوش ۔ دماغ ۔ ہوشمندی ۔ تمیز ۔ معقولیت ۔

By reason of اس سبب سے ۔ بہ این سبب ۔

It stands to reason یہ بات معقول ہے ۔

The woman's reason اپنے ہی قول کو بمنزلہ دلیل سمجھنا ۔

Reason (re-zn) *v.t. & i.* Examine, discuss, debate عقل دوڑانا ۔ عقل لڑانا ۔ کسی مسئلہ کے ہر پہلو پر غور کرنا ۔ غور و فکر کرنا ۔ مباحثہ کرنا ۔ سمجھانا بجھانا ۔ ترغیب دینا ۔ قائل کرنا ۔

Reason oneself to perplexity خود اپنی دلیلوں سے الجھن میں پڑ جانا ۔

Reasoner *n.* عقل سے کام لینے والا ۔ استدلال کرنے والا ۔

Reasoning *n.* مباحثہ ۔ بحث ۔ توجیہ ۔ دلیل ۔

Reasonable (re-zn-əbl) *adj.* Rational مناسب ۔ واجب ۔ قرین قیاس ۔ معقول ۔ شائستہ ۔ مطابق عقل ۔ توقع کے مطابق ۔

Reasonableness *n.* اصابت رائے ۔ واجبیت ۔ معقولیت

Reasonably *adv.* واجبی ۔ مناسب طور پر ۔ معقول حد تک ۔

Reassemble (rē-a-sem-bl) *v.t. & i.* Collect the parts and fit them دوبارہ ملانا جوڑنا ۔ دوبارہ جمع ہونا ۔

Reassert (rē-a-sert) *v.t.* Reassure by repeating reasons دوبارہ کہنا ۔ پھر یقین دلانا ۔ دوبارہ جتانا ۔ دلائل کا اعادہ کرنا ۔ اپنا اثر پھر قائم کرنا ۔

Reassess (rē-a-ses) *v.t.* Revalue دوبارہ اندازہ کرنا ۔ پھر قیمت کا تعین کرنا ۔ پھر جانچنا ۔ پھر تشخیص کرنا ۔ پھر محصول لگانا ۔

Reassign (rē-a-sin) *v.t.* Reappoint پھر مقرر کرنا ۔ پھر نامزد کرنا ۔ پھر منسوب کرنا ۔ از سر نو کام دینا ۔

Reassume (rē-a-sōōm) *v.t.* Take up again پھر اختیار کرنا ۔ پھر گمان کرنا ۔ پھر مان لینا ۔

Reassure (rē-a-shōōr) *v.t.* Assure anew پھر یقین دلانا ۔ پھر اطمینان دلانا ۔ پھر ڈھارس بندھانا ۔

Reassuring *adj.* اعتماد افزا ۔ تسکین دہ ۔ اطمینان بخش ۔

Reave (re-v) *v.t. & i.* Plunder, rob لوٹنا ۔ چھین لینا ۔ اڑا لینا ۔ تباہ کرنا ۔ برباد کرنا ۔

Rebaptize (rē-bap-tīz) *v.t.* Give baptism a second time, give a fresh name پھر سے بپتسمہ دینا ۔ پھر سے نام رکھنا ۔

Rebate (re-bāt) *v.t.* Dull, blunt, reduce کند کرنا ۔ دھار مارنا ۔ کم کرنا ۔ دھیما کرنا ۔

Rebate (ri-bāt) *n.* Discount, reduction منہائی ۔ مجرائی ۔ کٹوتی ۔ وہ منہائی جو واجب الادا رقم سے کی جاتی ہے ۔

Rabate (ri-bat) *n. & v.t.* Rabbet دیکھو

Rebeck (re-bek) *n.* An old instrument of violin class تاروں کا ایک پرانا ساز ۔ رباب ۔ ستار ۔

Rebel (reb(ə)l) *n.* One who resists authority باغی ۔ سرکش ۔ منحرف ۔ متمرد ۔ حکم نہ ماننے والا ۔

Rebel (reb(ə)l) *v.t.* Renounce the authority of law باغی ہونا ۔ سرکش ہونا ۔ حکومت اور قانون کی مخالفت کرنا ۔ منحرف ہونا ۔ نفرت کرنا ۔ گھن آنا ۔

Rebellion (reb-a-liy-a-n) *n.* Revolt بغاوت ۔ سرکشی ۔ انحراف ۔ غدر ۔ بلوہ ۔ دنگا فساد ۔ مسلمہ قوت سے کھلم کھلا مقابلہ ۔

Rebellious (rib-ə-li-əs) *adj.* Engaged in rebellion سرکش ۔ باغی ۔ باغیانہ ۔ سرکشانہ ۔ قابو سے باہر ۔ جس کا علاج مشکل ہو ۔

Rebelliousness *n.* سرکشی ۔ بغاوت ۔ انحراف ۔

Rebellow (rē-bel-ō) *v.t. & i.* Bellow in return, echo جوابی صدا لگانا ۔ بھاری آواز سے جواب دینا ۔ آواز گونجنا ۔ آواز کا بازگشت ہونا ۔

Rebind (rē-bind) *v.t.* Make a fresh binding دوبارہ نئی جلد بنانا ۔ پھر سے جلد باندھنا ۔

Rebirth (rē-barth) *n.* Renewal, reincarnation دوسرا جنم ۔ دوسری بار پیدائش ۔ دوسرا روپ ۔ دوسرا ظہور ۔

Reboil (re-bo-il) *v.t.* Boil a second time دوبارہ جوش دینا ۔ دوبارہ ابالنا ۔

Rebound (ri-bownd) *v.i.* & *t.* Recoil, start back from collision پلٹنا ۔ ٹکرا کر پیچھے ہٹنا ۔ پھرنا ۔ الٹنا ۔ رد عمل ہونا ۔

Rebound (re-bownd) *n.* Recoil باز گشت ۔ رد عمل ۔ خمار ۔ پستی ۔ پسپائی ۔

Rebuff (ri-buf) *v.t.* & *n.* Sudden check روک ۔ رکاوٹ ۔ مزاحمت ۔ جھڑکی ۔ جھڑک دینا ۔ روک دینا ۔ دھتکارنا ۔

Rebuild (re-bild) *v.t.* Build a second time دوبارہ تعمیر کرنا ۔ از سر نو بنانا ۔

Rebuke (ri-būk) *v.t.* & *n.* Check, restrain, beat back سرزنش کرنا ۔ ملامت کرنا ۔ سخت و سست کہنا ۔ سرزنش ۔ چشم نمائی ۔ زجر و توبیخ ۔

Rebukingly *adv.* ملامت کے ساتھ ۔ تنبیہ کے طور پر ۔

Rebus (re-bas) *n.* Representation of a name by pictures معمہ ۔ نام کی تصویری شکل ۔ علامتی تصویر ۔ علامت نگاری ۔

Rebut (ri-but) *v.t.* Repel, refute ہٹا دینا ۔ الٹ دینا ۔ دور کر دینا ۔ پیچھے ہٹا دینا ۔ تردید کرنا ۔ ابطال کرنا ۔

Rebuttal / **Rebutment** } *n.* ابطال ۔ تردید ۔ جواب ۔

Recalcitrate (ri-kal-si-trāt) *v.t.* & *i.* Kick back اڑنا ۔ ضد کرنا ۔ انحراف کرنا ۔ پرواہ نہ کرنا ۔

Recalcitrant *adj.* & *n.* منحرف ۔ ضدی ۔ اڑیل ۔

Recalcitrance / **Recalcitration** } *n.* سرتابی ۔ انحراف ۔ ضد ۔ ہٹ ۔

Recalesce (re-kal-es) *v.i.* Show anew a state of glowing heat (لوہے کا) دوبارہ لال انگارہ ہو جانا ۔ دوسرا تاؤ کھا کر سرخ ہو جانا ۔

Recall (ri-kawl) *v.t.* Call back واپس بلانا ۔ پلٹانا ۔ مراجعت کرنا ۔ دوبارہ طلب کرنا ۔ ہٹا لینا ۔ معزول کرنا ۔ یاد دلانا ۔ یاد کرنا ۔ یاد تازہ کرنا ۔ احیاء کرنا ۔ منسوخ کرنا ۔ قلم زد کرنا ۔ واپس لینا یا منگوا لینا ۔

Recallable *adj.* جو یاد آ سکے ۔ قابل منسوخی ۔ واپس بلانے کے قابل ۔

Recall (ri-kawl) *n.* The act of calling back منسوخی ۔ تردید ۔ معزولی ۔ جہاز کو واپسی کا اشارہ ۔ واپس آنے کی جھنڈی ۔ واپسی ۔ مراجعت ۔

Beyond recall جس کو واپس نہ بلایا جا سکے ۔ مرحوم ہونا ۔

Past recall کمان سے نکلا ہوا تیر ۔ گیا گزرا ہوا ۔

Recant (ri-kant) *v.t.* Retract, revoke پہلے حکم کو منسوخ کرنا ۔ باز آنا ۔ دست بردار ہونا ۔ رد کرنا ۔ اپنی غلطی کا اعلان کر کے دست بردار ہونا ۔

Recantation *n.* دست برداری ۔ ترک ۔ انکار ۔ انحراف ۔ توبہ ۔

Recapitulate (re-ka-pit-u-lat) *v.t.* Go over the chief points, remember past episodes خاص خاص باتوں کو دہرانا ۔ یاد کرنا ۔ خلاصہ بیان کرنا ۔

Recapitulation *n.* یاد دہانی ۔ اعادہ ۔ اختصار ۔ خلاصہ کلام ۔

Recapitulative / **Recapitulatory** } *adj.* فی الجملہ ۔ مختصر ۔ اعادہ کا ۔ اجمالی ۔ سرسری ۔

Recast (re-kâst) *v.t.* & *n.* Mould anew پھر سے ڈھالنا ۔ تجدید کرنا ۔ نئے سرے سے تشکیل کرنا ۔ نئے سانچے میں ڈھالنا ۔ نئی شکل ۔ نیا روپ ۔

Recede (ri-sēd) *v.t.* & *i.* Go, draw or fall back پیچھے ہٹنا ۔ پسپا ہونا ۔ سمٹنا ۔ سکڑنا ۔ چھوڑنا ۔ باز آنا ۔ باز رکھنا ۔ قول سے پھر جانا ۔ رجعت قہقری کرنا ۔ قیمت کم ہونا ۔ گھٹنا ۔

Receipt (ri-sēt) *n.* & *v.t.* Written acknowledgement رسید ۔ رسید وصولی ۔ قبض الوصول ۔ محصول خانہ ۔ نسخہ ۔ ترکیب ۔ گر ۔ رسید لکھنا ۔ رسید دینا ۔ وصولی کا اقرار کرنا ۔

Receipt book رسید کی کتاب ۔

Receive (ri-sēv) *v.t.* Take, get or catch پا لینا - لینا - حاصل کرنا - قبول کرنا - منظور کرنا - ماننا - تسلیم کرنا - یقین کرنا - درست سمجھنا - جائز کرنا - خیر مقدم کرنا - استقبال کرنا - جھیلنا - برداشت کرنا - مقابلہ کرنا - سمانا - گنجائش ہونا - دعوت کا جلسہ کرنا -

Received *adj.* معتبر - مسلمہ -

Receivable *adj.* قابل منظوری - قابل قبول - معقول - درست -

Receiver (ri-sēv-ər) *n.* One appointed by the court to manage property under litigation وصول کرنے والا - قبول کرنے والا - (قانون) جائداد متنازعہ کی دیکھ بھال کے لیے عدالت کا مقرر کردہ عہدہ دار - مال مسروقہ خریدنے والا - عرق کھینچنے کا برتن - ٹیلی فون کا سننے کا آلہ - آواز گیر -

Receivership *n.* تولیت - امانت گیری -

Recency (ri-sens-i) *n.* Freshness نیا پن - تازگی -

Recension (ri-sen-shən) *n.* A critical revision of a text نظر ثانی - تنقید - تنقیح - تصحیح - تصحیح کردہ متن -

Recent (re-sənt) *adj.* Of late origin, fresh, modern حالیہ - جدید - تازہ - نیا - حال کا - قریب زمانے کا -

Recently *adv.* چند روز میں - ابھی - حال میں -

Receptacle (ri-sep-tə-kl) *n.* That in which any thing may be stored ظرف - برتن - خلا - جگہ - مکان - مسکن - کسی چیز کا خانہ -

Receptibility *n.* وسعت ظرف - امکان وصولی - استعداد قبولیت -

Reception (ri-sep-shən) *n.* The act, fact or manner of receiving ادخال - داخلہ - پہنچ - رسائی - استقبال - پیشوائی - خیر مقدم - وصولی - وصولیابی - استقبالیہ - سپاسنامہ - لاسلکی نشریات کے سننے کی استعداد -

Warm reception جوش استقبال -

Receptive (ri-sep-tiv) *adj.* Capable of receiving قبول کرنے والا - اخذ کرنے والا - اثر لینے والا - وصول کرنے والا -

Receptiveness } *n.* اخذ کرنے کی استعداد -
Receptivity } اثر پذیری - قابلیت -

Recess (ri-ses) *v.t.* & *n.* Seclusion, remission of business توقف - وقفہ - مہلت - وقفہ آرام و طعام - چھٹی - طاق - آلہ - موکھا - کھانچہ - کولہ - گوشہ - خلوت کدہ - گوشہ نشینی - جوڑ - جوف - آڑ میں لینا - چھپا لینا - طاق بنانا - خانے چھوڑنا - جوف رکھنا -

Recession (ri-sesh-ən) *n.* Withdrawal مراجعت - واپسی - دست برداری - پس روی - کسی چیز کا پیچھے ہٹا ہوا حصہ -

Recessive (ri-se-siv) *adj.* Tending to recede ان خصوصیات کے متعلق جو کسی مخلوط نسل کی دوسری پیڑھی میں ظاہر ہوں - اثر باز گشت کا -

Recessional (ri-sesh-ən-al) *adj.* & *n.* Tending to move backward مناجات وداعی - قومی ترانہ - سرکاری ترانہ - پارلیمنٹ کے برخواست ہونے کا - چھٹی کا - اگلی پشت کا -

Recharge (ri-charj) *n.* & *v.t.* Load, fill, burden a second time دوبارہ بھرائی - دوسری بھرائی - دوسرا بار - بندوق کا دوسرا بار -

Recidivist (re-sid-i-vist) *n.* One who relapses into crime وہ شخص جو تائب ہونے کے بعد پھر جرائم میں مبتلا ہو جائے -

Recipe (res-ī-pi) *n.* Direction for making something نسخہ - ترکیب نسخہ - ترکیب - تدبیر - گر -

Recipient (res-i-pi-ənt) *n.* & *adj.* One who receives گیرندہ - لینے والا - حاصل کرنے والا - اخذ کرنے والا - ظرف - برتن -

Recipiency *n.* استعداد قبولیت - اثر پزیری - قبولیت -

Reciprocal (ri-sip-rō-kl) *adj.* & *n.* Acting in return باری باری - متبادل - بالعوض - بالمقابل - دو طرفہ - باہمی - طرفین کا - جانبین کا - (ریاضی) وہ عدد جو دوسرے کو ضرب دے کر ایک کے برابر ہو -

Reciprocally *adv.* دونوں طرف سے - آپس میں مل کر - باہمی طور پر -

Reciprocate (ri-sip-rō-kāt) *v.t.* & *n.* Give and receive mutually باہم تبادلہ کرنا - باہم ایک دوسرے سے رعایت کرنا - بدلہ دینا - بدلہ اتارنا - آگے پیچھے ہٹتے ہوئے چلنا - حرکت دینا - چلانا -

Reciprocation *n.* آگے پیچھے ہٹنے کی حرکت ۔ مبادلہ ۔ معاوضہ ۔ رعایت باہمی ۔

Reciprocity (re-sip-rō-si-ti) *n.* Mutual relation رعایت باہمی ۔ عمل رد عمل ۔ لین دین ۔ تبادلہ اشیا ۔ التزام ۔ پابند گری ۔

Recital (ri-sīt-l) *n.* Narration, enumeration ۔ بیان تشریح ۔ توضیح ۔ دستاویز کا واقعاتی حصہ ۔ خواندگی ۔ قرأت ۔ تلاوت ۔ (قانون) اظہار ۔ بیان ۔ روئداد ۔ مفصل بیان ۔ تفصیلی حالات ۔

Recitative (ri-sīt-ə-tiv) *v.t., n. & adj.* Resembling speech تقریر سے ملتا جلتا گانا ۔ نغماتی مکالمہ ۔ لحن سے ادا کی ہوئی تقریر ۔ لحنیہ ۔ لحن سے پڑھنا ۔

Recite (ri-sīt) *v.t. & i.* Repeat from memory زبانی پڑھنا ۔ زبانی ادا کرنا ۔ خوش الحانی سے پڑھنا ۔ (قانون) اقتباس سنانا ۔ دستاویز پڑھنا ۔ شمار کرنا ۔ ترتیب سے بیان کرنا ۔ ذکر کرنا ۔

Recitation *n.* کسی ڈرامے کا اقتباس سنانا ۔ دوسرے کا کلام سنانا ۔ خوش الحانی سے پڑھنا ۔

Reciter (ri-sīt-ər) *n.* One who recites خوش الحانی سے پڑھنے والا ۔ تحت اللفظ پڑھنے والا ۔ قاری ۔ وہ کتاب جس میں پڑھنے کی چیزیں درج ہوں ۔

Recivilize (ri-siv-i-līz) *v.t.* Teach new ways of life از سرنو مہذب بنانا ۔ نئے آداب سکھانا ۔

Reck (rek) *v.t. & i.* Regard, care, desire خاطر میں لانا ۔ خیال کرنا ۔ ملحوظ رکھنا ۔ لحاظ کرنا ۔

Reckless (rek-les) *adj.* Careless بے فکر ۔ بے احتیاط ۔ ناعاقبت اندیش ۔ لا پرواہ ۔

Recklessly *adv.* بد احتیاطی سے ۔ لا پروائی سے ۔

Recklessness *n.* من چلا پن ۔ بے احتیاطی ۔ لا پروائی ۔

Reckon (rek-n) *v.t. & i.* Count, estimate, judge حساب کرنا ۔ شمار کرنا ۔ کسی عدد تک گننا ۔ اندازہ لگانا ۔ کسی کی سیرت جانچنا ۔ میزان کرنا ۔ رائے قائم کرنا ۔ بھروسہ کرنا ۔ اعتماد کرنا ۔ بھروسے پر رہنا ۔

Reckon for جواب دہ ہونا ۔

Reckon upon بھروسہ رکھنا ۔

Reckon with حساب چکانا ۔

Reckoner (re-ke-nər) *n.* Accountant محاسب ۔ شمار کرنے والا ۔ جانچنے والا ۔

Reckoning (rek-ən-ing) *n.* Settlement of accounts حساب ۔ شمار ۔ گنتی ۔ بے باقی ۔ شراب خانہ کا بل ۔ حسابات کی صفائی ۔

Day of reckoning روز قیامت ۔ روز جزا ۔ یوم حساب ۔

Reclaim (ri-klām) *v.i., t. & n.* Win back from evil, wilderness سدھارنا ۔ بری عادتیں دور کرنا ۔ زمین زیر کاشت لانا ۔ سمندر کو پاٹ کر زمین حاصل کرنا ۔ سنوارنا ۔ مہذب بنانا ۔ احتجاج کرنا ۔ اصلاح ۔ نجات ۔

Reclaimable *adj.* قابل کاشت ۔ درستی کے قابل ۔ قابل اصلاح ۔

Reclamation *n.* بازیابی ۔ اصلاح ۔ درستی ۔ نئی زمین زیر کاشت لانا ۔ سمندر سے زمین حاصل کرنا ۔

Reclame (ra-klām) *n.* Art of publicity شہرت حاصل کرنے کا فن ۔

Reclinate (rek-li-nāt) *adj.* Bent down جھکی ہوئی (شاخیں) جھکا ہوا ۔ سرنگوں ۔

Recline (ri-klīn) *v.t. & i.* Lay on back, incline, bend تکیہ لگانا ۔ تکیہ لگا کر بیٹھنا یا لیٹنا ۔ کسی چیز کا سہارا لینا ۔ بھروسہ کرنا ۔ تکیہ کرنا ۔

Recluse (ri-kloos) *n. & adj.* Enclosed, retired تارک الدنیا ۔ گوشہ نشین ۔ زاہد ۔ سنیاسی ۔ جوگی ۔

Recognition (rek-əg-ni-shən) *n.* Acknowledgement of status توثیق ۔ تصدیق ۔ تسلیم کرنا ۔ شناخت ۔ معرفت ۔ جان پہچان ۔ اقرار ۔ قدر شناسی ۔

Recognizance (ri-kog-ni-zəns) *n.* A recognition اقرار شناخت ۔ زر مچلکہ ۔ اقرار نامہ ۔

Recognizant (ri-kog-ni-zənt) *adj.* One who recognises اقرار کرنے والا ۔ اعتراف کرنے والا ۔ آشنا ۔ واقف کار ۔

Recognise (rek-əg-nīz) *v.t.* Know again, identify پہچاننا ۔ شناخت کرنا ۔ سمجھنا ۔ اقرار کرنا ۔ اعتراف کرنا ۔ قائل ہونا ۔ تسلیم کرنا ۔ پیش نظر رکھنا ۔

Recognisable *adj.* قابل شناخت ۔ قابل اعتراف ۔ قابل تسلیم ۔

Recoil (ri-koil) *v.i., t. & n.* Fall back, beat back پیچھے ہٹنا ۔ پسپا ہونا ۔ اچھل کر پیچھے ہٹنا ۔ دھکا دینا ۔ طبیعت کا گریز کرنا ۔ نفرت کرنا ۔ جھجک ۔ باز گشت ۔ دھکا ۔ نفرت ۔

Recoin (ri-koin) *v.t.* Coin anew پرانے سکوں کو گلا کر نئے سکے تیار کرنا ۔ دوبارہ ڈھالنا ۔ از سر نو ضرب کرنا ۔

Recollect (rek-əl-ekt) *v.t.* Recall to memory دوبارہ یاد کرنا ۔ دوبارہ یاد آ جانا ۔ دوبارہ اکٹھا یا جمع کرنا ۔ حواس درست ہونا ۔

Recollection (rek-əl-ek-shən) *n.* Memory, reminiscence یاد داشت ۔ قوت حافظہ ۔ یاد ۔ حافظہ ۔ جو چیز حافظہ میں ہو ۔ حلقہ حافظہ ۔

Recombine (rek-əm-bīn) *v.t.* Connect again پھر جوڑنا ۔ پھر ملانا ۔ بکرر امتزاج کرنا ۔

Recommence (rek-om-ens) *v.t. & i.* Begin again پھر شروع کرنا ۔ پھر آغاز کرنا ۔ پھر جاری کرنا ۔

Recommend (rek-ə-mend) *v.t.* Commend for favour, appointment, etc. سفارش کرنا ۔ تعریف کرنا ۔ کسی عہدے کے لئے پیش کرنا ۔ کسی کے لئے تحریک کرنا ۔ قابل قدر بنانا ۔ پسندیدہ بنانا ۔ سونپنا ۔ سپرد کرنا ۔ صلاح دینا ۔

Recommendable *adj.* قابل تعریف ۔ قابل سفارش ۔

Recommendatory *adj.* سفارشی ۔ تعریفی ۔ تعارفی ۔

Recommendation *n.* تحریک ۔ تعریف ۔ سفارش ۔

Recommit (rek-əm-it) *v.t.* Put into custody, put before judge پھر حوالے کرنا ۔ چالان کرنا ۔ دوبارہ حوالات میں بند کرنا ۔ پھر جرم کا مرتکب ہونا ۔ کسی تجویز کو دوبارہ حاکم مجاز کے سامنے رکھنا ۔ مزید غور و خوض کے لئے تفویض کرنا ۔

Recommitment *n.* سپردگی عدالت ۔

Recompact (ri-kəm-pakt) *v.t.* Refit پھر ملانا ۔ پھر جوڑنا ۔

Recompense (rek-əm-pens) *v.t. & n.* Repay بدلہ دینا ۔ اجر دینا ۔ معاوضہ ادا کرنا ۔ تاوان دینا ۔ نقصان کا بدلہ دینا ۔ ادا کرنا ۔ چکانا ۔ جزا ۔ تلافی ۔ معاوضہ ۔ ہرجانہ ۔

Recompile (re-kəm-pīl) *v.t.* Recollect in a volume از سر نو تالیف کرنا ۔ دوبارہ مرتب کرنا ۔

Recompose (re-kəm-pōs) *v.t.* Make compactible دوبارہ جوڑنا ۔ دوبارہ بنانا ۔ امتزاج کرنا ۔ ملانا ۔ تسلی دینا ۔

Reconcile (rek-ən-sīl) *v.t.* Restore or bring back to union مان جانا ۔ صلح کرنا ۔ موافقت کرنا ۔ لڑائی کے بعد صلح کرا دینا ۔ کسی مقدس مقام کو خرابی کے بعد پاک کرنا ۔ متضاد بیانات میں توافق پیدا کرنا ۔

Reconcilable *adj.* موافقت پذیر ۔ صلح پذیر ۔ مصالحت پذیر ۔

Reconciliation
Reconcilement } *n.* تصفیہ ۔ مصالحت ۔ میل ۔ موافقت ۔

Recondite (rek-ən-dīt) *adj.* Hidden, obscure پوشیدہ ۔ مخفی ۔ پیچیدہ ۔ غیر معروف ۔ پراسرار ۔ دشوار پسند (مصنف) ۔

Reconditeness *n.* دشوار پسندی ۔ مشکل نویسی ۔ پیچیدگی ۔

Recondition (re-kən-dish-ən) *v.t.* Repair, refit از سر نو درست کرنا ۔ مرمت کرنا ۔ چالو حالت میں لانا ۔ نئے سرے سے تشکیل دینا ۔

Reconnaissance (ri-kon-ī-sens) *n.* A preliminary survey فوجی دیکھ بھال ۔ جاسوسی ۔ دشمن کی حرکات و سکنات پر نظر رکھنا ۔

Reconnoitre (rek-ə-noi-tər) *n., v.t. & i.* Examine with a military purpose غنیم کی فوج اور موقع کی دیکھ بھال کرنا ۔ براول کرنا ۔ ابتدائی دیکھ بھال ۔

Reconquer (re-kong-kər) *v.t.* Regain by force دوبارہ فتح کرنا ۔ طاقت سے قبضہ کرنا ۔

Reconsider (re-kən-sid-ər) *v.t.* Look carefully into again دوبارہ غور کرنا ۔ نظر ثانی کرنا ۔ غور و فکر کرنا ۔

Reconstitute (re-ken-sti-tūt) *v.t.* Restore to original condition پھر سے مرتب کرنا ۔ اصلی حالت میں دوبارہ لانا ۔ دوبارہ دستور بند کرنا ۔

Reconstruct (re-kən-strukt) *v.t.* Rebuild پھر سے بنانا ۔ پھر سے درست کرنا ۔ از سر نو تعمیر کرنا ۔

Reconstruction *n.* اصلاح ۔ تجدید ۔ از سر نو تعمیر ۔

Reconvalescence (ri-kon-vəl-es-əns) *n.* Recovery from illness بیماری سے نجات پانا ۔ ازسر نو تندرست ہونا ۔ شفا بعد از مرض ۔

Reconvert (re-kən-vərt) *v.t.* Convert back to former religion پھر اصلی مذہب پر لانا ۔ پھر بدل جانا ۔ پہلے عقیدے پر لانا ۔

Record (ri-kord) *v.t.* Repeat, narrate, set down in writing قلم بند کرنا ۔ ضبط تحریر میں لانا ۔ اندراج کرنا ۔ محفوظ کر لینا ۔ یادگار قائم کرنا ۔ ایک معیار قائم کرنا ۔

Recording angel کاتب اعمال فرشتہ ۔ اعمال لکھنے والا فرشتہ ۔

Recordable *adj.* لائق تحریر ۔ قابل اندراج ۔ ضبط تحریر میں لانے کے قابل ۔

Record (ri-kord) *n.* A register, collection of writings رجسٹر ۔ بہی ۔ فرد ۔ کتابچہ ۔ کاغذات ۔ دفتر ۔ سرکاری روئداد ۔ تاریخی شہادت ۔ آثار ۔ نشان ۔ باقیات ۔ گراموفون کی چکری ۔

Recorder (ri-kord-ər) *n.* One who keeps the record نقل کرنے والا ۔ امثلہ یا کاغذات محفوظ کرنے والا ۔ محافظ دفتر ۔ ناظم بلدیہ ۔ حاکم عدالت ۔ آلہ اندراج ۔ بانسری کی وضع کا ایک قدیم باجہ ۔

Recount (ri-kownt) *v.t.* Count over again, narrate دوبارہ گننا ۔ تفصیل بیان کرنا ۔ تشریح کرنا ۔ واقعات کا اعادہ کرنا ۔ نقل کرنا ۔

Recoup (ri-koop) *v.t.* Make good, recover دوبارہ کمی پوری کر لینا ۔ نقصان کی تلافی کر لینا ۔ کم کر لینا ۔ رقم وضع کر لینا ۔

Recoupment *n.* معاوضہ ۔ حصول ۔ تلافی ۔

Recourse (ri-kōrs) *n.* Flow, freedom to return, resort توجہ ۔ رجوع ۔ ترکیب ۔ تدبیر ۔ بندوبست ۔ استمداد ۔ استعانت ۔

Have recourse to مخصوص بندوبست کرنا ۔ رجوع کرنا ۔

Have recourse to arms لڑائی کو حصول مقصد کا ذریعہ بنانا ۔ لڑنے پر آمادہ ہونا ۔

Recover (ri-kuv-ər) *v.t.* & *i.* Regain, bring back پھر پا لینا ۔ پھر حاصل کر لینا ۔ مرض سے نجات پانا ۔ پھر ہاتھ آ جانا ۔ واپس لینا ۔ وصول کرنا ۔ شفا پانا ۔ نقصان کی تلافی کر لینا ۔ واپس پہنچانا یا پہنچنا ۔

Recoverable *adj.* شفا پذیر ۔ قابل بازیافت ۔ ممکن الحصول ۔

Recover (ri-kuv-ər) *v.t.* Cover again پھر چھپا دینا ۔ پھر ڈھانک دینا ۔

Recovery (ri-kuv-əri) *n.* Return to former condition افاقہ ۔ شفا ۔ صحت یابی ۔ شفایابی ۔ وصولی ۔ بازیافت ۔ استحصال ۔

Recreant (rek-ri-ənt) *adj.* Surrendering, craven نامرد ۔ پست ہمت ۔ بد عہد ۔ غدار ۔ منکر دین ۔ مرتد ۔

Recreate (rek-ri-āt) *v.t.* & *i.* Invigorate, refresh تجدید کرنا ۔ تازہ دم ہونا ۔ آرام کرنا ۔ سیر و تفریح کرنا ۔ طبیعت کو ترو تازہ کرنا ۔ نئی روح پھونکنا ۔ جی بہلانا ۔ جی لگنا ۔

Recreation *n.* تفنن ۔ تفریح ۔ سیر ۔ آسائش ۔ آرام ۔

Recreative *adj.* فرحت افزا ۔ تفریحی ۔

Recrement (rek-ri-mənt) *n.* Waste, a secretion that is reabsorbed پھوک ۔ فضلہ ۔ کثافت ۔ غلاظت جو پھر جذب ہو جائے ۔

Recriminate (ri-krim-in-āt) *v.i.* Charge an accuser الٹی تہمت لگانا ۔ الٹا الزام دینا ۔ ترکی بہ ترکی جواب دینا ۔ ایک دوسرے کو برا بھلا کہنا ۔

Recrimination *n.* الزامی جواب ۔ الٹی تہمت ۔ الٹا الزام ۔

Recriminative, **Recriminatory** } *adj.* الزامی ۔ طعن آمیز ۔

Recrudesce (re-kroo-des) *v.i.* Break out afresh پھر پھوٹ پڑنا ۔ پھر زور ہونا ۔ کسی وبا یا مرض کا زور پکڑنا ۔ عود کر آنا ۔

Recrudescent *adj.* دوبارہ زور پکڑنے والا ۔ عود کرنے والا ۔

Recrudescence *n.* پھر زور پکڑنا ۔ دوبارہ پھوٹ پڑنا ۔

Recruit (ri-kroot) *n.* A new supply نئی بھرتی ۔ نیا سپاہی ۔ رنگروٹ ۔ نوآموز ۔ ناتجربہ کار ۔ اناڑی ۔ کسی جماعت میں نیا شریک ہونے والا ۔

Recruit (ri-kroot) *v.t.* & *i.* Reinforce, restore فوج میں بھرتی کرنا ۔ فراہم کرنا ۔ رنگروٹ جمع کرنا ۔ کسی جماعت میں داخل کرنا ۔ تقویت دینا ۔ تازہ دم کرنا ۔ مرمت یا درستی کرنا ۔ صحتیابی کی کوشش کرنا ۔

Recruiting party فوج میں بھرتی کرنے والی جماعت ۔

Recruitment *n.* نئی بھرتی ۔

Rectangle (rek-tang-gl) *n.* A four-sided plane figure مستطیل - قائم الزاویہ شکل -

Rectangular (rek-tang-glər) *adj.* Right angled قائم الزاویہ شکل کا - مستطیل -

Rectify (rek-ti-fī) *v.t.* Set right درست کرنا - اصلاح کرنا - ٹھیک کرنا - ترمیم کرنا - تلافی کرنا - خرابی یا غلطی دور کرنا - (ہندسہ) برابر کا سیدھا خط نکالنا - خط مستوی بنانا -

Rectifiable *adj.* اصلاح پذیر - قابل تلافی -

Rectification *n.* تصحیح - اصلاح - درستی - تلافی -

Rectifier *n.* تلافی کرنے والا - اصلاح کرنے والا -

Rectilinear-neal (rek-ti-lin-i-ər) *adj.* In a straight line, bounded by straight lines خط مستقیم - خطوط مستقیم سے گھرا ہوا -

Rectitude (rek-ti-tūd) *n.* Straightness راستی - راست بازی - سچائی - دیانت - راست کرداری - صداقت - اصابت - صحت -

Rector (rek-tər) *n.* Clergy man of a parish, head master حلقہ کا پادری - مدرسہ کا صدر - ناظم - حاکم - عامل - مذہبی عہدہ دار -

Rectorate / **Rectorship** *n.* رکٹر کا عہدہ - رکٹر کا منصب -

Rectory (rek-tər-i) *n.* Rector's house پادری کا مکان - پادری کا عہدہ -

Rectum (rek-təm) *n.* The terminal part of the large intestine بڑی انتڑی کا آخری حصہ - مقعد -

Recumbent (ri-kum-bənt) *adj.* Reclining تکیہ لگائے ہوئے - جھکا ہوا - لیٹا ہوا - اداس -

Recumbency *n.* لیٹا ہوا ہونا - تکیہ لگانا - استراحت - آرام -

Recuperate (ri-ku-pər-āt) *v.t.* & *i.* Recover صحت یا توانائی حاصل کرنا - تندرست ہوجانا - نقصان کی تلافی کر لینا - سنبھل جانا -

Recuperation *n.* نقصان کی تلافی - شفایابی - صحتیابی -

Recuperative *adj.* تلافی نقصان کے متعلق - بازیابی کا - صحت یابی کا -

Recur (ri-kur) *v.i.* Revert دوبارہ خیال آنا - یاد آنا - عود کرنا - پھر واقع ہونا - اصل مطلب کی طرف پلٹنا - بار بار واقع ہونا -

Recurrence *n.* بار بار واقع ہونا - مراجعت - وقوع - رجوع - اعادہ -

Recurrent (re-kur-ənt) *adj.* & *n.* Returning at intervals رہ رہ کر ہونے والا - متواتر واقع ہونے والا - دورہ کا - باری کا - پیچھے کو مڑنے والی شاخیں - باز گرد -

Recurrently *adv.* پیچھے مڑتے ہوئے - بار بار - متواتر - باری سے -

Recurve (ri-kurv) *v.t.* & *n.* Bend back پھر سے جھکانا - پیچھے مڑنا یا موڑنا - جھکاؤ - خم -

Recurvate *adj.* پیچھے کو جھکا ہوا - خمیدہ ہونا - جھکا ہوا ہونا -

Recurvature *n.* الٹی موڑ - خمیدگی - پیچھے کی طرف جھکاؤ -

Recusant (rek-u-zənt) *n.* & *adj.* One who refused to attend Church of England when it was legally compulsory, a dissenter کلیسائے انگلستان کا منکر - سرکش - گمراہ -

Recusance-ancy *n.* عدولی حکمی - سرکشی - انحراف -

Red (red) *adj.* & *n.* Blood like سرخ - لال - احمری - قرمزی - خون کے رنگ کا - بے گون - انقلابی - اشتراکی - انقلاب پسندانہ - سرخ پوش - سرخی - انتہا پسند انقلابی -

Red book فہرست مضامین -

Red chalk گیرو -

Redden *v.t.* & *i.* لال ہو جانا - سرخ کر دینا -

Reddish, reddy *adj.* سرخ گوں - سرخی مائل -

Red-handed جرم کرتے ہوئے - موقعہ پر -

Redness *n.* انقلاب پسندی - لالی - سرخی -

Redact (ri-dakt) *v.t.* Edit اشاعت کے لیے تیار کرنا - کتاب کی تدوین کرنا -

Redaction (ri-dak-shən) *n.* Compilation تدوین - ترتیب - تالیف - نسخہ جدید -

Reddition (red-i-shən) *n.* Making tidy, separating of fighters صفائی ۔ درستی ۔ بچاؤ ۔ لڑنے والوں کو علیحدہ کرنا ۔

Reddle (red-l) *n.* & *v.t.* A kind of red earth لال مٹی ۔ لال مٹی میں رنگنا ۔

Redeem (ri-dēm) *v.t.* Buy back, recover چھڑا لینا ۔ واپس لینا ۔ پھر سے خرید لینا ۔ روپیہ دے کر سمجھوتا کر لینا ۔ بچانا ۔ نجات دلانا ۔ وعدہ پورا کرنا ۔ اخلاقی پستی سے نکالنا ۔ تلافی کرنا ۔ ہنڈی کے بدلے نقد روپیہ دینا ۔

Has one redeeming feature اس میں ایک ایسی خوبی ہے جس سے برائیوں کی تلافی ہو جاتی ہے ۔

Redeemable *adj.* قابل انفکاک ۔ اصلاح پذیر ۔

Redeemer *n.* حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب ۔ شفیع ۔ نجات دہندہ ۔

Redemption (ri-dem(p)shən) *n.* Atonement معافی ۔ تلافی ۔ خلاصی ۔ کفارہ ۔ چھٹکارا ۔ بچاؤ ۔ نجات ۔ شفاعت ۔ ادائگی زر نقد ۔

Redemptive *adj.* کفارہ گناہ کا ۔ تلافی کا ۔ نجات بخش ۔

Redingote (red-ing-got) *n.* A long overcoat worn by women عورتوں کے پہننے کا لمبا اوورکوٹ ۔

Redintegrate (red-in-ti-grāt) *v.t.* Renew, re-establish دوبارہ مکمل کرنا ۔ مرمت کر کے اصلی حالت پر لانا ۔ تجدید کرنا ۔

Redintegration *n.* عمل ترمیم ۔ اصلی حالت پر لانا ۔ تجدید ۔

Redirect (ri-di-rəkt) *v.t.* Give fresh instructions نئی ہدایات دینا ۔ دوسرے پتہ پر روانہ کرنا ۔ خط پر دوسرا پتہ لکھنا ۔

Rediscover (ri-dis-kə-ver) *v.t.* Find again پھر پا لینا ۔ فراموش کی ہوئی چیز کو حاصل کر لینا ۔ دوبارہ دریافت کر لینا ۔ کھوئی ہوئی چیز پاجانا ۔

Redistribute (ri-dis-tri-bōōt) *v.t.* Make a fresh allotment پھر تقسیم کرنا ۔ پھر بانٹنا ۔

Redo (ri-dōō) *v.t.* Do again دوبارہ کرنا ۔ پھر سے کرنا ۔

Redolent (red-ō-lənt) *adj.* Fragrant کسی کی یاد دلانے والا ۔ معطر ۔ خوشبودار ۔ کسی کی مشابہت رکھنے والا ۔

Redolence *n.* تیز خوشبو ۔ خوشبو ۔

Redouble *v.t.* & *i.* (تاش) ڈبل کو ری ڈبل کرنا ۔ تیز کرنا ۔ دو چند کرنا ۔

Redoubt (ri-dowt) *n.* An inner last retreat قلعہ کا اندرونی حصہ ۔ آخری مورچہ ۔

Redoubtable (ri-dowt-əbl) *adj.* Formidable دہشت انگیز ۔ خوفناک ۔ ہیبت ناک ۔

Redound (ri-downd) *v.i.* Overflow, be in excess فاضل ہونا ۔ سوا ہونا ۔ زیادہ ہونا ۔ اضافہ کرنا ۔ بڑھانا ۔ پلٹا کھانا ۔ لوٹنا ۔ منتج ہونا ۔

Redress (ri-dres) *v.t.* & *n.* Set right, adjust ٹھیک کرنا ۔ درست کرنا ۔ تدارک کرنا ۔ چارہ سازی کرنا ۔ خرابی دور کرنا ۔ تلافی کرنا ۔ داد رسی کرنا ۔ حق دینا ۔ بدلہ دینا ۔ چارہ سازی ۔ اصلاح ۔ علاج ۔ تدبیر ۔ داد رسی ۔ معاوضہ ۔ بدلہ ۔

Red-tape (red-tāp) *n.* Rigid formality of official routine دفتری ضابطہ کی سخت پابندی ۔ رسمی پابندیوں کی وجہ سے کام میں تاخیر ۔

Red-tapism دفتری کاروائی کی رسمی پابندی ۔

Red-tapist دفتری قاعدوں کا پابند ۔ لکیر کا فقیر ۔

Reduce (ri-dūs) *v.t.* Adopt, adjust, restore, bring back گھٹانا ۔ اتارنا ۔ کم کرنا ۔ کمزور کرنا ۔ طاقت کم کرنا ۔ اپنی اصلی حالت پر لوٹانا ۔ مطیع کرنا ۔ سر کرنا ۔ زیر کرنا ۔ قواعد کا پابند کرنا ۔ ترتیب دینا ۔ تفریق کرنا ۔ استخراج کرنا ۔ بڑی رقم کو چھوٹی رقم میں تبدیل کرنا ۔ مطابق کرنا ۔ موزوں بنانا ۔ مجبور ہونا ۔ مجبور ہو کر کرنا ۔ مفلس کرنا ۔ محتاج کرنا ۔ پست کرنا ۔ بری حالت کو پہنچانا ۔

Reduce anomalies to rule بے قاعدہ باتوں کو کسی ضابطہ کے تحت لانا ۔

Reduce rule to practice اصول کو عمل میں لانا ۔

Reducible *adj.* جس کو مغلوب کیا جا سکے ۔ تخفیف کے قابل ۔ قابل استخراج ۔ قابل تحویل ۔

Reduction (ri-duk-shən) *n.* Lowering by force, subjugation تخفیف ۔ تقلیل ۔ کمی ۔ منہائی ۔ تسخیر ۔ مغلوب کرنا ۔ تحویل کسور ۔ ہڈی بٹھانا ۔

Reduction an absurdum
Reduce to absurdity } کسی اصول کے غلط ہونے کا ثبوت اس کے منطقی نتائج سے دینا - کسی اصول پر اس طرح عمل کرنا اور زور دینا کہ وہ مہمل ہوجائے -

Redundant (ri-dun-dənt) *adj.* Superfluous زائد - فضول - حشو - بھرتی کا - کثیر - وافر - بہت - لبریز - فراواں -

Redundance-cy *n.* فضول یا زائد ہونا - بہتات - زیادتی - کثرت -

Redundantly *adv.* بھرتی کے طور پر - فراوانی سے - کثرت سے -

Reduplicate (ri-du-pli-kāt) *v.t.* Double, repeat دگنا کرنا - دو چند یا دوہرا کرنا - دونی کاپیاں تیار کرنا - تکرار کرنا - (قواعد) حرفی تکرار کرنا -

Reduplication (ri-du-pli-ka-shən) *n.* Folding or doubling دو چند یا دونا ہونا - ہو بہو نقلیں - ہو بہو تصویر - حرف کی تکرار - مثنیٰ -

Re-echo (re-ek-ō) *v.t.* & *i.* Repeat like an echo گونجنا - صدا پیدا ہونا - صدا کو دہرانا - بازگشت کرنا - گونج جانا -

Reed (rēd) *n.* & *v.t.* Hollow grass of various kinds نرسل - سرکنڈہ - نے - بانسری - مرلی - سرکنڈے کا تیر - چرواہوں کے گیت - دیہاتی شاعری - منہ سے بجانے کے باجے - سہنال - جولاہوں کی تاگہ صاف کرنے کی کنگھی - سرکنڈے سے چھانا - نلیاں بنانا - سہنال لگانا - کھونٹیاں لگانا -

Broken reed بودا سہارا - پھٹا ہوا نرسل -

Lean on a reed بودا سہارا لینا - تنکے کا سہارا ڈھونڈھنا -

Reeding (rēd-ing) *n.* The bobolink ایک یورپی پرندہ جس کے داڑھی ہوتی ہے -

Reedy (rēd-i) *adj.* Abounding with reeds سرکنڈا بھرا - سرکنڈے کے سے پر کا - نے کا - نے کی طرح - کمزور - دبلا پتلا -

Reediness *n.* سرکنڈے کی کثرت - گھاس کی کثرت - نرسلوں کی افراط - دبلا پتلا ہونا -

Reef (rēf) *n.* A chain of rocks چٹانوں کا سلسلہ - طبقہ حجری - کسی قیمتی دھات کی رگ -

Reef (rēf) *n.* & *v.t.* A portion of sail that may be rolled بادبانی پردہ جو لپیٹا جا سکے - باد بانچہ - باد بانچہ لپیٹنا -

Reefer (rēf-ər) *n.* One who reefs, a midshipman بادبانی کا کام کرنے والا - بادبانچی - ناخدا - مدد گار کپتان - موٹی دوہری صدری - دوہرا سینہ بند -

Reek (rēk) *v.i.* Emit smoke or fumes بخارات نکلنا - دھواں نکلنا - گیس خارج ہونا - بو آنا - بو دینا - بھاپ نکلنا -

Reel (rēl) *n., v.t.* & *i.* A cylinder پھرکی جس پر تاگہ لپیٹا جائے - چرخی - گٹی - چکر - لٹو - چرخی پر چڑھانا - ریل بھرنا - پھرکی پر دھاگا چڑھانا - فراٹے بھرنا - ایک قسم کا ناچ - دوری ناچ -

Reel (rēl) *v.i.* & *n.* Stagger, waver اٹیرنا - چرخی پر چڑھانا - لڑکھڑانا - ڈگمگانا - بے قابو ہونا - گر پڑنا - چکر آنا - گھومنا - ہلتا نظر آنا - دورہ - لغزش - چکر -

Reelingly *adv.* چکراتے یا لڑکھڑاتے ہوئے -

Re-elect (rē-elekt) *v.t.* Elect a second time ایک شخص کو دوبارہ منتخب کرنا -

Re-embark (rē-em-bärk) *v.t.* Board a ship again جہاز پر پھر سوار ہونا -

Re-emerge (re-e-merj) *v.t.* Appear again پھر ظہور کرنا - پھر برآمد ہونا -

Re-enact (rē-en-akt) *v.t.* Make laws again, enforce again مکرر قانون بنانا یا جاری کرنا - دوبارہ حکم جاری کرنا - دوبارہ کھیل دکھانا -

Reeve (rēv) *v.t.* & *n.* Pass through any hole جہاز کے کنڈے میں رسی ڈالنا - سیندھنا - جہاز کا پانی کو چیرتے ہوئے چلنا - عامل - حاکم - ضلع کا صدر - منصف - ناظم فوجداری - گاؤں کا چوہدری -

Re-examine (ri-egz-am-in) *v.t.* Test again دوبارہ امتحان لینا -

Refection (ri-fek-shən) *n.* Refreshment کام کے بعد کا کھانا - آرام - ناشتہ - نقل -

Refectory (ri-fek-tari) *n.* A dining hall کھانے کا کمرہ - خانقاہ کا نعمت خانہ - طعام خانہ -

Refer (ri-fər) *v.t. & i.* Assign, impute, attribute, represent استصواب کرنا ۔ صلاح لینا ۔ مشورہ کرنا ۔ دریافت کرنا ۔ منسوب کرنا ۔ حوالہ دینا ۔ حاکم بالا سے رجوع کرنا ۔ بھیجنا ۔ ہدایت کرنا ۔ حوالے کرنا ۔ سپرد کرنا ۔ فیصلے کے لیے بھیجنا ۔ سند تلاش کرنا ۔ استمداد چاہنا ۔

Make a reference پوچھنا ۔ دریافت کرنا ۔

Without reference قطع نظر ۔ بلا لحاظ ۔

With reference to بہ لحاظ ۔ بحوالہ ۔

Referable *adj.* حوالہ دینے کے قابل ۔ رجوع کرنے کے لائق ۔

Referee (ri-fər-ē) *n. & v.t.* Umpire, judge ۔ ثالث منصف ۔ کھیل کا نگران ۔ فیصلہ کرنے والا ۔ حاکم بننا ۔ کسی کھیل کا منصف بننا ۔

Reference (ri-fər-ens) *v.t. & n.* Submitting for decision حوالہ ۔ استصواب ۔ رجوع ۔ استمزاج ۔ استفسار ۔ تعلق ۔ لحاظ ۔ سپردگی ۔ نسبت ۔ لگاؤ ۔ علاقہ ۔ حدود تحقیقات ۔ اسناد ۔ مشورہ طلبی ۔ ہدایت ۔ صداقت نامہ ۔ کتاب میں حوالے درج کرنا ۔

Referendary (ri-fər-end-ə-ri) *n.* A court official, a referee وہ عہدہ دار جو بادشاہ یا پوپ کی طرف سے درخواستوں کا جواب دے ۔ رپورٹ کرنے والا ۔ تنقیح کرنے والا ۔ مشیر عدالت ۔ ریفری ۔

Referendum (ri-fər-en-dum) *n.* Practice of submitting a question directly to the voters رائے دھندگان سے کسی معاملہ میں براہ راست استصواب ۔

Refine (ri-fin) *v.t. & i.* Purify, clarify صاف کرنا ۔ نتھارنا ۔ مصفا کرنا ۔ خالص بنانا ۔ میل دور کرنا ۔ مانجھنا ۔ آراستہ کرنا ۔ نزاکت پیدا کرنا ۔ سنور جانا ۔ شائستہ ہو جانا ۔ موشگافی کرنا ۔ جلا دینا ۔ چمکانا ۔

Refinement (ri-fin-ment) *n.* State of being refined شستگی ۔ صفائی ۔ آراستگی ۔ تمیز ۔ نزاکت ۔ موشگافی ۔ نازک خیالی ۔ دقیق بحث ۔ باریک فرق ۔

Refiner (ri-fin-ər) *n.* One who refines صاف کرنے والا ۔ دقیقہ سنج ۔ باریک بین ۔

Refinery *n.* تیل صاف کرنے کا کارخانہ ۔ کسی چیز کے صاف کرنے کا کارخانہ ۔

Refit (re-fit) *v.t. & n.* Repair and fit out afresh مرمت کرنا ۔ درست کرنا ۔ پھر سے ٹھیک کرنا ۔ پھر مہیا کرنا ۔ جہاز کا اسباب دوبارہ مہیا کرنا ۔ باز فراہمی ۔

Reflation (re-fla-shən) *n.* Inflation after deflation مقدار زر یا سکہ جاریہ کو اپنی اصلی حالت میں لا کر پھر مصنوعی طریقوں سے اس میں اضافہ کر دینا ۔

Reflect (ri-flekt) *v.t. & i.* Throw back, send back or aside منعکس کرنا ۔ عکس ڈالنا ۔ مظہر ہونا ۔ ہو بہو ہونا ۔ باعث ہونا ۔ موجب ہونا ۔ بدنام کرنا ۔ رسوا کرنا ۔ سوچنا ۔ غور کرنا ۔ تامل کرنا ۔ سمجھنا ۔ الزام لگانا ۔ طعنہ دینا ۔ چوٹ کرنا ۔

Shine with reflected light مانگے کی روشنی سے چمکنا ۔

Reflectingly *adv.* غورو فکر کرتے ہوئے ۔ سوچتے ہوئے ۔

Reflection-xion (ri-flek-shən) *n.* Reflected light, colour or heat عکس ۔ انعکاس ۔ سایہ ۔ پر تو ۔ سوچ بچار ۔ اندیشہ ۔ فکر ۔ لعن طعن ۔ الزام ۔ ملامت ۔ رسوائی ۔ باعث بدنامی ۔ قول ۔ نکتہ ۔ رائے ۔

Reflective (re-flek-tiv) *adj.* Meditative مستغرق ۔ متفکر ۔ خیال میں ڈوبا ہوا ۔ پر از غورو فکر ۔ تفکر پسند (قواعد) فعل معکوس ۔ ضمیر معکوس ۔

Reflectively *adv.* سنجیدگی سے ۔ غورو فکر سے ۔

Reflectiveness *n.* غورو خوض ۔ سنجیدگی ۔ استغراق ۔ تفکر پسندی ۔

Reflector (re-flek-tər) *n.* One who or that which casts reflections عکس انداز ۔ عکس ڈالنے والا آلہ ۔ شخص جو خاص خیال کا آئینہ ہو ۔ مرقع ۔ غور کرنے والا ۔ مفکر ۔

Reflex (re-fleks) *adj.* Bent or turned back معکوس ۔ بازانداختہ خیال وغیرہ کا جس کا موضوع اپنی ذات ہو ۔ التزامی ۔ اضطراری ۔ ذاتی ۔ غیر شعوری ۔

Reflex (re-fleks) *n.* An expression, reflected image عکس ۔ پر تو ۔ تابش ۔ جلوہ ۔ شان ۔ تصویر ۔ مظہر ۔ ہو بہو نقشہ ۔ لازمی نتیجہ ۔ اضطراری عمل ۔

Reflexible (re-fleks-i-bl) *adj.* Indicating that the action turns on the subject انعکاس پذیر ۔ عکس انداز ۔ جس پر پرتو ڈالا جا سکے ۔

Reflexibility *n.* عکس اندازی ۔ انعکاس ۔

Reflexive (re-flek-siv) *adj.* Turning the action on the subject فعل معکوس ۔ جو فاعل کی طرف راجع ہو ۔ ضمیر معکوس ۔

Refloat (re-flōt) *v.t.* & *i.* Float sunken ships after repairs غرق شدہ جہاز یا کشتی کو دوبارہ ترانا ۔ قابل سفر بنانا ۔ دوبارہ بہنا یا تیرنا ۔

Refluent (ref-lōō-ənt) *adj.* Flowing back, ebbing اتار پر ۔ اُترتا ہوا پانی ۔ الٹا بہنے والا ۔

Refluence *n.* جزر ۔ پانی کا اتار ۔ الٹا بہاؤ ۔

Reflux (re-fluks) *n.* Flowing back ۔ جزر ۔ بہاٹا ۔ اتار

Reforest (rē-for-əst) *v.t.* Grow forest again پھر سے جنگل اگانا ۔

Reforestation *n.* دوبارہ جنگل بنانا ۔ جہاں درخت ختم ہو گئے ہوں وہاں دوبارہ درخت لگانا ۔

Reform (rē-form) *n.* Amendment, transformation سیاسی اصلاح ۔ سماجی اصلاح ۔ درستی ۔ بہتری ۔ ترقی ۔

Reform (rē-form) *v.t.* & *i.* Amend, make better اصلاح کرنا یا ہونا ۔ درست کرنا ۔ مہذب بنانا ۔ اخلاقی اصلاح کرنا ۔ پھر مرتب کرنا ۔

Reformation *n.* درستی ۔ اصلاح عمل ۔ نیا سیاسی نظریہ ۔ از سر نو تشکیل ۔ اصلاح ۔ تجدید ۔

Reformative (rē-form-ə-tiv) *adj.* Tending to produce reform تجدیدی ۔ اصلاحی ۔ تادیبی ۔ تہذیبی ۔

Reformatory (rē-form-ə-tari) *n.* & *adj.* An institution for clanning delinquents اصلاحی ۔ تادیبی ۔ تادیب خانہ ۔ جیل خانہ ۔

Reformer (rē-form-ər) *n.* One who reforms اصلاح کا حامی ۔ اصلاح کرنے والا ۔ مصلح ۔ سیاسی اصلاحات کا حامی ۔

Refract (ri-frakt) *v.t.* Deflect into another medium متفرق کرنا ۔ منتشر کرنا ۔ راہ راست سے پھیر دینا ۔ شعاعوں کو موڑ دینا ۔ جھکا دینا ۔

Refraction *n.* انعطاف ۔ شعاعوں کا انتشار ۔

Refractional *adj.* ۔ شعاع کا مڑ جانا ۔ شعاع کا انعطاف

Refractor (ri-frakt-ər) *n.* Anything that refracts شعاع کو موڑ دینے والا شیشہ ۔ شعاع کو منعطف کرنے والا ۔ شعاع کش شیشہ ۔

Refractory (ri-frakt-əri) *adj.* Unmanageable, unruly ۔ سرکش ۔ متمرد ۔ منحرف ۔ پھرا ہوا ۔ باغی دیر میں اچھا ہونے والا ۔ کڑا ۔ سخت ۔ دقت طلب ۔

Refractorily *adv.* ۔ سختی سے ۔ متمردانہ ۔ سرکشانہ

Refractoriness *n.* ۔ بغاوت ۔ انحراف ۔ تمرد ۔ سرکشی

Refrain (ri-frān) *v.t.* & *i.* Curb, restrain ۔ تھامنا روکنا ۔ باز رکھنا ۔ ضبط کرنا ۔ باز رہنا ۔ پرہیز کرنا ۔ ترک کرنا ۔ منہ پھیرنا ۔ بچنا ۔ ہٹنا ۔ رکنا ۔

Refrain (ri-frān) *n.* A line or phrase recurring at the end of stanza ۔ ٹیپ ۔ ٹیپ کا شعر یا مصرعہ مصرعہ جو ہر بند کے بعد دہرایا جائے ۔ بار بار گایا جانے والا مصرعہ ۔

Refrangible (rj-fran-ji-bl) *adj.* That may be refracted ۔ موڑے جانے کے قابل ۔ مڑنے والی ۔ انعطاف پذیر ۔

Refrangibility *n.* انحراف شعاع ۔ منعطف ہونے یا مڑ جانے کی صلاحیت ۔

Refresh (ri-fresh) *v.t.* & *i.* Make fresh again, give new vigour آرام دینا ۔ تازہ دم کرنا ۔ خوش کرنا ۔ شاداب کرنا ۔ جان میں جان آنا ۔ حافظہ کو تازہ کرنا ۔ کوئی بات یاد دلانا ۔ تیز کرنا ۔ تازہ کرنا ۔

Refreshing innocence ۔ دلپذیر معصومیت

Refreshingly *adv.* ۔ فرحت بخش طور پر ۔ دلکشی سے تازگی سے ۔

Refresher (ri-fresh-ər) *n.* That which refreshes فرحت بخشنے والا ۔ تازہ دم کرنے والا ۔ طویل مقدمہ میں وکیل کا زائد معاوضہ ۔ تجدید منہ بھرائی ۔ (بول چال) جام شراب ۔ پینے کی چیز ۔

Refreshment (ri-fresh-ment) *n.* That which refreshes آرام ۔ آسائش ۔ ترو تازگی ۔ کھانے پینے کی ہلکی چیزیں ۔ ناشتہ ۔ آسودگی ۔ نقل و شرب ۔

Refrigerate (ri-frij-ə-rat) *v.t.* & *i.* Freeze, make cold منجمد کرنا ۔ جما دینا ۔ سرد کر دینا ۔ ٹھنڈا کرنا ۔ حرارت دور کرنا ۔

Refrigerant *adj.* ۔ ٹھنڈا کرنے والا ۔ جمانے والا

Refrigeration *n.* ٹھنڈا ہو جانا ۔ جمنا ۔ سرد کرنے کا عمل ۔

Refrigerator *n.* برادہ ۔ خنک ساز آلہ ۔ ٹھنڈا کرنے والی کل ۔ ٹھنڈا کرنے کی الماری ۔

Refrigeratory (ri·frij-ə-təri) *n.* & *adj.* Cooling ٹھنڈا کرنے والا ۔ ٹھنڈا کرنے کا ظرف ۔

Refuge (ref-ūj) *n., v.t.* & *i.* Shelter, protection from danger جائے پناہ ۔ امن ۔ پناہ ۔ ٹھکانا ۔ سڑک کے وسط کا جزیرہ ۔ بھیڑ سے بچنے کی اونچی جگہ ۔ پناہ دینا ۔

Refugee (rif-ūj-ē) *n.* One who flees for refuge پناہ گیر ۔ پناہ گزین ۔ مہاجر ۔ مذہبی یا سیاسی تشدد سے بچنے کے لئے ہجرت کرنے والا ۔

Refulgent (ri-ful-jənt) *adj.* Causing a flood of light تاباں ۔ روشن ۔ منور ۔ پر نور ۔

Refulgence *n.* نور ۔ روشنی ۔ درخشانی ۔ تابانی ۔

Refund (ri-fund) *v.t.* & *i.* Restore what was taken, repay واپس کرنا ۔ پھیر دینا ۔ لوٹا دینا ۔ باز ادائی ۔ بے باقی ۔

Refundment *n.* رقم کی واپسی ۔ باز ادائی ۔

Refurbish (ri-fur-bish) *v.t.* Polish again دوبارہ صیقل کرنا ۔ چمکانا ۔ پھر زنگ دور کرنا ۔

Refurnish (ri-fur-nish) *v.t.* Fit or supply afresh نئے سازو سامان سے آراستہ کرنا ۔ نیا سازو سامان مہیا کرنا ۔ نیا سامان جانا ۔

Refusal (ref-ūz-əl) *n.* Rejection ناپسندیدگی ۔ نامنظوری ۔ کورا جواب ۔ پسند یا نا پسند کا حق ۔

Refuse (ref-ūz) *v.t.* & *i.* Decline, renounce انکار کرنا ۔ نامنظور کرنا ۔ قبول نہ کرنا ۔ نہ ماننا ۔ رد کرنا ۔ (تاش) اپنے ساتھی کا رنگ نہ چلنا ۔ دوبارہ مخلوط کرنا ۔ پگھلانا ۔

Refuser *n.* منکر ۔ انکار کرنے والا ۔

Refusable *adj.* نامنظور کرنے کے لائق ۔ واپس کرنے کے قابل ۔

Refuse (ref-ūz) *adj.* & *n.* Rejected as worthless نکما ۔ ناکارہ ۔ بے کار ۔ فضلہ ۔ ردی ۔ فضول چیز ۔

Refute (ri-fūt) *v.t.* Disprove جھوٹا ثابت کرنا ۔ جھٹلانا ۔ غلط ٹھہرانا ۔ غلط ثابت کرنا ۔ تردید کرنا ۔ باطل ثابت کرنا ۔

Refutable *adj.* جھٹلانے کے قابل ۔ قابل تردید ۔

Refutation / **Refutal** } *n.* بطلان ۔ تردید ۔

Regain (re-gān) *v.t.* Gain back پھر پانا ۔ پھر حاصل کرنا ۔ پھر لے لینا ۔ پھر منزل پر پہنچنا ۔ پھر سنبھل جانا ۔

Regal (re-gl) *adj.* Royal, kingly شاہانہ ۔ خسروی ۔ تزک و احتشام سے ۔

Regale (ri-gāl) *n., v.t.* & *i.* Feast, gratify دعوت کھانا ۔ پرتکلف دعوت میں شریک ہونا ۔ روحانی ضیافت ۔ خوشبو ۔ ذائقہ ۔ مسرت بخشنا ۔ دعوت کرنا ۔

Regalement *n.* خاطر مدارات ۔ ضیافت ۔ دعوت ۔

Ragalia (ri-gā-li-å) *n.* & *pl.* Royal powers شاہی اختیارات ۔ شاہانہ لوازمات ۔ **شاہی سازو سامان** ۔ عمدہ قسم کا بڑا سگار ۔

Regalism (re-gəl-izm) *n.* Royal supremacy یہ عقیدہ کہ بادشاہ دینی معاملات میں واجب الاطاعت ہے ۔

Regality (re-gəl-i-ti) *n.* State of being regal شاہی اختیارات ۔ لوازمات سلطنت ۔ حقوق خسروانہ ۔

Regard (ri-gārd) *v.t.* & *i.* Look at, esteem, respect دیکھنا ۔ لحاظ کرنا ۔ ادب کرنا ۔ غور کرنا ۔ دھیان میں لانا ۔ شمار کرنا ۔ قدر کرنا ۔ متعلق ہونا ۔ واسطہ ہونا ۔

Regard (ri-gärd) *n.* Estimation, observation, consideration نگاہ ۔ نظر ۔ ادب ۔ دھیان ۔ توجہ ۔ غور ۔ لحاظ ۔ خیال ۔ محبت ۔ عزت ادب (جمع) آداب ۔ تسلیمات ۔

As regards نسبت ۔ بابتہ ۔ متعلق ۔

In regard of بابت ۔

In this regard اس بارے میں ۔

Regardful *adj.* احترام کرنے والا ۔ عزت کرنے والا ۔ با ادب ۔

Regardless *adv.* & *adj.* بے فکر ۔ بے ادب ۔ قطع نظر ۔ بلالحاظ ۔

Regatta (ri-gat-ȁ) *n.* Boat race meeting کشتی رانی کا مقابلہ ۔

Regelate (re-ji-lāt) *v.i.* Freeze again پھر جم جانا ۔ برف کا پگھل کر پھر جمنا ۔

Regency (re-jen-si) *n.* The office, term and jurisdiction of a regent نیابت شاہی ۔ منتظمین سلطنت ۔ بادشاہی فرمان کی بنا پر کاروبار ریاست انجام دینا ۔

Regenerate (re-jen-ər-āt) *v.t.* & *i.* Produce anew پھر پیدا کرنا ۔ نیا جنم دینا ۔ جان ڈالنا یا پڑنا ۔ روحانی زندگی بخشنا ۔ اخلاق اصلاح کرنا یا ہونا ۔ پستی سے ابھرنا یا ابھارنا ۔

Regenerate *adj.* اصلاح شدہ ۔ ہدایت یافتہ ۔ نوزائیدہ ۔

Regeneration *n.* ہدایت یافتگی ۔ اصلاح ۔ نئی زندگی ۔

Regenerative *adj.* روح پرور ۔ اصلاحی ۔ ہادیانہ ۔

Resource (ri-sors) *n.* Means, possibility تدبیر ۔ چارہ ۔ ذریعہ ۔ حکمت ۔ حاضر دماغی ۔ سوجھ بوجھ ۔ ذرائع آمدنی ۔ سرمایہ خزانہ ۔ وسائل ۔ ذرائع ۔

Resourceful *adj.* سوجھ بوجھ رکھنے والا ۔ خوش تدبیر ۔

Resourcefulness *n.* سوجھ بوجھ ۔ چارہ سازی ۔

Resourceless *adj.* بے تدبیر ۔ بے وسیلہ ۔ بے چارہ ۔

Resourcelessness *n.* بے تدبیری ۔ بے چارگی ۔

Respect (ri-spekt) *n.* Regard, differential esteem توجہ ۔ خیال ۔ دھیان ۔ لحاظ ۔ پاس ۔ ادب ۔ رعایت ۔ علاقہ ۔ لگاؤ ۔ ربط ۔ تعلق ۔ التفات ۔ تعظیم ۔ عزت ۔ قدر ۔ احترام ۔ (جمع) سلام ۔ آداب ۔ تسلیمات ۔

Respect (ri-spekt) *v.t.* Look to, regard, consider پاس کرنا ۔ لحاظ کرنا ۔ عزت کرنا ۔ احترام کرنا ۔ رعایت ملحوظ رکھنا ۔ دخل نہ دینا ۔ نسبت یا علاقہ رکھنا ۔ لگاؤ رکھنا ۔

Respectability (ri-spekt-əbi-li-ti) *n.* Differential esteem توقیر ۔ عزت ۔ حرمت ۔ شرافت ۔ بھلے آدمی ۔ شرفا ۔

Respectable (ri-spekt-ə-bl) *adj.* & *n.* Worthy of respect ذی عزت ۔ واجب التعظیم ۔ معقول ۔ اچھا ۔ معتبر ۔ حیثیت دار ۔ شریفانہ ۔ شریف آدمی ۔

Respectful *adj.* باتمیز ۔ بااخلاق ۔ شریف ۔ باادب ۔

Respectfulness *n.* باتمیز ہونا ۔ باادب ہونا ۔

Respective (ri-spekt-iv) *adj.* Having respect, concerning انفرادی ۔ اپنی اپنی ۔ مخصوص ۔ اپنا اپنا ۔ جداگانہ ۔ اضافی ۔ باادب ۔

Respectively *adv.* حسب ترتیب ۔ فرداً فرداً ۔

Respiration (ri-spīr-a-shən) *n.* Breathing سانس ۔ دم کشی ۔ سانس لینا ۔ نفس ۔ آرام ۔ استراحت ۔

Respirator (ri-spīr-a-tər) *n.* An appliance worn on the mouth and nose ایسا آلہ جس سے اندر جانے والی ہوا گرم ہو جائے ۔ سانس لینے کا آلہ ۔

Respire (ris-pīr) *v.i.* & *t.* Take breath سانس لینا ۔ دم لینا ۔ آرام لینا ۔ سستانا ۔ دم میں دم آنا ۔ پھر سے ہمت بندھنا ۔

Respiratory *adj.* سانس کے متعلق ۔ تنفس کا ۔

Respite (ris-pīt) *n.* & *v.t.* Temporary cessation مہلت ۔ وقفہ ۔ عارضی فرصت ۔ توقف ۔ ملتوی رکھنا ۔ موقوف رکھنا ۔ عارضی طور پر تسکین دینا ۔ (فوجی) تنخواہ روک لینا ۔

Grant a respite to مہلت دی جائے ۔

Resplendent (ri-splend-ənt) *adj.* Bright, radiant نورانی ۔ روشن ۔ تاباں ۔ درخشاں ۔

Resplendence *n.* آب و تاب ۔ ضیا باری ۔ چمک ۔ تابانی ۔

Resplendently *adv.* نورانی طور پر ۔ جگمگاتے ہوئے ۔ آب و تاب سے ۔

Respond (ri-spond) *v.i.* Answer, act in answer جواب دینا ۔ جواباً عمل کرنا ۔ متاثر ہونا ۔ محسوس کرنا ۔ گرجا میں پادری کا حاضرین کے سوالوں کا جواب دینا ۔

Respondence-cy *n.* جوڑ ۔ جواب ۔ تقابل ۔

Respond (ri-spond) *n.* A half pillar attached to a wall for supporting an arch محراب کو سنبھالنے کا نصف ستون جو دیوار سے ملحق ہو ۔ انجیل خوانی کے بعد کی مناجات ۔ سنگت کی مناجات ۔

Respondent (ri-spond-ənt) *n.* One who answers جواب دہ ۔ جواب دینے والا ۔ مدعا علیہ ۔

Response (ri-spons) *n.* An answer جواب ۔ جوابی فعل ۔ تاثر ۔ رد عمل ۔ انجیل کی تلاوت کے بعد کی مناجات ۔ سنگت کی مناجات ۔

Responsibility (ri-spons-i-bi-li-ti) *n.* State of being responsible جواب دہی ۔ ذمہ داری ۔ فرض منصبی ۔ عہدہ ۔ ذمہ داری کا کام ۔

Responsible (ri-spons-i-bl) *adj.* Liable to be called to account جواب دہ ۔ ذمہ دار ۔ کفیل ۔ ضامن ۔ معتبر ۔ معزز ۔

Responsions (ri-spon-siəns) *n.* The first of the three examinations for B.A. of Oxford جامعہ آکسفورڈ میں بی اے کی سند کے تین امتحانوں میں پہلا ۔

Responsive (ri-spons-iv) *adj.* Ready to respond جواب دہ ۔ اثر پذیر ۔ زود حس ۔ ہمدرد ۔ درد آشنا ۔

Responsiveness *n.* ہمدردی ۔ جواب دہی ۔ اثر پذیری ۔

Responsory (ri-spons-əri) *n.* An anthem sung after a lesson سنگت کی مناجات ۔ بائبل کی تلاوت کے بعد کا مناجاتی نغمہ ۔ ایک شخص کا پڑھنا اور دوسروں کا دہرانا ۔

Rest (rest) *v.t.* & *i.* Repose, give rest to - ٹھہرنا - بے حرکت ہونا - تھمنا - حالت سکون میں ہونا - دم لینا - آرام لینا - سستانا - تکیہ کرنا - مرنا - لحد میں سونا - لیٹا ہوا ہونا - سہارے پر ہونا - تکیہ لگانا - باقی بچنا -

Rest (rest) *n.* Repose, refreshing inactivity - آرام - استراحت - آسائش - آسودگی - قرار - سکون - امن چین - اطمینان - ٹیکا - سہارا - آسرا - مسکن - قیام گاہ - وقفہ - وقفہ کی علامت -

Rest house ڈاک بنگلہ -
Resting place قبر - آرام گاہ -
Resting-while فرصت -
At rest آرام میں -
Rest on بھروسہ رکھنا -
Rest with اختیار رکھنا -

Rest (rest) (the rest) *n.* Remaining thing - بقیہ حصہ - باقی لوگ - باقی مقدار - بچا کھچا - (مہاجنی) محفوظ سرمایہ - (تجارت) مال کی جانچ پڑتال - (ٹینس) گیند کا دیر تک حرکت میں رہنا یا تار بندھ جانا -

For the rest - دیگر امور کے لیے - دیگر امور کے لائق -

Restart (ri-stârt) *v.t.*, *i.* & *n.* Start again پھر شروع کرنا - پھر چالو کرنا - دوبارہ جاری کرنا - باز اجرائی -

Restate (ri-stāt) *v.t.* Present in a detailed form زیادہ واضح اور تفصیلی طور پر پیش کرنا - مختلف الفاظ میں دوبارہ پیش کرنا -

Restaurant (res-tə-rān) *n.* A place where meals may be had مکان - ہال یا کمرہ جہاں کھانا کھلایا جاتا ہے - طعام خانہ - ہوٹل -

Restaurateur (res-tə-rə-tər) *n.* The keeper of a restaurant طعام خانہ کا مالک - ہوٹل کا مالک - ہوٹل والا -

Restem (ri-stem) *v.t.* Force back against the current دھارے کے خلاف لے جانا - مخالف سمت میں لے جانا -

Restful (rest-ful) *adj.* Calm and quiet - پر سکون - شور و غل سے پاک - سکون بخش -

Restfulness *n.* سکون بخش ہونا - پر سکون ہونا -

Restitute (res-ti-tūt) *v.t.* & *i.* Restore حق دار کو واپس دینا - مالک کو واپس کرنا -

Restitution (res-ti-tu-shən) *n.* Act of restituting باز رسی - بحالی - اعادہ - باز دہی - واپسی - عوض - بدلہ - معاوضہ - مکافات - تلافی - کسی چیز کا سکڑ کر اپنی اصلی حالت پر آ جانا -

Restitution of conjugal rights حقوق زنا شوئی کی بحالی - ازدواجی حقوق کی بحالی -

Restive (res-tiv) *adj.* Inert, unwilling to go forward نچلا - اڑیل - بے قابو - سرکش - نا فرمان -

Restless (rest-les) *adj.* Unresting, impatient بے چین - بے کل - بے قرار - مضطرب - بے صبر -

Restlessly *adv.* بے چینی سے - بے قراری سے -

Restlessness *n.* اضطراب - بے چینی - بے کلی - بے قراری -

Restoration (re-stor-a-shən) *n.* Renovation, reconstruction واپسی - تجدید - بحالی - واگزاشت - احیا - شفا - تندرستی - عود شاہی - چارلس دوم کی تخت نشینی - معدوم جانور یا شکستہ عمارت کا نمونہ جس سے اصلی حالت ظاہر ہو -

Restorationism (re-stor-a-shən-izm) *n.* The doctrine that in the end every one will get salvation یہ عقیدہ کہ بالآخر سب لوگوں کو نجات اور راحت ابدی حاصل ہوگی -

Restorative (re-stor-ə-tiv) *adj.* & *n.* Tending to restore vigour - شفا بخش - قوت بخش - مقوی دوا - مقوی غذا -

Restore (ri-stōr) *v.t.* Repair, bring back واپس کرنا - پھیر دینا - دلا دینا - مرمت کر کے اصلی حالت پر لانا - بحال کرنا - تندرست کرنا - صحت بخشنا - دوبارہ قائم کرنا - تازہ کرنا - قدیم آثار کے نمونے بنانا -

Restrain (ri-strān) *v.t.* Hold back, control روکنا - مزاحمت کرنا - باز رکھنا - حد کے اندر رکھنا - قید میں رکھنا - محصور کرنا - ضبط کرنا - دبانا -

Restrainable *adj.* باز رکھنے کے لائق - روکنے کے قابل - قابل ضبط -

Restraint (ri-strānt) *n.* A restraining influence پابندی ۔ روک ۔ دباؤ ۔ قید ۔ بند ۔ حراست ۔ ممانعت ۔ حکم امتناعی ۔ ضبط نفس ۔ اعتدال ۔ طرز تحریر کی متانت ۔ (قانون) قرق ۔

Restrict (ri-strikt) *v.i.* Limit قید لگانا ۔ پابند کرنا ۔ محدود کرنا ۔ روکنا ۔ باز رکھنا ۔

Restriction *n.* روک ۔ پابندی ۔ قید ۔ حد بندی ۔

Restrictive *adj.* بندش کا ۔ پابند کرنے والا ۔ روکنے والا ۔ مانع ۔

Resty (resti) *adj.* Lazy, indolent ۔ آرام طلب ۔ سست ۔ کاہل ۔

Result (re-zult) *v.i.* & *n.* Follow as a consequence ختم ہونا ۔ انجام کو پہنچنا ۔ منتج ہونا ۔ نتیجہ پیدا ہونا ۔ انجام ہونا ۔ مآل کار ہونا ۔ حاصل ۔ نتیجہ ۔ ثمرہ ۔ (ریاضی) عمل کا حاصل ۔

Resultful *adj.* کار آمد ۔ نتیجہ خیز ۔

Resultless *adj.* بے سود ۔ لا حاصل ۔

Resultance *adj.* & *n.* حصول ۔ نتیجہ ۔

Resultant (ri-zult-ənt) *adj.* & *n.* Resulting ۔ بارآور ۔ ثمر آور ۔ انجام خیز ۔ چھوٹی بڑی مخالف قوتوں کا ماحصل

Resume (ri-zūm) *v.t.* Take back, assume again واپس لے لینا ۔ دوبارہ حاصل کر لینا ۔ پھر قبضہ کر لینا ۔ پھر اختیار کرنا ۔ پھر کام شروع کرنا ۔ خلاصہ کرنا ۔ خلاصہ بیان کرنا ۔

Resume (ri-zum) *n.* Summary ۔ مختصر حال ۔ لب لباب ۔ خلاصہ ۔

Resumption (ri-zump-shən) *n.* Act of resuming باز یافت ۔ بازگیری ۔ دوبارہ قبضہ ۔ دوبارہ حصول ۔ دوبارہ آغاز ۔

Resurge (ri-surj) *v.i.* Rise again پھر زور پکڑنا ۔ پھر جوش میں آنا ۔ جی اٹھنا ۔ پھر زندہ ہو جانا ۔

Resurgence *n.* پھر سے جی اٹھنا ۔ پھر شاداب ہو کر پھوٹنا ۔ پھر زندہ ہونا ۔

Resurgent *n.* & *adj.* پھر زندہ ہونے والا ۔ پھر شاداب ہونے والا ۔ پھر جی اٹھنے والا ۔

Resurrect (ri-zu-rekt) *v.t.* Give new life (بول چال) پھر زندہ کرنا ۔ مردے کو زندہ کرنا ۔ حشر ہونا ۔ کسی چیز کی یاد کو تازہ کرنا ۔ پھر رواج دینا ۔

Resurrection (ri-zu-rek-shən) *n.* Rising from the dead, revival حشر ۔ احیاء ۔ رست خیز ۔ قیامت ۔ حضرت عیسیٰ کے قبر سے اٹھنے کا جلوس ۔

Resurrectional *adj.* قیامت کے بارے میں ۔ حشر کے متعلق ۔

Resurrectionist *n.* One who steals dead bodies from graves مردہ چور ۔ وہ جو لاشوں کو قبر سے نکال کر فروخت کر دیتا ہے ۔ لاش چور ۔

Resuscitate (ri-sus-i-tat) *v.t.* & *i.* Revive ۔ زندہ کرنا از سر نو جان ڈالنا ۔ تازہ کرنا ۔ جان پڑنا ۔ ہوش میں آنا ۔ جی اٹھنا ۔ دوبارہ جاری ہونا ۔

Resuscitation *n.* دوبارہ جان ڈالنا ۔ حیات بخشی ۔

Resuscitative *adj.* جاں بخش ۔ روح افزا ۔ حیات‌بخش ۔

Resuscitator *n.* ہوش میں لانے والا ۔ احیاء کرنے والا ۔ دوبارہ زندہ کرنے والا ۔

Retail (ri-tāl) *n.* Sale in small quantities خوردہ فروشی ۔ چلهر فروشی ۔

Retail (re-tāl) *v.t.* & *i.* Sell by retail خوردہ فروشی کرنا ۔ پھٹکل بیچنا ۔ چلهر بیچنا ۔ تفصیل سے بیان کرنا ۔ شرح و بسط سے پیش کرنا ۔

Retain (ri-tān) *v.t.* Keep, keep in mind or service رکھنا ۔ قائم رکھنا ۔ محفوظ رکھنا ۔ جاری رکھنا ۔ اجرت پر نوکر رکھنا ۔ اجرت دے کر وکیل مقرر کرنا ۔ خدمت کا پابند کرنا ۔ یاد رکھنا ۔ حافظہ میں رکھنا ۔

Retaining fee وکیل کی فیس ۔

Retaining force ۔ وہ فوج جو دشمن کو الجھائے رکھے ۔

Retainable *adj.* قائم رکھنے کے قابل ۔

Retainer (ri-tān-ər) *n.* One who or that which retains ۔ امین ۔ محافظ ۔ رکھنے والا ۔ ساتھی ۔ رفیق ۔ مصاحب ۔ ملازم ۔ خادم ۔ سیوک ۔

Retaliate (ri-tal-i-āt) *v.t.* Inflict in return بدلہ لینا ۔ جزا دینا ۔ انتقام لینا ۔ الٹا الزام لگانا ۔ ترکی بہ ترکی جواب دینا ۔ جوابی محصول لگانا ۔

Retaliation *n.* ۔ مکافات ۔ بدلہ ۔ پاداش ۔ انتقامی کاروائی ۔ انتقام ۔

Retaliatory *adj.* جوابی ۔ الزامی ۔ انتقامی ۔

Retard (rit-ārd) *v.t.,i.* & *n.* Slow down, keep back - مزاحم ہونا - روکنا - موقوف رکھنا - ڈھیلا کرنا - باعث تاخیر ہونا - ترقی روکنا - دیر سے واقع ہونا - مقررہ وقت کے بعد واقع ہونا -

Retardation, Retardment *n.* مزاحمت - روک - رکاوٹ -

Retardative *adj.* رکاوٹ پیدا کرنے والا - مزاحم ہونے والا -

Retch (re-ch) *v.i.* & *n.* Strain as if to vomit ابکائی لینا - قے کرنا - قے کرنے کی کوشش کرنا - ابکائی - قے -

Retention (ri-ten-shən) *n.* Act or power of retaining حراست - قید - پابندی - حافظہ - حافظہ میں رہنا - پیشاب یا اور کسی خارج ہونے والے مادے کا بند ہو جانا - قبضہ رکھنا - قبضہ میں رہنا -

Retentive (ri-ten-tiv) *adj.* Tenacious روکنے والا - اخذ کرنے والا - یاد رکھنے والا - ممسک - قوی - پٹی جو کسی عضو کی حرکت روکنے کے لیے باندھی جائے -

Retentiveness *n.* روکنے یا قائم رکھنے کی قوت - امساک - قوت ماسکہ -

Retenue (ret-i-nū) *n.* Body of retainers ملازمین - خدمت گار - (فرانس) ضبط نفس -

Retiary (re-shi-ər-i) *adj.* Using net as a weapon جال دار گھڑیال - جال دار مکڑی -

Reticence (ret-i-sens) *n.* Non-communication کم گوئی - سکوت - اخفا - اپنے دل کا حال چھپانا - خاموشی کی عادت - اعتدال - مبالغہ سے پرہیز - تجاہل عارفانہ -

Reticent *adj.* Reserved خاموش - کم سخن - کم آمیز - سکوت پسند -

Reticle (ret-i-kl) *n.* An attachment to an optical instrument ایک باریک جالی -

Reticulate (ret-i-kū-lāt) *v.t.* Form into a net جال یا جالی بنانا - چھوٹے چھوٹے خانوں میں ترتیب دینا -

Reticulate *adj.* خانے دار - جال دار - جالی دار -

Reticulation *n.* جالی بننا - جال بنانا -

Reticule (ret-i-kūl) *n.* A small bag of net-work جالی کا بیگ - دور بین کے دہانے کی جالی - ایک جنوبی ستارہ جو ابھی حال ہی میں دریافت ہوا ہے -

Reticulum (ret-i-kū-ləm) *n.* A network دوسرا معدہ - جگالی کرنے والے جانوروں کا معدہ - جالی دار جھلی -

Retiform (re-ti-form) *adj.* Having the form of a net جالی نما - جالی کی شکل کا -

Retina (ret-i-nā) *n.* The sensitive layer of the eye آنکھ کا پہلا پردہ جس میں بصارت کی حس ہوتی ہے - پردہ اول -

Retinitis *n.* آنکھ کے پردے کی جلن - پردہ چشم کی سوزش -

Retinue (ret-i-nū) *n.* A body of retainers سواری - جلو - خدم و حشم - نوکر چاکر - خادموں کا جلو -

Retire (ri-tīr) *v.i., t.* & *n.* Withdraw, retreat کنارہ کش ہونا - گوشہ نشین ہونا - دست بردار ہونا - چھوڑ بیٹھنا - ہٹ جانا - علیحدہ ہو جانا - پیچھے ہٹنا - الگ ہونا - خانہ نشین ہونا - ملازمت سے وظیفہ لینا - سونے کے لیے جانا - خلوت کرنا - فوج کو واپسی کا حکم دینا - (کرکٹ) آؤٹ ہوئے بغیر کھیل ختم کر دینا -

Retired *adj.* گوشہ نشین - وظیفہ یاب - مستعفی -

Retiring *adj.* خاموش - خلوت پسند -

Retirement (re-tir-mənt) *n.* Act of retiring خلوت - خانہ نشینی - وظیفہ پر علیحدگی - عزلت - تنہائی - روپوشی - خلوت گاہ - تخلیہ - وظیفہ پر ملازمت سے علیحدگی -

Retort (ri-tort) *v.t., i.* & *n.* Throw back جھٹکنا - پلٹنا - موڑنا - الٹ کر جواب دینا - الزام حریف پر الٹ دینا - دندان شکن جواب دینا - الزامی جواب - بدلہ - انتقام -

Retort (ri-tort) *n.* & *v.t.* Throw back, answer in retaliation عرق کھینچنے کا ظرف - بھبکا - آتشی شیشہ - قرنبیق - پارے کو گرم کرکے صاف کرنا -

Retortion (ri-tor-shən) *n.* Bending, turning or casting پیچھے کی طرف موڑنا یا مڑنا - انتقامی کاروائی - ایک حکومت کی انتقامی کاروائی جو دوسری حکومت کے خلاف کی جائے -

Retouch (re-tuch) *v.t.* Touch again, improve by new touches درست کرنا ۔ مزین کرنا ۔ آراستہ کرنا ۔ سدھارنا ۔ نظر ثانی کرنا ۔

Retrace (re-trās) *v.t.* Trace back تلاش کرنا ۔ کھوج لگانا ۔ ڈھونڈھنا ۔ حافظہ میں دہرانا ۔ جس راہ سے آنا اسی سے واپس جانا ۔ اپنے کئے کی تلافی کرنا ۔

Retract (ri-trakt) *v.t.* Withdraw, revoke سکیڑنا ۔ سمیٹنا ۔ اندر کھینچنا ۔ واپس لینا ۔ منسوخ کرنا ۔ انکار کرنا ۔ غلطی کا اعتراف کرنا ۔ اپنی رائے کو واپس لینا ۔

Retractor *n.* عضو کو اندر کھینچنے والا عضلہ ۔

Retractable *adj.* قابل منسوخی ۔ پلٹنے کے قابل ۔

Retractive *adj.* سکڑنے والا ۔ ہٹا لینے والا ۔ کھینچنے والا ۔

Retraction *n.* الٹ پھیر ۔ منسوخی ۔ کھچاوٹ ۔

Retranslate (re-trans-lāt) *v.t.* & *n.* Translate back in the original language دوبارہ ترجمہ کرنا ۔ پھر ابتدائی زبان میں ترجمہ کرنا ۔ دوبارہ منتقل کرنا ۔ دوبارہ تبدیل کرنا ۔ دوبارہ منتقلی ۔

Retreat (ri-trēt) *v.t., i.* & *n.* Withdraw پیچھے ہٹنا ۔ واپس ہو جانا ۔ بازگشت ۔ واپسی ۔ پسپائی ۔ گوشہ نشینی ۔ کنج عزلت ۔ اعتکاف ۔ کمین گاہ ۔ جائے پناہ ۔ پاگل خانہ ۔ شرابیوں کی کمین گاہ ۔

Retrench (ri-tren(t)sh) *v.t.* Cut off, reduce کاٹنا ۔ چھانٹنا ۔ کم کرنا ۔ مختصر کرنا ۔ محدود کرنا ۔ اخراجات میں تخفیف کرنا ۔ مورچہ بندی کرنا ۔

Retrenchment *n.* مورچہ بندی ۔ کاٹ چھانٹ ۔ تخفیف ۔

Retrial (re-tri-əl) *n.* Testing again, investigating a case afresh مقدمہ کی دوبارہ سماعت ۔ از سر نو سماعت مقدمہ ۔

Retribution (ri-tri-bu-shən) *n.* Riquittal معاوضہ ۔ بدلہ ۔ سزا ۔ عذاب ۔ صلہ ۔ تلافی ۔ پاداش ۔ مکافات ۔

Retribute *v.t.* عوض دینا ۔ جزا دینا ۔ واپس دینا ۔

Retributive *adj.* مکافاتی ۔ انتقامی ۔ بطور صلہ ۔

Retrieve (ri-trēv) *v.t.* Recover, rescue پھر پانا ۔ پھر حاصل کرنا ۔ دوبارہ تلاش کر لینا ۔ کوشش کر کے یاد کرنا ۔ پھر سے درست کرنا ۔ نقصان کی تلافی کرنا ۔ پستی سے ابھارنا ۔

Retriever *n.* ڈھونڈھ نکالنے والا ۔ شکار کردہ جانور کو لانے والا کتا ۔

Retrievable *adj.* جو دوبارہ حاصل کیا جا سکے ۔ جس کی تلافی ہو سکے ۔

Retrieval *n.* نجات ۔ درستی ۔ اصلاح ۔ تلافی ۔

Retroact (rē-trō-akt) *v.i.* Act backward جوابی عمل کرنا ۔ پیچھے کی جانب عمل کرنا ۔ گزرے ہوئے زمانے کے حالات کو تازہ کرنا ۔

Retroactive *adj.* پچھلے زمانے سے نافذ ہونے والا ۔ ماضی میں عمل کرنے والا ۔

Retroactivity *n.* مستقدامہ حکم ۔ استقدامی حکم ۔

Retrocede (rē-trō-sēd) *v.i.* Move back پیچھے ہٹنا ۔ مراجعت کرنا ۔ الٹے پاؤں واپس جانا ۔ اندر ہی اندر ہونا ۔

Retrocedence *n.* اندرونی اثر ۔ پیچھے کی طرف حرکت ۔ الٹی حرکت ۔

Retrocedent *adj.* اندرونی ۔ الٹی حرکت کرنے والا ۔

Retrocede (rē-trō-sēd) *v.t.* Give back واپس دینا ۔ لوٹانا ۔ واگزاشت کرنا ۔

Retrocession (rē-trō-se-shən) *n.* Granting back رجعت ۔ لیے ہوئے ملک کی واپسی ۔ باز سپردگی ۔ باز حوالگی ۔

Retrocessive *adj.* باز حوالگی کا ۔ واپسی کا ۔ مستقدمانہ ۔

Retroflected (re-tro-flekt-d) *adj.* Bent back پیچھے مڑا ہوا ۔

Retrogradation (re-trē-grād-a-shən) *n.* Backward motion حرکت معکوس ۔ الٹی حرکت ۔ سیارے وغیرہ کا پیچھے رہ جانا ۔ رجعت ۔

Retrograde (re-tro-grad) *v.i., adj.* & *n.* Moving or lagging back لوٹنا ۔ ہٹنا ۔ پیچھے رہ جانا ۔ رجعت کرنا ۔ مراجعت ۔ الٹی حرکت کرنے والا ۔ تنزل پذیر ۔ بگڑا ہوا آدمی ۔ تنزل ۔ انحطاط ۔

Retrogress (re-trō-gres) *v.i.* Go backward لوٹنا ۔ پلٹنا ۔ مراجعت کرنا ۔ واپس ہونا ۔ انحطاط پذیر ہونا ۔

Retrogressive *n.* زوال پذیر ۔ مراجعت کرنے والا ۔ پیچھے ہٹنے والا ۔

Retrogression (re-trō-gresh-ən) *n.* Going backward, decline in quality حرکت معکوس ۔ پیچھے کی طرف حرکت ۔ مراجعت ۔ انحطاط ۔ زوال ۔ تنزل ۔

Retropulsion (re-trō-pul-shən) *n.* Tendency to walk backward اندر اترنے کا رجحان ۔ کسی خارجی مرض کا اندرونی مرض بن جانا ۔ مرض کا اندر سرایت کرنا ۔

Retrospect (re-trō-spekt) *n.* A backward view ماضی کی یاد ۔ مناظر پیشین ۔ پچھلے واقعات ۔ اگلی یادیں ۔

Retrospection (re-trō-spek-shən) *n.* گذشتہ احوال ۔ ماضی کی طرف ۔ استقدام ۔

Retrospective (re-trō-spek-tiv) *adj.* Looking back مستقدمانہ ۔ گذشتہ زمانے کے متعلق ۔ زمانہ ماضی پر نافذ ہونے والا ۔ ماضی کی طرف راجع ۔

Retrousse (rə-trōōs-a) *adj.* Turned up اوپر کو اٹھی ہوئی ۔ (ناک)

Retrovert (re-tro-vərt) *v.t.* Turn back پیچھے کو ہٹانا ۔ پیچھے کی طرف موڑنا ۔ (عورتوں کا رحم) ۔

Retund (ri-tund) *v.t.* Blunt دھار مار دینا ۔ کند کر دینا ۔

Rettery (ret-e-ri) *n.* Flax-retting place وہ جگہ جہاں پٹ سن صاف کیا جاتا ہے ۔

Returf (re-turf) *v.t.* Cover with grass afresh از سر نو گھاس لگانا ۔ نئی گھاس لگانا ۔ نئی گھاس سے بھر دینا ۔

Return (ri-turn) *v.i.* & *t.* Come or go back ۔ پھرنا پلٹنا ۔ لوٹ جانا ۔ پھر آنا ۔ واپس ہونا ۔ واپس آنا یا جانا ۔ واپس دینا ۔ عوض دینا ۔ معاوضہ دینا ۔ بدلہ دینا ۔ جواب میں کہنا ۔ کسی ممبر کو کسی حلقہ انتخاب سے منتخب کرنا ۔

Returnable *adj.* قابل واپسی ۔ قابل انتخاب ۔

Return (ri-turn) *n.* Reversion, recurrence مراجعت ۔ معاودت ۔ واپسی ۔ بے باقی ۔ ادائگی ۔ معاوضہ ۔ بدلہ ۔ نفع ۔ پیداوار ۔ آمدنی ۔ محاصل ۔ دیوار کا پیچھے ہٹا ہوا حصہ ۔ شریف یا ناظم فوجداری کی رپورٹ (جمع) ایک قسم کا ہلکا تمباکو جو پائپ میں پیتے ہیں ۔

Returnless *adj.* بے منافع ۔ بے حاصل ۔ جس سے کوئی آمدنی نہ ہو ۔

Reunion (rē-ūn-yən) *n.* A meeting after separation جدائی کے بعد پھر ملاقات ۔ ہم خیال یا ہم مشرب کی صحبت ۔ دوبارہ ملنا یا ملانا ۔ جلسہ ۔ صحبت ۔

Reunite (rē-ū-nīt) *v.t.* & *i.* Join after separation فراق کے بعد پھر ملنا ۔ پھر جڑنا یا جوڑنا ۔ پھر ملنا یا ملانا ۔ پھر ملحق ہونا ۔ پھر پیوستہ ہونا ۔

Rev (rev) *n.*, *v.t.* & *i.* A revolution, increase the speed چکر کی رفتار بڑھانا ۔ انجن کو تیزی سے چلانا ۔

Revaccinate (re-vak-si-nāt) *v.t.* Innoculate with vaccine afresh دوبارہ چیچک کا ٹیکہ لگانا ۔

Revalue (re-va-lū) *v.t.* Re-estimate پھر سے قیمت کا اندازہ کرنا ۔ از سرے نو قیمت لگانا ۔ آنکنا ۔

Revalorization (re-val-ər-iz-a-shən) *n.* Restoration of the value of currency سکہ کی پہلی قیمت بحال کرنا ۔

Reveal (ri-vēl) *v.t.* Make known فاش کرنا ۔ آشکارا کرنا ۔ ظاہر کرنا ۔ منکشف کرنا ۔ ظاہر ہونے دینا ۔ تنزلات یا الہام کے ذریعے ظاہر کرنا ۔ وحی نازل کرنا ۔

Revealable *n.* قابل اظہار ۔ قابل افشا ۔

Reveal (ri-vēl) *n.* The side surface of a recess کواڑ اور دیوار کے درمیان کی جگہ ۔ کھڑکی یا دروازے کا شگاف ۔

Reveille (ri-vel-i) *n.* The sound of the bugle to awaken soldiers ۔ سپاہیوں کے جگانے کا صباحی بگل ۔ جگانے کا بگل یا نوبت ۔

Revel (rev-l) *v.i.*, *t.* & *n.* Make merry عیش و عشرت کرنا ۔ خوشیاں منانا ۔ رنگ رلیاں کرنا ۔ ناؤ نوش کی محفل جمانا ۔ عیش و نشاط ۔ محفل بادہ نوشی ۔ دھما چوکڑی ۔

Revel rout محفل مے پرستاں ۔ رندوں کا مجمع ۔

Revelry *n.* پینا پلانا ۔ عیش و عشرت ۔

Reveller *n.* مے پرست ۔ بد مست ۔ عیاش ۔

Revelation (rev-i-la-shən) *n.* The act of revealing انکشاف ۔ وحی ۔ الہام ۔ کشف ۔ افشائے حقیقت ۔

Revelationist (rev-i-la-shən-ist) *n.* A believer in divine revelation الہام و وحی کا قائل ۔ وحی الہی کا معترف ۔

Revenant (rev-ə-nent) *n.* One who returns after a long absence وہ شخص جو ایک طویل عرصے کے بعد وطن واپس آئے ۔ وہ جو قبر سے اٹھ کر آئے ۔

Revendication (re-ven-di-ka-shən) *n.* Formal suit for lost property کھوئے ہوئے مقبوضات کے لیے باضابطہ دعویٰ ۔

Revenge (ri-venj) *v.t.* & *i.* Inflict injury in return انتقام لینا ۔ بدلہ لینا ۔ معاوضہ لینا ۔ ادلے کا بدلہ دینا ۔ بغض نکالنا ۔

Revenge (ri-venj) *n.* Retaliation بدلہ ۔ انتقام ۔ سزا ۔ جزا ۔ عوض ۔ بغض ۔ عداوت ۔

Revengeful *adj.* کینہ ورانہ ۔ انتقام کا موقع ڈھونڈھنے والا ۔ پر انتقام ۔ کینہ ور ۔

Revengefulness *n.* جذبہ انتقام ۔ انتقام جوئی ۔ کینہ وری ۔

Revenue (rev-in-ū) *n* Receipts from any source, income آمدنی ۔ یافت ۔ مال گزاری ۔ محصول ۔ حکومت کا مالیہ ۔ محاصل ۔ خزانہ ۔

Reverberate (ri-vər-be-rāt) *v.t.* & *i.* Beat, recoil, reflect, echo گونجنا ۔ گونج پیدا کرنا ۔ عکس ڈالنا ۔ حرارت یا روشنی کا ارتعاش میں ہونا ۔ حرارت یا روشنی کا لوٹنا یا لوٹانا ۔ لہرانا ۔ رد عمل ہونا ۔

Reverberatory *n.* & *adj.* پاٹنے والا ۔ منعکس ہونے والا ۔ گونجنے والا ۔

Reverberation *n.* انعکاس ۔ صدائے باز گشت ۔ گونج ۔

Reverberative } *adj.* صدا دینے والا ۔ گونجنے
Reverberant } والا ۔ منعکس ہونے والا ۔

Reverberator (ri-vər-bə-rat-ər) *n.* Reflector منعکس کرنے والا آلہ ۔ آلہ انعکاس ۔ عکسی لیمپ ۔

Revere (ri-vēr) *v.t.* Regard with high respect تعظیم کرنا ۔ ادب کرنا ۔ عزت کرنا ۔ احترام کرنا ۔

Reverence (ri-vər-əns) *n.* High respect احترام ۔ تعظیم و تکریم ۔

Do reverence ادب کرنا ۔

Make reverence پرستش کرنا ۔ پوجنا ۔

Saving your reverence عاجزانہ طور پر ۔ با ادب ۔

Reverential *adj.* توقیری ۔ تعظیمی ۔ تکریمی ۔

Reverend (rev-ər-ənd) *adj.* & *n.* Worthy of reverence بزرگ ۔ مکرم ۔ پادریوں کا لقب ۔ مودب ۔ با ادب ۔

Reverent (rev-ər-ənt) *adj.* Showing respect با ادب ۔ مودبانہ ۔ بزرگوں کا ادب کرنے والا ۔

Reverie (rev-ə-ri) *n.* Train of fancies محویت ۔ تصورات کا تسلسل ۔ خیالی پلاؤ ۔ خواب بینی ۔ شیخ چلی کا منصوبہ ۔ کوئی راگ جو محویت پیدا کر دے ۔

Reverse (ri-vərs) *adj.* Opposite معکوس ۔ الٹا ۔ برعکس ۔ الٹی طرف سے ۔

Reversely *adv.* برعکس ۔ الٹا ۔ اوندھا ۔

Reverse (ri-vərs) *v.t.* Bring back, turn aside الٹنا ۔ پھیر دینا ۔ تہ و بالا کرنا ۔ معاملہ برعکس کر دینا ۔ پیچھے کرنا ۔ منسوخ کرنا ۔ رقص کا رخ مخالف سمت میں پھیر دینا ۔

Reversal *n.* الٹ پلٹ ۔ تبدیلی ۔ منسوخی ۔ استرداد ۔

Reversible *adj.* الٹ دینے کے لائق ۔ قابل منسوخی ۔

Reverse (ri-vərs) *n.* The contrary, the back ضد ۔ عکس ۔ الٹا رخ ۔ سکہ کا دوسرا رخ ۔ پشت ۔ شکست ۔ مصیبت ۔

Reversi (ri-vər-si) *n.* A board game ڈرافٹ کی طرح کا ایک کھیل ۔

Reversion (ri-vər-shən) *n.* Act of returning الٹا رخ ۔ واپسی ۔ حق عود ۔ کسی حق کا قابض دوم سے قابض اول کی طرف واپس ہونا ۔ حق وراثت اولیٰ ۔

Reversioner *n.* وارث مابعد ۔

Reversional } *adj.* عود کا ۔ مابعد کا ۔
Reversionary }

Revert (ri-vərt) *v.i., t.* & *n.* Turn back, reverse باز آنا ۔ پھیر دینا ۔ الٹا دینا ۔ راجع ہونا ۔ عود کرنا ۔ دوبارہ وحشیانہ زندگی اختیار کرنا ۔ چلتے چلتے واپس ہونا ۔ اپنے سابق مذہب کی طرف لوٹنا ۔ اصل مالک کے قبضہ میں آنا ۔ مراجعت ۔ واپسی ۔

Revertible (ri-vert-i-bl) *adj.* Reversible لوٹ آنے قابل ۔ قابل عود ۔ ایسی جائیداد جو اصل مالک یا اس کے ورثا کو واپس ملے ۔

Revet (ri-vet) *v.t.* Face with masonry دیوار کے سامنے پشتی بان تعمیر کرنا ۔

Revetment (ri-vet-ment) *n.* A retaining wall سہارے کی دیوار ۔ پشتہ ۔

Review (ri-vū) *n.* A viewing again, retrospect نظر ثانی ۔ تحقیقات مکرر ۔ باز بینی ۔ ملاحظہ ۔ معائنہ ۔ تبصرہ ۔ تنقید ۔

Review (ri-vū) *v.t. & i.* Look back, examine again نظرثانی کرنا ۔ معائنہ کرنا ۔ دوبارہ غور کرنا ۔ تحقیقات یا تنقیح کرنا ۔ فوج کا معائنہ کرنا ۔ کتاب پر تبصرہ یا تنقید کرنا ۔

Reviewer *n.* افسر معائنہ کنندہ ۔ نظر ثانی کرنے والا ۔ ناقد ۔ تبصرہ نگار ۔

Reviewable *adj.* تنقید کے قابل ۔ قابل تبصرہ ۔

Reviewal *n.* دوبارہ غور و خوض ۔ تنقید ۔ نظر ثانی ۔

Revile (re-vīl) *v.t. & i.* Assail with bitter abuse گالی دینا ۔ دشنام دینا ۔ برا بھلا کہنا ۔ ملامت کرنا ۔ سخت سست کہنا ۔

Reviler *n.* لعنت ملامت کرنے والا ۔ گالیاں بکنے والا ۔ بدزبانی کرنے والا ۔

Reviling *n.* بدزبانی ۔ دشنام ۔ گالی ۔

Revise (ri-vīz) *v.t. & n.* Review and amend دوبارہ جانچ پڑتال کرکے اصلاح کرنا ۔ دوبارہ غور کرنا ۔ تصحیح کرنا ۔ نظرثانی کیا ہوا فرمہ ۔ تصحیح کے بعد چھپا ہوا پروف ۔

Revisable *adj.* نظرثانی کے لائق ۔ قابل اصلاح ۔

Revisory / **Revisional** } *adj.* نظرثانی کے متعلق ۔ اصلاح کے بارے میں ۔

Revision, revisal *n.* ترمیم ۔ اصلاح مکرر ۔ نظرثانی ۔

Reviser *n.* نظرثانی کرنے والا ۔ اصلاح کرنے والا ۔

Revitalize (ri-vītəl-īz) *v.t.* Put new life دوبارہ جان ڈالنا ۔ تازہ قوت بخشنا ۔ دوبارہ روح پھونکنا ۔

Revival (ri-vīv-l) *n.* Recovery from depression اعادہ ۔ احیاء ۔ دوبارہ رواج پانا ۔ مذہبی عقیدت کا احیاء ۔ حیات نو ۔ تقویت ۔

Revivalism *n.* کسی قدیم عقیدہ کا احیاء ۔ مذہب کو زندہ کرنے کی تحریک ۔

Revivalist *n.* تجدید مذہب کا حامی ۔

Revive (ri-vīv) *v.t. & i.* Bring back to life دوبارہ زندہ کرنا ۔ جان ڈالنا ۔ پھر سے رائج کرنا ۔ سرسبز ہونا ۔ تجدید ہونا ۔ اصلی حالت پر آنا ۔

Revivable *adj.* رائج ہونے کے قابل ۔ قابل تجدید ۔ قابل احیاء ۔

Reviver (re-vīv-ər) *n.* One who, or that which revives احیاء کرنے والا ۔ مجدد ۔ مصلح ۔ تازگی بخش مشروب ۔ وہ مرکب جس سے اڑا ہوا رنگ تازہ ہو جائے ۔

Revivify (ri-viv-i-fi) *v.t.* Restore to life جلانا ۔ زندہ کرنا ۔ نئی جان ڈالنا ۔ اپنی اصلی حالت پر لانا ۔

Revivification *n.* تقویت ۔ بحالی ۔ تجدید ۔ احیاء ۔

Reviviscence (rev-i-vis-əns) *n.* Revival بحالی ۔ تازگی ۔

Reviviscent *adj.* Reviving دوبارہ زندگی پانے والا ۔ مفرح ۔ حیات بخش ۔

Revoke (ri-vōk) *v.t., i. & n.* Recall منسوخ کرنا ۔ رد کرنا ۔ باطل کرنا ۔ مسترد کرنا ۔ (تاش) رنگ کا پتہ ہوتے ہوئے بدرنگ پتہ ڈالنا ۔ منسوخی ۔

Revokable *adj.* قابل تردید ۔ قابل منسوخی ۔

Revocatory *adj.* منسوخ کرنے والا ۔ ناسخ ۔

Revocation *n.* تنسیخ ۔ استرداد ۔

Revolt (ri-vōlt) *v.i., t. & n.* Rise in opposition پھر جانا ۔ رو گردانی کرنا ۔ باغی ہو جانا ۔ منحرف ہونا ۔ برگشتہ ہونا ۔ غدر مچانا ۔ بیزار ہونا ۔ نفرت کرنا ۔ گھن آنا ۔ بغاوت ۔ سرکشی ۔ کراہت ۔ بیزاری ۔

Revolting *adj.* گھناؤنا ۔ نفرت انگیز ۔

Revolution (rev-əl-oo-shən) *n.* Movement in an orbit دوران ۔ گردش ۔ دوری حرکت ۔ گردش زمانہ ۔ انقلاب ۔ کایا پلٹ ۔ عرصہ ۔ زمانہ ۔ سیاسی انقلاب ۔

Revolute *v.i.* انقلاب برپا کرنا ۔

Revolutionize *v.t.* انقلاب لانا ۔ بالکل بدل دینا ۔

Revolutionism *n.* انقلابیت ۔ انقلاب پسندی ۔

Revolutionary (rev-əl-ōō-shən-ari) *adj. & n.* Favouring revolution انقلابی ۔ انقلاب لانے والا ۔ پرآشوب ۔ انقلاب انگیز ۔ گردشی ۔

Revolve (ri-volv) *v.t. & i.* Roll back, ponder گردش کرنا ـ چکر کھانا ـ طواف کرنا ـ دورہ کرنا ـ گردش دینا ـ کسی مسئلہ پر غور کرنا ـ سوچنا ـ سوچ کر حل نکالنا ـ

Revolver (ri-volv-ər) *n.* Pistol with a rotating magazine گھوم کر چلنے والا پستول ـ گڈے والا پستول ـ ریوالور ـ

Revue (ri-vū) *n.* A loose theatrical show ایک معمولی تمثیل ـ ایسا ناٹک جس میں حالات حاضرہ کا مذاق اڑایا جائے ـ

Revulsion (ri-vul-shən) *n.* Withdrawal, disgust کھینچ ـ کشش ـ احساس ـ تنفر ـ جذبات کا فوری تغیر ـ مرض کا ایک حصے سے دوسرے حصے میں انتقال ـ

Revulsize (ri-vul-sīz) *adj.* The medicine that shifts the disease ایسی دوا جو مرض کو اپنی جگہ سے ہٹا کر دوسری طرف لے جائے ـ

Reward (ri-wawrd) *v.t. & n.* That which is given in recognition of merit جزا دینا ـ صلہ دینا ـ انعام دینا ـ معاوضہ دینا ـ عوض ـ بدلہ ـ انعام ـ پاداش ـ صلہ ـ اجر ـ مکافات ـ پھل ـ

Reword (re-wurd) *v.t.* Repeat, echo دوسرے الفاظ میں بیان کرنا ـ مطلب واضح کرنا ـ

Rewrite (re-rīt) *v.t.* Write again دوبارہ لکھنا ـ دوبارہ ترتیب دینا ـ نظرثانی کرنا ـ الفاظ بدل کر لکھنا ـ انداز بدل کر لکھنا ـ نقل کرنا ـ

Reynard (ren-ärd) *n.* A fox لومڑی ـ بی لومڑی ـ

Rhabdomancy (rab-do-mansi) *n.* Divinition by rod جادو کی چھڑی کے ذریعے معلوم کرنا کہ کسی جگہ سطح زمین کے نیچے پانی ہے یا نہیں ـ

Rhapsodic (rap-sō-dik) *adj.* Of the nature of rhapsody رزمیہ ـ

Rhapsodize (rap-so-diz) *v.t. & i.* Piece together رزمیہ نظم پڑھنا ـ جوڑ لگانا ـ جوڑنا ـ جوش و خروش سے پڑھنا ـ

Rhapsodist (rap-so-dist) *n.* One who rhapsodises رجز خوان ـ رزمیہ نگار ـ

Rhapsody (rap-so-di) *n.* An epic or a piece of epic رزمیہ نظم یا اس کا ایک جز جو بہ یک وقت پڑھا جائے ـ پرجوش تقریر ـ ولولہ انگیز راگ یا نغمہ ـ

Rhetoric (ret-ər-ik) *n.* Theory of eloquence علم انشا ـ فن خطابت ـ خطیبانہ طرز ادا ـ مبالغہ آمیز تحریر یا تقریر ـ لسانی ـ

Rhetorical (ret-ər-i-kal) *adj.* Pertaining to rhetoric خطیبانہ ـ فصیح و بلیغ ـ پرجوش ـ ولولہ انگیز ـ

Rhetorician (ret-ər-i-shən) *n.* An orator فن خطابت کا معلم ـ خطیب ـ ماہر مقرر ـ

Rheum (rōōm) *n.* The rhubarb genus, a mucous discharge رطوبت جو جسم سے خارج ہوتے ہیں ـ آنسو ـ لعاب دھن ـ رطوبت نزلہ ـ

Rheumatic (rōō-ma-tik) *adj. & n.* Of the nature of rheumatism گٹھیا کا مریض ـ جوڑوں کے درد کا ـ وجع مفاصل کا ـ

Rheumatism (rōō-mə-tizm) *n.* Pain and stiffness of joints وجع مفاصل ـ گٹھیا ـ بائی ـ

Rheumy (rōōm-i) *adj.* Discharging پر از رطوبت ـ نزلے کا ـ

Rhino (ri-nō) *n.* Abbreviation of rhinoceros (بول چال) گینڈا ـ مال و زر ـ روپیہ پیسہ ـ

Rhinoceros (rino-se-reəs) *n.* A large African and S. Asian quadruped with one or two horns گینڈا ـ کرگدن ـ

Rhinocerotic *adj.* گینڈے جیسا ـ گینڈے کی طرح کا ـ

Rhodium (rōd-i-um) *n.* A metallic element پلاٹینم کی قسم کی ایک دھات ـ ایک خوشبودار لکڑی جو جزیرہ کناری میں پائی جاتی ہے ـ

Rhododendron (rōd-ō-den-drōn) *n.* A shrub of the heath family ایک قسم کی سدا بہار جھاڑی ـ

Rhomb (rom(b) *n.* Anything that whirls لوز کی شکل کی کوئی چیز ـ معین شکل ـ شش پہلو بلورہ جس کا ہر پہلو معین شکل کا ہو ـ

Rhombic *adj.* شش پہلو ـ لوزی ـ معین ـ

Rhombohedron (rom-bə-hed-ron) *n.* A parallelogram شش پہلو شکل ـ معین شکل کا بلورہ ـ

Rhomboidal (rom-bo-i-dal) *adj.* More or less like a rhomboid مشابہ بہ معین ۔ معین نما ۔

Rhombus (rom-bus) *n.* Like a rhomboid معین ۔ شکل معین ۔

Rhubarb (rōō-bārb) *n.* Any species of the genus Rheum ریوند چینی ۔

Rhumb (rūm) *n.* Any point of the compass دائرہ سمت نما ۔ جہاز کے راستے کا خط راست ۔ وہ خط جو طول البلد کے خطوط کو ایک ہی زاویہ پر قطع کرتا ہو ۔

Rhyme (rīm) *n.* Identity in sound تک ۔ قافیہ ۔ کلام موزوں ۔ قافیہ بندی ۔

Rhymeless *adj.* بے قافیہ ۔ غیر مقفیٰ ۔

Rhymelessness *n.* بے قافیہ ہونا ۔ غیر مقفیٰ ہونا ۔

Neither rhyme nor reason بے تکی چیز ۔

Rhyme (rīm) *v.i.* & *t.* Put into rhyme قافیہ لگانا ۔ مقفیٰ کرنا ۔ موزوں کرنا ۔ ہم آواز الفاظ لانا ۔ شاعری میں وقت ضائع کرنا ۔ قافیے تلاش کرنا ۔ تک بندی کرنا ۔

Rhymester, **Rhymer** *n.* تک بند ۔ قافیہ گو ۔ معمولی شاعر ۔

Rhymist *n.* تک بند ۔ قافیہ پیما ۔

Rhythm (ri-dhm) *n.* A regular recurrence وزن ۔ بحر ۔ تال ۔ روانی ۔ لے ۔ موزونیت ۔ ترنم ۔ واقعات کا تواتر ۔ قدرتی اعمال ۔

Rhythmic(al) *adj.* متناسب ۔ تال دار ۔ موزوں ۔ لے دار ۔

Rhythmist *n.* تناسب پسند ۔ لے دار ۔ موزوں طبع ۔

Riant (ri-ent) *adj.* Gay, laughing ۔ خندہ جبیں ۔ متبسم ۔ شگفتہ ۔

Rib (rib) *n.* & *v.t.* One of the bones that curve from the backbone پسلی ۔ پنجری ۔ بیوی ۔ زوجہ ۔ حوا ۔ حوا کی بیٹی ۔ پتے کی رگ ۔ پر کی ڈنڈی ۔ چھتری کی تیلی ۔ پہاڑ کا آگے نکلا ہوا حصہ ۔ ابھری ہوئی لکیر ۔ محرابدار چھت کی ڈاٹ ۔ جہاز کی خمدار لکڑی یا شہتیر ۔ روت کی تہہ ۔ ڈاٹ لگانا ۔ ابھری ہوئی لکیریں ڈالنا ۔ کھیت میں اس طرح ہل چلانا کہ نالیوں کے بیچ میں ابھری ہوئی زمین باقی رہے ۔

Ribbing *n.* چھتری کی تیلیاں ۔

Ribald (reb-əld) *n.* A menial of the lowest grade پاجی ۔ کمینہ ۔ لچا ۔ شہدا ۔ بے ادب ۔ مقدس چیزوں کو برا بھلا کہنے والا ۔

Ribaldry *n.* فحش کلامی ۔ مغلظات ۔ برا بھلا کہنا ۔ گالی گلوچ ۔ بے ادبی ۔ قابل احترام چیزوں کو برا بھلا کہنا ۔

Ribband (rib-ənd) *n.* Ribbon, strip لکڑی کی پٹیاں جو جہاز میں استعمال کی جاتی ہیں ۔

Ribbon (rib-ən) *n.* Material woven in narrow bands or strips ربن ۔ فیتہ ۔ کور ۔ ریشمی بیل ۔ اعزازی فیتہ ۔ دھجی ۔ لمبی پٹی (جمع) گھوڑے کی لگام ۔ باگ ۔ راس ۔ کسی شاہراہ کے کنارے مکانوں کا سلسلہ ۔ بیرون بلدیہ عمارات کی توسیع ۔

Ribes (rī-bēz) *n.* The black and red currant منقیٰ یا داخ کا پودا ۔

Rice (rīs) *n.* A grainy grass much grown in the tropics چاول ۔ برنج ۔ دھان ۔

Rice milk کھیر ۔ شیر برنج ۔

Rice water پیچھ ۔

Rich (rich) *adj.* Abounding, wealthy زرخیز ۔ ثمر آور ۔ متمول ۔ مالدار ۔ دولت مند ۔ سیر حاصل ۔ پرتکلف (دعوت) زرق برق (لباس) مرغن (کھانا) گہری اور روشن (آواز) دلچسپ ۔ پرتکلف ۔ قیمتی ۔ گراں بہا ۔ خوبصورت ۔ دلفریب ۔

Richness *n.* تونگری ۔ کثرت ۔ دلفریبی ۔

Riches (rich-iz) *n.* Wealth مال و متاع ۔ دولت ۔ سیم و زر ۔ مایا ۔ تمول ۔

Richly (rich-li) *adv.* Profusely بکثرت ۔ اچھی طرح سے ۔ از بس ۔

Rick (rik) *n.* & *v.t.* A heap, a stack تودہ ۔ انبار ۔ ذخیرہ ۔ انبار لگانا ۔ ذخیرہ کرنا ۔

Rick-barton *n.* ذخیرہ ۔ گنج ۔ انبار خانہ ۔

Rickets (rik-its) *n.* A disease of children بچوں کا ایک مرض ۔ سوکھے کی بیماری ۔ ہڈیوں کا نرم ہو جانا ۔

Ricketily *adv.* کمزوری سے ۔

Ricketiness *n.* ڈھیلا پن ۔ ضعف ۔ کمزوری ۔

Ricksha(w) (rik-sha) *n.* A two-wheeled light carriage دو پہیوں کی ہلکی گاڑی ۔ رکشا ۔

Rid (rid) *v.t.* & *i.* Free, deliver رہا کرنا ۔ آزاد کرنا ۔ خلاصی دینا ۔ چھٹکارا پانا ۔ نجات پانا ۔

Riddance *n.* نجات ۔ بریت ۔ چھٹکارا ۔ رہائی ۔

Riddle (rid-l) *v.t., i.* & *n.* Anything puzzling ۔ پہیلی ۔ چیستان ۔ معمہ ۔ پہیلی بجھانا ۔ معمہ حل کرنا ۔ پہیلی بوجھنا ۔

Riddle (rid-l) *n.* & *v.t.* A coarse sieve اناج کا بھوسہ الگ کرنے کی چھلنی ۔ چھلنا ۔ چھلنے میں چھاننا ۔ سوالات اور اعتراضات کی بوچھاڑ کرنا ۔ چھان بین کرنا ۔ ہندی کی چندی کرنا ۔

Ride (rīd) *v.t.* & *i.* Travel or cross on a horse back or any animal or conveyance چڑھنا ۔ سوار ہونا ۔ سواری کرنا ۔ گاڑی ، گھوڑے ، بائیسکل پر سوار ہونا ۔ پانی کی سطح پر تیرنا (سورج کا) تیرتا رہنا ۔ سر پر یا سینے پر سوار ہو جانا ۔ سختی سے حکومت کرنا ۔ سوار ہو کر نکلنا ۔ گھوڑے کی سواری کے لیے زمین کا اچھا یا برا ہونا ۔

Priest-ridden وہ جو پادری یا مولوی کے اشارے پر چلے ۔ ملا زدہ ۔

Ride and tie دو سواروں کا باری باری ایک گھوڑے پر سوار ہونا ۔

Ride for a fall بگٹٹ دوڑانا ۔ بے حد دلیری سے کام لینا ۔

Ride one's horse to death گھوڑے کو دوڑا دوڑا کر مار ڈالنا ۔ اپنے اصولوں پر حد سے زیادہ زور دینا ۔ لطیفہ گوئی کو طول دے کر بے لطف بنا دینا ۔

Ride out the storm کسی خطرے سے بچ کر نکل جانا ۔

Ride shanks mare پیدل چلنا ۔

Ridable *adj.* سواری کے قابل ۔

Rider (rīd-ər) *n.* One who rides or can ride راکب ۔ سوار ۔ گھڑ چڑھا ۔ بالائی تختہ ۔ تختہ یا لوہے کی چادر جو مضبوطی کے لیے جہاز میں لگائی جائے ۔ وہ پتھر جو دوسرے کو ہٹا کر اس کی جگہ پر بیٹھ جائے ۔ اضافہ ۔ زائد ۔ مزید اظہار رائے (ریاضی) آزمائشی یا مشقی سوال ۔ بالائی پرزہ ۔

Riderless *adj.* بے حفاظت کے تختہ کا (جہاز) بے سوار (گھوڑا) ۔

Ridge (rij) *v.t., i.* & *n.* The back, ground between furrows پشت ۔ پیٹھ ۔ ریڑھ ۔ ابھری ہوئی زمین ۔ پہاڑی ۔ ماہی پشت سطح ۔ ابھری ہوئی لکیر ۔ سمندر کی بلند موجیں ۔ موجیں اٹھنا ۔ منڈیر بنانا ۔ زمین کو اس طرح جوتنا کہ نالیوں کے ادھر ادھر ابھری ہوئی مٹی جمع ہو جائے ۔

Ridgy *adj.* ماہی پشت ۔ منڈیر والی ۔ ٹیلہ دار ۔

Ridicule (rid-i-kūl) *n.* & *v.t.* Mockery تضحیک ۔ ہنسی ۔ مضحکہ ۔ تمسخر ۔ تمسخر کرنا ۔ ہنسی اڑانا ۔ بنانا ۔

Ridiculous (rid-i-kūl-əs) *adj.* Exciting ridicule بے ہودہ ۔ نامعقول ۔ مضحکہ انگیز ۔ قابل تمسخر ۔

Ridiculousness *n.* تمسخر ۔ مضحکہ انگیزی ۔

Riding (rīd-ing) *n.* Mounting a horse, a track گھوڑے کی سواری ۔ سواری کا راستہ ۔ سواری ۔

Riding (rīd-ing) *adj.* Moving in بندرگاہ میں آنے والا ۔ سواری کا ۔

Riding master چابک سوار ۔ سواری سکھانے والا ۔

Rife (rīf) *adj.* Prevalent عالمگیر ۔ پھیلا ہوا ۔ غالب ۔ چھایا ہوا ۔ متعدی ۔ مروج ۔ بھرا ہوا ۔ مالا مال ۔

Riff-raff (rīf-raf) *n.* Rubbish تیل تنبولی ۔ نیچ ذات کے لوگ ۔ گنوار ۔ بھیڑ ۔ انبوہ ۔

Rifle (rīf-l) *v.t.* & *i.* Plunder, ransack لوٹ لینا ۔ چھین لینا ۔ صفایا کر دینا ۔ رائفل چلانا ۔ رائفل سے مارنا ۔ بندوق کی خار دار نالی بنانا ۔

Rifle (rīf-l) *n.* Grooved barrel gun خاردار یا چکر دار نالی والی بندوق ۔

Rift (rift) *n.* & *v.t.* A fissure درز ۔ شگاف ۔ چاک کرنا ۔ چیرنا پھاڑنا ۔

Little rift within the lute آغاز جنون ۔ خلل دماغ ۔

Riftless *adj.* بے شگاف ۔ بے درز ۔

Rifty *adj.* درز والی ۔ شگاف دار ۔ پھٹی ہوئی ۔

Rig (rig) *v.t., i.* & *n.* Fit with sails, equip لباس پہنانا ۔ بادبان لگانا ۔ آراستہ کرنا ۔ کیل کانٹے سے لیس کرنا ۔ ضروری سامان مہیا کرنا ۔ مستول وغیرہ لگانا ۔ عمارت کا ڈھانچہ کھڑا کر دینا ۔ سج دھج ۔ وضع قطع ۔ پوشاک ۔ لباس ۔

Rigging *n.* مستول - رسے - تختے وغیرہ - کشتی کا ساز و سامان -

Rig out آراستہ کرنا -

Run a rig داؤں لگانا - چال چلنا -

Run the rig upon ٹھٹھا کرنا - ہنسی اڑانا -

Rig (rig) *n.* & *v.t.* Prank, trick عیاری - مکاری - چالبازی - سٹا بٹا کرنا - عیاری سے کام نکلنا -

Rig the market چال بازی سے بھاؤ گھٹانا بڑھانا -

Rigadoon (ri-gə-dōōn) *n.* A lively dance ایک قسم کا تیز ناچ -

Rigescent (rig-e-sent) *adj.* Growing rigid or stiff اکڑا ہوا - اینٹھا ہوا - سخت -

Rigger (rig-ər) *n.* One who rigs ships جہاز کا سامان درست کرنے والا -

Right (rīt) *adj., v.t., i.* & *n.* Straight, direct سیدھا - راست - مستقیم - صادق - سچا - عادل - منصف - حقیقی - مناسب - معقول - واجب - جائز - لائق - ٹھیک - مطابق واقعہ - صحیح - درست - مفید - قابل اطمینان - صحیح الدماغ - عمدہ - سیدھا کرنا - ٹھیک جگہ پر لانا - شہرت یا عزت برقرار رکھنا - جائز قرار دینا - حق - جائز مطالبہ - داہنا - دایاں ہاتھ یا رخ - براہ راست - سیدھی طرح - آخر تک - بالکل - اچھی طرح - بجا طور پر - سیدھے ہاتھ کی طرف -

Right-about الٹی طرف - مخالف سمت میں -

Right-angled قائم الزاویہ -

Right-hearted نیک دل -

Right-down صاف صاف -

Right-off فوراً -

At all rights ہر طرف -

By right or rights واجباً - جوازاً - قانوناً -

Put to rights درست کرنا -

The right side جانب حق - مقام عزت -

On the right side of forty چالیس سال سے کم عمر کا -

Right and left چاروں طرف سے - ہر طرف سے -

That serves him right اچھا ہوا وہ اسی قابل تھا -

Right-minded *adj.* نیک - راست باز -

Rightable *adj.* قابل اصلاح -

Woman-righter مساوی حقوق نسواں کا حامی - عورتوں کی مساوات کا حامی -

Righteous (rī-ches) *adj.* Just, upright متقی - صالح - نیکو کار - راست باز - عادلانہ - منصفانہ - پارسائی کا - نیک کرداری کا -

Righteousness *n.* نیکو کاری - تقویٰ - پارسائی - ایمانداری -

Rightful (rīt-fl) *adj.* & *n.* Having a just claim مناسب - معقول - واجب - حقدار - حلال - شرعی - مستحق - جائز وارث یا مالک -

Rightfulness *n.* راست بازی - استحقاق - جواز - واجبیت -

Rightly (rīt-li) *adv.* According to justice درستی سے - انصاف سے - صدق و صفا سے - جائز طور پر - بجا طور پر -

Rigid (rij-id) *adj.* Stiff, unbending سخت - کرخت - کڑا - بے لوچ - سخت گیر - کٹھن - بلا رو رعایت -

Rigidity *n.* جبر - تشدد - درشتی - سختی - کڑاپن -

Rigidly *adv.* سخت گیری سے - بے مروتی سے - شدت سے - سختی سے -

Rigmarole (rig-mə-rōl) *n.* A long rambling discourse بے سروپا بات - لمبی چوڑی بے تکی تقریر - بے ربط لا یعنی بات -

Rigor (ri-gor) *n.* Sense of chilliness لرزہ - سردی - جاڑا -

Rigour (rig-ər) *n.* Stiffness کرختگی - سختی - کڑا پن - سخت گیری - اخلاق یا مذہبی تشدد - سخت محنت - زہد خشک - ریاضت -

Rigorism *n.* اخلاق یا مذہبی تشدد -

Rigorist *n.* زاہد خشک - تشدد پسند -

Rigorous *adj.* کٹھن - با مشقت - سخت - شدید -

Rigsdag (rigz-dāg) *n.* The parliament of Denmark ڈنمارک کی پارلیمنٹ -

Rile (rīl) *v.t.* Raise anger in غصہ دلانا - خفا کرنا - بر افروختہ کرنا -

Rill (ril) *n.* & *v.i.* A small brook نالہ - نہر - ندی - چشمے کی طرح ابلنا یا بہنا -

Rillet *n.* چھوٹی ندی - چھوٹا نالہ -

Rilletts-ettes (ril-ets) *n.* Preparation of minced ham, chicken and fat ایک کھانا جو سور کے گوشت ، مرغ اور چربی سے تیار کیا جاتا ہے ۔

Rim (rīm) *n.* The outermost circular part of a wheel پہیے کا بیرونی حلقہ ۔ کگر ۔ کنارہ ۔ گھیرا ۔

Rimless *adj.* بے حلقے کا ۔ بے کگر ۔ بے کور ۔

Rime (rīm) *n.* & *v.t.* Frozen dew پالا ۔ برف ۔ کہر ۔ پالا پڑنا ۔ کہر ہونا ۔

Rimy *adj.* برف سے اٹا ہوا ۔ کہر آلود ۔

Rind (rīnd) *v.t.* & *n.* Peel, crust چھلکا ۔ چھال ۔ پوست ۔ خول ۔ چھلکا اتارنا ۔ مقشر کرنا ۔

Rinderpest (rin-dər-pest) *n.* A malignant disease of cattle چوپایوں کی ایک متعدی اور وبائی بیماری ۔

Ring (ring) *n.,v.i.* & *t.* A circlet or small hoop چھلا ۔ انگوٹھی ۔ انگشتری ۔ کڑا ۔ کنڈا ۔ احاطہ ۔ گردا ۔ چوک ۔ طائفہ ۔ ٹولی ۔ منڈلی ۔ تاجروں یا سیاسوں کا حلقہ ۔ منڈلانا ۔ چکر کھانا ۔ چکر کھاتے ہوئے اڑنا ۔ حلقے میں لانا ۔ انگوٹھی یا چھلا پہنانا ۔ بیل کو نانتھنا ۔

Ring-carrier دلال ۔

Ring-dove فاختہ ۔ قمری ۔

Ring-streaked گول دھاری والا ۔

Ring-tail ایک قسم کی چڑیا ۔

Ring-finger چھنگلیا کے پاس کی انگلی جس میں انگوٹھی پہنتے ہیں ۔

Ring-leader کسی ٹولی کا سردار ۔ سرگروہ ۔ سرغنہ ۔

Ring-stand انگشتری دان ۔

Ring worm خارش ۔ داد کی بیماری ۔

Ring (ring) *v.i.,t.* & *n.* Give a metallic or bell-like sound بجنا ۔ گونجنا ۔ کھنکنا ۔ گھنٹی بجانا ۔ گھنٹہ بجا کر اعلان کرنا ۔ گھنٹے کی آواز ۔ جھنکار ۔

Ring at a door کھٹکھٹانا ۔ دستک دینا ۔

A ringing frost بڑے زور کا پالا ۔

Ring off گفتگو ختم کر دینا ۔ ٹیلیفون بند کر دینا ۔

Ring true or false سکہ کا کھرا یا کھوٹا ہونا ۔

Ring up ٹیلیفون پر باتیں کرنا ۔ ٹیلیفون پر بلانا ۔

Ringer (ring-ər) *n.* Quoit that falls round pin کوٹ کے کھیل میں وہ چھلا جو کیل میں لٹک جائے ۔ گھنٹی بجانے کا آلہ ۔ وہ لومڑی جو شکاری کتوں کے آگے چکر کاٹتی ہوئی بھاگے ۔

Ringlet (ring-let) *n.* A curl of hair بالوں کا حلقہ ۔ کاکل ۔ گھونگھر والے بال ۔ چھوٹا حلقہ ۔ چھلا ۔

Rink (rin-gk) *n.* & *v.t.* A course for tilting or racing اسکیٹنگ کرنے کا تختہ ۔ برف کا تختہ ۔ برف پر پھسلنا ۔ اسکیٹنگ کرنا ۔

Rinker *n.* اسکیٹنگ کرنے والا ۔

Rinse (rins) *v.t.* Wash lightly by dipping پانی میں دھونا ۔ پانی میں ڈال کر نکال لینا ۔ کھنگالنا ۔ شراب کے ساتھ کھانا ۔ حلق سے اتارنا ۔

Riot (ri-ət) *n.,v.t.* & *i.* Wild revelry غل غپاڑہ ۔ عیش و طرب ۔ عیاشی ۔ بدمستی ۔ شراب و کباب کا جلسہ ۔ دنگا ۔ بلوہ ۔ ہنگامہ ۔ ریل پیل ۔ دھما چوکڑی مچانا ۔ دنگا فساد کرنا ۔ عیاشی کی زندگی بسر کرنا ۔ دھوم مچانا ۔

Run riot بے روک ٹوک کوئی کام کرنا ۔ کھل کھیلنا ۔ شکاری کتوں کا اٹکل پچو دوڑنا ۔ زبان یا تخیل کا بے لگام ہو جانا ۔

Riotous *adj.* خر مست ۔ اوباش ۔ بد مستی کا ۔ عیاشانہ ۔

Riotousness
Riotry } عیش پرستی ۔ عیاشی ۔ اوباشی ۔ خر مستی ۔

Rioter *n.* خر مست ۔ اوباش ۔ بلوائی ۔ دنگا باز ۔

Rip (rip) *n.* An inferior horse تماش بین ۔ نکما مریل گھوڑا ۔

Rip (rip) *v.t.,i.* & *n.* Slash or tear open چاک کرنا ۔ چیرنا ۔ پھاڑنا ۔ ادھیڑنا ۔ چیر کر شگاف ڈالنا ۔ زخم تازہ کرنا ۔ پھر سے جھگڑا کھڑا کرنا ۔ گڑے مردے اکھاڑنا ۔ چھان بین کرنا ۔ ٹٹولنا ۔ ڈھونڈنا ۔

Rippingly *adv.* (بول چال) اعلیٰ درجہ کا ۔ خوب مزے سے ۔ پر لطف طور پر ۔

Rip (rip) *n.* Disturbed state of the sea سمندر میں تموج کی حالت ۔

Riparian (rī-pā-ri-ən) *adj.* & *n.* Of a river bank ساحلی ۔ ساحل کے متعلق ۔ ساحلی زمین کا مالک ۔

Ripe (rīp) *adj.* & *v.i.* Ready for harvest - پکا - پختہ - تیار - لائق - قابل - پختہ مغز - پکنا - پختہ ہونا -

Ripe beauty جوان سال عورت کی خوبصورتی - پختہ حسن -

Soon ripe soon rotten جو جلد جوان ہو اس کا انحطاط بھی شروع ہو جاتا ہے - جلدی پکنا جلدی سڑنا -

Ripen *v.t.* & *i.* پختہ ہونا - پکنا -

Ripenness *n.* پختہ کاری - پختگی -

Riposte (ri-pōst) *n.* & *v.t.* A quick return thrust of sword تلوار کا وہ ہاتھ جو فوراً جواب میں لگایا جائے - جوابی وار - جوابی وار کرنا - ترکی بہ ترکی جواب دینا -

Ripper (rip-ər) *n.* One who rips, a tool for ripping چیڑ پھاڑ کرنے والا - ادھیڑنے کا اوزار - اعلیٰ درجہ کی چیز - اعلیٰ درجے کا انسان -

Ripple (rip-l) *v.t.*, *i.* & *n.* A little wave لہر - ہلکی موج - ہلکورا - ہلکی موجیں پیدا کرنا - اتار چڑھاؤ کی آواز پیدا کرنا -

Ripple cloth ملائم اونی کپڑا -

Ripple (rip-l) *n.* & *v.t.* A toothed implement for removing seeds from hemp or flax سن صاف کرنے کا کنگھا - سن کے بیج صاف کرنا -

Ripplet *n.* ہلکی موج - چھوٹے چھوٹے ہلکورے -

Rip van Winkle (rip-van-vinkl) *n.* An old-fashioned man فرسودہ خیالات کا آدمی - دقیانوسی خیالات رکھنے والا -

Rise (rīz) *v.i.* & *t.* Get up, become hostile - اٹھنا کھڑا ہونا - چڑھنا - طلوع کرنا - بلند ہونا - منور کرنا - نمودار ہونا - ابھرنا - اٹھ بیٹھنا - بیدار ہونا - زندہ ہو جانا - شورش برپا ہونا - فساد کھڑا کرنا - بغاوت کرنا - پھولنا - سوجنا - آغاز ہونا - مہنگا ہونا - ترقی کرنا - عروج حاصل کرنا - اعلیٰ مرتبہ پر پہنچنا - جی اٹھنا - مجلس برخاست کرنا - اڑنا - پرواز کرنا - بلندی پر جانا - زیادہ ہونا - موقع کے مطابق ہمت کرنا - دریا کا نکلنا - (موسیقی) آواز کا چڑھنا -

Gorge rises غصہ آتا ہے - خون کھولتا ہے -

My whole soul rises against مجھ سے یہ برداشت نہیں ہوتا -

Rise above petty jealousies - تنگ ظرفی ترک کرنا - رشک و حسد سے بالا تر ہونا -

Rise to the occasion موقع پر جرأت دکھانا -

The rising generation نئی پود - نئی نسل -

Rise (rīz) *n.* Ascent, increase - منور - عروج - اٹھان - اضافہ - بلندی - اونچائی - ٹیلہ - پہاڑی - شروع - آغاز - ترقی - زیادتی - افزونی -

Risible (rīz-i-bl) *adj.* Inclined to laugh - ہنسنے والا - خندہ آور -

Risibility *n.* - ہنسنے کی صلاحیت - ہنسنے کی خاصیت

Rising (rīz-ing) *n.* A revolt, a swelling - اٹھنا - چڑھنا - بغاوت - شورش - ورم - نمود - طلوع -

Risk (risk) *n.* & *v.t.* Hazard, chance of loss or injury - خطرہ - خوف - جوکھم - خطرہ میں ڈالنا - خطرہ میں پڑنا - جی کڑا کرکے کوئی کام کر جانا -

Riskful *adj.* پر خطر -

Riskless *adj.* بے خطر -

Run a risk خطرے کا سامنا کرنا -

Take a risk نقصان اٹھانا - خطرے کا مقابلہ کرنا -

Risky (ris-ki) *adj.* Dangerous - نقصان رساں - پر خطر - خطرناک -

Riskiness *n.* خطرناک ہونا -

Risotto (ri-zot-tō) *n.* A dish of rice and onions and cheese - چاول ، پیاز اور پنیر کا ایک کھانا -

Risolle (ris-ōl) *n.* Fried ball or cake of minced food - مچھلی یا گوشت کا تلا ہوا کوفتہ - پسندہ -

Rite (rīt) *n.* A ceremonial form or observance رسم - ریت - طریقہ - دستور - سماجی یا دینی رسم -

Ritual (rit-ū-əl) *adj.* & *n.* Relating to a rite رسم یا ریت کے متعلق - رسمی - مذہبی - سماجی - آداب رسوم - ارکان عبادت - طریق ادائگی رسوم یا عبادت -

Ritually *adv.* - مذہبی رسوم کے لحاظ سے - رسمی طور پر

Ritualism *n.* رسمی عبادت کو اہم سمجھنا - ظاہری عبادت پر حد سے زیادہ زور دینا - رسوم پرستی -

Ritualist *n.* رسومات کا دلدادہ - رسومات پرست -

Rival (rī-vl) *n.*, *v.t.* & *i.* One who strives to excel another - رقیب - ہم چشم - حریف -

مد مقابل - دشمن - مد مقابل ہونا - رقیب ہونا -

Rivalry *n.* مقابلہ - ریس - لاگ ڈانٹ - رقابت -

Rive (rīv) *v.t. & i.* Tear asunder چیرنا - پھاڑنا - دو ٹکڑے کرنا - پھوٹنا - پھٹنا - چیرا جانا -

River *n.* لکڑیاں چیرنے والا - آرہ کش -

Rivel (riv-l) *v.t. & i.* Wrinkle جھری یا شکن ڈالنا - جھریاں پڑنا - سلوٹ پڑنا -

River (riv-ər) *n.* A large flowing stream of water دریا - ندی - رود - آب جو -

River craft چھوٹے دریائی جہاز -

River dragon گھڑیال - مگر مچھ -

River horse دریائی گھوڑا -

Riverain (riv-ar-ān) *adj. & n.* On the bank ساحل کا - دریا کے کنارے کا - ساحل پر رہنے والا شخص -

Riverine (riv-ər-īn) *adj.* Of the bank ساحلی - دریائی - لب دریا کا -

Rivet (riv-it) *n. & v.t.* A bolt fastened by hammering the end سیخ - کھونٹی - کیلا - سیخ گاڑنا - کیل ٹھونکنا - مضبوط کرنا - نظر جانا - محو کرنا -

Riviere (rē-vyer) *n.* A necklace of diamonds ست لڑا - جواہرات کا ہار -

Rivulet (riv-ū-lit) *n.* A small river نالہ - آب جو - چھوٹی ندی -

Roach (rōch) *n.* A silvery freshwater fish ایک قسم کی چمک دار مچھلی - محراب - قوس -

Sound as a roach بالکل تندرست - صحیح و سالم -

Road (rōd) *n.* A highway سڑک - راستہ - شاہراہ - شارع عام - کنارے کے قریب - جہازوں کی لنگر گاہ -

Road hog *n.* بے دھڑک گاڑی چلانے والا -

Road sense *n.* سڑک پر چلنے یا گاڑی چلانے کا شعور -

Roadway *n.* شاہراہ - راستہ - سڑک کا درمیانی حصہ -

Royal road to آسان طریقہ - سہل نسخہ -

Rule of the road جہازوں یا گاڑیوں کے گزرنے کے قواعد -

Road (rōd) *v.i.* Run of the hounds on scent شکاری کتوں کا بو پر جانا -

Roadster (rōd-ster) *n.* Ship at anchor in readstead لنگر گاہ میں لنگر انداز جہاز - سڑکوں کی سواری - گھوڑا - گاڑی -

Roam (rōm) *v.i., t. & n.* Ramble, wander over بے مقصد پھرنا - بھٹکتے پھرنا - سیر گشت کرنا - گھومنا - سیر کرنا - بے مقصد سیر و سیاحت - آوارگی -

Roan (rōn) *adj. & n.* Bay or dark ابلق - چتکبرا - سرخ بھورے رنگ کا گھوڑا -

Roan (rōn) *n.* Grained sheep-skin leather بھیڑ کی نرم کھال - نقل مراکو چمڑا -

Roar (rōr) *v.i., t. & n.* Make a full loud sound دھاڑنا - ڈکرانا - چنگھاڑنا - گرجنا - گونجنا - قہقہہ لگانا - پھولنا پھلنا - دھاڑ - گرج - گھوڑے کی ایک بیماری -

Set table in a roar ہنسا ہنسا کر پیٹ میں بل ڈالنا -

Roast (rōst) *v.t., i. & n.* Cook before a fire بھوننا - کباب لگانا - تپانا - گرم کرنا - سکوانا - چٹکی لینا - مذاق اڑانا - نمک مرچ لگانا - کباب - روسٹ - بھنا ہوا گوشت - ہنسی - دل لگی - مذاق -

Roaster (rōst-ər) *n.* Apparatus for roasting ٹٹی - سیخ - کبابیہ -

Rob (rob) *v.t.* Plunder, deprive چھیننا - زبردستی لے لینا - لوٹنا - لوٹ مار کرنا - قزاقی کرنا - ڈاکہ ڈالنا -

Robber *n.* رہزن - ڈاکو - قزاق -

Robbery *n.* رہزنی - سرقہ - چوری - ڈاکہ -

Robbing Peter to pay Paul زید کی پگڑی بکر کے سر -

Robe (rōb) *n., v.t. & i.* A loose outer garment جامہ - لبادہ - قبا - پوشاک - عورتوں کا گون - بچے کا اوورکوٹ - ڈھیلا جامہ - (جمع) خلعت فاخرہ - ملبوس کرنا - خلعت پہنانا -

Robe of honour خلعت -

Master of the robes داروغہ توشہ خانہ -

The robe or the long robe وکالت -

Robert (rob-ərt) *n.* Police constable (بول چال) کانسٹیبل -

Robin (rob-in) *n.* The red breast ایک چڑیا جس کا سینہ سرخ ہوتا ہے -

Robin Good-fellow (rob-in-gud-fel-o) *n.* A tricky English domestic spirit ایک شریر بھوت - ایک پری - گھریلو آسیب -

Robot (rō-bot) *n.* A mechanical man کل کا آدمی - مشینی آدمی -

Robust (rō-bust) *adj.* Stout, strong موٹا تازہ - تنومند - شہ زور - قوت کا - سجھ دار -

Robustness *n.* طاقت - مضبوطی - شہ زوری -

Robustious (rō-bust-yəs) *adj.* Robust شان و شوکت دکھانے والا - بڑبڑیا - نمودیا -

Rocambole (rok-əm-bōl) *n.* A plant like garlic ایک قسم کا لہسن - اسپین کا لہسن -

Rochet (rochit) *n.* A mantle پادریوں کا سیاہ لباس - جبہ -

Rock (rok) *n.* A natural mass of stone چٹان - پہاڑ - ٹیلہ - زمین کا پتھریلا طبقہ -

On the rocks (بول چال) فاقہ مست - تنگ حال -

Rock bottom (بول چال) پست ترین سطح -

Rockery *n.* قدرتی چٹانوں کا سلسلہ - مصنوعی ٹیلا جس پر پودے لگائے جائیں -

Rocklet *n.* چھوٹا ٹیلہ -

Rock garden *n.* مصنوعی چٹانوں میں لگا ہوا باغیچہ -

Rock pigeon جنگلی کبوتر -

Rock (rok) *n.* Rocking apparatus سوت کاتنے کا تکلا -

Rock (rok) *v.t., i.* & *n.* Sway, tilt from side to side ہلنا جلنا - ہلانا جلانا - جھولا جھلانا - جھونکے دینا - پینگ دینا - جھونک - جھولا - جھومنے کی حرکت -

Rocking chair *n.* جھولا کرسی -

Rocking horse *n.* آگے پیچھے ہلنے والا گھوڑا - لکڑی کا گھوڑا -

Rocker (rok-ər) *n.* One who or apparatus that rocks ہنڈولا - پالنا - جھولے کا کڑا - جھولنے والا - سونا کھودنے والوں کا جھولا -

Off one's rocker (بول چال) پاگل - مجنوں - خبطی -

Rocket (rok-it) *n.* A cylinder full of inflammable material ہوائی - بان - ایٹمی راکٹ - پودوں کی ایک قسم -

Rocket (rok-it) *n., v.t.* & *i.* Apparatus for propulsion ہوائی - جو ہری ہوائی - دھکا دے کر اوپر اٹھانے والی ہوائی - حد نگاہ - ہوائی چھوڑنا - جو ہری ہوائی سے کسی چیز کو بلندی پر پہنچانا - کسی چیز کا تیزی سے اوپر اڑنا -

Rocky (rok-i) *adj.* Rock like چٹان دار - پتھریلا - پتھر کی طرح کا - سنگلاخ - چٹانوں سے بھرا ہوا - ہلتا ہوا - متزلزل -

Rockiness *n.* مضبوطی - سختی - پتھریلا پن -

Rococo (rok-o-ko) *adj.* & *n.* A debased style of architecture پرانی طرز کی بھدی عمارت - بھدا فرنیچر - پرانی طرز کی عمارت - بھدی آرائشی چیز -

Rod (rod) *n.* A long slender stick قمچی - چھڑی - ہنسی - ڈالی - پتلی لکڑی - مچھلی پکڑنے کی چھڑی - عصا - عصائے حکومت - اختیار - جریب - زمین ناپنے کی لکڑی - پتلی سلاخ - لوہے کی ڈنڈی -

Make a rod for one's own back } اپنے لیے خود ہی مصیبت پیدا کرنا -

Rodlet *n.* بید - قمچی -

To kiss the rod سزا قبول کرنا -

Rodent (rō-dənt) *adj.* & *n.* Gnawing کھودنے والا - کترنے والا - گوشت خور پھوڑا -

Rodential *adj.* کترنے والا - کھودنے والا -

Rodomontade (rod-ō-mon-tad) *n.* Extravagant boasting لاف زنی - شیخی -

Rodomontader *n.* لاف زن - ڈینگیا - شیخی خورا -

Roe (rō) *n.* A small deer چھوٹا ہرن - چکارا -

Roe buck - مچھلی کے انڈوں کا گچھا - کالویٹ - نر چکارا -

Rogation (rō-gā-shən) *n.* Supplication التماس - استدعا - مناجات - دعا -

Rogation week وہ ہفتہ جس میں عیسائی پیر ، منگل اور بدھ کو روزہ رکھتے ہیں -

Rogue (rōg) *n.* A vagrant, rascal لچا - لفنگا - شہدا - آوارہ - بد معاش - دغا باز - شیطان - سرکش جانور - بد مست ہاتھی -

Sally (sal-i) *n.* The wife of the apostle Abraham حضرت ابراہیم کی بیوی سارا ۔ ہلکا میٹھا کیک جو چائے کے ساتھ گرم گرم کھلایا جاتا ہے ۔

Salmagundi (sal-mə-gun-di) *n.* A dish of minced meat, eggs, pepper, etc. ایک سالن جو قیمہ ، انڈے ، گرم مسالہ ، پیاز ملا کر پکایا جاتا ہے ۔ مختلف مزاحیہ مضامین کا مجموعہ ۔ کشکول ۔

Salmi (sal-mi) *n.* A ragout specially of game شکار کئے ہوئے جانور کا گوشت جو مسالے لگا کر پکایا گیا ہو ۔

Salmon (sam-ən) *n.* A large, highly esteemed fish سامن مچھلی ۔

Salmon trout شمالی یورپ کی سامن نما مچھلی ۔

Salmonoid *n.* نارنگی کے رنگ کی مچھلی ۔ سامن کے رنگ کی مچھلی ۔

Salomonic (sa-lo-mō-nik) *adj.* Of Solomon سلیمانی ۔

Salon (sal-on) *n.* A drawing room ملاقات کا کمرہ ۔

Saloon (sə-lōōn) *n.* Spacious hall for reception دیوان خانہ ۔ بیٹھک ۔ ہوٹلوں وغیرہ کا بڑا کمرہ ۔ جہاز میں اول درجے کے مسافروں کا کمرہ ۔ (امریکہ) شراب خانہ ۔ انگلستان کی سرائے کا اعلیٰ درجہ کا شراب پینے کا کمرہ ۔

Saloon bar شراب خانہ ۔

Saloon car گاڑی کا آرام دہ آراستہ ڈبہ ۔

Saloon deck اول درجے کے مسافروں کا جہاز کا عرشہ ۔

Saloon keeper شراب فروش ۔ شراب کی دوکان کا مالک ۔

Saloop (sə-loop) *n.* A drink made from salep ثعلب مصری کا شربت ۔

Salop (sə-lop) *n.* دیکھو Salep

Salt (sawlt) *n., adj. & v.t.* Chloride of sodium نمک ۔ لون ۔ مزہ ۔ لذت ۔ جنسی خواہش ۔ تیزی ۔ تندی ۔ نکتہ ۔ ظرافت ۔ چٹکلہ ۔ کھاری ۔ شور ۔ نمکین ۔ چٹپٹا ۔ غیر مہذب ۔ نا شائستہ ۔ نمک لگانا ۔ نمک چھڑکنا ۔ نمک مرچ ملانا ۔ نمک بنانا ۔

Above the salt ذی حیثیت آدمی ۔ اعلیٰ درجے کا ۔

Any one worth his salt رکھنے کے قابل ۔ لائق ۔ اہل ۔

Below the salt ادنیٰ درجہ کا ۔

He is not worth his salt وہ رکھنے کے قابل نہیں ہے ۔ وہ ناکارہ ہے ۔

Salted person وہ جس پر آب و ہوا کا اثر نہ ہو ۔

Take with a grain of salt پورا پورا یقین نہ کر لو ۔

Talk full of salt لطیفہ آمیز گفتگو ۔ چٹپٹی باتیں ۔

True to his salt نمک حلال ۔

Saltless *adj.* بے مزہ ۔ بے نمک ۔

Saltish *adj.* کسی قدر نمکین ۔ سلونا ۔

Saltant (sawl-tənt) *adj.* Leaping, dancing کودتا ہوا ۔ ناچتا ہوا ۔ رقصاں ۔

Saltation (sawl-ta-shən) *n.* A leaping or jumping چوکڑی ۔ جست ۔ اچھل کود ۔

Salter (sawl-tər) *n.* One who makes or deals in salt نمک ساز ۔ نمک فروش ۔ نمک کا تاجر ۔ نمک کے کارخانے کا مزدور ۔

Dry salter *n.* تیل ، اچار ، چٹنی ، نمک ، مرچ بیچنے والا ۔

Saltern (sawlt-ern) *n.* Salt-works, pools for getting salt by evaporation نمک بنانے کے گڑھے ۔ نمک کا کارخانہ ۔ نمک بنانے کی جگہ ۔

Saltigrade (sal-ti-grād) *adj.* & *n.* Going by leaps کودنے والی مکڑی ۔ کودتا ہوا ۔ اچھلتا ۔

Saltimbanco (sal-tim-bank-o) *n.* A quack اشتہاری طبیب ۔ شیخی باز ۔ عطائی ۔ نیم حکیم ۔

Saltpetre (sawlt-pē-tər) *n.* Potassium nitrate شورہ ۔

Saltus (sal-təs) *n.* Jump to conclusion فوری طور پر نتیجہ نکالنا ۔ یکایک تبدیلی ۔

Salubrious (sə-l(y)ōō-bri-əs) *adj.* Health giving خوش گوار ۔ فرحت افزا ۔ صحت بخش ۔

Salubriously *adv.* صحت بخش طریقہ سے ۔ خوش گوار طور پر ۔

Salubrity *n.* صحت آوری ۔ فرحت بخشی ۔ خوش گواری ۔

Saluki (sə-lōō-kē) *n.* Persian or Arabian greyhound تازی نسل کا کتا ۔

Salutary (sal-u-tər-i) *adj.* Wholesome صحت بخش ۔ مفید ۔ فائدہ مند ۔

Salutation (sel-u-ta-shən) *n.* Act of greeting صاحب سلامت ۔ تسلیم ۔ آداب ۔ سلام کرنا ۔

Salutational } *adj.* آداب ملاقات کے متعلق ۔
Salutatory } صاحب سلامت کی بابت ۔

Salute (səl(y)ōōt) *v.t.*, *i.* & *n.* Greet with words or gesture سلام کرنا ۔ آداب بجا لانا ۔ سلامی دینا ۔ سلامی اتارنا ۔ سلامی بوسہ لینا یا دینا ۔ استقبال کرنا ۔ سلام ۔ آداب ۔ تسلیم ۔ کورنش ۔

Salutiferous (səl-u-ti-fe-rəs) *adj.* Conducive to health صحت آور ۔ شفا بخش ۔

Salvage (sal-vij) *v.t.* & *n.* Rescue of property from fire or water ڈوبتے ہوئے جہاز کا مال نکال لینا ۔ جلتے ہوئے مکان سے سامان نکالنا ۔ بچانا ۔ آگ یا پانی سے نکالا ہوا سامان ۔

Salvage money زر رست گاری ۔ ڈوبتے ہوئے مال کے بچانے کا معاوضہ ۔

Salvation (salv-a-shən) *n.* Act of preservation, saving بچاؤ ۔ نجات ۔ رستگاری ۔ مکتی ۔ حفاظت ۔

Find salvation طریق نجات دریافت کرنا ۔ نجات حاصل کرنا ۔

Salvationism *n.* یہ عقیدہ کہ حضرت مسیح نے سب کے گناہوں کا کفارہ ادا کر دیا ۔ کفارہ مسیح کا عقیدہ ۔

Salvationist *n.* کفارہ مسیح کا عقیدہ رکھنے والا ۔

Salve (salv) *n.* & *v.t.* Any thing soothing مرہم ۔ لیپ ۔ سکون بخش دوا ۔ تسکین بخشنا ۔ توجیہہ و تشریح کرنا ۔ محفوظ کرنا ۔ بات بنانا ۔ آگ اور پانی سے نکال لانا ۔

Lip salve چاپلوسی ۔ خوشامد ۔

Salvable *adj.* جو آگ یا پانی سے بچایا جا سکے ۔

Salve (salv) *n.* A greeting روسی کلیسا کا ایک مذہبی گیت ۔

Salver (sal-vər) *n.* A tray طباق ۔ کشتی ۔ لکڑی یا دھات کی کشتی جس پر کوئی چیز رکھ کر پیش کرتے ہیں ۔

Salvo (sal-vō) *n.* A reservation قید ۔ شرط ۔ استثنا ۔ بچاؤ ۔ ٹال مٹول ۔

Salvor (sal-vər) *n.* One who salvages ڈوبے ہوئے مال کو نکالنے والا ۔

Samaritan (sə-mar-i-tən) *adj.* & *n.* A native of Samaria, adherent of the religion of Samaria سامری شہر کا باشندہ ۔ سامری مذہب کا پیرو ۔

Samaritanism *n.* کریم النفسی ۔ ساحری ۔ سامریت ۔

Sambo (sambo) *n.* Offspring of an American Indian and a negro دوغلا ۔ امریکی انڈین اور حبشی نسل کا ۔

Sam Browne (sam-brown) *n.* A military officer's belt with shoulder strap فوجی افسر کی پیٹی اور شانہ کا تسمہ ۔

Sambur (sam-ber) *n.* A big antelope شاخ دار سینگوں والا ہرن ۔ سانبر ۔

Same (sām) *adj.* Identical وہی ۔ یکساں ۔ ویسا ہی ۔ ہو بہو ۔ ملتا جلتا ۔

At the same time تاہم ۔

It is all the same to me میرے لیے یہ سب برابر ہے ۔

Samian (sa-mi-ən) *n.* & *adj.* Of the island of Samos ساموسی ۔ ساموس (سمرنا) کے جزیرہ کا باشندہ ۔

Samisen (sam-i-sən) *n.* A Japanese guitar جاپانی ستار ۔ جاپانی الغوزہ ۔

Samite (sam-it) *n.* Rich medieval fabric of silk قرون وسطیٰ کا ایک ریشمی کپڑا ۔

Samlet (sam-lit) *n.* A young salmon سامن مچھلی کا بچہ ۔

Samovar (sam-o-var) *n.* A Russian tea-urn چائے بنانے کا روسی بھبکا ۔ سماوار ۔

Samoyed (samo-yed) *n.* One of a Ugrian people of N.W. Siberia سائبیریا کی اگری قوم کا رکن ۔ سامویائی زبان ۔ قطب شمالی کے کتوں کی ایک نسل ۔

Sampan (sam-pan) *n.* A Chinese boat ایک چینی کشتی ۔

Samphire (sam-fīr) *n.* A plant growing on sea cliffs ایک پودا جو سمندری چٹانوں پر اگتا ہے اور اس کی پتیاں اچار وغیرہ میں ڈالی جاتی ہیں ۔

Sample (sam-pl) *n.* & *v.t.* A specimen نمونہ ۔ مثال ۔ نظیر ۔ نمونہ دکھانا ۔ جانچنا ۔

Sampler *n.* نمونہ دیکھنے والا ۔ نمونے چھانٹنے والا ۔ نمونے پرکھنے والا ۔

Sampler (samp-lər) *n.* A test piece of embroidery سوزن کاری کا بہترین نمونہ جو دیوار پر لگا دیتے ہیں ۔ جنگل کا ایک درخت جو جنگل کاٹتے وقت چھوڑ دیا جائے ۔

Sanable (san-əbl) *adj.* Curable قابل علاج ۔

Sanad (san-ad) *n.* A charter, a certificate سند ۔ منشور ۔

Sanative-tory (san-ə-tiv) *adj.* Healing صحت آور ۔ شفا بخش ۔ جسمانی اور اخلاقی صحت کے متعلق ۔

Sanatorium (san-ə-tor-i-um) *n.* A health station دارالصحت ۔ صحت افزا مقام ۔

Sanatory (san-a-təri) *adj.* Healing, of healing شفا بخش ۔ درستی صحت کے متعلق ۔

Sanbenito (san-be-nē-tō) *n.* A garment worn by inquisition victim لباس توبہ ۔ یہ لباس ان کو پہنایا جاتا تھا جو ہسپانوی احتساب سے ڈر کر اپنے عقائد سے توبہ کر لیتے تھے ۔ جو تائب نہ ہوتے تھے ان کو اسی قسم کا لباس پہنا کر جلایا جاتا تھا ۔

Sanctify (sang(k)ti-fi) *v.t.* Declare as holy پاک کرنا ۔ مقدس قرار دینا ۔ جواز کا فتویٰ دینا ۔

Sanctification *n.* پاک قرار دینا ۔ تطہیر ۔ تقدیس ۔

Sanctimonious (sang(k)ti-mo-ni-əs) *adj.* Holy پاک ۔ متبرک ۔ متقی ۔ مقدس ۔ ریاکار ۔

Sanctimoniously *adv.* متقیانہ ۔ درویشانہ ۔ تقوے کے اظہار کے ساتھ ۔

Sanctimony (sang(k)ti-mən-i) *n.* Holiness, affected piety زہد ۔ تقویٰ ۔ پارسائی ۔ ریاکاری ۔

Sanction (sang(k)shən) *v.t.* & *n.* Motive for obedience to a moral law قانون ۔ قاعدہ ۔ اخلاق ۔ نصب العین ۔ اخلاقی دباؤ ۔ تصدیق ۔ توثیق ۔ اجازت ۔ کسی ریاست پر روکیں عائد کرنا ۔ اجازت دینا ۔ سزا مقرر کرنا ۔

Sanctitude (sang(k)ti-tud) *n.* Saintliness پاکبازی ۔ بزرگی ۔ تقدس ۔

Sanctity (sang(k)ti-ti) *n.* Quality of being sacred صفائی ۔ تقدس ۔ پاکی ۔ بزرگی ۔

Odour of sanctity بزرگی کا چرچا ۔ نیکی کی شہرت ۔ تقدس کی مہک ۔

Sanctuary (sang(k)tū-ər-i) *n.* A holy place عبادت گاہ ۔ معبد ۔ درگاہ ۔ جائے امن ۔

Sanctum (sang(k)tum) *n.* A sacred place حرم ۔ خلوت کدہ ۔ مقدس مقام ۔ عبادت خانہ ۔

Sand (sand) *v.t.* & *n.* A mass of rounded grains of rock ریت ۔ ریت کے تودے ۔ ریگ ۔ ریت ۔ بالو ۔ (امریکی بول چال) ثابت قدمی ۔ ریت ڈالنا ۔ ریتی سے بھرنا ۔ ریت میں دفن کرنا ۔ مضبوط کرنا ۔ حملہ روکنا ۔ ریت کے تھیلوں کی روک کھڑی کرنا ۔

Sand-drift بالو کا ڈھیر ۔

Sand-glass ریت گھڑی ۔

Sand-grouse بھٹ تیتر ۔

Sand-hill ریت کا ٹیلہ ۔

Sand-paper ریگ مال ۔

Sand-stone بھربھرا پتھر ۔

Sand-piper ایک چڑیا ۔

Built on sand جس کی بنیاد ریت پر ہو ۔ کمزور ۔ ناپائدار ۔

Plough the sands لاحاصل کام کرنا ۔ ریت میں ہل چلانا ۔

Rope of sand ناپائدار - کمزور - ڈھول کی رسی -
Sand-bank ریت کا ٹیلہ - ریت کا ڈھیر -
Sand-shoes ریت کا جھکڑ -
The sands are running out وقت گزر رہا ہے -

Sandal (san-dl) *v.t.* & *n.* A sole with straps - چپل چپل پہننا -

Sandal(wood) (san-dl) *n.* A fragrant wood - صندل چندن کی لکڑی -

Sandarac (san-dər-ak) *n.* A resin of a Moroccan tree مراکش کے ایک درخت کا گوند -

Sandblind (sand-blīnd) *adj.* Half blind - بھینگا کج بین - کم نظر - کوتاہ بین -

Sanders (san-dərz) *n.* Sandalwood - سرخ صندل سرخ چندن -

Sandhurst (sand-hurst) *n.* Military College of England انگلستان کا فوجی مدرسہ -

Sandwich (san(d)wij) *v.t.* & *n.* Any kind of food between slices of bread روٹی کے دو ٹکڑے جنکے بیچ میں گوشت ، انڈا یا سبزی رکھی جائے - ٹھونسنا - سینڈوچ بنانا - دو رخا کام - مخلوط کھانا -

Sandwich boy *n.* اشتہاری لڑکا جس کے سینے اور پیٹھ پر اشتہار چپکا ہو -

Sandy (sand-i) *adj.* Of sand ریتلا - ریت کا - بالو کے رنگ کا - مٹیالا - زردی مائل -

Sandiness *n.* - کرکرا پن - زردی مائل سرخی - ریتلا پن - مٹیالا پن -

Sandyish *adj.* - کرکرا - ریت کے رنگ کا - ریت سا - بالو کی مانند -

Sandy (sand-i) *n.* Native of Scotland (تحقیر) اسکاٹلینڈ کا باشندہ -

Sane (sān) *adj.* Rational, sound in mind صحیح الدماغ - سمجھدار - دانا - عاقل - معقول - معتدل -

Sangaree (sang-gə-ri) *n.* West Indian drink of wine - ایک مشروب جو شراب اور مسالے سے بنتا ہے -

Sang-froid (sang-frwd) *n.* Coolness, self possession خاطر جمعی - سکون - دلی جمعی -

Sangrail-real (sang-grəl) *n.* The holy grail وہ پیالہ جس میں حضرت عیسیٰ کے صلیب پر چڑھانے کے بعد ان کا خون لیا گیا - مقدس خون - حضرت عیسیٰ کے آخری طعام کا پیالہ -

Sanguification (san-gwif-i-kā-shən) *n.* Blood-making - خون کی تولید - غذا کے خون بننے کا عمل -

Sanguinary (sang-gwin-ə-ri) *adj.* Bloody - خون کا لہو کا - خونخوار - سفاک - سخت قانون - معمولی جرائم پر سزائے موت دینے والا -

Sanguinarily *adv.* - استبدادی - ظالمانہ طور پر - جابرانہ -
Sanguinariness *n.* خونخواری - سفاکی -

Sanguine (sang-gwin) *adj.* & *v.t.* Of blood - سرخ لال - خون کے رنگ کا - کثیرالدم - جس کے جسم میں بہت خون ہو - سرگرم - جوشیلا - زندہ دل - مضبوط - پختہ - پکا - سرخ رنگ دینا - سرخ تصویر -

Sanguinely *adv.* شوق سے - سرگرمی سے -
Sanguineness *n.* سرخی - لالی - سرگرمی - جوش - ذوق و شوق - حرارت -
Sanguineous *adj.* - دموی - خون کا - گہرے لال رنگ کا -

Sanhedrim (san-i-drim) *n.* A Jewish council یہودیوں کی صدر مجلس -

Sanies (sā-ni-ēz) *n.* A thin discharge from wounds زخم سے رستا ہوا پانی -

Sanify (san-i-fī) *v.t.* Make healthy - تندرست کرنا اچھا کرنا - صفائی کرنا -

Sanitary (san-i-tər-i) *adj.* Pertaining to health حفظان صحت کے متعلق - صفائی کے متعلق -

Sanitary towel - ایام حیض میں استعمال کا تولیہ یا گدی -
Sanitarian *n.* محکمہ صفائی کا رکن - ماہر حفظان صحت -
Sanitarily *adv.* حفظان صحت کے روسے - صحت و صفائی کے پیش نظر -
Sanitarist *n.* جو صحت و صفائی کا سرگرم حامی ہو -

Sanitation (san-i-ta-shən) *n.* Drainage and sewage disposal گندہ پانی اور غلاظت کو دور لے جانے کے نل اور نالیاں - صحت و صفائی -

Sanitationist *n.* حفظان صحت کے اصولوں کا پابند - صحت و صفائی پسند -
Sanitate *v.t.* - حفظان صحت کے قواعد کی پابندی کرنا - صفائی رکھنا -

Sanity (san-i-ti) *n.* Soundness of mind, health ثبات عقل ۔ قیام ہوش و حواس ۔ صحیح الحواس ہونا ۔

Sans (sans) *prep.* Without بغیر ۔ بدون ۔ بجز ۔ بن ۔ بلا ۔

Sans ceremonie بلا تکلف ۔

Sans souci بے فکری ۔

Santa Claus (san-ta-klawz) *n.* A fat rosy old fellow who brings Christmas gifts for children ایک فرضی ضعیف شخص جس کے متعلق یہ خیال ہے کہ بڑے دن پر بچوں کے لیے تحفے لاتا ہے ۔

Santon (san-ton) *n.* An Eastern durvesh درویش فقیر ۔ ولی ۔ خدا رسیدہ ۔

Santonica (san-ton-i-kä) *n.* Dried flower heads of a wormwood سنتونیکا ۔ ناگدون ۔ ایک درخت کے خشک پھول ۔

Santonin (san-to-nin) *n.* ناگدون کاست ۔ سنتونیکا کا عرق ۔

Saorstat Eireann (sayor-stath-ar-an) *n.* Republic of Ireland جمہوریہ آئرستان ۔

Sap (sap) *n.* & *v.t.* Vital juice, juice دودھ ۔ شیر ۔ رس ۔ عرق ۔ جوہر ۔ چھال ۔ لکڑی ۔ خام لکڑی ۔ جان نکال لینا ۔ رس یا عرق نکال لینا ۔ کمزور کر دینا ۔ چھال نکال لینا ۔

The sap of youth جوانی کا پانی ۔ جوہر شباب ۔

Sapful *adj.* رسیلا ۔ رس بھرا ۔ رس دار ۔

Sapless *adj.* سوکھا ۔ خشک ۔ بے رس ۔

Sappy *adj.* رسیلا ۔ عرق دار ۔

Sappiness *n.* سرسبزی ۔ شادابی ۔

Sap (sap) *n.,v.t.* & *i.* A trench by which approach is made to a hostile position محصور مقام پر پہنچنے کا راستہ ۔ کسی عقیدہ کا استیصال ۔ بیخ کنی کرنا ۔ نقب لگانا ۔ بنیاد کھو کھلی کرنا ۔ آہستہ آہستہ تباہ کرنا ۔ منہدم کرنا ۔

Her health was sapped by damp climate } مرطوب آب و ہوا نے اس کی صحت برباد کر دی ۔

Science is sapping old beliefs سائنس پرانے اعتقادات کو ختم کر رہی ہے ۔

Sap (sap) *v.i.* & *n.* Proceed insidiously جان توڑ محنت کرنا ۔ صبر آزما کام ۔ محنتی ہونا ۔ شدید محنت ۔

It is such a sap / It is too much sap } یہ کام بڑا محنت طلب ہے ۔

Sapajou (sap-ə-jōō) *n.* A capuchin monkey جنوبی امریکہ کا پالتو بندر ۔

Sapid (sap-id) *adj.* Well-tasted لذیذ ۔ خوش ذائقہ ۔ مزیدار ۔

Sapidity *n.* سواد ۔ ذائقہ ۔ لذت ۔ مزہ ۔

Sapient (sā-pi-ənt) *adj.* Discerning لال بجھکڑ ۔ واقف کار ۔ دانشمند ۔

Sapiently *adv.* دانائی سے ۔ عقلمندی سے ۔

Sapience *n.* قوت امتیاز ۔ شعور ۔ عقل ۔

Sapiential (sā-pi-ən-tiel) *adj,* Discriminating امتیاز کرنے والا ۔ عقلمندی کا ۔ دانائی کا ۔

Sapling (sap-ling) *n.* A young tree چھوٹا پودا ۔ نونہال ۔ نو خیز ۔ نا تجربہ کار نوجوان ۔ ایک سالہ تازی کتا ۔

Saponaceous (sap-ə-na-shəs) *adj.* Soapy صابون کی خاصیت کا ۔ صابون کی صفت کا ۔ صابونی ۔

Saponify (sap-ə-ni-fī) *v.t.* & *i.* Convert into soap صابون بنا نا ۔

Saponification *n.* صابون سازی ۔

Saponifiable *adj.* صابون سازی کے قابل ۔

Sapor (sap-ər) *n.* Taste مزہ ۔ ذائقہ ۔

Sapper (sap-er) *n.* One who draws sap رس چوسنے والا ۔ عرق نکالنے والا ۔ سفر مینا کا سپاہی ۔ فوج کے شعبہ انجینرنگ کا رکن ۔ محنتی ۔ رٹنے والا ۔

Sapphic (saf-ik) *adj.* Of a great Greek poetess Sappho سیفو یا اس کی ایجاد کردہ بحروں کے متعلق ۔

Sapphire (saf-īr) *n.* A brilliant precious stone نیلم ۔ یاقوت ۔ کابود ۔ ایک قسم کا شکر خورہ ۔

Sapphiriene *adj.* نیلگوں ۔ نیلمی ۔ یاقوتی ۔

Sar (sar) *n.* A fish of sweet water سور ۔ میٹھے پانی کی ایک مچھلی ۔

Saraband (sar-ə-band) *n.* A slow Spanish dance ہسپانیہ کا ایک ناچ ۔

Saratoga (sar-ə-tō-gä) *n.* A large travelling trunk بڑا سفری صندوق ۔

Sarcasm (sar-kazm) *n.* A satirical remark طنز ۔ تعریض ۔ رمز-کنایہ ۔ چبھتی ہوئی بات ۔ جلی کٹی بات ۔

Sarcastic *adj.* تعریضی ۔ طنز آمیز ۔ طنزیہ ۔
Sarcastically *adv.* طنز کے طور پر ۔
Sarcast (sar-kast) *n.* Maker for ironical remarks طنز کرنے والا ۔
Saracen (sar-ə-sen) *n.* A Syrian or Arab nomad عرب کے خانہ بدوش ۔ عرب ۔
Saracenic (sar-ə-sən-ik) *adj.* Of Mohammedan design اسلامی ۔ عربی ۔ مشرقی ۔
Sarcenet (sar-se-net) *n.* Sarsenet دیکھو
Sarcology (sār-kol-ə-ji) *n.* The anatomy of fleshy parts انسانی جسم کے گوشت والے حصوں کی تشریح
Sarcode (sār-kōd) *n.* Protoplasm جوہر حیات ۔ حیوانی مادہ حیات ۔
Sarcoma (sār-kō-mä) *n.* Any fleshy excrescence گوشت کا دنبل یا پھوڑا ۔
Sarcophagus (sār-kōf-ə-gus) *n.* A stone used by the Greeks for coffins پتھر کا تابوت ۔ سنگ مزار جس پر کوئی کتبہ ہو ۔
Sarcotic (sār-kō-tik) *adj.* Of flesh or muscle گوشت کے متعلق ۔ زخم بھرنے والی ۔ گوشت بڑھانے والی ۔
Sarcous (sār-kəs) *adj.* Consisting of flesh or muscle لحمی ۔ اعصابی ۔
Sard (sard) *n.* Yellow or orange cornelian عقیق سرخ ۔ عقیق اصفر ۔
Sardelle (sard-e-l) *n.* Fish like sardine سارڈن سے مشابہ ایک مچھلی ۔
Sardine (sār-dīn) *n.* Small fish commonly tinned in oil جزیرہ سارڈینا کے پاس پائی جانے والی چھوٹی مچھلی جو ڈبوں میں روغن زیتون کے ساتھ رکھی جاتی ہے ۔
Packed like sardines سارڈن مچھلیوں کی طرح بھرے ہوئے ۔
Sardonic (sār-də-nik) *adj.* Bitter, scornful بناوٹی ۔ نفرت انگیز ۔ مکر کا ۔ جھوٹا ۔
Sardonically *adv.* مضحکہ خیز طور پر ۔ زہر خند سے ۔
Sardonyx (sār-də-niks) *n.* Onyx with white layers جواہرات کی ایک قسم ۔ عقیق سلیانی ۔

Sargasso (sār-gas-ō) *n.* Gulf weed بحری کائی وغیرہ کے بہتے ہوئے ڈھیر ۔
Sari (sār-ē) *n.* Female dress ساڑی ۔
Sark (sārk) *n.* Shirt قمیص ۔ کرتا ۔
Sarking *n.* چھت کی مضبوطی کے لیے کڑیوں کے درمیان کے تختے ۔ چھت کی تختہ بندی ۔
Sarmentose-entous (sār-mənt-ōs) *adj.* With long shoots لمبی پتلی شاخوں والا ۔ شاخیلا ۔
Sarong (sā-rong) *n.* Malay petti-coat سوتی یا ریشمی دھاری دار چادر یا تہبند ۔
Sarsaparilla (sār-sə-pa-ril-ā) *n.* Dried roots or extract of a medicinal plant ۔ عرق عشبہ ۔ عشبہ ۔
Sarsenet (sār-se-nit) *n.* Fine soft silk نفیس نرم ریشم ۔
Sartorial (sār-to-ri-əl) *adj.* Of tailor or tailoring درزی یا خیاطی کے متعلق ۔
Sartorius (sār-to-rəs) *n.* A thigh muscle that crosses the leg ران کا ایک عضلہ ۔
Sash (sash) *n.* A turban cloth, band or scarf round waist پٹکا ۔ کمر بند ۔ کمر پٹہ ۔
Sashed *adj.* کمر پٹے والا ۔ کمر بستہ ۔
Sash (sash) *n.* A sliding frame for window panes کھڑکی کا نیچے کھلنے والا چوکھٹا ۔
Sashed *adj.* کھڑکی جس میں کھسکنے والے آئینے دار پٹ ہوں ۔
Sasin (sās-in) *n.* The common Indian antelope بارہ سنگھا ۔
Sassaby (sə-sā-bi) *n.* A South African antelope جنوبی افریقہ کا ایک بڑا بارہ سنگھا ۔
Sassafrass (sas-ə-fras) *n.* A tree of the laurel family شمالی امریکہ کا ایک درخت جس کی چھال دوا کے کام آتی ہے ۔
Sassenach (sas-e-nahk) *n.* Irish name for Englishmen آئرستانی اس نام سے انگریزوں کو یاد کرتے ہیں ۔
Satan (sā-tən) *n.* The fallen angel ۔ ابلیس ۔ شیطان
Satanic (sā-tə-nik) *adj.* Of the devil شیطانی ۔
His Satanic majesty شیطنت مآب ۔
Satanically (sā-tə-nik-əli) *adv.* شیطنت کے ساتھ ۔ شیطانی طور پر ۔

Satanism (sā-tə-nizm) *n.* شیطانی خصائل ۔ شیطان کی پرستش ۔ دانستہ برائی ۔ شیطنت ۔

Satanize *v.t.* شیطان بنا دینا ۔

Satanist *n.* شیطان کا پیرو ۔ ابلیس پرست ۔

Satanology (sā-tə-no-lo-ji) *n.* Characteristics of Satan تاریخ و عقائد شیطان ۔

Satchel (sach-l) *n.* A small bag جزدان ۔ تھیلا ۔ بستہ ۔

Sate (sāt) *v.t.* Satisfy fully آسودہ کرنا ۔ مطمئن کرنا ۔ سیر کرنا ۔

Sateless *adj.* جو مطمئن نہ ہو سکے ۔ جو سیر نہ ہو ۔

Sateen (sa-tēn) *n.* A silky cloth ایک ریشمی یا سوتی چمکدار کپڑا ۔ ساٹھن ۔

Satellite (sat-ə-lit) *n.* A body revolving round a planet ایک چھوٹا جرم جو سیارے کے گرد گردش کرتا ہو ۔ سیارہ ۔ خادم ۔ ملازم ۔

Sati (sati) *n.* Rite of burning the widow ستی ۔ ستی کی رسم ۔ یہ رسم کہ شوہر کے مرنے پر اس کی بیوی کو بھی اس کی لاش کے ساتھ جلایا جائے ۔

Satiate (sā-shi-āt) *v.t.* Satisfy fully پیٹ بھر کر کھلانا ۔ سیر کرنا ۔

Satiate *adj.* پر شکم ۔ پیٹ بھرا ۔

Satiable *adj.* جس کو سیر کیا جا سکے ۔ جو سیر ہو سکے ۔

Satiety (sə-ti-əti) *n.* State of being satisfied سیری ۔ آسودگی ۔ شکم سیری ۔

To satiety حد سے زیادہ ۔ جی بھر کے ۔ بے حد ۔

Satin (sat-in) *n., adj. & v.t.* A closely woven silk ساٹھن ۔ اطلس ۔ نرم ۔ ملائم ۔ چمکدار ۔ کاغذ کو گھوٹ کر چمکدار بنانا ۔

Satiny *adj.* اطلسی ۔ ساٹھن کی طرح چمکدار ۔ اطلسی ۔

Satinette *n.* نقلی اطلس ۔ نقلی ساٹھن ۔

Satire (sat-īr) *n.* A literary composition criticising some vice ہجویہ تصنیف ۔ طنزیہ نظم ۔ تعریض ۔

Our lives are satire on our religion ہمارا عمل ہمارے مذہب کے لیے باعث شرم ہے ۔

Satiric (sat-īr-ik) *adj.* Sarcastic تعریضی ۔ طنز آمیز ۔ ہجویہ ۔

Satiric intent ہجو کی نیت ۔ تعریضی مقصد ۔

Satirical (sət-ī-rik-əl) *adj.* Abusive طنزیہ ۔ ہجویہ ۔

Satirist (sət-ī-rist) *n.* A stire writer ہجویہ اور طنزیہ نظمیں لکھنے والا ۔ ہجو نگار ۔

Satirize (sət-ī-ərīz) *v.t.* To censure severely ہجو کرنا ۔ طنز کرنا ۔ بدنام کرنا ۔

Satisfaction (sat-is-fak-shən) *n.* Content, gratification تسکین ۔ اطمینان ۔ دلجمعی ۔ رضامندی ۔ تسلی ۔ بے باقی ۔ چکاؤ ۔ ادائگی ۔ تصفیہ ۔ مکافات ۔ پاداش ۔ بدلہ ۔ عوض ۔ معاوضہ ۔ کفارہ مسیح ۔ توبہ ۔ ڈول اڑنے کا موقع ۔

Satisfactory (sat-is-fak-tə-ri) *adj.* Gratifying خاطر خواہ ۔ حسب خواہش ۔ تسلی بخش ۔ قابل اطمینان ۔ فائدہ مند ۔

Satisfactorily *adv.* قابل اطمینان طور پر ۔ حسب دلخواہ ۔

Satisfactoriness *n.* دلجمعی ۔ تسلی ۔ اطمینان ۔

Satisfy (sat-is-fi) *v.t. & i.* Give enough, convince راضی کرنا ۔ مطمئن کرنا ۔ خاطر جمعی کرنا ۔ چکانا ۔ بے باق کرنا ۔ قائل کردینا ۔ مانگ پوری کرنا ۔ شبہ رفع کرنا ۔ کفارہ دینا ۔ خوش ہونا ۔ مطمئن ہونا ۔

Satisfiable *adj.* اطمینان بخش ۔ جس کو مطمئن کیا جا سکے ۔ قابل اطمینان ۔

Satisfying *adj.* اطمینان بخش ۔ تسلی بخش ۔

Satisfyingly مطمئن کرتے ہوئے ۔ تسلی بخش طور پر ۔

Satrangi (sat-ran-ji) *n.* A carpet شطرنجی ۔ دری ۔ معمولی قالین ۔

Satrap (sat-rap) *n.* A governor of ancient Persian empire قدیم ایرانی سلطنت کا صوبہ دار ۔ ناظم ۔ عامل ۔ عیش پسند ظالم حاکم ۔

Satsuma (sat-soo-mā) *n.* A province of S. W. Japan جاپان کا ایک جنوب مغربی صوبہ ۔

Satsuma ware ست سوما کے ظروف ۔ دودھیا رنگ کے برتن ۔

Saturate (sat-ū-rāt) *v.i. & t.* Soak, interfuse پر کرنا ۔ شرابور کرنا ۔ بھرنا ۔ پوری طرح بھر دینا ۔ جذب کرنا یا کرانا ۔

Saturable *adj.* جذب ہونے یا جذب کرنے کے قابل ۔ بھر جانے یا تر ہونے کے قابل ۔

Saturation *n.* رطوبت کا جذب ہونا ۔ نمی کی بھرائی ۔ انجذاب ۔

Saturday (sat-ər-di) *n.* The seventh day of the week ہفتہ - شنبہ - سنیچر -
Saturday to Monday ریلوے ٹکٹ کی رعائتی مدت - ہفتہ سے پیر تک -

Saturn (sat-ərn) *n.* A planet of the solar system زحل - کیوان - سنیچر - قدیم روما کا کھیتی باڑی کا دیوتا - سیارہ زحل جس کے آٹھ چاند ہیں - زحل کے زیر اثر پیدا ہونے والا کاہل ، سست اور حزن پسند ہوتا ہے -

Saturnalia (sat-ərn-ā-liă) *n.* A Roman festival of gaity - رومیوں کا رنگ رلیوں کا ایک تہوار - عہد نشاط ہولی -

Saturnian (sat-ərn-i-ən) *adj.* Pertaining to Saturn زحال کا - کیوانی - منسوب بہ زحل - زحل کے زیر اثر -

Saturnic (sat-ərn-ik) *adj.* Affected with lead poison جس پر سیسے کے زہر کا اثر ہو -

Saturnine (sat-ərn-īn) *adj.* Grave, gloomy - کیوانی زحلی - خاموش - ملول - سیسہ کے زہر کا مریض -

Satyr (sat-ər) *n.* Greek wood god یونانیوں کا ایک دیوتا جس کے کان اور دم گھوڑے کے تھے - رومیوں کا ایک دیوتا جس کی دم اور ٹانگیں بکرے کی اور جسم انسان کا - شہوت پرست - بالہوس -

Satyriasis (sat-ər-ia-sis) *n.* Highly or intense sexual desire مردوں کی حد سے بڑھی ہوئی جنسی خواہش -

Sauce (saws) *n.* & *v.t.* Dressing poured over food چٹنی - اچار - مسالہ - نمک مرچ لگانا - چٹ پٹا بنانا - شوخی کرنا - گستاخی کرنا -
Sauce-box گستاخ - شوخ -
Sauce-pan کڑھائی - دیگچی -
Poor man's sauce بھوک -
Hunger is the best sauce سب سے لذیذ چٹنی بھوک ہے -
Serve with the same sauce - سب کو برابر سمجھنا
Sauceless *adj.* بے مزہ - پھیکا - بے نمک مرچ کا -

Saucer (sau-sər) *n.* A small dish for sauce or salt طشتری - چھوٹی رکابی - گملے کے نیچے رکھنے کا ظرف -
Saucer-eyed بڑی اور گول آنکھوں والا -

Saucy (sas-i) *adj.* Smart and trim - چست چالاک خوش طبع - زندہ دل - بے باک - دلیر - شوخ چشم - گستاخ -
Saucily *adv.* شوخ چشمی کے ساتھ - گستاخانہ - بے باکانہ -
Sauciness *n.* ڈھٹائی - بے ادبی - بے باکی - گستاخی -

Saul (sal) *n.* A forest tree سال کا درخت - سال کی لکڑی -

Saumur (sa-moor) *n.* White wine of southern France سومور - جنوبی فرانس کی سفید شراب -

Saunter (sawn-tər) *v.t.* & *n.* Wander about idly ہرزہ گردی - آوارہ گردی -
Saunter through life کسی نہ کسی طرح زندگی کے دن کاٹنا -
Saunterer *n.* آوارہ گرد -
Saunteringly *adv.* ہرزہ گردی کرتے ہوئے - ادھر ادھر پھرتے ہوئے - آوارہ گردی سے -

Sausage (sos-ij) *n.* Minced meat stuffed in entrails قیمہ بھری آنت - مسالہ دار آنت -
Sausage meat *n.* مسالہ دار قیمہ جو سموسوں میں بھرتے ہیں -
Sausage roll مسالہ دار میٹھے قیمے کی پوری -

Saute (sō-tā) *adj.* Fried lightly and quickly جلد اور ہلکا بھنا ہوا -

Savage (sav-ij) *adj.*, *n.* & *v.t.* Wild, uncivilised بیابانی - جنگلی - غیر مہذب - خونخوار - وحشی - ظالم - جابر - جابرانہ - سفاکانہ - بدمزاج - تند - برہنہ تصویر - گھوڑے کا کسی کو کچل دینا یا کاٹ کھانا -
He was savaged by his horse اس کو گھوڑے نے کچل دیا یا کاٹ کھایا -
Savage blow سفاکانہ چوٹ - وحشیانہ حملہ -
Savage criticism جابرانہ یا وحشیانہ تنقید - سفاکانہ تنقید -
Savagely *adv.* خونخواری سے - بے رحمی سے -
Savage revenge *n.* وحشیانہ انتقام -
Savageness *n.* بربریت - سنگدلی - بے رحمی - سفاکی -
Savagery *n.* خونخواری - وحشیانہ حالت -
Savagedom *n.* دور بربریت - دور جہالت - دور وحشت -

Savana(h) (sə-van-ā) *n.* A tract of treeless level plain وسیع میدان ۔ لق و دق میدان ۔ ایسا میدان جس میں درخت نہ ہوں ۔

Savant (sā-văn) *n.* A learned man فاضل اجل ۔ عالم ۔ فاضل ۔ علامہ ۔

Save (sāv) *v.t., i. & n.* Rescue, bring safe بچانا ۔ محفوظ کرنا ۔ نجات دینا ۔ سلامت کرنا ۔ باز رکھنا ۔ پس انداز کرنا ۔ جمع کرنا ۔ کافی ہونا ۔ موقع ہاتھ سے نہ جانے دینا ۔ ہاتھ سے جانے نہ دینا ۔ حاصل کرنے میں کامیاب ہونا ۔ موقع سے فائدہ اٹھانا ۔ شرط یا استثنا کرنا ۔

Shall we save the tide ۔ کیا ہم موقع سے فائدہ اٹھائیں

I write hurriedly to save the post میں جلد جلد خط لکھ رہا ہوں تاکہ ڈاک نہ نکل جائے۔

Save all ۔ ایسا برتن جس میں متفرق چیزیں ڈال دیتے ہیں خوردہ گیر۔

Save appearances بھرم رکھنا ۔ عزت بنائے رکھنا ۔

Save the situation آئی ہوئی مصیبت سے بچ نکلنا ۔

Savable *adj.* بچانے کے قابل ۔ قابل حفاظت ۔

Saver *n.* کفایت شعار ۔ نقصان سے بچانے والا ۔

Saving (sāv-ing) *n.* That which is saved or the act of saving بچائی ہوئی رقم ۔ بچت ۔ جزرسی ۔ کفایت ۔

Saving (sāv-ing) *suffix* Anything that is saved— 'labour saving' لاحقہ بمعنی بچانے والا ۔

Save (sāv) *prep. & conj.* Except بجز ۔ ماسوا ۔ الا ۔ بہ استثنا ۔ اس کے سوا تمام ۔

Saveloy (sav-ə-loi) *n.* A highly seasoned sausage چٹ پٹا کھانا ۔ مسالہ دار گوشت ۔

Saviour (sa-vy-ər) *n.* One who saves from evil شافع ۔ شفاعت کرنے والا ۔ بخشوانے والا ۔ بچانے والا ۔ نجات دلانے والا ۔ رہائی دلانے والا ۔

Savoir-Faire (saw-wăr-fer) *n.* Fact موقع شناسی ۔ قوت فیصلہ ۔ زود فہمی ۔ ذہن رسا ۔

Savory (so-vər-i) *n.* A flavouring herb خوشبو دار پتی ۔ پودینے کی طرح کی ۔

Savour (sa-vər) *v.t., i. & n.* Taste, flavour لذت ۔ مزہ ۔ ذائقہ ۔ خوشبو ۔ ذائقہ دار ہونا ۔ لطف اندوز ہونا ۔ ذائقہ پیدا کرنا ۔ کوئی شائبہ پایا جانا ۔ علامت ہونا ۔ دلالت کرنا ۔

You savour too much of youth تم میں بہت زیادہ بچپن ہے ۔

Savoury (sa-vər-i) *adj. & n.* Tasty اشتہا خیز ۔ چٹ پٹا ۔ خوش ذائقہ ۔ مزیدار ۔

Savourily *adj.* مزے کے ساتھ ۔ خوشگوار طور پر ۔

Savouriness *n.* خوشگواری ۔ ذائقہ ۔ لذت ۔

Savoy (sə-voi) *n.* Cabbage with a closed head گانٹھ گوبھی ۔ کرم کلا ۔

Savvy (sav-i) *v.t., i. & n.* Know, understand, general ability جاننا ۔ سمجھنا ۔ تیز فہمی ۔ نکتہ رسی ۔ فہم ۔ ذہانت ۔

No savvy میں نہیں جانتا ۔

Saw (saw) *n., v.t. & i.* A toothed cutting instrument آرہ ۔ آری ۔ چیرنے کا دندانہ دار آلہ ۔ آرہ کشی کرنا ۔ لکڑی چیرنا ۔ سوراخ کرنا ۔ چیرہ لگانا ۔ اس طرح ہاتھ چلانا جیسے کوئی آرہ کشی کرتا ہے ۔

Cross-cut saw ترچھا چیرنے کا آرہ ۔

Hack-saw آہن تراش آری ۔

Hand-saw دستی آری ۔

Jigsaw چو کھٹے والا آرہ جو دو آدمی چلاتے ہیں ۔

Jigsaw puzzle لکڑی کے ٹکڑوں کا مجموعہ جن کو جوڑنا پڑتا ہے ۔

Let the sawdust out of ریا کا پردہ چاک کرنا ۔ پردہ فاش کرنا ۔

Sawdust لکڑی کا برادہ ۔

Sawfile آرے کے دندانے تیز کرنے کی ریتی ۔

Stone-saw سنگتراش آرہ ۔

Saw (saw) *n.* A saying, proverb ضرب المثل ۔ مقولہ ۔ کہاوت ۔

Sawder (saw-dər) *v.t. & n.* Flatter تعریف کرنا ۔ خوشامد کرنا ۔ ستائش ۔ چاپلوسی ۔

Sawyer (saw-yər) *n.* One who saws timber آرہ کش ۔ لکڑی چیرنے والا ۔

Saxatile (sak-sə-tīl) *adj.* Rock-dwelling چٹانوں اور پہاڑوں میں رہنے والے -

Saxe (saks) *adj.* & *n.* Made in, blue colour کہیں کا بنا ہوا - تصویر کشی کا کاغذ -

Saxhorn (saks-horn) *n.* A brass wind instrument نرسنگھا - ترم - تڑھی -

Saxifrage (sak-si-frij) *n.* A plant akin to rose family کوہ الپس کا سرخ، سفید یا زرد پھولوں کا پودا -

Saxon (saks-ən) *n.* & *adj.* One of the North German people ٹیوٹانی (جرمن) نسل کا باشندہ - سیکسن - سیکسنی کا باشندہ -

Saxonism *n.* سیکسن محاورہ - اینگلو سیکسن ثقافت - اینگلو سیکسن خواص -

Saxonist *n.* اینگلوسیکسن زبان کا ماہر -

Saxony (saks-ən-i) *n.* A kind of fine wool ایک قسم کی نفیس اُون اور اس کا کپڑا -

Saxophone (saks-o-fon) *n.* A military and dance band ایک بلند آواز باجا -

Say (sā) *v.t.* & *i.* Utter بولنا - کہنا - فرمانا - منہ کھولنا - بیان کرنا - اظہار کرنا - وعدہ کرنا - عذر یا دلیل پیش کرنا - رائے قائم کرنا - قطعی رائے دینا - فرض کرنا - قیاس کرنا -

Say so *n.* افواہ -

Say yes *n.* اقرار کرنا - حامی بھرنا -

You may well say so آپ یہ کہہ سکتے ہیں - آپ کا ارشاد بجا ہے -

Dare say کہنے کی جرأت کرنا -

Hearsay افواہ - سنی سنائی -

It goes without saying اس میں کچھ کہنے کی ضرورت نہیں - بلاشبہ -

Say no more اور کچھ نہ کہو -

They say, it is said یہ مشہور ہے - لوگ کہتے ہیں -

Saying (sā-ing) *n.* Proverb مقولہ - ضرب المثل -

Say(y)id (sā-(y)id) *n.* Descendant of Mohammad's daughter Fatima آل رسول - حضرت فاطمہ کے سلسلے کے لوگ - سید -

Scab (skab) *n.* & *v.t.* A skin disease پپڑی - کھرنڈ - زخم کے داغ - داد - خارش - کھجلی - پودوں کی ایک بیماری - عام ہڑتال میں حصہ نہ لینے والا - میلا ذلیل آدمی - فرومایہ - کمینہ - زخم پر پپڑی آنا - مندمل ہونا -

Scabby } *adj.* خارش زدہ - کمینہ - ذلیل -
Scabbed }

Scabbily *adv.* کمینہ پن سے - رذالت سے -

Scabbiness *n.* کمینگی - خارش زدگی -

Scabbard (skab-ərd) *n.* A sheath تلوار کی میان - نیام - غلاف -

Fling away the scabbard تلوار کھینچ لینا - کسی معاملہ کو اختتام تک پہنچانے کا ذمہ لینا -

Scabies (ska-bi-ez) *n.* The itch خارش - کھجلی -

Scabious (ska-bi-əs) *adj.* & *n.* Having scabies خارش زدہ - کھجلی والا - ایک پودا جس سے کھجلی کا علاج کیا جاتا ہے -

Scabrous (ska-brəs) *adj.* Rough with projecting points ناہموار - کھردرا - نوکیلا - گٹھیلا - نازک - دشوار - جس کے بیان میں احتیاط درکار ہو -

Scabrousness *n.* دشواری - ناہمواری - کھردرا پن -

Scaffold (skaf-əld) *n.* A temporary erection for building work پاڑ - مچان - سولی - پھانسی -

Scaffolding *n.* پاڑ باندھنے کا سامان - مچان بنانا - پاڑ باندھنا -

Scalable (skal-ə-bl) *adj.* Which can be climbed جس پر چڑھ سکیں - سیڑھی لگا کر اوپر جانے کے قابل -

Scalawag (ska-li-wag) *n.* An undersized animal پتلا - دبلا - ٹھنگنا جانور - نکما - ناکارہ - بدمعاش - بد ذات - ناعاقبت اندیش -

Scald (skawld) *n.*, *v.t.* & *i.* Injure with heat or hot liquid گرم پانی یا بھاپ سے جلانا - دودھ کو جوش دینا - کھولتے پانی سے دھونا - چرکا - جلن - سوزش -

Scalding tears رنج و غم کے آنسو -

Scalder *n.* وہ شخص جو مرغیوں کو ابال کر صاف کرتا یا برتنوں کو گرم پانی سے صاف کرتا ہے -

Scald-head (skawld-hed) *n.* A diseased scalp - گنج
گنجا سر - بال خورہ -

Scale (skāl) *n., v.t. & i.* A thin plate on a fish or reptile چھلکا - فلس - کھپرا - سپنا - تہہ - ورق - خول - پرت - پرت اتارنا - سپنے صاف کرنا - پرت اتار کر صاف کرنا - چھیلنا - چھلکا اتارنا -

- **Scale beam** ترازو کی ڈنڈی -
- **Scaleless** بے پرت - بے فلس -
- **Scaliness** *n.* خولدار ہونا - فلسدار ہونا -
- **Scaly** *adj.* پرت دار - خولدار - فلسدار -

Scale (skāl) *n. & v.t.* A balance pan پلڑا - ترازو کا پلڑا - (جمع) ترازو - میزان - تولنا - وزن کرنا -

- **Hold the scales even** پورا انصاف کرو - میزان عدل قائم کرو -
- **Turn the scale** تختہ الٹنا -

Scale (skāl) *n., v.t. & i.* A graduated series or order درجہ - مرتبہ - درجہ واری ترتیب - لکڑی کی چھڑی جس پر پیمائش کے نشانات بنے ہوں - اوپر چڑھنا - کسی مشترک پیمانہ میں تحویل کرنا -

- **Scale down** پیمانہ میں تخفیف کرنا -
- **Scaling ladder** رسی کی سیڑھی - کمند -

Scalene (skāl-ēn) *adj.* Of a triangle with three unequal sides مثلث مختلف الاضلاع -

Scall (skawl) *n.* Scabbiness of scalp گنج - داد - خارش - جزام -

- **Dry scall** خشک کھجلی -
- **Moist scall** پانی کا داد - تر کھجلی -

Scallion (skal-yən) *n.* An onion with defective bulb • ایک قسم کا پیاز -

Scallop (skal-əp) *n. & v.t.* A scaly fish صدفی مچھلی - ایک سپنے دار مچھلی - چھیلنا - تلنا - بھوننا - پکانا -

Scalp (skalp) *n. & v.t.* The skull کاسہ سر - کھوپڑی - چندیا - پہاڑ کی ننگی چوٹی - وہیل مچھلی کا سر - سر قلم کرنا - سر کی کھال صاف کر دینا - دل آزار نکتہ چینی کرنا -

- **Scalpless** *adj.* بے کھوپڑی کا - بے سرا - کاسہ سر کے بغیر -

Scalpel (skal-pəl) *n.* A surgeon's knife جراحی نشتر یا چھری -

Scalper (skalp-ər) *n.* An engraver's scauper کندہ کاروں کی چھینی -

Scalping-iron (skalp-ing-i-ərn) *n.* Wound scraping knife کھرچنی -

Scamble (skam-bl) *v.i. & t.* Get together, scatter چلبلانا - جلدی کرنا - دھوم مچانا - ہڑبڑ کرنا - ٹکڑے کرنا - بکھیرنا - ضائع کرنا - کھینچا تانی کرنا -

- **Scambler** *n.* کھانے کے وقت آنے والا -
- **Scambling** *n.* جلدی کا کھانا -
- **Scambling day** گوشت کی کمیابی کا دن -
- **Scamblingly** *adv.* کشمکش سے -

Scammony (skam-ən-i) *n.* Gum resin obtained from roots of an Anatolian plant سقمونیا - ایک گوند جو سخت مسہل کے لیے دیا جاتا ہے -

Scamp (skamp) *v.t.* Execute perfunctorily بے دلی سے کام کرنا -

Scamp (skamp) *n.* A rascal, a tricky fellow بد معاش - آوارہ - اٹھائی گیرا - اوباش -

Scamper (skamp-ər) *v.i. & n.* Run or skip about briskly دوڑنا - کودنا - اچھلنا - بے تحاشا بھاگنا - بھگدڑ - جلدی کا سفر - گھوڑے کی پویا چال -

Scan (skan) *v.t. & i.* Analyse metrically شعر کی تقطیع کرنا - وزن کرنا - جانچنا - موزوں پڑھنا - غور سے دیکھنا -

- **The line does not scan** یہ مصرع موزوں نہیں ہوتا -

Scandal (skan-dl) *n.* Any thing that brings discredit بد نامی - رسوائی - بد نامی کا واقعہ - الزام - اتہام - بدگوئی - (قانون) ازالہ حیثیت عرفی -

Scandal monger (skandl-mongər) *n.* One who deals in defamatory reports بد نامی کی باتیں پھیلانے والا - بدنام کرنے والا - تہمت تراش -

- **Scandalous** *adj.* بدنام یا رسوا کرنے والا - بدنام کن -
- **Scandalously** *adv.* رسوائی سے - اہانت آمیز طور پر -
- **Scandalousness** *n.* رسوائی - بدنامی - توہین -

Scandalize (skand-ə-līz) *v.t.* Give offence to بدنام کرنا - رسوا کرنا -

Scandalum magnatum (skand-ə-lum-mag-nə-tum) *n.* Speaking slanderously of high personages بڑے لوگوں کی بدنامی یا رسوائی -

Scansion (skan-si-ən) *n.* Act, mode or art of scaning verse تقطیع - نظم کے وزن کی جانچ -

Scansorial (skan-so-ri-əl) *adj.* Adapted for climbing بلندی پر چڑھنے والا -

Scant (skant) *adj.* & *v.t.* That full or plentiful - کم ناکافی - قلیل - کم کرنا - گھٹانا - تھوڑا تھوڑا دینا - کفایت شعاری کرنا -

Scant of breath پھولی ہوئی سانس - بے دم -

With scant courtesy بداخلاقی سے - کج خلقی سے -

Scantle (skan-tl) *v.t.* & *i.* Make scant, shorten کم ہونا - کم کرنا - ٹکڑے کرنا - چھوٹا کرنا - ہوچکنا -

Scanty (skant-i) *adj.* Meagre, deficient - قلیل - کم نا کافی - کم مقدار میں -

Scantily *adv.* تنگی سے - کمی سے - قلت سے -

Scantiness *n.* تنگی - قلت - کمی -

Scape (skāp) *n.* دیکھو Escape

Scape (skāp) *n.* A fruit-bearing stem without foliage - تنا جس میں پھل لگتے ہیں مگر پتے نہیں آتے -

Scapegoat (skāp-got) *n.* A goat on which Jewish priests laid the sins of the people یہودیوں کا بھینٹ کا بکرا - بے گناہ شخص جس پر دوسروں کے الزامات تھوپ دیئے جائیں -

Scapegrace (skāp-grās) *n.* Shameless person بے حیا - بے باک - نکما آدمی -

Scaphoid (skaf-oid) *adj.* Boat-shaped - کشتی نما -

Scapular (skap-ū-lar) *adj.* & *n.* Of the shoulder blade شانہ کے متعلق - پادریوں کا ایک لباس جس کے دو ٹکڑے شانے پر مل جاتے ہیں - پرندوں کے بازو - شانہ پر باندھنے کی پٹی -

Scar (skar) *n.*, *v.t.* & *i.* Mark left by a wound or sore داغ - زخم کا نشان - نشتر کا نشان - شاخ ٹوٹنے کا نشان - داغ لگانا - نشان لگانا - مندمل ہونا - زخم بھرنا -

Scarred نشان دار - داغ دار -

Scarab (skar-əb) *n.* Dung beetle قدیم مصریوں کا متبرک بھونرا - بھونرا - ایک مصری پتھر جو بھونرے کی شکل کا تراشا جاتا تھا -

Scaramouch (skar-ə-mowch) *n.* A bragging buffoon بھانڈ - مسخرا -

Scarce (skārs) *adj.* & *adv.* Short in supply, sparingly کم - تھوڑا - قلیل - کمی کے ساتھ - کم کم - نا کافی طریقہ پر -

Make oneself scarce - خلوت نشین ہونا - چھپ جانا - چمپت ہو جانا -

Scarcity *n.* قلت - کمی - کمیابی - تنگی -

Scarcely (skārs-li) *adv.* Hardly - دقت سے - مشکل سے - کبھی نہیں - ہرگز نہیں -

Scarcement *n.* چھجا - کگر -

Scare (skār) *v.t.* & *n.* Drive or keep off - چونکانا ڈرانا - ڈرا کر بھگا دینا - خوف زدہ کرنا - خیالی اور وہمی چیزوں سے ڈرانا - بے بنیاد خوف - دہشت - وہمی خطرہ -

Scare away ڈرا کر بھگا دینا -

Scare-crow ڈراؤنا پتلا جو پرندوں اور جانوروں کو بھگانے کے لیے کھڑا کیا جائے - بد لباس - بد قطع آدمی - ڈراؤنی شکل کا آدمی -

Scarehead(ing) اخبار کی سنسنی خیز سرخی -

Scared face اڑا ہوا رنگ - سہا ہوا چہرہ -

Scare-monger سنسنی خیز خبریں پھیلانے والا -

Scarf (skärf) *n.* A light piece of dress thrown round the shoulder - اوڑھنی - انگوچھا - رومال - گلوبند -

Scarfed *adj.* گلوبند سے آراستہ - رومال پوش - چادر اوڑھے ہوئے -

Scarf (skärf) *v.t.* & *n.* Cover or wrap, a muffler دوپٹے کی طرح اوڑھنا - لکڑی یا دھات میں اس طرح جوڑ لگانا کہ سطح برابر رہے - وہیل مچھلی کا کانٹا - دندانہ - جوڑ -

Scarificator (skar-i-fik-a-tər) *n.* A surgical instrument for scarifying ایک جراحی آلہ جس سے پچھنے لگائے جاتے ہیں - پچھنا - مشراط -

Scarf-skin (skarf-skin) *n.* The surface skin بدن کی اوپری پوست - بالائی جلد -

Scarify (skar-i-fī) *v.t.* Make slight cuts or scratches پچھنے لگانا - جلد پر خراشیں ڈالنا - سخت تنقید سے دکھ پہنچانا - زمین کریدنا -

Scarification *n.* پچھنا -

Scarlatina (skär-lə-tēnȧ) *n.* Scarlet fever سرخ باده ۔ لال بخار ۔

Scarlet (skär-lit) *n.* & *adj.* Red colour نہایت سرخ رنگ ۔ گلنار ۔ قرمزی رنگ ۔ نارون ۔ قرمزی پوشاک ۔

Scarlet bean ایک قسم کی سیم پھلی ۔

Scarlet fever سپاہیوں سے محبت کرنے کا ضابطہ ۔ لال بخار ۔

Scarp (skärp) *n.* An escarpment کھائی کی اندرونی روک ۔ اندر کی طرف کا پشتہ ۔ سیدھی یا عمودی ڈھلان بنانا ۔

Scarus (skar-əs) *n.* A parrot-faced fish مچھلی جس کا منہ طوطے کی طرح کا ہوتا ہے ۔ طوطا مچھلی ۔

Scat (skat) *interj.* & *v.t.* Get away, scare away دور ہو جاؤ ۔ دور کرنا ۔ بھگا دینا ۔

Scathe (skādh) *n.* & *v.t.* Hurt, injury اذیت ۔ ضرر ۔ نقصان ۔ صدمہ ۔ ضرر پہنچانا ۔ تلف کرنا ۔ آگ کی نذر کرنا ۔

He shall not be scathed اس کو ذرا بھی تکلیف نہ دی جائے گی ۔

Unscathed صحیح سالم ۔

Scathingly *adv.* ایذا دہی کے طور پر ۔ ضرر رسانی سے ۔

Scathless جس کو ذرا بھی نقصان نہ پہنچا ہو ۔ بے داغ ۔

Scatophagaus (skat-of-ə-gəs) *adj.* Dung eating insect گوبر خور کیڑا ۔ گوبریلا ۔

Scatter (skat-ər) *v.t.* & *i.* Disperse, throw loosely بکھیرنا ۔ منتشر کرنا ۔ پھیلانا ۔ پراگندہ کرنا ۔ بھگا دینا ۔ ہزیمت دینا ۔ امیدوں کو پراگندہ کر دینا ۔

Scattered *adj.* منتشر ۔ پراگندہ ۔

Scatter brain پراگندہ دماغ ۔

Scatter good *n.* فضول خرچ آدمی ۔

Scatteringly *adv.* منتشر طور پر ۔ کہیں کہیں ۔ جا بجا ۔

Scavenger (skav-in-jər) *n.* & *v.t.* One who removes waste خاکروب ۔ جاروب کش ۔ حلال خور ۔ بھنگی ۔ مہتر ۔ فحش نگار ۔ فحش گو شاعر ۔ مہتر کا کام کرنا ۔

Scavengery *n.* کوڑے کی صفائی ۔ غلاظت برداری ۔ جاروب کشی ۔

Scavenge *v.t.* & *i.* صفائی کرنا ۔ غلاظت صاف کرنا ۔ کوڑا کرکٹ اٹھانا ۔

Scenario (shā-nȧ-ri-ō) *n.* A skeleton of a drama scene by scene ناٹک یا فلم کا منظر وار خلاصہ ۔ سینما فلم یا ڈرامے کی عبارت ۔

Scene (sēn) *n.* The stage, place of action in a play تمثیل کی جگہ ۔ اسٹیج ۔ تماشا گاہ ۔ پردہ ۔ منظر ۔ سین ۔ موقع واردات ۔ ایکٹ کا ایک حصہ ۔ ماجرا ۔ مکالمہ ۔ سانحہ ۔ حادثہ ۔ اشتعال انگیز گفتگو ۔ تو تو میں میں ۔

Scenery (sēn-e-ri) *n.* Theatrical set up, hangings پردے ۔ بنایا ہوا منظر ۔ تماشا گاہ کی تصاویر ۔ طبعی صورت ۔ سماں ۔ فضا ۔ منظر ۔

Scenic (sē-nik) *adj.* Dramatic نقل گاہ کا ۔ منظر کا ۔ تصویر کھینچ دینے والا ۔ دلکش ۔ قصہ گو ۔ مصنوعی ۔ نمائشی ۔

Scenic railway میلوں وغیرہ میں مختصر ریل گاڑی جو دلکش مناظر سے گزرتی ہے ۔

Scenography (sēn-ō-grafi) *n.* Scene painting or describing منظر نگاری ۔

Scenographer *n.* منظر نگار ۔

Scent (sent) *v.t.*, *i.* & *n.* Discern by smell, perfume سونگھنا ۔ مہک یا بو لینا ۔ سونگھ کر معلوم کرنا ۔ کھوج لگانا ۔ خوشبودار کرنا ۔ معطر کرنا ۔ بسانا ۔ عطر لگانا ۔ کسی امر کا شبہ پیدا ہونا ۔ تاڑ لینا ۔ شکار کے پیچھے جانا ۔ باس ۔ خوشبو ۔ کھوج ۔ پتہ ۔ قوت شامہ ۔ جبلی صلاحیت ۔

Follow up the scent کھوج لگانا ۔ شکار کی بو پر جانا ۔

Keen-scented حقیقت شناس ۔ جس کی قوت شامہ تیز ہو ۔

On the scent سراغ لگانے میں ۔ تعاقب میں ۔

Scentless جس کا اتا پتہ نہ ہو ۔ بے خوشبو ۔ بے باس ۔

Scepsis (skep-sis) *n.* Philosophic doubt فلسفیانہ شک ۔ عقلی ریب ۔

Sceptic (skep-tik) *n.* Follower of Pyrrho who doubted the possibility of knowledge ارتیابی ۔ حکما کا وہ گروہ جس کا نظریہ تھا کہ انسان کو کسی چیز کا قطعی علم نہیں ہو سکتا ۔ منکر ۔ کافر ۔ زندیق ۔ دہریہ ۔ مذہب کی صداقت میں شک کرنے والا ۔

Scepticism *n.* اپنے علم و ادراک کو مشتبہ سمجھنا - ارتبابیت -

Sceptical (skep-tik-əl) *adj.* Doubtful, incradulous ریبی - شکی - ہر چیز میں یہاں تک شک کہ اپنے وجود میں شک کرنے والا -

Skeptically *adv.* غیر یقینی طور پر - شک کے طور پر -

Sceptre (sep-tər) *n.* Staff borne as an emblem of kingship عصائے سلطانی - نشان خسروی -

Sceptred *adj.* Bearing a sceptre عصا دار - نشان خسروی والا -

Schadenfreude (sha-dən-froi-də) *n.* Pleasure in others' misfortunes دوسروں کی مصیبت پر خوشی -

Schappe (shap-ə) *n.* Silk with gum خام ریشم - ریشم جس سے لعاب نہ نکالا گیا ہو -

Schedule (shed-ūl) *n.* & *v.t.* A list, inventory or table فرد - فہرست - جدول - نقشہ - گوشوارہ - گوشوارہ بنانا - فہرست تیار کرنا - فہرست میں اندراج کرنا -

Schema (skē-mȧ) *n.* A scheme, plan نقشہ - خاکہ - شکل - قیاس منطقی - تصور عامہ - ہیئت اولیٰ - (قواعد) صنائع بدائع -

Schematic *adj.* وہمی - خیالی - قیاسی - تصوری -

Schematically *adv.* خیالی طور پر - قیاسانہ -

Scheme (skēm) *n.*, *v.t.* & *i.* A plan of proposed action تجویز - تدبیر - حکمت - منصوبہ - چال - ریشہ دوانی - اصول - نقشہ - ڈھانچہ - منصوبہ بنانا - تجویز کرنا - ریشہ دوانی کرنا -

Schemer *n.* سازشی - حکمتی - منصوبہ باز -

Scheming *adj.* ترکیبیں بنانے والا - حکمتی - سازشی -

Scherzo (sker-zō) *n.* A lively busy movement رقص کی تیز حرکت - سبک خرامی - نازک خرامی -

Schiedam (skē-dam) *n.* Holland jin made at Schiedam ہالینڈ کی جن شراب -

Schipperke (skip-ər-kə) *n.* A small tailless breed of dog بے دم کتوں کی ایک نسل -

Schism (si-zm) *n.* A breach in unity تفرقہ - پھوٹ - بگاڑ - اختلاف - مذہبی فرقہ بندی -

Schismatic (siz-mə-tik) *adj.* & *n.* فرقہ بندی کا - تفرقہ انداز - بدعتی - معتزلی -

Schismatical اختلافی - نزاعی - اعتزالی -

Schismatically *adv.* فرقہ بندی کی نظر سے -

Schist (shist) *n.* Any crystilline foliated rock پرت دار چٹان - ورق دار پتھر (سنگ سیلو) -

Schmeiz (shmeits) *n.* Glass used in decorative work آرائشی شیشہ -

Schnauzer (shnowt-sər) *n.* A German breed of terrier ایک جرمن نسل کا کتا -

Schnorrer (shnor-er) *n.* A Jewish beggar یہودی فقیر -

Scholar (skol-ər) *n.* A pupil, a man of extensive learning طالب علم - متعلم - شاگرد - مرید - چیلا - عالم - فاضل - محقق - زبان دان - ادیب - وظیفہ یاب طالب علم -

He is a scholar and a gentleman وہ تعلیم یافتہ شریف النفس آدمی ہے -

Scholarly *adj.* محققانہ - ادیبانہ - عالمانہ -

Scholarship *n.* وظیفہ - فضیلت - عامیت -

Scholastic (skəl-as-tik) *adj.* & *n.* Subtle, pedantic علمی - عالمانہ - فاضلانہ - متکلمانہ - عالمانہ انداز - علمی شان -

Scholastically *adv.* موشگافی کے ساتھ - عالمانہ طور پر -

Scholasticism *n.* روائتی اصولوں کی اندھی تقلید - مدرسیت -

Scholiast (skol-i-əst) *n.* A writer of commentaries شرح نویس - حاشیہ نویس -

Scholium (skol-i-əm) *n.* An explanatory note شرح - تفسیر - یونانی کتاب کا حاشیہ -

School (skōōl) *n.* & *v.t.* A place for instruction, those who hold a common doctrine مدرسہ - مکتب - دبستان - مدرسہ کی عمارت - شاگرد - طالب علم - پڑھنا - مدرسہ میں تعلیم پانا - شعبہ تعلیم - مسلک - مذہب - ہم خیال جماعت - کسی فرقہ یا اصول کا پیرو - مقلد - مدرسہ میں بھیجنا - تعلیم دلانا - ضبط قائم رکھنا - اطاعت کا خوگر بنانا -

He learned his generalship in a severe school اس نے فوجی قیادت بڑی مصیبتیں سہ کر سیکھی ہے -

He must school his temper اسے اپنے غصہ پر قابو رکھنا چاہئے ۔
He will not be schooled وہ کبھی سیدھا نہ ہوگا ۔
Ragged school خیراتی مدرسہ ۔
School boy spirits طالبعلمانہ جوش ۔ طالبعلمانہ امنگ ۔
School yourself to patience صبر و ضبط کی عادت ڈالو ۔
Schooling *n.* پڑھانے کی اجرت ۔ تادیب ۔ تربیت ۔ پڑھائی ۔

School (skōōl) *n.* & *v.t.* A school of fish مچھلیوں کا جھنڈ ۔ مچھلیوں کا اکٹھا ہونا ۔

Schoolable (skōōl-əbl) *adj.* Of an age to go to school مدرسہ جانے کی عمر کا ۔

Schooner (skōōn-ər) *n.* A swift sailing vessel بیر کا بڑا گلاس ۔ تیز رو جہاز ۔

Sciagraphy (si-ə-graf-i) *n.* Art of shading in drawing سایہ اندازی کا فن ۔ مصوری میں سایہ دکھانے کا فن ۔ سائے سے وقت معلوم کرنا ۔ شعاعی فوٹو گرافی ۔
Sciagraph *n.* & *v.t.* دھوپ گھڑی ۔ نقاشی ۔ شعاعی تصویر ۔
Sciagrapher *n.* سایہ اندازی کا ماہر ۔ دھوپ سے وقت کا اندازہ کرنے والا ۔

Sciamachy (si-ə-ma-ki) *n.* Fighting with shadows سایہ سے لڑنا ۔ وہمی جنگ ۔

Sciatheric (si-ə-the-rik) *adj.* Pertaining to shadows سایہ نگاری کے متعلق ۔ سورج کے سائے کا ۔

Sciatic (si-at-ik) *adj.* In the region of hip کولھے کی بیماری کے متعلق ۔ عرق النسا کا ۔

Sciatica (si-at-ikȧ) *n.* Neuritis of the great sciatic nerve عرق النسا ۔ ٹانگ کی بڑی رگ کا تناؤ ۔

Science (sī-əns) *n.* Knowledge obtained by observation and experiment وہ علم جو تجربات اور مشاہدے سے حاصل کیا جائے ۔ علم طبیعیات ۔ علم ۔
Sciential *adj.* سائنس کے متعلق ۔ علم کے متعلق ۔
Scientially *adv.* علمی حیثیت سے ۔ علمی طور پر ۔
Scientist *n.* طبیعیاتی علوم کا ماہر ۔ سائنس دان ۔
Scientism *n.* علم مزاجی ۔

Scienter (sī-ən-tər) *adv.* Intentionally (قانون) قصداً ۔ دانستہ ۔

Scientific (sī-ən-tif-ik) *adj.* Demonstrative اصولی ۔ تجرباتی ۔ باقاعدہ ۔ سائنسی ۔

Scintilla (sin-til-ȧ) *n.* A spark ذرہ ۔ شعلہ ۔ چنگاری ۔

Scintillate (sin-til-āt) *v.i.* Sparkle, twinkle جھل مل کرنا ۔ چمکنا ۔ دمکنا ۔
Scintillant *adj.* چمکتا ہوا ۔ ضیا بار ۔
Scintillation *n.* چمک دمک ۔ ضیا باری ۔

Sciolist (si-ə-list) *n.* Pretender to knowledge کم دان بسیار گو ۔ خود نما ۔
Sciolism *n.* سطحی علم ۔ کم دانی بسیار گوئی ۔
Sciolistic *adj.* خود بین ۔ کم دان ۔ خود نما ۔

Sciolto (shol-tō) *adj.* & *adv.* Free بے تکلف ۔ پسند کے مطابق ۔ آزادانہ ۔

Scion (sī-ən) *n.* A detached piece of a plant درخت کی قلم ۔ پیوند ۔ کسی خاندان کا نو عمر رکن ۔ درخت کا بچہ ۔

Sciopticon (si-op-ti-kən) *n.* Film showing apparatus تصویریں دکھانے کا آلہ ۔

Scirrhus (sir-əs) *n.* A hard cancer or swelling سخت رسولی ۔ سرطانی گلٹا ۔
Scirrhous *adj.* سخت ۔ گلٹے دار ۔ رسولی کی طرح ۔

Scissile (sis-il) *adj.* & *n.* Capable of being cut تراش کے قابل ۔ کاٹنے کے قابل ۔ دھات کا برادہ ۔

Scission (sish-ən) *n.* Cutting, splitting تراش ۔ کاٹ چھانٹ ۔ علیحدگی ۔

Scissor (siz-ər) *v.t.* Clip out, cut کاٹنا ۔ کترنا ۔ کاٹ کر علیحدہ کرنا ۔

Scissors (siz-ərs) *n.* & *p.* Double-bladed cutting instrument قینچی ۔ مقراض ۔ کترنی ۔ سروتا ۔
Scissors and paste دوسروں کی کتابوں سے مضامین لے کر کتاب تصنیف کرنا ۔
Scissor-wise *adj.* قینچی کی طرح ۔

Sciurine (sī-ūr-īn) *adj.* Squirrel-like گلہری کی طرح ۔

Sclera (sklēr-ȧ) *n.* Hard part of the eye آنکھوں کا سخت حصہ ۔ صلبیہ ۔
Scleritis *n.* سوزش چشم ۔ صلبیہ کی سوزش ۔
Sclerotic *n.* & *adj.* صلب کا ۔ صلابت چشم ۔ آنکھ کا پردہ ۔ صلب ۔

Scobs (skob-s) *n.* Sawdust, shavings کترن ۔ چورا ۔ برادہ ۔

Scoff (skof) *n.* & *v.i.* Mockery طعن و تشنیع ۔ طنز ۔ چڑانا ۔ مضحکہ اڑانا ۔

Scoffer *n.* چڑانے والا ۔ طنز کرنے والا ۔

Scoffingly *adv.* چڑانے کے طور پر ۔ طعنہ زنی سے ۔

Scoff (skof) *v.t.* & *n.* Devour (بول چال) کھانا کھانا ۔ غذا ۔ خوراک ۔

Scold (skold) *v.i., t.* & *n.* Brawl, find fault vehemently جھڑکنا ۔ لتاڑنا ۔ برا بھلا کہنا ۔ ڈانٹنا ۔ زبان دراز عورت ۔

Scolding *n.* جھڑکی ۔ ڈانٹ ڈپٹ ۔ دھمکی ۔

Scolopaceous (skol-e-pa-shəs) *adj.* Of the woodcock چہے جیسا ۔ چہے کا ۔

Scolopendra (skol-ə-pen-drä) *n.* A genus of centipades ہزار پایہ ۔ کھن کھجورا ۔

Scolopendrine *adj.* ہزار پائے کا ۔ کھن کھجورے کا ۔

Scolopendrium (skol-ə-pen-dri-əm) *n.* A kind of fern فرن گھاس کی ایک قسم ۔

Scomber (skom-bər) *n.* The mackrel genus ایک قسم کی سرمئی مچھلی ۔

Sconce (skons) *n.* Candle-stick, lantern شمع دان ۔ قندیل ۔

Sconce (skons) *n.* Head (مزاح) سر ۔ کھوپری ۔

Sconce (skons) *n.* A small fort حصار ۔ قلعہ ۔ کوٹ ۔ گڑھی ۔ جائے پناہ ۔

Sconce (skons) *v.t.* & *n.* Fine, a fine paid in ale جرمانہ کرنا ۔ قواعد کی خلاف ورزی پر بیر سے محروم کر دیا جانا ۔

Scon (skon) *n.* A plain cake without much butter تکونی میٹھی ٹکیا ۔ معمولی کیک ۔

Scoop (skōōp) *n.* & *v.t.* A boiling vessel کفچہ ۔ کرچھا ۔ کورنی ۔ بڑا ۔ چمچہ ۔ کفگیر ۔ کوئلے ڈالنے کا کفچہ ۔ کفچہ کی حرکت ۔ ایسا منافع جو حریفوں سے چھپا کر فوراً حاصل کیا جائے ۔ نکالنا ۔ اٹھانا ۔ گڑھا کرنا ۔ کھوکھلا کرنا ۔ فوری کاروائی سے نفع کثیر حاصل کرنا ۔

Scooper (skōōp-ər) *n.* Digger بن مرغی ۔ کندہ کار کی چھینی ۔ گڑھا کھودنے والا ۔

Scoot (skoot) *v.i.* & *t.* Squirt, slip suddenly دوڑنا ۔ جھپٹنا ۔ نکل بھاگنا ۔

Scope (skōp) *n.* Range or field and opportunity of activity موقع ۔ گنجائش ۔ حد ۔ وسعت ۔ آزادی ۔ دسترس ۔ رسائی ۔ نیت ۔ مقصد ۔ مراد ۔

Scope *suffix* لاحقہ جو دیکھنے کے آلات کے ساتھ لگایا جاتا ہے ۔

Scorbutic (skor-bū-tik) *adj.* Affected with or like scurvy خارشی جیسا ۔

Scorch (skōr-ch) *v.t.* & *n.* Burn slightly جھلسنا ۔ جلنا ۔ تباہ کرنا ۔ (بول چال) تیز سواری چلانا ۔ سوزش ۔ جلن ۔

Scorching *adj.* سوزان ۔ جلانے والی ۔

Scorchingly *adv.* برباد کرنے کے طور پر ۔ جلاتے ہوئے ۔

Scorcher (skorch-ər) *n.* One who burns (بول چال) اپنی طرز کا بہترین نمونہ ۔ جلانے والا ۔

Score (skor) *n., v.t.* & *i.* A notch, gash, scratch خط لکیر ۔ نشان ۔ کھانچا ۔ دھاری ۔ نشانہ باز یا دوڑ شروع کی لکیر ۔ جہاز میں تسمہ باندھنے کا سوراخ ۔ کھانے پینے کا حساب ۔ کھیل کا حساب ۔ کریکٹ میں دوڑوں کا مجموعہ ۔ نمبر درج کرنے کا رجسٹر ۔ بیس ۔ بیسی ۔ بابت ۔ بارے میں ۔ خط کھینچنا ۔ نشان لگانا ۔ کسی کے حساب میں درج کرنا ۔ حساب رکھنا ۔ کسی کے برے برتاؤ کو یاد رکھنا ۔ کامیاب ہونا ۔ فائدہ حاصل کرنا ۔

He made a good score اس نے خوب کامیابی حاصل کی ۔

Scores of people بیسیوں آدمی ۔

Score off حاضر جوابی میں مات کرنا ۔ (بول چال) لاجواب کر دینا ۔ ہرا دینا ۔

Scorer *n.* نشان لگانے کا آلہ ۔ کھیل میں دوڑوں کا حساب لکھنے والا ۔ درختوں پر نشان لگانے والا ۔

Scoria (skō-ri-ä) *n.* Dross or slag from metal melting دھات کا میل ۔ فضلہ ۔

Scorify (sko-ri-fi) *v.t.* Reduce to scoria جلا کر راکھ کرنا ۔ تاؤ دینا ۔ کچی دھات کو پگھلانا ۔

Scorn (skorn) *n.* & *v.t.* Extreme contempt حقارت ۔ نفرت ۔ بیزاری ۔ استہزا ۔ مبتذل ۔ نفرت کرنا ۔ حقیر سمجھنا ۔ ذلیل سمجھنا ۔ برا خیال کرنا ۔

Think scorn نفرت کرنا ۔

Scornful (skorn-ful) *adj.* Full of disdain اہانت کرنے والا ۔ ذلت آمیز ۔ حقارت آمیز ۔

Scornfulness *n.* توہین آمیز ہونا ۔ حقارت آمیزی ۔

Scorner *n.* نفرت کرنے والا ۔ حقارت کرنے والا ۔

Scorpio (skor-pi-ō) *n.* Eighth sign of zodiac برج عقرب ۔ برچھک ۔

Scorpioid (skor-pi-o-id) *adj.* Like a scorpion بچھو کی دم کی طرح کا ۔ عقربی پھول ۔

Scorpion (skor-pi-ən) *n.* An insect with four legs, pincers, a tail with a sting بچھو ۔ عقرب ۔ چابک جس میں کیلیں لگی ہوں ۔

Scot (skot) *n.* A payment, a customary tax محصول ۔ لگان ۔ ٹیکس ۔ خراج ۔

Scot free محصول ادا کئے بغیر نکل جانا ۔

Go scot free سزا سے محفوظ رہنا ۔ بچ کر نکل جانا ۔

Scot (skot) *n.* Gaelic speaking people of Ireland اسکاچ ۔ اسکاٹلینڈ کا باشندہ ۔

Scotch (skoch) *adj.* Form of Scottish اسکاٹلینڈی ۔ اسکاچ ۔ اسکاٹلینڈ کا باشندہ ۔

Scotch (skoch) *v.t.* & *n.* Gash, score نشان ڈالنا ۔ زخمی کرنا ۔ بچوں کے کھیل میں زمین پر لکیر کھینچنا ۔ کاٹ ۔ زخم ۔ گھاؤ ۔

Scotch (skoch) *n.* & *v.t.* Wedge, block گاڑی روک کندا جو ڈھلان پر گاڑی کو روکنے کے لئے پیچھے لگایا جاتا ہے تاکہ چڑھائی پر گاڑی لڑھک نہ جائے ۔ لکڑی کا کندا لگانا ۔ گاڑی روک ٹیکن لگانا ۔

Scotland Yard (skot-lənd-yard) *n.* Headquarters of London police اسکاٹلینڈ یارڈ ۔ لندن کی پولیس کا صدر دفتر ۔

Scoto-dinia (skōt-ō-di-ni-ȧ) *n.* Giddiness, darkness اندھیری ۔ دوراں سر ۔ چکر ۔

Scot(t)ice (skot-ise) *adj.* In the language of Scotland اسکاٹلینڈ کی زبان میں ۔

Scotticism (skot-i-sizm) *n.* Scottish idiom or feeling اسکاٹلینڈ کا محاورہ یا مزاج ۔

Scotticize (skot-i-sīz) *v.t.* Render Scottish عادات اطوار، معاشرت اور زبان میں اسکاٹلینڈ کی پیروی کرنا ۔

Scottish (skot-ish) *adj.* Of Scotland اسکاٹلینڈ کے باشندے اسکاچ کہلانا نہیں چاہتے بلکہ اسکاٹش ۔

Scoundrel (skown-drəl) *n.* A low mean fellow بدمعاش ۔ لچا ۔ شہدا ۔ غنڈہ ۔ بد ذات ۔

Scoundreldom *n.* شہدا پن ۔ بدمعاشوں کی دنیا ۔

Scoundrelism *n.* بد ذاتی ۔ بدمعاشی ۔

Scour (skowr) *v.t.* & *n.* Clean, polish رگڑنا ۔ صاف کرنا ۔ مانجنا ۔ چمکانا ۔ جلاب دینا ۔ منجھائی ۔ پالش ۔

Scourer *n.* مانجنے کا آلہ ۔ مانجنے والا ۔ رگڑنے والا ۔

Scour (skowr) *v.i.* & *t.* Rush or skurry along بھاگنا ۔ دوڑنا ۔ چل دینا ۔ جلد جلد قدم اٹھانا ۔ تعاقب میں دوڑنا ۔

Scourge (skurj) *n.* & *v.t.* A whip کوڑا ۔ تازیانہ ۔ خدائی مار ۔ کوڑے لگانا ۔ سزا دینا ۔ عقوبت پہنچانا ۔ جبر کرنا ۔ تعدی کرنا ۔

The white scourge تپ دق ۔

Scout (skowt) *n.* & *v.i.* One who watches at a distance مخبر ۔ جاسوس ۔ بھیدی ۔ خبر گیر ۔ دشمن پر نگرانی رکھنے والے سپاہی ۔ بحری جہاز ۔ چھوٹا ہوائی جہاز جو دیکھ بھال کرتا ہے ۔ آکسفورڈ یونیورسٹی کا ملازم ۔ تلاش ۔ جستجو ۔ کھوج ۔ مخبری ، جاسوسی یا دیکھ بھال کرنا ۔ ہوائے اسکاؤٹ جماعت کا رکن جس کا مقصد یہ ہے کہ لڑکوں میں خدمت خلق کا جذبہ پیدا ہو ۔

Scout master اسکاؤٹ جماعت کا قائد ۔

Scout (skowt) *v.t.* Mock, flout چڑانا ۔ مذاق اڑانا ۔ ہنسی اڑانا ۔

Scow (skow) *n.* A flat-bottomed boat چپٹے پیندے کی کشتی ۔

Scowl (skowl) *v.t.* & *n.* Contract the brows with malevolence ناک بھوں چڑھانا ۔ تیوری چڑھانا ۔ غضب آلود نگاہوں سے گھورنا ۔ ترشروئی ۔ بد مزاجی ۔

Scrabble (skrabl) *v.t.* Scratch پنجوں سے کھرچنا ۔ آڑھی ٹیڑھی لکیریں کھینچنا ۔ بد خطی سے لکھنا ۔ اندھیرے میں ہاتھ پاؤں مارنا ۔

Scrab *v.t.* کھرچنا ۔

Scrag (skrag) *n.* & *v.t.* A stump, a rough projection دبلی پتلی چیز ۔ سوکھی ہوئی پتلی چیز ۔ ہڈی دار گوشت ۔ بکری کی گردن ۔ انسان کی گردن ۔ گلا دبانا ۔ پھانسی دینا ۔ (فٹ بال) گردن پکڑ کر گیند روک لینا ۔

Scraggy *adj.* سوکھا ہوا ۔ مریل ۔

Scragginess *n.* مریل پن ۔ ناہمواری ۔ دبلا پن ۔

Scram (skram) *v.t.* Be off ۔ اڑنچھو ہو جانا ۔ بھاگ جانا ۔

Scramble (skram-bl) *v.t.* & *i.* Make one's way with disorderly haste ہاتھ پاؤں کے بل چلنا ۔ گھسٹ گھسٹ کر چلنا ۔ پیٹ کے بل چڑھنا ۔ ہاتھ پاؤں مارنا ۔ جد و جہد کرنا ۔ لوٹ میں حصہ لینا ۔ نچھاور کرنا ۔ انڈے تلنا ۔ کشمکش ۔ گھسڑ پسڑ ۔ عمودی چڑھائی ۔

Scran (skran) *n.* Broken vituals بچے کھچے ٹکڑے ۔ کھانا ۔ کھانے کی چیزیں ۔

Scranch (skran(t)sh) *v.t.* Crunch کٹر کٹر چبانا ۔ اس طرح چبا کر کھانا کہ آواز پیدا ہو ۔

Scranny (skran-i) *adj.* Meagre, lean دبلا ۔ پتلا ۔ مریل ۔

Scrap (skrap) *n.* & *v.t.* A small fragment, cutting, left out food ریزہ ۔ ٹکڑا ۔ بچی ہوئی غذا ۔ پرزہ ۔ دھجی ۔ ریزہ ۔ کترن ۔ چھیلن ۔ فضلہ ۔ پھوک ۔ اخبار کا تراشہ ۔ ردی ۔ بیکار چیزیں ۔ ٹوٹی پھوٹی چیزیں ۔ ردی کے ڈھیر میں ڈال دینا ۔ ناکارہ قرار دینا ۔

Scrap-book اخبار یا کتاب کے تراشوں کا مجموعہ ۔

Scrap-heap بیکار چیزوں کا ڈھیر ۔

Scrap-heap policy بیکار چیزوں کو پھینک دینے کا دستور ۔

Scrap of paper بے حقیقت وعدہ ۔ وعدہ جو پورا نہ کیا جائے ۔

Scrappy *adj.* ٹکڑوں سے بنا ہوا ۔ ٹوٹی پھوٹی چیزوں سے بنا ہوا ۔ بے جوڑ ۔

Scrappiness *n.* ناکارہ ہونا ۔ بے جوڑ ہونا ۔

Scrap (skrap) *v.t.*, *i.* & *n.* Discard ناقص اور ناکارہ قرار دینا ۔ ناقص اور ناکارہ چیزیں ۔

Scrap (skrap) *n.* & *v.t.* A fight, scrimmage (بول چال) جھڑپ ۔ کشمکش ۔ الجھ جانا ۔ لڑائی ہو جانا ۔

Scrape (skrāp) *v.t.*, *i.* & *n.* Smooth, clean, reduce in thickness کھرچنا ۔ چھیلنا ۔ چکنا کرنا ۔ رگڑ کر صاف کرنا ۔ داغ مٹانا ۔ ناہمواری دور کرنا ۔ کھودنا ۔ کھرچنے کی سی آواز پیدا کرنا ۔ امتحان میں بمشکل کامیاب ہونا ۔ سخت محنت سے کچھ کما لینا ۔ کھرچنے کی آواز ۔ ناگوار یا بے ڈھب موقع ۔

Scrape acquaintance گھس پیٹھ کر آشنائی پیدا کرنا ۔

Scrape good کنجوس ۔ بخیل ۔

Scrap-penny جزرس ۔

Scraper *n.* مبتدی سارنگیا ۔ زر پرست ۔ بخیل ۔ اناڑی ۔ کھرچنے والا آلہ ۔

Scraping *n.* چھیلنے یا رگڑنے کی آواز ۔

Scratch (skrach) *v.t.*, *i.*, *n.*, & *adj.* Draw a sharp point over the surface of, write in hurry نوچنا ۔ کھرچنا ۔ چھیلنا ۔ ناخن مارنا ۔ پنجہ مارنا ۔ سر کھجانا ۔ کھودنا ۔ قلم زد کرنا ۔ شکستہ خط میں لکھنا ۔ عجلت میں لکھنا ۔ کفایت شعاری سے دولت جمع کرنا ۔ خراش کی آواز ۔ خفیف زخم ۔ اٹکل ۔ بے جوڑ ۔ بے میل ۔ متضاد ۔

Scratch race ایسی دوڑ جس میں داخلہ عام ہو مگر کسی سے رعایت نہ ہو ۔

Scratch-old (skrach) *n.* The Devil شیطان ۔

Scratchy (skrach-i) *adj.* & *n.* Uneven سرسری ۔ معمولی ۔ جلدی کا ۔ لکھتے وقت آواز دینے والا ۔ کھردرا قلم ۔ (جہازی ملازم) بھانت بھانت کے ۔ بے میل ۔ بے جوڑ ۔

Scratchiness *n.* بے جوڑ پن ۔ بے میل پن ۔

Scrawl (skrawl) *v.t.*, *i.* & *n.* Mark or write irregularly شکستہ لکھنا ۔ گھسیٹ کر لکھنا ۔ بد خط لکھنا ۔ گھسیٹ ۔ بد خطی ۔ جلدی میں لکھی ہوئی تحریر ۔

Scrawler (skrawl-ər) *n.* One who writes irregularly بد خط ۔ شکستہ لکھنے والا ۔

Scream (skrēm) *v.t.* & *i.* Cry out in a loud shrill voice چیخنا ۔ چلانا ۔ چلا اٹھنا ۔ انجن کا سیٹی دینا ۔ کوک مارنا ۔ بے اختیار ہنسنا ۔

Screaming farce, fun قہقہہ انگیز تمثیل یا تماشا ۔

Screams of pain درد کی بے قراری ۔ درد کی ہائے ۔

Screamy *adj.* شور مچانے والا ۔ پر شور ۔ چیخنے والا ۔

Screaminess *n.* چیخ پکار کی عادت ۔

Screamer (skrēm-ər) *n.* قہقہہ خیز قصہ یا داستان ۔ چیخیں مارنے والا ۔ چیخ پکار کرنے والا ۔

Screech (skrēch) *v.t.* & *i.* Give forth a sudden cry دفعتاً چلا اٹھنا ۔ چیخنا ۔ خوف یا غصے سے چلا اٹھنا ۔ ہوک مارنا ۔

Screech-owl *n.* چیخنے والا الو ۔ گھگھو ۔

Screed (skrēd) *n.* A shred, a strip پلاسٹر کرنے کی پٹی ۔ طولانی قصہ ۔ شکایت کا طومار ۔

Screen (skrēn) *n.* & *v.t.* Shield against wind, heat, light, etc. پردہ ۔ قنات ۔ چلمن ۔ اوٹ ۔ آڑ ۔ ٹٹی ۔ صحن کے ارد گرد کی دیوار ۔ کسی جذبہ کو چھپانے کے لیے چہرہ کی خاص صورت ۔ تختہ اعلان ۔ اوٹ کھڑی کرنا ۔ پردہ لگانا ۔ چلمن ڈالنا ۔ محفوظ کرنا ۔ پناہ دینا ۔ تصویر لینے کا پردہ ۔ عقبی منظر ۔

Screeve (skrēv) *v.i.* & *t.* Write begging letters, draw on the pavement لکھنا ۔ استدعا کرنا ۔ چاک سے فرش پر لکھنا ۔ فرش پر تصویر بنانا ۔

Screever *n.* فرش پر تصویر بنانے والا ۔ خیرات مانگنے کے خط لکھنے والا ۔

Screw (skrōō) *v.t.* & *n.* A cylinder with a pelical groove پیچ ۔ پیچ کا کیلا ۔ بخیل آدمی ۔ چھوٹا سا مڑا ہوا تمباکو کا کاغذ ۔ تنخواہ ۔ مزدوری ۔ تھکا ہوا گھوڑا ۔ پیچ کسنا ۔ دق کرنا ۔ دباؤ ڈالنا ۔ پریشان کرنا ۔ اینٹھنا ۔ جبراً لینا ۔ کجروی کرنا ۔ انحراف کرنا ۔ نچوڑنا ۔

Screw up one's courage حوصلے سے کام لینا ۔ ہمت کرنا ۔

The management wants screwing up منتظمین کو چست کرنے کی ضرورت ہے ۔

Screwable کسنے کے قابل ۔

Screwy (scrōō-i) *adj.* & *n.* Worthless, exacting سختی کرنے والا ۔ ناکارہ ۔ بد لگام گھوڑا ۔ بوڑھا ٹٹو ۔ شریر گھوڑا ۔

Screwed *adj.* (بول چال) بد مست ۔ ناکارہ ۔ نکما ۔ بد لگام ۔ شریر ۔

Scribble (skrib-l) *n.*, *v.t.* & *i.* Scrawl, write badly بد خط تحریر ۔ بد خط لکھنا ۔ بے پروائی سے گھسیٹ دینا ۔ تک بند ہونا ۔ تک بندی کی شاعری کرنا ۔

Scribble diary یاد داشتیں لکھنے کی بیاض ۔ معمولی روزنامچہ ۔

Scribbler *n.* بد خط ۔ شکست لکھنے والا ۔ تک بند ۔

Scribe (skrīb) *n.* & *v.t.* A teacher of Mosaic law کاتب ۔ خوش نویس ۔ منشی ۔ شریعت موسوی کا معلم یا مبلغ ۔ وقائع نگار ۔ معمار کا گنیا ۔ خط ڈالنا ۔ نشان لگانا ۔

Scribal *adj.* کاتب یا کتاب سے متعلق ۔

Scriber *n.* گنیا لگانے والا ۔ نشان لگانے والا ۔ خط کش ۔

Scrimmage (skrim-ij) *n.* A tussle, a scrum کش مکش ۔ چھینا جھپٹی ۔ گتھم گتھا ۔

Scrum *n.* اسکریمج کا مخفف ہے ۔

Scrimp (skrimp) *v.t.*, *i.* & *adj.* Scanty, be niggardly سکیڑنا ۔ تنگ کرنا ۔ چھوٹا کرنا ۔ بخیل ہونا ۔ کنجوسی کرنا ۔ تنگ ۔ قلیل ۔

Scrimpy *adj.* بخیل ۔ سخت کفایت شعار ۔

Scrimshank (skrim-shank) *v.i.* Avoid doing work کام چور ہونا ۔ کام سے کترانا ۔

Scrimshaw (skrim-shaw) *v.t.*, *i.* & *n.* A sailor's spare time handicraft فرصت کے اوقات میں نقش و نگار بنانا ۔ گلکاری کرنا ۔ جڑائی کرنا ۔

Scrip (skrip) *n.* A writing, a scrap of paper رقعہ ۔ چٹھی ۔ پرزہ ۔ فقیر کی جھولی ۔ زنبیل ۔ کشکول ۔ بستہ ۔ جزدان ۔ کچی رسید ۔ صداقت نامہ ۔

Script (skript) *n.* A writing تحریر ۔ دستاویز ۔ نوشت ۔ کسی زبان کا طرز تحریر ۔ رسم الخط ۔ تحریری حروف ۔

Scription (skrip-shən) *n.* A written note نوشتہ ۔ تحریر ۔

Scriptorium (skrip-tō-ri-əm) *n.* A writing room لکھنے کا کمرہ ۔ کتابت کا کمرہ ۔

Scriptural (skrip-tu-rəl) *adj.* Warranted by Scripture کتاب مقدس کے مطابق ۔ توریتی ۔ انجیلی ۔

Scripturalist *n.* انجیلی ۔ کتابی ۔ منقولات کا قائل ۔

Scripture (skrip-tyər) *n.* Some thing written, the Bible, the Biblical text انجیل ۔ توریت ۔ زبور ۔ صحیفے ۔ کتاب ۔ تحریر مقدس ۔ کتاب مقدس ۔ کتاب اللہ ۔ الہامی کتاب کا اقتباس ۔ کتبہ ۔ نوشتہ ۔

Scrivener (skriv-nər) *n.* A scribe, a copyist نقل نویس ۔ کاتب ۔ عرائض نویس ۔ نویسندہ ۔ خطاط ۔ خوش نویس ۔ سود پر روپیہ دینے والا ۔ مہاجن ۔ ساہوکار ۔

Scrofula (skrof-ū-lā) *n.* Tuberculosis کنٹھ مالا ۔ گھینگھا ۔ خنازیر ۔ تپ دق ۔
  Scrofulous *adj.* تپ دق کی ۔ خنازیری ۔

Scroll (skrōl) *n., v.t. & i.* A roll of paper or parchment کاغذ کا پلندا ۔ لپٹا ہوا کاغذ ۔ لکھے ہوئے کاغذ کا پلندا ۔ مرغول ۔ سارنگی کا سرا ۔ نقش و نگار ۔ بیل بوٹے ۔ لپیٹنا ۔ بل دینا ۔ پلندا بنانا ۔ بیل بوٹے بنانا ۔ بیل بوٹے کاڑھنا ۔

Scroop (skrōōp) *n. & v.t.* A scrapping noise کرخت آواز ۔ کرخت آوازیں نکالنا ۔

Scrotum (skro-təm) *n.* The bag that contains testicles خصیوں کی تھیلی ۔ فوطے ۔
  Scrotal *adj.* خصیوں کا ۔ فوطہ دانی کا ۔
  Scrotitis *n.* خصیہ دانی کا ورم یا سوزش ۔

Scrounge (skrownj) *v.t. & i.* Cadge, hunt around, sponge قبضہ کرنا ۔ دبا بیٹھنا ۔ مارے مارے پھرنا ۔ بھیک مانگنا ۔ بھیک مانگ کر حاصل کرنا ۔
  Scrounger *n.* مانگنے والا ۔ قبضہ جمانے والا ۔ دبا بیٹھنے والا ۔

Scrub (skrub) *v.t., i. & n.* Rub hard ملنا ۔ گھسنا ۔ رگڑنا ۔ مانجنا ۔ جھاڑو سے صاف کرنا ۔ گیس کے بعض اجزا خارج کر دینا ۔
  I would rather scrub for my living مجھے جھاڑو دے کر اور برتن مانجھ کر پیٹ پالنا منظور ہے ۔
  Scrubbing board دھوبی کا پٹرا ۔
  Scrubber *n.* گیس کو صاف کرنے کا آلہ ۔ برش ۔ جھٹکن ۔ جھاڑو ۔

Scruff (skruf) *n.* The nape of the neck گردن کا پچھلا حصہ ۔ گدی ۔
  Take by the scruff of the neck گردن پکڑنا ۔

Scrumptious (skrump-shəs) *adj.* Delightful (بول چال) پر لطف ۔ مزیدار ۔ لذیذ ۔ عمدہ ۔

Scruple (skrōō-pl) *n., v.t. & i.* A small weight چند رتیوں کا وزن ۔ معمولی وزن ۔ ہلکا ۔ پس و پیش ۔ جھجک ۔ احتیاط ۔ اخلاقی عذر ۔ تامل ۔ پس و پیش کرنا ۔ تامل کرنا ۔ احتیاط برتنا ۔

Scrupulous (skrōō-pū-ləs) *adj.* Having doubts شکی ۔ وہمی ۔ محتاط ۔ باریک بین ۔ نکتہ چین ۔ احتیاط پسند ۔ صحت پسند ۔ صداقت پسند ۔
  Scrupulous attention انتہائی احتیاط ۔
  Scrupulous methods پر احتیاط طریقے ۔
  Scrupulous respect انتہائی احترام ۔
  Scrupulously *adv.* پورے غور و فکر سے ۔ حزم و احتیاط سے ۔

Scrutator (skrōō-tā-tər) *n.* A close examiner تنقیح کرنے والا ۔ تفتیش کرنے والا ۔ وہ شخص جو اخباروں کے مراسلات کی جانچ پڑتال کرتا ہے ۔

Scrutineer (skroo-ti-nyər) *n.* One who makes scrutiny specially of votes انتخاب میں رایوں کی تنقیح کرنے والا ۔ جانچ پڑتال کرنے والا ۔

Scrutinize (skroo-ti-nīz) *v.t.* Examine thoroughly امتحان کرنا ۔ دیکھ بھال کرنا ۔ جانچنا ۔ تحقیقات کرنا ۔

Scrutino (skrōō-ti-nō) *n.* Test امتحان ۔ آزمائش ۔ جانچ پڑتال ۔

Scrutoire (skroo-twar) *n.* A writing table لکھنے کی میز ۔

Scud (skud) *v.i., t. & n.* Slap, spank, drive before the wind, traverse swiftly ہوا ہو جانا ۔ تیزی سے پار کرنا ۔ بھاگ جانا ۔ طمانچہ مارنا ۔ جہاز کا ہوا کے رخ چلا جانا ۔ دوڑ دھوپ ۔ بہتا بادل ۔

Scuff (skuf) *v.t. & i.* Shuffle, graze لڑکھڑا کر چلنا ۔ گھسٹنا ۔ پاؤں گھسیٹ کر چلنا ۔

Scuffle (skuf-l) *v.i. & n.* Struggle confusedly دھکم دھکا کرنا ۔ کشتی میں لپٹ جانا ۔ دھینگا مشتی ۔ ہاتھا پائی ۔

Scug (skug) *n.* One who avoids society گوشہ نشین آدمی ۔ ایسا شخص جو میل جول نہ رکھے ۔ وہ جو مردانہ اخلاق و اطوار سے عاری ہو ۔

Scull (skul) *n., v.t. & i.* A short light oar ڈانڈ ۔ چپو ۔ ناؤ چلانا ۔ کشتی کھینا ۔

Sculler (skul-ər) *n.* One who sculls ایک چھوٹی کشتی ۔ مور پنکھی ۔ کھویا ۔ کشتی بان ۔

Scullery (skul-ər-i) *n.* A room for rough kitchen work برتن صاف کرنے کی جگہ ۔ باورچی خانہ سے ملا ہوا برتنوں کا کمرہ ۔

Scullion (skul-yən) *n.* A servant for drudgery برتن مانجنے اور دھونے والا ۔

Sculp (skulp) *v.t.* & *i.* Carve, engrave کندہ کرنا ۔ تراشنا ۔

Sculpin (skul-pin) *n.* A dragonet امریکہ کی ایک بحری خاردار بے مزہ مچھلی ۔

Sculptor (skulp-tər) *n.* An artist in carving سنگ تراش ۔ نقاش ۔ بت تراش ۔

Sculpture (skulp-tər) *n.* & *v.t.* Art of carving سنگ تراشی ۔ نقاشی ۔ مجسمہ سازی ۔ بت تراشی ۔ بت گری کرنا ۔ مجسمے بنانا ۔ نقاشی کرنا ۔

Sculptural *adj.* بت تراشی کے متعلق ۔ مجسمہ سازی کا ۔

Sculpturesque *adj.* بت نما ۔ مورت دار ۔

Sculpturally *adv.* مجسمہ سازی کے فن سے ۔ بت سازی کے نقطہ نظر سے ۔

Scum (skum) *v.t, i.* & *n.* Foam or froth کف ۔ جھاگ ۔ پھین ۔ میل ۔ پھپھوندی ۔ فضلہ ۔ تلچھٹ ۔ گاد ۔ ردی یا نکمی چیز ۔ جھاگ آنا یا لانا ۔ کف اتارنا ۔

Scummy *adj.* پھپھوندی لگا ہوا ۔ جھاگ دار ۔ کف دار ۔

Scumble (skum-bl) *v.t.* Soften the effect by lighting the colour or rubbing آہستہ رگڑ کر تصویروں کا رنگ ہلکا کرنا ۔ ہلکے رنگ کا ہاتھ پھیرنا ۔ رنگ ہلکا کرنا ۔

Scupper (skup-ər) *n.* A hole to drain ship's deck جہاز کا پرنالہ ۔ موری یا نالی ۔

Scupper (skup-ər) *v.t.* Slaughter (بول چال) بیڑا غرق کرنا ۔ یک بیک قتل عام کرنا ۔

Scurf (skurf) *n.* Crust of brauny scabs سر کی خشکی ۔ پپڑی ۔ بفا ۔ میل کچیل ۔ پھپھوندی کی تہہ ۔

Scurfy *adj.* پپڑیلا ۔ میلا کچیلا ۔ بھوسی دار ۔

Scurfiness *n.* خشکی کی زیادتی ۔ بفا ۔ بھوسی کی کثرت ۔

Scurril (e) (skur-il) *adj.* Like or worthy of a vulgar buffoon مسخرا ۔ بھانڈ ۔ کمینہ ۔ پاجی ۔ گندہ دہن ۔ بد زبان ۔

Scurrilously *adv.* بد زبانی سے ۔ فحش کلامی سے ۔ گالی گلوچ سے ۔

Scurrility *n.* گالی گلوچ ۔ بد زبانی ۔ فحش گوئی ۔

Scurry (skur-i) *v.t.* & *n.* Hurry briskly تیز تیز چلنا ۔ فرار ہو جانا ۔ کھسک جانا ۔ تیز روی ۔ سرسراہٹ ۔ مختصر اور تیز گھڑ دوڑ ۔

Scurvy (skur-vi) *adj.* & *n.* Shabby, contemptible رذیل ۔ کمینہ ۔ سفلہ ۔ قابل نفرت ۔ خون کا ایک مرض جس سے مسوڑے پھول جاتے ہیں اور جسم پر سیاہ داغ پڑ جاتے ہیں ۔ فساد خون ۔ خارش ۔

A scurvy fellow کمینہ آدمی ۔

A scurvy trick کمینہ پن کی چال ۔

Scurvied *adj.* خارش زدہ ۔ اسقربوط کا مریض ۔ فساد خون میں مبتلا ۔

Scut (skut) *n.* A short erect tail ہرن یا خرگوش کی چھوٹی دم ۔ کھڑی دم ۔

Scutage (skū-tij) *n.* A tax on a knight's fee وہ محصول جو بہادروں کی فیس پر قرون وسطیٰ میں لگایا جاتا تھا ۔

Scutch (skuch) *v.t.* & *n.* Dress by beating کوٹ کر سن صاف کرنا ۔ موٹا یا ادنیٰ درجے کا سن جو بچ رہے ۔ پٹ سن ۔

Scutcheon (skuch-ən) *n.* Ornamental brass round key hole نقشی پٹی جو قفل کے سوراخ کے ارد گرد لگائی جائے ۔ تختی ۔ لوح ۔

Scute (skūt) *n.* A dermal plate بڑی سپر ۔ بھاری ڈھال ۔ قد کے برابر کی سپر ۔ کھتنے کی چپنی ۔ کھپرا ۔ سخت چپٹی ہڈی ۔

Scutate, scutal *adj.* سپر سے منسوب ۔ سپر کے متعلق ۔ سپری ۔

Scuttle (skut-l) *n.* A shallow basket چھبڑی ۔ ڈلیا ۔ ٹوکری ۔ کوئلہ رکھنے کا ٹوکرا ۔

Scuttle (skut-l) *n.* & *v.t.* A hole, a trap door روشن دان ۔ ہوا دان ۔ موکھا ۔ سوراخ کرنا ۔ پیندے میں سوراخ کر کے جہاز کو ڈبو دینا ۔

Scuttle (skut-l) *v.i.* & *n.* Dash with haste بھاگ جانا ۔ فرار ہو جانا ۔ گریز ۔ فراری ۔

Scylla (silā) *n.* A six-headed dangerous monster who sat over a rock at Charybdis یونانی افسانوں کی ایک چھ سروں والی بلا جو ایک چٹان پر رہتی تھی اور جہاز والوں کو پکڑ کر کھا جاتی تھی ۔

Between Scylla and Charybdis } نہ جائے ماندن نہ پائے رفتن ۔ دو مصیبتوں میں پھنس جانا ۔

Scythe (skīdh) *v.t.* & *n.* An instrument with a curved blade for mowing - گھاس کاٹنے کی درانتی - ہنسیا - درانتی سے کاٹنا - فصل کاٹنا -

Sea (sē) *n.* A great mass of salt water - بحر - بحیرہ - سمندر - قلزم - موجہ - دریا - کثرت - بہتات - افراط -

A heavy sea طوفانی سمندر -

A sea of care بحر تفکرات -

A sea of troubles بے پناہ مصائب - بحر مصائب -

Mistress of the sea ملکۂ بحر - سب سے بڑی بحری طاقت -

Sea-dog ایک قسم کا دریائی بچھڑا - سگ بحری -

Sea-going جہاز جو سمندر میں سفر کے قابل ہو - بڑے سمندروں میں جانے والا جہاز -

Sea-worthy سمندر میں سفر کے قابل -

Sea-farer بحری سیاحت کرنے والا - بحر نورد - ملاح -

Seamanship بحر نوردی - ملاحی - جہاز رانی -

Sea-sick قے - متلی - بحری سفر کی بیماری -

Seal (sēl) *n.* & *v.t.* A sea animal ایک سمندری جانور جو مچھلیاں کھاتا ہے - سگ بحری - سیل کا شکار کرنا -

Seal (sēl) *n.* & *v.t.* A piece of wax مہر - چھاپ - مہر عدالت - مہر دفتر - تصدیق - ثبوت - ضمانت - ڈاٹ - زخم بند کرنے والی دوا - پانی روکنے والی ڈاٹ - مہر لگانا - سربہ مہر کرنا - چھپانا - مخفی کرنا -

His fate is sealed اس کی قسمت کا فیصلہ ہو چکا -

Is a sealed book to me - میرے لیے یہ سربستہ راز ہے

My lips are sealed مجھے بولنے کی اجازت نہیں - میرے لبوں پر مہر لگی ہے -

Sealer (sēl-ər) *n.* Seal-hunter - سگ دریائی کا شکاری -

Seam (sēm) *n.* & *v.t.* A line of junction between two edges سیون - ٹانکا - دو کوروں کا جوڑ - شکن - لکیر - چیری - پرت - طبقہ - سور کی چربی - داغ - نشان - سیون ملانا - جوڑ ملانا - دھاری بنانا -

Seamed *adj.* کور دار - جوڑ دار - سیون دار -

Seamstress (sēms-tres) *n.* A lady tailor سینے والی عورت - خیاطہ - درزن -

Seamy (sēm-i) *adj.* Having a seam کور دار - جوڑ دار -

Seamy side زندگی کا ناگوار پہلو - سلائی والا رخ - کپڑے کا الٹا رخ -

Seance (sa-ans) *n.* A sitting of spiritualists روحانی مفکرین کا حلقہ یا جلسہ -

Sear (sēr) *n.* The catch that holds a gun at cock لبلبی روک کھٹکا جو چڑھے ہوئے گھوڑے کو گرنے سے روکتا ہے -

Sear (sēr) *v.t.* & *adj.* Dry and withered - خشک - مرجھایا ہوا - خشک کرنا - داغ لگانا - مردہ کرنا - سخت کر دینا -

Search (sər-ch) *v.i., t.* & *n.* Explore, examine تلاش - جستجو - تجسس - دیکھ بھال - تفتیش کرنا - تحقیق کرنا - کھوج لگانا - دیکھنا بھالنا - سراغ لگانا -

Search men's hearts دلوں کو ٹٹولنا -

Searcher *n.* زخم دیکھنے کا آلہ - نشتر - سلائی - تلاش کرنے والا - ڈھونڈھنے والا -

Searching (sərch-ing) *n.* Examining - تحقیق - تفتیش - تلاش - جستجو -

Searchings of heart - ضمیر کی ملامت - احساس گناہ -

Season (sē-zn) *n.* & *v.t.* One of the four divisions of the year رت - موسم - فصل - سماں - مناسب موقع یا وقت - کچھ مدت تیار کرنا - پختہ کرنا - درست کرنا - عادی کرنا - خشک کرنا - چٹ پٹا بنانا - مزیدار کرنا - دلچسپ بنانا - اعتدال پر لانا -

A word in season بر محل نصیحت - حسب موقع مشورہ -

In season and out of season - موقع بے موقع -

Oysters are in season جھینگے سستے داموں مل سکتے ہیں - یہ جھینگوں کی فصل ہے -

Seasoned soldiers - سپاہی جس کو جنگ کا تجربہ ہے - آزمودہ کار سپاہی -

Seasonal *adj.* فصلی - ہنگامی - موسمی -

Seasoner *n.* مسالہ - مسالہ لگانے والا - خشک کرنے والا -

Seasoning *n.* مزہ - چٹ چٹا پن - پختہ ہو جانا - مسالہ لگانا - تیار کرنا - خشک کرنا -

Seasonable *adj.* برمحل - مسالہ لگانے کے قابل - محفوظ کرنے کے قابل - پختہ کرنے کے قابل -

Seasonable aid برمحل امداد ۔
Seasonable arrival بر وقت آمد ۔
Seasonableness *n.* وقت کی مناسبت ۔ موقع محل کی مناسبت ۔

Seat (sēt) *n.* & *v.t.* Any thing used for sitting بیٹھنے کا طریقہ ۔ بیٹھک ۔ نشست گاہ ۔ مونڈھا ۔ کرسی ۔ مسند ۔ چوکی ۔ صدر مقام ۔ دارالقرار ۔ مرکز ۔ مقام ۔ رکنیت ۔ ممبری ۔ نشست مہیا کرنا ۔ مضبوط کرنا ۔ پکا کرنا ۔ تلا چڑھانا ۔ پیندا چڑھانا ۔ زین لگانا ۔ نصب کرنا ۔ قائم کرنا ۔
A deep-seated disease کہنہ مرض ۔
The pindal is seated for 5000 پنڈال میں پانچ ہزار نشستیں ہیں ۔
The seated hills مضبوط جمے ہوئے پہاڑ ۔

Sebaceous (si-ba-shəs) *adj.* Tallowy ۔ چربیلا ۔ روغنی ۔ روغن دار ۔

Sebastan (si-bes-tən) *n.* An oriental fruit-bearing tree لسوڑا ۔ سپستان ۔

Sec (sek) *adj.* Dry, of wines ۔ (شراب) خشک ۔ بے مزہ

Secant (sē-kənt) *adj.* & *n.* Cutting نصف دائرے اور مماس کا وتر ۔ خط قاطع ۔

Secateur (sek-ə-tər) *n.* Pruning shears قینچی ۔

Secede (si-sēd) *v.i.* Withdraw الگ ہونا ۔ قطع تعلق کرنا ۔ علیحدہ ہو جانا ۔
Seceder *n.* وفاق سے نکل جانے والا ۔ کوئی ریاست جو مرکز سے الگ ہو جائے ۔ علیحدہ ہونے والا ۔ خارجی معتزلی ۔

Secernent (si-sərn-ənt) *adj.* & *n.* Separation جسم کی رطوبت خارج کرنے والا ۔ رطوبت خیز ۔

Secession (si-sē-shən) *n.* Separation پھوٹ ۔ افتراق ۔ جدائی ۔ علیحدگی ۔
Secessionism *n.* افتراقیت ۔ علیحدگی کا اصول ۔ افتراق پسندی ۔
Secessionist *n.* افتراق پسند ۔ علیحدگی پسند ۔

Seclude (si-klōōd) *v.t.* Shut off from association الگ رکھنا ۔ علیحدہ کرنا ۔ کنارہ کرنا ۔ صحبت سے گریز کرنا ۔ مجمع سے پرہیز کرنا ۔

Seclusion (si-klōō-zhən) *n.* Retirement, privacy علیحدگی ۔ تنہائی ۔ گوشہ نشینی ۔
Seclusionist *n.* خلوت نشین ۔ تنہائی پسند ۔
Seclusive *adj.* خلوت گیر ۔ کنارہ کش ۔ خلوت کا ۔

Second (sik-ənd) *adj. n.* & *v.t.* Next after or below the first دوسرا ۔ دوم ۔ ثانی ۔ مجازی ۔ نقلی ۔ آنرس کے امتحان کا دوسرا درجہ ۔ مکہ بازی میں فریق کا حامی ۔ ڈول میں لڑنے والے کا حامی یا مدد گار ۔ ثانیہ ۔ سیکنڈ ۔ لمحہ ۔ کم درجے کا سامان ۔ موٹے آٹے کی روٹی یا موٹا آٹا ۔ تائید کرنا ۔ حمایت کرنا (فوجی) برخواست کرنا ۔ معطل کرنا ۔
Second hand پرانا ۔ مستعملہ ۔
Second through غور ثانی ۔
Come off second beat آخری مقابلہ میں ہار جانا ۔
Play the second fiddle کسی کا تابع ہونا ۔
Second adventist حضرت عیسیٰ کے ظہور ثانی کا عقیدہ رکھنے والا ۔
Seconder *n.* حامی ۔ تائید کرنے والا ۔

Secondary (sek-ənd-a-ri) *adj.* & *n.* Subordinate دوسرے درجے کا ۔ ماتحت ۔ تابع ۔ نمائندہ ۔ وکیل ۔ گرجا کا چھوٹا عہدہ دار ۔ کیڑے کا پچھلا پر ۔ زمین کا دوسرا طبقہ ۔
Secondary education فوقانی ۔ وسطانی ۔ ثانوی ۔
Secondary school مدرسہ فوقانیہ ۔

Seconde (sek-ənd) *n.* Fencing position پٹہ بازی یا تیغ زنی کا پینترا ۔

Secondly (sek-ənd-li) *adv.* In the second place دوسرے درجے پر ۔ ثانیاً ۔ دوم ۔

Secrecy (sē-kri-si) Concealment بھید ۔ راز ۔ پردہ ۔ پوشیدگی ۔ اخفا ۔ تنہائی ۔ خلوت ۔ گوشہ گیری ۔ راز داری ۔ پردہ پوشی ۔ سکوت ۔
He promised secrecy اس نے اخفائے راز کا وعدہ کیا ۔
There can be no secrecy about it یہ بات چھپی نہیں رہ سکتی ۔

Secret (sē-krit) *adj.* & *n.* Kept back from knowledge of others خفی ۔ پوشیدہ ۔ راز ۔ اسرار ۔ مکتوم ۔ پادریوں کی عبادت ۔ خلوت ۔ اعضائے مخصوصہ ۔
Secret service راز کی خدمت ۔ محکمہ خفیہ ۔
Secret service money موازنہ محکمہ خفیہ ۔ مخفی اطلاعات کے حصول کے مصارف ۔

Secretly *adv.* خفیہ طور پر -

Secretaire (sēk-ri-tar) *n.* A secret repository لکھنے پڑھنے کی میز - کاغذات رکھنے کی الماری -

Secretary (sek-ri-tāri) *n.* Deputy to the minister معتمد - وزیر متعلقہ کا معتمد -

Secretarial (sek-ri-tā-ri-əl) *adj.* Of a secretary معتمد کا - معتمدی کا -

Secretariat (sek-ri-tā-ri-ət) *n.* A body of secretaries or their office - دفتر معتمدین - عہدہ معتمدی - وزیر متعلقہ کا دفتر معتمدی -

Secrete (sek-rēt) *v.t.* Give out, hide بدن کی رطوبت نکالنا - چھپانا - چھپا کے رکھنا -

Secretor *n.* نکالنے والا - خارج کرنے والا -

Secretory *adj.* بدن کی رطوبت نکالنے والا - افرازی -

Secretion (sek-rē-shən) *n.* The act of secreting افراز - اخراج - بدن کے رطوبات کا خون سے علیحدہ ہو جانا - ریزش - اخفا -

Secretive (sek-rē-tiv) *adj.* Given to secrecy دیر آشنا - کم گو - اخفا کا دلدادہ - رطوبت خیز - افرازی -

Secretively *adv.* رطوبت خیزی سے - راز داری کے لحاظ سے -

Secretiveness *n.* افرازیت - اخراج - اخفا پسندی -

Sect (sekt) *n.* A body of followers فرقہ - گروہ - طائفہ - جماعت - مذھبی فرقہ -

Sectarian *adj.* خاص جماعت کا - فرقہ بندی کا - فرقہ وارانہ -

Sectarianism *n.* فرقہ پرستی -

Sectarianize *v.t.* فرقوں میں تقسیم کرنا - فرقہ بندی کرنا - فرقہ - فرقہ بنانا -

Sectary (sekt-əri) *adj.* Narrow, exclusive فرقہ پرست - متعصب - تنگ نظر -

Section (sek-shən) *n.* & *v.t.* Division, portion ٹکڑا - قطع - حصہ - باب - فصل - شعبہ - ضمن - سطح - کاٹ - فوجی دستہ - پرا - فرقہ - فریق - گروہ - طائفہ تقسیم کرنا - ٹکڑے کرنا - ابواب یا دفعات میں ترتیب دینا -

Sectional *adj.* دفعہ وار - گروہ - طائفہ یا شعبہ سے متعلق -

Sectionalism *n.* تفریق پسندی - فرقہ بندی - پرستی -

Sectionally *adv.* قطعہ بندی کے لحاظ سے - دفعہ وار - فرقہ بندی کے طور پر -

Sector (sek-tər) *n.* A length or section of a fortified line حلقہ - قطعہ - حصہ - ایک پیندسی آلہ - قطعہ دائرہ -

Sectoral *adj.* حلقہ واری - قطعہ دائرہ سے متعلق -

Sectorial (sek-tō-ri-əl) *adj.* & *n.* Adopted for cutting کاٹنے اور چبانے کے قابل - نیچے اوپر کے دو دانت جو غذا کو کاٹتے ہیں -

Secular (sek-ū-lər) *adj.* Age long, not concerned with religion لادینی - لامذھبی - آزاد - غیر معین مدت کا - دنیاوی - ایسا پادری جو گرجا کے قواعد کا پابند نہ ہو -

Secular change - تبدیلی جو دنیاوی حالات سے پیدا ہو - تغیر جو بتدریج ہو -

Secular education - تعلیم جو انسانی اقدار پر مبنی ہو - غیر دینی تعلیم - دنیاوی تعلیم -

Secularism *n.* اخلاقیات - انسانیت - لادینیت -

Secularist *n.* اخلاقیات کا موید - غیر مذھبی تعلیم کا حامی -

Secularize *v.t.* اخلاقیاتی اقدار کا پرچار کرنا - غیر مذھبی بنانا -

Secularization *n.* اخلاقیات کو رواج دینے کا عمل - دنیاوی بنانے کا عمل -

Secularity *n.* لادینیت - غیر مذھبی ہونا - دنیا داری -

Secularly *adv.* دنیا داری کی رو سے - دنیاوی اعتبار سے -

Secund (se-kund) *adj.* All turned to the same side یک رخی پودا یا پھول - یک رخی -

Secundum-naturum (se-kundum-na-tu-rum) *adj.* In a natural way فطری طور پر - فطری انداز سے -

Secure (se-kūr) *adj.* & *v.t.* Without care or anxiety محفوظ - مامون - بے فکر - سادہ لوح - بھولا - بھروسہ کرنے والا - قابل اطمینان - متیقن - پر امید - محفوظ کرنا - محصور کرنا - نقصان سے بچانا - گرفتار کرنا - حراست میں رکھنا - پکڑ رکھنا - بند کرنا -

Secure existence پرسکون زندگی -

Securely *adv.* بے خطر - حفاظت سے -

Securable *adj.* حاصل کرنے کے لائق ۔ قابل حصول ۔

Security (si-kur-iti) *n.* State of being safe خاطر جمعی ۔ اطمینان ۔ سکون ۔ حفاظت ۔ محافظت ۔ سلامتی ۔ بچاؤ ۔ ضمانت ۔ کفالت ۔ کفیل ۔ ضامن ۔ وثیقہ ۔ ہنڈی ۔

Pride is security against meanness غرور کا ہونا کمینہ پن نہ ہونے کی ضمانت ہے ۔

Sedan(chair) (si-dan) *n.* Covered chair ڈولا ۔ ڈولی ۔ پالکی ۔ میانہ ۔ پینس۔(امریکہ) بند موٹر گاڑی جس میں چار نشستیں ہوتی ہیں ۔

Sedate (si-dat) *adj.* Composed پرسکون ۔ سنجیدہ ۔ حلیم الطبع ۔ متین ۔

Sedateness *n.* سنجیدگی ۔ تحمل ۔ متانت ۔

Sedative (si-dat-iv) *adj.* Composing مسکن دوا ۔ سکون بخش ۔

Sedefendendo (si-di-fen-den-do) *adj.* In self defence خود حفاظت اختیاری میں ۔ اپنے بچاؤ کیلئے ۔

Sedentary (se-dən-təri) *adj.* & *n.* Sitting much بیٹھا رہنے والا ۔ سست ۔ کاہل ۔

Sederunt (si-de-r-unt) *n.* In Scotland a sitting as of a court جلسہ ۔ نشست ۔ صحبت ۔ پنچائت ۔

Sedge (sej) *n.* Any plant of the species of carex ایک قسم کی گھاس جو مرطوب زمین میں ہوتی ہے ۔ سیج ۔ اس گھاس کا تختہ ۔

Sedgy *adj.* سیج گھاس کی کثرت کا (علاقہ) ۔

Sediment (sed-i-mənt) *n.* What settles at the bottom گاد ۔ دُرد ۔ تلچھٹ ۔

Sedimentary *adj.* تلچھٹ ملا ۔ گدلا ۔ تہہ میں بیٹھا ہوا ۔

Sedition (si-dish-ən) *n.* Insurrection بغاوت ۔ سرکشی ۔ حکومت کی مخالفت ۔ فساد ۔ فتنہ ۔

Seditious *adj.* پرفتور ۔ مفسدانہ ۔ باغیانہ ۔

Seditiousness *n.* فساد انگیزی ۔ سرکشی ۔ بغاوت پر آمادہ ہونا ۔

Seduce (si-dus) *v.t.* Lead astray, entice اغوا کرنا ۔ بہکانا ۔ ورغلانا ۔ گمراہ کرنا ۔ بے عصمت کرنا ۔ آبرو ریزی کرنا ۔ (عورت کو) بھگا لے جانا ۔

Seducible *adj.* جو بہکانے میں آ جائے ۔ اغوا کے لائق ۔ ورغلانے کے قابل ۔

Seducingly *adv.* ورغلاتے ہوئے ۔ بہکاتے ہوئے ۔

Seducement *n.* پھسلاوا ۔ بہکاوا ۔ اغوا ۔

Seducer *n.* بھگا کر لے جانے والا ۔ بہکانے والا ۔

Seduction (si-duk-shən) *n.* Allurement بہکاوا ۔ ترغیب ۔ اغوا ۔

Seductive *adj.* بہکانے والا ۔ بھاگنے پر آمادہ کرنے والا ۔ دلکش ۔

Seductively *adv.* دلکشی سے ۔ دل فریبی سے ۔

Seductiveness *n.* دل فریبی ۔ دلکشی ۔

Sedulous (sed-u-ləs) *adj.* Assiduous محنتی ۔ سرگرم ۔ مشقت پسند ۔ جفاکش ۔ ثابت قدم ۔

With sedulous care پوری احتیاط سے ۔ تن دہی سے ۔

Sedulity *n.* تن دہی ۔ مشقت ۔ ثابت قدمی ۔ جفاکشی ۔ مستعدی ۔

See (se) *v.t.* & *i.* Recognise, perceive دیکھنا ۔ نظر کرنا ۔ تاکنا ۔ غور کرنا ۔ سمجھنا بوجھنا ۔ معلوم کرنا ۔ دھیان کرنا ۔ محسوس کرنا ۔ ملاقات کرنا ۔ معائنہ کرنا ۔ خبرداری کرنا ۔ نگرانی کرنا ۔ تصور کرنا ۔ خیال کرنا ۔ پہنچانا ۔ ساتھ دینا ۔ دور کرنا ۔ پرکھنا ۔ تحقیق کرنا ۔ احتیاط کرنا ۔ مناسب سمجھنا ۔ خوشی سے قبول کرنا ۔

See eye to eye ہم خیال ہونا ۔

See visions صاحب بصیرت ہونا ۔ روشن ضمیر ہونا ۔

See the sights قابل دید مقامات کی سیر کرنا ۔

Seer *n.* صاحب کشف ۔ روشن ضمیر ۔ اہل دل ۔ صاحب بصیرت ۔

See (se) *n.* Seat of authority, a diocese اسقف اعظم کا علاقہ یا حکومت ۔ اسقف اعظم کا صدر مقام ۔

Holy See or See of Rome نظام پاپائی ۔ پوپ کا منصب ۔

Seed (sed) *v.t.*, *i.* & *n.* That which is sown تخم ۔ بیج ۔ نطفہ ۔ منی ۔ اصل ۔ مادہ ۔ بنیاد ۔ جڑ ۔ نسل ۔ اولاد ۔ بیج ہونا ۔ تخم ریزی کرنا ۔ پھل سے بیج علیحدہ کرنا ۔ بیج پک کر گرنا ۔ (کھیل) اچھے کھلاڑیوں کو معمولی کھلاڑیوں سے علیحدہ کرنا ۔

Seedsman بیجوں کا تاجر ۔ تخم فروش ۔

Seed pearl چھوٹا موتی ۔

Seed time تخم ریزی کا وقت ۔

Seeding plough بیج بونے کا ہل ۔ بیج ہل ۔

Seeder *n.* - انڈے دینے پر تیار مچھلی - بیج بونے کی مشین
Seedling (sēd-ling) *n.* A plant reared from the seed پنیری - روپ - ننھا پودا -
Seedy (sēd-i) *adj.* Full of seeds - بیج بھرا - تخم دار - پودا جو پھول نہ دے (بول چال) پھٹا پرانا - بوسیدہ - پھٹے حالوں - علیل - ایک برانڈی جس میں کسی خاص پودے یا گھاس کی خوشبو ہو جو انگور کے باغ میں اگا ہو -
Seedily *adv.* مریض کی طرح - پھٹے حالوں - خستہ حالی سے -
Seediness *n.* پھٹے حالوں - ناسازی مزاج - علالت -
Seek (sēk) *v.t.* & *i.* Look for - ڈھونڈھنا - تلاش کرنا - کھوج لگانا - سراغ لگانا - مانگنا - درخواست کرنا - سوال کرنا - درپے ہونا - کوشش کرنا - پتہ لگانا - کمیاب ہونا -
Politeness is much to seek among them } ان میں خوش خلقی کا مادہ ہی نہیں -
Seeker *n.* ایک چھوٹی دوربین - جوئندہ - متلاشی -
To seek بے کس -
Seel (sēl) *v.t.* Sew up the eyelids of a hawk باز کے پپوٹے سی دنیا - باز کی آنکھیں بند کر دینا - دھوکا دینا - آنکھوں میں دھول جھونکنا -
Seem (sēm) *v.i.* Appear معلوم ہونا - سوجھنا - سجھائی دینا - نظر آنا - دکھائی دینا -
Do not appear to کسی نہ کسی وجہ سے - نہیں معلوم کیوں -
I do not seem to like him نہیں معلوم کیوں میں اسے پسند نہیں کرتا -
Seeming (sēm-ing) *adj.* Appearing - ظاہر - عیاں - ظاہری - ظاہر کا -
A seeming friend دکھاوے کا دوست -
Seemingly *adv.* - دکھاوے کے طور پر - دیکھنے میں - بظاہر -
Seemly (sēm-li) *adv.* & *adj.* Becoming, decent خوشنما - زیبا - خوش نمائی سے - خوش اسلوبی سے -
Seemliness *n.* - معقولیت - موزونیت - زیبائی - خوش نمائی
Seep (sēp) *v.i.* Ooze, percolate ٹپکنا - رسنا - قطرہ قطرہ بہنا -

Seer (sēr) *n.* Indian weight of about 2 Lbs - سیر - دو پاؤنڈ -
Seerband (sēr-band) *n.* Turban - پگڑی - سربند -
Seer-sucker (sēr-suk-ər) *n.* Milk and sugar شیر و شکر -
See-saw (sē-saw) *adv., adj., v.t.,* & *n.* Up and down motion, a balancing plank بچوں کا تختہ کا جھولا - ہنڈولا - لمبے تختے کا دو آدمیوں کا جھولا - نیچے اوپر - ہنڈولے کی طرح نیچے اوپر حرکت کرنا - نیچے اوپر حرکت کرتے ہوئے اپنے برتاؤ میں مذبذب ہونا - ڈھل مل پالیسی -
Seethe (sēdh) *v.t.* Boil - ابالنا - جوش دینا - کھولانا - جوش میں آنا - غصہ کرنا -
Segment (seg-mənt) *v.t., i.* & *n.* A part cut off پھانک - قاش - ٹکڑا - قتلا - ٹکڑے کرنا - قاشیں تراشنا - شگوفہ دار ہونا - کلی دار ہونا -
Segmental } *adj.* پھانک کی طرح کا - قاش دار -
Segmentary } قتلوں کے متعلق -
Segmentation *n.* ٹکڑوں میں تقسیم ہونا - ٹکڑے ٹکڑے ہونا -
Segnitude (seg-ni-tūd) *n.* Indolence - سستی - کاہلی
Segregate (seg-ri-gāt) *v.t.* & *i.* Set apart - جدا کرنا - الگ کرنا - علیحدہ رکھنا - تنہا رہنا -
Segregation *n.* تفریق - علیحدہ رکھنا - جدائی - علیحدگی -
Segregative *adj.* - جدا کرنے والا - علیحدگی پسند
Segregate (seg-ri-gāt) *adj.* Separate, solitary علیحدہ کیا ہوا - علیحدہ - تنہا -
Seidlitz powder (sed-lits-powder) *adj.* & *n.* An aperient powder سڈلٹ کا سفوف - یہ دو سفوف ہوتے ہیں جو الگ الگ پانی میں حل کرنے کے بعد ملائے جاتے ہیں - یہ ایک ملین دوا اور مسہل ہے -
Seigneur (sen-yər) *n.* A title of address, a feudal lord - مالک - آقا - تعلقدار - جاگیر دار - رئیس - حضور والا - جناب عالی -
Seigniorial *adj.* تعلقدارانہ - رئیسانہ -

Seigniorage (sen-yər-aj) *n.* King's royalty in minerals or currency چاندی سونے کے سکوں پر شاہی حق ۔

Seigniory (sen-yər-i) *n.* A domain تعلقہ ۔ علاقہ ۔ جاگیر ۔ جاگیر داری ۔ امارت ۔

Seine (sān) *n.* & *v.t.* A large vertical fishing net مہا جال ۔ ماہی گیری کا بڑا جال جو پانی میں سیدھا کھڑا رہتا ہے ۔ ایسے جال سے مچھلیاں پکڑنا ۔

Seiner *n.* مہا جال سے مچھلیاں پکڑنے والا ۔

Seismic (sēz-mik) *adj.* Pertaining to earthquake زلزلے کا ۔ بھونچال کے متعلق ۔

Seismograph *n.* زلزلہ پیما ۔ ایک آلہ جس سے زلزلے کی قوت اور مقام معلم ہوتا ہے ۔

Seismography *n.* فن زلزلہ پیمائی ۔ زلزلے کی قوت کا پتہ لگانا ۔ زلزلہ پیمائی ۔

Seismologist *n.* ماہر ارتعاش ارضی ۔ علم زلزلہ کا ماہر ۔

Seize (sēz) *v.t.* Take possession of, grasp suddenly پکڑ لینا ۔ قبضہ میں کر لینا ۔ تصرف میں لانا ۔ چھین لینا ۔ جبراً لے لینا ۔ قرق یا ضبط کر لینا (جہاز رانی) رسی سے باندھنا اور کوڑے لگانا ۔ سمجھ لینا ۔ تاڑ لینا ۔ مشینوں کا جکڑ جانا ۔ یا رک جانا ۔

He was seized with panic اس پر دہشت طاری ہو گئی ۔

He was seized with remorse وہ عرق ندامت میں ڈوب گیا ۔

Seizable *adj.* لائق گرفت ۔ قرق یا ضبطی کے قابل ۔ قبضہ کرنے کے قابل ۔

Seizing *n.* ضبطی ۔ قرقی ۔ گرفتاری ۔ گرفت ۔

Seizor *n.* حراست میں لینے والا ۔ قرق کرنے والا ۔

Seizure (si-zhər) *n.* A sudden fit ضبطی ۔ قرق ۔ گرفتاری ۔ مرض کا دورہ ۔ بیماری ۔

Sejant (se-jənt) *adj.* Sitting like a cat بلی کی طرح بیٹھا ہوا ۔

Sekos (sē-kos) *n.* A sacred enclosure معبد ۔ مندر یا درگاہ کا احاطہ ۔

Seladang (se-lā-dang) *n.* The gaur ملایا کے علاقہ کا بڑا سانڈ ۔

Selamlik (se-lam-lik) *n.* Men's part of a Muslim house مردانہ بیٹھک ۔ دیوان خانہ ۔ مردوں کے بیٹھنے کا کمرہ جو زنان خانہ سے علیحدہ ہوتا ہے ۔

Seldom (sel-dəm) *adv.* Rarely بہت کم ۔ شاذو نادر ۔ کبھی کبھار ۔ گاہے گاہے ۔

Select (si-lekt) *adj.* & *v.t.* Picked out, to pick out by preference منتخب ۔ پسندیدہ ۔ چیدہ ۔ نادر ۔ عمدہ ۔ نفیس ۔ مستثنیٰ ۔ انتخاب کرنا ۔ چھانٹنا ۔ چننا ۔

Select committee پارلیمنٹ کی منتخبہ کمیٹی ۔ مجلس منتخبہ ۔

Selective *adj.* انتخاب کے متعلق ۔ انتخابی ۔

Selector *n.* چننے والا ۔ منتخب کرنے والا ۔

Selection (si-lek-shən) *n.* Thing or person selected, act of selecting انتخاب ۔ پسندیدگی ۔ منتخب ہونا ۔ چھانٹ ۔ ارتقا میں بہتر اور مضبوط نوع کا باقی رہنا ۔

Selectivity (se-lek-tiv-iti) *n.* Ability to discriminate, catching correct station کسی خاص نشر کو خاص مقام سے پکڑ لینا ۔ قوت انتخاب ۔

Selenite (sel-i-nīt) *n.* A moon-dweller کھریا مٹی ۔ کھریا نمک ۔ چاند کا باسی ۔

Selenium (sel-i-ni-əm) *n.* A non-metallic element ایک غیر معدنی عنصر ۔ سیلی نیم ۔

Selenography (sel-i-nog-rə-fi) *n.* Study of the moon's surface چاند کا علم ۔ سطح قمر کے طبعی حالات کا علم ۔ علم القمر ۔ چاند کی مساحت ۔

Selenographer (sel-i-nog-rə-fer) *n.* One who makes study of moon's physical features چاند کے طبعی حالات کا ماہر ۔

Selenologist (sel-i-no-log-ist) *n.* One who studies moon چاند کے علم کا عالم ۔ چاند کی تحقیق کرنے والا ۔ چاند کی طبعی حالت کا عالم ۔

Self (self) *n.* Personality, ego خود ۔ آپ ۔ انا ۔ ذات ۔ نفس ۔ خودی ۔ ذاتی اغراض یا مقاصد ۔ یکساں رنگ کا پھول ۔

Study of the self نفس یا ذات کا مطالعہ ۔

His former self جیسا کہ وہ پہلے تھا ۔ اگلا وجود ۔ اگلا جنم ۔

His better self اس کی فطرت کا اچھا پہلو ۔
Self (self) *prefix* By, of, in relation to oneself or itself سابقہ بمعنی : اپنے آپ ، خود ۔
Self-abasement اپنی آپ تذلیل ۔ بے جا انکسار ۔
Self-accuser *n.* خود کو ملزم قرار دینے والا ۔
Self-accusatory *adj.* خود کو ملزم ٹھیرانے والی ۔ خود الزامی ۔
Self-evident *adj.* بدیہی ۔ صریحی ۔ اظہر من الشمس ۔
Self-conceited *adj.* خود بین ۔ متکبر ۔ خود فریب ۔
Self-absorption *n.* اپنی ذات میں محویت ۔ انہاک بالذات ۔
Self-confidence اعتماد بالذات ۔ خود اعتمادی ۔
Self-conscious *adv.* وہ شخص جس کو اپنی ہی فکر ہو ۔ خود نگر ۔ خود فکر ۔ خود احساس ۔
Self-consciousness *n.* اپنے نفس کی فکر کرنا ۔ خود حسی ۔ خود شعوری ۔
Self-righteous *adj.* خود کو پاکباز سمجھنے والا ۔ خود پسند ۔
Self-seeking *adj.* & *n.* خود غرضی ۔ خود مطلبی ۔ خود غرض ۔ خود مطلب ۔
Self-sufficient *adj.* & *n.* جو اپنی ہر چیز کو مکمل سمجھے ۔ بے نیاز ۔ مغرور ۔ خود کفیل ۔
Self-sufficiency *n.* غرور ۔ خود بینی ۔ بے نیازی ۔
Self-abuse *n.* جلق ۔ مشت زنی ۔ غلط کاری ۔
Self-admiration *n.* خود ستائی ۔ خود پسندی ۔
Self-aggrandizement *n.* نامناسب طور پر دولت جمع کرنا ۔ اپنے لیے سب کچھ کرنا ۔ خود پروری ۔
Self-asserting *adj.* اپنی بات زور سے منوانے والا ۔ اپنے آپ پر زور دینے والا ۔ اپنے آپ کو نمایاں کرنے والا ۔
Self-assumed *adj.* خود اختیار کیا ہوا ۔ خود ساختہ ۔
Self-centred *adj.* خود مطلب ۔ محو بالذات ۔
Self-communion *n.* اپنی ذات کی چھان بین ۔ محاسبہ نفس ۔
Self-complacent *adj.* جو تن آسانی سے مطمئن ہو ۔ آسودہ خاطر ۔
Self-conquest *n.* فتح نفس ۔ اپنے نفس پر قابو پانا ۔
Self-contempt *n.* اپنے آپ کو حقیر سمجھنا ۔ خود تذلیلی ۔
Self-control *n.* اپنے نفس پر قابو رکھنا ۔ ضبط نفس ۔
Self-deception *n.* فریب نفس ۔ خود فریبی ۔
Self-defence *n* حفاظت ذات ۔
Self-delusion *n.* اپنے آپ کو کسی وہم میں مبتلا کر لینا ۔ خود فریبی ۔
Self-denying *adj.* نفس کش ۔ من مار ۔
Self-denial *n.* نفس کشی ۔ ایثار ۔
Self-depreciation *n.* اپنے آپ کو کم سمجھنا ۔ خود استخفافی ۔
Self-determination *n.* اپنے متعلق فیصلہ کرنے کا حق ۔ خود مختاری ۔
Self-devotion *n.* اپنے فائدے کے لیے محنت کرنا ۔ کسی امر کے حصول کے لیے جان لڑانا ۔ جان نثاری ۔
Self-discipline *n.* ضبط نفس ۔
Self-disparagement *n.* اپنے عیوب ظاہر کرنا ۔ اپنی ذات کو گھٹانا ۔
Self-educated *adj.* اپنی ذات سے تعلیم حاصل کرنے والا ۔ خود آموختہ ۔
Self-esteem *n.* عُجب ۔ خود پسندی ۔
Self-flattering *adj.* خود ستایانہ ۔
Self-glorification *n.* خود ستائی ۔ اپنی بڑائی ۔ بڑبھس ۔
Self-governing *adj.* سوراجی ۔ خود اختیاری ۔
Self-help *n.* اپنی مدد آپ کرنا ۔ خود کوشی ۔
Self-immolation *n.* اپنی ذات کو لاشے سمجھنا ۔ ایثار ۔ خود نثاری ۔
Self-important *adj.* اپنی ذات کو اہم سمجھنے والا خود پندار ۔
Self-importance *n.* بے جا غرور ۔ خود پنداری ۔
Self-inflicted *adj.* خود عائد کردہ ۔ خود آوردہ ۔
Self-interest *n.* خود غرضی ۔ ذاتی فائدہ ۔
Self-love *n.* انانیت ۔ حب ذات ۔
Self-made *adj.* جس نے اپنی محنت سے ترقی کی ہو ۔ خود ساختہ ۔
Self-opinionated *adj.* خود پسند ۔ خود رائے ۔
Self-pleasing *adj.* نفس پرست ۔
Self-possessed *adj.* اپنے آپ پر قابو پانے والا ۔ متحمل ۔ ٹھنڈے مزاج کا ۔

Self praise *n.* خود ستائی ۔

Self-realization *n.* معرفت ذات ۔

Self-reliance *n.* خود اعتمادی ۔

Self-reproach *n.* شماتت ضمیر ۔ ملامت نفس ۔ خود ملامتی ۔

Self-respect *n.* غیرت مندی ۔ خود داری ۔

Self-restrained *adj.* صابر ۔ اپنے نفس پر جبر کرنے والا ۔

Self-sacrifice *n.* نفس کی قربانی ۔ ایثار ۔

Self-same *adj.* ہو بہو وہی ۔ بالکل وہی ۔

Self-satisfaction *n.* اطمینان ذات ۔ خود اطمینانی ۔

Self-starter *n.* (موٹر کا) چال پرزہ ۔ خود چالو ہونے والی ۔

Self-suggestion *n.* خود اپنی ذات کو ہدایت کرنا ۔ اشارہ نفس ۔ تعلیم نفس ۔

Self-supporting *adj.* خود پرور ۔ اپنی ذاتی آمدنی سے گزارہ کرنے والا ۔

Self-sustaining *adj.* خود گزار ۔ اپنا بوجھ خود اٹھانے والا ۔

Self-torture *n.* اپنے آپ کو عذاب دینا ۔ خود آزاری ۔

Self-worship *n.* خود پرستی ۔

Selfish (self-ish) *adj.* Centred in the self خود غرض ۔ خود مطلب ۔ نفس پرور ۔ ابن الغرض ۔ نفس پرست ۔

Selfishness *n.* خود غرضی ۔

Selfless (self-les) *adj.* Self-denying بے غرض ۔ بے نفس ۔ جس کو اپنا فائدہ مقصود نہ ہو ۔

Selflessness *n.* بے نفسی ۔ بے غرضی ۔

Seljuk (sel-jook) *n.* A member of any one of the Turkish dynasties سلجوق ۔ ترکوں کا ایک مشہور شاہی خاندان ۔

Sell (sel) *v.t., i. & n.* Give up for money بیچنا ۔ فروخت کرنا ۔ بیع کرنا ۔ مول دینا ۔ کسی شے کا ذخیرہ کرنا ۔ دکان دار ہونا ۔ روپے یا صلے کی خاطر بے وفائی کرنا ۔ رشوت لے کر ناجائز کام کرنا ۔ دغا دینا ۔ جھانسا ۔ وعدہ خلافی ۔ خوب بکنا ۔ بکری ۔ فروخت ۔

Sell one's self dearly دشمن کو مار کر مارا جانا ۔

Sell one a pup (بول چال) دھوکا دینا ۔ دھوکا دے کر لوٹ لینا ۔

Seller *suffix* لاحقہ بمعنی بیچنے والا ۔

Selvage-vedge (sel-vij) *n.* A differently finished edge of cloth کنارہ ۔ کنّی ۔ کور ۔ بیل ۔

Semaphore (sem-ə-for) *n., v.t. & i.* Flag for signalling جھنڈی ۔ جھنڈی ہلا کر اشارہ کرنا ۔

Semasiology (si-ma-zi ol-ə-ji) *n.* Science of the meaning of words کسی زبان کے الفاظ کے معنی کا علم ۔

Sematic (si-ma-tik) *adj.* Of deep colour جانوروں کا رنگ ۔ گہرا ۔ روشن ۔

Semblance (sem-bləns) *n.* Likeness ملتی ہوئی صورت ۔ میل ۔ مشابہت ۔

Bears the semblance of an angel and the heart of a devil } شکل فرشتوں کی اور دل شیطان کا ہے ۔

Semeiology (sem-i-lo-ji) *n.* Study of symptoms علم تشخیص امراض ۔ علامات سے مرض تشخیص کرنا ۔

Semen (se-men) *n.* The liquid that carries spermatozoa منی ۔ نطفہ ۔ دھات ۔ غلیظ پانی ۔

Semester (si-mes-tər) *n.* Half-yearly university course شش ماہی میقات جامعہ ۔

Semi (sem-i) *prefix* Half سابقہ بمعنی نصف ۔ آدھا ۔

Semi-annual شش ماہی ۔

Semi-circle نیم دائرہ ۔

Semi-colon متوسط وقف (;) ۔

Semi-detached مکان جس کا کچھ حصہ دوسرے مکان سے ملا ہوا ہو ۔ نیم واصل ۔

Semi-final آخری کھیل سے پہلے کا کھیل ۔

Semi-official نیم سرکاری ۔

Semi-tropical منطقہ حارہ کے قریب ۔ نیم حارہ ۔

Seminal (sem-in-l) *adj.* Pertaining to seed or semen منی یا تخم کے متعلق ۔ نُطفے کا ۔ مادہ حیات کا ۔ بنیادی ۔ اصلی ۔ بڑھنے والا ۔

In the seminal state ابتدائی حالت میں ۔ نُطفے کی حالت میں ۔

Seminal fluid غلیظ پانی ۔ نطفہ ۔ منی ۔

Seminal principles اساسی اصول ۔ ابتدائی اصول ۔

Seminar (sem-in-ar) *n.* Advanced students carrying on higher studies under a teacher اعلیٰ جماعت کے طلبا جو پروفیسر کی نگرانی میں تحقیقاتی کام کرتے ہیں ۔

Seminary (se-min-ər-i) *n.* A seed plot کم عمر طلبا کا مدرسہ ۔ بیج بونے کا خطہ ۔ نرسری ۔

Semination (sem-i-na-shən) *n.* Sowing, seeding تخم ریزی ۔ تخم ڈالنا ۔ بوائی ۔ پودے تیار کرنا ۔

Seminiferous (sem-in-i-fe-rəs) *adj.* Seed-bearing, carrying semen تخم آور ۔ نطفہ دار ۔

Semiology (sem-io-lo-ji) *n.* Science of diagnoses علم تشخیص امراض ۔

Semite (sem-it) *adj.* & *n.* A member of Semitic race سام کی اولاد ۔ سامی نسل کا ۔ سامی نسل میں عبرانی ، ارمنی ، عربی ، حبشی ، شامی ، مصری شامل ہیں ۔

Semitic *adj.* & *n.* سامی نسل یا زبان کا ۔ سامی ۔

Semitism *n.* سامی زبان کا محاورہ ۔ سامیت ۔

Semitist *n.* سامی ادب اور زبان کا ماہر ۔ سامیات کا ماہر ۔

Semitize *v.t.* سامی تہذیب میں لانا ۔ سامی بنانا ۔

Semolina (sem-ə-le-na) *n.* Hard particles of wheat flour سوجی ۔ روا ۔

Sempstress (semps-tres) *n.* Seamstress دیکھو

Senarius (sen-ə-ri-əs) *adj.* Of six parts شش رکنی بحر ۔ بحر مسدس ۔ چھ رکنی شعر کی بحر ۔

Senary (sen-ə-ri) *adj.* Based on six چھ کا ۔ شش گانہ ۔

Senate (sen-it) *n.* Governing body of ancient Rome, governing body of a university مجلس منتظمین ۔ مجلس رفقائے جامعہ ۔ مجلس وضع قوانین کا ایوان بالا ۔ مجلس قانون ساز ۔

Senator (sen-it-ər) *n.* A member of a governing body مجلس انتظامی کا رکن ۔ مجلس قانون ساز کا رکن ۔

Senatorial *adj.* مجلس انتظامی کا ۔ مجلس اکابرین کا ۔

Senatc·ship *n.* سینٹ کی رکنیت ، عہدہ اور حقوق ۔

Send (send) *v.t.* & *i.* Cause, direct or tell to go بھیجنا ۔ ارسال کرنا ۔ روانہ کرنا ۔ کہلا بھیجنا ۔ پیام بھیجنا ۔ چلنا ۔ آگے بڑھنا ۔ پھیلنا ۔ ڈالنا ۔ بخشنا ۔ برآمد ہونا ۔ خارج ہونا ۔ خارج کرنا ۔ نام نکال دینا ۔ خیر باد کہنا ۔ الوداع کرنا ۔ مدحیہ تبصرہ کرنا ۔

Sender *n.* بھیجنے والا ۔ ارسال کنندہ ۔

Send off رخصت کرنا ۔

Send word کہلا بھیجنا ۔ پیغام بھیجنا ۔

Send, scend (send) *n.* & *v.i.* Impulse given by the down slope of a wave موج کے اتار کا دھکا جو جہاز کو ہلا دیتا ہے ۔ ایسے دھکے سے جہاز کا ڈانواں ڈول ہونا ۔

Senescent (si-nes-ənt) *adj.* Verging on old age سن رسیدہ ۔ کُہنہ ۔ ضعیف ۔ پیر ۔ مائل بہ ضعیفی ۔

Senescence *n.* ضعیفی ۔ پیرانہ سالی ۔

Sengreen (sen-gren) *adj.* & *n.* Evergreen, the house leek سدا بہار ۔ گھریلو پیاز ۔

Senhor-senhora (se-nyor) *n.* Spanish form of senor (ہسپانوی میں) جناب ۔ صاحب ۔

Senile (se-nil) *adj.* Attendant on old age بڑھاپے کے متعلق ۔ ضعیفی کا ۔ پیرانہ ۔

Senile apathy ضعیفی کی سستی یا مردہ دلی ۔

Senile dementia بڑھاپے کا نسیان ۔ جنون پیری ۔

Senile garrulity پیرانہ بڑ ۔ بڑھاپے کی بکواس ۔

Sanility *n.* پیری ۔ ضعیفی ۔ کہن سالی ۔

Senior (sen-yər) *adj.* & *n.* Older or higher in standing کلاں ۔ بڑا ۔ بزرگ ۔ عمر یا رتبہ میں بڑا ۔ افضل ۔ ریاضی میں اعلیٰ قابلیت حاصل کرنے والا ۔

Seniority *n.* بزرگی ۔ بڑا پن ۔ تقدم ۔ فوقیت ۔

Senna (sen-a) *n.* A purgative herb سنا ۔ سنائے مکی ۔

Senor (se-nyər) *n.* A gentleman (ہسپانوی زبان میں) جناب عالی ۔ صاحب ۔

Senous(s)i (se-noo-si) *n.* A famous sect of African Muslims سنوسی ۔ افریقی مسلمانوں کا ایک مشہور دینی اور سیاسی فرقہ ۔

Sensation (sen-sa-shən) *n.* Awareness of a physical experience حس ۔ احساس ۔ خارجی تجربے کا ذہنی اثر ۔ کیفیت ۔ ہیجان ۔ جوش ۔ ہنگامہ خیز واقعہ ۔

He had a sensation of stupidity اسے دفعتاً اپنی حماقت کا احساس ہوا -

Sensational adj. متعلق بہ حس - حسی - ہیجان خیز - ہنگامہ خیز -

Sensationally adv. جوش انگیز طریقے سے - ہیجانی طور سے -

Sensationalism (sen-sa-shən-a-lizm) n. The doctrine that our ideas originate solely in sensation یہ نظریہ کہ ہمارے تصورات کا ماخذ ہمارے خارجی حسیات ہیں - جذبات انگیزی - ہیجان پسندی - افسانے اور ڈرامے میں ہیجان خیز مناظر -

Sensationalist n. ہیجان پسند - فلسفہ حیات کا قائل -

Sense (sens) n. & v.t. Faculty of receiving sensations حس - قوت مدرکہ - فہم - سمجھ - عقل - تمیز - شعور - ادراک - رائے - خیال - تجویز - صلاح - مطلب - معنی - منشا - مضمون - مفہوم - ذوق - امتیاز - (جمع) حواس - حواس خمسہ - عقلمندی - ہوشیاری - معلوم کرنا - ادراک کرنا - محسوس کرنا -

A man of sense عقلمند انسان - ہوش مند آدمی -

Good sense اصابت رائے - عقل سلیم -

In a sense ایک اعتبار سے -

Make sense out of nonsense نا معقول بات میں بھی کوئی بات نکالنا -

Sense of duty احساس فرض -

Sense of humour ذوق ظرافت - ظرافت کا مادہ -

Take the sense of the meeting حاضرین مجلس کا عندیہ معلوم کرنا -

Senseless adj. احمقانہ - حواس باختہ - خارج از عقل - بے معنی - بے حس -

Senselessness n. بے وقوفی - بد حواسی - بے ہوشی -

Sensibility (sen-si-bi-li-ti) Sensitiveness حس - ادراک - قوت مدرکہ - زود حسی - حساسی - نازک دماغی - ذہانت - فراست - عقل - شعور -

Sensible (sen-si-bl) adj. Perceptible by sense قابل احساس - قابل ادراک - محسوس - مدرک - ذی حس - با خبر - آگاہ - ذی ہوش - عاقل - دانا - معاملہ فہم - موقع شناس -

Sensibly adv. عاقلانہ - خرد مندانہ - معقول طور پر - صریح طور پر -

Sensibleness n. عقلمندی - نکتہ رسی - محسوسیت - احساس - ادراک -

Sensitive (sen-si-tiv) adj. Feeling readily ذی حس - حساس - زود رنج - زود اثر - دوسروں کی رائے یا عمل سے جلد متاثر ہونے والا - فوراً اثر قبول کرنے والا -

Sensitize v.t. اثر قبول کرنے والا بنانا - زود اثر بنانا -

Sensitization n. جلد متاثر ہونے کی حالت - زود حسی -

Sensitively adv. زود اثری سے - تیز حسی سے -

Sensitiveness n. زود حسی - سریع الحسی -

Sensitivity n. زود حسی - اثر پزیری -

Sensorium (sens-o-ri-əm) n. Seat of sensation in brain دماغ کا مرکز حس - نظام حسیات - دماغ کا وہ حصہ جو حسیات سے متعلق ہے -

Sensory (sens-əri) adj. Of the sensation or senses حسی - دماغی - حواس کے متعلق - حسیات کے متعلق -

Sensual (sen-su-əl) adj. Of the sense as distinct from the mind حواس خمسہ کے متعلق - نفسانی - شہوانی - شہوت پرست - فلسفہ حسیات کا قائل -

Sensualize v.t. شہوت خیز بنانا - نفسانی جذبات کو ابھارنا -

Sensualization n. شہوت انگیزی - نفس پرستی -

Sensualism n. آزادانہ معاشرت - عیاشی - نفس پرستی -

Sensualist adj. نفس پرور - شہوت پرست -

Sensuality n. نفس پرستی - ہوس رانی -

Sensually adv. نفس پرستی کے طور پر - مستی سے - عیاشانہ -

Sensuous (sen-su-əs) adj. Pertaining to senses حسی - حواس کے متعلق -

Sensuousness n. حسی ہونا - با حواس ہونا -

Sentence (sen-təns) n. & v.t. Judgement, opinion, number of words making a grammatical structure تجویز - رائے - فیصلہ - حکم - فتویٰ - عدالت کا فیصلہ - کہاوت - ضرب المثل - (گرامر) جملہ - فقرہ - با معنی عبارت - فیصلہ سنانا - سزا کا حکم دینا -

Sententious *adj.* بناوٹی - مہمل - معنی خیز - بلیغ -
جامع - پر معنی - شاندار طور پر - شاندار رسمی گفتگو کا
عادی - اخلاقی تلقین کا عادی -

Sententiously *adv.* فاضلانہ طرز سے - پر مغز طور پر -
جامع طور پر -

Sententiousness *n.* مرعوب کن انداز - بلاغت -
جامعیت -

Sentential *adj.* فقرے یا جملے سے متعلق -

Sentient (sen-sh(y)ənt) *adj.* Conscious, aware
حساس - با حواس - با شعور -

Sentience *n.* حساس ہونا - ذی حس ہونا -

Sentiently *adv.* حواس والے کی طرح - با شعور لوگوں
کی طرح -

Sentiment (sen-ti-mənt) *n.* Thoughts tinged with emotion احساس - خیال - جذبہ - (جمع)
جذبات - تاثرات - کیفیات - حس - نرم دلی - ادراک -

Sentimental *adj.* حساس - جذباتی -

Sentimentally *adv.* ہمدردانہ - درد مندانہ -

Sentimentality *n.* جذباتیت - رقت قلب -

·**Sentimentalism** *n.* جذبات کو حیات کا جزو اعظم
سمجھنا - جذبات کو اہمیّت دینا -

Sentimentalist *n.* جذبات کو اہمیت دینے والا - جذبات
پرست -

Sentimentalize *v.t.* سوزوگداز پیدا کرنا - جذباتی بنانا -

Sentinel (sen-ti-nl) *n.* & *v.t.* One posted on guard پاسبان - چوکی دار - پہریدار - پہرہ بٹھانا -
پہرہ دینا - چوکسی کرنا -

Sentry (sen-tri) *n.* A soldier on gaurd سنتری -
پہرے کا سپاہی -

Sentry-go پہرہ - گشت -

Separate (sep-ə-rat) *v.t.* & *i.* Part, divide جدا کرنا -
علیحدہ کرنا - الگ کرنا - تقسیم کرنا - مفارقت کرنا -
انتخاب کرنا - چننا - چھانٹنا - حائل ہونا - درمیان میں
آنا - جدا ہونا - متفرق ہو جانا -

Separator *n.* افتراق پیدا کرنے والا - علیحدہ کرنے
والا -

Separable *adj.* جو جدا کئے جاسکیں - جدا ہونے کے
قابل -

Separableness } *n.* تفریق و تجزیہ کی صلاحیت -
Separability } *n.* علیحدگی کی قابلیت -

Separation (sep-ə-ra-shən) *n.* State of being separate, disunion جدائی - مفارقت - علیحدگی -
پھوٹ - تفرقہ - میاں بیوی کی علیحدگی -

Sepoy (se-poi) *n.* An Indian soldier سپاہی - فوج کا
جوان -

Sepsis (sep-sis) *n.* Putrefaction جسم کا سڑنا - ردائت -
زخم کی سمیت - مواد پڑ جانا -

Sept (sept) *n.* A family قبیلے کا ایک حصہ - خاندان -
خیل - برادری -

Septa (sep-ta) *preffix* in composition : seven سابقہ
بمعنی سات -

Septal (sept-əl) *adj.* For sect اعضا کی بابت - جوڑوں
کا - قبیلے کے متعلق - خاندانی -

Septate (sept-ət) *adj.* Partitioned خانہ دار - حصہ
دار - متفرق - مختلف - الگ - علیحدہ -

September (sep-tem-bər) *n.* Ninth month of the year سال کا نواں مہینہ - ستمبر -

Septic (sep-tik) *adj.* Putrefactive فساد خون - سمیت
خون - سڑنے والا - مواد آلود -

Septically *adv.* فساد خون کے نقطہ نظر سے -

Septicity *n.* سمیت خون - فساد خون -

Septicaemia (sep-ti-se-mi-a) *n.* Presence of bacteria in blood سمیت خون -

Septimal (sep ti-ml) *adj.* Based on seven سات کا -
سات کے متعلق -

Septime (sep-teim) *n.* The seventh position in fencing پٹے بازی کا ساتواں پینترہ -

Septimus (sep-ti-məs) *adj.* The seventh ہفتم -
ساتواں -

Septuagenarian (sep-tu-ə-ji-na-ri-ən) *adj.* & *n.* Seventy years old ستر برس کا - ستر برس کا شخص -

Septuagenary (sep-tu-ə-ji-na-ri) *adj.* Seventy years old ستر کا - ہفتاد سالہ - ستر سالہ -

Septuagint (sep-tu-ə-jint) *n.* The Greek Old Testament یونانی زبان کی توریت - ہفتادی ترجمہ -

Septum (sep-təm) *n.* Screen پردہ - حجاب - حاجب -

Sepulchral (se-pul-krel) *adj.* Of a funeral or grave گور کا ۔ قبر کا ۔ مزار کا ۔ خانقاہی ۔ موت کی یاد دلانے والا ۔ بھیانک ۔ خوف آ گیں ۔

Sepulchre (se-pəl-kər) *v.t. & n.* A tomb تربت ۔ گور ۔ مزار ۔ مزار کا گنبد ۔ قبر میں آتارنا ۔

Sepulture (se-pul-tər) *n.* Burial قبر میں اتارنا۔ تدفین ۔

Sequacious (si-kwa-shəs) *adj.* Compliant پیرو ۔ مقلد ۔ پیچھے چلنے والا ۔ پیروی کرنے والا ۔ جس میں آزادانہ رائے قائم کرنے کا مادہ نہ ہو ۔

Sequel (se-kwəl) *n.* That which follows خاتمہ ۔ اختتام ۔ قصے کا آخری حصہ ۔ تتمہ۔ انجام ۔ نتیجہ ۔

Sequence (se-kwəns) *n.* Succession, order of things سلسلہ ۔ تسلسل ۔ تواتر ۔ ترتیب ۔ علت و معلول کا رابطہ ۔ نتیجہ ۔ ایک ہی بول کی تکرار ۔ دہرانا ۔ کتاب مناجات کی حمد ۔ فلم جو کسی قصے کی مطابقت میں مسلسل دکھائی جائے ۔

Give the facts in historical sequence واقعات کو تاریخی تسلسل میں پیش کرنا ۔

Sequent, sequential *adj.* لازم و ملزوم ۔ ایک کے بعد ایک ۔ تسلسل میں ۔ سلسلے میں ۔

Sequentially *adv.* نتیجے کے طور پر ۔ تسلسل کے ساتھ ۔

Sequester (si-kwes-tər) *v.t. & i.* Set apart جدا کرنا ۔ علیحدہ کرنا ۔ گوشہ تنہائی اختیار کرنا ۔ قرق کرنا ۔ ضبط کرنا ۔ عدالتی تحویل میں رکھنا ۔ بیوہ کا شوہر کی متروکہ جائداد کا لادعویٰ لکھ دینا ۔ حق زوجیت چھوڑ دینا ۔

Sequestered خلوت گزین ۔ تنہا ۔ علیحدہ کیا ہوا ۔ جدا کیا ہوا ۔

Sequestration *n.* تنہائی ۔ عزلت ۔ ضبطی ۔ قرق ۔

Sequestrable *adj.* قابل ضبطی ۔

Sequestrum (si-kwest-rəm) *n.* Disjointed bone لٹکی ہوئی ہڈی ۔ ایسی ہڈی کی کھال جو جسم سے الگ ہو کر لٹک رہی ہو ۔ بے جان ہڈی یا کھال ۔

Sequestral *adj.* مردہ ۔ بے جان ۔ معلق ۔ لٹکا ہوا ۔

Sequestrotomy *n.* جو بے جان ہو چکی ہو ۔ جو جسم سے جدا ہو چکی ہو ۔ ایسی ہڈی پر جراحی عمل ۔

Sequoia (si-kwoi-a) *n.* The Californian big tree امریکہ کا دیو دار ۔ بڑا جنگلی درخت ۔

Serac (sa-rak) *n.* Pillar-like broken pieces of glacier برف کے بہتے ہوئے ستون نما ٹکڑے ۔ سمندر میں بہتا ہوا برف کا برج ۔

Seraglio (se-ral-yo) *n.* Harem, women's quarter in a Muhammadan house سلاطین عثمانی کا حرم ۔ حرم سرا ۔ سلطانی محل ۔

Serang (se-rang) *n.* A lascar boatsman جہاز کا داروغہ ۔ صدر ملاح ۔

Seranta (se-ran-ta) *n.* A folk-lore چرواہی گیت ۔ گوالوں کا گیت ۔ چرواہوں کا گیت ۔

Seraph (ser-af) *n.* An angel of the highest order عالی مقام فرشتہ ۔ ملاء اعلیٰ کا سب سے اونچا طبقہ ۔ سوبھٹن کا ایک خطاب اور تمغہ ۔

Seraphic *adj.* ملکوتی ۔ فرشتہ خصال ۔ ملک مزاج ۔ فرشتہ جو ۔

Seraphically *adv.* ملکوتی طور پر ۔ فرشتوں کی طرح ۔ فرشتہ خوئی سے ۔

Seraphina (ser-a-fin-a) *n.* Harmonium ہارمونیم باجے کی ابتدائی شکل ۔ سرافینا ۔

Seraskier (ser-as-ker) *n.* Turkish commander-in-chief سر عسکر ۔ ترکی سپہ سالار یا وزیر جنگ ۔

Seraskierat *n.* وزارت جنگ کا دفتر ۔

Serb-ia (serb) *n.* A native of Serbia سربیا کا باشندہ ۔ سربی ۔

Serbonian bog (sər-bo-ni-ən-bog) *n.* A lake at the mouth of the Nile دریائے نیل کے دہانے کی دلدل ۔ سربونی دلدل ۔ الجھن ۔ مشکل ۔

Sere-sear (ser) *n.* A claw بندوق کا آنکڑا جو گھوڑے کو رو کے رکھتا ہے ۔

Serein (se-ran) *n.* Fine rain from a cloudless sky اوس ۔ پھوار ۔ صاف مطلع کی ہلکی ہلکی بارش کی پھوار ۔

Serenade (ser-i-nad) *n.* A composition like a symphony نغمہ عاشقانہ ۔ غزل ۔ وہ نغمہ جو عاشق اپنے معشوق کے مکان پر گایا کرتے تھے ۔

Serendipity (ser-ən-dip-i-ti) *n.* The faculty of making happy chance finds راہ چلتے ملنے والوں کو خوش کرنے کی صلاحیت ۔

Serene (sə-ren) *n., v.t. & adj.* Calm, unclouded پر سکون ۔ غیر مضطرب ۔ بے حرکت ۔ متین ۔ مطمئن ۔ پرسکون فضا یا سمندر ۔ سکون پیدا کرنا ۔

Serenely *adv.* سکون کے ساتھ ۔ متانت سے ۔ آہستگی سے ۔

Serenity *n.* اطمینان ۔ سکون ۔

All serenity (بول چال) سب ٹھیک ۔

Serf (sərf) *n.* A person in modified slavery کمیرا ۔ رعیت ۔ غلام ۔ وہ ہرواہا جس کی خدمات زمین کے ساتھ منتقل ہو سکیں ۔ مظلوم ۔ ستم رسیدہ ۔ بے گاری ۔

Serfage-dom-hood *n.* بیگاری ۔ غلامی ۔

Serge (serj) *n.* A strong twilled woollen fabric سرج ۔ ایک عمدہ اونی کپڑا ۔

Sergeant (sar jənt) *n.* An officer of police بیرسٹر ۔ اول درجے کا وکیل ۔ پولیس افسر ۔

Sergeant Major *n.* فوجی بے کمیشن کا اعلیٰ افسر ۔

Sergeant-at-arms *n.* پارلیمنٹ وغیرہ کا محافظ افسر ۔

Sergeantship *n.* گرز برداری ۔ حوالداری ۔ سرجنٹی ۔

Sergette (sarj-et) *n.* A fine cloth like serge ایک قسم کا باریک سرج کپڑا ۔

Serial (se-ri-al) *adj. & n.* Forming a series سلسلہ وار ۔ مسلسل ۔ کسی ڈرامے یا قلم کے سلسلہ وار حصے ۔ مسلسل کتاب ۔ مقررہ وقت پر شائع ہونے والا مسلسل افسانہ ۔ جریدہ ۔ رسالہ ۔

Seriality *n.* سلسلہ وار ہونا ۔ تسلسل ۔

Serialist *n.* سلسلہ وار اور قسط وار لکھنے والا ۔

Serially *adv.* تسلسل کے ساتھ ۔ سلسلے سے ۔

Seriate (se-ri-at) *adj.* In rows سلسلہ وار ۔ باترتیب ۔ مسلسل ۔

Seriate *v.t.* مسلسل کرنا ۔ سلسلہ قائم کرنا ۔

Seriation *n.* سلسلہ وار ترتیب ۔ سلسلہ واری ۔

Seriatim (se-ri-a-tim) *adv.* One after another ایک کے بعد دوسرا ۔ باری سے ۔

Seric (ser-ik) *adj.* Of China ملک چین کی ۔ چینی ۔

Sericeous (ser-i-shəs) *adj.* Silky, of shining skin ریشمی ۔ چمکدار پوستین کا ۔

Sericulture (ser-i-kul-tur) *n.* Breeding of silk-worms ریشم کے کیڑوں کی پرورش ۔ خام ریشم بنانے کی صنعت ۔

Sericulturist خام ریشم پیدا کرنے والا ۔ ریشم کے کیڑے پالنے والا ۔

Seriema (ser-i-ema) *n.* A snake-eating bird برازیل کا ایک مار خور پرند ۔ امریکی بگلا ۔

Series (se-ri-ez) *n.* A set of things in a line سلسلہ ۔ دور ۔ تسلسل ۔ زنجیر ۔ قطار ۔ سلسلہ کتاب ۔ طبقات الارض ۔ طبقہ ۔ مورچوں کا سلسلہ ۔ نوع ۔ قسم ۔ ایک ہی قسم کے جانوروں کا گروہ ۔

In series ایک کے بعد ایک ۔ سلسلہ وار ۔

Serin (ser-in) *n.* A smaller species of canary کناری چڑیا ۔

Serinette (ser-in-et) *n.* A small organ for training song birds پرندوں کو گانا سکھانے کا چھوٹا ارگن باجا ۔

Seringa (se-rin-ga) *n.* A Brazilian rubber tree برازیلی ربر کا درخت ۔

Serio-comic (se-ri-o-kə-mik) *adj.* Partly serious and partly comic متانت آمیز مزاحیہ تمثیل ۔

Serio-comically *adv* ظرافت آمیزی سے ۔ نیم مزاحیہ طور سے ۔

Serious (se-ri-əs) *adj.* Grave, earnest سنجیدہ ۔ متین ۔ احساس ذمہ داری کے ساتھ ۔ اہم ۔ بھاری بھرکم ۔ بڑی شان والا ۔ واقعی ۔ بلا تصنع ۔ سچ مچ ۔ قابل فکر ۔ مخدوش ۔ مذہبی یا اخلاقی نوعیت کا ۔ دنیا داری سے ماوراء ۔

Seriously *adv.* متانت سے ۔ سنجیدگی سے ۔

Seriousness *n.* غور و فکر ۔ اہمیت ۔ متانت ۔ سنجیدگی ۔

Sermon (sər-mən) *n. & v.t.* A discourse وعظ ۔ پند ۔ نصیحت ۔ خطبہ ۔ ناصحانہ تقریر ۔ درس ۔ نصیحت کرنا ۔ وعظ کہنا ۔ خطبہ دینا ۔

Sermonet-nette مختصر وعظ یا خطبہ ۔

Sermonize *v.t. & i.* ناصحانہ تقریر کرنا ۔ وعظ کہنا ۔

Sermonizer *n.* خطیب ۔ ناصح ۔ واعظ ۔

Serotine (ser-o-tin) *n.* A small reddish bat یورپ کی لال چمگادڑ ۔

Serotinous (ser-o-tin-əs) *adj.* Late in flowering بے موسم کا ۔ موسم کے بعد پھولنے پھلنے والا ۔

Serous (ser-əs) *adj.* Watery پتلا ۔ رقیق ۔ آب آمیز ۔

Serpent (sər-pənt) *n.* A snake, a reptile سانپ ۔ افعی ۔ مار ۔ اژدہا ۔ دغا باز ۔

Old serpent شیطان ۔

Pharoah's serpent آتش بازی کا سانپ ۔

Serpentiform *adj.* سانپ کی شکل کا ۔ مار صورت ۔

Serpent-like *adj.* سانپ جیسا ۔ سانپ کی طرح کا ۔

Serpentine (sər-pənt-in) *adj.* & *n.* سانپ کی شکل کا ۔ پرخم ۔ پر پیچ ۔ مکار ۔ دغا باز ۔ سانپ کی طرح کا ۔ چتکبرا پتھر ۔ سانپ کی طرح بل کھاتا ہوا ۔

Serpentine windings دم جھانسا ۔ پر فریب باتیں ۔ سانپ کی طرح کے بل ۔

Serpentine dance رقص جس میں سانپ کی طرح بل کھائے جاتے ہیں ۔

Serpentine motion بل کھاتی ہوئی چال ۔ ٹیڑھی ترچھی چال ۔

Serpentine wisdom (انجیل) دور اندیشی ۔

The serpentines ہائیڈ پارک لندن کی ایک مشہور بل کھائی ہوئی نہر ۔

Serpiginous (ser-pij-nəs) *adj.* & *n.* Any skin disease, suffering from skin disease داد کا مریض ۔ گنجا ۔ خارش زدہ ۔

Serra (ser-a) *n.* A saw, anything saw-like ایک مچھلی جو آری جیسی ہوتی ہے ۔

Serrate (ser-at) *adj.* & *v.t.* Saw-like دندانے دار ۔ دنتیلا ۔ آرے کی طرح کا ۔ آری کی طرح بنا دینا ۔

Serration *n.* دندانے ۔ دندانے لگانا ۔ کھانچے بنانا ۔ آرے کے کھانچے ۔

Serrefile (ser-ə-fil) *n.* Those who ride behind the army فوج کے پیچھے کے سوار ۔

Serried (ser-id) *adj.* Close set پیوستہ ۔ ملحق ۔ دوش بدوش ۔ صف بستہ ۔

Serrulate-ed (ser-u-lat) *adj.* Having notches دانتے والا ۔ دندانہ دار ۔

Serrulation *n.* دانت داری ۔ دندانہ داری ۔

Serum (se-rəm) *n.* Watery liquid separated from blood دودھ یا خون کا رقیق مادہ ۔ خوناب ۔ ماءالدم جو دوا کی صورت میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

Serval (sər-vl) *n.* A large tiger cat of Africa افریقہ کا ایک جنگلی بلاؤ ۔

Servant (sər-vənt) *n.* One who is hired to perform service نوکر چاکر ۔ خدمت گار ۔ ملازم ۔ مرید ۔ پیرو ۔ مقلد ۔ بندہ ۔

Public servants سرکاری ملازم ۔

Civil servants دیوانی کے ملازم ۔ غیرفوجی محکموں کے ملازم ۔ حکام سرکار ۔

Domestic servants خانگی ملازم ۔

Serve (sərv) *v.t., i.* & *n.* Be in the service of نوکری بجا لانا ۔ خدمت کرنا ۔ ملازمت کرنا ۔ کام آنا ۔ ضرورت پوری کرنا ۔ دسترخوان چننا ۔ میز پر کھانا لگانا ۔ بانٹنا ۔ تقسیم کرنا ۔ بہم پہنچانا ۔ فراہم کرنا ۔ پیش آنا ۔ برتاؤ کرنا ۔ پہلی گیند ۔ پہلی ضرب ۔ باری ۔ وار ۔

Serve two masters دو متضاد اصولوں کا پابند ہونا ۔ دو ملاؤں میں مرغی حرام ۔

Serve with the same sauce ویسا ہی انتقام لینا ۔ ادلے کا بدلہ دینا ۔

Serve him right اچھی سزا ملی ۔

Serve an office منصب ادا کرنا ۔

Serve a process or writ کاغذات کی تکمیل کرنا ۔ نوٹس یا اعتراض داخل کرنا ۔

Serve an attachment / Serve an execution } قرقی یا ضبطی کرنا ۔

Serve a sentence سزا بھگتنا ۔

Serve one a trick دھوکا دینا ۔

Serve one's time کار آموزی کی میعاد پوری کرنا ۔

Serve the purpose of مطلب برآری کرنا ۔

Serve the time وقت کے مطابق کام کرنا ۔

Serve up کھانا کھلانا ۔ کھانا لگانا ۔

Service (sər-vis) *n.* Employment, mode of serving ملازمت ۔ نوکری ۔ خدمت ۔ حکم کا منتظر ہونا ۔ فرض منصبی ۔ کار ملازمت ۔ فریضہ ۔ بندگی ۔ عبادت ۔ کھانا کھلانے کے برتن جو دستر خوان پر چنے جائیں ۔ کھانا کھلانے کی خدمت ۔ انتظام آمد و رفت ۔ سربراہی ۔ (ٹینس) گیند کو بلے سے مار کر پہلی یا دوسری بار حریف کی طرف پھینکنا ۔ پہلی ضرب ۔

Active service جنگ میں شمولیت ۔

See service ملازمت کا تجربہ رکھنا ۔

At your service خدمت کے لیے تیار - خدمت کے لیے حاضر -

Will you do me a service کیا آپ میرا ایک کام کریں گے -

Service (sər-vis) *n.* A tree very like the rowan ایک درخت جس میں ناخ جیسے پھل آتے ہیں -

Serviceable (sər-vis-əbl) *adj.* Useful, willing to serve مفید - سودمند - کار آمد - دیرپا -

Serviceably *adv.* - خدمت گزاری کی طرح - مفید طورپر -

Serviceableness *n.* - دیر پائی - کار برآری - فائدہ مندی -

Serviette (sər-vi-et) *n.* A table napkin - دسترخوان کا تولیا - دستر خوانی رومال -

Servile (sər-vil) *adj.* Slavish - غلامانہ - غلاموں کی طرح - کمینہ - فرو مایہ - حرف جو آواز نہ دے - خوشامدی - چاپلوس - کاسہ لیس -

Servilely *adv.* غلامانہ طور پر -

Servility *adj.* فرماں برداری - چاکری - غلامی -

Servitor (sər-vi-tər) *n.* One who serves - حاضر باش - نوکر - خدمت گار - نوکر طالب علم -

Servitorship *n.* ملازم طالب علم کا زمانہ تعلیم - وظیفہ خواری -

Servitude (sər-vi-tud) *n.* State of being a slave حلقہ بگوشی - غلامی - حکم برداری - جبری محکومی -

Sesame (ses-ə-mi) *n.* A seed-bearing plant - تل - کنجد - روغنی اناج -

Open sesame - "کھل سم سم" (الف لیلیٰ کا منتر)

Sesamoid (ses-ə-mo-id) *adj.* Shaped like a seed تل کی طرح - تل کے دانے کی طرح - دانے جیسا - گولی دار - دانے دار -

Sesqui (ses-kwi) *prefix* In the meaning of one and a half to one سابقہ بمعنی ڈیوڑھا یا دو تین کی نسبت والا -

Sesquialter (ses-kwi-al-tər) *adj.* One and a half to one ڈیوڑھا -

Sesquipedal (ses-kwi-pe-dəl) *adj.* A foot and a half long ڈیڑھ فٹا - ڈیڑھ فٹ کا -

Sesquiplicate (ses-kwi-pli-kat) *adj.* Of the square roots of the cubes ڈیڑھ کی نسبت ظاہر کرنے والا - مکعب کے جذر کا -

Sesquitone *n.* ڈیڑھ تان - ڈیوڑھی تان -

Sess (ses) *n.* A tax تاوان - محصول - خراج -

Session (sesh-ən) *n.* An act of sitting - بیٹھک - نشست - اجلاس - میقات - اجلاس کا وقت - اجلاس عدالت - اجلاس پارلیمنٹ یا اس کی مدت -

In session اجلاس کی حالت میں -

Sessional *adj.* میقاتی - اجلاسی -

Sesterce-tius (ses-tərs) *n.* An old Roman coin چاندی اور پیتل کا رومی سکہ -

Set (set) *v.t.* & *i.* Put, place دھرنا - رکھنا - بٹھانا - جمانا - جڑنا - لگانا - عاید کرنا - تیار رکھنا - مرتب کرنا - جوڑ لگانا - درست کرنا - ٹھیک کرنا - گھڑی ملانا - مقرر کرنا - مامور کرنا - کام پر لگانا - چپکانا - محنت کرانا - نمونہ قائم کرنا - حیران کرنا - مبتلا کرنا - نگینے بٹھانا - پختہ ہو جانا - جذبات کا جوش میں آنا - غلبہ محسوس کرنا - شکاری کتے کا شکار کو دیکھ کر کان کھڑے کرنا -

Set eggs سینے کے لیے انڈے رکھنا -

Set hen مرغی کو انڈوں پر بٹھانا -

Set razor استرے کو سان پر لگانا -

Set table دستر خوان پر کھانا رکھنا - میز جمانا -

Set eyes on نظر ڈالنا - دیکھنا -

Set things in order چیزوں کو قرینے سے رکھنا -

Set a person on his feet کام پر لگا دینا - کسی کو اس کے پیروں پر کھڑا کر دینا -

Set person by the ear لوگوں میں اختلاف پیدا کر دینا - فساد ڈلوانا -

Set on fire آگ لگا دینا - مشتعل کر دینا -

Set at nought خاطر میں نہ لانا - کچھ نہ سمجھنا -

Opinion is setting against it رائے عامہ اس کے خلاف ہو رہی ہے -

Set in رائج ہونا - واقع ہونا -

Set off روانہ ہونا - شروع کر دینا - حسن کو چمکا دینا - سنوار دینا - نمایاں کرنا -

Set out سنوارنا - نمایاں کرنا - صاف صاف بیان کرنا - سفر پر روانہ ہونا -

Set up جسم کو مضبوط بنانا - تیار رکھنا - جاری کرنا - افتتاح کرنا - باعث ہونا - کاروبار میں لگانا - اپنی حیثیت قائم کر لینا - نصب کرنا - چلانا - شور مچانا -

Set (set) *n*. Group-series, collection ایک ہی قسم کی اشیا کا مجموعہ ۔ جماعت ۔ قبیلہ ۔ گروہ ۔ جوڑی ۔ ٹولی ۔ سلسلہ ۔طائفہ ۔ قطار ۔ رو ۔ ساتھ کا سامان ۔ لوازمہ ۔ ٹینس میں ایک بازی چھ کھیلوں کی ۔ مغرب ۔ غروب آفتاب ۔ آراء کا رخ ۔ رجحان ۔ ساخت ۔ وضع ۔ انڈوں کی جھول ۔ ایک بار کی کھیپ ۔ شکار کی نشان دہی ۔ بجو کا بھٹ ۔ (تماشا گاہ) منظر ۔ پردہ ۔

Toilet set سنگار کا سامان ۔
Set-back رکاوٹ ۔ پسپائی ۔ خلل ۔
Set-down دو ٹوک جواب ۔ ڈانٹ ڈپٹ ۔ زجر و توبیخ ۔
Set-off جواب ۔ پاسنگ ۔ توازن ۔ نمائش ۔ آرائش ۔
Set to مناظرہ ۔ مباحثہ ۔ مُکّے بازی ۔ لڑائی ۔
Set up کسی کام کی تیاری ۔ جسم کا انداز ۔ راست قامتی ۔

Setaceous (si-ta-shəs) *adj*. Bristle کانٹوں بھرا ۔ خار دار ۔

Seton (set-n) *n*. A thread passed in as a means of drainage (جراحی) ڈورا یا بتی جو زخم میں رکھی جاتی ہے تاکہ زخم کھلا رہے اور مادہ بہتا رہے ۔

Set square (set-skwa-er) *n*. A builders' instrument زاویے دار فٹا ۔گنیا ۔

Sett (set-t) *n*. Set in the language of miners کان کنی کی اصطلاح میں set کا تلفظ ۔

Settee (se-te) *n*. A long seat with a back دوہری نشست کی پشت دار کرسی یا صوفہ یا بنچ ۔ بحر روم کا دو یا تین مستولی جہاز ۔

Setter (set-ər) *n*. One who sets bones ایک قسم کا شکاری کتا ۔ ہڈی کا جوڑ بٹھانے والا ۔ بُو لے کر شکار کا تعاقب کرنے والا کتا ۔

Setter on اکسانے والا ۔ شہ دینے والا ۔

Setting (set-ing) *n*. Fixation, mounting نگینے کا گھر ۔ نگینے کی جڑائی ۔ گیت کی ترتیب ۔ ماحول ۔ گردوپیش ۔ تماشے کے لوازم ۔ آراستگی ۔

Settle (set-l) *n*. A long high-backed bench اونچی پشت کی بنچ ۔ تکیے دار چوکی ۔

Settle (set-l) *v.t.* & *i.* Adjust, fix, establish بٹھانا ۔ ٹھہرانا ۔ جمانا ۔ قائم کرنا ۔ طے کرنا ۔ فیصلہ کرا دینا ۔ تہہ میں بیٹھ جانا ۔ دھنسنا ۔ جہاز کا ڈگمگانا یا ڈوبنے لگنا ۔ حساب بے باق کرنا ۔ ہبہ کرنا ۔ بخشنا ۔

Settle oneself in a chair کرسی پر آرام سے بیٹھنا ۔
Settle down to dinner کھانے میں مشغول ہونا ۔
Let the excitement settle down جوش ٹھنڈا ہو لینے دو ۔
He is a man of settled convictions اس کا عقیدہ پختہ ہے ۔ وہ پختہ رائے کا آدمی ہے ۔
That settles the matter چلو قصہ ختم ۔
Settled ادا شدہ رقم ۔ حساب بے باق ۔

Settlement (set-l-mənt) *n*. Payment, act of settling انتظام ۔ بندوبست ۔ قیام ۔ وقف ۔ ہبہ ۔ انتقال جائداد ۔ نو آبادی ۔ کارخانہ ۔ تجارتی کوٹھی جو غیر ملک میں بنائی جائے ۔ نیچے دبنا یا بیٹھ جانا ۔ جم جانا ۔

Settler (setl-ər) *n*. One who settles, a colonist نو آباد باشندہ ۔ آباد کار ۔ کاری ضرب ۔ فیصلہ کن دلیل ۔

Seven (sev-n) *adj*. & *n*. Number next above six سات ۔ ہفت ۔ سبع ۔ سات کا عدد ۔ سات کا گروہ ۔ (تاش) ستّا ۔

The seven sleepers سات سونے والے ۔ اصحاب کہف ۔
The seven virtues حسنات سبعہ ۔ سات خوبیاں ۔
The seven wonders of the world دنیا کے سات عجائبات ۔
At sixes and sevens تذبذب میں ۔ شش و پنج میں ۔
Seventeen *adj*. & *n*. سترہ کا عدد ۔ سترہ ۔
Sweet seventeen نوجوانی ۔ سترھواں سال ۔ اٹھتی جوانی ۔
Seventeenth سترھواں ۔

Seventh (sev-enth) *adj*. & *n*. Of the seven ساتواں حصہ ۔ ہفتم ۔ ساتواں ۔ حضرت عیسٰیؑ کے ظہور ثانی کا عقیدہ رکھنے والوں کا یوم سبت ۔

Seventhly *adv*. ساتویں بار ۔
Seventy *n*. ستر کا عدد ۔ ستر سال کا ۔ ستر ۔

Sever (sev-ər) *v.t.* & *i.* Separate الگ کرنا - جدا کرنا - قطع کردینا - کاٹنا - (قانون) شرکا سے علیحدہ ہو کر مقدمہ لڑنا - علیحدہ دعویٰ کرنا -

Sever friendship دوستی ختم کر دینا -

Sever connection تعلقات منقطع کر لینا -

Severable *adj.* تفریق پذیر - منقطع ہونے یا کرنے کے قابل -

Severance *n.* علیحدگی - تقسیم - تفریق - انقطاع -

Several (sev-ə-rl) *adj.* Different, various, separate جدا - الگ - علیحدہ - متفرق - چند - کئی - کئی ایک -

Collective and several responsibility اجتماعی اور انفرادی ذمہ داری -

Severalty (sev-ərl-ti) *n.* Separateness ذاتی یا غیر مشترکہ ملکیت - علیحدگی - تفریق - ملک -

Severe (se-ver) *adj.* Rigorous سخت - شدید - تند - بے رحم - بلا کا سخت - صبر آزما - حوصلہ فرسا - بلا تصنع - سادہ - متین - طنز آمیز - چبھتا ہوا -

Severely *adv.* بے رحمی سے - سختی سے - شدت سے -

Severity *n.* بد سلوکی - برا برتاؤ - سخت گیری - تشدد - سختی -

Seville orange (se-vil-o-renj) *n.* Sour orange for jam مربا بنانے کا ترش سنگترہ -

Sew (so) *v.t.* Work upon with a needle - سینا ٹانکنا - سلائی کرنا - بخیہ کرنا - سوئی یا سلائی کی مشین سے سینا -

Sew up سی کر بند کر دینا -

Sew up one's stocking خاموش کر دینا -

Be sewed or sewed up تباہ ہو جانا - رک جانا - مدہوش ہو جانا - کنارے پر لگ جانا -

Sewing *n.* سے ہوئے کپڑے - سلائی کا کام - سلائی -

Sewer *n.* گندے پانی کا نل - سینے والا - درزی -

Sewage (su-ag) *v.t.* & *n.* Refuse carried on by sewers گندے پانی کی نالیاں بنانا - گندگی جو نلوں کے ذریعے بہہ جائے -

Sewellel (si-wel-əl) *n.* An American rodent بھٹ میں رہنے والا ایک امریکی جانور -

Sewer (soo-ər) *n.* An officer who superintends service at table میر مطبخ - کھانے کا انتظام کرنے والا عہدہ دار - داروغہ دستر خوان -

Sewer (soo-ər) *n.* & *v.t.* Drains of dirty water بدر رو - گندی نالی - موری - موری بنانا - بدر رو نکالنا - غلاظت بہانے کے لیے موری یا نل بنانا -

Sewerage *n.* گندے پانی کی نالیاں - شہر کی گندگی کی نکاسی کا انتظام -

Sex (seks) *n.* The quality of being male or female جنس - تذکیر و تانیث - نر یا مادہ - مرد یا عورت ہونا -

Sexless (seks-les) *adj.* Without distinction of being male or female جس میں نر اور مادہ کا فرق نہ ہو - لا جنس -

Sexlessness لا جنسیت -

The fair sex عورت - صنف نازک -

The gentle sex عورت - صنف شریف -

The sterner sex مرد - جنس قوی -

Sex (seks) *prefix* In composition six سابقہ بمعنی شش - چھ -

Sex appeal جنسی دلکشی -

Sexagenarian (sek-sə-ji-na-ri-ən) *adj.* & *n.* A person sixty years old ساٹھ سالہ - ساٹھ سال کی عمر کا - ساٹھ برس کا آدمی -

Sexagenary (sek-sə-ji-nə-ri) *adj.* Of sixty ساٹھ کا -

Sexagesima (sek-sə-jes-i-ma) *n.* The second Sunday before Lent ساٹھ سال کا - اینٹ سے قبل دوسرا اتوار -

Sextain (seks-tən) *n.* Sestina چھ مصرعوں کا بند - مسدس -

Sextan (seks-tan) *adj.* Recurring every sixth day چھ دن کی باری کا بخار -

Sextant (seks-tənt) *n.* Sixth part of a circle دائرے کا چھٹا حصہ - زاویہ پیما آلہ -

Sextet (seks-tet) *n.* A song composed for six singers وہ نغمہ جو چھ آوازوں سے مل کر گانے کے لیے یا بجانے کے لیے مرتب کیا گیا ہو -

Sexto (seks-to) *n.* A book of the size made by folding a sheet into six leaves چھ تہی کتاب - ایسی کتاب جس کے اوراق ایک تختے کو چھ بار موڑنے سے بنے ہوں -

Sexto decimo (seko-to-des-i-mo) A book of the size made by folding a sheet sixteen times سولہ تہی کتاب - کتاب جس کے ورق ایک تختہ کاغذ کو سولہ مرتبہ موڑنے سے بنیں -

Sexton (seks-tan) *n.* An official who rings bell, digs graves and attends clergymen گرجا کا ایک ملازم جو گھنٹہ بجاتا ، قبریں کھودتا اور پادری کی خدمت کرتا ہے - کلیسا کا محرر یا گورکن -

Sexual (seks-u-al) *adj.* Of sex جنسی - مرد عورت یا نر مادہ کے تعلق کے متعلق -

Sexual organs آلات تناسل - اعضائے تناسل -

Sexual intercourse جفتی - جماع - مباشرت -

Sexual appetite شہوانی خواہش - جنسی تقاضا -

Sexual indulgence شہوانی عمل - شہوانی لذت -

Sexualist *n.* جنسیات کا ماہر -

Sexually *adv.* شہوانی طور پر - جنس کے اعتبار سے -

Sexualize (seks-ua-liz) *v.t.* Attribute sex to نر یا مادہ قرار دینا - بے جان چیزوں کی تذکیر و تانیث کرنا -

Sexualization *n.* جنس مقرر کرنے کا عمل -

Shabby (shab-i) *adj.* Dingy, thread-bare پھٹے کپڑوں میں - چیتھڑوں میں - نا چیز - ادنیٰ - ذلیل - خستہ حال - بخیل - ممسک -

Shabby genteel شریف آدمی جس نے اچھے دن دیکھے ہوں اور اپنی حیثیت قائم رکھنے کی کوشش کرتا ہو -

Shabbily *adv.* ذلالت سے - کمینہ پن سے - پھٹے حالوں -

Shabbiness *n.* سفلہ پن - بخل - خستہ حالی -

Shabbyish *adj.* خستہ حال - ناچیز سا - حقیر سا -

Shabrach (shab-rak) *n.* A trooper's saddle cloth فوجی سوار کا زین پوش -

Shack (shak) *n.* A roughly-built hut معمولی جھونپڑی -

Shackle (shak-l) *n.* & *v.t.* Fetter, couple ہتھکڑی پہنانا - زنجیر پہنانا - زنجیر - بندش -

Shad (shad) *n.* A delicious fish ہیرنگ کی طرح کی ایک لذیذ مچھلی -

Shaddock (Shad-ak) *n.* An oriental citrus fruit بڑا سنترہ - رنگترہ - چکوترا -

Shade (shad) *n.* Partial or relative darkness چھاؤں - سایہ - تیرگی - اندھیرا - کنج - گوشہ - خلوت گاہ - تصویر کا دھندلا حصہ - حفاظت - بچاؤ - آڑ - روک - رنگ کی کمی بیشی - کسی قدر فرق - بھاؤ تاؤ - موہوم شے - بھوت - پریت - آسیب -

People of all shades of opinion ہر نقطۂ نظر کے لوگ -

I am a shade better today میں آج قدرے اچھا ہوں -

Shadeless *adj.* جہاں چھاؤں کا پتا نہ ہو - بے سایہ -

Shade (shad) *v.t.* & *i.* Screen, overshadow اندھیرا کرنا - سایہ کرنا - سائے کا رنگ دینا - سایہ افگن ہونا - ارگن باجے کی آواز دھیمی کرنا -

Shading *n.* تصویر میں روشنی مدھم کرنا - تصویر میں تاریک رخ دکھانا - دھندلا رنگ بھرنا -

Shadow (shad-o) *n.* Shade cast obstruction to light سایہ - چھاؤں - روشنی کی روک - تصویر یا کمرے کا تاریک حصہ - عکس - دھندلا خاکہ - چھلاوہ - دھوکا - وہم - آسیب - بھوت - جن - ہر وقت کا ساتھی - ہم زاد - غیر حقیقی - شائبہ - ذرہ بھر - حفاظت - پناہ - تنہائی - گمنامی - ہلکا بادبان -

Shadow of death نازک وقت - موت کا سایہ -

Under the shadow of misfortune بد بختی کے سایہ میں - سیہ بختی میں -

Catch at a shadow اصل کی بجائے سایہ کو پکڑنا -

Shadowless *adj.* بے سایہ - بے پناہ -

Shadowy *adj.* تاریک - بے اصل - سایہ دار -

Shadow (shad-o) *v.t.* Darken, shade سایہ ڈالنا - عکس ڈالنا - تصویر میں تاریک یا دھندلا رنگ بھرنا - سایہ کی طرح ساتھ پھرنا - خفیہ طور پر نگرانی کرنا -

Shady (shad-i) *adj.* Having shade, sheltered سایہ افگن - سایہ گستر - گھنیرا - سایہ دار - مشتبہ - (چال چلن) بدنام -

He is on the shady side of forty اس کی عمر چالیس سال سے کچھ زیادہ ہے -

Shadiness *n.* سایہ داری - بدنامی - اشتباہ -

Shaft (shaft) *n.* Anything long and straight چھڑ - ڈنڈا - بلی - تیر - بان - سر - دستہ - مشین کا لمبا دھرا - سرنگ یا کان کا راستہ - دھواں یا گندی ہوا نکلنے کا راستہ - روشنی کی دھار -

Shafts of satire, ridicule, envy طنز - رشک و حسد کے تیر - ہجو - تشنیک -

Shaftless *adj.* اپنی بجلی کی قوت سے چلنے والی (مشین) بے دھرے کی -

Shaftsman راستہ بنانے والا - سرنگ بنانے والا آدمی -

Shafty (shaft-i) *adj.* Of greater length لمبے اور مضبوط ریشوں کی اون -

Shag (shag) *n.* A ragged mass of hair الجھے ہوئے بال - بے ترتیب بالوں کا گچھا - روئیں دار موٹا کپڑا - موٹی قسم کا کٹا ہوا تمباکو -

Shagged *adj.* نا تراشیدہ - کھردرا - الجھا ہوا - گچھے دار -

Shag (shag) *n.* The green cormorant ایک سبز کلغی دار پرندہ -

Shaggy (shag-i) *adj.* Rough کھردرا - روئیں دار - بالوں سے ڈھکا ہوا - گچھے دار - موٹے بالوں کا - نا ہموار -

Shagginess *n.* روئیں دار ہونا - کھردرا پن - ناہمواری -

Shake (shak) *v.t. & i.* Move with to and fro motion ہلانا - جھنجھوڑنا - کانپنا - تھرانا - کپکپی پیدا کرنا - پریشان کرنا - دہشت زدہ کرنا - مخل ہونا - متزلزل کرنا - آواز میں ارتعاش ہونا - حالات نا سازگار ہونا -

Shake hands ہاتھ ملانا - مصافحہ کرنا -

Shake off الگ کرنا - جھٹک دینا -

Shake off the dust from one's feet قطع تعلق کرنا -

Shake the head انکار کرنا -

Great shakes اہم باتیں - بڑی باتیں -

Shake the house گھر کی صفائی کرنا -

Shake one's fist or stick مکا دکھانا - دھمکانا -

Shake a leg رقص کرنا - ناچنا -

Shake in one's shoes خوف سے کانپنا -

Shake down ہلا کر یکجا کرنا - جھٹکنا - ہلا کر پھل گرانا -

Shake up رسمی پابندی سے نکلنا - جھنجھوڑنا -

Shakable *adj.* ہلنے جلنے والی - جو ہلایا جا سکے -

Shake-down عارضی بستر جو فرش پر گھاس بچھا کر تیار کیا جائے -

Shaking *adj.* متزلزل - مرتعش - ہلتا ہوا -

Shake (shak) *n.* Tremulous motion جنبش - لرزش - ارتعاش - جھٹکا - ہچکولا - شگاف - آواز کی لرزش یا لہر -

Shaker (shak-ər) *n.* One who shakes, a contrivance for shaking ہلانے والا - جنبش دینے والا آلہ - عیسائیوں کا ایک فرقہ جو سمجھتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ظہور ثانی ہو چکا ہے - رقاص فرقہ -

Shakespearian (shak-spe-ri-ən) *adj.* Relating to Shakspeare or his works شیکسپیر کا - شیکسپیر کی تصانیف کے متعلق -

Shako (shako) *n.* Nearly cylindrical military cap ایک قسم کی مخروطی فوجی ٹوپی -

Shaky (shak-i) *adj.* Moving to and fro کانپتا ہوا - لرزتا ہوا - لرزاں - نا قابل اعتبار -

Shakiness بے اعتباری - جنبش - لرزش -

Shale (shal) *n.* Clay rock with layers ایک قسم کا پرت دار سلیٹی پتھر -

Shall (shal) *v. aux.* Used with a verb to form future tense فعل امدادی جو فعل سے مل کر مستقبل کے صیغے بناتا ہے -

Shalloon (shə-loon) *n.* A light woollen stuff for lining ہلکا اونی کپڑا جس کا استر دیا جاتا ہے -

Shallop (shal-əp) *n.* A small light boat ایک چھوٹی ہلکی کشتی -

Shalot-llot (shə-lot) *n.* A garlic-flavoured species of onion ایک قسم کی پیاز جس میں لہسن کی بو ہوتی ہے -

Shallow (shal-o) *adj.* Of no great depth - اتھلا
پایاب - ہلکا - اوچھا - سفلہ - کم ظرف - کم حوصلہ -
خام - چھچھلتا ہوا -

Shallow-brained *adj.* - نادان - سادہ لوح - کوڑ مغز

Shallow-hearted - کم حس - جس کو احساس نہ ہو

Shallowness *n.* - کم ظرفی - اتھلا پن - پایابی

Shalt (shalt) *v. aux.* Old form of shall - shall کا قدیم صیغہ واحد مخاطب -

Sham (sham) *v.t.,i.,n. & adj.* Hoax, a counterfeit
دھوکا - فریب - مصنوعی - بناوٹی - غیر حقیقی -
میل گی - جھوٹ موٹ کی - دھوکے باز - مصنوعی شے -
حیلہ بہانا کرنا - دھوکا دینا - بناوٹ کرنا -

Sham sheet - نمائشی چادر جو دن کے وقت پلنگ پر بچھائی جائے -

Sham pillow - مصنوعی تکیہ -

Sham illness - بیمار بنتا - بیماری کا بہانہ -

This age of shams - یہ تصنع اور فریب کا زمانہ - ریا کاری کا دور -

Sham sleep - جھوٹ موٹ کا سونا -

Shammer *n.* - حیلہ بہانہ کرنے والا - بننے والا -

Shamanism (sham-an-izm) *n.* Religion of N. Asia based on magic and sorcery - سائبیریا کا ایک مذہب جس کا عقیدہ ہے کہ انسان کے ارد گرد روحیں رہتی ہیں جو انسان کو نفع نقصان پہنچانے پر قادر ہیں- ان کے پیشوا ان کے اثر کو چھومنتر سے زائل کر دیتے ہیں -

Shamble *v.i. & n.* - لڑکھڑاہٹ - گرتے پڑتے چلنا - لڑکھڑا کر چلنا -

Shambling gait - لڑکھڑاتی چال -

Shambles (sham-bls) *n.* Slaughter-house - جانوروں کو ذبح کرنے کی جگہ - مسلخ - مذبح -

Shame (sham) *n.* A humiliating feeling - حیا - شرم -
حجاب - شرمندگی - ندامت - ذلت - رسوائی - شرمساری -
باعث ننگ و عار -

Shame on you - شرم کرو -

Put one to shame - شرمندہ کرنا -

Shameless *adj.* - بے شرم - بے حیا -

Shamelessness *n.* - بے شرمی - بے حیائی -

Shameful *adj.* - قبیح - مذموم - برا - شرمناک -

Shamefulness *n.* - ذلت - رسوائی - شرمساری -

Shame (sham) *v.t. & i.* Disgrace, cover with reproach - شرمندہ کرنا - نادم ہونا - شرمسار ہونا -
غیرت دلانا - رسوا کرنا - ذلیل کرنا - خفیف کرنا -

Shamefaced (sham-fa-sd) *adj.* Bashful - جھینپو -
خلوت پسند - شرمیلا -

Shamefacedness *n.* - حجاب - حیا - شرمیلا پن -

Shampoo (sham-poo) *v.t. & n.* Massage, wash and rub - مالش کرنا - بدن یا سر کی مالش - بالوں یا سر کو دھونا اور رگڑنا -

Shamrock (sham-rok) *n.* The national emblem of Ireland - تین پتوں والی گھاس جو آئرستان کا قومی نشان ہے -

Shandrydan (shan-dri-dan) *n.* A rickety vehicle - ہلکی دو پہیوں کی گاڑی - پرانی کمزور گاڑی -

Shandygaff (shan-di-gaf) *n.* A mixture of beer and ginger - بیر اور ادرک کی شراب -

Shanghai (shang-hi) *v.t.* Make drunk and ship as a sailor - کسی کو نشلی چیز دے کر جہاز پر بٹھا لینا اور پھر اس سے ملاح کا کام لینا -

Shank (shangk) *n.* The length from knee to foot
ٹانگ - پنڈلی - ساق - گھٹنے سے ٹخنے تک کا حصہ -
پھول کی ڈنڈی - کسی اوزار کا دستہ - چمچے یا کفگیر
کی ڈنڈی - جوتے کا درمیانی تنگ حصہ -

Shank's mare - اپنی ٹانگوں پر -

Shank off - مرجھا کر پھول کا جھڑ جانا - مرجھا جانا -

Shanty (shant-i) *n.* A roughly-built hut - جھونپڑی -
کٹیا -

Shape (shap) *v.i. & t.* Fashion, give form - شکل
بنانا - صورت دینا - سانچے میں ڈھالنا - بنانا - گھڑنا -
خیال کرنا - ترکیب نکالنا - آثار سے کسی ہونے والے
واقعہ کو بھانپ لینا - اندازہ کرنا -

Shapable *adj.* - ڈھالنے کے قابل - قابل تشکیل -

Shape (shap) *n.* Form, figure, pattern - شکل -
صورت - وضع قطع - رنگ ڈھنگ - ساخت - بناوٹ -
مبہم صورت - قالب - سانچا -

Shapeless *adj.* - بد وضع - بے ڈول -

Shapelessness *n.* - بے ڈھنگا پن - بد صورتی - بد شکلی -

Shapely (shap-li) *adj.* Of good shape - خوش نما
طرح دار - خوش شکل - دیدہ زیب -
Shapeliness *n.* - خوش وضعی - طرح داری - دیدہ زیبی
Shaper (shap-ər) *n.* One who shapes - صورت گر
ڈھالنے والا - صنّاع - بنانے والا -
Shard (shard) *n.* A beetle's wing-case بھونرے کے
پروں کا غلاف - ٹھیکری - سفال - انڈے کا چھلکا -
Share (shar) *n.* A part allotted حصہ - بخرا - نامزدہ
حصہ - بانٹ -
Go shares باہم برابر تقسیم کرنا -
Deferred shares حصے جن پر مقررہ تاریخ تک کوئی
منافع نہ دیا جائے یا کم دیا جائے -
Preferred, preference shares وہ ترجیحی حصے جن
پر تاریخ خرید سے منافع ملتا ہے -
Shareholder *n.* پتی دار - ساجھی - شریک - جس کے
پاس کسی کارخانے کے حصے ہوں - حصے دار -
Lion's share - سب سے بڑا یا بہترین حصہ
Share (shar) *v.t.* & *i.* Give or take a share - بانٹنا
تقسیم کرنا - حصے دار ہونا - حصے دار بنانا - دوسروں
کو حصص دینا -
Sharer *n.* تقسیم کرنے والا - حصے دار -
Share (shar) *n.* Plough share پھالی - ہل کا نوک دار
حصہ -
Shark (shark) *n., v.t.* & *i.* Voracious fish with
sharp teeth - شارک مچھلی - ہنگ - گھڑیال - مکار
عیار - دغا باز - بے حد حریص - ظالم - خونخوار -
ٹھگنا - لوٹنا - تیر تکوّن پر گزارا کرنا -
He sharks for living - وہ لوٹ مار پر گزارہ کرتا ہے
Sharking *adj.* لوٹنے والا - دغا باز - ٹھگ - عیار -
مکار -
Sharp (sharp) *adj.* & *adv.* Cutting, piercing,
precisely, sharply تیز - دھار دار - نکیلا -
نوک دار - چبھتا ہوا - صاف - روشن - ایکا ایکی -
ٹھیک وقت پر - تیزی سے - فوراً -
Sharp incline عمودی نشیب -
Sharp temper جھلاّ - تیز مزاج -
As sharp as a needle بہت ذہین - تیز فہم -
Sharp practice عیّاری - چالاکی -
The piano is sharp پیانو کی آواز تیز ہے -

Look sharp جلدی کرو -
Sharpen (sharp-en) *v.t.* & *i.* Make sharp تیز کرنا
یا ہونا - سان پر لگانا - اکسانا - شوق دلانا - آواز بلند
کرنا - بھوک تیز کرنا - چٹ پٹا بنانا - تیز یا ناگوار
بنانا - عجلت کرنا -
Sharpener *n.* تیز کرنے والا - سان رکھنے والا -
سان والا -
Sharpness (sharp-nes) *n.* A thin edge, keenness
تیزی - دھار - کاٹ - تیز فہمی - چرچراہٹ - شدت -
سختی -
Sharply *adv.* جلدی سے - سختی سے - تیزی سے -
Sharp-eyed تیز نظر -
Sharp-set مشتاق - بھوکا -
Sharp-visaged دبلے پتلے منہ والا -
Sharp-witted تیز فہم -
Sharp (sharp) *v.t.* & *i.* Sharpen, shark - تیز کرنا
دھار لگانا - سان پر لگانا - آواز کو اونچا یا تیز کرنا -
دھوکا دینا - عیاری کرنا -
Sharper *n.* - (تاش کے کھیل) پتے لگانے والا - دغا باز
عیار -
Shatter (shat-ər) *v.t.* & *i.* Dash to pieces, wreck
ٹکڑے ٹکڑے کر دینا - توڑ دینا - پرخچے اڑا دینا -
تباہ و برباد کر دینا - ضائع کر دینا -
Shatter-brained پریشان دماغ - شوریدہ سر -
Shave (shav) *v.t.* & *i* Scrape or pare off super-
ficial hair چھیلنا - تراشنا - مونڈنا - خط بنانا
پتلے ورق اتارنا - چھوتے ہوئے گزرنا - مونڈ لینا -
کپڑے اتارنا - ٹھگنا - لوٹنا -
Shaven *adj.* - تراشا ہوا - چھیلا ہوا - منڈا ہوا
Shaving *n.* چھیلن - حجامت - موتراشی -
Shave (shav) *n.* A narrow mess or escape, a
paring اصلاح - حجامت - خط - نزدیکی - بال بال
بچ جانا - پھانک - ٹکڑا - دھوکا - مکر - فریب -
عیاری -
Shaveling (shav-i-ling) *n.* A tonsured cleric
سر منڈا راہب - پادری - قلندر -

Shavian (sha-vi-ən) *adj.* Pertaining to the famous dramatist George Bernard Shaw جارج برنرڈ شا کا مداح - جارج برنرڈ شا کو پسند کرنے والا - جارج برنارڈ شا کے ناٹکوں کے متعلق -

Shawl (shawl) *n.* A loose covering for the shoulders شال - دوشالا -

Shawl dance ایسا ناچ جس میں ناچنے والا دوشالا اوڑھتا اور اس کو لہراتا ہے -

She (she) *pron.* Female, the woman ضمیر واحد غائب مؤنث - وہ عورت -

Shea (she-a) *n.* An African tree yielding butter مغربی افریقہ کا ایک درخت جس کے بیجوں سے مکھن نکلتا ہے -

Sheaf (shef) *n.* A bundle of things مٹھا - گٹھا - پُولی -

Shear (sher) *v.t.* & *i.* Cut or clip کاٹنا - کترنا - مونڈنا - لوٹنا - دھوکا دینا - عمارت وغیرہ کا بوجھ سے گر جانا - بوجھ ڈال کر توڑ ڈالنا -

Shearer (sher-ər) *n.* One who shears sheep مونڈنے والا - تراشنے والا - بھیڑوں کی اون تراشنے والا -

Shear (sher) *n.* Scissors مقراض - کترنی - قینچی -

Shear steel ایک قسم کا فولاد جس سے قینچیاں بنائی جاتی ہیں -

Shearling (sher-ling) *n.* A sheep which has been sheared only once وہ بھیڑ جس کی اون صرف ایک بار اتاری گئی ہو -

Sheath (sheth) *n.* A case for a sword or blade میان - نیام - غلاف - خول -

Sheathe (sheth) *v.t.* Put sword in a sheath تلوار نیام میں رکھنا -

Sheathing *n.* جہاز کے پیندے کی فولادی چادر - نیام - میان -

Sheath-winged غلاف دار بازو والا کیڑا -

Sheathe the sword تلوار کو میان میں رکھو - جنگ بند کرو -

Sheave (shev) *n.* & *v.t.* A grooved wheel اناج کے پودے کاٹ کر گٹھے بنانا - چرخی -

Shebeen (shi-ben) *n* An illicit liquor-shop شراب کی دوکان جس کی اجازت نہ لی گئی ہو -

Shed (shed) *v.t.* Cast off گرانا جھاڑنا - جھٹک کر الگ کرنا - پھینکنا - آنسو بہانا - پھیلانا - برسانا -

Shed (shed) *n.* An open outhouse سائبان - چھپر - آسارا - سار -

Shedding *n.* کریز کے پر - بہت سے اسارے -

Sheen (shen) *n.* & *adj.* Lustre, beautiful آب وتاب - چمک دمک - حسین -

Sheeny *adj.* حسین - نورانی - روشن - منور -

Sheep (shep) *n.* A beardless woolly wild or domestic animal بھیڑ - میش - شرمیلا آدمی - جھجکنے والا انسان - پادری کے علاقے کے لوگ -

Black sheep احمق - پاجی - بد معاش - شریر -

Cast sheep's eyes محبت بھری نظروں سے دیکھنا -

Follow like sheep اندھی تقلید کرنا - بھیڑ چال چلنا -

As will be hanged for a sheep as for a lamb جب چوری کی سزا ایک جیسی ہے تو بھر بچے کی جگہ بھیڑ کیوں نہ چرائیں -

Sheep that have no shepherd بے یار و مددگار -

Sheep-run بھیڑوں کی چرا گاہ -

Sheep-faced شرمیلا -

Sheepish *adj.* جھینپنے والا - بھیڑ جیسا - شرمیلا سا -

Sheepishness *n.* بزدلی - جھجک - شرمیلا پن -

Sheer (sher) *adj.* & *adv.* Clear, pure, quite بے میل - خالص - نرا - سراسر - فقط - محض - صرف - سیدھا - بالکل - بے کم و کاست -

Sheer (sher) *v.i.* & *n.* Deviate (جہاز رانی) اصل راستے سے ہٹ جانا - کترا جانا - کسی کے راستے سے الگ ہو جانا - جدا ہو جانا - میل محبت ترک کر دینا - جہاز کا اصل راستے سے انحراف - جہاز کا جھکاؤ -

Sheer (sher) *n.* An apparatus for hoisting heavy weights بھاری بوجھ اٹھانے کا ایک آلہ -

Sheet (shet) *n.* A large broad piece of cloth چادر - پلنگ پوش - کاغذ کا تاؤ - کاغذ کا تختہ - پانی ، لوہے یا شیشے وغیرہ کی چادر - کتاب - رسالہ - اخبار - پرچہ - جہاز کا پل - رسی جو بادبان کھولنے کے کام آتی ہے -

He is between the sheets وہ ابھی سو رہا ہے -

The book is in sheets کتاب چھپ چکی لیکن ابھی جلد بندی نہیں ہوئی ۔

Sheet anchor سب سے بڑا لنگر ۔ بڑی بنیاد ۔ اہم سہارا ۔

Sheeting *n.* پلنگ کی چادروں کا کپڑا ۔

Sheet (shēt) *v.t.* Furnish with or form into sheets چادر ڈالنا ۔ چادر اوڑھنا ۔ چادر سے ڈھانکنا ۔ چادر بچھانا ۔ چادریں ڈھالنا ۔

Sheeted rain زور کی بارش ۔

Sheikh (shakh) *n.* An Arab chief شیخ ۔

Shekel (shek-l) *n.* A Jewish weight and a coin ایک یہودی سکہ اور وزن کا پیمانہ ۔ (جمع) مال و دولت ۔ سیم و زر ۔

Sheldrake (shel-drāk) *n.* A large duck Tudorna ایک بڑی شوخ رنگ کی بطخ ۔

Shelf (shelf) *n.* A board fixed on a wall دیوار میں لگا ہوا تختہ ۔ الماری کے اندر کا تختہ ۔ دیوار کا طاقچہ ۔ چھجا ۔

Put it on the shelf طاق نسیاں پر رکھ دو ۔ اس کو بھول جاؤ ۔

Shell (shel) *n.* A hard outer covering چھلکا ۔ پوست ۔ کھال ۔ کھپرا ۔ خول ۔ گھونگھا ۔ صدف ۔ سیپی ۔ خرمہرہ ۔ کسی منصوبہ کا خاکہ ۔ دوڑ کی ہلکی کشتی ۔ بم کا گولہ ۔ توپ کا گولہ ۔ دھات کا خول ۔ کارتوس ۔ نمائش ۔ دکھاوا ۔ معمولی تابوت ۔ اندرونی تابوت ۔ بربط ۔ چنگ ۔ نامکمل مکان ۔ جہاز کا ڈھانچا ۔

Come out of one's shell کھل جانا ۔ حجاب ترک کرنا ۔

Shelled *adj.* خولدار ۔

Shelly *adj.* سیپی دار ۔ گھونگھوں سے بھرا ہوا ۔

Shell (shel) *v.t.* & *i.* Separate from the shell, throw shell چھلکا اتارنا ۔ چھیلنا ۔ خول کے اندر سے بیج یا موتی نکالنا ۔ غلاف یا خول چڑھانا ۔ گولہ باری کرنا ۔ دھات کا پرت پرت نکلنا ۔

Shell out ادا کرنا ۔

Shelling *n.* بم باری ۔ گولہ باری ۔

Shellac (she-lək) *n.* & *v.t.* Lac melted into thin plates, varnish with لاکھ کی پٹی یا ٹکلی ۔ لاکھ سے وارنش کرنا ۔

Shelter (shel-tər) *n.*, *v.t.* & *i.* A place of refuge, screen, shield جائے پناہ ۔ آڑ ۔ پناہ ۔ بچاؤ کی جگہ ۔ پشت پناہ ۔ حمایتی ۔ پناہ دینا ۔ حفاظت کرنا ۔ بچانا ۔ دامن پکڑنا ۔ حفاظت میں آنا ۔

Shelterless بے پناہ ۔ غیر محفوظ ۔

Shelty-ie (shel-ti) *n.* A Shetland pony چھونپڑی ۔ شٹ لینڈ کا ٹٹو ۔

Shelve (shelv) *v.t.* Put aside, put on a shelf طاق پر رکھنا ۔ ملتوی کرنا ۔ برآئندہ کرنا ۔ برخاست کرنا ۔ الماری میں تختے لگانا ۔

Shelving *n.* موقوفی ۔ پراگندگی ۔ التوا ۔ الماری بنانے کا سامان ۔

Shelve (shelv) *v.i.* Slope, incline ڈھلوان ہونا ۔ نشیبی ہونا ۔

Shema (shemȧ) *n.* Jews confession of faith "Hear, O, Israel" یہودیوں کا کلمہ ایمانی "سنو اے بنی اسرائیل" ۔

Sheol (shē-ōl) *n.* The place of departed spirits عالم برزخ ۔

Shepherd (shep-ərd) *n.* & *v.t.* One who tends sheep گڈریا ۔ چرواہا ۔ گلہ بان ۔ محافظ ۔ پادری ۔ بھیڑ بکریاں چرانا ۔ محافظت کرنا ۔ راہ راست دکھانا ۔

Shepherdess *n.* بھیڑ بکریاں چرانے والی ۔

Sheppy (shep-i) *n.* Sheep yard بھیڑوں کا باڑا ۔

Sherbet (sher-bet) *n.* Sweet drink شربت ۔

Sherif-eef (shə-ref) *n.* A descendant of the Prophet شریف ۔ سید ۔ آل رسول ۔ اولاد علی رضی اللہ عنہ ۔ مکہ معظمہ کا محافظ ۔ شریف مکہ ۔

Sheriff (sher-if) *n.* An officer of a shire with judicial and executive powers کاؤنٹی یا شائر کا افسر اعلیٰ ۔ ناظم عدالت ۔

Sheriffdom-hood-ship شریف کا علاقہ ۔ شریف کا عہدہ ۔

Sherry (sher-i) *n.* A white wine of Spain ایک قسم کی انگریزی شراب ۔ ہسپانیہ کی سفید شراب ۔

Shiboleth (shib-ə-leth) *n.* Catch word of a group کسی جتھے کا امتیازی کلمہ یا لفظ۔ دقیانوسی بات ۔ فرسودہ خیال ۔

Shield (shēld) *n.* & *v.t.* A broad plate to ward off weapons ڈھال ۔ سپر ۔ حفاظت ۔ پناہ ۔ حامی ۔ محافظ ۔ نگہبان ۔ ڈھال سے روکنا ۔ بچانا ۔ پناہ دینا ۔

The other side of the shield کسی مسئلہ کا غیر نمایاں پہلو ۔

Shift (shift) *v.t.* & *i.* Change position, remove, evade, transfer بدلنا ۔ پلٹنا ۔ تغیر کرنا ۔ تبادلہ کرنا ۔ منتقل کرنا ۔ گزراں کرنا ۔ کوئی ترکیب نکالنا ۔ جتن کرنا ۔ گول مول جواب دینا ۔ ٹال دینا ۔

To shift one's ground بحث میں نئی صورت اختیار کرنا ۔ بات کا رخ بدلنا ۔

He shifts and prevaricates - وہ ٹال مٹول کرتا ہے

Shift (shift) *n.* A change, a set of persons taking turns تبدیلی ۔ نقل مکان ۔ تبادلہ ۔ تغیر ۔ باری ۔ مزدوروں کی بدل باری ۔ نئی ترکیب ۔ چالاکی ۔ عیاری ۔ ٹال مٹول ۔ قمیض ۔ ایک طرح کی اینٹوں کی چنائی ۔

The shifts and changes of life زندگی کے نشیب و فراز ۔

Shiftless *adj.* بے تدبیر ۔ بے نوا ۔ بے حکمت ۔

Shifty *adj.* گھڑی گھڑی بات بدلنے والا ۔ چالاک ۔ عیار ۔

Shiftiness *n.* چالبازی ۔ چالاکی ۔ مکاری ۔

Shift about - تلاش معاش میں ادھر اُدھر پھرنا ۔ گھمانا پھیرنا ۔

Shift for one's self اپنے لیے خود مہیا کرنا ۔

Shift off ٹال دینا ۔ ملتوی کرنا ۔

Make shift تدبیر کرنا ۔

Shilling (shil-ing) *n.* A coin of 12 pence بارہ پنس کا سکہ ۔ شلنگ ۔

Take king's or queen's shilling فوج میں بھرتی ہونا ۔

Shilly-shally (shil-i-shal-i) *adv.* In silly hesitation تذبذب میں ۔ ڈانوا ڈول ۔ شش و پنج ۔

Shim (shim) *n.* & *v.t.* A slip of metal or wood پچر ۔ چیپ ۔ پچر لگانا ۔

Shimmer (shim-ər) *n.*, *v.t.* & *i.* Gleam, glisten ٹمٹمانا ۔ جھمکنا ۔ جھمک ۔ ٹمٹماہٹ ۔

Shimmy (shim-i) *n.* A shirt - (بول چال) قمیص ۔ کرتہ

Shin (shin) *n.*, *v.t.* & *i.* Lower part of leg - پنڈلی پنڈلی کی ہڈی ۔ پنڈلی کا اگلا حصہ ۔ درخت پر چڑھنا ۔ پنڈلی پر ٹھوکر مارنا ۔

Shindy (shin-di) *n.* A row - (بول چال) جھگڑا ۔ غل غپاڑہ ۔

Kick up a shindy - جھگڑا کھڑا کرنا ۔ ہنگامہ برپا کرنا

Shine (shīn) *v.t.* & *i.* Glow, give or reflect light روشن ہونا ۔ روشنی دینا ۔ چمکنا ۔ چمکتا ہوا ہونا ۔ ممتاز ہونا ۔ نمایاں ہونا ۔ خوبصورت ہونا ۔ سبقت لے جانا ۔ چمکانا ۔ چمکدار بنانا ۔ پالش کرنا ۔

It is a shining example - یہ ایک روشن مثال ہے

Shine (shīn) *n.* Brightness, lustre - صاف مطلع ۔ چمک ۔ روشنی ۔ کھلا موسم ۔ چاندنی ۔ (بول چال) جھگڑا ۔ فساد ۔ ہنگامہ ۔

Take the shine of کسی کو کسی سے سبقت لے جانا ۔ ماند کر دینا ۔

Shiner (shīn-ər) *n.* One who or that which shines - چمکنے والا ۔ چمکانے والا ۔ پالش کرنے والا ۔ (بول چال) سکہ ۔ پاؤنڈ ۔ گنی (جمع) سیم و زر ۔ ایک قسم کی مچھلی ۔

Shingle (shing-gl) *v.t.* & *n.* A wooden slab, a board لکڑی کے تختے ۔ پٹاؤ ۔ چھت پاٹنا ۔ لکڑی کے تختے لگانا ۔ خشخشی بال کاٹنا ۔

Shingles (shing-gls) *n.* Large rounded stone pebbles, an eruption روڑے ۔ ایک جلدی مرض جس سے کمر کے قریب چتے پڑ جاتے ہیں اور سوزش ہوتی ہے ۔

Shinto (shin-tō) *n.* The Japanese nature and hero cult عقیدہ فطرت پرستی ۔ جاپان کا قدیم مذہب شنٹو ۔

Shintoism *n.* جاپانی عقیدہ جو شاہ اور اسلاف پرستی پر مبنی ہے ۔

Shintoist *n.* جاپانی مذہب شنٹو کا پیرو ۔

Shiny (shīn-i) *adj.* Clear, unclouded - صاف ۔ روشن تابدار ۔ چمکدار ۔ منجھا ہوا ۔

Shiny seams گھسی ہوئی سیونیں -

Shininess *n.* آبداری - درخشندگی - چمک دمک -

Ship (ship) *n.* A large vessel جہاز - سفینہ (بول چال) کشتی - دوڑ کی کشتی -

Sister ship دو جہاز جو ساخت میں یکساں ہوں -

Take ship سفر کے لیے جہاز میں سوار ہونا -

Shipmate جہاز کے ہم سفر - جہاز کا ملازم -

Ship-shape ٹھیک ٹھاک -

Ship-wreck تباہی - پامالی - بربادی - جہاز کی تباہی -

Make ship-wreck of تباہ کرنا - برباد کرنا -

Ship of the desert ریگستان کا جہاز - اونٹ -

When my ship comes home جب میرا جہاز ساحل مراد پر پہنچے گا - جب مجھے کامیابی ہوگی -

Ship (ship) *v.t.* & *i.* Load on ship جہاز پر سوار کرنا - جہاز پر لادنا - جہاز کے ذریعے بھیجنا - جہاز پر ملازم رکھنا - جگہ پر رکھنا - ٹھکانے پر رکھنا - نصب کرنا -

Shipment (ship-mənt) *n.* A consignment by ship - جہاز کی لدائی - سامان جو جہاز پر چڑھایا جائے - جہاز پر سامان رکھنا - مال محصولہ جہاز -

Shipper (ship-ər) *n.* One who sends goods by ship جہاز کے ذریعے مال بھیجنے والا -

Shipping (ship-ing) *n.* Cargo loaded on ship جہاز پر سامان کی لدائی - مال جو جہاز پر لادا گیا ہو -

Shipping agent جو جہاز پر مال چڑھاتے اور اتارتے ہیں - جہازی دلال - جن کے ذریعے مال بھیجا اور منگایا جاتا ہے -

Shipping office جہازی دلالوں کا دفتر - مال اتارنے اور چڑھانے والوں کا دفتر -

Shirk (shərk) *v.t.* & *i.* Evade, act evasively پہلوتہی کرنا - بچنا - کام سے جی چرانا - ٹال مٹول کرنا -

Shirker *n.* ذمہ داری سے بچنے والا - پہلوتہی کرنے والا -

Shirt (shərt) *n.* A man's sleeved undergarment قمیص - کرتہ -

Night shirt شب خوابی کا کرتہ -

Near is my shirt but nearer is my skin — اول خویش بعدہ درویش - پہلے اپنی ضرورت پوری کرنا ہے -

In one's shirt sleeves بغیر کوٹ یا شیروانی کے - قمیض میں -

Keep one's shirt on (بول چال) سب مال جوئے میں لگا دینا -

Get one's shirt off (بول چال) کسی کو غصہ دلانا -

Give one a wet shirt کسی سے بہت زیادہ محنت لینا -

Shirting *n.* کرتے یا قمیص کا کپڑا -

Shirty *adj.* (بول چال) بد سلوکی سے پیش آنے والا - غصہ میں - ناراض -

Shit (shit) *v.i.* & *n.* Ease پاخانہ - گوبر - لید - گالی - (بول چال) پاخانہ کرنا -

Shiver (shiv-ər) *v.i.* & *n.* Quiver with cold کانپنا - لرزنا - کپکپانا - سردی سے تھرتھرانا - کپکپی - لرزہ - تھرتھراہٹ -

Shivering fit لرزہ کا دورہ - کپکپی - لرزہ -

Shiveringly *adv.* کانپتے ہوئے - تھرتھراتے ہوئے -

Shivery *adj* کانپنے والا - لرزہ بر اندام -

Shiver (shiv-ər) *v.t.,i.* & *n.* Shatter ٹکرے ٹکرے کرنا - چور چور کر دینا - ریزہ ریزہ ہونا - ٹوٹنا - ٹکڑا - ذرہ - ریزہ -

The shivers *n.* لرزہ کا بخار - جوڑی کا بخار -

Shoal (shol) *adj.,n.* & *v.t.* Shallow پایاب - اتھلا - مخفی خطرہ یا رکاوٹ - کم گہرا ہونا - اتھلا ہونا -

Shoaly *adj.* پوشیدہ خطروں والا - کم گہرا - پر خطر -

Shoaliness *n.* پایابی - پوشیدہ خطرہ - اتھلا پن -

Shoal (shōl) *n.* & *v.i.* Multitude of fishes, swarm مچھلیوں کے جھنڈ - ہجوم - بھیڑ - مچھلیوں کا ایک جگہ جمع ہونا - جھنڈ بنانا -

Shoal wise جھنڈ میں -

Shoals of people آدمیوں کا اجتماع - ہجوم - بھیڑ بھاڑ -

He gets letters in shoals اس کے پاس بے حساب خط آتے ہیں -

Shock (shok) *n.* A violent impact, a sudden shaking صدمہ - دھکا - جھٹکا - چوٹ - حادثہ - تصادم - مقابلہ - دہشت - مار پیٹ - کسی رنج دہ خبر سے قلبی صدمہ - ہتک - بے اعتباری -

Shock (shok) *v.t.* & *i.* Shake and impair by a shock صدمہ پہنچانا - ہلا دینا - ٹکر مارنا - برہم کرنا - رنجیدہ کرنا - غضبناک ہونا - دھکا لگنا -

Shocking *adj.* & *adv.* چونکا دینے والا ۔ رنجیدہ ۔ دہشت انگیز ۔

Shockingly *adv.* بری طرح سے ۔ دہشت انگیزی سے ۔ نہایت ۔ بے حد ۔

Shock (shok) *n.* & *v.t.* A bundle of twelve small bundles بارہ چھوٹی گٹھوں کا گٹھا ۔ ایسے گٹھے بنانا ۔

Shock (shok) *n.* A dog with long, shaggy hair لمبے بالوں کا ایک کتا ۔ الجھے ہوئے بال ۔ پریشان زلفیں ۔

Shocker (shok-ər) *n.* A sensational tale کسی چیز کا بدترین نمونہ ۔ سنسنی خیز ناول ۔

Shoddy (shod-i) *n.* & *adj.* Wool from shredded rag پھٹے ہوئے کپڑوں سے نکالا ہوا اون ۔ ایسے اون کا بنا ہوا کپڑا ۔ دیکھنے میں اچھی مگر اصل میں خراب چیز ۔ نمائشی ۔ مصنوعی ۔

Shoe (shōō) *n.* A stiff outer covering for the foot, a rim of iron to a hoof جوتا ۔ جوتی ۔ پاپوش ۔ زیر پائی ۔ کفش ۔ گھوڑے کے نعل ۔ شام ۔ نعل کی طرح کی کوئی چیز ۔

Shoe boy جوتے صاف کرنے والا ۔

That is another pair of shoes یہ اور بات ہے ۔ یہ اور معاملہ ہے ۔

He is in some one's shoes وہ کسی دوسرے کی مصیبت جھیل رہا ہے ۔

Where the shoe pinches یہی بات تو تکلیف دہ ہے ۔ یہی تو مشکل ہے ۔

Shoe-maker جوتے بنانے والا ۔ موچی ۔ کفش ساز ۔

Shoe (shōō) *v.t.* Put iron rim on hoofs نعل بندی کرنا ۔ نعل جڑنا ۔ شام لگانا ۔ پیندے پر لوہا چڑھانا ۔

Shoo (shōō) *interj.*, *v.t.* & *i.* Scare away by calling shoo شو کہکر بھگا دینا ۔ پرندے اڑانے کی آواز شو ۔

Shook (shŏŏk) *n.* & *v.t.* Set of stakes and heading for cask مختلف ٹکڑے جن سے پیپا بنایا جاتا ہے ۔ ٹکڑوں کو جوڑ کر پیپا بنانا ۔

Shoot (shōōt) *v.i.* & *t.* Discharge, let fly with force کسی چیز کا پھوٹ کر نکلنا ۔ زور سے نکلنا ۔ یک بیک نکل آنا ۔ گولی مارنا ۔ بندوق چلانا ۔ نشانہ لگانا ۔ کشتی کو پل کے نیچے سے تیزی سے نکال لے جانا ۔ گولی کا نکل جانا ۔

Shooting star ٹوٹنے والا ستارا ۔ شہاب ثاقب ۔

Shooting range چاند ماری ۔

Shot مختلف انگ جو مختلف زاویوں سے نظر آئیں ۔ دھوپ چھاؤں ۔

Shot silk دھوپ چھاؤں کا ریشم ۔ آب رواں ریشم ۔

Shootable شکار کرنے کے قابل ۔ نشانے کے قابل ۔

Shoot (shōōt) *n.* A shot, a shooting match, a spruot ۔ نئی کونپل یا شاخ جو زمین سے نکلے ۔ ڈھال ۔ دریا کا تیز دھارا ۔ کوڑا کرکٹ بہانے کی بد رو ۔ نشانہ بازی کی مشق ۔ شکاری ٹولی ۔

Shooter (shōōt-ər) *n.* A twinge of quick pain بندوق چلانے والا ۔ شکار کرنے والا ۔ درد کی تیز لہر ۔ (کرکٹ) وہ گیند جو ٹپ کھانے کے بعد اونچی نہ ہو ۔

Shooting (shōōt-ing) *n.* Killing of game بندوق سے جانوروں کا شکار ۔ شکار ۔ تیر اندازی ۔ شکار کرنے کا حق ۔ کرائے کی شکار گاہ (ٹینس) تیز ضرب ۔

Shop (shop) *n.* & *v.t.* A building or room in which goods are sold دوکان ۔ کارخانہ ۔ (بول چال) محکمہ ۔ ادارہ ۔ پیشہ ۔ کاروبار ۔ دوکان میں جانا ۔ خریداری کرنا ۔ (بول چال) قید کرنا ۔ مخبر کے ساتھی کو قید کرا دینا ۔

Nation of shopkeepers تجارتی قوم ۔ انگریزی قوم ۔ انگریز ۔

Shop-lifter *n.* دوکان میں جا کر مال چرانے والا ۔ اٹھائی گیرہ ۔

The whole shop سراسر ۔ بالکل ۔

All over the shop (بول چال) چاروں طرف ۔ تتر بتر ۔ ہر سو ۔

Shop-window دوکان کا دریچہ جہاں چیزیں نمائش کے لیے رکھی جاتی ہیں ۔

Shop-worn مال جو دوکان میں پڑا پڑا خراب ہو جائے ۔

Shopping *n.* سودا خریدنے بازار جانا ۔ خریداری ۔

Shoppy *adj.* محکمہ یا شعبے سے متعلق ۔ دوکان کے متعلق ۔ دوکان کا ۔

Shore (shōr) *n.* Bank, coast ساحل - دریا کا کنارہ - ساحلی علاقہ -

Shore (shōr) *n. & v.t.* A prop ٹیکن - سہارا - تھونی - تھونی لگانا - ٹیکن لگانا - سہارا دینا -

Short (short) *adj., adv. & n.* Of little length or duration چھوٹا - پستہ قد - ناٹا - ٹھنگنا - مختصر - تھوڑا - کم - قلیل - ناکافی - خفیف - جس پر زور نہ دیا جائے - خستہ - یکایک - جلدی میں - مختصر طور پر - چھوٹا بول یا حرف علت - حرف علت کا نشان -

Cut short چھانٹنا - مختصر کرنا -

Make a short work of چٹکی بجاتے پرا دینا - کسی شے کا جلد خاتمہ کر دینا -

Short-lived *adj.* نا پائدار - چند روزہ -

Short-temper تنک مزاجی - زود رنجی -

Short-winded *adj.* پھولی ہوئی سانس والا - دم چڑھا -

Short-sightedness *n.* تنگ نظری - ناعاقبت اندیشی -

Short-sightedly *adv.* ناعاقبت اندیشی سے - تنگ نظری سے -

He takes short views وہ صرف موجودہ حالت کا خیال رکھتا ہے - وہ کم نظر ہے -

Short of breath سانس پھولا ہوا - بے دم -

Shortcoming کوتاہی - قصور -

Fall short ضرورت سے کم ہونا - کم پڑنا -

Run short ہو چکنا - کم پڑ جانا -

In short قصہ کوتاہ - مختصر یہ کہ -

He was very short with me وہ مجھ سے رکھائی سے پیش آیا -

Shorthand مختصر نویسی -

Stop short فوراً رک جانا -

The long and short خلاصہ یہ - مختصراً -

Shortage (short-ag) *n.* Dirth قلت - کمی -

Shorten (short-n) *v.t. & i.* Make or become shorter کم کرنا - کم ہونا - گھٹنا - گھٹانا - مختصر ہونا یا کرنا -

Shortly (short-li) *adv.* Very soon مختصراً - عنقریب - جلد - قلیل مدت میں - القصہ -

Shot (shot) *n. & v.t.* Act of shooting, explosive blast, throw, hit فائر یا نشانہ - پھینک - مار - ضرب - بندوق کی گولی - توپ کا گولہ - نشانہ باز - بندوق میں گولی یا چھرے بھرنا -

Random shot اٹکل پچو نشانہ -

Shot proof کوئی چیز جس پر گولی اثر نہ کرے - گولی روک -

Shot (shot) *n.* Drinks bill شراب کا بل -

Should (shud) *v. aux.* Shall دیکھو

Shoulder (shol-dər) *n., v.t. & i.* The part about junction of the body with the forearm کندھا - کھوا - مونڈھا - شانہ - پیٹھ کا بالائی حصہ - سپاہی کا بندوق کندھے پر رکھ کر کھڑا ہونا - کندھا دینا - کندھے پر اٹھانا - دھکا دینا - گھس کر آگے بڑھنا -

Has broad shoulders وہ بڑی ذمہ داریاں لے سکتا ہے - اس میں بڑی سکت ہے -

Old head on young shoulders چھوٹی عمر بڑی عقل -

Rub shoulders with بڑے آدمیوں کے جلسوں میں جانا - برابری سے ملنا -

Shoulder blade شانے کی ہڈی -

Shoulder slip کندھا اتر جانا -

Shoulder to shoulder متفقہ کوشش - شانہ بہ شانہ -

Put or set one's shoulder to wheel شانہ سے ٹھیلنا - مدد دینا -

Shout (showt) *n., v.t. & i.* A loud cry, a call چیخ - بلند آواز - زور کی پکار - شور - نعرہ بلند کرنا - چیخنا - چیخ کر پکارنا -

All is over but the shouting (کھیل) ختم مگر شور باقی ہے -

Shove (shuv) *v.t., i. & n.* Thrust, push دھکیلنا - ریلنا - پیلنا - سرکانا - دھکا دینا - گھس کر آگے بڑھنا - (بول چال) ڈالنا - رکھنا - دھکا - ریلا -

Shovel (shuv-l) *n. & v.t.* A broad spadelike tool بیلچہ - پھاوڑا - کھرپا - اکڑچھا - پھاوڑے سے اٹھا کر پھینکنا -

Shoveller (shuvl-ər) *n.* One who shovels پھاوڑے اٹھانے والا - ایک قسم کی بطخ -

Show (shō) *v.t.* & *i.* Present to view دکھانا - ظاہر کرنا - پیش کرنا - ثبوت دینا - برتاؤ یا سلوک کرنا - آگاہ کرنا - سمجھانا - سکھانا - پڑھانا - رہنمائی کرنا - راستہ دکھانا - ثابت کرنا - واضح کرنا -

On your own showing تمہارے اپنے بیان سے -

Show (sho) *n.* Display, exhibition تماشا - نظارہ - نمائش - دکھاوا - ظاہری ٹیپ ٹاپ - کاروبار - کارخانہ - (دایہ گری) وہ رطوبت جو وضع حمل سے پہلے نکلتی ہے -

Show-box بھان متی کا پٹارا - شعبدوں کا پٹارا -

Show-case نمائشی چیزوں کی آئینہ دار الماری -

Show a leg بستر سے اٹھنا -

Show forth مشتہر کرنا - اعلان کرنا -

Show of hand تائید میں ہاتھ اٹھانا -

Show one the door نکال باہر کرنا -

Give away the show راز فاش کر دینا -

Showman کسی نمائش یا تماشے کا انتظام کرنے والا -

Showy *adj.* آرائشی - نمائشی -

Showiness *n.* ظاہری شان - نمائش - نمود -

Shower (showr) *n.,v.t* & *i.* A shortfall as of rain مینہ کا چھینٹا - جھالا - بوچھاڑ - بھرمار کرنا - چھینٹا پڑنا -

Showery *adj.* بوچھاڑ کے ساتھ - بارانی -

Showeriness *n.* زور کی بارش کا سماں - مینہ کا جھلا آنا - چھینٹا پڑنا -

Shrapnel (shrap-nl) *n.* A shell filled with musket balls توپ کے پھٹنے والے گولے کے اندر بھری ہوئی گولیاں - گولیوں کا گولہ - شریپنل گولہ -

Shred (shred) *v.t.* & *n.* A fragment, a scrap دھجی - پرزہ - چیتھڑا - ٹکڑا - پرزے پرزے کرنا - دھجیاں اڑانا -

Shrew (shrōō) *n.* A small mouse like animal چوہے کی قسم کا ایک جانور - بدمزاج لڑاکا عورت - چڑچڑی عورت - چھچھوندر -

Shrewish *adj.* جھگڑالو - چڑچڑی - تنک مزاج -

Shrewishly *adv.* تنک مزاجی سے - چڑچڑے پن سے -

Shrewishness *n.* بد مزاجی - تنک مزاجی - چڑچڑاپن -

Shrewd (shrōō-d) *adj.* Evil, ill-natured, mischievous شریر - نٹ کھٹ - عیار - چالاک - سیانا - گھاگ - ذہین - ہوشیار - صاحب الرائے -

Shrewdly *adv.* سیانے پن سے - عیاری سے - ہوشیاری سے -

Shrewdness *n.* مکاری - حیلہ سازی - فراست - عیاری -

Shriek (shrēk) *n.,v.t.* & *i.* A shrill outcry چیخ - کوک - چیخنا - چلانا - چنگھاڑنا - بے تحاشا ہنسنا - ہنسی سے لوٹ پوٹ ہو جانا -

Shrievality (shre-vəl-i-ti) *n.* Office, term and area of a sheriff شیرف کا دفتر، منصب اور علاقہ -

Shrift (shrift) *n.* Absolution, confession گناہ کا اعتراف اور معافی -

Shrike (shrīk) *n.* A butcher bird ایک خونخوار پرندہ جو چڑیوں کو کھاتا ہے -

Shrill (shril) *adj.,v.t.* & *i.* High-pitched and piercing باریک اور تیز آواز - سیٹی کی طرح کی آواز - سیٹی جیسی آواز نکالنا - چیخ مارنا - تیز آواز سے متوجہ کرنا -

Shrilly *adv.* تیز آواز سے - چیخ کر -

Shrillness *n.* آواز کی تیزی اور باریکی -

Shrimp (shrimp) *n.* A dwarfish person ایک قسم کا جھینگا - ٹھگنا آدمی -

Shrimper *n.* جھینگے پکڑنے والا -

Shrine (shrīn) *n.* & *v.t.* A casket for relics or an erection over it تبرکات کا ظرف - مزار - آستانہ - مقبرہ - درگاہ - قربان گاہ - مندر - متبرک چیزوں کو محفوظ کرنا - درگاہ بنانا -

Shrink (shringk) *v.i.*& *t.* Contract, shrivel سکڑنا - سمٹنا - ٹھٹھر جانا - جھجھکنا - کترانا - پیچھے ہٹنا - سکڑنے دینا -

Shrinken سمٹا ہوا - سکڑا ہوا -

Shrink into oneself رک جانا - چپ ہو جانا -

Shrinkable *adj.* کھنچنے اور سکڑنے کی صلاحیت والا -

Shrinkage تنگ ہونے کا عمل - سکڑنا -

Shrinkingly *adv.* رکتے ہوئے - تامل کے ساتھ - ہچکچاتے ہوئے - جھجھکتے ہوئے -

Shrive (shrīv) *v.t.* Hear confession and absolve پادری کے سامنے گناہ کا اعتراف کرنا - پادری کا اقرار گناہ سننا اور معاف دینا - توبہ قبول کرنا -

Shrivel (shriv-l) *v.i.* & *t.* Contract into wrinkles جھریاں پڑنا - مرجھانا - سوکھ جانا - سوکھ کر جھریوں دار ہو جانا -

Shroud (shrowd) *n.* & *v.t.* A garment, a winding sheet کفن - کسی چیز پر پڑا ہوا پردہ - رسے جن سے جہاز کا مستول سیدھا کیا جاتا ہے - کفن پہنانا - پردہ ڈالنا - چھپا لینا -

Shroudless *adj.* بے کفن -

Shroud of mystery اخفا - پردہ راز -

Shrub (shrub) *n.* A low woody plant جھاڑ - جھاڑی - بوٹا -

Shrubby *adj.* جھڑیلا -

Shrubbery *n.* جھاڑیاں -

Shrug (shrug) *v.t.,i.* & *n.* Shudder, shiver سمٹنا - کندھے ہلانا - شانوں کو جنبش دینا - حقارت یا خفگی کا اظہار کرنا - بے بسی ، بے پروائی کا اظہار -

Shudder (shud-ər) *v.t.* & *n.* Shiver as from cold لرزنا - کانپنا - تھرانا - سرسرانا - وحشت ہونا - لرزہ - کپکپی -

Shudderingly *adj.* کانپتے ہوئے -

Shuffle (shuf-l) *v.t,. i.* & *n.* Mix at random, jumble گھسٹ کر چلنا - دشواری سے حرکت کرنا - بے ترتیب کرنا - گڈ مڈ کرنا - تاش کے پتے ملانا - بار بار پہلو بدلنا - ایک بات پر قائم نہ رہنا - تاش کا الٹ پھیر - چال - چکمہ -

To shuffle off ملتوی کرنا -

Shuffler *n.* ایک بات پر قائم نہ رہنے والا - گرگٹ کی طرح رنگ بدلنے والا -

Shufflingly *adv.* حیلہ سازی سے - گھسٹتے ہوئے - رگڑتے ہوئے -

Shun (shun) *v.t.* Avoid بچنا - باز رہنا - کنارا کرنا - اجتناب کرنا -

Shunt (shunt) *v.t., i.* & *n.* Turn or move aside ریل کی پٹری بدلنا - دوسرے راستے پر چلنا - روک دینا - بند کر دینا - ترک کر دینا - پٹری کی تبدیلی -

Shunter *n.* (بول چال) اعلی درجے کا منتظم - پٹری بدلنے والا -

Shut (shut) *v.t.* & *i.* Lock, bar, fasten بند کرنا - سیخنا - زنجیر لگانا - بند ہونا - دروازہ بند کر کے آنے جانے سے روک دینا - محروم کر دینا - مٹھی بھینچنا -

Shut down کارخانہ کا کام بند کر دینا -

Shut up خاموش رہو -

Shut in بند کر دینا -

Shutter (shut-ər) *n.* & *v.t.* One who or that which shuts, cover for a window, a device for opening and closing گرنے اور اٹھنے والا دروازہ - جھل ملی - پردہ - چق - ارگن باجے کا ڈھکن - دروازہ گرا دینا - در بند کر دینا -

Shutterless *adj.* جھل ملی کے بغیر - بلا ڈھکن -

Shuttle (shut-l) *n.* An instrument for passing the thread جولاہے کی نال جس سے دھاگا ادھر سے ادھر جاتا ہے - نالی - دھرلی -

Shuttle cock پر دار گیند -

Shy (shī) *adj.* Shrinking from notice or approach شرمیلا - جھینپنے والا - دور رہنے والا - بھڑکنے والا - وحشی - باریک -

Look shy at بدگمان کرنا -

Shyness *n.* وحشت - بھڑک - حجاب - شرم -

Shy (shī) *v.t., i.* & *n.* Fling, toss پھینکنا - نشانہ لگانا - اچھالنا - نشانہ - پھینکنے کی کوشش -

Shy (shī) *v.i.* & *n.* Recoil, start aside چونک پڑنا - اچھل پڑنا - چمکنا - بھڑکنا - ڈرنا - بھڑک - جھجک -

Shylock (shī-lok) *n.* A hard-hearted character in one of Shakespeare's drama شیکسپیر کے ڈرامے کا ایک کردار - سنگ دل ساہوکار -

Siamang (sēə-mang) *n.* A monkey of Sumatra and Malaya سماٹرا اور ملایا کا ایک لنگور -

Siamese (si-əm-ez) *n.* & *adj.* Of Siam سیام کا باشندہ - سیامی قوم یا زبان - سیام کا -

Siamese twins دو دوست جو کبھی جدا نہ ہوں -

Siberian (sī-be-ri-ən) *adj.* & *n.* Of Siberia سائبیریا کا باشندہ - سائبیریا کا -

Sibilant (sib-i-lənt) *adj.* & *n.* Hissing - پھنکارنے والا - سسکارنے والا - سی‌سی کی آواز نکالنے والا جانور -
Sibilance *n.* سسکاری -
Sibilate (sib-i-lāt) *v.t.* & *i.* Hiss بولنے میں سی سی کی آواز نکالنا - پھنکارنا - پھنکار مارنا -
Sibilation *n.* سی سی کی آواز - سسکاری -
Sibyl (sib-il) *n.* An ancient Greek prophetess ایک کاہنہ - بڑھیا جادوگرنی - پیشین گوئیاں کرنے والی -
Sibyline (sib-i-līn) *adj.* Prophetic کسی کاہنہ کے متعلق - کسی کاہنہ کی کہی ہوئی -
The sibyline books فن کہانت کی کتابیں - پیشین گوئیوں کی کتابیں - کاہنوں کی کتابیں -
Sic (sik) *adj.* Suck, what لاطینی لفظ بمعنی ایسا - یہ لفظ قوسین میں لکھتے ہیں، مراد یہ ہوتی ہے کہ اصل کے مطابق ہے - ایسا ہی ہے -
Siccative (sik-ə-tiv) Drying, drying agent خشک ہونے والی - خشک کرنے والی چیز - رنگ خشک کرنے کا مسالہ -
Sice (sīs) *n.* Number six at dice پانسے کا چھکا -
Sice (sīs) *n.* An attendant who looks after a horse سائیس -
Sicilian (si-sil-yən) *adj.* & *n.* Of Sicily سسلی کا باشندہ - سسلی کا -
Sick (sik) *adj.* & *n.* Unwell, diseased مریض - علیل - بیمار - روگی - بے زار - متنفر - ناراض - آزردہ - متلی یا قے پر مائل - بے چین - اکتایا ہوا - تنگ - دق - مرمت طلب جہاز -
Sickish *adj.* بیمار سا -
Sicken (sik-en) *v.t.* & *i.* Make sick, be sick بیمار ڈالنا - بیمار ہونا - مرض کے آثار ظاہر ہونا - گھن آنا - دل کھٹا ہونا - بیزار کر دینا - اکتا دینا - عاجز کر دینا - بیزار ہو جانا -
Sickener *n.* بیزار کر دینے والا - اکتا دینے والا -
Sickeningly *adv.* اس طرح کہ متلی ہونے لگے - بیزار کر دینے کے طور پر -
Sickle (sik-l) *n.* A reaping hook برج اسد - ہنسیا - درانتی -
Sickly (sik-li) *adj.* & *adv.* Inclined to be ailing علیل - بیماروں کا سا - روگی - متلی پیدا کرنے والا - حد سے زیادہ رقت آمیز -
Sickliness *n.* بیمار رہنا - دائم‌المریض ہونا - روگی پن -
Sickness *n.* بیماری - علالت - روگ -
Side (sīd) *n.* A line forming part of a boundary طرف - جانب - کنارہ - سمت - پہلو - سطح - رخ - فریق - (بلیرڈ) گولے کو رخ دینا - (بول چال) اکڑ - گھمنڈ - بے جا غرور -
Side cousin دور کا رشتہ دار -
Side cut بغلی حملہ - بغلی گھونسہ -
Side glance ترچھی نظر -
Side lock زلف -
Side note حاشیہ کی تحریر -
Side slip حرام زادہ -
Side by side پہلو بہ پہلو -
Choose side جوڑ بدلنا -
Shake one's sides طرف داری کرنا -
Side issue علیحدہ مسئلہ - ضمنی بات -
Take sides طرف داری کرنا -
Sidy *adj.* بےجا غرور کرنے والا -
Side board نعمت خانہ - کھانے کے برتن رکھنے کی میز -
Side dish کوئی خاص چیز جو دوسرے کھانوں کے ساتھ پیش کی جائے -
Side track *n.* شاہراہ سے ہٹا ہوا چھوٹا راستہ - درمیانی پٹری کے علاوہ کنارے کی پٹری -
Side (sīd) *v.i.* Take side جانبداری کرنا - طرف داری کرنا -
Sidelong (sīd-long) *adv.* & *adj.* Sloping, tilted پہلو کی طرف - بازو کا - ترچھا - نشیبی -
Sidereal (sī-dē-ri-el) *adj.* Relating to stars - فلکیاتی ستاروں سے متعلق - ستاروں کا -
Siderography (sid-rə-gra-fi) *n.* Art of engraving on iron plate - لوہے کی تختی پر کندہ کرنے کا فن
Sideways (sīd-waz) *adv.* & *adj.* By the side route - پہلو کی طرف سے - بازو کے راستے سے - ترچھا - ٹیڑھا - تڑپتا ہوا -
Siding (sīd-ing) *n.* A short track for shunting ریل کی بغلی پٹری -

Sidle (sid-l) *v.i.* Go by the side دبک کر چلنا - پہلو کے رخ چلنا -

Siege (sēj) *n.* & *v.t.* A seat of dignity گھیرا - محاصرہ - پیچھے پڑ جانا - محاصرہ کرنا - سخت اصرار کرنا -

Lay siege to محاصرہ کرنا -

Raise the siege of محاصرہ اٹھا لینا -

Siege works محاصرہ کرنے والوں کی خندقیں وغیرہ -

Sienna (sī-enȧ) *n.* A kind of reddish earth گیرو کی قسم کی لال مٹی جو رنگ کی طرح استعمال کی جاتی ہے اور اطالیہ کے شہر سینا میں پائی جاتی ہے -

Sierra (si-er-ȧ) *n.* A mountain range سلسلہ کوہ - پہاڑی سلسلہ -

Siesta (si-es-tȧ) *n.* A midday nap قیلولہ - دوپہر کو تھوڑی دیر کے لیے سونا -

Sieve (siv) *n.* & *v.t.* A vessel with perforated bottom چھلنی میں چھاننا - چھلنی - غربال - کوئی برتن جس کے پیندے میں سوراخ ہو - ایسا شخص جو راز چھپا نہ سکے -

Sift (sift) *v.t.* & *i.* Separate, examine closely چھاننا - رولنا - پھٹکنا - تحقیق کرنا - چھان بین کرنا - جانچ پڑتال کرنا -

Sigh (sī) *n.*, *v.i.* & *t.* Utter, regret with sighs آہ بھرنا - بے چین ہونا - اطمینان کا سانس لینا - ہوا کی سرسراہٹ - ٹھنڈی سانس -

Sighingly *adv.* ٹھنڈی سانس لے کر - آہ بھر کر -

Sight (sit) *n.* Faculty of seeing, view, estimation نظر - بینائی - بصارت - قابل دید تماشا - (بول چال) بڑی مقدار - بندوق کی شست کی مکھی -

Know by sight معمولی جان پہچان ہونا -

Catch sight of دیکھ لینا - نظر پڑنا -

Lose sight of نظر سے اوجھل ہو جانا -

Payable at sight درشنی ہنڈی -

At first sight پہلی نظر میں -

Make a sight of oneself تماشا بن جانا -

Sightworthy قابل دید - دیکھنے کے قابل -

Sight-seeing مناظر کی سیر - سیر -

Sight (sīt) *v.t.* View, adjust the sight of دیکھنا - نگاہ کرنا - مشاہدہ کرنا - بندوق سے نشانہ کی شست لینا - نشانہ باندھنا -

Sightless (sīt-les) *adj.* Blind جو نظر نہ آئے - عنقی - بے بصر - کور - نابینا - اندھا -

Sightly (sīt-li) *adj.* Attractive قابل دید - دلکش - خوشنما - خوب صورت -

Sightliness *n.* خوبصورتی - خوشنمائی -

Sigil (sij-il) *n.* A seal دستخط - مہر -

Sigillate (sij-il-āt) *adj.* With impressions نقشی ٹھپے دار -

Sigma (sig-mȧ) *n.* Greek letter Σ یونانی حرف Σ جو S کی آواز دیتا تھا -

Sigmate (sig-māt) *adj.* Shaped like Σ Σ کی شکل کا - Σ کی طرح کا -

Sigmatic (sig-mat-ik) *adj.* Formed with sigma سگما لگا کر بنایا ہوا -

Sigmoid (sig-mo-id) *adj.* S-shaped ٹیڑھا - خمیدہ - S کی شکل کا -

Sign (sīn) *n.* A gesture expressing meaning a token نشان - علامت - دلیل - آثار - شگون - اشارہ - معجزہ - کرامت - سائن بورڈ - برج -

Sign of the times زمانے کے آثار -

Sign (sin) *v.t.* & *i.* Make by a sign or signature علامت بنانا - نشان کرنا - دستخط کرنا - اشارے سے کہنا - درخواست کرنا یا حکم دینا -

Signal (sig-nl) *n.* & *v.t.* A token, intimation اشارہ - علامت - نشانی - اشاروں میں خبر بھیجنا - اطلاع کرنا یا اعلان کرنا -

Signal (sig-nl) *adj.* Conspicuous نمایاں - ممتاز - عمدہ - نامی - قابل ذکر - غیر معمولی طور پر اچھا یا برا - نہایت سخت - قابل عبرت -

Signal of distress جہاز کا اشارے بھیج کر مدد طلب کرنا -

Storm signal طوفان کی خبر -

Signalise (sig-na-līz) *v.t.* Mark or distinguish signally مشہور کرنا - نمایاں کرنا - اشارے سے بتانا - امتیازی نشان پیدا کرنا -

Signatory (sig-na-ta-ri) *adj.* & *n.* One who has signed دستخط کنندہ - وہ فریق جو کسی معاہدہ پر دستخط کرے -

Signature (sig-nə-tyər) *n.* A signing دستخط - نشان - علامت - عدد یا لفظ جو فرموں کے شمار کے لیے چھاپا جاتا ہے - موسیقی کی علامات جو بولوں پر لگائی جاتی ہیں -

Signet (sig-nit) *n.* A small seal انگوٹھی کی مہر - چھوٹی مہر -

Significance (sig-ni-fi-kens) *n.* Meaning, import اہمیت - معنی - مراد - مطلب - مفہوم - زور -

Significant (sig-ni-fi-kənt) *adj.* Having a meaning معنی خیز - پر مطلب - بامعنی -

Significantly *adv.* معنی خیز انداز سے -

Signification (sig-ni-fi-ka-shən) *n.* Importance مراد - مطلب - اشارہ - اہمیت - مفہوم -

Significative (sig-ni-fi-kə-tiv) *adj.* Indicative پرمعنی - اشارہ کرنے والا - دلالت کرنے والا -

Signify (sig-ni-fi) *v.t. & i.* Be a sign for جتانا - بتانا - ظاہر کرنا - پیش خیمہ ہونا - معنی رکھنا - قدر رکھنا -

Signor (se-nyor) *n.* A word of address اٹلی کا تخاطب کا لقب - جناب - جناب والا -

Signora (se-ayor ä) *n.* Word of address for married women بیگم - اہلیہ -

Signorina (si-nyo-re-nä) *n.* Word of address for young lady مس - صاحب زادی -

Silence (sī-ləns) *n. & v.t.* Absence of sound سکوت - خاموشی - سناٹا - ہو کا عالم - منہ بند کر دینا - خاموش کر دینا - لاجواب کر دینا -

Silencer (sī-lens-ər) *n.* A device for reducing sound آواز روک آلہ جو پستول ، بندوق وغیرہ میں لگایا جاتا ہے -

Silent (sī-lənt) *adj.* Noiseless ساکت - چپ - خاموش - سنسان - بے آواز - کم گو - بے زبان - ذکر سے خالی -

Silently *adv.* چپ چاپ - خاموشی سے -

Silenus (sī-lē-nəs) *n. & adj.* Pot bellied, bald گنجا - پیٹ نکلا ہوا - رنگیلا بوڑھا آدمی - شراب کا پیپا -

Silesia (sī-le-shä) *n.* A thin cloth made in Silesia باریک کپڑا جو استر کے کام آتا ہے -

Silhouette (sil-ōō-et) *n. & v.t.* A shadow outline filled in with black ایک رخی تصویر یا خاکہ -

Silica (sil-i-kä) *n.* Silicon dioxide ایک مادہ جو پتھر اور ریت میں ملتا ہے - سلیکا -

Siliciferous *adj.* جس میں سلیکا کی کثرت ہو -

Silicate *n.* سلیکا ملا ہوا نمک -

Silicated (si-li-kā-ted) *adj.* Mixed with silica سلیکا ملا ہوا -

Silicify (si-lis-i-fī) *v.t.* Render siliceous سلیکا ملانا یا بنانا - سخت کر دینا -

Silicification (si-li-si-fi-kā-shən) *n.* Rendering siliceous سلیکا آمیزی -

Siliqua (sil-i-kwä) *n.* A long pod- تیچہ - رائی کی پھلی

Siliquose *adj.* پھلی دار -

Siliquous *adj.* تیچہ دار - پھلی دار -

Silk (silk) *n.* A fibre produced by the larva of silk worm ریشم - ریشمی کپڑے کے کوے کا کیڑا - آبریشم - ریشمی کپڑا - چمکدار کپڑا -

Silken *adj.* ریشمی لباس میں ملبوس - ریشمی - چمکدار - نرم -

Silky (silk-i) *adj.* Of silk ریشمی - نرم - چمکدار -

Silkiness *n.* ملائمت - تزاکت - ریشم جیسی نرمی اور چمک -

Silk worm *n.* ریشم کا کیڑا -

Sill (sil) *n.* Timber, stone چوکھٹ - دروازے کی دہلیز - داسا -

Sillabube (sil-ə-bub) *n.* A dish of frothed cream ایک کھانا جو جھاگدار ملائی اور شراب سے بنتا ہے -

Silly (sil-i) *adj.* Simple, foolish, harmless - سادہ لوح بے وقوف - نادان - بھولا - سیدھا سادا -

Sillily *adv.* نادانی سے - احمقانہ طور پر -

Silliness *n.* بے وقوفی - نادانی - سادہ لوحی -

Silt (silt) *n., v.t. & i.* Fine sediment تہہ - ریگ - مٹی میں جمی ہوئی مٹی - گار - ریت یا مٹی جو دریا کی تہہ میں جم جاتی ہے - ریت سے اٹ جانا - بھر جانا - بند ہو جانا -

Silvan-syl-(sil-van) *adj.* Of forest جنگل کا - درختوں کا - صحرائی -

Silver (sil-vər) *adj.* & *n.* A white precious metal چاندی - نقرہ - سیم - چاندی کے سکے - چاندی کا بنا ہوا - نقرئی -

Silver leaf چاندی کا ورق -

Every cloud has a silver lining ہر مصیبت میں تسکین کا کوئی نہ کوئی پہلو ہوتا ہے -

Silversmith سنار - چاندی کا سامان بنانے والا -

Silver slandord - چاندی کے سکے کا قانوناً تسلیم کیا جانا

Silvery *adj.* چاندی کا سا -

Silveriness *n.* چاندی کی سی سفیدی اور چمک -

Silver (sil-vər) *v.t.* & *i.* Coat or treat with silver چاندی چڑھانا - چاندی کی قلعی کرنا - چمکدار بنانا - بالوں کا سفید ہو جانا -

Silviculture (silvi-kul-tur) *n.* Growing of trees جنگل پیدا کرنے کے لیے درخت اگانا -

Simian (si-mi-ən) *adj.* Ape like میموں طور پر - بندر کی طرح -

Similar (si-mi-lər) *adj.* Like, resembling - مطابق مانند - مشابہ - ملتا جلتا - مثل -

Similarity *n.* مماثلت - مشابہت - یکسانیت -

Simile (sim-i-li) *n.* Likening of one thing to another تشبیہ - تمثیل -

Similitude *n.* مشابہت - تشبیہ - تمثیل -

Similize (sim-i-liz) *v.t.* Liken, use simile تشبیہ دینا - تشبیہ استعمال کرنا -

Simmer (sim-ər) *v.i.,t.* & *n.* Boil gently آہستہ آہستہ کھولنا - ابلنا - ابالنا - ابلنے کے قریب ہونا - غصے سے پیچ و تاب کھانا - پیچ و تاب کی حالت -

Simnel cake (sim-nl-kak) *n.* A sweet cake for Christmas میٹھی کیک - کرسمس کیک -

Simoniac (sim-ə-ni-ak) *n.* One guilty of simony گرجا کے منصب کی خرید و فروخت کا مجرم -

Simoniacal (sim-ə-ni-a-kal) *adj.* Buying or selling church benefice گرجا کے منصب کے متعلق - گرجا کے منصب کی خرید و فروخت کرنے والا -

Simp (simp) *n.* A simple man (امریکہ) بھولا بھالا نادان آدمی -

Simper (sim-pər) *v.i.* Smile in a silly manner سادہ لوحی سے مسکرانا - دانت نکالنا - دانت نکال کر رضامندی کا اظہار کرنا - تصنع سے ہنسنا -

Simperingly *adv.* بناوٹی ہنسی سے - سادہ لوحی سے ہنستے ہوئے -

Simple (sim-pl) *adj.* & *n.* Consisting of one thing only, plain, easy مفرد - خالص - غیر مرکب - بسیط - بے ساختہ - بے تکلف - بھولا بھالا - سادہ لوح - بے وقوف - ناتجربہ کار - آسان - مفرد دوا - خالص چیز - قطعی - محض - (دنیٰ) - خفیف -

Simple-hearted / Simple-minded سیدھا سادہ - سادہ لوح -

Simple-mindedness *n.* سادہ لوحی - سادہ دلی -

Simpleness, simplicity - بھولا پن - بے تکلفی - سادگی

Simply *adv.* سادگی سے - محض - صرف - فقط -

Simpleton (sim-pli-tən) *n.* & *adj.* A weak and foolish person اناڑی - سادہ لوح - بے وقوف -

Simplify (sim-pli-fi) *v.t.* Make simple and less difficult آسان کرنا - پیچیدگی دور کرنا - کھولنا - واضح کرنا -

Simplification آسان کرنا یا ہونا - تسہیل - توضیح -

Simplism (sim-pli-zm) *n.* Affected simplicity بناوٹی معصومیت - مصنوعی سادگی -

Simulacrum (sim-u-la-krəm) *n.* An image, a semblance شباہت - ہلکی تصویر - محض نقل -

Simulant *adj.* ایک جیسی - مشابہ - ہم شکل -

Simulate (sim-u-lat) *v.t.* Feign, assume a false appearance مکر کرنا - جھوٹ موٹ ظاہر کرنا - دوسرے کی شکل بنانا - نقل کرنا - روپ بھرنا - تلبیس کرنا -

Simulation *n.* بناوٹ - زمانہ سازی - نقل - تلبیس -

Simultaneous (sim-əl-ta-nyəs) *adj.* Being or happening at the same time ایک ہی وقت میں واقع ہونے والا - ساتھ ساتھ - ہم عصر - ہم عہد -

Simultaneity *n.* ہم وقتی - ہم عصری - ہم عہدی

Simultaneousness *n.* بہ یک وقت واقع ہونا - ہم عہدی -

Simultaneously *adv.* - ساتھ ساتھ - ایک ہی وقت میں -

Sin (sin) *n.* & *v.t.* Moral offence - گناہ - پاپ - خطا - اخلاق غلطی - عصیان - گناہ کرنا - پاپ کمانا - بد تمیزی - نا زیبا حرکت -

The Seven Deadly Sins - غرور - سستی - حسد - قتال - طمع - شہوت - بسیار خوری - گناہ کبیرہ -

One's besetting sin بری عادت جو انسان کو مغلوب کرے -

Like sin (بول چال) زور سے - جوش و خروش سے -

Sinful *adj* عاصی - گنہگار -

Sinless *adj.* پاک - معصوم -

Sinfulness *n.* پاپ پن - معصیت - گناہ گاری -

Sinlessness *n.* معصومیت -

Sin one's mercies نا شکری کرنا - کفران نعمت کرنا -

Sinner فاجر - فاسق - گناہ گار - خطا کار -

Sinapism (sin-a-pizm) *n.* A mustard plaster رائی کا لیپ -

Since (sins) *adv.* From that time, after that جب سے - اس وقت سے - اس کے بعد - ازاں بعد - چونکہ - اس لیے - درحالیکہ -

Sincere (sin-sēr) *adj.* Pure, unmixed - راست - خالص - مخلص - کھرا - صاف دل -

Sincerity *n.* اخلاص - سچائی - راست بازی -

Sincerely *adv.* مخلصانہ - راست بازی سے - خلوص سے -

Sinciput (sin-si-put) *n.* The fore part of the head سر کا اگلا حصہ -

Sine (sīn) *prep.* Without بغیر - بلا -

Sine die بلا تعین وقت - التوائے غیر محدود -

Sine qua non اس کے بغیر کچھ نہیں - لازمی شرط -

Sinecure (sīni-kūr) *n.* An office without work ایسی کام جس میں کام نہ کرنا پڑے - بے فکری کی نوکری - کلیسائی جاگیر جس کے جاگیردار کو خود پادری کا کام نہ کرنا پڑے -

Sinecurism *n.* بے کام کی نوکری کا طریقہ -

Sinecurist *n.* بے کام کا ملازم -

Sinew (sin-ū) *n.* That which joins a muscle to a bone پٹھا - نس - موٹی رگ - (جمع) طاقت - زور - قوت جسانی - وسائل - ذرائع -

Sinewy *adj.* طاقتور - زور والا - نسیلا -

Sinewiness *n.* مضبوطی - طاقت - نسیلا پن -

Sinews of war ذرائع - روپیہ پیسہ -

Sing (sing) *v.t.* & *i.* Utter musically گانا - الاپنا - نغمہ سرائی کرنا - چہچہانا - ہوا کا سنسنانا - کان بجنا - حمد کرنا - شعر کہنا - گن گانا -

Singable *adj.* گائے جانے کے قابل -

Singer *n.* ڈوم - میراثن - مغنی - مطرب - گویا - قوال -

Sing out للکارنا - پکارنا -

Singe (sinj) *v.t.* & *i.* Burn on surface داغنا - جلانا - جھلسانا -

Single (sing-gl) *adj.* Consisting of one only or one part واحد - مفرد - علیحدہ - تنہا - اکہرا - اکیلا - بن بیاہا - کنوارا - مجرد - سچا - کھرا - (کرکٹ) ایک رن کی ضرب -

Single blessedness تجرد کی زندگی -

Single-heartedness یک رنگی - یک سوئی -

Singleness *n.* ایک - اکیلا پن - اکیلا ہونا -

Singly *adv.* فرداً فرداً - ایک ایک کر کے -

Single (sing-gl) *v.t.* Separate, pick علیحدہ کرنا - انتخاب کرنا - چننا - چھانٹنا -

Singlet (sing-let) *n.* A garment worn below the shirt بنیائن - نیم آستین -

Singleton (sing-gle-tan) *n.* A single card of one colour ایک رنگ کا ایک ہی پتہ -

Sing-song (sing-song) *adj* & *n.* A monotonous verse یکساں لہجہ - بے مزہ گانا - بے لطف نظم -

Singular (sing-gū-lar) *adj.* Unique, pre-eminent واحد - انوکھا - نرالا - یکتا - لاجواب - لاثانی - بڑا - بے تکا -

Singularly *adv.* انوکھے طریقے سے - نرالے طور پر -

Singularity (sing-gū-la-ri-ti) *n.* Peculiarity انوکھا پن - ندرت -

Singularize (sing-gū-la-rīz) *v.t.* Make singular کسی لفظ کے آخری حرف کو گرا دینا - مفرد بنانا -

Sinister (sin-is-tar) *adj.* Unlucky, malign بایاں - نامبارک - منحوس - خراب - برا - دغاباز - بددیانت - بائیں رخ کا - شرارت آمیز -

Sinisterly *adv.* برے ارادے سے - بد نیتی سے -

Sink (singk) *v.i. & t.* Become submerged پانی میں غرق ہو جانا - ڈوبنا - غروب ہونا - دھنسنا - کم ہونا - گھسنا - دل بیٹھ جانا - رفتہ رفتہ کمزور ہونا - غرق کرنا - ڈبونا - نظروں سے اوجھل کرنا - چھپانا - کھودنا - کندہ کرنا -

Prices sink قیمتیں گر رہی ہیں -

Sink in one's estimation نظروں سے گر جانا -

Sinkable *adj.* - پانی میں بیٹھ جانے والا - ڈوبنے کے قابل -

Sink (singk) *n.* Drain for dirty water, a cess pool نالی - موری - بدرو - چہبچا - دلدل یا جوہڑ - اسٹیج کی دراز جہاں سے پردہ گرتا اور اٹھتا ہے -

Sinker (singk-ər) *n.* Weight tied to fishing line مچھلی پکڑنے کی ڈور میں بندھا ہوا وزن - ڈوبنے یا غرق ہونے والا -

Sinking (singk-ing) *adj. & n.* Going down دل ڈوبنے کی حالت - پستی کی کیفیت - ڈوبتے ہوئے -

Sin fein (shin-fān) *n.* A political party and movement in Ireland آئرلینڈ کی ایک سیاسی تحریک اور جماعت جس کا مقصد آئری تہذیب کو علیحدہ طور پر زندہ رکھنا ہے -

Sino (si-nō) *adj.* Of China چینی - چین کا -

Sinologue (sin-ə-log) *n.* One versed in Chinese چینی ثقافت اور زبان کا ماہر -

Sinologist *n.* وہ جس نے چینی زبان اور تہذیب کا گہرا مطالعہ کیا ہو -

Sinuate (sīn-ū-at) *adj.* Wavy edged, winding پیچ دار - لہریلا - لہردار -

Sinuation *n.* سانپ کی چال کی طرح ہونا - لہر دار ہونا - پیچ دار ہونا -

Sinuosity (sin-u-ə-si-ti) *n.* Waviness لہر دار ہونا - لہریا پن -

Sinuous (sīn-u-əs) *adj.* Winding پیچ دار - لہر دار -

Sinus (sin-əs) *n.* Cavity of bone or tissue خلا - ہڈی یا عضلہ کا خلا - نلی کی شکل کا لمبا پھوڑا - گہرا پھوڑا - نالی جو پتی کے دونوں حصوں کے بیچ میں بن جاتی ہے -

Sip (sip) *v.t., i. & n.* Drink by action of lips ہونٹوں سے تھوڑا تھوڑا پینا - چسکی لینا - چمچے سے پینا - چسکی - گھونٹ -

Siphon (sī-fən) *v.t., i. & n.* A bent tube سائفن - بوتل - سائفن سے گزارنا - خم دار نالی جس کا ایک سرا اونچا ہوتا ہے - بعض کیڑوں کے لمبے منہ جس سے وہ غذا کھینچتے ہیں -

Siphonal (sī-fo-nal) *adj.* Like a siphon سائفن کی طرح -

Siphonage (sī-fo-naj) *n.* Conveying by means of a siphon سائفن سے گزارنا -

Sippet (sip-it) *n.* A morsel of bread with soap شوربہ اور روٹی کا ٹکڑا یا لقمہ - ڈبل روٹی کے ٹکڑے جو قیمے کے ساتھ رکابی میں لگائے جاتے ہیں -

Siquis (sī-kwis) *n.* A public intimation اعلان جو پادری کے تقرر سے پہلے گرجا میں لگایا جاتا ہے -

Sir (sər) *n.* A word of respect صاحب - جناب - جناب والا - جناب عالی -

Sirdar (sər-dar) *n.* A military head سپہ سالار - فوج کا افسر اعلیٰ - سردار -

Sire (sīr) *n.* A senior, elder بڑا - بزرگ - مورث اعلیٰ - صدر خاندان - حضور -

Siren (sī-rən) *n.* One of sea nymphs, partly bird partly woman آدھی عورت آدھی پرند اور اپنے گانے کے اثر سے مسافروں کو پھانس لے - کوئی دلفریب شکل - حسین عورت - ایک آلہ جس سے بلند آواز پیدا ہوتی ہے -

Sirenian (sī-re-ni-ən) *adj. & n.* Of the Sirenia, an order of fish like mammals مچھلی کی طرح کا دودھ پلانے والا - سائرینی -

Sirgang (sər-gang) *n.* A green Asiatic bird سرگنگ - شرق الہند کا ایک سبز پرندہ -

Siriasis (si-ri-ə-sis) *n.* Sun stroke دھوپ لگنا - لو لگنا -

Sirolin (sir-o-lin) *n.* Upper part of a loin of beef گائے کے پٹھے کا گوشت -

Sirocco (si-rok-ō) *n.* A hot, dry and gusty wind of South Italy صحرائے اعظم کی باد سموم - جنوبی اطالیہ کی گرم خشک ہوا کا جھکڑ -

Sirrah (sər-ə) *n.* Sir used in contempt غصہ اور نفرت سے کسی کو جناب کہنا -

Sis (sis) *n.* Abbreviation of sister used for a girl اے بہن -

Sisal-grass (sis-əl-gras) *n.* Agave fibre سیسل گھاس جس سے رسے بنتے ہیں -

Siskin (sis-kin) *n.* A yellowish green finch ایک خوش الحان پرندہ -

Sister (sis-tər) *n.* Daughter of the same parents, a member of sisterhood بہن - ہمشیرہ - خواہر - جنولی - سہیلی - دینی بہن - پیر بہن - عورتوں کی مذہبی جماعت کی رکن - شفاخانہ کی بڑی نرس - ہم جنس - کوئی چیز جو دوسری چیز کی مشابہ ہو -

Sister german حقیقی بہن -

Sister of mercy صلیب احمر کی رضا کار نرس -

Sister ships ایک ہی نمونے کے جہاز -

Sisterly *adv.* & *adj.* بہن کی طرح - خواہرانہ -

Sisterliness *n.* ہمدردانہ برتاؤ - محبت کا برتاؤ -

Sisterhood *n.* بہن کا سا برتاؤ - بہن ہونا - بہناپا -

Sistrum (sis-trəm) *n.* An ancient Egyptian wire rattle قدیم مصری باجا جو آئسس کی عبادت کے وقت بجایا جاتا تھا -

Sisphean (sis-fi-ən) *adj.* & *n.* Relating to Sisyphus سائی‌سیفس کے متعلق جس کو یہ سزا دی گئی تھی کہ وہ ایک بڑا پتھر لڑھکاتا رہے اور پہاڑ پر چڑھتا اترتا رہے - مشکل اور نہ ختم ہونے والا کام -

Sit (sit) *v.t.* & *i.* Rest on haunches or knees بیٹھنا - تشریف رکھنا - چوتڑ کے بل بیٹھنا - گھٹنوں کے بل بیٹھنا - اکڑوں بیٹھنا - کرسی مونڈھے یا بنچ پر بیٹھنا - بسیرا لینا - انڈوں پر بیٹھنا - (فوجی) محاصرہ کرنے کے لیے خیمہ زن ہونا -

Sit fast قائم - مقیم -

Sits loose بے پرواہ -

Sit tight (بول چال) اپنی جگہ پر مستحکم رہنا -

Sit in judgment دوسروں پر نقطہ چینی کرنا یا فتویٰ دینا -

Sit at home بے کار وقت گزارنا -

Sitting hen انڈوں پر بیٹھی ہوئی مرغی -

Food sits heavy on the stomach کھانا معدہ میں گرانی پیدا کرتا ہے -

Sit up تن کر بیٹھنا - بیدار ہو جانا - بستر پر اٹھ کر بیٹھ جانا -

Site (sīt) *n.* Situation جگہ - مقام - موقع - محل - بستی کی جگہ -

Sitter (sit-ər) *n.* Easy shot, one who sits for an artist بیٹھنے والا - انڈوں پر بیٹھنے والی - کسی مصور کی ہدایت پر بیٹھنے والا - تصویر کشی کے لیے بیٹھنے والا - (بول چال) آسان نشانہ - آسان کام -

Good sitter اچھی طرح انڈے سینے والی مرغی -

Sitting (sit-ing) *n.* Act of sitting بیٹھک - نشست - نشست گاہ - جلسہ - اجلاس - ایک جھول کے انڈے - گرجے کی ایک نشست -

Sitting room اتنی جگہ جتنی آنے والے آدمیوں کے لیے کافی ہو - بیٹھک - دیوان خانہ -

Situated (se-tū-ā-ted) *adj.* Being at a certain place واقع -

Situation (si-tu-ā-shən) *n.* Location صورت - حالت - موقع محل - محل وقوع - ڈرامے کا اہم مقام - عہدہ - جگہ - ملازمت -

Six (siks) *n.* Cardinal number next above five مفرد عدد پانچ کے اوپر چھ - چھ کا ہندسہ - تاش کا چھکا - موم بتیاں جو آدھے سیر میں چھ چڑھتی ہیں -

Six-footer چھ فٹ لمبا آدمی - چھ فٹ کا -

Six to one بہت امکان ہونا - ایک کو چھ کا بھاؤ -

Six penny چھ پنس کی چیز -

At sixes and sevens خراب حالت میں - پریشان -

Sixain (siks-ān) *n.* A stanza of six lines چھ مصرعوں کا بند -

Sixer (sik-sər) *n.* Over boundary ایک ضرب جس سے چھ رن بنیں -

Sixte (sikst) *n.* A parry of sword تیغ زنی کا ایک داؤ -

Sixteen (siks-tēn) *adj.*, & *n.* Six and ten دس اور چھ - سولہ کا عدد

Sixteenth *adj.* & *n.* سولھویں تاریخ - سولھواں حصہ - سولھواں -

Sixth (siks-th) *adj.* & *n.* Sixth part ششم - چھٹا حصہ - چھٹا -

Sixthly *adv.* چھ کے طور پر - ششم - چھٹے -

Sixty *adj. & n.* ساٹھ کا عدد ۔ ساٹھ سال کا ۔

Sixtieth *adj. & n.* ساٹھواں ۔

Sixable (siks-əbl) *adj.* Of large size لمبا ۔ چوڑا ۔ بڑا ۔ قد آور ۔ بڑی ناپ کا ۔ چھ فٹ سے بڑا ۔

Sizar (siz-ər) *n.* A student receiving an allowance at Cambridge or Dublin کیمبرج اور ڈبلن یونیورسٹی کا وہ طالب علم جس کو وظیفہ ملتا ہو ۔

Size (sīz) *v.t., i. & n.* Bigness, magnitude قد ۔ قامت ۔ ضخامت ۔ مقدار ۔ ناپ ۔ کھانے پینے کی چیزوں کا ناپ ۔ کپڑوں کا ناپ ۔ جوتے کا ناپ ۔ راشن منگانا ۔ جسامت کے لحاظ سے کھانا تقسیم کرنا ۔

Size up کسی کی نسبت رائے قائم کرنا ۔ جسامت وغیرہ کا اندازہ کرنا ۔

Size (siz) *n. & v.t.* Gluey material چپکنے والا مسالہ ۔ مسالہ لگا کر سخت کرنا ۔

Sizy *adj.* چپکنے والا ۔ لیس دار ۔

Sizzle (siz-l) *v.i. & n.* Make a hissing sound of frying تلنے کے وقت چھن چھن کی آواز نکلنا ۔ چھن چھن کی آواز ۔

Sjambok (sham-bok) *n.* A whip of dried hide گینڈے کی کھال کا چابک ۔ چمڑے کا چابک ۔

Skate (skāt) *n., v.i. & t.* A sandal mounted on rollers برف پر چلنے اور دوڑنے کا کھڑاؤں جس کے نیچے پھرکیاں لگی ہوتی ہیں ۔ ایک قسم کی مچھلی ۔ برف پر اسکیٹ پہن کر چلنا یا پھسلنا ۔

Skate over thin ice نازک مسئلے پر گفتگو کرنا ۔

Skating rink مصنوعی برف یا سیمنٹ کا تختہ جو اسکیٹنگ کے لیے مخصوص ہو ۔

Skater *n.* اسکیٹ کرنے والا ۔

Skean-skein (skēn) *n.* An Irish or Highland dagger بڑا خنجر ۔ پیش قبض ۔ چھرا ۔

Skedaddle (ski-dad-l) *v.i. & n.* Scamper off (بول چال) سر پر پاؤں رکھ کر بھاگنا ۔ فراری ۔

Skee (skē) *n.* دیکھو Ski

Skein (skān) *n.* A loosely-tied coil لچھا ۔ انٹی ۔ ریشم یا سوت کا لچھا ۔ جنگلی بطخوں کا اڑتا ہوا غول ۔ گتھی ۔ الجھاؤ ۔

Skeleton (skel-i-tn) *n.* Hard parts of a body ڈھانچہ ۔ پنجر ۔ ڈھچر ۔ کسی شے کا قالب ۔ خاکہ ۔ خلاصہ ۔ لب لباب ۔ دبلا پتلا تاق آدمی ۔

Skeletal *adj.* پنجر کا ۔ ڈھانچہ کی طرح کا ۔

Skeletography *n.* علم تشریح ۔

Skeletonize (skel-i-to-niz) *v.t.* Reduce to a skeleton صرف ڈھانچہ رہنے دینا ۔

Skep (skep) *n.* A basket, beehive بید کی ٹوکری ۔ شہد کی مکھیوں کا چھتا ۔

Sketch (skech) *n.,v.t. & i.* A drawing without details خاکہ ۔ ڈھانچہ ۔ نقشہ ۔ مسودہ ۔ خلاصہ ۔ واقعات کا مختصر بیان ۔ مختصر ناٹک ۔ خاکہ بنانا ۔ نقشہ کھینچنا ۔ خلاصہ بیان کرنا ۔

Sketchy *adj.* سرسری ۔ مختصر ۔ مجمل ۔

Sketchiness *n.* خاکہ کا سا ہونا ۔ مجمل ہونا ۔ سر سری ہونا ۔

Skew (skū) *adj. & n.* Oblique ترچھا ۔ آڑا ۔ خمیدہ ۔ ٹیڑھا ۔ منحرف شکل ۔ پشتہ کی ڈھلوان شکل ۔ چھت یا دیوار کے تکنے حصے کی منڈیر ۔

Skew bridge مقراضی پل ۔

Skew-eyed احول ۔ بھینگا

Skewer (skū-ər) *n. & v.t.* A long pin of wood or metal لوہے کی سیخ ۔ تلوار ۔ سیخ میں پرونا ۔ ملا کر باندھنا ۔

Ski (skē) *n.* A long narrow wooden shoe ایک لمبا لکڑی کا جوتا جس کو پہن کر برف پر پھسلتے ہیں ۔

Skid (skid) *n. & v.t.* A support on which something rests چوکھٹا ۔ ٹیکن ۔ پہیہ روک کھٹکا ۔ ٹیکن لگانا ۔ روک لگانا ۔

Skier (skē-ər) *n.* One who puts on skis وہ شخص جو اسکائی پہن کر چلتا ہے ۔

Skiff (skif) *n.* A small light boat ہلکی ناؤ ۔ ڈونگی ۔ چھوٹی کشتی ۔

Skilful (skil-ful) *adj.* Having skill and expert knowledge ہنر مند ۔ ہوشیار ۔ ماہر ۔ مشاق ۔ آزمودہ کار ۔ سلیقہ مند ۔ استادانہ ۔

Skill (skil) *n.* Reason, discrimination شعور ۔ سلیقہ ۔ مہارت ۔ ہنر مندی ۔ حسن تدبیر ۔ موقع شناسی ۔

Skilled (skil-d) *adj.* Having skill ہنر مند ۔ کاردان ۔ ماہر ۔ آزمودہ کار ۔

Skillet (skil-it) *n.* A small long-handled pan کرچھا ۔ کڑاہی ۔ دستہ دار بھگونا ۔

Skilly (skil-i) *n.* A thin gruel گلتھی ۔ جئی کا پتلا دلیا ۔

Skim (skim) *v.t., i. & adj.* Remove floating matter from the surface بالائی اتارنا ۔ جھاگ یا پھین اتارنا ۔ کسی سطح کو چھوتے ہوئے گزرنا یا اڑنا ۔

Skim milk ملائی اتارا ہوا دودھ ۔

Skim the cream off کسی شے کا بہترین حصہ نکال لینا ۔

Skimmer (skim-ər) *n.* A utensil for skimming بالائی اتارنے والا ۔ کفگیر ۔ کرچھا ۔

Skimp (skimp) *v.t. & i.* Scrimp, stint خست سے کام لینا ۔ بخیل ہونا ۔ ناپ تول کر دینا ۔

Skimpy *adj.* دبلا پتلا ۔ قلیل ۔ ناکافی ۔ تھوڑا ۔

Skimpingly *adv.* تنگ نظری سے ۔ کنجوسی سے ۔ بخل سے ۔

Skin (skin) *n.* The natural outer covering کھال ۔ چمڑا ۔ چرم ۔ جلد ۔ چمڑے کی بنی ہوئی چیزیں ۔ جلد کی ایک پرت ۔ پھل یا درخت کا چھلکا ۔ چھال ۔ جہاز کے اندر یا باہر کی چادر ۔

Save one's skin مصیبت سے بچ نکلنا ۔ محفوظ رہنا ۔

Is only skin and bones بہت دبلا پتلا ہے ۔ وہ ہڈی اور چمڑا ہے ۔

Escape with the skin of one's teeth بال بال بچنا ۔

Thick skin منڈ ۔ بے حس ۔

Thin skin زود حس ۔

Near is my shirt, nearer my skin پہلے اپنوں کی فکر ہونا ۔ اول خویش بعدہ درویش ۔

Skinny *adj.* دبلا پتلا ۔

Skinless *adj.* بغیر کھال کا ۔

Skin (skin) *v.t. & i.* Fleece, cover with a skin زخم کو کھال سے ڈھکنا ۔ کھال اتارنا ۔ نئی کھال آنا ۔ (بول چال) چست لباس اتارنا ۔ موس لینا ۔ فریب دے کر لینا ۔

Keep your eyes skinned (بول چال) چوکس رہو ۔

Skin flint *adj.* خسیس ۔ کنجوس ۔ بخیل ۔

Skink (skingk) *n.* Shin bone soup ایک افریقی چھپکلی ۔ پنڈلی کی ہڈی کا شوربا ۔

Skinner (skin-ər) *n.* One who skins پوست کش ۔ کھال اتارنے والا ۔ چمڑا کمانے والا ۔

Skip (skip) *v.i., t.* Spring or hop lightly اچھلنا ۔ کودنا ۔ اچکنا ۔ رسی پرسے کودنا ۔ دفعتاً ایک شغل چھوڑ کر دوسرا اختیار کر لینا ۔ (بول چال) بھاگ کھڑا ہونا ۔ بیچ میں چھوڑ چھاڑ کر بھاگ جانا ۔

Skipping rope پھلانگنے کی ڈوری یا رسی ۔

Skippingly *adv.* کودتے ہوئے ۔ اچھلتے ہوئے ۔

Skip (skip) *n.* An attendant کالج کا ملازم یا خدمتگار ۔ باولس کے کھیل میں ٹیم کا کپتان ۔

Skip (skip) *n.* Box for raising minerals from a mine کان سے کوئلہ وغیرہ اوپر لانے کا جھولا یا ٹوکرا ۔

Skipper (skip-ər) *n.* Captain of a team کودنے والا ۔ ٹیم کا کپتان ۔ جہاز کا نا خدا ۔ بے فکرا آدمی ۔

Skirl (skirl) *v.t., i. & n.* Shriek or sing shrilly چیخنا یا چیخ کر گانا ۔ چیخ ۔

Skirmish (skər-mish) *n.* An irregular fight مڈ بھیڑ ۔ لڑائی بھڑائی ۔ چھوٹی سی بے قاعدہ لڑائی ۔ علمی بحث ۔ نوک جھونک ۔ چھوٹی چھوٹی ٹکڑیوں کی لڑائی ۔

Skirret (skir-it) *n.* A water parsnip ایک قسم کی آبی ترکاری ۔ پالک ۔

Skirt (skə-rt) *v.t., i. & n.* A woman's garment that hangs from waist لہنگا ۔ سایا ۔ کنارہ ۔ حاشیہ ۔ کنارے کنارے چلنا ۔ کنارے پر واقع ہونا ۔ (بول چال) عورت ۔

On the skirts of London لندن کے مضافات میں ۔

Skirt dance سائے یا لہنگے کا ناچ ۔

Skirting *n.* لہنگے کا کپڑا ۔

Skirtless *adj.* بے سایا ۔ لہنگے کے بغیر ۔ بے دامن کا ۔

Skit (skit) *n.* A piece of banter (بول چال) بھیڑ بھاڑ ۔ مزاح ۔ طنز ۔ ہجو ۔

Skitter (skit-ər) *v.i.* Go splashing along water پانی پر اترتے یا اڑتے وقت چھینٹیں اڑانا ۔

Skittish (skit-ish) *adj*. Frivolous, light headed شوخ - چلبلا - چنچل - متلون مزاج - آوارہ - بد وضع -

Skittishness *n*. بے قراری - شوخی - چنچل پن -

Skittle (skit-l) *v.t.* & *n*. A pin for the game of skittles بلیرڈ میں ۹ مہروں کا کھیل - (کرکٹ) مخالف ٹیم کے کھلاڑیوں کو جلد جلد آوٹ کر دینا -

Beer and skittles کھیل تماشا - تفریح -

Skive (skīv) *v.t.* Pare, split جواہر کی سطح کو ہموار کرنا - کھال پھاڑنا یا چاک کرنا -

Skiver (skīv-ər) *n*. A long knife - کٹا ہوا چکنا چمڑا - راہی چمڑا کاٹنے کی چھری -

Skulk (skulk) *v.i.* Sneak out of the way - دبکنا چھپنا - گھات لگانا - نظروں سے غائب رہنا - جی چرانا - کھسک جانا -

Skulker *n*. دبکنے والا - جی چرانے والا -

Skulk *n*. پوشیدگی - جی چرانا - دبکی -

Skulkingly *adv*. - جی چراتے ہوئے - پہلو بچاتے ہوئے - دبکتے ہوئے -

Skull (skul) *n*. The bony case that encloses the brain کھوپڑی - کاسہ سر - سر کی ہڈی - ایک پھول جس کی شکل خود کی سی ہوتی ہے -

Skunk (skunk) *n*. A small American musteline animal ایک امریکی گوشت خور جانور جو چلتے وقت ناقابل برداشت بد بو دار ہوا نکالتا ہے - اس جانور کا سمور - ذلیل شخص -

Sky (skī) *n*. & *v.t.* The apparent canopy over our heads - فلک - چرخ - آسمان - موسم - رت - فضا - آب و ہوا - (کرکٹ) اونچی ہٹ مارنا -

If the sky falls we shall catch larks کسی خیالی مصیبت کی فکر کرنا فضول بات ہے -

Laud to the skies بے حد تعریف کرنا - آسمان پر چڑھانا -

Sky high آسمان سے باتیں کرنے والا - بہت اونچا -

Skylark - دل لگی کرنا - اچھلنا - کودنا - لوا - چکور -

Sky pilot (بول چال) پادری -

Sky scape - تصویر جس میں آسمان کا منظر دکھایا گیا ہو

Sky scraper - دود کش - بہت بلند کئی منزلوں کی عمارت

Skyey *adj*. آسمان کا سا -

Skyer (skī-er) *n*. A high hit - (کرکٹ) اونچی ہٹ

Slab (slab) *n*. & *v.t.* Flat piece of stone, plank of wood - پتھر کی سل - پتھر کا ہموار ٹکڑا - تختہ - پھرا - پتھر یا لکڑی کے ٹکڑے کاٹنا -

Slabe stone پرت دار پتھر - سنگ سیلو - پتھر جس کی سلیں آسانی سے بن جاتی ہیں -

Slab (slab) *adj*. Semi-liquid, viscous - گاڑھا - لیس دار

Slack (slak) *adj*., *adv*., *v.t.*, *i*. & *n*. Not eager or diligent, not strict ڈھیلا - کمزور - کاہل - سست - غفلت برتنے والا - تجارت کی سرد بازاری - (جمع) پتلون - پاجامہ - کوئلے کا چورا - رسی ڈھیلی کرنا - ڈھیلا کرنا یا ہونا - ڈھیلی لٹکتی ہوئی رسی - (بول چال) سستانا - گستاخی - چونا بجھانا -

Slack weather سستی پیدا کرنے والا موسم -

Slacken *v.i.* - ڈھیلا ہونا یا کرنا - سست ہونا - الکسانا

Slackly *adv*. ڈھیلے پن سے - سستی سے -

Slackness *n*. - مندا ہونا - سرد بازاری - سستی - الکسی

Slacker *n*. کام چور - سست - کاہل -

Slade (slād) *n*. A little valley or dell - چھوٹی گھاٹی - وادی -

Slag (slag) *n*. Scum on melted metal - دھات کا میل - کھنگر -

Slain (slān) *pp*. Slay دیکھو

Slake (slāk) *v.t.* & *i*. Lick, smear, daub - پیاس بجھانا - تر کرنا - نم کرنا - تسکین دینا - جذبہ انتقام کا سرد ہونا - چونے کو پانی میں حل کرنا -

Slam (slam) *v.t.*, *i*. Shut or strike with violence زور سے بند کرنا - پٹکنا - زور سے مارنا - آسانی سے جیت جانا - دھڑ سے بند ہونا -

Slander (slan-dər) *n*. & *v.t.* False and malicious report غیبت - بد گوئی - بہتان - جھوٹا الزام - بے عزتی کرنا - تہمت لگانا -

Slanderous *adj*. - ہتک آمیز - بدنام کن - تہمت آمیز

Slanderer *n*. بہتان لگانے والا - غیبت کرنے والا -

Slang (slang) *n*. A jargon of disreputable persons - چوروں اور بد معاشوں کی بولی - بازاری بولی - ملاحی زبان - گالی -

Slangy (slang-i) *adj*. Undignified بازاری زبان استعمال کرنے والا - بازاری زبان کا -

Slant (slânt) *v.i., t., adj. & n.* Slope, turn, strike, fall ڈھلوان ہونا ـ ترچھا ہونا ـ ڈھال ـ ترچھا پن ـ ڈھلوان ـ طعن ـ چوٹ ـ (امریکی) نقطۂ نظر ـ

Slantingly *adv.* ڈھلوان ـ طعن و طنز سے ـ چوٹ دیکر ـ

Slap (slap) *n., v.t. & adj.* A blow with the hand تھپڑ ـ طمانچہ ـ دھول ـ تڑ سے ـ تڑاک سے ـ طمانچہ مارنا ـ تھپڑ رسید کرنا ـ

Slap in the face ڈانٹ ـ ذلت ـ جھڑکی ـ طمانچہ ـ

Slap dash انکل پچو ـ لاابالی پن ـ زور شور سے ـ جھٹ پٹ ـ ریت چونے کا پلاستر ـ پلاستر کرنا ـ

Slap up (بول چال) نئے سامان سے آراستہ ـ

Slapping اچھا ـ بڑا ـ تیز ـ

Slash (slash) *v.t., i. & n.* Make long cuts کاٹنا ـ چیرنا ـ پھاڑنا ـ درخت کاٹ کر گرانا ـ اندھا دھند وار کرنا ـ ہاتھ چلانا ـ چابک مارنا ـ پتلا لمبا زخم یا شگاف ـ

Slashing criticism پرخچے اڑا دینے والی تنقید ـ بے پناہ تنقید ـ

Slat (slat) *n.* A thin strip of wood لکڑی کی پچر ـ پتلی تختی ـ جھل ملی کا پتلا تختہ ـ

Slat (slat) *v.i. & t.* Flap, beat, strike بادبان کا مستول سے ٹکرانا ـ کسی چیز کی سطح پر زور سے مارنا ـ ٹکرا کر آواز پیدا کرنا ـ

Slate (slāt) *n., adj. & v.t.* A fine grained rocky slab پھر کی تختی یا پرت ـ سلیٹ ـ سلیٹ کے چوکے جو چھتوں میں لگائے جاتے ہیں ـ بچوں کے لکھنے کی تختی ـ سلیٹوں سے چھت بنانا ـ

Slaty *adj.* سلیٹ کا سا ـ سلیٹ کے رنگ کا ـ

Slater *n.* سلیٹی پتھر کے پرت اتارنے والا ـ سلیٹ سے پاٹنے والا ـ

Slate (slāt) *v.t.* Abuse خوب خبر لینا ـ نکتہ چینی کرنا ـ لعنت ملامت کرنا ـ

Slating *n.* لعنت ملامت ـ

Slattern (slat-ərn) *n.* A slut میلی کچیلی پھوہڑ عورت ـ

Slatternliness *n.* بد تمیزی ـ پھوہڑ پن ـ

Slaughter (slaw-tər) *n. & v.t.* Killing of animals جانوروں کو ذبح کرنا ـ قتل عام ـ خونریزی ـ قتل عام کرنا ـ کشت و خون کرنا ـ قربانی کرنا ـ

Slaughter-house ایسی جگہ جہاں جانور ذبح کئے جاتے ہیں ـ مسلخ ـ مذبح ـ

Slaughterer *n.* قاتل ـ قصاب ـ قصائی ـ

Slaughterous *adj.* سفاکانہ ـ خون چکاں ـ قاتلانہ ـ

Slav (släv) *n.* One whose language is Slavonic سلاوی زبان ـ سلاوی بولنے والا ـ سلاوی نسل کا ـ

Slave (slāv) *n.* One who is submissive under domination غلام ـ بندہ ـ عبد ـ حلقہ بگوش ـ داس ـ چیلا ـ بن داموں کا نوکر ـ ادنا درجہ کا آدمی ـ حکم بردار ـ تابعدار ـ

Slave-hunter انسانوں کو غلام بنا کر بیچنے والا ـ غلاموں کا تاجر ـ بردہ فروش ـ

Slave-trader غلاموں کا تاجر ـ

Slaver (slāv-ər) *n.* A slave ship غلاموں کا تاجر ـ غلاموں کو لے جانے والا جہاز ـ

Slaver (slāv-ər) *v.t., i. & n.* Spittle running from the mouth رال ـ تھوک ـ لعاب دہن ـ رال سے کپڑے آلودہ کرنا ـ منہ سے رال بہانا ـ خوشامد ـ چاپلوسی ـ

Slavery *n. & adj.* غلامی ـ تابعداری ـ رال بہاتا ہوا ـ لعاب دہن سے بھرا ہوا ـ

Slavey (slāv-i) *n.* A female servant (بول چال) ملازمہ ـ ماما ـ خواص ـ

Slavic (slâv-ik) *adj. & n.* Of Slav سلاوی قوم کا ـ

Slavish (slāv-ish) *adj.* Befitting a slave غلامانہ ـ غلام کا سا ـ غلام کی طرح ـ

Slavish imitation اندھی تقلید ـ غلامانہ تقلید ـ

Slavishly *adv.* غلاموں کی طرح ـ اندھے پن سے ـ کمینگی سے ـ

Slavishness *n.* غلامانہ ذہنیت ـ کمینگی ـ غلامی ـ حلقہ بگوشی ـ

Slavonian (slâv-o-ni-ən) *adj. & n.* Of Slavonia سلاوی قوم کا ـ سلاوینا کا باشندہ ـ

Slavonic *adj. & n.* سلاوی زبان ـ سلاوی نسل کا ـ

Slay (slā) *v.t.* Kill, murder قتل کرنا ـ مار ڈالنا ـ حلال کرنا ـ ذبح کرنا ـ

Slayer *n.* قتل کرنے والا ـ خونی ـ قاتل ـ

Sleave (slēv) *n.* & *v.t.* A fine filament that can be separated from silk fibre ریشم کے تار الگ کرنا ۔ ریشم کے تار سلجھانا ۔ الگ کرنا ۔

Sleazy (slē-zi) *adj.* Flimsy بودا ۔ پتلا ۔ کمزور ۔ بے بنیاد ۔

Sled-sledge (sled) *n.* A wheelless cart بے پہیے کی گاڑی جو برف پر پھسلتی ہے ۔

Sledge (slej) *n.* A heavy hammer ۔ لوہار کا بڑا ہتھوڑا ۔ گھن ۔

Sleek (slēk) *adj.* Smooth, glossy صاف ۔ چکنا ۔ چمکدار ۔ نرم ۔ گدگدا ۔

Sleek stone چکنانے کا پتھر ۔ گھوٹ کا پتھر ۔

Sleekly *adv.* چکنے پن سے ۔ نرمی سے ۔

Sleekness *n.* نرم اور چمکدار ہونا ۔ چکنا ہونا ۔

Sleep (slēp) *n.* State of unconsciousness due to relaxation نیند ۔ خواب ۔ آرام ۔ خاموشی ۔ سکون ۔

Broken sleep بے چینی کی نیند ۔

Go to sleep سو جانا ۔

Sleep walker نیند میں چلنے کا مریض ۔ نیند میں چلنے والا ۔

Sleepless *adj.* بے چین ۔ بے آرام ۔ بے خواب ۔

Sleeplessness *n.* بے خوابی ۔

Sleep (slēp) *v.i.* & *t.* Slumber, take rest سونا ۔ آرام کرنا ۔ آنکھ لگنا ۔ نیند آنا ۔ اونگھنا ۔ بے کار پڑے رہنا ۔ قبر میں سونا ۔ دفن ہونا ۔ بے فکر رہنا ۔ سونے کا انتظام ہونا ۔

Let sleeping dogs lie سوتے فتنے نہ جگاؤ ۔

Sleep the clock round بارہ گھنٹے سونا ۔

Sleep over a question کسی مسئلہ کو ٹالتے چلے جانا ۔

Sleeping partner شریک کار جو دخل نہ دے ۔

Sleeping draught خواب آور دوا ۔ نیند کی دوا ۔

Sleeping suit لباس شب خوابی ۔

Sleeper (slēp-ər) *n.* One who sleeps سونے والا ۔ خوابیدہ ۔ سست آدمی ۔ ریل کی پٹری کا تختہ ۔ سلیپر ۔ ریل میں سونے کا ڈبہ ۔

Sleepy (slēp-i) *adj.* Dormant خواب آلودہ ۔ اونگھتا ہوا ۔ سست ۔ کاہل ۔ اتری ہوئی ۔ (ناشپاتی)

Sleepily *adv.* سستی سے ۔ الکسی سے ۔

Sleepiness *n.* سستی ۔ الکسی ۔ خواب آلودگی ۔

Sleet (slēt) *n.* Rain mingled with snow ژالہ باری ۔ برف باراں ۔ اولوں کی بارش ۔

It sleets بارش کی جھڑی ہے اور برف باری ہے ۔

Sleety *adj.* پر از برف ۔ برف آلود ۔

Sleetiness *n.* برف و باراں سے پر ہونا ۔

Sleeve (slēv) *n.* Covering for the arm آستین ۔ نلکی کے اوپر کی نلکی ۔

Laugh in one's sleeve منہ چھپا کر چپکے چپکے ہنسنا ۔

Have a plan up one's sleeves نیا ذہنی منصوبہ ۔ ذہن میں کوئی نئی تدبیر ہونا ۔

Roll up one's sleeves آستین چڑھانا ۔ لڑنے کو تیار ہونا ۔

Sleeve link کفوں کی گھنڈیاں ۔ بوتام ۔

Hang on the sleeve شاکر ہونا ۔ محتاج ہونا ۔ بھروسہ رکھنا ۔

Sleigh (slij) *n.* Sled دیکھو

Sleight (slīt) *n.* Cunning, dexterity شعبدہ بازی ۔ کرتب ۔ ہاتھ کی صفائی ۔

Slender (slen-dər) *adj.* Thin, narrow, slim مہین ۔ باریک ۔ تنگ ۔ نازک ۔ دبلا پتلا ۔ نازک اندام ۔ تھوڑا ۔ ناکافی ۔ قلیل ۔

Slenderly *adv.* کمی سے ۔ قلت سے ۔ نزاکت سے ۔

Slenderness *n.* تنگی ۔ کمی ۔ قلت ۔ نزاکت ۔

Sleuth-hound (slōōth-hownd) *n.* A tracker, detective کھوجی کتا ۔ (امریکہ) سراغ رساں ۔

Slew-slue (slōō) *v.t., i.* & *n.* Swing round پھر جانا ۔ گھوم ۔ جانا ۔ پھیرنا ۔ پھرانا ۔ گھمانا ۔

Slew (slōō) *v.t.* Slay دیکھو

Slice (slīs) *v.t.* & *n.* A thin broad piece قاش ۔ پھانک ۔ قتلا ۔ ٹکڑا ۔ ایک پتلا چاقو ۔ باریک پھل کا اوزار ۔ قتلے کاٹنا ۔ قاشیں اتارنا ۔ ہوا کو کاٹتے ہوئے اڑنا ۔ گولف کی چھڑی یا چپو اس طرح چلانا جیسے کسی چیز کو کاٹتے ہیں ۔

Slick (slik) *adj.* & *adv.* Sleek, smooth, glibly (بول چال) صاف ۔ صفائی کا ہاتھ ۔ پھرتی کا ۔ صفائی سے ۔ سیدھا ۔ ٹھیک ۔ پورا ۔

Slide (slīd) *v.i.* & t. Slip or glide پھسلنا ۔ کسھکنا ۔ سرکنا ۔ سرکانا ۔ کھسکانا ۔ کسی چیز کی طرف آہستہ آہستہ بڑھنا ۔

Let things slide جو ہوتا ہے ہونے دینا ۔ لاپروائی کرنا ۔

Sliding scale گھٹنے بڑھنے والی شرح ۔

Slider *n.* پھسلنے والا ۔

Slidable *adj.* پھسلنے والا ۔ جو پھسل سکے ۔

Slide (slīd) *n.* A slippery track on ice راستہ جو برف پر پھسلنے سے بن جائے ۔ پھسلواں راستہ ۔ ڈھلوان ۔ پھسلن تختہ ۔ پھسلنا ۔ پھسلنے والا ۔ خورد بین یا سیر بین کا شیشہ ۔ فلمی تصویر ۔ سلائڈ ۔

Slight (slīt) *adj.* Smooth, flimsy ہلکا ۔ باریک ۔ خفیف ۔ تھوڑا ۔ ذرا سا ۔ دبلا پتلا ۔ نازک ۔ سرسری ۔ ناکافی ۔

Slightly *adv.* خفیف سا ۔ کسی قدر ۔ ذرا سا ۔

Slightness *n.* کمزوری ۔ نزاکت ۔ سبکی ۔ ہلکا پن ۔

Slight (slit) *v.t.* & *n.* Ignore disrespectfully حقیر سمجھنا ۔ نظر انداز کرنا ۔ بے التفاتی سے کام لینا ۔ تحقیر ۔ سبکی ۔ بے التفاتی ۔

Slightingly *adv.* کج خلقی سے ۔ حقارت سے ۔ بے التفاتی سے ۔

Slim (slim) *adj.* & *v.i.* Slight, slender, loose weight نازک ۔ دبلا ۔ پتلا ۔ کمزور ۔ ضعیف ۔ موٹاپا کم کرنا ۔ دبلا ہو جانا ۔

Slimmish *adj.* نازک سا ۔ پتلا سا ۔

Slimness *n.* چھریرا پن ۔ دبلا پن ۔

Slime (slīm) *v.t.*, *i.* & *n.* Thin, gluey mud پتلی کیچڑ ۔ تر مٹی ۔ دلدلی زمین ۔ کیچڑ میں لت پت ہو جانا ۔ بچ جانا ۔ کسی مشکل سے نکل جانا ۔

Slimy (slīm-i) *adj.* Full of thin mud کیچڑ سے بھرا ہوا ۔ لتھڑا ہوا ۔ پھسل جانے والی (چیز) ۔ بے غیرت ۔ بد دیانت ۔ خوشامدی ۔

Slimily *adv.* چاپلوسی اور خوشامد سے ۔

Sliminess *n.* ذلت ۔ خوشامد ۔ لجاجت ۔

Sling (sling) *v.t.*, *i.* & *n.* Throw with a sling, swing by means of a rope گوپھن سے پھینکنا ۔ پھینک کر مارنا ۔ رسی کا حلقہ پھینکنا ۔ رسی پکڑ کر جھولنا ۔ گلے میں پٹی باندھ کر زخمی ہاتھ رکھنا ۔ چھینکے میں لٹکانا ۔ گوپھن ۔ سامان کا جھولا ۔

Slinger *n.* گوپھن چلانے والا ۔

Sling (sling) *n.* A kind of toddy (امریکہ) ایک قسم کی تاڑی ۔ سیندھی ۔

Slink (slink) *v.i.* Move away quietly دبک کر نکل جانا ۔ چپکے سے چل دینا ۔

Slink (slink) *n.*, *v.t.* & *i.* A prematurely born animal ایسے جو جانور پیش از وقت پیدا ہو جائے ۔ جانور کا گوشت ۔ قبل از وقت پیدا ہونا ۔

Slip (slip) *v.i.* & *t.* Escape, pass quietly, let pass کھسکنا ۔ سرک جانا ۔ چپکے سے نکل جانا ۔ چوک جانا ۔ لغزش ہونا ۔ بھولنا ۔ ہاتھ سے جاتے رہنا ۔ کھول دینا ۔ جلدی سے کپڑے پہنانا یا اتارنا ۔

Let slip the dogs of war جنگ چھیڑنا ۔

Slip off, away آنکھ بچا کر نکل جانا ۔

Cow slips calf گائے نے قبل از وقت بچہ دیا ۔

Slip (slip) *n.* A mistake, error, position behind the batsman غلطی ۔ لغزش ۔ بھول چوک ۔ سہو ۔ لہنگا ۔ سایا ۔ غلاف ۔ کتے کا پٹہ ۔ چھاپے خانے کے پروف ۔ شاخ ۔ ٹہنی ۔ کرکٹ میں کھیلنے والے کے پیچھے کی جگہ ۔ کاغذ کا پرزہ ۔

Give one the slip آنکھ بچا کر چل دینا ۔

Slip of tongue, pen زبان یا قلم کی لغزش ۔ سہو ۔

Slip (slip) *prefix* سابقہ جو دوسرے الفاظ میں لگایا جائے ۔

Slip cover کپڑے کے غلاف جو کرسی یا صوفے پر چڑھاتے ہیں ۔

Slip knot ڈیڑھ گرہ جو کھینچنے سے تنگ ہوتی ہے ۔

Slipshod *adj.* بے اصول ۔ لاپرواہ ۔ بے تکا ۔ پھوہڑ ۔

Slip slop رقت آمیز گفتگو ۔ ہلکی شراب ۔ پھسپھسی چیز ۔ بے تکی عبارت ۔

Slip way جہاز سازی کی ڈھلوان سطح ۔

Slipper (slip-ər) *n.* & *v.t.* A heelless shoe بغیر ایڑی کا جوتا ۔ گاڑی کے پہیوں کی بریک ۔ کتوں کو دوڑ میں چھوڑنے والا شخص ۔ سلیپر ۔ زیر پائی ۔ سلیپر سے مارنا ۔

Slippering *n.* جوتیوں کی مار -

Slippery (slip-əri) *adj.* Hard to stand on پھسلنے والی زمین - ہوشیاری سے کام کرنے والا - ناقابل اعتبار - پھسل کر نکل جانے والا - بے باک - عیار - بے ایمان -

Slipperiness (slip-əri-nəs) *n.* Condition of ground which causes slipping پھسلن - بے ثباتی - بے اعتبار ہونا - بے ایمانی - عیاری -

Slippy (slip-i) *adj.* Tending to slip (بول چال) پھسلنی - رپٹنی -

Look or be slippy جلدی کرو -

Slit (slit) *n., v.t. & i.* Cut lengthwise چاک - شگاف - چاک کرنا - چیرنا - لمبے ٹکڑے کرنا -

Slither (slidh-ər) *v.i.* Slide interruptedly (بول چال) رک رک کر پھسلنا -

Sliver (slīv-ər) *n., v.t. & i.* Cut, split کاٹنا - لمبے ٹکڑے کاٹنا - چپٹھیاں بنانا - چھوٹی مچھلی کا ٹکڑا جو چارے کے طور پر کانٹے میں لگایا جائے - لکڑی کا چپٹا ٹکڑا -

Slobber (slob-ər) *n., v.t. & i.* Eat or work in a slovenly way شرابیوں یا بچوں کی طرح رال بہنا - پھوہڑ پن سے کام کرنا - بدتمیزی سے کھانا - بگاڑنا - رال - رقت آمیز گفتگو - بوسہ بازی - رقت کا جذبہ -

Slobbery *adj.* نم - رقت آمیز -

Slobberiness *n.* رقت آمیزی -

Sloe (slō) *n.* The black thorn fruit or bush جھر بیری - جنگلی بیر -

Slog (slog) *v.i. & t.* Hit hard بے تحاشا مارنا - اندھا دھند ہاتھ چلانا - لگا تار کوئی کام کرتے رہنا - (کرکٹ) ٹلہ بازی کرنا -

Slogger *n.* اندھا دھند مارنے والا - ٹلہ باز -

Slogan (slo-gən) *n.* War cry, a party catch word نعرہ جنگ - کسی جماعت کا نعرہ یا مقررہ الفاظ -

Sloop (slo͞op) *n.* A light boat ایک ہلکی کشتی - غراب - یک مستولی ناؤ -

Slop (slop) *n., v.i. & t.* Liquid refuse غلیظ پانی - موری کا پانی - شوربا - گاڑھا شربت - گرنا - گرانا - چھلکنا - گندہ پانی بہانا - گندے پانی میں بھگونا -

Slop dash کمزور - ٹھنڈی چیز -

Slop-pail گندہ پانی پھینکنے کی بالٹی -

Slop over رقت کا جوش - بہہ نکلنا - پھوٹ پڑنا -

Slop (slop) *n.* Loose garment ڈھیلے کپڑے - سلے سلائے کپڑے جو بازار میں بکتے ہیں - بحری فوج میں لباس اور بستر جو ملاحوں کو ملتا ہے -

Slop-seller *n.* سلے سلائے کپڑے بیچنے والا -

Slop shop سلے سلائے کپڑوں کی دکان -

Slope (slop) *n.* An incline ڈھال - ڈھلان - اتار - نشیب - سپاہی کا بندوق کاندھے پر رکھ کر کھڑا ہونا - مٹر گشت -

Slopingly *adv.* نشیب کی جانب - اتار پر -

Slope arms کندھے پر بندوق ترچھی رکھنا -

Sloppy (slōp-i) *adj.* Muddy, filled with water کیچڑ اور پانی کے گڑھوں کی سڑک - میلا دستر خوان جس پر شوربہ وغیرہ گر گیا ہو - بے قاعدہ - ناقص -

Sloppily *adv.* رقت آمیز طریقہ سے - گندے پنے سے - بے ڈھنگے پن سے -

Sloppiness *n.* بھیگا ہوا اور گندہ ہونا -

Slosh (slosh) *v.t. & n.* A slush, a watery mess پانی میں چھپ چھپ کرنا - ادھر ادھر پھرنا - (بول چال) مارنا - پیٹنا - مار - پانی کا ڈبرا -

Slot (slot) *n. & v.t.* A bar or bolt سینے کا درمیانی نشیب - کھٹکے کا دروازہ - سوراخ - شگاف - مشین وغیرہ میں درزیں رکھنا - چھوٹا شگاف جو ڈبے میں پیسے ڈالنے کے لیے رکھا جاتا ہے -

Slot (slot) *n.* A track, a deer's footprints جانوروں کے پیروں کا نشان - لکڑی کی چوڑی پٹی - بلی -

Sloth (sloth) *n.* Laziness سستی - کاہلی - کسل - الکسی - ایک دودھ پلانے والا جانور جس کے پیر پنجوں کی طرح کے ہوتے ہیں -

Slothful *adj.* کاہل - سست -

Slothfulness *n.* آرام طلبی - سستی - کاہلی -

Slouch (slowch) *n.* An awkward clown نا اہل آدمی - (بول چال) اناڑی مسخرہ -

Slouch (slowch) *v.i., t. & n.* Droop, turn down the brim of hat جھکنا - جھک کر چلنا - بھدے اور بے ہنگم طور پر چلنا یا بیٹھنا - بھدی چال -

Slouchingly *adv.* بے ہنگم طریقہ سے -

Slouch hat نیچے مڑے ہوئے کنارے کی ٹوپی -

Slough (slow) *n.* Marsh کیچڑ پانی کی جگہ - دلدل - پانی کا ڈبرا -

The slough of dispond نجات سے مایوس ہو کر گناہ کی زندگی بسر کرنا -

Sloughy *adj.* کیچڑ کی - دلدلی -

Slough (slow) *n.* & *v.t.* Cast skin, dead tissues سانپ کی کینچلی - کسی زخم کا مردار حصہ - چھوڑی ہوئی عادت - کینچلی اتارنا -

Sloven (slov-n) *n.* Dirtily-dressed man - میلا کچیلا پھوہڑ - بے سلیقہ آدمی -

Slovenly *adj.* پھوہڑ - بے سلیقہ -

Slovenliness *n.* پھوہڑ پن -

Slovenly *adv.* بد تمیزی سے - پھوہڑ پن سے -

Slow (slō) *v.t., i., adv.* & *adj.* Not swift, late, not ready or progressive دھیا - ہلکا - آہستہ - ڈھیلا - دھیرا - دیر میں ہونے والا - دیر لگانے والا - کند - مدھم - مٹھا - سست - غیر دلچسپ - بے لطف - آہستہ آہستہ - دھیرے دھیرے - اپنی رفتار کم کرنا - گاڑی کی رفتار گھٹانا - کیمرے کا شگاف کم کرنا -

Slowness *n.* سستی - سست رفتاری -

Slow-witted غبی - کند ذہن -

Slow-coach پرانے خیال کا - سست آدمی -

Slub (slub) *n.* & *v.t.* Twist after carding اون کو بٹنا - پولی - اون کی پولی بنانا -

Slubber (slub-ər) *v.t.* Smear, soil گندہ کر دینا - رال سے بھر دینا - پھوہڑ پن سے کرنا -

Sludge (sluj) *n.* Soft mud or mire - موری کی کیچڑ - چکنی کیچڑ -

Sludgy (sluj-i) *adj.* Full of mud - کیچڑ سے بھرا ہوا

Slug (slug) *n.* & *v.i.* A lazy fellow سست آدمی - بھدا آدمی - ایک قسم کا گھونگھا - بندوق کی بے ڈول گولی - ٹائپ کی سطر - باغ کے بعض کیڑے - کیڑوں کو مارنا -

Slug a bed - جو دیر تک بستر پر لیٹے رہنے کا عادی ہو

Sluggard *n.* آرام طلب شخص -

Sluggish *adj.* مٹھا - سست -

Sluggishly *adv.* کاہلی سے - سستی سے -

Sluggishness *n.* آرام طلبی - سستی - کاہلی -

Sluice (sloos) *v.t., i.* & *n.* A gate for regulating flow of water پانی کے بند کا دروازہ جس کو کھول کر پانی چھوڑا جاتا ہے - چھوٹی نہر - بند میں دروازہ لگانا - دروازہ کھول کر پانی چھوڑنا - پانی کا دروازے سے بہنا -

Slum (slum) *v.t.* & *n.* An over-crowded neighbourhood شہر کا گندہ محلہ - شہر کے گندے اور تاریک حصہ میں جا کر رہنے والوں کی خبر گیری کرنا -

Slummer (slum-ər) *n.* One who serves slum dwellers تاریک حصہ میں رہنے والوں کی خبر گیری کرنے والا -

Slumber (slum-bər) *v.t., i.* & *n.* Sleep lightly اونگھنا - سونا - نیند لینا - آرام لینا - خواب - نیند - خواب راحت -

Slumber away سو کر گزار دینا -

Slumberous *adj.* پر اطمینان - نیند لانے والا - خواب آور -

Slumberously *adv.* سکون سے - خواب آلودگی سے -

Slumberer *n.* اونگھنے والا - سونے والا -

Span (span) *v.t., i. & n.* Distance from the end of thumb to the end of little finger ـ ایک بالشت ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک ـ دریا پر پل بندھا ہوا ہونا ـ محیط ہونا ـ احاطہ کرنا ـ عبور کرنا ـ پل بنانا ـ اندازہ کرنا ـ قیاس کرنا ـ پروانے کی طرح کودتے ہوئے چلنا ـ

Spangle (spang-l) *n. & v.t.* Sparkling speck ـ ستارہ سلمہ ـ چمکتی ہوئی چیز ـ کپڑے پر سلمہ ستارہ ٹانکنا ـ دوپٹے میں چمک ٹانکنا ـ

Spangly *adj.* سلمہ ستارے جڑا ہوا ـ چمک والا ـ

Spaniard (span-yərd) *n.* A native of Spain ہسپانیہ کا باشندہ ـ ہسپانوی ـ

Spaniel (span-yəl) *n.* A kind of dog with long ears ایک قسم کا کتا ـ ریشمی بالوں اور لٹکتے ہوئے کانوں والا کتا ـ اسپینیل ـ درباری کتا ـ خوشامدی آدمی ـ

Spanish (span-ish) *adj. & n.* Of or pertaining to Spain ہسپانیہ کا ـ ہسپانوی زبان کا ـ

Spanish fowl ہسپانیہ کی ایک مرغی جس کے پر چمک دار سنہرے ہوتے ہیں ـ

Spank (spangk) *v.t. & i.* Move or drive with speed تھپکی دینا ـ ہاتھ سے یا چابک سے مارنا ـ بہت تیز چلانا ـ چوتڑوں پر مارنا ـ گھوڑے کا پویا چال چلنا ـ

Spanking *n.* چوتڑوں پر جوتیاں یا تھپڑ مارنا ـ

Spanker (spangk-ər) *n.* One who walks with long strides لمبے لمبے ڈگ بھرنے والا ـ تیز رو گھوڑا ـ بڑی جسامت کا آدمی ـ اگلا پچھلا بادبان ـ

Spanking (spangk-ing) *adj. & adv.* Striking, beyond expectation خلاف توقع ـ نہایت عمدہ ـ عجیب و غریب ـ بڑے لطف کا ـ

Spanner (span-ər) *n.* A wrench for nuts and screws پانا ـ اسکریو کسنے کا آلہ ـ پیچ کس ـ قینچی دار ٹیکن جو پلوں میں لگاتے ہیں ـ ایک فولادی ڈنڈا جو حرکت کرنے والے پرزوں کو ملاتا ہے ـ

Span-new (span-nū) *adj.* Quite new بالکل نیا ـ

Spar (spär) *n. & v.t.* A rafter, pole, bar or rail جہاز کا مستول ـ مضبوط بلی ـ کڑی ـ جہاز میں مستول لگانا ـ بلی لگانا ـ بلیوں کے ذریعے جہاز کو اتھلے پانی سے نکال لے جانا ـ

Spar (spär) *n.* Any bright non-metallic mineral ایک چمک دار معدنی مٹی ـ معدنی مٹی جس کی پرتیں نکالی جاتی ہیں ـ

Spar (spär) *v.i. & n.* Fight with spurs, box or dispute گھونسے مارنا ـ مکہ چلانا ـ لڑنا ـ جھگڑنا ـ تو تو میں میں کرنا ـ مرغوں کی لڑائی ـ

Sparable (spar-əbl) *n.* A small headless nail بغیر گھنڈی کی کیل جو جوتوں میں لگائی جاتی ہے ـ

Spare (spār) *adj. & n.* Kept or available ـ کم قلیل ـ تھوڑا ـ آئندہ کے لیے رکھا ہوا ـ غیر مستعمل ـ جو وقت ضرورت کے لیے اٹھا رکھا جائے ـ مشین کا زائد پرزہ ـ

Sparely *adv.* کفایت کے ساتھ ـ

Spareness *n.* دبلا پن ـ چھریرا پن ـ

Spare (spār) *v.t. & i.* Use frugally, do without کمی کرنا ـ کفایت کرنا ـ کسی چیز کے بغیر کام چلانا ـ باز رکھنا ـ ترک کرنا ـ بچا کر دوسروں کو دینا ـ چھوڑنا ـ معاف کرنا ـ بخش دینا ـ درگزر کرنا ـ جذبات کا احترام کرنا ـ کم خرچ کرنا ـ کفایت شعاری کرنا ـ

Sparely *adv.* کفایت سے ـ

Sparingly *adv.* ـ بچاتے ہوئے ـ احتیاط سے ـ جز رسی سے

Sparingness *n.* ـ کوتاہی ـ کفایت شعاری ـ خست ـ احتیاط ـ

Spark (spärk) *n.* A glowing or glittering particle چنگاری - شرارہ - شرر - چھوٹی چمکتی ہوئی چیز - رمق - شمہ - جودت طبع - جولانی - برق شرارہ -

Sparkish *adj.* چمکیلا -

Sparkless *adj.* بے شرر -

Sparklet *n.* آگ کا پھول - چنگاری -

Spark (spärk) *v.i.* Emit sparks چنگاری نکلنا - شرارے نکلنا -

Spark (spärk) *n.* & *v.t.* A lover عاشق مزاج شخص - یار - معاشقہ کرنا - عاشق بننا -

Sparkish *adj.* نظر باز - عاشق مزاج -

Sparkle (spärk-l) *n.* & *v.i.* A little spark جگ مگ کرنا - جھلملانا - جولانی - شرارہ - طبیعت کا جولان ہونا -

Sparkler *n.* جگمگ جگمگ کرنے والا - جس کی آنکھیں چمکتی ہوں -

Sparkling *adj.* نور افشاں - چمکتا ہوا - چمکیلا -

Sparrow (spar-ō) *n.* A plain brown bird خن چڑی - کنجشک - چڑیا -

Sparrow hawk باشا - شکرا -

Sparrow hedge بیا -

Sparse (spars) *adj.* Thinly scattered, scanty منتشر - چھدری - پھیلی ہوئی - یہاں وہاں - چھدرا (پودا) -

Sparsely *adv.* پھیلا ہوا - چھدرا چھدرا - تتر بتر -

Sparseness *n.* کمی - قلت - انتشار -

Spartan (spär-tan) *adj.* & *n.* Of Sparta اسپارٹا کا رہنے والا - اسپارٹا والوں کی سی جفا کشی اور سادگی -

Spasm (spazm) *n.* A violent muscular contraction تشنج - مروڑ - اینٹھن - کسی مرض کا دورہ -

Spasmology *n.* تشنج کا علم -

Spasmodic (spas-mo-dik) *adj.* Convulsive غیر مسلسل - رہ رہ کر - تشنجی -

Spasmodically *adv.* رہ رہ کر - کبھی کبھی - وقتہ وقفہ سے - دورے کی طرح -

Spat (spat) *n.* A large drop, splash بڑا بوند - مینہ کا جھلا - لڑائی جھگڑا - ساق پوش - بغیر پیروں کے موزے -

Spat (spat) *n., v.t.* & *i.* The spawn of shellfish صدف ماہی یا کستورہ - مچھلی کے انڈے - چھوٹے گھونگھے - انڈے دینا -

Spatchcock (spach-kok) *v.t.* & *n.* A fowl killed and cooked at once مرغ جو فوراً ذبح کر کے پکایا جائے - ترنتا - جلدی جلدی لکھنا - دھر گھسیٹنا -

Spate (spāt) *n.* A flood سیلاب - طغیانی -

Spathe (spādh) *n.* A sheathing bract پھول کا غلاف - ورقے جو پھول پر لپٹے ہوتے ہیں -

Spatial (spa-shl) *adj.* Relating to space فضائی - مکانی -

Spatter (spa-tər) *v.t., i.* & *n.* Throw out or scatter upon کیچڑ کے چھینٹے اڑانا - کیچڑ سے آلودہ کرنا - لت پت کرنا - لتھیڑنا - کیچڑ اچھالنا - بدنام کرنا - چھینٹا - چھپکا - چھپ چھپ کی آواز -

Spatula (spat-ū-lā) *n.* A broad blunt blade چوڑے پھل کا چاقو یا چمچہ - مرہم پھیلانے کا چاقو - زبان دبا کر حلق دیکھنے کا دستہ -

Spatule (spat-ūl) *n.* A spatula مرہم لگانے کی پٹری - سرے پر گول چھری - پرندوں کی دم کا سرا - چپٹا جسم -

Spavin (spav-in) *n.* A bone disease of horses پڈا موتڑا - گھوڑے کے پیر کا مرض -

Spawl (spawl) *v.i.* & *n.* Spittle تھوک - رال - بلغم - کھنکھارنا - تھوکنا -

Spawn (spawn) *v.t., i.* & *n.* A mass of eggs laid in water مچھلیوں کا انڈے دینا - مینڈکوں کا بچے پیدا کرنا - (تحقیراً) انسان کا بچے دینا - بچوں کی جھول - مچھلی - گھونگھوں کے انڈے - مینڈک کے بچے -

Spawn of the Devil بد معاش لوگ - شیطان کی اولاد -

Spawn of cobden آزاد تجارت کے حامی -

Speak (spēk) *v.t.* & *i.* Utter words, talk or discourse بولنا - گویا ہونا - گفتگو کرنا - بات کرنا - کلام کرنا - تقریر کرنا - خطبہ دینا - ثابت کرنا - بتانا - دلالت کرنا - کتے کا بھونکنا - باجا بجنا -

Speak out جرأت سے بیان کرنا -

Speak well for سفارش کرنا -

Strictly speaking حقیقت تو یہ ہے - در حقیقت -

So to speak گویا - ایک طرح سے -

Generally speaking عام طور پر - بالعموم -

Speaker (spēk-ər) *n.* The president of an assembly مقرر - خطیب - دارالعوام کا صدر - مجلس وضع قوانین کا صدر -

Speakership *n.* صدارت -

Speaking (spēk-ing) *n.* Discourse گفتار - گفتگو - بات چیت - بولنا - کلام -

Speaking acquaintance اچھی خاصی ملاقات -

Spear (spēr) *v.t., i. & n.* A long pole with a pointed steel head بھالا - برچھی - بلم - نیزہ - سنان - نیزہ بردار - مچھلی مارنے کا برچھا - برچھے سے زخمی کرنا - برچھا چلانا - برچھے کا وار کرنا - برچھے کی طرح لمبا ہونا -

Spearhead (spēr-hēd) *n.* Leader of attack ہراول - وہ دستہ جو حملے کے لیے منتخب کیا گیا ہو -

Spec (spek) *n.* Abbreviation of speculation (بول چال) سٹہ - سٹے کا کاروبار -

Special (spesh-l) *adj. & n.* Particular خاص - مخصوص - غیر معمولی - غیر معمولی پرچہ یا امتحان -

Specially *adv.* بالخصوص - خاص طور پر -

Specialist (spesh-ə-list) *n.* One who is devoted to a special subject ماہر خصوصی - خاص فن کا ماہر - کسی فن کا ماہر -

Speciality (spesh-i-ali-ti) *n.* Something distinctive خصوصیت - مخصوص صفت - خاص چیز - خاص کام یا شغل -

Specialize (spesh-i-liz) *v.t. & i.* Make specific مخصوص کرنا - خاص بنانا - مفہوم کو خاص معنی میں محدود کرنا - انفرادیت پیدا کرنا - ماہر خصوصی بننا -

Specialisation *n.* انفرادیت پیدا کرنا - مہارت خصوصی - تخصیص -

Specialty (spe-shl-ti) *n.* Something distinctive, any special product خاص چیز - مخصوص کام - سر بہ مہر اقرار نامہ یا دستاویز -

Specie (spē-shi) *n.* Coin as opposed to paper money روکڑ - نقدی - روپیہ -

Species (spē-shēz) *n.* Outward appearance, visible form صنف - نوع - فرع - قسم - (قانون) شکل - وضع - ڈھنگ - صورت -

Specific (spi-si-fik) *adj. & n.* Particular to a species مقررہ - ٹھیک - معینہ - الگ نوع کا - خاص - مخصوص - خاص دوا - ٹیکہ جو مقدار اور تعداد کے لحاظ سے لگایا جائے -

Specific difference امتیازی وصف -

Specific medicine مخصوص دوا -

Specifically *adv.* نوعی حیثیت سے - از روئے قسم - بالخصوصیت -

Specificness } *n.* خاص نشان - مخصوص ہونا -
Specificity

Specification (spi-si-fik-a-shən) *n.* Any point or particular specified تفصیل - صفات کی تخصیص - وہ حالت جو پیٹنٹ کرانے والا اپنی درخواست میں درج کرتا ہے - امتیازی صفت -

Specify (spes-i-fī) *v.t.* Mention particularly تشریح کرنا - مخصوص کرنا - خصوصیت سے ذکر کرنا - مقرر کرنا - تفصیلات میں شامل کرنا -

Specifiable *adj.* قابل تخصیص - قابل ذکر -

Specimen (spes-i-men) *n.* An objected served as a sample نمونہ - مثال - (بول چال) طرفہ معجون - عجیب شے -

Speciology (spesh-io-lo-ji) *n.* Science of species علم الانواع -

Specious (spe-shəs) *adj.* Beautiful, showy نمائشی - خوشنما - دیکھنے میں اچھا -

Speciousness } *n.* ظاہر میں اچھا ہونا - دیکھنے میں بھلا معلوم ہونا -
Speciosity

Speciously *adv.* ظاہری اچھائی کے ساتھ - بظاہر -

Speck (spek) *n. & v.t.* A small spot دھبہ - داغ - چھینٹ - ذرہ - دھبہ ڈالنا -

Specked *adj.* داغ دار -

Speckless *adj.* بے داغ -

Speck (spek) *n.* Bacon چکنا گوشت - سیل یا وہیل کی چربی -

Speckle (spek-l) *n. & v.t.* A little spot داغ - چھوٹے دھبے - دھبے ڈالنا -

Specs (speks) *n.* Spectacles (بول چال) عینک - چشمہ -

Spectacle (spek-tə-kl) *n.* A sight, a show تماشا ۔ نظارہ ۔ وہ چیز جس پر سب کی نظر پڑے ۔ (جمع) عینک۔ چشمہ ۔

Spectacled (spek-tə-kld) *adj.* Marked by display عینک لگائے ہوئے ۔ عینک کی طرح کے نشان والے ۔ نمایاں نشانات کا ۔

Spectator (spek-ta-tər) *n.* One who looks on ناظر ۔ دیکھنے والا ۔ تماشائی ۔

Spectral (spekt-rəl) *adj.* Relating to spectrum ارواح اور آسیب کے متعلق ۔ ان رنگوں کے متعلق جو اندھیرے میں شعاع پڑنے سے نظر آتے ہیں ۔

Spectre (spek-tər) *n.* An apparition بھوت ۔ پریت ۔ سایہ ۔ روح ۔ وہمی پیکر ۔ لاغری کے معنی میں بعض جانوروں کے ساتھ آتا ہے ۔

Spectroscope (spekt-ros-kop) *n.* An instrument for observing spectra ایسے رنگوں کی پیمائش اور مشاہدہ کا آلہ جو اندھیرے میں شعاع پڑنے سے نظر آئیں ۔

Spectrum (spekt-rəm) *n.* An after image وہ تصویر جو آنکھیں بند کرنے کے بعد بھی نظر آئے ۔

Specular (spek-ū-lər) *adj.* Mirror like آنکھوں کی مدد کرنے والا ۔ آئینہ کی طرح کا ۔ آئینہ ساں ۔

Speculate (spek-ū-lāt) *v.i.* Look into, examine خیال کرنا ۔ سوچنا ۔ منصوبہ بنانا ۔ تحقیق کرنا ۔ نفع کی امید پر روپیہ لگانا ۔ سٹہ کا کاروبار کرنا ۔

Speculative *adj.* فرضی ۔ خیالی ۔ قیاسی ۔

Speculativeness *n.* قیاسی یا خیالی ہونا ۔

Speculator *n.* سٹے باز ۔ منصوبہ باز ۔

Speculation (spek-ū-la-shən) *n.* Contemplation غور و فکر ۔ سوچ بچار ۔ نفع کی امید پر روپیہ لگانا ۔ سٹا ۔ (تاش) پتوں کی خرید و فروخت ۔

Speculum (spek-ū-ləm) *n.* A mirror, a reflector منعکس کرنے والا آلہ ۔ آئینہ ۔ ایک آلہ جس سے جسمانی گڑھوں کو پھیلا کر دیکھا جاتا ہے ۔ پرندوں کے بڑے پروں کا وہ حصہ جس کا رنگ باقی پروں سے مختلف ہوتا ہے ۔

Sped (sped) *v.* Speed دیکھو

Speech (spēch) *n.* That which is spoken گویائی ۔ گفتار ۔ نطق ۔ بیان ۔ زبان ۔ بولی ۔ بات ۔ سخن ۔ تقریر ۔ باجوں کی آواز ۔

Speech reading بہرے اور گونگے لوگوں کا لبوں کی حرکت سے بات سمجھ لینا ۔

Speechify (spēch-i-fī) *v.t.* Make speeches تقریر بازی کرنا ۔

Speechification *n.* تقریر بازی ۔

Speechifier *n.* تقریریا ۔ تقریر باز ۔

Speechless *adj.* بے زبان ۔ گونگا ۔

Speechlessness *n.* بے زبانی ۔

Speed (spēd) *n.,v.t.* & *i.* Quickness, velocity جلدی ۔ تیزی ۔ پھرتی ۔ مستعدی ۔ چالاکی ۔ رفتار ۔ مقدار ۔ ترقی ۔ اضافہ ۔ جلد چلا جانا ۔ جلد رخصت کر دینا ۔ کامیاب ہونا یا کرنا ۔ پروان چڑھانا ۔ مقررہ رفتار سے چلانا ۔ خطرناک رفتار سے چلانا ۔

Speeder *n.* رفتار کو ٹھیک رکھنے یا تیز کرنے کا آلہ ۔ خطرناک طور پر چلانے والا ۔

Speedometer *n.* رفتار پیما آلہ ۔

Speedily (spēd-i-li) *adv.* With speed تیزی سے ۔ فوراً ۔

Speediness *n.* تیزی ۔ جلدی ۔ تیزی ۔

Spelaean (spi-lē-ən) *adj.* Dwelling in caves غار نشین ۔ غار میں رہنے والا ۔

Spell (spel) *n.* A magic formula, a magic influence منتر ۔ ٹونہ ۔ سحر ۔ جادو ۔ کشش ۔ فریفتگی ۔ جواب ۔

Spell-baker کوئی مشکل کام کرنا ۔

Spell-binder وہ مقرر جو سامعین کو مبہوت کر دے ۔ سحر آفریں مقرر ۔

Spellbound نظر بند ۔ مبہوت ۔ مسحور ۔

Spell (spel) *v.i.* Read letter by letter ہجے کرنا ۔ ہجے کرکے پڑھنا ۔ حرفوں سے لفظ بنانا ۔ دلالت کرنا ۔ متنبہ ہونا ۔

Spell (spel) *n.* & *v.t.* A shift, a turn at work ایک باری ۔ ایک باری کا کام ۔ کام کی باری ۔ وقفہ ۔ تھوڑی سی دیر ۔ ہاتھ بٹانا ۔ دوسرے کی جگہ کام کرنا ۔ باری سے کام کرنا ۔

Spelling (spel-ing) *n.* Letters in a word ہجے ۔ الفاظ کے حروف ۔ ہجے کرنے کا مقابلہ ۔

Spelt (spelt) *n.* An inferior species of wheat ایک معمولی قسم کا گیہوں ۔

Spence (spens) *n.* A larder, a pantry بھنڈار ۔ نعمت خانہ ۔ مودی خانہ ۔

Spencer (spens-ər) *n.* A woman's undergarment, a short coat صدری ۔ خفتان ۔ تنوحی ۔ مرزائی ۔ نیم آستین ۔ کرتی ۔

Spencerism (spens-ər-izm) *n.* Herbert Spencer's theory of mechanical universe ہربرٹ اسپنسر کا نظریہ ارتقا جس کی میکانی عمل حیات سے تشریح کی گئی ہے ۔

Spend (spend) *v.t.* & *i.* Give, pay out خرچ کرنا ۔ صرف کرنا ۔ گزارنا ۔ ختم کرنا ۔ زور کم کرنا یا ہونا ۔ طوفان کی وجہ سے مستول کا ٹوٹ جانا ۔ بالکل ختم ہو جانا ۔

Spendthrift *n.* مصرف ۔ بے دردی سے خرچ کرنے والا ۔ فضول خرچ ۔

Spendable *adj.* خرچ کرنے کے قابل ۔

Spender *n.* خرچ کرنے والا ۔

Spent (spent) *v.* Spend دیکھو

Sperm (sperm) *n.* Seed or semen نطفہ ۔ منی ۔ تخم ۔ مادہ حیات ۔ نرکا مادہ تولید ۔ ایک سفید مادہ جو وھیل مچھلی سے نکلتا ہے ۔

Spermaceti (sperm-ə-seti) *n.* White substance contained in the head of sperm whale سفید روغنی مادہ جو وھیل کے سر سے نکلتا ہے اور بتی اور مرہم بنانے کے کام آتا ہے ۔

Spermary (sperm-ə-ri) *n.* The male germ gland غدود منی ۔ نر کا ایک غدود جس میں تولیدی مادہ ہوتا ہے ۔

Spermatic (sperm-ə-tik) *adj.* About germ cells مادہ تولید کے متعلق ۔ منی یا نطفہ کے بابت ۔

Spermatorrhoea (sperm-ə-to-riā) *n.* Flow of generative matter جریان منی ۔

Spermatism (sperm-ə-tizm) *n.* Theory that sperm contains all future generations in germ یہ نظریہ کہ آئندہ نسلوں کے جراثیم مادہ منویہ میں پائے جاتے ہیں ۔

Spermism *n.* Study of sperm یہ عقیدہ کہ نر کی منی میں کامل مادہ حیات موجود ہے ۔

Spermatist نظریہ مادہ حیات کا قائل ۔

Spew-spue (spū) *v.t.* & *i.* Vomit قے کرنا ۔ اگلنا ۔ خارج کرنا ۔ بندوق مسلسل چلانے سے نالی کے اگلے حصہ کا گھس جانا ۔

Sphacelate (sfas-ə-lāt) *v.t.* & *i.* Affect or be affected with gangrene جسم کے گوشت کا گلنا ۔ سڑنا ۔ مردہ ہو جانا ۔

Sphacelus *n.* گوشت کی بوسیدگی ۔ گوشت کا سڑنا ۔

Sphenoid (sfen-ə-id) *adj.* & *n.* Wedge-shaped میخ کی شکل کی ۔ میخ کی شکل کی سر کی ہڈی ۔

Sphere (sfēr) *v.t.* & *n.* A solid figure bounded by a surface of which all points are equidistant from a centre کرہ ۔ گیند ۔ گولا ۔ مدور ۔ جرم سماوی ۔ زمین کا کرہ ۔ حلقہ اثر ۔ حلقہ اقتدار ۔ گرد و پیش کے حالات ۔ رتبہ ۔ درجہ منزلت ۔ کرہ سے محیط کرنا ۔ آسمان پر چڑھانا ۔ فوقیت دینا ۔ خاص رتبہ دینا ۔

Spheric (sfēr-ik) *adj.* & *n.* Of sphere بیضوی ۔ فلکی ۔ کروی ۔

Spherical (sfēr-ik-əl) *adj.* Of the shape of a sphere کروی شکل کا ۔ مدور ۔

Sphericity *n.* State of being spherical مدور ہونا ۔ کرویت ۔

Spherograph (sfēr-ō-graf) *n.* Stereographic projection of earth on disc کرہ نگار ۔ ایسا نقشہ جس پر کرہ کے عرض البلد اور طول البلد کے زاویے دکھائے گئے ہوں ۔

Spheroid (sfe-ro-id) *n.* A body nearly spherical تقریباً کروی شکل ۔ کرہ نما ۔ گول شکل ۔

Spherometer (sfe-ro-meter) *n.* An apparatus for measuring a sphere کرہ پیما ۔ کرہ کی پیمائش کا آلہ ۔

Spherule (sfe-rōōl) *n.* A small sphere چھوٹا کرہ ۔

Spherulite (sfe-rōōl-īt) *n.* Vitreous globules as constituent of some rocks ایک مادہ جو بعض چٹانوں میں چھوٹی گولیوں کی شکل میں ملتا ہے ۔

Sphinx (sfingks) *n.* A monster of Greek mythology شہر تھیبس کی ایک دیوی جس کا سر عورت کا اور بدن شیر کا تھا ۔ قدیم مصر کا ایک بت جس کا سر آدمی کا اور بدن شیر کا تھا ۔ ایسا شخص جس کی حقیقت سمجھ میں نہ آئے ۔ ایک پر دار کیڑا ۔ لنگور کی ایک قسم ۔

Sphygmus (sfig-məs) *n.* The pulse ۔ نبض کی حرکت ۔ نبض ۔

Spica (spīkä) *n.* A spiral bandage of hair suggesting an ear of barley بالوں کا جوڑا باندھنے کی ایک طرز جو گیہوں کی بالی کی طرح کی ہوتی ہے ۔

Spice (spīs) *n.* & *v.t.* An aromatic and pungent vegetable substance used as condiment مسالہ ۔ گرم مسالہ ۔ چاشنی ۔ چٹخارہ ۔ مسالہ دار بنانا ۔ چٹ پٹا بنانا ۔

Spicery *n.* وہ جگہ جو مسالے رکھنے کے لیے ہو ۔ مسالہ خانہ ۔

Spick (spik) *adj.* & *n.* A nail, a spike, smart, new نیا ۔ کورا ۔ تازہ ۔ کیلا ۔ میخ ۔

Spick and span بالکل نیا اور کورا ۔

Spicule (spīk-o͞o-l) *n.* A small sharp-pointed body چھوٹی کیل ۔ سوئی ۔ سلائی ۔ ایک مادہ جو اسفنج کے خول میں ہوتا ہے ۔

Spicy (spīs-i) *adj.* Flavoured with spice ۔ مسالہ دار ۔ چٹ پٹا ۔ خوشبودار ۔

Spiciness *n.* چٹ پٹا پن ۔ تیزی ۔

Spider (spī-dər) *n.* Eight-legged animal of the order of Araneida مکڑی ۔ عنکبوت ۔ دو پہیہ گاڑی جس کے پہیے بڑے بڑے اور ہلکے ہوں ۔

Spidery (spī-dər-i) *adj.* Like spider مکڑی کی طرح چالاک ۔ مکڑی جیسا ۔

Spiel (spēl) *n.* & *v.t.* Speech, story ۔ (بول چال) قصہ کہانی ۔ جلسہ عام میں تقریر کرنا ۔

Spiflicate (spif-li-kāt) *v.t.* Handle roughly (بول چال) مارنا پیٹنا ۔ کچلنا ۔ پامال کرنا ۔ تباہ کرنا ۔

Spigot (spig-ət) *n.* A vent peg ڈاٹ ۔ منہ بند کرنے کا ڈھکن ۔ نل کا سرا جو دوسرے نل کے دہانے میں بیٹھ جائے ۔

Spike (spīk) *n.* & *v.t.* A hard thin pointed object کیل ۔ میخ ۔ پھولوں کا گچھا جو ایک ہی ڈنٹھل پر ہو ۔ (بول چال) مذہبی رسوم کی پابندی ۔ میخیں لگا کر مضبوط کرنا ۔ کیل سے توپ کا منہ بند کرنا ۔

Spikelet *n.* کیل ۔ چھوٹی میخ ۔

Spiky *adj.* میخوں جڑا ۔ سخت مذہبی ۔ نوک دار ۔

Spile (spīl) *n.* A plug, a pile for a foundation لکڑی کا کھونٹا ۔ شہتیر جو عمارت کی بنیاد میں سہارے کے لیے گاڑ دیا جائے ۔ پیپے کی ڈاٹ ۔

Spiling (spīl-ing) *n.* A pile شہتیر ۔ ستون ۔ جہاز کے ڈھانچے میں کناروں کے خمیدہ تختے ۔

Spill (spil) *v.t.* & *i.* Shed, waste, allow to run out of a vessel گرنا ۔ بہنا ۔ ٹپکنا ۔ گرانا ۔ پھینکنا ۔ پچھاڑنا ۔ فاش کرنا ۔ ظاہر کرنا ۔ بھانڈا پھوڑنا ۔

Spill (spil) *n.* A thin strip of wood or paper چراغ جلانے کی بتی ۔ کاغذ کی بتی ۔ پتلی لکڑی ۔

Spiller (spil-ər) *n.* A light boat to help the larger fishing boat ایک امدادی کشتی جس کے ذریعے بڑی کشتی کی مچھلیوں کو کنارے پر لایا جاتا ہے تاکہ بڑی کشتی کا وزن ہلکا ہو جائے اور اس کو کنارے لایا جا سکے ۔

Spilt (spilt) *v.* دیکھو Spill

Spilth (spil-th) *n.* Excess, surplus فالتو چیز ۔ وہ چیز جو زیادہ ہونے کی وجہ سے برتن سے باہر آ جائے ، گر جائے یا ابل جائے ۔

Spin (spin) *v.t.* & *i.* Twist کاتنا ۔ بٹنا ۔ جال بننا ۔ برتن بنانا ۔ مضمون لکھنا ۔ طوالت دینا ۔ یکایک مڑ جانا یا موڑ دینا ۔ (کرکٹ) گیند کو موڑ دینا ۔ منہ پھیر دینا ۔ گھومنا یا گھمانا ۔ (بول چال) تھکا ماندہ یا خستہ حال ہونا ۔

Spin a yarn جھوٹی کہانی کہنا ۔

Spin (spin) *n.* & *v.i.* A spurt, a rotatory motion گھماؤ ۔ چکر ۔ تیز دوڑ ۔ ہوائی جہاز کا چکر کھاتے ہوئے نیچے آنا ۔ گیند کی موڑ ۔

Spinach (spin-ij) *n.* A plant of goose foot family پالک ۔ پالک کی قسم کی سبزی ۔

Spinal (spin-əl) *adj.* Of the spine ریڑھ کی ہڈی کے متعلق ۔

Spindle (spin-dl) *n.* & *v.i.* The pin by which thread is twisted تکلہ ۔ تکلی ۔ نلی جس پر جلاہے سوت لپیٹتے ہیں ۔ دھرا ۔ محور ۔ سوت کا لمبا پتلا ہونا ۔ تکلے کی شکل کا ہونا ۔ سوت بٹا جانا ۔

Spindle shanks لمبی ٹانگوں والا آدمی ۔

Spindle-shaped تکلے کی شکل کا ۔

Spindly *adj.* دبلا پتلا ۔ کمزور ۔

Spindrift (spin-drift) *n.* Spray blown from waves ہلکی جھاگ جو سمندری لہروں سے اڑتی رہتی ہے ۔ لہروں کی پھوار ۔

Spine (spīn) *n.* The back bone ۔ ریڑھ کی ہڈی ۔ کانٹا سول ۔ خار ۔ ابھار ۔ ابھرا ہوا حصہ ۔ کتاب کی جلد کا پچھلا حصہ جس پر نام لکھ دیتے ہیں ۔ جلد کی پشت ۔

Spinose *adj.* کٹیلا ۔ خاردار ۔

Spinous *adj.* کٹھن ۔ ماہی پشت ۔ ریڑھ کی طرح کا ۔

Spinosity (spīn-ə-sitl) *n.* Thorniness ۔ بےکار نظریہ نامعقول بات ۔ کٹیلا پن ۔ خار دار ہونا ۔

Spinel (spi-nel) *n.* Mineral of various colours مختلف رنگوں کی معدنیات ۔

Spineless (spīn-les) *adj.* Without spine ۔ کمزور غیر مستقل مزاج ۔ بے ریڑھ کا ۔

Spinet (spin-et) *n.* A musical instrument ۔ ایک باجا

Spink (sping) *n.* A finch ایک قسم کی چڑیا ۔

Spinnaker (spink-ə-kər) *n.* A triangular sail مثلث بادبان جو دوڑ کی کشتیوں میں لگایا جاتا ہے ۔

Spinner (spin-ər) *n.* One who or which spins سوت کاتنے والا ۔ کاتنے کی مشین ۔ چرخہ ۔ (کرکٹ) گیند موڑنے والا ۔ مکڑی کا جالا بننے کا عضو ۔

Spinny (spin-i) *n.* Small clump of trees ۔ کوپ جھاڑیوں کا جھنڈ ۔

Spinning (spin-ing) *n.* Act of spinning ۔ سوت کاتنا

Spinning jenny سوت کاتنے کی کل ۔

Spinning mill تاگہ بنانے کا کارخانہ ۔

Spinning wheel چرخہ ۔

Spinster (spin-stər) *n.* An unmarried woman بڑی عمر کی غیر شادی شدہ عورت ۔

Spiny (spin-i) *adj.* Thorny ۔ الجھن میں ڈالنے والا مشکل ۔ سخت ۔ خار دار ۔

Spiracle (spīr-ə-kl) *n.* A breathing hole سانس لینے کا سوراخ ۔ نتھنا ۔

Spiral (spīr-l) *v.t.* & *adj.* Winding پیچ دار ۔ چکر دار ۔ گھومتا ہوا ۔ کمانی دار ۔ چکر دار بنانا ۔ چکر لگا کر بڑھنا ۔

Spirant (spīr-ənt) *adj.* & *n.* Open, produced by narrowing air passage حرف جو سانس خارج کرنے سے ادا کیا جائے جیسے F.V.

Spire (spīr) *n.* & *adj.* A stalk, tapering ۔ گاؤ دم مخروطی شکل کی چیز ۔ مینار ۔ لاٹ ۔ مینار کی چوٹی ۔ کلس ۔

Spire (spīr) *n.*, *v.i.* & *t.* A spiral کمانی ۔ کسی چکر دار چیز کا پیچ ۔ پیچ دار بنانا ۔ چکر دار بنانا ۔

Spiry *adj.* چکر دار ۔ پیچ دار ۔

Spirit (spir-it) *n.* Vital principle, the soul دم ۔ سانس ۔ نفس ۔ روح ۔ جان ۔ زندگی ۔ حیات ۔ قوت ۔ شخص ۔ فرد ۔ جوہر روحانی ۔ روح مجرد ۔ غیر مادی شخصیت ۔ جن ۔ پری ۔ سایہ ۔ بھوت ۔ پریت ۔ ہمت ۔ حوصلہ ۔ دل گردہ ۔ سرگرمی ۔ جرأت ۔ انداز ۔ خیال ۔ جذبہ ۔ اصل منشا ۔ اصل مفہوم ۔ مغز ۔ رجحان ۔ خصوصیت ۔ زندہ دلی ۔ نشاط ۔ انبساط ۔ تیز شراب ۔

Spirit (spir-it) *v.t.* Kidnap, convey secretly, give spirit to اڑا لے جانا ۔ خفیہ طور پر کھسکا دینا ۔ ہمت باندھنا ۔ تسلی دینا ۔ خوش کرنا ۔

Spirited (spir-itd) *adj.* Full of life or fire ۔ پرجوش چست و چالاک ۔ چاق و چوبند ۔ طبیعت کا خاص رنگ ظاہر کرنے والا ۔ خاص مزاج رکھنے والا ۔

Spiritedness *n.* خوش مزاجی ۔ زندہ دلی ۔

Spiritless (spir-it-les) *adj.* Without courage and cheerfulness ۔ مردہ دل ۔ کم ہمت ۔ کم حوصلہ

Spiritoso (spir-it-o-so) *adv.* With spirit ۔ جوش سے ولولے سے ۔

Spiritual (spir-i-tu-əl) *adj.* & *n.* Relating to spirit مقدس ۔ غیر جسمانی ۔ روحانی ۔ ربانی ۔ الہامی ۔ دینی ۔ اچھی عادات والا ۔ امریکی حبشیوں کا مذہبی گیت ۔

Spiritually *adj.* روحانی طور پر ۔

Spiritualness *n.* روحانیت ۔

Spiritualism (spir-i-tu-əl-izm) *n.* The doctrine that nothing is real except the spirit یہ عقیدہ کہ اصل وجود صرف روح کا ہے ۔ یہ عقیدہ کہ موت کے بعد بھی روح زندہ انسانوں سے ملتی اور بات چیت کرتی ہے ۔

Spiritualist *n.* روحانیت کا قائل ۔

Spirituality (spir-i-tu-əli-ti) *n.* State of being spiritual روحانی وجود ۔

Spiritualize (spir-i-tu-ə-līz) *v.t.* Free from sensuality, imbue with spirituality پاکیزہ بنانا ۔ نفسانیت دور کرنا ۔ منزہ کرنا ۔ دنیاوی کدورت سے پاک کرنا ۔ جان ڈالنا ۔ روحانیت پر عقیدہ جمانا ۔

Spiritualization *n.* روحانیت پر یقین دلانا ۔ روحانیت پیدا کرنا ۔

Spirituel (spir-i-tu-əl) *adj.* (chiefly of women) Marked by refinement and grace (خاص عورتوں کے لیے) نفیس مزاج ۔ طرح دار ۔ ذکی ۔ فہیم ۔

Spirituous (spir-i-tuəs) *adj.* Containing much alcohol مقطر ۔ خالص ۔ تیز شراب جس میں الکحل بہت زیادہ ہو ۔

Spirituousness *n.* گرمی ۔ تیزی ۔ تندی ۔

Spirt-spurt (spərt) *v.i.* Gush out forcibly زور سے بہہ نکلنا ۔ پھوٹ پڑنا ۔ دھار باندھ کر نکلنا ۔ فوارے کی طرح نکلنا ۔

Spit (spit) *n. & v.t.* A broach for roasting meat سیخ ۔ سلاخ ۔ سیخ پر قیمہ چڑھانا ۔ کباب لگانا ۔ چھیدنا ۔ بھونکنا ۔ برمانا ۔

Spit (spit) *v.i., t. & n.* Throw out from the mouth تھوکنا ۔ اگلنا ۔ پھینک دینا ۔ بلی کا خرخرانا ۔ پھوار پڑنا ۔ ترشح ہونا ۔ خرخر کی آواز ۔ پھنکار ۔ بعض کیڑوں کے انڈے ۔ تھوک ۔

Spit box *n.* اگالدان ۔

Spit fire *n.* ایک قسم کا ہوائی جہاز ۔ بھسبھسی بارود ۔ تیز مزاج ۔ غصیلا ۔

Spit poison *n.* زہر اگلنے والا ۔ ہجو گو شاعر ۔

Spitter *n.* غصہ میں منہ سے رال بہانے والا ۔ کھنکھارنے والا ۔ تھوکنے والا ۔

Spit (spit) *n.* A spade's depth پھاوڑے بھر مٹی ۔ پھاوڑے بھر گہرائی ۔

Spitchcock (spich-kok) *n. & v.t.* An eel split and broiled بام مچھلی کا کباب ۔ سیخ پر بام مچھلی کا کباب لگانا ۔

Spitcher (spich-ər) *v.t.* Sink enemy ship (بحری) دشمن کی کشتی یا جہاز ڈبونا ۔

Spite (spīt) *v.t. & n.* Lasting ill will لاگ ۔ حسد ۔ عداوت ۔ کینہ ۔ بغض ۔ نیچا دکھانا ۔ مخالفت کرنا ۔ نقصان پہنچانا ۔

In spite of ہر چند ۔ اس کے باوجود ۔

Spiteful *adj.* حاسد ۔ بد باطن ۔ کینہ پرور ۔

Spitefulness *n.* حسد ۔ عداوت ۔ کینہ پروری ۔ بغض ۔

Spittle (spit-l) *n.* Saliva تھوک ۔ لعاب دہن ۔ رال ۔

Spittoon (spit-ōōn) *n.* Spitting vessel پیک دان ۔ اگالدان ۔

Splanchnic (splangk-nik) *adj.* Intestinal آنتوں کے متعلق ۔ آنتوں کا ۔

Splash (splash) *n., v.t. & i.* Spatter, print prominently پانی یا کیچڑ کے چھینٹے اڑانا ۔ چھڑکنا ۔ لت پت کرنا ۔ دھبے ڈالنا ۔ کسی بات کو نمایاں طور پر اخبار میں شائع کرنا ۔ داغ ۔ دھبہ ۔ غازہ ۔ پاوڈر ۔ (بول چال) وسکی میں سوڈا واٹر ملانا ۔

Make a splash دھوم مچانا ۔ مشہور کرنا ۔

Splashly *adj.* لت پت ۔ گیلا ۔ کیچڑ بھرا ۔

Splasher (splash-ər) *n.* A guard against splashing گاڑی کے پہیوں کو کیچڑ سے بچانے کا پردہ ۔ کیچ روک ۔ مڈ گارڈ ۔

Splatter (splat-ər) *v.t. & i.* Spatter, splash چھینٹے اڑانا یا اڑنا ۔ چھپ چھپ کرنا ۔ اس طرح بولنا کہ سمجھ میں نہ آئے ۔

Splay (spla) *v.t., i., n. & adj.* Slope, slant, spread out ڈھال نکالنا ۔ ٹیڑھا کرنا ۔ پھیلانا ۔ گھوڑے کا شانہ اترنا ۔ ہڈی الگ ہونا ۔ کشادہ ۔ چپٹا ۔ باہر کو نکلا ہوا ۔

Spleen (splēn) *n.* Pulpy blood modifying organ تلی ۔ طحال ۔ غصہ ۔ غضب ۔ بد مزاجی ۔ چڑچڑا پن ۔

Spleenful *adj.* تنک مزاج ۔ زود رنج ۔ تند خو ۔

Spleenish *adj.* بد مزاج ۔ چڑچڑا ۔

Spleeny *adj.* نک چڑھا ۔ زود رنج ۔

Spleenless *adj.* - جس کو غصہ نہ آئے - اچھے مزاج کا

Splendent (splen-dənt) *adj.* Brightly shining منور - روشن - تابان - چمکتا ہوا -

Splendid (splen-did) *adj.* Brilliant, excellent شان دار - عالی شان - پر تکلف - قابل تعریف - (بول چال) نہایت عمدہ - بہت اچھا -

Splendidly *adv.* - چمک دمک سے - ٹھاٹھ باٹھ سے - آب و تاب سے -

Splendiferous (splen-di-fe-rəs) *adj.* Magnificent (بول چال) نہایت اعلیٰ - شان دار - بہت خوب -

Splendour (splen-dər) *n.* Brilliance - طمطراق - جلوہ - چمک دمک - درخشانی -

Splenetic (splin-e-tik) *adj.* Affected with spleen زود رنج - چڑچڑا - بد مزاج -

Splenial (sple-ni-əl) *adj.* Splint like کھپچی کا کام دینے والا - کھپچی کی شکل کا -

Splenic (splen-ik) *adj.* Pertaining to spleen تلی کا - طحال کا -

Splenoid *adj.* - طحال کی طرح کا - طحال کی شکل کا -

Splenius (sple-ni-əs) *n.* A large thick muscle on the back of the neck گردن کی پشت کا پٹھا جو گردن کو پیچھے کی طرف ہٹانے میں کام دیتا ہے -

Splice (splis) *v.t.* & *n.* Join together by overlapping جوڑنا - سانٹنا - لڑیوں کو آپس میں بل دے کر گوندھنا - عقد کر دینا - دو رسیوں کے سروں کا جوڑ -

Spline (splin) *n.* A key to make shaft and wheel revolve together ایک چورس پٹی جو دھرے اور پہیے میں دی جاتی ہے تاکہ دونوں ایک ساتھ گھومیں - ایسی پٹی لگانا -

Splint (splint) *n.* A strip, slip of wood لکڑی کی کھپچی - چوڑی پٹی - گھوڑے کے اگلے پاؤں کی دو ہڈیوں میں سے ایک - پنڈلی کے باہر کی طرف کی ہڈی - کھپچی باندھنا - ٹوٹی ہوئی ہڈی کو کھپچیوں سے بٹھانا -

Splinter (splint-er) *n., v.i.* & *t.* A piece of wood لکڑی کی کھپچی - لکڑی کی چپٹی - پرخچے اڑانا - پاش پاش کرنا - لکڑی چیر کر چپٹیاں بنانا - لکڑی کی چھوٹی تختی -

Splintery *adj.* - چپٹی بن جانے والا - چپٹی کی طرح کا -

Split (split) *v.t.* Break in pieces - چیرنا - پھاڑنا - ٹکڑے ٹکڑے کرنا - جدا کرنا - نفاق ڈالنا - اختلاف یا پھوٹ پیدا کرنا - فریقوں میں بٹ جانا -

Split on a rock - نا گہانی آفت آنا - تباہ ہونا -

Split hairs - بال کی کھال اتارنا - ہندی کی چندی کرنا -

Hair splitting - ہندی کی چندی - بال کی کھال - موشگافی -

Split one's sides - ہنستے ہنستے پیٹ میں بل پڑ جانا -

Head is splitting - درد سے سر پھٹا جاتا ہے -

A splitting headache - شدید درد سر -

Splitter *n.* - پھاڑنے والا - چیرنے والا -

Split (split) *n.* A crack, rent, break - شگاف - درز - نفاق - نااتفاقی - تفرقہ - پھوٹ - بید کی چری ہوئی چھڑیاں - (تاش) جو برابر کے پتے نکلنا - شراب کا آدھا گلاس - بازی گر کا ایک کھیل جو ٹانگیں پھیلا کر کھیلا جاتا ہے -

Splosh (splosh) *n.* A quantity of water suddenly dropped (بول چال) پانی کا چھپکا جو دفعتاً گرایا جائے - روپیہ پیسہ -

Splotch (sploch) *n.* A big stain - بڑا دھبہ - بڑا داغ -

Splurge (splurj) *n.* & *v.t.* Any boisterous display دھوم دھام - غل غپاڑہ - دھوم دھام سے کوئی کام کرنا -

Splutter (splut-ər) *v.t.* Eject drops, scatter ink, talk confusedly - جلد جلد اور بے ربط طور پر بولنا - بڑبڑانا - روشنائی چھڑکنا - گھبراہٹ میں کچھ کہنا -

Spode (spōd) *n.* A fine pottery (بنانے والے کے نام کے ساتھ) چینی کے نفیس برتن -

Spoffish (spof-ish) *adj.* Fussy, officious (بول چال) باتونی - بڑھ بڑھ کر باتیں کرنے والا -

Spoil (spoil) *n.* Plunder, booty لوٹ مار - مال غنیمت - کسی منصب کی وجہ سے زائد آمدنی - منافع - فتوحات - مٹی وغیرہ جو کھدائی سے برآمد ہو -

Spoil system (امریکہ) کامیاب جماعت کے حامیوں کو سرکاری منصب عطا کرنا -

Spoil (spoil) *v.t.* & *i.* Take by force, plunder لوٹنا ۔ تاخت و تاراج کرنا ۔ چھین لینا ۔ خراب کرنا ۔ بگاڑنا ۔ بے لطف کر دینا ۔ لاڈ پیار سے بچوں کی عادت بگاڑ دینا ۔ (بول چال) بیکار کر دینا ۔ سڑ جانا ۔ خراب ہو جانا ۔ بد مزہ ہو جانا ۔

Spoil one's beauty چہرہ بگاڑ دینا ۔

Spoil sport بے لطفی پیدا کرنے والا ۔ کھیل بگاڑنے والا شخص ۔

Spoiler *n.* تباہ کرنے والا ۔ لوٹنے والا ۔ ڈاکو ۔ لٹیرا ۔

Spoilage (spoil-ag) *n.* Paper spoiled in printing کاغذ جو چھپائی میں خراب ہو جاتے ہیں ۔

Spoke (spōk) *n.* & *v.t.* One of the radiating bars of a wheel پہیے کے ڈنڈے جو چکر کھاتے ہیں ۔ سیڑھی کا ڈنڈا ۔ آڑ یا روک ۔ کسی کے کاموں میں روڑے اٹکانا ۔ پہیے میں ارا لگانا ۔

Spoke bone *n.* ہاتھ کی ہڈی جو کہنی سے کلائی تک جاتی ہے ۔

Spokesman (spōks-mən) *n.* One who speaks for others وہ شخص جو دوسروں کی طرف سے بولے ۔

Spoliation (spoil-ə-shən) *n.* Damage, destruction غارت گری ۔ لوٹ کھسوٹ ۔ لوٹ مار ۔ استحصال بالجبر ۔ پادری کا حق کے بہانے رقم معاش وصول کرنا ۔ (قانون) اتلاف یا تحریف دستاویز ۔

Spoilater *n.* تباہی پھیلانے والا ۔ ڈاکو ۔ غارت گر ۔

Spoilatory *adj.* قزاقانہ ۔ غارت گرانہ ۔

Spondee (spon-dē) *n.* A foot of two long syllables دو طویل رکنوں کی بحر ۔

Spondulicks (spon-dōō-liks) *n.* Money (امریکی بول چال) روپیہ ۔ سیم و زر ۔

Spond(y) (spond) *n.* Vertebra ریڑھ کی ہڈی کا منکا ۔ مہرہ ۔

Sponge (spunj) *n.* Sessile aquatic animals of a single cavity اسفنج ۔ اسفنج کا خول ۔ کوئی جاذب شے ۔ خمیر ملا ہوا آٹا ۔ طفیلی ۔ مفت خور ۔

Throw up the sponge ہار مان لینا ۔

Spongologist *n.* اسفنجیات کا ماہر ۔

Spongiform *adj.* اسفنج کی طرح کا ۔

Sponge (spunj) *v.t.*, *i.* & *n.* Wipe, soak, remove صاف کرنا ۔ دھونا ۔ اسفنج سے رگڑنا ۔ مٹا دینا ۔ محو کر دینا ۔ چھیل ڈالنا ۔ اسفنج سے جذب کرنا ۔ خوشامد یا چاپلوسی سے کام لینا ۔ مفت خوری کرنا ۔ طفیلی بننا ۔ اسفنج سے رگڑ کر غسل دینا ۔

Sponger *n.* مفت کی روٹیاں توڑنے والا ۔

Sponging (spunj-ing) *n.* Cleaning with sponge اسفنج سے صاف کرنا ۔ اسفنج سے جذب کرنا ۔ اسفنج نکالنا ۔ مفت خوری ۔

Sponging house بیلف کا کمرہ جہاں مقروض لوگوں کو رکھا جاتا ہے ۔

Spongy (spunj-i) *adj.* Like a sponge اسفنجی ساخت کا ۔ خانہ دار ۔ مسامات والا ۔

Sponsion (spon-shən) *n.* The act of becoming surety for another ضمانت ۔ کفالت ۔ قول و قرار ۔ ایسا معاہدہ جو مختار ریاست کرنے کا مجاز نہ ہو ۔

Sponson (spon-sn) *n.* Outward expansion from ship's deck ایک قسم کا چھجا جو جنگی جہازوں پر توپوں کے لیے بنایا جاتا ہے ۔

Sponsor (spons-ər) *n.* A god-father or god-mother دینی ماں باپ ۔ جو کسی بچہ کی کفالت کریں ۔ ضامن ۔ نشریات میں اشتہار دینے کی اجرت ۔

Sponsorial *adj.* ضامن یا کفیل کے متعلق ۔ ضمانتی ۔

Sponsorship *n.* کفالت ۔ ضمانت ۔

Spontaneous (spon-tā-nyəs) *adj.* Of one's free will خود بخود ۔ بلا تحریک بے ارادی بے اختیاری ۔ بلا جبر و اکراہ ۔ طبعی ۔ فطرتی ۔ ذاتی ۔ بلا ارادہ ۔ خود رو (پودے) ۔

Spontaneous suggestion اپنا ذاتی تقاضا ۔ اپنے دل کا تقاضا ۔ خود بخود سوجھ جانا ۔

Spontaneity } خود بخود پیدا ہونے کی حالت ۔
Spontaneousness } خود بخود ہونا ۔ طبعاً ہونا ۔

Spontaneously *adv.* خود بخود ۔ طبعی طور پر ۔

Spontoon (spon-tōōn) *n.* A small-headed halberd چھوٹا بھالا ۔ نیزہ ۔ برچھی ۔

Spoof (spōōf) *v.t.* & *n.* A hoaxing game ایک مزاحیہ کھیل ۔ چکمہ دینا ۔ الو بنانا ۔ دم ۔ دھوکہ ۔ فریب ۔

Spoofer *n.* دھوکہ دے کر روپیہ اینٹھنے والا ۔

Spook (spook) *n.* Ghost بھوت ۔ پریت ۔ سایہ ۔ جن ۔
  Spookish } *adj.* آسیب زدہ ۔ جہاں آسیب ہو ۔
  Spooky بھوت پریت سے متعلق ۔
Spool (spool) *n.* & *v.t.* Cylinder, reel for winding yarn پھرکی ۔ چرخی ۔ بابن ۔ چرخی پر تاگا لپیٹنا ۔ فلم لپیٹنا ۔
Spoon (spoon) *n.*, *v.t.* & *i.* An instrument with a shallow bowl and handle چمچہ ۔ ڈوئی ۔ کفگیر ۔ چمچے یا ڈوئی سے نکالنا ۔ دھات کے چارے سے مچھلی پکڑنا ۔ (کرکٹ) ہلکی ضرب سے گیند کو آہستہ اچھال دینا ۔
  Spoonful *n.* چمچہ بھر ۔
Spoon (spoon) *n.* & *v.t.* A simpleton سادہ لوح ۔ بیوقوف ۔ بھونڈا عاشق ۔ ڈورے ڈالنا ۔ عشق بازی کرنا ۔
  Be spoons on کسی کے عشق میں اُلّو بن جانا ۔
Spoonerism (spoo-nər-izm) *n.* A transposition of letters حروف یا آوازوں کا ادل بدل مثلاً shoving کو جلدی میں loving shepherd leopard کہہ دینا ۔
Spoony (spoon-i) *adj.* & *n.* Silly, foolishly fond بیوقوف ۔ سادہ لوح ۔ دل پھینک ۔ عاشق مزاج ۔
  Spoonily *adv.* عاشق مزاجی سے ۔ سادہ دلی سے ۔
  Spooniness *n.* سادہ دلی ۔ عاشق مزاجی ۔
Spoor (spoor) *v.t.*, *i.* & *n.* Track of a hunted animal شکار کے نشانات ۔ نشانات سے شکار کا کھوج لگانا ۔ شکار کا تعاقب کرنا ۔
  Spoorer *n.* پیروں یا پنجوں کے نشانات سے شکار کا پتا لگانے والا ۔
Sporadic (spor-ad-ik) *adj.* Scattered, occurring casually بیماری جو کبھی کبھی آئے ۔ اکا دکا ۔ یہاں وہاں ہونے والی ۔
  Sporadical *adj.* کبھی کبھی ہونے والی ۔ ہنگامی ۔ موسمی ۔
  Sporadically *adv.* اتفاقاً ۔ خال خال ۔ کبھی کبھی ۔
  Sporadicalness *n.* کبھی کبھی ہونا ۔ کہیں کہیں ہونا ۔ اکا دکا ہونا ۔

Sport (sport) *n.* & *v.t.* Play, make merry کھیل ۔ ہنسی ۔ تماشا ۔ دل لگی ۔ ٹھٹھا ۔ مذاق ۔(بول چال) معقول آدمی ۔ دل بہلانا ۔ دکھاوا کرنا ۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ دکھانا ۔
  Sportsman کھلاڑی ۔ کھیل کا شوقین ۔ معقولیت پسند ۔
  Sportsmanship *n.* منصف مزاجی ۔ معقولیت پسندی ۔
Sporting (sport-ing) *adj.* معقولیت پسند ۔ کھیلوں کا شائق ۔
  Sportingly *adv.* انصاف سے ۔ صاف دلی سے ۔ معقول پسندی سے ۔
Sportive (sport-iv) *adj.* Playful, merry کھیل پر مائل ۔ خوش طبع ۔ خوش مزاج ۔
  Sportiveness *n.* خوش مزاجی ۔ خوش طبعی ۔
Spot (spot) *n.* A blot, a discoloured place, a locality قطعہ آراضی ۔ زمین کا چھوٹا ٹکڑا ۔ دھبّا ۔ داغ ۔ نشان ۔ خال ۔ تل ۔ مچھلی اور کبوتر کی ایک قسم ۔ نشان شناخت ۔(بول چال) ذرا سی چیز ۔ تھوڑی مقدار ۔ بلیر کے میز کا درمیانی نشان ۔
  On the spot فوراً ۔ اسی جگہ ۔
  Spotlight (تھیٹر) روشنی جو کسی خاص اداکار پر ڈالی جائے ۔
  Spotless *adj.* بے داغ ۔
  Spotlessness *n.* پاک صاف ہونا ۔ بے داغ ہونا ۔
  Spotty *adj.* چتلا ۔ دھبوں والا ۔ داغ دار ۔
  Spottiness *n.* چتلا پن ۔ داغ داری ۔
Spot (spot) *v.t.* Mark, detect, locate, identify چتی ڈالنا ۔ داغ یا نشان ڈالنا ۔ نقص نکالنا ۔ پتا لگانا ۔ نشان دہی کرنا ۔ شناخت کر لینا ۔ تاڑ لینا ۔
  Spottedness *n.* چتیوں والا ہونا ۔ داغ دار یا چتلا ہونا ۔
  Spotter *n.* (فوج) ہوا باز جو دشمن کا مقام معلوم کرنے کے لیے بھیجا جائے ۔
Spouse (spowz) *n.* & *v.t.* Wife or husband, marry میاں یا بیوی ۔ شادی کرنا ۔
Spout (spowt) *n.*, *v.t.* & *i.* Throw out in a jet, declaim ٹونٹی ۔ منہ ۔ پرنالہ ۔ پھوٹ کر نکلنا ۔ زور سے بہنا ۔ دھار بن کر بہنا ۔ ہونٹ نکالنا ۔ پرجوش تقریر کرنا ۔ گروی رکھنا ۔ وھیل مچھلی کا سانس لینے کا سوراخ ۔ ہونٹ ۔ تھوتھنی ۔

Spouter *n.* پرجوش نظمیں پڑھنےوالا - ولولہ انگیز مقرر - بے منہ کا - بے ٹونٹی کا -
Spoutless

Sprag (sprag) *n.* A bar inserted to stop a wheel اڑ - گردش روک -

Sprain (spran) *v.t.* & *n.* Over strain the muscles موچ - موچ آنا - مروڑا جانا -

Spraint (sprant) *n.* Otter's dung - اود بلاؤ کا گوبر

Sprang (sprang) *v.t.* Spring دیکھو

Sprat (sprat) *n.* A fish-like herring ہیرنگ کی قسم کی ایک مچھلی -

Throw a sprat to catch a herring } زیادہ فائدے کے لیے تھوڑا سا نقصان برداشت کرنا -

Spratter (sprat-ər) *n.* One who fishes for sprats اسپریٹ مچھلی کا شکاری -

Sprawl (sprawl) *v.t.* & *i.* Lie or crawl with limbs flung about - پاؤں پھیلا کر پیٹ کے بل رینگنا - درخت کا بے قاعدہ طور پر پھیلنا - فوج کا ادھر ادھر پھیلا دینا -

Spray (spra) *v.t.* & *n.* A cloud of flying small drops - پھوار - ہلکی بوندیں - کسی چیز سے پانی مارنا - ہلکا چھڑکاؤ کرنا - پانی چھڑکنا -

Sprayey *adj.* پھوار کی طرح کا - پھوار سا -

Spray (spra) *n.* A shoot or twig پھولوں بھری ٹہنی - ٹہنی - پتلی شاخ -

Sprayey *adj.* پتلی پتلی ٹہنیوں والا - شاخوں بھرا - شاخیلا -

Spread (spred) *v.t.* & *i.* Stretch, scatter abroad پھیلانا - بچھانا - کھولنا - تاننا - ڈھانپنا - نگاہ کے سامنے پھیلا ہوا ہونا - پھیلا دینا - بکھیر دینا - سایہ کر دینا -

Spread eagleism *n.* شیخی خوری - فضول گوئی - لاف زنی -

Spread (spred) *n.* Extent, compass - پھیلاؤ - وسعت - اشاعت - (بول چال) کھانا-(امریکہ) لاگت اور قیمت فروخت کا فرق -

Spree (spre) *v.t.* & *n.* A merry frolic - ہنسی مذاق - رنگ رلیاں - مے نوشی کا دور - شراب نوشی میں مصروف ہونا -

Sprig (sprig) *n.* & *v.t.* A small shoot, a young person ڈالی - ٹہنی - بیل بوٹوں کی آرائش - جوان لڑکا - چھوکرا - بیل بوٹوں سے سجانا -

Sprightly (sprit-li) *adj.* Spirited - بشاش - چلبلا - شوخ - خوش مزاج - زندہ دل -

Sprightliness *n.* - شگفتہ خاطری - شوخی - زندہ دلی -

Spring (spring) *v.i.* & *t.* Move suddenly, break-forth - کودنا - پھاندنا - اُچھلنا - لپکنا - چونک اٹھنا - ظاہر ہونا - وجود میں آنا - جھک جانا - جھکا دینا - تڑک جانا - شکار کو ہانکنا - اچانک کوئی شگوفہ چھوڑنا - سرنگ اڑانا -

Spring (spring) *n.* A leap, elasticity - جست - چھلانگ - موسم بہار - چشمہ - لچک - کمانی - تحریر کی محرک - سر چشمہ - منبع - وہ مقام جہاں سے محراب کا خم شروع ہوتا ہے -

Spring-bed, mattress کمانی دار پلنگ - کمانی دار گدا -

Spring-board چھلانگ مارنے کا تختہ -

Spring-tide - جوار بھاٹا جو ہر مہینے سمندر میں آتا ہے - مدِّ کامل -

Spring-time, spring-tide موسم بہار -

Springlet چھوٹا چشمہ -

Spring-like موسم بہار کی طرح -

Springbok (spring-bok) *n.* South African ante-lope جنوبی افریقہ کا خوبصورت ہرن - جنوبی افریقہ والے - جنوبی افریقہ کی کرکٹ کی ٹیم -

Springe (sprinj) *adj.* & *n.* Active, nimble - پھندا - پھانسی - چست و چالاک -

Springer (spring-ər) *n.* One who indulges in springing چھلانگ مارنے والا - اچھلنے والا - کودنے والا - ڈاٹ - محراب دار چھت - بڑی قسم کا سپنیل کتا - وہیل کی قسم کا ایک بحری جانور -

Springy (spring-i) *adj.* Elastic - لچک کر ابھرنے والا - لچکیلا - لچکدار -

Springless *adj.* بے لچک -

Springiness *n.* لچک -

Sprinkle (spring-kl) *v.t.* & *i.* Scatter in small drops چھڑکنا - چھینٹے اڑانا - زمین جس پر چھڑکاؤ کیا جائے - ہلکی بارش - بوندا باندی -

Sprinkling *n.* تھوڑا سا چھڑکاؤ -

Sprint (sprint) *v.t. & n.* A short run پوری تیزی سے تھوڑی دور دوڑنا - تیز دوڑ -

Sprinter *n.* - چھوٹی دوڑ دوڑنے والا - تیز دوڑنے والا -

Sprit (sprit) *n.* A spar set diagonally to extend fore sail جہاز کے پال کا ایک ڈنڈا - چھوٹی بلی جو بادبان کے بالائی حصّے تک ترچھی ہوتی ہے -

Sprite (sprit) *n.* Spirit, goblin - بھوت - پریت - جن -

Sprout (sprowt) *v.t., i. & n.* A new growth پھوٹنا - شاخیں نکلنا - اگنا - سوئے نکلنا - شاخیں نکالنا - سوا - آنکڑا -

Spruce (sproos) *adj. & v.t.* Smart, neat - صاف ستھرا بنا ٹھنا - بنا سنورا - بناؤ سنگار کرنا - سنوارنا - آراستہ کرنا -

Spruceness *n.* - بناؤ سنگار - آراستگی - صفائی ستھرائی -

Spruce (sproos) *n.* Spruce fir صنوبر - جھاؤ - صنوبر کی ایک قسم -

Spruce fir صنوبر کا درخت -

Sprue (sproo) *n.* A passage by which molten metal runs into mould پگھلی ہوئی دھات کی نالی - دھات کا وہ حصہ جو نالی میں رہ جائے -

Sprue (sproo) *n.* A tropical disease affecting mouth, throat, infantile thrush گرم ملکوں کا ایک مرض جس سے حلق میں سوزش ہوتی ہے - بچوں کا گنج -

Sprung (sprung) *v.* دیکھو Spring

Spry (spri) *adj.* Nimble, agile - چست چالاک - مستعد - پھرتیلا - تیز -

Spud (spud) *n. & v.t.* A small narrow digging tool - کھرپی - چھوٹا بیلچہ - کوئی چھوٹی موٹی چیز - کھرپی دینا - نرانا - گوڑنا-(بول چال) آلو -

Spuddy *adj.* چھوٹی موٹی -

Spume (spum) *n.* Foam, scum - جھاگ - پھین - کف -

Spuminess *n.* پھین آنا - جھاگ دار ہونا -

Spumous *adj.* جھاگ دار -

Spumescent *adj.* جھاگدار - کف لانے والا -

Spumy *adj.* جھاگ دار -

Spunk (spungk) *n.* Spark, spirit, mettle - شعلہ ایک لکڑی جو وراً جل اٹھتی ہے - چڑچڑا پن - جوش - غصہ - دلیری - جرأت - دم خم -

Spunky *adj.* غصیلا - تند مزاج -

Spur (spur) *n., v.t. & i.* A goading instrument on rider's heel مہمیز - کانٹا - آر - مہمیز کی شکل کی کوئی چیز - مرغ کا خار - جوتے کے تلے کی کیلیں - ایڑ لگانا - گھوڑے کو مہمیز کرنا - تیز دوڑانا - مرغ کا خار نکلنا -

On spur of the moment غور کئے بغیر - اسی وقت - فوراً -

Spur a willing horse - بلاوجہ کسی کے پیچھے پڑنا -

Spurge (spurj) *n.* Plants of milky poisonous juice زہریلے رس والے پودے -

Spurious (spur-i-əs) *adj.* Illegitimate - کھوٹا جعلی - مصنوعی - حرامی -

Spuriousness *n.* - مصنوعی ہونا - کھوٹا پن - حرامی پن -

Spurn (spurn) *v.t. & i.* Kick, tread in contempt ٹھو کر مارنا - ٹھکرانا - حقارت سے دیکھنا - برا سلوک کرنا - رد کرنا -

Spurrier (spur-i-ər) *n.* One who makes spurs مہمیز اور آر بنانے والا -

Spurt (spurt) *v.i. & t.* Make a sudden intense effort تھوڑی دور بہت تیز دوڑانا یا دوڑنا - جاں فشانی سے کام کرنا -

Sputter *v.t., i. & n.* Spit, speak indistinctly تھوکنا - تھو تھو کرنا - منہ سے لعاب خارج کرنا - بڑبڑانا - گھبرا کر بات کہنا - چڑچڑ کی آواز -

Sputterer *n.* - جلد جلد اور بے ربط باتیں کہنے والا -

Sputteringly *adv.* - بے ربطی سے - گھبراہٹ سے -

Sputum (spu-təm) *n.* Matter spat out - تھوک رال - بلغم جو تھوکا جائے -

Spy (spi) *n., v.t. & i.* A secret agent employed to watch others جاسوس - راز جو - مخبر - خفیہ پولیس - دریافت کرنا - پتا لگانا - مشتبہ لوگوں کی نگرانی کرنا - کھوج لگانا - بھید لینا - جاسوسی کرنا -

Spy-glass دوربین -

Spy-money مخبر کی اجرت -

Spy out خفیہ طور پر معلوم کرنا ۔

Spy upon a person کسی پر خفیہ نگرانی رکھنا ۔

Spyhole نظر بچا کر دیکھنے کا سوراخ ۔

Squab (skowb) *adv., adj. & n.* Fat, clumsy جسیم موٹا ۔ بے ڈول ۔ گدا ۔ کوتاہ قد موٹا ۔ دھڑ سے گرنا ۔ نو عمر لڑکا ۔ کبوتر کا بچہ جس کے پر نہ پھوٹے ہوں ۔ گدی ۔ گدے دار چوکی ۔

Squabby *adj.* پستہ قد ۔ گداز جسم کا ۔

Squabble (skowb-l *v.t., i. & n.* Dispute in a noisy manner تکرار کرنا ۔ جھگڑنا ۔ جھڑپ ہو جانا ۔ جمائے ہوئے ٹائپ کو کھولنا ۔ جھگڑا ۔ تکرار ۔ کِل کِل ۔ ٹنٹا ۔

Squabbler *n.* تکرار کرنے والا ۔ جھگڑالو ۔

Squad (skowd) *n.* A small group of soldiers سواروں کا دستہ ۔ ٹکڑی ۔ جتھا ۔ چھاپا مار جماعت ۔

Squadron (skowd-rən) *n. & v.t.* A detachment, body, group سواروں کا دستہ ۔ منظم جماعت ۔ جنگی جہازوں یا ہوائی جہازوں کا دستہ ۔ دستوں میں ترتیب دینا ۔

Squall (skwal) *n.* A stick for throwing ایک کھیل جو لکڑی کی گولیوں سے کھیلا جاتا ہے ۔

Squaller (skwal-ər) *n.* A throwing stick بھاری موٹھ کی لکڑی جس سے گلہریاں مارتے ہیں ۔

Squalid (skowl-id) *adj.* Filthy, foul گندہ ۔ میلا ۔ غلیظ ۔ حقیر ۔ ذلیل ۔

Squalidity / **Squalidness** } *n.* غلاظت ۔ گندگی ۔ گھناؤنا پن ۔

Squall (skwal) *v.i., t. & n.* Cry out violently زور سے چلانا ۔ چیخ پکار کرنا ۔ چیخنے چلانے کی آواز ۔ ہوا کا زور کا جھکڑ ۔ بارش کا جھکڑ ۔

Black squall بارش کا طوفان جس میں سیاہ بادل چھائے ہوں ۔

Look out for squalls چوکنا رہنا ۔ خطرے کے لیے ہر وقت تیار رہنا ۔

Squaller *n.* چلانے والا ۔ چیخنے والا ۔

Squally *adj.* جھکڑ کا ۔ طوفانی ۔

Squaloid (skwal-əid) *adj.* Like a gladiator مگرمچھ

Squama (skwa-ma) *n.* A scalelike structure کھپرا ۔ سپنا ۔ کھپرے جیسا ۔

Squamose کھپرے کے مشابہ ۔ سپنے والا ۔ فلس کے مانند ۔

Squamule *n.* چھوٹے سپنے ۔ چھوٹے کھپرے ۔

Squander (skwon-dər) *v.t.* Scatter, disperse برباد کرنا ۔ لٹانا ۔ پھینکنا ۔ فضول خرچی کرنا ۔ اسراف کرنا ۔ اڑا دینا ۔

Squanderer *n.* اڑا دینے والا ۔ فضول خرچ ۔ مسرف ۔

Squander-mania *n.* اسراف کا خبط ۔

Square (skwar) *adj., adv., v.t., i. & n.* An equilateral rectangle, anything of that shape مربع ۔ چوگوشہ ۔ چوکور ۔ چوکھٹا ۔ زاویہ درست کرنے کا آلہ ۔ گنیا ۔ معیار ۔ اصول ۔ مربع نما شکل ۔ مربع کی شکل میں فوج کو کھڑا کرنا ۔ فرش وغیرہ کا پیانہ جو سو مربع فٹ کا ہوتا ہے ۔ درست ۔ ٹھیک ۔ لیس ۔ پورا پورا ۔ منصفانہ ۔ ایماندارانہ ۔ برابر کرنا ۔ بے باق کرنا ۔ چکانا ۔ (بول چال) دینا ۔ پیش کرنا ۔ مکّا تان کر آگے بڑھنا ۔

Square root جذر ۔ وہ عدد جس کا جذر مربع ہوتا ہے ۔

Square-shouldered چوڑا ۔ چکلا ۔

Squarely *adv.* چوکور ۔ بالمقابل ۔ ٹھیک ۔ ایمانداری سے ۔

Squareness *n.* ایمانداری ۔ معاملے کی صفائی ۔ مربع ہونا ۔ چوکور ہونا ۔

Squarish *adj.* مربع سا ۔

On the square ایمانداری سے ۔

Be on the square برابر سرابر ہونا ۔

All square بے باق ۔

Break no square کچھ جھگڑا نہ کرنا ۔

Squash (sk-wosh) *v.t., i. & n.* Crush, press into pulp دبانا ۔ کچلنا ۔ مسلنا ۔ نچوڑنا ۔ لاجواب کر دینا ۔ ہجوم میں گھس کر راستہ نکالنا ۔ کچلی یا نچوڑی ہوئی چیز جیسے عرق ، رس ، شربت وغیرہ ۔ انبوہ ۔ بھیڑ ۔ ہجوم ۔ کسی شے کے گرنے کی آواز ۔ ایک کھیل جو گیند بلّے سے کھیلا جاتا ہے ۔

Squashiness *n.* نچوڑا ہوا ہونا ۔ بھینچا ہوا ہونا ۔

Squashy *adj.* گودے دار ۔ نرم ۔ ملائم ۔ پلپلا ۔

Squash (skwosh) *n.* A kind of gourd ایک قسم کا

Squat (skwot) *v.i., t., adj. & n.* Sit down on hams or heels آلتی پالتی مارنا - چار زانو بیٹھنا - پالتی مار کر بیٹھنا - دبکنا - چھوٹا اور موٹا آدمی - آلتی پالتی کی بیٹھک -

Squatter (skwot-ər) *n.* One who squats دھرنا دے کر بیٹھنے والا - (آسٹریلیا) آسان شرائط پر چرائی کا حق حاصل کرنے والا - وہ شخص جو غیر زرعی زمین پر بلا استحقاق قابض ہو -

Squaw (sk-waw) *n.* An American Indian woman ریڈانڈین عورت یا بیوی -

Squawk (skwawk) *v.i. & n.* Make a croaky call تیز یا کرخت آواز نکالنا - کرخت آواز -

Squeak (skwek) *v.i., t. & n.* Give forth a nasal note or cry منمنانا - ناک سے آواز نکالنا - چیں چیں کرنا - چیخ کر ناک سے بولنا - (بول چال) جاسوسی کرنا - تیز چیخ -

Narrow squeak خلاف توقع کامیابی - خطرے سے بال بال بچنا -

Squeakily *adj.* منمنا کر - چیخ کر - تیز - تند آواز سے -

Squeaky *adj.* چیخنے والا - تیز آواز کا -

Squeaker *n.* پرندے کا بچہ بالخصوص کبوتر کا - تند آواز والا - چیخنے والا -

Squeal (skwel) *v.t., i. & n.* Utter a high-pitched cry for some duration چیخنا - چلانا - دیر تک چلانا - چیں چیں کر کے بولنا - (بول چال) احتجاج کرنا - جاسوسی کرنا - سور کے بچے کی چیخ و پکار -

Make one squeal راز فاش کرنے کی دھمکی دے کر روپیہ وصول کرنا -

Squealer (skwel-ər) *n.* One who squeals چیخنے والا - کبوتر کا بچہ -

Squeamish (skwem-ish) *adj.* Easily offended, sickish at stomach نازک مزاج - ضعف معدہ کا مریض - مرزا منش - تنک مزاج - بے حد محتاط -

Squeamishness *n.* ضعف معدہ - نازک مزاجی - تنک مزاجی -

Squeeze (skwez) *v.t., i. & n.* Compress, crush, press hard نچوڑنا - بھینچنا - دبانا - کچلنا - گھس گھسا کر رستہ بنانا - دباؤ ڈال کر حاصل کرنا - مجبور کرنا - تر کر کے کاغذ سے نقش اٹھانا - دھکم دھکا - ریلا - سکہ کے نقش کا چربہ -

Squeeze out دبا کر عرق نکالنا - نچوڑنا -

Squeezable *adj.* دبا کر نچوڑنے کے قابل -

Squeezer (skwez-ər) *n.* A machine that squeezes نچوڑنے والی مشین - نچوڑنے والا - دباؤ ڈال کر روپیہ حاصل کرنے والا - پگھلے ہوئے لوہے سے بلبلے نکالنے کی کل - تاش کے پتوں پر دائیں کنارے کے اعداد -

Squelch (skwel(t)sh) *v.t., i. & n.* A heavy blow on soft body, sound of walking in wet mud کیچڑ میں بھچ بھچ کرتے ہوئے چلنا - کسی نرم چیز پر سخت ضرب کی آواز - بھد بھد - (بول چال) کچل ڈالنا - ضرب کاری - دندان شکن جواب -

Squib (skwib) *v.t., i. & n.* Firework (آتش بازی) چھچھوندر - گھن چکر - ہوائی - مضحکہ خیز نظم یا نثر - ہجو لکھنا -

Squid (skwid) *n. & v.i.* A bait چارہ - چارہ کا کیڑا - مصنوعی کیڑا - چارہ لگا کر مچھلی پکڑنا -

Squiffy (skwif-i) *adj.* Tipsy نیم مست - شراب پئے ہوئے -

Squill (skwil) *n.* Sea onion آبی پیاز - جنگلی پیاز - سوسن کی قسم کا پودا جس کے استعمال سے اسہال ہوتے ہیں - گھونگے کی ایک قسم -

Squint (skwint) *adj., adv., v.t., i. & n.* Looking askance, obliquely بھینگا - احول - کج نظر - احول ہونا - آنکھوں کا جلد جلد جھپکنا - بھینگا پن - ترچھی نگاہ - میلان طبع - رجحان - گرجے کا روزن جس سے قربان گاہ نظر آئے -

Squint-eyed بغض رکھنے والا - کینہ توز - ترچھی نظر والا - بھینگا - احول -

Squire (skwir) *n. & v.t.* An aspirant to knighthood نائٹ کا مددگار - کسی خاتون کا محافظ - جاگیر دار - مرد کا عورت کی خاطر داری میں رہنا - عورت کا ہم رکاب -

Squirelet *n.* چھوٹا جاگیر دار -

Squireling *n.* زمینداری - زمیندار کا رقبہ -

Squire-archy (skwir-arki) *n.* Rule of squires جاگیر داروں کی حکومت -

Squireen (skwir-en) *n.* Squire of ordinary rank معمولی حیثیت کا زمیندار -

Squirm (skwirm) *v.i. & n.* Go writhing بل کھانا - پیچ و تاب کھانا - رسی کا بل یا پیچ -

Squirrel (skwir-əl) *n.* A nimble bushy-tailed rodent گلہری ۔
  Squirrel hawk گلہریوں کا شکار کرنے والا باز ۔
  Squirrel monkey چھوٹے قد کا بندر ۔

Squirt (skwert) *v.t., i. & n.* Throw out in a jet پچکاری مارنا ۔ فوارے کی طرح چھوٹنا ۔ پچکاری ۔ فوارہ کی طرح کی دھار ۔ (بول چال) خود پسند ۔ بد دماغ ۔ نو دولتا ۔ شیخی باز ۔

Stab (stab) *v.t. & n.* Pierce a pointed weapon چبھونا ۔ بھونکنا ۔ گھسیڑنا ۔ زخمی کرنا ۔ پلاسٹر کرنے کے لیے دیوار کو کھرچنا ۔ زخم ۔ گھاؤ ۔ صدمہ ۔
  Stab in the back غیبت کرنا ۔ تہمت لگانا ۔ بدنام کرنا ۔
  Stabber *n.* قاتل ۔ خنجر چبھونے والا ۔

Stable (sta-bl) *adj.* Firmly established مستحکم ۔ مضبوط ۔ مستقل ۔ مستقل مزاج ۔ ثابت قدم ۔
  Stability, ness *n.* پائداری ۔ استحکام ۔
  Stabilize *v.t.* پائدار بنانا ۔ مضبوط کرنا ۔
  Stabilizer *n.* ہوائی جہاز کے بازو جو اس کے توازن کو قائم رکھتے ہیں ۔
  Stably *adv.* استحکام سے ۔ مضبوطی سے ۔

Stable (sta-bl) *n., v.t. & i.* Building for horses اصطبل ۔ طویلہ ۔ اصطبل میں گھوڑے باندھنا ۔ قیام کرنا ۔

Stabling (sta-bl-ing) *n.* Keeping horses in a stable گھوڑوں کو اصطبل میں رکھنے کا کام ۔ گھوڑوں کے تھان ۔ طویلے ۔

Stack (stak) *n. & v.t.* A large pile of hay گھاس کی گلدی ۔ گنج ۔ ایندھن کی ٹال ۔ (بول چال) فراوانی ۔ افراط ۔ بندوقوں کا ڈھیر ۔ جہاز یا انجن کا دود کش ۔ ڈھیر لگانا ۔ انبار کرنا ۔

Stacte (stak-te) *n.* A Jewish spice ایک مزیدار مسالہ جو یہودی خوشبو میں ملاتے تھے ۔ دار چینی کی طرح کا مسالہ ۔

Stactometer (stakto-meter) *n.* A pippet for counting drops قطرہ پیما ۔ قطرے ناپنے کا آلہ ۔

Staddle (stad-l) *n.* A support for stack سہارا ۔ ٹیکن ۔ ڈنڈا ۔ بیسا کھی ۔

Stadium (sta-di-əm) *n.* Sports ground دو سو دو گز کا ایک پیمانہ ۔ جسمانی ورزش یا کھیلوں کا میدان ۔ کسی مرض کا دور یا مدت ۔

Staff (staf) *n.* A stick carried in the hand چھڑی سونٹا ۔ لاٹھی ۔ ڈنڈا ۔ جریب ۔ سہارا ۔ عصائے حکومت ۔ عصائے منصب ۔ عصائے پیمائش ۔ سمندر میں گہرائی معلوم کرنے کا آلہ ۔ فوج کی حکمران جماعت ۔ اہل کاروں کی جماعت ۔ دفتری عملہ ۔ موسیقی کے پانچ متوازی خطوط جن پر آواز کا چڑھاؤ ظاہر کرنے کے لیے نشان لگا دیتے ہیں ۔
  Staffed *adj.* عملہ سے معمور ۔

Stag (stag) *n.* A male deer بارہ سنگھا ۔ بدھیا ۔ خصی سانڈ ۔ وہ شخص جو کسی کمپنی کے حصص خرید کر نفع کے لیے بیچ دے ۔ بے قاعدہ بیوپاری ۔
  Stag dance party مردوں کا ناچ ۔
  Stag hound تازی شکاری کتوں کی ایک نسل ۔

Stage (staj) *n.* An elevated platform for acting on مچان ۔ چبوترا ۔ تخت گاہ ۔ تماشا گاہ ۔ اکھاڑا ۔ ناٹک کا چبوترا ۔ ناٹک کا علم و فن ۔ ایکٹروں کا پیشہ ۔ میدان عمل ۔ مرحلہ ۔ زمانہ ۔ منزل ۔
  Stage-coach گھوڑوں کی گاڑی جو ڈاک لے جاتی ہے ۔ ڈاک گاڑی ۔
  Stagecraft ڈرامے کا فن ۔
  Stage fever تھیٹر میں شریک ہونے کی دھن ۔
  Stage-struck وہ شخص جس پر تھیٹر کی دھن سوار رہتی ہو ۔

Stage (staj) *v.t. & i.* Represent or put on the stage کسی ڈرامے کو اسٹیج پر پیش کرنا ۔ کسی ناٹک کو اسٹیج پر لانا ۔

Stager-old stager (staj-ər) *n.* Experienced actor تجربہ کار ۔ پرانا اداکار ۔ گرگ باراں دیدہ ۔ سرد و گرم چشیدہ ۔

Staggard (stag-gərd) *n.* A male deer four years old چار سال کا بارہ سنگھا ۔

Stagger (stag-ər) *v.i., t. & n.* Reel, go reeling ڈگمگانا ۔ لڑکھڑانا ۔ لغزش ہونا ۔ ہچکچانا ۔ پس و پیش کرنا ۔ پریشان کرنا ۔ چکرا دینا ۔ بد حواس کر دینا ۔ لڑکھڑائی ہوئی چال ۔ چکر ۔ دوران سر ۔

Staggeringly *adv.* مذبذب حالت میں ۔ ڈگمگاتے ہوئے ۔ لڑکھڑاتے ہوئے ۔

Staging (staj-ing) *n.* Presenting a drama on the stage ۔ ڈرامے کو اسٹیج پر دکھانا ۔ تمثیل پیش کرنا ۔ ڈاک گاڑیاں چلانے کا کام ۔

Stagnate (stag-nat) *v.i.* Be stagnant, be non-flowing کسی بہنے والی چیز کا رک جانا ۔ کھڑا ہونا ۔ غیر متحرک ہونا ۔ سست پڑنا ۔ مدھم پڑ جانا ۔

Stagnation } *n.* ایستادگی ۔ سکون ۔ رکاؤ ۔ جماؤ ۔
Stagnancy }

Stagnant *adj.* سست ۔ بند پڑا ہوا ۔ بے حرکت ۔ بند ۔

Stagnicolous (stog-ni-ko-ləs) *adj.* Living in swamp or stagnant water ۔ دلدل یا کیچڑ میں رہنے والا ۔ کھڑے پانی میں رہنے والا ۔

Stagy (staj-i) *adj.* Theatrical in manner تھیٹر کی وضع کا ۔ اداکاروں کی عادات و اطوار کا ۔ بننے والا ۔ مبالغہ آمیز ۔

Staid (stad) *adj.* Steady, sober متین ۔ سنجیدہ ۔

Staidness *n.* قائم مزاجی ۔ متانت ۔ سنجیدگی ۔

Stain (stan) *v.t., i. & n.* Tarnish, tinge ۔ دھبہ ڈالنا داغ دار کرنا ۔ داغ لگانا ۔ میلا کرنا ۔ ناپاک کرنا ۔ بدنام کرنا ۔ بٹہ لگانا ۔ رنگ چڑھانا ۔ منقش کرنا ۔ داغ ۔ دھبا ۔ کلنک ۔ عیب ۔

Stainer *n.* رنگریز ۔ رنگنے والا ۔ دھبے ڈالنے والا ۔

Stainless *adj.* پاک صاف ۔ بے داغ ۔

Stair (star) *n.* A series of steps سیڑھی ۔ زینہ ۔ زینہ کی سیڑھیاں ۔ (جمع) سیڑھیاں ۔

Flight of stairs سیڑھیاں ۔

Cork screw staircase چکر دار سیڑھیاں ۔ چکر دار زینہ ۔

Staircase زینہ ۔

Stake (stak) *n. & v.t.* A pole pointed at one end چوب ۔ لکڑی ۔ چھڑی ۔ کھونٹا ۔ میخ ۔ ٹین ساز کی سندان ۔ شرط کا روپیہ جو پہلے سے متعین ہو ۔ گھڑ دوڑ جس میں شرط لگائی جائے ۔ اصول کی اہمیت ۔ بلیوں سے باندھنا ۔ مضبوط کرنا ۔ کسی رقبہ میں حد بندی کر دینا ۔ شرط وغیرہ میں روپیہ لگانا ۔

At stake جوکھوں میں ۔ خطرے میں ۔

Have a stake in the country ملک کی خوش حالی سے وابستہ ہونا ۔

Stale (stal) *v.t., adj. & n.* No longer fresh, altered, old ۔ باسی ۔ بے مزہ ۔ اترا ہوا ۔ فرسودہ ۔ پرانا ۔ کہنہ ۔ تھکا ماندہ ۔ خستہ ۔ ناکارہ ۔ گھوڑوں اور مویشیوں کا پیشاب ۔ ذلیل کرنا ۔ بد مزہ کر دینا ۔ گھوڑے کا پیشاب کرنا ۔

Staleness *n.* کہنگی ۔ بوسیدگی ۔ فرسودگی ۔ باسی پن ۔

Stalemate (stal-mat) *n.* An inglorious deadlock (شطرنج) زچ ہونا ۔ جب بادشاہ کو چلنے کا کوئی گھر نہ رہے ۔

Stale (stal) *n.* A decoy bird دوسرے پرندوں کو پھنسانے کے لیے سدھایا ہوا پرندہ ۔ اس کی بولی پر دوسرے پرندے آتے اور پھنس جاتے ہیں ۔ بھولا بھالا ۔ سادہ لوح آدمی ۔

Stalk (stawk) *v.i., t. & n.* Stride haughtily اکڑ کر چلنا ۔ اینٹھ کر چلنا ۔ دبے پاؤں شکار کو جا لینا ۔ شکار کا تعاقب کرنا ۔ ٹٹی کی آڑ میں شکار کھیلنا ۔ خود نمائی کی چال ۔ گھات کی چال ۔ بہانہ ۔ حیلہ ۔

Stalker *n.* اترا کر چلنے والا ۔ گھات لگانے والا ۔

Stalk (stawk) *n.* The stem of a plant ڈنٹھل ۔ ڈالی ۔ ڈنڈی ۔ شراب کے پیالے کی ڈنڈی ۔ ڈنڈی کی شکل کا آرائشی حاشیہ ۔ کارخانوں کی لمبی چمنی ۔

Stalkless *adj.* بے ڈنڈی کا ۔ بغیر تنے کا ۔

Stalky *adj.* لمبے ڈنٹھل والا ۔ لمبی ڈنڈی والا ۔

Stall (stawl) *v.t. & n.* A cowshed, a stable, a booth, a stand for display جانوروں کا تھان ۔ ایک جانور کی جگہ ۔ عارضی دکان ۔ چیزوں کی نمائش اور بیچنے کا اڈا ۔ سماع خانہ کی شامیانے والی نشست ۔ تھیٹر میں سامنے کی مخصوص نشستیں ۔ مویشیوں کو تھان پر باندھنا ۔ طویلے میں رکھنا ۔ کیچڑ یا برف میں دھنس جانا ۔

Stall feed مویشیوں کو موٹا کرنے کے لیے تھان پر باندھ رکھنا ۔

Stall fed موٹا کیا ہوا جانور ۔

Stall (stawl) *n.* Pickpocket's confederate جیب کترے کا ساتھی جو مسافروں کو باتوں میں لگاتا اور جیب کترا اپنا کام کر جاتا ہے ۔

Stallion (stal-yən) *n.* A male horse kept for breeding افزائش نسل کا گھوڑا یا سانڈ ۔

Stalwart (stawl-wərt) *adj.* Stout, strong قوی ۔ زور آور ۔ مضبوط ۔ پٹا کٹا ۔ موٹا تازہ ۔ مختہ ۔ پکا ۔ کسی جماعت کا زبردست رکن ۔

Stalwartness *n.* پختگی ۔ شہ زوری ۔ تنومندی ۔

Stamen (sta-mən) *n.* The pollen-producing part of a flower نر ۔ زر دار حصہ ۔ حامل زر ۔

Stamineous } زر خیز ۔ زر دار ۔ نرینہ ۔
Stamineal } متعلق بہ نر ۔

Stamina (stam-i-na) *n.* Staying power, germinal elements جان ۔ سکت ۔ طاقت ۔ قوت برداشت ۔ زرخیزی ۔

Staminal (stam-i-nəl) *adj.* Of stamens or stamina زر بردار ۔ زرخیز ۔ طاقتور ۔ پھول کی زر برداری کے متعلق ۔ قوت برداشت کے متعلق ۔

Staminate (stam-i-nat) *adj.* Having stamens but no carpels ایسا پھول جو حامل زر ہو مگر اس میں بقچہ گل نہ ہوں ۔

Stammer (stam-ər) *v.i.* & *n.* Falter in speaking ہکلانا ۔ تتلانا ۔ لکنت کرنا ۔ رک رک کر بولنا ۔ ہکلاہٹ ۔ تتلاہٹ ۔

Stammeringly *adv.* ہکلاتے ہوئے ۔

Stammerer *n.* ہکلا کر بات کرنے والا ۔ ہکلا ۔

Stamp (stamp) *v.t., i.* & *n.* Impress, imprint, bring the foot down upon ٹھپا لگانا ۔ مہر لگانا ۔ ٹکٹ لگانا ۔ نشان چھاپنا ۔ غصہ کی حالت میں زمین پر پاؤں مارنا ۔ دل پر نقش کرنا ۔ دل میں بٹھانا ۔ مہر ۔ نشان ۔ نقش ۔ ٹکٹ ۔ قسم ۔ وضع ۔ رنگ ڈھنگ ۔ دھات کوٹنے کی مشین ۔

Stamp act اسٹامپ کا قانون ۔

Stamp duty سرکاری کاغذ کی فیس ۔

Stamp out ختم کر دینا ۔ بجھانا ۔ منسوخ کرنا ۔

Stampede (stam-ped) *n., v.t.* & *i.* A sudden rush of a panic-stricken herd بھاگڑ ۔ بھڑک کر دوڑنا ۔ ہڑبڑی (امریکہ) لوگوں کا فوری ہلہ ۔ بھگدڑ پڑنا ۔ ہڑبڑی ڈال دینا ۔ بھڑک کر ادھر ادھر بھاگنا ۔

Stance (stans) *n.* Mode of standing, standing place کھلاڑی کے کھیلتے وقت کھڑے ہونے کا انداز ۔ کھڑے ہونے کی جگہ ۔

Stanch-staunch (stan-(t)sh) *v.t.* Stop the flow of بہتے ہوئے خون کو روکنا ۔ روانی بند کرنا ۔

Stanchion (stan-shən) *n.* & *v. t.* An upright iron bar of a window or screen سلاخ ۔ سیخ ۔ کھمبا ۔ ستون ۔ تھم ۔ ٹیک ۔ آڑ ۔ سہارا ۔ طویلے کے دروازے کی آڑی بلی ۔ آڑ لگانا ۔ مویشی کو آڑ لگا کر روکنا ۔

Stand (stand) *v. i.* & *t.* Become or remain upright, erect and still کھڑا ہونا ۔ ایستادہ ہونا ۔ قائم ہونا ۔ اونچا ہونا ۔ بلند ہونا ۔ واقع ہونا ۔ موجود ہونا ۔ کھڑے رہنا ۔ کسی خاص حالت یا درجہ کو پہنچنا ۔ کوئی معین راہ اختیار کرنا ۔ جھیلنا ۔ برداشت کرنا ۔ مقدمہ لڑنا ۔ کتے کا شکار کی نشاندہی کرنا ۔ آزمائش میں پڑنا ۔ امتحان میں پورا اترنا ۔ خرچ برداشت کرنا ۔ لنگر پکڑنا ۔

I stand corrected میں اصلاح تسلیم کرتا ہوں ۔

It stands to reason یہ بات معقول ہے ۔

Stand by ساتھ دینا ۔ امداد کرنا ۔ تائید کرنا ۔ قریب رہنا ۔ تیار رہنا ۔

Stand off دور ہو جانا ۔

Stand on ceremony رسم و رواج کی پابندی کرنا ۔ تکلف کرنا ۔

Stand one's ground اپنی بات پر جمے رہنا ۔ اڑے رہنا ۔

Stand over ملتوی کرنا ۔

Stand up to جرأت سے مقابلہ کرنا ۔

Stand (stand) *n.* Act, manner, place of standing, stoppage جگہ ۔ مقام ۔ ٹھکانا ۔ اڈا ۔ قیام ۔ تردد ۔ تشویش ۔ آسرا ۔ تکیہ ۔ بنیاد ۔ میز چوکی وغیرہ ۔ عارضی دوکان ۔ چبوترہ ۔ کھڑی فصل ۔

Stand pipe کھڑا نل ۔

Stand point نظریہ ۔ خیال ۔ نقطہ نظر ۔

Standard (stand-ərd) *n.* A flag علم - جھنڈا- پھریرا - قومی نشان - فوجی نشان - اجتماعی اصول - معیار - دستور - رسم - معیاری خوبی - قابل تقلید نمونہ - پانی یا گیس کا سیدھا نل - اکیلا درخت - قلم جو سیدھے تنے پر باندھی جائے -

Standard-bearer نشان بردار - سالار - قائد - علم بردار -

Standardize (stand-ərd-iz) *v.t.* Make or keep of uniform size معیار کے مطابق بنانا - نمونہ کے مطابق بنانا - تجزیہ کرکے کسی محلول کا وزن اور تناسب معلوم کرنا -

Standardization *n.* معیار کے مطابق بنانا - کوئی معیاری نمونہ مقرر کرنا -

Standing (stand-ing) *adj.* & *n.* Established, settled, fixed مقررہ - معینہ - پائیدار - قائم - بے حرکت - درجہ - رتبہ - حیثیت - مدت - زمانہ -

Standing army مستقل فوج -

Standing orders مستقل احکام -

Stanhope (stan-hop) *n.* A light, open one-seated carriage ایک ہلکی کھلی ہوئی گاڑی - لوہے کا دستی چھاپا -

Staniel (stan-yəl) *n.* A small hawk ایک قسم کا چھوٹا شکرا -

Stannary (stan-ə-ri) *n.* A tin mining district ٹین کی کانوں کا علاقہ - ٹین کی کان -

Stannic (stan-ik) *adj.* Of quadrivalent tin ٹین کا مرکب -

Stanniferous *adj.* ٹین پیدا کرنے والا -

Stannous *adj.* ٹین کے متعلق - ٹین ملا ہوا -

Stanza (stan-za) *n.* A group of lines of verse بند - قطعہ - رباعی - چار مصرعوں یا زیادہ کا بند -

Staple (sta-pl) *n.*, *adj.* & *v.t.* A bent rod or wire, wire stitches مڑا ہوا تار - مڑی ہوئی سلاخ - سلائی کا مڑا ہوا تار - کنڈا لگانا - لکڑی میں کنڈا بٹھانا - ارگن باجوں کے پردے کی دھات کی نالی -

Stapling machine تار کی سلائی کرنے کی مشین -

Staple (sta-pl) *n.*, *adj.* & *v.t.* Textile fibre, unmanufactured wool پیدا وار - جنس - شے - خام پیدا وار - کپاس - اون - اون اور کپاس کا ریشہ - ریشہ دار - الگ الگ کرنا -

Stapler *n.* سوداگر - بیوپاری - ریشوں کے لحاظ سے ترتیب دینے والا -

Star (star) *n.* Any of the heavenly bodies ستارہ - کوکب - نجم - ستارہ جیسی کوئی گول چیز - حاشیہ کی علامت - گھوڑے کی پیشانی کا سفید داغ - (تاش) زائد بازی - (تھیٹر) ممتاز ادا کار - کوئی ممتاز شخص - ممتاز کھلاڑی -

Shooting star شہاب ثاقب -

Star-gazer ستاروں کا مشاہدہ کرنے والا - نجومی - اختر شناس -

Starlight تاروں کی روشنی -

Star shell ایک قسم کا گولا جو فضا میں پھٹ کر دشمن کی نشان دہی کرتا ہے - جہاں دشمن ہوتا ہے وہ جگہ روشن ہو جاتی ہے - کسی جگہ کو روشن کرنے کا آتشیں گولہ -

Star-spangled *adj.* ستاروں بھرا -

Starless *adj.* بے ستارہ -

Starlet *n.* چھوٹا ستارہ -

Starry *adj.* ستاروں سے بھرا ہوا -

Star (star) *v.t.* & *i.* Make a star of, have as a star performer ستاروں سے مزین کرنا - ستارے جڑنا - کسی نام پر ستارے کا نشان لگانا - اسٹیج پر ممتاز ادا کار کی حیثیت سے آنا - کسی ناٹک میں ممتاز شخصیت کی تمثیل کرنا -

Starblind (star-blind) *adj.* Weak-sighted نیم کور - کمزور نظر - کم نظر -

Starboard (star-bord) *n.* & *v.t.* Right side of vessel جہاز کا داہاں رخ - جہاز کا دائیں رخ مڑنا یا موڑنا - دائیں سمت پتوار لگانا -

Starch (starch) *adj.*, *v.t.* & *n.* Food material in plants, formal تکلف کرنے والا - کلف - نشاستہ - ماوا - آداب کی پابندی - نشاستے سے سخت کرنا - کلف دینا -

Starched *adj.* کلف دیا ہوا -

Starcher *n.* کلفدار کالر - کلف کی مشین - کلف دینے والا -

Starchedness *n.* کلفدار ہونا -

Starchy کلفدار - کم آمیز - پابند آداب -

Stare (star) *v.i., t. & n.* Look with a fixed gaze ٹکٹکی لگانا ۔ غور سے دیکھنا ۔ تاکنا ۔ آنکھیں پھاڑ کر دیکھنا ۔ گھور گھور کر گھبرا دینا ۔ صاف دکھائی پڑنا ۔ صاف صاف نظر آنا ۔ تاک ۔ ٹکٹکی ۔

Staree *n.* جس کو گھور کر دیکھا جائے ۔

Staringly *adv.* گھورتے ہوئے ۔

Stark (stark) *adj & adv.* Stern, sheer, out and out مضبوط ۔ سخت ۔ کھرا کھرا ۔ صاف صاف ۔ صاف طور پر ۔ بالکل ۔ محض ۔ مطلق ۔

Stark-naked مادر زاد ننگا ۔ ننگ دھڑنگ ۔

Starling (star-ling) *n.* A black brown spotted bird, a mimic ایک جلد سدھ جانے والا مینا کی قسم کا پرندہ ۔

Start (start) *v.i. & t.* Shoot, dart, move suddenly اٹھنا ۔ بھڑکنا ۔ اچھل پڑنا ۔ چلنا ۔ چالو کرنا ۔ جاری رکھنا ۔ کھولنا ۔ نکالنا ۔ ابتدا کرنا ۔ موجب ہونا ۔ اپنی جگہ سے ہٹ جانا ۔ سفر شروع کرنا ۔ روانہ ہونا ۔ کسی شخص کو کام پر لگانا ۔ دوڑ شروع کرنے کا اشارہ دینا ۔ (جہاز) پیپے میں سے شراب نکالنا ۔

Start after تعاقب کرنا ۔ پیچھا کرنا ۔

Have the start دوسرے سے پہلے شروع کرنا ۔

Start out شروع کرنا ۔ ابتدا کرنا ۔

Start up چونک پڑنا ۔ اچھل پڑنا ۔

Start (start) *n.* A sudden movement چمک ۔ دمک ۔ بھڑک ۔ وحشت ۔ آغاز ۔ ابتدا ۔ دوڑ کے آغاز کا مقام ۔ دوڑ میں فاصلہ کی رعایت (جمع) کام ۔ کوشش ۔ غیر مسلسل کوشش ۔

Starter (start-ər) *n.* One who starts in a race گھڑ دوڑ یا دوڑ شروع کرانے والا ۔ دوڑ میں شریک ہونے والا گھوڑا یا شخص ۔ شکار اٹھانے والا کتا ۔ خشک انجیر ۔

Starting (start-ing) Beginning, a start چونک پڑنا ۔ اچھل پڑنا ۔ روانگی ۔ ابتدا ۔ آغاز کرنے کا عمل ۔

Startle (start-l) *v.i. & t.* Undergo a start, surprise چونکا دینا ۔ ڈرا دینا ۔ گھبرا دینا ۔ شروع کرنا ۔

Startler *n.* بوکھلا دینے والا ۔ چونکا دینے والا ۔

Startling *adj.* وحشتناک ۔ حیرت انگیز ۔

Starve (starv) *v.i. & t.* Suffer extreme hunger فاقہ کشی کرنا ۔ بھوکوں مرنا ۔ سخت محتاج ہونا ۔ بیحد شوق رکھنا ۔ سردی سے اکڑنا ۔ بھوکا رکھنا ۔ فاقوں سے مار ڈالنا ۔ گھری ہوئی فوج کو ہتھیار ڈالنے پر مجبور کرنا ۔ سردی سے مر جانا یا مار ڈالنا ۔

Starvation *n.* بھوکوں مر جانا ۔ فاقہ کشی ۔

Starvelling (starv-e-ling) *n.* A lean hungry weak person or animal بھوکوں مارا ہوا کمزور آدمی یا جانور ۔

State (stat) *n. & adj.* Condition طور ۔ وضع ۔ ڈھنگ ۔ حالت ۔ کیفیت ۔ رو داد ۔ درجہ ۔ رتبہ ۔ شکوہ ۔ شان ۔ ریاست ۔ سلطنت ۔ ریاستی ۔ ملکی ۔ سرکاری ۔ مجلس وضع قوانین ۔ مجلس ۔ جماعت ۔

State-monger سیاس ۔ سیاست دان ۔

State criminal سرکاری مجرم ۔ شاہی مجرم ۔

Keep state رسائی سے باہر ہونا ۔ شان سے رہنا ۔

Lie in state مردے کا آخری دیدار کے لیے رکھا جانا ۔

State call (بول چال) رسمی ملاقات ۔ ضابطے کی ملاقات ۔

Statecraft آئین حکومت ۔ فن حکمرانی ۔ ملکداری ۔

State socialism وہ نظام جس میں کارخانے ، بنک ، ریلیں سرکاری تحویل میں ہوں ۔

State (state) *v.t.* Assert, affirm بیان کرنا ۔ ظاہر کرنا ۔ عرض کرنا ۔ گزارش کرنا ۔ التماس کرنا ۔ مقرر کرنا ۔ معین کرنا ۔ ٹھیرانا ۔ (الجبرا) سوال کو علامات میں لکھنا ۔

Stated *adj.* بیان کیا ہوا ۔ مقررہ ۔ معیّنہ ۔

Stately (stat-li) *adj.* Majestic عظیم الشان ۔ پر شکوہ ۔ عالی شان ۔ پر تکلف ۔ زور آور ۔ قوی ہیکل ۔

Stateliness *n.* تمکنت ۔ شان و شوکت ۔

Statement (stat-mənt) *n.* That which is stated, act of stating اظہار ۔ بیان ۔ روداد ۔ دعویٰ ۔ کیفیت ۔ فرد ۔ گوشوارہ ۔

Statesman (stats-mən) *n.* One skilled in the art of government مدبر ۔ سیاست دان ۔ کارو بار حکومت کا ماہر ۔ صاحب تدبیر ۔ چھوٹا زمیندار جو اپنی زمینداری خود کرتا ہے ۔

Statesmanship سیاست دانی ۔ تدبر ۔ صاحب تدبیر ہونا ۔

Static(al) (stat-ik) *adj.* Pertaining to statics, bodies and forces - متعلق بہ وزن ، حجم ، قوت - سکونیاتی -

Statically *adv.* سکونی طور پر - دباؤ سے -

Statics (stat-iks) *n.* The science of forces in equilibrium - علم سکون و اجسام - علم توازن قوت -

Station (sta-shən) *n.* Stopping place, mode of standing - جگہ - مقام - جائے قیام - موقع - ٹھکانا - اڈا - مستقر - پڑاؤ - منزل - خدمت - عہدہ - منصب - رتبہ - حیثیت - (آسٹریلیا) بھیڑوں کی افزائش نسل کا مقام (مذہب) بدھ اور جمعہ کا روزہ - جاترا - گرجا -

Police station کوتوالی - تھانہ

Station house تھانہ - پولیس کی چوکی -

Stationary (sta-shən-əry) *adj.* & *n.* Standing, unmoving - غیر متحرک - ساکن - ٹھہرا ہوا - مقیم - اقامتی - یکساں حالت - مقیم شخص یا فوج -

Stationary diseases بیماریاں جو خاص موسم میں شروع ہوتی اور ختم ہو جاتی ہیں - مقامی بیماریاں -

Stationer (sta-shən-ər) *n.* A book-seller کتابیں ، کاپیاں ، قلم وغیرہ بیچنے والا -

Stationery کاغذ ، قلم ، روشنائی وغیرہ - سامان تحریر -

Statist (sta-tist) *n.* One who collects facts and figures اعداد و شمار کا ماہر - کسی ملک کے اعداد و شمار کا جاننے والا -

Statistics (stə-tis-tiks) *n.* Facts and figures علم اعداد و شمار - اعداد و شمار -

Statistic(al) *adj.* اعداد و شمار کے متعلق -

Statistician *n.* اعداد و شمار کا ماہر

Statistology *n.* علم اعداد و شمار -

Statoscope (stat-əs-kop) *n.* A sensitive barometer - ہوائی دباؤ کے تغیرات معلوم کرنے کا آلہ - بے مائع بادپیما -

Statuary (stat-u-əri) *adj.* & *n.* Of or suitable for sculpture فن بت تراشی کے متعلق - بت تراشی کے لیے موزوں - فنِ بُت تراشی -

Statue (stat-u) *n.* A representation of human or animal form بت - مورت - مجسمہ -

Statued *adj.* مجسمہ کی شکل میں - بتوں سے آراستہ -

Statuette *n.* چھوٹا بت یا مجسمہ -

Statuesque (stat-esk) *adj.* Like a statue - خوبصورت - شاندار - بت کی طرح کا -

Stature (stat-yər) *n.* Body height - بلندی - اونچائی - قد - قامت - ڈیل ڈول -

Status (sta-təs) *n.* Standing - درجہ - رتبہ - پایہ - حیثیت - (قانون کی اصطلاح میں) حیثیتِ عُرفی -

Status quo حسب حال - بدستور - موجودہ حالت -

Status quo ante پہلی حالت - سابقہ حالت -

Statuteable (sta-tut-əbl) *adj.* Statutory دیکھو

Statute (stat-ut) *n.* A law expressly enacted خاص قانون - آئین - کسی منظم جماعت کا آئین -

Statutory (stat-ut-əri) *adj.* Enacted by statute قانونی - قانون کے متعلق - مطابق دفعاتِ قانون -

Staunch (staw-(t)sh) *adj.* Firm in principle, پکا - پختہ - بھروسہ کا - مخلص - سرگرم - کٹر - پر جوش - پانی روک - ہوا روک -

Staunchly *adv.* پر جوش طریقے سے - مخلصانہ طور پر -

Staunchness *n.* سرگرمی - استقلال - جوش -

Stave (stav) *n.* One of the pieces of which a cask is made پتری - پترا - تختہ - پیپے کی پٹی - کنوئیں کا چوبی حلقہ - سیڑھی کا ڈنڈا - بند - بیت -

Stave (stav) *v.t.* Break the staves, drive off, ward off - سوراخ کرنا - توڑنا پھوڑنا - کچل دینا - تختے جوڑنا - دبا کر مضبوط کر دینا -

Stavesacre (stavz-a-kər) *n.* A tall larkspur whose seeds are used against lice ایک درخت جس کے بیج جوئیں مارنے کے کام آتے ہیں -

Stay (sta) *n., v.t.* & *i.* A rope supporting a mast روک - مزاحمت - سہارا - آسرا - قوت - طاقت - برداشت - ٹکنا - ٹھہرنا - قیام کرنا - رک جانا - انتظار کرنا - کھڑا ہونا - روکنا - مانع ہونا - ملتوی کرنا - سہارا دینا - قیام - (قانون) التوائے مقدمہ -

Stay-maker *n.* انگیا سینے والا -

Has come to stay مستقل ہوگیا - مسلم ہو گیا -

Stay-at-home خانہ نشین - گھر گھسنا -

Stayer *n.* طاقت برداشت رکھنے والا - مسلسل محنت کرنے والا -

Stead (sted) *n.* A place, site, a space of time جگہ - عوض - بدل -

Stand person in good stead وقت پر کسی کے کام آنا ۔ مفید ہونا ۔

Steadfast (sted-fast) *adj.* Firm, constant ۔ پختہ ثابت قدم ۔ پکا ۔ استوار ۔

Steadfastly *adv.* استواری سے ۔ ثابت قدمی سے ۔

Steadfastness *n.* پختگی ۔ استحکام ۔ استواری ۔

Steady (sted-i) *adj.* & *v.t.* Firm ۔ مستحکم ۔ مضبوط ۔ پکا ۔ جا ہوا ۔ ثابت قدم ۔ قائم مزاج ۔ برابر ۔ ہموار ۔ ہوشیار ۔ دیکھو ۔ سنبھلو ۔ میانہ رو ۔ مضبوط کرنا ۔ سنبھالنا ۔ حالت درست کرنا ۔

Steadily *adv.* قائم مزاجی سے ۔ یکساں طور پر ۔ باقاعدہ طور پر ۔

Steadiness *n.* یکسانی ۔ پختگی ۔ مستعدی ۔ استواری ۔ استحکام ۔

Steak (stak) *n.* A slice of meat گوشت یا مچھلی کا ٹکڑا ۔ پسندہ ۔

Steal (stel) *v.t.* Take by theft, gain by contrivance چرانا ۔ چرا لینا ۔ چوری کرنا ۔ چھپا کر لے جانا ۔ مکاری یا دھوکے سے اڑا لینا ۔ موہ لینا ۔ لبھا لینا ۔ چپ چاپ کھسک جانا ۔ دبے پاؤں آنا جانا ۔ (گاف) ایک لمبی کامیاب ضرب ۔

Stealing *n.* سرقہ ۔ چوری ۔

Steal a march on دوسرے پر سبقت لے جانا ۔ بے خبری میں آ جانا ۔

Stealer (stel-ər) *n.* Thief چور ۔ دزد ۔ سارق ۔ اچکا ۔

Stealth (stelth) *n.* A theft, secret doing ۔ راز داری ۔ پوشیدگی ۔ چوری ۔ خفیہ کارروائی ۔

By stealth چوری چھپے ۔ مخفی طور پر ۔

Stealthily *adv.* راز داری سے ۔ خفیہ طور پر ۔

Stealthy *adj.* پوشیدہ ۔ خفیہ ۔ خاموش ۔ چپ چاپ ۔

Stealthiness *n.* اخفا ۔ دزدی ۔ پوشیدگی ۔

Steam (stem) *n.* Water in the form of gas or vapour بھاپ ۔ بخارات ۔ نمی جو بھاپ کے جمنے سے پیدا ہو (بول چال) توانائی ۔ قوت عمل ۔

Get up steam خاص جدو جہد کے لیے تیار ہونا ۔ بوائلر گرم کرنا ۔

Let off steam دل کا بخار نکال دینا ۔ زائد بھاپ نکال دینا ۔

Steam coal بھاپ پیدا کرنے کے لیے کوئلہ جلانا ۔ پتھر کا کوئلہ ۔

Steam engine دخانی انجن ۔ بھاپ سے چلنے والا انجن ۔

Steaminess *n.* بھاپ کی طرح ہونا ۔ بھاپ پن ۔ دخانیت ۔

Steamy *adj.* دھندلا ۔ دخانی ۔ بھاپ کا ۔

Steam (stem) *v.t.* & *i.* Exhale, expose to steam, cook by means of steam بھاپ بنانا ۔ بھاپ بنا کر اڑانا ۔ بھاپ کے زور سے چلنا ۔ بھاپ سے کھانا پکانا ۔ (بول چال) مستعدی سے کام کرنا ۔ کام میں روز بروز ترقی کرنا ۔

Steaming hot خوب گرم ۔ بہت زیادہ گرم ۔

Steamer (stem-ər) *n.* Steam boat دخانی کشتی یا جہاز ۔ آگ بجھانے کا دخانی انجن ۔ برتن جس میں بھاپ سے کھانا پکایا جاتا ہے ۔

Stearin (ste-ə-rin) *n.* A mixture of stearic and palmitic acid ایک چربیلا مادہ جو حیوانی اور نباتاتی چربی میں پایا جاتا ہے ۔

Stearinery (ster-in-əri) *n.* Factory preparing stearin کارخانہ جس میں سٹیرن تیار کیا جاتا ہے ۔

Steatite (ste-ə-tit) *n.* Soap stone ایک قسم کی ابرق ۔

Steatitic *adj.* ابرق آمیز ۔ ابرق کی طرح ۔ ابرق کا ۔

Steed (sted) *n.* A horse, a spirited horse جنگی گھوڑا ۔ گھوڑا ۔ اسپ ۔

Steel (stel) *n.* & *v.t.* Iron containing a little carbon ۔ فولاد ۔ آہن سخت ۔ ہتھیار ۔ اسلحہ ۔ کڑاہن ۔ سختی ۔ فولادی پٹی سایہ کو پھیلانے کے لیے ۔ تلوار سخت کرنا ۔ دل کو سخت کرنا ۔

Cold steal تلوار ۔ خنجر ۔

Muscles of steel آہنی عضلات ۔ سخت اور مضبوط ۔

Steelify فولاد بنا دینا ۔ سخت بنانا ۔ مضبوط کرنا ۔

Steely (stel-i) *adj.* Of, like, steel ۔ سخت ۔ بے درد ۔ کڑا ۔ فولادی ۔

Steelyard (stel-yard) *n.* A weighing machine ایک ترازو جس میں چیز رکھنے کے بعد دوسری طرف وزن کے اعداد آ جاتے ہیں ۔ آہنی ترازو ۔

Steenbok (sten-bok) *n.* A small S. African antelope جنوبی افریقہ کا ایک چھوٹا ہرن ۔

Steening (sten-ing) *n.* Stone lining of well پتھر سے کنویں کی چنائی - بندش -

Steep (step) *adj.* & *n.* Softy, rising or descending with great inclination عمودی ڈھلوان - بہت ڈھلوان یا بلند - کھڑی ڈھلان یا بلندی (بول چال) نا واجب قیمت - بے جا - نا مناسب - مبالغہ آمیز - کھڑی چٹان - ڈھلوان پہاڑی یا جگہ -

Steepen *v.t.* & *i.* ڈھلوان ہونا - ڈھلوان بنانا -

Steepness *n.* عمودی بلندی یا ڈھال -

Steep (step) *v.t.* & *n.* Soak, wet thoroughly بھگونا- شرابور کر دینا- خیساندہ بنانا- خیساندے کا پانی-

Steeper (step-ər) *n.* A vessel for steeping خیساندہ بنانے کا برتن - بھگونے کا برتن -

Steeple (step-l) *n.* A church or a tower with or without a spire کوئی بلند عمارت - برج یا برجی کلس یا بغیر کلس کی - گاؤدم عمارت - مینار - لاٹ -

Steeple chase ایک قسم کی گھڑ دوڑ جس میں ٹیلیاں اور کھائیاں ہوتی ہیں -

Steeple jack *n.* وہ کاریگر جو مینار پر چڑھ کر کام کرے - میناز راج -

Steepled *adj.* برج نما - مینار دار -

Steer (ster) *v.t.* & *i.* Guide, direct or govern جہاز چلانا - کسی خاص رخ چلانا یا پھیرنا - ہدایات دینا - رہنمائی کرنا - حکومت کرنا -

Steerable *adj.* کھینے کے قابل - چلانے کے قابل -

Steerer *n.* نا خدا - ملاح - کھینے والا -

Steermanship *n.* فن جہاز رانی - نا خدائی- جہاز رانی -

Steer (ster) *n.* A young ox bred for beef بھڑا - خصی بھڑا جو گوشت کے لیے پالا جائے -

Steerage (ster-ag) *n.* Steering - پتوار سے جہاز کھینا جہاز کا سستا درجہ جس میں چھوٹے افسروں کے حجرے ہوتے ہیں اور معمولی مسافر سفر کرتے ہیں - جہاز رانی -

Steeve (stev) *v.t.* & *n.* Stuff, pack close جہاز میں ٹھونس ٹھونس کر مال بھرنا - جہاز کی لدائی اور بھرائی -

Steeve (stev) *v.t.*, *i.* & *n.* Make angle with horizon - بادبان کے شہتیر کو جھکا ہوا رکھنا - افقی زاویہ بنانا - وہ زاویہ جو شہتیر کے جھکاؤ سے پیدا ہو -

Steganography (steg-ən-ə-grafi) *n.* Art of code writing خفیہ اشارات کی تحریر -

Steinbock (stin-bok) *n.* The Alpine ibex کوہ آلپس کا بکرا -

Stellar (stel-ər) *adj.* Of the stars - ستاروں کا - انجم کے - کواکب کے -

Stelliferous *adj.* ستاروں بھرا -

Stellate(d) (stel-at) *adj.* Like a star - ستارے کی مانند

Stellately *adv.* ستارہ کی شکل میں -

Stellenbosch (stel-ən-bosh) *v.t.* Relegate (فوجی بول چال) کسی فوجی افسر کو بلا تحقیقات کسی معمولی خدمت پر منتقل کر دینا -

Stellular (stel-u-lər) *adj.* Shaped like small stars ستاروں کی شکل کے -

Stem (stem) *n.* The leaf bearing axis of a plant تنا - شاخ - ڈالی - ڈنڈی - ساق - تمباکو کے پائپ کی نلی - جہاز کا اگلا حصہ - گھڑی کو کنے کی گھنڈی-

From stem to stern جہاز کے اگلے حصے سے پچھلے حصہ تک -

Stemless بے ساق کا - بے ڈنڈی کے -

Stemmed *adj.* تنے والا - ڈنڈی دار -

Stemmer *n.* تمباکو صاف کرنے والا -

Stem (stem) *v.t.* Provide with a stem, oppose, deprive of روکنا - بند کرنا - ٹھہرانا - روک رکھنا - مقابلہ کرنا -

Stemma (stem-a) *n.* A garland, a pedigree نسب نامہ - شجرۂ نسب - آنکھ -

Stench (sten(t)sh) *n.* Stink عفونت - بدبو - سڑاند -

Stencil (sten-s(i)l) *n.* & *v.t.* A piece of waxed paper موہی کاغذ جس پر لوہے کے قلم سے لکھ کر چھپائی کی مشین پر چھاپتے ہیں - موہی کاغذ پر لکھنا - موہی کاغذ کو رکھکر رنگ پھیرنا - بیل بوٹے بنانا -

Stenciller *n.* موہی کاغذ پر لکھنے والا - نقش بنانے والا -

Stenochromy (sten-ok-ro-mi) *n.* Printing in several colours - ایک ساتھ کئی رنگوں کی چھپائی -

Stenograph (sten-o-graf) *n.* Shorthand مختصر نویسی کی علامات - مختصر نویسی کی علامات میں لکھی ہوئی تحریر -

Stenographer *n.* مختصر نویس ۔

Stenography *n.* مختصر نویسی ۔

Stenographically *adv.* مختصر نویسی کے طور پر ۔ اختصار کے ساتھ ۔

Stentor (stent-or) *n.* A loud voiced person بلند آواز شخص ۔

Stentorian *adj.* اسٹنٹوری ۔ نہایت بلند آواز والا ۔

Step (step) *n.* A pace, a movement of the leg in walking ایک قدم ۔ ایک ڈگ ۔ ایک گام ۔ نشان ۔ قدم اٹھانے کا انداز ۔ تدبیر ۔ کارروائی ۔ عمل ۔ سیڑھی کا ڈنڈا ۔ گاڑی کا پائدان ۔ ترقی کا درجہ ۔ مستول کا چبوترا ۔ دھرے کا نچلا خانہ ۔ ایک چھوٹی کھڑی سیڑھی ۔

Keep step with a person قدم ملا کر چلنا ۔

Out of step قدم ملے ہوئے نہ ہونا ۔

Take steps کارروائی کرنا ۔ اقدام کرنا ۔

Step (step) *v.i.* & *t.* Advance, retire, perform by stepping قدم اٹھانا ۔ آگے بڑھنا ۔ پیچھے ہٹنا ۔ سرکنا ۔ ناپنا ۔ ناچنا ۔ مستول کو اپنے خانہ میں جمانا ۔

Step in بیچ میں پڑنا ۔ اندر آنا ۔

Step out لمبے لمبے قدم اٹھانا ۔ باہر جانا ۔

Step this way ذرا ادھر آئیے ۔

Stepping stone کسی دلدلی زمین میں رکھے ہوئے پتھر ۔ ترقی کا وسیلہ ۔ ترقی کا زینہ ۔

Step-child (step-child) *n.* A wife's or husband's but not one's own child سوتیلا بیٹا یا بیٹی ۔

Step-brother, father or son or sister } سوتیلا بھائی ، بہن ، باپ یا بیٹا ۔

Stepney (step-ni) *n.* A spare wheel موٹر گاڑی کا فاضل پہیہ ۔

Steppe (step) *n.* A dry, grassy treeless plain لق و دق میدان ۔ گھاس کا علاقہ ۔ میدان جس میں گھاس ہو مگر درخت نہ ہوں ۔

Stercoraceous (stərk-ə-ra-shəs) *adj.* Of the nature of dung بول و براز ۔ لید یا گوبر کے متعلق ۔

Stereo (ster-i-o) *prefix* In combination solid, hard سابقہ بمعنی سخت ٹھوس ۔ سیسے کی ۔

Stereotype (ster-i-o-tip) *n.* & *v.t.* Printing by lead plate سیسے کی تختی سے چھاپنا ۔ سیسے کی تختی کی چھپائی ۔ چھپائی کی پلیٹ ۔ ایک ہی رنگ پر قائم رہنا ۔ لکیر کا فقیر بنادینا ۔ ایک ہی ڈھرے پر چلتے رہنا ۔

Stereotyped *adj.* غیر متغیر ۔ رسمی ۔

Stereotypist *n.* اس قسم کی چھپائی کا کام کرنے والا ۔

Stereotypography *n.* سیسے کی تختیوں سے چھپائی کا فن ۔

Sterile (ster-il) *adj.* Barren کلر ۔ بنجر ۔ شور ۔ بانجھ ۔ عقیمہ ۔ روکھا پھیکا ۔ بے مزہ ۔ بے جان ۔

Sterilization *n.* جراثیم کشی ۔ بانجھ بنانا ۔

Sterilize *v.t.* جراثیم مارنا ۔ جراثیم سے پاک کرنا ۔

Sterilizer *n.* جراثیم کش دوا ۔

Sterility *n.* غیر زرخیزی ۔ بنجر پن ۔ بانجھ پن ۔

Sterlet (stər-lit) *n.* A small sturgeon ایک قسم کی چھوٹی مچھلی ۔

Sterling (stər-ling) *adj.* & *n.* English money of standard value پورے وزن کا ۔ خالص ۔ معیاری ۔ کھرا ۔ جوہر دار ۔ معیاری سکہ ۔

Stern (stərn) *adj.* Severe, rigorous کڑا ۔ سخت ۔ بے رحم ۔ بے درد ۔ کڑوا ۔ پھیکا ۔

Sternly *adv.* بے دردی سے ۔ سختی سے ۔

Sternness *n.* سنگدلی ۔ بے رحمی ۔ سختی ۔

Stern (stərn) *n.* The hind part of a vessel جہاز کا پچھلا حصہ ۔ دنبالہ ۔ جہاز کا دنبالہ ۔ پشت ۔ سرین ۔ فاکس ہاؤنڈ (کتے) کی دم ۔

Sterned *adj.* دنبالہ دار ۔

Sternmost *adj.* دنبالہ کے قریب ۔ سب سے پچھلا ۔

Sternum (stər-nəm) *n.* The breast bone سینے کی ہڈی ۔

Sternal *adj.* سینے کی ہڈی کے متعلق ۔

Sternutation (stər-nu-ta-shən) *n.* Sneezing چھینک آنا ۔ چھینک ۔

Sternutative (stər-nu-ta-tiv) *adj.* & *n.* That causes sneezing چھینک لانے والی ۔ ناس ۔ نسوار ۔

Stertorous (stər-tə-rəs) *adj.* With snoring sound خرخراہٹ کی (سانس) خرخر کی آواز کے ساتھ ۔

Stertorousness *n.* خرخراہٹ ۔

Stet (stet) *n.* & *v.t.* Restore after marking for deletion قلم زد کرنے کے بعد پھر اس کو حسب‌سابق کر دینا - حسب سابق صحیح سمجھنے کی علامت [L

Stethoscope (steth-ə-skop) *v.t.* & *n.* An instrument for auscultation صدر بین - ڈاکٹروں کا ایک آلہ جس سے سینے کی آوازیں سنتے ہیں - سینے میں لگا کر دیکھنا -

Stethoscopist *n.* سینے کا معائنہ کرنے والا - صدربین -

Stethoscopy *n.* معائنۂ صدری - صدر بینی-

Stevedore (stev-i-dor) *n.* One who loads and unloads vessels جہازوں پر سال چڑھانے اور اتارنے والا حمال -

Stew (stu) *v.t.*, *i.* & *n.* A boiling pot دم پخت کرنا- نرم آگ پر پکانا - حبس یا گرمی سے بے کل ہو جانا - سخت محنت کا کام - کتابوں کی رٹائی - ذہنی الجھن - چکلا - طوائف - قورمہ - قلیہ - شوربے کا سالن -

In a stew غم و غصہ میں - فکر میں - پریشانی میں -

Let a person stew in his own juice کسی شخص کو مصیبت میں اس کے حال پر چھوڑ دینا -

The tea is stewed چائے دیر تک آگ پر رہنے سے تلخ ہو گئی ہے -

Steward (stu-ərd) *n.* One who manages an institution or domestic affairs مہتمم - منتظم - داروغہ - جائداد کا ناظم - کالج یا کلب کا منتظم - جہاز کا ملازم مسافروں کی خدمت کے لیے - گھڑ دوڑ کے نگراں کار - محفل رقص و سرود کا مہتمم -

Stewardess *n.* منتظمہ - مہتممہ -

Stewardship *n.* منصب داروغگی - مہتممی - میر سامانی -

Stibial (stib-i-əl) *adj.* Of antimony سرمہ کی طرح - سرمہ آمیز - سرمہ کا -

Stibium (stib-i-əm) *n.* Antimony سرمہ -

Stichomyth (stik-o-myth) *n.* A dialogue in verse ایسی نظم جس میں سوال اور جواب کی ترتیب ہو - ایک مصرع میں سوال دوسرے میں جواب - منظوم مکالمہ -

Stick (stik) *v.t.*, *i.* & *n.* Pierce, stab, insert چبھونا - بھونکنا - گھونپنا - چپکانا - لگنا - لگانا - رکھنا - آگے کو نکلا ہوا ہونا - چسپاں کرنا - ساتھ دینا - ساتھ لگے رہنا - کام رک جانا - ٹہنی - لکڑی - چوب - بینڈ ماسٹر کی چھڑی - حجامت کے صابن کی بٹی -

Stick at ضد ہونا - اصرار کرنا -

Stick by چمٹا رہنا -

Stick out نکلا ہوا ہونا - باہر ہونا -

Stick to پکا ہونا - قائم رہنا

A few sticks of furniture معمولی قسم کی میز کرسیاں وغیرہ -

Any stick to beat a dog نفرت انسان کو اندھا کر دیتی ہے -

Stick at nothing کسی چیز کی پروا نہ کرنا - کسی وجہ سے نہ رکنا -

Stuck up (بول چال) قاصر - مجبور - خلوت گزین - خود پسند -

Sticker (stik-ər) *n.* That which sticks - چمٹنے والا چپکنے والا - دیر تک کھیلنے والا کھلاڑی - لمبے پھل کا نوک دار چاقو - جم کر کھیلنے والا کھلاڑی - مہمان جو کسی طرح نہ ٹلے -

Stickle back (sti-kl-bak) *n.* A kind of fish ایک قسم کی خار پشت مچھلی -

Stickler (stikl-ər) *n.* A mediator, umpire بیچ بچاؤ کرانے والا - فیصلہ کرنے والا - حامی - موید - اصرار کرنے والا آدمی -

Sticky (stik-i) *adj.* Gluey (کرکٹ) خراب وکٹ - چپکنے والی - لیس دار -

Stickiness *n.* لسلسا پن - چپ چپا پن -

Stiff (stif) *adj.* Rigid, not easily bent کڑا - سخت - ناملائم - بے لوچ - سخت مزاج - ضدی - پر تصنع - کھنچا کھنچا - سرد مہر - کم آمیز - مشکل - ہمت شکن -

Stiff-hearted سنگدل -

Keep a stiff upper lip خاموش رہنا - ثابت قدم رہنا -

Stiff market ایسا زمانہ جب نرخوں میں اتار چڑھاؤ نہ ہو - منجمد نرخ -

Stiff-necked مغرور - سرکش -

Stiffen *v.t.* & *i.* — { اکڑ جانا - سخت ہو جانا - سخت کرنا - کڑا کرنا - }

Stiffness *n.* کڑا پن - سختی - درشتی -

Stiffish *n.* قدرے سخت -

Stiffun *n.* سخت آدمی - کسرتی آدمی - پرانا پہلوان -

Stifle (sti-fl) *v.t. & i.* Stop the breath, suffocate گلا گھونٹنا ۔ دم روک دینا ۔ سانس رک جانا ۔ سانس روکنا ۔

Stigma (stig-ma) *n.* A mark of infamy بٹہ ۔ کلنک کا ٹیکا ۔ کالک ۔ بدنامی ۔ تہمت ۔ بہتان ۔ علامت مرض ۔ پودوں میں زرخیز ہونے والا عضو ۔

Stigmatic / **Stigmatose** *adj.* داغ دار ۔ رسوائی کا ۔ بدنامی کا ۔

Stigmatize (stig-ma-tiz) *v.t.* Mark with a stigma داغ لگانا ۔ داغ دار کرنا ۔ بدنام کرنا ۔ رسوا کرنا ۔ غیبی داغ پیدا کر دینا ۔ (ایسے داغ جیسے حضرت عیسیٰؑ کے جسم پر آئے تھے) ۔

Stigmatization *n.* انگشت نمائی ۔ رسوائی ۔ بدنامی ۔

Stile (stil) *n.* A set of steps for climbing over a wall دیوار یا باڑ کے دوسری طرف جانے کی سیڑھی ۔ دیوار کے کھانچے ۔ کھڑی سلاخ ۔

Stilleto (sti-let-o) *n.* A dagger with a narrow blade خنجر ۔ چھرا ۔ کٹار ۔ پتلے پھل کا خنجر ۔ چاقو جس سے بادبان میں سوراخ کرتے ہیں ۔

Still (stil) *n., v.t., adj. & adv.* Motionless چپ ۔ خاموش ۔ چپ چاپ ۔ بت بنا ہوا ۔ ساکن ۔ عکسی تصویر ۔ دھیا کرنا ۔ فرو کرنا ۔ اب تک ۔ اب بھی ۔ پھر بھی ۔ تاہم ۔ اس کے باوجود ۔

Still life غیر ذی روح اشیاء ۔ بے جان چیزیں ۔

Still birth بچہ کا مردہ پیدا ہونا ۔

Still born تحریک جو ابتدا ہی سے نہ چلے ۔ مردہ بچہ ۔

Stillness *n.* سکوت ۔ سناٹا ۔ گہری خاموشی ۔

Still (stil) *n. & v.t.* A distilling vessel قرنبیق ۔ بھبکا ۔ شراب کشید کرنے کا برتن ۔ بھبکے سے شراب کشید کرنا ۔

Still room مودی خانہ ۔ کشید خانہ ۔ وہ کمرہ جس میں شراب کشید کی جاتی ہے ۔

Stillage (stil-ig) *n.* Frame or stool for keeping things off the floor اسباب کی چوکی یا تپائی جس پر کمرہ دھونے سے پہلے چیزیں رکھ دی جاتی ہیں ۔

Stilly (stil-i) *adj.* Motionless بے حس و حرکت ۔ چپکا ۔ خاموش ۔ ساکت ۔

Stilt (stilt) *n.* A tall support بانس جس پر پیروں کو ٹیک کر اونچا ہو کر چلتے ہیں ۔ پاؤں ٹیکن ۔

Stilted *adj.* پاؤں ٹیکن پر کھڑا ہوا ۔ بانس پر سوار ۔

Stimulant (stim-u-lənt) *adj.* Exciting vital action محرک ۔ اکسانے والا ۔ کوئی چیز جو خون کی روانی بڑھائے ۔ نشاط انگیز ۔ کیف آور ۔ ہیجان خیز ۔

Stimulate (stim-u-lat) *v.t.* Incite, instigate اکسانا ۔ ترغیب دینا ۔ تحریک کرنا ۔ آمادہ کرنا ۔ ہیجان پیدا کرنا ۔ ابھارنا ۔ تیز کرنا ۔

Stimulating / **Stimulative** *adj.* ابھارنے والا ۔ محرک ۔ نشاط انگیز ۔ تیز کرنے والا ۔

Stimulation / **Stimulator** *n.* ہیجان ۔ تحریک ۔ ابھارنے والا ۔ اکسانے والا ۔

Stimulus (stim-u-ləs) *n.* A sting, action, influence that produces a response تحریک ۔ اشتعال ۔ ابھارنے والی چیز ۔ پادری کے عصا کی نوک ۔

Stimulose *adj.* نیش دار ۔ نوک دار ۔

Stimy (stim-i) *n. & v.t.* Condition on putting green when a player's ball lay between opponent's ball and hole (گف) کھیل کا ایک موقع جب کہ ایک فریق کی گیند حریف کی گیند اور گچی کے بیچ میں ہو ۔ حریف کی گیند کو اس شکل میں رکھنا ۔

Sting (sting) *n., v.t. & i.* Weapon in some plants and animals which pierces and injects poison ڈنک ۔ کانٹا ۔ ڈسنا ۔ ڈنک مارنا ۔ کاٹنا ۔ چبھونا ۔ شدید درد ہونا ۔ کسی رقم کا نقصان ہونا ۔ جلن یا درد جو کاٹنے سے ہو ۔

Stinging nettle خار والا پودا ۔ بچھو ۔

The bowling has no sting in it گیند میں کوئی خطرناک بات نہیں ہے ۔ گیند میں زور نہیں ہے ۔ گیند سیدھی سادی ہے ۔

Stingingly *adv.* کھٹکتے ہوئے ۔ چبھتے ہوئے ۔

Stingless *n.* بے آزار ۔ بے نیش ۔

Stingaree (sting-ə-ri) *n.* Sting ray, a fish ایک مچھلی جس کی پشت پر تیز کانٹے ہوتے ہیں ۔ نیش ماہی ۔

Stinger (sting-ər) *n.* That which stings نیش زن جانور ۔ ڈنک مارنے والا جانور ۔ زور کا ہاتھ جس سے

Stingy (sting-i) *adj.* Niggardly, ill-tempered کنجوس ۔ بخیل ۔

Stinginess *n.* تنگ دلی ۔ خست ۔ بخل ۔

Stink (stingk) *v.i.* & *t.* Give out a strong offensive smell بدبو دار ہونا ۔ بدبو نکلنا ۔ متعفن ہونا ۔ (بول چال) بدبو سونگھنا ۔ (بول چال جمع) سائنس ۔ علم کیمیا ۔

Stink one out کسی کو بدبو سے بھگا دینا ۔

Stink of money بہت زیادہ مالدار ہونا ۔ دولت کی بو آنا ۔

Stinking *adj.* بدبو دار ۔ نامعقول ۔ نا واجب ۔

Stinkingly *adv.* تعفن کے ساتھ ۔

Stinkard (stink-ərd) One who stinks گندہ آدمی جس کے جسم سے بو آئے ۔ جاوا کا بجو ۔

Stinker (stink-ər) *n.* One who spreads bad smell بدبو پھیلانے والا ۔ بودار شے ۔ نامعقول آدمی ۔

Stint (stint) *v.t.* & *n.* Stop, restrain روکنا ۔ محدود کرنا ۔ کم کرنا ۔ بند کر دینا ۔ پیٹ بھر کر کھانا نہ دینا ۔ بہت کم دینا ۔ مقررہ مقدار ۔ مقررہ کام ۔ ایک ریگستانی پرندہ جس کی پیٹھ سرخ ہوتی ہے ۔

Without stint دل کھول کر ۔

Stintingly *adv.* خست کے ساتھ ۔

Stinted محدود ۔

Stipe (stīp) *n.* A stalk, a fern leaf ستون ۔ تنا ۔ ڈنٹھل ۔ پر کی ڈنڈی ۔

Stipiform *adj.* ڈنٹھل کی طرح ستون نما ۔

Stipitate *adj.* ڈنٹھل کی طرح ۔ ڈنٹھل والا ۔

Stipend (stī-pənd) *n.* Soldier's pay, an allowance محنتانہ ۔ اجرت ۔ مشاہرہ ۔ تنخواہ ۔ وظیفہ ۔ پادری کی تنخواہ ۔

Stipendiary (sti-pənd-i-əri) *adj.* Receiving stipend وظیفہ یاب ۔ مشاہرہ دار ۔ تنخواہ یاب ۔

Stipple *v.t.*, *i.* & *n.* لفظوں سے تصویر بنانا ۔ نقطوں کی نقاشی کرنا ۔ نقطوں کی تصویر ۔ نقطہ کاری کرنے والا ۔ نقطہ کاری کا آلہ ۔

Stippling (stipl-ing) *n.* Engraving, drawing نقطہ کاری ۔ نقاشی ۔ نقطوں کی مصوری ۔

Stipulate (stip-ū-lāt) *v.t.* & *i.* Set a condition as part of an agreement شرط لگانا ۔ قول و قرار کرنا ۔ مقرر کر لینا ۔ یہ شرط کرنا کہ ۔

Stipulated *adj.* مسلمہ ۔ طے شدہ ۔ مقررہ ۔

Stipulation *n.* قول و قرار ۔ معاہدہ ۔ شرط ۔

Stipulator *n.* شرط لگانے والا ۔ معاہدہ کرنے والا ۔

Stipule (stip-ūl) *n.* A leafy appendage at a leaf base پتی کے ڈنٹھل کی نیچے کی چھوٹی پتی ۔ گوشک ۔

Stipulaceous *adj.* گوشک دار ۔

Stipular
Stipulate } گوشک کے متعلق ۔

Stipulation *n.* گوشکوں کی ترتیب ۔

Stir (stər) *n.* *v.i.* & *i.* Set in motion ہلانا ۔ چلانا ۔ جنبش دینا ۔ حرکت دینا ۔ بھڑکانا ۔ ہنگامہ برپا کرنا ۔ ہل چل ۔ کھلبلی ۔ الٹ پلٹ کرنے کا عمل ۔

Stir your stumps (بول چال) جلدی کرو ۔ جلدی چلو ۔

Lead stirring life مصروفیت کی زندگی بسر کرنا ۔

Stir up the mud گندہ یا آلودہ کرنا ۔

He needs stirring up اسے ذرا جھنجھوڑنے کی ضرورت ہے ۔

Stirring events معرکے کے واقعات ۔

Stirring speech ولولہ انگیز تقریر ۔

Stirrer *n.* چمچہ چلانے کی ڈنڈی ۔ ہلانے والا ۔

Stirless *adj.* بے جنبش ۔ بے حرکت ۔

Stir (stir) *n.* Prison (بول چال) قید خانہ ۔ جیل ۔

Stirk (stərk) *n.* a A yearling ox or cow ایک سال کا بچھڑا یا بچھڑی ۔

Stirpiculture (stir-pi-kul-tur) *n.* Selective breeding اعلیٰ نسل پیدا کرنے کے جانور پالنا ۔

Stirrup (stir-əp) *n.* A support for rider's foot رکاب ۔ بادبان لپیٹنے یا کھولنے کی رسی ۔ بادبان کی طناب ۔

Stitch (stich) *v.t.*, *i.* & *n.* A sharp pricking pain, join with stitches زور کا درد ۔ سیون ۔ بخیہ ۔ ٹانکا ۔ سینا ۔ ٹانکے لگانا ۔ بخیہ کرنا ۔ سلائی کرنا ۔ سلائی ۔ سلائی کا طریقہ ۔

Stithy (stidh-i) *n.* Smithy, an anvil آہرن ۔ لوہار کی بھٹی ۔ لوہار خانہ ۔

Stiver (stī-vər) *n.* A Dutch penny سب سے چھوٹا سکہ ۔ پائی ۔

Has not a stiver پھوٹی کوڑی بھی نہیں -

Stoa (stō-ā) *n.* A portico قدیم یونانی عمارتوں کی غلام گردش - برآمدہ -

Stoat (stōt) *n.* A large weasel ایک سموری جانور - ایک قسم کا بڑا نیولہ -

Stoat (stōt) *v.t.* Stitch so fine that stitches can not be seen اتنی باریک بخیہ کرنا کہ ٹانکے نظر نہ آئیں -

Stoccado (stok-ä-dō) *n.* A thrust in fencing تیغ زنی کی ایک ضرب - بھونک دینا -

Stock (stok) *n., v.t.* & *i.* A trunk, wooden part of a gun کندہ - لکڑی کا ٹکڑا - درخت کا تنا - نسل - خاندان - خام شے - ذخیرہ - ٹکٹکی جس میں مجرموں کے ہاتھ پاؤں جکڑ دیتے ہیں - تجارتی کمپنی کا مشترکہ سرمایہ - کندہ لگانا - دستہ لگانا - ٹکٹکی پر چڑھانا - ذخیرہ جمع کرنا - مویشی جمع کرنا - کاشت کرنا - پیدا کرنا - نئی شاخ پھوٹنا -

Stockist *n.* مال کا ذخیرہ رکھنے والا - تھوک فروش -

Laughing stock *n.* وہ شخص جس پر سب ہنسیں -

Gazing stock جو شخص تماشا بن جائے -

Lock, stock and barrel ہر طرح سے مکمل - پوری طرح سے -

A farm with its stock باڑہ مویشی اور سامان کے ساتھ -

Live stock مویشی گائے بیل وغیرہ -

Dead stock ناقابل فروخت مال -

Stock in trade کسی شخص کی کل کائنات - ساز و سامان - تجارتی مال -

Take stock دوکان کے سامان کا جائزہ لینا -

Stock argument ناقابل تردید دلیل - پختہ دلیل -

Stock joke پامال لطیفہ -

Buy stock حصص یا تمسکات خریدنا - مال خریدنا -

Hold stock مال اور سامان کا مالک ہونا -

Stock breeder مویشی پالنے والا -

Stock broker دلال -

Stock dove یورپ کی ایک فاختہ -

Stock exchange لندن کا صرافہ -

Stock farmer مویشی پالنے والا -

Stock list صرافہ میں نرخوں کی رپورٹ -

Stock market صرافہ کا بازار -

Stock still بے حس و حرکت - بت کی طرح -

Stockade (stok-ād) *v.t.* & *n.* A barrier of stakes باڑہ جو نوک دار بلیوں سے بنایا جائے - باڑہ بنانا - لکڑیاں گاڑ کر مورچہ بنانا -

Stock-fish (stok-fish) *n.* Dried fish خشک مچھلی -

Stockinet (stok-i-net) *n.* Elastic cloth پھیلنے والا کپڑا جس کی بنیائیں وغیرہ بنتی ہیں -

Stocking (stok-ing) *n.* Covering for the foot and lower leg - جراب - موزہ - پائتابہ (بالعموم جمع) -

Stocky-stuggy (stok-i) *adj.* Thick set, short and strongly built پستہ قد اور موٹا - گٹھیلا -

Stodge (stoj) *n., v.t.* & *i.* Heavy food, greedy eater ثقیل غذا - حریص بن کر کھانا -

Stodgy (stoj-i) *adj.* Heavy meal - ثقیل یا بھاری غذا پھولا ہوا بٹوہ - کتاب جس میں تفصیلات زیادہ ہوں مگر دلچسپی کم ہو -

Stoic (stō-ik) *n.* Follower of Zeno فلسفی زینو کے پیرو - زینو کا معقولہ تھا کہ انسان کو چاہئے کہ نیک کام کرے اور خوشی اور رنج کے احساس سے بالاتر ہو -

Stoical *adj.* رنج و مسرت سے بالا تر - ضابط اور مستقل مزاج -

Stoicism - جبریت - رنج و مسرت سے بے نیازی - رواقیت -

Stoke (stōk) *v.t.* & *i.* Feed with fuel - آگ بھڑکانا ایندھن جھونکنا - بھٹی بھڑکانا - (بول چال) جلد جلد کھانا اور نگلنا -

Stoke hole بھٹی کا دہانہ -

Stoker (stōk-ər) *n.* One who feeds a furnace with fuel - بھٹی میں ایندھن جھونکنے والا - بھٹی والا -

Stole (stōl) *n.* A long robe لمبا جامہ یا چغہ جو شادی شدہ عورتیں لباس کے اوپر پہنتی تھیں (قدیم روم) ریشم کا دوپٹہ جو کندھے پر ڈالا جاتا تھا اور گھٹنوں تک لٹکتا رہتا تھا - فعلی معنوں کے لیے دیکھو Steal -

Stolid (stol-id) *adj.* Impassive - مٹھا - سست - اڑیل ضدی - بے حس - بھوندو -

Stolidity *n.* بھوندو پن - اڑیل پن -

Stolidly *adv.* ضد سے - بھوندو کی طرح - بھوڑ پن سے -

Stolon (stō-lən) *n.* A shoot from the root of the plant پودے کی وہ شاخ جو جڑ سے نکلتی اور علیحدہ جڑ پکڑتی ہے اور پھولتی پھلتی ہے - پودے کا بچہ -

Stomach (stum-ək) *n.* & *v. i.* The cavity for food and its digestion معدہ - پوٹا - پیٹ - شکم - جگالی کرنے والوں کے معدے - رغبت سے کھانا - معدے کا غذا قبول کرنا اور ہضم کرنا - ذلت برداشت کرنا - توہین گوارا کر لینا -

What a stomach he has got اس کی توند کتنی بڑی ہے -

Stomach tooth کچلی نکلنے سے بچوں کا ہاضمہ خراب ہو جاتا ہے - بچوں کی کچلی -

Stomachal *adj.* معدے سے متعلق -

Stomachful پیٹ بھر -

Stomachic (stum-ək-ik) *adj.* Good for the stomach بھوک لگانے والی - مفید معدہ - ہاضم -

Stone (stōn) *adj.*, *v.t.* & *n.* A detached piece of rock پتھر - سنگ - حجر - روڑا - بٹہ - سل - قیمتی پتھر - جوہر - گوہر - پتھری - سنگ گردہ - سنگ مثانہ پھلوں کی گٹھلی - انگور کا بیج - خصیہ - بیضہ - اولا - وزن کا پیمانہ (۱۴ پونڈ) - پتھر مارنا - پتھر بنا دینا -

Stone bow غلیل -

Stone chat ایک قسم کی چڑیا -

Stone will cry out یہ ایسا ظلم ہے کہ پتھر بھی چیخ اٹھیں گے -

Give a stone for bread مدد کرنے کی بجائے مذاق اڑانا -

Leave no stone unturned کوئی کسر نہ اٹھا رکھنا -

Break stones پیٹ کے لیے پتھر پھوڑنا - مزدوری کے لیے پتھر پھوڑنا -

Has a heart of stone اس کا دل پتھر ہے -

Harden into stone سخت دل ہو جانا -

Stone-blind بالکل اندھا -

Stone coal پتھر کا کوئلہ -

Stone cold بالکل ٹھنڈا - بے حس -

Stone deaf بالکل بہرہ -

Stone wall نہایت احتیاط سے کھیلنا - پارلیمنٹ کی کاروائی روکنا -

Stone to death سنگسار کرنا -

Stony (stōn-i) *adj.*, *adv.* & *n.* Of or like stone, full of stone - سنگین - سنگی - سنگ دار - پتھریلا گٹھلی دار - پتھرایا ہوا - پتھر کی طرح - بے حس و حرکت -

Stonily *adv.* پتھرائی ہوئی نظر سے - بے حسی سے - پتھر کی طرح سے -

Stoniness *n.* پتھر کی طرح ہونا - بے حسی -

Stool (stōōl) *n.*, *v.t.* & *i.* Chair, seat, throne تپائی - اسٹول - پائدان - نیچی بنچ - اجابت - براز - درخت کی جڑ جس سے شاخیں پھوٹتی ہیں - پالتو سدھائی ہوئی چڑیا جس کی بولی پر چڑیاں آتی ہیں اور پھنس جاتی ہیں - جڑ سے شاخوں کا پھوٹنا - اجابت ہونا -

Fall between two stools تذبذب کی وجہ سے نقصان اٹھانا -

Stool of repentance گرجہ کی تپائی جس پر زانی کو بٹھا کر سر زنش کی جاتی تھی - مقام توبہ -

Stool pigeon فریبی - دوسرے کبوتروں کو پھانسنے والا کبوتر -

Stoop (stōōp) *v.i.*, *t.* & *n.* Bend the body forward جھکنا - اپنی حیثیت سے گرا ہوا کام کرنا - سر اور کندھے جھکا کر چلنا - جھپٹنا - گرنا - لپکنا - جھکا دینا - حملہ - جھپٹا -

Stoop to conquer ذلت اٹھا کر کامیابی حاصل کرنا - دب کر کام نکالنا -

Stoopingly *adv.* عاجزی سے - سر جھکا کر - جھک سر -

Stoop (stōōp) *n.* A high platform in front of the house (کناڈا) مکان کے سامنے کا چبوترا -

Stop (stop) *v.t.* & *i.* Obstruct, block, choke بند کرنا - روکنا - سوراخ بند کرنا - مسدود کرنا - ترقی نہ کرنے دینا - روک رکھنا - ٹھہرائے رکھنا - رک جانا - ٹھہر جانا - بند ہو جانا - (بول چال) ٹھہرنا - قیام کرنا - - رسی کو جکڑنا - کسی چیز سے بھر دینا -

Stop cock ٹونٹی کا پیچ -

Stop a bullet گولی روکنا - گولی کھانا -

Stop a tooth دانت کو مسالے یا سونے وغیرہ سے بھرنا ۔

Stop-gap عارضی طور پر کام چلانا ۔

Stop one's ear's کانوں میں انگلیاں دے لینا ۔

Stop one's mouth منہ بھرائی دینا ۔ رشوت وغیرہ سے منہ بند کر دینا ۔

Stop thief چور چور پکارنا ۔

stoppage *n.* ٹھہراؤ ۔ رکاؤ ۔ تعرض ۔ روک ۔

Stopping *n.* دانت میں سونے وغیرہ کی بھرائی ۔

Stop (stop) *n.* A halt, a pause, a halting place وقفہ ۔ ٹھہراؤ ۔ توقف ۔ مزاحمت ۔ مدھم سر ۔ موثر لہجہ ۔ حرف ج کی ساکن آواز (فوٹو گرافی) ۔ سیاہ پردہ ۔ رسی ۔ ڈوری ۔

Stop press اخبار چھپتے وقت کی آخری خبریں ۔

Stopper (stop-ər) *n.* That which stops, a plug روکنے والا ۔ ڈاٹ ۔ گٹا ۔ پائپ کے تمباکو کو دبانے کی ڈاٹ ۔ رسی کے بند ۔ موٹا رسہ ۔ ڈاٹ لگانا ۔ جہاز کے رسے کو بند سے جکڑنا ۔

Put a stopper on something کسی چیز کو روک دینا ۔

Stopple (stop-l) *n.& v. t.* A stopper, a plug بوتل وغیرہ کی ڈاٹ ۔ ڈاٹ لگانا ۔

Storage (stōr-ag) *n.* Safe keeping, charge for keeping goods مال کو گودام میں رکھنا ۔ گودام میں چیزوں کے رکھنے کا طریقہ ۔ سامان کی حفاظت ۔ گودام میں سامان رکھنے کا محصول ۔ گودام کی گنجائش ۔

Cold storage کھانے پینے کی چیزیں رکھنے کا برف خانہ ۔

Storax (stō-raks) *n.* Resin of a tree ایک درخت کا گوند جو دوا کے کام آتا ہے ۔ خوشبو دار گوند ۔

Store (stōr) *n. & v. t.* A hoard, a stock laid up انبار ۔ ڈھیر ۔ ذخیرہ ۔ گودام ۔ بھنڈار ۔ دکان ۔ کوٹھی ۔ بڑی دکان جس میں ہر چیز ملتی ہو ۔ ذخیرہ کرنا ۔ سامان جمع کرنا ۔ گودام میں رکھنا ۔ گنجائش ہونا ۔

Set store by قدر کرنا ۔ اہم جاننا ۔ ضروری سمجھنا ۔

Store house مخزن ۔ گودام ۔ مال خانہ ۔

Store house of information وسیع معلومات رکھنے والا شخص ۔ مخزن معلومات ۔

Storable *adj.* ذخیرہ کرنے کے قابل ۔

Storey (sto-ri) *n.* Part of a building on the same floor منزل ۔ مکان کی منزل ۔ کسی منزل کی عمارت ۔

Storeyed *adj.* کئی منزلوں والا ۔

Storiated (stō-ri-ə-td) *adj.* Decorated with designs مرصع ۔ سر ورق جس پر نقش و نگار ہوں ۔

Storied (stō-rēd) *adj.* Told or celebrated in a story جس کی کہانیاں بنائی گئی ہوں ۔ جس کا ذکر کہانیوں میں ہو ۔ روائتی ۔ تاریخی ۔

Stork (stork) *n.* A water bird like crane سارس کی طرح کا آبی پرندہ ۔ لق لق ۔ بزہ ۔

Storm (storm) *n., v.i. & t.* A tempest, a violent wind طوفان ۔ آندھی ۔ جھکڑ ۔ تیز ہوا ۔ طوفان باد و باراں ۔ داروگیر ۔ فساد ۔ ہنگامہ ۔ جنگ و جدل ۔ فوج کا دھاوا ۔ ہوا کا زور شور ۔ جھکڑ چلنا ۔ ہوا کا زور سے چلنا ۔ سخت خفا ہونا ۔ آفت مچا دینا ۔ اکدم حملہ کر کے قبضہ کر لینا ۔

Storm-beaten طوفان زدہ ۔

Storm-bound جہاز جو طوفان کی وجہ سے بندرگاہ میں رکا ہوا ہو ۔ طوفان میں گھرا ہوا ۔

Storm centre جہاں ہوا کا سب سے زیادہ زور ہو ۔ طوفان کا مرکز ۔

Storm cloud فتنہ و فساد کے آثار ۔

Storming party حملہ آور دستہ ۔

Storm signal طوفان کی علامت ۔

Take by storm اکدم حملہ کر کے قبضہ کر لینا ۔

Stormer *n.* دھاوا کرنے والا ۔

Stormless *adj.* پر سکون ۔

Storm proof جس پر طوفان کا اثر نہ ہو ۔ طوفان روک ۔

Stormy (storm-i) *adj.* Of marked violence پرشور ۔ ہنگامہ خیز ۔ طوفانی ۔ طوفان کی خبر دینے والا ۔ طوفان کے متعلق ۔

Stormily *adv.* شدت سے ۔ تیزی سے ۔ تندی سے ۔

Storminess *n.* ہنگامہ خیزی ۔ تیزی ۔ تندی ۔

Story (stō-ri) *n.* A narrative, legend حکایت ۔ قصہ ۔ داستان ۔ تاریخ ۔ سر گزشت ۔ واقعات ۔ قابل ذکر واقعہ ۔ من گھڑت بات ۔ گپ ۔

According to his own story اس کے اپنے بیان کے مطابق ۔

But that is another story - یہ دوسرا معاملہ ہے - یہ اور بات ہے -

The story goes قصہ یہ ہے - سنا جاتا ہے - کہا جاتا ہے -

To make a long story short القصہ - قصہ مختصر یہ کہ -

Stoup (stōōp) *n.* A drinking vessel - پیالہ - صراحی - جام - کٹورا - بادیا - متبرک پانی رکھنے کا برتن -

Stout (stout) *adj.* Stubborn, resolute - مضبوط قوی - شہ زور - منچلا - شجاع - بہادر - جفاکش - ضدی - ہٹیلا - ایک قسم کی تیز اور تند بیر شراب -

A stout heart منچلا - شیر دل - بہادر -

Stout-hearted منچلا - ہمت والا - جیوٹ -

Stout-heartedness دلیری - شجاعت - بہادری - ہمت -

Stoutish *adj.* فربہ - جسیم - موٹا تازہ سا -

Stoutness *n.* شجاعت - طاقتوری - تنو مندی - مضبوطی -

Stove (stōv) *n.* & *v. t.* A cooking apparatus چولھا - تنور - بھٹی - انگیٹھی - آتش دان - باغ کا حرارت خانہ - چولھے یا آتشدان میں جھونکنا - حرارت خانہ میں پودے اگانا -

Stow (stō) *v.t.* Put away, store جمع کرنا - اکٹھا کرنا - قرینے سے رکھنا - کھچا کھچ بھرنا - ٹھونس دینا - چھوڑو - بند کرو - رہنے دو -

Stowage *n.* سامان رکھنے کا محصول - ذخیرہ کیا ہوا سامان -

Stowaway - جہاز میں بغیر ٹکٹ چھپ کر بیٹھ جانا - وہ شخص جو چھپ کر جہاز میں بیٹھ جائے -

Strabismus (strə-biz-məs) *n.* Squint - ترچھا دیکھنا احول چشمی - بھینگا پن -

Strabismal *adj.* بھینگے پن کا

Strabismic *adj.* بھینگے پن کا - احولی -

Strabotomy (strə-bo-to-mē) *n.* Surgical operation for the cure of squinting بھینگے پن کو دور کرنے کے لیے عمل جراحی -

Straddle (strad-l) *v.i., t.* & *n.* Sit, stand or walk with legs far apart ٹانگیں پھیلا کر کھڑا ہونا ، بیٹھنا یا چلنا - گھوڑے پر سوار ہونا - دشمن کا ادھر ادھر گولے پھینکنا - تذبذب میں ہونا - معاہدہ اسٹاک کے رو سے کسی شخص کا یہ حق کہ ایک معین قیمت پر خریدے یا بیچے -

Strafe (strāf) *v.t.* & *n.* Punish, bombard, assail (۱۹۱۴ع کی جنگ کی بول چال) گولہ باری کرنا - کمیں گاہ سے گولیاں برسانا - مارنا پیٹنا - گالیاں دینا - ڈانٹ ڈپٹ - مار پیٹ -

Straggle (strag-l) *v.t.* Wander from one's company, be absent without leave - آوارہ پھرنا بھٹکنا - بغیر اجازت کے غائب ہو جانا - اپنی جماعت سے الگ ہو جانا - تتر بتر ہونا - جا بجا ہونا -

Straggler *n.* بچھڑا ہوا - اپنی جماعت سے پھوٹا ہوا -

Stragglingly *adv.* بھٹک کر - پھوٹ کر - علیحدہ ہو کر - منتشر ہو کر -

Straggly *adj.* بکھرا ہوا - منتشر -

Straight (strāt) *adv., n.* & *adj.* Uncurved, in a right line سیدھا - راست - مستقیم - بے خطا - نشانہ پر بیٹھنے والا - کھرا - بے لاگ - ٹھیک - ہموار - درست - کسی چیز کا سیدھا حصہ - (تاش) پوکر کے کھیل میں ایک سلسلہ کے پانچ پتے - سیڑھی - بلا واسطہ - صحیح طور پر - ٹھیک رخ پر - نشانے پر -

Straight forth فی الفور - فوراً -

A straight back سیدھی کمر -

A straight fight سخت مقابلہ - منصفانہ مقابلہ -

Put things straight معاملات کو درست کرنا -

Straightaway اک دم - اسی وقت - فوراً -

Straight off بلا سوچے سمجھے - بلا تامل -

Straight thinking معقولیت کے ساتھ غور و فکر -

Straightforward بے لاگ - صاف - کھرا -

Straighten *v.t.* درست کرنا - سیدھا کرنا -

Straightness *n.* کھرا پن - استقامت - راستی -

Strain (strān) *v.t.* & *i.* Stretch, draw tight - تاننا کھینچنا - تان کر کھینچنا - پوری قوت سے کھینچنا - حد سے زیادہ زور لگانا - سخت کوشش کرنا - سینے سے چمٹانا - چھاتی سے لگانا - چھان کر الگ کرنا -

A strained interpretation کھینچ تان کر نکالے ہوئے معنی - بے جا تاویل -

Ship is strained جہاز کے جوڑ ڈھیلے ہوگئے ہیں -

Strain at حد سے زیادہ احتیاط سے کام لینا ۔

Strain a point بے جا طرز عمل اختیار کرنا ۔ ایک بات کو بے جا طول دینا ۔

Strain every nerve ایڑی چوٹی کا زور لگانا ۔

Strain one's authority اپنے اختیار سے بے جا کام لینا ۔

Strain the law, rule قانون کی بے جا تاویل کرنا ۔

Strained sense کھینچ تان کر نکالے ہوئے معنی ۔

Strainable *adj.* قابل تاویل ۔

Strained *adj.* بناوٹی ۔ تناؤ کے ۔ پر تکلف ۔

Strainer *n.* چھلنی ۔

Strain (strān) *n.* Violent effort, pitch, height, a melody, offspring, breed, race کھچاؤ ۔ تناؤ ۔ زور ۔ بے حد کوشش ۔ پٹھوں کا چڑھ جانا ۔ رگوں میں بل آنا ۔ لہجہ ۔ آواز ۔ گیت ۔ نغمہ ۔ رنگ ۔ نسل ۔ اولاد ۔ خاندان ۔

Strait (strāt) *adj.* & *n.* Tight, close, narrow تنگ ۔ چست ۔ محدود ۔ کٹھن ۔ سخت ۔ مشکل ۔ آبنائے ۔ کشمکش ۔ مصیبت ۔ تنگ دستی ۔

Strait jacket, waistcoat واسکٹ جو دیوانوں کو پہنایا جاتا تھا ۔ تنگ کوٹ یا واسکٹ ۔

Strait-laced سخت محتاط ۔

Straiten *v.t.* جکڑ دینا ۔ تنگ کر دینا ۔

Straitened circumstances افلاس کی حالت ۔ ناداری ۔

Strake (strāk) *n.* Continuous line of planking جہاز کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک مسلسل تختہ بندی ۔ تختوں کی جوڑائی ۔

Stramineous (strə-min-i-əs) *adj.* Strawy, worthless خشک گھاس کی طرح ۔ پیال کے رنگ کا ۔ حقیر ۔ ادنیٰ ۔

Straminium (strə-min-i-əm) *n.* The thorn apple ایک قسم کا دھتورا ۔ دمے کی دوا جو دھتورے سے بنتی ہے ۔

Strand (strand) *v.t.* & *n.* A yard, thread, fibre رسی کی لڑ ۔ ڈوری ۔ تار ۔ دھاگا ۔ کسی مرکب کا جز ۔ رسی کی لڑ توڑ ڈالنا ۔ تار نکال دینا ۔

Strange (strānj) *adj.* Alien, foreign بدیسی ۔ غیر ملک کا ۔ بیرونی ۔ اجنبی ۔ خاندان یا گروہ سے باہر کا ۔ غیر ملکی ۔ پرایا ۔ بیگانہ ۔ نرالا ۔ انوکھا ۔ عجیب ۔ حیرت انگیز ۔

Feel strange جی گھبرانا ۔ اجنبیت محسوس کرنا ۔

Is very strange in his manners وہ عجیب عجیب حرکتیں کرتا ہے ۔

Strangely *adv.* عجیب طرح سے ۔ انوکھے پن سے ۔

Strangeness *n.* بیگانگی ۔ اجنبیت ۔ نرالا پن ۔ انوکھا پن ۔

Stranger (strānj-ər) *n.* A foreigner غیر ملکی ۔ پردیسی ۔ اجنبی ۔ نووارد ۔

Is a stranger to me میں اس سے ناواقف ہوں ۔

Strangle (strang-gl) *v.t.* Kill by compressing the throat گلا گھونٹ کر مار ڈالنا ۔ پھانسی دینا ۔ ٹیٹوا دبانا ۔ زبردستی روکنا ۔ خواہشات کو دبا دینا ۔

Strangulate (strang-gū-lāt) *v.t.* Strangle گلا گھونٹنا ۔ دبنے سے خون کا رک جانا ۔ خون کی روانی روک دینا ۔ بے انتہا تنگ کر دینا ۔

Strangulation *n.* اختناق ۔ حبس دم ۔ رکاوٹ ۔

Strangury (strang-gū-ri) *n.* Painful retention of urine پیشاب رک جانا ۔ قطرے قطرے کرکے تکلیف سے پیشاب ہونا ۔

Strangurious *adj.* جس کو پیشاب رک رک کر ہوتا ہو ۔ احتباس بول کا ۔

Strap (strap) *n.* & *v.t.* Narrow strip پٹی ۔ تسمہ ۔ فیتہ ۔ چمڑے کی پٹی ۔ پٹی سے کسنا ۔ تسمے سے کسنا ۔ تسمے پر رگڑ کر استرا تیز کرنا ۔ چپکنے والے مرہم کی پٹی لگانا ۔ تسمے سے کسنا یا مارنا ۔

Strap-hanger ریل کا مسافر جو جگہ نہ ملنے کی وجہ سے تسمہ پکڑ کر کھڑا رہے ۔

Strapper *n.* لمبا تڑنگا ۔ مضبوط آدمی ۔

Strapping *n.* تسمہ ۔ ڈوری ۔ فیتہ ۔

Strapping *adj.* لمبا تڑنگا ۔ گٹھیلا ۔

Strappado (strap-ā-dō) *n.* Torture by hoisting رسی سے باندھ کر لٹکانے کی سزا ۔

Strass (stras) *n.* Paste for making false gems مصنوعی نگینے بنانے کا مسالہ ۔

Stratagem (strat-ə-jəm) *n.* A plan for deceiving an enemy داؤں ۔ گھات ۔ چال ۔ دھوکا ۔ فریب ۔ دشمن کو دھوکا دینے کی ترکیب ۔
 Strategic *adj.* فوجی مصلحت کا ۔ لشکر کشی کا ۔ فن حرب کی ضروریات کے مطابق ۔
 Strategical *adj.* فوجی مصلحت رکھنے والا ۔ جنگی ۔
 Strategics *n.* جنگی چالیں ۔ فن حرب ۔

Strategy (strat-i-ji) *n.* Art of conducting a campaign ترکیب ۔ جنگ ۔ فن حرب ۔ فوجی حکمت ۔ فوجی داؤں ۔ چال ۔
 Strategist *n.* فوجی حکمت عملی کا ماہر ۔

Straticulate (strat-i-kū-lāt) *adj.* Arranged in thin layers پرت دار ۔ تہہ بہ تہہ ۔

Stratify (strat-i-fī) *v.t.* Arrange in layers تہہ بہ تہہ جمانا ۔
 Stratification *n.* تہہ بہ تہہ ہونا ۔ پرت دار ہونا ۔

Stratocracy (strət-ok-rə-si) *n.* Military despotism فوجی آمریت ۔ فوجی حکومت ۔

Stratum (strā-təm) *n.* A layer of cells, a bed of sedimentary rock تہہ ۔ طبق ۔ پرت ۔ طبقہ ۔
 Stratiform *adj.* پرت دار ۔ طبق دار ۔
 Stratigraphic *adj.* طبقات الارض کے متعلق ۔
 Stratigraphy *n.* علم طبقات الارض ۔

Stratus (strāt-us) *n.* A thin layer of cloud بادل کی ہلکی پرت ۔

Straw (straw) *n.* & *v.t.* The stalk of corn پیال ۔ بھوسہ ۔ تنکا ۔ ادنیٰ چیز ۔ گھاس پھوس ۔ چٹائی ۔ پھیلانا ۔ چھڑکنا ۔
 A straw shows which way the wind is blowing — ایک تنکے سے ہوا کا رخ معلوم ہوتا ہے ۔ ذرا سے اشارے سے بہت کچھ معلوم ہو سکتا ہے ۔
 Catch at a straw تنکے کا سہارا لینا ۔
 Make bricks without straw تلوں کے بغیر تیل نکالنا ۔ نا کافی ذرائع سے کام لینا ۔
 The last straw انتہائی بوجھ کے بعد تنکے کا اضافہ بھی ناقابل برداشت ہو جاتا ہے ۔
 Strawy *adj.* پیال کا ۔ بھوسے کا ۔

Strawberry (straw-bə-ri) *n.* A berry-bearing plant اسٹابری کا پودا ۔ اسٹابری ۔

Stray (strā) *v.i.*, *adj.* & *n.* Wander away from the right way راہ راست سے ہٹ جانا ۔ گمراہ ہونا ۔ بھٹکنا ۔ بھک جانا ۔ بچھڑ جانا ۔ بہکا ہوا ۔ آوارہ ۔ لاوارث قابل ضبطی جائداد ۔ (لاسلکی) فضائی خلل جو نشریات میں طوفان کی وجہ سے واقع ہو ۔ اکا دکا ۔ اتفاق ۔ بھولا بھٹکا ۔ اتفاق سے آ نکلنے والا ۔

Streak (strēk) *v.t.* & *n.* An irregular stripe, a scratch لکیر ۔ دھاری ۔ دھاریاں ڈالنا ۔ خط یا لہریں ڈالنا ۔ تیزی سے بہنا ۔
 Has a streak of humour in him اس میں تھوڑا بہت ظرافت کا مادہ ہے ۔
 Like a streak of lightning بجلی کی لہر کی طرح ۔
 Streak of lightning بجلی کی چمک ۔
 Streakiness *n.* لہر دار ہونا ۔ دھاری دار ہونا ۔
 Streaky *adj.* دھاری دار ۔ لہر دار ۔

Stream (strēm) *n.*, *v.t.* & *i.* A running water دریا ۔ ندی ۔ چشمہ ۔ نالہ ۔ آب جو ۔ بہاؤ ۔ سیلاب ۔ آنسو بہنا ۔ پانی بہنا ۔ بہاؤ کے رخ ہوا میں لہرانا ۔ دھار بہنا ۔
 Go with the stream جو دوسرے کریں وہ کرنا ۔ ہوا کے رخ پر چلنا ۔
 Upstream دریا کے بالائی سمت میں ۔ دریا کے منبع کی طرف ۔
 Streamlet *n.* نالہ ۔ چشمہ ۔
 Streamy *adj.* جس میں بہت سی ندیاں اور چشمے ہوں ۔

Streamer (strēm-ər) *n.* A ribbon, plume flowing in the wind جھنڈا ۔ پھریرا ۔ شمالی یا قطبی روشنی کی شعاع ۔

Street (strēt) *n.* A paved road سڑک ۔ راستہ ۔ شارع عام ۔ شاہراہ ۔
 Is on the street پیشہ ور عورت ہے ۔ کسبی ہے ۔
 Live in the street ہمیشہ گھر سے باہر رہنا ۔
 Street cries سودا بیچنے والوں کی بولیاں ۔ پھیری والوں کی آوازیں ۔
 Street walker کسبی ۔ بازاری عورت ۔

Strength (strength) *n.* Quality, condition or degree of being strong طاقت ۔ قوت ۔ زور ۔ توانائی ۔ جرأت ۔ ہمت ۔ مضبوطی ۔ استواری ۔ استحکام ۔ شراب کی تیزی ۔ بھروسہ ۔ طمانیت ۔ تقویت ۔ قوت کا راز ۔ تعداد ۔

On the strength of بھروسہ پر ۔ اس کے بل پر ۔

Strengthless *adj.* کمزور ۔ بے طاقت ۔

Strengthen (strength-ən) *v.t.* Make strong or stronger مضبوط کرنا ۔ مستحکم کرنا ۔ پکا کرنا ۔ تقویت پہنچانا ۔

Strengthen one's hands تقویت پہنچانا ۔ ہاتھ مضبوط کرنا ۔

Strenuous (stren-ū-əs) *adj.* Active, vigorous, zealous سرگرم ۔ پر شوق ۔ مستعد ۔ محنتی ۔ جفا کش ۔ جانفشانی کا ۔ سخت محنت اور استقلال کا ۔

Strenuously *adv.* محنت اور استقلال سے ۔ سرگرمی سے ۔ تندہی سے ۔

Strenuousness *n.* نہایت مشکل ہونا ۔ جفا کش ہونا ۔ بے حد محنتی ہونا ۔

Stress (stres) *n.* & *v.t.* Hardship, strain سختی ۔ تندی ۔ شدت ۔ دباؤ ۔ زور ۔ مشکل ۔ زحمت ۔ صعوبت ۔ جد و جہد ۔ تاکید کرنا ۔ زور ڈالنا ۔ زور دینا ۔

Stretch (strech) *v.t.*, *i.* & *n.* Extend, make longer or wider تاننا ۔ پھیلانا ۔ کھینچنا ۔ حد سے زیادہ کام لینا ۔ مبالغہ کرنا ۔ بڑھنا ۔ بڑھانا ۔ عرصہ ۔ مدت ۔ عبور دریائے شور کی سزا ۔ کالا پانی ۔ جہاز کے ایک پلٹی کا فاصلہ ۔

At a stretch مسلسل ۔ متواتر ۔

Stretch one's legs ٹانگیں پھیلا کر تکان دور کرنا ۔

Stretch the truth سچ میں جھوٹ ملانا ۔ بے حد مبالغہ کرنا ۔

Stretchy *adj.* کھینچنے والا ۔ پھیلنے والا ۔

Stretcher (strech-ər) *n.* A frame for carrying sick or wounded, a frame for stretching painlers canvas پھیلانے والا ۔ تاننے والا ۔ بڑا پتھر یا بڑی اینٹ جو دیوار میں لمبے رخ لگائی جائے ۔ ملاح کا پیر رکھنے کا تختہ ۔ بیمار ڈولی ۔ (بول چال) مبالغہ ۔ گپ شپ ۔

Strew (stroo) *v.t.* Scatter loosely بکھیرنا ۔ چھڑکنا ۔ پھیلا دینا ۔ نثار کرنا ۔

Stria (strī-ā) *n.* A fine streak, thread like line چھوٹی چھوٹی لکیریں جو سیپیوں اور کوڑیوں پر ہوتی ہیں ۔

Striate *adj.* & *v.t.* لکیروں والا ۔ لکیریں ڈالنا ۔ خط ڈالنا ۔

Stricken (strik-ən) *v.t.* دیکھو Strike

Strickle (strik-l) *n.* An instrument for levelling the top of a measure of grain اناج سے بھرے ہوئے برتن کی بالائی سطح برابر کرنے کا گز ۔

Strict (strikt) *adj.* Tight, narrow, stiff and straight کسا ہوا ۔ کھنچا ہوا ۔ سخت ۔ کڑا ۔ سختی کرنے والا ۔ صحیح ۔ درست ۔ ٹھیک ۔

Strictly speaking حقیقت میں ۔ سچ پوچھئے تو حقیقت یہ ہے ۔

Strictly *adv.* سختی سے ۔ صحیح معنی میں ۔ ٹھیک ٹھیک ۔

Strictness *n.* صحت ۔ درستی ۔ سخت گیری ۔ سختی ۔

Stricture (strik-tur) *n.* Closure, tightness, adverse remark or criticism اعتراض ۔ حرف گیری ۔ بندش ۔ نکتہ چینی ۔ کسی نالی یا سوراخ کا بند ہو جانا ۔

Stride (strīd) *v. i.*, *t.* & *n.* Walk with long steps لمبے لمبے قدم اٹھانا ۔ ڈگ بھرنا ۔ پھلانگنا ۔ گھوڑے پر سوار ہونا ۔ لمبا قدم ۔ دونوں پیروں کے درمیان کا فاصلہ ۔

Get into one's strides کام چل نکلنا ۔

Strident (stri-dənt) *adj.* Loud and grating تیز اور سخت آواز کا ۔ کرخت آواز کا ۔

Stridulate (stri-dū-lət) *v.t.* Make a chirping or scraping sound رگڑ سے کھر کھر کی آواز پیدا کرنا ۔ کھڑ کھڑ ہونا ۔ چر چر ہونا ۔

Stridulant *adj.* چر چر کرتا ہوا ۔ کھڑکڑاتا ہوا ۔

Stridulation *n.* چر چراہٹ ۔ کھڑ کھڑاہٹ ۔

Strife (strīf) *n.* Contention, contest جھگڑا ۔ نزاع ۔ بیر ۔ اختلاف ۔ لڑائی ۔ جدل و جدال ۔

Strigil (strij-il) *n.* A flesh scrapper (قدیم یونان و روما) جھانوا ۔

Strike (strīk) *v.t., & i.* Delete, cancel, give a blow مارنا ۔ پیٹنا ۔ ٹھونکنا ۔ ہاتھ چلانا ۔ متاثر کرنا ۔ خیال آنا ۔ سوجھنا ۔ اطاعت قبول کرنا ۔ ہتھیار رکھ دینا ۔ ہڑتال کرنا ۔ کام چھوڑ دینا ۔ خوف پیدا کرنا ۔ کوئی نئی شکل بنا لینا ۔ (امریکہ) تیل یا سونے کی کان دریافت ہونا ۔ بیس بال کے کھیل میں کھلاڑی کا گیند کو ارادتاً مارنا ۔

A stricken heart مصیبت زدہ دل ۔

How does it strike you اس معاملہ میں آپ کا کیا خیال ہے ۔

Match will not strike دیا سلائی نہیں جلتی ۔

Strike a match دیا سلائی جلانا ۔

Strike at the root of تباہ کرنے کی کوشش کرنا ۔

Strike back جوابی وار کرنا ۔

Strike bargain سودا چکانا ۔

Strike breakers مزدور جو ہڑتالیوں کی جگہ بلائے جائیں ۔

Stricken in years سن رسیدہ ۔

Striking force فوج جو حملے کے لیے تیار ہو ۔

Strike pay ہڑتالی کا الاؤنس جو مزدوروں کی انجمن دیتی ہے ۔

Strike up an acquaintance آشنا ہو جانا ۔ دوستی ہو جانا ۔

Sympathetic strike مزدوروں کی جماعتی ہمدردی میں تائیدی ہڑتال ۔

Within striking distance زد میں ۔

Strike work کام چھوڑ دینا ۔

Striker *n.* ضرب لگانے والا ۔ مارنے والا ۔ ہڑتالی ۔

String (string) *n., v. t. & i.* A small cord or rope رسی ۔ ڈوری ۔ رشتہ ۔ فیتہ ۔ باجوں کی تانت یا تار ۔ گھڑ دوڑ کے گھوڑے جو کسی اصطبل میں سدھائے جا رہے ہوں ۔ ڈوری باندھنا ۔ کمان چڑھانا ۔ ابھارنا ۔ آمادہ کرنا ۔ بے چینی پیدا کرنا ۔ لڑی میں پرونا ۔ چھیلنا ۔ ریشہ نکالنا ۔ بلیرڈ کے کھیل میں گیند مار کر یہ فیصلہ کرنا کہ پہلے کون کھیلے گا (امریکہ) دھوکا دینا ۔

First string وہ شخص جس پر سب سے زیادہ بھروسہ ہو ۔

Harp on one's string ۔ ایک ہی بات کہے جانا ۔ ایک ہی راگ گائے جانا ۔

Have a person on a string کسی کی نکیل ہاتھ میں ہونا ۔

Have two strings to one's bow ۔ ایک پنتھ دو کاج ۔ دوہرا فائدہ رکھنا ۔

Highly strung person جو نہایت بے چین ہو ۔ جس کے اعصاب میں تناؤ ہو ۔

Pull the strings ۔ دوسرے شخص کے افعال کا محرک ہونا ۔

String up (بول چال) پھانسی دینا ۔

Touch a string کوئی جذبہ بیدار کر دینا ۔

Stringent (strin-jənt) *adj.* Tight, rigorous ۔ شدید ۔ قاعدے ضابطے میں سخت ۔ روپیہ کا بازار میں کم ہونا جس کی وجہ سے معاملہ کرنا مشکل ہو ۔

Stringency *n.* کڑا پن ۔ ضابطہ میں سختی ۔ سختی ۔

Stringently *adv.* تشدد سے ۔ سختی سے ۔

Stringer (string-ər) *n.* One who makes strings رسی اور ڈوری بنانے والا ۔ رسیاں بٹنے والا ۔ فیتہ یا بند لگانے والا ۔ شہتیر یا تختہ جس میں سیڑھی کے ڈنڈے جڑے ہوئے ہوں ۔

Stringy (string-i) *adj.* Consisting of small threads نسیلا ۔ ریشہ دار ۔ لمبے ریشوں کا جس پر لس دار تہہ جم گئی ہو ۔

Stringiness *n.* لسدار ہونا ۔ ریشہ دار ہونا ۔

Strip (strip) *v.t. & i.* Pull, peel or bar off ادھیڑنا ۔ چھیلنا ۔ کھینچنا ۔ ننگا کرنا ۔ کسی چیز کا ساز و سامان الگ کر دینا ۔ درخت کی چھال اتارنا ۔ تمباکو کے ڈنٹھل الگ کرنا ۔ بیج کا مرغولہ الگ ہو جانا ۔ گائے یا بھینس کا پورا دودھ دوہ لینا ۔ گولی کا رائفل سے سیدھا نکلنا ۔

Strip cow پورا دودھ نکال لینا ۔

Strip one to the skin بالکل ننگا کر دینا ۔

Strip off چھیلنا ۔ اتارنا ۔

Stripper (strip-ər) *n.* One who strips بے نقاب کرنے والا ۔ ننگا کرنے والا ۔ مشین جس سے چھال اتاری جائے یا تمباکو کے ڈنٹھل الگ کئے جائیں ۔

Strip (strip) *n.* A long narrow piece دھجی ۔ پٹی ۔ لمبا پتلا ٹکڑا ۔ کاغذ کی چٹ ۔ زمین یا باغ کا لمبا سا قطعہ ۔

Stripe (strīp) *n.* A blow with a lash, a striped cloth ـ کوڑے کی مار ـ موٹی لکیر ـ دھاری ـ چوڑی کوڑے کی سزا (بول چال) شیر ـ پشت باگھ ـ
Get one's stripes ـ (فوجی) ترقی پانا ـ عہدہ کی پٹی پانا
Stripy *adj.* ـ پٹی دار ـ دھاری دار
Stripling (stripl-ing) *n.* A youth, one yet growing ـ نوجوان لڑکا
Strive (strīv) *v. i.* Contend, struggle ـ محنت کرنا ـ جانفشانی کرنا ـ بے حد کوشش کرنا ـ زور مارنا ـ مقابلہ کرنا ـ قابو پانے کی کوشش کرنا ـ
Strode (strōd) *v.t.* Stride دیکھو
Stroke (strōk) *n.* Act or mode of striking چوٹ ـ ضرب ـ وار ـ ہلہ ـ حملہ ـ استادی ہاتھ ـ قلم کی جنبش ـ شوشہ یا لکیر ـ گھنٹہ بجنے کی آواز ـ کھویوں کی ٹولی جو ایک ساتھ ہاتھ چلائے ـ
Stroke of luck ـ خوش نصیبی ـ حسن اتفاق
With a stroke of pen ـ ایک جنبش قلم سے
Stroke (strōk) *v.t. & n.* Rule gently, smooth, flatter ـ تھپکنا ـ سہلانا ـ ہاتھ پھیرنا ـ غصہ دلانا ـ ایسی باتیں کہنا کہ غصہ آ جائے ـ سہلانے تھپکنے کا عمل ـ
Stroke one's hair the wrong way غصہ دلانے والی باتیں کہنا ـ
Strokingly *adv.* ـ سہلاتے ہوئے ـ تھپکتے ہوئے
Stroll (strōl) *v.i., t. & n.* Wander, walk leisurely سیر کرنا ـ چہل قدمی کرنا ـ گشت لگانا ـ سیر ـ گشت ـ چہل قدمی ـ ہوا خوری ـ
Stroller *n.* ـ سیر کرنے والا ـ ٹہلنے والا
Strong (strong) *adj. & n.* Powerful, forceful مضبوط ـ مستحکم ـ ٹھوس ـ سخت ـ پختہ ـ استوار ـ طاقتور ـ قوی ـ توانا ـ زبردست ـ با اثر ـ با اقتدار ـ قابل ـ لائق ـ مدلل ـ موثر ـ گہرا ـ وہ فعل جس کا صیغہ ماضی حرف علت کے بدلنے سے بنتا ہے ـ
Gave strong support ـ پر زور حمایت کی
Going strong (بول چال) زوروں پر ہے ـ کام خوب چل رہا ہے ـ بہت تندرست ہے ـ
Stronghold ـ کسی نظریہ کا مرکز ـ کوٹ ـ گڑھ ـ قلعہ ـ

Strong language ـ ہتک آمیز الفاظ ـ سخت الفاظ
Strongish *adj.* ـ خاصہ تندرست ـ کسی قدر مضبوط ـ قدرے سخت ـ
Strong water ـ شراب
Strop (strop) *n. & v.t.* A strip of leather for sharpening razors چمڑے کا ٹکڑا جس پر استرا تیز کرتے ہیں ـ استرا تیز کرنے کی مشین ـ چمڑے پر استرا تیز کرنا ـ
Strophe (strōf-i) *n.* A song sung by two parties in a Greek play ایک قسم کا گیت جو یونانی ناٹک میں دو جماعتیں گاتی تھیں ـ
Strove (strōv) *v.t.* Strive دیکھو
Struck (struk) *v.t* Strike دیکھو
Structure (struk-tyər) *n.* Manner or act of putting together, form ـ ساخت ـ بناوٹ ـ وضع ـ ڈھانچہ ـ ترکیب ـ تعمیر ـ عمارت ـ
Structural *adj.* ـ ساخت یا بناوٹ کے متعلق
Structureless *adj.* ـ بے ہنگم ـ بے ترکیب ـ بے وضع
Struggle (strug-l) *v. i. & n.* Strive vigorously جد و جہد کرنا ـ ہاتھ پاؤں مارنا ـ سخت کوشش کرنا ـ ایڑیاں رگڑنا ـ کشمکش کرنا ـ کشمکش ـ جد و جہد ـ سخت کوشش ـ گھمسان کی لڑائی ـ
Struggler *n.* ہاتھ پاؤں مارنے والا ـ جد و جہد کرنے والا ـ
Struggling *adj.* سخت کوشش کرتے ہوئے ـ جدو جہد کرتے ہوئے ـ
Strum (strum) *v.t. & i.* Play in a haphazard manner پیانو وغیرہ اناڑی پن سے بجانا ـ بے قاعدہ بجانا ـ
Struma (stroo-mä) *n.* Scrofula ـ خنازیر ـ کنٹھ مالا ـ گلٹی ـ
Strumpet (strum-pit) *n.* A whore ـ فاحشہ عورت ـ رنڈی ـ کسبی ـ
Strung (strung) *v.t* String دیکھو
Strut (strut) *v. i. & n.* Stand stiffly upright, walk in vanity اکڑ کر چلنا ـ تن کر کھڑے ہونا ـ اترانا ـ اکڑنا ـ
Struttingly *adv.* ـ گھمنڈ کرتے ہوئے ـ اتراتے ہوئے ـ اکڑتے ہوئے ـ

Struthious (stroo-thi-əs) *adj.* Like an ostrich شتر مرغ کا سا - شتر مرغ کی طرح -

Strychnia-nine (strik-nen) *n.* A poison got from nux vomica seeds کچلا - ایک زہریلی دوا -

Strychnic *adj.* کچلے کا -

Stub (stub) *n.* & *v.t.* A short thick nail ٹھونٹھ - کندہ - موٹا کیلا - دانت کی جڑ - پنسل کا ٹکڑا - سگار یا سگریٹ کا ٹکڑا - ٹھونٹھ کو جڑ سے اکھاڑ دینا -

Stub one's toe ٹھوکر سے پیر کی انگلی کا زخمی ہو جانا -

Stubby *adj.* ٹکڑے کا سا - ٹھونٹھ کا سا -

Stubble (stub-l) *n.* A stump of reaped corn پودوں کے ٹھونٹھ جو کھیت میں باقی رہ جاتے ہیں - خشختی بال - خشخشی داڑھی -

Stubborn (stub-ərn) *adj.* Obstinate ضدی - ہٹیلا - سرکش - ثابت قدم - مضبوط - اڑیل - سخت - کڑا -

Facts are stubborn things واقعات کڑی چیزیں ہیں ان کو توڑا مروڑا نہیں جا سکتا -

Stubbornly *adv.* ضد سے - تمرد سے - سختی سے -

Stubbornness *n.* اڑیل پن - سرکشی - ضدی ہونا -

Stucco (stuk-ō) *n.* A plaster used for coating walls ایک طرح کا استر کاری کا مسالہ - سنگ مرمر کا چونا -

Stuck-up (stuk) *n.* A thrust وار - خود رائے آدمی -

Stud (stud) *n.*, *v.t.* & *i.* A stump, a spur, link پھولدار کیل - گھنڈی - گل میخ - جہاز کی زنجیروں کی دو نوکی کیل - گلے کا بٹن - میخیں بنانا یا جڑنا - جا بجا ہونا - بکھرا ہوا ہونا -

Stud (stud) *n.* A horse-breeding establishment گھوڑوں کی نسل کشی کا ادارہ - جہاں بہت سی گھوڑیاں اور گھوڑے ہوں - ایسے گھوڑوں کے رہنے کا مقام -

Student (stū-dənt) *n.* One who studies طالب علم - تلمیذ - شاگرد - پڑھنے والا - کسی علم یا فن کا مطالعہ کرنے والا -

Studentship *n.* طالب علمی -

Studio (stū-di-ō) *n.* An artist's workshop مصور یا نقاش کی کارگاہ - فوٹوگرافر یا فلم سازی دوکان - وہ کمرہ جس میں فلم سازی کے لیے سامان مہیا کیا جاتا ہے - ریڈیو اسٹیشن کا کمرہ جہاں فن کار بٹھائے جاتے ہیں -

Studious (stū-di-əs) *adj.* Devoted to study محنت کش - مطالعہ کا شائق - محنت سے پڑھنے والا - سرگرم - خاص کوشش کرنے والا - دل سے چاہنے والا - غیر معمولی -

Studiously *adv.* سرگرمی سے - محنت سے -

Studiousness *n.* کتب بینی - مطالعہ کا شوق -

Study (stud-i) *n.* Acquirement of knowledge مطالعہ - تلاش - تحصیل علم - کتب بینی - غور و فکر - سوچ بچار - مطالعہ کے قابل چیز - مطالعہ گاہ - کام کرنے کا کمرہ -

Is in a brown study محویت کے عالم میں -

Make a study of مطالعہ کرنا - تحقیق کرنا -

Study (stud-i) *v.t.* & *i.* Seek to achieve, consider, scrutinise سوچنا بچارنا - غور و فکر کرنا - تحقیق کرنا - تحصیل علم میں مصروف ہونا - فکر میں ڈوبا ہوا ہونا - کسی چیز میں محو ہونا - اہتمام کرنا - خاص خیال رکھنا -

Studied *adj.* تصنع یا توقف کا - قصداً کیا ہوا - ارادتاً کیا ہوا -

Stuff (stuf) *n.*, *v.t.* & *i.* Matter, substance, essence اسباب - سامان - مسالہ - چیز - شے - خام جنس - ادنیٰ کپڑا - فضول چیز - مہمل بات - (بول چال) روپیہ پیسہ - ٹھوس ٹھوس کر بھرنا - بہت سا کھا جانا -

Food stuffs اشیائے خوردنی -

Stuffed fowl مسالہ بھر کر پکایا ہوا مرغ -

Stuffing *n.* بھرنے کی چیز -

Stuffy (stuf-i) *adj.* Badly ventilated ہوا بند - دم گھٹنے والا - (امریکہ) روٹھا ہوا - ناراض - کبیدہ خاطر -

Stultify (stul-ti-fī) *v.t.* Cause to appear foolish بے وقوف بنانا - مضحکہ اڑانا - اپنے قول کی خود تردید کرنا - تضحیک کرنا -

Stultification *n.* تضحیک - تردید -

Stum (stum) *n.* & *v.t.* Grape juice unfermented انگور کا رس یا شیرا ۔ کچی انگوری شراب ۔ ایسی شراب جس میں خمیر نہ اٹھے ۔ جوش نہ آنے دینا ۔ جوش ٹھنڈا کرنے کی دوا ڈال دینا ۔

Stumble (stum-bl) *v.i.* Take a false step, come near to falling ٹھوکر کھانا ۔ چوکنا ۔ الجھنا ۔ بگڑنا ۔ پس و پیش کرنا ۔ تامل کرنا ۔ اتفاق سے معلوم کر لینا ۔

Stumble along ٹھوکر کھاتے ہوئے چلنا ۔

Stumbling block اڑچن ۔ رکاوٹ ۔ سنگ راہ ۔

Stumblingly *adv.* ٹھوکریں کھاتے ۔ گرتے پڑتے ۔

Stumer (stū-mər) *n.* A counterfeit coin or note جعلی سکہ ۔ جعلی نوٹ ۔

Stump (stump) *v.t., i.* & *n.* The part of a felled tree left in the ground ٹھونٹھ ۔ ٹنڈ ۔ پنسل کا ٹکڑا ۔ سگار کا ٹکڑا ۔ پرانا برش ۔ (کرکٹ) وکٹ کے ڈنڈے ۔ چھوٹا بیلن ۔ اکڑی ہوئی ٹانگوں سے کھٹ پٹ کرتے ہوئے چلنا ۔ چکرا دینا ۔ کھلاڑی کو وکٹ میں گیند مار کر آؤٹ کر دینا ۔ (بول چال) وکٹ کیپر ۔ مطالبہ ادا کر دینا ۔ سیاسی تقریر شائع کرنا ۔

I am stumped مجھے کچھ سجھائی نہیں دیتا ۔ میں چکر میں ہوں ۔

Stump oratory سیاسی تقریر بازی ۔

Stumper *n.* مشکل مسئلہ ۔ ٹیڑھا سوال ۔

Stumpy (stum-pi) *adj.* & *n.* Short and thick چھوٹی اور موٹی ۔ پستہ قد اور موٹا آدمی ۔

Stumpiness *n.* پستہ قد اور گٹھیلا ہونا ۔

Stun (stun) *v.t.* Render unconscious as by a blow چکرا دینا ۔ بے ہوش کر دینا ۔ اس قدر متاثر کرنا کہ چکر کھا کر گر پڑے ۔ کمر توڑ دینا ۔

Stunner *n.* غضب کا حسین یا قابل ۔ نہایت اعلیٰ درجہ کی چیز ۔

Stunning *adj.* نہایت اعلیٰ ۔ بلا کا ۔ نہایت عمدہ ۔

Stunningly *adv.* حیرت زدہ کرتے ہوئے ۔ بے انتہا ۔ بے حد ۔

Stung (stung) *v.t.* دیکھو Sting

Stunk (stunk) *v.t.* دیکھو Stink

Stunt (stunt) *n.* A difficult and showy performance اعلیٰ کام ۔ حیرت زدہ کرنے والا کام ۔ کمال کا کام جو شہرت کے لیے کیا جائے ۔

Stupe (stūp) *n.* & *v.t.* A medicated piece of tow or cloth used in fomentation گرم پانی سے سینکنے کا فلالین کا کپڑا ۔ زخم پر باندھنے کی پٹی ۔ کپڑے سے سینکنا ۔

Stupe (stūp) *n.* An idiot بے وقوف ۔ احمق ۔ بدھو ۔

Stupefy (stū-pi-fi) *v.t.* Make stupid بے ہوش کرنا ۔ دماغ مختل کرنا ۔ مد ہوش کرنا ۔

Stupefacient *adj.* & *n.* سن کرنے والی ۔ مخدر دوا ۔

Stupefaction *n.* بد حواسی ۔ بے ہوشی ۔ مد ہوشی ۔

Stupefactive *adj.* بے ہوش کرنے والی ۔ سن کرنے والی ۔ مخدر ۔

Stupefier *n.* بے ہوش کرنے والا ۔ مخبوط کرنے والا ۔

Stupendous (stū-pen-dəs) *adj.* Astounding عظیم الشان ۔ حیرت افزا ۔ عظیم ۔ نہایت سخت ۔ سنگین ۔

Stupendously *adv.* بے حد ۔ نہایت ۔ حیرت انگیزی سے ۔

Stupendousness *n.* حیرت انگیزی ۔ بڑائی ۔ عظمت ۔

Stupid (stū-pid) *adj.* Showing lack of reason or judgement بے خبر ۔ بے خود ۔ مد ہوش ۔ مخبوط ۔ کند ذہن ۔ غبی ۔ کودن ۔ بے وقوف ۔

Stupidity *n.* کند ذہنی ۔ بے خبری ۔ بے وقوفی ۔

Stupidly *adv.* نادانی سے ۔ بے ہودگی سے ۔ بے وقوفی سے ۔

Stupor (stū-pər) *n.* Torpor, lethargy بے ہوشی ۔ بے حسی ۔ استعجاب کی حالت جب منہ کھلا کا کھلا رہ جائے ۔

Stuporous *adj.* بے ہوشی کرنے والی ۔ مخدر ۔

Sturdy (stur-di) *adj.* Robust, rough, resolute زور آور ۔ مضبوط جسم کا ۔ گٹھا ہوا ۔ سخت ۔ زبردست ۔

Sturdily *adv.* زور شور سے ۔ زبردستی سے ۔ سینہ زوری سے ۔

Sturdiness *n.* زور آوری ۔ مضبوطی ۔

Sturdy (stur-di) *n.* A disease of sheep بھیڑوں کی دوران سر کی بیماری ۔

Sturgeon (stur-jən) *n.* A kind of big fish شارک کی طرح کی ایک بڑی مچھلی ۔

Stutter (stut-ər) *v.i., t. & n.* Stammer اٹک اٹک کر بولنا - ہکلانا - بات کرنے میں رکنا - ہکلانے کی عادت -
Stutterer *n.* رک رک کر بولنے والا - ہکلا -
Stutteringly *adv.* رک رک کر بولتے ہوئے - ہکلا ہکلا کر -

Sty (stī) *v.t., i. & n.* A pen for swine سور باڑہ - گندا مقام - چکلا - کسبی خانہ - گندے مکان میں رہنا یا رکھنا -

Sty (stī) *n.* A small inflamed tumour on the eye-lid پھنسی جو آنکھ کے پپوٹے میں نکلتی ہے - کرنجی -

Stygian (stij-i-ən) *adj.* Of the Styx جہنمی - دوزخی - جہنم کا ایک آتشیں دریا - تاریک - بھیانک -

Style (stīl) *n. & v.t.* A pointed pen for writing on vax tablets قدیم زمانہ کی لکھنے کی سلائی - قلم - پنسل - طرز تحریر - انداز تقریر - طرز ادا - طرز بیان - پورا نام یا خطاب - نام یا خطاب سے مخاطب کرنا -
Stylish *adj.* وضع دار - کسی خاص طرز کا -
Stylishly *adv.* خاص رنگ میں - امتیازی شان سے -
Stylishness *n.* منفرد رنگ - خاص انداز - امتیازی طرز -

Style (stīl) *n.* Slender part of the gynaeceum بیضہ دان کا تنگ حصہ - لوہے کی چھڑی جس سے دھوپ میں وقت معلوم کرتے تھے -

Stylist (stīl-ist) *adj.* Displaying style صاحب طرز - ایک خاص اسلوب رکھنے والا -
Stylistic *adj.* طرز تحریر کے متعلق - اسلوب بیان کے متعلق -

Stylize (stīl-īz) *v.t.* Give a particular style to a work of art فن لطیفہ کی کسی چیز کو خاص طرز پر ڈھالنا - کسی صاحب طرز کی پیروی کرنا -

Stylobate (stī-lo-bāt) *n.* The substructure of a row of columns ستونوں کی قطار کا بنیادی ڈھانچہ - ستونوں کی کڑی یا بیٹھک -

Stylograph (stī-lo-graf) *n.* A pencil like pen with a needle point سوئی قلم - ایک نوکیلا روشنائی کا قلم -

Styptic (stip-tik) *adj. & n.* Checking bleeding ادرار خون کو روکنے والی دوا -

Styx (sti-ks) *n.* A river of Hades دوزخ کا ایک دریا -

Suable (sōō-əbl) *adj.* That may be sued قابل نالش - دعوے کے قابل -

Suasion (swā-zhən) *n.* Persuasion سمجھانا بجھانا - فہمائش - تفہیم - ترغیب -
Suasive *adj.* تفہیمی - ترغیبی -

Suave (swāv) *adj.* Smooth, bland خوش خلق - شائستہ - نرم - شیریں - لطیف -
Suavity *n.* لطافت - شائستگی - نرمی -

Sub (sub) *n.* Abbreviation of subscription and substitute قائم مقام - چندہ - (بول چال) فوج کا معمولی افسر - قائم مقام -

Sub (sub) *prefix.* Under, below, away سابقہ - نیچے - تلے - زیر - تحت میں -

Sub-aerial (sub-a-ri-əl) *adj.* In the open air میدان میں -

Sub-agent (sub-a-gent) *n.* An assistant agent ایجنٹ کا ماتحت - ایجنٹ کا مددگار -
Sub-agency ذیلی دفتر - مددگار ایجنٹ کا دفتر -

Sub-agitation (sub-aji-ta-shən) *n.* Co-bedding مباشرت -

Sub-alpine (sub-al-pīn) *adj.* Bordering on Alpine کوہ ایلپس کے دامن میں -

Subaltern (sub-al-tern) *adj.* Assistant ماتحت - مطیع - محکوم -
Subalternate ماتحت - اپنی باری سے آنے والا -

Sub-apenine (sub-ape-nīn) *adj.* At the foot of Apenine mountain کوہ ایپی نائن کے نشیبی علاقہ کا -

Subbranch (sub-branch) *n.* A lower branch کسی بڑے ادارہ کی ذیلی شاخ -

Subbreed (sub-brēd) *n.* Lower breed ذیلی نسل کی نسل -

Subcentral (sub-sentr-l) *adj.* Below the centre مرکز کے قریب کا - مرکز کے نیچے کا -

Subcommittee (sub-kom-i-tē) *n.* A low committee formed by the higher one بڑی کمیٹی کی بنائی ہوئی ذیلی کمیٹی -

Subconscious (sub-kon-shəs) *adj.* Away from the focus of attention تحت الشعوری -

Sub-consciousness *n.* تحت الشعور ۔

Sub-consciously *adj.* بلا ارادہ ۔ تحت‌الشعوری طور پر ۔

Sub-continent (sub-konti-nənt) *n.* A big part of the continent ذیلی براعظم ۔

Sub-contract (sub-kon-trakt) *n.* Subletting of work ذیلی ٹھیکہ جو بڑا ٹھیکہ چھوٹے ٹھیکیداروں کو چھوٹے کاموں کے لیے دیتا ہے ۔

Sub-contractor ذیلی ٹھیکیدار ۔

Sub-contrary (sub-kont-rəri) *adj.* Contrary in an inferior degree کسی قدر مختلف ۔ کسی قدر تضاد کا حامل ۔ معمولی تضاد کا ۔

Sub-cordate (sub-kor-dāt) *adj.* Somewhat heart shaped قریب قریب دل کی شکل کا ۔

Sub-corneous (sub-kōr-ni-əs) *adj.* Horn-shaped سینگ کی قسم کا ۔ سینگ کی شکل کا ۔

Sub-costal (sub-kos-təl) *adj.* Near or under the rib پسلیوں کے قریب یا نیچے ۔

Subcutaneous (sub-kū-tā-ni-əs) *adj.* Under the skin جلد کے نیچے ۔

Subcylindrical (sub-si-len-dri-kəl) *adj.* Of the cylindrical shaped قریب قریب استوانی شکل کا ۔

Subdeacon (sub-de-kən) *n.* Assistant to deacon نائب پادری ۔ نیابت ۔

Sub-delerium (sub-de-le-ri-əm) *n.* Slight affect on brain خفیف ہذیان ۔ ہذیان کی ابتدا ۔

Sub-divide (sub-di-vid) *v.t.* & *i.* Divide into smaller divisions کسی علاقہ کو چھوٹے چھوٹے حلقوں میں تقسیم کرنا ۔ بڑے حصے کو چھوٹے چھوٹے حصوں میں تقسیم کرنا ۔

Sub-division (sub-di-vi-zhən) *n.* Lower division of a division قسمت کی ذیلی تقسیم ۔

Subduct (sub-dukt) *v.t.* Deduct ۔ نکال لینا ۔ گھٹانا

Sub-edit (sub-edit) *v.t.* Act as assistant editor ماتحت مدیر کی حیثیت سے کام کرنا ۔

Sub-editor (sub-edit-ər) *n.* Assistant editor مددگار مدیر ۔

Sub-equal (sub-e-kwal) *adj.* Additional تقریباً مساوی ۔ زائد ۔ امدادی ۔

Sub-family (sub-fami-li) *n.* A primary division of family خاندانی تقسیم جو کئی شاخوں پر مشتمل ہو ۔

Sub-genus (sub-je-nəs) *n.* A primary division of genus جنس کی تقسیم جو ادنیٰ انواع پر مبنی ہو ۔

Subglobular (sub-glob-ū-lər) *adj.* Nearly globular قریب قریب کروی ۔

Subgroup (sub-grōōp) *n.* Lower group بڑی جماعت کی ذیلی جماعت ۔

Sub-head (sub-hed) *n.* A subordinate head or heading ذیلی عنوان ۔ ذیلی سرخی ۔

Sub-heading *n.* ذیلی عنوان ۔ ضمنی سرخی ۔

Sub-human (sub-hu-mən) *adj* Below but near the human انسان سے کم مگر انسان سے قریب ۔

Sub-inspector (sub-in-spekt-ər) *n.* Assistant inspector نائب انسپکٹر ۔ مددگار مہتمم ۔

Sub-joint (sub-jo-i-nt) *n.* An inner joint ذیلی جوڑ جو جوڑ کے اندر ہو ۔

Sub-lease (sub-lēz) *n.* An under lease by the tenant شکمی پٹہ ۔

Sublet (sub-let) *v.t.* Under let by the tenant کرایہ دار یا پٹہ دار کا گھر یا زمین کا کچھ یا پورا حصہ دوسرے کو پٹہ پر دینا ۔

Sub-lieutenant (sub-ləf-ten-ənt) Assistant lieutenant نائب لفٹنٹ ۔ بحری فوج کا ایک چھوٹا افسر ۔

Sub-lingual (sub-ling-ū-əl) *adj.* Under the tongue تحت اللسانی ۔

Subman (sub-mən) *n.* A man whose faculties are not developed وہ انسان جس کے قویٰ نشو و نما سے محروم رہے ہوں ۔

Submarine (sub-ma-rin) *adj.* & *n.* Under the sea سمندر کے اندر کا ۔ آبدوز کشتی ۔

Submaster (sub-mas-tər) *n.* Assistant master مددگار مدرس ۔

Sub-mental (sub-ment-əl) *adj.* Below the chin ٹھوڑی کے نیچے کا ۔

Sub-mountain (sub-mownt-ən) *n.* Foot of mountain دامن کوہ ۔

Sub-multiple (sub-multi-pl) *n.* An aliquot part وہ عدد جس کو کسی دوسرے صحیح عدد سے ضرب دینے سے عدد معلوم حاصل ہو ۔

Subnarcotic (sub-nar-kō-tik) *adj.* Narcotic in a lower degree قدرے سن کرنے والی ۔ کسی قدر مخدر ۔ کسی قدر خواب آور ۔

Subnormal (sub-normal) *adj.* Below normal معمول سے کم ۔ طبعی حالت سے کم ۔

Subocular (sub-ok-ū-lər) *adj.* Under the eye آنکھ کے نیچے کا ۔

Suborbital (sub-orb-i-təl) *adj.* Below the orbit of the eye خانہ چشم کے نیچے کا ۔

Suboval (sub-o-vəl) *adj.* Slightly oval کسی قدر بیضوی ۔

Subpleural (sub-plū-rəl) *adj.* Below the lungs پھیپھڑے کے پردے کے نیچے کا ۔

Subpolar (sub-pol-ər) *adj.* Nearly polar قطبین کے قریب کا ۔ قطبین کا سا ۔

Subramose (sub-ra-mōs) *adj.* Branchial کسی قدر شاخدار ۔

Subsaturated (sub-sa-tū-ratd) *adj.* Slightly saturated جذب کیا ہوا ۔ کسی قدر پر آب ۔

Subsaturation (sub-sa-tū-rā-shən) *n.* Soaking of the subsoil کسی قدر انجذاب ۔

Subsection (sub-sek-shən) *n.* A division of section کسی شعبہ کا ذیلی شعبہ ۔

Subsoil (sub-so-il) *n.* Broken up rock underlying the soil اوپر کی زمین کے نیچے کی کنکریلی پرت ۔

Substation (sub-sta-shən) *n.* A subordinate station چھوٹا اسٹیشن ۔ ذیلی مرکز ۔

Sub-stratum (sub-stra-təm) *n.* Layer below the surface کسی طبقے کے نیچے کا طبقہ ۔

Substructure (sub-struk-tur) *n.* A foundation عمارت کا بنیادی حصہ ۔ بنیاد ۔

Subtenant (sub-te-nənt) *n.* The tenant of a tenant پٹہ دار کا شکمی دار ۔

Subtenancy (sub-te-nən-si) *n.* The tenancy of a tenant پٹہ دار کی شکمی پٹہ داری ۔

Subterranean (sub-tə-ra-ni-ən) *adj.* Underground خفیہ ۔ زمین دوز ۔ زیر زمین ۔

Subtitle (sub-titl) *n.* An additional or second title ضمنی نام ۔ دوسرا نام ۔

Subtropical (sub-tro-pik-əl) *adj.* Nearly tropical منطقہ حارہ سے ملا جلا ۔ منطقہ حارہ کے قریب کے جانور پودے یا آب و ہوا ۔

Subvariety (sub-var-ī-ti) *n.* A variety of variety ذیلی قسم کی ذیلی قسم ۔

Subvitreous (sub-vit-ri-əs) *adj.* Partly vitreous شیشے سے ملتا جلتا ۔ شیشے کی طرح کا ۔

Subaltern (sub-əlt-ərn) *adj.* & *n.* A lower military officer کم درجہ کا ماتحت افسر ۔ وہ قضیہ جو کسی کلیہ کے ذیل میں آتا ہو ۔ معمولی فوجی افسر ۔

Subaudition (sub-a-di-shən) *n.* Addition in recitation اپنی طرف سے کسی تحریر میں الفاظ کا اضافہ کر کے پڑھنا ۔ مخفی معانی سمجھ لینا ۔

Subduce-ct (sub-dūs) *v.t.* Withdraw نکال دینا ۔ علیحدہ کرنا ۔ الگ کرنا ۔

Subduction *n.* منہائی ۔ تفریق ۔ علیحدگی۔

Subdue (sub-dū) *v.t.* Overcome, overpower تسخیر کرنا ۔ مطیع کرنا ۔ فتح کرنا ۔ قابو پا جانا ۔ مدھم کرنا ۔ ہلکا کرنا ۔ کم کرنا ۔

Subduable *adj.* قابل تسخیر ۔

Subdual *n.* تسخیر ۔

Subdued *adj.* مغلوب ۔ ہلکا ۔ مسخر ۔

Subduedness *n.* ملائمت ۔ ہلکا پن ۔ دھیا پن ۔

Subduple (sub-du-pl) *adj.* Of one of the two parts دو حصوں میں سے ایک حصہ کا ۔

Subduplicate *n.* جس میں رقوم نسبتی کے جذر کی نسبت ہو ۔ ذیلی مثنیٰ ۔

Subereous (sub-ə-res) *adj.* Corky کارک کی طرح کا ۔ کارک جیسا ۔

Subjacent (sub-ja-sənt) *adj.* Underlying ۔ تہہ میں تلے ۔ نیچے ۔

Subject (sub-jikt) *adj.* & *adv.* Under rule or control ۔ ماتحت ۔ محکوم ۔ مطیع ۔ تابع ۔ مغلوب ۔ مشروط قاسد مادہ رکھنے والی بیماری کا ۔

Subject (sub-jikt) *n.* One who is subject رعیت ۔ رعایا ۔ (قواعد) فاعل ۔ مبتدا ۔ موضوع ۔ ذات ۔ موضوع بحث ۔ چیز ، بات ، شخص ۔

Subject matter موضوع ۔ امر زیر غور ۔

Subject of suit بنائے دعوئی ۔

Subject for ridicule مضحکہ خیز شخص یا چیز ۔ موضوع تمسخر ۔

Subject for rejoicing خوش کن بات ۔

Subject (sub-jikt) *v.t.* Subordinate, make a subject حلقہ بگوش کرنا ۔ مطیع بنانا ۔ مغلوب کرنا ۔ موضوع بنانا ۔ کوئی عمل کرنا ۔

Subjection *n.* محکوم بنانا ۔ تسلط ۔ محکومی ۔

Subjective (sub-jikt-iv) *aaj.* Of the subject موضوعی ۔ نفسی ۔ فاعلی ۔ داخلی ۔ ذہنی ۔

Subjectively *adv.* داخلی طور پر ۔

Subjectiveness } *n.* ذہنیت ۔ داخلیت ۔

Subjectivity } *n.* داخلی کیفیت ۔

Subjectivism (sub-jekt-i-vizm) *n.* Doctrine that all knowledge is subjective یہ نظریہ کہ علم محض داخلی چیز ہے ۔ خارج سے اس کا تعلق نہیں اور نہ خارج اس کا معیار ہے ۔ داخلیت ۔

Subjoin (sub-jo-in) *v.t.* Make an addition at the end آخر میں اضافہ کرنا ۔ ضمیمہ لگانا ۔ آخر میں شامل کر دینا ۔

Subjugate (sub-jōō-gāt) *v.t.* Bring under the yoke محکوم بنانا ۔ مغلوب کرنا ۔ تسخیر کرنا ۔ مطیع کرنا ۔

Subjugable *adj.* محکوم بنانے کے قابل ۔ قابل تسخیر ۔

Subjugation *n.* تابعداری ۔ محکومی ۔

Subjugator *n.* مطیع کرنے والا ۔ مغلوب کرنے والا ۔

Sublimate (sub-lim-āt) *v.t.* Elevate, sublime دوا کا جوہر نکالنا ۔ تبخیر کے بعد پھر منجمد کرنا ۔ پاکیزہ یا برتر بنانا ۔ ترقی دینا ۔ کسی چیز کو پوری شکل میں دیکھنا یا دکھانا ۔

Sublimation *n.* کسی چیز کا جوہر اڑانا ۔ بہتری ۔ ترقی ۔ ارتقا ۔

Sublimate (sub-lim-āt) *adj.* & *n.* Changed from solid to vapour اڑایا ہوا جوہر ۔ جوہری ۔ بھاپ بنایا ہوا ۔ جوہر ۔ بھاپ ۔

Sublime (səb-lim) *adj.* Exalted, lifted high بلند ۔ رفیع ۔ اونچا ۔ برتر ۔ انتہائی ۔ سطح کے قریب ۔ نہایت ۔ بے حد ۔ بلند نظری سے ۔

Sublimely *adv.* بلند نظری سے ۔ رفعت کے ساتھ ۔

Sublimity *n.* ارتقائی عروج ۔ بلندی ۔ رفعت ۔

Sublime (səb-lim) *v.t.* & *i.* Raise aloft, exalt بلند کرنا ۔ جوہر اڑانا ۔ تہذیب ہونا ۔ بلندی پر پہنچنا ۔ رفیع یا برتر ہونا ۔

Subliminal (sub-lim-in-əl) *adj.* Subconscious تحت الشعوری ۔

Sub-lunar (sub-loon-ər) *adj.* Earthly خاکی ۔ دنیاوی ۔ زیر فلک ۔

Submerge (səb-mərj) *v.t.* & *i.* Sink, put under the surface غرق ہونا ۔ ڈوبنا ۔ تہہ آب ہونا ۔ غوطہ لگانا ۔ سمندر کی تہہ میں چلے جانا ۔

Submergence-sion *n.* تہہ آب ہونا ۔ ڈوبنا ۔ غرقابی ۔

Submerse (səb-mərs) *v.t.* & *adj.* Submerge, growing under water تہہ آب ہونا ۔ غرقاب ہونا ۔ پانی کے اندر بڑھنا ۔

Submersed *adj.* جو تہہ آب ہو ۔

Submersible *adj.* جو تہہ آب ہو سکے ۔ قابل غرقابی ۔

Submission (səb-mish-ən) *n.* Act of submitting, reference, surrender تسلیم ۔ اطاعت ۔ فرمانبرداری ۔ رضا جوئی ۔ توکل (قانون) گزارش ۔ معروضہ ۔

Submissive *adj.* اطاعت گزار ۔ فرمانبردار ۔

Submissively *adv.* اطاعت شعاری سے ۔ فرمانبرداری سے ۔

Submissiveness *n.* فروتنی ۔ عاجزی ۔ انکسار ۔

Submit (səb-mit) *v.t.* & *i.* Yield, resign اطاعت اختیار کرنا ۔ اپنے آپ کو حوالے کرنا ۔ عرض کرنا ۔ گزارش کرنا ۔ مان لینا ۔ برداشت کرنا ۔

Subordinate (səb-ord-i-nāt) *adj.* & *n.* Lower in rank ماتحت ۔ تابع ۔ کم درجہ کا ۔ کم حیثیت کا ۔

Subordinate (səb-ord-i-nāt) *v.t.* Place in a lower order ماتحت کرنا ۔ زیر حکم کرنا ۔ کم درجہ کا قرار دینا ۔

Subordination *n.* ماتحتی ۔ انقیاد ۔ اطاعت ۔

Subordinative *adj.* زیر حکم ۔ تابع ۔ ماتحت ۔

Suborn (səb-orn) *v.t.* Bribe, procure by stealthy means - رشوت دینا - کوئی خلاف قانون کام کرانا - نا جائز ذرائع سے حاصل کرنا -

Subpoena (sə-pē-nȧ) *n.* & *v.t.* A writ commanding attendance in court - عدالت کا سمن - حکم عدالت - سمن جاری کرنا - سمن کی تعمیل کرنا -

Subreption (sub-rep-shən) *n.* Procuring an advantage by concealing the truth اخفائے حقیقت سے فائدہ اٹھانا - غلط بیانی سے کوئی چیز حاصل کرنا - فریب سے معافی حاصل کرنا - اخفائے شہادت -

Subrogation (sub-rō-gā-shən) *n.* Substitution (قانون) کسی شخص کی جگہ دوسرے کو حقدار قرار دینا -

Subscribe (səb-skrīb) *v.t.* & *i.* Contribute, declare in writing دستخط کرنا - کسی دستاویز یا فہرست میں اپنا نام لکھنا - اقرار نامے پر دستخط کرنا - حمایت کرنا - تائید کرنا - قائل کرنا یا ہونا - چندہ دینا - چندے سے جمع کرنا -

Subscriber *n.* رسالہ یا اخبار کا خریدار - دستخط کرنے والا - چندہ دینے والا -

Subscription (səb-skrip-shən) *n.* That which is subscribed, signature - دستخط - چندہ - تصدیق - اخبار کی قیمت -

Subsequent (sub-si-kwənt) *adj.* Following or coming after - آنے والا - بعد میں آنے والا - بعد کا -

Subsequence *n.* انجام - نتیجہ - بعد کا ہونا - متاخر ہونا -

Subsequently *adv.* آگے چل کر - بعد میں - مابعد - بعد ازیں -

Subserve (sub-sərv) *v.t.* Help forward - ذریعہ ہونا - مددگار ہونا - حکم برداری کرنا -

Subservient (sub-sərv-i-ənt) *adj.* Serving to promote معاون - مددگار - تابع -

Subservience *n.* مددگاری - حکم برداری - ماتحتی -

Subserviently *adv.* ذلت سے - خوشامدانہ - مددگارانہ طریقے سے - ماتحت کے طور پر -

Subside (səb-sīd) *v.i.* Settle, sink down دریا کا اتر جانا - گھٹ جانا - بیٹھ جانا - دب جانا - دھنس جانا - مدھم ہونا - فرو ہونا -

Sudsidence *n.* بیٹھ جانا - دھنسن - ٹھہراؤ - اتار -

Subsidiary (sub-si-di-ə-ri) *adj.* & *n.* Furnishing additional supplies - ماتحت - ذیلی - ضمنی - زائد - مددگار - معاون - امدادی فوج - ضمنی چیزیں - لوازم -

Subsidiary troops - کرائے کے سپاہی -

Subsidize (sub-si-diz) *vt.* Furnish with a regular allowance - امداد دینا - روپے سے مدد کرنا - فوجی مدد دینا -

Subsidy (səb-si-di) *n.* Assistance, aid رقم ... خاص جو بادشاہ کو خزانہ عامرہ سے دی جاتی تھی - محصول خاص - رقم امداد -

Subsist (səb-sist) *v.i.* Have existence, remain ہونا - رہنا - وجود رکھنا - باقی رہنا - ٹھہرنا - گزر کرنا - بسر کرنا - گزر اوقات کرنا - خوراک مہیا کرنا -

Subsistence *n.* خوراک - مدد معاش - وظیفہ - ہستی - وجود -

Subsistent *adj.* جبلی - موجودہ - ہستی کا - ذاتی -

Substance (sub-stəns) *n.* That in which attributes exist وہ جس میں صفات کا ظہور ہو - جوہر - اصل - مغز - نچوڑ - مادہ - ہیولیٰ - مال - جائداد - دولت - املاک -

Man of substance صاحب جائداد -

I agree with you in substance میں حقیقی امور میں تم سے متفق ہوں -

Substantial (səb-stan-shl) *adj.* Essential - معقول - واقعی - اصلی - اہم - خاص اہمیت رکھنے والا - محکم - کھاتا پیتا - آسودہ حال - نفس امر کے لحاظ سے کافی -

Substantiality *n.* اہمیت - حیثیت - واقفیت - اصلیت -

Substantially *adv.* استواری سے - معقول حد تک - دراصل - در حقیقت -

Substantialize (səb-stan-shi-ə-līz) *v.t.* Give reality to, make real حقیقی بتانا - حقیقی باور کرنا - اصلیت کا جامہ پہنانا - وجود میں لانا - اصل یا حقیقی بن جانا -

Substantiate (səb-stan-shi-āt) *v.t.* Prove to be real - پیدا کرنا - وجود میں لانا - حقیقی ثابت کرنا - دلائل پیش کرنا -

Substantiation *n.* ثبوت اصلیت - ثبوت -

Substantive *adj.* پختہ ۔ اصلی ۔ پر مغز ۔ اثباتی ۔ مستقل بالذات ۔ وجود یا ہستی ظاہر کرنے والا ۔

Substantive enactment باقاعدہ قانون ۔ اثباتی ضابطے ۔

Substantive motion اہم تحریک ۔

Substantive rank مستقل عہدہ ۔

Substantial *adj.* ذات حق کا ۔ اسم ذات کا ۔

Substantially *adv.* در حقیقت ۔ مستقل حیثیت سے ۔ بالذات ۔

Substantively (səb-stan-tiv-li) *adv.* In a substantial manner ذات کے طور پر ۔ مستقل طور پر ۔

Substitute (sub-sti-tut) *v.t.* & *n.* One put in place of another ۔ بدل ۔ قائم مقام ۔ عوضی ۔ قائم مقام بنانا بدل قرار دینا ۔

Substitution *n.* تبادلہ ۔ قائم مقامی ۔

Substitutional *adj.* قائم مقامانہ ۔

Substitutive *adj.* عوضی کا ۔ قائم مقامی کا ۔

Subsume (sub-sūm) *v.t.* State as minor premiss. to include in something larger کسی قاعدے کے تحت لانا ۔ قضیہ صغریٰ قائم کرنا ۔ اس ضمن میں دوسری چیزوں کو داخل کرنا ۔

Substratum (sub-stra-təm) *n.* Lower layer سطح زمین کی نیچے کی تہہ ۔

Subtend (sub-tend) *v.t.* Be opposite to ۔ محاذی ہونا مخالف ہونا ۔ مقابل ہونا ۔

Subtense (səb-tens) *n.* A subtending line خط مقابل ۔ وہ خط جو کسی زاویے یا قوس کے مقابل ہو ۔

Subterfuge (sub-tər-fūj) *v.t.* & *n.* An evasive device عذر ۔ بہانہ ۔ حیلہ ۔ بات بنانا ۔ بہانہ کرنا ۔ ٹالنے کی ترکیب ۔

Subterranean (sub-tə-ra-ni-ən) *adj.* & *n.* Underground, dweller underground ۔ زمین کے نیچے زمین دوز ۔ زمین کے اندر رہنے والا ۔

Subtile (sub-tīl) *adj.* Subtle دیکھو

Subtilize *v.t.* & *i.* پتلا کرنا ۔ باریک کرنا ۔ سبک بنانا ۔ لطیف بنانا ۔

Subtility *n.* نزاکت ۔ لطافت ۔ باریک بینی ۔ موشگافی ۔

Subtilization *n.* نازک یا باریک بنانے کا عمل ۔

Subtle (sub-tle) *adj.* Fine, delicate, thin ہلکا ۔ نازک ۔ سبک ۔ لطیف ۔ باریک بین ۔ بلند تخیل ۔ کارگر تدبیر ۔ دیدہ ریزی کرنے والا ۔ عیار ۔ چالاک ۔

Subtlety (sub-tl-ti) *n.* Quality of being subtle لطافت ۔ نزاکت ۔ باریکی ۔ موشگافی ۔ ہوشیاری ۔ چالاکی ۔

Subtract (səb-trakt) *v.t.* Withdraw, withhold وضع کرنا ۔ تفریق کرنا ۔ گھٹانا ۔

Subtraction *n.* تفریق ۔ منہائی ۔

Subtractive *adj.* منہائی کا ۔ تفریقی ۔

Suburb (sub-ərb) *n.* A district adjoining town سواد شہر ۔ نواح شہر ۔ مضافات ۔ شہر کے آس پاس کا علاقہ ۔

Suburbia *n.* لندن کے مضافات کے باشندے ۔ نواح شہر کے رہنے والا ۔

Suburban *adj.* تنگ نظر ۔ قصباتی ۔ مضافاتی ۔ نواحی ۔

Subvention (səb-ven-shən) *n.* A grant of money in aid امداد ۔ اعانت ۔ امدادی رقم ۔ جو ریاستیں اپنے اخراجات اپنی آمدنی سے پورا نہیں کر سکتیں ہیں ان کو مرکز امداد دیتا ہے ۔

Subvert (səb-vərt) *v.t.* Overthrow, overturn تہ و بالا کرنا ۔ الٹ دینا ۔ تہس نہس کرنا ۔ برباد کرنا ۔ مذہب یا اخلاقی اصولوں کو بالائے طاق کرنا ۔

Subversion *n.* الٹ پلٹ ۔ تخریب ۔ بربادی ۔

Subversive *adj.* الٹ پلٹ کرنے والا ۔ مخرب اخلاق ۔

Succedaneum (suk-si-da-ni-əm) *n.* A substitute قائم مقام ۔ عوض ۔ بدل ۔ وہ چیز جو ضرورت کے وقت کسی دوسری چیز کا کام دے سکے ۔

Succedaneous *adj.* بدل ہونے کے لائق ۔ قائم مقامی کے قابل ۔

Succeed (sək-sēd) *v.t.* & *i.* Take the place of, come after ۔ جانشین ہونا ۔ پیچھے آنا ۔ بعد میں آنا ۔ کامیاب ہونا ۔ فروغ پانا ۔ مراد کو پہنچنا ۔ تخت نشین ہونا ۔ کسی تدبیر کا کارگر ہونا ۔

Success (sək-ses) *n.* Achievement, prosperity کامیابی ۔ بہرہ مندی ۔ حصول مقصد ۔ ترقی ۔ فروغ ۔ کامیاب شخص ۔ رٹا کر امتحان میں کامیاب کرانے والا معلم ۔

Nothing succeeds like success — جب ایک بار کامیابی ہو گئی تو پھر وہ ہوتی ہی چلی جاتی ہے -

Successful *adj.* بہرہ مند - کامیاب -

Succession (sək-sesh-ən) *n.* Coming into another's place تسلسل - تواتر - سلسلہ - جانشینی - دوسرے کی جگہ لینا - حق جانشینی -

A succession of disasters مصیبتوں کا تانتا - مصائب کا سلسلہ -

Law of succession قانون وراثت -

Successional *adj.* متواتر - مسلسل - جانشینی کے متعلق -

Successive (sək-se-siv) *adj.* One after another مسلسل - پیہم - متواتر -

Successively *adv.* یکے بعد دیگرے - پے در پے -

Successor (sək-se-sər) *n.* One who comes after جانشین - قائم مقام - وارث -

Succinct (suk-singkt) *adj.* Close fitting, concise جامع - چست - مختصر - پورا پورا -

Succinctly *adv.* مختصراً - اختصار کے ساتھ - جامع طور پر -

Succinctness *n.* ایجاز - اختصار - اجمال -

Succiverous (suk-si-ve-rəs) *adj.* Living on plant juice پودوں کے رس پر گزر کرنے والا -

Succose (suk-ōōs) *adj.* Full of juice رس سے بھرا ہوا -

Succour (suk-ər) *v.t.* & *n.* Aid in distress مصیبت میں مدد کرنا - آڑے وقت میں کام آنا - دست گیری کرنا - مدد - اعانت - دست گیری -

Succourless *adj.* بے حامی و ناصر - بے یارو مددگار - بے کس -

Succuba (suk-ū-bȧ) *n.* A devil supposed to assume a female body خبیث روح جو عورت بن کر نیند میں مردوں سے ہم بستر ہوتی ہے -

Succulent (suk-u-lənt) *adj.* Juicy شاداب - رسیلا - پر لطف - دلچسپ -

Succulence *n.* رس دار ہونا -

Succulently *adv.* تازگی سے - پر لطف طور پر -

Succumb (sə-kumb) *v.t.* Lie down, sink مطیع ہونا - دب جانا - مغلوب ہونا - شکار ہونا - نذر ہونا - مرنا -

Such (such) *adj.* Of that kind, of same kind ایسا - جیسا - ویسا - اس طرح کا - اس قدر - مذکورہ بالا - اعلیٰ درجے کا - یہ بات - یہ - وہ - انہیں - اسے -

All such اس قسم کے سب لوگ -

As such اس لحاظ سے -

Such a one کوئی شخص - فلاں شخص -

Such like اس قسم کی باتیں یا چیزیں - اس قسم کا -

Suck (suk) *v.t., i.* & *n.* Draw in with the mouth چوسنا - چسکی لگانا - ہونٹ لگا کر کھینچنا - ہونٹوں سے چوسنا - فائدہ حاصل کرنا - جذب کرنا - پستان یا تھن سے دودھ پینا - بچے کو دودھ پلانے کی باری - چسکی - گھونٹ - (بول چال) بچے - ناکامی - (وعدے کے بعد) ٹائیں ٹائیں فش - بھنور کا کسی شخص یا کشتی کو اندر کھینچنا -

Sucked orange وہ چیز جس میں پھوک ہی باقی رہ گیا ہو - رس نہ ہو -

Suck dry بالکل چوس لینا -

Suck one's brain دوسرے سے دماغی کام لے کر خود فائدہ اٹھانا -

Sucking *n.* شیر خوار -

Suck in جذب کرنا -

Suck out نچوڑنا -

Suck up چوسنا -

Sucker (suk-ər) *n., v.t.* & *i.* سور یا وہیل کا چھوٹا بچہ - چوسنے والا آدمی یا جانور - (امریکہ) نا تجربہ کار آدمی - چوسنے والی مچھلی - دودھ دوہنے کی پچکاری - شاخ جو جڑ سے پھوٹے - شاخیں پھوٹنا - پچکاری سے کھینچنا -

Suckle (suk-l) *v.t.* Give suck to چسانا - دودھ پلانا -

Suckling (sukl-ing) *n.* An unweaned child or animal شیر خوار - دودھ پیتا بچہ - جانور کا بچہ - گود کا بچہ -

Babies and sucklings نا تجربہ کار لوگ - ننھے بچے -

Suction (suk-shən) *n.* Act or power of sucking or of drawing دم کشی - کشش - کشش آب - کشش ہوا - بچوں کا دودھ پینا -

Suction chamber پچکاری کی نالی - آب کشی کا خانہ -

Suction pipe پچکاری کی نالی -

Suction pump کشش سے پانی کھینچنے والا پمپ -

Sudarium (s(y)ōō-də-ri-əm) *n.* A handkerchief معجزے کا رومال جس پر حضرت مسیح کی تصویر اتر آئی تھی - حضرت عیسیٰ کا رومال جو سر پر لپیٹتے تھے -

Sudatorium (s(y)ōō-də-to-ri-əm) *n.* A sweating room حمام کا گرم کمرہ جہاں خوب پسینہ آتا ہے - عرق خانہ -

Sudatory (s(y)ōō-də-tə-ri) *adj.* & *n.* Inducing sweating پسینہ لانے والی دوا - عرق آور -

Sudden (sud-n) *adj.* &. *n* Unexpected, without warning نا گاہ - اچانک - فوری - نہایت تیز - ایک دم سے کام کرنے والا -

Suddenly *adv.* اک دم سے - یکایک - اچانک -

Suddenness *n.* اچانک ہونا - یکایک ہونا -

Sudoriferous (s(y)ōō-dor-i-fe-rəs) *adj.* & *n.* Provoking sweat پسینہ لانے والی دوا -

Sudorific (s(y)ōō-dor-i-fik) *adj.* Causing sweat پسینہ لانے والی - عرق آور -

Suds (sud-z) *n.* Froth of soapy water صابون کے جھاگ -

Sue (s(y)ōō) *v.t.* & *i.* Prosecute at law دعویٰ کرنا - نالش کرنا - درخواست کرنا - گزارش کرنا - مقدمہ چلانا -

Suede (swād) *n.* Undressed kid بکرے کے بچے کی کھال جو کمائی نہ گئی ہو -

Suffer (suf-ər) *v.t.* Undergo, endure سہنا - برداشت کرنا - جھیلنا - مصیبت یا تکلیف اٹھانا - ملزم کا سزا پانا - اجازت دینا - گوارا کرنا - جائز خیال کرنا -

Sufferable *adj.* جو گوارا کیا جا سکے - قابل برداشت -

Sufferer *n.* نقصان اٹھانے والا - مصیبت زدہ - مظلوم -

Suffering *n.* مصیبت - تکلیف - دکھ -

Sufferance (suf-ər-ans) *n.* Endurance برداشت - تحمل - عجز - فروتنی -

On sufferance چشم پوشی کی بنا پر - بغیر اجازت -

Suffice (sə-fīs) *v.t.* Be enough, be adequate کفایت کرنا - کافی ہونا -

Sufficingly (sə-fīs-ing-li) *adv.* Adequately کافی طور پر -

Sufficiency (səfi-shi-ənsi) *n.* Being enough کافی ہونا - کفایت - قابلیت - لیاقت - استعداد - آسودگی - خوش حالی - کافی مقدار -

Sufficient (sə-fi-shənt) *adj.* Enough کافی - وافر - حسب ضرورت - لائق - قابل -

Sufficiently *adv.* کافی طور پر - بخوبی -

Suffix (suf-iks) *v.t.* & *n.* Make an addition, subjoin لاحقہ - لاحقہ لگانا - لفظ کے آخر میں اضافہ کرنا -

Suffocate (suf-ə-kāt) *v.t.* & *i.* Choke by stopping the breath گلا گھونٹنا - گلا گھونٹ کر سانس روک دینا - مار ڈالنا - دم گھٹنا - سانس رکنا -

Suffocatingly *adv.* دم رکتے ہوئے - دم گھونٹتے ہوئے -

Suffocation *n.* گلا گھونٹنا - حبس دم -

Suffragan (suf-rə-gən) *n.* An assistant بڑے پادری کا مددگار - نائب پادری -

Suffrage (suf-rij) *n.* Voting power, a prayer قول - رائے - ووٹ - دعا - دعائے شفاعت -

Manhood suffrage مردوں کی رائے دہندگی -

Adult suffrage بالغ رائے دہی -

Universal suffrage ہر مرد عورت کی رائے دہی - عام رائے دہی -

Suffragette (suf-rə-jət) *n.* Women seeking right of vote حق رائے دہی کی طلب گار عورت -

Suffragist (suf-rə-jist) *n.* A believer in universal suffrage عام حق رائے دہی کا حامی -

Suffuse (sə-fūz) *v.t.* Pour over کسی رنگ یا رطوبت کا چھا جانا - رنگ کرنا - رنگ پھیلانا -

Suffusion *n.* پھیلائی ہوئی چیز - چھا جانا - پھیلانا -

Sufi (sōō-fē) *n.* A Muslim mystic صوفی -

Sugar (shōōg-ər) *n.*, *v.t.* & *i.* A sweet substance شکر - کھانڈ - چینی - میٹھی باتیں - چرب زبانی - شکر ملانا - شکر سے میٹھا کرنا - چاپلوسی کی باتیں کرنا - سستی سے کام کرنا - بےگار ڈالنا -

Sugar basin شکر دانی -

Sugar candy قند - مصری -

Sugarcane نیشکر - ایکھ - گنا -

Sugar waple ایک درخت جس سے شکر نکلتی ہے -

Sugar mill شکر سازی کا کارخانہ -

Sugar refinery خام شکر صاف کرنے کا کارخانہ -

Sugar tongs - شکر گیر - شکر کی ٹکیاں اٹھانے کا چمٹا

Sugarer *n.* بے دلی سے کام کرنے والا -

Sugariness *n.* چاپلوسی - شیرینی -

Sugary *adj.* خوشامد آمیز - شکر لپٹی ہوئی - شکر آمیز - شیریں -

Suggest (sə-jest) *v.t.* Put forward دل میں ڈالنا - خیال دلانا - سمجھانا -

Suggestible (se-jest-ibl) *adj.* Worthy to be suggested پیش کرنے کے قابل - توجہ دلانے کے لائق -

Suggestio-falsi (sə-jest-i-o-falsi) *n.* Positive misrepresentation گمراہ کن قول یا بیان - قول جس میں صریح غلط بیانی نہ ہو لیکن سننے والے کے دل میں غلط خیال پیدا کر دے -

Suggestion (sə-jest-yən) *n.* Hint, proposal گوش گزاری - صلاح - مشورہ - خیال - قیاس - توجہ - عمل توجہ -

Suggestive *adj.* محرک خیال - دل میں خیال پیدا کرنے والا - سمجھانے والا - معنی خیز - اثر آفریں - گندے خیالات پیدا کرنے والا -

Suggestively *adv.* معنی خیز طور پر - دل میں بٹھاتے ہوئے -

Suggestiveness *n.* تحریک خیال - اثر پذیری - خیال آفرینی - معنی خیزی -

Suicide (s(y)o͞o-i-sīd) *n.* Self murder خود کشی - قتل نفس - اپنے آپ کو مارنے والا - فعل جو خودکشی کے مترادف ہو -

To commit political suicide اپنی سیاسی حیثیت کو نقصان پہنچانا - سیاسی خود کشی کرنا -

Suicidal *adj.* خود کشی کے مماثل - خود کشی کے متعلق -

Suit (s(y)o͞ot) *n., v.t. & i.* An action at law, courtship درخواست - التماس - عرض داشت - دعویٰ - شادی کی بات چیت - استغاثہ - (تاش) ایک رنگ کے متعدد پتے - یکساں کپڑوں کا جوڑا - بادبانوں کا جوڑ - مناسب ہونا - موزوں بنانا - قرین مصلحت ہونا - عمل قول کے مطابق رہنا - غذا یا آب و ہوا موافق آنا - میل کھانا - پھبنا - آرام دہ ہونا - باعث سہولت ہونا -

Dress suit شام کے کپڑے -

Follow suit (تاش) جس رنگ کا پتہ پہلے کھیلا گیا وہی رنگ کھیلنا -

Suitcase چمڑے کا چھوٹا صندوق -

Suit yourself جو جی میں آئے کرو -

Suiting *n.* جوڑے بنانے کا کپڑا -

Suitable (s(y)o͞ot-əbl) *adj.* That suits ٹھیک - مناسب - موزوں - مناسب موقع - مناسب حال -

Suitability } *n.* مناسبت - موزونیت -
Suitableness }

Suitably *adv.* مناسب طریقے سے - موزوں طور پر -

Suite (swēt) *n.* A train of followers, a set of rooms نوکر چاکر جو کسی شخص کے جلو میں ہوں - ملحقہ کمرے - ایک قسم کی چیزیں -

Suitor (s(y)o͞ot-ər) *n.* A wooer, سائل - مدعی - مستغیث - شادی کا امیدوار -

Sukey (suki) *n.* A kettle (بول چال) کیتلی -

Sulcate (sul-kāt) *adj.* Grooved, furrowed دھاری دار - گہری لکیروں کا -

Sulk (sulk) *n. & v.t.* One who is sullen روٹھ جانا - اداسی - روٹھنا - اینٹھ جانا - اداس اور آزردہ ہونا -

To be in sulks روٹھا ہوا ہونا - منہ پھلایا ہوا ہونا -

Sulky (sulk-i) *adj. & n.* Sullen کشیدہ - برہم - مکدر - ترش رو - خفا خفا - روٹھا ہوا - ایک ہلکی دو پہیوں کی گاڑی جس میں ایک آدمی بیٹھتا ہے -

Sulkily *adj.* اداسی اور آزردگی سے - تکدر سے - ترش روئی سے -

Sulkiness *n.* روٹھا ہوا ہونا - تکدر - کشیدگی -

Sullage (sul-ij) *n.* Filth, refuse کوڑا کرکٹ - موری کی کیچڑ - گندہ پانی -

Sullen (sul-ən) *adj. & n.* Gloomily angry and silent خفا - آزردہ - بیزار - بد مزاج - ضدی - تیرہ و تار - زود رنج - آزردگی - خفگی - افسردگی -

Sullenly *adv.* آزردگی سے - برہمی سے - ترشروئی سے -

Sullenness *n.* کشیدگی - دکھائی - خفگی -

Sully (sul-i) *v.t.* Soil, tarnish میلا کرنا - آلودہ کرنا - داغ لگانا - تاریک یا ماند کرنا -

Sulphur (sul-fər) *n.* & *v.t.* A yellow non-metallic element گندھک ۔ گوگرد ۔ کبریت ۔ گندھک ملانا ۔ گندھک کی دھونی دینا ۔

Sulphury *adj.* گندھک کی طرح کا ۔ گندھک کا ۔

Sulphurate (sul-fər-āt) *v.t.* Combine with sulphur گندھک سے صاف کرنا ۔ گندھک میں ملانا ۔ گندھک میں بسانا ۔

Sulphuration *n.* گندھک میں بسانا ۔ گندھک میں آمیزش ۔

Sulphureous *adj.* ہلکے پیلے رنگ کا ۔ گندھک کی طرح کا ۔ گندھک کا ۔

Sulphuric *adj.* جس میں گندھک زیادہ ہو ۔ گندھک ملا ہوا ۔

Sulphurize (sul-fər-īz) *v.t.* Purify with sulphur گندھک سے صاف کرنا ۔ گندھک کی دھونی دینا ۔

Sulphurization *n.* گندھک سے صفائی کا عمل ۔ گندھک سے صاف کرنا ۔

Sulphurous (sul-fər-əs) *adj.* Resembling or containing sulphur جس میں گندھک آکسیجن کا عنصر کم مقدار میں ہو ۔

Sultan (sul-ṭən) *n.* Mohammedan ruler سلطان ۔ بادشاہ ۔ ترکی کا ایک سفید مرغ ۔

Sultanate *n.* بادشاہت ۔ سلطنت ۔

Sultana (sul-tən-a) *n.* A lady of Sultan's harem بادشاہ بیگم ۔ سلطانہ ۔ ایک پرندہ ۔ سمرنا کی بے دانہ کشمش ۔

Sultry (sul-tri) *adj.* Close and oppressive اس کا ۔ بھچی بھچی ۔ بند بند ۔

Sultrily *adv.* گھمس کے ساتھ ۔

Sultriness *n.* بند ہوا اور گرمی ۔ اس ۔ گھمس ۔

Sum (sum) *v.t., i.* & *n.* Total, amount, a quantity of money جمع ۔ میزان ۔ مجموعہ ۔ رقم ۔ خلاصہ ۔ مطلب ۔ غرض ۔ منبع ۔ مقدار ۔ تعداد ۔ حساب کا سوال ۔ میزان لگانا ۔ (تقریر یا بحث کا) خلاصہ کہنا ۔

Summing up لب لباب ۔ خلاصہ ۔ مطلب ۔

Sumac(h) (sū-mak) *n.* Any shrub or tree of genus Rhus سماق ۔ ایک پودہ جس کی پتیاں چمڑہ رکھنے کے کام آتی ہیں ۔

Sumerian (su-me-ri-ən) *adj.* & *n.* Of the non-Semitic culture of Babel بابل کی غیر سامی ثقافت کے متعلق ۔ سمیری ۔

Summarize (sum-ə-rīz) *v.t.* Give a summary of خلاصہ کرنا ۔ لب لباب بیان کرنا ۔

Summary (sum-ā-ri) *adj.* & *n.* Summed up or condensed writing اختصار ۔ خلاصہ ۔ مختصر ۔ مجمل ۔ جامع ۔ مناسب ۔ معقول ۔

Summarily *adj.* عجلت سے ۔ مجمل طور پر ۔ سرسری طور پر ۔

Summation (sum-ā-shən) *n.* Total جمع ۔ جوڑ ۔ میزان ۔

Summer (sum-ər) *v.t., i.* & *n.* Warmest season گرمی ۔ موسم گرما ۔ جوانی ۔ گرمی کا موسم گزارنا ۔ گرمیوں میں مویشی چرانا ۔

Tailor (tal-ər) *v.t.*, *i.* & *n.* One who cuts out and makes garments درزی - خیاط - کپڑے سینے والا - (بول چال) پرندے کو اناڑی پن سے مارنا یا ذبح کرنا - درزی کا کام کرنا - کپڑے سینا -

Ride like a tailor — گھوڑے پر اناڑی پن سے سوار ہونا -

Tailor bird — بیا - وہ چھوٹا پرندہ جو تنکوں سے گھونسلا بناتا ہے -

Tailoring *n.* سینے پرونے کا کام - درزی کا کام -

Tain (tan) *n.* Thin tin place, tin foil for backing mirror ٹین کا پتلا ٹکڑا - آئینہ کی پشت کا پترا -

Taint (tant) *n.*, *v.t.* & *i.* Stain, blemish داغ - دھبّہ - آلائش - گندگی - خراب اخلاق اثر - کلنک کا ٹیکا - کسی مرض یا خرابی کا نشان یا اثر - فاسد ہونا یا کر دینا - آلودہ کرنا - بگاڑنا - داغ لگانا - دھبہ لگانا -

Taintless *adj.* پاک صاف - بے لوث - بے داغ -

Take (tak) *v.t.* & *i.* Lay hold of, seize پکڑنا - تھامنا - لینا - قبضہ کرنا - گرفتار کرنا - فتح کرنا - مطیع کرنا - حاصل کرنا - فریفتہ کرنا - مقبول ہونا - پسند کرنا - جھانسنا - خیال کرنا - تسلیم کرنا - فرض

کرنا - برداشت کرنا - دوا کا عمل کرنا - کام کرنا - خرید لینا - شریک یا ساتھی بنانا - چاہنا - مانگنا - ہو جانا - بیماری وغیرہ لگ جانا - سمجھ جانا - تصویر لینا - تصویر میں اچھا یا بُرا آنا -

Horse will not take fence گھوڑا ٹٹی نہیں کودے گا -

Take a fancy to بہت پسند آنا - دِل آ جانا

Take a different view مختلف یا دُوسری رائے رکھنا -

Take down رسوا کرنا - منہدم کرنا - قلم بند کرنا - لکھنا - حلق سے اُتارنا - نگلنا -

Take into one's confidence راز دار بنانا -

Take off اڑان کے لیے زمین سے اٹھنا-تخفیف کرنا-اُتار دینا -

Take sides کسی کی طرف داری کرنا - حمایت کرنا -

Take in دھوکا دینا -

Take advantage of فائدہ اُٹھانا -

Take aim شست لینا - نشانہ باندھنا -

Take air مشہور ہونا -

Take breath ستانا - دم لینا -

Take heed to متوجہ ہونا - دھیان دینا -

Take in with دھوکا دینا -

Take notice متوجہ ہو - مطلع ہو -

Take part شریک ہونا -

Take the field میدان میں آنا -

Take to کسی کی طرح کا ہونا - مصروف ہونا -

Take up arms آمادہ جنگ ہونا -

Take up with قانع ہونا - راضی رہنا -

Take (tak) *n.* A day's bag ایک دن کا شکار مچھلی یا پرندوں کا - (سنیما) منظر جس کا فوٹو لیا گیا ہو - آمدنی جو ٹکٹوں کی فروخت سے ہو -

Taker *n.* لینے والا - تشہیر کرنے والا - گرفتار کرنے والا - بازی لگانے والا

Takin (ta-ken) *n.* A large Tibetan animal akin to antelopes ٹاکن - تبت کا ایک ہرن کی طرح کا جانور -

Taking (tak-ing) *n.* Grip پکڑ - گرفت - گرفتاری -

Taking (tak-ing) *adj.* Contiguous موہنی - دلربا - متعدی - دلچسپ -

Takingly *adv.* دلربائی کے ساتھ - متعدی طور پر -

Takingness *n.* دلربائی - دلبری - دلکشی -

Talapoin (tal-ə-poin) *n.* A Buddhist monk ایک قسم کا بندر - بدھ مت کا راہب - بھکشُو

Talaria (tal-ə-ri-a) *n.* A flying sandal پر دار چپّل جس کو پہن کر دیوی دیوتا اڑتے ہیں - اُڑن چپّل -

Talc (talk) *v.t.* & *n.* A soft silvery compact mineral ابرق - طلق - ابرق سے جلا کرنا - ابرق چڑھانا -

Tal(c)ky *adj.* ابرق کا سا - ابرق نما -

Talcous *adj.* جس میں ابرق ہو -

Talcite بھاری قسم کا ابرق - طلق کبیر -

Tale (tal) *n.* A narrative, story حکایت - قصہ - کہانی - داستان - سرگزشت - خبر جو بدنام کرنے کی غرض سے پھیلائی جائے - افواہ - بے بنیاد قصہ - گنتی - شمار - حساب - کل تعداد -

Tale-bearer جو شخص بدنامی کی غرض سے افواہیں پھیلائے - غماز - چغل خور -

Tell tales افواہیں پھیلانا - ڈھنڈورا پیٹنا -

The tale is complete گنتی پوری ہو گئی -

The thing tells its own tale یہ چیز تو بالکل عیاں ہے - عیاں را چہ بیاں ؟

Talent (tal-ənt) *n.* Any natural or special gift قابلیت - لیاقت - جوہر - گُن - وصف - استعداد - اعلیٰ درجے کی ذہنیت - ارباب ہنر - (گھڑ دوڑ) اناڑی جو اپنی رائے سے شرط لگائے - یونانیوں اور رومیوں کا ایک وزن اور زر حسابی -

Talented *adj.* قابل - لائق - ذہین -

Talentless *adj.* نااہل - نالائق - غبی - بے ہُنر -

Taliacotian (tal-yə-ko-shən) *adj.* Pertaining to the Italian surgeon Gasparo Taliacotius اطالوی ڈاکٹر کے عمل جرّاحی کا - عمل جراحی جس میں بازو کا گوشت لے کر ناک وغیرہ بنا دی جاتی ہے -

Talion (tal-i-ən) *n.* Like for like ناک کے بدلے ناک ، دانت کے بدلے دانت - قصاص - یہ اصول کہ جتنا نقصان کسی کو پہنچا ہے، نقصان پہنچانے والے کو اتنی ہی سزا دی جائے -

Taliped (tal-i-ped) *adj.* & *n.* Club-footed مڑے ہوئے پیر کا - جس کا پاؤں مڑا ہوا ہو -

Talisman (tal-is-mən) *n.* A magical object, amulet تعویذ ۔ گنڈا ۔ نقش ۔ سحر ۔ جادوئی چیز ۔
Talismanic *adj.* سحر کا ۔ جادوئی ۔ طلسماتی ۔

Talk (tawk) *v.t., i. & n.* Speak, converse بولنا ۔ باتیں کرنا ۔ تقریر کرنا ۔ بحث کرنا ۔ دلیل پیش کرنا ۔ گفتگو کرنا ۔ بک بک کرنا ۔ لاسلکی کے ذریعے پیغام بھیجنا ۔ زبانی جمع خرچ ۔ خالی باتیں ۔ بے سود گفتگو ۔ ریڈیائی مختصر تقریر ۔
People will talk لوگ چہ میگوئیاں کریں گے ۔
Talk away باتوں میں وقت ضائع کرنا ۔
Talk back بے دھڑک جواب دینا ۔
Talk down زور سے بول بول کر مخالف کو خاموش کر دینا ۔ اپنی بات پر اڑنا ۔
Talk out کسی بحث کو اتنا طویل کر دینا کہ کوئی فیصلہ نہ ہو سکے ۔
Talk person round کسی کو سمجھا بجھا کر راضی کر لینا ۔
Talk through one's hat (بول چال) بے پر کی اڑانا ۔ دھونس جمانا ۔
Talker *n.* ڈینگیا ۔ بکواسی ۔ بکّی ۔

Talkative (tawk-ə-tiv) *adj.* Given to much talking بکّی ۔ بسیار گو ۔ دریدہ دہن ۔ باتونی ۔
Talkativeness *n.* باتونی پن ۔ بسیار گوئی ۔ پُر گوئی ۔

Talkies (tawk-iz) *n.p.* Talking film فلم جس میں مناظر کے ساتھ گفتگو بھی ہو ۔ بولتی فلم ۔

Tall (tawl) *adv. & adj.* Stout, long, high in stature قد آور ۔ دراز قامت ۔ لمبا ۔ اونچا ۔ مبالغہ آمیز ۔ حد سے بڑھا ہوا ۔ شیخی سے ۔
Talk tall شیخی بگھارنا ۔ بڑا بول بولنا ۔
Tallboy دود کش کے اوپر کا ڈھکن ۔ کپڑے رکھنے کی الماری ۔
Tall order بے ڈھب فرمایش ۔ امر محال ۔ نہایت مشکل کام ۔
Tallness *n.* لمبائی ۔ قد آوری ۔ اونچائی ۔ بلندی ۔

Tallith (tal-ith) *n.* The Jewish prayer shawl یہودیوں کی نماز پڑھنے کی چادر ۔

Tallow (tal-o) *v.t. & n.* Fat, grease بھیڑوں کو موٹا کرنا ۔ چربی ۔ چکنائی لگانا ۔ چربی سے تر کرنا ۔
Tallow-candle چربی کی بتّی ۔
Tallow-chandler *n.* موم بتیاں بنانے اور بیچنے والا ۔
Tallower *n.* چربی بیچنے والا ۔
Tallowish *adj.* چربی ملا ہوا ۔
Tallowy *adj.* چکنا ۔ چربیلا ۔

Tally (tal-i) *n., v.t. & i.* A stick marked with numbers for keeping account لکڑی جس پر شمار کے نشان بنے ہوتے ہیں ۔ حساب پٹّی ۔ دو طرفہ کھاتہ ۔ مطابق ہونا ۔ مطابقت کرنا ۔ حساب ملانا ۔ جواب ۔ جوڑ ۔ مثنّیٰ ۔ کھاتوں میں لکھنا ۔ کھاتوں کا مقابلہ کر کے حساب کرنا ۔
Buy goods by the tally جتنا بیچا اتنا خریدا ۔ سو سو کا حساب کر کے مال خریدنا ۔
Horticultural tallies درختوں کے نام اور شمار کی تختیاں ۔
Tallyman وہ دوکان دار جس کے پاس خریداروں کا کھاتہ کھلا ہو ۔ نمونہ دکھا کر مال بیچنے والا ۔

Tally-ho (tal-i-ho) *n.* The huntsman's cry شکار نظر آنے کے بعد شکاری کا اعلان ۔ کتوں کو شکار پر دوڑانا ۔

Talmi-gold (tal-mi-gowld) *n.* Brass thinly coated with gold پیتل جس پر سونے کا ہلکا ملمع چڑھا ہو ۔

Talmud (tal-mood) *n.* The fundamental code of Jewish law فقہ موسوی ۔ فقہ یہود ۔ تلمود ۔

Talmudist (tal-mood-ist) *n.* One learned in the Talmud فقہ تلمود کا ماہر ۔ پیرو تالمود ۔

Talon (tal-ən) *n.* A hooked claw or finger شکاری پرندوں کا پنجہ ۔ ناخن ۔ چنگل ۔ (تاش) تقسیم کے بعد جو پتے بچ جائیں ۔ قفل کے کھٹکے کا کنارا ۔ تلوار کے قبضہ کا پچھلا سرا ۔

Talus (ta-ləs) *n.* The ankle bone, slope ٹخنے کی ہڈی ۔ پُشتے کا ڈھلوان حصہ ۔ پہاڑی کے دامن میں چھوٹے چھوٹے پتھروں کا ڈھلوان پشتہ ۔

Tamarack (tam-ə-rak) *n.* Black larch امریکہ کا مخروطی شکل کا ایک درخت جس کے پتے چمک دار ہوتے ہیں ۔

Tamarin (tam-ə-rin) *n.* A small S. American squirrel monkey جنوبی امریکہ کا بندر جس کی دم گلہری کی طرح کی گچھے دار ہوتی ہے ۔

Tamarind (tam-ə-rind) *n.* A large tropical tree
املی - تمر ہندی -

Tamarisk (tam-ər-isk) *n.* A shrubby seashore plant سمندر کے کنارے کی ایک جھاڑی جس پر سفید اور گلابی پھول آتے ہیں اور جس کے پتے نرم ہوتے ہیں -

Tambour (tam-boor) *v.t.* & *n.* The bass drum
دف - رباب - خنجری - مردنگ - لمبی ڈھولک - طنبورہ - کار چوب تیار کرنے کا اڈا - ایک قسم کی مچھلی - طنبور سابی - لوہے کا حفاظتی کٹہرہ - چوکھٹے میں کس کر کار چوب بنانا -

Tambourin (tam-boor-an) *n.* Shallow single-headed drum مردنگ - طنبورہ - طنبوری ناچ - طنبوری گت جس پر رقاص ناچتے ہیں -

Tame (tam) *v.t.* & *adj.* Domesticated پلانا - سدھانا - مانوس کرنا - مطیع کرنا - خوگر کرنا - توڑنا - دبانا - ٹھنڈا کرنا - دھیما کرنا - سیدھا کرنا - بل نکال دینا - کمزور - بے اثر - ہلکا - دھیما - پھسپھسا - پھیکا -

Tame cat • کاسہ لیس - جی حضوری - طفیلی -

Tamable *adj.* جسے مطیع کیا جا سکے - سدھانے کے قابل -

Tamability *n.* مانوس ہونے کی صلاحیت -

Tameless *adj.* جو مانوس نہ ہو سکے -

Tamely *adv.* بے کان ہلائے - مسکینی سے - فروتنی سے -

Tameness *n.* بودا پن - نامردی - بزدلی -

Tamil (tam-il) *n.* A Dravidian language of South India جنوبی ہند کی تامل زبان - تامل زبان بولنے والا -

Tamp (tamp) *v.t.* & *n.* Pack round سوراخ میں بارود بھر کر ڈاٹ لگانا - سڑک کے پتھر کوٹنا - کٹائی - بھرائی -

Tampan (tamp-an) *n.* A poisonous insect of S. Africa جنوبی افریقہ کی ایک زہریلی چچڑی -

Tamper (tamp-ər) *v.t.* Machinate, have secret or corrupt dealing ہاتھ ڈالنا - چھیڑنا - دست اندازی کرنا - ساز باز کرنا - خفیہ معاملہ کرنا - ناجائز اثر ڈالنا - سانٹھ گانٹھ کرنا -

Tamperer *n.* تصرف کرنے والا - دست اندازی کرنے والا - ساز باز کرنے والا -

Tampion (tam-pi-ən) *n.* A plug نلوں کی ڈاٹ - توپ کے منہ کی ڈاٹ - ڈاٹ -

Tampon (tam-pon) *n.* A pad for stopping bleeding خون روکنے کے لیے روئی یا پٹی کی گدی - ڈاٹ -

Tamponade *n.* خون روکنے کے لیے زخم کی مرہم پٹی -

Tamponage *n.* خون روکنے کے لیے زخم بندی کا عمل -

Tamponment *n.* زخم بندی -

Tan (tan) *v.t.*, *i.*, *n.* & *adj.* Bark or other material used for tanning چمڑا کمانا - کھال پکانا - چمڑے کی دباغت کرنا - مچھلی پکڑنے کے جال کو بلوط کے عرق میں ڈال کر سخت کر دینا - (بول چال) مرمت کرنا - کندی کرنا - شاہ بلوط - کیکر یا ببول کی چھال - کتھے کے رنگ کا -

Tanable *adj.* قابل دباغت -

Tannage *n.* چمڑے کی دباغت کا کام -

Tanner *n.* دباغ - چمڑا کمانے والا -

Tannery *n.* چمڑے کی دباغت کا کارخانہ -

Tanning *n.* چمڑا کمانا - فن دباغت

Tandem (tan-dəm) *adv.* & *adj.* Horses harnessed singly one behind the other گاڑی میں گھوڑوں کو آگے پیچھے لگاتے ہوئے - آگے پیچھے جتے ہوئے -

Tandstickor (tand-stikər) *n.* Matches made in Sweden سویڈن کی دیا سلائی -

Tang (tang) *n.*, *v.t.* & *i.* A ringing sound, a sea weed جھنکار - ایک قسم کی سمندری گھاس - ٹن ٹن یا چھن چھن بجانا - گھنٹہ بجا کر بلانا - شہد کی مکھیوں کو بلانا -

Tang (tang) *n.* & *v.t.* A projecting blade چاقو کا پھل - پھل جو دستے میں بیٹھ جاتا ہے - ذائقہ - مزہ - کسی چیز کی خصوصیت - چاشنی پیدا کرنا -

Tangy *adj.* نوکدار - مزیدار -

Tangent (tan-jənt) *adj.* & *n.* Touching without intersecting خط مماس - وہ خط جو کسی سطح کو چھوتا ہوا گزرے مگر قطع نہ کرتا ہو -

Fly off at a tangent اصل معاملہ کو چھوڑ کر کوئی اور ذکر چھیڑنا - یکا یک بات بدل دینا -

Tangency *n.* خط کا کسی سطح کو چھونا -

Tangential *adj.* سطح کو ایک نقطہ پر چھونے والا -

Tangerine (tan-jə-ren) *adj.* Of Tangier on the Morocco coast طنجہ کا باشندہ ۔ ایک چھوٹا سنترہ جو طنجہ میں پیدا ہوتا ہے ۔

Tangible (tan-jə-bl) *adj.* Perceptible by the touch جس کو چھوا جا سکے ۔ محسوس یا ملمس ۔ واضح ۔ صاف ۔ ٹھوس ۔ حقیقی ۔ واقعی ۔

Tangibility-ness *n.* محسوسیت ۔

Tangibly *adv.* واضح طور پر ۔ محسوس طور پر ۔

Tangle (tang-gl) *v.t., i.* & *n.* Form into, involve in الجھانا ۔ پھنسانا ۔ الجھن میں ڈالنا ۔ پیچیدہ بنانا ۔ الجھاؤ ۔ پیچیدگی ۔ الجھن ۔ مشکل ۔ ایک خاص طرح کا کانٹا ۔ سمندری پودے ۔

Tangle foot *n.* (امریکہ) منشیات ۔ وسکی ۔ شراب ۔

Tanglesome-tangly الجھا ہوا ۔ پیچیدہ ۔

Tango (tan-go) *n.* A dance of Negro origin جنوبی امریکہ کا ایک حبشی ناچ ۔

Tangram (tan-gram) *n.* A Chinese toy چینی گورکھ دھندا جس میں مربع کے سات ٹکڑوں سے مختلف شکلیں بنتی ہیں ۔

Tanist (tan-ist) *n.* A Celtic chief's heir elect قدیم آئرستانی سردار کا ولی عہد ۔

Tanistry (tan-ist-ri) *n.* System of electing an heir وراثت اور ولی عہد کا انتخاب ۔ ولی عہد کو اہل خاندان منتخب کرتے تھے ۔

Tank (tangk) *n.* A pond or reservoir of water تالاب ۔ حوض ۔ لوہے یا کنکریٹ کی ٹنکی ۔ خزانہ آب ۔ جنگی آہن پوش گاڑی جس میں توپیں لگی ہوں ۔

Tank drama غرقابی اور بچاؤ کی تمثیل ۔

Tankage (tangk-aj) *n.* Storing in tanks حوض میں پانی محفوظ کرنا ۔ حوض کی گنجایش ۔ پانی فراہم کرنے کی اجرت ۔ ایک قسم کی کھاد جو چربی سے نکالتے ہیں ۔

Tankard (tangk-ərd) *n.* A large mug like vessel بڑا سر پوش ۔ شاہ کاسہ ۔ ڈھکنے دار پیالہ ۔ چاندی کا بڑا سا شراب پینے کا پیالہ ۔

Tanker (tangk-ər) *n.* A ship that carries oil تیل بردار جہاز یا موٹر گاڑی ۔

Tanner (tan-ər) *n.* A six pence (بول چال) چھ پنس کا سکہ ۔

Tannic (tan-ik) *adj.* Of oak bark کستے کا ۔ شاہ بلوط کی چھال کا ۔

Tannate *n.* کستے وغیرہ کا تیزاب ۔

Tanniferous *adj.* مرکب جس میں کستے کا تیزاب ہو ۔ تیزابی ۔

Tannin شاہ بلوط کی چھال ۔ کستا ۔

Tansy (tan-zi) *n.* Bitter and aromatic plant ایک خوشبودار بوٹی ۔

Tantalize (tan-tə-liz) *v.t.* Torment by presenting something and withdrawing it امید و بیم میں رکھنا ۔ کلپانا ۔ دکھا کر ترسانا ۔ للچانا ۔

Tantalization *n.* امید و بیم میں رکھنا ۔ للچانا ۔ ترسانا ۔ ترسایا جانا ۔

Tantalizingly کلپاتے ہوئے ۔ ترساتے ہوئے ۔

Tantalum (tan-tə-lum) *n.* A metallic element ایک کمیاب دھات ۔ ایک فلزی جوہر ۔

Tantalus (tan-tə-lus) *n.* Son of Zeus تنتالوس ۔ یونانی دیوتا زیوس کا بیٹا جس کو دیوتاؤں کے راز بتانے پر پانی میں کھڑے رہنے کی سزا دی گئی تھی ۔ بوتل کی کھلی ملاخدار الماری ۔ لق لق پرندے کی ایک قسم ۔

Tantamount (tan-tə-mownt) *adj.* Equivalent ہم پلہ ۔ مساوی ۔ برابر ۔ مترادف ۔

Tantara (tan-ta-ra) *n.* Blast of trumpets ترم یا بگل کی آواز ۔

Tantivy (tan-tiv-i) *adv., adj.* & *v.t.* At full gallop, a rapid rush بڑی تیزی سے ۔ تیز ۔ سرپٹ ۔ جلد باز ۔ جلدی کرنا ۔

Tantra (tan-tra) *n.* Religious books تنتر ۔ سنسکرت کی مذہبی کتاب جس میں سحر اور نیز نجات کا ذکر ہے ۔

Tantrum (tan-trəm) *n.* A fit of ill temper غصہ ۔ جذبہ ۔ غیظ و غضب ۔

Taoism (ta-o-izm) *n.* The religious system founded by Chinese philosopher Lao-taze چینی فلسفی لاؤ تازے کا مذہبی نظام جو بدھ مت سے ملتا جلتا ہے ۔

Tap (tap) *n.* & *v.t.* A peg or stopper ٹونٹی جس سے پیپے سے شراب نکالتے ہیں - ٹونٹی - کلال خانہ وغیرہ میں شراب پینے کا کمرہ - پیچ ڈالنے کا آلہ - کاگ یا ڈاٹ لگانا - برمانا - چھیدنا - شراب نکالنا (جرّاحی) مواد نکالنا - درخت میں شگاف دیکر رس نکالنا - کوئی مضمون چھیڑنا -

On tap پیپے میں -

Tap room شراب پینے کا کمرہ -

Tap (tap) *v.t., i.* & *n.* Pierce, knock - کھٹکھٹانا تھپ تھپانا - دستک دینا - تھپکی دینا - تھپکی - دستک - (امریکہ) روشنی بجھانے کا اشارہ -

Tapa (tap-a) *n.* Paper, mulberry bark درخت کی چھال جس سے چٹائی وغیرہ تیار کرتے ہیں - ٹاپا چھال -

Tape (tap) *v.t.* & *n.* Material woven in narrow band فیتہ - نواڑ - پٹّی - پٹہ - طباعت کا فیتہ - فیتہ کی شکل کا کپڑا - (بول چال) شراب - فیتہ باندھنا - شیرازہ بندی (بول چال) کسی شخص کو بھانپ لینا -

Tapeline-measure ناپنے کا فیتہ -

I have got you taped میں نے تم کو سمجھ لیا کہ تم کیسے آدمی ہو اور کیا چاہتے ہو -

Tapeworm فیتے کی طرح کا بڑا لمبا کِرم جو معدے میں پیدا ہو جاتا ہے -

Taper (ta-pər) *adj., v.t., i.* & *n.* A wax candle شمع - دیا - موم بتی - مخروطی - گاؤ دم شے - مخروطی شکل کا بنانا - پتلا ہوتے چلے جانا -

Taperingly *adv.* - اس طرح کہ گاؤ دم ہوتا چلا جائے - مخروطی شکل پر -

Taperness *n.* گاؤ دم ہونا -

Tapestry (tap-is-tri) *n.* Textile used as covering for wall and furniture - دیوار کے منقش پردے - میز پوش وغیرہ - مُشجّر - پوت - موٹا آرایشی کپڑا جس کے پردے بنائے جاتے ہیں -

Tapestry carpet غالیچہ - قالین -

Tapestried *adj.* مُشجّری - بیل بوٹوں کا -

Tapioca (tap-i-o-ka) *n.* A tree that yields a flour like substance ایک درخت جس سے سوجی نکالی جاتی ہے -

Tapir (ta-pər) *n.* A hoofed swine like mammal برازیل کا ایک جانور جو کچھ سؤر سے اور کچھ گینڈے سے ملتا جلتا ہے -

Tapis (ta-pe) *n.* A covering, hanging - غلاف - پردہ - میز پوش -

Be on the tapis کسی معاملہ کا زیر غور ہونا -

Come on the tapis موضوع بحث بننا -

Tappet (tap-it) *n.* A projection that transmits motion کھٹکا - ایک پرزہ جو مشینی حرکت کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتا ہے -

Tap-rate (tap-rat) *n.* Current rate - موجودہ شرح -

Tapster (taps-tər) *n.* Person employed at a bar to draw and serve liquor شراب فروش جو پیپے سے شراب نکال کر دیتا ہے -

Tar (tar) *n.* & *v.t.* A dark viscous mixture تارکول - رال - گندہ بروزہ - قطران - کولتار - تار کول لگانا -

A touch of the tar brush - حبشی خون کی آمیزش -

Tar macadam تارکول ملی ہوئی روڑی -

Tarred with the same brush ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ہونا - (ایک شخص میں) اس قسم کے عیب موجود ہونا (جیسے دوسرے میں) -

Tar (tar) *n.* Sailor ملّاح -

Taradiddle (tar-ə-did-i) *n.* A file, a lie (بول چال) گپ - جھوٹی بات - بے پر کی بات -

Tarantass (ta-ran-tas) *n.* A four-wheeled Russian vehicle چو پہیہ روسی گاڑی - بگھی -

Tarantella (tar-ən-tel-a) *n.* A lively Neapolitan dance ایک تیز ناچ - چک پھیری ناچ -

Tarantism (tar-ən-tizm) *n.* An epidemic dancing mania ناچ کا جنون - ناچ روگ -

Tarantula (tur-an-tu-la) *n.* A poisonous wolf spider ایک زہریلی بڑی مکڑی جس کے کاٹنے سے ناچنے کا جنون پیدا ہو جاتا ہے -

Taratantara (tar-a-tan-ta-ra) *n.* The sound of a trumpet تُرم کی آواز - تارا تن تارا -

Tarboosh (tar-boosh) *n.* A fez cap - اونچی تُرکی ٹوپی -

Tardigrade (tur-di-grad) *adj.* Slow-paced سست رفتار - آہستہ رو - سُست خرام -

Tardy (tar-di) *adj.* Slow, sluggish - سست - کاہل - دیر کرنے والا - بعد از وقت - ہچکچانے والا -

Tardily *adv.* رکتے ہوئے - کاہلی سے - سستی سے -

Tardiness *n.* تاخیر - سستی - کاہلی - ھچکچاہٹ -

Tare (tar) *n.* A vetch of various kinds موٹھ - موٹا اناج - موٹھ کا پودا -

Tare (tar) *n.* The weight of a vessel کسی ظرف یا گاڑی کا اصل وزن -

Target (tar-git) *n.* A shield like mark for shooting چاند - نشانہ - چاند ماری کا نشان - (لعن طعن کا) ہدف - نشانہ - ریل کا چھوٹا گول سگنل - بھیڑ کا سینہ اور گردن -

Targum (tar-goom) *n.* Any Aramaic version of the Old Testament توریت کا ترجمہ یا اس کی تفسیر -

Targumist (tar-goom-ist) *n.* A writer of Targum توریت کا مفسر ، مترجم یا عالم -

Tariff (tar-if) *v.t.* & *n.* A list of customs duties مال کے محصولات کی فہرست - فرد محاصل - شرح محاصل - محصول لگانا - محصول وصول کرنا -

Preferential tariff رعایتی یا ترجیحی محصول -

Tariff reform نظام محاصل کی اصلاح -

Retaliatory tariff وہ محصول جو دوسرے ممالک کے جواب میں لگایا جائے - انتقامی محصول -

Tariff wall بیرونی تجارت کی روک کے لیے محاصل ار -

Tarlatan (tar-lə-tən) *n.* A transparent muslin باریک ململ -

Tarn (tarn) *n.* A small mountain lake ایک پہاڑی جھیل - پوکھر - جھابر -

Tarnal (tar-nl) *adj.* & *adv.* Eternal, damnation (امریکہ) کم بخت - منحوس پرلے درجے کا -

Tarnish (tar-nish) *n.*, *v.t.* & *t.* Render indecent, discolour آلودہ کرنا - میلا کرنا - دھندلا کرنا - داغ لگانا - بے آبرو کرنا - دھبہ - داغ - بدنامی -

Tarnishable *adj.* میلا ہو جانے والا - کدورت پذیر -

Taroc-ot (ta-ro) *n.* An old kind of playing card ایک قدیم تاش جس میں ۷۸ عام پتے اور ۲۲ تصویر دار پتے ہوتے ہیں -

Tarpan (tar-pən) *n.* Now extinct wild horse of Steppes تاتاری جنگلی گھوڑا جو اب ناپید ہے - قبچاق گھوڑا -

Tarpaulin (tar-paw-lin) *n.* A strong waterproof cloth ترپال - موم جامہ - ملاح کی تیلیا ٹوپی - (بول چال) ملاح - جہاز کا ملازم -

Tarpeian (tar-pe-ən) *adj.* Of Tarpeia تارپی چٹان جس پر سے مجرموں کو گرا کر ہلاک کیا جاتا تھا -

Tarpon (tar-pən) *n.* A gigantic fish of Florida امریکہ کی ایک بڑی مچھلی جو کھانے میں بہت لذیذ ہوتی ہے -

Tarragon (tar-ə-gən) *n.* An aromatic plant ایک پودا جس کی پتیاں اچار وغیرہ میں ڈالی جاتی ہیں -

Tarragona (tar-ə-gon-a) *n.* A light wine of Spain اسپین کی ایک ہلکی شراب- مئے ارغوانی -

Tarrock (tar-ək) *n.* Sea birds of various kinds بط - مرغابی - پن ڈبکی - مرغابی کا بچہ -

Tarry (tar-i) *adj.* Smeared with tar رال لگا ہوا - تارکول لگا ہوا -

Tarry (tari) *v.i.* & *t.* Delay, linger ٹھہرنا - اٹکنا - پیچھے رہنا - توقف کرنا - دیر لگانا - رہنا - منتظر رہنا - دیر میں آنا یا پہنچنا -

Tarsia (tar-si-a) *n.* An Italian wood-inlay اطالوی چوبی کام کی ایک وضع -

Tarsier (tar-si-ər) *n.* A spectral looking lemur ایک قسم کا بڑی آنکھوں والا لنگور -

Tarsus (tar-səs) *n.* Part of the foot to which the leg is articulated پاؤں کا ٹخنہ - پیر اور ٹانگ کا جوڑ -

Tarsal *adj.* ٹخنے کی ہڈیوں کا - ٹخنے کا -

Tart (tart) *adj.* Biting کھٹا - تیز - ترش - چڑچڑا - تند - تیز مزاج - کڑوا - تلخ - چبھتا ہوا - دندان شکن -

Tartly *adv.* جھڑک کر - سختی سے - ترش روئی سے -

Tartness *n.* تلخی - ترش روئی - تیز مزاجی -

Tart (tart) *n.* A dish of pastry میٹھا سموسہ - میوے کی پوری - لونگ چڑا - (بول چال) جوان لڑکی - آوارہ عورت -

Tartlet *n.* چھوٹا سموسہ - لقمی -

Tartan (tar-tən) *n.* A woollen checked stuff چوخانہ اونی کپڑا - اسکاٹلینڈ کے پہاڑی علاقہ کا باشندہ یا اونی کپڑا - گھاگرے والا سپاہی -

Tartan (tar-tən) *n.* A Mediterranean vessel بحیرہ روم کی یک مستولی کشتی -

Tartar (tar-tər) *adj.* & *n.* Tartar, a formidable rough person تاتاری - تاتاری باشندہ - تند مزاج آدمی - ترک -

Catch a Tartar زیادہ طاقتور حریف سے بھڑ جانا -

Tartarian *adj.* تاتاری -

Tartar (tar-tər) *n.* Deposit of calcium on teeth دانت پر جما ہوا میل - شراب کے پیپے میں جما ہوا نمک -

Tartaric *adj.* تلچھٹ کی طرح کا -

Tartarization *n.* تلچھٹ بن جانا - دُرد بن کر جم جانا - شور بن جانا -

Tartarize *v.t.* شراب کی تلچھٹ ملانا -

Tartarus (tar-tə-rəs) *n.* A deep sunless abyss below Hades جہنم - دوزخ - پاتال - جہنم کا نچلا حصہ - بد روحوں کا قید خانہ - سقر -

Tartarean *adj.* دوزخی - جہنمی -

Tartuf (tar-tuf) *n.* A hypocritical pretender to religion ناٹک کا ریا کار زاہد - بگلا بھگت - ناٹک کا ایک کردار -

Tasimeter (ta-sim-i-tər) *n.* An instrument for measuring pressure دباؤ کی تبدیلی معلوم کرنے کا آلہ - موسمی تبدیلی معلوم کرنے کا آلہ -

Task (task) *n.* & *v.t.* Amount of work set or undertaken مقررہ کام - معینہ کام - ذمہ کا کام - ٹھیکے کا کام - روز کا سبق - مدرسہ کا کام - کام تفویض کرنا - کام دینا - دبا کے کام لینا - زیادہ بوجھ ڈالنا -

Take to task ڈانٹ ڈپٹ کرنا - سرزنش کرنا -

Tasmanian (taz-ma-ni-ən) *adj.* Of Tasmania تسمانیہ کا رہنے والا - تسمانیہ کا باشندہ -

Tasmanian devil کالی بلا - بلی کی قسم کا ایک گوشت خور جانور جو درخت پر رہتا ہے - تسمانیہ کا بلّو -

Tass (tas) *n.* A drinking cup, a small drink شراب پینے کا پیالہ - ایک گھونٹ شراب - شراب کی چسکی

Tassel (tas-l) *n.* & *v.t.* An ornamental hanging tuft of threads پُھندنا - جھالر - لٹکن - ڈوریوں کا گچھا - کتاب میں نشانی کا فیتہ - پُھندنا لگانا -

Taste (tast) *v.t.* & *i.* Perceive by tongue ذائقہ معلوم کرنا - چکھنا - تھوڑا سا کھانا - کسی چیز کے چکھنے کا کام کرنا - مزہ محسوس کرنا - تجربہ ہونا - معلوم کرنا - آزمانا - لذّت اٹھانا - مزہ لینا -

Tastable *adj.* لذیذ - خوش ذائقہ - جو چکھا جا سکے -

Taste (tast) *n.* Quality or flavour of any thing مزہ ذائقہ - لذت - قوت ذائقہ - سلیقہ - مذاق - پسند - ذوق - شوق -

A man of taste صاحب ذوق آدمی -

The remark was in bad taste یہ بات بد مذاق کی تھی -

True taste ذوق سلیم -

Tasteful (tast-ful) *adj.* Having a pleasant taste مزیدار - خوش ذائقہ - لذیذ - خوشگوار - لطیف - پسندیدہ مذاق والا -

Tastefully *adj.* نفاست سے -

Tastefulness *n.* نفاست - لطافت - نفیس مزاجی -

Tasteless (tast-les) *adj.* Without taste, without good taste بے لطف - بے مزہ - بے ذائقہ - پھیکا - بد ذوق - بد مذاق -

Tastelessly *adv.* نا شایستگی سے - بد ذوقی سے - بد مزگی سے -

Tastelessness *n.* نا شایستگی - بے مزگی - پھیکا پن -

Taster (tast-ər) *n.* One skilful in distinguishing flavours ذائقوں کا ماہر - چکھ کر بتانے والا - کتابوں کے مسودے پڑھنے والا - ساغرِ مئے - شراب چکھنے کا چھوٹا پیالہ -

Tasty (tast-i) *adj.* Savoury خوش ذائقہ - مزیدار -

Tat (tat) *v.i.* & *t.* Make by tatting جھالر گوتھنا - گوتھواں کام کرنا -

Tat (tat) *n.* Pakistani hemp matting ٹاٹ - سن کا کپڑا - ٹٹو - یابو -

Ta-ta (ta-ta) *interj.* Good-bye (بچوں کی بول چال) فی امان اللہ - خدا حافظ -

Tate gallery لندن کا ایک مشہور تصویر خانہ -

Tatter (tat-ər) *n.* A torn shred (عموماً جمع) دھجّی چیتھڑا - ٹکڑا - پرزہ - خستہ حال - چیتھڑے لگا آدمی -

Tattered *adj.* پارہ پارہ - پھٹا ہوا - پھٹا پرانا -

Tatting (tat-ing) *n.* Making of lace edging by hand جھالر یا لیس بنانے کا کام - گوتھواں کشیدہ کا کام -

Tattle (tat-l) *n., v.i. & t.* Trifling talk, chatter گپ - بکواس - گپ مارنا - بکواس کرنا - بے تکی باتیں کرنا - بے سوچے سمجھے کہہ دینا - واہی تباہی باتیں کرنا - بک بک کرنا -

Tattler *n.* - گپّی - زٹلّی - ایک مشہور انگریزی رسالہ بکواس کرنے والا - بکّی -

Tattoo (tə-too) *n. & v.i.* A military fete by night (فوجی) رات کو نقارہ بجانا - کوئی فوجی تقریب جو رات میں ہو - انگلیوں سے کسی چیز پر طبلہ سا بجانا -

Beat the devil's tattoo شغل کے طور پر انگلیوں سے طبلہ بجانا -

Tattoo (tə-too) *n. & v.t.* Design marked on skin جسم کو گود کر نقش بنانا - گودا ہوا نقش - گودنے کا نشان -

Tatty (tat-i) *n.* Indian mat of bamboo, cus-cus grass, etc. ٹٹّی - خس کی ٹٹی - بانس کی ٹٹی -

Taunt (taw-nt) *v.t. & n.* Reproach stingingly طعنہ دینا - ملامت کرنا - طعن و تشنیع کا ہدف - طعنہ -

Tauntingly *adv.* - طعنہ آمیز طریقے سے - طعن و طنز سے

Taunt (tawnt) *adj.* High (جہازی) اونچا - بلند -

Taurine (tawr-in) *adj.* Bull like بیل کی طرح - سانڈ جیسا - ثوری - برج ثور کا -

Tauromachy (tawr-om-ə-ki) *n.* Bull fighting بیلوں کی لڑائی - بیلوں کی لڑائی کا دنگل -

Taurus (taw-rəs) *n.* The Bull, a sign of zodiac برج ثور - ستاروں کا ایک مجموعہ -

Taut (tawt) *adj.* Tense بالکل درست - ٹھیک ٹھیک - تنا ہوا -

Tauten *v.i. & t.* تننا - تاننا - کسنا -

Tautly *adv.* ٹھیک طور پر - کس کر - تان کر -

Tautness *n.* - درست ہونا - کھچا ہوا ہونا - تنا ہوا ہونا

Tautology (tawt-o-l-ə-gi) *n.* Use of words that say the same things ایک ہی بات کو مختلف الفاظ میں بیان کرنے کا فن - تکرار - ہم معنی الفاظ کی بھرتی -

Tautologic-al *adj.* - تکرار معنی کا - تکرار لفظی کا - مکرّر -

Tautologist *n.* ایک ہی بات کو بار بار بیان کرنے والا -

Tautologize *v.t.* تکرار معنی کرنا - ایک ہی بات کو مکرّر بیان کرنا -

Tavern (tav-ə-rn) *n.* A public house شراب خانہ - کلال خانہ - کھانے پینے اور شراب کی دوکان -

Taverner *n.* کلال - مے فروش -

Tavern-hunter *n.* شرابی -

Taw (taw) *v.t.* Prepare and dress skins چمڑا کمانا - دباغت کرنا - سفید چمڑا بنانا -

Tawer (taw-ər) *n.* A maker of white leather سفید چمڑا تیار کرنے والا -

Tawery دباغت کا کارخانہ -

Taw (taw) *n.* A game of marbles گولیوں کا کھیل انٹا - پالا -

Tawdry (taw-dri) *n. & adj.* Showy without taste or worth بھڑکیلا اور بھدّا - بے ڈھنگا - سستا اور دکھاؤ - جھوٹا زیور - ہلکا گہنا -

Tawdrily *adv.* بھڑک دار اور بھدے طریقے سے - بھدی آرایش کے ساتھ -

Tawdriness *n.* بے ڈھنگا پن - پھوہڑ پن -

Tawny (taw-ni) *adj. & n.* Yellowish brown گندمی رنگ - گندمی رنگ کا - بھورا - سانولا -

Tawniness *n.* سانولا ہونا - گندم گوں ہونا -

Taws(c) (taws) *n.* A leather strap (سکاٹلینڈ) لڑکوں کو سزا دینے کا تسمہ یا چابک -

Tax (taks) *v.t.* Burden, lay a tax on محصول لگانا - لگان مقرر کرنا - بوجھ ڈالنا - زیادہ زور ڈالنا - سخت محنت لینا - الزام دینا - ملزم ٹھیرانا -

Taxibility—bleness *n.* - محصول لگانے کے قابل ہونا - قابل محصول ہونا -

Taxable *adj.* قابل محصول -

Taxably *adv.* قابل محصول ہونے کی حد تک ۔

Taxation *n.* محاصل ۔ محصول لگانے کا اصول یا طریقہ ۔ تشخیص محاصل ۔

Tax (taks) *n.* Anything imposed محصول ۔ کر ۔ لگان ۔ بار ۔ بوجھ ۔ الزام ۔ تہمت ۔ جرمانہ ۔ تاوان ۔

Tax farmer *n.* جو حکومت سے محصول وصول کرنے کا ٹھیکہ لیتا ہے ۔ محصول کا ٹھیکہ دار ۔

Tax-payer *n.* محصول دینے والا ۔

Taxless *adj.* جس پر کوئی ٹیکس نہ ہو ۔

Taxi (taksi) *n., v.t. & i.* Any car on hire کرایہ کی گاڑی ۔ ٹیکسی چلانا ۔ کرایہ پر گاڑی چلانا ۔ ہوائی جہاز کا اڑان سے پہلے زمین پر دوڑنا ۔

Taxidermy (taks-i-dər-mi) *n.* Art of stuffing, preparing skins جانوروں کی کھال میں بھس بھرنے کا فن ۔ جانوروں کی کھالوں کو محفوظ رکھنے کا فن ۔

Taxidermist *n.* جانوروں کی کھالوں کو بھرنے والا ۔

Taximeter (taks-i-metər) *n.* Meter for indicating distance چلا ہوا فاصلہ بتانے والا ٹیکسی کا آلہ ۔

Taxis (taksis) *n.* Arrangement, manipulative replacement of displaced parts ہاتھ کے دباؤ سے جوڑ بٹھانا ۔ ہڈی بٹھانا ۔ (یونان قدیم) فوج کا دستہ (خطابت) الفاظ کی بندش ۔

Taxonomy (taks-o-nə-mi) *n.* Classification or its principles حیوانات کے جنس اور انواع میں تقسیم کے اصول ۔

Taxology *n.* علم تقسیم حیوانات ۔ تقسیم حیوانات کی بحث ۔

Tea (te) *v.i., t. & n.* Leaves of a plant boiled in water چائے کا پودا ۔ چائے کی پتی ۔ جوشاندہ ۔ عرق ۔ دوپہر کا ناشتا ۔ چائے پینا ۔ چائے پلانا ۔

Tea-caddy چائے کا ڈبہ ۔

Tea-cake کیک جو چائے کے ساتھ کھایا جائے ۔

Tea-chest چائے بھیجنے کی پیٹی یا صندوق ۔

Tea-cup چائے کی پیالی ۔

Storm in a tea cup معمولی سی بات کا ہنگامہ ۔ ذرا سی بات کا بتنگڑ ۔

Teach (tech) *v.t.* Impart knowledge, direct سکھانا ۔ لکھانا پڑھانا ۔ تعلیم دینا ۔ ہدایت کرنا ۔ لکھانے پڑھانے کا کام کرنا ۔

Teacher *n.* سکھانے والا یا والی ۔ اُستاد ۔ مُدّرس ۔ مُعلّم ۔ مُعلّمہ ۔

Teachership *n.* مدّرسی ۔ مُعلّمی کا پیشہ ۔

Teachable (tech-əbl) *adj.* Capable of being taught تعلیم پذیر ۔ تربیت پذیر ۔ پڑھائے جانے کے قابل ۔ تربیت کے قابل ۔

Teachability } *n.* تربیت پذیری ۔ قابل تعلیم ہونا ۔
Teachableness }

Teaching (tech-ing) *n.* Giving instruction تعلیم ۔ تربیت ۔ درس و تدریس ۔ عقائد اصول یا مضامین جن کی تعلیم دی جائے ۔ پیشہ مُعلّمی ۔ اصول ۔ عقائد ۔ ارشادات ۔

Teak (tek) *n.* A verbenaceous tree ساگوان ۔ ساکھو ۔ ساگوان کا درخت ۔ تعمیری لکڑی ۔ مضبوط لکڑی جس سے جہاز وغیرہ بنتے ہیں ۔

Teal (tel) *n.* A small duck پن ڈبکی ۔ چھوٹی بط ۔ مرغابی ۔

Team (tem) *v.t. & n.* A set of persons, brood, a litter دو یا کئی جانور جو ساتھ پیدا ہوئے ۔ جھول ۔ ٹکڑی ۔ کسی کھیل کی جماعت جو بالعموم گیارہ کھلاڑیوں کی ہوتی ہے ۔ گھوڑوں کی جوڑی ۔ کھیل کی جماعت بنانا ۔ گھوڑوں کو جوڑی میں جوتنا ۔ ایسے ٹھیکیدار کو کام دینا جس کے پاس مزدوروں کی جماعت ہو ۔

Team-work منظم کام ۔ اتحاد عمل ۔ متفقہ کوشش ۔

Teaming *n.* ایک جماعت کو کام پر لگانا ۔ جتھے سے کام لینا ۔

Teamster (tems-tər) *n.* One who drives a team جماعت سے کام لینے والا ۔ جوڑی یا چوکڑی چلانے والا ۔

Teapoy (te-poi) *n.* A small table or tripod چھوٹی میز ۔ تپائی ۔

Tear (ter) *v.t. & i.* Draw asunder, separate with violence چیرنا ۔ پھاڑنا ۔ چاک کرنا ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ اختلاف پیدا کرنا ۔ گھسیٹ لینا ۔ جھپٹنا ۔ دوڑنا ۔ اڑے ہوئے جانا ۔

Country was torn by factions فرقہ بندی سے ملک ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا تھا ۔

Tear one's hair - غصے یا مایوسی میں سر کے بال نوچنا ۔

Tear one's self away خلاف مرضی چلے جانا ۔

Tear (ter) *n.* A drop of liquid, a blob, bead - آنسو ۔ اشک ۔ آنسو کی بوند ۔ قطرہ ۔ بوند کی مثل شے ۔

Teargas اشک آور گیس ۔

Tearful (ter-ful) *adj.* Ready to shed tears - پُر اشک اشکبار ۔ نم ناک ۔

Tearfulness *n.* پُرنم ہونا ۔ اشک آلودگی ۔ اشکباری ۔

Tearless *adj.* جس میں آنسو نہ ہوں ۔ خشک آنکھیں ۔ بے اشک ۔

Tearing (ter-ing) *adj.* & *n.* Terrible rushing پھاڑتے ہوئے ۔ سخت ۔ شدید ۔ چیر ۔ پھاڑ ۔ چاک ۔

Tease (tez) *v.t.* & *n.* Vex, comb, open out the fibres of دق کرنا ۔ تنگ کرنا ۔ ستانا ۔ چھیڑ خانی کرنا ۔ تومنا ۔ صاف کرنا ۔ پیچھے پڑنا ۔ کھرچنا ۔ گلے کا ہار ہو جانا ۔ وہ شخص جس کو چھیڑ خانی کی عادت ہو ۔ شریر ۔ دل لگی باز ۔

Teasingly *adv.* دق کرنے کی غرض سے ۔ چھیڑتے ہوئے ۔

Teasel-zel-zle (tez-l) *v.t.* & *n.* Any species of Dipsacus پودے جس کے سروں پر گوکھرو کے سے گچھے ہوتے ہیں ۔ کپڑے پر رواں اٹھانے کا آلہ ۔ ولائتی گوکھرو سے رواں اٹھانا ۔

Teaser (tez-ər) *n.* One who teases ستانے والا ۔ دل لگی کرنے والا ۔ چھیڑنے والا ۔ پیچیدہ مسئلہ ۔ ٹیڑھی کھیر ۔

Teat (tet) *n.* Nipple - چوچی ۔ سرپستان ۔ تھن ۔ بھٹنی ۔

Teatlike *adj.* تھن کی طرح کا ۔ سرپستان کی طرح ۔

Tec (tec) *n.* Detective (abbr-tet) سراغرسان ۔ ڈٹکٹیو کا مخفف ۔

Technic (tek-nik) *adj.* & *n.* Pertaining to art کسی فن یا ہنر کے متعلق ۔ فنی ۔ صنعتی ۔ اصول فن ۔ طریق کار ۔ طرز ادا ۔ عام اصول یا نظریات ۔

Technician *n.* ماہر فن ۔

Technicist *n.* فن کی جزئیات سے واقف ۔ فن دان ۔

Technical (tek-nik-əl) *adj.* Belonging to particular art, department of knowledge or skill کسی خاص فن یا علم کے متعلق ۔ جو قانون کی نظر میں جرم ہو ۔

Technical terms فنّی اصطلاحیں ۔

Technical skill فنّی قابلیت ۔

Technical difficulty فنّی دشواری ۔

Technically *adv.* اصطلاحی طور پر ۔ فنی طور پر ۔

Technicality (tek-nik-ə-li-ti) *n.* Scientific nature فنّی باریکی ۔ علمی یا فنّی حیثیت ۔

Technique (tek-nik) *n.* Method of performance طریق کار ۔ طرز کار ۔ کاریگری ۔ فنی عمل ۔ آداب فن ۔

Technocracy (tek-nə-kra-si) *n.* Government by technical experts ماہران فن کی حکومت ۔ حکومت جس میں صنعت و حرفت کے ماہرین شریک ہوں ۔

Technology (tek-nə-lo-ji) *n.* Practice of the applied sciences of commercial value دستکاریوں اور صنعتوں کا تفصیلی علم ۔ صنعت و حرفت کی ترقی کا مطالعہ ۔

Technological *n.* فنّی ۔ علوم صنعت کے متعلق ۔

Technologist *n.* صنعت و حرفت کی تاریخ کا ماہر ۔

Techtonic (tek-ton-ik) *adj.* & *n.* Pertaining to building تعمیری ۔ تعمیر کے متعلق ۔ زمین کی ساخت اور اس کی تبدیلیوں کے متعلق ۔ صنّاعی کے متعلق ۔

Techtorial (tek-to-ri-əl) *adj.* Covering غلاف کا کام دینے والی ۔ غلافی ۔

Ted (ted) *v.t.* Spread the grass for drying گھاس کو پھیلا کر خشک کرنا ۔

Teddy bear (tedi-bar) *n.* A woolly toy bear ریچھ کی شکل کا کھلونا ۔ کھلونے کا ریچھ ۔ (تھیوڈر روزولٹ کو ریچھ کے شکار کا شوق تھا انہیں کے نام سے یہ موسوم ہے) ۔

Te Deum (ta-da-oom) *n.* A famous Latin hymn اطالوی زبان کا ترانہ ۔ حمد ۔ شکرانہ ۔

Tedium (te-di-əm) *n.* Boredom - اجیرن ہونا ۔ کوفت ۔ الکسی ۔ ناگواری ۔

Tedious (te-di-əs) *adj.* Irksome - بھاری ۔ گراں ۔ اکتانے والا ۔ اجیرن ۔ ناگوار ۔

Tediously *adv.* اکتا دینے والے طریق سے ۔ تکلیف دہ طور پر ۔

Tediousness *n.* بار خاطر ہونا ۔ ناگوار ہونا ۔

Tee (tē) *n.* Anything of T shape T کی شکل کی کوئی چیز ۔

Tee (tē) *n., v.t. & i.* The mark aimed at (گولف) ریت جس پر گیند رکھ کر مارتے ہیں ۔ گیند کا نشانہ جہاں گیند پہنچانا ہے ۔ گیند ریت پر رکھنا ۔ گیند پر ضرب لگا کر نشانہ تک پہنچانا ۔ ٹی سے کھیل شروع کرنا ۔ کسی کام کی ابتدا کرنا ۔

Tee (tē) *n.* The umbrella shaped finial of a pagoda چھتری کی شکل کا کلس جو بدھ مندروں پر بنایا جاتا ہے ۔

Teem (tēm) *v.t. & i.* Bring forth, be fruitful معمور ہونا ۔ بھرا ہوا ہونا ۔ حاملہ ہونا ۔ بہتات ہونا ۔ پیدا کرنا ۔ بیانا ۔

Teem (tēm) *v.t. & i.* Pour, empty بہنا ۔ بہانا ۔ خالی کرنا ۔ انڈیل دینا ۔ خارج کرنا ۔

Teemless *adj.* بانجھ ۔ بنجر ۔

Teen (tēn) *n.* Grief, anger, pain رنج ۔ صدمہ ۔ مصیبت ۔ نقصان ۔

Teens (tēns) *n.* Any age between thirteen and nineteen تیرہ سے انیس سال کی عمر ۔

In one's teens عنفوان شباب میں ہونا ۔

Teeth (tēth) *n.* Chewing organs دانت ۔

Teethe (tēth) *v.t.* Cut teeth دانت نکلنا ۔

Teething *adj. & n.* دانت نکلتا ہوا ۔ دانت نکلنے کا زمانہ ۔ دانت نکلنا ۔

Teetotal (tē-tō-tl) *adj.* Abstaining totally from intoxicants منشیات کا مخالف ۔ ترک منشیات کے متعلق (بول چال) پورا ۔ مکمل ۔

Teetotalism *n.* نشہ آور چیزوں سے پرہیز ۔ نشے سے اجتناب ۔ ترک منشیات ۔

Teetotaller (tē-tōt-e-lər) *n.* Abstainer from intoxicating drinks نشہ آور چیزوں سے پرہیز کرنے والا ۔ مسکرات سے پورا اجتناب کرنے والا ۔

Teetotum (tē-tō-təm) *n.* A gambling game of letters ایک کھیل جس میں حروف کی قیمتیں مقرر ہوتی ہیں ۔ کھیل کی چوکور تختی یا لٹو ۔

Teg (teg) *n.* A sheep in the second year دوسرے سال کی بھیڑ ۔ پوٹلا ۔

Tegular (teg-u-lar) *adj.* Of the roofing tile کھپرے یا چھت کی تارس کا ۔

Tegument (teg-u-mənt) *n.* A covering چھال ۔ خول ۔ کھال کا غلاف ۔ جھلی ۔ پوست ۔

Tehee (tē-hē) *n. & v.i.* A laugh expressing derision حقارت کی ہنسی ۔ نیچی آواز کی ہنسی ۔ حقارت آمیز قہقہہ لگانا ۔

Teinoscope (ti-nō-skōp) *n.* A magnifying and diminishing apparatus اشیاء کے عرض و طول کو گھٹانے بڑھانے والی دوربین ۔

Teknonymy (tek-non-i-mi) *n.* Naming of father from child بیٹے کے نام سے ۔ باپ کا نام مشہور ہونا ۔ مثلاً ابوالخیر ۔ ابوالقاسم ۔

Telamon (tel-ə-mən) *n.* A man's figure as a pillar آدمی کی شکل کا ستون ۔

Telautograph (tel-aw-tə-grâf) *n.* A telegraph for reproducing movement of pen or pencil تحریر کو ہو بہو منتقل کرنے والا تار ۔ عکسی تار ۔ تلغراف عکسی جو تحریر کو ہو بہو منتقل کرتا ہے ۔

Telautogram وہ پیام جو تلغراف عکسی سے آیا ہو ۔ عکسی تار ۔

Teledu (tel-ə-dōō) *n.* The stinking badger of Java جاوا کا بدبو دار بجو ۔

Telegram (tel-i-gram) *n.* Message sent by telegraph تار کی خبر ۔ وہ پیام جو تار برق سے بھیجا گیا ہو ۔ برقیہ ۔

Telegraph (tel-i-graf) *n.* An apparatus for transmitting messages تار برق سے اطلاع بھیجنے کا آلہ ۔ تار برق ۔

Telegraph (tel-i-graf) *v.t. & i.* Convey, signal, send a telegram تار کے ذریعے خبر بھیجنا ۔ تار دینا ۔ برقیہ روانہ کرنا ۔ کسی کو اشارہ دینا ۔

Telegrapher (tel-i-graf-ər) *n.* One who sends messages by telegraph تار بابو ۔ تار برق سے پیام بھیجنے کا ماہر ۔

Telegraphist *n.* تار برقی پر کام کرنے والا ۔ تار بابو ۔

Telegraphese (tel-i-graf-ese) *n.* & *adj.* Contracted language حد سے زیادہ مختصر عبارت ۔

Telegraphic (tel-i-graf-ik) *adj.* Contracted تار برق کی زبان میں ۔ تار برق کا ۔ بے حد مختصر ۔

Telegraphically *adv.* تار کے ذریعے سے ۔

Telegraphy (tel-i-graf-i) *n.* The art of sending messages by telegraph تار برق کا فن ۔ تلغراف ۔

Wireless telegraphy بے تار کی تار برق ۔ لاسلکی ۔

Telemechanics (tel-i-me-kə-niks) *n.* Art of working machines by wireless لاسلکی کے ذریعے مشینوں کو چلانے کا فن ۔ لاسلکی میکانک ۔

Teleology (tel-i-ol-ə-ji) *n.* The doctrine of the final causes of things یہ نظریہ کہ کائنات کے تغیرات کا ایک خاص مقصد ہے اور اسباب ظاہری پر ایک اور نظام اسباب ہے ۔

Teleologism *n.* فلسفہ غایات ۔

Teleologist *n.* تقدیر پر یقین رکھنے والا ۔ فلسفہ غایات کا ماننے والا ۔

Telepathy (ti-lep-ə-thi) *n.* Communication between mind and mind اشراق ۔ تعلق ذہنی ۔ ایک ذہن کا اثر بلا کسی مادی وسیلہ کے دوسرے ذہن پر ہونا ۔ افلاطون پانچ سو میل تک اپنے شاگردوں کے ذہنوں سے ربط رکھتا تھا ۔

Telepathist *n.* روحانی پیام رسانی کا ماہر ۔ اشراق کا ماہر ۔

Telepathize *v.t.* ذہن کو متاثر کرنا ۔ اشراق سے اثر ڈالنا ۔

Telephone (tel-i-fōn) *n.*, *v.t.* & *i.* An instrument for reproduction of sound at a distance آواز کو دور تک پہنچانے کا آلہ ۔ ٹے لی فون سے گفتگو کرنا ۔ ٹے لی فون سے پیام بھیجنا ۔

Telephonic *adj.* ٹیلی فونی ۔

Telephonist *n.* وہ شخص جو ٹیلی فون مشین پر کام کرتا ہو ۔

Telephony *n.* ٹیلی فون سے کام لینے کا طریقہ ۔

Telephotography (tel-i-fot-o-graf-i) *n.* Photography of distant objects دور عکسی تصویر کشی ۔ دور دراز چیزوں کی تصویر کشی ۔

Telescope (tel-i-skōp) *n.*, *v.t.* & *i.* An optical instrument for viewing objects at a distance دوربین ۔ ایک نلکی کو دوسری نلکی میں بٹھا دینا ۔ ایک چیز کا دوسرے میں گھس جانا ۔

Telescopist *n.* دوربین کے استعمال کا ماہر ۔

Telescopy *n.* دوربین کی ساخت اور اس کے اصولوں کا علم ۔

Telescopic (tel-i-skōp-ik) *adj.* Like a telescope دوربینی ۔ وہ چیز جو صرف دوربین سے نظر آئے ۔ دوربین کی طرح کی ۔

Telescopic observation *n.* دوربینی مشاہدات ۔

Telescopically *adv.* دوربین کے ذریعے سے ۔

Teleseme (tel-i-sem) *n.* A signalling apparatus بجلی سے اشارہ دینے کا آلہ جو ہوٹلوں میں رکھا جاتا ہے ۔

Television (tel-i-vizh-ən) *n.* The viewing of distant objects لاسلکی کے ذریعے دور کی اشیاء کا مشاہدہ ۔

Televize *v.t.* لاسلکی کے ذریعے منتقل کرنا ۔

Televizor *n.* لاسلکی کے ذریعے منتقل کرنے والی مشین ۔ غائب بین ۔

Tell (tel) *v.t.* & *i.* Utter, count out کہنا ۔ بیان کرنا ۔ بولنا ۔ سنانا ۔ اظہار کرنا ۔ مشہور کرنا ۔ بتلانا ۔ حکم دینا ۔ فیصلہ کر سکنا ۔ تمیز یا شناخت کر سکنا ۔ کارگر ہونا ۔ رائے شماری کرنا ۔ مامور کرنا ۔ مقرر کرنا ۔

Tell off (بول چال) افشائے راز کرنا ۔ قلعی کھولنا ۔ کھری کھری سنانا ۔

Don't tell on me میری شکایت نہ کرنا ۔

Tell the world ڈنکے کی چوٹ اعلان کرنا ۔

You never can tell ظاہری حالات پر حکم نہیں لگایا جا سکتا ۔

Tellable *adj.* قابل بیان ۔

Telling *adj.* کارگر ۔ کاری ۔ موثر ۔

Tellingly *adv.* موثر طور پر ۔

Teller (tel-ər) *n.* One who tells or counts بولنے والا ۔ تبصرہ کرنے والا ۔ بیان کرنے والا ۔ رائے شماری کرنے والا ۔ روپیہ گننے والا ۔

Tellership *n.* زر شماری کی خدمت ۔ رائے شماری کا عہدہ ۔

Telltale (tel-tāl) *n.* One who tells the private concern of others چغل خور - غماز - دوسروں کے بھید کھولنے والا - دوسروں کی برائی کرنے والا - لوگوں کے آنے کی اطلاع دینے والی گھنٹی - جہاز کا رخ بتانے والا آلہ -

Tellurian (tel-u-ri-ən) *n.* An inhabitant of the Earth زمین کا باشندہ -

Tellurion (tel-u-ri-ən) *n.* An instrument for determining movement of the Earth زمین کی حرکت معلوم کرنے کا آلہ - ارض پیما - گردش پیما -

Tellurium (tel-u-ri-əm) *n.* The element (T.e) of atomic number 52 ایک عنصر جو چاندی کی طرح چمکدار ہوتا ہے -

Telotype (tel-o-tīp) *n.* Printing by wireless تار چھاپ مشین - ایک مشین جو تار کے مضمون کو چھاپ دیتی ہے -

Telpher (tel-fer) *n.* An electric car or carrier بجلی کے ذریعے حمل و نقل کا آلہ - بجلی کی گاڑی -

Temerarious (tem-ə-rā-ri-əs) *adj.* Rash, reckless بے باک - نڈر- جری - جانباز - بیباکانہ - سرفروشانہ -

Temerity (ti-mer-i-ti) *n.* Rashness ناعاقبت اندیشی - جانبازی - بے باکی-

Tempean (tem-pe-ən) *adj.* Of the vally of Peneus in Thessaly تھسلی کی وادی پینیس کا جو اپنے قدرتی حسن کے لیے مشہور تھی -

Temper (tem-pər) *v.t.* & *i.* Mix in due proportion, modify - ملانا - امتزاج کرنا - آمیزش کرنا - ملائم کرنا - اعتدال پر لانا - پختہ کرنا (موسیقی) سر ٹھیک کرنا -

Temperable *adj.* اعتدال پر لانے کے قابل - نرم کرنے کے قابل -

Temperative *adj.* معتدل کرنے والا - معتدل یا نرم کیا ہوا - امتزاجی -

Temper (tem-pər) *n.* Due mixture, state of hardness, mood ترکیب - آمیزش - امتزاج - مزاج - کسی دھات کی سختی یا نرمی - خفگی - غضب - بد مزاجی - چونے کا مرکب - گارا -

Keep, control temper غصہ کو قابو میں رکھنا -

Lose one's temper غصہ میں آپے سے باہر ہو جانا - آگ بگولہ ہونا -

Out of temper آشفتہ - برہم - جھلایا ہوا -

Show temper بد مزاجی دکھانا -

Temperament (tem-pər-ə-mənt) *n.* State of mind مزاج - طبیعت - سرشت - خصلت - خمیر - خو - سبھاؤ - پیانو یا دوسرے باجوں کے سروں کا میل -

Artistic temperament شاعرانہ مزاج -

Choleric, bilious temper صفراوی مزاج -

Temperamental *adj.* مزاج کے متعلق - متلون - جذباتی -

Temperance (tem-per-əns) *n.* Moderation, self-restraint اعتدال - ضبط نفس - پرہیز گاری - میانہ روی -

Temperance hotel طعام خانہ جہاں شراب نہ بکتی ہو -

Temperate (tem-per-ət) *adj.* Moderate اعتدال پسندانہ - اعتدال پسند - معتدل -

Temperately *adv.* پرہیز گاری سے - اعتدال سے -

Temperateness *n.* اعتدال - ضبط - پرہیز گاری -

Temperature (tem-per-ə-tur) *n.* Degree of hotness مزاج - درجہ حرارت - سردی یا گرمی کی کیفیت -

Normal temperature طبعی حرارت جو ۹۸٫۴ ڈگری ہے - انسانی جسم کی حرارت طبعی - معمولی حرارت -

Tempest (tem-pist) *n.* A violent wind storm آندھی - جھکڑ - طوفانی ہوا - ہنگامہ - ہلڑ - فساد - ہلچل -

Tempestuous (tem-pist-ū-əs) *adj.* Stormy - طوفانی تند - تیز - ہنگامہ خیز - طوفان خیز -

Tempestuously *adv.* طوفان خیزی کے ساتھ - تندی سے - تیزی سے -

Tempestuousness *n.* آشفتگی - بے چینی - طوفان خیزی -

Templar (temp-lər) *n.* A member of a religious and military order زائرین بیت المقدس کے حفاظت کرنے والے سورما - محاربات صلیبی میں لڑنے والے بہادر - قانون کا طالبعلم -

Template (tem-plit) *n.* A mould shaped to required outline لوہے یا مٹی کا سانچہ جس میں چیزیں ڈھالی جاتی ہیں -

Temple (tem-pl) *n.* Flat portion of either side of head کنپٹی ۔ شقیقہ ۔

Temple (tem-pl) *n.* A building dedicated to God مندر ۔ معبد ۔ شوالہ ۔ ٹھاکر باڑی ۔ گرجا ۔ خانہ خدا ۔ عبادت گاہ ۔ کھاد کی ایک کل جس سے کپڑا تنا رہتا ہے ۔

Templet (temp-lit) *n.* Pattern, metal plate نمونہ کا تختہ یا سانچہ جس کو سامنے رکھ کر پتھر تراشتے ہیں ۔ لکڑی یا پتھر کا تختہ جو دیوار کا وزن تقسیم کرنے کے لیے شہتیر کے نیچے لگاتے ہیں ۔ جہاز کے پیندے کی پھر ۔

Tempo (tem-pō) *n.* Speed and rhythm رفتار ۔ چال ۔ لے ۔ انداز ۔

Temporal (tem-pər-l) *adj.* Pertaining to time in this life or world دنیاوی ۔ عرصہ حیات کا ۔ زمانی ۔ سنسار کا ۔ زمانے کے متعلق ۔ کنپٹی کے متعلق ۔

Temporal lords دنیاوی سردار ۔ ملکی امرا ۔

Temporal power دنیوی اقتدار ۔

Temporally *adv.* دنیوی حیثیت سے ۔ دنیاوی طور پر ۔

Temporality (tem-per-əl-it-i) *n.* Temporal welfare دنیویت ۔ عارضی ہونا ۔ چند روزہ ہونا ۔ بے ثباتی ۔ (جمع) اوقاف کی آمدنی ۔

Temporality (tem-per-əl-it-i) *n.* Non-ecclesiastical body دنیا دار ۔ غیر کلیسائی جماعت ۔ عام لوگ ۔

Temporary *adj.* چند روزہ ۔ عارضی ۔

Temporarily *adv.* تھوڑے دنوں کے لیے ۔ عارضی طور پر ۔

Temporariness *n.* وقتی ہونا ۔ عارضی ہونا ۔ ہنگامی ہونا ۔

Temporize (tem-per-īz) *v.i.* Comply with the time and occasion زمانہ کا ساتھ دینا ۔ زمانہ سازی کرنا ۔ جیسا موقع ہو ویسا رنگ اختیار کرنا ۔ عارضی طور پر کوئی بندوبست کر لینا ۔

Temporization *n.* زمانہ کا ساتھ دینا ۔ ابن الوقتی ۔ زمانہ سازی ۔

Temporizer *n.* زمانہ کا ساتھ دینے والا ۔ زمانہ ساز ۔

Tempt (temt) *v.t.* Put to trial, test, persuade آزمانا ۔ ترغیب دینا ۔ امتحان لینا ۔ جانچنا ۔ اکسانا ۔ ابھارنا ۔ رغبت دلانا ۔ طمع دینا ۔ اغوا کرنا ۔ غصہ دلانا ۔ ٹوکنا ۔

Temptingly *adv.* رغبت دلاتے ہوئے ۔ لالچ کے طور پر ۔ ترغیب دلا کر ۔

Temptable *adj.* جسے اکسایا جا سکے ۔ جسے ورغلایا جا سکے ۔ جسے ترغیب دی جا سکے ۔

Temptation (tem-tā-shən) *n.* State of being tempted, that which tempts اشتعال ۔ ترغیب ۔ تحریص ۔ بہکاوا ۔ لالچ ۔ وہ شے جس سے ترغیب دی جائے ۔ حرص کا پھندا ۔ وہ کام جو برے کام پر ابھارے ۔

Tempter (tem-tər) *n.* One who tempts ورغلانے والا ۔ محرک ۔ لالچ دینے والا ۔ محرک ۔

The Tempter (de-tem-tər) *n.* The Devil ابلیس ۔ شیطان ۔

Temptress *n.* محبت کے دام میں پھنسانے والی ۔ بہکانے والی ۔ عورت جو برے کام پر اکساتی ہو ۔

Temse (tems) *n.* & *v.t.* A sieve چھلنی ۔ چھاننا ۔

Ten (ten) *adj.* & *n.* The cardinal number next above nine دس ۔ دہ ۔ عشر ۔ دس کا عدد ۔ دہلا ۔

Ten times as easy کئی درجے ۔ کئی گنا ۔

Ten to one he forgets it یقین غالب ہے کہ وہ بھول جائے گا ۔

Tenfold *adj.* & *adv.* دہ چند ۔ دس گنا ۔

Tenth *adj.* & *n.* دہم ۔ دسواں ۔

Tenthly *adv.* دسویں ۔

Tenable (ten-əbl) *adj.* Capable of being kept, defended جسے حملے سے بچایا جا سکے ۔ قابل مدافعت ۔ قابل تسلیم ۔ قابل پیروی ۔ معقول ۔ قرین قیاس ۔

Tenability, Tenableness *n.* مضبوطی ۔ استحکام ۔ معقولیت ۔

Tenace (ten-ās) *n.* A sequence of cards with gaps (تاش) ایک بڑا اور ایک تیسرا پتہ ۔ مثلاً بادشاہ غلام یا اکا ۔ رانی ۔

Tenacious (ti-nā-shəs) *adj.* Tough, stubborn محکم - پکا - استوار - مضبوطی سے پکڑ رکھنے والا - مضبوطی سے جما ہوا - کٹر - ہٹا - چپکنے والا - ہٹیلا - خود رائے - سرکش -

Tenaciously *adv.* چمٹ کر - مضبوطی سے - سختی سے -

Tenaciousness *n.* / **Tenacity** *n.* } سختی - مضبوطی - چسپیدگی - استحکام -

Tenant (ten-ənt) *v.t.* & *n.* One who holds under another اجارہ دار - لگان دار - پٹہ دار - کرایہ دار - اسامی جو پٹہ پر زمین لیتا ہے - رہنے والا - مکین - قابض - متصرف - پٹہ دار ہونا یا کرایہ دار کی حیثیت سے رہنا -

Tenancy *n.* کرایہ داری - پٹہ داری -

Tenantless *adj.* جس کا کوئی کرایہ دار یا پٹہ دار نہ ہو - خالی - افتادہ -

Tenantable (ten-ənt-əbl) *adj.* Fit to be tenanted کرایہ یا پٹہ پر دینے کے قابل -

Tenantry (ten-ənt-ri) *n.* A body of tenants لگان‌دار لوگ - کرایہ دار - اسامی -

Tend (tend) *v.i.* & *t.* Attend to, mind خبر گیری کرنا - نگران حال ہونا - تیمار داری کرنا - دیکھ بھال کرنا - متوجہ ہونا - دھیان دینا - لنگر کی زنجیر کی نگرانی کرنا -

Tend (tend) *v.i.* Stretch, aim at, move کسی طرف کو جھکنا - مائل ہونا - رخ ہونا - صلاحیت ہونا - باعث ہونا - حرکت کرنا - وسیلہ ہونا -

Tendance *n.* خبر گیری - دیکھ بھال -

Tendency (tend-ən-si) *n.* Trend, drift, inclination رغبت - میلان - خواہش - رجحان - جھکاؤ -

Tendencious (ten-den-shəs) Purposely tending کسی مقصد کے لیے - کسی خیال یا تحریک کے تابع -

Tender (ten-dər) *n.* One who tends, a small craft خبر گیری کرنے والا - محافظ - جہاز کے ساتھ کی چھوٹی کشتی جو بوقت ضرورت استعمال ہوتی ہے - ہرکار کشتی - انجن کے ساتھ کا حصہ جس میں کوئلہ اور پانی رہتا ہے -

Tender (ten-dər) *v.t., i.* & *n.* Offer for acceptance دینا - پیش کرنا - کسی کام یا مال کے لیے بولی دینا - تحریری درخواست کرنا - ٹھیکہ دار کا تخمینہ - رقم جو قرض کی ادائیگی کے لیے دی جائے - چکوتی کی رقم -

Legal tender سرکاری نوٹ - چالو سکہ - زر قانونی -

Tender (ten-dər) *adj.* Soft, delicate نازک - نرم - ملائم - نازک طبع - سریع الحس - جسے جلد صدمہ پہنچ جائے - ضعیف - خورد سال - چھوٹا - محبت بھرا - شفیق - ہر وقت خیال رکھنے والا - پھونک پھونک کر قدم رکھنے والا - معاملہ جو احتیاط چاہتا ہو -

Of tender age صغیر سن - چھوٹی عمر کا -

Tender-hearted نرم دل - رقیق القلب -

Tender loin (امریکہ) وہ مقام جہاں عیش کا سامان ہو - گائے کے پٹھے کا گوشت - ران کا نچلا حصہ -

Tenderly *adv.* نرمی سے - شفقت سے -

Tenderness *n.* درد - رقت - نرم دلی - شفقت - نرمی -

Tendon (ten-dən) *n.* Fibrou's, tissue attaching a muscle to a bone نس - پٹھا - عضلہ - نس جو پٹھوں کے سرے پر ہوتی ہے -

Tendinous *adj.* نس کے متعلق - عضلاتی -

Tendril (ten-dril) *n.* A plant's thread like climbing organ پودے کا سوتی ریشہ جس کے سہارے وہ اوپر چڑھتا ہے - پودے کے تار -

Tenebrae (ten-i-bre) *n.* & *pl.* Matins and lauds in Holy Week with gradual extinction of lights مقدس ہفتہ کی آخری تین راتیں جن میں شمعیں گل کرکے مناجاتیں پڑھی جاتی ہیں -

Tenebrous (ten-i-brəs) *adj.* Dark تیرہ و تار - تاریک -

Tenement (ten-i-mənt) *n.* Any thing held آراضی جو قبضہ میں ہو - جائداد مقبوضہ - جائداد غیر منقولہ مکان آراضی وغیرہ - جاگیر - امراء کا منصب یا خطاب -

Tenemental *adj.* مقبوضہ - قابل قبضہ - سکونتی - جائداد کے متعلق -

Tenementary *adj.* جائداد جو کرایہ یا لگان پر دی گئی ہو -

Tenesmus (ti-nes-məs) *n.* Painful straining to relieve the bowels مروڑ ـ درد ـ اجابت میں زور دینے سے تکلیف ـ درد کے ساتھ اجابت ـ

Tenet (ten-et) *n.* Principle, doctrine ـ رائے ـ عقیدہ مسئلہ ـ قول ـ اصول ـ کلیہ ـ

Tenner (ten-ər) *n.* A ten pound note (بول چال) دس پونڈ کا نوٹ ـ

Tennis (ten-is) *n.* A game played with ball and rackets ایک مشہور کھیل ٹینس ـ

Tennis arm elbow ہاتھ کا جھٹکا یا موچ جو کھیلنے میں آ جاتی ہے ـ

Tennis court ٹینس کھیلنے کا میدان ـ قطعہ زمین جس پر ٹینس کھیلتے ہیں ـ

Tenon (ten-ən) *v.t.* & *n.* A projection at the end of a piece of wood جوڑ کی چول ـ پٹی کی چول ـ سرا ـ چول بٹھانا ـ چول سے جوڑنا ـ

Tenoner *n.* چول بٹھانے کا آلہ ـ چول بنانے اور بٹھانے والا ـ

Tenor (ten-ər) *n.* Continuity of state, general run or course قرینہ ـ وضع ـ روش ـ چال ڈھال ـ منشا ـ مدعا ـ مطلب ـ مقصود ـ نیت ـ مردانہ آواز کا سب سے اونچا سر ـ اونچی آواز میں گانے والا ـ پنچم کا جو تارا ـ

Tenor voice اونچی آواز ـ بلند آواز ـ

Tenorist *n.* اونچی سر میں گانے والا ـ پنچم میں گانے والا ـ

Tenrec (ten-rek) *n.* A large Madagascan insectivore ساہی کے قسم کا ایک کرم خور جانور ـ

Tense (tens) *n.* Time in grammar فعل کا زمانہ ـ ماضی ـ حال ـ مستقبل ـ

Tense (tens) *adj.* Strained کھچا ہوا ـ تنا ہوا ـ شدید ـ سخت ـ پر جوش ـ کھچاؤ کا ـ کشیدگی کا ـ کشا کش کا ـ

Tense moment کھچاؤ یا تناؤ کا لمحہ ـ

Tensely *adv.* کشا کش کے ساتھ ـ شدت جوش سے ـ کھچاؤ کی حالت میں ـ

Tenseness-ity *n.* بے چینی ـ کشا کش ـ جوش ـ تناؤ ـ کھچاؤ ـ

Tensile (ten-sīl) *adj.* Pulling, stretching کھچاؤ یا تناؤ کا ـ تننے والا ـ جو کھینچا جا سکے ـ

Tensible *adj.* تننے والا ـ کھنچنے والا ـ

Tension (ten-shən) *n.* Stretched or strawed state کھچاؤ ـ تناؤ ـ شدت جوش ـ بے چینی ـ کشا کش ـ گیس یا انجرات کے پھیلنے کی قوت ـ

Tensioned *adj.* کھنچا ہوا ـ تنا ہوا ـ

Tensor (ten-sər) *n.* A muscle that tightens a part عضلہ جو کسی عضو کو تنا ہوا رکھتا ہے ـ

Tent (tent) *n., v.t.* & *i.* A canvas lodge or shelter خیمہ ـ ڈیرا ـ شامیانہ ـ چھولداری ـ خیمہ لگانا ـ خیمہ میں رہنا ـ ڈیرہ ڈال کر رہنا ـ ڈھانپنا ـ

Tent fly خیمے کے سامنے کا پردہ ـ خیمے کے آگے کا چھجا ـ

Tent-pegging سوار کا گھوڑا دوڑا کر برچھے سے میخ اکھاڑنے کا کرتب ـ

Tent (tent) *n.* & *v.t.* A plug of soft material for keeping open a wound کپڑے کی بتی جو زخم کو کھلا رکھنے کے لیے زخم میں رکھتے ہیں تا کہ مواد بہہ جائے ـ زخم میں بتی رکھنا ـ

Tent (tent) *n.* A deep red Spanish wine اسپین کی گہری سرخ شراب ـ

Tentacle (tent-ə-kl) *n.* A flexible organ for feeling and grasping جانوروں کے آگے نکلے ہوئے بال یا سخت حصے جن سے وہ محسوس کرتے ہیں اور پکڑتے ہیں ـ بعض پودوں کا رواں جس میں حس ہوتی ہے ـ بعض پھولوں کی پتیاں ـ

Tentacled آنکڑے کے جانور ـ

Tentative (ten-tə-tiv) *adj.* & *n.* Done or made provisionally امتحاناً ـ آزمائشی ـ آزمائشی تجویز یا نظریہ ـ عارضی ـ وقتیہ ـ

Tentatively *adv.* تجربہ کے طور پر ـ امتحان کے طور پر ـ

Tenter (ten-tər) *n.* A frame for stretching cloth کپڑا تاننے کا چوکھٹا ـ آنکڑی ـ ایک آلہ جس سے کپڑا سکھایا جاتا ہے ـ

Tenter (ten-tər) *n.* A man who looks after machinery وہ شخص جو کسی کارخانہ میں کلوں کا نگران ہو ـ

Be on the tenterhooks or on the tenter } کشمکش میں پڑنا ۔ خلجان میں پڑنا ۔ کانٹوں پر لوٹنا ۔

Tenuity (ten-ū-i-ti) *n.* Thinness, slenderness باریکی ۔ پتلا پن ۔ رقت ۔ لطافت ۔ (طرز تحریر) ہلکا پن ۔ شوکت الفاظ سے عاری ۔

Tenuous (ten-ū-əs) *adj.* Thin, slender باریک ۔ سہین ۔ ہلکا پتلا ۔ باریک یا نازک فرق ۔

Tenure (ten-yər) *n.* Holding, occupation, time of holding قبضہ ۔ علاقہ ۔ ملکیت ۔ عہدہ ۔ لگان داری ۔ دخل یا قبضہ کا زمانہ ۔ عہد ۔ میعاد ۔

Tepefy (tep-i-fi) *v.t.* & *i.* Make or become tepid نیم گرم ہونا یا کرنا ۔

Tepefaction *n.* نیم گرم ہونا ۔ شیر گرم ہونا ۔

Tepid (tep-id) *adj.* Moderately warm شیر گرم ۔ نیم گرم ۔

Tepidity, Tepidness } *n.* نیم گرمی ۔ شیر گرمی ۔

Tepidly *adv.* نیم گرم طور پر ۔ بغیر جوش و خروش کے ۔ اعتدال سے ۔

Teraph-teraphin (ter-əf) *n.* An image for divination ٹھاکر ۔ دیوتا ۔ مورتی ۔ قدیم یہودی مورتیوں سے استخارہ کرتے تھے ۔

Tercel (tərs-əl) n. A male hawk نر شاہین ۔ شکرا ۔ نر باز ۔

Tercentenary (ter-sen-ti-nə-ri) *adj.* & *n.* Of three hundred years تین سو سالہ جشن ۔ تین سو سال کا ۔

Terebene (ter-i-ben) *n.* A light yellow disinfectant ایک جراثیم کش دوا جو تارپین کے تیل اور گندھک سے تیار کی جاتی ہے ۔

Terebinth (ter-i-binth) *n.* Turpentine tree تارپین کا درخت ۔

Terebra (ter-i-brā) *n.* A boring instrument کیڑوں کے سوراخ کرنے والے عضو ۔

Terebrate *adj.* چھید کرنے والا ۔ عضو رکھنے والا ۔ برمے دار ۔

Teredo *n.* A boring warm ایک کیڑا جو کشتیوں میں سوراخ کر دیتا ہے ۔

Tergal (tər-gəl) *adj.* Of the back plate پیٹھ کا ۔ پشت کا ۔

Tergiversate (tər-jiv-er-sāt) *v.i.* Turn one's back حیلہ کرنا ۔ بہانہ کرنا ۔ پیٹھ پھیرنا ۔ رنگ بدلنا ۔ ایک بات پر قائم نہ رہنا ۔ عقیدہ بدلنا ۔ مرتد ہو جانا ۔ پلٹ جانا ۔ پھر جانا ۔

Tergiversation *n.* ارتداد ۔ انحراف ۔

Tergiversator *n.* ایک بات پر قائم نہ رہنے والا ۔ مرتد ۔

Term (term) *n.* Limit, end حد ۔ انتہا ۔ مدت معینہ ۔ وقت مقررہ ۔ میقات ۔ ایام تعلیم ۔ ایام کار عدالت ۔ اصطلاح ۔ (الجبرا) مقدار ۔ رقم ۔ (جیومیٹری) انتہا ۔ (منطق) طرف ۔ مبتدا یا خبر ۔ (جمع) طرز بیان ۔ پیرایہ ۔ شرائط ۔ (جمع) ایام حیض ۔ لین دین ۔ آپس کے تعلقات ۔

Bring to terms شرائط منوا لینا ۔

Come to terms تصفیہ کر لینا ۔ شرائط مان لینا ۔

In the most flattering terms نہایت تعریف کے پیرائے میں ۔

They are not on speaking terms ان کی آپس میں بات چیت نہیں ہے ۔

Term (term) *v.t.* Nominate نامزد کرنا ۔ موسوم کرنا ۔ نام رکھنا ۔

Termagant (tər-mə-gənt) *n.* A boisterous bully لڑاکا ۔ دنگا فساد کرنے والا ۔ بد مزاج یا لڑاکا عورت ۔ خالق شر ۔ اہر من ۔

Termagancy *n.* شورہ پشتی ۔ شرارت ۔ دنگا ۔ فساد ۔

Termagantly *adv.* شورہ پشتی سے ۔ مفسدانہ طور پر ۔

Terminable (ter-min-əbl) *adj.* That may come to an end اختتام پذیر ۔ ختم کرنے کے قابل ۔ معین ۔ جو مقررہ معیاد کے بعد ختم ہو جائے ۔

Terminableness *n.* مقررہ معیاد پر ختم ہو جانا ۔ اختتام پذیری ۔ محدود ہونا ۔

Terminal (term-i-nəl) *adj.* & *n.* Of, at, marking an end or boundary آخر ۔ آخری ۔ میقاتی ۔ مدت مقررہ پر کیا جانے والا ۔ میعادی ۔ (امریکہ) ریل کا آخری اسٹیشن ۔

Terminal station ریل وغیرہ کا آخری اسٹیشن ۔

Terminally *adv.* خاتمے یا حد پر ۔ آخر میں ۔ میقات پر ۔

Terminate (term-i-nāt) *v.t.* & *i.* Bring to an end حد بندی کرنا ۔ ختم کرنا ۔ انتہا کرنا ۔ تمام کرنا ۔ ختم ہونا ۔ آخر میں ہونا ۔

Terminative *adj.* انتہا کا ۔ خاتمے کا ۔ تمام کرنے والا ۔

Terminatory *adj.* خاتمہ کا ۔

Terminate (term-i-nāt) *adj.* Limited, confined حد بندی کیا ہوا ۔ محدود ۔ جو ایک حد پر ختم ہو جائے ۔

Termination (term-i-na-shən) *n.* Ending لفظ کا آخری حرف ۔ حد ۔ حد بندی ۔ اختتام ۔ انتہا ۔

Terminational *adj.* جو کلمے کے آخر میں ہو ۔ آخری ۔

Terminator (term-i-na-tər) *n.* One who or that which terminates ختم کرنے والا ۔ (ہیئت) نور اور ظلمت کی حد جو اجرام فلکی کے تاریک اور روشن حصوں کو جدا کرتی ہے ۔

Terminism (term-i-ni-zm) *n.* The doctrine that there is a time limit for grace یہ عقیدہ کہ فضل رب کا ایک مقررہ وقت ہے اور توبہ وقت پر ہونی چاہیے ۔ فلسفہ اسمیت ۔

Terminist *n.* عقیدہ فضل کا قائل ۔

Terminology (term-i-no-lə-ji) *n.* Set of terms used in any art or science کسی علم یا فن کی اصطلاحات ۔ علم الاصطلاح ۔

Terminological *adj.* فنی ۔ علمی ۔ اصطلاحی ۔

Terminus (term-i-nəs) *n.* Last stage حد ۔ انتہا ۔ منزل ۔ منزل مقصود ۔ ریل کا آخری اسٹیشن ۔ (قدیم روم) سرحدوں کا دیوتا ۔ مورتی کے نیچے کا چوکور ستون ۔

Termitarium (tər-mi-ta-ri-əm) *n.* A mound of termites دیمک کا گھر ۔

Termite (tər-mīt) *n.* The white ant دیمک ۔

Termly (term-li) *adj.* & *adv.* Of every term ہر میقات پر ۔ میقاتی ۔ جو ختم میقات پر واقع ہو یا ادا کیا جائے ۔

Termor (term-ər) *n.* Lease holder (قانون) میعادی یا دوامی پٹہ دار ۔ لگاندار ۔

Tern-arm (tern) *adj.* & *n.* A three, a set of three تین جوڑ ۔ تین تین کا ۔ قرعہ اندازی کے تین نمبر ۔ یہ نکل آئیں تو بڑا انعام ملتا ہے ۔ دریائی ابابیل ۔

Ternary (tər-nəri) *adj.* Of three, in three components تہرا ۔ تکنا ۔ تین کا ۔ ثلاثی ۔ (ریاضی) جس میں تین مقداریں ہوں ۔

Ternal *adj.* ثلاثی ۔ تین کا ۔

Ternate (tərn-at) *adj.* Grouped in three تین تین کا ۔ تپتیا ۔ سہ برگ ۔

Terne (tərn) *n.* Sheet iron coated with lead گھٹیا قسم کا ٹین جس پر سیسہ چڑھایا گیا ہو ۔

Terpsichorean (tərp-sik-ə-ri-ən) *adj.* Of the muse of song and dance رقص کی دیوی کا ۔ رقص کی دیوی سے منسوب کیا ہوا ۔

Terra (ter-ā) *n.* Latin word for earth مٹی ۔ زمین ۔ ارض ۔

Terrace (ter-is) *n.* & *v.t.* A raised level bank or walk چبوترہ ۔ کرسی ۔ بلند مقام ۔ بالا خانہ ۔ بلند مسطح پہاڑی ۔ سمندر کا بلند کنارہ ۔ چبوترہ بنانا ۔ کرسی قائم کرنا ۔

Terraced roof کھلی مسطح چھت ۔

Terracotta (ter-ä-ko-tä) *n.* A composition of clay and sand ریت اور مٹی کا گارا جو مجسموں کے لیے بنایا جاتا ہے ۔ اس گارے کا مجسمہ یا مورتی ۔

Terrain (ter-ān) *n.* Ground or tract of a particular feature قطعہ زمین ۔ مخصوص وضع یا طرز کا خطہ ۔ (فوجی) موقع کا میدان ۔

Terramara (ter-a-mä-rä) *n.* A dark earthy deposit ہڈیوں کی کھاد ۔ ما قبل تاریخ کے زمانہ کی مٹی کی تہہ جس میں ہڈیاں ملی ہوتی ہیں ۔

Terraneous (ter-ā-ni-əs) *adj.* Growing on dry land خشکی میں پیدا ہونے والی روئیدگی ۔ خشکی کی گھاس اور جھاڑیاں ۔

Terrapin (ter-ə-pin) *n.* Tortoise میٹھے پانی کا کچھوا جسکا گوشت لذیذ ہوتا ہے ۔

Terraqueous (ter-ə-ku-əs) *adj.* Of earth and water آب و گل کا - پانی اور مٹی کا - جو پانی اور خشکی دونوں پر مشتمل ہو -

Terrene (ti-ren) *adj.* Earthly زمین کا - جسمی - سفلی - خاکی - ارضی -

Terreplein (tār-plān) *n.* The top of a rampart توپ خانہ کا چبوترہ - دھس کا اونچا حصہ -

Terrestrial (ti-res-tri-əl) *adj.* & *n.* Earthly زمین کا باشندہ - آدمی دنیاوی - خاکی - زمین کا - ارضی -

Terrestrially *adv.* ارضی طریق سے - دنیاوی طور پر -

Terret (ter-it) *n.* A ring for fastening a chain زین کا حلقہ جس میں لگام اٹکاتے ہیں - کوئی حلقہ - حلقہ زنجیر -

Terrible (ter-i-bl) *adj.* Awful, dreadful ہولناک - وحشت ناک - ڈراؤنا - مہیب - سخت - شدید -

A terrible bore اکتا دینے والا - اجیرن - وبال جان -

Terribleness *n.* ہولناکی - وحشت ناکی -

Terribly *adv.* (بول چال) بہت - وحشت انگیزی سے - مہیبانہ - بری طرح سے -

Terricolous (ter-ik-ə-ləs) *adj.* Living in or on the soil زمینی - ارضی - زمین پر یا اندر رہنے والا -

Terrier (ter-i-ər) *n.* A small dog of various breeds ایک نسل کا کتا جو چھوٹے قد کا ہوتا ہے جس کی بو سونگھنے کی قوت تیز ہوتی ہے -

Terrier (ter-i-ər) *n.* A register of landed estate کھیوٹ - خسرہ - پٹواری کا کھاتہ جس میں زمینداروں کی زمین کا اندراج ہوتا ہے -

Terrific (ter-i-fik) *adj.* Creating terror قیامت کا - بلا کا - دہشتناک - ہولناک -

Terrifically *adv.* ہولناک طریقے سے -

Terrify (ter-i-fī) *v.t.* Cause terror in ڈرانا - خوفزدہ کرنا - دہشت پیدا کرنا -

Terrigenous (te-rij-i-nəs) *adj.* Earth born ارضی - زائیدہ ارض - جو زمین سے پیدا ہو -

Terrine (ter-īn) *n.* An earthan vessel مٹی کا برتن جس میں دہی وغیرہ رکھ کر بیچتے ہیں -

Territorial (ter-i-tə-ri-əl) *adj.* & *n.* A soldier in the Territorial army ملکی - قلمرو کا - ضلع یا صوبے کا - مقامی - علاقائی (امریکہ) کسی امریکی ریاست کا - علاقائی فوج کا سپاہی (کلیسا) ملکی - دیوانی - وطنی -

Territorialism *n.* ملکی حکومت کے دینی اقتدار کا نظریہ - علاقائی حکومت کا اصول -

Territorially *adv.* ملکی نقطہ نظر سے - مقامی لحاظ سے - علاقہ کے لحاظ سے -

Territorialize (ter-i-tə-ria-līz) *v.t.* Make a territory of علاقہ بنانا - ملک میں شامل کر لینا - ملک میں الحاق کر لینا -

Territory (ter-i-tər-i) *n.* Portion of land belonging to a state ملک - کشور - دیار - علاقہ - عملداری - سلطنت - ریاست (امریکہ) ریاست جس کو حکومت کے حقوق حاصل نہ ہوں (تجارت) تجارتی نمائندہ کا حلقہ -

Terror (ter-ər) *n.* Extreme fear ہول - ڈر - ہیبت - دہشت - وہ شخص جس سے خوف پیدا ہو - ڈراؤنا (بول چال) شریر - شیطان - ڈراؤنا بچہ -

King of terrors ملک الموت - موت -

Red terror انقلابیوں کا عہد خونریزی -

Reign of terror } انقلاب فرانس -
The terror }

Terror-stricken ہیبت زدہ - خوف زدہ -

Terrorist (ter-ər-ist) *n.* One who intimidates دہشت انگیزی سے مرغوب کرنے والا - خونی انقلاب کا حامی - تخویف پسند - روس کا انقلابی - فرقہ جیکوب کا فرد -

Terrorism *n.* دہشت انگیزی سے مرعوب کرنے کا طریقہ -

Terroristic *adj.* دہشت یا خوف دلانے والا -

Terrorization *n.* کشت و خون - خوفزدہ کرنا - دہشت پھیلانا -

Terrorize *v.t.* دہشت پھیلا کر مرعوب کرنا - خوف زدہ کرنا -

Terry (ter-i) *n.* A pile fabric ادنیٰ قسم کا کپڑا -

Terse (tərs) *adj.* Smooth, clean cut صاف - جامع -

Tersely *adv.* اختصار اور جامعیت سے - صفائی سے

Tersiness *n.* اختصار - جامعیت -

Tertian (ter-shi-ən) *adj.* Of the third day - باری کا - تیسرے دن کا - سہ روزہ -

Tertiary (ter-shi-ə-ri) *adj.* & *n.* Of the third order - تیسرے درجے کا - تیسرا - زمین کی تیسری تہہ - تیسرے درجے کا پادری یا راہب -

Tertious (ter-shəs) *adj.* The third of the same name ایک ہی نام کا تیسرا -

Tessellated (tes-i-lāt̄d) *adj.* Marked in squares چوخانہ - چوپڑ کا - شطرنج کی طرح کا -

Tessellated pavement چوپڑ کا فرش - چوخانہ فرش -

Tessellation *n.* چوپڑ کا فرش - پچی کاری - چوپڑ کا کام -

Tessera (tes-ə-rā) *n.* A small piece of square shape شیشے کا یا پتھر کا مربع ٹکڑا - ہڈی کے مربع ٹکڑے جو قدیم زمانے میں سکہ کے طور پر استعمال ہوتے تھے -

Test (test) *n.* Any trial, means of trial - پرکھ - امتحان - کسوٹی - معیار - ذریعہ آزمائش - تمیز - جانچ - فرق - کسی چیز کو قبول یا رد کرنے کے اسباب - کیمیاوی جز جس کے ملانے سے دوسرے اجزا کا پتہ چل جائے - آزمائشی مقابلہ -

Test case آزمائشی مقدمہ جس کی غائت کسی اصول کا فیصلہ کرانا ہو -

Test match فٹ بال - ہاکی یا کرکٹ کے مقابلے جو مختلف ملکوں کے درمیان ہوتے ہیں -

Test tube شیشہ کی نلکی جو تجربوں میں کام آتی ہے -

Test (test) *v.t.* Put to proof, examine critically آزمانا - جانچنا - دھات کو صاف کرنا - کسوٹی پر پرکھنا - امتحان کرنا - کھوٹا کھرا جانچنا - کسی پر برداشت سے زیادہ بوجھ ڈال دینا - کسی مرکب کے اجزا دریافت کرنا -

Testable *adj.* پرکھنے کے قابل -

Tester *n.* کسوٹی - امتحان کرنے کا آلہ - جانچنے والا -

Test (test) *n.* Hard covering بعض جانوروں کا سخت خول - صدفہ -

Testaceous (test-ə-shəs) *adj.* Of hard covering صدفدار - سخت خول کا - صدفی - صدف ماہی کے متعلق - اینٹ کے رنگ کا -

Testacy (test-ə-si) *n.* State of being testate وصیت کردگی - قانونی وصیت نامہ -

Testament (tes-tə-mənt) *n.* Solemn declaration وصیت نامہ - منشور خداوندی - عہد نامہ - توریت - انجیل -

New Testament عہد نامہ جدید - انجیل -

Old Testament عہد نامہ قدیم - توریت -

Testamentary *adj.* وصیت کے متعلق - وصیت کے ذریعے مقرر کیا ہوا -

Testamur (tes-tə-mer) *n.* A certificate - سند - سند کامیابی -

Testate (test-ət) *adj.* & *n.* Having made and left a will وصیت کیا گیا - جو وصیت کر گیا ہو -

Testator *n.* موصی - وصیت کنندہ -

Testatrix *n.* موصیہ - وصیت کرنے والی عورت -

Tester (test-ər) A canopy over a bed - مسہری - چھپر کھٹ - مسہری کا گھیرا -

Tester (tes-tər) *n.* A six pence ہنری ہشتم کے زمانے کا شلنگ - چھ پنس کا سکہ -

Testicle (tes-ti-kl) *n.* A male reproductive gland فوطہ - خصیہ - خایہ -

Testicular *adj.* خصیہ کے متعلق - فوطے کا -

Testiculate (tes-ti-ku-lāt) *adj.* Having testicles دو فوطیے پودے - خصیہ نما - فوطہ دار - خصیہ دار -

Testify (tes-ti-fī) *v.t.* & *i.* Declare, bear witness گواہی دینا - تصدیق کرنا - ایمان سے کہنا - اظہار یا بیان لکھنا - حلفاً بیان کرنا - گواہی لینا - دلالت کرنا - دلیل ہونا - ثبوت ہونا -

Testimonial (tes-ti-mən-i-əl) *n.* A certification, declaration - صداقت نامہ - سند - نیک نامی کا پروانہ - صلہ خدمت - تصدیق خدمت -

Testimonialize (tes-ti-mən-i-ə-līz) *v.t.* Certify تصدیق کرنا - صداقت نامہ دینا -

Testimony (tes-ti-mən-i) *n.* Evidence, declaration شہادت ۔ گواہی ۔ تصدیق ۔ توثیق ۔ اعتراف ۔ اقرار ۔ اظہار ۔ حلفی بیان ۔ وحی الٰہی ۔ انجیل کے احکام ۔

Testudinarious (tes-tū-di-nə-ri-əs) *adj.* Of tortoise shell colour کچھوے کے خول کے رنگ کا جس پر سرخ زرد اور سیاہ چتیاں ہوں ۔

Testudinate (tes-tū-di-nāt) *adj.* Sloping like tortoise shell کچھوے کے خول کی طرح ڈھلوان ۔

Testudineous *adj.* کچھوے کی پیٹھ جیسا ۔

Testudo (tes-tū-dō) *n.* A wheeled shelter used by Roman besiegers رومن سپاہی محاصرہ میں سایہ دار چھتری استعمال کرتے تھے ۔ آڑ ڈھالوں کو ملا کر سایہ کرنا ۔ ایک قسم کا کچھوا ۔

Testudinal *adj.* کچھوے کی پیٹھ کا ۔ کچھوے کا ۔

Testy (tes-ti) *adj.* Irritable تنک مزاج ۔ چڑچڑا ۔ زود رنج ۔

Testily *adv.* تنک مزاجی سے ۔

Testiness *n.* چڑچڑا پن ۔ تنک مزاجی ۔

Tetanic (ti-tan-ik) *adj.* & *n.* Like tetanus تشنج پیدا کرنے والا ۔ اکڑ بائی کی طرح کا ۔

Tetanus (tet-ə-nəs) *n.* A disease marked by painful spasms of muscles عضلات کا سخت تشنج ۔ اکڑ بائی ۔ کزاز ۔

Tetanization *n.* کزاز پیدا ہونا ۔ سخت تشنج کا پیدا ہونا ۔

Tetanize *v.t.* تشنج پیدا کرنا ۔

Tetchy (tech-i) *adj.* Irritable تنک مزاج ۔ زود رنج ۔

Tetchiness *n.* زود رنجی ۔ چڑاچڑا پن ۔ تنک مزاجی ۔

Tete-a-tete (tet-ā-tet) *n.* Private interview رازونیاز کی باتیں ۔ خلوت کی ملاقات ۔

Tether (te-dhər) *n.* & *v.t.* A rope or chain for confining a beast within certain limits لمبی رسی جس سے جانور کو باندھ دیتے ہیں اور چرنے کے لیے چھوڑ دیتے ہیں ۔ دائرہ ۔ حلقہ علم و اختیار وغیرہ ۔ رسی سے باندھنا ۔

Is beyond his tether ۔ اس کے دائرہ اختیار سے باہر ہے ۔

Was at the end of his tether آگے اس کا بس نہیں چلتا تھا ۔

Tetrad (tet-răd) *n.* **Four** چار ۔ چوگڈا ۔ چوکڑی ۔ چار چیزوں کا ۔ عنصر یا جوہر جو ہائڈروجن کے چار اجزا کے برابر قوت رکھتا ہے ۔

Tetradactyl (tet-rə-dak-til) *adj.* & *n.* Four fingered چار انگلیوں والا جانور ۔ چار انگلیوں والا ۔

Tetragram (tet-rə-gram) *n.* An inscription of four letters چوحرفی لفظ یا کتبہ ۔

Tetrach (tet-rak) *n.* Administrator of one fourth state of ancient Rome قدیم روم کے چوتھائی سلطنت کا حاکم یا عامل ۔ فوجدار ۔

Tetrahedron (tet-rə-hē-drən) *n.* A solid figure with four plan faces چومکھا مجسمہ ۔

Tetter (tet-ər) *n.* Skin eruption جلدی مرض ۔ داد ۔ کھجلی ۔ کھاج ۔

Teuton (tū-tən) *n.* Any speaker of a Germanic language کسی جرمنی زبان کا بولنے والا ۔ جرمن نسل کا ۔ قدیم جرمن قوم کا فرد ۔

Teutonic *adj.* ٹیوٹن اقوام کی زبان ۔ قدیم جرمن زبان کا ۔ قدیم جرمن باشندوں کا ۔

Teutonicism (tū-tən-i-si-zm) *n.* Study of German language, philosophy and culture ٹیوٹنی زبان فلسفہ اور ثقافت کا مطالعہ ۔

Teutonism (tū-tən-izm) *n.* Germanizm جرمنی زبان کا محاورہ ۔ جرمنی قوم کی خصوصیات ۔

Teutonization *n.* ٹیوٹن تہذیب کا رنگ چڑھانا ۔ ٹیوٹنی بنانا ۔

Teutonize (tū-tə-nīz) *v.t.* Make or become Teutonic ٹیوٹنی بنا یا بنانا ۔

Text (tekst) *n.* Actual words اصل عبارت ۔ متن ۔ اصل تحریر ۔ انجیل کی آیات جو سنداً پیش کی جاتی ہیں ۔

Text book مقررہ درسی کتاب ۔ نصاب کی درسی کتاب ۔

Textile (teks-til) *adj.* & *n.* Of weaving کپڑا ۔ پارچہ ۔ بنا ہوا کپڑا ۔ بننے کے متعلق ۔

Textual (teks-tū-əl) *adj.* Contained in the text اصل کتاب کا ۔ جو متن کتاب میں شامل ہو ۔ متن کتاب کے متعلق ۔ اصل عبارت کے متعلق ۔

Textually *adv.* اصل کتاب کے لحاظ سے ۔ متن کے لحاظ سے ۔

Textualist (teks-tū-ə-list) *n.* One learned in the text جسے کتاب خوب یاد ہو - جو الہامی کتاب کا حافظ ہو - جو کتاب کا عالم ہو -

Textualism *n.* الفاظ کے معنی کی پابندی - جو کتاب کے الفاظ پر زور دیتا ہو - الفاظ پرستی -

Texture (teks-tur) *n.* Any thing woven - تار و پود بناوٹ - بافت - ترکیب - تصویروں میں اشیاء کی سطح - پٹھوں کی ترتیب - نسیج کی ساخت -

Textureless (teks-tur-les) *adj.* Without any structure بے ترتیب - بے شکل - بے ساخت -

Thalamus (thal-ə-məs) *n.* An inner room, nuptial chamber - (قدیم یونان) مکان کا اندرونی حصہ - حجلہ عروسی - وہ مقام جہاں اعصاب دماغ سے باہر آتے ہیں - پھول کا خانہ - مسند گل -

Thaler (ta-lər) *n.* An ancient German silver coin جرمنی کا قدیم چاندی کا سکہ -

Thalia (tha-li-ä) *n.* The muse of comedy and pastoral poetry مزاحیہ ناٹک اور دیہاتی شاعری کی دیوی -

Thallium (thal-i-əm) *n.* A lead like metal ایک کمیاب نرم سفید عنصر جو شیشہ سازی میں کام دیتا ہے - تھالئم -

Thallus (thal-əs) *n.* A plant body not differentiated into leaf stem and root پودا جس میں جڑ تنے اور پتیوں کا امتیاز نہ ہو -

Than (dhan) *conj.* Used after a comparative سے - بہ نسبت - بمقابلہ - از - کہ -

Thanage (dhan-ag) *n.* Courtier, nobleman (قدیم) چودھری کا لقب یا منصب - چودھراہٹ - چودھری کا علاقہ -

Thanatoid (dhan-ə-taw-id) *adj.* Apparently dead مردے کا سا - موت کا سا -

Thane (thān) *n.* A king's companion - تنظیمی لقب مصاحب شاہ -

Thank (thangk) *n.* Expression of gratitude شکریہ - شکر گذاری - تسلیم - بندگی -

Thank (thangk) *v.t.* Express gratitude - ممنون ہونا شکریہ ادا کرنا -

Thank-offering قربانی - نیاز - شکر گذاری -

Thanks آپ کا شکریہ -

Thanks to وجہ سے - بدولت -

Thankworthy شکریہ کے قابل -

Thankful (thangk-ful) *adj.* Grateful - شکر گذار احسان مند - ممنون -

Thankfully *adv.* - شکریہ کے ساتھ - شکر گزاری سے احسانمندی سے -

Thankfulness *n.* شکر گزاری - احسانمندی -

Thankless (thangk-les) *adj.* Unthankful جس کو شکریہ بھی نہ ملے - احسان فراموش - ناشکرا -

Thanklessness *n.* - احسان فراموشی - ناسپاسی - ناشکری -

Thanksgiving (thangks-giv-ing) *n.* Offering of thanks اقرار نعمت - شکر گزاری - ادائے شکر - دعائے شکر -

That (dhat) *adj., pron. & adv.* - وہ - یہ - اتنا - اسقدر اسوجہ سے - جو کہ -

I was that angry I could have struck him } مجھے اتنا غصہ تھا کہ مارنے کو جی چاہتا تھا -

So that is that یہ قصہ ہے - یہ بات ہے -

This that and the other - مختلف چیزیں - مختلف باتیں

That (dhat) *conj.* For this reason, therefore اسواسطے کہ - کیونکہ - تاکہ - لہذا - اس وجہ سے - اس لیے کہ - چونکہ -

Thatch (thach) *v.t. & n.* Cover or roof with straw گھاس پھونس ڈالنا - چھپر ڈالنا - پیال کی چھت ڈالنا - چھپر - گھاس پھونس -

Thaumatrope (thaw-mə-trop) *n.* An optical toy ایک قسم کی دوربین جس میں شیشے پر تصویریں بنی ہوتی ہیں اور شیشہ گھمانے سے تصویریں حرکت کرتی ہوئی نظر آتی ہیں - سیر بین -

Thaumaturge (thaw-mə-turj) *n.* A wonder worker - نظر بندی کرنے والا - بازی گر - شعبدہ باز

Thaumaturgy *n.* - نظر بندی - جادو - سحر - شعبدہ بازی

Thaw (thaw) *v.i., t. & n.* Melt or grow liquid پگھلنا - گھلنا - جمی ہوئی چیز کا پگھلنا - سرد مہری کا دور ہو جانا - گرم جوشی پیدا ہونا - پگھلانا - گھلانا - برف پگھلنے کا موسم - برف پگھلانے والی گرمی -

Thawless *adj.* جو کبھی نہ پگھلے -

Thawy *adj.* پگھلنے والا -

The (dhē) *dem., adj. & adv.* Definite article, by how much, by so much حرف تخصیص جیسے عربی میں ال - اسم نکرہ سے پہلے آنے والا حرف تخصیص - وہ - یہ - وہی - اسقدر - اتنا ہی - اسوجہ سے -

Theandric (thē-an-drik) *adj.* At once divine and human ذات مسیح میں الوہیت اور بشریت کا (عقیدہ) -

Theanthropic (thē-an-trə-pik) *adj.* Embodying deity in human form مظہر الوہیت - یہ عقیدہ کہ حضرت مسیح کی ذات مظہر الوہیت تھی -

Thearchy (thē-ark-i) *n.* A body of divine rulers دیوتاؤں کا راج - حکومت الٰہی -

Theatre (thē-ə-tər) *n.* A structure for drama or other spectacles تماشا گاہ - تمثیل گھر - تھیٹر - بڑا ہال جس میں نشستیں بلند ہوتی جاتی ہیں - کسی قوم یا کسی دور کے ناٹک - ناٹک کا فن -

Operating theatre عمل جراحی کا کمرہ جہاں طلبا بھی ہوتے ہیں -

Theatrical (thē-ə-trik-əl) *adj. & n.* Pertaining to theatre تماشا گاہ کے متعلق - ڈرامائی انداز کا - تصنع کا - ادا کاری کا - ادا کاروں کا -

Theatric *adj.* تماشے کے بارےمیں - تماشا گاہ کے متعلق -

Theatricalize *v.t.* تھیٹر بن جانا یا ہو جانا - تھیٹر کا رنگ پیدا کرنا -

Theatrically *adv.* تصنع سے - ڈرامائی انداز میں - تماشے کی طرح -

Thebaid (thē-bā-id) *n.* A poem on "seven against Thebes" نظم جس کا موضوع ہے سات تھیبس کے مقابلے میں -

Theban (thē-bən) *n. & adj.* Of the Thebes تھیبس کا باشندہ - شہر تھیبس کا -

Thee (dhē) *pr.* Thou دیکھو

Theft (theft) *n.* An act of thieving چوری - دزدی - سرقہ -

Theic (thē-ik) *n.* A tea drunkard کثرت سے چائے پینے والا -

Theism *n.* چائے نوشی کی کثرت -

Their (dhār) *p. & pron.* Belonging to them ان لوگوں کا - ان کا - اپنا - اپنے - اپنی -

Theism (thē-izm) *n.* A belief in the existence of God یہ عقیدہ کہ خدا ہر جگہ موجود ہے - توحید - وحدانیت -

Theist *n.* وجود حق کا قائل - توحید پرست - خدا پرست -

Theistic *adj.* وجود باری تعالیٰ کے متعلق -

Them (dhem) *pron.* انہیں کو - ان کو - They دیکھو

Thematic (thi-mat-ik) *adj.* About the shape of words مادہ الفاظ اور شکل کے متعلق - اصلی مادے کا -

Theme (thēm) *n.* A subject proposed for discussion موضوع - تقریر یا تحریر کا موضوع - مشقی مضمون نگاری - اصل - مصدر - مضمون - نغمہ کا موضوع - گیت کا راگ - وہ سر جو بار بار آئے - بازنطینی سلطنت کا کوئی صوبہ -

Themis (them-is) *n.* Greek goddess of law and justice قانون اور انصاف کی دیوی - مجسم و قانون انصاف -

Themselves (dhem-selvz) *pl. & pron.* Of himself and herself وہ آپ - وہ خود - خود آپ - آپ ہی - اپنے آپ کو - خود کو -

Then (dhen) *adv., adj. & n.* At that time, by then, afterwards اس وقت - تب - اس زمانے میں - ایسی صورت میں - لہذا - تب تو - خیر - پھر تو - اچھا صاحب - اس وقت کا - اس زمانے کا - پھر کبھی -

By then اس وقت سے پہلے -

Every now and then وقتاً فوقتاً - اکثر اوقات -

Now and then اکثر - کبھی کبھی -

Thenar (thē-när) *n.* The palm ہاتھ کی ہتھیلی - تلوا - کف پا - کف دست -

Thence (dhens) *adv.* From that place, from that time وہاں سے ۔ اس جگہ سے ۔ اس وقت سے ۔ اس واسطے ۔ پس ازیں ۔

Thenceforth *adv.* اس مقام سے ۔ اس وقت سے ۔ وہاں سے ۔ بعد ازاں ۔

Thenceforward *adv.* اس کے بعد سے ۔

Theocracy (thē-ŏk-rə-si) *n.* Sovereignty of God مذہبی حکومت ۔ حکومت الہٰیہ ۔

Theocratic *adj.* دینوی ۔ اللہ کی ۔

Theodolite (the-od-ə-līt) *n.* An instrument for measuring horizontal and vertical angles افقی اور عمودی زاویوں کی پیائش کا آلہ ۔

Theogony (the-og-ə-ni) *n.* Genealogy of gods دیوتاؤں کا نسب نامہ یا شجرہ ۔

Theogonist *n.* دیوتاؤں کا نسب نامہ نظم کرنے والا ۔

Theomachy (thē-om-ə-ki) *n.* War among gods دیوتاؤں کی جنگ ۔

Theomania (thē-ōm-ā-nia) *n.* Madness that one is a god اپنے آپ کو خدا یا دیوتا سمجھنے کا خبط ۔

Theomaniac *adj.* اپنے آپ کو خدا سمجھنے والا ۔

Theophilanthropist (the-o-fil-an-thrə-pist) *n.* Love to God and man خدا کی محبت کے ساتھ بنی نوع انسان کی محبت کا حامی ۔ مذہب محبت ۔

Theologian (the-o-loji-ən) *n.* One versed in the science of religion الٰہیات کا ماہر۔ علم دین کا علم ۔

Theology (the-ol-ə-ji) *n.* Science of divinity علم الٰہی ۔ علم ذات ۔ علم معرفت ۔

Natural theology یہ عقیدہ کہ خدا کی معرفت کا ذریعہ مشاہدہ فطرت ہے ۔

Revealed, positive theology وحی سے معلوم کیا ہوا دین ۔ دین جو وحی پر مبنی ہو ۔

Theological (the-ol-əji-kəl) *adj.* Of theology علم الٰہی کا ۔ علم معرفت کا ۔ دینیات کا ۔

Theologically *adv.* معرفت حق کے رو سے ۔ علم دین کی رو سے ۔

Theologize *v.t. & i.* خدا پرستی سے رنگنا ۔ مذہب کی عقلی بحث کرنا ۔ دینیاتی بحث کرنا ۔

Theorbo (thē-orb-ō) *n.* A large double-necked base lute سترہویں صدی کی ایک سارنگی ۔ بین کی طرح کا ایک باجا ۔ دوہرا طنبورہ ۔

Theorem (the-ə-rəm) *n.* A proposition to be proved دعویٰ جو محتاج ثبوت ہو ۔ کلیہ ۔ اصول ۔ شکل ہندسی ۔ جبر و مقابلہ کا مسئلہ ۔

Theorematist *n.* کلیات قائم کرنے والا ۔

Theoretic (the-ə-re-tik) *adj. & n.* Speculative نظریات ۔ علمی ۔ قیاسی ۔ نظری ۔

Theoretician *n.* نظریات قائم کرنے والا ۔ سائنس کے نظری حصہ کا ماہر ۔

Theoretical (the-ə-ri-tik-əl) *adj.* Given to theory, not practical نظری ۔ قیاسی ۔ خالص علمی ۔ جس کو عملی معاملات سے تعلق نہ ہو۔

Theoretically *adv.* نظری حیثیت سے ۔ اصولی طور پر۔

Theory (the-ə-ri) *n.* An explanation or system of any thing اصول مسئلہ ۔ نظریہ ۔ قیاس ۔ رائے ۔ اصول غور و فکر کا میدان (ریاضی) بحث ۔ اصول ۔ اصول بحث ۔

Theorist *n.* غیر عملی آدمی ۔ اصول مقرر کرنے والا ۔ نظریات قائم کرنے والا ۔

Theorization *n.* نظریاتی مباحث ۔ کلیات قائم کرنا ۔

Theorize *v.t.* نظریہ پیش کرنا ۔

Theosophy (the-os-ə-fi) *n.* Divine wisdom, divine inspiration یہ نظریہ کہ ہر شخص بلا واسطہ خدا کی معرفت بذریعہ وجدان حاصل کر سکتا ہے ۔ وجدانی معرفت ۔ علم حضوری ۔ حاضرات ۔ تصوف ۔

Theosoph, **Theosopher**, **Theosophist** تصوف کا عقیدہ رکھنے والا ۔

Theosophic, **Theosophical**, **Theosophistical** تصوف کا ۔ صوفیانہ ۔

Theosophize *v.t.* وجدان سے معرفت حاصل کرنا ۔ صوفی بننا ۔ تھیوسوفی پر عمل کرنا ۔

Therapeutic (ther-ə-pu-tik) *adj. & n.* Curative دافع امراض ۔ امراض کی روک تھام کا علاج امراض سے متعلق ۔

Therapeutical *adj.* علاج کے متعلق ۔ معالجاتی ۔
Therapeutist *n.* علاج کا ماہر ۔ طبیب ۔ معالج ۔
Radiotherapy *n.* شعاعی طریق علاج ۔

There (dhər) *adv., n. & interj.* In that place اس جگہ ۔ ادہر ۔ وہاں ۔ اس موقع پر ۔ اس مقام پر ۔ وہ ۔ دیکھا ۔ دیکھو ۔ جانے دو ۔
There, I agree with you اس بات میں مجھے آپ سے اتفاق ہے ۔
There, it is on the sofa دیکھو ۔ وہ صوفے پر ہے ۔
You had him there یہاں تم نے اسے زک دے دی ۔
There, there, never mind جانے دو ۔ پروا نہ کرو ۔
Thereabouts قریب قریب ۔ آس پاس ۔ وہیں کہیں ۔
Thereafter اس کے بموجب ۔ اس کے بعد ۔
Thereat اس کے بعد ۔ تب اس کے لیے ۔ اس پر ۔
Thereby اس کے باعث ۔ اس وجہ سے ۔
Therefore بنا بر ایں ۔ بدیں وجہ ۔ لہذا ۔
Therefrom اس کے ذریعے سے ۔ اس سے ۔
Therein اس مقام سے ۔ اس لحاظ سے ۔
Thereof اس کے متعلق ۔ اس کا ۔
Thereon اس پر ۔ جس پر ۔
Thereupon چنانچہ ۔ اس سبب سے ۔

Theriac (thē-ri-ak) *n.* An antidote to venomous bites ایک زہر مار دوا ۔ تریاق ۔

Therianthropic (the-ri-ən-thro-pik) *adj.* Combining human and animal forms انسانی حیوان ۔ حیوانی انسان ۔ مخلوط ۔ نیم حیوان ۔ قیاسی مخلوق ۔

Therm (thərm) *n.* A hot bath گیس کی اکائی ۔ حرارت کی اکائی ۔

Thermal (thərm-l) *adj.* Pertaining to heat حرارت کا ۔ گرم حمام کے متعلق ۔
Thermal springs گرم پانی کے چشمے ۔
Thermally حرارت کے اعتبار سے ۔

Thermantidote (therm-anti-dot) *n.* Cooling instrument گرم ہوا کو ٹھنڈا کرنے کا آلہ ۔ کمرے کی ہوا ٹھنڈی کرنے کا سامان ۔

Thermic (thərm-ik) *adj.* Of heat حرارت کا ۔

Thermion (thərm-i-ən) An electrically-charged particle برق پارہ جو گرمی سے پیدا ہو ۔ خلا کے برق پارے ۔

Thermite (thərm-īt) *n.* A mixture of aluminium with an oxide of a metal الومنیم کا سفوف اور لوہے کے زنگ کا مرکب جس سے تیز حرارت پیدا ہوتی ہے ۔ یہ دھات کو جوڑنے اور بم بنانے کے کام آتا ہے ۔

Thermometer (thərm-o-meter) *n.* An instrument for measuring temperature حرارت پیما ۔ حرارت یا تپش معلوم کرنے کا آلہ ۔

Thermo-electricity (thərmo-elektrisiti) *n.* Electricity produced by difference of temperature برق رو جو تپش کے تفاوت سے پیدا ہوتی ہے ۔

Thermogram (thərmo-gram) *n.* Record made by thermograph خود کار حرارت نما ۔ خود کار تپش پیما کا بتایا ہوا نقشہ حرارت ۔

Thermos (ther-mos) *n.* A brand of vacuum flask دوہرے شیشے کی بوتل جس میں گرم یا ٹھنڈی چیز اپنی اصلی حالت میں محفوظ رہتی ہے ۔

Theroid (ther-o-id) *adj.* Having beast like propensities ضعیف العقل ۔ ایسا انسان جس میں جانوروں کی خصوصیات ہوں ۔

Therology (ther-o-loji) *n.* Science of mammals علم حیوان کی وہ شاخ جس میں دودھ پلانے والے جانوروں کا ذکر ہو ۔

Thesaurus (thi-saw-rus) *n.* A store house of knowledge مخزن العلوم ۔ قاموس ۔ جامع لغات ۔

These (dhēz) *adj. & pron.* Plural of this یہ ۔ انہوں نے ۔ ان کو ۔

Thesis (thē-sis) *n.* A subject for scholastic exercise دعویٰ ۔ مقدمہ ۔ مقالہ ۔ مضمون ۔ کالج کی درسی مشق ۔ شعر کی تقطیع میں لفظ کا وہ جز جس کی آواز نہیں نکلتی ۔ جزو خفی ۔

Theurgy (thē-ur-ji) *n.* Miraculous divine action معجزہ ۔ عملیات کا فن ۔ غیبی قوت جس کا ظہور ہوتا رہتا ہے ۔
Theurgist *n.* غیب دان ۔ عامل ۔

Thews (thūs) *n.* Custom, trait, moral quality رسم ۔ رواج ۔ نسلی خصوصیات ۔ اخلاقی خوبی ۔ دماغی قوت ۔

Thewy *adj.* اخلاق جرأت والا - قوی - جری -
They (dhā) *pron.* Plural of he, she, it - وہ - وہ لوگ - انہوں نے -
Thick (thik) *adj.* Deep, dense, viscous - گاڑھا - کثیف - غلیظ - گدلا - میلا - مکدر - ابرآلود - دھندلا - گنجان - گھنا - موٹا - بھرا ہوا - ٹھوس - دل دار - غبی - کند ذہن - احمق - لگاتار - متواتر - بیٹھی ہوئی (آواز) - گاڑھی دوستی رکھنے والا -
Lay it on thick (بول چال) موٹا ردا جمانا - زیادہ تعریف یا خوشامد کرنا -
Spread the butter thick بہت سا مکھن لگاؤ -
Through thick and thin مردانہ وار - رنج و راحت میں -
Thick head احمق - بیوقوف -
Thick skinned بے غیرت - بے حس -
Thickish *adj.* کسی قدر گاڑھا - ذرا موٹا -
Thicken *v.i.* & *t.* افسانہ کا پیچیدہ ہونا - ابر آلود ہونا - موٹا کرنا یا ہونا - گاڑھا کرنا -
Thickening *n.* گاڑھی یا موٹی کی ہوئی چیز - موٹا یا گاڑھا پن -
Thicket (thik-et) *n.* A dense mass of shrubs or trees گنجان جھاڑیاں - جنگل جھاڑی - درختوں کا جھنڈ -
Thickness (thik-nes) *n.* Density - کثافت - گاڑھا پن - فربہی - کدورت - کند ذہنی - ضخامت - حجم - گنجان ہونا - ابرآلود ہونا - آواز کا بیٹھا ہوا ہونا -
Thief (thēf) *n.* One who steals - چور - سارق - دزد - چرانے والا -
Thievery *n.* چوٹا پن - چرانے کی عادت - چوری -
Thievishly *adv.* بے ایمانی سے - چوری سے -
Thievishness *n.* اچکا پن - چوری - چوٹا پن -
Thieve (thēv) *v.t.* & *i.* Steal - چرانا - چوری کرنا - چوری کا پیشہ کرنا - چور ہونا -
Thigh (thī) *n.* Thick fleshy upper part of leg جانگھ - ران - سانٹھل -
Thill (thil) *n.* The shaft of a vehicle - گاڑی کا بم - جوا -
Thill horse, thiller - گھوڑا جو گاڑی میں جوتا جائے -
Thimble (thim-bl) *n.* A cover for finger - انگشتانہ - شام - چھلا - سیتے وقت انگلیوں کی حفاظت کے لیے پہنا جانے والا چھلا -
Thimbleful *adj.* ذرا سی - بہت تھوڑی مقدار میں -
Thimblerigger *n.* عیار - فریبی - ہاتھ کی صفائی کے کرتب دکھانے والا -
Thin (thin) *adj.* Slim, lean - باریک - پتلا - کاغذی - مہین - رقیق - چھریرے بدن کا - لاغر - خالی خالی - پھسپھسا - خفی (تحریر یا ٹائپ) تکلیف دہ - ناگوار -
This is too thin - (بول چال) یہ تو صریح بہانہ ہے -
Thin house - جہاں تماشائی کم ہوں - خالی خالی تھیٹر -
Thinly *adv.* - ناقص طور پر - ہلکے پن سے - ناکافی طور پر - کم کم - تھوڑا -
Thinness *n.* پتلا پن - دبلا پن - لاغری -
Thinnish *adj.* ہلکا سا - پتلا سا - دبلا سا -
Thin (thin) *v.t.* & *i.* Make less close or crowded پتلا کرنا - چھدرا کرنا - باریک کرنا - گھٹانا یا گھٹنا - حجم کم کرنا - خوشوں کے کچھ پھل توڑ دینا تاکہ باقی خوب بڑے ہوں -
Thine (dhīn) *p.* & *pron.* That which belongs to thee Thy تیرا - تیری - تیرے - دیکھو
Thing (thing) *n.* Matter, affair, circumstance چیز - شے - کار - فعل - واقعہ - معاملہ - حالت - کسی مال کا نمونہ - (جمع) ملک - جائداد - امور - معاملات (تحقیر) بیچارہ - غریب -
Dear old thing پیارا -
Dumb things بے زبان مخلوق -
Knows a thing or two بڑا سیانا ہے -
Think (thingk) *v.t.* & *i.* Exercise the mind خیال کرنا - سوچنا - سمجھنا - قیاس کرنا - ارادہ کرنا - سوچنے یا خیال کرنے سے کوئی حالت پیدا کرنا -
I don't think اجی توبہ کیجئے - بس رہنے دیجئے - یہ ناممکن ہے -
Think better of کچھ سوچ کر خیال بدل دینا -
Think much of عزت کرنا - قدر کرنا -
Think twice before doing جلدی نہ کرو - خوب سوچ سمجھ لو -

Thinkable *adj.* - جس کا تصور کیا جا سکے - قابل غور

Thinker *n.* حکیم - فلسفی - مفکر -

Thinking *n.* & *adj.* غور کرنے والا - معقول - غور و فکر - سوچ بچار -

All thinking men - سمجھدار لوگ - سب معقول آدمی -

Third (thərd) *adj.* & *n.* The last of three, third part تیسرا - سوئم - ثالث - تیسرا حصہ - تہائی - دقیقہ - جائداد یا املاک کا ثلث - جماعت میں تیسرے نمبر پر - غیر متعلق شخص -

Thirdly *adv.* سوئم - تیسرے نمبر پر -

Thirst (thə-rst) *n.* & *v.t.* Uneasiness caused by want of water - تشنگی - پیاس - کمال آرزو - خواہش - بے حد طلب - لگن - پیاس لگنا - طلب ہونا - شراب وغیرہ کا جی چاہنا - بے تاب ہونا -

Have a thirst (بول چال) پینے کی خواہش ہے -

Thirstless *adj.* بے آرزو - بے طلب -

Thirsty (thə-rsti) *adj.* Dry, parched - تشنہ - پیاسا - خشک - بے آب - خواہش مند - جس سے پیاس لگے -

Thirstily *adv.* - بے تابی سے - پیاس سے - تشنگی سے -

Thirteen (thər-tēn) *adj.* & *n.* Three and ten سیزدہ - تیرہ -

The thirteen superstition تیرہ کے منحوس ہونے کا وہم -

Thirteenth *adj.* تیرھواں -

Thirty (thər-ti) *adj.* & *n.* Three times ten تیس - سی -

Thirtieth *adj.* تیسویں تاریخ - تیسواں -

This (dhis) *pron.* & *adj.* Denoting a person or thing near یہ - یہی - اس - موجودہ -

This, that and the other مختلف چیزیں -

This much اتنا - اسقدر -

Thistle (this-l) *n.* A prickly plant - ایک خاردار پودا - اونٹ کٹارا - گوکھرو - اسکاٹلینڈ کا قومی نشان -

Thistly *adj.* خار دار - گوکھرو کا سا -

Thither (dhidh-ər) *adv.* To that place - اس طرف - ادھر - وہاں - اس طرف کو - اس جگہ میں -

Thitherward اس طرف - اس جگہ - اس جانب -

Hither and thither یہاں اور وہاں -

Thole (thōl) *v.t.* & *n.* Endure - برداشت کرنا - سہنا - گوارا کرنا - چپو کو اپنی جگہ رکھنے کی کیل -

Tholus (tho-ləs) *n.* A dome گنبد -

Thomism (to-mizm) *n.* The doctrine of Thomas Aquinas تھامس اکوناس کا عقیدہ جو تقدیر اور رحمت النہی کا قائل تھا - مگر حضرت مریم کی معصومیت کا منکر تھا -

Thomist (to-mist) *n.* Follower of Thomas تھامس کے مذہب کا پیرو - تھامسی -

Thong (thong) *n.* & *v.t.* A strap, the lash of a whip تسمہ - چمڑے کا کوڑا - کوڑے مارنا - تسمہ لگانا -

Thor (thor) *n.* The Scandinavian thunder god اہل اسکینڈی نیویا کا خدائے رعد - جنگ کا دیوتا -

Thorax (tho-raks) *n.* Part of the body between neck and abdomen سینہ - چھاتی - صدر - کیڑوں میں ٹانگوں اور پروں کا درمیانی حصہ (قدیم) چار آئینہ - سینہ پوش -

Thorite (thō-rīt) *n.* A black compact mineral found in Norway ایک سیاہ دھات جو ملک ناروے میں ملتی ہے -

Thorium (tho-ri-em) *n.* A radioactive metal ایک شعاع ریز دھات -

Thorn (thorn) *n.* A sharp hard part of a plant, a prickle - کانٹا - خار - جھاڑی - خاردار پودا - زحمت دکھ - تکلیف -

A thorn in one's side جس سے ہر وقت تکلیف ہو - سوہان روح -

Be on thorns - ہر وقت بے چین رہنا - کانٹوں پر لوٹنا

Thornback برطانیہ کا پتلی ٹانگوں کا کیکڑا - خار پشت مچھلی -

Thorny *adj.* کٹیلا - خاردار -

Thorough (thur-ə) *adj.* Complete, entire - پورا مکمل - پکا - سراسر - پرلے درجے کا -

Policy of thorough چارلس اول شاہ انگلستان کے زمانے میں اسٹینورڈ اور لاوڈ کی تشدد آمیز پالیسی -

Thoroughfare واستہ - راہ - گزرگاہ -

Thorough-faced - پکا - سدھایا ہوا - ہر چال کا گھوڑا -

Thorough-faced rascal - پرلے سرے کا بد معاش - بد ذات -

Thoroughly *adv.* پوری طرح سے -

Thoroughness *n.* - کوئی چیز باقی نہ رہنا - مکمل ہونا -

Those (dhōz) *adv. & pron.* Plural of that - وہ - وہ لوگ -

Thou (dhow) *v.i. & pron.* Second person singular تو - کسی کو تو کہنا - تو کرکے بلانا - اے تیرے کرنا - قدیم زبان کا Thou اب you ہے -

Though (dh-ə) *conj.* Admitting, allowing - اگرچہ - ازبسکہ - حالانکہ - باوجودیکہ - گو - مگر - پھر بھی - خواہ -

Thought (thawt) *n.* Thinking, mind خیال - خیال کا عمل - عقل - ادراک - فہم - غور و فکر - خیال - موضوع - مضمون - ارادہ - منصوبہ - رائے - وہ بات جس کی فکر ہو-

Acts without thought - بے سمجھے بوجھے کے کام -

Second thoughts - مزید غور کرنے کے بعد کا خیال - بعد کا خیال -

Second thoughts are best اچھی طرح غور کرنے کے بعد کا خیال بہتر ہوتا ہے -

Thought reader - دوسروں کے خیالات معلوم کرنے والا - ضمیر دان -

Thought wave - دفعتاً کسی اچھوتے خیال کا آ جانا - موج خیال -

Thoughtful (thawt-ful) *adj.* Employed in meditation پر فکر - خیالات میں ڈوبا ہوا - متفکر - صاحب فکر - غور و فکر کا عادی - با مروت شخص - دلجوئی کرنے والا -

Thoughtfulness *n.* -غور و فکر- خاطر داری- فکر مندی

Thoughtless (thawt-les) *adj.* Careless بے سوچا سمجھا - بے فکر - بے پروا - بے خبر - ناعاقبت اندیش - بے مروت - بے لحاظ -

Thoughtlessness *n.* -بے فکری - بے مروتی - بے پروائی

Thousand (thow-zənd) *n. & adj.* Ten hundred ہزار - الف - دس سو - بہت سے -

A thousand apologies بے حد ندامت کا اظہار -

A thousand thanks بہت بہت شکریہ -

One in a thousand - بے نظیر آدمی - ہزاروں میں ایک -

Thrall (thrawl) *v.t. & n.* A slave, serf غلام - حلقہ بگوش - مطیع - چاکر - حلقہ بگوش کرنا - غلام بنانا - تابعداری کرنا -

Thraldom *n.* حلقہ بگوشی - تابعداری - غلامی -

Thrash (thrash) *v.t.* Thresh, discuss thoroughly غلے کے پودوں کو گاہنا - معاملہ کی چھان بین کرنا - ہر پہلو پر غور کرنا - کٹی ہوئی فصل کو پیٹ کر غلہ الگ کرنا - جہاز کا لہروں سے ٹکرانا - مارنا پیٹنا - کندی کرنا - کوڑے لگانا - شکست دینا -

Thrashing *n.* مار پیٹ - کٹائی - پٹائی -

Thrasher (thrash-ər) *n.* An American bird, a shark ایک امریکی پرند - ایک قسم کی شارک مچھلی - غلہ الگ کرنے کی مشین - غلہ نکالنے والا مزدور -

Thrasonical (thrā-son-ik-al) *adj.* Bragging - مغرور - ڈینگیا - شیخی باز - لاف زن -

Thread (thred) *n.* A fibre, a filament - دھاگا - ڈورا - ریشہ - سوت - لڑی - سلسلہ - سلک - رشتہ - درز جس میں دھات بھری ہو - رشتہ حیات -

Gather up the threads مختلف پہلوؤں پر غور کرنے کے بعد مجموعی طور پر نظر ڈالنا -

Hang by a thread نازک حالت میں -

Take up the thread جہاں سے چھوڑا وہیں سے شروع کرنا -

Threadbare پامال - تارتار - فرسودہ -

Lost the thread of his argument رشتہ استدلال گم ہو گیا -

Threadiness *n.* دھاگے کی طرح ہونا -

Thready *adj.* دھاگے کی طرح کا - ریشہ دار -

Thread and thrum برے بھلے -

Thread (thred) *v.t.* Pass a thread through سوئی میں دھاگا ڈالنا - دھاگے میں پرو کر لڑی بنانا - کسی چیز میں دھاریاں یا لکیریں ڈالنا -

Threat (thret) *n.* Indication of an intention to hurt دھمکی - تخویف - تہدید - اندیشہ -

Threaten (thret-n) *v.t.* Intimidate by threats دھمکانا - دھمکی دینا - آنکھیں دکھانا - ڈرانا - تہدید کرنا - چشم نمائی کرنا -

Clouds threaten - بادلوں سے بارش کے آثار ظاہر ہیں -

The practice threatens to become general ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ دستور عام ہو جائے گا ۔

Threateningly *adv.* خوفناک طریقے سے ۔ دھمکا کر ۔

Three (thrē) *adj.* & *n.* Two and one تین ۔ تین کا عدد ۔ ثلاثہ ۔ اسکیٹنگ کی ایک گردش ۔

Rule of three اربعہ متناسبہ ۔

Three ply تین تہوں کا ۔ تین پرتوں کا تختہ ۔

Three score تین کوڑی ۔ تین بیسی ۔

Three times three نو مرتبہ (تالیاں بجانا) ۔

Threefold تگنا ۔ تہرا ۔

Thremmatology (threm-ə-tol-ə-ji) *n.* The science of breeding domestic animals and plants نباتات یا جانوروں کی افزائش کا فن ۔ پالتو جانوروں کی افزائش نسل ۔

Threnode-ody (thren-od) *n.* An ode or song of lamentation ماتمی گیت ۔ مرثیہ ۔ نوحہ ۔ آہ و بکا ۔ ماتم ۔ بین ۔

Threnodist *n.* مرثیہ خواں ۔ سوز خواں ۔ نوحہ خواں ۔

Threshold (thresh-ōld) *n.* The sill of a house-door دہلیز ۔ چوکھٹ ۔ سنگ آستان ۔ آغاز ۔ ابتدا ۔

Thrice (thrīs) *adv.* Three times سہ چند ۔ تین بار ۔ تگنا ۔

Thridace (thrid-es) *n.* Inspissated lettuce juice کاہو کے پتوں کا گاڑھا عرق ۔

Thrift (thrift) *n.* Frugality کفایت ۔ کفایت شعاری ۔ نفع ۔ برہوتری ۔ سرسبزی ۔ ایک قسم کے پودے ۔ ایک گہرے سرخ رنگ کے پھولوں کا پودا جو سمندر کے کنارے اگتا ہے ۔

Thriftless *adj.* اڑاؤ ۔ مسرف فضول خرچ ۔

Thriftlessness *n.* اسراف ۔ فضول خرچی ۔

Thrifty (thrift-i) *adj.* Thriving خوشحالی ۔ کفایت شعار ۔ کم خرچ ۔ سرسبز ۔

Thriftily *adv.* کفایت شعاری سے ۔

Thrill (thrill) *v.t., i.* & *n.* Pierce, feel a sharp sensation اثر کرنا ۔ دل میں اتر جانا ۔ ہیجان پیدا کرنا ۔ جوش میں لانا ۔ دل ہل جانا ۔ لرزنا ۔ جوش کی کیفیت ۔ دھڑکن ۔ تڑپ ۔ لہر ۔ (بول چال) ۔ ہیجان پیدا کرنے والا ۔

A thrill of joy خوشی کی لہر ۔

Thriller *n.* سنسنی خیز ناول ۔ جوش پیدا کرنے والا ۔

Thrilling *adj.* جوش سے لرزتی ہوئی (آواز) ۔ ہیجان خیز ۔ جوشیلا ۔

Thrillingly *adv.* ہیجان خیز طریقے سے ۔

Thrillingness *n.* ہیجان خیزی ۔

Thrive (thrīv) *v.i.* Grow healthily بڑھنا ۔ پھولنا پھلنا ۔ ترقی کرنا ۔ پنپنا ۔ فروغ پانا ۔ دولت کمانا ۔

Thrivingly *adv.* پھولتے پھلتے ۔ خوشحالی سے ۔ ترقی کرتے ہوئے ۔

Thrivingness *n.* شادابی ۔ خوشحالی ۔ ترقی ۔ فروغ ۔

Thro (thrō) *prep* Through دیکھو

Throat (thrōt) *n.* & *v.t.* The passage from mouth to stomach حلق ۔ حلقوم ۔ گلا ۔ گلو ۔ گلے کی شکل بنانا ۔ کسی چیز میں نالی بنانا ۔ گہری دھاریاں کاٹنا ۔

Cut one another's throat ایک دوسرے کی بربادی کا سامان کرنا ۔

Cut one's own throat خود اپنی بربادی کا سامان کرنا ۔

Give one the lie in his throat منہ پر جھوٹ ثابت کر دینا ۔ منہ پر جوتا مارنا ۔

Sore throat گلے کا ورم ۔ سوزش ۔ گلے کی خراش ۔

Take by the throat گلا دبانا ۔ ٹیٹوا دبانا ۔

Thrust thing down one's throat کسی کو زبردستی کسی طرف متوجہ کرنا ۔

Throaty (thrōt-ti) *adj.* Hoarse, full throated موٹے گلے والا ۔ گلا بیٹھا ہوا ۔ بڑی حلق والا ۔

Throb (throb) *v.i.* & *n.* Beat strongly دھڑکنا ۔ پھڑکنا ۔ جذبات کی لہر دوڑ جانا ۔ دھڑکن ۔ اہتزاز ۔

Throbbingly *adv.* جوش کی حالت میں دھڑکتے ہوئے دل کے ساتھ ۔

Throe(s) (thrō) *n.* & *v.t.* Spasm, pang درد ۔ کرب ۔ درد زہ ۔ کرب میں ہونا ۔

In the throes of کشمکش میں ۔ تکلیف میں ۔ مصیبت میں ۔

Thrombosis (throm-bōs-is) *n.* Clotting in a vessel during life شریان میں خون کا جم جانا ۔

Throne (thrōn) *v.t.* & *n.* King's, pope's chair of state, kingship تخت ۔ راج گدی ۔ مسند ۔ حکومت ۔ اقتدار شاہی ۔ تخت شاہی پر بٹھانا ۔ مسند نشین کرنا ۔ کسی مرتبے پر فائز کرنا ۔

Throng (throng) *v.t., i.* & *n.* A crowd, a great multitude بھیڑ ۔ ہجوم ۔ مجمع ۔ ہجوم ہونا ۔ ٹھٹ لگ جانا ۔ کسی شخص کو گھیر لینا ۔ نرغہ کرنا ۔

Throstle (thros-l) *n.* The song thrush ایک خوش الحان پرند ۔ کاتنے کی کل ۔

Throttle (throt-l) *n.* & *v.t.* The throat or windpipe گلا ۔ حلق ۔ حنجر ۔ گلا گھونٹنا ۔ بھاپ نکلنے کی ٹوٹی سے بھاپ کے اخراج کو کم اور زیادہ کرنا ۔

Through (thrōō) *adj.* & *adv.* *prep.* From end to end ایک سرے سے دوسرے سرے تک ۔ آر پار ۔ سراسر ۔ بیچ میں ۔ بہ توسط ۔ بدولت ۔ ذریعے سے ۔ وجہ سے ۔ ایک سرے سے دوسرے تک پہنچنے والا ۔

Are you through with the job (بول چال) ۔ کیا تم نے یہ کام ختم کر دیا ۔

Go through برداشت کرنا ۔

Looked him thro and thro میں نے خوب غور سے دیکھا ۔

Throughout (thrōō-owt) *adv.* & *prep* Into, during, the whole of از سرتاپا ۔ سراسر ۔ تمام ۔ بالکل ۔ ہر لحاظ سے ۔ اس سرے سے اس سرے تک ۔

Throw (thrō) *v.t.* & *i.* Cast, hurl, fling پھینکنا ۔ چلانا ۔ چھوڑنا ۔ گرانا ۔ ڈال دینا ۔ (کرکٹ) گیند پھینکتے وقت ہاتھ کو جھٹکا دینا جو ناجائز ہے ۔ (امریکہ) مقابلہ یا دوڑ میں ہار جانا ۔ سانپ کا کینچلی اتارنا ۔ خرگوش وغیرہ کا بچے دینا ۔ بل دینا ۔ بٹنا ۔ کمہار کا برتن گھڑنا ۔ جھکانا ۔ موڑنا ۔ جسم کے کسی حصے کو ہلانا ۔

Throw a chest سینہ تان کر کھڑے ہونا ۔ سینہ تاننا ۔

Throw a party دعوت دینا ۔ جلسہ کرنا ۔

Throw away کھو بیٹھنا ۔ ضائع کرنا ۔

Throw back الٹنا ۔ پلٹا کر جواب دینا ۔

Throw by رد کرنا ۔

Throw light واضح کرنا ۔ روشنی ڈالنا ۔

Throw in one's lot with کسی کے ساتھ شریک ہو جانا ۔

Throw one a kiss ہاتھ چوم کر کسی کی طرف اشارہ کرنا ۔

Throw open داخلہ کی اجازت دینا ۔

Throw out نا منظور کرنا ۔ اشارے سے کہنا ۔ نکال دینا ۔ خارج کرنا ۔ (کرکٹ) گیند سے لکڑیاں گرا کر کسی کھلاڑی کو آؤٹ کرنا ۔

Throw over قطع تعلق کر لینا ۔ ساتھ چھوڑ دینا ۔

Throw over board چھوڑ دینا ۔ ترک کر دینا ۔

Throw (thrō) *n.* Act of throwing, a cast, پھینکنے کا عمل ۔ پھینک ۔ پانسے کی پھینک ۔ ٹپہ ۔ فاصلہ ۔ بولر کے جھٹکے سے پھینکی ہوئی گیند ۔ تیزی سے چکر دینے کی کل ۔ طبقات کی ساخت کا نقص ۔

Stone's throw تھوڑا سا فاصلہ ۔ بس قریب ہی ۔

Throwster (thros-tər) *n.* One who throws silk, a gambler ریشم کا تاگا بٹنے والا ۔ جواری ۔

Thrum (thrum) *n.* The end of a weaver's thread پلو ۔ جھالر ۔ تھان کا آخری حصہ ۔ تاگوں کی جھالر ۔

Thread and thrum اچھے برے سب ۔ سب ایک ساتھ ۔

Thrummy *adj.* جھدرا ۔ پلو دار ۔ جھالر دار ۔

Thrum (thrum) *v.i. t.* & *n.* Furnish with thrums جھالر چھوڑنا ۔ انگلیوں سے بجانا ۔ طبلہ کی طرح بجانا ۔ کھٹ کھٹ یا تڑم تڑم کی آواز ۔

Thrush (thrush) *n.* A throat disease بچوں کے حلق کا ایک مرض ۔ قلاع ۔ گھوڑے کے سم کا مرض ۔

Thrush (thrush) *n.* A song bird یورپ کا ایک خوش الحان پرندہ ۔

Thrust (thrust) *v.t., i.* & *n.* Push, force دھکیلنا ۔ چلانا ۔ ڈالنا ۔ پیلنا ۔ بھونکنا ۔ آرپار کرنا ۔ گھسیڑنا ۔ زور کا دھکا ۔ ہلہ ۔ حملہ ۔ دباؤ ۔ چوٹ ۔ (کان کنی) ۔ چھت کے ستونوں کا دباؤ سے بیٹھ جانا ۔

Thrust aside نکال پھینکنا ۔ رد کرنا ۔

Thrust one self or one's nose in دوسرے کے پھٹے میں ٹانگ اڑانا ۔ خواہ مخواہ دخل دینا ۔

Thud (thud) *v.i.* & *n.* Make a dull sound, dull sound of a heavy body falling - بھد سے گرنا - بھد سے گرنے کی آواز -

Thug (thug) *n.* A cut throat, a ruffian - ٹھگ - بد معاش - رہزن - دھوکے سے مار ڈالنے والا -

Thuggee *n.* - بد معاشی - ٹھگوں کا پیشہ - ٹھگی -

Thule (thū-lē) *n.* The extreme limit (قدیم جغرافیہ) برطانیہ کے شمال کے کسی دور افتادہ جزیرہ کا نام جو دنیا کا آخری شمالی سرا سمجھا جاتا تھا -

Thumb (thum) *v.t.* & *n.* The short thick digit انگوٹھا - نر انگشت - اناڑی پن سے بجانا - انگوٹھے سے گھسنا یا میلا کرنا -

By rule of thumb - فوری حساب سے -

Bite one's thumb at - انگوٹھا دکھانا - چڑانا -

Thumb latch - انگوٹھے سے دبا کر کھلنے اور بند ہونے والی چٹخنی -

Thumb mark - نشان انگشت -

Thumb print - انگوٹھے کا نشان شناخت کے لیے -

Thumbs up - (بول چال) - واہ رے واہ - اہاہاہا -

Under person's thumb - کسی کی مٹھی میں - کسی کے قابو میں -

Thump (thump) *n.*, *v.t.* & *i.* A dull heavy blow, beat with a dull blow - گھونسہ مارنا - دھپا مارنا - ڈنڈے سے مارنا - مار پیٹ کرنا - گھونسہ - دھپا - تھپڑ -

Thumper (thum-ər) *n.* One who thumps - تھپتھپانے والا - گھونسہ مارنے والا - (بول چال) - لمبا تڑنگا - کوئی بڑی چیز - سفید جھوٹ -

Thumping *adj.* - بہت بڑا - سخت -

Thunder (thun-dər) *v.t.*, *i.* & *n.* A deep rumbling sound, any loud noise - بادل کی گرج - رعد - کڑک - گھڑگھڑاہٹ - تعریف کا شور - ہنگامہ - ہنگامہ خیز واقعہ - معرکے کا ناول - زور شور کے اعتراضات - لعن طعن - بادل کا گرجنا - بجلی کا کڑکنا - دھمکانا - زور سے ڈانٹنا ڈپٹنا -

Steal person's thunder - کسی معرکے کی بات لے اڑنا - کسی کی سوچی ہوئی چال پہلے چل جانا -

Thunder-bolt - بجلی کی کڑک - غیبی گولہ - ناگوار خبر -

Thunder-clap - ہنگامہ خیز واقعہ -

Thundercloud - گرجنے والا بادل -

Thunderstorm - گرج کڑک کا طوفان -

Thunder-struck - حیرت زدہ - ہکا بکا - جس پر بجلی گری ہو - برق زدہ -

Thunderous-ry - ہنگامہ خیز -

Thunderer (thun-der-ər) *n.* A thunder god, an orator, a bull roarer - گرجنے والا - کڑکنے والا - سیارہ مشتری - کوئی ہنگامہ خیز خطیب ، مقرر ، اخبار وغیرہ -

Thundering (thun-der-ing) *adj.*, *adv.* & *n.* Unusually remarkable - کڑکتا ہوا - گرجتا ہوا - غیر معمولی - عجیب - غیر معمولی طور پر - شدت سے - سختی سے - کڑک - گرج -

Thunderingly *adv.* - کڑکتے ہوئے - گرجتے ہوئے - غیر معمولی طوار پر -

Thurible (thū-ri-bl) *n.* A censer - عود دان - اگروٹا - عود سوز -

Thursday (thurz-di) *n.* The fifth day of the week پنجشنبہ - جمعرات -

Thus (dhus) *adv.* In this way - اس طرح - یوں - پس - اس طریق سے - اس ڈھب سے - حسب ذیل طریقے سے - بس - یہاں تک - اس قدر - اتنا - چنانچہ -

Thusness *n.* - اس طرح سے ہونا -

Thwaite (thwat) *n.* A piece of reclaimed land بنجر زمین جس کو زیر کاشت لایا گیا ہو - اب یہ نئی بستیوں کے نام کا جز ہے -

Thwart (thwarwt) *adv.*, *prep.*, *adj.* & *n.* Crosswise, cross, adverse - آڑا - ترچھا - ترچھے خط میں - مرضی کے خلاف - حکم سے سرتابی - کھویوں کے بیٹھنے کا تختہ جو کشتی میں اڑا لگا ہوتا ہے -

Thwartingly *adv.* - سد راہ بن کر - مزاحم ہو کر -

Thy-thine (dhi) *p.*, *pron.* & *adj.* Of thee - تو کی اضافی صورتیں - تیرا -

Thyme (tīm) *n.* A fragrant garden and wild plant صعتر - ایک خوشبو دار پتیوں کا پودا یہ پتیاں کھانے میں استعمال ہوتی ہیں -

Thymol *n.* تائمی پودے کا ست - ایک جراثیم کش دوا -

Thymy *adj.* جراثیم کش - جس میں صعتر ہو -

Thymus (thī-məs) *n.* A gland near the root of the neck ایک غدود جو گردن کی جڑ میں ہوتا ہے -

Thyroid (thī-roid) *adj.* & *n.* Shield shaped, of thyroid gland ڈھال کی شکل کا - درقی - غدود درقیہ -

Thyrsus (thər-səs) *n.* The wand of Bacchus شراب کے دیوتا کا عصا - عصائے بیکس - یہ عصا صنوبر کے شکل کا تھا اور اس کے گرد انگور کی بیل لپٹی ہوتی تھی -

Thyself (dhī-self) *pron.* Reflexive for thee توخود - تو ہی - تو آپ - اپنے آپ -

Tiara (ti-ā-rā) *n.* A lofty ornamental head-dress طرہ - ایک جڑاؤ زیور - طرہ شاہی - پوپ کا تہرا تاج - منصب پاپائی - مرصع طرہ یا مکٹ یا کلاہ -

Tiarad *adj.* کلاہ پوش - تاجدار - طرہ دار -

Tibia (tib-i-ā) *n.* The shin bone مرغ کی ٹانگ کے نیچے کا حصہ - پنڈلی کی ہڈی - کیڑوں کے پیر کا چوتھا جوڑ -

Tibial *adj.* ٹانگ کی بڑی ہڈی کا - پنڈلی کا -

Tic (tik) *n.* A convulsive motion of certain muscles عضلات کا سکڑنا - ایک قسم کا شدید اعصابی درد جس سے چہرے کے عضلات میں اضطراری حرکت ہوتی ہے -

Tical (tikal) *n.* An obsolete Siamese silver coin سیام کا ایک پرانا نقرئی سکہ - برما اور چین کا ایک وزن -

Ticca (ti-kā) *adj.* Hired ٹھیکے کا - کرایہ کا -

Tick (tik) *v.i., t.* & *n.* Light tap, sound of a watch گھڑی کا ٹک ٹک کرنا - گھڑی کی ٹک ٹک اعداد کے شمار میں نشان لگانا -

Tick off (بول چال) تنبیہہ کرنا - ڈانٹنا - ٹک نشان لگانا -

Tick tack (گھڑ دوڑ) ہاتھ کے اشارے سے خبر دینا - دھڑکن کی سی آواز - بیک گیمن کے کھیل کی ایک قسم -

On the tick ٹھیک وقت پر -

Tick (tik) *n.* A blood sucking insect گوچڑی - چچڑی - وہ طفیلی کیڑے جو جانوروں کے جسم میں چپک کر خون چوستے ہیں -

Tick (tik) *n.* The cover of a mattress توشک کا کپڑا - موٹا دھاری دار کپڑا -

Tick (tik) *n.* & *v.i.* Credit ادھار دینا یا لینا - قرض - ادھار -

Buy goods on tick چیزیں ادھار لینا -

Ticker (tik-ər) *n.* One who or which ticks ٹک ٹک کرنے والا - (بول چال) گھڑی - تار چھاپنے کا آلہ - (مزاحاً) دل -

Ticket (tik-it) *n.* A card, slip or any token پروانہ پرزہ - ٹکٹ جس سے کہیں جانے یا روپیہ وصول کرنے کی اجازت ہو - (فوجی) موقوفی - برطرفی - مناسب چیز - ٹھیک بات - سیاسی پارٹی کا اجازت نامہ - قیمت کی چٹھی جو بکاؤ چیزوں پر لگی رہتی ہے -

Not quite the ticket یہ بات ٹھیک نہیں ہے -

Tickle (tik-l) *v.t., i.* & *n.* Excite, amuse, perplex گدگدانا - سہلانا - گدگدی ہونا - خوش کرنا - لذت حاصل ہونا - لطف آنا - محظوظ ہونا -

This will tickle his palate اس سے اس کی زبان کی لذت بڑھ جائے گی -

Tickler (tik-lər) *n.* One who tickles گدگدانے والے - معمہ - پیچیدہ مسئلہ -

Ticklish (tik-lish) *adj.* Critical, unstable, nice جس سے گدگدی اٹھتی ہو - نازک - پیچیدہ - دشوار - بہت احتیاط کا -

Ticklishly *adv.* پیچیدگی اور نزاکت سے -

Ticklishness *n.* سریع الحسی - گدگدیوں کا زیادہ ہونا - نزاکت - پیچیدگی -

Ticpolanga (tik-po-ləng-gā) *n.* A venomous serpent of India and Ceylon لنکا اور ہندوستان کا ایک زہریلا سانپ -

Tidal (tīd-əl) *adj.* Of or regulated by the tide مد و جزر کا - جوار بھاٹے کے متعلق -

Tidal air ہوا جو سانس سے اندر جاتی اور باہر آتی ہے -

Tidal river دریا جس میں سمندر کے مد و جزر کا اثر ہوتا ہے -

Tidally *adv.* مد و جزر کے اثر سے - مد و جزر کی وجہ سے -

Tiddley (tid-li) *n.* & *adj.* Intoxicated (بول چال) - شراب پئے ہوئے - نشے میں -

Tiddly-winks (tid-li-wingks) *n.* A game of counters کیرم کے قسم کا ایک کھیل ۔

Tide (tīd) *n.* Weather (قدیم) وقت ۔ موسم ۔
Meteorological tide موسمی مد و جزر ۔
Neap-tide مد و جزر اصغر ۔ ساتویں اور اکیسویں تاریخ کا مدو جزر ۔
Spring tide مد و جزر اعظم ۔ پہلی اور چودھویں تاریخ کا مدو جزر ۔
Tide gate بند کا پھاٹک جو کشتیوں کے آنے کے لیے مدد کے وقت کھولا جاتا ہے ۔
Work double tides دن رات کام کرنا ۔

Tide (tīd) *v.i.* & *t.* Drift with tide, get over بہا لے جانا ۔ مدو جزر کے ساتھ بہنا ۔ مشکل پر قابو پانا ۔ غالب آنا ۔
Tide over مشکلات پر غالب آنا ۔
Tidings خوش خبری ۔ نوید ۔ مژدہ ۔ خبر ۔

Tidy (tī-di) *v.t. i., adj.* & *n.* In good condition صاف ستھرا ۔ آراستہ کیا ہوا ۔ معقول ۔ صاف صوف ۔ اچھا خاصا ۔ بھلا چنگا ۔ کرسی کی آرائشی گدی ۔ گری پڑی چیز ڈالنے کا برتن ۔ صفائی کرنا ۔ ٹھیک ٹھاک کرنا ۔
Street tidy سڑک کی کوڑا کنڈی ۔
Tidily سلیقے سے ۔ صفائی سے ۔
Tidiness سلیقہ مندی ۔ صفائی ۔ ستھرائی ۔

Tie (tī) *v.t.* & *i.* Blend, fasten, knot باندھنا ۔ کسنا ۔ جکڑنا ۔ پابند کرنا ۔ گانٹھنا ۔ گرہ لگانا ۔ جوڑنا ۔ سانٹھنا ۔ مجبور کرنا ۔ (موسیقی) ۔ سروں کو نشان ربط سے ملانا ۔ (کرکٹ) ۔ اسکور میں برابر ہونا ۔
Tie a person's tongue زبان بند کر دینا ۔ خاموش کر دینا ۔

Tie (tie) *n.* a knot, bow گرہ ۔ گانٹھ ۔ رابطہ ۔ رشتہ ۔ عقد ۔ کڑی ۔ ٹیک ۔ ڈنڈا ۔ گلے کا فیتہ ۔ زنجیر ۔ بندھن (موسیقی) نشان ربط جو دوسروں کے درمیان لگایا جاتا ہے ۔ دو شخصوں یا ٹیموں کا مقابلہ ۔ کھیل کا مقابلہ ۔
Tie up (امریکہ) ریل کے ملازموں کی ہڑتال ۔ کام رک جانا ۔

Tier (tēr) *n.* & *v.t.* A row, rank or layer قطار ۔ صف ۔ پرت ۔ درجہ ۔ تھیٹر کی قطاریں جو بلند ہوتی جاتی ہیں ۔ قطار در قطار بنانا ۔

Tierce (tērs) *n.* A third, a sequence of three cards شراب کا تہائی پیپہ ۔ ۴۲ گیلن کا پیپہ جو اجناس کے پیمانہ کے کام آتا ہے ۔ (گرجا) نو بجے کی نماز ۔ (تاش) تین پتوں کی سیڑھی ۔ دو سروں کے درمیان کا فاصلہ ۔

Tiercel (tēr-sel) *n.* دیکھو Tercel

Tiff (tif) *n., v.t.* & *i.* Lunch, sip, drink چسکی گھونٹ ۔ دوپہر کا کھانا ۔ بد مزگی ۔ شکر رنجی ۔ جھگڑا ۔ گھونٹ گھونٹ شراب پینا ۔ خفا ہو جانا ۔ دوپہر کا کھانا کھانا ۔

Tiffany (tif-ə-ni) *n.* A silk like gauze ایک باریک ریشم کی سی جالی ۔ اکتاری ململ ۔

Tiffin (tif-in) *v.i.* & *n.* Lunch دوپہر کا کھانا کھانا ۔ دوپہر کا کھانا ۔

Tige (tezh) *n.* The shaft of a column ستون کا پایہ ۔ درخت کا تنا ۔

Tiger (tī-gər) *n.* A fierce striped beast شیر ۔ باگ ۔ چیتا ۔ ظالم ۔ سنگدل ۔ بے رحم ۔ فتن گاڑی کا سائیس ۔ (امریکہ) تعریفی نعرہ جو تالیاں بجانے کے بعد بلند کیا جاتا ہے ۔
Tiger-cat چیتے کا سا بلا ۔ بن بلاؤ ۔
Tiger's eye ایک چمکدار قیمتی پتھر ۔
Tiger wood برطانوی گنیا کی میز کرسی بنانے کی لکڑی ۔
Tigerism *n.* قابوچی پن ۔ بے رحمی ۔ سنگدلی ۔

Tig(e)rish (tīg-ə-rish) *adj.* Like a tiger شیر کی طرح کا ۔ سنگدل ۔ خونخوار ۔

Tight (tīt) *adv., n.* & *adj.* Close, compact کسا ہوا ۔ جکڑا ہوا ۔ مضبوط ۔ تنگ ۔ کھچا یا تنا ہوا ۔ جو ٹپکتا نہ ہو ۔ جس میں ہوا نہ آئے ۔ سڈول ۔ چست ۔ خوش قطع ۔ (بول چال) شراب پئے ہوئے ۔ نشہ میں چور ۔ مضبوطی سے ۔ زور سے ۔ کس کر ۔ جکڑ کر ۔
A tight squeeze زور سے بھینچنا ۔
Money is tight روپیہ کی کمی ہے ۔
Tight-fisted بخیل ۔ کنجوس ۔
Water tight جس میں پانی نہ جا سکے ۔ بن روک ۔
Tighten *v.t.* & *i.* چست کرنا ۔ تنگ کرنا ۔ تاننا ۔ بھینچنا ۔ کسنا ۔

Tike (tik) *n.* A rustic - کتا - معمولی کتا - سفلہ - کمینہ - دھقانی - گنوار -

Tilbary (til-bər-i) *n.* A kind of gig for two دو آدمیوں کی ہلکی گاڑی -

Tile (til) *n.* & *v.t.* A slab of baked clay چکنی مٹی کا کھپرا - تارس - پڑی - نریا - ٹائل - ریشمی ٹوپی - کھپریل ڈالنا - کھپرے چھانا - دربان کو کھڑا کرنا تاکہ کوئی غیر آدمی اندر نہ آ سکے - راز داری کا حلف اٹھانا -

Have a tile loose (بول چال) خبطی ہونا - پاگلوں سی باتیں کرنا -

Tiling *n.* تارس جانا - ٹائل جانا - کھپرے چھانا -

Tiler (til-ər) *n.* One who makes tiles کھپرے بنانے یا چھانے والا - کھپرے لگانے والا - فری میسن کا دربان -

Tilery کھپرے بنانے کا کارخانہ -

Till (til) *v.t.* Plough, cultivate زمین جوتنا - قلبہ رانی کرنا - کاشت کرنا - ہل چلانا - کھیتی باڑی کرنا -

Tillable *adj.* قابل زراعت - قابل کاشت -

Tillage *n.* کھیتی - کھیتی کی زمین - کھیتی باڑی -

Till (til) *prep. conj.* To the time of - تا - تک - تلک - تاوقتیکہ - یہانتک -

Till (til) *n.* A money drawer گلہ - گولک - دوکان کا روپیہ پیسہ رکھنے کی صندوقچی - غلک -

Tili (til) *n.* A stiff impervious clay چٹانوں سے دبی ہوئی سخت مٹی -

Tiller (til-ər) *n.* One who works in fields - کسان کاشت کار - ہرواہا -

Tiller (til-ər) *n.* A handle for turning a rudder پتوار کا ھتھا یا دستہ -

Tiller (til-ər) *n.* A shoot پودے کی شاخ جو جڑ سے پھوٹتی ہے -

Tilly (til-i) *interj.* Showing impatience کسی بات پر نفرت کا اظہار - لاحول ولا قوۃ - تف - دھت -

Tilt (tilt) *v.i., t.* & *n.* Heel over, pitch, slope, slant - جھکانا - ٹیڑھا کرنا - نیزے کا وار کرنا - ہتھوڑے سے پیٹنا - زمین کا اوپر اٹھا ہوا ہونا - جھکاؤ - خم - سرکنڈا یا تربرا جو مچھلی پکڑنے کی بنسی میں لگا ہوتا ہے -

Tilter *n.* نیزہ باز - جھکانے کا آلہ - جھکانے والا -

Tilt (tilt) *n.* & *v.t.* A canvass cover پال - کرمچ کا سائبان - کرمچ سے ڈھکنا -

Tilth (tilth) *n.* A cultivation - کاشت - زراعت - مزروعہ زمین -

Timber (tim-bər) *n.* A wood suitable for building and carpentry عمارت کی لکڑی - فرنیچر وغیرہ بنانے کی لکڑی - جہاز کے ڈھانچہ کی لکڑی (شکار) کھیتوں کی باڑیں -

Timbering *n.* لکڑی کا کام - ناٹین - تختے - کڑیاں -

Timbrel (tim-brəl) *n.* An ancient tambourine پکھاوج - مردنگ - ڈھولک -

Time (tim) *n.* A duration - ہنگام - وقت - زمانہ - ایام - رت - عہد - دور - معیاد - مدت - موقع - محل - ٹھیک وقت - زمانے کے حالات - مرتبہ - بار - دفعہ - گنا (گرامر) زمانہ (موسیقی) تال - گت -

All the time ہر وقت - ہمیشہ - برابر -

At the same time ایک ہی وقت میں -

At times گاہے گاہے - بعض اوقات -

For the time being فی الحال -

From time to time وقتاً فوقتاً -

Had a good time وقت مزے میں گزرا -

I must bide my time - میں موقع کی تاک میں رہونگا -

In time موقع پر - وقت پر -

Is serving his time وہ امید واری کر رہا ہے -

How is your time اب تمہارا موقع ہے -

Time-honoured قدیم اور مقدس (رسم وغیرہ) -

Time-table تقسیم اوقات - اوقات کار - نظام العمل -

Time-piece گھڑی -

Time out of number بارہا - ہزاروں دفعہ -

Time worn دقیانوسی - پرانا -

Time (tim) *v.t.* & *i.* Fix a time, act in time وقت متعین کرنا - وقت کے مطابق کرنا - وقت پر کرنا - وقت کا اندازہ کرنا - موسیقی (تال دینا) -

Timer *n.* تعین وقت کا آلہ - وقت کا اندازہ رکھنے والا -

Timing *n.* وقت کا شمار - وقت کا تعین - کسی کام کے اوقات -

Timely (tim-li) *adv.* In good time - بر وقت - بر محل - بر موقعہ - مناسب وقت پر - بہت موقع کا -

Timeness *n.* بر محل ہونا ۔ بر وقت ہونا ۔

Timid (tim-id) *adj.* Faint hearted ڈرپوک ۔ بزدل ۔ خائف ۔ بودا ۔ بے حد شرمیلا ۔

Timidity-ness (tim-id-i-ti) *n.* Faint heartedness بے حد شرمیلا پن ۔ بزدلی ۔

Timidly *adv.* ہچکچاتے ہوئے ۔ بزدلی سے ۔ بودے پن سے ۔

Timocracy (tī-mok-rə-si) *n.* A government in which property is a qualification for office ایسی حکومت جس میں اقتدار مالدار لوگوں کے ہاتھ میں ہو ۔

Timorous (ti-mər-əs) *adj.* Timid ڈرپوک ۔ بزدل ۔

Timorousness *n.* بودا پن ۔ بزدلی ۔

Timothy (tim-ə-thi) *n.* Cat's tail grass ایک گھاس جو مقوی ہوتی ہے اور چارے کے کام آتی ہے ۔

Timous (tim-əs) *adj.* Timely (سکاٹلینڈ) بر محل ۔ موقع کا ۔

Tin (tin) *v.t.* & *n.* A silvery white easily fusible metal ٹین ۔ رانگا ۔ قلعی ۔ قلعی کی ہوئی لوہے کی پتلی چادر ۔ قلعی کرنا ۔ ٹین کے ڈبوں میں بند کرنا ۔

Tin-god *n.* وہ شخص جس کی بے جا عزت و حرمت کی جائے ۔ جھوٹا معبود ۔

Tin hat (فوجی) فولادی ٹوپی ۔

Tinner *n.* ٹین کی چیزیں بنانے والا ۔ ٹین کی کان میں کام کرنے والا ۔

Tinny *adj.* رانگے کا ۔ ٹین سے بھرا ہوا ۔ ٹین کا ۔

Tincal (ting-kl) *n.* A crude borax ٹنکار ۔ کچا سہاگا ۔

Tinctorial (tingk-tō-ri-əl) *adj.* & *n.* Of dyeing جس سے رنگ بنے ۔ رنگریزی کے متعلق ۔ رنگ کا ۔

Tincture (tugt-ur) *n.* & *v.t.* A colouring matter, a quality or slight taste addad to any thing رنگ ۔ ہلکا رنگ ۔ صبغہ ۔ چاشنی ۔ خفیف سا مزا ۔ کسی چیز کا جز ۔ ذرا سا رنگ یا چاشنی دینا ۔ کسی چیز کا خفیف سا رنگ یا مزا ہونا ۔

Tindal (tin-dəl) *n.* A petty officer of lascars ہندوستانی ملاحوں کا جمعدار ۔

Tinder (tin-dər) *n.* Dry inflammable matter جلد آگ پکڑنے والی چیز ۔ شتابہ ۔ سوختہ ۔

Tinder box ڈبیہ جس میں چقماق اور پتھر رکھا جاتا ہے ۔ شتابہ دان ۔

Tindery جلد آگ پکڑنے والا ۔ آتش گیر ۔

Tine (tīn) *n.* A spike نوک ۔ شاخ ۔ بارہ سنگھے کے سینگ ۔ میز کے کانٹے ۔

Ting (ting) *v.t.*, *i.* & *n.* Ring ۔ گھنٹی کی آواز ۔ گھنٹی بجانا ۔

Tinge (tinj) *v.t.* & *n.* Tint or colour ہلکا سا رنگ دینا ۔ چاشنی دینا ۔ ہلکی آمیزش کرنا ۔ چاشنی ۔ رنگ ۔

Tingle (ting-gl) *v.t.*, *i.* & *n.* A small tack or nail, thrill, throb جھنجھنانا ۔ بے چین ہونا ۔ بے تاب ہونا ۔ جھنجھناہٹ ۔ جھوٹا کیلا یا آنکڑا ۔

Tinker (tingk-ər) *n.*, *v.t.* & *i.* A mender of kettles, pans, etc. دھات کے ٹوٹے ہوئے برتن جوڑنے والا ۔ ٹھٹھیرا ۔ پھوہڑ پن سے کام کرنے والا ۔ ایک قسم کی مچھلی ۔ ٹوٹے برتن جوڑنا ۔ برتنوں کی مرمت کرنا ۔

Tinkle (ting-kl) *v.i.*, *t.* & *n.* Make small sharp sound ٹن ٹن بجنا یا بجانا ۔ جھنکارنا ۔ چھوٹی گھنٹی کی آواز ۔

Tinkler (tingk-lər) *n.* A small bell (بول چال) چھوٹی گھنٹی ۔

Tinsel (tin-sl) *n.*, *adj.* & *v.t.* Glittering metallic sheets ۔ جھل مل ۔ پنی ۔ جھوٹا مسالہ ۔ جھوٹا کام ۔ مصنوعی شے ۔ بھڑک دار کرنا ۔ جھوٹی چیزوں سے سجانا ۔

Tint (tint) *n.* & *v.t.* A hue mixed with white ہلکا رنگ ۔ ہلکا روپ ۔ ہلکا رنگ دینا ۔ کسی رنگ کی ہلکی جھلک پیدا کرنا ۔

Autumn tints ۔ پھیکا رنگ ۔ مرے ہوئے پتوں کا رنگ ۔

Tintless *adj.* بے رنگ ۔

Tinter (tint-ər) *n.* One who or that which tints رنگ کرنے والا ۔ رنگ ساز ۔ سیر بین کا رنگین شیشہ ۔

Tintinnabulation (tin-tin-ə-bu-la-shən) *n.* Bell ringing گھنٹی بجنے کی آواز ۔ گھنٹیوں کی ٹن ٹن ۔

Tintinnabulum (tin-tin-ə-bu-lam) *n.* Bell, a bell rattle گھنٹی ۔ گھنٹی کی ٹن ٹن ۔

Tinto-meter (tin-tə-meter) *n.* A colori metre رنگ پرکھنے کا آلہ ۔ مقیاس اللون ۔

Tinty (tint-i) *adj*. Inharmoniously tinted بے میل رنگوں کا ۔

Tiny (tī-ni) *adj*. Very small چھوٹا سا ۔ ننھا منا ۔

Tip (tip) *n*. & *v.t*. A slender extremity نوک ۔ سرا ۔ کوئی چھوٹی چیز جو کسی چیز کے سرے پر لگی ہو جیسے چھڑی کی شام ۔ نوک بنانا ۔ شام لگانا ۔

Tiptoe پنجوں کے بل ۔

Tiptop نہایت عمدہ طور پر ۔ درجہ کمال ۔ بالکل ٹھیک ۔

Tip (tip) *v.t., i.* & *n*. Give, convey, give a tip, indicate جھک جانا ۔ ٹیڑھا ہونا ۔ ڈھلک جانا ۔ جھکا دینا ۔ الٹ دینا ۔ انڈیل دینا ۔ سرے پر جڑنا ۔ اشارہ دینا ۔ بتانا ۔ رشوت دینا ۔ انعام دینا ۔ پتہ بتانا ۔ راز کی بات اشارے سے بتانا ۔

Might have tipped me the wink ذرا آنکھ کا اشارہ ھی کر دیا ہوتا ۔

Tipcat گلی ڈنڈا ۔

Will give you straight tip تمھیں ٹھیک ٹھیک اطلاع دیگا ۔

Tip over الٹ دینا ۔

Tipper *n*. اشارہ دینے والا ۔ جھکانے والا ۔

Tip the wink آنکھ مار کر کسی بات کا اشارہ کرنا ۔ آنکھ مارنا ۔

Tippet (tip-it) *n*. A long band of cloth کپڑے کی لمبی پٹی ۔ مذہبی شملہ ۔ زنانہ گلو بند ۔

Tipple (tip-l) *v.t., i.* & *n*. Drink constantly in small quantities تھوڑی تھوڑی پیتے رہنا ۔ بکثرت شراب پینا ۔ مزے لے لے کر پینا ۔ بہت تیز شراب پینے والا آدمی ۔

Tippler *n*. بلا نوش ۔ بکثرت پینے والا ۔

Tipster (tips-tər) *n*. One whose business is to give tips (گھڑ دوڑ) خفیہ معلومات حاصل کرکے بتانے والا ۔ جیتنے والے گھوڑے بتانے والا ۔ ٹپ دینے والا ۔

Tipsy (tip-si) *adj*. Partially intoxicated مست ۔ متوالا ۔ کسی قدر مدہوش ۔

Tipsify *v.t.* شراب پلا کر مدہوش کرنا ۔ متوالا بنانا ۔

Tipsiness *n*. مدہوشی ۔

Tirade (ti-rād) *n*. A long vehement harangue لعنت ملامت کی تقریر ۔ لمبی چوڑی شکایت آمیز تقریر ۔ طول طویل شکوہ ۔ طنزیہ نظم ۔ (موسیقی) بر انگیختگی کا گیت ۔ آواز کی کشش ۔

Tirailleur (ti-ra-lyər) *n*. A skirmisher, sharp shooter جھڑالو ۔ قادر انداز ۔

Tire (tīr) *v.t.* & *n*. Equipment, attire, a head dress کلاہ ۔ تاج ۔ مکٹ ۔ سر کی پوشش ۔ خلعت فاخرہ ۔ صف ۔ قطار ۔ زیب تن کرنا ۔ آراستہ کرنا ۔ لباس فاخرہ پہننا ۔

Tire (tīr) *v.t.* & *i*. Weary, become fatigued تھکانا ۔ تھک جانا ۔ اکتا دینا ۔ سیر کر دینا ۔ اکتا جانا ۔ تنگ آ جانا ۔

Tireless *adj*. بے حد محنتی ۔ ان تھک ۔

Tire-tyre (tīr) *n*. Rubber band, cushion, tube پہیے کا هال ۔ موٹر کے پہیے کا ربڑ ٹائر ۔

Tireless بے ربر کا ۔ بے هال ۔

Tiresome (tīr-sum) *adj*. Fatiguing تھکا دینے والا ۔ اکتا دینے والا ۔

Tiresomeness *n*. تکان ہونا ۔ اکتاہٹ ۔

Tiro (tī-rō) *n*. A beginner, a novice مبتدی ۔ نو آموز ۔

Tirocinium (tī-rō-si-ni-əm) *n*. Apprenticeship امیدواری کا زمانہ ۔

Tissue (tish(y)ōō) *n*. Anything woven کوئی بنی ہوئی چیز ۔ زربفت ۔ بافت ۔ کمخواب ۔ لیس ۔ ریشہ ۔ رگ ۔ نسیج ۔ مجموعہ ۔ پوٹ (جراثیم وغیرہ کی) ۔

Tissue paper ریشمی کاغذ ۔

Tit (tit) *n*. A small or inferior horse ٹٹو ۔ چھوٹا گھوڑا ۔ چھوٹی لڑکی یا چھوٹا لڑکا ۔ کمسن عورت ۔ ایک قسم کا پرندہ ۔

Tit for tat (tit-for-tat) *n*. Retaliation ترکی بہ ترکی جواب ۔ جیسے کو تیسا ۔ بدلا ۔

Titan (ti-tən) *n*. A son or daughter of Uranus and Gaea (یونانی دیو مالا) یورینس کی اولاد جس کو زیوس نے مغلوب کیا ۔ دیو پیکر مخلوق ۔ ذہنی قوت رکھنے والا شخص ۔ سورج دیوتا ۔

Titanic *adj*. بے حد طاقتور ۔ زبردست ۔ دیو پیکر ۔

Titanium (tī-tā-ni-əm) *n.* A metallic element
ایک بھورے رنگ کا مادہ ۔ ایک معدنی عنصر ۔

Titbit (tit-bīt) *n.* A choice delicacy چٹپٹی خبر ۔
تر نوالہ ۔ مزیدار چیز ۔

Tithe (tidh) *adj., n. & v.t.* Tenth, a tenth part
دسواں حصہ ۔ دسواں ۔ پیداوار کا دسواں حصہ جو کلیسا کے لیے وصول کیا جاتا تھا ۔ دسواں حصہ وصول کرنا ۔

Tithing (tidh-ing) *n.* Exaction or payment of tithe دسویں حصہ کی وصولی ۔ دس کنبہ دار لوگوں کی نیک چلنی کی ضمانت جو کسی کے لیے داخل کی جائے ۔

Titian (tish(y)en) *adj. & n.* A red yellow colour, of this colour ایک زردی مائل سرخ رنگ ۔ تیزیانو ویسیلو کا رنگ جو وہ تصویروں میں استعمال کرتا تھا ۔ اسی کی بنائی ہوئی تصویر ۔

Titillate (tit-il-lāt) *v.t.* Tickle سہلانا ۔ گدگدانا ۔
خوشگوار بے چینی کی کیفیت پیدا کرنا ۔

Titillation خوشگوار حس ۔ خوشگوار بے چینی ۔ گدگدی ۔

Title (tī-tl) *n.* A chapter heading, a descriptive placard عنوان ۔ سرخی ۔ سرورق کا مضمون ۔ نام ۔ لقب ۔ خطاب ۔ عہدہ ۔ (قانون) ۔ حق ملکیت ۔ بنائے استحقاق ۔ دستاویزات ملکیت ۔ پادری کا حلقہ اور ذریعہ آمدنی ۔ (روم) ہر گرجے کا حلقہ ۔

Titled خطاب یافتہ ۔

Titling (titl-ing) *n.* Giving of a title کتاب کی پشت پر سنہرے حروف میں نام لکھنا ۔

Titmouse (tit-mows) *n.* A little acrobatic bird
ایک قسم کی چھوٹی چڑیا ۔ پھدکی ۔

Titrate (tī-trāt) *v.t.* Measure the strength of a solution کسی مرکب کی طاقت معلوم کرنا ۔
طاقت معلوم کرنے کے لیے مرکب میں ایک دوسرا محلول شامل کرنا ۔

Titter (tit-ər) *v.i. & n.* Laugh restrainedly منہ دبا کر ہنسنا ۔ دبی ہوئی ہنسی ۔ ٹھی ٹھی کرنا ۔

Titterer *n.* دبی ہنسی ہنسنے والا ۔

Tittle (tit-l) *n.* A dot, stroke, smallest part
ذرہ ۔ شمہ ۔ نقطہ ۔

Tittle-bat (tit-l-bat) *n.* A kind of fish ایک خار پشت مچھلی ۔

Tittle-tattle (tit-l-tət-l) *n.* Idle talk یاوہ گوئی ۔
بکواس ۔

Tittup (tit-əp) *v.i. & n.* Skip about gaily اچھلنا ۔
کودنا ۔ طرارے بھرنا ۔ (بول چال) ۔ ایک سکہ اچھال کر فیصلہ کرنا کہ شراب کون پلائے ۔ کود ۔ پھاند ۔ چھلانگ ۔

Tittupy *adj.* ڈگمگانے والا ۔ شوخ ۔ چلبلا ۔

Titular (ti-tūl-ər) *adj.* Pertaining to a title خطاب کے متعلق ۔ خطاب پر مبنی ۔ صرف کہنے کے لیے ۔ برائے نام ۔ بلا خدمت ۔

To (tōō) *Prep.* A sign of infinitive, as far as, towards, besides, near, at طرف ۔ جانب ۔ کو ۔ پر ۔ تئیں ۔ رو برو ۔ مقابلے میں ۔ نسبت سے ۔ مناسبت سے ۔ بموجب ۔ حسب ۔ مع ۔ ساتھ ۔ واسطے ۔ لیے ۔ بہ طور ۔ بہ حیثیت ۔ علامت مصدری نا ۔

To and fro ادھر اُدھر ۔

As to بابت ۔

Would to God that کاش ایسا ہوتا ۔

To (tōō) *adv.* In one direction, forward, in or into position اصل حالت یا مقام میں ۔ اصل حالت پر ۔ ایک سمت میں ۔ آگے ۔

Toad (tōd) *n.* A toothless tailless amphibian that crawls ایک قسم کا بھدا مینڈک جو چلنے کی بجائے رینگتا ہے ۔ زہریلا مینڈک ۔ قابل نفرت شخص ۔

Toad-eater خوشامدی ۔ چپر قناتیہ ۔

Toadish *adj.* مینڈک کی طرح ۔ کابہ لیسانہ ۔

Toad stone ایک معدنی پتھر ۔

Toad stool کھمبی ۔ چھتری ۔ کٹار ۔ ایک زہریلا پودا ۔

Toady (tōd-i) *n. & v.i.* A toad-eater چاپلوس ۔
خوشامدی ۔ ذلیل طریقے سے خوشامد کرنا ۔

Toadish *adj.* خوشامدانہ ۔

Toadyism *n.* چاپلوسی ۔ ذلیل خوشامد ۔

Toast (tōst) *n., v.t. & i.* A piece of toasted bread روٹی کا سینکا ہوا ٹکڑا ۔ شراب میں پڑا ہوا توس کا ٹکڑا ۔ وہ شخص جس کی سلامتی کا جام پیا جائے ۔ توس بنانا یا سینکنا ۔ ہاتھ پیر سینکنا ۔

Have one on toast کسی شخص کا قابو میں ہونا ۔

Toast master وہ شخص جو جام صحت تجویز کرتا ہے ۔

Toast rack توس سینکنے کی ٹٹی ۔

Toaster *n.* توس سینکنے والا ۔ کسی کا جام صحت پینے والا ۔

Toasting (tōst-ing) *n.* Proposing, drinking to the health of جام صحت پیا جانا ۔ توس سینکنا ۔

Tobacco (tə-bak-ō) *n.* An American Solanaceous plant تمباکو ۔ تمباکو کی بنائی ہوئی پتیاں ۔ پائپ ۔ چلم کا تمباکو ۔ سگرٹ یا سگار کا تمباکو ۔

Tobacco pouch تمباکو رکھنے کا بٹوہ یا تھیلی ۔

Tobacco stopper تمباکو کو پائپ میں دبانے کی پھرکی ۔

Tobacconist *n.* وہ جو تمباکو کی بنی ہوئی چیزیں بیچتا ہے ۔ تمباکو فروش ۔

Toboggan (to-bog-ən) *n.* & *v.i.* A flat sledge برف پر چلنے کی پھسلواں گاڑی ۔ برف گاڑی میں چلنا ۔

Tobogganing *n.* برف گاڑی میں سفر کرنا ۔ برف گاڑی میں پھسلنا ۔

Toccata (tok-kä-tä) *n.* A fantasia or overture ایک نغمہ جو پیانو پر مشق کے لیے بنایا گیا تھا ۔ مشقی نغمہ ۔ مشقی گیت ۔

Toco (tō-kō) *n.* Punishment (بول چال) ۔ سزا ۔ تکلیف ۔

Tocsin (tok-sin) *n.* An alarm bell خطرے کی گھنٹی ۔

Tod (tod) *n.* A fox, a sly person, a bush of ivy, an old wool weight of 28 Lbs. لومڑی ۔ عشق پیچاں کی جھاڑی ۔ مکار آدمی ۔ اون تولنے کا چودہ سیر کا ایک وزن ۔

Today *adv.* & *n.* آج کا دن ۔ امروز ۔

Toddle (tod-l) *n.*, *v.i.* & *t.* Walk with infirm steps like a child بچوں کی چال ۔ بچوں کی طرح ڈگمگاتے ہوئے چلنا ۔ ٹہلتے ہوئے چلنا ۔ چہل قدمی ۔ مٹر گشت ۔ (بول چال) بچہ ۔

Toddler *n.* بچہ جو پاؤں چلنا سیکھ رہا ہو ۔ چھوٹے بچوں کی طرح چلنے والا ۔

Toddy (tō-di) *n.* Fermented palm juice تاڑی ۔ سیندھی ۔

Tody (tō-di) *n.* A small West Indian insectivorous bird غرب الہند کی ایک کرم خور چڑیا ۔

Toe (tō) *n.*, *v.t.* & *i.* One of the five small members at the point of the foot, front of a hoof انگشت پا ۔ پنجہ ۔ جوتے یا جراب کا پنجہ ۔ جانور کا ناخن ۔ کھر یا سم کا اگلا سرا ۔ پشتے کی بیٹھک ۔ انجن کے کھل بندن کو اٹھانے والے ڈنڈے کا سرا ۔ دوڑ شروع کرتے وقت لکیر کو پاؤں کی انگلیوں سے چھونا ۔ گولک کی گیند کو ڈنڈے سے مارنا ۔

From top to toe سر سے پاؤں تک ۔ از سر تاپا ۔

Toe the line اپنی پارٹی کا ساتھ دینا ۔

Tread upon ones toe's کسی کے جذبات کو مجروح کرنا ۔

Toff (tof) *n.* Person of better classes (بول چال) اونچے طبقے کا آدمی ۔

Toffee (tof-i) *n.* Hard-baked sweetmeat ایک قسم کی سخت مٹھائی ۔

Tog (tog) *n.* & *v.t.* A garment (بول چال) کپڑے ۔ کپڑے پہنانا ۔

Toggery *n.* پوشاک ۔ کپڑے ۔

Toga (tō-gä) *n.* The mantle of a Roman citizen چوغہ ۔ قدیم روم کا شرفا کا لباس جو کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا ہے ۔

Together (too-gedh-ər) *adv.* In or to the same place ایک مقام پر ۔ ایک ہی جگہ ۔ اکٹھے ۔ ساتھ ساتھ ۔ مل کر ۔

Together with اس کے ساتھ مل کر ۔ ساتھ ہی ساتھ ۔ معیت میں ۔

Toil (toil) *v.i.* & *n.* Struggle hard سخت محنت کرنا ۔ جان مارنا ۔ لہو پسینہ ایک کرنا ۔ بڑی مشکل سے قدم اٹھا کر چلنا ۔ سخت محنت ۔ مشقت ۔

Toiler *n.* سخت محنت کرنے والا ۔ جان مارنے والا ۔

Toilful } *adj.* سخت ۔ مشکل ۔ کٹھن ۔
Toilsome } پر مشقت ۔

Toilsomeness *n.* کٹھن ہونا ۔ صعوبت ۔

Toil (toil) *n.* A net, a snare جال ۔ کمند ۔ پھندا ۔ دون ۔

Toilet (toil-it) *n. & v.i.* Articles used in dressing صفائی اور سنگار کا سامان ۔ کپڑے بدلنا ۔ بال بنانا ۔ ہاتھ منہ دھونا ۔ (امریکہ) بیت الخلا ۔ جائے ضرور ۔ عمل جراحی کے بعد زخم کی شست و شو ۔

Toilet cover سنگار میز کا میز پوش ۔

Toilet paper جائے ضرور کے لیے کاغذ ۔

Toilet set کنگا برش آئینہ وغیرہ ۔ سنگار کا سامان ۔

Toke (tōk) *n.* Pieces of dry bread (بازاری) سوکھی روٹی ۔ کھانا ۔

Token (tō-kn) *n.* A sign, a symbol نشان ۔ علامت ۔ آثار ۔ یادگار ۔ نشانی ۔ تحفہ ۔ چھلا ۔ انگوٹھی ۔ ایک علامتی سکہ جو تاجر بلا اجازت چلاتے تھے ۔

Token money زر علامتی جو اصل قیمت سے زیادہ پر چلتا ہے ۔

Token payment (سیاسی) غیر ملکی قرضے میں معمولی رقم کی ادائیگی جس سے قرض تسلیم کرنا مراد ہو ۔

Token vote (پارلیمنٹ) رقم کا علامتی ووٹ جس سے مراد یہ ہوتی ہے کہ رقم منظور ہے ۔

Toledo (tō-lē-dō) *n.* A sword blade made at Toledo تلوار جو اسپین کے شہر تولیدو میں بنی ہو ۔

Tolerable (tol-er-əbl) *adj.* Endurable کام چلاؤ ۔ اچھا خاصا ۔ قابل برداشت ۔

Tolerableness *n.* قابل قبول ہونا ۔ غنیمت ہونا ۔ اچھا خاصا ہونا ۔

Tolerably *adv.* اچھی خاصی طرح سے ۔

Tolerate (tol-ə-rāt) *v.t.* Endure with patience برداشت کرنا ۔ گوارا کرنا ۔ جائز یا روا رکھنا ۔ سہنا ۔ سہارنا ۔ دوا وغیرہ پی لینا ۔ ضرر نہ ہونا ۔

Tolerance *n.* برداشت ۔ تحمل ۔ رواداری ۔

Tolerant *adj.* بے تعصب ۔ متحمل مزاج ۔ صابر ۔ بردبار ۔

Toleration (tol-ə-ra-shən) *n.* Act of tolerating برداشت ۔ تحمل ۔ بردباری ۔ رواداری ۔ چشم پوشی ۔ عقائد کی آزادی کی حمایت ۔

Tolerationist عقائد کی آزادی کا حامی ۔

Toll (tōl) *v.t. & n.* A tax کسی جگہ جانے کا محصول ۔ کڑوڑ گیری ۔ چنگی ۔ محصول راہ داری ۔ غلہ جو پسائی والا پسائی کے بدلے رکھ لیتا ہے ۔ محصول وصول کرنا ۔ محصول ادا کرنا ۔

Toller, toll-gatherer ناکہ دار ۔ چنگی وصول کرنے والا ۔

Toll (tōl) *v.t., i. & n.* Sound a large bell گھنٹہ بجانا ۔ رک رک کر اشارے کے لیے گھنٹہ بجانا ۔ ماتمی گجر بجانا ۔ کسی کی موت کا اعلان کرنا ۔ گھنٹے کی ماتمی آواز ۔

Tol-lol (tol-lol) *adj.* Pretty good اچھا خاصہ ۔

Tolly (tōl-i) *n.* School bell (بول چال) مدرسہ کی گھنٹی ۔

Tolu (tōl-ōō) *n.* A balsam-yielding tree of S. America جنوبی امریکہ کے ایک درخت کا گوند جو عطریات اور دواؤں میں استعمال ہوتا ہے ۔

Tom (tom) *n.* A male specially a cat تھاسں کا مخفف ۔ بلا ۔

Tom, Dick and Harry ایرے غیرے ۔ معمولی لوگ ۔ ہمہ شما ۔

Pong tom پھرنے والی توپ ۔ لمبی نالی کی توپ ۔

Old tom جو کی تیز شراب ۔

Tomboy شوخ چنچل لڑکی ۔

Tomfool لغو باتیں کرنا ۔ بیوتوف ۔ گاؤدی ۔

Tomfoolery لغو حرکتیں کرنا ۔ بکواس ۔ حماقت کی باتیں ۔

Toman (to-man) *n.* A Persian gold coin worth 10,000 dinars ایران کا قدیم طلائی سکہ جو دس ہزار دینار کے برابر تھا ۔

Tomato (tə-mā-tō) *n.* The love-apple سرخ بینگن ۔ ٹماٹر ۔

Tomb (tōōm) *v.t. & n.* A grave, a vault گور ۔ قبر ۔ تربت ۔ مزار ۔ مقبرہ ۔ گنبد ۔ مردوں کو تہہ خانے میں رکھنا ۔ کسی چیز کے اندر دبا دینا ۔

Tomb stone *n.* لوح قبر ۔ سنگ مزار ۔

Tombac (tom-bak) *n.* An alloy of copper and zinc تانبے اور جست کا مرکب جس سے سستے زیور بنتے ہیں ۔

Tombola (tom-bō-lä) *n.* A kind of lottery at a fete کسی تقریبی اجتماع کی قرعہ اندازی ۔

Tome (tōm) *n.* A big book or volume مجلد ضخیم کتاب ۔ ضخیم کتاب کی جلد ۔

Tommy (tom-i) *n.* A penny roll ۔ ایک پینی کی روٹی کھانا جو مزدوری کے بدلے دیا جائے ۔ کھانا جو مزدور اپنے ساتھ لے جاتے ہیں ۔ بے تکلفی یا پیار میں ٹام کی جگہ بولتے ہیں ۔

Tommy Atkins برطانوی سپاہی ۔

Tomorrow (too-mor-ō) *n.* The day ofter today کل ۔ فردا ۔ آج کے بعد کا دن ۔

Tomorrow week اب سے آٹھ دن بعد ۔

Tomtom (tom-tom) *n.* & *v.t.* Indian drum ۔ ڈھول گھنٹہ ۔ گھڑیال ۔ تاشہ ۔ گھنٹہ بجانا ۔

Ton (tun) *n.* A measure of capacity or weight ۲۸ من کا ایک وزن ۔ جہاز یا ریل کے ڈبے کی گنجائش کا پیمانہ ۔ (بول چال) بہت بڑی مقدار ۔

Tonal (tōn-əl) *adj.* About tones ۔ سروں کے بابت لہجے کے متعلق ۔

Tondo (ton-dō) *n.* A round picture, a roof picture گول تصویر دیوار یا پردے پر ۔ چھت کی ابھری ہوئی تصویر یا نقش ۔

Tone (tōn) *n.* The character of a sound ۔ آواز صدا ۔ لہجہ ۔ لب و لہجہ ۔ (قواعد) زور جو کسی حرف یا جبر پر دیا جائے ۔ لے ۔ سر ۔ تندرستی کی حالت ۔ صحیح ماحول ۔ عام اخلاق حالت ۔ عام رنگ ۔ عام روپ ۔

Tone (tōn) *v.i.* & *t.* Give tone, harmonise with صحیح آواز سے بولنا ۔ صحیح سر میں گانا ۔ آواز میں گمک پیدا کرنا ۔ مناسب رنگ بھرنا ۔ تصویر تیار کرنا ۔ ساز کا سر ملانا ۔ میل کھانا ۔ ہم آہنگ ہونا ۔

Tone down ۔ تصویر کا رنگ ہلکا کرنا ۔ دھیما کرنا

Tone up ۔ قوت بڑھانا ۔ معیار بلند کرنا ۔ تیز کر دینا سر اونچا کرنا ۔

Tong (tong) *n.* A Chinese guild چین کی ایک خفیہ انجمن ۔

Tonga (tong-gä) *n.* A light Pakistani vehicle تانگہ ۔ گھوڑا گاڑی ۔

Tongs (tongz) *n.* A gripping and lifting instrument چمٹا ۔ دست پناہ ۔ سنی ۔ چمٹی ۔

Would not touch with a pair of tongs میں تو ایسی چیز کو ہاتھ بھی نہ لگاؤں ۔

Tongue (tung) *n.* The fleshy organ in the mouth زبان ۔ جیب ۔ گویائی ۔ گفتار ۔ انداز گفتگو ۔ کوئی چیز زبان کی شکل کی ۔ راس ۔ بوٹ کا کھلا چمڑا ۔ گھنٹی کا لٹکن ۔ زبان جرس ۔ ترازو کی سوئی ۔ شعلے کی لو ۔

Find one's tongue زبان کھلنا ۔

Furred or dirty tongue میلی زبان ۔

Has lost his tongue شرم سے اس کی زبان بند ہو گئی ہے ۔

Hold one's tongue زبان روکنا ۔

Long tongue بکواس کی عادت ۔ گز بھر کی زبان ۔

Speak with one's tongue in one's cheek کسی شخص کو بنانا ۔ تضحیک کرنا ۔

Wag one's tongue راز کی باتوں کا چرچا کرنا ۔

Tongueless *adj.* چپ رہنے والا ۔ خاموش ۔ بے زبان ۔

Tongue (tung) *v.t.* & *i.* Utter, pronounce علی الاعلان کہنا ۔ زبان سے کہنا ۔ نوک زبان سے کام لینا ۔ زبان کی نوک سے بجانا ۔

Tonic (ton-ik) *adj.* & *n.* Invigorating ۔ طاقت بخش مقوی ۔ مقوی دوا ۔ حوصلہ افزا کامیابی ۔ تقویت بخش چیز ۔ بنیادی سر ۔

Tonicity (tōn-i-si-ti) *n.* Tone, healthy elasticity of muscles مقوی ہونا ۔ طاقت بخش ہونا ۔ باعث تقویت ہونا ۔ جسمانی صحت ۔

Tonight (tō-nīt) *adv.* & *n.* This night ۔ آج رات کو آج رات ۔ آج کی رات ۔

Tonite (to-nit) *n.* A blasting explosive made from gun-cotton and barium nitrate شورے اور گندھک کے تیزاب سے بنایا ہوا بم جو زور سے پھٹتا ہے ۔

Tonk (tonk) *v.t.* Hit hard گیند کو یا کسی شخص کو زور سے مارنا ۔ ٹھونکنا ۔ کسی کو بری طرح ہرانا ۔

Tonnage (tun-ij) *n.* A charge or payment by ton ٹنوں کے حساب سے برآمد اور درآمد پر محصول ۔ محصول جو جہازوں سے لیا جاتا ہے ۔

Tonneau (ton-ō) *n.* The rear part of a motor car بعض موٹر کاروں کا پچھلا حصہ جس میں نشستیں ہوتی ہیں ۔

Tonner (ton-ər) *n.* Capacity of a ship in tons ٹنوں کی گنجائش کا جہاز ۔

Tonsil (ton-sl) *n.* Gland at the root of the tongue گلے کا غدود ۔

Tonsilitis *n.* گلے کے غدودوں کا ورم ۔

Tonsorial (ton-sə-ri-əl) *adj.* About barbers (مزاح) حجام کے متعلق ۔ حجامت کا ۔

Tonsure (ton-shər) *n.* & *v.t.* Shaving the head مونڈن کی رسم ۔ راہبوں کے سر مونڈنے کی رسم ۔ پادری بننا یا بنایا جانا ۔ سر مونڈنے کی رسم ادا کرنا ۔

Tontine (ton-tēn) *n.* A scheme of life annuity مشترکہ قرض کا منصوبہ ۔ اگر قرض خواہوں میں سے کوئی مر جائے تو اس کا حصہ باقی لوگوں کو ملے ۔

Too (tōō) *adv.* & *adj.* Also, as well, in addition زیادہ ۔ بہت ۔ حد سے زیادہ ۔ (بول چال) بہت ۔ نہایت ۔ علاوہ ازیں ۔ نہایت پرجوش ۔ اور لطف یہ کہ ۔

Too good to be true اتنی اچھی خبر کہ یقین نہیں آتا ۔

Tool (tōōl) *n.* A working instrument ۔ آلہ ۔ ہتھیار ۔ اوزار ۔ اسباب ۔ ذریعہ ۔ وسیلہ ۔ آلہ کار ۔ نقش جو جلد کی پشت پر بناتے ہیں ۔

Tool (tōōl) *v.t.* & *i.* Chisel the face of پتھر کو چھینی سے ہموار کرنا ۔ مسطح کرنا ۔ لوہا گرم کر کے نقش بنانا ۔ کسی آلہ سے کام کرنا ۔ (بول چال) گاڑی چلانا ۔ ہانکنا ۔ گاڑی یا گھوڑے پر بلا مقصد سوار ہونا ۔

Tooler (tōōl-ər) *n.* A chisel ۔ سنگ تراشوں کی چھینی ۔ رندا ۔

Tooling (tōōl-ing) *n.* ۔ کتاب کی جلد پر نقش بنانے کا کام ۔ پتھر کو چکنا کرنے کا کام ۔

Toon (tōōn) *n.* An Indian tree of mahogany family تن کا درخت جس کی لکڑی فرنیچر وغیرہ بنانے کے کام آتی ہے ۔

Toot (tōōt) *v.t.*, *i.* & *n.* Make short sounds as on flute ۔ ترم ۔ قرنا یا بگل بجانا ۔ ناقوس پھونکنا ۔ قرنا ۔ بگل ۔

Tooth (tōōth) *n.* & *v.t.* One of the hard bodies in the mouth دانت ۔ دندان ۔ دانت کی شکل کی کوئی چیز ۔ دندانہ ۔ دانتا ۔ دنگی ۔ دانت لگانا ۔ دندانے بنانا ۔ دندانوں کو ایک دوسرے میں پھنسانا ۔

Armed to the teeth سر سے پیر تک مسلح ۔

Escape by the skin of one's teeth بال بال بچ جانا ۔

Toothache دانت کا درد ۔

Tooth-paste دانت صاف کرنے کا مسالہ ۔

Tooth-pick کریدنی ۔ خلال ۔

Toothless پوپلا منہ ۔ بے دانتوں کا ۔

Tooth and nail تن من سے ۔ دل و جان سے ۔

In the teeth of سخت مخالفت کے باوجود ۔

Show one's teeth دھمکی دینا ۔

Toothful (tōōth-ful) *n.* A small drink شراب کی چسکی ۔

Toothing (tōōth-ing) *n.* A denture مصنوعی دانتوں کا چوکا ۔ دندانے ۔ دیوار کے آگے نکلی ہوئی اینٹ یا پتھر ۔ کھا نچا ۔

Toothsome *adj.* مزیدار ۔ خوش ذائقہ ۔

Toothsomeness *n.* مزہ ۔ لذت ۔

Tootle (tōōt-l) *v.t.* Make feeble sounds بانسری وغیرہ آہستہ آہستہ بجانا ۔

Top (top) *n.* & *adj.* The highest part or place چوٹی ۔ پھننگ ۔ سب سے اونچا سرا ۔ غائت درجہ ۔ مسطح زمین ۔ درخت کی چوٹی ۔ گاڑی کا ٹپ ۔ اعلیٰ مرتبہ ۔ سب سے بلند مرتبہ ۔ چوٹی کے لوگ ۔ مستول کا چبوترہ ۔ بالوں ریشوں کا لچھا ۔ سب سے بلند ۔ سب سے برتر ۔

On top اوپر ۔

Top dog حاکم ۔ زبردست ۔ غالب ۔

Top dress سطح پر کھاد پھیلانا ۔

Top hat اونچی ٹوپی ۔

Top heavy محکمہ جس میں افسر بہت زیادہ تنخواہ کے ہوں ۔

Topmost بالاتر ۔ سب سے اونچا ۔

Top (top) *v.t.* Rise above, surpass - اونچا ہونا - سبقت لے جانا - ترقی کرتے کرتے سب سے بالاتر ہو جانا - درخت کی قلمتراشی کرنا - (گولف) گیند کے اوپر ضرب لگانا -

Topping *adj.* بڑے مزے کا - بہت خوب - نہایت عمدہ -

Top (top) *n.* A kind of wooden or metal toy بھنگی - لٹو -

Sleep like a top گہری نیند سونا -

Old top (بول چال) ارے یار - ارے دوست -

Topaz (tō-päz) *n.* A precious stone ایک قیمتی پتھر - پکھراج - زمرد -

Tope (tōp) *v.i.* Drink hard کثرت سے شراب پینا -

Tope (tōp) *n.* A Buddhist stopa درختوں کا جھنڈ - بدھ مت کا مندر - گنبد نما تودہ - چھوٹی شارک مچھلی -

Tophet (tōp-fet) *n.* An ancient place of human sacrifice in Jerusalem وادی ھنام جہاں آگ روشن رہتی ہے - دوزخ -

Topiary (tō-pi-əri) *n.* The clipping of trees into fantastic shapes خوش تراشی - جھاڑیوں کو تراش کر خوبصورت بنانے کا فن -

Toparist *n.* جھاڑیوں کو خوشنما بنانے والا - خوش تراش -

Topic (top-ik) *n.* A subject of discourse of argument مضمون - مبحث - کسی بحث کا موضوع - استدلال ظنی -

Topical (top-ik-əl) *adj.* Relating to a subject مسائل کے متعلق - مقامی - کسی مضمون سے متعلق -

Topography (top-og-rə-fi) *n.* Detailed study تذکرۃ البلاد - جغرافیائی مطالعہ - جغرافیائی خصوصیات - نقشہ سازی -

Topographer *n.* جغرافیہ دان -

Toponymy *n.* اعضائے جسم کے نام اور ان کا مطالعہ - مقامات کے نام -

Topper (top-ər) *n.* One who goes to the top چوٹی پر پہنچنے والا - (بول چال) اونچی ٹوپی - عمدہ مال جو دکھانے کے لیے اوپر رکھا جاتا ہے -

Topple (top-l) *v.i.* Over balance and fall headlong ڈگمگا کر گر جانا یا گرا دینا - گر جانا -

Topsyturvy (top-si-tər-vi) *adv., adj., n. & v.t.* Turned upside down, confusion الٹ پلٹ - زیر و زبر - درہم برہم - الٹ پلٹ کر دینا -

Topsyturvydom *n.* الٹ پلٹ - طوفان بد تمیزی -

Tor (tor) *n.* A hill پہاڑی - پہاڑی کی چوٹی -

Torch (torch) *n.* A stick of inflammable material مشعل - فلیتہ -

Hand on the torch علوم و فنون کو فروغ دینا -

Torch-bearer فروغ دینے والا - راہ نما - مشعل بردار -

Torchon (tor-shon) *n.* A paper for water colour drawing تصویر بنانے کا کاغذ -

Tore (tōr) *v.t.* Tear دیکھو

Toreador (tor-i-ə-dōr) *n.* A Spanish bull-fighter سانڈوں سے لڑنے والا ہسپانوی سوار -

Torgoch (tor-goh) *n.* A red-bellied char سرخ پیٹ والی ایک مچھلی -

Torment (tor-mənt) *n.* Torture, anguish عذاب - عقوبت - اذیت - صعوبت -

This child is a positive torment یہ لڑکا تو عذاب جان ہے -

Torment (tor-mənt) *v.t.* Put to pain عذاب دینا - تکلیف پہنچانا -

Tormentingly *adv.* سخت تکلیف سے - عذاب دہ طریقے سے -

Tormentor (tor-mənt-ər) *n.* A torturer, a long meat fork اذیت رسان - جلاد - دیگ سے گوشت نکالنے کا کانٹا - پھیوں والی دندانہ دار سراون -

Tormina (tor-mi-nä) *n.p.* Gripes سول کا درد - درد قولنج -

Tornado (tor-nā-dō) *n.* A violent wind storm طوفان - جھکڑ - آندھی - تحسین یا نفریں کی بوچھاڑ - چیزوں کے پھینکنے کی بوچھاڑ -

Tornadic *adj.* طوفانی -

Torpedo (tor-pē-dō) *v.t. & n.* A submarine weapon ایک مچھلی جو برق رو چھوڑ کر شکار کو مار لیتی ہے - جہاز کو تباہ کرنے والا گولا یا سرنگ - تارپیڈو مارنا - تارپیڈو مار کر جہاز کو ڈبو دینا - کسی تحریک یا ادارے کو تباہ کرنا - بےکار کرنا -

Torpid (tor-pid) *adj.* & *n.* Having lost the power of motion سن - بے حس و حرکت - سست - کاہل - مجہول - آکسفورڈ کے دوسری ٹیم کے کشتی کھینے والے - کشتی کی دوسری ٹیم -

Torpidity *n.* سستی - کاہلی -

Torpify *v.t.* معطل کر دینا - بے حس کر دینا -

Torpor *n.* کاہلی - سستی - بے حسی کی حالت -

Torps (torps) *n.* A naval officer incharge of torpedos (بول چال) جہاز کا افسر جو تارپیڈو کی نگرانی کرتا ہے -

Torquate (tor-kwat) *adj.* Collared طوق دار - کنٹھ دار -

Torque (tork) *n.* A necklace in the form of a twisted band بل دار مالا - مڑوڑی دار ہار -

Torrify (tor-i-fī) *v.t.* Scorch, parch آگ سے جلانا - خشک کرنا -

Torrent (tor-ənt) *n.* A rushing stream دھارا - تیز دھار - تیز بہنے والی ندی - سیل - سیلاب - گالیوں اور سوالوں کا دھارا - غم و الم کا طوفان -

Torrential *adj.* سیلاب کا سا - بہت زور کا - تند - پر شور -

Torrid (tor-id) *adj.* Scorching حار - بہت گرم -

Torrid zone *n.* گرم کھنڈ - منطقہ حارہ -

Torridity-ness *n.* سخت گرم ہونا - گرمی - حدت -

Torsel (tors-l) *n.* A plate in a brick wall to support a beam شہتیر کے نیچے دیوار میں دینے کا داسا -

Torsion (tor-shən) *n.* Strain of a twist باٹ - مڑوڑی - بٹائی کی تان -

Torsional *adj.* بل یا مڑوڑی دار -

Torsive *adj.* بٹا ہوا - بل دار -

Torso (tor-sō) *n.* The trunk of a statue or body مجسمے کا دھڑ -

Tort (tort) *n.* Wrong, injury (قانون) زیان - نقصان - ضرر - وہ فعل جس سے کسی کو نقصان پہنچے اور اس کا دعویٰ دیوانی میں کیا جا سکے -

Tortile (tor-til) *adj.* Twisted بل کھایا ہوا - بٹا ہوا - مڑوڑی دار -

Tortilla (tor-tē(l)yä) *n.* A maize cake مکئی کی روٹی -

Tortious (tor-shəs) *adj.* Based on tort (قانون) ضرر رساں - نقصان رساں - ایسا فعل جس سے نقصان پہنچے اور ہرجانہ عدالت دیوانی سے مل سکے -

Tortoise (tor-təs) *n.* One of the genus Testudo کچھوا - سنگ پشت - (قدیم روم) سپاہیوں کی ڈھال سے ڈھال ملا کر صف بندی -

Tortuous (tor-tū-əs) *adj.* Full of windings پیچیدہ - پیچ دار - پھیرکا - پیچ در پیچ - فریب آمیز - عیارانہ - کائیاں پن کی -

Tortuosity / **Tortuousness** *n.* فریب آمیزی - پیچیدگی - کائیاں پن - الجھاؤ -

Tortuously *adv.* کائیاں پن سے - عیاری سے - پیچیدگی -

Torture (tor-tyər) *v.t.* & *n.* Extreme pain عذاب دینا - اذیت پہنچانا - شدید تکلیف پہنچانا - توڑ مڑوڑ دینا - عبارت کو توڑ موڑ کر کچھ کا کچھ بنا دینا -

Torturable *adj.* اذیت دینے کے قابل -

Torturer *n.* اذیت دینے والا -

Torturous *adj.* پر تعذیب - اذیت آمیز -

Torus (to-rəs) *n.* A large moulding at the base of a column ستون کی بیٹھک - ستون کا نچلا حصہ - پھول کی ڈنڈی جہاں سے پھول نکلتا ہے - عضلات کا ابھرا ہوا حصہ - مچھلی -

Tory (to-ri) *n.* A Conservative انگلستان کی قدامت پسند جماعت کا رکن -

Toryism *n.* ٹوری پارٹی کے اصول - قدامت پسندی -

Tosh (tosh) *n.* Bosh (بول چال) فضول باتیں - مہمل گفتگو -

Tosher (tosh-ər) *n.* (جامعاتی بول چال) بیرونی طالب علم جس کا تعلق کسی کلیہ سے نہ ہو -

Toss (tos) *v.t.* & *i.* Fling, jerk پھینکنا - اچھالنا - جھٹکا دینا - لہریں اٹھنا - اوپر اچھالنا - سکہ کو اچھال کر کسی امر کا فیصلہ کرنا - بے پروائی سے پھینک دینا -

Toss-pot شرابی ۔
Toss up کسی بات کے فیصلے کے لیے سکہ اچھالنا ۔
Toss off چڑھا جانا ۔ جلدی سے پی جانا ۔
Toss for جوا کھیلنا ۔

Tot (tot) *n.* Any thing little چھوٹا بچہ ۔ (بول چال) ایک گھونٹ شراب ۔

Tot (tot) *v.i..t. & n.* Add up or total لمبی فرد کی رقمیں جمع کرنا ۔ میزان نکالنا ۔ رقموں یا مدات کا بڑھتا رہنا ۔

Total (tō-tl) *v.t., adj. & n.* Whole, complete تمام ۔ کل ۔ سب ۔ مجموعی ۔ میزان نکالنا ۔ سب کو جمع کرنا ۔
Totality *n.* پورا گرہن ۔ جملگی ۔ پوری تعداد ۔ مجموعیت ۔ کلیت ۔

Totalize (tot-ə-līz) *v.t. & i.* Find the sum of میزان معلوم کرنا ۔ میزان لگانا ۔
Totalization *n.* میزان لگانا ۔ کل جمع معلوم کرنا ۔

Totalizer (tot-ə-līz-ər) *n.* An automatic betting machine ایک مشین جو تختہ پر ہر گھوڑے کا جو ریس میں دوڑ رہا ہے بھاؤ بتاتی ہے ۔ بعض مشینیں ٹکٹ کی تعداد بھی بتاتی ہیں ۔

Tote (tōt) *v.t.* Carry (امریکہ) پہنچانا ۔ رسد وغیرہ لے جانا ۔ (گھڑدوڑ) گھوڑوں کا بھاؤ بتانا ۔

Tother (tudh-ər) *pro. & adj.* The other دو میں سے دوسرا ۔ دوسرا ۔

Totter (tot-ər) *v.i.* Sway, waver بربادی کے قریب ہونا ۔ ڈگمگانا ۔ لڑکھڑانا ۔ گرنے کے قریب ہونا ۔
Tottering *adj.* زوال پذیر ۔ لڑکھڑاتے ہوئے ۔
Totterer *n.* ڈگمگانے والا ۔
Tottery *adj.* مائل بہ زوال ۔ گرتا ہوا ۔ لرزتا ہوا ۔

Touch (tuch) *v.t. & i.* Come in contact with چھونا ۔ ہاتھ لگانا ۔ مس کرنا ۔ دو چیزوں کو ایک دوسرے سے مس کرنا ۔ سرو کار رکھنا ۔ ذکر کرنا ۔ تھوڑا سا بیان کرنا ۔ کسی چیز کی طرف اشارہ کرنا ۔ پنسل وغیرہ سے تصویر کو یہاں وہاں درست کرنا ۔ چاشنی دینا ۔ ہلکا سا رنگ پیدا کرنا ۔ وصول کرنا ۔
No one can touch him کوئی اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا ۔
It touched him home یہ بات اس کو تیر کی طرح لگی ۔
Touched him to the quick اس کے زخم پر نمک چھڑکا ۔
Would not touch him with a barge pole میں اس کے سائے سے بھی بچتا ہوں ۔

Touch (tuch) *n.* Act, impression or mode of touching چوٹ ۔ لمس ۔ قوت لامسہ ۔ پنسل کا خط ۔ باجے کے پردے کی چھیڑ ۔ میل جول ۔ رابطہ ۔ کسوٹی ۔ امتحان ۔ ٹٹولنا ۔ جسم کا امتحان کرنا ۔
Finishing touches آخری طور پر تصویر کے خال و خد درست کرنا ۔
Keep in touch with ربط قائم رکھنا ۔ ملتے جلتے رہنا ۔

Touching (tuch-ing) *adj.* Moving, pathetic رقت انگیز ۔ پر درد ۔ جس پر ترس آئے ۔
Touchingly *adv.* رقت انگیز طریقے سے ۔
Touchingness *n.* رقت انگیزی ۔

Tough (tuf) *adj.* Stiff and dense مضبوط ۔ سخت ۔ کڑا ۔ جفا کش ۔ ضدی ۔ اڑیل ۔ مشکل ۔ کٹھن ۔ (بول چال) بری قسمت ۔ (امریکہ) بد معاش ۔
Toughen *v.t. & i.* سخت ہونا ۔ کڑا ہونا ۔ سخت کرنا ۔
Toughish *adj.* کسی قدر دشوار ۔ قدرے سخت ۔
Toughness *n.* دشواری ۔ سختی ۔ کڑا پن ۔

Toupee (too-pe) *n.* A wig, tuft, lock, fringe مصنوعی بالوں کی ٹوپی ۔ زلف ۔ کاکل ۔ بالوں کا گچھا ۔

Tour (tōōr) *n., v.i. & t.* A round, go on a round دورہ ۔ گشت ۔ سیاحتی سفر ۔ سرکاری سفر ۔ (فوج) ایک چھاؤنی میں رہنے کی مدت ۔ دورہ کرنا ۔ گشت کرنا ۔ سرکاری کام پر سفر کرنا ۔
Tourist *n.* سیاحت کرنے والا ۔ سیاح ۔

Tourbillion (tōōr-bil-yən) *n.* A swirl ایک قسم کی آتشبازی ۔ گھن چکر ۔ ہوائی ۔ چرخی ۔

Tourmalin (toor-ma-len) *n.* A blackish mineral ایک سیاہی مائل خوبصورت دھات جو برقیت پذیر ہوتی ہے ۔

Tournament (tōōr-nə-mənt) *n.* A military sport of the Middle Ages فن سپہ گری کے مقابلے ۔ موجودہ زمانے میں کسی کھیل کے مقابلے ۔

Tournay (toor-nā) *n.* Printed cotton cloth چھپا ہوا پھول دار کپڑا جس سے رضائی اور گدے بناتے ہیں ۔ چھینٹ ۔

Tourney (toor-ni) *n.* & *v.t.* A mediaeval tournament فن سپہ گری کی نمائش ۔ اس نمائش میں حصہ لینا ۔

Tourniquet (toor-ni-ket) *n.* A turnstile لہو روک ۔ بندش جو خون روکنے کے لیے کی جائے ۔

Tousle (towz-l) *v.t.* Dishevel, tumble بکھیر دینا ۔ نوچنا کھسوٹنا ۔ الجھا دینا ۔

Tousy (towz-i) *adj.* Unkempt, rough بکھرا ہوا ۔ الجھا ہوا ۔

Tout (towt) *v.i.* & *n.* Look out for custom in an obstrusive way گاہک کی تلاش کرنا ۔ گاہک پیدا کرنا ۔ گھردوڑ کی ٹپ دینے والا ۔ دلالی کرنے والا ۔ دلال ۔

Tow (tō) *n.* & *v.t.* Pull with a rope جہاز یا کشتی کو رسی باندھ کر کھینچنا ۔ گھسیٹ کر لے جانا ۔ جال ڈال کر اوپر کھینچنا ۔ کھینچنے کا عمل ۔

Tow (to) *n.* Fibre of hemp, flax or jute موٹا سن ۔ سن کی رسی ۔ سن کا موٹا ریشہ ۔

Towy *adj.* سن کے موٹے ریشوں کا بنا ہوا ۔ پٹ سن کا ۔

Toward (tō-ərd) *adj.* Favourable, well disposed, approaching (قدیم) مفید ۔ صلاحیت والا ۔ تربیت پذیر ۔ آنے والا ۔

Towards (tō-ərds) *adv.* In the direction of کی طرف ۔ کی جانب ۔ درباره ۔ بہ غرض ۔ عنقریب ۔ قریب ۔ نزدیک ۔

Towel (tow-əl) *v.t.*, *i.* & *n.* A cloth for drying, wiping تولیہ ۔ رومال ۔ انگوچھا ۔ تولیہ سے ہاتھ منہ پونچھنا ۔ بدن صاف کرنا ۔ (بول چال) مارنا پیٹنا ۔ مرمت کرنا ۔

Towel horse-rack تولیہ لٹکانے کا چوکھٹا یا کھونٹی ۔

Towelling *n.* تولیے سے بدن پونچھنا ۔

A lead towel سیسہ کی گولی ۔

On oaken towel ڈنڈا ۔ لاٹھی ۔

Tower (tow-ər) *n.* & *v.t.* A lofty building برج ۔ مینار ۔ لاٹ ۔ کوٹ ۔ حصار ۔ بہت بلند ہونا ۔ اونچا اڑنا ۔ تیر کی طرح اوپر جانا ۔

Tower of strength حامی ۔ پشت پناہ ۔

Towering *adj.* سر بہ فلک ۔ اونچا ۔ بلند ۔

A towering anger *n.* جذبہ ۔ سخت غصہ ۔

Towery *adj.* بلند ۔ برج دار ۔ مینار کی طرح ۔

Town (town) *n.* A populous place bigger than a village آبادی جس کے گرد فصیل ہو ۔ قصبہ ۔ بلدہ ۔ بستی ۔ آبادی ۔ لندن یا وہ شہر جس کا ذکر کیا جا رہا ہو ۔

Town hall شہری کچہری ۔ شہر کی جلسہ گاہ ۔ شہر کا مرکزی مقام ۔

Is the talk of the town سارے شہر میں یہ بات مشہور ہے ۔

Man about the town شہر کا بے فکرا ۔

Townlet *n.* چھوٹی آبادی ۔ چھوٹا قصبہ ۔

Townee (town-i) *n.* A man of town (آکسفورڈ ۔ کیمبرج) شہر والا جو یونیورسٹی کا رکن نہ ہو ۔

Township (town-ship) *n.* A community or local division کاریسائی حلقے کی آبادی ایک حلقہ انتخاب ۔ (امریکہ) ایک پرگنہ تا تعلقہ ۔

Toxaemia (toks-ē-mi-ā) *n.* Blood poisoning خون میں زہر ۔ خون کی سمیت ۔

Toxic (toks-ik) *adj.* Due to poison زہر کے وجہ سے ۔ زہر کا ۔ سمی ۔

Toxicant *adj.* زہریلا ۔ زہر آلود ۔

Toxicologist *n.* زہر کے علم کا ماہر ۔

Toxicology *n.* علم سمیات ۔

Toxin (toks-in) *n.* A poison of organic origin جراثیمی زہر ۔

Toxophilite (toks-of-i-līt) *n.* A lover of archery فن تیر اندازی سیکھنے والا ۔ تیر اندازی کا شوقین ۔

Toy (toi) *n.* & *v.t.* A plaything کھلونا ۔ کٹھ پتلی ۔ دل بہلانے کی چیز ۔ کھیل ۔ تماشا ۔ کھیلنا ۔ کھلونوں سے کھیلنا ۔ دل بہلانا ۔ غیر سنجیدہ باتیں کرنا ۔

Toy soldier اس فوج کا سپاہی جس کو کبھی لڑنا نہ پڑے۔

Toy with کسی شے سے کھیلنا ۔ بے پروائی سے کوئی کام کرنا ۔

Toyingly *adv.* تفریحی طور پر ۔ پیار سے ۔ بے پروائی سے ۔

Trabeation (trā-bi-ā-shən) *n.* **Combination of beams in a structure** محراب کی جگہ کڑیوں سے کام لینا ۔ شہتیروں کی ترتیب ۔

Tracasseries (trakə-se-ris) *n.* **Petty worries** چھوٹی چھوٹی الجھنیں ۔

Trace (trās) *n.* & *v.t.* **A way, course** چلنا ۔ گزرنا ۔ کھوج لگانا ۔ خاکہ اتارنا ۔ عکس یا چربہ اتارنا ۔ پیروی کرنا ۔ پتہ چلا لینا ۔ اندازہ کر لینا ۔ نقش پا ۔ سراغ ۔ کھوج ۔ علامت ۔ نشانی ۔ آثار ۔ خفیف سی مقدار ۔

Tracing *n.* نقشہ کی نقل ۔ نقشہ ۔ خاکہ ۔

Tracing cloth, paper عکس اتارنے کا کاغذ یا موہی کپڑا ۔

Traceable *adj.* جس کا سراغ ممکن ہو ۔ سراغ کے قابل ۔

Traceability / **Traceableness** *n.* قابل سراغ ہونا ۔ پتہ لگائے جانے کے قابل ۔

Tracer *n.* سراغ رساں ۔ کھوجی ۔ عکس یا خاکہ اتارنے والا ۔

Traceless *adj.* بے سراغ ۔ بے نشان ۔

Trace (trās) *n.* **A vistage, a footprint, a rope, chain or strap** جوت ۔ راس ۔ رسی ۔ پٹہ ۔ زنجیر جس سے گھوڑا جوتا جاتا ہے اور وہ گاڑی کھینچتا ہے ۔

Kick over the traces انسان کا سرکشی کرنا ۔ گھوڑے کا بے قابو ہو جانا ۔

Tracery (trās-ri) *n.* **Ornamentation in flowing outline** دروازے کے اوپر کے نقش و نگار ۔ پتھر کے کٹاؤ کا آرائشی کام ۔

Traceried *adj.* جس پر کٹاؤ کا کام ہو ۔

Trachea (trə-kē-ā) *n.* **The wind pipe** ۔ نالی (نباتیات) ظرف ۔ کیڑوں کے سانس لینے کا عضو ۔ ہوا کی نالی ۔

Tracheate *adj.* نالی دار ۔ ہوا کی نالی والے ۔

Tracheotomy *n.* ہوا کی نالی پر عمل جراحی ۔

Trachitis *n.* ہوا کی نالی کا ورم ۔

Trachoma (tra-ko-ma) *n.* **A disease of the eye with hard pustules on the inner surface of eyelids** آنکھ کی ایک بیماری جس میں پپوٹے کے اندر دانے نکل آتے ہیں ۔

Trachomatus *adj.* پپوٹوں کے حشر کا مریض ۔ دانوں کا ۔

Trachyte (tra-ki-t) *n.* **Light coloured volcanic rock** ہلکے رنگ کی آتش فشانی چٹان ۔

Track (trak) *n., v.t.* & *i.* **A beaten path, a course** لیکھ ۔ راستہ ۔ پیروں کے نشان ۔ پگڈنڈی ۔ روش ۔ طریقہ ۔ زندگی کی روش ۔ گھڑ دوڑ کا محصور راستہ ۔ پٹری ۔ کھوج لگانا ۔ نشانات دیکھ کر چلنا ۔ گھسیٹنا ۔ کھینچنا ۔ رسی سے کھینچ کر نکالنا ۔

Make tracks رفو چکر ہونا ۔

Am on his tracks میں اس کا پیچھا کر رہا ہوں ۔ میں نے اس کے ارادے کا پتہ چلا لیا ہے ۔

Beaten track پامال زمین ۔ پرانی لکیر ۔

Off the tracks راستے سے ہٹی ہوئی ۔ سڑک سے اتری ہوئی ۔

Track down کھوج لگا کر پکڑ لینا ۔

Tracker *n.* ارگن باجے کا ڈنڈا ۔ کشتی کھینچنے والا ۔ پتہ چلانے والا ۔ کھوجی ۔

Trackless بے سراغ ۔ جس کا اتا پتہ نہ ہو ۔ بے نشان ۔ بے راہ ۔

Trackage (trak-ag) *n.* **Towing, provision of railway tracks** ریل کی پٹری کا سلسلہ ۔ کشتی کھینچنے کی اجرت ۔

Tract (trakt) *n.* **A region, area, a stretch of space or time** قطعہ ۔ خطہ ۔ ملک ۔ دیار ۔ مدت ۔ عرصہ ۔ دوری ۔

Tract (trakt) *n.* **A pamphlet, a leaflet political or religious** رسالہ ۔ کتابچہ ۔ نامہ ۔ رومی کلیسا کی مناجات

Tractable (trakt-əbl) *adj.* **Easily drawn, managed or taught**

Tractibility / **Tractableness** *n.* تربیت پذیری ۔ اثر پذیری ۔

Tractably *adv.* فرمانبرداری سے ۔ اطاعت سے ۔

Tractate (trak-tāt) *n.* A treatise کتابچہ ۔ رسالہ ۔

Traction (trak-shən) *n.* Propulsion of vehicles چلایا جانا ۔ گاڑیوں کا کھینچا جانا ۔

Traction wheel انجن وغیرہ چلانے کا پہیہ ۔

Tractional-tive کھینچے جانے کا ۔ کھنچائی کا ۔

Tractor (trakt-ər) *n.* A motor plough, a traction engine موٹر ہل ۔ کھینچنے والا انجن ۔ ٹریکٹر ۔ ایک طیارہ جس کا پیچدار کیلا آگے ہوتا ہے ۔

Trade (trād) *v.t., i. & n.* A track, a practice, shop keeping, commerce, buying and selling تجارت ۔ سوداگری ۔ بیوپار ۔ لین دین ۔ کارو بار ۔ حرفہ ۔ پیشہ ۔ لین دین کرنا ۔ تجارت کرنا ۔ بیوپار کرنا ۔ سودا کرنا ۔ مال کا تبادلہ کرنا ۔ سیاست میں ناجائز سودا کرنا ۔

Be in trade تجارت کا پیشہ اختیار کرنا ۔

Carrying trade ایک ملک کا مال دوسرے ملک میں پہنچانے کا کارو بار ۔

Jack of all trades ہر طرح کا بیو پار کرنے والا ۔

Trade mark رجسٹری شدہ نشان ۔ مصنوعات پر چھاپہ ۔

Trade on کسی شخص کی نیک نیتی سے ناجائز فائدہ اٹھانا ۔

Tradesman دوکاندار ۔ بیوپاری ۔

Trade winds وہ ہوائیں جو بحر اوقیانوس اور بحرالکاہل میں چلتی ہیں ۔ تجارتی ہوائیں ۔ ان ہواؤں سے فائدہ اٹھا کر تجارتی جہاز بھی اسی رخ پر چلائے جاتے ہیں ۔

Trick of the trade تجارت کے گر ۔

Trader (trād-ər) *n.* One who is engaged in trade بیوپاری ۔ تاجر ۔ سوداگر ۔ تجارت پیشہ ۔

Tradition (trə-dish-ən) *n.* Oral transmission from generation to generation نقل ۔ روایت ۔ رسم و رواج ۔ عقیدہ ۔ احکام جو ضبط تحریر میں نہ آئیں مگر ان پر عمل کیا جائے ۔ احکام الٰہی جوفریسیوں کے عقیدے کے مطابق حضرت موسیٰ پر نازل ہوئے تھے ۔ حضور انورحضرت محمد صلعم کے اقوال اور عمل ۔ حدیث و سنت ۔ ادبی روایات ۔ فنی روایات ۔

Traditional } *adj.* روایات پر مبنی ۔ روایاتی ۔
Traditionary } قدیم ۔

Traditionalism (trə-dish-ən-a-lizm) *n* Adhering to tradition قدیم رسوم کا احترام ۔ روایت پرستی ۔ حدیث و سنت کی پیروی ۔ روایات کو اساس مذہب سمجھنا ۔

Traditionist *n.* اہل حدیث ۔ منقولات پسند ۔ روایات پرست ۔

Traditionalistic *adj.* روایت پرستانہ ۔ منقولات پسند ۔

Traduce (trə-dūs) *v.t.* Translate, propagate بدنام کرنا ۔ تہمت لگانا ۔ الزام دینا ۔

Traducement *n.* بہتان طرازی ۔ بدگوئی ۔ بدنامی ۔

Traducer *n.* بدنام کرنے والا ۔ عیب گو ۔

Traducible *adj.* جس پر تہمت لگائی جا سکے ۔ بدنام کرنے کے قابل ۔

Traducian (trə-dūs-i-ən) *n.* One who believes that child receives body as well as soul from his parents یہ عقیدہ رکھنے والا کہ جسم کی طرح روح بھی توالد و تناسل سے منتقل ہوتی ہے ۔

Traffic (traf-ik) *n.* Commerce, disgraceful trading, dealings مال کی خرید و فروخت ۔ سوداگری ۔ تجارت ۔ حمل و نقل ۔ تجارتی مال کی منتقلی ۔ مال کی مقدار ۔ مسافروں کی تعداد ۔

Trafficker *n.* لین دین کرنے والا ۔ سوداگر ۔ بیوپاری ۔

Tragedian (traj-i-di-ən) *n.* One who writes sad dramas المیہ ڈرامہ نویس ۔ حزنیہ ناٹک لکھنے والا ۔ المیہ اداکار ۔

Tragedy (traj-i-di) *n.* A sad drama of which the end is tragic المیہ نظم یا نثر ۔ المیہ ناٹک ۔ مصیبت ۔ آفت ۔ المناک واقعہ ۔

Tragedy queen المیہ ناٹک کی اداکارہ ۔

Tragic (traj-ik) *adj.* Of the nature of tragedy المناک ۔ حزنیہ ۔ المیہ ۔ پر سوز و گداز ۔

Tragicalness *n.* المناک ہونا ۔ رنج و ملال ۔ سوز و گداز ۔ المناک ۔

Tragicomedy (traj-i-kom-i-di) *n.* A play in which grave and comic scenes are blended ملال اور ظرافت آمیز نقل ۔ المیہ مزاحیہ ناٹک ۔

Tragicomic رنج اور مسرت آمیز واقعہ ۔ المیہ مزاحیہ ۔

Tragicomically *adv.* رنج اور مسرت کے سموئے ہوئے انداز میں ۔

Trail (trāl) *n., v.t. & i.* Draw along or near the surface, train, tail دم ۔ دنبالہ ۔ سلسلہ ۔ وہ چیز جو کسی دوسری چیز کے پیچھے لگی ہو ۔ لکیر جو کسی چیز کے گھسٹنے سے بن جائے ۔ پگ ڈنڈی ۔ جانور کی آنتیں ۔ پیچھے گھسیٹنا ۔ پیچھے گھسیٹتے ہوئے چلنا ۔ پیچھا کرنا ۔ کھوج لگانا ۔ بیل کا دیوار پر چڑھنا ۔

Trailer (trāl-ər) *n.* One who trails پیچھے آنے والا ۔ چڑھنے والی بیل ۔ پہیہ دار کرسی یا گاڑی جو موٹر کے پیچھے بندھی ہو ۔ فلم کا نمونہ ۔

Train (trān) *v.t., i. & n.* Instruct and discipline, bring up سدھانا ۔ ہلانا ۔ تربیت دینا ۔ کام سکھانا ۔ بیل چڑھانا ۔ گھسیٹنا ۔ کھینچ کر لے جانا ۔ (بول چال) ریل گاڑی میں سفر کرنا ۔ دنبالہ ۔ عورتوں کی پوشاک کا دامن ۔ خلعت کا دامن ۔ پرندوں کی لمبی دم ۔ نوکروں اور ہمراہیوں کی جماعت ۔ ریل گاڑی ۔ بارودی سرنگ ۔

  Trainable *adj.* تربیت پذیر ۔ سدھانے کے قابل ۔

  Trainee *n.* تربیت پانے والا ۔

  Trainless *adj.* بے نوکر چاکر ۔ بے دم ۔

Trainer (trān-ər) *n.* One who trains سدھانے والا ۔ سکھانے والا ۔ گھڑ دوڑ کے گھوڑوں کو دوڑ کے لیے تیار کرنے والا ۔ ورزشی مقابلوں کے لیے کھلاڑیوں کو تیار کرنے والا ۔

Training (trān-ing) *n.* Practical education تعلیم ۔ تربیت ۔ عملی اسباق ۔ مشق ۔

  Be in training زیر تربیت ہونا ۔

  Training ship جہاز جس پر لڑکوں کو جہاز رانی کی تربیت دی جاتی ہے ۔

Trait (trāt) *n.* Characteristic خصوصیت ۔ خد و خال ۔ خاصہ ۔ امتیازی وصف ۔ ہلکا سا خط ۔ ذرا سی جھلک ۔ شوشہ ۔ امتیازی رنگ ۔

Traitor (trāt-ər) *n.* Betrayer باغی ۔ غدار ۔ بے وفا ۔ نمک حرام ۔ ملک کا دشمن ۔

  Traitorous *adj.* غدارانہ ۔ دغا باز ۔ بے وفا ۔ غدار ۔

  Traitress *n.* غدار عورت ۔ باغی عورت ۔

Tram (tram) *v.t., i. & n.* A tram-way, tram-way car ٹرام گاڑی ۔ ٹرام کی پٹری ۔ کوئلہ کی کانوں میں کوئلہ لادنے کی چوپہیہ گاڑی ۔ ٹرام گاڑی میں آنا جانا ۔ ٹرام میں سفر کرنا ۔

Tram (tram) *n.* Silk yarn of two or more strands دو تاری ریشمی دھاگہ جو مخمل یا دوسرے کپڑے بننے میں کام آتا ہے ۔

Trammel (tram-l) *n. & v.t.* A net of inner and outer meshes مچھلی پکڑنے کا دو ہرے پھندوں کا جال ۔ کڑا یا زنجیر جو گھوڑے میں باندھ کر اس کو قدم چلنے کے لیے سدھاتے ہیں ۔ روک ۔ اٹکاؤ ۔ قیود ۔ پابندیاں ۔ گھٹتی بڑھتی پرکار ۔ جکڑنا ۔ زنجیر یا بیڑیاں ڈالنا ۔

Tramontane (tra-mon-tan) *adj. & n.* From beyond the mountains الپس پہاڑ کے پرے کا ۔ الپس کے پرے علاقہ کا باشندہ ۔ اجنبی ۔ بدیسی ۔ غیر مہذب ۔

Uncoloured (un-kə-ler-d) *adj.* Plain سادہ ۔ بے رنگ ۔

Uncomely (un-kəm-li) *adj.* Ugly نازیبا ۔ بھدا ۔ بد صورت ۔

Uncomfortable (un-kəm-fert-əbl) *adj.* Restless بے آرام ۔ بے چین ۔ بے آسائش ۔

Uncommercial *adj.* غیر تجارتی ۔ خلاف اصول تجارت ۔

Uncommon (un-kom-ən) *adj.* Exceptional کمیاب ۔ غیر معمولی ۔ انوکھا ۔ نرالا ۔ خلاف دستور ۔

Uncommunicative (un-kom-uni-ka-tiv) *adj.* Undisclosing خاموش ۔ بند دہن ۔ کم گو ۔ کم آمیز ۔ اپنے خیالات کا اظہار نہ کرنے والا ۔

Uncompanionable (un-kom-pə-ni-ən-əbl) *adj.* Unsociable غیر ملنسار ۔ ناقابل صحبت ۔ جو لوگوں سے دور رہتا ہو ۔ جو مجلس احباب کے قابل نہ ہو ۔

Uncomplaining *adj.* شکایت نہ کرنے والا ۔ ضابط ۔ صابر ۔

Uncomplaisant *adj.* کج خلق ۔ بے مروت ۔

Uncomplicated (un-kom-pli-kāt-d) *adj.* Simple, plain واضح ۔ صاف ۔ سلجھا ہوا ۔

Uncomplimentary *adj.* خلاف ادب ۔ گستاخانہ ۔ خلاف اخلاق ۔

Uncompromising (un-kom-pro-mīs-ing) *adj.* Unyielding مصالحت نہ کرنے والا ۔ غیر مصالحت پسند ۔ اپنے اصول سے نہ ہٹنے والا ۔

Unconcerned *adj.* بے پروا ۔ بے تعلق ۔

Uncondemned (un-kond-emn-d) *adj.* Declared innocent جو ملزم نہ ٹھہرایا گیا ہو ۔ بے گناہ ۔

Unconditional (un-kon-dē-shən-al) *adj.* Without any condition قطعی ۔ غیر مشروط ۔

Unconfirmed (un-kon-ferm-d) *adj.* Not firm or strong, not yet having received confirmation غیر مصدقہ ۔

Uncongenial (un-kon-gi-ni-əl) *adj.* Unagreeable ناموافق ۔ خلاف مزاج ۔ ناگوار ۔

Unconnected (un-kon-ek-td) *adj.* Unrelated بے ربط ۔ بے جوڑ ۔ بے تعلق ۔

Unconquerable *adj.* جو مغلوب نہ ہو سکے ۔ ناقابل تسخیر ۔ اجیت ۔

Unconscientious *adj.* بے احساس ۔ بے اصول ۔ اخلاق اصولوں سے بے حس ۔

Unconscionable *adj.* اخلاق احساس سے عاری ۔ غیر انسانی ۔ غیر واجبی ۔ بے ضمیر ۔

Unconscious *adj.* غافل ۔ بیہوش ۔ بے خبر ۔

Unconsciousness (un-kon-shəs-nes) *n.* Unawareness بے ہوشی ۔ بے خبری ۔

Unconstitutional (un-kons-ti-tū-shən-əl) *adj.* Against constitution غیر قانونی - غیر دستوری - غیر آئینی - اساسی دستور کے خلاف -

Unconsumed (un-kon-zūm-d) *adj.* Unspent جو استعمال نہ کیا گیا ہو - جو خرچ نہ ہوا ہو -

Uncontaminated (un-kon-tam-i-nāt-d) *adj.* Pure, unaffected اچھوتا - خالص - پاک -

Uncontemplated *adj.* غیر متوقع - بے سوچے سمجھے کا - بلا غور و خوض -

Uncontradicted *adj.* جس کی تردید نہ کی گئی ہو - مسلمہ -

Uncontrollable (un-kon-trol-əbl) *adj.* That cannot be controlled جس کو قابو میں نہ رکھا جا سکے - سرکش - بے قابو -

Uncontrolled *adj.* آزاد - بے قابو - بے لگام -

Uncontroversial *adj.* بے نزاع - بلا اختلاف -

Unconventional (un-kon-ven-shənəl) *adj.* Free in one's ways خلاف رواج - غ ... آزاد -

Unconversant (un-kon-vers-ant) *adj.* Uninformed بے خبر - بے اطلاع - نا واقف -

Unconverted (un-kon-vert-d) *adj.* Unchanged جو بدلا نہ ہو - غیر متغیر -

Unconvinced *adj.* جو قائل نہ ہوا ہو - جو یقین نہ کرے

Uncorrupted *adj.* جو بگڑا نہ ہو - دیانتدار - بے لوث -

Uncourtly (un-kōrt-li) *adj.* Not courtly بے مروت - کج خلق - بے ادب -

Uncouth (un-kōōth) *adj.* Awkward, ungraceful بے ہنگم - بھونڈا - بھدا -

Uncovenanted (un-kov-e-nənt-d) *adj.* Not promised or bound by a covenant بے قول و قرار - غیر موعود - بلا معاہدہ شرعی -

Uncoveted (un-kov-et-d) *adj.* Undesired جس کی خواہش نہ ہو - غیر مرغوب - غیر مطلوبہ -

Uncreated (un-krē-et-d) *adj.* Not produced by creation نا آفریدہ - جو ابھی عالم وجود میں نہیں آیا - جو لم یلد ہو - جو ہمیشہ سے ہو -

Uncrowned (un-krow-nd) *adj.* Not yet formally crowned جس کی رسم تاجپوشی نہ ادا کی گئی ہو -

Uncultivable (un-kult-iv-əbl) That cannot be sown نا قابل کاشت - جو زراعت اور تخم ریزی کے قابل نہ ہو -

Uncultivated *adj.* غیر تربیت یافتہ - افتادہ - پڑتی - غیر مزروعہ -

Uncultured *adj.* غیر متمدن - غیر مہذب -

Uncurtailed (un-kur-tal-d) *adj.* Undiminished پورا پورا - جس میں کوئی کمی نہ کی گئی ہو -

Uncushioned (un-kush-ənd) *adj.* Without pads جس پر گدے نہ ہوں - بے گدوں کا -

Undamaged (un-da-mag-d) *adj.* Unharmed صحیح - سالم - نقصان سے محفوظ -

Undaunted *adj.* بلا خوف - دلیر - بے باک -

Undeceived *adj.* جو دھوکا نہ کھائے - نا فریب خوردہ -

Undecided (un-de-sid-d) *adj.* Wavering غیر طے شدہ - جو فیصلہ نہ کر سکے - مذبذب -

Undecipherable (un-de-si-fer-əbl) *adj.* Which cannot be read جو پڑھا نہ جا سکے - جس کی تعبیر نہ ہو سکے - نا قابل حل - نا قابل توجیہ -

Undefiled (un-de-fil-d) *adj.* Untouched اچھوتا - پاک - بے داغ -

Undefined (un-de-fin-d) *adj.* Not defined جس کی تعریف نہ کی گئی ہو - مبہم - غیر معین -

Undelivered (un-de-liv-er-d) *adj.* Which has not been given جو پہنچایا نہ گیا ہو - جو نہ کی گئی ہو (تقریر) جو نہ دیا گیا ہو (خطبہ) -

Undeniable (un-den-i-əbl) *adj.* That cannot be denied مسلمہ - نا قابل انکار -

Undenounced (un-de-nowns-d) *adj.* Unaccused جس پر کوئی الزام نہ لگایا گیا ہو -

Undependable (un-de-pend-əbl) *adj.* Unreliable جس پر بھروسہ نہ کیا سکے - نا قابل اعتبار -

Undeplored (un-dep-lor-d) *adj.* Unremembered جس کو یاد نہ کیا جائے - جس کا ماتم نہ کیا گیا ہو -

Undepressed (un-de-pres-d) *adj.* Buoyant جو بددل نہ ہو۔ جو افسردہ نہ ہو ۔

Undeserved *adj.* بلا استحقاق ۔ ناحق ۔ غیر واجب ۔

Undeserving *adj.* نالائق ۔ نا سزا ۔ غیر مستحق ۔

Undesigned *adj.* بلا ارادہ ۔ نا دانستہ ۔

Undesirable (un-de-sir-əbl) *adj.* Not to be desired نامرغوب ۔ ناروا ۔ ناپسندیدہ ۔

Undesired *adj.* جس کی کوئی خواہش نہ کرے ۔ ناخواستہ ۔

Undetermined (un-de-ter-min-d) *adj.* Uncontained مذبذب ۔ بے حد ۔ غیر متعین ۔

Undeterred *adj.* انجام سے بے پروا ۔ نہ رکنے والا ۔ بے خوف ۔

Undeveloped (un-deve-lop-d) *adj.* Not developed جس کو پوری طرح تیار نہ کیا گیا ہو ۔ جس کی پوری طرح نشوو نما نہ ہوئی ہو ۔

Undignified (un-dig-ni-fīd) *adj.* Dishonourable ہلکا ۔ اوچھا ۔ خلاف وقار ۔

Undiluted (un-dī-lōōt-d) *adj.* Unmixed غیر تحلیل شدہ ۔ بے آمیزش ۔ خالص ۔

Undiplomatic *adj.* حکمت عملی اور موقع شناسی کے خلاف ۔ سیاسی مصالح کے خلاف ۔ خلاف مصلحت ۔

Undiscerning *adj.* موٹی عقل کا ۔ بے بصیرت ۔ بلا امتیاز ۔

Undischarged (un-dis-charg-d) *adj.* Not discharged جو ادا نہ ہوا ہو ۔ جو اپنی جگہ سے ہٹایا نہ گیا ہو ۔ جو ذمہ داری سے بری نہ ہوا ہو ۔

Undisciplined *adj.* فوجی تربیت سے محروم ۔ نظم و ضبط سے عاری ۔ نا تربیت یافتہ ۔

Undisclosed *adj.* جو ظاہر نہ ہوا ہو ۔ مخفی ۔

Undiscoverable (un-dis-kə-ver-abl) *adj.* نا قابل انکشاف ۔ جو دریافت نہ ہو سکے ۔

Undiscovered *adj.* نامعلوم ۔ نادیدہ ۔ مخفی ۔ جو دریافت نہ کیا گیا ہو ۔

Undiscriminating *adj.* تمیز سے محروم ۔ فرق یا تمیز نہ کرنے والا ۔

Undisguised (un-dis-gīs-d) *adj.* Without disguise واضح ۔ کھلا ہوا ۔ بے ریا ۔

Undismayed (un-dis-mā-d) *adj.* Without fear جو ہراساں نہ ہو ۔ بے خوف ۔

Undisplayed (un-dis-plā-d) *adj.* Not shown جس کی نمائش نہ کی گئی ہو ۔ جو ظاہر نہ کیا گیا ہو ۔

Undisputed (un-dis-pū-td) *adj.* Unchallenged جس میں مخالفت نہ ہو ۔ جس کی تردید نہ کی گئی ہو ۔ مانا ہوا ۔ آشکارا ۔

Undissembled *adj.* صاف صاف ۔ علانیہ ۔

Undissolved *adj.* جو قائم ہو ۔ جو ختم نہ ہوا ہو ۔ جو حل نہ ہوا ہو ۔

Undistinguishable (un-dis-ting-u-ish-abl) *adj.* Which cannot be discerned نا قابل امتیاز ۔ جو شناخت یا تمیز نہ کیا جا سکے ۔

Undistributed (un-dis-tri-but-d) *adj.* Undivided جو تقسیم نہ ہوا ہو ۔

Undisturbed *adj.* جس کو چھیڑا نہ گیا ہو ۔ ساکن ۔ مطمئن ۔

Undivided (un-di-vid-d) *adj.* Not divided غیر منقسم ۔

Undivulged (un-div-ulj-d) *adj.* Not open خفیہ ۔ سربستہ ۔ جو ظاہر نہ کیا گیا ہو ۔

Undone (un-dan) *adj.* Unfinished برباد ۔ تباہ ۔ نا مکمل ۔ نا تمام ۔

Undoubted *adj.* یقینی ۔ بلا شبہ ۔

Undressed *adj.* بے مرہم پٹی زخم ۔ بے کمایا ہوا چمڑا ۔ سادے کپڑوں میں ۔ ننگا ۔

Undrinkable (un-drink-abl) *adj.* Not fit for drinking جو پینے کے قابل نہ ہو ۔

Undue *adj* حد سے زیادہ ۔ بے ضرورت ۔ نا واجبی ۔ نا مناسب ۔

Undurable (un-dūr-abl) *adj.* Not lasting جو مضبوط نہ ہو ۔ ناپائدار ۔

Undutiful (un-dū-ti-fl) *adj.* Careless about his duties نا فرض شناس ۔ نا فرمان ۔ سرکش ۔

Undying (un-di-ing) *adj.* Living لازوال ۔ امر ۔ لافانی ۔

Unearned *adj.* بے استحقاق ۔ ناجائز طور پر حاصل کیا ہوا ۔ بے مشقت ۔

Uneasy (un-ēz-i) *adj.* Restless مضطرب - بے چین -
Uneatable (un-ēt-əbl) *adj.* Unfit for eating جو کھانے کے قابل نہ ہو -
Uneconomic (un-eko-no-mik) *adj.* Costly بے کفایت - مسرفانہ - گراں قیمت -
Uneconomical *adj.* بے اصول - غیر کفایت شعارانہ - مسرفانہ -
Uneducated (un-edu-kat-d) *adj.* Illiterate بے علم - غیر تعلیم یافتہ - ناخواندہ -
Unelected (un-elekt-d) *adj.* Not elected جو منتخب نہ ہوا ہو -
Unemotional *adj.* ضابط - جو جذباتی نہ ہو - جذبات سے عاری -
Unemphatic *adj.* جس میں تاکید یا زور نہ ہو - بے تاکید -
Unemployed *adj.* جس کو کام نہ ملا ہو - بے روزگار - بے کار -
Unending (un-end-ing) *adj.* Everlasting ختم نہ ہونے والا - لا متناہی -
Unendowed *adj.* غیر عطا شدہ - کسی صفت سے عاری - غیر وقف شدہ -
Unendurable (un-en-dūr-əbl) *adj.* Unbearable ناقابل برداشت -
Unenforced *adj.* جس پر عمل درآمد نہ ہو - جس کو نافذ نہ کیا گیا ہو - جس کا نفاذ نہ ہوا ہو -
Un-English (un-ing-glish) *adj.* Unlike English ways - انگریزی طرز معاشرت کے خلاف - غیر انگریزی -
Unenjoyable *adj.* جس سے خوشی نہ ہو - بے لطف - بے کیف -
Unenlightened *adj.* جو روشن خیال نہ ہو - دقیانوسی - تنگ نظر -
Unenterprising *adj.* جس کو بڑے کاموں کا حوصلہ نہ ہو - بے حوصلہ -
Unentertaining *adj.* خشک - بے مزہ - غیر دلچسپ -
Unenthusiastic *adj.* جوش سے خالی - بے ولولہ -
Unenviable (un-en-vi-əbl) *adj.* That cannot be envied - جو قابل رشک نہ ہو - مشقت و محنت کا - جس کی کوئی تمنا نہ کرے -

Unequal (un-ek-wəl) *adj.* Not uniform - چھوٹا بڑا - جو برابر نہ ہو - بے اندازہ - ناکافی -
Unequivocal *adj.* صاف - صریح - غیر مبہم -
Unerring (un-er-ring) *adj.* Making no mistake ٹھیک - یقینی - بے خطا -
Unescapable (un-skep-əbl) *adj.* Unavoidable جس سے بچنا ممکن نہ ہو - نا گزیر -
Unessential (un-esen-shi-əl) *adj.* Unimportant غیر لازمی - ضمنی - غیر ضروری -
Unestablished (un-stab-lish-d) *adj.* Not on the permanent staff جو مستقل یا مستحکم نہ ہو -
Uneven (un-even) *adj.* Rough کھردرا - ناہموار -
Uneventful *adj.* غیر معمولی واقعات سے خالی - معمولی - غیر اہم -
Unexampled *adj.* لاجواب - بے نظیر -
Unexcelled (un-ek-sel-d) *adj.* Unsurpassed جس پر کوئی سبقت نہ لے سکا - سب سے اعلیٰ -
Unexceptionable *adj.* ناقابل اعتراض - نا قابل عذر -
Unexpected (un-eks-pekt-d) *adj.* No expected غیر متوقع -
Unexplored (un-eks-plor-d) *adj.* Undiscovered جس کو دریافت نہ کیا گیا ہو - نامعلوم -
Unexpressed (un-eks-pres-d) *adj.* Undeclared غیر مذکور - جس کو ظاہر نہ کیا گیا ہو -
Unfading (un-fād-ing) *adj.* Not disappearing جو مٹ نہ سکے - لازوال - جو کبھی نہ مٹے - جو کبھی غائب نہ ہو -
Unfailing *adj.* Inexhaustible جو کبھی ختم نہ ہو -
Unfair *adj.* - بے جا - ناواجب - بد معاملہ - نا مناسب
Unfaithful *adj.* نمک حرام - بے ایمان - بے وفا -
Unfamiliar (un-fam-i-li-ər) *adj.* Unusual - اجنبی - بیگانہ - نامانوس - غیر معمولی -
Unfashionable (un-fa-shən-əbl) *adj.* Not fashionable عام وضع کے خلاف - عام رواج کے خلاف -
Unfatherly (un-fə-dher-li) *adj.* Unbefitting a father پدرانہ شفقت کے خلاف - غیر پدرانہ -
Unfathomable *adj.* ناقابل فہم - عمیق - اتھاہ -

Unfavourable (un-fa-var-əbl) *adj.* Harmful - خراب - نامہربان - مضر - ناموافق -

Unfeeling *adj.* بے رحم - سنگ دل - بے حس -

Unfeminine *adj.* عورتوں کے دستور کے خلاف - خلاف نسائیت -

Unfettered (un-fet-ərd) *adj.* Free آزادانہ - آزاد -

Unfinished (un-fin-ish-d) *adj.* Incomplete - ادھورا - ناتمام - نامکمل -

Unfit (un-fit) *adj.* Not fit or suitable ناقابل - جسمانی یا دماغی حیثیت سے ناقابل - جس میں کوئی نقص ہو -

Unflagging (un-flag-ing) *adj.* Untiring ڈھیلا یا سست نہ ہونے والا - ان تھک -

Unflattering (un-flə-ter-ing) *adj.* Impartial غیر خوشامدانہ - کھری کھری - بلا رو رعایت -

Unflinching *adj.* مصمم - پکا - بلا جھجک -

Unforeseen *adj.* غیر متوقع - نا معلوم -

Unforgettable (un-for-get-əbl) *adj.* That cannot be forgotten ناقابل فراموش - جس کو بھلایا نہ جا سکے -

Unforgivable (un-fər-giv-əbl) *adj.* That cannot be forgiven ناقابل معافی - ناقابل عفو -

Unforgiving *adj.* جو خطا بخش نہ ہو - معاف نہ کرنے والا -

Unfortunate (un-for-tūn-āt) *adj.* Unlucky بد نصیب - بد بخت -

Unfounded (un-fownd-d) *adj.* Baseless - سراسر غلط - بے سر و پا - بے بنیاد -

Unfrequented (un-fre-kwent-d) *adj.* Unvisited بے رونق - جہاں آمد و رفت نہ ہو -

Unfriendly (un-frend-li) *adj.* Ill-disposed, somewhat hostile معاندانہ - نا مہربان - بے مروت -

Unfruitful (un-frut-fl) *adj.* Without fruits - لاحاصل - بانجھ - بنجر - بے ثمر -

Unfulfilled *adj.* جو پورا نہ ہوا ہو - جو ایفا نہ کیا گیا ہو -

Unfurnished (un-fer-nish-d) *adj.* Unsupplied, not furnished بے اسباب - بے ساز و سامان -

Ungallant *adj.* غیر شجاعانہ -

Ungarbled *adj.* صحیح - سچا - تعریض -

Ungenerous (un-ge-ne-rəs) *adj.* Narrow-minded کم ظرف - تنگ نظر - تنگ دل -

Ungenial (un-jen-i-əl) *adj.* Unhealthy خشک - روکھا - ناموافق - غیر صحت بخش -

Ungentle (un-gen-tl) *adj.* Discourteous - بد تہذیب - اکھڑ -

Ungentlemanly *adj.* غیر شریفانہ -

Ungodly (un-gəd-li) *adj.* Not fearing God - بد اعمال - نا خدا ترس -

Ungovernable (un-govern-əbl) *adj.* Uncontrollable سرکش - منہ زور - بے لگام -

Ungraceful (un-grās-ful) *adj.* Not having grace بھونڈا - بھدا - بد نما -

Ungracious *adj.* کج خلق - بے مہر -

Ungrudging (un-gruj-ing) *adj.* Liberal بخوشی - دل کھول کر - بے دریغ -

Unguarded (un-gard-d) *adj.* Open to attack غیر محفوظ - غیر محتاط -

Unguardedly *adv.* بے سمجھے بوجھے - بد احتیاطی سے -

Unhampered (un-hamp-erd) *adj.* Unchecked بے روک ٹوک - بے رکاوٹ -

Unhandsome (un-hand-səm) *adj.* Ugly, ill-made, بھونڈا - بد صورت - غیر شریفانہ -

Unhappy (un-hap-i) *adj.* Miserable بد قسمت - نا مبارک - نامراد - ناشاد -

Unharmed مضرت سے محفوظ - صحیح سالم -

Unhealthy (un-hel-dhi) *adj.* Ailing, sick غیر تندرست - بیمار - مخرب اخلاق - گولہ باری کی زد میں -

Unheard *adj.* جو ناقابل قبول ہو - ناشنیدہ - مقدمہ جس کی سماعت نہ ہوئی ہو -

Unheeded *adj.* جس پر توجہ نہ کی گئی ہو -

Unheeding *adj.* توجہ نہ دینے والا - بے توجہ - بے پروا -

Unhelpful (un-help-fl) *adj.* Not helping - غیر کارآمد - مدد نہ کرنے والا -

Unhesitating (un-he-zi-tat-ing) *adj.* Prompt بلا جھجک ۔ تیار ۔ فوراً آمادہ ۔

Unhistoric (un-his-ta-rik) *adj.* Not confirmed by facts of history جو تاریخ سے ثابت نہ ہو ۔ غیر تاریخی ۔

Unholy (un-holi) *adj.* Devoted to evil گناہ گار ۔ غیر متبرک ۔ ناپاک ۔ (بول چال) بہت شدید ۔ بہت سخت ۔

Unhonoured (un-o-ner-d) *adj.* Not honoured بے عزت ۔ جس کی کوئی عزت نہ کرے ۔ بے عظمت ۔ بے توقیر ۔

Unhurt (un-hurt) *adj.* Without injury چوٹ سے محفوظ ۔ بے ضرر ۔

Unidentified (un-i-dent-i-fi-d) *adj.* Not recognised جس کی شناخت نہ کی گئی ہو ۔

Unillustrated (un-ilus-tra-ted) *adj.* Without illustration بے تصویر ۔ بے توضیح ۔

Unimaginable (un-ima-jin-abl) *adj.* That cannot be imagined بعید از قیاس ۔ ناقابل تصور ۔

Unimaginative *adj.* کمزور تخیل کا ۔ بے تخیل ۔

Unimpeachable *adj.* ناقابل مواخذہ ۔ پاک صاف ۔ ناقابل الزام ۔

Unimportant (un-im-port-ant) *adj.* Ordinary, insignificant معمولی ۔ ادنیٰ ۔ غیر ضروری ۔ ہلکا ۔

Unimposing (un-im-poz-ing) Unimpressive جو تعظیم و تکریم کا تقاضا نہ کرے ۔ بلا رعب ۔ جو دیکھنے والے کو مرعوب نہ کرے ۔

Unimpressionable *adj.* جو اثر قبول نہ کرے ۔ جو جلد متاثر نہ ہو ۔

Unimpressive (un-im-pres-iv) *adj.* Having no impression غیر موثر ۔ جو متاثر نہ کر سکے ۔

Uninfluential *adj.* نہایت معمولی ۔ جس کا کسی پر اثر نہ ہو ۔ بے اثر ۔

Uninformed (un-in-farm-d) *adj.* Not knowing much انجان ۔ نا واقف ۔ بے خبر ۔

Uninhabitable *adj.* نا قابل سکونت ۔ جو بود و باش کے قابل نہ ہو ۔

Uninitiated *adj.* نا واقف اسرار ۔ جو راز سے واقف نہ ہو ۔ نا آشنائے راز ۔ غیر محرم ۔

Uninspired (un-ins-pīr-d) *adj.* Having no inspiration غیر الہامی ۔ غیر وجدانی ۔

Uninstructed (un-ins-trukt-d) *adj.* Having received no instructions بے لکھا پڑھا ۔ بے سکھایا پڑھایا ۔ تعلیم سے محروم ۔ ان پڑھ ۔ جاہل ۔

Uninsured (un-insūr-d) *adj.* Not taken out an insurance policy جس کا بیمہ نہ کرایا گیا ہو ۔

Unintelligent (un-in-teli-gant) *adj.* Dull جو ذہین یا عقلمند نہ ہو ۔ غبی ۔ کند ذہن ۔

Unintelligible *adj.* جو بعید از فہم یا غیر معقول ہو ۔ جو ادراک سے بالاتر ہو ۔ جو سمجھ میں نہ آئے ۔

Unintentional (un-in-ten-shan-al) *adj.* Involuntary غیر ارادی ۔ بلا ارادہ ۔ جو بلا قصد سر زد ہو ۔

Uninteresting (un-inter-est-ing) *adj.* Lacking interest بے مزہ ۔ غیر دلچسپ ۔ بے لطف ۔ جس میں دل نہ لگے ۔

Uninterpretable (un-inter-pret-abl) *adj.* That cannot be explained جس کی تشریح نہ ہو سکے ۔ نا قابل تعبیر ہو ۔

Uninterrupted (un-in-ter-up-td) *adj.* Without break بلا توقف ۔ ناشکستہ ۔ مسلسل ۔

Uninvited (un-in-vīt-d) *adj.* Unasked بے طلب ۔ جو مدعو نہ ہو ۔ بے بلایا ۔

Uninviting *adj.* غیر دلکش ۔ بے کشش ۔ غیر دلچسپ ۔

Unirrigated (un-iri-gat-d) *adj.* Not watered جس کی آب پاشی نہ ہوئی ہو ۔

Unjust (un-just) *adj.* Against justice بے انصاف ۔ بے جا ۔ غیر منصفانہ ۔ خلاف انصاف ۔

Unjustifiable *adj.* جس کو حق بجانب نہ قرار دیا جائے ۔ جو بے جا اور نامناسب ہو ۔ جو صحیح اور مناسب نہ ہو ۔

Unkind (un-kind) *adj.* Unsympathetic ظالم ۔ بے درد ۔ ظالمانہ ۔ بیدردانہ ۔

Unknowable (un-now-abl) *adj.* Which cannot be known سمجھ سے بالاتر ۔ فہم و ادراک سے بالاتر ۔ زمان و مکان سے پرے ۔

Unknowing *adj.* بے خبر ۔ نا واقف ۔

Unknown *adj.* جس سے واقفیت نہ ہو ۔ نا معلوم ۔ اجنبی ۔ نا دیدہ ۔

Unladylike (un-ladi-līk) *adj.* Not becoming a lady غیر شریفانہ ۔ جو ایک شریف خاتون کے شایان شان نہ ہو ۔

Unlawful (un-law-fl) *adj.* Illegal حرامی ۔ نا جائز ۔ خلاف شرع ۔ خلاف قانون ۔

Unlettered (un-let-ərd) *adj.* Illiterate ادبی ذوق سے عاری ۔ بغیر پڑھا لکھا ۔ ان پڑھ ۔

Unlicked (un-lik-d) *adj.* Unmannerly, uncultured غیر تربیت یافتہ ۔ اجڈ ۔

Unlike (un-līk) *adj.* Unsimilar غیر مشابہ ۔

Unlikely *adv.* غالباً نا ممکن ۔ غیر اغلب ۔ خلاف قیاس ۔

Unlimited (un-li-mit-d) *adj.* Without limit بے اندازہ ۔ وسیع ۔ غیر محدود ۔ بے حد ۔ بہت زیادہ ۔

Unloving (un-lov-ing) *adj.* Having no love for محبت نہ کرنے والا ۔ بے مہر ۔

Unlucky (un-luk-i) *adj.* Having no luck بے تکا ۔ بد قسمت ۔ بے نصیب ۔

Unmailable (un-māl-əbl) *adj.* That cannot be sent by post جو بذریعہ ڈاک نہ بھیجا جا سکے ۔

Unmaintainable *adj.* جو قائم نہ رکھا جا سکے ۔

Unmanageable (un-ma-nej-əbl) *adj.* That cannot be managed جس کا انتظام نہ کیا جا سکے ۔ جس پر قابو نہ پایا جائے ۔ سرکش ۔ بد لگام ۔

Unmanly (un-mən-li) *adj.* Coward جو مرد کو سزا وار نہ ہو ۔ نامرد ۔ بزدل ۔

Unmannerly (un-mə-ner-li) *adj.* Crudely گنوار پن سے ۔ غیر مہذب ۔ بد تمیزی سے ۔

Unmarketable (un-mar-ket-əbl) *adj.* That cannot be sold in the market جو بازار میں فروخت نہ ہو سکے ۔ جو ناقابل فروخت ہو ۔

Unmarriageable (un-mar-əg-əbl) *adj.* Unfit for marriage جو شادی کے قابل نہ ہو ۔

Unmarried *adj.* غیر شادی شدہ ۔

Unmatchable *adj.* لاثانی ۔ لا جواب ۔ بے نظیر ۔

Unmatured *adj.* نا تجربہ کار ۔ خام ۔ نیم رس شراب ۔ خام کار ۔

Unmelodious (un-mel-o-di-əs) *adj.* Without melody بے لطف گانا ۔ بے کیف ۔ بے سرا ۔

Unmentionable (un-men-shən-əbl) *adj.* That cannot be mentioned نا قابل بیان ۔ ناگفتنی ۔ نا قابل اظہار ۔ جو بیان نہ کیا جا سکے ۔

Unmerchantable ناقابل فروخت ۔

Unmerciful (un-mer-si-fl) *adj.* Devoid of mercy کٹھور ۔ سنگدل ۔ بے رحم ۔

Unmerited *adj.* ناحق ۔ بے جا ۔ بلا استحقاق ۔

Unmethodical (un-method-i-kəl) *adj.* Irregular بے ترتیب ۔ بے اصول ۔ بے قاعدہ ۔ بے قاعدگی سے کام کرنے والا ۔ جو کسی قاعدہ کا پابند نہ ہو ۔

Unmindful *adj.* دھیان نہ دینے والا ۔ بے پرواہ ۔ بے خبر ۔

Unmistakable (un-mis-tāk-əbl) *adj.* That cannot be mistaken جس میں غلطی نہ ہو سکے ۔ صاف ۔ صریح ۔

Unmodern (un-mod-ern) *adj.* Old, conservative دقیانوسی ۔ جدید طرز کے خلاف ۔ قدیم وضع کا ۔ پرانا ۔

Unmodified *adj.* جس میں تبدیلی نہ ہوئی ہو ۔ جو اسی حالت پر ہو ۔ بے تغیر ۔ بلا ترمیم ۔

Unmolested (un-mol-est-d) *adj.* Undisturbed جو مزاحمت اور چھیڑ چھاڑ سے محفوظ ہو ۔

Unmotherly (un-modher-li) *adj.* Not befitting a mother مادرانہ شفقت سے بعید ۔ غیر مادرانہ ۔ جس میں ماں کا پیار نہ ہو ۔

Unmusical (un-mūz-i-kəl) *adj.* Unmelodious بے کیف ۔ بے مزہ ۔ موسیقیت سے خالی ۔

Unnamable (un-nəm-əbl) *adj.* Unmentionable جس کا نام نہ لیا جا سکے ۔ ناقابل ذکر ۔

Unnational (un-nā-shən-al) *adj.* Unpatriotic قومیت کے منافی ۔ وطن کے منافی ۔ قوم کے خلاف ۔

Unnatural (un-nātū-rəl) *adj.* Against nature غیر طبعی ۔ خلاف فطرت ۔ بناوٹی ۔ مصنوعی ۔

Unnaturalized *adj.* غیر زبان کے الفاظ جن کو اپنایا نہ گیا ہو ۔ جس کو شہرت یا قومیت نہ ملی ہو ۔

Unnecessary *adj.* بیکار ۔ فضول ۔ غیر ضروری ۔

Unnegotiable (un-nego-shi-əbl) *adj.* That cannot be negotiated جس میں گفت و شنید کی گنجائش نہ ہو - جس پر گفتگو نہ ہوسکے - جو سکاری نہ جا سکے -

Unneighbourly (un-ne-bər-li) *adj.* Like an alien ہمسائگی کا لحاظ نہ کرنے والا - مغائرانہ -

Unnoticed (un-not-isd) *adj.* Unmarked جس کا خیال نہ رکھا گیا ہو - جس پر توجہ نہ ہو -

Unobjectionable (un-obj-ek-shən-əbl) *adj.* Undisputable جس پر اعتراض نہ ہو سکے -

Unobliging *adj.* کج خلق - بے مروت -

Unobtainable (un-obtān-əbl) *adj.* That cannot be obtained ناممکن الحصول - جو دستیاب نہ ہو سکے -

Unobtrusive *adj.* دوسروں کی صحبت سے دور رہنے والا - محتاط - کم آمیز - الگ تھلگ رہنے والا -

Unoffending *adj.* جو ناراض نہ کرے - جو کسی کو تکلیف نہ پہنچائے - بے آزار -

Unofficial (un-ofi-shəl) *adj.* Not official خانگی - غیر سرکاری -

Unopposed *adj.* بلا مزاحمت - بلا مقابلہ - بلا مخالفت -

Unorganized *adj.* بے نام ساخت کا - بے ترتیب - غیر منظم -

Unorthodox (un-or-tho-doks) *adj.* Against old order آزاد خیال - جو پرانے عقیدہ پر قائم نہ ہو - مسلمہ عقائد کے خلاف -

Unostentatious (un-os-tent-a-shəs) *adj.* Unassuming سیدھا سادہ - بے تمکنت - بے کروفر -

Unpaid (un-pad) *adj.* Honorary غیر ادا شدہ - بے تنخواہ کام کرنے والا - اعزازی -

Unpalatable (un-palat-əbl) *adj.* Tasteless - نامرغوب - ناپسندیدہ - بے مزہ -

Unparalleled (un-para-lel-d) *adj.* Unique - انوکھا - نایاب - لاثانی - بے نظیر -

Unpardonable *adj.* ناقابل معافی -

Unparliamentary (un-par-liə-mənt-əri) *adj.* Contrary to the usages of parliament آداب ایوان کے خلاف - پارلیمنٹ کے ضابطے کے خلاف -

Unpatriotic *adj.* حب وطن کے منافی -

Unperceived (un-per-sēv-d) *adj.* Unseen - ان دیکھا - نظروں سے اوجھل -

Unpersuadable (un-per-sū-ād-əbl) *adj.* Who cannot be persuaded - جس کو ترغیب نہ دی جا سکے - جس کو آمادہ نہ کیا جا سکے -

Unpersuasive *adj.* غیر دلکش - جس میں مائل کرنے کی صلاحیت نہ ہو - غیر محرک -

Unperturbed *adj.* غیر مضطرب - مطمئن - پرسکون -

Unphilosophical (un-fi-los-ə-fi-kəl) *adj.* Unthinking, unreasoning فلسفہ سے ناآشنا - فلسفیانہ فکر اور طرز استدلال سے بیگانہ -

Unplanned (un-plan-d) *adj.* Not thought out جس کا خاکہ پہلے سے تیار نہ کیا گیا ہو - بے منصوبہ -

Unplausible (un-plaz-i-bl) *adj.* Unacceptable جو بظاہر ناقابل قبول ہو -

Unpleasant (un-ple-zənt) *adj.* Disagreeable ناگوار - ناپسندیدہ -

Unpleasing *adj.* - بے لطف - ناخوشگوار - غیر دلچسپ -

Unpoetical (un-po-e-tik-əl) *adj.* Unimaginative شاعرانہ تخیل سے خالی -

Unpolished (un-po-lish-d) *adj.* Having no polish بے صیقل - بے چمک - بے جلا -

Unpolitical (un-pol-i-tik-əl) *adj.* That has nothing to do with politics غیر سیاسی - جس کو سیاست سے کوئی تعلق نہ ہو -

Unpolluted *adj.* پاک صاف - غیر آلودہ -

Unpopular *adj.* جسے قبول عام حاصل نہ ہو - غیر ہر دلعزیز -

Unpractical (un-prak-tik-əl) *adj.* Not practical جس پر عمل نہ ہو سکے - ناقابل عمل -

Unprecedented (un-pre-si-dent-d) *adj.* Without a precedence بے مثال - جس کی کوئی نظیر موجود نہ ہو -

Unpremediated *adj.* بے ساختہ - بے سوچا سمجھا - جس پر پہلے سے غور نہ کیا گیا ہو -

Unprepared (un-pre-par-d) *adj.* Not ready جس نے تیاری نہ کی ہو - جو تیار نہ ہو -

Unprescribed *adj.* جو شامل نصاب نہ ہو ۔ جس کی تجویز نہ کی گئی ہو ۔

Unpretending (un-pri-tend-ing) *adj.* Modest بے تصنع ۔ منکسر مزاج ۔ حلیم ۔

Unpretentious *adj.* سیدھا سادا ۔ بے تکلف ۔ منکسرانہ ۔ بے نام و نمود ۔

Unpreventable (un-pre-vent-əbl) *adj.* That cannot be stopped جو روکا نہ جا سکے ۔

Unprincipled (un-prins-i-pld) *adj.* Without good principles بد اطوار ۔ جو کسی اصول کا پابند نہ ہو ۔

Unprized (un-priz-d) *adj.* Unappreciated جس کی قدر نہ ہوئی ہو ۔

Unprocurable (un-pro-kur-əbl) *adj.* That cannot be obtained جو دستیاب نہ ہو سکے ۔

Unproductive (un-pro-duk-tiv) *adj.* That does not produce جو کچھ پیدا نہ کرے ۔ بنجر ۔ غیر زرخیز ۔ بے منفعت ۔

Unprofessional *adj.* بیرونی ۔ خارجی ۔ پیشہ کے آداب کے خلاف ۔ غیر پیشہ ورانہ ۔

Unprofitable (un-pro-fit-əbl) *adj.* Giving no profit بے منفعت ۔ بے سود ۔ غیر نفع بخش ۔

Unprogressive *adj.* غیر ترقی پسند ۔ رجعت پسند ۔

Unpromising *adj.* جس کی ترقی کی توقع نہ ہو ۔ جو ہونہار نہ ہو ۔

Unpropitious *adj.* ناسازگار ۔ منحوس ۔ نامبارک ۔

Unprosperous (un-pros-pe-rəs) *adj.* Not prospering مفلس ۔ تنگ دست ۔ جو خوش حال نہ ہو ۔

Unprovoked *adj.* جس کو کوئی اشتعال نہ دیا گیا ہو ۔ بغیر اشتعال کے ۔

Unpunctual (un-punk-tu-əl) *adj.* Not observing time جو اوقات کا پابند نہ ہو ۔

Unpunctuated (un-punk-tu-a-td) *adj.* Devoid of punctuation رموز اوقاف سے خالی ۔

Unpunishable (un-punish-əbl) *adj.* That cannot be punished ناقابل تعزیر ۔ جس کو سزا نہ دی جا سکے ۔

Unqualified (un-kwal-i-fid) *adj.* Having no proper qualification نا اہل ۔ نا قابل ۔ غیر سند یافتہ ۔ غیر مشروط ۔ قطعی ۔

Unquenchable *adj.* نا قابل تسکین ۔ جو بجھائی نہ جا سکے ۔

Unquestionable *adj.* نا قابل اعتراض ۔ یقینی ۔ بلا شبہ ۔

Unquestioned *adj.* جس پر کوئی شبہ نہ ہو ۔ مسلمہ ۔ بے شبہ ۔

Unquotable (un-kot-əbl) *adj.* Not fit to be quoted جو ناقابل ذکر ہو ۔ جو اتنا فحش ہو کہ اس کا حوالہ نہ دیا جا سکے ۔ خلاف تہذیب ۔

Unread (un-red) *adj.* Not read جو پڑھا نہ گیا ہو ۔

Unreadable *adj.* جو پڑھنے کے قابل نہ ہو ۔ غیر دلچسپ ۔ اکتا دینے والا ۔

Unready (un-red-i) *adj.* Not ready جو تیار نہ ہو ۔

Unreal (un-re-əl) *adj.* Not real وہمی ۔ خیالی ۔ نقلی ۔ غیر حقیقی ۔

Unreasonable (un-re-zon-əbl) *adj.* Not influenced by reason عقل سے بعید ۔ غیرمعقول ۔ نامناسب ۔

Unrecallable (un-rek-al-əbl) *adj.* That cannot be recalled جو واپس نہ بلایا جا سکے ۔ جو منسوخ نہ کیا جا سکے ۔

Unreckoned (un-rek-ənd) *adj.* Not calculated جو شمار نہ کیا گیا ہو ۔ غیر شمار کردہ ۔

Unrecognizable *adj.* جو پہچانا نہ جا سکے ۔

Unreconciled *adj.* جن میں موافقت نہ ہو ۔

Unrecorded (un-rek-ord-d) *adj.* Not taken down جسے قلم بند نہ کیا گیا ہو ۔ جس کا اندراج نہ کیا گیا ہو ۔

Unredressed (un-red-res-d) *adj.* Not redressed جس کی تلافی نہ کی گئی ہو ۔ بے تلافی ۔ داد رسی سے محروم ۔

Unrefined *adj.* گنوار ۔ غیر مہذب ۔ بغیر صاف کیا ہوا ۔ نا شائستہ ۔

Unreflecting *adj.* غور نہ کرنے والا ۔ غیر منعکس ۔

Unregistered (un-rej-is-tər-d) *adj.* Not registered جسے رجسٹر میں درج نہ کیا گیا ہو ۔

Unregretted *adj.* جس پر ندامت کا اظہار نہ کیا گیا ہو ۔ جس پر افسوس نہ کیا گیا ہو ۔

Unregulated (un-reg-u-lāt-d) *adj*. Not corrected بے ضابطہ ۔ غیر منظم ۔ جس کی رفتار ٹھیک نہ کی گئی ہو ۔

Unrelaxed *adj*. بے آرام ۔ بلا سکون ۔ بلا تخفیف ۔

Unrelenting (un-re-lent-ing) *adj*. Who does not relent بے رحم ۔ سنگ دل ۔ بے دردانہ ۔ بے رحمانہ ۔

Unreliable (un-ri-lī-əbl) *adj*. Not to be relied upon ناقابل اعتبار ۔

Unreligious (un-re-li-jəs) *adj*. Not keen about religion مذہب سے بیگانہ ۔

Unremunerative *adj*. جس کی اجرت نہ ملے ۔ جس سے کوئی نفع نہ ہو ۔ بے منفعت ۔

Unrepentant *adj*. غیر نادم ۔ نا پشیمان ۔

Unreported (un-rep-por-td) *adj*. Not reported جس کی اطلاع نہ دی گئی ہو ۔

Unrepresentative (un-rep-re-zent-ə-tiv) *adj*. Not representing غیر نمائندہ ۔ جو کسی کی نمائندگی نہ کرتی ہو ۔ غیر نمائندہ (حکومت) ۔

Unresented (un-re-sənt-d) *adj*. Not taking ill of جس کا برا نہ مانا گیا ہو ۔ جس سے آزردگی نہ پیدا ہوئی ہو ۔

Unresisting *adj*. جو مزاحم نہ ہو ۔ مزاحمت نہ کرنے والا ۔

Unrespected *adj*. ذلیل ۔ بے توقیر ۔ جس کی عزت نہ کی گئی ہو ۔

Unresponsive (un-res-pons-iv) *adj*. Irresponsive جو جواب نہ دے ۔ بے حس ۔ جو ہمدردی نہ رکھے ۔

Unrestrainable (un-res-trān-əbl) *adj*. Who cannot be checked نا قابل انسداد ۔ جو روکا نہ جا سکے ۔ بے قابو ہونے والا ۔

Unrestrained *adj*. چھوٹا ہوا ۔ بے قابو ۔ بے لگام ۔

Unrewarded (un-re-ward-d) *adj*. Who got no reward for his services بے صلہ ۔ بے اجر ۔ بے انعام ۔ اجر یا صلہ سے محروم ۔

Unridable (un-rid-əbl) *adj*. Unfit for riding جو سواری کے قابل نہ ہو ۔

Unrighteous *adj*. صراط مستقیم سے الگ ۔ بد اعمال ۔ فاجر ۔ فاسق ۔

Unripe (un-rīp) *adj*. Raw, not ripe کچا ۔ خام ۔ نا پختہ ۔ غیر پختہ کار ۔

Unromantic (un-ro-man-tik) *adj*. Devoid of romance رومان سے خالی ۔ جوش سے خالی ۔ گرمی محبت سے نا آشنا ۔

Unruly (un-ru-li) *adj*. Ungovernable متمرد ۔ سرکش ۔ منہ زور ۔

Unsafe (un-sāf) *adj*. Not secure خطرناک ۔ غیر محفوظ ۔

Unsaid *adj*. بے کہا ہوا ۔

Unsaintly *adj*. دنیادار ۔ جس میں ولی کی صفات نہ ہوں ۔

Unsalted *adj*. بے نمک کا ۔

Unsanctioned *adj*. بلا اجازت ۔ غیر منظور شدہ ۔

Unsanitary (un-san-i-tə-ri) *adj*. Unclean حفظان صحت کے خلاف ۔ مضر صحت ۔ میلا ۔ گندہ ۔

Unsatisfactory (un-sat-is-fak-tə-ri) *adj*. Not giving satisfaction غیر اطمینان بخش ۔

Unsayable (un-sā-əbl) *adj*. Not fit to be said جو کہنے کے قابل نہ ہو ۔

Unscathed (un-skath-d) *adj*. Unharmed جس پر آنچ نہ آئی ہو ۔ ضرر سے محفوظ ۔

Unscholarly (un-ske-lar-li) *adj*. Not like a scholar غیر عالمانہ ۔ شان علمیت کے خلاف ۔

Unscientific (un-sin-ti-fik) *adj*. Against scientific principles علمی اصولوں کے خلاف ۔ غیر علمی ۔ غیر اصولی ۔

Unscrupulous (un-scrōō-pōō-ləs) *adj*. Paying no heed to principles وہ شخص جو کسی ضابطہ کا پابند نہ ہو ۔ بے باک ۔ آزاد ۔ غیر محتاط ۔

Unreasonable (un-rez-ən-əbl) *adj*. Out of place بے موقع ۔ بے محل ۔ نامعقول ۔

Unseasoned *adj*. جو موسمی اثرات کو برداشت نہ کر سکے ۔ جو چٹ پٹا نہ ہو ۔ بے مسالہ کا ۔

Unseaworthy (un-sē-wərdhi) *adj*. Not fit for sea journey بحری سفر کے ناقابل ۔

Unseeing *adj*. قوت مشاہدہ سے عاری ۔ بے مشاہدہ ۔

Unseemly *adj*. نامعقول ۔ ناشائستہ ۔

Unseen *adj*. جو نظر نہ آئے ۔ غیبی ۔ نادیدہ ۔

Unselfish (un-self-ish) *adj.* Not self seeking
بے غرض ۔ جو خود غرض نہ ہو ۔

Unsentimental (un-sent-i-ment-əl) *adj.* Not governed by sentiments غیر جذباتی ۔ غیر جذبات پرست ۔ جس کے اعمال جذبات کے زیر اثر نہ ہوں ۔

Unserviceable *adj.* جو کام کا نہ ہو ۔ غیر کارآمد ۔

Unshapely *adj.* بد صورت ۔ بھونڈا ۔ بے ڈول ۔

Unshorn (un-shorn) *adj.* Unsheard جس کی اون نہ تراشی گئی ہو ۔

Unshut (un-shut) *adj.* Open جو بند نہ ہو ۔ کھلا ہوا ۔

Unsightly (un-sit-li) *adj.* Ugly بد نما ۔ بد صورت ۔

Unsisterly *adj.* جو بہن کے لیے نازیبا ہو ۔ ہمشیرگی کے خلاف ۔

Unskilful (un-skil-ful) *adj.* Not skilled اناڑی ۔ غیر ماہر ۔ بے مہارت ۔

Unskilled *adj.* اناڑی ۔ نا تربیت یافتہ ۔

Unsmoked *adj.* بغیر دھوئیں میں پکایا ہوا ۔ بغیر پیا ہوا ۔

Unsociable (un-so-si-əbl) *adj.* Disinclined to associate with others جو ملنسار نہ ہو ۔ کم آمیز ۔ دیر آشنا ۔

Unsocial *adj.* صحبت سے بے زار ۔ جو صحبت پسند نہ ہو ۔

Unsold (un-sold) *adj.* Not sold بن بکا مال ۔ بن بکا ہوا ۔

Unsolicited (un-sol-i-sit-d) *adj.* Not asked for بے طلب ۔ بے مانگا ۔

Unsolicitous *adj.* جو پریشان نہ ہو ۔ غیر متفکر ۔ بے آرزو ۔

Unsophisticated *adj.* بھولا بھالا ۔ نا تجربہ کار ۔ سادہ مزاج ۔

Unsought (un-sawt) *adj.* Unasked for بے طلب ۔ ناخواستہ ۔ بے مانگا ہوا ۔

Unsound (un-sownd) *adj.* Not sound روگی ۔ مریض ۔ خراب ۔ ناقص ۔

Unsparing (un-spar-ing) *adj.* Not liberal, unmerciful بے رحم ۔ سخت گیر ۔ بے درد ۔

Unspeakable (un-spēk-abl) *adj.* Unutterable جو بیان نہ کیا جا سکے ۔ نا گفتنی ۔ ناقابل اظہار ۔ نا گفتہ بہ ۔ بہت برا ۔

Unspecified *adj.* بے تصریح ۔ جس کی تخصیص نہ کی گئی ہو ۔

Unspent *adj* جسے خرچ نہ کیا گیا ہو ۔ جو تھکا نہ ہو ۔

Unsportsmanlike *adj.* کھیل کی غیر جانب داری کے خلاف ۔ بہادری کے خلاف ۔ سچے کھلاڑی کی شان کے خلاف ۔

Unstable (un-sta-bl) *adj.* Not enduring بدلنے والا ۔ متزلزل ۔ ناپائدار ۔ بے وفا ۔ ناقابل اعتبار ۔

Unstatesmanlike *adj.* غیر دانشمندانہ ۔ اصول سیاست کے خلاف ۔ غیر مدبرانہ ۔

Unsteady (un-stĕd-i) *adj.* Not steady آوارہ ۔ متلون ۔ متزلزل ۔ بدلتا ہوا ۔

Unstinted (un-stint-d) *adj.* Unlimited کثیر ۔ وافر ۔ بے دریغ ۔

Unstirred (un-stir-d) *adj.* Unmoved بے ہلا جلا ۔ غیر متاثر ۔

Unstudied (un-stud-id) *adj.* Natural, without affectation بے ساختہ ۔ قدرتی حالت میں ۔ بے تکلف ۔ بلا مطالعہ ۔

Unstung (un-stung) *adj.* Not stung غیر نیش زدہ ۔ جسے ڈنک نہ لگا ہو ۔

Unsubdued (un-sub-dood) *adj.* Unvanquished جو مغلوب نہ ہوا ہو ۔

Unsubmissive (un-sub-mis-iv) *adj.* Who does not submit جو اطاعت نہ کرے ۔ جو مطیع نہ ہو ۔

Unsuccessful (un-suk-ses-fl) *adj.* Who failed نامراد ۔ ناکام ۔

Unsuggestive *adj.* غیر تصور خیز ۔ جو اشارہ نہ دے ۔ جو کوئی خیال نہ پیدا کرے ۔

Unsuitable (un-sūt-əbl) *adj.* Unfit جو خاطر خواہ نہ ہو ۔ نا مناسب ۔ نا موزوں ۔

Unsupportable *adj.* ناقابل برداشت ۔ جس کو سہارا نہ دیا جائے ۔ جس کی تائید نہ کی جا سکے ۔

Unsurgical *adj.* اصول جراحی کے خلاف ۔

Unsurpassable (un-sur-pas-əbl) *adj.* Who cannot be surpassed جس پر کوئی سبقت نہ لے جا سکے ۔

Unsuspected (un-sus-pekt-d) *adj.* Not suspected ناگہاں ۔ اچانک ۔ غیر مشتبہ ۔

Unsuspicious *adj.* جو شک نہ ہو ۔ شبہ نہ کرنے والا ۔

Unsustainable (un-sus-tān-əbl) *adj.* Unbearable ناقابل برداشت ۔ ناقابل تصدیق ۔

Unsympathetic *adj.* مخالف ۔ بے دردانہ ۔ غیر ہمدرد ۔

Unsystematic *adj.* جس کا کوئی نظام نہ ہو ۔ بے قاعدہ ۔ بے اصول ۔

Untalented (un-ta-lent-d) *adj.* Having no talent بے استعداد ۔ بے ہنر ۔ بے صلاحیت ۔

Untamable (un-tam-əbl) *adj.* That cannot be tamed وحشی ۔ جو مانوس نہ ہو سکے ۔

Untaught (un-tat) *adj.* Having no instruction ان پڑھ ۔ جاہل ۔ غیر تعلیم یافتہ ۔

Unteachable *adj.* - جسے سکھایا یا پڑھایا نہ جا سکے

Untenable *adj.* جس کو تسلیم نہ کیا جائے ۔ جس کو قائم نہ رکھا جا سکے ۔ غیر مستحکم ۔

Untested (un-test-d) *adj.* Not put to test جس کی آزمائش نہ ہوئی ہو ۔ جس کا امتحان نہ کیا گیا ہو ۔

Unthankful (un-thangk-fl) *adj.* Ungrateful نا شکر گزار ۔ نا شکرا ۔

Unthinkable (un-thingk-əbl) That cannot be thought of جس کا تصور نہ کیا جا سکے ۔ جو بعید از قیاس ہو ۔

Unthinking *adj.* مسائل پر غور نہ کرنے والا ۔ بے فکر ۔ بے اعتنا ۔

Unthoughtful *adj.* - غور و فکر نہ کرنے والا ۔ بے پروا ۔ بے فکرا ۔

Untidy (un-ti-di) *adj.* Dirty پھوہڑ ۔ بے سلیقہ ۔ میلا کچیلا ۔

Untimely (un-tīm-li) *adj.* Inappropriate بے تکا ۔ بے محل ۔ بے موقع ۔

Untiring (un-tīr-ing) *adj.* Feeling no fatigue نہ تھکنے والا ۔ ان تھک ۔

Untold (un-told) *adj.* Innumerable بے اندازہ ۔ بے حساب ۔ ان گنت ۔

Untouchable (un-tuch-əbl) *adj.* Who may not be touched اچھوت ۔

Untouched *adj.* جس کو ہاتھ نہ لگایا گیا ہو ۔ اچھوتا ۔

Untraceable *adj.* جس کا پتہ نہ لگایا جا سکے ۔

Untrained (un-trān-d) *adj.* Not trained جس کو سدھایا نہ گیا ہو ۔ نا تربیت یافتہ ۔ جس نے تربیت نہ پائی ہو ۔

Untransferable (un-trāns-fer-əbl) *adj.* That cannot be transferred ناقابل انتقال ۔

Untranslatable (un-trans-lat-əbl) *adj.* That cannot be translated ناقابل ترجمہ ۔ جس کا ترجمہ نہ کیا جا سکے ۔

Untransportable *adj.* جسے ایک جگہ سے دوسری جگہ نہ لے جایا جا سکے ۔ ناقابل نقل و حمل ۔

Untravelled (un-trav-eld) *adj.* Who has not gone to other countries جس نے دوسرے ملکوں کا سفر نہ کیا ہو ۔

Untried *adj.* نا آزمودہ کار ۔ نا تجربہ کار ۔

Untrodden *adj.* بے آمد و رفت ۔ جس پر آمد و رفت نہ ہوئی ہو ۔

Untroubled *adj.* جس کو اضطراب یا پریشانی نہ ہو ۔ پر سکون ۔ مطمئن ۔

Untrue *adj.* بے وفا ۔ جھوٹا ۔ غلط ۔

Untrustworthy (un-trust-wor-thi) *adj.* Not worthy of trust نا قابل اعتبار ۔

Untruthful (un-truth-fl) *adj.* Not truthful دروغ گو ۔ کاذب ۔ جھوٹا ۔

Unused (un-ūz-d) *adj.* Not used جو عادی نہ ہو ۔ غیر مستعمل ۔

Unusual (un-ūz-ūal) *adj.* Uncommon انوکھا ۔ غیر معمولی ۔

Unutilized (un-ūti-līz-d) *adj.* Unused جس کو استعمال نہ کیا گیا ہو ۔ غیر مستعمل ۔

Unvalued (un-val-ū-d) *adj.* Not prized or highly esteemed جس کی قیمت کا اندازہ نہ ہو۔ جس کو قیمتی نہ سمجھا جائے ۔

Unvarnished (un-var-nish-d) *adj.* Unpolished بے وارنش ۔ بے روغن ۔ سادہ ۔

Unvenomous (un-ve-nom-əs) *adj.* Not poisonous جو زہریلا نہ ہو۔

Unventilated (un-ven-til-ətd) *adj.* Unairy جس میں ہوا کا گزر نہ ہو ۔ ایسے امور جن پر بحث نہ کی گئی ہو۔

Unverifiable *adj.* نا قابل تصدیق ۔

Unverified *adj.* غیر مصدقہ ۔

Unvisited *adj.* جس سے ملاقات نہ ہوئی ہو ۔ جہاں آمد و رفت نہ ہو ۔

Unwanted (un-want-d) *adj.* Not wanted جس کی خواہش یا ضرورت نہ ہو ۔

Unwarned (un-warn-d) *adj.* Having received no warning جسے تنبیہ نہ کی گئی ہو ۔ جس کو مطلع نہ کیا گیا ہو۔

Unwarranted (un-war-ənt-d) *adj.* Unauthorised جس کا اختیار یا اجازت نہ ہو ۔ غیر مجاز ۔ جس کی ضرورت نہ ہو ۔

Unwatched (un-wach-d) *adj.* Not watched جس کی نگرانی یا حفاظت نہ کی جاتی ہو ۔

Unwatered (un-water-d) *adj.* Unirrigated جسے سینچا نہ گیا ہو ۔ جس کو پانی نہ دیا گیا ہو ۔

Unwelcome (un-wel-kəm) *adj.* Not welcomed جس کے آنے کی خوشی نہ ہو ۔

Unwell (un-wel) *adj.* Ailing جس کی طبیعت ناساز ہو ۔

Unwept (un-wept) *adj.* Not wept for جس پر کوئی ماتم نہ کرے ۔

Unwhitewashed *adj.* جس کی پردہ پوشی نہ کی گئی ہو ۔ جس پر سفیدی نہ کی گئی ہو ۔

Unwholesome (un-hol-səm) *adj.* Fainted in taste and morals جس کے اخلاق و اطوار برے ہوں ۔ جس کی صحت ٹھیک نہ ہو ۔

Unwifely (un-wīf-li) *adj.* Unworthy of a wife جو بیوی نہ معلوم ہوتی ہو ۔ جو بیوی کے شایان شان نہ ہو۔

Unwilling (un-wil-ing) *adj.* Not willing نا رضامند ۔ ناخوش ۔

Unwise (un-wīz) *adj.* Injudicious, foolish بیوقوف ۔ ناعاقبت اندیش ۔

Unwitting (un-wit-ing) *adj.* Without knowing بے جانے بوجھے ۔

Unwittingly *adv.* بے جانے بوجھے ۔ نا دانستہ طور پر ۔

Unwomanly (un-woo-mən-li) *adj.* Not like a lady عورت کی شان کے خلاف ۔ نسائیت کے خلاف ۔

Unworkable (un-work-əbl) *adj.* That cannot be worked نا قابل عمل ۔ جس پر عمل نہ ہو سکے ۔

Unworthy (un-wor-dhi) *adj.* Unbefitting جو لائق نہ ہو ۔ نا سزا وار۔

Unwritable *adj.* جو لکھنے کے قابل نہ ہو ۔ جو تحریر میں نہ آ سکے ۔

Unwritten *adj.* بے نوشتہ ۔ غیر کتابی ۔ غیر تحریری ۔

Unyielding *adj.* اپنی بات پر اڑ جانے والا ۔ سخت ۔ جو رعایت نہ کرے ۔

Unyoked (un-yok-d) *adj.* Not yoked جوئے سے الگ کیا ہوا ۔ جو جوئے میں جوتا نہ گیا ہو ۔

Unzealous (un-zel-əs) *adj.* Not keen جو سرگرم نہ ہو ۔ جو جوش اور گرمی سے خالی ہو ۔

Unconcern *n.* بے پروائی ۔ اطمینان ۔

Undress *n.* گھر پر پہننے کا معمولی لباس ۔

Unemployment *n.* بیکاری ۔ بے روزگاری ۔

Unreason *n.* بے عقلی ۔

Unrest (un-rest) *n.* Disorder بد امنی ۔ اضطراب ۔ بے چینی ۔

Untruth (un-tru-th) *n.* Falsehood نا راستی ۔ غلط بیانی ۔ جھوٹ ۔

Unwisdom (un-wiz-dm) *n.* Foolishness حماقت ۔ نا عاقبت اندیشی ۔

Unanimous (u-nan-i-məs) *adj.* Of one mind متفق الرائے ۔

Unanimously *adv.* متفقہ طور پر ۔ یک زبان ہو کر ۔

Uncial (un-shəl) *adj.* & *n.* Of big letters بڑے حروف کی تحریر ۔ بڑے حروف کی ۔ بڑے حروف میں لکھا ہوا مسودہ ۔

Uncinate (un-shi-nāt) *adj.* Hooked آنکڑے کی طرح - خمدار -

Uncle (ung-kl) *n.* Brother of one's father or mother باپ یا ماں کا بھائی - ماموں - چچا - تایا (امریکہ) میاں (بول چال) وہ شخص جو چیزیں رکھ کر قرض دیتا ہے -

Talk to a person like a Dutch uncle محبت آمیز سختی سے گفتگو کرنا -

Uncle Sam امریکی حکومت - امریکہ یا اس کے لوگ -

Uncleship *n.* چچا یا ماموں کا رشتہ -

Uncouth (un-kōōth) *adj.* Strange, unusual, fearsome بھدا - بدنما - ڈراؤنا - بے ھنگم - انوکھا - نرالا -

Uncouthly *adv.* بے ھنگم طریقے سے - گنوار پن سے - عجیب طور سے -

Uncouthness (un-kōōth-nes) *n.* Remarkability اجڈ پن - انوکھا پن - نرالا پن -

Unction (ungk-shən) *n.* Ointment پاک روغن کی مالش - پاک روغن - چکنی چپڑی باتیں - خوشامدانہ حرکتیں - مصنوعی رقت - بناوٹی جوش -

Told the story with much unction قصہ مزے لیکر بیان کیا -

Unctuous (ungk-tū-əs) *adj.* Oily, greasy مصنوعی جوش یا رقت کا - چرب - چکنا - خوشامدانہ - رقت آمیز -

Unctuousness *n.* خوشامد - چکناہٹ - جوش - رقت -

Under (un-dər) *adv., adj. & prep.* Beneath, below کم - تھوڑا - تحت - تلے - نیچے - بہ وسیلہ - بذریعہ - زیر نگرانی - زیر تربیت - مطابق - رو سے -

Speak under one's breath آہستہ سے بولنا - چپکے سے کہنا -

Undermost سب سے نیچے کا - زیریں -

Under (un-dər) *prefix* Lower, subordinate سابقہ بمعنی نچلا ، ماتحت -

Underact اپنا پارٹ نا کافی طور پر ادا کرنا -

Underbid دوسرے سے کم دام کی بولی دینا -

Underbred نا تربیت یافتہ - غیر مہذب - کمینہ -

Undercharge کسی چیز کی اصلی قیمت سے کم دام لینا -

Underclothes جانگیا بنیائن وغیرہ - نیچے پہننے کے کپڑے - زیر جامہ -

Underdone بغیر پورا پکا ہوا - بغیر سنکا ہوا - کچی روٹی - کچا -

Underdoze (دوا کی) نا کافی مقدار یا خوراک -

Underdraw نقشہ یا تصویر ناقص یا نا مکمل طور پر بنانا -

Underdrain زمین دوز موری - بدرو یا نالی -

Underdress بہت ہلکا لباس پہننا - نا کافی لباس پہننا -

Underestimate کم اندازہ لگانا - حقیقی خرچ سے کم تخمینہ کرنا -

Underfeed بھوکا رکھنا - ضرورت سے کم کھلانا - پوری خوراک نہ دینا -

Underfired پوری طرح نہ پکے ہوئے (کمہار کے برتن) -

Undergrown جس کی مالیدگی پوری طرح نہ ہوئی ہو -

Underline ایسے الفاظ جن کے نیچے تاکیدی خط ہو - خط کشیدہ -

Underman کسی کام پر ضرورت سے کم آدمی لگانا -

Undermentioned مندرجہ ذیل -

Underpaid کام کے لحاظ سے کم اجرت پانے والے -

Underplay (تاش) بھاری پتا رکھکر ہلکا پتا ڈالنا -

Underquote دوسروں سے کم قیمت لگانا -

Underrate اصل قیمت سے کم دام لگانا -

Under-ripe ادھ پکا - گدرا -

Under-secretary نائب معتمد -

Undersell اونے پونے بیچ ڈالنا -

Undershirt بنیائن - بنڈی - نیم آستین -

Undersigned دستخطی - دستخط کنندہ -

Undersized ٹھنگنا - پستہ قد - کوتاہ قد -

Understrapper صیغہ دار - معمولی ملازم - کار پرداز -

Understate واقعہ کو گھٹا کر بیان کرنا -

Understock ضرورت سے کم مال رکھنا -

Undertone مدھم - ہلکی آواز - دھیمی آواز -

Under valuation اصل قیمت سے کم دام لگانا یا لگنا -

Underwear نیچے پہننے کے کپڑے -

Underwood جھاڑی -

Underworld عالم برزخ - عالم اسفل - پاتال -

Underarm (undər-ārm) n. & adj. With the arm below the shoulder (کرکٹ) ایسی گیند جو ہاتھ نیچا رکھ کر پھینکی جائے ۔

Undercroft (undər-kroft) n. A vault زمین دوز کمرہ ۔ چھپا ہوا کمرہ ۔ مخفی تہہ خانہ ۔

Undercurrent (undər-ku-rənt) n. Current running under the surface of the ocean or underground زیرین رو ۔ زمین کے نیچے یا سمندر کی گہرائی کا دھارا ۔ غیر محسوس مخالف جذبہ ۔

Undercut (undər-kut) n. Tender loin or fillet گائے کی ران کے اوپر کا گوشت ۔ مکا جو نیچے سے اوپر کو مارا جائے ۔

Undergo (undər-gō) v.t. & i. Endure or suffer سہنا ۔ برداشت کرنا ۔ اٹھانا ۔ جھیلنا ۔ استقلال سے برداشت کرنا ۔ قید کاٹنا ۔

Under-graduate (undər-gra-dū-āt) n. A student who has not taken a degree جامعہ کا وہ طالب علم جس کو ابھی ڈگری نہیں ملی ۔

Underground (undər-grownd) adj., adv. & n. Secret زمین دوز ۔ زمین کے نیچے ۔ خفیہ ۔

Underhand (undər-hand) adj. & adv. Surreptitious, secret, insidious خفیہ ۔ پوشیدہ ۔ چھپا ہوا ۔ سازشی ۔

Underlie (undər-lī) v.t. Lie beneath, be subject to نیچے رہنا ۔ سہنا ۔ جھیلنا ۔ کسی چیز کا مستحق ہونا ۔

Underling (undər-ling) n. A subordinate, a weakling ماتحت ۔ زیردست ۔ چھوٹے درجہ کا ملازم ۔

Undermine (undər-mīn) v.t. Move the ground from under, destroy سرنگ کھودنا ۔ جڑ کاٹنا ۔ تباہ کرنا ۔ بنیاد کھوکھلی کر دینا ۔ خفیہ طور پر نقصان پہنچانا ۔

Underneath (undər-nēth) prep., adv., adj. & n. Beneath, below زیر ۔ نیچے ۔ تلے ۔ نیچے کا ۔ نیچے کا حصہ ۔ نیچے کی طرف ۔ نیچے کو ۔

Understand (undər-stand) Be fully aware سمجھنا ۔ بوجھنا ۔ مطلع ہونا ۔ خبر رکھنا ۔ جاننا ۔ مطلب سمجھنا ۔ اہمیت معلوم کرنا ۔

Understanding n. مفاہمت ۔ اتفاق رائے ۔ فکر ۔ فہم ۔ عقل ۔ سمجھ بوجھ ۔ سمجھوتا ۔ (بول چال جمع) پیر ۔ ٹانگیں ۔

Understudy (undər-stud-i) n. & v.t. Prepare, act as a substitute for وہ شخص جو کار آموز ۔ بہ وقت ضرورت اداکار کا پارٹ کر سکے ۔

Undertake (undər-tāk) v.t. & i. Assume, take upon oneself, pledge اختیار کرنا ۔ قبول کرنا ۔ ذمہ لینا ۔ بیڑا اٹھانا ۔ کسی سے بحث یا لڑائی چھیڑنا ۔ (بول چال) تجہیز و تدفین کا انتظام کرنا ۔

Undertaker n. تابوت تیار کرنے والا ۔ تجہیز و تکفین کا انتظام کرنے والا ۔

Undertaking (undər-tāk-ing) n. Any business or project engaged in مہم ۔ منصوبہ ۔ عزم ۔ کام ۔ تجہیز و تکفین کا پیشہ ۔

Underwrite (undər-rīt) v.t. & i. Subscribe, to accept the risk of insuring بیمہ کا خطرہ قبول کرنا ۔ بیمہ کی ذیلی ذمہ داری لینا ۔ بحری بیمہ کا کاروبار کرنا ۔

Underwriter n. بحری بیمہ کا کاروبار کرنے والا ۔ بیمہ قبول کرنے والا ۔ بیمہ کا خطرہ قبول کرنے والا ۔

Undies (un-dīz) n. Women's underclothing اندر پہننے کے عورتوں کے کپڑے ۔

Undine (un-dīn) n. A water-spirit ایک سمندری پری جس کو انسان سے شادی کرنے اور بچہ پیدا کرنے کے بعد روح انسانی مل جاتی ہے ۔

Undoze (un-doz) adj. Wavy لہریا ۔ لہر دار ۔ لہراتا ہوا ۔

Undulate (un-du-lāt) v.t. & i. Vibrate, make or be wavy لہریں لینا ۔ لہرا کر چلنا ۔ لہر دار ہونا ۔

Undulant adj. لہرانے والا ۔ موجیں مارنے والا ۔ آب رواں کا ۔ لہر دار ۔

Undulate (un-du-lāt) adj. Waving لہر دار ۔ موجزن ۔ لہراتا ہوا ۔

Undulation n. دل کی حرکت ۔ لہر یا چال ۔ لہر ۔ تموج ۔

Undulatory (un-du-lat-əri) adj. Undulating, wavy لہریا ۔ لہر دار ۔

Undulationist اس نظریہ کو ماننے والا کہ روشنی ایتھر کی لہروں کے ذریعے پھیلتی ہے اور یہ لہریں روشن جسم کے ذرات کی اندرونی حرکت سے پیدا ہوتی ہیں -

Ungainly (un-gan-li) *adj.* Awkward, clumsy بھدا - بھونڈا - بد شکل -

Ungual (un-gwəl) *adj.* Bearing a claw ناخن دار - پنجہ دار -

Unguicular *adj.* سم کی شکل کا - پنجہ نما - ناخن نما -

Ungulate *adj.* سم والے (جانور) - سم دار -

Uni (u-ni) *prefix* One سابقہ بمعنی ایک -

Unicameral یک ایوانی -

Unicycle ایک پہیہ کی سائیکل -

Uniflorus یک گل - ایک پھول کا پودا -

Unilateral یک پہلو - یک رخی - یک طرفہ -

Unilateral leaves پتیاں جو ڈنٹھل کے ایک طرف ہوں -

Uniparous پودا جس کا ایک تنا ہو - جانور جو ایک وقت میں ایک بچہ دیں -

Uniped جس کا صرف ایک پیر ہو - یک پایہ -

Unisexual جو صرف ایک جنس والا ہو - یک جنسی -

Unicorn (u-ni-korn) *n.* A fabulous animal with the body of a horse and a long horn ایک افسانوی جانور جس کا جسم گھوڑے کا اور ایک لمبا سینگ ہوتا ہے - یک سنگھا - کرگدن - گھوڑوں کی ٹکڑی -

Uniform (u-ni-form) *adj.* Alike, unvarying یکساں - ہم شکل - برابر - جن میں کوئی تبدیلی نہ ہو - ایک ہی قاعدے کے مطابق - یکساں رو -

Uniformly *adv.* ہموار طور پر - بلا تغیر و تبدل - یکساں طور پر -

Uniformity (u-ni-form-i-ti) *n.* Similarity ایک ہی اصول کی پابندی - ہم شکلی - یکسانی - یکسانیت - ہم صورتی -

Unify (u-ni-fī) *v.t.* Make into one, consolidate متحد کرنا - ایک کرنا - یک رنگ اور ہم خیال کر دینا -

Unification *n.* سب مل کر ایک ہو جانا - ہم خیالی - اتحاد -

Union (un-yən) *n.* State of being united, wedlock, a united whole اتحاد - جوڑ - ملاپ - موافقت - عقد - متحدہ جماعت - برطانیہ کے جھنڈے کا وہ حصہ جس پر علامت اتحاد ہو - مخلوط بناوٹ کا کپڑا -

Union Jack or flag آئرستان اور برطانیہ کا قومی جھنڈا -

Unionist (un-yən-ist) *n.* A member of labour union مزدوروں کی جماعت کا رکن - اس قسم کی انجمنوں کا حامی - برطانیہ اور آئرستان کے اتحاد کا حامی -

Uniparous (uni-pə-rəs) *adj.* Giving one at a birth ایک بار ایک بچہ جننے والی -

Unique (u-nek) *adj.* Sole, without a like بے مثال - یکتا - ایک وضع کا ایک ہی -

Uniquely *adv.* بے مثل کے طور پر - یکتائی کی شان سے -

Uniqueness *n.* نرالا پن - انوکھا پن - منفرد ہونا - یکتائی -

Unit (u-nit) *n.* A single element, section or item اکائی - واحد - کئی چیزوں کا مجموعہ - ناپ یا شمار کا پیمانہ -

Unitarian (u-nit-a-ri-ən) *n.* One who asserts Unity of God as against Trinity تثلیث کا منکر - توحید پرست - موحد -

Unitarianism *n.* احدیت - واحدانیت - توحید پرستی -

Unitarianize *v.t.* تثلیث کو توحید سے بدل دینا - توحید پرست بنانا -

Unitary (u-nit-a-ri) *adj.* Pertaining to Unity or a unit اکائی کا - اتفاق کا - یک جہتی کا - وحدانیت کا -

Unite (u-nīt) *v.t. & i.* Make one, join into one ایک کرنا - متحد کرنا - مل کر ایک ذات ہو جانا - ہم خیال ہونا - مل کر کام کرنا -

Unitedly *adv.* متفقہ طور پر -

Unitive *adj.* اتفاق پیدا کرنے والی - متحد کرنے والی -

Unitizm (u-nit-izm) *n.* The doctrine that there is a single force working in the Universe and the division of matter and soul is wrong یہ عقیدہ کہ کائنات میں ایک ہی قوت کارفرما ہے اور مادے اور روح کی تفریق غلط ہے ۔

Unitize (u-ni-tīz) *v.t.* Combine in one کثرت میں وحدت دیکھنا ۔ کئی چیزوں کو ملا کر واحد قرار دینا ۔

Unity (u-ni-ti) *n.* Oneness توحید ۔ وحدانیت ۔ احدیت ۔ واحد ہونا ۔ اتفاق ۔ یگانگت ۔ ایک کا عدد ۔ مشترکہ لگانداری ۔ (قانون) ایک شخص کا متعدد حقوق اور حیثیتیں رکھنا ۔

Universal (u-ni-vərs-əl) *adj.* & *n.* Of the universe عالمگیر ۔ آفاقی ۔ کائناتی ۔ کلیاتی ۔ جملہ ۔ کل ۔ وہ کلیہ جو کل افراد پر حاوی ہو ۔

Universality *n.* کلیت ۔ عمومیت ۔ آفاقیت ۔

Universalize *v.t.* آفاق قرار دینا ۔ عمومی حیثیت دینا ۔ کلیہ بنانا ۔

Universally *adv.* عالمگیر ۔ عام حیثیت سے ۔ کلی طور پر ۔

Universalist (u-ni-vər-sa-list) *n.* One who believes in the salvation of all وہ جس کا عقیدہ یہ ہے کہ آخرت میں سب انسان نجات پا جائیں گے ۔ نجات کل کا معتقد ۔

Universalism *n.* نجات کل کا عقیدہ ۔

Universe (u-ni-vers) *n.* All that is, the whole system of things جہان ۔ عالم ۔ دنیا ۔ کائنات ۔ آفاق ۔ کل عالم انسانی ۔ کل تصورات ۔

University (u-ni-ver-si-ti) *n.* An institution of higher learning جامعہ ۔ دارالعلوم ۔ اعلیٰ تعلیم کا ادارہ ۔ امتحان لینے اور سند دینے والا ادارہ ۔

Universology (u-ni-ver-sə-loji) *n.* Science of the universe علم عالم انسانی ۔ علم کائنات ۔

Universologist *n.* علم کائنات یا انسان کا ماہر ۔

Univocal (u-niv-ə-kl) *adj.* Of one voice, having one meaning only ایک معنی والا ۔ ایک آواز والا ۔

Unjaundiced (un-jawn-dis-d) *adj.* Unprejudiced بے تعصب ۔ بے حسد ۔

Unjust (un-just) *adj.* Not just ناواجب ۔ بے انصاف ۔ غیر منصف ۔

Unkempt (un-kemt) *adj.* & *n.* Uncombed, unpolished, rough الجھے ہوئے بال جن میں کنگھی نہ کی گئی ہو ۔ الجھی ہوئی ۔ پریشان ۔ بے ترتیب ۔

Unless (un-les) *conj.* & *prep* If not اگر نہ ۔ جب تک نہ ۔ بجز اس کے کہ ۔ الا ۔ مگر ۔ بغیر ۔

Unless and until پر تکلف عبارت میں لفاظی کے طور پر آتے ہیں ۔

Vexation (veks-a-shən) *n.* State of being vexed رنجیدگی - بیزاری - ناراضگی - تکلیف - پریشانی - تکلیف دہ چیز -

Vexatious *adj.* موذی - تکلیف دہ -

Vexatiousness *n.* تکلیف دہ ہونا - ایذارسانی -

Vexillum (vek-sil-əm) *n.* A Roman standard روما کا فوجی نشان - علم - جھنڈا - پھولوں کی اوپر کی پنکھڑی - پرندوں کے پر کا پھیلاؤ -

Via (vi-â) *prep.* By way of ذریعے سے - راستے سے -

Via media درمیانی راستہ -

Viable (vi-ə-bl) *adj.* Capable of, surviving زندہ رہنے والا - پنپنے والا -

Viability *n.* زندہ رہنے کی قابلیت -

Viaduct (vi-ə-dukt) *n.* A structure across a valley پل - ریل یا سڑک کا پل -

Vial (vi-əl) *n.* Phial شیشی -

Vialful *adj.* شیشی بھر -

Viameter (vi-am-i-tər) *n.* A cyclometer آلہ جو یہ بتاتا ہے کہ گاڑی کتنا چلی - مسافت ناپ -

Viand (vi-ənd) *n.* An article of food کھانا - کھانے کی چیز -

Viaticum (vi-at-ik-əm) *n.* Money, provisions توشہ - زادراہ - سفر خرچ - عشائے ربانی - سفری صلیب -

Vibrant (vi-brənt) *adj.* Thrilling, vibrating لہرانے والا - جھومتا ہوا - تھرتھراتا ہوا -

Vibrate (vi-brāt) *v.i.* & *t.* Shake, tremble لہرانا - جھومنا - تھرتھرانا - آواز کا گونجنا - اہتزاز کرنا - ایک بات پر قائم نہ رہنا - جذبہ سے تھرانا -

Vibrative / **Vibratory** } *adj.* جھولتا ہوا - لٹکتا ہوا - مرتعش - جھومتا ہوا - اہتزازی -

Vibratile (vi-brə-tīl) *adj.* Capable of vibratory motion جھولنے والا - مرتعش -

Vibration (vi-brə-shən) *n.* Tremulousness - ارتعاش اہتزازی حرکت - تیز حرکت -

Vibrational *adj.* اہتزازی - ارتعاشی -

Vibrator (vi-bre-tər) *n.* That which vibrates جھولنے والا شخص - جھولنے والا - برقی طاقت سے حرکت - باجے کا پردہ - چھپائی کا مرتعش بیلن -

Vibroscope (vi-bres-kop) *n.* An instrument for measuring vibration ارتعاش پیما - وہ آلہ جس سے ارتعاش کی پیمائش ہوتی ہے -

Viburnam (vi-bur-nəm) *n.* The guelder rose ایک قسم کی پھولدار جھاڑی -

Vicar (vik-ər) *n.* A person of a parish حلقہ کا مدد گار پادری -

Vicariate / **Vicarship** } *n.* مدد گار پادری کا عہدہ - وکر کی کارکردگی -

Vicarage (vik-ər-ag) *n.* The office and duties of a vicar پادری کا عہدہ اور فرائض -

Vicarial (vik-ər-i-əl) *adj.* Of a vicar - پادری کے بابت وکر کے متعلق -

Vicarious (vik-ər-i-əs) *adj.* Filling the place of another مدد گارانہ ۔ قائم مقامانہ ۔ نیابتی ۔ کسی دوسرے کا دیا ہوا ۔

Vice (vīs) *n.* A blemish, a fault عیب ۔ نقص ۔ خامی ۔ کھوٹ ۔ بری عادت ۔

Vice (vīs) *n.* & *v.t.* A screw, a gripping tool زنبور ۔ شکنجہ ۔ شکنجہ میں کسنا ۔ زنبور سے گرفت میں لینا ۔

Vice (vīs) *prefix* In place of سابقہ بمعنی قائم مقام ، نائب ۔

Vice (vīs) *prep.* In succession بجائے ۔ جگہ پر ۔

Vice-admiral نائب امیر البحر ۔

Vice-chancellor معین امیر جامعہ ۔

Vicegerent (vīs-je-rənt) *adj.* & *n.* Having delegated authority نائب ۔ خلیفہ ۔

Vicegerency *n.* نیابت ۔ خلافت ۔

Vicennial (vī-sen-yəl) *adj.* Coming after twenty years بیس سالہ ۔ جو بیس سال تک رہے یا اس کے بعد واقع ہو ۔

Viceroy (vis-roi) *n.* Governor acting in the name of the king نائب السلطنت ۔ وائسرائے ۔

Viceregal *adj* وائسرائے کے متعلق ۔

Viceroyalty *n.* نائب سلطنت کا عہدہ یا عہد حکومت ۔

Vice-versa (vis-versa) *adv.* The other way round اور اس کے برعکس ۔

He blames his wife and vice-versa وہ اپنی بیوی کو الزام دیتا ہے اور بیوی اس کو ۔

Vichy (vi-shi) *n.* Mineral water فرانس کے شہر وائشی کے چشمے کا پانی ۔

Vicinage (vis-i-nij) *n.* Neighbourhood پڑوس ۔ نزدیکی ۔ قرب و جوار ۔

Vicinity (vis-i-ni-ti) *n.* Nearness قرب و جوار ۔ پڑوس ۔ قربت ۔

Vicious (vish-əs) *adj.* Immoral, depraved بدکار ۔ شریر ۔ نا اہل ۔ عیبی ۔ بد طینت ۔ کینہ پرور ۔ خباثت کی ۔ بغض و حسد کی ۔

Vicious circle *n.* استدلال کا چکر ۔ ایک بات کے ثبوت میں دوسری بات پیش کرنا اور دوسری بات سے پہلی بات پر عود کرنا ۔ ایک برائی سے دوسری برائی پیدا ہونا ۔

Viciously *adv.* خباثت سے ۔ شرارت سے ۔

Viciousness *n.* بد طینتی ۔ بد خصالی ۔

Vicissitude (vi-sis-i-tud) *n.* Change of fortune انقلاب ۔ گردش ۔ زمانے کا چکر ۔ انقلابات ۔ نشیب و فراز ۔ تغیر ۔

Vicissitudinous *adj.* تغیر پذیر ۔ انقلابی ۔

Victim (vik-tim) *n.* A prey, a sufferer قربانی ۔ صدقہ ۔ کشتہ ۔ آفت رسیدہ ۔ مصیبت کا مارا ۔ شکار ۔

Victimization *n.* قربانی ۔ جور و تعدی ۔ ظلم ۔

Victor (vik-tər) *n.* A winner in a contest غالب ۔ فاتح ۔ ظفریاب ۔

Victoria (vik-to-ri-ä) *n.* A light four-wheeled carriage ایک ہلکی بگھی جس کا ٹاپ گرایا جا سکتا ہے ۔

Victoria Cross بہادری کا ایک تمغہ ۔

Victorian (vik-to-ri-ən) *adj.* Of the reign of Victoria ملکہ وکٹوریہ کے عہد کا ۔

Victorine (vik-to-rin) *n.* A fur tippet with long ends سمور کا گلوبند ۔ ایک قسم کی ناشپاتی ۔

Victorious (vik-to-ri-əs) *adj.* Having gained a victory فتح مند ۔ مظفر ۔ منصور ۔

Victoriousness فتح یابی ۔ ظفر یابی ۔ فتح مندی ۔

Victory (vik-tər-i) *n.* Success against an opponent فتح ۔ نصرت ۔ دشمن پر غلبہ ۔ یونانی فتح کی دیوی ۔

Victual (vit-l) *v.t., i.* & *n.* Human food خوراک ۔ کھانا ۔ سامان خورد و نوش ۔ رسد پہنچانا ۔ کھانا دینا ۔

Victualler *n.* کھانے کی چیزیں بیچنے والا ۔ رسد رسان ۔

Victualling *n.* رسد پہنچانا ۔ سامان خورد و نوش بیچنا ۔

Vicuna (vi-kōō-nä) *n.* A wild species of llama genus جنوبی امریکہ کا لاما ۔

Vide (vīd) *v.* See دیکھو (فلاں مقام) ۔ دیکھو

Vide infra پیچھے دیکھو ۔

Vide post نیچے دیکھو ۔

Vide supra اوپر دیکھو ۔

Vidimus (vi-di-məs) *n.* An attested copy, an inspection حسابات کی تنقیح - جانچ پڑتال - مصدقہ نقل -

Vie (vi) *v.i.* Contend in rivalry ہمسری کرنا - مقابلہ کرنا - مد مقابل ہونا -

Viet armis (vīt-armis) *adv.* Violently, by force جبرو تشدد سے - زبردستی -

View (vū) *v.t. & n.* Range or field of sight نظارہ - منظر - مطالعہ - رائے - خیال - دیکھنا - نگاہ ڈالنا -

In view of لحاظ کرتے ہوئے - دیکھتے ہوئے -

On view نمائش کے لیے - دیکھنے کے لیے -

Point of view نقطہ نظر -

Viewable *adj.* قابل دید -

Viewy *adj.* (بول چال) وہمی - خبطی - عجیب خیال والا -

Vigil (vig-il) *n.* Watching بیداری - نگرانی - چوکسی -

Vigilance (vij-i-ləns) *n.* Watchfulness بیدار مغزی - بیداری - چوکسی -

Vigilant *adj.* چوکس - چوکنا -

Vigilantly *adv.* ہوشیاری سے - خبر داری سے -

Vignette (ven-yət) *n. & v.t.* An embellishment without a border سادہ گلکاری - ہلکے نقش و نگار بغیر حاشیے کے - بڑے حروف کی آرائش = کسی شخص کی سیرت جو الفاظ میں بیان کی جائے - ڈھلوان پس منظر کی تصویر بنانا -

Vigour (vig-ər) *n.* Vital power طاقت - مضبوطی - توانائی - استعداد - ہمت - دم خم - زور - قوت - تاثیر - چستی -

Vigorous *adj.* ہٹا کٹا - مضبوط - چاق چوبند - طاقتور -

Vigorously *adv.* طاقت سے - بزور - شہ زوری سے -

Vigorousness *n.* زور - چستی - مضبوطی - طاقت - توانائی -

Viking (vi-king) *n.* A Scandinavian pirate آٹھویں صدی کا بحر شمالی کا ڈاکو -

Vile (vīl) *adj.* Worthless حقیر - ذلیل - خبیث - پاجی - کمینہ - پاجی پن کا - خباثت کا - (بول چال) نہایت خراب - بہت برا -

Vileness *n.* بدمعاشی - خباثت - کمینہ پن - ذلت -

Vilify (vil-i-fi) *v.t.* Defame, disparage بدنام کرنا - ذلیل کرنا - رسوا کرنا - قدر گھٹانا - حقیر کرنا - بگاڑنا -

Vilification *n.* بد گوئی - تذلیل - رسوائی - بدنامی -

Vilifier *n.* بدنام - شہرت کو نقصان پہنچانے والا - کرنے والا -

Vilipend (vil-i-pend) *v.t.* Make light of, despise حقیر ٹھہرانا - حقارت سے ذکر کرنا -

Villa (vil-ȧ) *n.* A country house, a farm house امیروں کا دیہاتی بنگلہ - مضافاتی مکان -

Village (vil-ag) *n.* A parish موضع - گاؤں - بستی - دیہہ - گاؤں کے باشندے -

Villager *n.* گاؤں والا - روستائی - دیہقانی - گنوار -

Villain (vil-ən) *adj. & n.* A violent evildoer بدمعاش - پاجی - غنڈہ - شہدا - ذلیل - زرعی غلام - غلام کا -

Villainous (vil-ən-əs) *adj.* بدمعاش - پاجی - کمینہ - رذیل - بدمعاشوں کا سا - شرارت آمیز - فساد انگیز -

Villainousness *n.* خباثت - پاجی پن - بدمعاشی -

Villainy *n.* نمک حرامی - بد ذاتی - سفلہ پن - کمینگی -

Villein (vi-lən) *n.* A small tenant معمولی پٹہ دار -

Villus (vil-əs) *n.* A long soft hair نرم بالوں کا جوڑا - لمبے بال -

Villiform *adj.* نرم بالوں کا -

Villose, villous روئیں دار - ریشم کی طرح نرم -

Villosity *n.* مخمل کی سی نرمی - نرم بالوں کی سی نرمی -

Vim (vim) *n.* Energy, vigour (بول چال) جوش - تیزی - زور - طاقت -

Viminal (vim-i-nəl) *adj.* Having long shoots لمبی شاخوں کا -

Vimineous *adj.* ٹہنیوں والا - شاخ دار -

Vinaceous (vin-a-shəs) *adj.* Wine-coloured میگوں - انگوری رنگ کا - عنابی -

Vine-garette (vīn-ga-ret) *n.* A bottle of vinegar کافوری سرکے کی شیشی -

Vincible (vin-si-bl) *adj.* That may be overcome قابل تسخیر - جس پر غلبہ پایا جا سکے - جس کو مغلوب کیا جا سکے -

Vinculum (wingk-ū-ləm) *n.* A bond وہ خط جو دو یا زیادہ رقموں پر یہ ظاہر کرنے کے لیے کھینچا جائے کہ یہ ایک ھی رقم ہے - کسی عضو کی حرکت روکنے والا پٹھا -

Vindicate (vin-di-kāt) *v.t.* Justify, defend جائز ٹھہرانا - صحیح ٹھہرانا - بول بالا کرنا - لاج رکھ لینا - پر زور تائید کرنا - مدد دے کر کامیاب بنانا - جرم سے بری ثابت کرنا - بدلہ یا انتقام لینا -

Vindicable *adj.* صیح ٹھہرانے کے لائق - حمایت کے قابل -

Vindication *n.* پشت پناھی - حمایت - تائید -

Vindicative *adj.* تعزیری - انتقامی - حمایت کرنے والا - تائید کرنے والا -

Vindicator *n.* تائید کرنے والا - بدلہ لینے والا - حامی -

Vindicatory (vīn-di-kat-əri) *adj.* Avenging حمایت کا - بریت کا - انتقامی -

Vindicativeness *n.* انتقام کا متلاشی ہونا - بغض - کینہ پروری -

Vine (vīn) *n.* A woody climbing plant انگور کی بیل - تاک - چڑھنے اور پھیلنے والی بیل -

Vinegar (vīn-i-gər) *n.* A dilute impure acetic acid سرکہ - تنک مزاجی - ترشروئی -

A vinegar countenance چہرہ جس سے ترشروئی ٹپکتی ہو -

Toilet vinegar غسل کا خوشبو دار سرکہ -

Vinegarish *adj.* سرکہ کا سا - قدرے ترش -

Vinegary *adj.* سرکے کے مزے کا - تیزابی -

Vineyard (vīn-yərd) *n.* A plantation of vines بیلوں کا ملا - انگور کا باغ -

Vineri (vīn-əri) *n.* A hot house for vines بیلوں کا گرم محافظ خانہ -

Vini (vīn-i) *prefix* Combination form for wine سابقہ بمعنی شراب کا -

Vinometer (vin-o-meter) *n.* Apparatus for measuring alcohol in wine شراب میں الکحل کی مقدار معلوم کرنے کا آلہ -

Vinous (vin-əs) *adj.* Like wine انگوری شراب کی طرح کا -

Vinocity *n.* شراب کی طرح ہونا - شراب کی کیفیت -

Vint (vint) *v.t.* Make wine انگوری شراب بنانا -

Vint (vint) *n.* A card game like bridge برج کی طرح کا پتوں کا کھیل -

Vintage (vint-ij) *n.* Gathering of grapes for wine making, a season's yield انگور توڑنا - شراب بنانے کا سامان - فصل میں انگوروں کی مقدار -

Vintager *n.* انگور توڑ کر جمع کرنے والا -

Vintner (vint-nər) *n.* Wine-seller مے فروش -

Vintnery *n.* انگوری شراب کی دوکان -

Viol (vi-əl) *n.* Old violin رباب - قدیم چھ تاری باجا جس سے موجودہ وائلن نکلی ہے -

Viola (vi-əlā) A big violin ایک بڑی سارنگی -

Viola (vi-əlā) *n.* A kind of plants including pansy گل بنفشہ - پھول دار پودوں کی ایک قسم -

Violaceous (vi-ə-la-səs) *adj.* Violet-coloured بنفشی رنگ کا -

Violate (vi-ə-lāt) *v.t.* Fail to observe, abuse نقصان پہنچانا - خلل ڈالنا - خراب کرنا - بگاڑنا - آلودہ کرنا - بے حرمتی کرنا - عصمت دری کرنا - خلاف ورزی کرنا -

Violable *adj.* جو توڑا جا سکے - قابل تنسیخ -

Violation *n.* عصمت دری - خلل اندازی - عدم ایفا - خلاف ورزی -

Violence *n.* صدمہ - زبردستی - تشدد - زور -

Do violence on حملہ کرنا -

Violence to مضرت پہنچانا - جبر کرنا -

Violently *adv.* سختی سے - تشدد سے - زبردستی سے -

Violet (vi-ə-lit) *adj.* & *n.* Plant of genus viola بنفشہ - بنفشی رنگ کا - بنفشی رنگ -

Violin (vi-ə-lin) *n.* A musical instrument played with a bow ولائتی سارنگی - چو تارا باجا - رباب -

Violinist *n.* سارنگی نواز - وائلن بجانے والا

Violist (vi-ə-list) *n.* One who plays on viola بڑی سارنگی بجانے والا -

Violoncello (vi-ə-len-shel-o) *n.* A bass instrument of violin class ایک قسم کا وایولا جو گھٹنوں میں دبا کر بجایا جاتا ہے ۔

Viper (vi-pər) *n.* The only venomous British snake برطانیہ کا زہریلا سانپ ۔ افعی ۔ ظالم موذی ۔ دغاباز آدمی ۔

Viperine *adj.* افعی جیسا ۔ افعی کی طرح ۔

Viperish *adj.* افعی صفت ۔ موذی صفت ۔

Viperous *adj.* ظالم ۔ موذی ۔

Nourish a viper in one's bosom آستین میں سانپ پالنا ۔

Virago (vi-rā-gō) *n.* A man-like woman لڑاکی عورت ۔ زن مرد صفت ۔

Vireo (vir-i-ō) *n.* An American singing bird امریکہ کا ایک سبز رنگ کا خوش الحان پرندہ ۔

Virescent سبزی مائل ۔

Virgate (vər-gāt) *adj.* Rod like, twiggy چھڑی کی طرح کا ۔ پتلا اور سیدھا ۔

Virgate (vir-gat) *n.* An old land measure of 30 acres زمین ناپنے کا انگریزی پیمانہ تقریباً تیس ایکڑ کا ۔

Virgilian (vər-jil-i-ən) *adj.* Of, in the manner of Virgil رومی شاعر ورجل کا ۔ ورجل کی طرز کا ۔

Virgin (vər-gin) *n.* Maiden کنواری ۔ بن بیاہی ۔ ناکتخدا ۔ باکرہ ۔ راہبہ ۔ حضرت مریم ۔ کنواری مریم ۔ بے داغ ۔ پاک دامن ۔ کورا ۔ جو ایک دوشیزہ کے شایان شان ہو ۔

Virginhood, **Virginity** *n.* کنوار پن ۔ دوشیزگی ۔ پاک دامنی ۔

Virginal (vər-gin-l) *adj.* Appropriate to a virgin دوشیزہ کی طرح ۔ کنواریوں کی طرح ۔ سولھویں صدی کا ایک باجا ۔

Virginia (ver-gin-i-ä) *n.* Tobacco grown in Virginia ورجینیا (امریکہ) کا تمباکو ۔

Virgo (vir-gō) *n.* The sixth sign of zodiac چھٹا برج ۔ منطقہ البروج کا چھٹا برج اور اس کی شکل کے ستارے ۔

Viridescent (vi-rid-ə-sent) *adj.* Greenish ہرا ہونے والا ۔ ہرا ۔ سبز ۔

Viridity (vi-rid-i-ti) *n.* Verdure, greenness ہریالی ۔ سبزی ۔ شادابی ۔

Virile (vir-īl) *adj.* Having qualities of a mature male مردانہ ۔ مرد صفت ۔ قوت باہ کا ۔ قوی ۔ پر زور ۔

Virility *n.* مردانگی ۔ مردی ۔ قوت باہ ۔ رجولیت ۔

Virilescent (vir-li-ə-sent) *adj.* Of male character مرد کی سی ۔ نر کی سی ۔ ایسی مادہ جس میں نر کی خصوصیات ہوں ۔ نر صفت مادہ ۔

Virose (vi-rəs) *adj.* Of virus, containing poisonous matter زہریلا ۔ زہر آلود ۔ بدبو دار ۔

Virous *adj.* زہر سے بھرا ہوا ۔

Virtu (vər-tōō) *n.* Love of fine arts فنون لطیفہ کا شوق ۔

Virtual (vər-tu-l) *adj.* Having virtue or efficacy ذاتی ۔ حقیقی ۔ اصلی ۔ باطنی ۔ فی الواقع ۔ حقیقی صفات کا ۔

Virtually *adv.* اصل میں ۔ فی الواقع ۔ حقیقت میں ۔

Virtue (vər-tū) *n.* Moral excellence, good quality جوہر ۔ گن ۔ خوبی ۔ صفت ۔ اچھائی ۔ نیکی ۔ حسن سیرت ۔ راست بازی ۔ اخلاقی خوبی ۔ عصمت ۔ پاک دامنی ۔

By virtue of از روئے ۔ بموجب ۔ بہ سبب ۔

Virtuoso (vər-tū-ōsō) *n.* A person with special taste for arts فنون لطیفہ کا محقق ۔ خاص ذوق رکھنے والا ۔

Virtuous (vər-tu-əs) *adj.* Morally good نیک ۔ صالح ۔ نیکوکار ۔ پاک دامن ۔ با عصمت ۔ پاک باز ۔

Virtuously *adv.* نیکی سے ۔ عفت سے ۔ پاک دامنی سے ۔

Virulent (vir-ū-lənt) *adj.* Highly poisonous زہریلا ۔ زہر آلود ۔ زہر بھرا ۔ سخت ۔ شدید ۔

Virulence *n.* شدت ۔ زہریلا پن ۔ سمیت ۔ تلخی ۔

Virulently *adv.* زیاں کاری سے ۔ زہریلے پن سے ۔ سختی سے ۔

Viruliferous *adj.* زہر آلود ۔

Virus (vīr-əs) *n.* Venom زہر ۔ متعدی امراض کا زہر ۔ زہریلا مادہ ۔ مہلک اثر ۔ سختی ۔ شدت ۔

Vis (vis) *n.* Inactive force غیر عامل زور ' طاقت - غیر انفعالی قوت -

Visa (vē-zä) *n.* Endorsement on a passport پروانہ راہداری - کسی ملک میں داخل ہونے کی اجازت - داخلہ - اجازت نامہ -

Visage (viz-ij) *n.* The face صورت - شکل - چہرہ -

Vis-a-vis (vē-zâ-vē) *adv.* Face to face آمنے سامنے - بالمقابل - دو بدو -

Viscera (vis-e-rä) *n.* Abdominal organs پیٹ کے اعضا -

  Viscerate *v.t.* Disembowel آنتیں نکالنا -

Viscid (vis-id) *adj.* Semi-fluid, sticky لیس دار - چپچپا - گاڑھا -

  Viscidity *n.* چپچپاہٹ - گاڑھا پن -

Viscose (vis-kōs) *n.* The sodium salt of cellulose لیس دار سیلولوز جس سے مصنوعی ریشم بناتے ہیں - مصنوعی ریشم -

  Viscosity *n.* سالمات کو ملائے رکھنے کی قوت - چپچپاہٹ -

Viscount (vi-kownt) *n.* A title of nobility below earl انگلستان میں ارل سے نیچے کے امرا کا خطاب -

  Viscountess *n.* وائی کاونٹ کی بیوی - نواب بیگم -

  Viscountcy *n.* نواب زادگی - وائی کاونٹ کا رتبہ -

Viscous (vis-kəs) *adj.* Sticky, tenacious چپچپا - لباب دار - لیس دار -

Vise (vī-z) *v.t.* & *n.* Advise, consider پروانہ راہداری - مہر لگانا - تصدیق کرنا -

Visible (viz-i-bl) *adj.* That may be seen نمودار - آشکارا - جو نظر آ سکے -

  Visibility *n.* ظاہر ہونا - نموداری - رویت -

  Visibly *adv.* ظاہری طور پر - صریحاً -

Vision (vizh-ən) *n.* The act of seeing نظر - نگاہ - بینائی - بصارت - جو چیز نظر آئے - سایہ - بھوت - سراب - دھوکا - کشف یا خواب میں دیکھنا -

Visionary (vizh-ən-ari) *adj.* & *n.* Given to reverie or fantasy وھمی - خیالی - خواب دیکھنے والا - صاحب کشف - بے عمل انسان -

  Visional *adj.* مکاشفہ کا - خیالی - موہوم -

  Visionist *n.* خیال پرست - صاحب کشف -

Visit (viz-it) *v.t.* & *n.* Go to see, go to stay ملاقات کے لیے جانا - مہمان کے طور پر جانا - معائنہ کرنا - قہر نازل ہونا - عذاب نازل کرنا - رحم کرنا - برکت عطا کرنا - تسکین بخشنا - تشریف آوری - ملاقات - مجرا - معائنہ - ملاحظہ -

  Visitable *adj.* قابل ملاقات - قابل معائنہ - قابل دید -

Visitant (viz-it-ənt) *adj.* & *n.* Paying visit ملنے والا - ملاقاتی - معزز مہمان - استانی راہبہ -

Visitation (viz-it-ə-shən) *n.* A formal visit, inspection معائنہ - تنقیح - غیر ملکی جہاز پر معائنہ کے لیے جانا - نزول رحمت یا عذاب - طویل ملاقات - تہوار جو مقدس الزبیتھ کو حضرت مریم کی زیارت کی یاد میں منایا جاتا ہے - سیلانی پرندوں کا نقل مقام کرنا -

  Visiting *n.* آمد و رفت - ملاقات کے لیے جانا -

  On visiting terms جن میں آنے جانے کے تعلقات ہوں -

  Visiting card ملاقاتی کارڈ -

Visitor (viz-it-ər) *n.* Inspector مہمان - سیاح - معائنہ کنندہ -

  Visitorial *adj.* سرکاری معائنہ کرنے والا - معائنہ کا - معائنہ کنندہ کے متعلق -

Visor (vīz-ər) *n.* A part of helmet covering the face لوہے کی ٹوپی - خود - جھلم -

  Visored *adj.* مغفر دار - نقاب پوش -

Vista (vis-tä) *n.* View or prospect through درمیان کا منظر - تنگ منظر - خیالی منظر - سلسلہ تصورات -

  Vistad *adj.* دو رویہ قطار کا منظر - منظر دار -

Visual (vizh-u-əl) *adj.* Pertaining to sight باصرہ سے متعلق - بصری - بصارت یا نظر کا - نظر آنے والا -

  Visuality *n.* نظارہ - منظریت - نظر آنا -

  Visually *adv.* بصارت یا نظر کے لحاظ سے -

Visualize (vizh-u-əl-īz) *v.t.* Make visible ذہن میں تصویر قائم کرنا - متشکل کرنا -

Visualization *n.* ذہن میں ایک شکل قائم کرنا ۔ عمل تصور ۔ عمل تشکیل ۔

Vital (vi-təl) *adj.* & *n.* Life-giving بقائے حیات کا ۔ حیاتی ۔ ممد حیات ۔ نہایت اہم ۔ قوت حیات کا مرکز ۔ مہلک ۔

Vital centre ۔ نازک حصہ جسم جس پر زخم مہلک ہو ۔

Vital-force روح حیوانی ۔ قوت حیات ۔

Vital statistics حیات کے متعلق اعداد و شمار ۔

Vitally *adv.* اہمیت سے ۔ مہلک طور پر ۔ ناگزیر طور پر ۔

Vitalism (vit-ə-lizm) *n.* Doctrine that there is a vital force یہ نظریہ کہ زندگی کا انحصار ایک نا قابل فہم روح پر ہے ۔

Vitalist *n.* روح حیوانی کا قائل ۔

Vitality (vit-al-i-ti) *n.* Power of living ۔ قوت حیوانی قوت حیات ۔ کسی فرد یا ادارے کی قوت کارکردگی ۔

Vitalize (vit-al-īz) *v.t.* Stimulate activity قوت حیات پیدا کرنا ۔ روح پھونکنا ۔

Vitamin (vit-ə-min) *n.* Accessory food factors حیاتین ۔ کیمیاوی اجزا جو غذا کے لیے ضروری ہیں ۔

Vitaphone (vit-ə-fon) *n.* A talkie ایک قسم کی بولتی فلمی تصویر ۔

Vitellus (vi-tel-əs) *n.* The yolk of an egg انڈے کی زردی ۔

Vitellary *adj.* انڈے کی زردی کی طرح ۔

Vitiate (vish-i-āt) *v.t.* Render faulty or defective بگاڑنا ۔ خراب کرنا ۔ بے اثر کرنا ۔ بیکار کرنا ۔

Vitiation *n.* فساد ۔ بگاڑ ۔ بربادی ۔ تخریب ۔

Vitiator *n.* بگاڑنے والا ۔

Vitreous (vit-re-əs) *adj.* Glassy سبز شیشے کا ۔ زجاجی ۔ کانچ کی طرح ۔ شیشے کی طرح ۔

Vitreosity } زجاجی ہونا ۔ شیشے کی طرح ہونا ۔
Vitreousness }

Vitrescence *n.* شیشہ بننے کی صلاحیت ۔

Vitrescent *adj.* شیشہ بننے کے قابل ۔

Vitrify (vit-ri-fi) *v.t.* & *i.* Convert into glass شیشہ بنانا ۔ کانچ میں تبدیل کرنا ۔

Vitrification *n.* شیشہ بننے کا عمل ۔

Vitrifiable *adj.* شیشہ بنانے کے قابل ۔

Vitriol (vit-ri-əl) *n.* Oil of vitriol, a hydrous sulphate of a metal گندھک کا تیزاب ۔ تیزابی نمک ۔ جلی کٹی تنقید ۔

Vitriolic *adj.* جلی کٹی ۔ پر جوش ۔ تیزاب کی طرح ۔

Vitrioline *adj.* توتیا کے قسم کا ۔

Blue vitriol نیلا تھوتھا ۔

Green vitriol ہرا کسیس ۔

Red vitriol زنگ ۔

White vitriol ہرا یا سفیدی مائل کسیس ۔

Vitriolize (vit-ri-ə-līz) *v.t.* Injure with vitriol گندھک کے تیزاب سے جلانا ۔ توتیا بنانا ۔ گندھک کا نمک بنانا ۔

Vitriolate *v.t.* گندھک کا تیزاب ملانا ۔

Vitriolation *n.* توتیا بنانا ۔ تیزاب کی آمیزش ۔

Vitriolization *n.* توتیا بنایا جانا ۔

Vitta (vit-ȧ) *n.* A fillet or band for the head سر پیچ ۔ کسوہ ۔ ایک قسم کا تاج ۔

Vituperate (vi-tu-pə-rāt) *v.t.* Revile ملامت کرنا ۔ سخت سست کہنا ۔ سر زنش کرنا ۔ آڑے ہاتھوں لینا ۔ بری طرح خبر لینا ۔ گالیاں دینا ۔

Vituperation *n.* سر زنش ۔ لعنت ملامت ۔

Vituperative *adj.* ملامت آمیز ۔ دشنام آمیز ۔ بد زبان ۔

Viva (vīvȧ) *interj.* Long live زندہ باد ۔ شاباش ۔ عمرت دراز باد ۔

Vivacious (vī-vā-shəs) *adj.* Full of vitality, lively زندہ دل ۔ شگفتہ خاطر ۔ ہشاش بشاش ۔ پر جوش ۔ زندہ دلانہ ۔

Vivaciously *adv.* زندہ دلی سے ۔ جوش سے ۔

Vivacity *n.* ولولہ ۔ بشاشت ۔ زندہ دلی ۔

Vivandiere (vē-vān-dyer) *n.* A female attendant in a regiment فرانسیسی فوج کی خادمہ ۔ اشیائے خوردنی اور شراب بیچنے والی ۔

Vivarium (vī-vā-ri-əm) *n.* An artificial enclosure for animals باڑا ۔ جانوروں کو رکھنے کی جگہ ۔ چڑیا خانہ ۔ مچھلی پالنے کا حوض ۔

Viva-voce (vīv-ā-vose) *adj.* & *n.* Oral, oral examination زبانی امتحان ۔ زبانی ۔

Vivers (ve-vərz) *n.* Food, eatables (اسکاٹ لینڈ) کھانے کی چیزیں -

Vivid (viv-id) *adj.* Bright, full of life, vigorous شوخ - روشن - چمک دار - زندہ دل - چنچل - شگفتہ خاطر - واضح - گہرا -

Vividly *adv.* شوخ رنگ کے ساتھ - زندہ دلی سے - واضح طور پر -

Vividness *n.* زندہ دلی سے - چمک - تیزی - شوخی -

Vivify (vī-vi-fī) *v.t.* Endue with life زندہ کرنا - جان ڈالنا - روح پھونکنا -

Viviparous (vi-vip-ə-rəs) *adj.* & *n.* Producing living young of developed stage درخت پیدا کرنے والے درخت - درخت جن سے نئے درخت پھوٹتے ہیں - بچہ دینے والے حیوان -

Viviparity } *n.* درخت زائی - بچہ کشی -
Viviparousness }

Viviparously *adv.* بچہ زائی کی طرح سے - درخت پیدا کرتے ہوئے -

Vivisect (viv-i-sekt) *v.t.* Make surgical operation جانوروں کی چیر پھاڑ کرنا - زندہ جانوروں پر جراحی کرنا -

Vivisection (viv-i-sek-shən) *n.* Surgical operation of living animals زندہ جانوروں کی چیر پھاڑ -

Vivisectional *adj.* تشریحی - زندہ جانوروں کی تشریح کا - جراحی کا -

Vivisectionist *n.* ماہر علم تشریح - زندہ جانوروں پر عمل جراحی کرنے والا - جراح -

Vivisector *n.* زندہ جانوروں کی شرح کرنے والا -

Vixen (vik-sn) *n.* A she fox, an ill-tempered woman مادہ لومڑی - بد مزاج عورت -

Vixenish } *adj.* بد مزاج - کینہ پرور -
Vixenly }

Viz (viz) *adv.* That is to say, namely یعنی - جس کے نام یہ ہیں - جس کی تفصیل یہ ہے -

Vizier (vi-zer) *n.* A minister, a prime minister وزیر -

Vizierial *adj.* وزیر کا -

Vocable (vo-kə-bl) *n.* That which is sounded کلمہ - نام - شبد - بول -

Vocabulary (vo-kə-bul-ə-ri) *n.* List of words فرہنگ - لغت - کسی زبان کے الفاظ کا مجموعہ -

Vocabulist *n.* فرہنگ نویس -

Vocal (vo-kəl) *adj.* & *n.* Uttered by the voice, having a voice آواز دار - ناطق - نطقی - صوتی - اپنے خیالات کا اظہار آواز سے کرنے والا - گفتگو کرنے والا - الحاقی - پوری طرح آواز دینے والا -

Vocality (vo-kə-li-ti) *n.* Vocal expression اپنے خیالات تحریر یا تقریر میں ظاہر کرنا - حروف کا پوری طرح آواز دینا - صوتی اظہار -

Vocally *adv.* صوتی طریقے سے - الفاظ کے ذریعے -

Vocalism (vo-ke-lizm) *n.* Exercise of the vocal organs اعضائے صوت سے کام لینا - آواز میں ادا کرنا -

Vocalist (vo-kə-list) *n.* A singer زبان سے ادا کرنے والا - گانے والا -

Vocalize (vo-kə-liz) *v.t.* Form into voice, articulate زبان سے ادا کرنا - پوری طور پر ادا کرنا - اعراب لگانا - گانا - چیخنا -

Vocalization *n.* گانا - آواز میں ادا کرنا -

Vocation (vo-ka-shən) *n.* Calling, a way of living طلب - بلاوا - پیشہ - صلاحیت - طرز زندگی -

Mistook his vocation - اس نے غلط پیشہ اختیار کیا

Vocational *adj.* پیشہ یا شغل کے متعلق -

Vocationally (vo-ka-shən-ali) *adv.* In the way of calling پیشہ کے طور پر - پیشہ کے نقطہ نظر سے -

Vocative (vok-ə-tiv) *adj.* Pertaining to the act of calling (قواعد) ندائیہ - حالت ندائیہ - جو ندا کے طور پر استعمال ہو -

Vociferate (vo-sif-ə-rāt) *v.t.* Cry with a loud voice چیخنا - چلانا - بلند آواز سے چیخنا - گلا پھاڑ کر بولنا -

Vociferance *n.* شور - چیخ پکار -

Vociferant *adj.* چیخ پکار کرنے والا - غل مچاتا ہوا - چیختا ہوا -

Vociferation *n.* چیخ پکار - شور و غوغا -

Vociferous (vo-sif-ə-rəs) *adj.* Making a loud outcry ہنگامہ خیز - پر شور -
  Vociferously *adv.* شور مچا کر - چلا کر -
  Vociferousness *n.* شور مچانے کی عادت - ہنگامہ خیزی -
Vodka (vodkā) *n.* A Russian wine ودکا - تیز روسی شراب -
Vogue (vōg) *n.* Mode or fashion راستہ - ڈھنگ - وضع - طور - طریقہ - دستور - رواج - فیشن - مروجہ روش - مقبولیت -
Voice (vois) *v.t.* & *n.* Sound produced by vocal organs آواز - صدا - صوت - ندا - اظہار - لہجہ - اظہار رائے - رائے دینے کا حق - پوری آواز سے ادا کرنا - بیان کرنا - ساز کا سُر ملانا -
Voiceless (vois-les) *adj.* Speechless سکتے میں - سناٹے میں - بے زبان - بے آواز -
  Voicelessness *n.* سکتے کے عالم میں ہونا - خاموشی - بے زبانی -
  With one voice اتفاق رائے سے - یک زبان ہو کر -
Void (void) *v.t., adj.* & *n.* Containing nothing خالی - تہی - خالی جگہ - صاف - بری - بیکار - بے فائدہ - کالعدم - باطل - بے اثر - باطل یا کالعدم کرنا - فضلہ خارج کرنا - نکالنا -
  Voidable *adj.* جو کالعدم کیا جا سکے - قابل تنسیخ -
  Voidly *adv.* بے اثر طریقے سے -
  Voidness *n.* باطل یا بے اثر ہونا - خالی ہونا - خلا -
Voidance (void-əns) *n.* The state of a benefice being vacant پادری کی جائداد یا اسامی خالی ہونا - خارج کیا جانا -
Voile (voil) *n.* A thin semi-transparent material باریک ریشمی یا سوتی کپڑا - وائل -
Volant (vō-lənt) *adj.* Flying تیزی سے بلند ہونے والا - اڑنے والا - تیز پر -
Volapuk (vol-ə-pūk) *n.* A universal language invented by Johann Schleyer about 1879 شلر کی ایجاد کردہ جگت بھاشا جو مقبول نہ ہو سکی -

Volar (vol-ər) *adj.* Of the palm or sole ہتھیلی یا تلوے کے متعلق -
Volatile (vol-ə-tīl) *adj.* Evaporating quickly کافور صفت - اڑ جانے والا - شوخ -
  Volatileness *n.* شوخی - تلون - اڑ جانے کی خاصیت -
Volatilize (vol-ə-til-īz) *v.t.* Cause to evaporate بخار بنا کر اڑا دینا -
  Volatilizable *adj.* اڑ جانے والا -
  Volatilization *n.* بخار بنا کر اڑانے کا عمل - بخار بن کر اڑ جانے کی قابلیت -
Volcanic (vol-kan-ik) *adj.* Produced or caused by a volcano کوہ آتش فشاں کے متعلق - آتش فشانی -
  Volcanically *adv.* آتش فشانی سے -
  Volcanicity *n.* آتش فشانی کی حالت -
Volcano (vol-ka-no) *n.* A centre of eruption with a crater کوہ آتش فشاں - آتش فشاں دہانا - جوالا مکھی -
  Volcanism *n.* آتش فشاں قوت - اسباب آتش فشانی -
  Volcanist *n.* پہاڑوں کی آتش فشانی کا ماہر -
  Volcanology *n.* آتش فشاں پہاڑوں کا علم -
Vole (vōl) *n.* & *v.t.* Winning of all the tricks in a game (تاش) کل ہاتھ جیت لینا - پوری جیت -
Vole (vōl) *n.* Any of the mouse like rodents چوہے کی قسم کے جانور -
Volery (vol-əri) *n.* A place for keeping birds چڑیا خانہ -
Volitant (vol-i-tənt) *adj.* Flying, moving about اڑنے والا - پر پرواز رکھنے والا -
Volition (vo-lish-ən) *n.* Act for willing and choosing اختیار - ارادہ - مرضی - خوشی - پسند - قوت ارادی -
Volley (vol-i) *v.t., i.* & *n.* Flight of missiles بندوق یا توپ کی باڑھ - بوچھاڑ - بھرمار - (ٹینس) گیند پر زمین پر گرنے سے پہلے ضرب لگانا - (کرکٹ) گیند اس طرح پھینکنا کہ وکٹ پر گرے - باڑھ مارنا - گالیوں کی بوچھاڑ -

Volplane (vōl-plān) *n.* & *v.i.* Plane's coming down after stopping the engine ہوائی جہاز کا انجن بند کرکے زمین پر اترنا - جھونک سے اترنا -

Volt (vōlt) *n.* A sudden leap in fencing to avoid a thrust شمشیر زنی میں جست کرکے وار خالی دینا - گھوڑے کا پہلو دینا -

Volt (volt) *n.* The unit of electricity برق قوت کی اکائی -

Voltage (volt-ag) *n.* Electromotive force in volts برق قوت کی مقدار جو وولٹ میں ظاہر کی جائے -

Voltaic (vol-taik) *adj.* Pertaining to an electrical battery بجلی کی کیمیاوی بیٹری کے متعلق -

Voltairizm (vol-tar-izm) *n.* Doctrines of French philosopher Voltaire مذہبی اصولوں کا تمسخر - والٹیر کی لا دینیت -

Volte-face (volt-fās) *n.* A sudden and complete change of ideas پلٹ کر دوسری طرف منہ کر لینا - سیاسی عقیدہ میں فوری تبدیلی - متضاد رویہ -

Voluble (vol-u-bl) *adj.* Fluent, changeable طرار - چرب زبان - لسان - پرگو - باتونی - جلد جلد باتیں کرنے والا - پیچاں - لپٹ جانے والا -

Volubilate } *adj.* پیچاں - کسی چیز کے گرد لپٹ جانے والی -
Volubile

Volubility *n.* پر گوئی - چرب زبانی - تقریر کی تیزی -

Volume (vol-ūm) *n.* A book, a roll or scroll - جلد - کتاب - پیچ - پلندہ - بگولہ - جسامت - ضخامت - مقدار - حجم - آواز کی گونج کی حد -

Volumenometer (vol-um-enə-meter) *n.* An instrument for measuring the volume of a solid body by the quantity of fluid it displaces آلہ جس سے ٹھوس چیز کا حجم سیال میں رکھ کر دریافت کیا جاتا ہے -

Volumeter (vol-u-me-tər) *n.* An instrument for measuring volume of gases آلہ جس سے گیس کا حجم دریافت کیا جاتا ہے -

Voluminous (vol-u-mi-nəs) *adj.* In many volumes, coils or folds پیچیدہ - کتاب جو کئی جلدوں میں ہو - پر نویس - بڑی جسامت کا - ڈھیلا ڈھالا (لباس) -

Voluminosity } *n.* ضخیم ہونا - بڑے حجم کا -
Voluminousness

Voluntary (vol-ən-tə-ri) *adj.* & *n.* Proceeding from the will اپنی خوشی سے کام کرنے والا - بالارادہ - بالقصد - عمداً - اختیاری - خوشی کا - اپنی مرضی کا - آرگن باجے کا ایک نغمہ - طریق رضا کاری کا حامی -

Voluntariness *n.* اپنی خوشی کا ہونا - خود اختیاری ہونا -

Voluntaryism *n.* یہ طریقہ کہ فوجی یا مذہبی تعلیم لوگوں کی مرضی پر منحصر ہو -

Volunteer (vol-ən-tēr) *v.t., i.* & *n.* One who enters any service of his own free choice رضا کار - اپنی خوشی سے فوجی یا کوئی اور خدمت انجام دینا - رضا کار بننا - اپنی خدمات پیش کرنا -

Voluptuary (və-lup-tu-ər-i) *n.* One excessively given to body enjoyment شہوت پرست - نفس پرست - عیاش -

Voluptuous (və-lup-tu-əs) *adj.* Sensuous شہوت پرست - عیاش - شہوت انگیز - خواہش نفس سے بھری ہوئی -

Voluptuousness *n.* عیش پسندی - عیاشی -

Volute (vo-lūt) *n.* A spiral scroll مرغول - چکردار بیل جو کارنتھی ستونوں پر بنائی جاتی تھی - گھونگھے کے قسم کا ایک کیڑا -

Volution (vo-lū-shən) *n.* A revolving movement پیچ - چکر - دوری حرکت -

Vomit (vom-it) *v.t.* & *n.* Throw up the contents of the stomach by mouth قے کرنا - استفراغ کرنا - اگلنا - قے کے ذریعے خارج کرنا - خارج شدہ مادہ -

Vomitory (vom-it-ə-ri) *n.* & *adj.* Causing to vomit, an emetic قے آور - قے آور دوا - رومیوں کے گول تماشا گاہ کا راستہ -

Vomitive *adj.* قے آور -

Voodoo (voo-doo) *n.* & *v.t.* Superstitious beliefs and practices of African people سفلی جادو - سفلی عمل کرنا -

Voracious (vō-rā-shəs) *adj.* Eating greedily or in large quantities پیٹو ـ بسیار خور ـ بے حد بھوکا ـ جس کو کھانے کا ہوکا ہو ـ

Voraciousness } *n.* بے حد حرص ـ پیٹو پن ـ
Voracity } ندیدہ پن ـ

Vorago (vor-ā-gō) *n.* A gulf خلیج ـ کھاڑی ـ

Voraginous *adj.* بھنور کے متعلق ـ بھنور کا ـ

Vortex (vor-teks) *n.* Whirling motion of a fluid forming a cavity in the centre بھنور ـ گرداب ـ چکر ـ ورطہ ـ کوئی مشغلہ جو انسان کی ساری توجہ جذب کر لے ـ

Vortical *adj.* چکر کھانے والا ـ چکر دار ـ

Vorticose *adj.* گردابی ـ

Vorticular *adj.* چکر کی شکل کا ـ

Vortiginous (vor-ti-ji-nəs) *adj.* Vortical گردش کرتا ہوا ـ چکر کھاتا ہوا ـ

Votary (vō-ta-ri) *n.* One devoted as by a vow جان نثار ـ پرستار ـ بھگت ـ زبردست حامی ـ پر جوش پیرو ـ

Vote (vōt) *n., v.i. & t.* An expression of a wish or opinion رائے ـ ووٹ ـ ووٹ سے کسی تحریک کا فیصلہ کرنا ـ حق رائے دہندگی ـ رائے دینا ـ ووٹ دینا ـ (بول چال) بالاتفاق قرار دینا ـ تجویز کرنا ـ

Casting vote جب دو رائیں برابر ہوں تو صدر اپنا فیصلہ کن ووٹ ڈالتا ہے ـ فیصلہ کن ووٹ ـ

Votable *adj.* جو ووٹ دے سکتا ہو ـ جس پر ووٹ لیا جا سکے ـ قابل رائے شماری ـ

Voter *n.* رائے دہندہ ـ

Voting (vōt-ing) *n.* Taking of votes رائے دینا ـ رائے شماری ـ

Voting paper ووٹ ـ رائے کا پرچہ ـ

Votive (vōt-iv) *adj.* On account of a vow منت کا مانا ہوا ـ نذر کا ـ جو منت کے پورا ہونے پر نذر کیا جائے ـ

Vouch (vowch) *v.t. & i.* Call upon to witness تصدیق کرنا ـ شہادت دینا ـ ضامن ہونا ـ ذمہ دار ہونا ـ

Voucher (vowch-ər) *n.* A certificate of correctness تصدیق کرنے والا ـ تصدیق ادائی ـ رسید ـ فرد حساب ـ

Vouchsafe (vowch-sāf) *n. & v.t.* Guarantee, allow مہربانی کرنا ـ عنایت کرنا ـ ضمانت ـ ضامن ہونا ـ

Vow (vow) *n. & v.t.* A voluntary promise made to God عہد ـ اقرار ـ منت ـ عہد و پیمان ـ اقرار کرنا ـ قسم کھانا ـ عہد کرنا ـ منت ماننا ـ وثوق سے کہنا ـ

Vowel (vow-əl) *n.* Sound produced by the unimpeded passage of the breath حرف علت ـ

Vowelly *adj.* حرف علت کی طرح ـ

Vowelize (vow-əl-īz) *v.t.* Insert vowel signs حروف علت داخل کرنا ـ علامات حروف علت لفظ میں داخل کرنا ـ اعراب لگانا ـ

Voyage (voi-ij) *n., v.t. & i.* Journey by sea بحری سفر ـ دریائی سفر ـ سفر کرنا ـ

Voyageable *adj.* بحری سفر کے قابل ـ قابل عبور ـ

Voyager *n.* سفر کرنے والا ـ مسافر ـ

Vulcanite (vul-kən-it) *n.* A general name for any igneous rock آتشیں پتھر ـ پتھر جو آتش فشانی عمل سے بنے ـ ربڑ اور گندھک کا مرکب ـ

Vulcanize (vul-kən-īz) *v.t.* Treat with sulphur compounds ربڑ میں اس طرح گندھک ملانا کہ اس کی مضبوطی بڑھ جائے ـ

Vulcanizable *adj.* گندھک ملا کر جوڑنے کے قابل ـ

Vulcanization *n.* گندھک ملا کر مضبوط کرنے کا عمل ـ

Vulgar (vul-gər) *adj.* Commonplace عامیانہ ـ بازاری ـ غیر مہذب ـ

Vulgarism *n.* گری ہوئی حرکت ـ بازاریت ـ

Vulgarity *n.* سفلہ پن ـ اوچھا پن ـ

Vulgar fraction کسور عام ـ

The vulgar عوام ـ عامی ـ

Vulgarian (vul-gər-yən) *n.* A vulgar person سفلہ ـ رذیل ـ بد تہذیب ـ اوچھا ـ

Vulgarize (vul-gə-rīz) *v.t.* Make common سفلہ پن پیدا کر دینا ـ عامیانہ رنگ پیدا کر دینا ـ نفاست زائل کر دینا ـ

Vulnerable (vul-nər-əbl) *adj.* Capable of being wounded جو مجروح کیا جا سکے - جس پر زخم لگ سکے - کمزور - غیر محفوظ - جو حملے کی زد میں ہو - (برج کا کھیل) ایک گیم بنایا ہوا -

Vulnerability } *n.* حملے کی زد میں ہونا - کمزوری - غیر محفوظ حالت -
Vulnerableness

Vulnerary (vul-nər-a-ri) *adj.* & *n.* Useful in healing wounds زخم کو مندمل کرنے والا - زخم بھرنے والا مرہم - زخم کی دوا -

Vulpine (vul-pīn) *adj.* Like a fox, cunning روباہ صفت - مکار - چالاک -

Vulture (vul-tur) *n.* Any large rapacious birds of prey گدھ - کرگس - حریص اور موذی شخص -

Vulturous } *adj.* گدھ کی طرح -
Vulturish

Vulvar (vul-var) *adj.* Of the female organ of generation اندام نہانی کے متعلق -

Vulvate (vul-vāt) *adj.* Having a passage سوراخدار -

Vulviform *adj.* سوراخ کی شکل کا - سوراخ دار - راہ نما -

W

W (dub-l-ū) *n.* The twenty-third letter of the English alphabet انگریزی حروف تہجی کا تیئیسواں حرف -

Wabble (wob-l) *v.i.* Move unsteadily from side to side گھومنا - ادھر سے ادھر حرکت کرنا - ڈگمگانا -

Waac (wak) *n.* The women's auxiliary corps (بول چال) عورتوں کی امدادی فوج -

Wacke (wak-e) *n.* Decomposed basalt جوالا - مٹی - مٹی جو آتش فشانی چٹانوں سے ٹوٹ کر جمع ہو جاتی ہے -

Wad (wod) *n.* & *v.t.* A pad of loose material بندوق کی ڈاٹ - نمدہ کا گول ٹکڑا - گدی - گٹھا - (بول چال) نوٹوں کی گڈی - زر - روپیہ - نمدہ کی ڈاٹ بنانا - گٹھا بنانا - ڈاٹ لگانا - بھر دینا -

Well-wadded with conceit خود فریبی سے معمور -

Wadding (wod-ing) *n.* Stuffing نمدے کی ڈاٹ - روئی کی بھرائی - بھرائی -

Waddle (wod-l) *v.t.* & *n.* Take short steps and sway مٹکنا - مٹکتے ہوئے چلنا - اٹھلا کر چلنا - بطخ کی چال چلنا - مٹک - اترائی ہوئی چال -

Waddingly *adv.* جھومتے ہوئے - مٹکتے ہوئے -

Waddy (wod-i) *n.* Australian war club آسٹریلوی باشندوں کا جنگی ڈنڈا -

Wade (wōd) *n., v.i.* & *t.* Go through water دقت سے گزرنا - عبور کرنا - ایسی جگہ چلنا جہاں پاؤں دھنس جائے - بہ دشواری عبور کرنا -

Wade through a book کسی خشک اور غیر دلچسپ کتاب کو پڑھ ڈالنا -

Wade through slaughter and blood قتل و غارت کرتے ہوئے بڑھنا -

Wading bird لمبی ٹانگوں والا بگلا -

Wadable *adj.* قابل عبور -

Wader (wod-ər) Wading bird, high waterproof boots پانی میں چلنے والا - لم ٹنگا - پانی کے اونچے جوتے -

Wadi (wod-i) *n.* Dry bed of a stream خشک ندی جو صرف برسات میں بہتی ہے - دریا کا خشک پیٹھا -

Wafd (wafd) *n.* Nationalist party of Egypt مصر کی سیاسی جماعت وفد جو اب ختم ہو چکی ہے -

Wafdist *n.* جماعت وفد کا رکن -

Wafer (wa-fər) *v.t.* & *n.* A thin crisp cake or biscuit, wrapping for powders ایک قسم کا پتلا کرکرا بسکٹ - عشائے ربانی کی روٹی - کاغذ یا نمدے کی ٹکیا - گدی - کاغذی مہر لگانا - بسکٹ کی گدی بنانا -

Wafery *adj.* ٹکیا سا - پاپڑ سا -

Waffle (wof-l) *n.* A kind of batter cake روغنی روٹی - میٹھی ٹکیا -

Waft (woft) *v.t.* & *n.* Bear, convey بہا لے جانا - لے جانا - ہاتھ سے اشارہ کرنا - پھیلانا - خوشبو کی لپٹ - نغمہ - جھونکا - خوشی کی ہلکی لہر -

Wag (wag) *n., v.i.* & *t.* Move or be moved from side to side ہلانا - ہلنا - لہرانا - دم ہلانا - لٹکتی ہوئی چیز کو حرکت دینا - گزرنا - گردش زمانہ - حرکت - جنبش -

Dog wags his tail کتا خوش ہو کر دم ہلاتا ہے -

Tail wags dog ادنیٰ شخص جماعت کا رہنما بن گیا ہے -

Wag one's finger at انگلی کے اشارے سے دھمکانا -

Wagtail *n.* ایک قسم کی چڑیا جس کی دم ہلتی رہتی ہے - ممولا -

Wag (wag) *n.* A habitual joker ظریف - مسخرا - ہنسوڑ - دل لگی باز - (بول چال) مدرسہ سے بھاگ جانے والا لڑکا - بھگوڑا -

Waggery *n.* ظرفہ حرکتیں - مسخرے پن کی باتیں -

Waggish *adj.* مسخرہ - مسخرے پن کا - ظریفانہ -

Wage (wāj) *n.* Payment for service اجرت - مزدوری - معاوضہ - بدلہ - جزا - تنخواہ -

Wage (wāj) *v.t.* Engage in, pay wages, contend جنگ کرنا - لڑنا - جوکھوں میں ڈالنا - مزدوری دینا - اختیار کرنا -

Wager (waj-ər) *n.* & *v.t.* A bet بازی لگانا - شرط باندھنا - شرط - بازی -

Waggle (wag-l) *v.t., i.* & *n.* Wag in an unsteady manner ہلانا جھلانا - ہلکی سی جنبش -

Waggly *adj.* جھولتا ہوا - ڈگمگاتا ہوا -

Wagon-gg (wag-ən) *n.* Vehicle for carrying heavy goods جھکڑا - باربرداری کی گاڑی - مال گاڑی کا ڈبہ -

Hitch one's wagon to a star بڑوں کا سہارا لینا -

Wag(g)oner (wag-nər) *n.* One who drives a wagon گاڑی ہانکنے والا -

Wagonet (wag-ə-net) *n.* An open carriage of two seats ایک قسم کی ٹپ دار بگھی -

Wagonlit (wä-gon-lē) *n.* A sleeping carriage in a continental train یورپی ریل گاڑیوں میں سونے کا ڈبہ -

Wahabi (wä-hä-bē) *n.* A Muslim sect ایک اسلامی فرقہ - وہابی -

Waif (wāf) *n.* Ownerless property or animal ایسا مال جو بہہ کر آ گیا ہو یا جانور جس کا کوئی مالک اور وارث نہ ہو - لاوارث مال -

Waifs and strays متفرق چیزیں - لاوارث بچے -

Wail (wāl) *v.t., i.* & *n.* Lament loudly واویلا کرنا - ماتم کرنا - آہ و زاری کرنا - نوحہ کرنا - ماتم - ہوا کی سنسناہٹ - دردناک آواز -

Wailing Wall جہاں یہودی کھڑے ہو کر روتے ہیں - دیوار گریہ -

Wailful *adj.* غم انگیز - دردناک -

Wailingly *adv.* دردناک آواز میں - سینہ کوبی کے ساتھ - آہ و زاری کرتے ہوئے -

Wain (wān) *n.* A wagon بگھی - چھکڑا - گاڑی -

Wainscot (wān-skot) *n.* & *v.t.* Wood work تختہ بندی - فرش یا چھت میں تختے جڑنا - تختوں کا حاشیہ لگانا -

Wainscoting *n.* تختہ بندی - لکڑی کا حاشیہ -

Waist (wāst) *n.* Middle part of human trunk کمر - میان -

Waistcoat واسکٹ - بن آستین کی صدری جو کوٹ کے نیچے پہنتے ہیں -

Waist deep or high کمر تک - کمر کمر -

Wait (wāt) *v.i.* & *t.* Keep watch, remain in expectation انتظار کرنا - توقف کرنا - منتظر رہنا - کھانے کی میز پر خدمت انجام دینا - کھانا کھلانا - کھانے کے لیے کسی کا انتظار کرنا -

Always has to be waited for وہ ہمیشہ دیر سے آتا ہے -

Waiting room انتظار کا کمرہ -

Wait (wat) *n.* A party of singers گانے والوں کی ٹولی جو کرسمس میں گھر گھر جا کر گاتی ہے - انتظار - گھات - کمین -

Lie in wait تاک میں رہنا - گھات لگانا -

Waiter (wāt-ər) *n.* One who waits at the table, custom officer, watchman ملازم - خدمت گار - ملازم جو کھانا کھلاتا ہے - چنگی کا اہل کار - چوکیدار - خوان - کشتی -

Waitress *n.* ہوٹل کی ملازمہ جو کھانا کھلاتی ہے -

Waive (wāv) *v.t.* Put away, reject, abandon
چھوڑنا ۔ دست کش ہونا ۔ تیاگنا ۔ دست بردار ہونا ۔ دعوی چھوڑنا ۔

Wake (wāk) *v.i. & t.* Remain awake, active or vigilant جاگتے رہنا ۔ بیدار رہنا یا کرنا ۔ غفلت سے بیدار کرنا ۔ چونکا دینا ۔ زندہ کرنا ۔ جی اٹھنا ۔ شور و غل سے گونج جانا ۔ برانگیختہ ہونا ۔ متحرک ہونا ۔

Waking dream خیالی پلاؤ ۔ محویت کا عالم ۔

Waking hours اوقات بیداری ۔

Waking or sleeping ہر دم ۔ سوتے جاگتے ۔

Wake (wāk) *n.* Streak of foamy water left in the track of a ship پانی کی لکیر جو جہاز چلتے وقت پیچھے بن جاتی ہے ۔ بن لیکھ ۔ رت جگے کا میلہ ۔ گرجے کی سالگرہ ۔

In the wake of نتیجتاً ۔ پیچھے پیچھے ۔

Wakeful (wāk-ful) *adj.* Waking, vigilant بیدار ۔ چوکس ۔ ہوشیار ۔

Wakefulness *n.* چوکسی ۔ بیداری ۔ بے خوابی ۔

Waken (wāk-ən) *v.t. & i.* Be or become awake, excite, stir جاگنا ۔ جگانا ۔ چونکنا ۔ چونکانا ۔ اٹھنا ۔ اٹھانا ۔

Wale (wāl) *n. & v.t.* Raised streak left by a blow بدھی ۔ اول ۔ برت ۔ مار کے نشان ۔ تیلیوں کی ٹوکری بنانا ۔ کپڑے کی بنت میں ابھرا ہوا دھاگا ۔

Waler (wā-lər) *n.* A horse imported from Australia in India آسٹریلیا کا دوغلا گھوڑا جو ہندوستان میں درآمد کیا جائے ۔ ویلر ۔

Wales (wal-z) *n.* The Wales region of Britian ویلز ۔ برطانیہ کا وہ علاقہ جہاں ولش قوم آباد ہے ۔

Prince of Wales شہزادہ ویلس ۔ ولی عہد برطانیہ ۔

Walk (wawk) *v.i.* Move along leisurely چلنا ۔ چہل قدمی کرنا ۔ معمولی چال چلنا ۔ چل کر جانا یا آنا ۔ بھوت نظر آنا ۔ زندگی بسر کرنا ۔ گزارنا ۔ گزر کرنا ۔ ساتھ لے کر چلنا ۔ پیدل چلنے کا مقابلہ کرنا ۔

Please walk in تشریف لائیے ۔

Walk about ٹہلنا ۔ سیر گشت کرنا ۔ ادھر ادھر پھرنا ۔

Walk off فوراً چل دینا ۔

Walk out جلسہ سے اٹھ کر چلے جانا ۔

Walk over حریف کے نہ آنے کی وجہ سے فاتح قرار دیا جانا ۔

Walk tall غرور سے پیش آنا ۔

Walked me off my legs مجھے چلاتے چلاتے تھکا مارا ۔

Walkable *adj.* پیدل چلنے کے قابل ۔

Walk (wawk) *n.* A spell of walking for pleasure چہل قدمی ۔ گلگشت ۔ ہوا خوری ۔ سیر ۔ رفتار ۔ چال ۔ روش ۔ پٹری ۔ خیابان ۔ خوانچے والے کی پھیری کا علاقہ ۔

Walk of life شعبہ حیات ۔ پیشہ ۔ شغل ۔

Walker (wawk-ər) *n.* One who walks ۔ چلنے والا ۔ سیر کرنے والا ۔ پیروں سے چلنے والا پرندہ ۔

Walker (wawk-ər) *interj.* It is all right ابھی رہنے بھی دو ۔ ٹھیک ہے ۔ جی ہاں ۔

Wall (wawl) *v.t. & n.* An erection of brick stone دیوار ۔ فصیل ۔ مورچہ ۔ پناہ ۔ دھس ۔ دیوار اٹھانا ۔ فصیل بنانا ۔ اینٹوں سے چننا ۔

Blank wall سپاٹ دیوار ۔

See through the brick wall ۔ نہایت تیز نظر رکھنا

The weakest goes to the wall کمزور کی کوئی وقعت نہیں ہوتی ۔

Wall flower ۔ وہ عورت جس کو رقص کا ساتھی نہ ملے ۔ ایک پودا جس میں خوشبو دار پھول آتے ہیں ۔

Walls have ears ہوشیار کوئی کان لگا کر نہ سن لے ۔ دیوار ہم گوش دارد ۔

With one's back to the wall ۔ بڑی مشکل میں ۔ مرتا کیا نہ کرتا ۔ جان ہتھیلی پر رکھ کر ۔

Wallaroo (wol-ə-roo) *n.* A large kangaroo آسٹریلیا کا ایک بڑا کینگرو ۔

Wallet (wol-it) *n.* A bag for carrying necessaries in a journey فقیروں کی جھولی ۔ سفری تھیلہ ۔ اوزار رکھنے کا تھیلہ ۔ زنبیل ۔ بٹوا ۔

Wall-eye (wawl-ī) *n.* A disease in which the iris pales ۔ ایک بیماری جس میں آنکھیں پیلی ہو جاتی ہیں ۔ پیلہ ۔ گھوڑے کی کرنجی آنکھ ۔

Wall-eyed ۔ جس کو پیلے کی بیماری ہو ۔ پیلی آنکھ والا

Walloon (wol-o͞on) *adj.* & *n.* Pertaining to a people living in southern Belgium جنوبی بلجیم کی ایک قوم والون قوم یا زبان ۔

Wallop (wol-əp) *v.i.* & *t.* Move quickly but clumsily لڑکھڑاتے ہوئے چلنا ۔ ابلنا ۔ جوش کھانا ۔ ڈھیلا ڈھالا ہونا ۔ کوڑے مارنا ۔ چابک لگانا ۔ (بول چال) کندی کرنا ۔

Wallow (wol-ō) *v.i.* & *t.* Roll about in mud کیچڑ میں لوٹنا ۔ غلاظت میں رہنا ۔ جانوروں کی طرح مست رہنا ۔

Wallow in money بہت مالدار ہونا ۔ دھن میں لوٹنا ۔

Wall Street (wawl-strēt) *n.* New York money market نیو یارک کا صرافہ ۔

Walnut (wawl-nut) *n.* A beautiful tree yielding nuts and wood اخروٹ ۔ اخروٹ کا درخت ۔ اخروٹ کے درخت کی لکڑی ۔ اخروٹ کا پھل ۔

Over the walnuts and the wine کھانا کھانے کے بعد پھل اور شراب ۔

Walrus (wol-rəs) *n.* Sea horse دریائی گھوڑا ۔

Waltz (wowl(t)s) *n.* & *v.i.* A German dance performed by couples ایک رقص جس میں جوڑے جوڑے ناچتے ہیں ۔ ساز جو اس ناچ کے لیے بجایا جاتا ہے ۔ والز ناچنا ۔ خوشی سے ناچنے لگنا ۔

Wampee (wom-pē) *n.* An Asiatic fruit چین اور شرق الہند کا ایک سخت چھلکے کا میوہ جو انگور سے بڑا ہوتا ہے ۔ وامپی ۔

Wampum (wom-pəm) *n.* Beads of shell سیپ کے گول دانے جو امریکہ کے دیسی باشندے زر کے طور پر استعمال کرتے تھے ۔

Wan (won) *adj* Gloomy, pale and sickly زرد رو ۔ مریض ۔ بے نور ۔ پھیکا ۔ نقیہ ۔

Wanly *adv.* افسردگی کے ساتھ ۔ نقاہت سے ۔

Wanness *n.* نقاہت ۔ پیلا پن ۔ زردی ۔

Wand (wond) *n.* A walking cane, a shoot of a willow چھڑی ۔ قمچی ۔ جریب ۔ پتلی ٹہنی ۔ عصا ۔ جادو کی چھڑی ۔

Wander (won-dər) *v.i.* Move about with no definite object ادھر ادھر پھرنا ۔ بے مقصد پھرنا ۔ آوارہ گردی کرنا ۔ خانہ بدوشوں کی طرح مارا مارا پھرنا ۔ بھٹکنا ۔ بہکنا ۔ گمراہ ہونا ۔ بہکی بہکی باتیں کرنا ۔ کھویا ہوا ہونا ۔ محو ہونا ۔

Wandering abscess جو ایک جگہ دب کر دوسری جگہ ابھرے ۔ متحرک پھوڑا ۔

Wandering Jew حضرت مسیح کی بے حرمتی کرنے والا ۔ جس کے متعلق آپ نے ارشاد فرمایا تھا کہ جب تک میں واپس نہ آؤں تو دنیا میں مارا مارا پھرے گا ۔ وہ شخص جو ہمیشہ سفر میں رہے ۔

Wanderer *n.* خانہ بدوش ۔ آوارہ گرد ۔ جہاں گرد ۔

Wandering *n.* بہکی باتیں ۔ هذیان ۔ خانہ بدوشی ۔ آوارہ گردی ۔

Wanderoo (won-də-ro͞o) *n.* Tiger-tailed monkey لنکا کا شیر کی دم والا بندر ۔

Wane (wān) *v.i.* & *t.* Decrease in size گھٹنا ۔ کم ہونا ۔ زوال پذیر ہونا ۔ انحطاط ہونا ۔ چاند کا گھٹنا ۔

Wangle (wang-gl) *v.t.* & *i.* Obtain by craft (بول چال) چالاکی سے حاصل کرنا ۔ دم دے کر حاصل کرنا ۔ جوڑ توڑ کر کے فائدہ اٹھانا ۔ جعل کرنا ۔

Want (wont) *n.* Poverty کمی ۔ قلت ۔ توڑا ۔ ضرورت ۔ احتیاج ۔ افلاس ۔ خواہش ۔ ضرورت کی چیز ۔

Wantless *adj.* مستغنی ۔ بے نیاز ۔

Want (wont) *v.i.* & *t.* Lack, be without نہ رکھنا ۔ حاجتمند ہونا ۔ خالی ہونا ۔ معیار سے کم ہونا ۔ چاہنا ۔ ضرورت ہونا ۔ خواہش کرنا ۔ طلب کرنا ۔

Wanting *adj.* & *n.* مطلوب ۔ غائب ۔ مقررہ معیار سے کم ۔ ناقص ۔ بغیر ۔ کم ۔ درکار ۔

Wanton (won-tən) *adj.*, *n.* & *v.i.* Undisciplined, unruly, self-indulgent شوخ ۔ چنچل ۔ اچھلنے کودنے والا ۔ آزاد ۔ بے روک ۔ بے لگام ۔ بے قاعدہ ۔ بے ڈھنگا ۔ مخمور ۔ عیاش ۔ اوباش ۔ بدکار عورت ۔ شوخی کرنا ۔ شہوت انگیز حرکات کرنا ۔

Wantonly *adv.* شوخی سے ۔ آزادی سے ۔

Wantonness *n.* رندی ۔ بدکاری ۔ آوارگی ۔ آزادی ۔

Wapiti (wap-i-ti) *n.* A species of large-sized deer شمالی امریکہ کا بارہ سنگھا - بڑا ہرن -

War (wawr) *n.* A state of conflict محاربہ - رزم - لڑائی - جنگ - خصومت - پیکار - پر خاش - آویزش -

Art of war فن جنگ -

Be, go, on the war path جنگ کا آغاز کرنا - لڑائی چھیڑنا -

Carry the war into the enemy's country دشمن کے ملک کے اندر جا کر لڑنا -

Civil war خانہ جنگی -

Old war سیاسی جنگ -

Declaration of war اعلان جنگ -

Holy war مذہبی جنگ -

Laws of war آداب جنگ -

Man of war جنگی جہاز -

Sinews of war روپیہ پیسہ - سامان -

The dogs of war لڑائی کی تباہ کاریاں -

The war to end war جنگ کے خاتمے کے لیے جنگ -

Wage war جنگ کرنا -

War cloud آثار جنگ -

War cry نعرہ جنگ -

Warlords قائدین جنگ - ماہرین جنگ -

War of the elements زور عناصر -

War song رجز - رزمیہ گیت -

War to the knife مارنے مرنے کی لڑائی -

War (wawr) *v.i.* & *t.* Make war جنگ کرنا - لڑ کر شکست دینا -

Warring *adj.* مخالف - متضاد -

Warble (wawr-bl) *n.* Sing in a quavering way چہچہانا - چہکنا - لہک لہک کر گانا - دلکش آواز سے گانا - مترنم آواز - دریا کا بہاؤ -

Warblingly *adv.* چہچہاتے ہوئے -

Warble (wawr-bl) *n.* A singing bird, a hard swelling on horse's back ایک خوش الحان پرندہ - گھوڑے کی پیٹھ کا گٹھا جو زین کی رگڑ سے پڑ جاتا ہے -

Warbler (wawr-blər) *n.* Singer چہکنے والا - گانے والا -

Ward (wawrd) *n.* Act of watching, guarding نگرانی - نگہبانی - حفاظت - چوکسی - پاسبان - نگہبان - حراست - قید - نا بالغ - زیر ولایت - شہر کا حلقہ - جیل یا ہسپتال کا کمرہ -

Ward (wawrd) *v.t.* Guard, protect حفاظت کرنا - حملہ روکنا - توڑ کرنا - رد کرنا - بچنا - بچانا -

Warden (wawrd-ən) *n.* One who guards or keeps پاسبان - نگہبان - مہتمم - داروغہ - سنتری - حاکم - گورنر - ایک قسم کی ناشپاتی -

Wardenship نگران کے فرائض - مہتمم کا عہدہ -

Warder (wawrd-ər) *n.* One in charge of prisoners قیدیوں کا نگران - عصائے حکومت - محافظ - داروغہ - لڑائی موقوف کرنے کا عصا -

Wardrobe (wawrd-rob) *n.* Stock of wearing apparels, a piece of furniture for containing clothes توشہ خانہ - شش درہ - کپڑوں کا پورا ذخیرہ -

Wardship (wawrd-ship) *n.* Office of a guardian ولایت - نگرانی - نابالغ کی محافظت -

Ware (wār) *n.* Articles of merchandise سودا - مال - مال تجارت - دوکان کا سامان - مال و اسباب - شے - چیز - جنس - مصنوعات -

Hardware لوہے ، لکڑی کا سامان -

Tinware ٹین کا سامان -

Warehouse کوٹھی - گودام - مال خانہ -

Ware (wār) *v.t.* Be aware ہوشیار رہو - دور رہو - بچتے رہو -

Warfare (war-fār) *n.* Armed contest جنگ و جدل - لڑائی بھڑائی - محاربہ -

Warlike (war-līk) *adj.* Martial جنگ جو - جرار - رزم پیشہ - جنگی - فوجی - لڑائی کا -

Warlock (wawr-lōk) *n.* A wizard, a magician جادوگر - ساحر -

Warm (wawrm) *adj.* Having moderate heat گرم - قدرے گرم - گرمی کا - سرگرم - پر شوق - پر جوش - جذباتی - تند - سخت - تیز - مشتعل - گرم مزاج - ہمدردی کا - دلسوزی کا - (جذبہ) شوخ - شکار کی تازہ بو - خوش حال - دولت مند - تجربہ کار - پختہ کار -

A warm temperament عاشقانہ مزاج ۔
Make things warm for one کسی کی ناک میں دم کر دینا ۔
Warm descriptions شہوت انگیز بیان ۔
Warm-blooded جذباتی مزاج کا ۔
Warm-hearted دلسوز ۔ ہمدرد ۔
Warmly *adv.* گرم جوشی سے
Warmth *n.* غصہ ۔ حرارت ۔ گرم مزاجی ۔ جوش ۔

Warm (wawrm) *v.t.* & *n.* A heating تپانا ۔ اشتعال ۔ گرمی ۔
Warmer *n.* Warming pot گرم کرنے کا برتن ۔
Warming *n.* کندی ۔ مرمت ۔ زد و کوب ۔ مار ۔

Warn (wawrn) *v.t.* Give notice of danger آگاہ کرنا ۔ خبردار کرنا ۔ ہوشیار کرنا ۔ فہمائش کرنا ۔ حکم دینا ۔
Warningly *adv.* خطرے سے آگاہ کرتے ہوئے ۔

Warning (wawrn-ing) *n.* Caution against danger تنبیہ ۔ انتباہ ۔ خطرے کی اطلاع ۔ خطرے کی علامت ۔
Take warning خبردار ہونا ۔ ہوشیار ہو جاؤ ۔

Warp (wawrp) *v.t.* & *i.* Cast, throw, twist, distort موڑنا ۔ ٹیڑھا کرنا ۔ خم دینا ۔ منحرف کرنا ۔ الٹے معنی نکالنا ۔ کسی کی رائے کو نقطہ اعتدال سے ہٹا دینا ۔ تعصب پیدا کر دینا ۔ جہاز کو رسی باندھ کر کھینچنا ۔ زمین کو نئی مٹی سے زرخیز بنانا ۔

Warp (wawrp) *n.* Distortion of timber, mental bias, lengthwise threads in a loom تانا ۔ کپڑے کے لمبان کے تار ۔ جہاز کا رسہ ۔ اینٹھن ۔ خم ۔ کجی ۔ انحراف ۔ تعصب ۔ دریائی مٹی کی تہہ جو سیلاب کے بعد کھیتوں میں جم جاتی ہے ۔

Warrant (wor-ənt) *n.* Guarantee, pledge, assurance سند اختیار ۔ کسی کام کی معقول وجہ ۔ جواز ۔ پروانہ گرفتاری یا تلاشی ۔ پروانہ ادائی زر ۔ مختار نامہ ۔ پیروی مقدمہ کی تحریری اجازت ۔ (فوج) پروانہ تقرر ۔
Warrant of attorney مختار نامہ ۔
Warrant officer (فوجی) غیر کمشن ملازموں سے بڑا عہدہ دار ۔

Warrant (wor-ənt) *v.t.* Secure, guarantee, be convinced, be bound وجہ جواز ہونا ۔ تصدیق کرنا ۔ ضامن ہونا ۔ یقین دلانا ۔ کہنا ۔ دلجمعی کرنا ۔ اختیار دینا ۔ روا رکھنا ۔
Warrantable *adj.* قابل شکار ۔ (بارہ سنگھا) معقول ۔ جائز ۔ واجب ۔ مناسب ۔

Warranty (wor-ənt-i) *n.* Guarantee دلجمعی ۔ اطمینان ۔ کفالت ۔ ضمانت ۔ وعدہ ۔ اقرار ۔ عہد نامہ ۔ تصدیق ۔ اصلیت و ملکیت ۔

Warren (wor-ən) *n.* A piece of ground for breeding game شکارگاہ ۔ جہاں شکار کے جانوروں کی افزائش کا انتظام ہو ۔ خرگوشوں یا ہرنوں کا جنگل ۔

Warrior (wawr-i-ər) *n.* A skilled fighting man سپاہی ۔ مجاہد ۔ تجربہ کار فوجی ۔ جنگ جو ۔ جنگ دیدہ ۔ عسکری ۔

Wart (wawrt) *n.* A small protuberance on the skin مسا ۔ گمڑی ۔ سخت دانہ ۔ گمڑا جو درخت کے تنے پر ہو ۔
Point one with his warts ایسی تصویر بنانا جس میں عیب بھی نمایاں ہوں ۔
Warty *adj.* مسوں سے بھرا ہوا ۔

Wary (wari) *adj.* Guarding against danger چوکس ۔ چوکنا ۔ ہوشیار ۔ خبردار ۔ محتاط ۔ چوکسی کا ۔
Warily *adv.* دیکھ بھال کر ۔ احتیاط کے ساتھ ۔ ہوشیاری سے ۔
Wariness *n.* ہوشیاری ۔ چوکسی ۔

Was (was) *n.* Past tense of be تھا ۔

Wash (wosh) *v.t.* & *i.* Cleanse with water دھونا ۔ نہلانا ۔ نہانا ۔ پاک صاف کرنا ۔ ہاتھ منہ دھونا ۔ غسل کرنا ۔ کپڑے دھونا ۔ دھلائی کا کام کرنا ۔ دریا یا ساحل کو چھونا یا چھوتے ہوئے بہنا ۔ پانی سے دھو کر نتھارنا ۔ ہلکا رنگ کرنا ۔ قلعی کرنا ۔ پانی چڑھانا ۔ جھول پھیرنا ۔
Wash one's hands of کسی معاملے سے الگ ہو جانا ۔
Washed out (رنگ رلیاں منانے سے) تھکا ہارا ۔ خراب خستہ ۔

Won't wash یہ دلیل کام نہ دے گی -
Washable *adj.* پکے رنگ کا کپڑا - دھونے کے قابل -
Washing *adj. & n.* دھلائی کے متعلق - دھلائی - شست و شو - دھلنے والے کپڑوں کا ڈھیر -

Wash (wosh) *n.* Process of washing, sound of waves غسل - شست و شو - کپڑوں کا ڈھیر جو دھلنے کے لیے لگایا جائے - لادی - موجوں کا تلاطم - پانی کی ہلچل - باورچی خانے کا دھوون - ہلکی شراب - فضول اور بے لطف گفتگو - دھونے یا رنگ صاف کرنے کا مرکب - ہلکا ملمع - ہلکی قلعی -
The wash دھوبی کی لادی -

Wash (wosh) *prefix* Washing سابقہ بمعنی دھونے کا -
Wash basin ہاتھ منہ دھونے کا طشت - سلفچی -
Washball ہاتھ منہ دھونے کا صابون -
Washday یوم غسل - کپڑے دھونے کا دن -
Washhouse کپڑے دھونے کا کارخانہ -
Wash leather برتن وغیرہ صاف کرنے کا چمڑا -
Wash out (بول چال) نکما - ناکام شخص - ٹائیں ٹائیں فش - لاحاصل کام -
Washpot کپڑے دھونے کا طشت - کنکال -
Wash tub کپڑے دھونے یا نہانے کا ٹب -

Washer (wosh-ər) *n.* A ring of metal, rubber or leather دھونے والا - دھونے کی مشین - ربر یا لوہے کا چمڑے کا چھلا جو پیچ کے نیچے مضبوطی کے لیے لگایا جاتا ہے - چیندی -
Washing *n.* دھلائی کے کپڑے - لادی -

Washington (wosh-ing-tən) *n.* Capital of U.S.A. USA Government ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی حکومت - ریاست ہائے متحدہ امریکہ کا دارالسلطنت -

Washingtonia (wosh-ing-tō-ni-ā) *n.* A kind of fan palm کیلی فورنیا کا پام کا درخت -

Washy (wosh-i) *adj.* Watery پانی کا سا - بالکل پتلا (شوربا - شراب) ہلکا - ہلکی (چائے) بے مزہ - پھسپھسا - (انداز بیان یا تحریر) -
Washiness *n.* ہلکا پن - پتلا پن - پھیکا پن -

Wasp (wosp) *n.* An insect, vespa vulgaris بھڑ - زنبور -
Wasp-waisted بھڑ جیسی کمر والا - پتلی کمر والا یا والی -

Waspish (wosp-ish) *adj.* Spiteful چڑچڑا - بد مزاج - جھلا -
Waspishness *n.* ضد - تلخی - تنک مزاجی -

Wassail (wos(ā)l) *n.* Salutation uttered in drinking a person's health جام صحت نوش کرتے وقت کا سلام - جس کا جام صحت پیا جاتا ہے اس کا نام لینا - شراب نوشی - بزم طرب - تیز شراب -

Wast (wost) *v.* Past tense of be used with "thou" only تھا - تھے -

Wastage (wāst-āj) *n.* Loss by use or natural decay

Waste (wāst) *adj.* Uncultivated, devastated - اجاڑ ویران - پامال - بے چراغ - غیر مزروعہ - غیر آباد - فضول - نکما - غیر دلچسپ -
Lay waste پامال کرنا - اجاڑ دینا -
Wasteland بنجر زمین - پڑت -
Waste paper بیکار کاغذ - ردی -

Waste (wāst) *v.t. & i.* Impair, spend too lavishly, consume برباد کرنا - تباہ کرنا - پامال کرنا - ضائع کرنا - تلف کرنا - فضول خرچی کرنا - بھونڈے پن سے استعمال کرنا - گھلانا - برباد ہونا - ضائع ہونا -
Wasteful *adj.* مسرف - فضول خرچ -
Waste not want not نہ فضول خرچی کرو نہ محتاج بنو -

Waste (wāst) *n.* A devastated region, a vast expanse expenditure تباہی - بربادی - اسراف - نقصان - ویرانہ - دشت - وسیع فضا یا سمندر - کترن - نقصان (جو لگاندار زمین کو پہنچائے) -

Waster (wāst-ər) *n.* One who squanders فضول خرچ - مسرف - ضائع کرنے والا - کھاؤ اڑاؤ - ناقص مال - نکما آدمی - لکڑی کی مشقی تلوار -

Wastrel (wāst-rl) *n.* Refuse, a neglected child ردی نکما مال - آوارہ بچہ جس کا کوئی نگران نہ ہو - فضول خرچ - مسرف -

Watch (woch) *n.* Act of remaining on the alert, state of being awake چوکسی - بیداری - پاسبانی - چوکیدار - نگہبان - چوکیداری - رکھوالی - پہرہ - گھڑی -

Watch and ward چوکسی - چوکی پہرہ -
Watchdog رکھوالا کتا -
Watchman چوکیدار -
Watch tower پہرے کا مینار - دیدبان -
Watchful *adj.* ہوشیار - چوکس -
Watchfulness *n.* چوکسی - خبرداری -

Watch (woch) *v.t.* & *i.* Remain awake, keep in view چوکسی کے لیے جاگتے رہنا - خبردار رہنا - نظر میں رکھنا - موقع کے انتظار میں رہنا - انتظار کرنا -
Watched pot never boils انتظار میں وقت پہاڑ ہو جاتا ہے - جو چوکس رہتا ہے اس کا کام خراب نہیں ہوتا -
Watch one's time مناسب موقع کا انتظار کرنا -

Water (waw-tər) *n.* Clear transparent fluid, state of purity پانی - آب - ماء - ندی - دریا - جھیل - سمندر - پیشاب - پسینہ - آنسو - جواہرات کی چمک - موتی کی آب - کسی کمپنی کے سرمایہ میں ظاہری اضافہ -
Brings water to one's mouth اسے دیکھ کر منہ میں پانی بھر آتا ہے -
Cast one's bread upon the water نیکی کر اور دریا میں ڈال -
Fish out of water تکلیف میں - خلاف طبع ماحول میں -
Get into hot water مصیبت میں مبتلا ہو جانا - مشکلات میں پھنس جانا -
Go through fire and water ہر طرح کی مشکلات کا مقابلہ کرنا -
In deep water or waters مصائب میں مبتلا -
Keep one's head above water کسی نہ کسی طرح خرچ پورا کرنا -
Still waters run deep خاموش آدمی بڑے گہرے ہوتے ہیں -
Throw cold water on کسی تحریک کو نقصان پہنچانا -
Turned on the waters (بول چال) زار و قطار ہونا -
Water biscuit بغیر گھی کے بنا ہوا سخت بسکٹ -
Water borne سمندری راستے سے لایا ہوا -
Water closet فلش کا طہارت خانہ -
Water colour آب رنگ تصویر - پانی کے رنگ -
Waterfall جھرنا - آبشار -
Water-finder وہ شخص جو زیر زمین پانی کا پتہ چلاتا ہے -
Water level سطح آب -
Waterman ملاح - کشتی بان - بہشتی -
Water mark کاغذ کے اندر کا نشان -
Waterproof پن روک -
Water side سمندر کے کنارے - لب دریا -
Water tight جس پر پانی اثر نہ کرے - پن روک -
Water tight compartment ایسے شعبے جن کو ایک دوسرے سے تعلق نہ ہو - الگ الگ خانے -
Is on the water wagon شراب سے پرہیز کرتا ہے -
Water works محکمہ یا سررشتہ آب رسانی -

Water (waw-tər) *v.t.* & *i.* Wet, overflow, irrigate, supply چھڑکاؤ کرنا - بھگونا - پانی دینا - آبپاشی کرنا - پانی ملانا - منہ میں پانی آ جانا - انجن یا جہاز کا پانی لینا - کپڑے میں لہریا ڈالنا - کمپنی کے سرمائے میں ظاہری اضافہ کرنا -
Water down ہلکا کرنا -
Watering place مویشیوں کے پانی پینے کی جگہ -
Watering pot جھارا - کنڈلی -
Waterbury امریکہ کی بنی ہوئی سستی گھڑی -

Waterloo (waw-tər-lōō) *n.* A final defeat آخری شکست - فیصلہ کن شکست - معرکہ واٹرلو جس میں نپولین کو بری شکست ہوئی تھی -

Watery (waw-tər-i) *adj.* Full of water, thin حد سے زیادہ پانی کا - پتلا - بیحد پتلا - پن چھٹا - پھیکا - بے مزہ - پرنم -
Wateriness *n.* تری - نمی - رطوبت -

Watt (wot) *n.* Unit of power برقی قوت کا پیمانہ -

Wattle (wot-l) *n.* & *v.t.* A twig or a flexible rod ٹٹی - جعفری - ڈالی - لچکدار چھڑی - بید - جعفری بنانا - ٹٹی لگانا - ٹہنیوں سے ٹھاٹر بنانا -

Wattle (wot-l) *n.* Coloured flesh under the throat of some birds مرغ کا ہوٹا - پرندوں کا لٹکتا ہوا گلے کا گوشت - پرندوں کے سر کا گوشت - مچھلی کے خار -

Wattled *adj.* جس کے گلے کا گوشت لٹکا ہوا ہو ۔

Wave (wav) *n.* A ridge on the surface of water لہر ۔ موج ۔ ترنگ ۔ ہوا ۔ پانی کا تموج ۔ کسی جذبہ کا عارضی طور پر بڑھ جانا ۔ لا سلکی لہروں کی لمبائی ۔ ہاتھ کا اشارہ ۔

Wave length لا سلکی لہروں کی لمبائی ۔ موج کا طول ۔

Waverer *n.* ڈگمگانے والا ۔ متلون مزاج ۔

Waveringly *adv.* ڈگمگاتے ہوئے ۔ پس و پیش کرتے ہوئے ۔

Wavy (wav-i) *adj.* Full of, rising, in waves لہریں مارتا ہوا ۔ متموج ۔ لہر دار ۔ پر شکن ۔ پر خم ۔

Waviness *n.* لہر دار ہونا ۔ پر پیچ و خم ہونا ۔

Wax (waks) *n.* & *v.t.* Any of a class of substances consisting of esters of monohydric alcohols موم ۔ مومی مادہ ۔ کان کا میل ۔ موم رگڑنا ۔ موم کی تہہ دینا ۔ موم ملانا ۔

Mould one like wax اپنی مرضی پر چلانا ۔ موم کی طرح سانچے میں ڈھال لینا ۔

Waxworks مومی مجسمہ سازی ۔ مومی چیزیں ۔

Wax (waks) *v.i.* Grow or increase بڑھنا ۔ زیادہ ہونا ۔ بڑا ہونا ۔ پھیلنا ۔ ترقی کرنا ۔ نشو و نما پانا ۔

Wax and wane بڑھنا گھٹنا ۔

Wax (waks) *n.* Fit of anger (بول چال) غصہ ۔ خفگی ۔

Waxen (waks-n) *adj.* Made of wax موم کا بنا ہوا ۔

Waxy (waks-i) *adj.* Soft, impressible موم سا ۔ نرم ۔ پیلا سا ۔ (بول چال) غصیلا ۔ تیز مزاج ۔

Waxiness *n.* موم پن ۔ نرمی ۔

Way (wā) *n.* Passage, road, street, track, condition راستہ ۔ راہ ۔ رہگذر ۔ سڑک ۔ لیک ۔ شارع ۔ خیابان ۔ طور ۔ طریقہ ۔ طرز ۔ طرز زندگی ۔ طریق عمل ۔ تدبیر ۔ فاصلہ ۔ سمت ۔ ترقی ۔ بہبودی ۔ حکمت ۔ سبیل ۔ منصوبہ ۔ ارادہ ۔ نیت ۔ عقیدہ ۔

Be in the family way حاملہ ہونا ۔

Clear the way راستہ صاف کر دینا ۔ راستہ چھوڑ دینا ۔

Look the other way کنی کاٹنا ۔ آنکھیں چار نہ کرنا ۔

Make the best of one's way حتی الامکان تیز چلنا ۔

In no way inferior کسی لحاظ سے کم نہیں ۔

The way of the world دنیا کا دستور ۔ دنیا کی ریت ۔

Way lay *v.t.* رہزنی کرنا ۔ راستہ میں روکنا ۔ گھات لگانا ۔

Wayside سر راہ ۔

Way worn سفر کا تھکا ماندہ ۔

Ways and means تدبیر اور وسائل ۔

Where there is will there is way ہمت مرداں مدد خدا ۔ ارادہ پختہ ہو تو کامیابی کی راہ نکل ہی آتی ہے ۔

Wayward (wā-wərd) *adj.* Wilful, capricious خود پسند ۔ خود رائے ۔ ضدی ۔ شوخ ۔ من موجی ۔ کسی کی نہ ماننے والا ۔ بد دماغ ۔

Waywardness *n.* ضد ۔ سرکشی ۔ بد دماغی ۔ خود رائی ۔

We (wē) *pron.* & *p.* I and others ہم ۔ بادشاہ اپنے لیے ما بدولت اور ہم ۔

Weak (wēk) *adj.* Wanting strength and health کمزور ۔ نا طاقت ۔ بودا ۔ ملائم ۔ نرم ۔ ڈھیلا ۔ ہلکا ۔ پتلا ۔ ضعیف العقل ۔ غبی ۔ کمزور ارادے کا ۔

Weak kneed کمزور ارادے کا ۔ بودا ۔

Weak-minded ضعیف العقل ۔ کم عقل ۔ کمزور ۔

Weaken *v.t.* طاقت کم کرنا ۔ کمزور کرنا ۔ زور گھٹانا ۔ قوت ارادی کو گھٹانا ۔

Weakish *adj.* قدرے کمزور ۔ کمزور سا ۔

Weakly *adv.* کمزوری کے ساتھ ۔

Weakling (wēk-ling) *n.* A weak or feeble creature ضعیف یا کمزور انسان ۔ مریل آدمی ۔ ارادے کا کچا ۔

Weakness (wēk-nes) *n.* Feebleness کمزوری ۔ نا طاقتی ۔ ارادے کی کمزوری ۔ بزدلی ۔ نقص ۔ عیب ۔ کھوٹ ۔ بے جا رغبت ۔

Weal (wēl) *n.* A sound and prosperous state خوش حالی ۔ برتری ۔ بہبودی ۔ رفاہ ۔ ترقی ۔

Wealth (welth) *n.* Prosperity مال ۔ دولت ۔ فراوانی ۔ کثرت ۔ تونگری ۔

Wealth of words is not eloquence لفاظی فصاحت نہیں ہے ۔

Wealthiness *n.* دولت مندی ۔ تونگری ۔ امیری ۔

Wealthy *adj.* دولتمند ۔ امیر ۔ مالدار ۔

Wean (wēn) *v.t.* Keep away from mother's milk دودھ چھڑانا ۔ مشکل سے الگ کرنا ۔ محبت سے الگ کرنا ۔

Weanling (wēn-ling) *n.* A newly-weaned child وہ بچہ حال ہی میں جس کا دودھ چھڑایا گیا ہو ۔ دودھ چھوٹا بچہ ۔

Weapon (wēp-n) *n.* Any instrument of offence ہتھیار ۔ آلہ حرب ۔ آلہ جارحہ ۔ وہ چیز جس سے مقابلہ کرنے میں کام لیا جائے ۔

Wear (wār) *v.t. & i.* Be dressed in, carry on the body پہننا ۔ زیب تن کرنا ۔ اوڑھنا ۔ گھسنا ۔ رگڑنا ۔ فرسودہ کرنا ۔ خستہ کر دینا ۔ عاجز کر دینا ۔ چلنا ۔ کام دینا ۔ قابل استعمال رہنا ۔

Person wears well ابھی تک جوان معلوم ہوتا ہے ۔

Wear down opposition رفتہ رفتہ مخالفت ختم کردینا ۔

Wear out one's welcome کثرت ملاقات سے باور ہو جانا ۔

Wear the breeches بیوی کا شوہر پر حکومت کرنا ۔

Wear through the day کسی طرح دن کاٹنا ۔

Won't wear یہ زیادہ دن نہیں چلے گا ۔

Wearable *adj.* پہننے کے قابل ۔

Wear (wār) *n.* Durability, articles worn, clothes پہننا ۔ استعمال ۔ لباس ۔ پوشاک ۔ پہننے کی چیز ۔ پائداری ۔

Footwear جوتے ۔

Is the worse for wear استعمال سے خراب ہوگیا ہے ۔

Wear and tear گھسنا ۔ فرسودگی ۔

Wear (wār) *v.t. & i.* Be brought to another course by turning the helm windward جہاز کا گھومنا ۔ جہاز کا گھوم کر رخ بدل دینا ۔

Weary (we-ri) *adj., v.t. & i.* Very tired, make tired تھکا ہوا ۔ تھکا ماندہ ۔ تھکا دینا ۔ اکتا دینا ۔ بیزار کر دینا ۔ عاجز کر دینا ۔ تھکا دینے والا ۔

Weariness *n.* تکان ۔ ماندگی ۔ سستی ۔

Wearisome *adj.* ناگوار ۔ تکلیف دہ ۔ اجیرن ۔ بھاری ۔

Wearisomeness *n.* بار خاطر ہونا ۔ ناگواری ۔ دشواری ۔ دقت ۔

Weasel (wē-zl) *n.* A small carnivore with long slender body نیولا ۔ راسو ۔ منگس ۔

Catch a weasel asleep کائیاں آدمی کو دھوکا دینا ۔

Weasel-faced وہ شخص جس کا لانبا اور پتلا چہرہ ہو ۔

Weather (wĕdh-ər) *n. & adj.* Atmospheric conditions as to heat, cold, wetness, cloudiness and dryness گرمی ۔ سردی ۔ خشکی اور نمی کی حالت ۔ فصل ۔ موسم ۔ مطلع ۔ موسم کا تغیر اور تبدل ۔ موسمی حالت (جہاز رانی) ہوا کے رخ کا ۔

April weather کبھی ہنسنا کبھی رونا ۔ کبھی دھوپ کبھی بارش ۔ دھوپ چھاؤں ۔

Have one's weather eye open ہوشیار رہنا ۔ چوکس رہنا ۔

Under the stress of weather شدت طوفان کی وجہ سے ۔

Weather-beaten آزمودہ کار ۔ گرم و سرد چشیدہ ۔ طوفان زدہ ۔

Weather cock مرغ باد نما ۔

Weather forecast موسمی پیشین گوئی ۔

Weather most ہوا کے رخ پر ۔ سب سے دور کا ۔

Weather (wĕdh-ər) *v.t. & i.* Come safely through مشکلات سے بچ کر آنا ۔ طوفان جھیلنا ۔ ہوا دینا ۔ ہوا میں رکھنا ۔ جہاز کا ہوا کے رخ پر پہنچ جانا ۔ تختوں کو کھپروں کی طرح لگانا ۔

Weatherly (wĕdh-ər-li) *adj.* Making little leeway when close hauled تیز ہوا کا مقابلہ کرنے والا ۔ جسے ہوا سے بچنے کی ضرورت نہ ہو ۔

Weave (wēv) *v.t., i. & n.* Make by crossing threads تاگے سے کپڑا بننا ۔ ترتیب دینا ۔ تیار کرنا ۔ بناوٹ ۔

Weaver (wev-ər) *n.* One who weaves بننے والا ۔ جولاہا ۔ پارچہ باف ۔ کولی ۔ مومن ۔ بننے والی چڑیا ۔ بیا ۔

Web (web) *n.* That which is woven بافتہ ۔ پارچہ ۔ مکڑی کا جالا ۔ پرندوں کے پیروں کی جھلی ۔ کاغذ کا لپٹا ہوا تختہ (چھاپہ مشین) پتلا چپٹا پرزہ جو بڑے پرندوں کو جوڑتا ہے ۔

A web of lies جھوٹی باتیں ۔ جھوٹ کا جالا ۔

Web-eyed آنکھ کے جالے پھولے کا مریض

Web-footed جھلی دار پاؤں والا ۔

Webbed *adj.* جھلی دار پنجوں کا ۔

Wed (wed) *v.t. & i.* Marry, unite closely شادی کرنا ۔ بیاہنا ۔ عقد کرنا ۔ نکاح کرنا ۔ بیاہ دینا ۔ گٹھ بندھن کرنا ۔ امتزاج کرنا ۔ ایک جگہ جمع کرنا ۔

Wedded bliss ازدواجی زندگی کی مسرتیں ۔ ازدواجی زندگی ۔

Wedded to اٹل ۔ اپنے اصول پر جا ہوا ۔

Wedding (wed-ing) *n.* Marriage شادی ۔ بیاہ ۔ شادی کی تقریب ۔

Wedding breakfast ولیمہ ۔ دعوت عروسی ۔

Wedding cake کیک جو اعزا و احباب میں تقسیم ہوتا ہے ۔ شادی کا کیک جو دولہا دلہن کاٹتے ہیں ۔

Wedding card شادی کا رقعہ ۔

Wedge (wej) *v.t. & n.* Piece of wood or metal پھانہ ۔ پچر ۔ لوہے یا لکڑی کا پتلا ٹکڑا ۔ خانہ کی شکل میں فوجی صف آرائی ۔ پچر ٹھونکنا ۔ پچر یا ٹکل لگا کر چیرنا ۔ پچر کی طرح چیرنا ۔

Thin end of the wedge معمولی آغاز جو آگے چل کر اہم نتائج پیدا کرے ۔

Wedgewise پچر کی طرح ۔ پچر کی شکل کا ۔

Wedgwood (wej-wood) *n.* Superior kind of pottery خوشنما چینی کے برتن ۔ چینی کے عمدہ برتن جن کا موجد وج وڈ تھا ۔

Wedlock (wed-lok) *n.* Matrimony عقد ۔ نکاح ۔ ازدواجی بندھن ۔

Wednesday (wenz-di) *n.* The fourth day of the week بدھ ۔ چہار شنبہ ۔

Wee (wē) *n. & adj.* A short "distance or time" ذرا سا فاصلہ یا وقت ۔ چھوٹا ۔ ذرا سا ۔

Weed (wēd) *v.t., i. & n.* Any useless plant of small growth گھاس پھونس ۔ گھاس پات ۔ خس و خاشاک ۔ نکمی چیز ۔ (بول چال) سگار ۔ تمباکو ۔ مریل گھوڑا ۔ زمین کو خس و خاشاک سے پاک کرنا ۔ نکمے شخص کو چھانٹ دینا ۔

Ill weeds grow apace گھاس پھوس جلد بڑھتی ہے ۔

Weediness *n.* گھاس پھونس سے پر ہونا ۔

Weedy *adj.* گھاس پھونس سے اٹا ہونا ۔

Weeds (weds) *n.* A widow's mourning dress بیوہ کا ماتمی لباس ۔

Week (wēk) *n.* The space of seven days اٹھوارہ ۔ سات دن ۔ ہفتہ ۔

Friday week جمعہ سے ایک ہفتہ بعد ۔

Today week آج ہی کے دن ۔ آج سے ایک ہفتہ بعد ۔ آٹھویں دن ۔

Week day اتوار کے علاوہ کوئی دن ۔

Weekend ہفتہ کا آخری دن ۔ ہفتہ کے بعد ۔

Weekly (wēk-li) *adj. & adv.* Every week ہفتہ میں ایک بار ۔ آٹھویں دن ۔ ہفتہ وار ۔

Ween (wēn) *v.t.* Think or fancy سوچنا بچارنا ۔ خیال کرنا ۔ توقع کرنا ۔

Weep (wēp) *v.i.* Express grief by shedding tears رونا ۔ آنسو بہانا ۔ گریہ و زاری کرنا ۔ شکوہ کرنا ۔ شکایت کرنا ۔ پسینہ نکلنا ۔ درخت کی شاخوں کا کمزور ہو کر جھک جانا ۔

Weep away رو رو کر وقت گزارنا ۔

Weep oneself out رو کر دل کی بھڑاس نکالنا ۔ جی بھر کر رونا ۔

Weeping eczema داد جس سے رطوبت خارج ہو ۔

Weeping willow بید مجنوں ۔

Weeper (wēp-ər) *n.* One who weeps, a white border of a mourning dress رونے والا ۔ ماتم کرنے والا ۔ ماتمی لباس کا سفید حاشیہ ۔ بیوہ کی سیاہ نقاب ۔

Weever (wē-vər) *n.* A kind of fish ایک مچھلی جس کی پشت پر کانٹا ہوتا ہے ۔ خار ماہی ۔

Weevil (wēv-l) *n.* A beetle لمبی تھوتھنی والا کیڑا ۔ گھن ۔ پروانہ ۔ سبزی خورہ ۔

Weft (weft) *n.* Thread woven into warp بانے کا تار ۔ بھوتی ۔ جالا ۔ بنی ہوئی چیز ۔ بافتہ کپڑا ۔

Weigh (wā) *v.t., i. & n.* Find the weight of وزن کرنا ۔ تولنا ۔ وزن معلوم کرنا ۔ مقابلہ کرنا ۔ موازنہ کرنا ۔ وزنی ہونا ۔ اہمیت کا اندازہ کرنا ۔ خیال کرنا ۔ سوچنا ۔ تولنے کا طریقہ ۔ تولائی ۔

Weigh anchor لنگر اٹھانا ۔

Weigh bridge واگن تولنے کی مشین ۔ گاڑی تولنے کی مشین ۔

Weigh out تول کر علیحدہ کرنا ۔ تول لینا ۔

Weighing machine مشین تکڑ - تولنے کی مشین -

Weighage *n.* تولنے کی اجرت - وزن کرائی - تلائی -

Weight (wat) *n.* The heaviness of a thing بار - وزن - بوجھ - تول - داب - گرانی - وقعت - قدر - بھاری چیز - ذمہ داری کا بوجھ -

Weightlessness *n.* زمین سے پانچ سو میل اوپر جانے کے بعد انسان بے وزن ہو جاتا ہے - بے وزنی کی حالت -

Weight (wāt) *v.t.* Ascertain the weight پہلوان کا وزن معلوم کرنا - دوڑ کے بعد گھوڑے کا وزن کرنا - کسی چیز کے ساتھ وزن باندھنا - مچھلی کی ڈور میں وزن باندھنا - بوجھل کر دینا - دھات میں میل کرنا -

Weighty (wāt-i) *adj.* Heavy بھاری - بوجھل - وزنی - گراں - اہم - با اثر - اثر انداز ہونے والا - با وقار - بھاری بھر کم -

Weightness *n.* بھاری پن - وقعت - بوجھ -

Weir (wēr) *n.* A dam across a river, a fence of stakes set in a stream to catch fish بند جو دریا پر بنایا جائے تاکہ پانی کی سطح اونچی ہو جائے - ٹاٹے جو ندی میں مچھلی پکڑنے کے لیے لگائے جاتے ہیں -

Weird (wērd) *n.* One's lot, fate نصیب - تقدیر - قسمت - جادو - سحر - منتر -

Weirdly *adv.* پر اسرار طریقے سے -

Weirdness *n.* ہیبت ناکی - انوکھا پن - پرانی وضع - پر اسرار حالت -

Welcome (wel-kəm) *interj., n., v.t. & adj.* Received with gladness خوش آمدید - خیر مقدم - خوش آمدید کہنا - استقبال کرنا - مہان جس کا خیر مقدم کیا جائے - خوشگوار - مبارک -

Bid one welcome خیر مقدم کرنا -

Give warm welcome گرم جوشی سے استقبال کرنا -

Make one welcome خاطر مدارات کرنا -

Welcome as snow in harvest سخت تکلیف دہ ہونا -

Welcomeness *n.* خوشگواری - خوش آئندگی -

Weld (weld) *n.* A tree yielding yellow dye ایک درخت جس سے زرد رنگ نکالا جاتا تھا -

Weld (weld) *v.t., i. & n.* Join by raising the temperature لوہے کے ٹکڑوں کو گرم کرکے جوڑنا - لوہے کا جوڑ -

Weldable *adj.* گرم ہو کر جڑنے کے قابل -

Welfare (wel-fār) *n.* State of doing well خیریت - خیر و عافیت - خوش حالی - بہتری - بہبودی -

Welk (welk) *v.i.* Wither, shrivel مرجھانا - سکڑنا - پژمردہ ہونا - سوکھ جانا -

Welkin (wel-kin) *n.* The sky بادلوں کی دنیا - ابر - اکاس - آسمان -

Well (wel) *n.* A spring, a lined shaft sunk in the earth چشمہ - سوتا - نوارہ - دہانہ - سر چشمہ - کنواں - زمین میں لگایا ہوا نل - تیل کا کنواں - لفٹ کا گھر - دوات - عدالت کا کٹہرا -

Well (wel) *v.i.* Issue forth ابلنا - فوارہ چھوٹنا - پانی کا پھوٹ کر نکلنا -

Well (wel) *adj., adv., prep. & n.* Good in condition ٹھیک - درست - صحیح - مناسب طور سے - اچھی طرح سے - نہایت احتیاط سے - بجا طور پر - مناسب طریقے سے - قابل اطمینان - ٹھیک - مناسب - بھلا - خاص چیز -

Come off well کامیاب رہنا -

I stand well with him میرے اس کے تعلقات اچھے ہیں - وہ مجھ پر مہربان ہے -

It is all very well یہ تو سب ٹھیک ہے مگر -

That is just as well یہ بھی اچھا ہی ہے -

Well and good بہت اچھا ہے -

Well done شاباش - بہت خوب -

Well met یار خوب ملے -

Well (wel) *interj* Oh, what, thank God ارے - ہائیں - کیا خوب - شکر ہے - اچھا خیر - ہاں بھائی - اچھا صاحب - کیوں صاحب -

Well (wel) *comp.* Better مرکب اسماء بنانے کے لیے -

Well-being *n.* فلاح و بہبود - خیر و عافیت -

Well-wisher *n.* بہی خواہ - خیر اندیش - خیر خواہ -

Well-advised دانش مندانہ - مناسب - معقول -

Well-armed پوری طرح مسلح -

Well-behaved خوش رویہ - با تمیز - مہذب -

Well-born عالی خاندان - عالی نسب -

Well-bred شائستہ - تربیت یافتہ -

Well-connected با وسیلہ - عالی سلسلہ -

Well-defined بالکل واضح ۔
Well-directed خوش اسلوبی سے کیا ہوا ۔
Well-dressed خوش لباس ۔
Well-educated اعلیٰ تعلیم یافتہ ۔
Well-fed خوب کھلایا پلایا ہوا ۔ خوش خوراک ۔
Well-furnished آراستہ ۔ سجایا ہوا ۔
Well-informed با خبر ۔
Well-intentioned خوش ارادہ ۔ نیک نیت ۔
Well-looking خوب رو ۔ خوش رو ۔
Well-mannered خوش رویہ ۔ مہذب ۔
Well-meaning نیک نیت ۔ نیک خیال ۔
Well-paid معقول اجرت کا ۔ خوش مشاہرہ ۔
Well-read خوب پڑھا ہوا ۔ وسیع المطالعہ ۔
Well-spoken نیک نام ۔
Well-timed مناسب وقت پر ۔ بر محل ۔
Well-to-do خوش حال ۔

Welladay (wel-ə-dā) *interj* Woe, lo ہائے ۔ وائے ۔ افسوس ۔

Wellingtons (wel-ing-tans) *n.* Long riding boots covering the knee گھٹنوں کے اوپر تک کے لمبے جوتے ۔ لمبے جوتے ۔

Welsh (wel-sh) *adj., n. & v.i.* Run away from race course without paying one's bets شرط کا روپیہ ادا کئے بغیر ریس کورس سے چلے جانا ۔ ویلز کا باشندہ ۔ ویلز کا ۔

Welsher *n.* بازی کا روپیہ ادا کئے بغیر بھاگ جانے والا ۔ نا دہندہ ۔

Welt (welt) *n. & v.t.* An ornamental band ۔ مغزی گوٹ ۔ بیل ۔ حاشیہ ۔ کور ۔ چمڑے کی گوٹ ۔ جوتے میں گوٹ لگانا ۔ کوڑے مار کر بدھیاں ڈالنا ۔ اول ڈالنا ۔

Welter (wel-tər) *v.t. & n.* Roll or tumble about لوٹنا ۔ اچھلنا ۔ تڑپنا ۔ افراتفری ۔ ابتری ۔ گڑبڑ ۔

Welter (wel-tər) *n.* A boxer over nine stones بھاری جسم کا مکہ باز ۔ بھاری جسم کے شرکا کی دوڑ ۔ (بول چال) بھاری چوٹ ۔ بڑا سا آدمی ۔

Wen (wen) *n.* A cyst بے تکی گنجان آبادی کا شہر ۔ گومڑی ۔ دنبل ۔

The great wen لندن کا شہر ۔

Wench (wen(t)sh) *n. & v.i.* A girl, mistress, a whore جوان عورت ۔ چھوکری ۔ کسبی ۔ فاحشہ عورت ۔ خادمہ ۔ عیاشی کرنا ۔ زنا کا عادی ہونا ۔

Wencher *n.* زنا کار ۔ عیاش ۔ کسبی ۔ زانیہ ۔

Wend (wend) *v.t. & i.* Turn, change, direct one's course جانا ۔ چلنا ۔ پھرنا ۔ قدم اٹھانا ۔ بڑھنا ۔

Wentletrap (wen-tl-trap) *n.* A genus of gasteropod molluscs ایک قسم کی ابھرے ہوئے خول والی صدف ماہی ۔

Werewolf (wēēr-woolf) *n.* A member of an underground Nazi organisation خفیہ نازی تنظیم کا رکن ۔ انسان جو بھیڑیوں کی سی حرکتیں کرے ۔ دہشت پسند نازی ۔

Wertherism (wer-dher-izm) *n.* Morbid sentimentality as of Werther in Goethe's "Sorrows of Werther" وردر کی طرح کی جذبات پرستی ۔

Wesleyan (wes-li-an) *adj.* Pertaining to Wesleyanism ویزلی فرقہ کا ۔ ویزلی فرقہ کا پیرو ۔

West (west) *n. & adj.* The quarter where the sun sets مغرب ۔ پچھم ۔ مغرب کی طرف ۔ مغربی حصہ کا ۔ کسی ملک کا مغربی حصہ ۔ دنیا کا مغربی حصہ ۔ مغربی ہوا ۔ مغرب کی طرف واقع ۔

West End *n.* لندن کا مغربی حصہ جہاں امراء رہتے ہیں ۔

Westward مغرب کی طرف ۔ پچھم اور ۔

Westering (west-ər-ing) *adj.* Moving towards west مائل بہ مغرب ۔

Westerly (west-ər-li) *adj. & adv.* From the west پچھمی ۔ پچھم سے چلنے والی ۔ پچھم کی طرف ۔

Western (west-ərn) *adj. & n.* Situated in the west مغربی ۔ مغرب کا ۔ مغرب میں واقع ۔ یورپ اور امریکہ کا ۔ امریکی طرز معاشرت ۔ مغربی طرز معاشرت ۔

Westerner *n.* جنگ عظیم میں مغربی محاذ پر فوجیں بھیجنے کا حامی ۔ مغرب کا رہنے والا ۔

Westernize *v.t.* مغربی طرز معاشرت اختیار کرنا ۔ مغربی خیالات اور معاشرت کو رائج کرنا ۔

Westing (west-ing) *n.* Movement towards west
مغرب کی جانب سفر ۔ مغرب کی جانب پیش قدمی ۔

Westminster (west-min-stər) *n.* British parliament برطانوی پارلیمنٹ ۔ میدان سیاست ۔ لندن کا ایک محلہ ۔ وسٹ منسٹر اسکول کا طالب علم ۔
Westminster Abbey لندن کا گرجا جہاں تاجپوشی ہوتی ہے اور جس کے قبرستان میں مشاہیر دفن کئے جاتے ہیں ۔

Wet (wet) *v.t., n. & adj.* Containing, or soaked with, water تر ۔ بھیگا ہوا ۔ مرطوب ۔ پر آب ۔ شرابور ۔ (امریکہ) شراب نوشی کا حامی ۔ برساتی ۔ بارش کا ۔ گیلا کرنا ۔ تر کرنا ۔ (بول چال) جام شراب ۔
Am wet to the skin ۔ میں سر سے پیر تک شرابور ہوں ۔
Wet nurse دودھ پلانے دائی ۔ انا ۔
Wetness *n.* رطوبت ۔ تری ۔ نمی ۔
Wetting *n.* گیلا کیا جانا ۔ شرابور ہو جانا ۔
Wettish *n.* کسی قدر گیلا ۔ قدرے نم ۔

Wey (wā) *n.* A weight for dry goods خشک چیزوں کا ایک وزن مثلاً چار پائلی اناج یا نمک ۔

Whack (hwak) *v.t. & n.* Strike hard and smartly تیزی سے مارنا ۔ مارنا پیٹنا ۔ چھڑی سے مارنا ۔ (بول چال) آپس میں بانٹ لینا ۔ حصہ بخرا کرنا ۔ ڈنڈے کی مار ۔
Whacking *adj.* Very large, astounding ۔ بہت بڑا ۔ زبردست ۔

Whale (hwāl) *n. & v.t.* A big water mammal دودھ پلانے والی مچھلی ۔ وہیل ۔ وہیل مچھلی کا شکار کھیلنا ۔

Whaler (hwāl-ər) *n.* A whaleman وہیل کے شکار کا جہاز یا کشتی ۔ وہیل کا شکاری ۔

Whang (whang) *v.t., i. & n.* A leather thong, flog with whang چمڑے کے تسمے سے مارنا ۔ دھڑ سے مارنا ۔ ڈھول پیٹنا ۔ دھڑا کا ۔ دھڑاکے کی چوٹ ۔

Whangee (hwang-ē) *n.* A cane, a bamboo cane چھڑی ۔ چینی بانس کی چھڑی ۔

Wharf (hwawrf) *n. & v.t.* A landing stage built on shore گھاٹ ۔ لکڑی کا ، پتھر کا ساحلی چبوترہ ۔ گھاٹ جہاں جہاز ٹھہرتا ہے ۔ گھاٹ پر مسافر اور سامان جمع کرنا ۔ گھاٹ پر ٹھہرانا ۔

Wharfage *n.* گھاٹ کا محصول ۔

Wharfinger (hwawrf-in-gər) *n.* One who has the care of or owns a wharf گھاٹ والا ۔ گھاٹ کا پاسبان یا داروغہ ۔ گھاٹ کا مالک ۔

What (hwot) *interj. & pron.* Of what number, nature or value کیا ۔ کون ۔ کسی ۔ کونسا ۔ کیسا ۔ کس قدر ۔ کتنا ۔ جتنا ۔ کیا چیز ۔ کیا بات ۔ کیا معاملہ ۔
Come what will جو کچھ بھی ہو ۔ جو ہونا ہو ہو جائے ۔
I will tell you what دیکھو میں بتاتا ہوں ۔
Know what is what معاملے کو اچھی طرح سمجھنا ۔
What next اب اس سے بڑھ کر کیا ہوگا ۔ یہ انتہا ہے ۔
What not اور بہت کچھ ۔

Whatever (hwot-ever) *adj. & pro.* Any thing which, no matter what جو کچھ بھی ۔ جس قدر ۔ جو بھی ۔ ذرا بھی (بول چال) آخر کیا ۔

Whatman (hwot-mən) *n.* Fine quality paper ایک قسم کا ڈرائنگ کا کاغذ جو اپنے موجد کے نام سے موسوم ہے ۔ واٹ مین کاغذ ۔

Whatsoever (hwot-sə-ever) *adj. & p.* Whatever کیسا ہی ۔ کسی ۔ جو کچھ بھی ۔ چاہے جو کچھ ۔ جو بھی ۔ مطلق ۔ ذرا بھی ۔

Whaup (hwawp) *n.* A water hen (اسکاٹلینڈ) ایک قسم کی لمبی گردن کی پن مرغی ۔

Wheal (hwēl) *n.* A Cornish name for mine معدن ۔ کان ۔

Wheat (hwēt) *n.* Any cereal grass of the genus Triticum گیہوں ۔ گندم ۔
Wheaten *adj.* گندمی ۔ گیہوں کا ۔

Wheedle (hwēd-l) *v.t. & i.* Entice by soft words میٹھی باتوں سے ورغلانا ۔ خوشامد کرنا ۔ راضی کرنا ۔
Wheedle out of خوشامد کر کے اینٹھ لینا ۔
Wheedler *n.* ۔ چکنی چپڑی باتیں کرنے والا ۔ خوشامدی
Wheedling *adj.* خود غرضانہ ۔ خوشامدانہ ۔

Wheel (hwēl) *n.* A circular frame turning on an axle پہیہ ۔ چرخی ۔ چکر ۔ دور ۔ گردش ۔ گردش تقدیر ۔ دھرے پر پھرنے والا پہیہ یا چاک ۔ موٹر چلانے کا پہیہ ۔

Break butterfly on wheel ذرا سے کام کے لیے زیادہ قوت صرف کرنا ۔

Break on the wheel (سزا کا قدیم طریقہ) ملزم کو پہیے سے باندھ کر پھرانا ۔

Fortune's wheel نیرنگی تقدیر ۔ گردش تقدیر ۔ تقدیر کا چکر ۔

The wheels of life اعمال جن پر زندگی کا دارو مدار ہے ۔ وظائف حیات ۔

Wheel-wright گاڑی کے چاک بنانے والا ۔

Wheels within wheels *n.* پیچ در پیچ معاملہ ۔

Wheel (hwēl) *v.t. & i.* Turn, revolve, encircle گھومنا ۔ گھمانا ۔ چکر دینا ۔ رخ بدلنا ۔ فوج کی پوری صف کو گھمانا ۔ پہیہ دار کرسی کو کھینچنا ۔ چکر کاٹتے ہوئے چلنا ۔ گھیرا ڈالنا ۔

Wheeler (hwēl-ər) *n.* One who wheels, a maker of wheels گھمانے والا ۔ چاک بنانے والا ۔ چار پہیوں کی گاڑی ۔ چوکڑی کا وہ گھوڑا جو بم میں جوتا جائے ۔

Wheeze (hwēz) *v.i. & n.* Breathe with a hissing sound سرسراہٹ کے ساتھ سانس لینا ۔ خر خر کرنا ۔ سوں سوں کرنا ۔ خرخراہٹ ۔ خر خر کی آواز ۔ (بول چال) فی البدیہہ لطیفہ یا پھبتی ۔

Wheezy *adj.* خرخر یا سوں سوں کرنے والا ۔

Whelk (welk) *n.* A kind of marine gastropods ایک قسم کا گھونگھا ۔ پھنسی ۔ ددوڑا ۔ دنبل ۔

Whelm (hwelm) *v.t. & n.* Turn as a hollow vessel غرق کرنا ۔ ڈبونا ۔ بوجھ سے کچل ڈالنا ۔ ڈھک دینا ۔ بند کر دینا ۔

Whelp (hwelp) *n. & v.t.* Young of dog or lion پلا ۔ شیر کا بچہ ۔ کتے کا پلہ ۔ شیر ۔ بھیڑیے ، چیتے وغیرہ کا بچہ ۔ بدتمیز چھوکرا ۔ بچے جننا ۔ گھوڑنا ۔ بنا ڈالنا ۔

When (hwen) *adv. & conj.* At what time, at which time کب ۔ کس وقت ۔ جب ۔ جس وقت ۔ جونہی ۔ جب کہ ۔ ہر گاہ ۔ جس کے بعد ہی ۔ در حالیکہ ۔ کس تاریخ کو ۔

Whence (hewens) *adv. & pron.* From what place کہاں سے ۔ کس جگہ سے ۔ کدھر سے ۔ کیسے ۔ کیوں ۔ جہاں سے ۔ جس طرح سے ۔ جس وجہ سے ۔

Whenever (hwen-ever) *adv.* At every time when, as soon as جب کبھی ۔ جس وقت ۔ جب ۔ ہر گاہ ۔ جوں ہی ۔

Where (hwar) *adv. & conj.* At or to which place کہاں ۔ کدھر ۔ کس جگہ ۔ کہاں کو ۔ کس طرف ۔ جہاں ۔ جدھر ۔ جس جگہ ۔ جگہ ۔ موقع ۔

Where at جس بات پر ۔ جس پر ۔

Whereby جس کے سبب سے ۔ کس سے ۔ جس سے ۔ کاہے سے ۔

Wherefore جس سبب سے ۔ جس واسطے ۔ کس لیے ۔ کیوں ۔

Wherefrom جہاں سے ۔ کس جگہ سے ۔ کہاں سے ۔

Wherein جس بات میں ۔ کس بات میں ۔ کس میں ۔

Whereof جس کا ۔ کس کا ۔

Whereon کس پر ۔ جس پر ۔

Whereto کس لیے ۔ کہاں تک ۔ کہاں کو ۔

Whereupon بعد ازاں ۔ تب ۔ جس کے بعد ۔ جس پر ۔

Wherewith جس سے ۔ کس سے ۔ جس کے ساتھ ۔ کس کے ساتھ ۔

Wherewithal خرچ ۔ روپیہ ۔ وسائل ۔ کس کے ساتھ ۔

Whereabouts *adv. & n.* نشان ۔ پتہ ۔ ٹھکانا ۔ مقام ۔ کس مقام پر ۔ کس جگہ ۔

Wherever *adv.* خواہ کہیں ہو ۔ جس جگہ ۔ جہاں کہیں ۔

Wheresoever *adv.* خواہ کہیں ۔ جہاں کہیں بھی ۔

Wherry (hwer-i) *n.* Shallow light boat ڈونگی ۔ کشتی ۔ پن سوئی ۔ ہلکی ناؤ ۔

Whet (hwet) *v.t. & n.* Sharpen by rubbing رگڑ کر تیز کرنا ۔ سنگ چٹانا ۔ دھار لگانا ۔ اکسانا ۔ بھڑکانا ۔ کوئی چیز جو خواہش کو بھڑکائے ۔

Whetstone عقل تیز کرنے والی چیز ۔ اوزار تیز کرنے کا پتھر ۔ سان ۔

Whether (hwedh-ər) *conj.* In any case خواہ ۔ یا ۔ آیا ۔ کیا ۔ چاہے ۔ دو میں سے کوئی ایک ۔

Whether or no ہر صورت میں ۔ دونوں صورتوں میں ۔

Whew (hū) *interj.* Expressing wonder or dismay - هو هو - اوہو - ارے غضب - یہ کیا غضب ہے -

Whey (hwā) *n.* The watery part of milk دودھ کا پانی - آب شیر - چھانچھ -

Which (hwich) *int. & pron.* What, what sort or kind - کون سا - کون - جو - جس - کون شخص - کون چیز -

Which is which - ان میں سے کس کا کیا نام ہے -

Whichever } *adj. & pron.* ان میں سے جو بھی -
Whichsoever } جون سا - جو کوئی -

Whiff (hwif) *n., v.i. & t.* Sudden puff of air پھونک - دم - کش - ہلکا سا جھونکا - مہک - - چھوٹا سگار - ہلکی سیر کی کشتی - آہستہ کش لینا - آہستہ پھونکنا - ایک قسم کی چپٹی مچھلی -

Whig (hwig) *n.* A political party of England ایک قدیم سیاسی فرقہ جو اقتدار شاہی کو پارلیمنٹ کے ماتحت کرنا چاہتا تھا - موجودہ لبرل پارٹی اس کی قائم مقام ہے -

Whiggery *n.* وہگ پارٹی کے اصول -

Whiggish *adj.* عوامی اقتدار کا - عوامی آزادی کا - وہگ کا -

Whiggism *n.* یہ نظریہ کہ عوامی اقتدار بادشاہ سے بالاتر ہے -

While (hwīl) *adv., n. & v.t.* A space of time, as long as وقت - عرصہ - مدت - جب تک کہ - وقت گزارنا - وقت کاٹنا -

He will make it worth your while وہ تمھیں اس کا معقول معاوضہ دیگا -

Once in a while گاہے ماہے - کبھی کبھی -

Worth my while - جو میرے وقت کا صحیح مصرف ہو - جو میری محنت کا معاوضہ ہو -

Worthwhile وقت کا صحیح مصرف - کار آمد -

Whilst (hwīlst) *conj. & n.* While, in the meantime جب کہ - جس وقت -

Whim (hwim) *n.* A caprice, a fancy - لہر - موج - ترنگ - خیال - وہم - من کی موج - کان سے کچی دھات اٹھانے کا چرخ -

Whimbrel (hwim-brəl) *n.* A species of small curlew ایک قسم کی مرغابی - بن ککڑی -

Whimper (hwim-pər) *v.i., t. & n.* Cry feebly and brokenly ره رہ کر - روں روں کرنا - بسورنا - بسور کر کہنا - روں روں کی آواز -

Whimperer *n.* ریں ریں - روں روں کرنے والا - بسورنے والا -

Whimperingly *adv.* روں روں کرتے ہوئے - بسورتے ہوئے -

Whimsical (hwim-si-kəl) *adj.* Full of whim, fantastical - لہری - موجی - ترنگی - وہمی - خبطی - متلون مزاج - نرالا -

Whimsicality *n.* انوکھا پن - تلون مزاجی -

Whimsically *adv.* انوکھے طریقے سے - تلون سے -

Whine (hwin) *v.t., i. & n.* Utter a plaintive cry کراہنا - دھیمی آواز سے رونا - آہ آہ کرنا - کتے کا رونا - شکایت کرنا - فریاد کرنا - رو رو کر کہنا - شکایت - فریاد - رونا -

Whiner *n.* فریاد کرنے والا - دھیمی آواز سے رونے والا -

Whiningly *adv.* بسورتے ہوئے - روتے ہوئے - شکوہ کرتے ہوئے - فریاد کرتے ہوئے -

Whinger (hwing-ər) *n.* A dirk - کٹکری - چھوٹی تلوار

Whinny (hwin-i) *v.i. & n.* Neigh - ہنہنانے کی آواز - ہنہنانا -

Whip (hwip) *v.t. & i.* Lash, strike with a lash چابک مارنا - کوڑا مارنا - جھپٹنا - تیزی سے چلے جانا - تلوار کھینچنا - ہجو کرنا - برا کہنا - ٹانکے لگانا - (بول چال) شکست دینا - سبقت لے جانا - چرخی میں رسی ڈال کر اٹھانا -

Whip faults out of persons کوڑے مار کر نقائص یا برائیاں دور کرنا -

Whip stream بنسی سے ندی میں مچھلیاں پکڑنا -

Whipping post ٹکٹکی -

Whipping top وہ لٹو جس کو رسی لپیٹ کر پھرایا جاتا ہے -

Whipping *n.* کوڑوں کی سزا - سزائے تازیانہ -

Whip (hwip) *n.* Lash چابک ۔ کوڑا ۔ چمڑے کا تسمہ ۔ دُرّہ ۔ قمچی ۔ بید ۔ گاڑی بان ۔ شکاری کتوں کا چابکدار ۔ ایک عہدہ دار جو کسی سیاسی جماعت کو ووٹ دینے یا نہ دینے کا حکم دیتا ہے ۔ حاضری کا حکم ۔

Whippiness *n.* لچکدار ہونا ۔

Whippy *adj.* لچکدار ۔

Whipper (hwip-ər) *n.* One who whips کوڑے مارنے والا ملازم ۔

Whipper-snapper بچہ یا کم علم آدمی جو قابلیت کے زعم میں دخل در معقولات کرے ۔

Whippet (hwip-it) *n.* A cross between grey hound and spaniel مخلوط نسل کا شکاری کتا ۔ تازی اور اسپینیل کے میل کا کتا ۔

Whipster (hwips-tər) *n.* A clever fellow چھوٹا بچّہ ۔ عیّار ۔ چُست و چالاک آدمی ۔

Whir(r)(hwer) *n.* A sound from whirling motion پھرنے یا چکر کھانے کی آواز ۔ گھر گھر کی آواز ۔ سن سن کی آواز ۔

Whirl (hwərl) *v.t., i. & n.* Turn with rapidity گھومنا ۔ پھرنا ۔ پھرانا ۔ گھمانا ۔ گھما کر پھینکنا ۔ سن سے گھمانا ۔ خیالات کا تیزی سے دماغ میں گزرنا ۔ تیز چکّر ۔

Sow wind and reap whirlwind برے کام کا نتیجہ برا ہی ہوتا ہے ۔

Whirlpool *n.* وُرطہ ۔ گِرداب ۔ بھنور ۔

Whirlwind چکر کھاتی ہوئی تیز ہوا ۔ گرد باد ۔ بگولہ ۔

Whirligig (hwirl-i-gig) *n.* A toy that is spun rapidly, merry-go-round ایک کھلونا جو تیزی سے گھومتا ہے ۔ چکّر ۔ گردش ۔ چکّر کھانے والا ۔ چکّر دار جھولا جس میں گھوڑے اونٹ وغیرہ لگے ہوتے ہیں ۔

Whisk (hwisk) *v.t., i. n.* Sweep rapidly, move quickly جھاڑو دینا ۔ جھپٹنا ۔ تیزی سے ہٹا لینا ۔ تیزی سے لے جانا ۔ تیزی سے چھڑی گھمانا ۔ جھاڑو ۔ مورچھل ۔ بُہاری ۔ جانوروں کے دُم کی حرکت ۔ جھکولا ۔ جھپٹا ۔

Whisker (hwisk-ər) *n.* Hair on the upper lip or the sides of face مونچھیں ۔ وہ بال جو ہونٹ پر نکلتے ہیں ۔ گل مُچھے ۔

Whisky (hwisk-i) *n.* Spirit obtained by distillation اناج یا گُڑ وغیرہ یا پھلوں کے رس سے کشید کی ہوئی شراب ۔ وہسکی ۔

Whisper (hwis-pər) *v.t., i. & n.* Speak with a low sound کانا پُھوسی ۔ سرگوشی ۔ کُھسر پُھسر ۔ زیر لب بولنا ۔ کان میں کہنا ۔ چپکے چپکے بدگوئی کرنا ۔ خفیہ خفیہ مشہور کرنا ۔ کانوں کان چلانا ۔

Whispering gallery وہ گنبد جس میں ایک جگہ آہستہ کہی ہوئی بات دورے مقام پر سنائی دے ۔

Whisperer *n.* بدگو ۔ غیبت کرنے والا ۔ سرگوشی کرنے والا ۔

Whispering *n.* بد گوئی ۔ کانا پُھوسی ۔ سرگوشی ۔

Whisperingly *adv.* چُپکے چُپکے ۔ زیرِ لب ۔ سرگوشی کرتے ہوئے ۔

Whist (hwist) *n.* A card game تاش کا ایک کھیل ۔

Whist (hwist) *interj* Hush, silence ہش ۔ خاموش ۔

Whistle (hwis-l) *v.t., i. & n.* Make a sound with an instrument or with lips سیٹی بجانا ۔ سیٹی کی آواز نکالنا ۔ سیٹی دینا ۔ ہونٹوں سے سیٹی کی سی آواز نکالنا ۔ کوئی گیت سیٹی میں بجانا ۔ سیٹی ۔ سیٹی کی آواز ۔

Pay for one's whistle اپنی اٹھکیلیوں کی سزا بُھگتنا ۔

Steam whistle دخانی سیٹی ۔ انجن کی بھاپ کی سیٹی ۔

Whistle for a wind ملاّحوں کا یہ عقیدہ ہے کہ جب ہوا بند ہو تو سیٹی بجانے سے ہوا چلنے لگتی ہے ۔ ہوا کے لیے سیٹی بجانا ۔

You may whistle for it تم سیٹی بجاتے رہو تمہاری یہ خواہش پوری نہ ہوگی ۔

Whistler (hwis-lər) *n.* One who whistles سیٹی بجانے والا ۔ ایک قسم کی گلہری ۔ سیٹی بجانے والا پرندہ ۔

Whit (hwit) *n.* The smallest particle imaginable ذرّہ ۔ ریزہ ۔ بہت چھوٹی چیز ۔

Whit Sunday *n.* اس اتوار کو رسم اصطباغ ادا ہوتی تھی ۔ ایسٹر کے بعد ساتواں اتوار ۔ سفید اتوار ۔

Whit Monday سفید دو شنبہ - ساتویں اتوار کے بعد دو شنبہ -

Whit Tuesday سفید منگل - ساتویں اتوار کے بعد کا سہ شنبہ -

Whitsuntide سفید اتوار کا زمانہ -

Whit week اس ہفتہ میں رسم اصطباغ کے بعد سفید کپڑے پہنے جاتے تھے - سفید ہفتہ -

White (hwit) *adj.* & *n.* Of the colour of snow سفید - سپید - اُجلا - پاک صاف - کافوری - معصوم - بے عیب - گوری قوموں کا - شاہ پسند - مخالفِ انقلاب -

Bleed white مال و دولت لے کر محتاج کر دینا - خون چوس لینا -

White alloy مصنوعی چاندی -

White-ant دیمک -

Whitebait چھوٹی مچھلیاں جو تل کر کھائی جاتی ہیں -

Whitebeam ایک چھوٹا پودا جس کی پتیاں چاندی کی طرح چمکتی ہیں -

White-beard ضعیف آدمی -

White-caps سمندر کی لہریں -

White ensign برطانوی جہازوں کا سفید جھنڈا -

White-faced خوف یا علالت سے چہرہ سفید پڑ جانا - بیمار -

White lie دروغ مصلحت آمیز -

White-livered ڈرپوک - بزدل -

White-slave ایسی لڑکی جس سے جبراً پیشہ کرایا جائے - لڑکی جو پیشہ کرتی ہو -

White-slavery پیشہ کرانے کی غرض سے لڑکیاں فراہم کرنا -

White-slave traffic طوائف اور پیشہ ور لڑکیوں کی تجارت -

Whitesmith ٹین کا کام کرنے والا - قلعی گر -

White squall سمندر کا ناگہانی تموج - سفید جھکڑ -

Whitewash الزام دور کرنے کی کوشش کرنا - سفیدی پھیرنا - چُونا ڈالنا - تلخ شراب کے بعد میٹھی شراب پینا -

Whiten *v.t.* & *i.* قلعی کرنا - چونا ڈالنا - سفیدی پھیرنا - سفید کرنا -

Whiteness *n.* صفائی - پاکیزگی - سفیدی -

Whitish *adj.* سفیدی مائل -

White (hwit) *n.* Any thing white سفید رنگ - سفیدی - سفید چیز - انڈے یا آنکھ کی سفیدی - گوری نسل کا آدمی -

White-chapel (hwit-chap-l) *n.* & *v.i.* Light two-wheeled spring cart for loading goods دو پہیوں کی چھوٹی گاڑی جس پر دوکاندار سامان بھیجتے ہیں - (تاش) کسی رنگ کا ایک ہی پتہ ہو اور وہ چلایا جائے تاکہ اس کے بعد ترپ لگایا جا سکے -

Whitehall (hwit-hawl) *n.* Government offices سرکاری دفاتر - سڑک جس پر دفاتر واقع ہیں -

Whither (hwidh-ər) *adv.* & *conj.* To what place کس جگہ - کہاں - کدھر - جہاں - جس طرف کو - کہاں تک -

Whitherward *adv.* کس طرف کو -

Whiting (hwit-ing) *n.* Process of making white, substance used in whiting قلعی - چونا - سفید سفوف - کھریا مٹی - کثرت سے کھائی جانے والی ایک مچھلی -

Whitleather (hwit-le-dhər) *n.* White leather dressed with alum پھٹکری سے صاف کیا ہوا سفید چمڑا -

Whitlow (hwit-lo) *n.* Inflammatory tumour on finger tip انگلی کی سوجن -

Whittle (hwit-l) *n.* A large knife چُھرا - چاقو - چُھری - قصائی کا چُھرا -

Whittle (hwit-l) *v.t.* & *i.* Cut with knife, diminish gradually چاقو یا چُھری سے چھیلنا یا کاٹنا - پتلی ہو جانا - پتلی کر دینا - قاشیں تراشنا -

Whity (hwit-i) *adj.* Of white colour سفیدی مائل - سفید رنگ کی -

Whiz (hwiz) *v.i., t.* & *n.* Make a hissing sound سائیں سائیں یا فوں فوں کرنا - سن سن کی آواز پیدا کرنا - فوں فوں - سن سن - سائیں سائیں -

Who (hoo) *inter.* & *rel pron.* What person, which person کون - کس نے - جو - جس نے - کون شخص -

Who's who ایک کتاب جس میں مشاہیر کا حال ہوتا ہے ۔ کون کیا ہے ۔
Knows who's who ہر شخص سے واقف ہے ۔
Whoever (hoo-ever) *int.* & *pron.* Every one who, whatever person جو کوئی ۔ جو بھی ۔ جس کسی کو ۔ چاہے کوئی بھی ۔
Whosoever جو بھی ہو ۔ کوئی بھی ہو ۔ جو کوئی ۔
Whoever جس کسی کا ۔ جو بھی ۔
Whole (hol) *adj.* & *n.* Undamaged, entire, all سب ۔ سارا ۔ تمام ۔ جملہ ۔ پورا ۔ کامل ۔ مکمل ۔ پورا کا پورا ۔ سب کا سب ۔ سموچا ۔ صحیح ۔ تندرست ۔ بھلا چنگا ۔ مکمل نظام ۔ سگا ۔ حقیقی ۔
The whole truth ساری حقیقت ۔ اصل واقعہ ۔
Wholesale بڑے پیمانے پر ۔ تھوک کا ۔ تھوک بھاؤ ۔
Wholesaler تھوک فروش ۔
With one's whole heart دل و جان سے ۔ بڑی خوشی سے ۔
Whole-heartedly *adv.* پوری توجہ سے ۔ دل و جان سے ۔ پُورے طور پر ۔
Whole-heartedness *n.* پوری توجہ ۔ پورا خلوص ۔
Wholeness *n.* سموچا پن ۔ کُلّیت ۔ کاملیت ۔
Wholesome (hol-səm) *adj.* Healthy in body, taste and morals خوشگوار ۔ صحت بخش ۔ توانا ۔ تندرست ۔ صاحبِ ذوق ۔ صاحب اخلاق ۔
Wholesomeness *n.* خوش ذوقی ۔ خوشگواری ۔
Wholly (hol-i) *adv.* Fully, completely پوری طرح سے ۔ سراسر ۔ مطلق ۔
Whom (hoom) *pron.* Objective case of who کسے ۔ کس کو ۔ جسے ۔ جس کو ۔
Whoop (hoop) *n.* A loud eager cry چیخ ۔ پکار ۔ للکار ۔
Whoopee (hwoop-i) *n.* An exclamation of delight خوشی کا شور ۔ (امریکہ) دھا چوکڑی ۔ خرمستی ۔
Whop (hwop) *n.* & *v.t.* Whip, thrash کندی ۔ ضربت ۔ شکست ۔ کندی کرنا ۔ پیٹنا ۔ مارنا ۔
Whopper *n.* بہت بڑا جھوٹ ۔ بڑی یا عمدہ چیز ۔
Whore (hor) *n.* & *v.i.* Any unchaste woman کسبی ۔ رنڈی ۔ فاحشہ ۔ چھنال عورت ۔ زنا کرنا ۔ بے انصافی کرنا ۔ بت پرستی کرنا ۔
Whore-monger *n.* رنڈی باز ۔ زِنا کار ۔
Whore son حرام زادہ ۔
Whorish *adj.* زنا کار ۔ بد مست ۔
Whorl (hworl) *n.* A bunch of leaves, a single turn پتوں کا گچھا جو ایک ہی جگہ تنے سے پھوٹے ۔ صدف کا ابھرا ہوا گول حلقہ ۔
Whose (hooz) *pron.* Possessive case of who کس کا ۔ کن لوگوں کا ۔ جس کا ۔
Whosoever جو کوئی ۔ جس کسی کا ۔
Why (hwi) *adv.* & *conj.* For what reason کیوں ۔ کس لیے ۔ کس واسطے ۔ کس وجہ سے ۔ کس بنا پر ۔ جس وجہ سے ۔
Whys and wherefore علل ۔ وجوہ ۔ اسباب ۔
Why (hwi) *interj* Call a person ہائیں ۔ ارے ۔ ارے ہاں ۔ ارے بھائی ۔ تو پھر ۔ تو ۔ کیسے ۔ کس طرح ۔
Wick (wik) *n.* Twisted threads of cotton چراغ کی بتّی ۔ فتیلہ ۔ بتی جو زخم میں رکھی جائے ۔ قصبہ ۔ ضلع ۔ قریہ ۔
Wicked (wik-id) *adj.* Vicious, ungodly, sinful, very bad بُرا ۔ پاپی ۔ بے دین ۔ بد اعمال ۔ بدکار ۔ شریر ۔ حرام زادہ ۔ ظالم ۔ فاسد ۔
Wickedly *adv.* خباثت سے ۔ شرارت سے ۔
Wickedness *n.* بد کاری ۔ فسق و فجور ۔ بد اعمالی ۔
Wicker (wik-ər) *n.* A small twig بید کی کرسی ۔ نے یا سینٹھے کا ٹوکرا ۔ تیلیوں کا چھابا ۔
Wicker-work بید ۔ تیلیوں یا کاڑیوں کی چیزیں ۔
Wicket (wik-it) *n.* A small gate دریچہ ۔ کھڑکی ۔ چور کھڑکی ۔ چور دروازہ ۔ چھوٹا پھاٹک ۔ (کرکٹ) تین تین لکڑیاں جو بائیس گز پر گاڑھی جاتی ہیں اور جن پر گیند پھینکی جاتی ہے ۔ آؤٹ ہونے والے کھلاڑی ۔
Good, bad, wicket جہاں گیند پھینکی جاتی ہے اس قطعہ کی اچھی یا بری حالت ۔
Keep one's wicket up لکڑیوں کو بچانا ۔ آؤٹ نہ ہونا ۔
Wide (wid) *adj.*, *adv.* & *n.* Broad, extending far کھلا ۔ کشادہ ۔ چوڑا ۔ بہت بڑا ۔ عریض ۔ دُور ۔ بعید ۔ آزادانہ ۔ بے تعصبانہ ۔ ہمہ گیر ۔ دُور دُور ۔ پوری کھلی ہوئی ۔ (کرکٹ) گیند جو بَلّا باز سے بہت دور پھینکی جائے ۔

Give wide berth to بچتے رہنا ۔ دُور رہنا ۔
Is of wide distribution بہت سے مقامات پر پایا جاتا ہے ۔
Wide-awake چوکس ۔ چوکنا ۔
Wide of the mark بے تکا ۔ نشانہ سے دُور ۔
Widespread عالمگیر ۔ دُور تک پھیلا ہوا ۔
Wide world ہر جگہ ۔ وسیع دنیا ۔
Widely *adv.* وسیع دائرے میں ۔ دُور دُور تک ۔
Widen *v.t.* پھیلانا ۔ چوڑا کرنا ۔
Widish *adj.* قدرے کشادہ ۔ کسی قدر چوڑا ۔

Widgeon (wig-ən) *n.* Any duck of the genus Mareca بڑی بط کی ایک قسم ۔ سُرخاب ۔ جنگلی بط ۔

Widow (wid-o) *n.* & *v.t.* A woman who has lost her husband بیوہ ۔ رانڈ ۔ کسی عورت کے شوہر کو مار ڈالنا ۔ بیوہ کر دینا ۔ دوست وغیرہ سے جدا کر دینا ۔
Widowhood رنڈاپا ۔ بیوگی ۔
Widow's weeds ماتمی لباس ۔

Widower (wid-o-ər) *n.* A man whose wife is dead رنڈوا ۔ مرد جس کی بیوی مر گئی ہو ۔

Width (width) *n.* Breadth چوڑائی ۔ عرض ۔ پاٹ ۔ وسعتِ نظر ۔ آزاد خیالی ۔

Wield (weld) *v.t.* Rule, possess, control قابو میں رکھنا ۔ قبضے میں رکھنا ۔ حکومت کرنا ۔ ہاتھ میں لینا ۔ ہتھیار وغیرہ استعمال کرنا ۔ گھمانا ۔ پھرانا ۔ کام میں لانا ۔
Wield the sceptre حکمرانی کرنا ۔ عصائے حکومت ہاتھ میں رکھنا ۔

Wife (wif) *n.* A married woman بیوی ۔ جورو ۔ استری ۔ گھر والی ۔ اہلیہ ۔ گنوار یا جاہل عورت ۔
Old wive's tale من گھڑت باتیں ۔ بے بنیاد قصّہ ۔
Wifehood بیوی ہونا ۔ جورو پن ۔ زوجیت ۔
Wifelike-ly *adj.* بیوی کا ۔ بیوی کے مناسب ۔ زوجہ کے شایانِ شان ۔
Wifie *n.* عورت کے لیے پیار کا خطاب ۔ پیاری بیوی ۔

Wig (wig) *n.* An artificial covering of hair مصنوعی بالوں کی ٹوپی ۔ وکیلوں اور ججوں کے لباس منصبی کا جز ۔
There will be wigs on the green خوب لڑائی ہوگی ۔

Wig (wig) *v.t.* Scold ڈانٹنا ۔ ڈپٹنا ۔ بُرا بھلا کہنا ۔
Wigging *n.* زجر و توبیخ ۔ ڈانٹ ۔ ڈپٹ ۔

Wigan (wig-ən) *n.* A stiff canvas-like fabric بُکرم ۔ کرمچ کی طرح کا سخت کپڑا جو گلے میں لگایا جاتا ہے جس سے کالر کھڑا رہتا ہے ۔

Wigwam (wig-wom) *n.* An Indian hut شمالی امریکہ کے دیسی باشندوں کی جُھگّی یا جھونپڑا ۔

Wild (wild) *adj.*, *adv.* & *n.* Undomesticated, uncultivated وحشی ۔ جنگلی ۔ بنجر ۔ بیابانی ۔ غیر مزروعہ ۔ خود رو ۔ خود سر ۔ بے لگام ۔ نا تربیت یافتہ ۔ خیالی ۔ وہمی ۔ بے بنیاد ۔ بے چینی کا ۔ مجنونانہ ۔ اندھا دُھند ۔ بے سوچے سمجھے ۔ جنگل ۔ بڑت ۔ ویرانہ ۔
Wild-cat اندھا دھند ۔ جنگلی بِلّا ۔ بن بلاؤ ۔
Wild-fire جنگل کی آگ ۔ ایک آتش گیر مادہ یا مُرکّب ۔
Like wildfire جنگل کی آگ کی طرح ۔ نہایت تیزی سے ۔
Wild-goose جنگلی قاز ۔
Wild-goose chase نا ممکن چیز کی کوشش ۔ بے سُود کام ۔ کارِ لا حاصل ۔
Wild times بد امنی کا زمانہ ۔
Wildwork فتنہ و فساد ۔ شور و شغب ۔
Wildish *adj.* مضطرب ۔ کسی قدر وحشی ۔ قدرے خود سر ۔ وحشیانہ ۔
Wildly *adv.* بے تابی سے ۔ شوریدہ سری سے ۔ وحشیانہ طور پر ۔
Wildness *n.* نا شائستگی ۔ درندہ خصلتی ۔ وحشت ۔

Wilde-beest (wild-i-bast) *n.* A wild ox باڑا ۔ جنوبی افریقہ کا ہرن جو بیل سے مشابہ ہوتا ہے ۔

Wilderness (wil-dər-nəs) *n.* A region uncultivated and uninhabited اُجاڑ ۔ ویران جگہ ۔ غیر آباد ۔ بیابان ۔ بیابانی ۔ زندگی کی ویرانی ۔ جنگل کا جنگل ۔ لق و دق صحرا ۔
Voice in the wilderness بے اثر نصیحت ۔ صدا بہ صحرا ۔

Wilding (wild-ing) *n.* Plants grown wild خود رو پودا یا درخت ۔ جنگلی سیب ۔

Wile (wil) *n.* & *v.t.* Trick, deceit حیلہ ۔ بہانا ۔ چال ۔ دھوکا ۔ مکر ۔ فریب ۔ دھوکا دینا ۔ پھسلانا ۔ ورغلانا ۔ پھانسنا ۔

Wilful (wil-fl) *adj.* Obstinate خود سر ۔ ضدی ۔ خود رائے ۔ بالمقصد ۔ دیدہ و دانستہ ۔ خود سری کا ۔
 Wilfully *adv.* خود رائی سے ۔ سرکشی سے ۔
 Wilfulness *n.* ضد ۔ خود رائی ۔ سرکشی ۔

Will (wil) *v.t.* & *aux.* Wish for, desire خواہش کرنا ۔ چاہنا ۔ آرزو رکھنا ۔ (قواعد) مستقبل کی علامت "گا" حکم کرنا ۔ فرمانا ۔ ارادہ کرنا ۔ وصیت کرنا ۔ ضرور کرنا ۔ ضرور ہونا ۔

Will (wil) *n.* Choice, determination, disposition of one's effects at death قصد ۔ ارادہ ۔ مرضی ۔ مشیت ۔ عزم ۔ خواہش ۔ حکم ۔ شے مطلوبہ ۔ وصیت نامہ ۔
 With a will بالارادہ ۔ دل و جان سے ۔
 Tenant at will غیر میعادی پٹہ دار جسے حسب مرضی نکالا جا سکتا ہے ۔

Will (wil) *v.t.* Wish, desire, command, order دل سے چاہنا ۔ مرضی ہونا ۔ حکم دینا ۔ قوت ارادی کا اثر ڈال کر کوئی کام کرانا ۔ اپنی جائداد اور املاک کے متعلق وصیت کرنا ۔

Willing (wil-ing) *adj.* Eager, ready, prompt to act خواہاں ۔ مشتاق ۔ متمنی ۔ رضامند ۔ آمادہ ۔ جو خوشی سے دیا یا کیا جائے ۔
 Willingness *n.* رضا و رغبت ۔ رضامندی ۔ آمادگی ۔

Will-o'-the-wisp (wil-o-thə-wisp) *n.* Any deceptive person or thing چھلاوا ۔ دھوکا دینے والا ۔ رنگ بدلنے والا ۔ ایسا شخص جس کی صورت کبھی کچھ کبھی کچھ ہو ۔ پُر فریب چیز ۔

Willow (wil-o) *n.* Any tree having slender pliant branches بید کا درخت ۔ کرکٹ کا بَلّا ۔ روئی دھنکنے اور صاف کرنے کی کل ۔
 Handle the willow bat بَلّے سے کھیلنا ۔ بَلّا پکڑنا ۔

Willow (wil-o) *n.* & *v.t.* Clean in a willowing machine دھنکنے کی کل سے روئی صاف کرنا ۔ دھننے کی مشین ۔

Willowy (wil-o-i) *adj.* Abounding with willow جہاں بید کثرت سے ہوں ۔ پتلا ۔ لچک دار ۔

Wilt (wilt) *aux.* & *v.* دیکھو Will

Wilt (wilt) *v.i.* & *t.* Droop, loose energy or courage مرجھانا ۔ پژمردہ ہونا ۔ کمھلانا ۔ افسردہ ہونا ۔ ہمت ہار دینا ۔

Wilton (wil-tən) *n.* A carpet واٹن شہر کا قالین جس کے حاشیے گچھے دار ہوتے ہیں ۔

Wily (wil-i) *adj.* Cunning عیّار ۔ مکّار ۔ چالاک ۔ حیلہ باز ۔
 Wilily *adv.* مکّاری سے ۔ عیّاری سے ۔
 Wiliness *n.* روباہ خصلتی ۔ حیلہ بازی ۔ عیاری ۔ مکاری ۔

Wimbledon (wim-beld-ən) *n.* The lawn tennis championship which is held at Wimbledon دنیا کا ٹینس ٹورنمنٹ جو ومبلڈن میں ہوتا ہے ۔

Wimple (wim-pl) *v.t., i.* & *n.* A veil folded round the head برقعہ ۔ نقاب ۔ نقاب ڈالنا ۔ تہہ در تہہ ہونا ۔ دریا کا چکر کھاتے ہوئے بہنا ۔ لہریں اٹھنا ۔

Win (win) *v.t., i.* & *n.* Gain in contest, be the victor in فتح کرنا ۔ سر کرنا ۔ جیتنا ۔ حاصل کرنا ۔ کوشش کر کے پہنچنا ۔ آمادہ کر لینا ۔ اپنے اوپر مہربان کرنا ۔ گرویدہ کر لینا ۔ جیت ۔ فتح ۔ کامیابی ۔
 Winning post گھڑ دوڑ کا پالا ۔ گھڑ دوڑ کی آخری حد ۔ جیت کا مقام ۔
 Winningly *adv.* دلربائی سے ۔ دل فریبی سے ۔
 Winnings *n.* جیتی ہوئی رقم ۔ بُرد ۔ جیت ۔

Wince (win-s) *v.i.* & *n.* Shrink or start back جھجھکنا ۔ پیچھے ہٹنا ۔ چونک اٹھنا ۔ جھر جھری آنا ۔ جسمانی یا دماغی تکلیف کا اظہار ہونا ۔

Wincey (win-si) *n.* A cotton cloth with woollen filling ایک مضبوط کپڑا سوت اور اون سے بنا ہوا ۔
 Winceyette *n.* نقلی ونسی کپڑا ۔

Winch (win(t)sh) *n.* A reel or roller رولر کا ہتھا ۔ دُھرے کی چکر کیل ۔ بوجھ اٹھانے کی کل ۔

Winchester (win-chəs-tər) *n.* A rifle made at Winchester ونچسٹر رائفل جو بڑے شکار کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

Wind (wind) *n.* A current of air ہوا ۔ باد ۔ تیز ہوا ۔ جھکڑ ۔ پون ۔ سانس ۔ دم ۔ ریاح ۔ بھیڑوں کی ایک بیماری ۔ بے معنی یا بے اصل بات ۔ وہ رخ جدھر کی ہوا ہو ۔ دوسرے سے بہتر موقع ۔ محض لفاظی ۔ خبر ۔ پتہ ۔ سُن گُن ۔

Break wind ریاح خارج کرنا ۔

Find out how the wind blows واقعات یا رائے عامہ کا اندازہ کرنا ۔ ہوا کا رخ معلوم کرنا ۔

Get the wind up (بول چال) پھونک سرک جانا ۔ ڈر جانا ۔

Get wind of سُن گُن پانا ۔

Go like the wind بہت تیز چلنا ۔ ہوا کی طرح جانا ۔

Take the wind out of one's sails دوسرے کی بات اس سے پہلے ہی کہہ دینا ۔

There is something in the wind دال میں کچھ کالا ہے ۔ کچھ خفیہ کارروائی ہو رہی ہے ۔

Windbag جو بے معنی باتوں میں وقت ضائع کرے ۔ باتونی مقرر ۔ بکّی مُقرّر ۔

Windfall غیر متوقع فائدہ ۔

Windscreen *n.* موٹر کار کا اگلا شیشہ ۔

Windless *adj.* ہوا کا بند ہونا ۔ بے ہوا ۔

Wind (wind) *v.t.* & *i.* Turn, twist, coil, encircle لپیٹنا ۔ گھیرنا ۔ چکّر دینا ۔ کُوک بھرنا ۔ گھُمانا ۔ کترانا ۔ چکّر کھانا ۔ دل میں گھر کر لینا ۔ پیچ و خم کے ساتھ جانا ۔ بیل کا چڑھنا ۔ لچّھا بنانا ۔

Wind (wind) *v.t.* Play with breath wind بجانا ۔ پھونک کر بجانا ۔ سانس کے زور سے بجانا ۔ کسی شخص یا چیز کی بو سے اس کی موجودگی کا پتہ چلانا ۔ بیدم کر دینا ۔ سانس پھلا دینا ۔ تازہ دم کرنا ۔

Wind person round one's fingers انگلیوں پر نچانا ۔ کسی کو بالکل قابو میں کر لینا ۔

Wind up company کمپنی کا حساب کتاب ختم کر دینا ۔ کمپنی کو توڑ کر کاروبار ختم کر دینا ۔

Winding staircase چکّر دار زینہ ۔

Windlass (wind-ləs) *n.* Hauling and hoisting machine بوجھ اٹھانے کی کل ۔

Windlestraw (win-dl-straw) *n.* A thin dry stalk of grass گھاس کی کاڑی ۔ پیال ۔ پھونس ۔

Window (wind-do) *n.* An opening in the wall کھڑکی ۔ دریچہ ۔ غُرفہ ۔ جھروکا ۔

Have all one's goods in the window } اوچھا ہونا ۔ ہر چیز دکھانا ۔

Window-dressing کھڑکی میں پر فریب نمائش

Window-shopping دوکان کی کھڑکیوں میں چیزیں دیکھنا ۔

Windsor (win-zər) *n.* Town in Berk, style of British Royal family انگلستان کا ایک قصبہ ۔ برطانیہ کے شاہی خاندان کا طور طریقہ' لباس وغیرہ ۔

House of Windsor انگلستان کے شاہی خاندان کا لقب ۔

Windy (wind-i) *adj.* Of strong breeze تیز ہوا کا ۔ ہوا سے بھرا ہوا ۔ جہاں تیز ہوا چلتی ہو ۔ ہوا کے رخ کا ۔ ریاح پیدا کرنے والا ۔ ریاحی ۔ (بول چال) خوف زدہ ۔ ڈرا ہوا ۔

On the windy side of the law قانون کی زد سے بچا ہوا ۔

Windily *adv.* بادی پن سے ۔ لفّاظی سے ۔ تیزی کے ساتھ ۔

Wine (win) *n.* The fermented juice of grapes or other fruits and cereals انگور یا کسی اور پھل کی شراب (جامعہ آکسفورڈ اور کیمبرج) کھانے کے بعد مے نوشی کی صحبت ۔ گہرا سرخ رنگ ۔ عنابی رنگ ۔

New wine in old bottles نئے انداز ۔ نئی روح جو پرانے رسم و رواج سے آزاد ہے ۔

Wine bag پکّا شرابی ۔

Wine fat-press انگور کا رس نکالنے کی کل ۔

Wine glass ساغر ۔ جام ۔

Winy *adj.* شراب کے رنگ یا مزے کا ۔

Adam's wine پانی ۔

Wing (wing) *v.t., i.* & *n.* The organ of a bird پرندے کا بازو ۔ پنکھ ۔ بال و پر ۔ فوج کا میمنہ ، میسرہ ۔ اڑان ۔ پرواز ۔ اڑنے کے قابل بنانا ۔ اڑا لے جانا ۔ اڑ کر جانا ۔ پرندے کا بازو زخمی کرنا ۔

Winged words وہ الفاظ جو تیر کی طرح نشانے پر بیٹھیں ۔ پُر معنی الفاظ ۔

Winglet *n.* چھوٹا سا پنکھ یا پَر ۔

Wink (wingk) *v.i., t.* & *n.* Move the eyelids پلک جھپکانا ۔ آنکھ مارنا ۔ آنکھ سے اشارہ کرنا ۔ اغماض کرنا ۔ چشم پوشی کرنا ۔ ستارے یا روشنی کا ٹمٹانا ۔ رہ رہ کر چمکنا ۔ آنکھ کا اشارہ ۔

Forty winks ہلکی نیند ۔ جھپکی ۔

Tip one the wink (بول چال) آنکھ مارنا ۔ اشارہ کرنا ۔

Wink at تغافل کرنا ۔ اغماض کرنا ۔

Winkle (wing-kl) *n.* Edible sea snail ایک قسم کا جھینگا جو کھایا جاتا ہے ۔

Winnow (win-o) *v.t.* Separate the chaff from, by wind پھٹک کر بھوسا الگ کرنا ۔ ہوا کے زور سے بھوسا الگ کرنا ۔ حق کو باطل سے الگ کرنا ۔ پنکھ یا پر مارنا ۔ پسارنا ۔ پچھوڑنا ۔

Winsome (win-səm) *adj.* Cheerful, pleasant دلکش ۔ دلفریب ۔ دلآویز ۔

Winsomely *adv.* خندہ پیشانی سے ۔

Winsomeness *n.* دلآویزی ۔ دلکشی ۔

Winter (win-ter) *v.t.* & *n.* Cold season جاڑا ۔ سردی ۔ سردی کا موسم ۔ سرما ۔ زمستان ۔ کسی مقام پر جاڑے کا موسم گزارنا ۔ موسم سرما بسر کرنا ۔ جاڑے میں پودوں اور مویشیوں کی حفاظت کرنا ۔

Wintry (win-tri) *adj.* Of winter جاڑے کا ۔ سرمائی ۔ پھیکا ۔ بے لطف ۔ جوش سے خالی ۔

Wintriness *n.* سرد مہری ۔ بے لطفی ۔ سردی ۔

Wipe (wip) *v.t., i.* & *n.* Clean or dry by rubbing پونچھنا ۔ صاف کرنا ۔ مٹا ڈالنا ۔ دھو ڈالنا ۔ (بول چال) لمبی زد کا وار کرنا ۔ لمبی زد کا وار ۔ (بول چال) رومال ۔ سبقت لے جانا ۔

Wipe out نیست و نابود کر دینا ۔ برباد کر دینا ۔ مٹا دینا ۔

Wipe out disgrace بدنامی دور کرنا ۔ ذلّت کا داغ دھونا ۔

Wire (wir) *n., v.t.* & *i.* A telegram, a piece of wire تار ۔ تار برق ۔ تار کا پیغام ۔ لوہے کا، پیتل کا تار ۔ تار سے باندھنا ۔ پرندوں کو تار کے پھندے میں پھنسانا ۔ مکان میں بجلی کے تار لگوانا ۔ تار دینا (کرکٹ) میدان کی حد کے اندر گیند روکنا ۔

Barbed wire خار دار تار ۔

Pull the wires ریشہ دوانی کرنا ۔ خُفیہ پیروی کرنا ۔ کٹھ پتلی نچانا ۔

Wire entanglement (فوج) حفاظت کا انتظام ۔ الجھے ہوئے تار کی باڑ ۔

Wirepuller *n.* ریشہ دوانی کرنے والا ۔

Wireless (wir-les) *adj., n., v.t.* & *i.* Without wires, wireless telegraphy بے تار کی ۔ لا سلکی ۔ لا سلکی پیام ۔ لا سلکی پیام بھیجنا ۔

Wiry (wir-i) *adj.* Of metal thread تار کا ۔ تار کا بنا ہوا ۔ بہت مضبوط ۔ گٹھے ہوئے جسم کا ۔ چُست ۔ ان تھک ۔

Wirily *adv.* بہت مضبوطی سے ۔

Wiriness *n.* مستعدی ۔ مضبوطی ۔

Wis (wis) *v.t.* Know, believe (قدیم) میں جانتا ہوں ۔ میں مانتا ہوں ۔

Wisdom (wiz-dəm) *n.* Quality of being wise عقل ۔ دانش ۔ دانائی ۔ فہم ۔ فراست ۔ دور اندیشی ۔ علم ۔ حکمت ۔ حکیمانہ اقوال ۔

Wise (wiz) *adj.* Having knowledge دانا ۔ دانشمند ۔ عقل مند ۔ عاقل ۔ خرد مند ۔ دانائی کا ۔ مدبّرانہ ۔ دانشمندانہ ۔ واقف ۔ با خبر ۔ سیانا ۔ جادوگر ۔

None the wiser اس واقعہ سے اس کی آنکھیں نہیں کھلیں ۔ اتنا ہی نا واقف جتنا پہلے تھا ۔

Put one wise to (امریکہ) آگاہ کرنا ۔ خبردار کرنا ۔

Wise after the event مشتے بعد از جنگ ۔ جس کو پہلے سے اندازہ نہ ہو ۔

Wisely *adv.* عقلمندی سے ۔ ہوشیاری سے ۔

Wise (wiz) *n.* Wise course طور ۔ طریقہ ۔ ڈھنگ ۔ انداز ۔

Any wise کسی طرح سے ۔

No wise کسی طرح نہیں ۔

Wise (wiz) *suffix.* In combination, way, manner لا حقہ بمعنی صورت ، طرز ، طرح ۔

Clockwise گھڑی کی طرح ۔

Wiseacre (wiz-a-kər) *n.* One who assumes an air of superior wisdom حکمت چھانٹنے والا ۔ لال بُجھکّڑ ۔ عقلمند بننے والا ۔

Wish (wish) *v.t., i.* & *n.* Have a desire, long for چاہنا ۔ آرزو کرنا ۔ خواہش کرنا ۔ تمنّا کرنا ۔ طلب کرنا ۔ مائل ہونا ۔ برا یا بھلا چاہنا ۔ خیر مقدم کرنا یا خدا حافظ کہنا ۔ آرزو ۔ تمنّا ۔ چاہ ۔ منشا ۔ مراد ۔ مطلب ۔

Good wishes نیک تمنّائیں ۔ دعائے خیر ۔

Wish person joy of طنزاً کسی سے کہنا آپ ہی کو مبارک ہو ۔

Wishful *adj.* دلپسند ۔ پسندیدہ ۔ تمنائی ۔ خواہش مند

Wish-wash (wish-wosh) *n.* Anything poor, weak ہلکی ۔ پتلی ۔ پھیکی بے مزہ گفتگو ۔

Wishy-washy *adj.* بے مزہ ۔ پانی سی ۔ بے مزہ ۔ پتلی ۔

Wisp (wisp) *n.* A small bundle of straw گھاس کا چھوٹا سا مٹھا ۔ پتلی جھاڑو ۔ چھوں کا جھنڈ ۔

Wist (wist) *n.* Knowledge, wisdom سمجھ ۔ عقل ۔ فہم ۔

Wistful (wist-fool) *adj.* Intent, earnest پُرحسرت ۔ سنجیدہ ۔ تمنائی ۔ متفکر ۔ سوچ میں محو ۔

Wistfully *adv.* فکر مندی سے ۔ توجہ سے ۔ اشتیاق سے ۔

Wistfulness *n.* حسرت ۔ توجہ ۔ شوق ۔ دھیان ۔

Wit (wit) *v.t.* & *i.* Be aware of, know جاننا ۔ معلوم ہونا ۔

Witting دیدہ و دانستہ ۔

Wittingly *adv.* جان بوجھ کر ۔

Wit (wit) *n.* Understanding, the mind عقل ۔ سمجھ ۔ ذہن ۔ ہوش و حواس ۔ تمیز ۔ فراست ۔ حاضر جوابی ۔ بذلہ سنجی ۔

At one's wit's end حواس باختہ ۔ متحیر ۔

Have one's wits about him ہوش و حواس قائم رکھنا ۔ چوکس رہنا ۔

Live by one's wits اپنی چالاکی سے روزی کمانا ۔

Out of one's wits بد حواس ہونا ۔

Witless *adj.* کوڑھ مغز ۔ کند ذہن ۔ غبی ۔ بیوقوف ۔

Witlessness *n.* نا سمجھی ۔ بیوقوفی ۔ کند ذہنی ۔

Wittiness *n.* حاضر جوابی ۔ ذہانت ۔

Witty *adj.* ذہین ۔ تیز فہم ۔ نکتہ سنج ۔

The five wits حواس خمسہ ۔

Wit (wit) A mental faculty, a person endowed with wit دانشمند ۔ عقل مند ۔ صاحب عقل و فراست ۔ بذلہ سنج ۔

Witch (wich) *n.* & *v.t.* A woman regarded as having magical powers جادوگرنی ۔ ساحرہ ۔ ڈائن ۔ چڑیل ۔ بد عورت ۔ دلربا عورت ۔ جادو کرنا ۔ سحر کرنا ۔ مسحور کرنا ۔ لبھانا ۔ ایک قسم کی چپٹی مچھلی ۔

Witchcraft فسوں گری ۔ جُھومنتر ۔ ٹونا ۔ جادو ۔ سحر ۔

Witchery *n.* جادو ٹونا ۔ عشوہ طرازی ۔ ساحری ۔ دلفریبی ۔

Witching *adj.* دلکش ۔ پُرکشش ۔ دلآویز ۔ دلربا ۔

Witchingly *adv.* عشوہ طرازی سے ۔ دلربائی سے ۔ دلفریبی سے ۔

With (widh) *prep.* By, beside, among, in the company of ساتھ ۔ سنگ ۔ مع ۔ شمول میں ۔ موافقت میں ۔ پاس ۔ قبضے میں ۔ ذمے ۔ میں ۔ سے ۔ ساتھ ساتھ ۔ مدد سے ۔ ذریعے سے ۔ باوجود ۔ بمقابل ۔ رُو برُو ۔

Can do anything with him میں اس سے ہر کام لے سکتا ہوں ۔

Withal (widh-awl) *adv.* & *prep.* With all or the rest, besides, thereupon نیز ۔ بھی ۔ اس کے ساتھ ۔ مع ۔ علاوہ ۔ مزید برآں ۔

Withdraw (widh-draw) *v.t.* & *i.* Take back واپس لینا ۔ نکال لینا ۔ ہٹا لینا ۔ جُدا کرنا ۔ لوٹا لینا ۔ اُٹھا لینا ۔ ہٹ جانا ۔ چلے جانا ۔

Withdrawal *n.* علیحدگی ۔ دست برداری ۔ مراجعت ۔ واپسی ۔

Withe (widh) *n.* A flexible twig بید کی ٹہنی ۔ شاخ ۔ لچکدار ڈالی جس سے گٹھا باندھتے ہیں ۔

Wither (widh-ər) *v.t.* & *i.* Fade or become dry مرجھانا ۔ پژمردہ کرنا ۔ سوکھنا ۔ خشک کرنا ۔ مٹنا ۔ برباد ہونا ۔

Withering *adj.* جانکاہ ۔ افسردہ ۔ خشک ۔ مرجھایا ہوا ۔

Withers (widh-ərs) *n.* The ridge between shoulder bones of a horse گھوڑے کے شانہ کی کوب ۔ شانہ ۔ شانوں کے درمیان کی ابھری ہوئی ہڈی ۔

Withhold (with-hold) *v.t.* Keep back, refuse to give روکنا ۔ باز رکھنا ۔ اٹکانا ۔ نہ دینا ۔ روکے رکھنا ۔ پرآئندہ رکھنا ۔ ملتوی کرنا ۔ دبائے رکھنا ۔

Within (widh-in) *adv.* & *prep.* In, inside, in the inner part اندر ۔ اندرونی حصہ میں ۔ اندر کی طرف ۔ اندرونی طور پر ۔ اندر کا رُخ ۔ حد میں ۔ عرصے میں ۔ من میں ۔ دل میں ۔ ذہن میں ۔

Without (with-owt) *adv., prep.* & *n.* Outside, beyond باہر ۔ بیرون ۔ باہر کی طرف ۔ خارجی ۔ ذریعہ ۔ ظاہر ۔ ادھر ۔ علیحدہ ۔ بغیر ۔ بن ۔ سوائے ۔ بجز ۔ جب تک کہ ۔

Goes without saying مسلمہ بات ہے ۔ مشہور بات ہے ۔

Withstand (with-stand) *v.t.* Resist, stand against سامنا کرنا ۔ مقابلہ کرنا ۔

Withy (widh-i) *adj.* Willowy ۔ کسی لچکدار شاخ کا بید کا بنا ہوا ۔ بید کا ۔

Witness (wit-nis) *v.t., i. & n.* Knowledge brought in proof ۔ گواہی ۔ شہادت ۔ گواہ ۔ عینی شاہد گواہی دینا ۔ اظہار دینا ۔ علامت دینا ۔ ثبوت ہونا ۔ دستخط کی تصدیق کرنا ۔

Eye-witness چشم دید گواہ ۔ عینی گواہ ۔

Witness-box عدالت میں گواہ کے کھڑے ہونے کی جگہ ۔ گواہ کا کٹھہرا ۔

Witticism (wit-i-si-zm) *n.* A witty remark مذاق کا فقرہ ۔ چٹکلا ۔ لطیفہ ۔

Wive (wiv) *v.t. & i.* Provide with a wife, take for a wife ۔ شادی کرنا ۔ شادی کرانا ۔ بیاہ کرا دینا ۔ جورو دلوا دینا ۔

Wizard (wiz-ərd) *n.* A magic man, a wise man جادوگر ۔ ساحر ۔ دانا ۔ عقلمند ۔

Wizardry *n.* دانائی ۔ افسون گری ۔ جادوگری ۔

Wizened *adj.* ۔ پُر شکن ۔ سُکڑا ہوا ۔ چھوارا سا ۔ سُوکھا ہوا ۔

Woad (wod) *n.* Plant yielding good permanent dye ایک درخت جو بحیرہ روم کے اطراف میں ہوتا ہے اس سے پکّا نیلا رنگ نکلتا ہے ۔

Wobble (wob-l) *v.i. & n.* Move unsteadily ڈگمگاتے ہوئے چلنا ۔ ڈگمگانا ۔ لڑکھڑانا ۔ تلوّن سے کام لینا ۔ کبھی کچھ کبھی کچھ کہنا ۔ بار بار رنگ بدلنا ۔ گردش ۔ ڈگمگاہٹ ۔ تلوّن ۔ لڑکھڑاہٹ ۔

Wobbler *n.* ۔ تھالی کا بینگن ۔ کمزور ارادے کا آدمی ۔ متلوّن مزاج ۔

Woe (wo) *n.* Grief, misery ۔ رنج ۔ غم ۔ سوگ ۔ الم مصیبت ۔ (جمع) آلام ۔ مصائب ۔

Weal and woe ۔ خوش حالی اور بد حالی ۔ بپتا ۔ سمپتا

Woeful *adj.* ۔ الم ناک ۔ آفت رسیدہ ۔ رنجیدہ ۔ غمگین

Wold (wold) *n.* An open tract of country غیر مزروعہ زمین ۔ کھلا میدان ۔

Wolf (woolf) *n. & v.t.* Common name for gregarious and rapacious species of the genus Canis ۔ بھیڑیا ۔ گرگ ۔ ظالم آدمی ۔ بے درد ۔ بے رحم انسان ۔ انسان کی شکل میں بھیڑیا ۔ نگل جانا ۔ چیر پھاڑ کر کھا جانا ۔

Cry wolf too often اعتبار کھو دینا ۔ بار بار بھیڑیا آیا بھیڑیا آیا کہنا ۔ بلا وجہ شور مچانا ۔

Hold wolf by the ears ایسی حالت کہ نہ رک سکیں نہ بھاگ سکیں ۔

Keep the wolf from the door ۔ فاقے سے بچنا

Wolf in sheep's clothing ریا کار انسان ۔ بگلا بھگت ۔

Wolfish *adj.* ۔ ظالم ۔ گُرگ صفت

Wolfishness *n.* ۔ ظالم اور لالچی ہونا ۔ گُرگ سیرتی

Wolverene (wool-və-ren) *n. & v.t.* An American carnivorous mammal امریکہ کا ایک گوشت خور نیولے کی قسم کا جانور ۔ نیولا پالنا ۔

Woman (woom-ən) *n.* An adult female جوان عورت ۔ زن ۔ لگائی ۔ عورت ذات ۔ نسوانی جذبات ۔ نوکرانی ۔ ماما ۔

Make an honest woman of عورت سے ناجائز تعلق پیدا کرنے کے بعد اس سے شادی کر لینا ۔

Play the woman ۔ رونا یا خوف کا اظہار کرنا

Tied to woman's apron کسّی عورت کا محتاج ہونا ۔

Woman of the world تجربہ کار عورت ۔ جہاں دیدہ عورت ۔

Woman with a past ۔ عورت جس کا ماضی بدنام ہو

Womenfolk ۔ گھر کی عورتیں ۔ مستورات

Womanhood *n.* ۔ نِسوانی طبیعت ۔ نِسوانیت

Womanlike *adj.* ۔ نسوانی

Womanish *adj.* ۔ عورتوں کا سا ۔ زن صفت

Womanize (woom-ən-iz) *v.t.* Make, become effiminate نسوانی صفات پیدا کرنا ۔ مرد کو زن صفت بنانا ۔ عورتوں میں حقیقی زنانہ صفات پیدا کرنا ۔ عیّاشی کرنا ۔

Womanly (woom-mən-li) *adj.* Like a woman زنانہ ۔ عورتوں کا سا ۔ نِسوانی صفت کا ۔

Womanliness *n.* ۔ عورت پن ۔ نسوانیت

Womb (woom) n. The organ in which young of mammals are developed رحم - بچہ دانی -

Wonder (wun-dər) n. Admiration, astonishing thing تعجب - اچنبھا - حیرت - عجوبہ - کرامات - معجزہ - حیرت انگیزی -

A nine-day's wonder کوئی دلچسپ واقعہ جس کا چرچا چند ہی دن رہے -

Did wonders حیرت انگیز کامیابی حاصل کی -

Child is a wonder بچہ عجوبہ ہے -

Wonderland طلسمات - پرستان -

Work wonders معجزہ دکھانا - کرامات دکھانا -

Wonder-worker کرامات دکھانے والا -

Wonder (wun-dər) v.i. & t. Feel wonder, speculate تعجب کرنا - متعجب ہونا - اچنبھے میں ہونا - معلوم کرنے کا اشتیاق ہونا - سوچ میں پڑ جانا - شبہ کرنا -

I wonder at you - مجھے تمہاری حرکت پر تعجب ہے -

I wonder what the time is نہ جانے کیا وقت ہے -

Wonderingly adv. تعجب کے ساتھ - حیرت سے -

Wonderment n. حیرانی - تعجب - حیرت -

Wonderful (wun-der-fl) adj. Astonishing تعجب خیز - حیرت انگیز - عجیب - انوکھا - نرالا - نہایت عمدہ - قابل تعریف -

Wondrous (wun-dər-əs) adv. & adj. Amazing حیرت انگیز - عجیب - حیرت انگیز طور پر - نہایت عمدہ طریقے سے -

Wondrously adv. حیرت انگیز طور پر -

Wondrousness n. تعجب انگیزی - حیرت انگیزی -

Wonky (wongk-i) adj. Unsound, shaky (بول چال) ڈگمگاتا ہوا - بیمار - ناقابلِ اعتبار -

Wont (wont) adj. Used, accustomed معمول کے مطابق - عادی - خوگر -

Wont (wont) v. & aux. Will not Will دیکھو

Wont (wont) n. Habit, custom عادت - خو - دستور - رسم و رواج -

Wonted (wont-d) adj. Habitual خوگر - عادی - معمول کے مطابق -

Wooer (woo-ər) n. One who tries to win the affection of عاشق - شادی کا طالب - اظہار عشق کرنے والا -

Wooingly adv. عاشقانہ انداز سے - عجز و نیاز سے -

Wood (wood) n. A tree, the Cross, timber, forest جنگل - بن - لکڑی - کاٹھ - چوب - ایندھن - عارقی لکڑی - شراب کا پیپا - ہوا کے باجے ، بانسری وغیرہ -

Cannot see wood for trees پتیاں گنتے ہیں مگر درخت دکھائی نہیں دیتا - جُز میں کُل غائب -

Do not halloo till you are out of the wood وقت سے پہلے یہ مت سمجھو کہ سب مشکلیں آسان ہو گئیں -

Woodman لکڑ ہارا - داروغۂ جنگلات -

Wood-pecker ایک پرندہ (کٹھ پھوڑا) -

Woodsman صحرائی - جنگل باسی -

Wood work لکڑی کی نقاشی - لکڑی کا کام -

Woodchuck (wood-chuk) n. North American marmot شمالی امریکہ کی گلہری -

Wooden (wood-en) adj. Made of wood چوبی - بھدّا - لکڑی کا بنا ہوا -

Wooden-headed adj. احمق - بیوقوف - چوب سر -

Wooden-headedness n. چوب سری - بے وقوفی -

Woodenly adv. حماقت سے - بھونڈے پن سے -

Woodenness n. بھدّا پن - افسردگی - سختی -

Woody (wood-i) adj. Full of trees جنگل کا - لکڑی کا - چوبی - درختوں سے بھرا ہوا -

Woodiness n. چوبی ہونا - درختوں کی کثرت -

Wool (wool) n. Short and soft hair اُون - پشم - صُوف - اُونی دھاگا - رُواں - اُون کے کپڑے -

Go for wool and come home shorn اُلٹی آنتیں گلے پڑنا -

Much cry and little wool بہت شور سنتے تھے پہلو میں دل کا - ٹائیں ٹائیں فش -

Wool-gathering بیہودہ منصوبے - محویت کے عالم میں - کھویا ہوا -

Woollen (wool-n) adj. Made of wool اُونی - اُون کا - اُونی کپڑا -

Woollenette پتلا اُونی کپڑا ۔

Woolly (wool-i) *adj.* & *n.* Of wool پھیکے رنگ کی تصویر ۔ دُھندلی ۔ اُونی ۔ پشمی ۔ الجھا ہوا ۔ پریشان دماغ ۔ روئیں دار ۔

Woolliness *n.* ۔ الجھا ہوا ہونا ۔ دُھندلا اور پھیکا ہونا ۔ اُون کا ہونا ۔

Woolwich (wool-wij) *n.* Woolwich arsenal for naval and military stores and cadets of Royal Engineers and Artillery ولوچ کا بحری اور بری اسلحہ خانہ ۔ ولوچ کا فوجی کالج جہاں فوجی انجینئر اور توپ خانہ کے لیے سپاہی تیار کیے جاتے ہیں ۔

Wootz (woot-s) *n.* Steel made in India ہندوستان کا بنا ہوا فولاد ۔ فولادِ ہندی ۔

Wop (wop) *n.* A derogatory term for an Italian (امریکہ) اطالیہ کا باشندہ ۔ اطالوی ۔ (تحقیر کے طور پر) ووپ ۔

Word (wurd) *n.* A unit of spoken language ۔ لفظ کلمہ ۔ تقریر ۔ قول ۔ بات چیت ۔ حکم ۔ فرمان ۔ اقرار ۔ اظہار ۔ وعدہ ۔ بحث ۔ نزاعِ لفظی ۔ تکرار ۔ مقولہ ۔ اصولِ عمل ۔ کلامِ الٰہی ۔

A word in season بر وقت نصیحت ۔

A word out of season بے وقت نصیحت ۔

A word with you ۔ آپ سے ذرا بات کرنا چاہتا ہوں ۔

Be as good as one's word ۔ جو کہنا وہ پورا کرنا ۔

Big words دھونس ۔ شیخی ۔

Burning words پُر جوش الفاظ ۔

Eat one's words ۔ مجبور ہو کر اپنے الفاظ واپس لینا ۔

Fair and good words خوشامدانہ گفتگو ۔

God's word کلامِ الٰہی ۔ کتابِ الٰہی ۔

Hard words break no bones
Fine words butter no parsnips
Words are but wind
} محض باتوں سے کیا ہوتا ہے ۔

Hasn't a word to throw at a dog یہ غرور کہ کسی سے بات تک نہیں کرتا ۔

His word is as good as a bond اس کا زبان دینا دستاویز سے کم نہیں ۔

I have a word to sa, مجھے ایک ضروری بات کہنا ہے ۔

Say a good word for ۔ کسی کے لیے کلمۂ خیر کہنا ۔ کسی کی سفارش کرنا ۔

Take one at his word کسی کے کہنے کو صحیح سمجھنا ۔

The last word قولِ فیصل ۔

Word-blind پڑھ سکے مگر سمجھ نہ سکے ۔ معنی کا اندھا ۔

Word (wurd) *v.t.* Say in words ۔ لفظوں میں ادا کرنا ۔ لفظوں میں بیان کرنا ۔ الفاظ لانا ۔ ظاہر کرنا ۔ باتیں گھڑنا ۔ الفاظ کا جامہ پہنانا ۔

Wording *n.* ترتیب ۔ الفاظ کی بندش ۔ طرزِ ادا ۔ طرزِ بیان ۔

Wordy (wurd-i) *adj.* Verbose, containing too many words طول طویل ۔ لمبی چوڑی ۔

Wordy warfare ۔ بے سُود بحث ۔ لفظی بحث ۔ حجت ۔ تکرار ۔

Wordiness *n.* طوالتِ کلام ۔ لفّاظی ۔

Work (wurk) *n.* Effort directed to an end ۔ کار کام ۔ شغل ۔ خاص کام ۔ تیار شدہ شے ۔ کوئی تصنیف یا تالیف شدہ کتاب ۔ گلکاری ۔ نقاشی ۔ بیل بوٹے ۔ نقش و نگار ۔ کشیدہ کاری ۔ نیک اعمال ۔ (جمع) فوجی استحکامات ۔ تعمیر کا کام ۔ آرائشی کام ۔

Make short work of شکست دینا ۔ دم بھر میں ختم کر دینا ۔

Workdays اتوار اور تعطیل کے علاوہ کام کے دن ۔

Workhouse محتاج خانہ ۔ تعزیر خانہ ۔

Workmanship صنّاعی ۔ کاریگری ۔

Workshop کارخانہ ۔

Work-shy کام چور ۔

Workless *adj.* بے کار ۔ بے روزگار ۔

Work (wurk) *v.t.* & *i.* Be occupied, keep employed کام کرنا ۔ محنت کرنا ۔ سعی کرنا ۔ چلنا ۔ حرکت کرنا ۔ چالو ہونا ۔ چلانا ۔ کاروبار کرنا ۔ مصروف ہونا ۔ اثر کرنا ۔ عمل کرنا ۔ پیدا کرنا ۔ عمل میں لانا ۔ آٹے میں خمیر اٹھنا ۔ آٹے وغیرہ کو گوندھنا ۔ اُکسانا ۔ بھڑکانا ۔ کشیدہ کاڑھنا ۔ ریاضی کا سوال حل کرنا ۔ جہاز کے کرائے کے بدلے جہاز پر کام کرنا ۔

Hard to work with جس سے نباہنا مشکل ہو بے ڈھب

Work to rule قواعد کی بیجا پابندی سے کام خراب کرنا ۔

Workable (wurk-əbl) *adj.* Practicable کرنے کے لائق ۔ قابلِ عمل ۔

Workability *n.* قابلِ عمل ہونا ۔ عمل پذیری ۔

Worker (wurk-ər) *n.* One who works, a toiler محنت کرنے والا ۔ مزدور ۔

Working (wurk-ing) *adj.* & *n.* Making, solving بناتا ہوا ۔ کام کرتا ہوا ۔ جاری ۔ چالو حالت میں ۔ جدّ و جہد ۔ عمل ۔ طریقِ کار ۔

The working class مزدوروں کا طبقہ ۔

World (wurl-d) *n.* The earth, the universe ۔ دنیا جہان ۔ عالم ۔ زندگی ۔ دنیا کے دھندے ۔ کائنات ۔ کون و مکاں ۔ کرہ ارض ۔ دنیا کے لوگ ۔ سماج ۔ طبقہ امرا ۔ حلقہ ۔ دائرہ ۔ دنیاوی معاملات ۔

Citizen of the world پردیسی جو ساری دنیا کو اپنا وطن سمجھے ۔

Let the world slide دنیا جیسے چلتی ہے چلنے دو ۔

Man of the world دنیا دار ۔ تجربہ کار ۔ عملی آدمی ۔

Take the world as it is اپنی زندگی دنیا کے حالات کے مطابق بناؤ ۔ تو بازمانہ بساز ۔

Worldling (wurl-di-ing) *n.* One who is devoted to worldly pursuits دنیا طلب ۔ دنیا پرست ۔ دنیادار ۔

Worldly (wurld-li) *adj.* Pertaining to the world دنیا کا ۔ دنیاوی ۔ دُنیا پرست ۔ عیش پرست ۔

Worldly-minded جاہ و حشم کا طالب ۔ دنیاوی چیزوں کا طالب ۔

Worldly wise دنیا کے دھندوں کا ماہر ۔

Worldly wisdom دُنیا میں کامیاب ہونے کی عقل ۔

Worldliness *n.* مادّیت ۔ ہوا و ہوس ۔ دُنیا طلبی ۔ دنیا داری ۔

Worm (wurm) *n.* Any creeping or crawling animal رینگنے والا کیڑا ۔ کِرْم ۔ کیچوے ۔ سانپ ۔ پیٹ کے کیڑے ۔ ادنیٰ یا حقیر آدمی ۔ چیونٹی ۔ زبان کے نیچے کی نس ۔

A worm will turn زیادہ ستانے سے کمزور سے کمزور بھی بدلہ لینے پر تیار ہو جاتا ہے ۔

I am a worm today آج میری طبیعت ناساز ہے ۔

Worminess *n.* کیڑوں سے بھرا ہونا ۔ کِرْم خوردہ ہونا ۔

Wormy *adj.* کِرْم خوردہ ۔ گھُن لگا ۔

Worm (wurm) *v.t.* & *i.* Rid of worm, cause to be eaten by worms, work secretly کیڑے ختم کرنا ۔ کیڑوں کے حوالے کر دینا ۔ خفیہ طور پر کام کرنا ۔ خوشامد یا چالاکی سے تقرب حاصل کرنا ۔ عیاری سے کسی چیز کا پتہ لگا لینا ۔ فصل کو کیڑوں سے پاک کرنا ۔

Wormwood (wurm-wood) *n.* A bitter plant افسنتین ۔ ایک قسم کی تلخ بُوٹی ۔ سوہانِ روح ۔ روحانی تکلیف کا باعث ۔

Worry (wur-i) *v.t.*, *i.* & *n.* Tear with teeth, harass, pester, trouble oneself دق کرنا ۔ تنگ کرنا ۔ پریشان کرنا ۔ کتے کا بار بار کاٹنا ۔ ناک میں دم کرنا ۔ پریشان ہونا ۔ فکروں میں گھلنا ۔ پریشانی ۔ تشویش ۔

Wears a worried look پریشان نظر آتا ہے ۔

Worriless *adj.* مطمئن ۔ پُرسکون ۔ فکروں سے پاک ۔

Worriment *n.* تشویش ۔ دِقّت ۔ فکر ۔ پریشانی ۔

Worryingly *adv.* فکروں میں مبتلا کرتے ہوئے ۔ پریشان کرتے ہوئے ۔

Worse (wurs) *adj.* & *adv.* Bad or evil in a greater degree بد تر ۔ بہت برا ۔ زیادہ خراب ۔ بد تر حالت میں ۔

Worsen *v.t.* & *i.* زیادہ خراب کرنا ۔ زیادہ خراب ہونا ۔ بد تر ہونا ۔

Worship (wur-ship) *n.*, *v.t.* & *i.* Profound affection پُوجا ۔ پرستش ۔ عبادت ۔ بندگی ۔ پرستش کرنا ۔ عزت کرنا ۔ احترام کرنا ۔ مقدس و اقدس سمجھنا ۔

Worshipful *adj.* واجب التعظیم ۔ معظّم ۔ مکرّم ۔

Worshipfulness *n.* واجب التعظیم ہونا ۔ عظمت ۔

Worshipper *n.* بندہ ۔ عابد ۔ پرستار ۔ پُجاری ۔

Worst (wurst) *adj.*, *adv.* & *v.t.* Bad or evil in the highest degree بدترین ۔ بہت ہی خراب ۔ بدترین حالت میں ۔ بدترین طور پر ۔ غالب آنا ۔ جیتنا ۔ شکست دینا ۔ زک دینا ۔

At the worst بری سے بری حالت میں ۔

If it comes to the worst گر بدترین صورت پیش آئے ۔

Let him do his worst وہ جتنی برائی کر سکتا ہے کر دیکھے ۔

Worsted (woost-id) *n.* Fine woollen fabric اُون کا دھاگا ۔ بٹی ہوئی اُون ۔ کاتی ہوئی اُون ۔

Wort (wurt) *n.* Any vegetable پودا ۔ جڑی بُوٹی ۔ سبزی ۔ آش یا زلال جس کی شراب بنتی ہے ۔

Worth (wurth) *adj.* & *n.* Value, price مول کا ۔ قیمت کا ۔ قابل ۔ مستحق ۔ لائق ۔ سزا وار ۔ حیثیت دار ۔ ملکیت دار ۔ مالیت ۔ قیمت ۔ دام ۔ خوبی ۔ جوہر ۔ وصف ۔ لیاقت ۔ فضیلت ۔ بزرگی ۔

You must take it for what it is worth } تم خود سمجھ لو میں اس کا ذمہ دار نہیں ہوں ۔

Worth one's salt اپنے معاوضہ کے لحاظ سے کافی محنت کرنے والا ۔

Worthwhile صحیح مصرف ۔ بامصرف ۔ کار آمد ۔

Worthless *adj.* نکمّا ۔ ناقص ۔ بےکار ۔

Worthlessness *n.* نا اہلیت ۔ نکمّا پن ۔

Worth (wurth) *v.t.* Make worthy, honour قابل بنانا ۔ احترام کرنا ۔

Worthy (wurth-i) *adj.* Valuable, deserving قابل ۔ لائق ۔ سزا وار ۔ مستحق ۔ واجب ۔ شایانِ شان ۔ موزوں ۔ مناسب ۔

Worthiness *n.* (خطاب) بندہ پرور ۔ حضور ۔ قدر و قیمت ۔ اہلیت ۔ قابلیت ۔

Would-be (wood-be) *adj.* & *n.* Aspiring ہونے کی کوشش کرنے والا ۔ ہونے والا ۔

Wound (woond) *n.* & *v.t.* Cut, bruise, hurt or injury زخم ۔ گھاؤ ۔ چوٹ ۔ قرح ۔ صدمہ ۔ زخم دل ۔ زخمی کرنا ۔ گھاؤ ڈالنا ۔ مجروح کرنا ۔ صدمہ پہنچانا ۔

Wound (woond) *v.p.* دیکھو Wind

Wove (wov) *n.* دیکھو Weave

Wow (wow) *interj* & *n.* An exclamation of wonder اخاہ ۔ اوہو ۔ (امریکی بول چال) نہایت کامیاب ناٹک ۔

Wowser (wow-zər) *n.* A puritanical person کٹّر پرہیزگار جو دوسروں کی مسرتوں میں بیجا مداخلت کرتا ہے ۔

Wrack (rak) *n.* A wreck, vengeance, devastation تباہی ۔ بربادی ۔ ایک دریائی گھاس جس کی کھاد بنتی ہے ۔ تباہ حال آدمی ۔

Wraith (rath) *n.* A spectre انسان کا ہمزاد ۔

Wrangle (rang-gl) *v.i.* & *n.* Argue, debate حجت کرنا ۔ بحث کرنا ۔ تکرار کرنا ۔ جھگڑنا ۔ توتو میں میں ۔ حجت ۔ تکرار ۔

Wrangler (rang-glər) *n.* One who disputes بحث کرنے والا ۔ وہ طالب علم جو جامعہ کیمبرج میں ریاضی میں درجہ اول میں کامیاب ہوا ہو ۔ جو ٹرائی پاس میں درجہ اول میں کامیاب ہوا ہو ۔

Senior Wrangler جو امتحان میں درجہ اول میں اول آیا ہو ۔

Wranglership رینگلر کا اعزاز یا درجہ ۔

Wrap (rap) *v.t., i.* & *n.* Roll or fold together تہہ کرنا ۔ لپیٹنا ۔ ڈھکنا ۔ ملفوف کرنا ۔ گھیرنا ۔ چھپانا ۔ (جمع) گلوبند ۔ شال ۔ لبادہ ۔ لپیٹنے کے کپڑے ۔

Wrapping *n.* شال ۔ چادر ۔ لپیٹنے کا کاغذ وغیرہ ۔

Wrappage (rap-ag) *n.* Covering کپڑا یا کاغذ جس میں کوئی چیز لپیٹی جائے ۔ اوڑھنے لپیٹنے کی چیزیں ۔

Wrapper (rap-ər) *n.* One who or that which wraps لپیٹنے والا ۔ چُغہ ۔ جُبّہ ۔ لبادہ ۔ اخبار وغیرہ لپیٹنے کا کاغذ ۔ کتاب کا گرد پوش ۔ عمدہ تمباکو کی پتّی جو سگار کے اوپر لپیٹی جاتی ہے ۔ سگریٹ کا کاغذ ۔

Wrath (rawth) *n.* Violent anger غَیظ ۔ غضب ۔ قہر ۔ غصہ ۔

Slow to wrath متحمل مزاج ۔ ٹھنڈے مزاج کا آدمی ۔

Wrathful *adj.* غصہ ور ۔ قہر آلود ۔ غضب ناک ۔

Wreak (rek) *v.t.* Drive out, vent, punish انتقام لینا ۔ بدلہ لینا ۔ سزا دینا ۔ نکال باہر کرنا ۔ پھینکنا ۔ کسی پر غصہ اُتارنا ۔

Wreath (reth) *n.* A circlet of flowers or interwoven material پھولوں کا ہار ۔ سنہرے تاروں کا ہار ۔ ریشم کا ہار ۔ دھوئیں کا ہالہ ۔ بادل کا حلقہ ۔ ناچنے والوں یا تماشائیوں کا حلقہ ۔

Wreathe (reth) *v.t.* & *i.* Form by twisting ہار گوندھنا ۔ بٹ کر ہار بنانا ۔ ہار لپیٹنا ۔ ہار پہنانا ۔ ہار سے آراستہ کرنا ۔ گلے میں باہیں ڈالنا ۔ دھوئیں کے حلقے بنانا ۔

Wreathed in smiles باچھیں کِھلی ہوئی - مسکراتا ہوا -

Wreck (rek) n., v.t. & i. Destruction - تباہی - بربادی - جہاز کی تباہی - شکستہ عمارت - کھنڈر - تباہ حال شخص - مفلوک الحال - مریض - تباہ کرنا یا ہونا - غارت ہونا -

Wrecking amendment ایسی ترمیم جس سے تجویز کا مقصد ہی فوت ہو جائے -

Wreckage (rek-ag) n. Wrecked material تباہ شدہ جہاز - اس کا ٹوٹا پھوٹا سامان - تباہ شدہ عمارت کے کھنڈر - متفرق ٹکڑے -

Wrecker (rek-ar) n. A person who purposely causes a wreck - تباہ شدہ سامان تلاش کرنے والا - برباد کرنے والا - کنارے پر رہ کر جہازوں کو تباہ کرنے کی کوشش کرنے والا تاکہ ان کا مال ہاتھ آئے - کسی تجویز کو نا کام بنانے والا -

Wren (ren) n. A singing bird of Europe یورپ کی ایک گانے والی چڑیا -

Wrench (ren(t)sh) v.t. & n. Wring or pull with a twist مروڑنا - مروڑ کر الگ کرنا - مروڑ کر توڑنا - زور کا دھچکا - جدائی کا صدمہ - جھٹکا دینا - جھٹکا دے کر چھین لینا - توڑنا - مروڑنا -

Wrest (rest) v.t. & n. Turn, twist, extract, take away - مروڑنا - اینٹھنا - کھینچ تان کر مطلب نکالنا - واقعات کو مبہم عبارت سے مسخ کر دینا - جھٹکا دے کر چھین لینا - اینٹھن - مروڑ - جھٹکا -

Wrestle (res-l) v.i., t. & n. Contend by grappling, struggle کُشتی لڑنا - لپٹنا - پوری طاقت سے مقابلہ کرنا - پورا پورا زور لگانا - شدید مقابلے کے بعد حاصل کرنا - کشمکش - سخت مقابلہ -

Wrestler n. دنگل لڑنے والا - کُشتی گیر - کُشتی باز - پہلوان -

Wrestling n. - کُشتی لڑنا - داؤں پیچ - کُشتی کا فن - پہلوانی -

Wretch (rech) n. A worthless or despicable person کم بخت - بد نصیب - منحوس - مصیبت کا مارا - قابل نفرت آدمی - ملعون - بے شرم - بے حیا -

Wretched (rech-id) adj. Very miserable - کم بخت - بد نصیب - آفت زدہ - پاجی - نالائق - شدید - سخت -

Wretchedly adv. - خباثت کے ساتھ - پاجی پن سے - کم بختی سے -

Wretchedness n. - نکّما پن - اِفلاس - کم بختی - بد نصیبی - خباثت -

Wriggle (rig-l) v.i., t. & n. Twist, use evasive tricks کیڑے وغیرہ کا بل کھانا - بل پڑنا - تڑپ کر نکل جانا - عیّاری کرنا - دھوکا دینا -

Wright (rit) n. A maker, a carpenter - کاریگر - دستکار - بڑھئی -

Wring (ring) v.t. & i. Twist, expel moisture, force out by twisting مروڑنا - اینٹھنا - اینٹھ کر پانی نکال دینا - مروڑ کر توڑ ڈالنا - سخت اذیت پہنچانا - نچوڑنا - معنی بدلنا - تاویل کرنا -

Wring one's hand- پچھتانا - ہاتھ ملنا - کفِ افسوس مَلنا

Wrinkle (ring-kl) n., v.t. & i. Crease or furrow شکن - جُھرّی - سلوٹ - جُھرّیاں ڈالنا - جُھرّیاں پڑنا - شکن پڑنا -

Wrinkly adj. جُھرّی پڑا ہوا - پُر شکن -

Wrinkle (ring-kl) n. A tip, a hint اشارہ - خُفیہ امر کی اطّلاع -

Wrist (rist) n. The joint by which the hand is united to arm - کلائی - ساعد - کلائی کی لچک - مشین جس کے دُھرے پر جوڑنے والا ڈنڈا پھرتا ہے -

Wristlet (rist-lt) n. A strap for the wrist, a bracelet - کلائی بند - کلائی کا تسمہ - دست بند - کنگن - کڑا - پتھکڑی -

Writ (rit) n. A writing, a legal document - نوشتہ - تحریر - درخواستِ سماعت - حکم نامۂ عدالت - فرمانِ شاہی - کتاب - الہام -

Holy Writ انجیلِ مقدّس -

Writ of attachment ضبطی یا قُرقی کا پروانہ -

Write (rit) v.t. & i. Form words by pen or pencil لکھنا - تحریر کرنا - قلم بند کرنا - تصنیف و تالیف کرنا - خط لکھنا - نقش کرنا - کندہ کرنا - خط میں لکھنا - دستاویز لکھنا - تحریر میں لانا -

Write off قرض معاف کر دینا - ناقابل ادا رقم کو منسوخ کرنا - قلم زد کرنا - منسوخ کرنا -

Write out اپنے خیالات قلم بند کر دینا - سب کچھ لکھ ڈالنا -

Write up کسی کی تعریف لکھنا - کسی چیز کے متعلق تفصیل سے لکھنا -

Writer (rit-ər) *n.* One who writes, a professional scribe - منشی - نویسندہ - مُنِیم - مُحرّر - مُصنّف - مؤلّف - انشا پرداز - انشا سکھانے کا معلم - پیشہ مُحرّر -

Writership *n.* - کتابت - کاتب کا کام - منشی گیری - مُحرّری -

Writhe (ridh) *v.i., t. & n.* Coil, twist violently, distort, be in pain - اینٹھنا - درد سے پہلو بدلنا - تشنّج ہونا - جسم کو ادھر ادھر جھکانا - تشنّج - اینٹھن -

Writing (rit-ing) *n.* Written matter - نوشتہ - تحریر - کتابت - کتاب - مسودہ - مضمون - دستاویز - و ثیقہ -

The writing on the wall واقعات جو آئندہ کی خبر دیتے ہیں -

Written (rit-n) *adj.* دیکھو Write

Wrong (rong) *n., adj. & v.t.* Incorrect, erroneous - غلط - نا درست - بگڑا ہوا - نا حق - بیجا - نا مناسب - غیر واجب - غیر صحیح - غلطی پر - بُرا کام - گناہ - شرّ - بے انصافی - حق تلفی - نقصان - چُوک - زیادتی - بُھول - ظلم کرنا - زیادتی کرنا - نقصان پہنچانا - بدنام کرنا - رُسوا کرنا - قصور وار سمجھنا - غلط الزام لگانا -

Get in wrong with person (امریکہ) کسی شخص کو ناراض کر دینا -

In the wrong box نقصان میں - مشکل میں -

Go wrong - صراط مستقیم سے ہٹ جانا - بِگڑ جانا - بد راہ ہونا -

On the wrong side of forty چالیس سال سے زیادہ عمر کا -

Put one in the wrong - کسی کو قصور وار ٹھیرانا -

Wrong-headed - ضدّی آدمی - کج فہم -

You do me wrong تم مجھ پر ظلم کرتے ہو - تم مجھ پر بیجا الزام لگاتے ہو -

You are in the wrong قصور تمہارا ہے -

Wrong-doer - زیادتی کرنے والا - قصور وار - گنہگار -

Wrong-doing ظلم - تعدی - گناہ - قصور - خطا -

Wrongful *adj.* غیر منصفانہ - بیجا - ناحق -

Wrongfulness *n.* زیادتی - بے انصافی - ظلم -

Wrongly *adv.* غلط طریقے پر - ناحق - غلطی سے -

Wroth (roth) *adj.* Wrathful ناراض - برہم - غضب ناک -

Wry (ri) *adj.* Twisted or turned to one side ٹیڑھا - خمیدہ - مُڑا ہوا - ترچھا - بِگڑا ہوا - کجرو - نا درست -

Make a wry face تُرش رُو ہونا - مُنہ بنانا -

Wry-mouthed منہ بنانے والا - طنزیہ خوشامد تعریضی کرنے والا -

Wryness *n.* ترچھا پن - ٹیڑھا پن -

Wye (wi) *n.* Any thing shaped like the letter Y حرف Y کی شکل کی کوئی چیز - دو شاخی چیز -

Wykehamist (wik-əm-ist) *n.* A pupil of Winchester college ونچسٹر کالج کا سابق طالب علم یا مُعلِّم

Wynd (wind) *n.* A narrow lane کسی شہر یا قصبے کی گلی -

Wyvern (wi-vern) *n.* A fictitious monster کہانیوں کا عجیب و غریب اُڑنے والا اژدہا -

X

X (eks) *n.* The twenty-fourth letter of the English alphabet انگریزی حروف تہجی کا چوبیسواں حرف - رومن اعداد میں دس کا ہندسہ - (جبر و مقابلہ) نامعلوم مقدار - پُراسرار چیز - شراب کی قُوّت کی علامت - یک آتشہ X - دو آتشہ XX -

Xanth (zanth) *adj. & n.* Yellow, a salt of xanthic acid زرد - زانتھن کی ترکیبی صورت - صفوری تیزاب کا نمک -

Xanthate صفوری تیزاب کا نمک -

Xanthic *adj.* پیلا سا - بسنتی - زردی مائل -

Xanthein - ایک مادّہ جو خون اور پیشاب میں ہوتا ہے - پھولوں میں زرد رنگ پیدا کرنے والا مادہ -

Xanthous *adj.* منگولی نسل کا - زرد رنگ کا -

Xanthippe (zan-tip-i) *n.* Wife of Socrates سقراط کی بیوی کا نام جو چڑچڑی تھی - چڑچڑی عورت - لڑاکا بیوی -

Xebec (ze-bek) *n.* A small three-masted vessel much used by Algerians بحیرہ روم کا سہ مستولی جہاز جو الجزائری بناتے اور چلاتے تھے ۔

Xenelasia (zen-i-laz-ia) *n.* Custom of sending foreigners out of the state اجنبیوں کو ملک بدر کرنے کا رواج ۔ دیس نکالا ۔

Xen-o (zen-o) *prefix* Meaning strange سابقہ بمعنی اجنبی ۔

Xenial مہمانی ۔ میزبانی کا ۔

Xenogamy مخلوط نباتاتی پیدائش ۔ دو جنسی قلم بندی ۔ دو جنسی میل ۔

Xenophobia *n.* غیر ملک والوں سے نفرت ۔ اجنبیوں سے بیزاری ۔

Xenium (zen-i-əm) *n.* A present made to a guest تحفہ ۔ نذرانہ ۔ تحفہ جو مہمان کو دیا جائے ۔ نذرِ عقیدت ۔

Xenon (zen-on) *n.* A heavy gastric element ایک وزنی گیسی عنصر جس کو ۱۸۹۸ء میں سر ولیم ریمزے نے دریافت کیا تھا ۔

Xer-(zer) *prefix* In combination meaning dry سابقہ بمعنی خشک ۔

Xeransis *n.* خشک ہو جانا ۔ سوکھ جانا ۔

Xeranthemum *n.* ایک پھول دار سدا بہار پودا ۔

Xerophilous *adj.* گرم اور خشک آب و ہوا میں پھولنے والا ۔

Xiph (zif) *prefix* In combination meaning sword سابقہ بمعنی شمشیر ۔ تیغ نما ۔ تیغ کی شکل کا ۔

Xiphoid تلوار کی شکل کا ۔

Xoanon (zo-ə-nan) *n.* Wooden image of deity supposed to have fallen from heaven زمانۂ قدیم کا چوبی یا حجری بُت جس کے متعلق یہ خیال تھا کہ یہ عرش سے گرا ہے ۔

Xylem (zi-ləm) *n.* Woody tissue مادہ یا ریشے جس سے لکڑی بنتی ہے ۔

Xyl-(zil) *prefix* In combination meaning wood سابقہ بمعنی چوب ۔ چوبی ۔

Xylobalsamum *n.* ایک درخت کی خشک شاخوں کا جوشاندہ ۔ بلسان کا درخت ۔ بلسان ۔

Xylocarp *n.* ایک درخت جس میں سخت لکڑی کی طرح کا پھل آتا ہے ۔

Xylograph *n.* لکڑی کے ابھرے ہوئے نقوش پر کاغذ دبا کر چھاپنا ۔ چوبی کندہ کاری ۔

Xylographer *n.* لکڑی پر چھپائی کا کام کرنے والا ۔

Xylophagous *adj.* لکڑی کھانے والا کیڑا ۔ چوب خورہ ۔

Xylophone *n.* چوبی پردوں کا باجا جو لکڑی مار کر بجایا جاتا ہے ۔

Xyster (zis-tər) *n.* Bone scraper ایک آلہ جراحی جس سے ہڈی کھرچ کر صاف کرتے ہیں ۔

Xystus (zis-təs) *n.* A covered portico قدیم یونان کا ورزش کرنے کا برآمدہ ۔ چبوترہ ۔ برآمدہ ۔

Y

Y (wi) *n.* The twenty-fifth letter of the English alphabet انگریزی حروف تہجی کا پچیسواں حرف ۔ (جبر و مقابلہ) نا معلوم مقدار ۔ کوئی دو شاخی چیز ۔

Y-branch دو شاخہ ٹہنی ۔

Y-cross وہ نشان جو لباس عبادت پر بناتے ہیں ۔ دو شاخہ صلیب ۔

Y-gun تار پیڈو مارنے کی دو شاخہ توپ ۔

Y-moth ایک پتنگا جس کے پروں پر Y کی شکل کا نشان ہوتا ہے ۔

Y-track ریل کی پٹریوں کا وہ حصہ جہاں دو شاخیں بیچ کی پٹریوں سے ملتی ہیں ۔

Yacht (yot) *n.* A light fast-sailing vessel بجرا ۔ ڈونگی ۔ ہلکی بادبانی یا دُخانی کشتی ۔ امیرانہ سیر و سیاحت کے لیے چھوٹی اگن بوٹ ۔

Yacht-club *n.* ناؤ دوڑ کلب ۔ ایسا کلب جہاں کشتیوں کی دوڑیں ہوتی ہیں ۔

Yachtsman *n.* ناؤ دوڑ میں شریک ہونے والا ۔ ناؤ چلانے والا ۔

Yachting *n.* کشتی دوڑ کے مقابلے کے لیے مشق کرنا ۔ بجرے میں سفر کرنا ۔

Yaffle (yaf-l) *n.* The green wood-pecker ۔ سبز ہُدہُد سبز رنگ کا کٹھ پھوڑ پرندہ ۔

Yager (ya-gər) *n.* A soldier of German army
جرمن فوجی پلٹن کا سپاہی -

Yah (ya) *interj.* An exclamation of derision - اونہہ
چل ہٹ - پرے ہٹ - دُور ہو -

Yahoo (ya-hoo) *n.* A name given to brutes which resemble man - بن مانس - جنگلی آدمی -
انسانی شکل کا حیوان - گوریلا - وحشی آدمی -

Yak (yak) *n.* Species of ox found in Tibet ملک
تبت کا بیل - یاک -

Yak lace - لیس جو یاک کے بالوں سے بنائی جاتی ہے -

Yam (yam) *n.* A large tuberous root like potato
ایک قسم کی ترکاری - اروی - رتالُو -

Yama (yum-a) *n.* The first mortal, god of the underworld پہلا فانی انسان - پاتال کا دیوتا -
ملک الموت - مُردوں کی روحوں کا محافظ -

Yamen (ya-mən) *n.* The official residence of a mandarin چینی حاکم کی سرکاری قیام گاہ -

Yank (yangk) *v.t., i. & n.* Carry, move with a jerk (امریکہ) جھٹکا دے کر کھینچنا - جھٹکا -

Yankee (yangk-i) *n.* A citizen of northern States
امریکہ کی شمالی ریاست نیو انگلینڈ کا باشندہ -

Yankee doodle امریکہ کا قومی گیت -

Yankee notions امریکہ والوں کے خیالات -

Yankeedom *n.* - اہل امریکہ ، ان کی زبان ، طرزِ معاشرت -

Yankeefied *adj.* جس پر امریکی تہذیب کا رنگ ہو -

Yankeeism *n.* امریکی دستور - امریکی معاشرت -
امریکیت -

Yap (yap) *v.i. & n.* Bark sharply and constantly
دفعتاً تیز آواز سے بھونکنا - بھونکتے رہنا - رہ رہ کر
بھونکنا - کُتّے کی گھبرائی ہوئی آواز -

Yapock (yap-ək) *n.* The S. American water opossum جنوبی امریکہ کا تھیلی دار اود بلاؤ -

Yapp (yap) *n.* A leather binding in which the cover overlaps the edges نرم چمڑے کی جلد
جس کا چمڑا کناروں کو ڈھک لیتا ہے اور کتاب کے
کناروں سے آگے نکلا ہوا ہوتا ہے -

Yarborough (yar-bər-ə) *n.* A hand of cards having no honour card تاش کا ہاتھ جس میں کوئی
پتہ نہلے سے بڑا نہ ہو -

Yard (yard) *n.* A straight thin branch, a rod for measuring پتلی شاخ - گز - درعہ - احاطہ -
باڑا - زمین کا قطعہ جو عمارتوں سے گھرا ہو - پال
پھیلانے کی لکڑی - ذکر - آلۂ تناسل -

Yard (yard) *n. & v.t.* Enclose in a yard صحن -
آنگن - چوک - مویشی کو باڑے میں بند کرنا -

Brickyard باڑا جہاں اینٹیں جمع کی جاتی ہیں - بھٹے
کا باڑا -

Railway-yard اسٹیشن کا وہ میدان جہاں ریلیں اور
ڈِبّے رکھے اور جوڑے جاتے ہیں -

Stockyard مویشی باڑا -

The Yard اسکاٹ لینڈ یارڈ - لندن کی خفیہ پولیس کا
دفتر -

Yard-master ریلوے باڑے کا محافظ -

Yardage *n.* باڑے میں مویشی رکھنے کا محصول -

Yarn (yarn) *n. & v.t.* Spun thread, thread - سُوت
تاگا - تار - ڈوری - (بول چال) قصہ - کہانی - گپ -
من گھڑت قصہ - رام کہانی کہنا - گپ مارنا - کوئی
فرضی قصہ بیان کرنا -

Yarrow (yar-o) *n.* A strong-scented plant ایک
سدا بہار تیز بُو کا پودا -

Yashmak (yash-mak) *n.* The double veil worn by Muslim women in public دوہری نقاب جو مسلمان
عورتیں گھر کے باہر چہرے پر ڈالتی ہیں -

Yataghan (yat-ə-gan) *n.* A long Turkish dagger
ایک لمبا خنجر - تیغا جو ترک استعمال کرتے ہیں -

Yaw (yaw) *v.i.* Deviate from its course جہاز کا
اپنے سیدھے راستے سے ہٹ جانا - عارضی طور پر جہاز کا
راستہ چھوڑ دینا -

Yawl (yawl) *v.i. & n.* Howl چیخنا - چِلّانا - چیخ
پکار - ایک چار یا چھ چپّوؤں والی کشتی - دو مستولوں
والی بادبانی کشتی -

Yawn (yawn) *v.i. & n.* Take a deep involuntary breath - سُستی کی وجہ سے گہری سانس لینا - جمائی لینا
منہ کھلا ہوا ہونا - منہ - موکھا - شگاف - جمائی -

Yawningly *adv.* جمائی لیتے ہوئے -

Yaws (yawz) *n.* A contagious disease of the skin گرم ملکوں کی ایک متعدی بیماری جس میں جلد
پر گمڑے پڑ جاتے ہیں -

Yclept (i-klept) *adj.* Called کہلانے والا - جو اس نام سے موسوم ہے - کہلاتا ہے -

Ye (ye) *pron.* Nominative plural of 2nd person تم - آپ - آپ لوگ - شعر یا مذہبی ادب میں مستعمل ہوتا ہے -

Yea (ya) *adv.* Yes, verily, indeed ہاں - البتہ - یقیناً - در حقیقت -

Yegg (yeg) *n.* Travelling burglar (بول چال) سفری چور - تجوری توڑ کر چوری کرنے والا -

Yean (yen) *v.t. & i.* Of a sheep, to bring forth young بھیڑ یا بکری کا بچہ دینا ، بیانا -

Yeanling (yen-ling) *n.* A lamb or a kid بھیڑ بکری کا چھوٹا بچہ -

Year (yer) *n.* A period of time, twelve months برس - سال - ۳۶۵ یا ۳۶۶ دن - وہ مُدّت جس میں زمین اپنے مدار پر ایک گردش پوری کرتی ہے - عمر - کہن سالی - سِن و سال -

A year and a day ایک سال ایک دن کی قانونی مُدّت جو مقرر کی جاتی ہے -

Fiscal year مالی سال - حسابی سال -

From year to year / **Year by year** سال بہ سال - ہر سال -

In years کہن سال - عمر میں -

Lunar year قمری سال -

Of tender years کم سِن -

The school year جتنے مہینے تعلیم ہوتی ہے - تعلیمی سال -

Year book ایسی کتاب جس میں ایک سال کی ساری معلومات ہوں - سالنامہ -

Year in year out سال بھر - تمام سال -

Year-long سال بھر کا -

Young for his years اپنی عمر سے بہت کم معلوم ہوتا ہے -

Year of Grace سنِ عیسوی -

Yearling (yer-ling) *n.* An animal a year old ایک سال کا جانور -

Yearly (yer-li) *adj. & adv.* Annually ہر سال ہونے والا - ہر سال - سالانہ -

Yearn (yarn) *v.t.* Desire strongly شوق سے چاہنا - بے حد شوق ہونا - دلی آرزو ہونا - دلی خواہش ہونا -

It yearns me میرا دل تڑپتا ہے -

Yearning *n.* اشتیاق - خواہش - چاہ -

Yearning *adj.* مشتاق - پُر آرزو -

Yearningly *adv.* اشتیاق کے ساتھ -

Yeast (yest) *n.* A substance used in brewing خمیر - بیر شراب کا جھاگ - پھین -

Yeast powder خمیر اٹھانے کا سفوف -

Yeasty (yest-i) *adj.* Frothy, foamy خمیر آیا ہوا - جھاگ دار - پُر اضطراب - باتونی - سطحی اور چھچھوری باتیں کرنے والا -

Yeastiness *n.* خمیر آنا - فضول گوئی - چھچھورا پن - ہیجان -

Yell (yel) *v.i.* Howl, cry out with a sharp noise چیخنا - چلّانا - غُل مچانا - نعرہ لگانا (امریکہ) ہمت افزائی کا نعرہ جو طلبا اپنے ساتھیوں کے لیے لگاتے ہیں -

Yellow (yel-o) *v.t., i., adj. & n.* Of the colour of sulphur پیلا - زرد - بسنتی - شک و شبہ کی نظر - حاسدانہ - رقیبانہ (بول چال) نا مرد - بُزدل - تیتری کی ایک قسم - (امریکہ) شفتالو کا ایک روگ -

Yellow-gum شیر خوار بچوں کا یرقان -

Yellow-hammer ایک زرد رنگ کا پرندہ - پیلی چڑیا -

The yellow peril یہ خطرہ کہ ایک دن منگول نسل کے لوگ دنیا پر چھا جائیں گے -

The yellow press ہیجان خیز خبریں شائع کرنے والے اخبار -

Yellow fever or Jack ایک بخار جس کے ساتھ یرقان بھی ہو جاتا ہے -

Yellow men or races چینی ، جاپانی وغیرہ - منگولی نسل - منگول نسل کی قومیں -

Yellow metal دھات جس میں ۶۰ فیصد تانبا اور ۴۰ فیصد جست ہوتا ہے -

Yellowish *adj.* پیلا سا - زردی مائل -

Yellowly *adv.* رقیبانہ انداز سے -

Yellowness *n.* پیلا پن - زردی -

Yellowy *adj.* زردی مائل - زرد -

Yelp (yelp) *v.i. & n.* Boast, bark بھونکنا - کُتّے کی طرح چلّانا - بھونکنے کی آواز -

Yen (yen) *n.* The Japanese monetary unit ایک جاپانی سکہ ۔ بے تاب کر دینے والی خواہش ۔

Yeoman (yo-mən) *n.* A gentleman serving in a royal or noble household داروغہ ۔ مہتمم ۔ زمیندار ۔ لگاندار ۔ رضا کار رسالے کا سپاہی ۔ رائے دہی کا حقدار ۔

Yeoman of the guard لندن بُرج کا محافظ سپاہی ۔

Yeoman's service ضرورت کے وقت امداد ۔

Yeomanry (yo-mən-ri) *n.* Collective body of free holders, a cavalry volunteer force معافی داروں کی جماعت ۔ رضا کار رسالہ ۔ محافظ فوج جو زراعت پیشہ آبادی سے بھرتی کی گئی ہو ۔

Yes (yes) *adv.* A word of consent ہاں ۔ اچھا ۔ بہت اچھا ۔ بسر و چشم ۔

Say yes راضی ہو جانا ۔ مان لینا ۔

Yes ? کیا واقعی ؟

Yester (yes-ter) *adj.* Relating to yesterday گزرے ہوئے کل کا ۔

Yesterday (yes-tər-da) *n.* & *adv.* On the day last past کل یا گزشتہ دن ۔ گزشتہ دن میں ۔ دیروز ۔

Yet (yet) *adv.* & *conj.* In addition, besides, still اس کے سوا ۔ اس کے علاوہ ۔ ماسوا ۔ اور زیادہ ۔ اس پر بھی ۔ تا حال ۔ تاہم ۔ ابھی تک ۔ فی الواقع ۔ باوجودیکہ ۔ گو کہ ۔ پر ۔ لیکن ۔ اِلاّ ۔ مگر ۔

Yew (u) *n.* A tree of elastic wood, usually planted in graveyards ایک سدا بہار درخت جو اکثر قبرستانوں میں لگایا جاتاہے ۔ اس کی لکڑی لچکدار ہوتی ہے اور کمان بنانے کے کام آتی ہے ۔

Yggdrasil (ig-drə-sil) *n.* The ashtree binding earth, heaven and hell ایک افسانوی درخت جس کی شاخیں جنت ، دوزخ اور دُنیا پر پھیلی ہوئی ہیں اور ان تینوں کو ملاتی ہیں ۔

Yiddish (yid-ish) *adj.* & *n.* A compound of corrupt Hebrew ایک مخلوط یا بگڑی ہوئی عبرانی زبان جو جرمنی اور پولینڈ کے یہودی بولتے ہیں ۔ یدیشی زبان کا ۔

Yield (yeld) *v.t., i.* & *n.* Pay, produce, concede مہیّا کرنا ۔ پیدا کرنا ۔ حاصل کرنا ۔ فصل دینا ۔ پیدا وار ۔ فصل ۔ منافع ۔ نکاسی ۔ حوالے کرنا = قبول کرنا ۔ تسلیم کرنا ۔ منظور کرنا ۔ کمتر ہونا ۔ کم ہونا ۔ پسپا ہونا ۔

Yield the palm پیچھے رہ جانا ۔ مغلوب ہو جانا ۔ کسی سے ہار جانا ۔

Yield the point بات مان لینا ۔

Yield up the ghost جان دے دینا ۔

Yielding *adj.* رضا مند ۔ بات مان لینے والا ۔ دینے والا ۔ لچکدار ۔ ملائم ۔

Ylang-ylang (e-lang-e-lang) *n.* A flowering tree of Malaya ملایا کا ایک درخت جس کے پھول خوشبو دار ہوتے ہیں اور ان کا عطر کشید کیا جاتا ہے ۔

Yodel (yo-dl) *v.t., i.* & *n.* Sing or shout گانا ۔ مدھم سے پنچم اور پھر مدھم میں آواز کو اٹھانا اور گرانا ۔ ٹیرول کے پہاڑی باشندوں کی طرح گانا ۔ الاپ ۔ تان ۔ سم سے سم تک ۔ سمپُورن تان ۔

Yoga (yo-ga) *n.* A system of emancipation of soul from further migration رُوح کا آواگون سے نجات حاصل کرنے کا طریقہ ۔ ایک طریقۂ ریاضت ۔

Yogi (yo-gi) *n.* One who practises yoga یوگی ۔ جوگی ۔ یوگ کی مشقوں کا عامل ۔

Yoicks (yoks) *n.* & *interj.* Fox hunters cry, urge hounds on یوک یوک ۔ لینا لینا ۔ لومڑی کے شکاریوں کی للکار ۔ لینا لینا کہہ کے کُتّوں کو لومڑی کے پیچھے بھگانا ۔

Yoke (yok) *n., v.t.* & *i.* Frame of wood joining draught oxen جُوا ۔ زنجیر ۔ کڑی ۔ محکومی ۔ حلقہ بگوشی ۔ غلامی ۔ بیلوں کی جوڑی ۔ جوئے میں جوتنا ۔ نتھی کرنا ۔ جوڑنا ۔ عقد کر دینا ۔ جوڑ ہونا ۔ جوڑی دار ہونا ۔

Yokel (yokl) *n.* A country bumpkin دہقانی ۔ دیہاتی ۔ گنوار ۔

Yolk (yok) *n.* The yellow part of the egg انڈے کی رُطوبت ۔ انڈے کی زردی ۔ بھیڑ کی کھال کی رطوبت ۔ ارن کا تیل ۔

Yolky *adj.* ایسی چیز جس میں انڈے کی زردی شامل ہو ۔ زردی کی طرح ۔ انڈے کی زردی کا ۔ زردی دار ۔

Yon (yon) *adj., adv.* & *pron.* That, that thing, yonder وہ شخص ۔ وہ چیز ۔ وہ ۔ اس طرف ۔

Yonder *adj.* & *adv.* سامنے - مقابلہ کا - آگے کا - آگے - کا - سامنے - وہاں پر -

Yore (yor) *adv.* & *n.* Long ago پرانا زمانہ - زمانۂ سابق میں - سلف میں -

Of yore پرانے زمانے کا - اگلے وقتوں کا -

York (york) *v.t.* Pitch a ball at a point directly under the bat (کرکٹ) گیند اس طرح پھینکنا کہ وہ بلاّ باز کے بلّے کے ٹھیک نیچے ٹپ کھائے - یارکر گیند پھینکنا جس سے اکثر کھلاڑی آؤٹ ہو جاتے ہیں -

Yorker *n.* (کرکٹ) ایسی گیند جو ٹھیک بلّے کے نیچے ٹپ کھائے - یارکر گیند -

Yorkshire (york-shir) *n.* A county of England انگلستان کا ایک ضلع -

